راقم کے والد صاحب مرحوم کے زمانے میں شیخ احمد دین صاحب جو جالندھر کے رہنے والے تھے۔ جالندھر اس دور میں ایک معروف قصبہ تھا۔ تاریخی حدیوں پر پیر رشد و ہدایت کے اولیاء اور مشائخ وغیرہ کی وجہ سے ہندوستان میں دور دور تک مشہور ہو گیا۔ اس شہرت کی وجہ یہ تھی کہ یہاں آنکھوں کی بیماریوں کے علاج معالجہ کا بہترین انتظام تھا اور مریض شفایاب ہو کر جاتے۔

Marfat.com

ہسپتال اب تک موجود لیکن تقسیم ہند کے بعد علاج معالجہ دیگر اداروں کی طرح نااہلی اور غفلت کا شکار ہو چکا ہے۔ مندرجہ بالا قصبہ گجرات سے 13 کلومیٹر کے فاصلہ پر جانب شمال واقع ہے۔

شیخ صاحب میرے قابل احترام ماموں جان پیر صاحب جنہیں میں اباجی کہا کرتا ہے نہ صرف قریبی دوستوں میں سے بلکہ خاکسار تحریک کے سرگرم رکن بھی تھے۔ شیخ صاحب کی اندرون خانہ تک رسائی تھی۔ پیر صاحب سے ملنے کیلئے اکثر اوقات گجرات تشریف آوری پر دیوان خانہ میں شب بسری کیلئے قیام پذیر ہوتے۔ احتراماً شیخ صاحب وہیں چارپائی بچھا کرتا۔ وہ موسم گرما میں کشمیر کی سیر کو تقریباً دو ماہ کیلئے جایا کرتے۔ کشمیر کے سفر پر روانگی سے قبل اور واپسی پر کشمیر سے متعلق نہایت دلچسپ قصے سنایا کرتے۔ بالخصوص کشمیر کے دلکش قدرتی مناظر اعلیٰ درجے کے پھلوں اور نہایت سستی رہائش کے تذکرے سے مجھے بھی شدت سے کشمیر کی دلفریب وادیوں میں گزارنے کا اشتیاق جنون کی حد تک ہو گیا۔

شیخ احمد دین کے علاوہ ان کے صاحبزادے شیخ ریاض احمد صاحب جو بقید حیات ہیں۔ میر عبدالغنی خاکسار تحریک کے سرگرم رکن اور پیر صاحب کے قریبی دوست تھے اور جلالپور جٹاں کی نہ صرف نامور شخصیت بلکہ ان کے نام سے چوک میر عبدالغنی بھی تعمیر ہو چکا ہے۔ میر بدر دین مرحوم بھی جلالپور جٹاں کے رہائشی جبکہ چوہدری احمد خان صاحب ونائی قائم کے رہنے والے ابھی زندہ و سلامت اور مجھے حال ہی میں دیوان خانہ پر کئی بار ملنے چلے گئے یہ بھی پیر صاحب کے احباب میں سے تھے۔ علاوہ ازیں کی تحریک کی ماندگی میں پیش پیش رہے۔ چوہدری صاحب کے ایک دوست جن کا نام وقتی طور پر کھو چکا ہے بہت شورش کشمیری کرتے (شورش کاشمیری نہیں) آفتاب احمد قریشی (مشہور حکیم محمد حسن قریشی کے سب سے بڑے صاحبزادے) جو راقم [illegible] زمانے کا دوست تھا۔ گجرات کے معروف صنعت کار غلام نبی جن کا کتھ جات بنانے کا کارخانہ تھا کے صاحبزادے شیخ [illegible] خان صاحب کے نام سے پکارا جاتا۔ گجرات کے سلطان میر جو میرے ساتھ کشمیر کی سیر کو جانے کا اتفاق ہوا۔ سلطان میر کا چھوٹا بھائی گلزار میر میرے ساتھ ہائی سکول میں پڑھتا رہا۔ عرصہ ہوا ملک عدم کو سدھار چکا ہے۔ سلطان میر انگلینڈ چلا گیا اور آجکل وہیں رہائش پذیر ہے۔

ایک مرتبہ راقم اکیلا ہی کشمیر کی سیر کو چل نکلا اور پہلگام کے مقام پر بیمار پڑ گیا تو میری والدہ محترمہ پیر صاحب کی [illegible] دوست حکیم اللہ دتہ اور یحییٰ پیر (پیر صاحب کے اکلوتے صاحبزادے) جو تقریباً میرے ہم عمر تھے پہلگام میں وارد ہوئے۔

میں نے کہیں پڑھا تھا کہ اوائل میں پنجاب گورنمنٹ سیاحوں کو جموں اور کشمیر جانے کیلئے "Passes" جاری کرتی مگر 1873ء میں یہ سلسلہ موقوف کر دیا گیا اور اسی سال یورپ کے باشندوں کیلئے چار راستے کشمیر جانے کیلئے مختص کر دیئے گئے جو مندرجہ ذیل مسافت سے رو بہ عمل طے شدہ تھے۔

(1)۔ گجرات سے ہوتے ہوئے بھمبر اور راجوری سے پیر پنجال۔ (ڈوگری زبان میں پیر کا مطلب پہاڑ کی چوٹی۔ [illegible] pansal کا کشمیری زبان میں بھی یہی مطلب ہے) کے اوپر سے یہ راستہ جون کے مہینے میں کھلتا اور برف باری کی وجہ سے نومبر کی شروعات میں ہی بند ہو جاتا۔ یہ مغل شہنشاہوں کا شاہی راستہ تھا۔ پیر پنجال سے اتارنے کے بعد شوپیاں یا چھوپیاں اور سرینگر تک پہنچ جاتا۔

(2)۔ مری سے ہوتا ہوا براستہ کوہالہ، چکوٹی، اوڑی (اوری) Uran Buach، بارہ مولا سرینگر یہ راستہ سہل ترین تھا اور اپریل میں کھلتا۔

(3)۔ مری سے چھتر اور پھر بارہ مولا سرینگر۔

(4)۔ پشاور براہ مظفر آباد، علائی، بارہ مولا، سرینگر۔

پرکاش ٹنڈن کے پردادا کے بھائی نے 1811ء میں ٹنڈن کی پیدائش سے پورے سو سال پہلے اس سفر پر کشمیر جانے کیلئے پیدل سفر کیا ہو گا جو کہ گجرات سے پیر پنجال کے دروں تک جاتی۔ اس زمانے کے رواج کے مطابق ٹنڈن کے پردادا کا بھائی کشمیر سے سیب لایا ہو گا اور اپنی پگڑی میں بھی ایک سیب رکھا ہو گا۔ اپنی خیریت واپسی پر ان سیبوں سے آتے تھے اور چار [illegible]

Marfat.com

شہزادے کے طور پر اپنے رشتہ داروں میں بانٹے ہوں گے۔ مغلوں کے زمانے کی یہ سڑک گجرات سے شروع ہو کر بھمبر اور "مظفر پور" (ضمیمہ 37) سے ہوتی ہوئی سری نگر نکل جاتی۔ یہ سڑک اب بھی موجود ہے جو کہ پونچھ کے راستے سے ہوتی ہوئی سری نگر جانے والی مین روڈ سے جا ملتی ہے۔ یہاں تک تو مانا جا سکتا ہے کہ بھمبر تک واقعی یہ سڑک ہو مگر اس سے آگے سڑک نہیں پیدل مسافروں کیلئے پہاڑوں کی بلندی کے دامن میں بل کھاتی ہوئی راہ گذر ہوں۔ ملاحظہ فرمائیں "راولپنڈی سے کشمیر جانے والی سڑک کے بننے سے پہلے یہی پرانی سڑک ہی استعمال ہوتی۔ گجرات کے ریلوے سٹیشن سے سری نگر تک تانگے چلتے اور تقریباً دو ہفتوں میں سری نگر پہنچتے" بھمبر سے آگے اب بھی یہ مقامات میں نہیں گنے گئے یا موزہ روں وغیرہ دیکھئے کوئی سڑک ہو جو کہ مظفر آباد سے سری نگر جانے والی سڑک سے جا ملے۔

1873 میں اس کا کرایہ ایک روپیہ 16 سے 32 یہ آنا ایک روپے کے ڈیڑھ من جو اور ایک روپے کی بارہ روٹیاں ملتی تھیں۔

یہ جو ملاقات چلوں تقسیم ہند سے قبل گجرات Town Hall میں King's library ہوا کرتی۔ جہاں طالب علموں سے لے کر شہر کے معززین حضرات اخباروں، رسالوں اور نایاب tomes سے مستفید ہوا کرتے۔ جہاں پر میں Huegel کی کتاب BC 1845 Travels in Kashmir and the Punjab اکثر پڑھا کرتا اور شیخ صاحب سے کشمیر کی سیر کے متعلق ان کے سوال میرا اشتیاق وادی کشمیر کی سیاحت کے متعلق شوق بڑھتا چلا گیا۔ 1990 میں Venezuela سے فارغ ہونے کے بعد میں نے اپنے memoirs پر کام شروع کیا تو مجھے مذکورہ کتاب کی ضرورت محسوس ہوئی جب میں نے librarian سے اس کتاب کے متعلق پوچھا تو فرمانے لگے "کونسی کتاب؟ یہ کتاب تو شروع ہی سے اس library میں نہیں" حالانکہ چند روز قبل یہ کتاب میں دوست شہزادہ صاحب نے مجھے یہ کتاب library واپس لوٹانے کے لئے دی تھی۔

"حضرت صاحب تھوڑے دنوں کی بات ہے میں یہی کتاب آپکو واپس لوٹانے آیا تھا۔" میں نے ذرا تلخی سے کہا۔ "دیکھئے یہ وہی کتاب ہے" ایک "معزز دوست" صاحب نے ہاتھ میں پکڑی ہوئی تھی جو librarian صاحب سے باتیں کر رہے تھے۔ librarian صاحب نے وعدہ کیا کہ چند دنوں تک کتاب آپکو مل جائے گی اور مجھ سے 100 روپے membership فیس لے کر رسید دے دی۔ اس کے بعد میں نے کئی چکر لگائے مگر کتاب نہ ملنی تھی نہ ملی۔

اس ضمن میں Dawn, Oct 4, 95 میں یہ ایک خط شائع ہوا "From slaughterhouse to library" بات چیت یوں تھی۔ میرے library کے چکر لگانے کے دوران مذکورہ بالا librarian صاحب کی تبدیلی ہوئی۔ نئے librarian سے کتاب کا ذکر کیا تو اس نے نہایت سادگی اور صاف گوئی سے جواب دیا "میں تو چند روز ہوئے ٹاؤن ہال کے Slaughter house سے تبدیل ہو کر یہاں آیا ہوں۔ میرا کتابوں سے کیا واسطہ میں تو کئی عرصے سے Slaughter house میں کام کر رہا تھا۔"

Huegel کی وہی کتاب کی طرح پتے سے Al-Mir Trust Library, Mir Street, Bhimber Road میں شیخ کی اور مجھے دوبارہ اس کتاب سے استفادہ حاصل کرنے کا موقع ملا۔

وادی کشمیر کی سیر کا آغاز

1942 میں راقم الحروف ساتویں جماعت کا طالب علم تھا چند دنوں سے سکول میں گرمیوں کی چھٹیاں ہو چکی تھیں اسی اثناء میں شیخ صاحب (احمد دین) کشمیر کی سیر کے ارادے سے گجرات ہمارے خانہ میں تشریف لائے تو میں نے چچا صاحب سے کشمیر جانے کیلئے اجازت مانگی۔ آپ نے نہ صرف اس وقت اجازت مرحمت فرما دی بلکہ مجھے ایک سو روپیہ اور شیخ صاحب کو دو صد روپیہ کشمیر کی سیر کے زاد راہ اور دیگر اخراجات کیلئے تفویض فرما دیئے۔ اس طرح میں چھٹیاں گزارنے کیلئے 1942ء سے لیکر 1946ء تک کشمیر کے دلکش مناظر سے لطف اندوز ہوتا رہا۔ اب کی بار شیخ صاحب اپنے ساتھ ایک holdall لائے جسمیں انکا بستر اور پارچات

Marfat.com

وغیرہ بندھے ہوئے تھے۔ holdall اس دور میں عام طور پر سیاحت کے دوران استعمال میں لایا جاتا۔ یہ خاکی رنگ کے canvas کا folding carrier ہوا کرتا۔ سوٹ کیسوں کا لمبے سفر کیلئے کوئی رواج نہ تھا۔ میری والدہ محترمہ نے ایک ہینڈ بیگ میں دو جوڑے، مفلر، چند رومال، ٹوتھ پیسٹ اور برش بھی رکھ دیئے۔ ایک holdall میں دو کمبل، گرم چادر، سرہانے اور تکئے وغیرہ بھی حفظ ماتقدم کے طور پر رکھے۔ میں نے علامہ اقبال کی مشہور مجلد کتاب بانگ درا جس پر ایک دبیز کاغذ کا cover چڑھا رکھا تھا، ساتھ رکھی اور اس کور میں نے چھ ہری نوٹ بھی رکھ دیئے۔ اس کے علاوہ باقی نقدی روپوں اٹھنیوں چونیوں کی صورت میں اپنے کرتے (قمیض) کی جیب میں ڈال لی۔ میں نے اپنی شادمانی کے ہجوم میں ایک دن پہلے ہی مکمل تیاری کر لی۔

یہ سوموار کی صبح تھی شیخ صاحب نے رات دیوان خانہ میں ہی بسر کرنے کا فیصلہ کیا۔ میں خوشی سے اٹھ کر باہر نکلا تو حمید پہلوان (اصل نام تو عبدالحمید تھا مگر حمید پہلوان کے نام سے پکارا جاتا تھا) سے ذرا پرے پہ وارد ہو گیا ہو۔ شاید وہ چوک کے ساتھ ایک کھلے میدان میں واقع تھا۔ یہ تمام جگہ گجرات کے رئیس "کالی کرار" کی ملکیت تھی۔ حمید پہلوان اپنے زمانے کا مشہور پہلوان تھا جس کا بہت حیرت ہے جو گجرات میں شوقیہ ایک "Topclass" تانگے گھوڑے کیلئے مشہور تھا۔ عام پیشہ ورانہ کوچوان کی طرح تانگہ دن میں نہ چلاتا بلکہ خود سواریاں اسے اطلاع کر دیتیں اور وہ وضعداری سے تانگہ مطلوبہ وقت اور جگہ پر لے آتا۔

"پہلوان جی! کل رات اسٹیشن پر جانا ہے۔" میں نے کہا۔

"کس وقت؟" پہلوان جی نے پوچھا۔ اس پر میں وفور اشتیاق سے بھاگتا ہوا اندر دیوان میں گیا اور پوچھا "شیخ صاحب کس وقت روانگی ہے؟"

"فرنٹیئر میل کے وقت۔" شیخ صاحب نے نہایت شفقت سے روانگی کا اظہار فرمایا۔ بہر حال میں نے حمید پہلوان کو بتایا اور اب میں آرام سے چلتا ہوا واپس لوٹا۔ ابھی دیوان خانہ میں پہنچا ہی تھا کہ رحمہ (خانگی ملازمہ) نے کہا "بے بی جی! (میری والدہ صاحبہ) اندر "زنان خانہ" میں یاد فرما رہی ہیں لہذا میں "بے بی جی" کے پاس مؤدبانہ حاضر ہو گیا۔ آپ نے ذرا غصہ میں فرمایا "یہ تم نے تیاری شروع کر رکھی ہے؟"

"صبح کشمیر جانا ہے۔" میں نے معصومیت سے حقیقت بتادی۔

"تمہاری مت ماری ہوئی ہے آج سوموار کا دن اور کل منگلوار ہے۔" انہوں نے متوجہ کیا۔

"تو کیا ہوا سوموار کے بعد منگل کا دن ہی ہوتا ہے۔" میں نے بچگانہ کیفیت میں عرض کی۔

"منگل تیرا سر، پتہ نہیں منگل بدھ کو جنوب میں پہاڑ کی طرف بڑی آفت بارکا سفر نہیں جاتے پرسوں چلے جانا بدھ سے کی اور دن چلے جانا خصوصاً منگل وار کا نہیں جاتے۔" بے بی جی نے قطعی لہجہ میں حکم صادر فرمادیا جس کی حکم عدولی کی سکت نہ تھی لہذا میری امیدوں پر اوس پڑ گئی آپ کا حکم ماننے والا میں ہوتا تھا۔ چونکہ آپ نہایت سخت مزاج کی حامل تھیں۔

بے بی جی سے روٹھا ہوا اپنی والدہ محترمہ کے پاس بالائی منزل پر گیا اور فریادی ہوا کہ میری والدہ صاحبہ (جنہیں تمام بہن بھائی بچپن والے اور انہیں Auntie کہا کرتے۔ میں بھی معصومیت سے آنٹی جی کہتا) نے ممتا بھرے لہجے میں دلاسا دیا اور سمجھاتے ہوئے فرمایا۔ بے بی جی کی مرضی کے خلاف کسی کوئی جسارت قابل قبول نہیں لہذا بدھ کے روز چلے جانا۔ اب حمید پہلوان کو اطلاع کرنا مطلوب تھی یعنی میرا مشکوک چہرہ تھا۔ ان حوالوں کی سخت ضرورت تھی البتہ رحمہ نے اس کو بدھ کی رات کوئی گیارہ بجے تک تانگہ لانے کا کہہ دیا۔ نہایت بے چینی کے عالم میں باقی کا وقت گزارا۔ البتہ ان لمحات میں شیخ صاحب سے کشمیر کی داستان سنتا رہا۔ بدھ کی رات کو کشمیر کے لئے اشتیاق کی وجہ سے نیند سے بیدار ہو کر رات نہایت بے تابی سے گزاری۔ اپنا handbag، holdall اور ضروری سامان تانگے تک پہنچانا تھا۔ تمام سامان رکھا۔ پھر بھی کئی بار ایک حد سے زیادہ بے تابی اور بے قراری سے اِدھر اُدھر دیکھتا رہا۔ شیخ صاحب کی چارپائی دیوان خانہ کے جانب شمال بچھی تھی۔ رات گیارہ بجے سے تھوڑا پہلے ہی حمید پہلوان اپنا تانگہ لیے دیوان خانہ کے سامنے آ وارد ہو گیا۔ بے بی جی، میری والدہ صاحبہ، چچا صاحب دیوان خانہ کے دوسرے حصے سے باہر آ گئے۔ میں نے اندر جا کر بے بی جی اور والدہ صاحبہ کو سلام کیا اور ان سے پیار اور دعاؤں سے مستفید ہوا۔

Marfat.com

روانگی پر چچا صاحب نے شفقت آمیز انداز میں میرا اور شیخ صاحب کا holdall اٹھا کر تانگہ پر رکھا۔ شیخ صاحب کا سامان تانگے کے اگلے حصہ میں اور میرا پیچھے۔ میں چھلانگ لگا کر حمید پہلوان کے ساتھ سیٹ پر براجمان ہو گیا جبکہ شیخ صاحب پچھلی سیٹ پر اور چچا صاحب کو آداب کرنے کیلئے میں تانگہ سے نیچے اتر آیا۔

''میاں اپنا خیال رکھنا، شیخ صاحب کی اجازت کے بغیر ادھر ادھر مت چلے جانا'' چچا صاحب نے نہایت شفیق لہجہ میں نصیحت سے نوازا۔ ازاں بعد شیخ صاحب سے مصافحہ کے دوران میرا خیال رکھنے کیلئے ترغیب دی اور پندرہ منٹ کی مسافت سے ریلوے اسٹیشن پہنچ گئے۔ شیخ صاحب نے حمید پہلوان کو کرایہ کی مد میں کچھ دینا چاہا مگر حمید پہلوان نے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ چچا صاحب میرے سے ناراض ہوں گے۔ اسی اثنا میں قلی بھاگتے ہوئے آ گئے تو شیخ صاحب نے دو قلیوں کو سامان اٹھانے کیلئے کہا اور خود Interclass کی ٹکٹ لے آئے۔ نہایت مستعدی سے قلیوں نے پلیٹ فارم پر سامان رکھا اور فرنٹیر میل (ضمیمہ 38) جو رات کے 11.50 اور 12.00 بجے رات کے درمیان روانہ ہوا کرتی اور صبح 06.00 کے قریب راولپنڈی پہنچ جاتی۔ ریل گاڑی آنے پر قلیوں نے انٹر کے ڈبہ میں سامان رکھا جس پر شیخ صاحب نے قلیوں کو اجرت دیدی۔

راولپنڈی کی طرف ریل گاڑی میں یہ میرا پہلا سفر تھا۔ ویسے لاہور شالیمار کا میلہ دیکھنے کیلئے میں ریل گاڑی میں چچا احمد دین صاحب کے ساتھ چند ایک بار جا چکا تھا۔ مجھے لاہور کے مشہور میاں امیر الدین صاحب کی حویلی میں رہنے کا اتفاق ہوتا جو پرانی لاہور کے علاقہ میں واقع ہے جہاں مستی دروازہ سے اندر داخل ہو کر ہیرا منڈی سے گزر کر آخر میں مذکورہ حویلی موجود ہے۔ میاں امیر الدین صاحب سے چچا صاحب کے گہرے مراسم تھے اور آپ کا بیٹا صلاح الدین جس کا واپڈا ہاؤس کے basment میں ''Saloo's'' نام کا restaurant ہے چچا صاحب سے علاج معالجہ کی غرض سے ملتا جلتا رہا۔

میں ریل میں اپنی سیٹ پر بیٹھ کر کھڑکی سے ادھر ادھر جھانکتا رہا اور باہر کے نظارہ سے محظوظ ہونے کو ترجیح دی۔ صبح صبح ریل گاڑی راولپنڈی ریلوے اسٹیشن پہنچ گئی۔ شیخ صاحب نے پلیٹ فارم پر موجود قلیوں کو سامان اٹھانے کا اشارہ دیا۔ ابتدائی مری جانے کیلئے بس (ضمیمہ 39) بس کے اڈے پہنچ گئے جو قریب ہی واقع تھا۔ خوش قسمتی سے فرنٹ سیٹ اور ایک پچھلی سیٹ خالی تھیں جو شیخ صاحب نے ٹکٹ لے لئے۔ کرایہ فی کس ایک ٹکٹ کی قیمت سات روپے تھی۔ میں چھلانگ لگا کر فرنٹ سیٹ پر بیٹھ گیا۔ اپنا bag میں نے اپنے پاؤں کے نیچے رکھا، پچھلی طرف سیٹ کے نیچے رکھ دیں مگر بٹوہ جسمیں میری رقم تھی اپنے ہاتھ میں ہی رکھی۔ جبکہ شیخ صاحب Upper class کی دائیں جانب window seat پر بیٹھ گئے۔ کلینر نے ہمارے holdalls اوپر چھت پر رکھ دیئے جہاں دیگر مسافروں کا سامان پڑا تھا۔ مجھے بے چینی ہو رہی تھی کہ نجانے گاڑی کب چلے گی جبکہ گاڑی کی روانگی کا وقت سات بجے کا تھا۔ میں نے driver سے پوچھا کہ گاڑی کب چلے گی؟ جس پر ڈرائیور نے بتایا کہ بس اب full ہو گئی ہے آٹھ بجے روانہ ہو جائیگی۔ کلینر نے چھت پر پڑے ہوئے سامان پر ترپال ڈالی اور ایک رسے کی مدد سے ترپال کو بس کی sides پر نصب hooks سے باندھ دیا۔ پھر ڈرائیور نے کلینر کو آواز دی اور دفتر سے voucher لے کر آ گیا۔ کلینر نے انجن کے اگلے حصہ میں handle ڈال کر تین بار گھمایا اور بس start ہو گئی۔ اب کلینر پیچھے اپنی سیٹ پر بیٹھ گیا اور مسافروں کو چیک کیا کہ کوئی مسافر باہر تو نہیں۔ ازاں بعد اس کا پچھلا دروازہ بند کیا ساتھ ہی whistle دی جس کا مطلب تھا کہ سب ٹھیک ہے اور ڈرائیور نے بس چلا دی۔

ڈرائیور اور کلینر دونوں سکھ تھے۔ یاد رہے کہ اس دور میں سکھ ڈرائیور کو ترجیح دی جاتی۔ بس مری روڈ کی جانب چل دی اور کمپنی باغ (موجودہ لیاقت باغ) نالہ Leh کراس کرنے کے بعد بس بائیں ہاتھ روک دی۔ ڈرائیور نے کلینر کو خبردار کیا کہ وہ ٹائروں وغیرہ اور spare کو چیک کرے۔ اصولی طور پر چاہیئے تو یہ تھا کہ بس اڈہ پر ہی اچھی طرح سے چلنے سے پہلے چیک کر لی جاتی مگر اس نے ایسا کیوں کیا مجھے پتہ نہیں۔

مری روڈ پر آج کے لحاظ سے نسبتاً بہت کم ٹریفک ہوا کرتی۔ موجودہ اسلام آباد (ضمیمہ 39 A) جیسی آبادی کے کوئی آثار تک نہ تھے البتہ ایک فیض آباد ویران علاقہ سے گزرتی تھی البتہ سڑک کے دونوں اطراف پر شیشم کے درخت استادہ تھے۔ میں نے باہر جھانک کر دیکھا تو ایک ہوائی جہاز سے parachutists اتر رہے تھے۔ یہ میری زندگی میں پہلا موقع تھا۔ میں نے قبل ازیں

Marfat.com

parachutists کو دیکھنے کی بجائے سنا اور کتابوں میں پڑھا ضرور تھا۔ ایک parachutist کا گاڑی سے تھوڑی دور زمین پر اترنا اور زمین پر پاؤں جمانے کے فوراً بعد اس نے parachute سنبھالا۔ پھر ایک اور ہوائی جہاز تھوڑی دور آیا تو میں نے دیکھا۔ parachutists چھلانگیں لگا رہے ہیں تاہم ان کا parachute جہاز سے چھلانگ لگانے کے تھوڑی دیر بعد کھلتا۔ یہ میرے لئے حیران کن واقعہ تھا میرے خیال میں جب چھلانگ لگائی جاتی تو parachute پہلے ہی سے کھلا ہوتا ہے۔

اب کوہ مری کی چڑھائی شروع ہوئی ہر طرف بڑے بڑے چیڑ کے درخت ایستادہ تھے۔ تھوڑا چلے تھے کہ ڈرائیور نے بس ایک طرف روک دی۔ خود بھی ڈرائیور نیچے اترا اور کلینر بھی آ گیا۔ انجن کا bonnet کھولا اور کلینر نے جا کر radiator کا ڈھکن اٹھایا تاکہ پانی ڈالا جا سکے۔ ساتھ ہی چشمہ واقع تھا جو کہ آج بھی موجود ہے۔ کلینر پہلے سے ہی بس میں سے ایک بالٹی اٹھا کر لے گیا چشمے سے بالٹی میں پانی بھرا اور کلینر نے radiator کے ڈھکن پر آہستگی سے پانی ڈالا پھر ایک کپڑا لے کر ڈھکن سے تھوڑا تھوڑا کر آہستہ آہستہ ڈھکن کو ڈھیلا کیا اور خوب بھاپ نکلی پھر radiator میں پانی ڈالا ڈھکن بند کیا۔ اس کے بعد کلینر اپنی سیٹ پر چلا گیا اور ڈرائیور نے بس چلا دی۔ چڑھائی بتدریج بڑھ رہی تھی اور گاڑی Sunnybank آ کر رک گئی۔ یہاں سے ایک سڑک بائیں جانب مری کو اور سیدھی کشمیر کی طرف۔ یہاں پہنچ کر ڈرائیور نے مسافروں کو کہا کہ وہ نیچے اترنا چاہیں تو ضرور اتریں تاہم گاڑی کچھ دیر رکی رہے گی کیونکہ انجن گرم ہونے کی بنا پر چند منٹ ٹھہرنا لازمی ہے لہذا ہم تمام مسافر گاڑی سے نیچے اتر آئے۔ کلینر نے انجن کا bonnet اوپر اٹھایا دو بار دو ڈنڈے چیک کئے۔ سب ہوا تو ٹھیک ہے۔ ڈرائیور نے بھی چند ایک پرزہ جات کو چیک کیا خاص طور پر گاڑی کے poles کو۔ پھر کلینر نے radiator کا ڈھکن نہایت احتیاط سے کھولا اس دفعہ بہت زیادہ مقدار میں پانی ڈالنے کی ضرورت محسوس کی گئی یعنی چڑھائی کی وجہ سے انجن گرم ہو چکا تھا پھر ڈرائیور نے تمام مسافروں کو گاڑی میں بیٹھنے کی ترغیب دی اور کلینر نے مسافروں کو چیک کیا۔ اس کے بعد سیٹی بجائی ڈرائیور نے اسے غصے کی حالت میں غفلت کا احساس دلایا اور کہا کہ handle تو لے آؤ۔ handle لا کر گاڑی سٹارٹ کر دی اور سفر پر رواں دواں ہوئے۔

تھوڑی چڑھائی کے بعد اترائی شروع ہوئی تو ڈرائیور نے انجن بند کر دیا تاکہ پٹرول فضول خرچ نہ ہو۔ اترائی بتدریج بڑھ رہی تھی بس پہاڑیوں کے ساتھ ساتھ سڑک پر چکر کاٹتے ہوئے کوہالہ کے پل تک پہنچ گئی۔ یہ پل دریائے جہلم پر واقع ہے۔ اس پل سے پہلے دریائے جہلم کے مشرقی کنارے کی جانب مہاراجہ جموں و کشمیر کی حد تھی جبکہ مغربی کنارے کی طرف کا حصہ جہاں ہماری بس کھڑی ہوئی تھی ہندوستان کی تحویل میں تھا۔ ہماری بس سے آگے ایک اور بس کھڑی تھی اور وہ بھی نندو چک کی تھی جو راولپنڈی سے سات بجے صبح روانہ ہوئی مگر Sunnybank پہنچ کر اس میں کچھ خرابی ہوئی جس کی وجہ سے ہماری بس کے پہنچنے سے پہلے سے رکی ہوئی تھی۔ اس بس کا ڈرائیور پٹھان تھا مجھے یاد ہے۔ چونکہ اس بس کا وقت ہماری بس سے پہلے کا تھا لہذا یہ بس چل دی پھر پل کے درمیان میں بس رک گئی۔ پل کے ایک طرف انگریز راج کا سپاہی اور دوسری طرف مہاراجہ کی ریاست کا۔ انہوں نے ہماری بس کے کاغذات وغیرہ دیکھے اور بس کا نمبر نوٹ کر لیا۔ ہماری بس جب پہنچی تو ڈرائیور نے چیک کاغذات وغیرہ دکھائے اور اسی طرح ہماری بس کا نمبر بھی لکھ لیا۔

کوہالہ کا پل کراس کرنے کے بعد بس بائیں جانب مڑی۔ سڑک کے بائیں جانب دریائے جہلم اور دائیں جانب پہاڑ کا سلسلہ جہاں ہر طرف بڑے بڑے سرسبز درخت ایستادہ تھے۔ سڑک خوب maintained کی ہوئی اور دونوں جانب چند ایک میلوں کے فاصلے پر مہاراجہ کے maintenance crew سڑک کی دیکھ بھال کے دوران دائیں جانب پہاڑ سے landslide سے گرے ہوئے پتھروں کو ہٹا رہے تھے۔ چند برس پہلے راقم کو مظفر آباد جانے کا اتفاق ہوا۔ سڑک کی ابتر حالت اور deforestation کو دیکھ کر رونا آتا ہے۔ کوہالہ کے پل سے کوئی ایک گھنٹہ سفر کرنے کے بعد ڈرائیور نے بائیں ہاتھ شاید بنی ہوئی سڑک جس کا حصہ نیچے بچتے ہوئے دریائے جہلم کے کنارے سے تین اوپر تھا بس کھڑی کر دی۔ دائیں ہاتھ مہاراجہ کا ایک well-maintained ریسٹ ہاؤس جہاں سے پانی کا ایک چشمہ بہہ رہا تھا۔ ملازم تھے یہاں بس کھڑی کرنے کی اجازت نہیں تھی البتہ ڈرائیور نے مسافروں کو دس پندرہ منٹ کیلئے بس سے باہر نکلنے کی ترغیب دی تاکہ قدرتی مناظر سے لطف اندوز ہوں (اب ریسٹ ہاؤس کا وجود مشکوک ہے) لہذا بس دوبارہ رواں دواں ہوئی۔ تھوڑے فاصلے پر بس ایک tunnel میں سے گزری۔ آگے

Marfat.com

tunnels بنا دیے گئے ہیں۔ یعنی آنے اور جانے والی بسوں کیلئے۔ بس بدستور رواں دواں رہی۔

بائیں ہاتھ دو میل (ضمیمہ 40) کا پل ہے۔ دو میل سے دریائے جہلم سڑک سے بتدریج دور ہوتا اور سڑک فلک بوس پہاڑوں کے دامن کے ساتھ ساتھ بل کھاتی ہوئی چلی جاتی ہے۔ بعض موڑ اتنے acute ہیں کہ جب بس موڑ کے ایک سرے پر ہو تو موڑ کا دوسرا کنارہ بالکل قریب نظر آتا ہے۔ موڑ کی مسافت تقریباً دو میل کی ہوتی ہے۔ سفر کے دوران ایک مقام "اوڑی" آ گیا جہاں کچھ دیر کے لیے بس رکی اور مسافر [illegible] دھوپ وغیرہ سے بیٹھ گئے۔ وہاں چند ایک نام نہاد ہوٹل واقع تھے۔ ایک لکڑی کی چھت کی [illegible] چائے کا چولہا اور ایک [illegible] چند ایک لکڑی کی ٹوٹی پھوٹی کرسیاں اور ایک دو لکڑی کے بے ڈھنگے میز۔ جہاں بیٹھ کر ہم سب اور میں نے [illegible] اس دوران دوسری طرف سے ایک دوسری بس بھی آن کھڑی ہوئی۔ اس بس کے ڈرائیور بھی [illegible] تھے۔

اوڑی کا فی وسیع رقبہ پر پھیلا ہوا دریائے جہلم کے مغربی کنارے پر "بارہ مولا" سے جنوب مغرب میں 23 میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ یہاں سے ایک سڑک بائیں ہاتھ کی دیگر مقام کو جاتی ہے۔ اوڑی سے قدرے چڑھائی شروع ہو جاتی۔ ہر طرف بلند و بالا [illegible] پہاڑ [illegible] اوڑی کے درمیان میں ایک پٹھان فارم کی طرح واقع ہے۔ دریائے جہلم اس کی جانب شمال رواں دواں اور شوریدہ سری سے بہہ رہا ہے [illegible] پانی کا شور کافی فاصلے سے سنائی دیتا۔ اوڑی شہر تا [illegible] باقی ندیاں بھی دریائے جہلم میں [illegible] ہیں۔ دریائے جہلم کے بائیں کنارے پر واقع ایک چھوٹا سا قلعہ اور اس کے نیچے ایک رسوں کی مدد سے چلنے والا [illegible] بائیں کنارے سے آن ملتا ہے۔ ایک سڑک پونچھ سے پیر پنجال کے درے کے ساتھ ساتھ ہوتی ہوئی اوڑی (ضمیمہ 41) سے مقام پر آتی ہے۔

گرمی سے radiator میں پانی کی مقدار کم ہو گئی تو handle مارا اور بس رواں دواں ہوگئی تقریباً ساڑھے چار بجے ہم [illegible] کے مقام پر Naranmul کہتے ہیں " پہنچی۔ یہاں بس تقریباً بیس منٹ رکی رہی کیونکہ ڈرائیور بس سے اتر کر [illegible] کا غذات وغیرہ چیک کروانے کی غرض سے مصروف رہا۔

بارہ مولا تک راستے کے دونوں طرف واقع جہاں دریائے جہلم کشمیر کی وادی سے نکلتا ہے۔ گردونواح کے پہاڑ تقریباً خشک [illegible] ہیں جہاں بارش کا سامان بہت ہے۔ یہاں دریائے جہلم کی چوڑائی کوئی 150 گز۔ دریا کی روانی کی خاموشی ستا [illegible] تند و تیز اور پرشور مقام ہے۔ بس بہت [illegible] اور اس میں کسی قسم کی کشتی رانی ناممکن تھی کہ دریا جب Oin کے مقام پر پہنچتا شہر کے شرقی کونے پر ایک پل واقع ہو۔ 146 گز لمبا اور 16 فٹ چوڑا ہے۔ اس قسم کے کئی پختہ پل سرینگر میں دریائے جہلم پر واقع ہیں۔ [illegible] راستے سے سرینگر بارہ مولا سے تقریباً 31 میل مشرق میں واقع ہے۔ مگر پانی کے راستے کی مسافت قریباً تین [illegible] ہیں کے ذریعے جو وقت [illegible] Noru کے راستے کوئی چھ گھنٹے یا کچھ کم میں طے ہو جاتا ہے۔ بذریعہ سڑک بارہ مولا سے [illegible] کوئی 135 میل کے فاصلہ پر مغل بادشاہوں کے زمانے میں یہ سفر 9 marches میں طے ہوا کرتا یعنی ایک مارچ تقریباً 13.9 میل کے برابر۔ بارہ مولا سے Gulmarg کوئی پندرہ میل دور ہے۔ گلمرگ سے Suran [illegible] اور پونچھ کو جانے والی سڑک تک کوئی 55 میل کا فاصلہ ہے۔

دریائے جہلم کے علاوہ بارہ مولا میں کئی کنوئیں بھی موجود ہیں جن کی گہرائی غیر معمولی۔ اس دریا کے بائیں کنارے قلعہ کے مشرق کی جانب ایک بڑا باغ ہے جو poplar کے درختوں میں گھرا ہوا جہاں پر سیاحت کے کیمپ وغیرہ نصب کیے جاتے ہیں کیونکہ یہاں ایک بارہ دری بھی موجود ہے۔ بارہ مولا وادی کشمیر کی مغربی سمت کی حد بندی پر واقع اور دریائے جہلم کے بائیں کنارے پر پل سے [illegible] (جس کا [illegible] ہے) سڑک جو پونچھ جاتی، وہاں چھوٹا سا قلعہ واقع ہے۔ اس مقام پر دریائے جہلم کی کیفیت بدل جاتی [illegible] ایک پرسکون ندی سے بہت چوڑے اور تیز رفتار دریا میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ دریائے fall میں بارہ مولا کے مقام پر بہت شدت [illegible] دریا اور اس کی [illegible] ندیوں کا مشترکہ پانی ہے۔ یہ اس امر کی دلیل کہ دریا کے قدرتی نکاس میں کافی عرصے کے دوران قدیم زمانہ میں یہ تیز روانی بہت معمولی ہوں! کشمیری باشندے دریا کے اس fall کو اور تیزی کو Solomon سے موسوم کرتے ہیں۔

Marfat.com

بارہ مولا سے سرینگر تک سڑک تقریباً بالکل سیدھی اور سڑک کے دو رویہ روشوں پر فلک بوس چنار کے درخت چھت کی صورت میں جڑے استادہ ہیں۔

ہم جب سری نگر میں میران کدل کے پل کو عبور کرنے کے بعد اڈہ تک پہنچے تو گھڑی ساڑھے آٹھ بجے رات کا وقت بتا رہی تھی۔ خنکی کی وجہ سے میں نے bag سے سویٹر نکال کر پہن لیا۔ دو قلیوں نے ہمارا سامان اٹھایا۔ سڑک کو عبور کیا تو سامنے ہی تانگوں سے ہوتے ہوئے "کشمیر ہوٹل" میں جہاں پہلے بھی شیخ صاحب قیام پذیر ہوا کرتے تھے پہنچ گئے۔ یہ ہوٹل گجرانوالہ کا ایک کشمیری کا جو کئی سال سے یہ ہوٹل چلا رہا تھا۔ شیخ صاحب نے علیک سلیک کے بعد خالی کمرے کے متعلق پوچھا تو اس نے کہا کہ آپ ہمارے اپنے مہمان ہیں اگر کمرہ خالی نہ بھی ہو تو خالی کروا دوں گا۔ مالک ہوٹل کی رہنمائی کے مطابق سیڑھیاں چڑھ کر بالائی منزل تک گئے۔ ایک کمرہ میں ہمارا مختص تھا۔ دونوں طرف شیشے جڑی کھڑکیاں تھیں جو 45 کے angle پر سامنے سے ملی ہوئی تھیں۔ کمرہ بھی تکونی شکل کا ہو گیا تھا۔ جہاں یہ سیڑھیاں ختم ہو رہی تھیں بائیں ہاتھ کی جانب نہانے دھونے کے لئے کمرہ اور "toilet" واقع تھے۔ تکونی کمرے کی لکڑی کی دیوار بنی ہوئی تھی جس کی ایک طرف چھت سے کپڑے hang کرنے کے لئے موٹے موٹے کیل لگے تھے۔ شیخ صاحب نے تکون کی دائیں دیوار کے ساتھ لگا ہوا بستر سنبھال لیا جبکہ میں نے تکون کی بائیں دیوار والا۔

تقریباً بارہ گھنٹے کے متواتر سفر سے تھک گئے تھے۔ کھانے پینے سے بھی بے نیاز تھے لہٰذا شیخ صاحب نے جلدی سونے کی ترغیب دی اور صبح اٹھ کر سری نگر کی سیر کا پروگرام مرتب فرمایا۔ رات بھر خاموش مکمل فوج جو شاید ہماری ہی منتظر تھی نے سونے نہ دیا۔ پوری رات ہمارا خون چوسنے کے لئے پر جوش انداز میں کوشاں تھی۔ میں تو پریشان ہو کے رہ گیا جبکہ شیخ صاحب کی صحت بھی متاثر تھی۔ چونکہ شیخ صاحب کے کھٹملوں کی موجودگی سے آگاہ کر دیا تھا اسلئے ہوٹل انتظامیہ کی رضائیاں، تلائیاں اٹھا کر ہم نے بستر ایک دوسرے کونے میں رکھ دیں اور اپنے holdalls سے کمبل اور تکیے بھی نکال لئے۔

صبح جب ناشتہ کرنے گئے تو ہوٹل کے مالک نے شیخ صاحب سے معذرت چاہی کہ کل کرسی پر پائیوں کی چولوں میں کم پڑی دوائی بھول گیا تھا۔ آپ کو کھٹملوں نے پریشان تو ضرور کیا ہوگا۔ کھٹمل دن کو چولوں کے سوراخوں میں چھپ جاتے اور رات کو سونے والوں کی شامت آ جاتی ہے۔

کوہ شنکر آچاریہ (تخت سلیمان)

شیخ صاحب کے متعلق تو میں پہلے بھی کہہ چکا ہوں کہ سرینگر میں میری خوشی اور کھٹملوں نے مجھے ایک پل سونے نہ دیا۔ میں بے چین تھا کہ کب سورج طلوع ہوگا اور سرینگر کی سیر ممکن ہوگی۔ ابھی شیخ صاحب سوئے ہوئے تھے تو میں بیتابی سے کھڑکی کھول کر دیکھا تو فاصلہ پر مجھے جنوب مشرق کی طرف ایک پہاڑی دعوت نظارہ دے رہی تھی جس پر میں نے فیصلہ کیا کہ سب سے پہلے اس پہاڑی پر چڑھ جاؤں گا جو "تخت سلیمان" کے نام سے موسوم ہے۔

شیخ صاحب کو چونکہ خوابیدہ حالت سے اٹھانا مناسب نہ تھا اور نیند میں خلل ہونے کی ستائش سے اجتناب کرنا چاہتا تھا۔ ایک کاغذ کے پرزے پر نوٹ لکھ کر شیخ صاحب کے بستر کے پاس پڑے ہوئے ایک بوسیدہ میز پر رکھ دیا جو یوں تھا "میں تخت سلیمان دیکھنے جا رہا ہوں جلدی واپس لوٹ آؤں گا۔ آپ چونکہ سفر کی تھکان سے گہری نیند میں تھے لہٰذا خلل انداز ہونا مناسب نہ سمجھا۔"

پیچھے آ کر سامنے کمرہ میں جب کھٹملوں کو دوا چھڑکتے ہوئے الہ دین سا دوست اور کریم کی قہوہ بغیر چینی چکھنا جب ناشتہ کے طور پر استعمال میں لایا اور بہر حال ساتھ سے تخت سلیمان کے متعلق کی صاحب ہو تلفظ ورت محسوس کی جو عجیب و غریب اردو زبان بولتا تھا، مثلاً مذکر، مونث اور مونث مذکر طرز تخاطب سے نواز رہا تھا اس نے کہا۔

"Nedou's Hotel کا سڑک کی ساتھ ساتھ چلتی سیدھی Drogshuh سے اوپر جاتی۔"

میں نے بل پر دستخط کر دیئے اور بہر حال سے کلرک کی میز پر رکھتے ہوئے رخصت چاہی۔ موسم خوشگوار تھا۔

تھوڑی دور پیدل چلنے کے بعد جب Nedou's Hotel کی سڑک شروع ہوئی تو میں نے ایک راہ گیر صاحب سے

Marfat.com

پوچھا جو typical کشمیری لباس میں ملبوس تھے۔ انہوں نے مجھے قدرے بہتر اردو زبان میں سمجھایا کہ تخت سلیمان پر چڑھنے کے دو راستے مختص ہیں۔ نسبتاً زیادہ آسان راستہ مغرب کی طرف ہے۔ یہ راستہ ایک گاؤں Drogjun کی طرف (اس سمت اشارہ کرتے ہوئے) سے کوئی 100 گز ڈل جھیل کے flood-gate سے شروع ہوتا ہے جو مہاراجہ گلاب سنگھ نے اپنے مرنے سے تھوڑی دیر پہلے تعمیر کرایا تھا۔ یہ کافی چوڑے پتھروں کی سیڑھیاں ہیں جو کہ اوپر تک جاتی ہیں۔

"اوپر تک جانے میں کتنی دیر لگتی ہے؟" میں نے پوچھا۔

"قریباً آدھ گھنٹہ اور پہاڑی گھوڑوں کیلئے بھی یہی راستہ استعمال میں لایا جاتا ہے۔" اس نے بتایا۔

"اور دوسرا راستہ؟" میں نے پھر جاننا چاہا۔

"وہ مشرق کی طرف ہے جو کہ چٹانوں کے ساتھ ساتھ پر پیچ راستہ یعنی سیدھا نہیں۔ یہ صرف پیدل چلنے والوں کیلئے مختص ہے۔" میں نے شکریہ ادا کیا اور چل پڑا۔

چونکہ مجھے پہاڑ پر چڑھنے کا شوق تھا لہذا میں نے مشرقی راستہ ہی اختیار کیا۔ ان دنوں آتش جوان تھا، چھلانگیں لگاتے ہوئے میں نے چڑھائی شروع کی۔ کچھ چڑھائی تو تھوڑا فاصلہ طے کیا کہ مشکلیں شروع ہوگئیں تاہم ہانپتے ہوئے اوپر تک پہنچنے کی سعی سے مضبوط ارادہ ... یہاں تک کہ ایک ساتھی بزرگ "رام رام" کا ورد کرتے نیچے کی طرف آرہے ہیں، کہنے لگے:

"بابو جی! میں اس راستے کی طرح چوٹی پر پہنچنا کٹھن ضرور ہے مگر چوٹی پر سے پھسلنا بہت آسان۔ دیکھو میں بڑے آرام سے نیچے کی طرف آ رہا ہوں۔"

اس وقت تو بات میری سمجھ میں نہ آئی مگر جونہی سفر زندگی کے شعوری وادی میں قدم رکھا تو پتہ چلا کہ کامیابی اور دولت کا حصول بڑی مشکل سے ہوتا ہے تاہم فرش سے پل بھر میں انسان ناکامیوں کی گہری کھائی میں ایسا گرتا کہ پھر سب کچھ کھو بیٹھتا ہے۔

بالآخر میں تخت سلیمان تک پہنچ ہی گیا۔ شاید یہ ہندوؤں کا کوئی متبرک تہوار تھا کیونکہ سینکڑوں کی تعداد میں ہندو دیویاں بن سنور کر موجود تھیں۔ بوڑھے، جوان مرد اور بچے بھی تخت سلیمان کے درشن کرنے یا پوجا پاٹ کیلئے آرہے تھے۔ بہرحال خوب رونق تھی۔ میں تھوڑی دیر سستانے کیلئے ایک پتھر پر بیٹھ گیا اور جھیل ڈل کے دلفریب نظارے سے لطف اندوز ہونے لگا تاہم علاقہ میں آبادی کا منظر بھی نہایت دلکش پایا۔ قریب ہی اونچی نیچی سطح پر پتھر سے بنے مکانات دل کو نہایت بھلے دکھائی دے رہے تھے۔ بے اختیار مکانات کا جائزہ لینے چل دیا۔ ایک مکان دو منزلہ مکانوں کا طرز تعمیر شہروں جیسی نہ تھی بلکہ ایک دوسرے کے اوپر چھوٹے چھوٹے کمرے بنا دیئے گئے۔ نچلے کمرے میں داخل ہونے کا دروازہ steps سے اوپر کھلا ہوا تھا جبکہ بالائی منزل کی کھڑکیاں بھی کھلی ہوئی تھیں۔ میں نے کھڑکیوں سے اندر جھانک کر دیکھا تو ورطہ حیرت میں گم ہو گیا کہ کمرے کے اندر ایک بچھے قالین پر کتابوں کے ڈھیر کے سوا کچھ نہ تھا، بجز ایک دیوار کے ساتھ چند ایک چوغہ جات آویزاں تھے اور ایک کونے میں کانگڑی (ضمیمہ 42) کل کائنات۔ حیران کن صورت حال یہ تھی کہ کوئی ذی روح شخص کمرے میں موجود نہ پایا۔ عجیب لاپرواہی، بے نیازی اور انتہائی سادہ زندگی کا عنصر غالب نظر آتا ہے۔ اس کمرے کی تھوڑی اوپر والی سطح پر ایک اور مکان جس کے دروازے اور کھڑکیاں بند تھیں۔ نچلی سطح کے دیگر مکانات بھی موجود تھے جہاں چند لوگ ادھر ادھر گھوم پھر رہے تھے۔ جب واپس پرچڑھائی کی طرف لوٹ رہا تھا تو ایک عمر رسیدہ اور نحیف و نزار بزرگ ہاتھ میں تسبیح، سر پر متقی لوگوں کی کشمیری ٹوپی، کالے رنگ کا چوغہ اور پاؤں میں رسیوں سے بنی ہوئی چپل پہنے ایک چھڑی کے سہارے تخت سلیمان کی طرف سے نیچے بستی کی طرف آرہے تھے۔ مجھے خیال آیا ممکن ہے اسی بزرگ کا ہی مذکورہ بالا مکان ہوگا۔ میں نے علیک سلیک کے بعد پوچھا "حضرت صاحب وہ مکان کس کا ہے؟" میں نے مکان کی طرف اشارہ کیا۔ جہاں کتابوں کے سوا کچھ نہ تھا۔ عجیب بات ہے دروازہ کھلا ہے مگر مکان میں کوئی موجود نہیں۔

"بابو جی! یہ بہت بڑے خدا رسیدہ عالم دین ہیں۔ کسی کام سے تھوڑی دیر کیلئے باہر گئے ہوں گے جب گھر میں موجود ہوں تو کسی سے نہیں ملتے۔ تخت سلیمان کے قریب جو مسجد ہے وہاں اپنے عقیدت مندوں میں دینی مسائل سے متعلق خطاب کرتے ہیں ابتدائی زمانے میں شیخ عبداللہ صاحب ان کے پاس آیا جایا کرتے مگر گذشتہ دو برس سے یہ سلسلہ بھی موقوف کر رکھا ہے اور اب کسی سے بھی

Marfat.com

منا پسند نہیں فرماتے۔"

"مگر دروازے کھلے کیوں چھوڑ رکھے ہیں؟" میں نے حیران کن تجسس سے دوسرا سوال داغ دیا۔

"بابو جی! آپ فرمایا کرتے ہیں۔ جب میں گھر میں ہوتا ہوں تو دروازہ بند کر لیتا ہوں تاکہ کوئی سوالی پریشانی میں تنگ نہ ہو جب گھر سے باہر چلا جاتا ہوں تو دروازہ کھلا چھوڑ دیتا ہوں کیونکہ گھر میں رکھا ہی کیا ہے جو چوری چکاری کا اندیشہ ہو۔ ان کی درویشانہ شخصیت سے تقریباً تمام مری نگر میں رہنے والے لوگ بخوبی واقف ہیں جو اکثر اوقات بعد مسجد حضرت جی صاحب میں پیش کرتے ہیں۔"

میں اب شنکراچاریہ کے مندر کے قریب پہنچ چکا تھا جہاں عقیدت مندوں کا ہجوم تھا جن میں کافی مسلمان بھی موجود تھے جیسا کہ ان کے لباس اور بول چال سے ظاہر تھا۔ شنکراچاریہ کے مندر سے تھوڑے فاصلے پر الگ تھلگ ایک سادھو آلتی پالتی مارے بیٹھا تھا ساکت اور خاموش جیسے یہ بھی کوئی پتھر کی مورتی ہو۔ قریب انگنت لوگ حلقہ بنائے کھڑے تھے۔ [illegible] "برائے نام" کپڑا پہنا ہوا، بالوں کی جٹاؤں (لٹ بال) اور ایک لنگوٹی کے سوا تن پر کچھ نہ تھا۔ داڑھی اور مونچھیں اس قدر دراز کہ منہ تک دیکھنا انتہائی دشوار گزار۔ ہندو مرد و عورتیں دست بستہ پرنام کرتے مگر جواب نہ دیتا۔ [illegible] کے قریب پڑے ہوئے تھے جو کم از کم ایک ہفتے کے باسی معلوم ہوتے۔ کافی مقدار میں [illegible] اور [illegible] پڑے ہوئے تھے۔ تازہ [illegible] بھی اچھی خاصی مقدار میں موجود تھی۔ بہرحال یہ معلوم نہ تھا کہ کب سے سادھو یہاں بیٹھا ہوا ہے [illegible] پوچھا تو [illegible] نہیں؟

سہ پہر کا وقت ہو چکا تھا۔ یہاں سے کشمیر کا منظر نہایت دیدہ زیب، دلکش اور دلفریب دکھائی دیا۔ [illegible] شیشے کی مانند چمکیلی ہوئی۔ واپسی پر میں نہایت آہستگی اور آسانی سے مغربی راستے سے نیچے اترا جہاں [illegible] تخت سلیمان کی طرف رواں دواں تھے۔ چند ایک محترم حضرات اور عمر رسیدہ عورتیں پہاڑی گھوڑوں پر سوار اوپر کی طرف جا رہے تھے۔

تقریباً تین بجے میں ہوٹل میں واپس پہنچا تو شیخ صاحب کھانے کے کمرے میں نواب دین صاحب اور [illegible] کے ساتھ بیٹھے باتیں کر رہے تھے۔ نواب دین صاحب کے خاص کمرے کے قریب سے واقفیت کی بدولت شیخ صاحب سے تعلقات تھے۔ شیخ صاحب نے مجھے شفقت آمیز غصے سے ڈانٹ پلائی اور تاکید کی "بیٹا! تمہیں [illegible] کھانا کھانے کے بعد ہم اس مکان اور [illegible] میں مشغول ہو گئے۔

وہ شنکراچاریہ (تخت سلیمان) کو مسلمان کوہ سلیمان بھی کہتے ہیں اور کشمیری مسلمانوں میں یہ روایت مشہور ہے کہ جب حضرت سلیمان کشمیر کی سیاحت کو تشریف لائے تو ان کا ہوائی تخت اسی پہاڑ پر اترا تھا۔ کشمیری ہندو اسے "وشنکر چاریہ" کہتے ہیں کہ کسی زمانے میں ہندوؤں کے مذہب کا ایک آچاریہ (مبلغ) شنکراچاریہ جب کشمیر میں وارد ہوا تو اس نے اسی جگہ پر قیام کیا اس پہاڑ کا ایک دیگر نام "گوپادری" بھی مشہور ہے۔ کشمیر کی قدیم کتاب "راج ترنگنی" اور ہندوؤں کی مذہبی کتاب "پران" میں اس کا نام گوپادری لکھا ہوا ہے تاہم پچھلے دو نام بعد میں تجویز ہوئے۔ کشمیر کے دونوں فرقے یعنی ہندو اور مسلمان اس پہاڑ کو متبرک مانتے ہیں۔ تخت سلیمان ایک چٹان یا پہاڑی قریباً ایک میل سے زیادہ فاصلے پر شہر سری نگر سے جنوب مشرق کی طرف دریائے جہلم کے دائیں کنارے اور جھیل ڈل کے درمیان واقع ہے۔ یہ Zebanwan پہاڑ کے جنوبی حصے کی [illegible] پہاڑیوں سے [illegible] ہے جس کا ایک نشیب سے جدا ہے۔ یہ پہاڑی سطح سمندر سے چھ ہزار دو سو تریسٹھ فٹ اونچی ہے اور وادی میں کی زمین سے ایک ہزار فٹ بلند۔ یہاں سے سرینگر صاف دکھائی دیتا ہے گویا مقابل ایک پہاڑی "ہاری پربت" کے دامن تک پھیلا ہوا ہے۔

ہندو مذہب کے پیروکار تخت سلیمان کو شنکراچاریہ (Sankara Char یا Shankaratsari) کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ یہ کارہندو پروہت تھا اور Siva کا اوتار جو کئی صدیاں گزشتہ پہلے زندہ تھا اور اب اس نے اپنی رہائش کے لیے اس پہاڑی کو اختیار کر رکھی ہے۔ یہ بھی اس کا نام دو بادشاہوں Sankara اور Chacra سے اخذ کیا گیا ہے۔ جنہوں نے کشمیر میں 953 سے 956 تک حکمرانی کی۔ عبادت گاہ جو کہ تخت سلیمان کی چوٹی پر واقع ہے کشمیر میں سب سے پرانی سمجھی جاتی ہے۔ اس عبادت گاہ کو یہ مندر

Marfat.com

تعمیر کورایا Gopaditya جو کہ Gonerdya خاندان سے تعلق رکھتا تھا نے 370 B.C میں تعمیر کرائی مگر بعد کے محقق اس بات پر متفق ہیں کہ یہ پہلی مذہبی عمارت تخت سلیمان پر Jaloka جو کہ راجہ اشوک کا بیٹا تھا اس نے 200 B.C میں تعمیر کرائی لیکن اب اس کا یہاں کوئی نشان نہیں ملتا۔ اس مندر کو بعد میں راجہ Gopaditya (238 سے 253 A.D) نے دوبارہ تعمیر کیا اور Mahadeva جس کا لقب Jyeshtesvara ہے کے نام موقوف کر دیا۔

مندر کے اندر ایک چبوترہ پتھر کا ہے جس پر ایک کالے پتھر کا Lingam کھڑا ہے اور اس کے ارد گرد ایک سانپ کو کندہ (carve) کیا گیا ہے۔ دو ستونوں میں سے پچھلے ستون پر بائیں طرف ایک تحریر Persian میں لکھی ہوئی ہے کہ یہ بت حاجی ہشتی (Haji Hushti) نامی ایک معمار نے 54 سال سمت (Samat) یعنی ہندوؤں کے دور یا 1870 سال پہلے بنایا تھا۔ اس کا مذہب کیا ہے۔ یہ Lingam کوئی 1870 سال پہلے بنایا گیا اور اسی ستون کی پشت پر بائیں طرف ایک عبارت تحریر ہے کہ "جس نے یہ بت بنایا وہ خواجہ رکن کا بیٹا تھا اور سال میں..........؟" اس سے آگے کی تحریر نہیں پڑھی جاتی۔

تخت سلیمان سے کشمیر کی وادی کا خوبصورت اور دلکش منظر دعوت نظارہ دے رہا ہے۔ جب چڑھائی چڑھ رہے ہوں تو سب سے پہلے جو عمارت نظر آتی ہے وہ ایک ہندوؤں کی عبادت گاہ ہے جسے بعد میں ایک مسجد کی شکل دے دی گئی۔ وہاں ایک فارسی زبان کی تحریر ہے جو یہاں کی تاریخ اور اہمیت سے متعلق زیادہ معلومات فراہم نہیں کرتی لیکن اتنا ضرور معلوم ہوتا ہے کہ Soloman اس کا بانی تھا اور یہ قدیم عمارت کی تحریر زمین میں دفن ہے۔

اس پہاڑی پر تخت سلیمان واقع ہے وہ تبت کی پہاڑیوں کے سلسلے سے علیحدہ ہے۔ یہاں سے وادی کشمیر کا منظر نہایت ہی دلفریب نظر آتا ہے۔ نیچے جھیل ڈل دور تک شیشے کی طرح چمکتی ہے اور اس میں تبت کی پہاڑیوں اور شہر کشمیر کا عکس جلوہ فگن ہے۔

تخت سلیمان کی پہاڑی سے نیچے ایک flood-gate موجود ہے جسے Drogshuh کہتے ہیں۔ یہ جھیل ڈل کا واحد نکاس ہے جو دریائے جہلم سے بڑھ کر Zand میں رکھتا ہے۔ یہ ایک راہداری جس کے اطراف پر پتھر نصب ہیں اور دریا و جھیل سے متصل ہے۔ جھیل میں جانے کا یہ آسان راستہ ہے کیونکہ اگر شہر سے اوپر کی طرف جائیں تو دو میل کا چکر کاٹنا پڑتا ہے۔ قدیم زمانے میں یہ flood-gate شہر سے نزدیک واقع تھی تاہم بعد میں اسے موجودہ مقام پر لایا گیا کیونکہ جھیل کا پانی نہایت سرعت سے نکلتا تھا۔ تخت سلیمان سے نیچے چند فٹ پر ایک تالاب ہے جس کے وسط میں ایک چھوٹی مگر مکمل بدھوؤں کی عبادت گاہ جو Pandritan کے نام سے مشہور ہے۔ اس عبادت گاہ تک صرف کشتیوں میں بیٹھ کر ہی جایا جا سکتا ہے۔ اس عبادت گاہ کے ارد گرد تالاب کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اس کی گہرائی کے متعلق کسی کو بھی معلوم نہیں البتہ اس تالاب کا قطر کوئی 600 فٹ اور مندر (عبادت گاہ) 25 فٹ مربع جگہ اس جگہ سے میدانی علاقہ شروع ہوتا ہے۔

یاد رہے کہ ایک اور جگہ بنام تخت سلیمان جو کہ پہاڑی سلسلہ سلیمان میں سب سے اونچی چوٹی پر واقع ہے جس کی بلندی سطح سمندر سے 3382 میٹر اور اس پہاڑی کی رسائی بلوچستان یا صوبہ سرحد کے راستے بھی ہو سکتی ہے۔ ثبوت کو مد نظر رکھتے ہوئے سب سے آسان راستہ ڈیرہ غازی خان ہے۔ اسے یہودیوں کے پیغمبر حضرت سلیمان کے نام سے منسوب کیا جاتا۔ پہاڑی سلسلہ دامان کا ایک حصہ جو کوئی 120 کلومیٹر لمبا ڈیرہ غازی خان اور ڈیرہ اسماعیل خان کے درمیان واقع ہے۔ دامان کے رہائشیوں کا خیال ہے کہ حضرت سلیمان نے اپنی جادوئی طاقت سے ان شرارتی جنات کو جنہوں نے ان کا حکم ماننے سے انکار کیا اس پہاڑی میں بند کر دیا۔ یہ شرارتی جنات تمام سال اس پہاڑی میں بند رہتے ہیں ماسوائے صفر کے مہینے کے جو کہ اسلامی کلنڈر کا دوسرا مہینہ ہے جب انہیں چھوڑ دیا جاتا ہے۔ اس مہینے میں رات ہونے پر مائیں اپنے بچوں کو گھر سے باہر نہیں جانے دیتیں تاکہ ان جنات کا برا سایہ نہ پڑے۔

یہاں تو برف باری کے موسم میں نومبر سے لیکر مارچ تک تخت سلیمان تک پہنچنا نہایت دشوار ہے۔ تخت سلیمان پر جانوروں کی قربانی ایک ضروری امر سمجھا جاتا ہے۔ مقامی لوگوں کا خیال ہے کہ بے اولاد عورتیں جب تخت سلیمان پر پہنچ کر دعا مانگتی ہیں تو اللہ تعالیٰ ان کی مراد پوری کر دیتا ہے۔ اور یہ بھی کہ سلیمان پہاڑیوں کے سلسلے کا نام حضرت سلیمان کی وجہ سے ہے جو کہ ایک دفعہ یہاں تشریف لائے تھے۔

Marfat.com

چھوڑ کر تاریخ سرینگر کے متعلق بتاتا چلوں۔ 6 A. D کے شروع میں راجہ Pravara Sena II نے موجودہ شہر (سرینگر) کو تعمیر کرایا لیکن مشہور چینی زائر Hwen Thsang (631 A. D) نے کشمیر آنے پر اور اس سے تین صدیوں بعد بھی ایک قدیم دارالخلافہ بنام سرینگر بھی اسی جگہ پر واقع تھا جسے Pandra Than کہتے ہیں۔ ابتدا 960 A. D میں موجودہ شہر کو مستقل دارالخلافہ بنا دیا گیا۔

کہا جاتا ہے کہ داستانی (1888-1935) Thomas Edward Lawrence جو "Lawrence of Arabia" کے نام سے مشہور ہے اس کی شادی لاہور کے Nedou خاندان کی Harry Nedou کی بیٹی سے ہوئی لیکن بعد میں طلاق ہو گئی۔ مسعود (2001) کے مطابق یہ محض افسانوی ہے کیونکہ وہ اپنی homosexuality سے توجہ دوسری طرف مبذول کروانا چاہتا تھا۔ لارنس 1919 میں لیفٹیننٹ کرنل کے عہدے پر فائز ہوا اور Colonial Minister Winston Churchill کے عرب امور کا مشیر متعین ہوا۔ فرضی نام "T. E. Shaw" کے تحت 1927 سے لے کر 1928 تک RAFB (رائل ایئر فورس بیس) ڈرگ روڈ کراچی میں پوسٹنگ ہوئی۔ اس عرصے کے دوران وہ کراچی میں زیادہ تر لائبریری میں ہی مصروف رہا۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ افغانستان کے بادشاہ کو تخت سے برطرف کرنے میں اس کا ہاتھ تھا۔ یہ ممکن ہے کیونکہ تاریخ میں تھا کہ جب امان اللہ خان افغانستان کا حکمران تھا تو 1928 میں خانہ جنگی شروع ہوئی۔ امان اللہ خان نے حکومت میں نئی تبدیلیاں کیں، عورتوں کو برقع پہننے سے منع کر دیا اور تعلیمی اداروں میں مخلوط تعلیم کا سلسلہ جاری کیا۔ یہ بات قبائل کے مذہبی رہنماؤں کو ناگوار گزری۔ ایک تاجک folk hero بنام بچہ سقہ "ماشکی کا بیٹا" نے کابل پر قبضہ کر لیا۔ امان اللہ خان چودہ جنوری 1929 کو اپنے بڑے بھائی عنایت اللہ کے حق میں تخت سے سبکدوش ہو گیا لیکن بچہ سقہ نے اپنے آپ کو افغانستان کا امیر ہونے کا دعویٰ کر دیا۔ امان اللہ نے اٹلی میں جلاوطنی کی زندگی بسر کرنا شروع کر دی اور 1960 میں Zurich، Switzerland کے مقام پر وفات پا گیا۔

لارنس کو 1935 کے شروع میں نوکری سے رخصت شروع کر دیا گیا اور چند ماہ بعد وہ اپنے موٹر سائیکل کے ایکسیڈنٹ میں مارا گیا۔ Nedou خاندان کا پس منظر یہ ہے کہ لاہور اور سری نگر میں اٹھارویں صدی کے شروع سے ہوٹلوں کا کاروبار تھا۔ Nedou ہوٹل لاہور میں موجودہ واپڈا ہاؤس کے قریب تھا اور اس کا مالک رائے بہادر میلا رام جس نے اس ہوٹل کو بعد میں Nedou کو بیچ دیا۔ جس کے بیٹے Harry نے اسلام قبول کر لیا اور ایک کشمیری گوالن میر جان سے شادی کر لی۔ میر جان سے Harry کی بیٹی کا نام اکبر جہاں تھا۔ اکبر جہاں کی شادی اکتوبر 1933 میں شیخ عبداللہ "شیر کشمیر" (ضمیمہ 43) سے ہوئی لیکن شادی سے پہلے اکبر جہاں کی کسی اور شخص سے شادی کی اور بعد میں طلاق ہوئی۔ وہ مختلف روایت ہے کہ لارنس تھا۔ شیخ عبدالشکور لاہور کے ... سے تعلق رکھتے تھے۔ اکبر جہاں نے Murree Convent میں تعلیم حاصل کی اور اس کی پہلی شادی ایک خوبصورت نوجوان افغان سے ہوئی جو کہ مشہور تھا لیکن چونکہ وہ دونوں عرب ... کرتے ... پہلی جنگ عظیم ... سے چند سال پہلے امرتسر میں پائی جاتی ... شروع میں ... وہ اکبر جہاں کے ... Harry Nedou ... شخصیات سے واقف تھی ... کشمیر کا وزیر وزارت تھا۔ بہر حال ان دونوں کی شادی ہوئی اور انہوں نے لاہور میں ... شیخ صاحب ... سے بیان کرتے ہیں۔ انہوں نے اکبر جہاں کو ... طلاق ... اکبر جہاں اپنے خاندان کے پاس ... اور چند سال بعد شیخ عبداللہ سے شادی ہوئی۔ ... شیخ عبداللہ ... کتاب ... میں اکبر جہاں کی پہلی شادی کا ذکر تک نہیں کیا۔ شیخ عبداللہ اور اکبر جہاں کا ... اس امر کی تصدیق کرتے ہیں کہ اکبر جہاں واقعی طلاق یافتہ تھی لیکن اس کے پہلے خاوند کی تصدیق نہیں ہو سکی۔ ... لاہور میں ابھی بھی اسی شک میں ہیں کہ اکبر جہاں کا پہلا خاوند خوبصورت Lawrence of Arabia ہی تھا۔ ... میں اپنے آرٹیکل کو ختم کرتا ہے:

"True or false, myths are sometime more powerfull than history."

Marfat.com

جھیل ڈل (Dal Lake)

جھیل ڈل شہر سری نگر کے شمال مشرق میں دریائے جہلم کے دائیں کنارے واقع ہے۔ ڈل کو کشمیری زبان میں جھیل جبکہ تبتی زبان میں [illegible] کہتے ہیں۔ قدیم زمانے میں یہ ایک وسیع میدان بنام Vitalamarg تھا۔ ایک ہندو راجہ نے جھیل میں تبدیل کروایا تھا۔ اس کی لمبائی شمالاً جنوباً پانچ سے چھ میل اور شرقاً غرباً چوڑائی دو سے تین میل ہے۔ اس کے مشرقی کنارے کی طرف پربت پہاڑ ابھرتے ہیں۔ جھیل کی گہرائی سات سے دس فٹ تک تاہم ایک مقام پر 26 فٹ تک بھی چلی گئی ہے۔ جھیل کا پانی صاف شفاف اور اس کی تہہ کئی پودوں سے ڈھکی ہوئی تھی، پانی ہمیشہ صاف دکھائی دیتی ہے (ضمیمہ 44)

ایک ندی بنام Arrah اس جھیل کی سب سے بڑی معاون ہے۔ جھیل کے شمالی حصہ میں ایک گہری اور لمبی کھاڑی ہے Tel-Bul یعنی تیل کا دریا کہتے ہیں۔ سے آ رہی ہے۔ جھیل میں کئی چشمے بھی ہیں اور اس کے مشرقی کنارے پر ایک flood-gate ہے جسے Drogjun (sluice gate) کہتے ہیں۔ ایک راہداری Tsont-i-kol کی وساطت سے جھیل کا پانی دریائے جہلم سے آ ملتا ہے۔ یہ flood-gate اور embankment (پشتہ) جو کہ سری نگر شہر کی طرف جاتی ہے، کی تعمیرات میں Pravara Sena نے سنہ 59 A D میں تعمیر کرایا تھا۔ اس پرانے flood-gate کے کھنڈرات اب بھی دیکھے جا سکتے ہیں۔ موجودہ flood-gate مغلوں نے تعمیر کرایا اور بہت پہلے سے یہ معقول چل رہا ہے۔

Drogjun سے تھوڑے سے فاصلے پر نہر میں ایک ستون جس کے ذریعے سے پانی کی سطح کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ جب جھیل سے پانی کی سطح معمول پر ہوتی ہے دریائے جہلم کے پانی کی سطح سے زیادہ بلند ہوتی تو flood-gate کھلے رہتے ہیں جب دریا بڑھ جاتا ہے تو وہ خودبخود بند ہو جاتے ہیں۔ اس طریقے سے جھیل کا پانی overflow نہیں ہوتا اور اردگرد کے علاقے زیر آب نہیں آتے۔

جھیل کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلا یا سب سے چھوٹا حصہ جنوب میں واقع Gagribul یا Gogribol ہے۔ Bud Dal سے یہ تنگ خشکی کے خطے سے جدا ہے۔ Bud Dal یا بڑی جھیل میں مشرق کی طرف ایک جزیرہ Sona Lank ہے۔ جھیل کے شمالی حصہ کو Astaw Hol کہتے ہیں۔ یہ پانی کی سب سے بڑی سطح اور اس کے وسط میں Rupa Lank یا جزیرہ Chunar واقع ہے۔ اس کے شمال میں Tel-Bul نالہ ہے۔ ڈل جھیل کو ایک تنگ اور پانی کی تہہ سے اونچے causeway کے ذریعے Sutta یا Sut-i-Chodri کہتے ہیں، سے عبور کیا جا سکتا ہے۔ کہا جاتا ہے اسے ایک امیر ہندو پنڈت نے تعمیر کیا تھا۔ یہ causeway پل Naidyar کے قریب Karaliyar میں واقع کے سرے سے شروع ہوتا ہے۔ جھیل کی شمال مشرقی سمت میں ایک گاؤں Ishi Bori نشاط باغ کے شمال میں واقع اور جنوب میں ختم ہو جاتا ہے۔ یہ causeway کوئی ساڑھے تین میل لمبا اور دس فٹ چوڑا ہے۔ اس دوران 9 پل ہیں جن میں سے دو پتھروں کے اور سات لکڑی کے۔ جب راقم نے اسے 1945 میں اور 1946 میں دیکھا تو یہ خستہ حالت میں تھا۔

چار چنار: جھیل ڈل کا سب سے زیادہ دلفریب حصہ ہے۔ نشاط باغ سے کوئی ڈیڑھ میل دور اور جھیل ڈل کے اس حصے کے درمیان میں چار چنار کا جزیرہ جو کہ پانی کی سطح سے ابھرا ہوا ہے۔ یہ مغل شہنشاہوں کے دور حکومت کی اعلیٰ ہنرمندی کی دلالت کرتا ہے۔ جزیرے کے چاروں کونوں میں ایک چنار کا درخت ہونے کی وجہ سے Char Chunar کے نام سے مشہور ہے۔ دو چنار ان چار چناروں میں سے اب بھی باقی ہوتے تھے۔ اس جزیرے کے وسط میں ایک عمارت اور ایک ویران باغ۔ اس عمارت کا ایک ہی ہال ہے جہاں سے جھیل کا منظر نہایت ہی خوبصورت و دیدہ زیب نظر آتا ہے۔ مجھے پتہ چلا کہ ایک چنار کے درخت کے نیچے ایک water wheel ہوا کرتا تھا جو کہ بڑی درست حالت میں اور خراب نہ ہونے والی مضبوط Himalayan cedar، نہایت قیمتی دیار کی (deodar) لکڑی سے بنا ہوا تھا۔ یہاں سے عمارت کے حوض پر پانی پہنچایا جاتا۔ اس جزیرے پر انگنت بطخیں جو water-caltrop کی جڑیں کھا رہی تھیں۔

Marfat.com

موسم گرما میں امیر سیاحوں سے وادی پُر رونق ہو جاتی ہے تو جھیل ڈل کے دونوں بڑے حصوں میں houseboats یعنی کہ تیرتے ہوئے بنگلے نظر آتے ہیں جن کی دو، دو تین، تین منزلیں ہوتی ہیں۔ متوسط طبقہ کے سیاح جن houseboats میں رہائش رکھتے ہیں آرام دہ ضرور ہوتے ہیں مگر نسبتاً کم۔ عام لوگ جھیل ڈل کی سیر خاص طور پر شکاروں (خاص قسم کی کشتیاں) میں کرتے ہیں۔

جھیل ڈل کے ایک حصہ میں سلطان زین العابدین "بڈشاہ" کا تعمیر کردہ ایک خوبصورت جزیرہ ہے جسے "سونا لنک" کہتے ہیں۔ یہ خوشنما جزیرہ سلطان نے جھیل ڈل میں مٹی ڈلوا کر تیار کرایا تھا۔ کشمیر کی تاریخی کتابوں سے پتہ چلتا ہے کہ جب سلطان کو جھیل ڈل میں محل بنوانے کا خیال آیا تو اس نے کشتیوں کے ذریعہ یہاں مٹی ڈلوانی شروع کی۔ متواتر کئی ماہ تک مزدور کشتیاں بھر بھر کر یہاں مٹی ڈالتے رہے مگر زمین کی سطح پانی کی سطح تک بلند نہ ہو سکی۔ بالآخر سلطان کے حکم سے پانچ ہزار کشتیاں مٹی کی بھروا کر یہاں ڈلوادی گئیں تب جا کر یہاں ایک قطعہ زمین نمودار ہوا تو سلطان زین العابدین نے اس قطعہ اراضی پر ایک خوبصورت محل تعمیر کرایا۔ اس خوشنما جزیرے میں محل کے جو کھنڈرات ملتے ہیں ان کے تراشیدہ پتھروں سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ محل اپنے زمانے میں فن تعمیر کا ایک نادر نمونہ ہوگا مگر اب ان کھنڈرات پر تاریخ کا دھندلکا طاری ہو کر رہ گیا ہے۔

جھیل ڈل کے دوسرے حصہ میں سلطان حسین شاہ چک نے اپنے دور حکومت میں اسی طرح کا ایک دوسرا جزیرہ بنوا کر ایک محل تعمیر کرایا مگر جب کشمیر پر افغان قابض ہوئے تو ایک افغان گورنر جس کا نام جوان شیر تھا اس نے اس محل کے کھنڈرات صاف کرا کر اپنے لئے سات منزلہ عمارت تعمیر کرائی اور کافی عرصہ تک یہاں عیش و عشرت کی بساط بچھی رہی مگر اب اس سات منزلہ عمارت کی صرف بنیادیں ہی رہ گئی ہیں۔ جھیل ڈل کا منظر طلوع آفتاب کے وقت نہایت دلپذیر ہوتا ہے کیونکہ سرینگر کے پورے شہر کا عکس جھیل ڈل کے پانی میں منعکس ہو جاتا ہے۔

جھیل ڈل کے کنارے پانی پر تیرنے والے چھوٹے چھوٹے کھیتوں نے جو دل آویزی کا سامان کر رکھا ہے اس کی تعریف الفاظ میں لانی دسترس سے باہر ہے۔ ان کھیتوں میں متوطن کشتی بان جنہیں کشمیری زبان میں "ہانجی" کہتے ہیں طرح طرح کی سبزیوں کی کاشت کرتے ہیں۔ جب ان تیرنے والے کھیتوں میں "کرم" یا "ساگ" وغیرہ کے پتے بڑے ہو جاتے ہیں تو ان کا عکس جھیل ڈل کے پانی میں بالکل اسطرح نظر آتا ہے جیسے پانی کی سطح پر سبزیاں رقص کناں ہوں مگر یہ تمام فرحت بخش اور روح پرور منظر موسم گرما کے مرہون منت ہیں کیونکہ موسم سرما میں جب جھیل سخت سردی سے جم جاتی ہے تو جھیل کے قریب نہیں جایا جا سکتا۔

تیرتے ہوئے باغ

یہ باغ جھیل ڈل سرینگر میں عام ہیں۔ یہاں کافی مقدار میں خربوزے اور کھیرے کی فصل ہوتی ہے۔ ان تیرتے ہوئے جزیروں کو بنانے کیلئے جھیل میں مناسب جگہ تلاش کی جاتی ہے جہاں پانی کم گہرا ہو مگر آبی پودے زیادہ ہوں۔ ان آبی پودوں کو جھیل سے پانی کی سطح سے دو فٹ نیچے کاٹ کر ان کو آپس میں اسطرح جوڑ دیا جاتا ہے کہ جس جگہ وہ اُگے ہوئے ہوں اس جگہ میں کوئی خرابی نہ پیدا ہو۔ پھر ان کو پانی کی سطح کے ساتھ چھوڑ دیا جاتا ہے اور جھیل کی تہہ سے لائی ہوئی مٹی کی ایک تہہ بچھا دی جاتی ہے۔ اس طرح سے بنائی ہوئی گھاس پھوس کی چٹائیوں پر آبی پودوں سے خود رو گھاس کے ڈھیر دو فٹ قطر اور دو فٹ اونچے ایک دوسرے کے قریب لگا دیئے جاتے ہیں۔ ہر ایک ڈھیر کی چوٹی پر گڑھا سا بنا کر تازہ مٹی ڈال دیتے ہیں۔ ہر ایک گڑھے میں کھیرے کی تین یا خربوزے کی ایک بیل لگا دی جاتی ہے۔ پھر کسی دیکھ بھال کی ضرورت نہیں رہتی کہ فصل پک کر تیار ہو کیونکہ یہ ہمیشہ نہایت اعلیٰ اور بہتات میں ہوتی ہے۔

تیرتے ہوئے باغات کو عام طور پر جھیل کے اس مقام سے آبی پودوں کی تیرتی ہوئی بیت سے کاٹ لیا جاتا ہے۔ اس طرح سے خود رو ڈھیروں کا طوفانی ہواؤں کی تندی سے بچاؤ ہو جاتا ہے۔ تیرتے ہوئے باغ کوئی دو گز چوڑے اور لمبائی میں مختلف سائز کے ہوتے ہیں۔ ہر باغ کو willow کی کسی مضبوط شاخ سے باندھ کے تختے میں سوراخ کر کے جھیل کی تہہ میں گاڑ دیا جاتا ہے۔ اسطرح باغ پانی کی سطح پر ایک ہی جگہ ٹھہرا رہتا ہے۔ جو خربوزے اسطرح سے کاشت کئے جاتے ہیں وہ نہایت اعلیٰ قسم کے ہوتے ہیں یہ پھل ذائقہ کے لحاظ سے نہایت شیریں اور پانی سے بھرے ہوئے لگتے ہیں کہ جو یہ پھل کھائے صحت مند ہو جاتا ہے۔ یہ حیثیت موسم گرما سے

Marfat.com

شروع ہو کر ڈولی سارے تین مہینے تک پھل دیتا رہتا ہے۔ کھیتی بان کہتے ہیں کہ ہر پودے سے تیس خربوزے اترتے ہیں اور ایک سیزن میں ہر خربوزے کا وزن 90 سے لے کر 100 تک!

کاشتہ زمین کی چوری

میں نے بچپن میں نصابی کتابوں میں پڑھا تھا کہ کشمیر میں باغات کے کھیتوں کی چوری بھی ہوتی ہے۔ اس دور میں یہ بات میری سمجھ میں نہ آئی۔ ایک روز چوہدری احمد خان شورش اور راقم جب شالیمار باغ کے قریب کرایہ کے مکان میں قیام پذیر تھے تو فیصلہ ہوا کہ جھیل ڈل کی ایک دن کی سیر ہاؤس بوٹ کی بجائے شکارے میں بیٹھ کر کریں گے۔

ایک مانجھی دلاور شاہ بھی اس بستی میں رہتا جہاں ہم رہائش پذیر تھے۔ اسے ایک شام کو صبح شکارا لانے کیلئے کہا۔ دلاور شاہ اور تین دوسرے ساتھی سورج طلوع ہونے سے قریب اپنا شکارا لے آئے۔ ابھی تھوڑی دور ڈل جھیل میں نشاط باغ کے پچھواڑے پر ہوں گے تو دلاور شاہ نے پیچھے سے آواز دی۔

"بابوجی! ادھر دیکھتی"۔

دیکھتے کیا ہیں کہ جنوب مغرب کی طرف تین کشتیاں ہیں پانی کو کھینچی چلی جا رہی ہیں۔ جوں جوں شکارا قریب ہوتا گیا تو حیرت انگیز مشاہدہ ہوا کہ تین رسے جزیرے پر کسی ٹھوس سہارے سے بندھے ہوئے ہیں اور جزیرہ کھینچا چلا جا رہا ہے جب زیادہ قریب ہوئے تو دلاور شاہ نے کشمیری زبان میں کسی مانجھی سے آواز دی۔ معاً دلاور شاہ نے شکارے کا رخ دوسری طرف کر لیا اور با آواز بلند rhythms سے ساتھی گیت گاتے ہوئے ہم آگے بڑھ گئے۔ دلاور شاہ نے بعد میں تفصیل بیان کی "یہ لوگ زمین چور ہوتے۔ بابوجی یہ بہت کرتے ہیں"۔ یہ تھا میرا زمین چوری کا مشاہدہ جس کے متعلق بچپن میں پڑھا تھا مگر اب اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا۔

کنول (Lotus)

جھیل ڈل کی سطح پر کنول (*Nelumbium speciosum*) یا "پام پوش" بکثرت پایا جاتا ہے۔ اس پھولوں کے خوشنما پھول ہیں بڑے بڑے پتے اور پھول کا گلابی یا سفید رنگ ہے۔ جبکہ اس کے ڈنٹھل کھانے کے لئے استعمال میں لانے کے علاوہ خزاں کے موسم میں جب کنول کے پتے مرجھانا شروع ہو جاتے ہیں تو پودا پک جاتا ہے اگر ان کو پانی میں اس حد تک اُبالیں کہ نرم ہو جائیں تو بڑے مزیدار اور غذائیت سے بھرپور اور اس کے دانے پکے کھائے جائیں تو یہ سوغات کے مترادف ہوتے ہیں۔ اس کے پتوں کی بہتات سے ڈل جھیل کی سطح قالین کی طرح ڈھکی ہوتی ہے اور ان پر آبی پرندے ڈوبنے کے ڈر کے بغیر دوڑتے ہیں۔

ایک غیر معمولی پودا (*Annesleya horrida*) عام زبان میں Juwur جھیل کی کئی جگہوں پر عام پایا جاتا ہے۔ lotus کے پتوں کی طرح اس کے بڑے بڑے پتے اور پانی کی سطح پر پتوں کے اوپر تیز سخت کانٹوں جیسے spiculas ہیں۔ اس کے علاوہ اس جھیل میں سفید lily کے اور til کے پودے بھی ہیں۔ شاندار lily جھیل ڈل کو اور دوسرے حصے کے پتوں کی طرح اپنے پتوں اور پوست کی طرح سرخ رنگ کے پھولوں سے جو کہ اگست اور ستمبر میں کھلتے ہیں سجاتا ہے جبکہ سنگھاڑا (horned popy یا waternut) بھی بکثرت پایا جاتا ہے۔ جھیل میں کئی قسم کے آبی پرندے موجود ہیں مگر بطخوں کو قریب کے پہاڑوں پر رہنے والے باز آ کر دبوچ لیتے ہیں۔ جھیل ڈل کا بیشتر حصہ *Nelumbium* سے ڈھکا ہوا تھا اور میں نے پہلی دفعہ اس کے بیج کو چکھا۔ بیج جب کچا ہو تو hazelnut کی طرح ذائقہ رکھتا ہے مگر جب پک جائے تو بڑی مشکل سے کھایا جا سکتا ہے۔ یہ کنول کا پودا اپنے شاہانہ پھول کی وجہ سے مصر میں بہت مقبول ہوا (مصر میں بھی یہ پودا پایا جاتا ہے)۔ کشمیر کے متعلق کتابوں میں اور عمارات کی دیواروں پر تصویریں بنی ہوتی ہیں جن سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ عیش و عشرت کے رسیا لوگوں سے بھری ہوئی کشتیاں ان پھولوں کے درمیان میں سے گزرتی تھیں اور یہ پھول جھیل کی سطح پر بڑے پر وقار تھے۔ انہیں اسطرح اخذ کیا جا سکتا ہے کہ ہندو دیومالا کا بھی کوئی تعلق ہو گا۔ باوجود اس کے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اس پودے کو اسطرح خوراک کیلئے کھایا جاتا تھا جیسے کہ ہم مٹر اور لوبیا (beans) کو اگاتے ہیں۔ یاد رہے کہ یہ کنول

Marfat.com

Nymthaea caerule کی طرح کا چھوٹا پھول نہیں بلکہ بڑے ہوئے اور ٹھہرے پانی میں اگتا ہے لیکن عموماً تالابوں، جوہڑوں اور جھیلوں وغیرہ میں پایا جاتا ہے۔ اس لئے مصر میں بہت ملتا ہے۔ وہاں عام طور پر اس پانی میں اگتا ہے جس کا اتنا بہاؤ نہیں ہوتا۔ ہندو اس پھول کو نہایت متبرک خیال کرتے ہیں۔ دریائے جہلم کے کنارے اشنان کے دوران عقیدت کے طور پر ان پھولوں کی پتیاں دریا میں پھینک دیتے ہیں۔

سری نگر میں کوئی دو مہینے قیام کے دوران جھیل ڈل، نیم شاہی چشمہ، نشاط باغ، شالامار باغ اور سری نگر کے مختلف علاقوں کی سیر کرنے کے بعد فرانسیسی، امری سیب اور ناشپاتی کی چند پیٹیاں لے کر اسی راستے سے شیخ صاحب اور راقم واپس ہوئے جس راستے سے کشمیر جانے کا سفر کیا تھا۔

پہلگام

چڑھدے بدلاں نال ہیلیاں دے، سر نے سینوں نوں چپ اچھالدے ساوہ
اوہ سینوں نیں سی اوہی دل میرا اجھن پٹ پٹ زہریں تے مارے ساوہ
جدوں اساں وصال دی گل کیتی ساڈوں نال اشاریاں نالدے ساوہ"

Toothpicks

ایک روز برکھا رُت کی برسات میں حسبِ معمول آفس کے صحن میں بیٹھے ہوئے تھے۔ نواب زادہ مرحوم علی (ضمیمہ 68) ہماری چنڈال چوکڑی میں کبھی کبھی شرکت فرمایا کرتے، ابھی موجود تھے۔ قدیر خان درانی نے مشورہ دیا کہ موسم نہایت خوشگوار ہے کیوں نہ نواب زادہ صاحب کے گاؤں شیرانوالہ میں چند دن گزاریں۔ نوابزادہ رضامند ہو گئے۔

شاہ جہان نے جرات جنجوعہ کی اوقات سے ویگن کا بندوبست کیا اور دوسرے دن دوست احباب شیرانوالہ جانے کے لئے تیار ہو گئے۔ ویگن آفس کے سامنے سے ہی روانہ ہوئی۔ جب شیرانوالہ کے قریب پہنچے تو دیکھا کہ برساتی نالہ اتنی تیزی سے بہہ رہا تھا کہ راستہ بند ہو گیا۔ کچھ دیر انتظار کرنے کے بعد جب نالے کا پانی اترا، ڈرائیور نے احتیاط سے آہستہ آہستہ گاڑی چلائی اور ویگن تیرتی ہوئی دوسرے کنارے کی طرف چل پڑی۔ ہم لوگ ویگن میں گاڑی چلنے سے پہلے ہی احتیاطی طور پر نیچے اتر چکے تھے اور پیدل چل کر دوسرے کنارے کی طرف چلنا شروع کر دیا جبکہ ویگن چند قدم چلنے کے بعد ریت میں پھنس گئی۔ بمشکل دھکے دے کر ویگن دوسرے کنارے تک پہنچائی اور پھر ویگن میں بیٹھ گئے۔ سڑک کیا تھی، ایک پگڈنڈی جو بارش سے muddy ہو چکی تھی۔ ابھی ویگن میں بیٹھتے اور کبھی پیدل چلنا شروع کر دیتے۔ سامنے آنکھوں کو پیدل بنا دیا گیا اور شیرانوالہ تک پہنچتے پہنچتے آخر کار شیرانوالہ تک رسائی ہوئی جہاں ایک بڑا سا کھلا میدان واقع تھا جس میں "بڑ" کے درخت لگے ہوئے تھے۔ نوابزادہ صاحب نے اپنے مزارعین کو چارپائیاں لگانے کی ہدایت کی اور تھوڑی ہی دیر میں بڑی بڑی "موڑھے" سے بنی ہوئی چارپائیاں آ گئیں۔

ہم وہاں آ کے پہنچے۔ مسجد کے غسل خانوں میں نہائے دھوئے۔ اس کے بعد تھکاوٹ کی وجہ سے چند دوست تو چارپائیوں پر لیٹ گئے جبکہ چند ایک بیٹھے رہے۔ شاہ مرزا اور راقم میدہ چارپائی پر بیٹھے اور ہوا کے ساتھ بوندوں کا شربت پیا۔ چند دیر بعد نوابزادہ صاحب نے کھانے کا بندوبست کرنے چلے گئے۔ ہم سب بھوک سے بے حال ہو رہے تھے مگر کھانا ابھی تک نہ آیا تھا۔ تھک کر شام ہو گئی۔ نوابزادہ صاحب کے مزارعین ہمیں خدمتگاری کے خیال سے "حقی چائے" پینے کا کہتے رہے، مگر ہم لوگوں نے انکار کر دیا۔

ایک دو مرتبہ نوابزادہ صاحب ہماری حوصلہ افزائی کرنے کے لئے تشریف لائے اور تسلی دیتے رہے کہ کھانا ابھی تھوڑی دیر میں آ جائے گا۔ بالآخر کھانا آ گیا۔ کتنی تو چاندنی رات مگر چاند بادلوں کی اوٹ میں چھپ گیا تھا۔

شاہ مرزا چارپائی کے سرہانے کی طرف اور میں پائنتی والی طرف بیٹھا۔ ملازم نے کھانا چننے کے دوران ایک پلیٹ میرے سامنے اور دوسری پلیٹ شاہ مرزا کے سامنے رکھ دی۔ چھوٹی ہی دستر خوان میں چنی ہوئی تھیں۔ اندھیرا ہونے کی وجہ سے صاف نظر نہ آ رہا تھا۔ اتفاق سے میرے سامنے رکھی ہوئی مرغ کی پلیٹ چٹنی کی تھی۔ کھانے کے دوران نوابزادہ صاحب دوسری چارپائی پر قدیر خان کے ساتھ بیٹھے کھانا کھا رہے تھے۔ کھانا ختم ہونے کے بعد گپ شپ ہونے لگی۔

"مجھے ایک toothpick چاہیے۔" شاہ مرزا نے مجھ سے کہا۔

"یار تم کس بات کی toothpick کی بات کرتے ہو۔ تمہارے دانت تو مضبوط ہیں، تم ابھی بوڑھے نہیں ہوئے ہو۔" میں نے جواب دیا۔

"تمہیں پتہ ہے دانتوں میں ہڈی کے گوشت کی بوٹی "پھنس گئی ہے۔" اتنے میں جو ملازم خالی برتن اٹھانے آیا تو شاہ مرزا نے اس کا شکریہ ادا کیا اور معذرت کی کہ "میں پہلے تو بھول ہی گیا کہ یہ حضور والا مرغ اور ماش کی دال الگ الگ پلیٹوں میں ہیں۔"

دراصل کھانے کی صورت حال یہ تھی کہ اس طرح شاہ مرزا کو صرف دال کی پلیٹ کھانے کو ملی اور میں نے بھی اس کو دہ

کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی کہ میرے سامنے مرغ کی پلیٹ ہے۔

شاہ نے شرارتاً با آواز بلند toothpick کا تقاضا کیا تا کہ دوسرے احباب کو خبر ہو جائے کہ اس نے مرغ نہیں صرف دال کھائی ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہم نے وہاں دو راتیں بسر کیں اور دن رات مرغ ہی کھاتے رہے۔ ہمارا دوسرے دن ہی واپس ہونے کا ارادہ تھا مگر اسی دوران میں برسات کی وجہ سے کچھ سیلاب آ گیا لہذا تیسرے روز ویگن کو دھکیلتے ہوئے ڈلی کے کنارے پہنچ گئے۔ تھوڑا پانی اس میں بہہ رہا تھا۔ اللہ کا نام لیکر ویگن کو وہاں سے کسی نہ کسی طرح ندی سے نکالا اور گجرات بخیر و عافیت پہنچ گئے۔

گجرات سے کراچی کا سفر ، انگلینڈ روانگی سے کئی سال پہلے

تقسیم ہند کے بعد لوگ جوق در جوق کراچی پہنچنا شروع ہو گئے۔ بعض کاروباری غرض سے، بعض محض سیر و تفریح کیلئے۔ دیکھا دیکھی مجھ کو بھی کراچی جانے کا شوق پیدا ہوا۔ چونکہ قبل از تقسیم ہند گرمیوں کی چھٹیاں میں کشمیر جانے کے لئے مختص کر چکا تھا تاہم 1948 میں گرمیوں کی چھٹیاں خلاف معمول کراچی گزارنے کا مصمم ارادہ کر لیا۔

ابھی چھٹیاں ہونے میں ایک ہفتہ ہی گزرا تھا کہ لاہور سے گجرات آ کر اداسیاں حلقہ بگوش ہو گئیں۔ میں نجانے کیوں محسوس کرنے لگا۔ ایک دن مجھے نہایت شفیق ہستی محترمی چچا صاحب نے پوچھا "نسیم کیا بات ہے۔ کھوئے کھوئے سے کیوں رہتے ہو؟"

"ابا جی تو ملک کراچی جا رہے ہیں اور میرا بھی وہیں جانے کو جی چاہتا ہے۔"

جب ہم باتیں کر رہے تھے تو اسی اثنا میں مستری فضل کریم صاحب جو کہ چچا صاحب کے قریبی دوستوں میں سے تھے تشریف فرما تھے۔ فوراً بولے "میرا داماد حیدر آباد میں رہتا ہے لہذا رہائش کی دقت پیش نہ آئیگی وہاں سے کراچی قریب ہی ہے۔ ہم گاڑی میں بیٹھ کر صبح کراچی چلے جایا کرنا اور شام کو واپس حیدر آباد آ جانا۔"

"بات تو معقول ہے مگر میاں میں نہیں کہہ سکتا انہیں جانے دوں گا" چچا صاحب نے فرمایا۔

"ابا جی میں اتنی دور دراز ریاست کشمیر جا سکتا ہوں تو کراچی کیوں نہیں؟ بس آپ کی اجازت چاہئے۔"

"میاں تم بڑے ضدی ہو چونکہ ابھی ابھی پاکستان معرض وجود میں آیا ہے مہاجرین آ رہے ہیں ایسے میں تمہارا سفر کرنا تشویشناک ہے۔"

"تو آپ بھی ساتھ چلیں" میں نے دلیل پیش کی۔

"میاں میں کس طرح کئی روز دواخانے سے غیر حاضر ہو سکتا ہوں!"

جب میں نے جواب نفی میں سنا تو اٹھ کر اندر زنان خانے میں اپنی نانی صاحبہ کے پاس پہنچ گیا۔ انہیں اپنے ارادے اور ابا جی کے انکار سے متعلق آگاہ کیا۔

"ہوں۔۔۔ رشید الدولہ کو کیا ہو گیا۔ آنے دے دواخانے سے۔ جا ذرا اسے بلا کے تو لا میں اسے درست کرتی ہوں" غصہ میں حسب دستور فرمایا۔

میری والدہ صاحبہ نے مجھے ڈانٹ پلانے کی کوشش کی لیکن بے جی کے سامنے کسی کی کیا چل سکتی تھی۔ میں دواخانے میں واپس پہنچا اور کہا "ابا جی بے جی آپ کو بلا رہی ہیں۔"

ابا جی فوراً سمجھ گئے۔ شفقت سے مسکراتے ہوئے فرمایا "تم بڑے شیطان ہو۔ والدہ صاحبہ سے شکایت کر دی۔"

"ابا جی جلدی چلیں آپ کو بلا رہی ہیں شاید انہیں کوئی اور کام ہو گا" میں نے شرارت سے جواب دیا۔ اب ابا جی کی کیا مجال تھی کہ والدہ صاحبہ کی حکم عدولی کرتے۔ چل تو دیئے تاہم فرمانے لگے، "میں نے فیصلہ کر لیا ہے کہ کل ہی مستری فضل کریم صاحب اور تم دونوں کراچی کیلئے روانہ ہو جاؤ گے۔ پہلے بے جی کے پاس تو چلیں مگر آگے آگے تم چلو۔"

میں جب زنان خانے کے دروازے تک پہنچا تو بے جی دروازے پر موجود تھیں۔

"آ گیا ہے۔ بڑا حکیم بنا پھرتا ہے۔ میرے پوتے واسطے دکان کیوں نہیں بند کر سکتا۔"

Marfat.com

جونہی اباجی دروازے کے قریب پہنچے تو فوراً کہا "بس جی اب میں انکار کرتا ہوں۔ ہم کل جا رہے ہیں۔"

"ہون آیا ایں نا سدھی راہ تے۔"

ہم دونوں دواخانہ میں واپس پہنچے تو تھوڑی دیر میں اباجی کے ایک قریبی دوست حکیم اللہ صاحب بھی آن پہنچے جو Loco Workshop میں ملازم تھے۔ چچا صاحب نے انہیں سیکنڈ کلاس میں سیٹیں بک کرانے کی ہدایت کی۔ ہم دونوں کی چھٹی پر آئے ہوئے تھے۔

"چچا صاحب! سوموار کو میں لاہور جاؤں گا اور اسی دن سیٹیں book کرا دوں گا۔"

مگر میں ایک ضدی انسان واقع ہوا ہوں۔ فوراً کہا "اباجی! جانا کل ہی ہے۔ Inter میں چلے جاتے ہیں۔"

"نسیم آجکل گاڑیوں میں بہت رش ہے ایک دو دن کی تو بات ہے۔" حکیم اللہ نے مشورہ دیا۔

"نہیں جی! کل ہی جانا ہے" آخر انہیں میری بات ماننی پڑی۔

میں نے رات کے وقت حمید سے ڈیرے پر اگلے دن 2 بجے دن ریلوے اسٹیشن جانے کے لیے کہا تو اس نے مشورہ دیا کہ وہ اپنے تانگے کو 2 بجے کی بجائے دیوان خانہ پر ساڑھے ایک بجے کے قریب پہنچا دے گا۔ چچا صاحب اور میں ایک بجے سے پہلے ہی تیار ہو کر چوکی پر چپت وغیرہ رکھ کر دیوان خانہ میں بیٹھے ہی تھے کہ تانگہ آگیا۔ میں نے اباجی کو آگے بیٹھنے کی ترغیب دی تو مسکراتے ہوئے فرمایا "بیٹے نسیم! نوجوان ہمیشہ نمائش پسند واقع ہوئے ہیں لہذا تم ہی آگے بیٹھو!"

جب شاہدولہ چوک کے قریب پہنچے تو میں نے حمید سے واسلامیہ سکول کے چوک کی طرف جانے کے لیے کہا جہاں مستری فضل کریم صاحب نے ہمارا وہیں انتظار کرنا تھا۔ مستری صاحب حسب وعدہ موجود تھے۔ وہ بھی اباجی کے ساتھ پچھلی سیٹ پر بیٹھ گئے۔ واپس مڑنے کی بجائے ہم سرکلر روڈ سے گزرتے ہوئے ایک دم Majestic Cinema کے سامنے سے گزرتے ہوئے ریلوے اسٹیشن پہنچ گئے۔ اباجی نے حمید کو کرایہ دینا چاہا مگر اس نے صاف انکار کر دیا۔

"چچا صاحب آپ سے کرایہ لینے کی جسارت کیسے کر سکتا ہوں آپ میرے بڑے بھائیوں خاص طور پر حکیم حمید اللہ کے قریبی دوستوں میں سے ہیں۔"

چچا صاحب نے چند آنے اس کے ہاتھ میں رقم تھمانے کی کوشش کی مگر اس نے انکار کر دیا۔ اباجی نے مجھے Inter کا ٹکٹ لینے کے لیے رقم دی جو میں نے سیدھے جیب میں ڈال دیے۔

ریلوے اسٹیشن سے باہر جہاں تانگوں کا اڈہ ہوا کرتا وہاں سے ٹکٹ گھر دائیں ہاتھ کی طرف تھا۔ میں نے ... تین قلی آپس میں جھگڑ رہے تھے۔ چچا صاحب کا سامان ... ہوتے ہیں اور مستری صاحب کا ایک ... (نمبر 69) ... نے تینوں کو ان کی اجرت دی تو ہم سامان ایک ہی نے اٹھایا۔ قلی نے سامان پلیٹ فارم پر اس جگہ ... Inter کا ڈبہ انجن کی طرف ہوتا تھا۔ قلیوں کو بخوبی علم ہوتا کہ پلیٹ فارم پر جب گاڑی رکتی ہے تو ... ہوتے ہیں جبکہ Inter کے عام طور پر دو ہی ڈبے مخصوص ہوتے۔ ایک ٹرین کے پچھلے حصہ پر اور دوسرا اگلے حصہ کی طرف ... درمیان میں بھی ایک ڈبہ ہوتا۔

پلیٹ فارم پر ہجوم تھا۔ میں اس صورت حال سے پریشان ہو گیا کہ اس قدر ہجوم! جہاں قلی نے پلیٹ فارم پر ہمارا سامان رکھا وہاں دیگر مسافروں کا سامان بھی موجود تھا۔ اس کا مطلب ہے کہ جن لوگوں نے Inter کا ٹکٹ خریدا یہ سامان بھی انہی مسافروں کا ہوگا۔ میں نے قلی سے پوچھا "پچھلے والے Interclass کے ڈبے میں بیٹھے ہیں اس کے سامنے سامان کیوں نہیں رکھ دیتے؟ یہاں تو اور بھی مسافر ہیں۔"

"جناب وہاں تو اس سے بھی زیادہ rush ہوگا کیونکہ وہ ڈبہ تو ریلوے اسٹیشن کے داخلے پر کھڑا ہوتا ہے۔"

قلیوں کا ایک اصول تھا کہ خواہ ڈبے میں کتنی ہی رش کیوں نہ ہو بہر صورت مسافروں کا سامان مطلوبہ ٹرین کے ڈبے میں داخل ہو کر رکھ دیتے اور اپنی اجرت بعد میں لیتے۔ یہ زمانہ تھا قلی ایک آنہ میں سرخ وردیوں میں ملبوس نیچے ہوتے اور ان کی اجرت مقرر تھی۔

Marfat.com

گاڑی پلیٹ فارم پر آ کر رکی تو عجیب اتفاق کہ Inter کلاس والا ڈبہ عین ہمارے سامنے آ کر رک گیا۔ قلی نے نہایت مستعدی سے گاڑی سے اترنے والوں کا بھی انتظار نہ کیا اور ہمارا سامان ڈبے کے اندر ایک اوپر والی berth پر رکھ دیا۔ ہم تینوں اس کے پیچھے ہی اندر داخل ہوئے۔ ڈبہ کچھ زیادہ بھرا ہوا تھا۔ قلی پیچھے اترنے لگا تو چچی نے کچھ رقم میرے ہاتھ میں دی کہ اسے دے دو۔ وقتی طور پر ہمیں بیٹھنے کی جگہ نہ ملی، دیگر مسافروں کی طرح کھڑا رہنا پڑا۔ گاڑی چلنے پر ابا جی نے فرمایا: "بیٹا اس قدر لمبا سفر اور اس طرح کھڑے رہنا، ہماری تو کوئی بات نہیں مگر تمہیں بہت تکلیف کا سامنا درپیش ہو گا۔ لاہور پہنچ کر کوشش کریں گے کیونکہ وہاں دوسری ٹرین پکڑنی ہے۔ شاید Second class میں سیٹیں دستیاب ہو جائیں۔ حکیم اللہ کی بات مان لی ہوتی تو یہ پریشانی نہ ہوتی۔"

گاڑی جب وزیرآباد اسٹیشن پر رکی (یہ ایک junction ہے اور junctions پر گاڑی دوسرے stations کی نسبت زیادہ دیر رکتی ہے) تو ایک Ticket-checker گاڑی دوبارہ چلنے سے چند منٹ پہلے ڈبے میں داخل ہوا۔ چچا صاحب کو دیکھتے ہی مسکرایا اور پوچھا کہ کہاں جا رہے ہیں؟ ابا جی نے حالات سے آگاہ کیا۔ Ticket-checker گجرات کے قریب کسی گاؤں سے تعلق رکھتا تھا۔ جب کبھی چوہدری صاحب گجرات تشریف لاتے تو چچا صاحب کے دیوان خانہ میں ہی ٹھہرتے۔

"چچا صاحب، وزیرآباد پہنچ کر میں آپ لوگوں کو guard کے ڈبے میں بٹھا دوں گا۔ Guard بھی خاص گجرات کا ہے اور آپ کو جانتا بھی ہوگا۔" Ticket-checker نے بتایا۔

"شکریہ اعظم صاحب (Ticket-checker کا نام) تمہاری بڑی مہربانی۔ لاہور تک تو سفر کر ہی لیں گے مگر وہاں پہنچ کر تین Second class کے ٹکٹ بنوا دینا۔ اگر ممکن ہو سکے تو Second class کی berth دلوا دینا۔"

"یہ کوئی ایسی بات نہیں، تیزی سے گاڑی بند ہوتی جا رہی ہے۔ ابھی آزادی کو دو سال بھی نہیں گزرے اور ہم لوگوں نے قانون کی دھجیاں اڑانی شروع کر دی ہیں۔"

"وہ کیسے چچی جی؟" میں نے حیرانگی سے پوچھا۔

"بیٹا یہ اعظم صاحب اپنا کام کر رہے ہیں۔ لاہور پہنچ کر کوئی وقت میسر ہو تو وہاں دریافت کر لینا۔" ابا جی نے مداخلت کی۔

ہمارے tickets تو اس نے check نہ کیے البتہ دوسرے مسافروں پر نظر دوڑائی۔ اس زمانے کے Ticket-checkers نہایت مردم شناس ہوا کرتے تھے۔ انہیں باقاعدہ اس کی training دی جاتی تھی۔ مسافروں کے چہروں اور حرکات و سکنات سے اندازہ کر لیتے کہ ان کے پاس ٹکٹ ہیں یا نہیں۔ ورنہ اتنے رش میں ایک ایک کا ٹکٹ چیک کرنا کس کے بس کی بات تھی۔ جب Ticket-checker ہم سے باتیں کر رہا تھا تو شمال کی جانب کھڑکی کے قریب دو نوجوان جو پہلے ہماری طرف دیکھ رہے تھے، جونہی اس نے ہم سے فارغ ہو کر ان کی طرف نظر دوڑائی تو ان دونوں نوجوانوں نے کھڑکی سے باہر کی طرف دیکھنا شروع کر دیا۔ بھیڑ میں سے ہوتا ہوا وہ سیدھا ان کے پاس پہنچا۔ اتفاق سے وہ بغیر ٹکٹ تھے اور تقریباً میرے ہی ہم عمر ہوں گے۔

"کس جگہ سے گاڑی میں سوار ہوئے ہو؟"

"جی لالہ موسیٰ سے۔"

"اور جا کہاں رہے ہو؟"

"جی لاہور۔"

اس زمانے میں یہ ٹکٹ چیکر پر منحصر ہوتا کہ وہ بغیر ٹکٹ کے سفر کرنے والوں کی باتوں پر یقین کر لیتا ورنہ جہاں سے گاڑی روانہ ہوتی وہاں سے لے کر مسافر کی منزل مقصود تک یا گاڑی کا سفر اختتام پذیر ہونے تک کا ٹکٹ چارج کرنے کا مجاز تھا اور رقم بطور جرمانہ وصول کر لیتا۔

یہ گاڑی راولپنڈی سے چلی تھی اور لاہور اس کا آخری اسٹیشن تھا۔ اعظم صاحب نے ان دونوں نوجوانوں سے کہا:

"میں یہ یقین کر لوں کہ تم دونوں واقعی لالہ موسیٰ سے گاڑی میں سوار ہوئے، البتہ لاہور تک جانے کو مان سکتا ہوں کیونکہ گاڑی کا آخری اسٹیشن وہی ہے۔"

Marfat.com

وہ دونوں قسمیں دینے پر اتر آئے جتنی زیادہ وہ قسمیں دیتے اتنا ہی اعظم صاحب کو یقین ہو گیا کہ وہ جھوٹ بول رہے ہیں کیونکہ اکثر باور کیا جاتا ہے کہ قسمیں کھانے والا جھوٹا ہوتا ہے۔ اعظم صاحب نے دونوں کا راولپنڈی سے لاہور تک کا ٹکٹ کاٹ دیا۔ ان بیچاروں نے جب اپنی پونجی جمع کی تو ٹکٹوں کی رقم دینے کے بعد بمشکل ان کے پاس چند آنے بچتے۔ انہوں نے دوبارہ قسمیں کھانی شروع کیں۔ اتنے میں اباجی نے مجھے (اب یاد نہیں 16 یا 17 روپے جرمانے کے ساتھ بنتے) روپے دیئے اور میں جیب میں رکھتا ہوا اعظم صاحب کے پاس گیا اور کہا، ''اباجی نے مجھے ان دونوں کیلئے مطلوبہ روپے دیئے ہیں۔ یہ لے لیجئے۔''

اعظم صاحب ٹکٹوں کی رسید کاٹ چکے تھے اب کوئی اور چارہ نہ تھا۔ انہوں نے بے ٹکٹوں سے رقم لے لی۔ دوبارہ اعظم صاحب اباجی کے پاس آئے اور کہنے لگے، ''کتنی شرم کی بات ہے میں نے آپ سے رقم لے لی۔ اگر آپ پہلے ہی مجھے آواز دیتے تو میں رسید ہی نہ کاٹتا۔ ویسے تو یہ لوگ رحم کے قابل نہیں ہوتے۔ گھر سے نکل کھڑے ہوئے کہ چلو لاہور چلیں گے۔ خیر وہ آئندہ یاد رکھیں گے۔ لاہور پہنچ کر میرا Second class کے Waiting room کے سامنے انتظار کیجئے گا۔''

اس زمانے میں Waiting room کے اندر داخلے کیلئے مسافروں کے ٹکٹوں کو بھی چیک کیا جاتا تھا۔ کوئی غیر شخص اندر نہ آنے پائے۔ ہم نے گاڑی سے اتر کر ابھی چند منٹ ہی انتظار کیا ہوگا کہ اعظم صاحب تشریف لے آئے اور فوراً ہی ہم چاروں Second class کے Waiting room میں آ کر صوفوں پر بیٹھ گئے۔ گرمی کا موسم تھا اعظم صاحب نے بیرے سے چار دودھ سوڈا لانے کو کہا اور ہمارے Interclass کے ٹکٹ لے کر باہر تشریف لے گئے۔ کوئی آدھ گھنٹہ گزرا تو بیرہ چار گلاسوں میں دودھ سوڈا لے آیا اور میز پر رکھ دیا۔ اس کمرے میں تین خواتین پہلے سے موجود تھیں۔ ہمارے بعد ایک اور گروپ بھی آ گیا۔ میں سوڈا پینے لگا تو اباجی نے فرمایا، ''بیٹا نصیر! اتنی بھی جلدی کیا ہے۔ اعظم صاحب کو آ لینے دو۔''

''اعظم صاحب پتہ نہیں کب آئیں گے؟'' میں نے بے صبری سے بڑبڑاتے ہوئے ٹھنڈا دودھ سوڈا پینا شروع کر دیا۔

مسافروں میں سے ایک لڑکا اور لڑکی جن کی عمر یں یا تقریباً 8 یا 9 سال سے زیادہ نہ ہوگی۔ اپنی ماں کو بار بار دودھ سوڈے والے گلاسوں کی طرف اشارہ کر کے کہہ رہے تھے، ''امی! ہم نے دودھ سوڈا لینا ہے۔''

''تمہارے اباجی ذرا بازار تک گئے ہیں صبر کرو جب آئیں گے تو ایک ایک نہیں تین تین گلاس لے کر دوں گی۔''

بچے تو آخر بچے ہی ہوتے ہیں۔ خاص طور پر لڑکا متواتر ضد کئے جا رہا تھا اور ماں اس قدر تنگ آ گئی کہ اسے پیٹنا شروع کر دیا۔ چچا صاحب سے نہ رہا گیا۔ فوراً اٹھے اور اپنا گلاس لے کر جانے کا ارادہ کر ہی رہے تھے کہ مستری صاحب نے کہا،

''میں آپ کا اور اپنا گلاس ان بچوں کو دے آتا ہوں۔ آپ تکلیف نہ کریں۔''

مگر اباجی دونوں glass لے کر بچوں کی والدہ کے پاس گئے اور کہا، ''بی بی! لو بچوں کو پلا دو۔''

ابھی چچا صاحب گلاس ان کی ماں کے ہاتھوں میں تھمانے ہی والے تھے کہ لڑکے نے بے صبری سے اباجی کے ہاتھ سے گلاس اچک لیا جبکہ تھوڑا سا دودھ سوڈا ضائع بھی ہو گیا۔

''میرا بیٹا بڑا شیطان ہے۔ بھائی صاحب آپکی بڑی مہربانی۔''

تھوڑی دیر بعد اعظم صاحب ایک گارڈ کو ساتھ لئے ہوئے آ گئے۔ اباجی سے تعارف کرایا اور Inter کے ٹکٹ ان کے پاس پہلے ہی تھے۔ 60 روپے اور چھ پیسے ایک ٹکٹ کے اور Second class کے تین vouchers دیئے۔

اس دور میں جب reservation ہوا کرتی تو صرف رات کو اپنے سونے کیلئے berth استعمال کرتے۔ دن کو دوسرے مسافروں کو بھی reserve شدہ berth پر بیٹھنے کا حق فائق ہوتا۔ اعظم صاحب نے اباجی اور مستری صاحب کے ہاتھوں میں گلاس نہ پا کر اس کے متعلق پوچھا تو میں نے حقیقت بیان کر دی۔ اعظم صاحب کو نجانے کیا سوجھی۔ انہوں نے بھی اپنا گلاس گارڈ کو پیش کر دیا۔ گارڈ نے بہت نہ نہ کی مگر اعظم صاحب نے ان کو پینے پر مجبور کر دیا۔

کچھ دیر بعد کراچی جانے والی سندھ ایکسپریس یا 2 Dn پلیٹ فارم پر لگی جس کی روانگی رات کو آٹھ بجے اور کراچی arrival دوسرے دن 10 بجے شام، کراچی سے روانگی 10 بجے شام اور لاہور arrival 5 بجے شام۔ جونکہ ہمارے Waiting

اعظم صاحب نے Second class کے ڈبے میں ایک room ... تو پہلے ہی پہنچ چکا تھا البتہ ... آرڈر ... سے باہر واقع تھا
conductor سے ہماری seats کے نمبروں کے متعلق پوچھا تو اس نے اگلے ڈبوں کی طرف جانے کے لیے کہا۔ وہاں بھی ایک ڈبے
کے سامنے ایک condctor مستعدی سے کھڑا تھا۔ اس نے ہماری seats کے نمبر دیکھ کر کہا: "آپ کی berths اس ڈبے میں ہیں۔
دو berths اوپر نیچے۔ ایک berth نیچے۔" اعظم صاحب نے ہمارے سامان کے متعلق قلی کو پہلے سے بتا رکھا تھا جس کا نمبر مجھے ابھی
تک یاد ہے۔ نمبر 109 تھا۔ اس نے ہمارا سامان اوپر والے berth پر رکھ دیا۔ ابا جی نے اس قلی کو اجرت دینے کی بڑی کوشش کی
مگر اس نے لینے سے انکار کر دیا۔ کہنے لگا اعظم صاحب نے اس کی اجرت پہلے ہی ادا کر دی ہوئی ہے۔ اعظم صاحب نے ابا جی سے اجازت چاہی تو
ابا جی نے کہا: "اعظم صاحب! آپ نے بہت تکلیف کی۔ آپ کی بہت بہت نوازش۔"
"چودھری صاحب! یہ تو میری خوش قسمتی ہے۔ انسان ہوں۔ آپ کے کسی کام تو آیا۔"

گاڑی کی روانگی سے پہلے dining car کا ایک بیرا داخل ہوا اور اس نے مسافروں سے دوپہر کے کھانے کے order لیے۔ اس ڈبے میں تین بیچ اور تین berths اوپر تھے۔ یہ house full کا منظر پیش کر رہا تھا۔ چھ مسافر اوپر نیچے ہم تینوں کی berths پر بیٹھے تھے۔ train کی دائیں جانب کھڑکیوں کے ساتھ واقع تھی۔

"menu کیا ہے؟" میں نے بیرے سے پوچھا۔
وہ بولا: "مٹن کے علاوہ ... متعدد ڈشوں کے نام گنوائے۔
... گوشت، چاول، روٹی، سلاد، فروٹ اور پینے کے لیے پانی۔ بعد میں بیرے کو فی الحال میں نے آرڈر دیا۔
"Sir کوئی بات نہیں۔ آپ کے حکم کی تعمیل ہو جائے گی۔" اس نے منت زبان میں کہا۔
"کوئی بات نہیں۔ کوئی ... " میں نے چند دوسری بہت سی باتیں کہیں۔ ...
... مجھے بہت اچھی طرح یاد ہے۔

ان دنوں trains میں corridor نہیں ہوتے تھے اور ہوتے بھی تو شاید dining car سے ملحق First یا Second class ہوتے۔ ... کسی بڑے سٹیشن پر گاڑی رکتی تو پلیٹ فارم سے ہوتے ہوئے مسافروں کے ڈبوں میں کھانے کی trays لے جاتے۔ ان دنوں میں بہت زیادہ sugar استعمال میں لایا کرتا۔ جب بڑا ہو کر Pak Tea House یا Chinese Lunch Home میں دوستوں کے ساتھ گپ شپ میں بیٹھ جاتے تو کوئی دوست پوچھتا: "چودھری صاحب کتنی sugar?"

میں کہا کرتا: "Two and a half spoons and a few grains please"
یہ سن کر سب ہنس پڑتے: "آخر چودھری صاحب چائے پینے کا توازن خوب جانتے ہیں۔"
اس سے پہلے کہ بعد ابا جی نے مجھے تھوڑی سی ڈانٹ پلائی تو میں نے جواب دیا: "ابا جی! آپ کو معلوم ہے۔ میں ہمیشہ
... اور آپ بھی میری ... لوگ مجھ پر بھی مذاق کرتے ہیں مگر میں تو پروا نہیں کرتا۔"
... صاحب نے ہنستے ہوئے کہا: "چودھری صاحب! آپ کے لاڈ پیار نے بیٹے کو ایسا بنا دیا ہے۔"
مجھے یاد آ گیا کہ ... میں نے لاہور پلیٹ فارم سے Reader's Digest اور Civil & Military Gazette خرید لیے تھے۔ ... اخبار پڑھتا اور کبھی Digest کی ورق گردانی کرتا۔ Digest میں Hiroshima کی تباہی کے متعلق ایک مضمون پڑھ رہا تھا۔ Frank Sinatra کے متعلق ایک اور article کے مطالعے میں مصروف ہو گیا۔ ... صاحب ... مطالعے سے بہت دلدادہ تھے۔ ... اپنے ساتھ ... کتابیں ساتھ لے آئے۔ پہلے تو آپ نے کوئی ... کی کتاب ... یونیورسٹی ... تصنیف شدہ تھی ... پڑھنے میں مشغول ہو گئے۔

... میں ... صاحب اور ... صاحب ... بہت ... کے عادی اور دونوں گوشت خوری کے بھی قدردان تھے۔ انہوں نے چاول اور مسور کی دال کا ایک آرڈر دے دیا۔ خانیوال کا سٹیشن تھا تو بیرے وہ trays لے کر

Marfat.com

آن پہنچی وہ جب صاحب کے قریب trays رکھنے لگا تو انہوں نے میرے پاس trays رکھنے کی ترغیب دی۔ کھانا کافی مقدار میں تھا میں نے خوب سیر ہو کر کھایا تاہم پچھتانا بھی پڑا۔ دراصل مجھے بعد میں پتہ چلا کہ ایک آدمی کا کھانا دو آدمی پیٹ بھر کر کھاتے ہیں۔ دوسرے بیرے دیگر مسافروں کو attend کر رہے تھے۔ تمام لوگوں نے کھانا کھانے کے بعد trays اٹھا کر پیچھے رکھ دیں۔ گاڑی چھک چھک کرتی رواں دواں تھی۔ شام ہو گئی۔ مجھے یاد نہیں کہ کونسا سٹیشن تھا جہاں گاڑی رکی اور وہاں بیرہ آن پہنچا۔ 15 روپے فی کس کھانوں کا بل وصول کیا۔ بابا جی نے اسے دو روپے ٹپ دے دی۔ اس نے شام کے کھانے کے متعلق پوچھا [illegible]۔ اب گاڑی کے ڈبے میں مسافر بیٹھ [illegible] ہو گئے۔ چھ berth اور 9 مسافر۔

میں اسی berth پر سونا چاہتا جہاں ہم بیٹھے ہوئے تھے۔ مگر بابا جی نے کہا "بیٹا اوپر والے berth پر [illegible] جاؤ یاد رہے اپنی عادت و معمول جانا" (کیونکہ میں ہمیشہ موسمیات سے بے نیاز ہو کر سونے کا عادی ہوں) آپ نے کہتے ہوئے تکیہ دیا۔ لہذا میں اپنی سیٹ کی اوپر والی برتھ پر سامان سے تکیہ نکال کر دراز ہو گیا۔ دوسرے مسافر [illegible] شریف آدمی نے پہلے ہی [illegible] رکھ دیا۔ مجھے نیند آ گئی۔ میں نے اپنی کلائی والی گھڑی کی جانب دیکھا تو بارہ بجے رات کا وقت تھا۔ ایک ادھیڑ عمر کا مسافر دوسرے berth پر [illegible] بابا جی کی طرف تھا۔ [illegible] میں نے اسے پیار سے [illegible]

"یہ [illegible] ہے۔ یہ برتھ ہم نے بک کروا رکھی ہے۔"

"بیٹا اپنے آپ پر قابو رکھو" بابا جی نے کہا۔

دوسرا مسافر برتھ سے اترنے ہی والا تھا کہ بابا جی نے اس سے مخاطب ہو کر فرمایا "حضرت صاحب آپ اطمینان سے یہیں آرام کیجئے۔"

اب میں 8 مسافر اور چھ berths ریزرو تھے۔ ان چھ دوسرے مسافروں کو رات کے وقت berths کی ضرورت تھی جہاں مسافر کی کوئی reservation نہ تھی۔ اب مجھے حد درجہ [illegible] سوچ رہا تھا بابا جی اور مستری فضل کریم صاحب [illegible] تین دوسرے مسافر [illegible] ایک نے طنز مجھ سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا

"بابا جی ہمارے اوپر والی berth ریزرو ہے۔ ہمارے [illegible] چند روپے"

میں نے کوئی جواب نہ دیا البتہ وہ اوپر آ کر لیٹ گیا۔ اب نیچے 5 مسافر اور تین berths جب نیچے ایک [illegible] وہاں بھی ایک مسافر لیٹ گیا اور اس نے دوسرے مسافروں کو اٹھا دیا۔

بابا جی کی عادت تھی۔ جب بھی سفر کرتے تو اپنا کام [illegible] ساتھ رکھتے [illegible] مسافروں سے [illegible] قرآن پاک کی آیات [illegible] ﷺ [illegible]

بابا جی [illegible] مستری صاحب [illegible] مستری صاحب [illegible]

[illegible] مولوی صاحب (کیونکہ اس کی داڑھی نمایاں تھی [illegible]) آپ اپنی [illegible] berth ہم نے ریزرو کرائی ہوئی ہے [illegible] بعد میں [illegible] آپ سے [illegible]

ابھی اس نامعقول مسافر [illegible] بابا جی نے [illegible] اخلاقیات پر [illegible] اخلاقیات پر لیکچر جاری تھا تو اطاعت [illegible]

Marfat.com

متاثر ہوا کہ مولوی صاحب نہ صرف اٹھ گئے بلکہ نہایت انکساری اور لجاجت سے مستری صاحب سے معذرت خواہ ہوئے۔ اس کا اثر یہ ہوا کہ جہاں پہلے مولوی صاحب کو اٹھایا گیا وہاں ہی بیٹھے ہوئے مسافر نے مولوی صاحب کو جگہ دے دی۔ میں تو اوپر جا کر لیٹ گیا مگر آپ مختلف مسائل پر گفتگو کرتے رہے کہ مسافروں کی نیندیں اڑ گئیں۔

گاڑی اپنے وقت کے مطابق حیدرآباد اسٹیشن پر پہنچ گئی۔ ان تمام مسافروں نے پہلے نہایت سعادت مندی سے اباجی کو اترنے کی ترغیب دی اور ان کے بعد خود اترے۔ میں نے ایک قلی کو اشارہ کیا جس نے ہمارا سامان اٹھایا اور پلیٹ فارم سے باہر آ کر ایک تانگہ پر رکھ دیا۔ مجھے اب یاد نہیں کہ اباجی نے قلی کو کتنی اجرت دی بہرحال وہ دعائیں دیتا ہوا چلا گیا۔

جب ہم مستری صاحب کے مکان پر پہنچے تو وہ دیکھ کر حیرت زدہ ہو گیا کہ پیر صاحب بھی ہمراہ ہیں۔ ہمیں دو دن حیدرآباد میں رکنے ہوئے گزر گئے تو اباجی کو خیال آیا کہ اپنے ایک دیرینہ خاکسار دوست قاضی اکبر صاحب سے ملاقات ہو جائے لہٰذا مستری صاحب، اباجی اور راقم ان کے دولت کدہ پر پہنچ گئے۔ قاضی اکبر صاحب حیدرآباد کی ایک برگزیدہ اور مشہور شخصیت واقع ہوئے ہیں۔ اباجی کو دیکھ کر فوراً آنکھوں میں آنسو امڈ آئے اور رقت انگیز لہجہ میں گویا ہوئے۔

"اے میں (ضمیمہ 70)! میں خواب تو نہیں دیکھ رہا"

چائے وغیرہ کی تواضع کے بعد مستری فضل کریم صاحب، اباجی اور قاضی اکبر صاحب نے دیگر خاکساروں سے رابطہ کیا۔ شام تک قریب قریب خاکساروں کا اجتماع ظہور پذیر ہونے پر قاضی اکبر صاحب نے تمام حاضرین کو ایک صف میں کھڑا ہونے کی ترغیب دی تاکہ اباجی کو باقاعدہ سلامی دی جائے۔

اپنی گھریلو مجبوریوں اور علامہ مشرقی صاحب سے کچھ اختلافات کی بناء پر خاکسار تحریک سے عملاً علیحدگی اختیار کر چکے تھے۔ بات دراصل یہ تھی کہ اباجی سالار منصب تھے اور منتظروں کے لیے دور دراز علاقہ جات میں جانا لازمی امر تھا جبکہ گھریلو حالات متقاضی تھے کہ ماسوائے اباجی کے گھر میں ذمہ دار شخصیت خاندانی فرائض سرانجام دینے کیلئے خلاء کا احساس دامنگیر تھا حالانکہ نوکروں چاکروں کی کثرت تھی مگر وہ خاندانی فرائض تو سرانجام نہ دے سکتے تھے۔

علامہ مشرقی صاحب نے کشمیر میں منتظر کیلئے حکم دیا تاہم اباجی نے علامہ صاحب کی توجہ گھریلو خاندانی امور کی جانب مبذول کرائی۔ ادھر میری نانی صاحبہ اباجی کا گھر سے ہفتوں غائب رہنا پسند نہ فرماتیں اور اباجی والدہ صاحبہ کی حکم عدولی کی جسارت سے قاصر تھے جبکہ ہمارے شریک ہمیں خاندانی زک پہنچانے پر تلے ہوئے تھے۔ علامہ صاحب بھی سخت طبیعت کے حامل تھے، جہاں باہمی رفاقت اور جید صحیح واقع ہوئے وہاں اصول کی بات ہوتی تو اپنے موقف پر ڈٹ جاتے۔ میں نے ایک دفعہ اباجی سے پوچھا کہ آپ تو اطاعت امیر کی تلقین فرمایا کرتے ہیں تو آپ نے فرمایا کہ بیٹے نصیر جس اطاعت کی میں بات کرتا ہوں وہ تمہاری سمجھ میں ابھی نہیں آ سکتی۔ اطاعت میرے حکم پر قبر کے دہانے تک ضرور جاؤ مگر یہ ضروری نہیں کہ اس دور میں اندھی، بہری، گونگی اطاعت پر قبر میں کود جاؤ اور پھر والدہ ماجدہ کی حکم عدولی کسی طور پر بھی مناسب خیال نہیں کرونگا۔ نہایت رقت آمیز منظر تھا۔ قاضی اکبر صاحب اور دیگر خاکساروں نے اباجی سے عرض کیا "جس طرح آپ نے ہمیں خاکسار بننے کی سعادت سے نوازا اور اپنے دست مبارک سے ہمارے بازوؤں پر اخوت کے نشان چسپاں کئے۔ اپنے ہی ہاتھوں سے اتار دیں۔"

قاضی اکبر صاحب نے پھر اباجی کو احساس دلایا "ایک عرصے کے بعد اتنے بڑے اجتماع کا موقع ملا جس میں آپ کی شمولیت بھی فرما رہے ہیں۔ میرے ذہن میں سوال ہے کہ آخر اللہ تعالیٰ نے انسان کو پیدا کس مقصد کے لئے کیا ہے؟ اس پر کچھ روشنی ڈالیں۔"

تمام خاکساران قاضی اکبر صاحب کی حویلی کے وسیع دالان میں نیم گول دائرے میں حلقہ بگوش سرسبز گھاس پر بیٹھ گئے۔ مستری فضل کریم اور میں بھی ایک طرف بیٹھ گئے۔ اباجی کا طرز تخاطب پرجوش، وجدانی اور موثر لہجہ پر مبنی تھا، فرمایا:

"اس سوال کا تعلق بیان سے زیادہ روحانیت سے ہے۔ انسان تمام جانداروں سے ارفع و اعلیٰ مخلوق، گویا انسان حکمران ہے۔ اس کیلئے governor انسان کے جسم کی بناوٹ، سیدھا posture، اپنی سوچ کی قوت اور اس کے اظہار کی وجہ اخلاقی بالادستی، انسان کی بالادستی کا ثبوت اور اسے اعلیٰ ترین مخلوق بناتے ہیں۔ نہ صرف انسان کے پاس اپنے آپ کو preserve کرنے

کی صلاحیت بلکہ زندہ رہنے کی خواہش بھی ہے اور وہ اپنے مادی اور دفاعی حالات کو بہتر بنانے میں کوشاں بھی رہتا ہے۔

''اس صورت حال کے پیش نظر اللہ تعالیٰ نے دنیا بغیر کسی مقصد کے پیدا نہیں کی۔ دنیا پیدا کرنے کا مقصد کیا ہو سکتا ہے؟ اگر ہم انسان اور اللہ تعالیٰ کے درجہ پر غور کریں۔ خالق اور مخلوق اور پھر انسان کی حیثیت۔ یہ بھی یاد رکھیں باوجود اس کے کہ انسان کائنات میں اعلیٰ ترین مخلوق ہے پھر بھی کتنا بے بس ہے۔ آئیں ایمانداری سے سوچیں کہ ہمارے لئے یہ کیسے ممکن ہے اتنی وسیع کائنات میں ہم اللہ تعالیٰ کا دنیا پیدا کرنے کا مقصد سمجھ سکیں۔ ہم تو ابھی تک اس تمام سیارے کے متعلق مکمل طور پر نہیں جانتے۔ ہمیں تو یہ بھی پتہ نہیں۔ مکمل طور پر دوسرے جانداروں اور پودوں کی کتنی قسمیں ہیں اور پھر اتنی وسیع کائنات میں جو کہ ابھی تک تحقیق جاری ہے۔ زمین تو ایک معمولی سیارہ ہے نہ صرف قاضی صاحب کو بلکہ ہر ایک محقق انسان کو تعجب ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا انسان کو پیدا کرنے اور دوسرے تمام جانداروں کو پیدا کرنے کا کیا مقصد ہو سکتا ہے؟ جب انسان جس کے ذرائع محدود ہیں کوئی کام بغیر مقصد اور حساب کے نہیں کرتا۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ خالق جس نے انسان کو پیدا کیا اسے بغیر کسی مقصد کے پیدا کرے؟ تخلیق بغیر کسی مقصد کے فضول کی کہانی لگتی ہے۔ کیا اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو اپنی بڑھائی کیلئے پیدا کیا؟ کیا اللہ کو اپنی تعریف کی ضرورت ہے؟ بالکل نہیں۔ اللہ کو کسی چیز کی ضرورت نہیں جس اللہ کو کسی چیز کی ضرورت ہے وہ اللہ نہیں A God in need is not a God indeed اللہ ضرورت سے بالاتر ہے۔۔۔''

چونکہ نوجوانی کا دور ایسے طرز فکر سے ناآشنا ہوتا ہے۔ شعوری پختگی سے عاری لہٰذا بوریت محسوس کرنے پر اس روحانی محفل سے کنارہ کش ہو گیا اور گھر کے باہر گھومنے کو ترجیح دی البتہ واپسی پر کئی حضرات کو ملے بیت پر الوداع کہہ کر نکل رہے اور میں اندر داخل ہو رہا تھا۔ چند ایک خاکسار موجود تھے بالآخر وہ بھی چلے گئے۔

قاضی صاحب، ابا جی، مستری صاحب اور مجھے اندر کمرے میں لے گئے جو دیکھنے میں ایسے لگتا جیسے لائبریری کا دفتر ہو۔ دیوار کے ساتھ الماریاں جن میں شیشے کے دروازے نصب تھے۔ shelfs پر مختلف قسم کی ادبیات دینی کتابیں موجود تھیں۔ اب شام ہو رہی تھی قاضی صاحب نے کھانے کی دعوت دی۔ قاضی صاحب ابا جی سے پوچھنے لگے کہ چوہدری صاحب آپ بتا رہے تھے بیٹے نے کراچی کی سیر کرنے کی خواہش کا اظہار کیا ہے اور آپ کی آمد کا مقصد بھی یہی ہے۔

ابا جی قاضی صاحب کو میری عادات سے متعلق بتا رہے تھے کہ برخوردار سیر و تفریح کا بہت شوقین ہے۔ 1947ء سے پہلے کشمیر، پنجاب، چترال تک سیر و سیاحت کے سلسلے میں جا چکا ہے۔ ازاں بعد ابا جی نے قاضی صاحب سے کراچی میں رہائش پذیر اپنے چند خاکسار دوستوں کے پتہ جات دریافت کئے۔ قاضی صاحب نے چند ایک اور دوستوں کے ایڈریس بتا کر ایک کاغذ پر لکھ کر دئیے البتہ خاص طور پر یہ بتایا کہ چوہدری صاحب میرے الطاف حسین جو ان دنوں کراچی میں "Dawn" اخبار کے ایڈیٹر تھے سے اچھے مراسم ہیں تاہم میں برخوردار کے حوالے سے الطاف صاحب کی طرف رقعہ لکھ دیتا ہوں۔ آپ بیٹے کے ساتھ کسی قسم کی زحمت سے دو چار ہونے کی بجائے وہ ان کی سیر و تفریح کا بندوبست طریق احسن کر دیں گے۔

تھوڑی دیر بعد قاضی صاحب معذرت کے ساتھ اندر تشریف لے گئے البتہ واپس آکر ہمیں ایک دوسرے کمرے میں لے گئے جہاں فرنیچر کی بجائے فرش پر قالین بچھا ہوا تھا جس پر ایک نرم سفید رنگ کا دستر خوان بچھا کر تکیے وغیرہ رکھ دئیے گئے تھے۔ ہمارے کھانے پینے کا اہتمام کیا گیا۔ ایک بڑے دیگچے سے اشتہا انگیز بھاپ اٹھ رہی تھی۔ دو ملازمین چھوٹی چھوٹی ٹرالیوں میں کھانے پینے کا سامان لا رہے تھے۔ دستر خوان پر تمام لوگ بیٹھ گئے اور قاضی صاحب ایک خاص قسم کے کھانے کی تفصیلات بیان کر رہے تھے۔ مہمانوں کی پلیٹوں میں کھانا ڈالتے جاتے۔ یہ خاص طریقے سے پکائی گئی مچھلی جو واقعی نہایت لذیذ تھی چھوٹے ٹکڑوں کی شکل میں مسالے کے ساتھ پکائی گئی تھی۔ میں نے تو روٹی سے کنارہ کش ہوتے ہوئے صرف مچھلی کھانے پر اکتفا کیا۔ بالخصوص ایسی مچھلی پاکستان بننے سے پہلے یا بعد آج تک میں نے نہ کھائی۔ غالباً یہ سمندری خاص قسم کی مچھلی جو مختلف ترکیب سے پکائی گئی تھی۔ کئی سال بعد جب میں چین گیا جہاں Staple food سمندری مچھلی ہے۔ وہاں کئی قسم کی مچھلیاں نہایت لذیذ اور انوکھے انداز میں پکائی ہوئی کھائی تھیں۔ ایک خاص سمندری مچھلی جسے Mero کہتے ہیں، میری بیوی خاص طریقے سے پکایا کرتی۔

Marfat.com

قاضی صاحب مزید کھانے پر اصرار کرتے رہے تاہم ابا جی اور مستری صاحب نے معمول کے مطابق تھوڑا تھوڑا ہی کھایا بہت میں تو صد چند نہ کیا۔ کھانے سے فارغ ہوئے تو قاضی صاحب نے برآمدے میں ہمارے ہاتھ دھلوائے اور اپنے شانے پر رکھا تولیہ پیش کیا۔ اس کے بعد قاضی صاحب سے اجازت کے خواستگار ہوئے جس پر انہوں نے ہمیں الوداعیہ انداز میں دروازے پر خدا حافظ کہا۔ وہاں سے ہم پیدل چلتے ہوئے قریباً آدھے گھنٹے میں واپس گھر لوٹے۔

اگلے دن ایک دوست جبار خان جس کا پتہ قاضی صاحب نے لکھ کر دیا وہ بھی بندر روڈ پر رہائش پذیر تھے جن کا پتہ کا ... ہم ان سے ملنے گئے۔ اس کے بعد گاڑی پر بیٹھ کر ہم تینوں کراچی پہنچ گئے۔ وہاں سے بذریعہ ... شہر کے معروف تجارتی مرکز ... تک پہنچنے میں کوئی دقت پیش نہ آئی۔

وہاں پہنچے ... عمارت جس کے ... بڑے خوبصورت کمان کی شکل میں واقع تھے۔ وہاں ... جبار خان ابا جی کو دیکھتے ہی دکان سے اٹھ کر ہمارے استقبال کو آئے ... اس کے بعد ... دوسری منزل پر لے جا کر بٹھا دیا۔ بعد میں دکان میں بیٹھ گئے۔ خان صاحب ... چائے اور ... (ضمیمہ 71) کے متعلق گفتگو کے بعد ... خان نے بتایا کہ اندرون پاکستان سے لوگ ادھر ادھر آ رہے ہیں ... میں نے بیتابی سے خان صاحب سے پوچھا:

"... دیکھنے کی جگہیں کون سی ہیں؟"

"... Hawkes Bay، Clifton اور Manora تم دیکھ ... ہے ... دیکھنے کا حق ہے۔"

... دوسری منزل پر ایک بڑے کمرے میں ... بچھا ہوا تھا اور گاؤ تکیے موجود تھے ... کھڑکی ... جانب مغرب ... ٹھنڈی ہوا ... میں نے بیتابی سے پوچھا:

"خان صاحب Dawn اخبار کا دفتر کس طرف ہے؟" پیشتر اس کے کہ خان صاحب جواب دیتے ابا جی نے فرمایا:

"بیٹے ... خان صاحب نے ہدایت تمہاری سیر و تفریح کا بندوبست ہو جائے گا۔"

"ابا جی آپ ... میں Dawn اور Civil Military and Gazette پڑھنے کا عادی ہوں اور ... آپ سے پوچھ کر ... اخبارات آتے ہیں ... آپ مذاق سے کہتے ہیں ... حضرت صاحب ... سے ... میں ... سے ملنے جانا چاہتا ہوں ... میں نے بیتابی سے اجازت چاہی۔

"میں اس وقت میں ... لوگ بہت مصروف ہوتے ہیں" خان صاحب نے کہا "... قاضی صاحب کا رقعہ موجود ہے ... انتظار کرنا پڑا تو کر لونگا۔ ویسے بھی خود ... mood میں ہوں۔"

... بجے کے وقت تک جبار خان صاحب نے مجھے پتہ دیا اور ساتھ ہی تاکید کی کہ خبردار رہنا ... کراچی ... ٹریفک ... میں نکل کھڑا ہوا۔

tram ... میں نے پہلی دفعہ ... دیکھا ... ایک چھوٹا سا لکڑی کا ڈبہ تھا جس کے آگے ایک ... اونٹ ... اور کوچوان ... اونٹ کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا۔ عجیب منظر تھا ... اس قدر ... اونٹ ... traffic سے ... ہوئی۔

جب میں Dawn کے دفتر پہنچا ... I.I. Chundrigar ... پر ہوا کرتا تو ایسا محسوس ہوا جیسے ... Dawn ... اخبارات میں ... پیچھے ... دفاتر میں آتے ہیں۔ خاص طور پر شام کے وقت

لہذا مجھے نہایت مایوسی کا سامنا ہوا تاہم میں بھی ایک ضدی شخص واقع ہوا بغیر ملاقات کے واپس نہ جانا چاہتا تھا۔ چنانچہ [illegible] ڈان کے دفتر میں ہمارے ایک دوست محبوب صاحب کام کیا کرتے تھے جہاں وقت گزاری کیلئے پہنچ گیا۔ وہاں سے میں نے الطاف حسین صاحب کو ٹیلیفون کیا تو کہا گیا کہ [illegible] اطلاع دے دی گئی ہے کہ [illegible] شام تک واپس آجاؤ چونکہ دفتر میں لوگ دوپہر کے بعد آتے ہیں اور میں وقت گزاری کیلئے matinee show دیکھوں گا۔

محبوب صاحب نے تاج محل کے دفتر میں [illegible] کو [illegible] ایک فلم [illegible] میں ملی شانتا رام کی فلم "شکنتلا" دکھائی جا رہی تھی جس کا ڈائریکٹر وی شانتا رام، موسیقی وسنت دیسائی، شانتا رام کی بیوی [illegible] ہیروئن اور شانتا رام وغیرہ نے کام کیا دیکھنے چلا گیا۔ فلم تین بجے بعد دوپہر شروع ہوئی اور [illegible] بجے ختم ہوئی۔ میں رکشہ میں بیٹھ کر Dawn کے دفتر چلا گیا۔ الطاف حسین صاحب سے ملنے ان کے دفتر کی طرف گیا تو ایک آدمی نے دفتر کے سامنے مجھے روک لیا اور پوچھا "برخوردار تمہاری ملاقات الطاف صاحب سے طے ہے؟"

"نہیں، البتہ مہربانی کر کے یہ رقعہ اندر پہنچا دیں۔"

اس نے مجھے ایک کرسی پر بیٹھنے کو کہا اور ایک چپراسی کے ہاتھ میں رقعہ دے دیا۔ کوئی 20 منٹ انتظار کے بعد ایک آدمی نے آکر کہا "الطاف صاحب آپ کو بلا رہے ہیں۔"

ایک بڑی میز کے پیچھے الطاف حسین صاحب چند کاغذات میں مشغول [illegible] جب میں کمرے میں اندر داخل ہوا تو مجھے اپنے سامنے کرسی پر بیٹھنے کو کہا اور پوچھا "برخوردار کہاں سے آئے ہو؟"

"[illegible] لاہور میں زیر تعلیم ہوں۔ آپ کا Dawn بڑی دلچسپی سے باقاعدہ پڑھتا ہوں۔ [illegible] leading article با کمال ہوتا ہے۔"

"کراچی میں کیسے آنا ہوا؟"

"[illegible] کراچی آتے تھے۔ میں نے سوچا میں بھی کراچی دیکھ لوں۔"

"تو مجھ سے [illegible] کیا چاہتے ہو؟"

"جی میں تو [illegible] چاہتا تھا [illegible] ہاتھوں میں سے ہیں۔"

"اچھا [illegible]"

میں [illegible] جواب [illegible] دیا [illegible] ٹیلیفون کی گھنٹی بجی اور الطاف حسین صاحب بہت مصروف ہو گئے [illegible] میں چلا گیا۔ میں نے [illegible] سے ملنے اور [illegible] حاصل کرنے کا اشتیاق تھا۔

واپس [illegible] کے شوقین [illegible] اور [illegible] صاحب سے [illegible]۔

[illegible] کراچی میں [illegible] صاحب [illegible] صاحب [illegible] ملتے رہتے [illegible] ایک [illegible] میں [illegible] صاحب کے ایک ملازم کے ساتھ [illegible] شام تک [illegible] تاریخی مقامات [illegible] بھی کراچی [illegible] کیا کرتے تھے [illegible] خواہش تھی کہ کراچی میں [illegible] سمندری سفر کروں۔ (ضمیمہ 72) واپسی پر [illegible] صاحب نے [illegible] ہوئے Sindh Express (ضمیمہ 73) میں ہماری Second class کی سیٹیں book [illegible] 10 بجے رات کراچی سے روانہ ہوئی۔ گاڑی [illegible] berths [illegible] تھے [illegible] رات [illegible] دوسرے دن [illegible] بجے رات لاہور پہنچے۔ جب لاہور اسٹیشن پر پہنچے تو ایک [illegible] صاحب [illegible] صاف کرنا چاہا میں نے [illegible] میں پیچھے [illegible] تھا [illegible] لاہور کی [illegible]

Marfat.com

ہوئے اور اس جیب تراش سے وہ پتھر لے لیا اور لعنت ملامت کی اور کہا "بیٹا ایسی مذموم حرکت سے باز رہنا چاہیے۔"

ہمارے ٹکٹ Second class کے ہونے کے باوجود ہم Interclass میں ہی بیٹھ گئے اور گجرات آن پہنچے۔

گجرات سے تانگہ پر بیٹھے مستری صاحب کو پچھلی چوک میں اتارا۔ ابا جی نے آپ کو سوہن حلوہ کا ایک ڈبہ دیا (ضمیمہ 74) اس کے بعد ہم اپنے دیوان خانہ میں پہنچ گئے۔

ماں کی مامتا کی طرح!

چودھری رشید اللہ صاحب کی دختر نیک اختر مسمات فرخ جمشید جس سے راقم اب ازدواجی زندگی میں منسلک ہے۔ نو عمری کے زمانے میں ابا جی کے چچا صاحب کے دیوان خانہ میں رہائش پذیر تھے۔ راقم کی والدہ صاحبہ جنہیں تمام لوگ Auntie کہہ کر پکارتے۔ انہیں فرخ سے جنون کی حد تک محبت تھی اور فرخ بھی انہیں اپنی ماں سے زیادہ چاہتی۔ والدہ صاحبہ نے فرخ کو بیاہ شادیوں کے موقع پر گیت گانے سے منع کیا اور محرم میں بجائے خوشی کے گیت کے مجالس اہل بیت میں نوحہ خوانی، مصائب کا بیان کرنا اور ماتم اہل بیت کی تعلیم دی۔ جب کبھی مجلس عزا ہوتی تو فرخ اپنی Auntie کے ساتھ پیشہ ور ذاکرہ خواتین سے کہیں زیادہ اثر انگیز اور نہایت درد ناک انداز میں مصائب بیان کرتی جس سے حاضرین کو گریہ و زاری سے ہمکنار کر دیتی۔ جب میری والدہ صاحبہ فوت ہوئیں تو فرخ اس قدر صدمہ سے نڈھال ہو کر زار و قطار رویا اور بیہوش ہو گئی۔ ان کی وفات کے بعد جب کبھی فرخ خواتین کی مجلس عزا میں جاتی تو Auntie کی یاد سے بے اختیار گریہ کناں ہو جاتی اور مجلس پڑھنے کی تاب نہ لا سکتی۔ وہ خواتین جو کہ ان دونوں کے مثالی پیار و الفت سے آشنا تھیں پیار کرتیں اور دلاسہ دیتیں مگر جن خواتین کو اس بات کا علم نہیں تھا وہ یہ کہتیں "بیچاری کی ماں جو فوت ہوئی ہے" حالانکہ حقیقت میں یہ انکی دادی کی بہن کی بیٹی تھی۔ فرخ کی اصلی ماں کافی عرصہ زندہ رہیں اور 1964 میں میری شادی کے قریباً ایک سال بعد وفات پا گئیں۔

بشیر کو اغوا کر لیا!

راقم کے ایک دوست بشیر سے بے تکلف دوستی کے ہم ہمراز تھے۔ بشیر راجہ بنگلہ سرائے عالمگیر کی نہر کے کنارے واقع ہے میں بحیثیت SDO تعینات تھا۔ تقسیم ہند کے بعد میرا دوست نثار جان اور میں گرمیوں کے موسم میں مری جا رہے تھے۔ دوران سفر رات کوئی 11 بجے کے قریب جب ہم راجہ بنگلہ کے قریب پہنچے تو ہمیں شرارت سوجھی کہ کیوں نہ بشیر کو بھی ساتھ لیتے جائیں۔

نثار مرزا اور میں بشیر کے بنگلے میں پہنچے تو دیکھتے کیا ہیں کہ بشیر صاحب کوٹھی کے lawn میں گھوڑے بیچ کر سوئے ہوئے ہیں اور دوسرے نوکر چاکر وہاں کہیں قریب سو رہے ہیں۔ ہم نے اپنے چہروں کو ڈاکوؤں، چوروں کے انداز میں چادروں سے ڈھانپ لیا تاکہ ہماری شناخت نہ ہو سکے اور اپنی آواز بھی تبدیل کر لی۔ ایک چادر نما چیز بشیر کے منہ پر ڈال دیا اور اس کو نہایت خاموشی سے اپنی کار کی پچھلی سیٹ پر لٹا دیا۔ میں نے اس کا سر اپنی گود میں رکھ کر چادر کو مزید مضبوط کر لیا اور بدلی ہوئی آواز میں تحکمانہ اور دھمکی آمیز لہجے میں خبردار کیا "ہلنے کی کوشش کی تو ٹکڑے ٹکڑے کر کے دریائے جہلم میں بہا دیں گے۔"

نثار مرزا نے کار کی تیز رفتاری سے ڈرائیو کرنا شروع کر دی جب گوجر خان کے قرب و جوار تک پہنچے تو میں نے اناڑی پن سے اصلی آواز میں نثار مرزا سے کہا "یہ صاحب نارووال کے امیر ترین شیخ برادری میں سے ہیں اور ان کے بھائی کی گجرات میں ایک مل بھی ہے اور اس سے خاطر خواہ تاوان ملنے کی توقع ہے۔"

بشیر نے میری آواز پہچان لی اور کہا "بڑا تیرا بیڑہ غرق۔ میں تو بس اب قریب المرگ تھا یہ تم نے کیا کیا۔"

بہر حال ہم تینوں ہنستے کھیلتے مری پہنچ گئے۔ اپنے گجرات کے عزیز بزرگ دوست شیخ اصغر وارثی کے Royal Hotel Pindi Point میں حسب معمول قیام کیا اور شیخ صاحب کو بشیر کے لئے ارجنٹ طور پر دو، تین شلوار قمیض بنوانے کے لئے کہا۔ بشیر نے محکمہ ٹیلیگراف کے ذریعہ ایک ہفتہ کی چھٹی کی درخواست دی۔ بشیر تو واپس آ گیا مگر ہم کوئی ڈیڑھ مہینہ کے قریب وہیں پر قیام پذیر رہے۔

Marfat.com

چور باورچی!

بشیر صاحب نے لاہور ہوٹل، میکلوڈ روڈ، پر دو کمرے اور ایک باورچی خانہ دوسری منزل میں کرایہ پر لے رکھے تھے۔ اکثر راقم بھی اس کے پاس جا کر ٹھہرا کرتا۔ اس کا باورچی جو مخصوص خدوخال کے ساتھ ترچھی ٹوپی، کندھوں پر روایتی رومال (پرنا) اور واسکٹ پہنے رکھتا، بشیر کے والد صاحب نے خاص طور پر نارووال سے بھیجا ہوا تھا۔ شکل و شباہت سے نہایت شریف آدمی نظر آتا۔ ایماندار، مخلص اور اپنے کام میں ماہر لیکن پتہ نہیں کیوں مجھے وہ شخص ایک آنکھ نہ بھاتا، چونکہ وہ ضرورت سے زیادہ مؤدب اور تابعدار تھا۔ بات کرتے وقت ہاں میں ہاں ملانے میں پیش پیش ہوتا۔ میں نے بشیر کو مشورہ دیا: "اس کا خیال رکھنا، یہ تمہیں کوئی دھوکہ نہ دے جائے۔"

مگر بشیر نے میری بات پر توجہ نہ دی اور اسے بھی چابی دے رکھی تھی۔ کمروں کی چابیاں بشیر، باورچی اور میرے پاس رہتیں۔ ہوٹل کی انتظامیہ کے آدمی کو دخل در معقولات کی اجازت نہ تھی۔

وقت گزرتا گیا اور دھیرے دھیرے سامان میں سے چھوٹی موٹی چیزیں غائب ہونے لگیں مثلاً کبھی Parkar کا قیمتی قلم تو کبھی کوئی قیمتی گھڑی غائب۔ یہاں تک کہ اس کے صندوق میں سے ریشمی رومال، طلائی انگوٹھیاں، بٹن اور نقدی وغیرہ چوری ہونا شروع ہو گئیں۔ ایک روز بشیر نے مجھ سے بات کی تو میں نے اسے یاد دلایا کہ یہ کام تمہارا باورچی کر رہا ہے مگر اس نے میری بات نہ مانی اور کہنے لگا:

"اب یا تو تم چور ہو یا میں چونکہ چابیاں ہم تینوں کے پاس ہیں۔"

میں نے اس کی رضامندی کے بغیر چور کو پکڑنے کا بیڑہ اٹھایا۔ ان دنوں لاہور ہوٹل کے سامنے پولیس کا تھانہ تھا جس میں گجرات کا رہائشی میرا ایک دوست الطاف تھانیدار لگا ہوا تھا۔ آجکل وہ S.P کے عہدے سے retirement کے بعد لاہور میں رہائش پذیر ہے۔ میں بشیر کو لے کر تھانے چلا گیا۔ تھانیدار نے ہمیں بڑی عزت و تکریم سے بٹھایا۔ آنے کا مقصد پوچھا۔ ہم نے صورت حال سے آگاہ کیا جس پر اس نے دو سپاہیوں کو بھیجا کہ جا کر باورچی کو پکڑ لائیں۔ اس کی عیاری دیدنی تھی۔ اس نے آتے ہی مصنوعی حیرانگی سے پوچھا: "چوہدری صاحب، صاحب جی آپ یہاں کیسے؟"

اس کی قطع کلامی کرتے ہوئے تھانیدار نے باورچی کو مخاطب کر کے کہا:

"مولوی صاحب! غلطی سے چیزیں ادھر ادھر ہو گئی ہیں تو کوئی بات نہیں جتنی چیزیں لی ہیں واپس کر دو۔"

"حضور! واللہ قسم میں نمازی پرہیزگار آدمی ہوں۔ میری پاک دامنی کی گواہی تو بشیر صاحب کے والد صاحب بھی دیں گے۔"

اب بشیر صاحب گویا ہوئے: "تھانیدار صاحب! ان کو چھوڑ دیں جو میرا نقصان ہونا تھا ہو گیا۔"

"باورچی بھی چور نہیں، میں بھی چور نہیں، اب بشیر تمہیں چور ہو!" میں نے تھانیدار سے مسکراتے ہوئے کہا۔ "بشیر کو حراست میں بند کر دو اب یہی چور رہ گیا ہے۔"

تھانیدار نے مجھے اور بشیر کو جانے کو کہا اور تاکید کی کہ دو دن بعد آنا۔

تفتیش کرنے پر پتہ چلا کہ یہ باورچی عادی مجرم ہے۔ یہ تو بڑی بڑی چوریوں میں پولیس کو مطلوب ہے۔ اور وہ چوری کا سامان فلیمنگ روڈ، ایک چھوٹی سی دکان پر رکھتا جبکہ مذکورہ دکاندار بھی اس کا ساتھی ہے۔ تھوڑا بہت سامان مل گیا اور بقایا کوئی تین ہفتوں کے بعد میرے دوست تھانیدار نے بتایا کہ یہ نارووال کی چوریوں کا اقبال جرم بھی کر چکا ہے۔

میرے دوست بشیر کی سادگی دیکھئے کہ پھر بھی اس کے مجرم ہونے کا یقین نہ آیا۔ لیکن ایک بات میں نے تھانیدار سے کہہ دی کہ بشیر کا اور میرا نام رپورٹ میں نہیں آنا چاہئے۔ اس کے بعد پولیس نے اس "پرہیزگار چور" سے کیا سلوک کیا مجھے کوئی علم نہیں۔

کئی سالوں بعد جب میں Venezuela میں نوکری کے سلسلے میں تھا تو جہاں میرے علم اور مشاہدے میں اضافہ ہوا وہاں اس بات نے میرے علم کو تقویت دی کہ جو شخص ضرورت سے زیادہ شریف نظر آنے کی کوشش کرے اور تھوڑا بہت اختلاف نہ کرے، ہر وقت ہاں میں ہاں ملائے وہ واقعی خطرناک ہوتا ہے۔ بغاوت تو انسانی سرشت میں آفرینش سے ہی پیوست ہوتی ہے۔ کیسے ایک انسان ہر وقت دوسرے کی ہاں میں ہاں ملاتا رہے اپنی ذاتی رائے نہ دے۔ اس سلسلے میں آپ کو ایک ثبوت پیش کرتا ہوں۔

Marfat.com

دوسری جنگ عظیم سے بعد ایک Nazi بنام Eichmann، Nazi پارٹی کا اہم رکن تھا اور اسے یہودیوں کی Final Solution کا ذمہ دار قرار دیا گیا۔

Eichmann نے Concentration camps میں لاکھوں یہودیوں کو موت کے منہ میں دھکیل دیا۔ Nazi Germany کی شکست کے بعد وہ بھاگ کر Argentine چلا گیا جہاں اس نے اپنا نام بدل کر اپنے بیوی بچوں کے ساتھ معمولی زندگی بسر کرنا شروع کر دی۔ اس کی ایک خاص عادت تھی کہ وہ ایک مخصوص ہوٹل میں ایک خاص میز پر بیٹھ کر ہمیشہ ایک ہی قسم کا کھانا کھایا کرتا۔ یہی عادت اس کی گرفتاری کا موجب بنی۔ کئی سالوں کی تلاش کے بعد اسرائیلی ایجنٹوں نے اسے وہاں سے اغوا کیا اور Tel Aviv لا کر اس پر مقدمہ چلایا۔ وہاں لوگ اس کی صورت دیکھ کر حیران رہ گئے کہ ایسے معصوم صورت، حلیم طبع اور شریف النفس آدمی نے لاکھوں انسانوں کی موت کا ذمہ دار کیسے ہو سکتا ہے۔ اسرائیلی حکومت نے psychiatrists کا panel بٹھایا تاکہ اس کی جانچ پڑتال کی جا سکے جو اس نتیجے پر پہنچے کہ اس شخص میں مندرجہ ذیل خصوصیات ہیں۔

- چکنی چپڑی باتیں کرنا (gradually tapered)۔
- ہر ایک کی عزت کرتا ہے۔
- ہر ایک سے شفقت سے پیش آتا ہے۔
- عورت سے زیادہ ادب کا اظہار۔
- کوئی بات پوچھیں تو جواب دے ورنہ خاموش۔
- کسی قسم کی تشویش کا شکار نہیں ہے۔

ایسے لوگ عام زندگی میں بے ضرر اور شکل و صورت سے معصوم نظر آتے ہیں وہ اتنے خطرناک ہوتے ہیں کہ اپنا مقصد حاصل کرنے کے لیے خواہ اپنے ماں باپ، بہن بھائی اور بیوی بچوں کو بھی موت کے گھاٹ اتار سکتے ہیں۔"

اس شخصیت میں [illegible] سے متعلق ایک واقعہ یاد آیا ہے۔ ہمارے لڑکپن کا زمانہ تھا۔ گجرات شہر کا ایک انگریز کلیم صاحب [illegible] Judicial [illegible] ہم لوگ باشعور نہیں تھے۔ بڑوں کی باتوں کو پوری طرح سمجھ نہیں سکتے تھے [illegible] چنانچہ ایک دن گرمیوں میں ہم کچہری جا پہنچے۔ ہم نے دیکھا کہ [illegible] (جب کبھی [illegible] بے احتیاطی کی وجہ سے [illegible]) کے قریب ایک نلکے سے ٹھنڈے پانی کا [illegible] بڑی مقدار میں پانی نکل رہا تھا ہم نے حیرت اور خوشی کے ملے جلے جذبات سے پانی کی آبشار [illegible] گرمیوں کے موسم میں اس قدر ٹھنڈا پانی ایک نعمت تھی۔

اس کے بعد [illegible] ایک بہت بڑے درخت کے نیچے جو کہ اب بھی موجود ہے۔ کلیم صاحب [illegible] sneakers ایک لکڑی کی کرسی پر بیٹھے ہوئے ہیں۔ ان کے سامنے لکڑی کا میز جس پر Sola hat اور ایک [illegible] پاس ہی موجود ہے۔ اس کے علاوہ چند فائلیں میز کی دائیں طرف قلم اور دوات [illegible] Honorary Magistrate بیٹھے ہوئے تھے۔ ان کے ساتھ تھوڑی دور [illegible] کے بعد [illegible] سے ہو گئے۔

تھوڑی دیر بعد ایک تھانیدار جس نے ایک مجرم کو ہتھکڑی پہنا رکھی تھی اور ہتھکڑی کی زنجیر کا دوسرا سرا اپنی پیٹی کے ساتھ باندھ رکھا تھا [illegible] آن پہنچا۔ آتے ہی تینوں نے salute کیا اور مجرم کو تھوڑی [illegible] کلیم صاحب کرسی سے اٹھ کھڑے ہوئے اور ایک فائل کو پڑھنے کے بعد کہا، "تھانیدار صاحب چور کی ہتھکڑی [illegible]" چنانچہ تھانیدار صاحب نے حکم کی تعمیل کی۔ کلیم صاحب مجرم سے مخاطب ہوئے:

"چوری [illegible] ثابت [illegible]"

چور [illegible] اور اس نے [illegible] میں [illegible] کلیم صاحب نے دوبارہ اپنا فقرہ دہرایا مگر چور تو کانپ رہے تھے اور

Marfat.com

کرسی پر بیٹھنے سے گریز کیا تو سیٹھ چراغ نے اسے غلیظ گالی دے کر اونچی آواز میں کہا: "اوئے! صاحب بہادر کا حکم کیوں نہیں مانتے۔"

ان کے لہجہ کا اثر تھا کہ چور صاحب کرسی پر بیٹھ گئے۔

سلیم صاحب نے سیٹھ چراغ کو مخاطب کرتے ہوئے حیرت سے کہا:

"انگریزی مجسٹریٹ صاحب اس نے آپ کی بات فوراً ہی مان لیا۔"

"صاحب چور تو میری ہی زبان سمجھتے ہیں۔"

سلیم صاحب اپنی کرسی پر بیٹھ گئے اور فائل کو مزید غور سے دیکھنا شروع کیا اور پوچھا

"تو کیا صاحب چوری کا جرم کیا ہے؟"

"Sir! اس نے تو کیا آدھا من دال ایک دکان سے چوری کی۔"

"یہ کیسے ہو سکتا ہے، اتنا وزن اٹھا کر چور کیسے بھاگ گیا؟"

"جناب عالی! ہم ان چوروں کو خوب سمجھتے ہیں۔"

چور نے رونا شروع کر دیا اور چیختے ہوئے کہا:

"صاحب جی! میں نے تھوڑی سی دال چوری کی تھی پکڑے جانے کے ڈر سے۔"

"چور! تو آپ نے دال کیوں چوری کیا؟"

"میں چار دن سے بیماری سے مزدوری کرنے والے ہاتھ میں کوئی مزدوری نہیں ملتی میں دال چوری کرنے پر مجبور ہوا کیونکہ میرے بچے بھوکے تھے۔"

جب چور نے معصومیت سے یہ بات بتائی تو سلیم صاحب نے نہایت شفقت سے فرمایا: "اچھا آج سے آپ دال نہیں بیچیں گے بلکہ چوری نہیں کرو گے۔ ہمارے پاس مال پہلے موجود ہے جس کی ہدایت پر آپ کام کرو گے اور یہ کام شفٹ میں 5 دن ہوں گے کھانے ہو گا۔ روزانہ آپ کو گھر لے جا کر آئندہ آپ چوری نہیں کرو گے۔"

تو ظاہر ہے یہ ان دونوں کا انصاف جنہیں ہم کافر کہتے ہیں اور انسانیت کو جنہیں کہ چور کی چوری کا سبب بتایا ہے عدالت میں کرسی پر بیٹھے ہیں۔

"یہ ہے انسانیت کی عظمت اور انصاف"

"دس شیریں نوں قتل فرہاد کیتا
یاں شیریں خود قاتل فرہاد دی اے"

شاعر نے پنجابی زبان میں اس شعر میں نہیں پیش کیا کہ جب تیشوں نے کیا "پہاڑ کاٹ" شیریں کے عشق میں فرہاد نے جھوٹی خبر کی بنا پر فرہاد کو کیا کہ شیریں وفات پا گئی ہے۔ اس نے یہ سنتے ہی تیشہ اپنے سر پر مار کر اپنی جان دے دی۔ تو انہوں نے فرہاد کو شیریں کے مرنے کی خبر سنائی تو وہ برداشت نہ کر سکا اور تیشہ اپنے سر پر مار کر جان دے دی۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کون کس کا قاتل ہوا؟ شیریں کو فرہاد نے مار دیا یا فرہاد کو شیریں نے۔ کون کس کی بات کی قربان گاہ پر بھینٹ چڑھ گیا؟

اس طرح معصوم حسین ہانی پر جو قیامت ٹوٹی اس نے بھی اردو ادب کے عظیم افسانہ نگار سعادت حسن منٹو کی یاد دلا دی۔ قصہ کچھ یوں ہے کہ حامد جلال جو سعادت حسن منٹو کے بھانجے ہیں "منٹو ماموں کی موت" کے عنوان سے نقوش اپریل 1961 میں صفحہ 483 پر رقمطراز ہیں:

"درحقیقت ماموں مرحوم کی زندگی کی دو خواہشات تھیں ایک خواہش تو یہ تھی کہ ان کا انجام مرنے سے ایک دن پہلے انہوں نے اپنے دوستوں کے ساتھ ایک ریسٹورنٹ میں کیا کہ وہ اپنے بھانجے حامد جلال کے ساتھ حنیف کی شادی ... سے آج بیٹھے ہیں

Marfat.com

ہے اور میری خواہش اس مظلوم عورت حسین بی بی کی موت پر افسانہ لکھنے کی تھی جس کی بے یار و مددگار برہنہ لاش گجرات میں اب سڑک پر پائی گئی۔

''اخبارات میں اشاعت پذیر اطلاعات کے مطابق اس عورت اور اس کی ننھی منی بچی کو گجرات پنجاب بس کے اڈے سے اغوا کیا گیا اور نصف درجن کے قریب درندہ صفت ہوس پرستوں نے وحشیانہ خواہشات کی تکمیل کی اور جب وہ شدید سردی کی لہر کے دوران ان کے چنگل سے نکل کر بھاگ نکلی تو جسم پر لباس کی ایک تار تک نہ تھی لہذا ان مظلوم ماں بیٹی نے منجمد کر دینے والی سردی میں بے بسی سے دم توڑ دیا۔

''اس سانحے سے ماموں جان (سعادت حسن منٹو) بے حد متاثر ہوئے۔ اسی روز شام کے وقت گجرات سے کچھ لوگ ان سے ملنے آئے اور انہوں نے مذکورہ واردات کی مزید تفصیلات بتائیں جو حساس طبع انسان کے احساسات کو مجروح کرنے کی حد تک ثابت ہوئیں جس پر غم غلط کرنے کے لئے معمول سے زیادہ شراب نوشی میں زیادتی مرحوم کی موت کا موجب بنی۔ اس طرح ایک عظیم افسانہ نگار اس کی تخلیق پر قلم اٹھانے سے قبل ہی حسین بی بی اور معصوم بچی کی بھی جان لے لی۔

کتابوں کی دکان

راقم 18 ستمبر 1995 کی شام وطن واپس آنے کے بعد Islamabad Ambassador Hotel کی لابی میں بیٹھا Time میگزین کا مطالعہ کر رہا تھا چونکہ رات کا کھانا کھانے کے بعد میری بیگم اپنے کمرے میں جا چکی تھیں۔ تھوڑی دیر کے بعد ایک شخص جو ہوٹل میں کھانا کھا چکا تھا لابی میں موجود دیگر آدمیوں کے ساتھ ہوتے ہوئے میرے پاس سے گزر کر بالائی منزل پر جانے لگا۔ اس کی نظر مجھ پر پڑی تو وہ ٹھٹک گیا اور وہ مجھے شناسائی کی حیثیت سے دیکھنے لگا۔ میں نے بھی اس کے زاویہ نگاہ کو محسوس کیا کہ صورت جانی پہچانی تھی۔ وہ بتدریج سیڑھیوں پر سے بالائی منزل تک چلا گیا مگر نظریں مجھ پر ہی جمی رہیں۔ کچھ دیر بعد ہی واپس لوٹ کر میرے نزدیک صوفے پر بیٹھ کر مجھ سے مخاطب ہوا۔ ''معاف کرنا میں نے کہیں آپ کو دیکھا ہے۔''

''ممکن ہے کیونکہ میری شباہت عام لوگوں سے ذرا مختلف ہے۔''

''آپ کس شہر میں پڑھا کرتے تھے؟'' مذکورہ شخص نے جاننا چاہا۔

''میں نے گجرات سے میٹرک پاس کرنے کے بعد لاہور اسلامیہ کالج ریلوے روڈ میں داخلہ لیا۔''

میرے اتنے کہنے پر وہ صوفے سے اٹھا نہایت گرمجوشی اور وارفتگی سے مجھ سے بغلگیر ہوتے ہوئے پوچھا:

''آپ کا نام راجہ نسیم ہے نا؟''

''جی ہاں!'' میں نے خوش آئند حیرت سے جواب دیا۔

''میرا نام سلیم ہے۔''

خوب! چوہدری سلیم جو شیخوپورہ کے نزدیک کسی گاؤں کا رہنے والا اور Rivaz Hostel میں مقیم تھا اگرچہ وہ میرے حلقہ احباب میں سے نہ تھا پھر بھی ہم یار دوست جب اسلامیہ کالج کی گراؤنڈ میں شام کو بیٹھتے تو اپنے ایک دیگر ساتھی کے ہمراہ ہمارے قریب آ کر بیٹھ جاتا اور ہماری گپ شپ سے محظوظ ہوا کرتا۔ میرا طرز کلام استفہامیہ نوعیت کا تھا۔

ہم اپنے اپنے careers سے متعلق باتیں کرتے رہے اور باتوں باتوں میں اس نے مجھ سے کہا:

''تین دن پہلے کی بات ہے۔ میں اپنے بیٹے کیلئے Pickthal والے انگلش کے ترجمہ والا قرآن مجید لینے کیلئے فیروز سنز کی دکان پر گیا مختلف کتابوں کو دیکھ رہا تھا تو میری نظر ایک کتاب Saltanat پر ٹھہر گئی جس کے cover پر کسی صاحب کی تصویر چھپی ہوئی تھی میں نے پہلی نظر میں ہی پہچان لی وہی سفید لباس، پر نور چہرہ۔ جب میں نے مصنف کا نام پڑھا تو آپ کا نام تحریر شدہ تھا بے اختیار وہ کتاب میں نے خرید لی۔''

چوہدری سلیم نے عہد رفتہ کا ایک واقعہ یاد دلایا جو کچھ یوں تھا کہ حسب معمول ایک شام جب ہم اسلامیہ کالج کے گراؤنڈ میں

Marfat.com

موجود تھے تو پیر صاحب (جیسا کہ اکثر ہوا کرتا تھا) گجرات سے تشریف لائے اور نہایت شفقت آمیز لہجہ میں فرمایا:
"بیٹا نصیر میں تمہیں اور تمہارے دوستوں کو کباب کھلانے کے لیے آیا ہوں۔"

جب میرے دوست اور میں اٹھ کر پیر صاحب کے ساتھ چلنے لگے تو چوہدری نسیم اور اس کا ساتھی بیٹھے رہے۔ یہ دونوں میرے دوستوں میں سے فی الوقت نہ تھے۔ پیر صاحب نے ان سے بھی ساتھ جانے کو کہا۔ گوالمنڈی کی ایک دکان جو کبابوں کے لیے مشہور تھی وہاں ہم جانے کے لیے سب پیدل چل دیے خوب جی بھر کر کباب کھائے تاہم پیر صاحب نے خود چکھے تک نہ تھے۔ کبابوں سے انصاف کر چکنے کے بعد انہوں نے مجھے کچھ پیسے دیئے۔

ازاں بعد جب واپس گجرات جانے کا ارادہ ظاہر کیا تو چوہدری نسیم اور اس کے دوست سے بالخصوص شفقت کا اظہار کیا۔ معاً مجھے تاکید کی کہ بیٹا نصیر آئندہ ایسی بد اخلاقی کا مظاہرہ نہ کرنا۔ نسیم بھی کسی کی آنکھ کا تارا ہے۔ پھر پیر صاحب اور ہم چلتے چلتے برانڈرتھ روڈ تک گئے۔ پیر صاحب تو سیدھے ریلوے سٹیشن پہنچ گئے اور ہم ایک گلی سے ہوتے ہوئے مبارک مسجد کے پچھواڑے کے راستے ہوسٹل پہنچ گئے۔ اس دن سے چوہدری نسیم بھی ہمارے حلقہ احباب میں شامل ہو گیا۔ بعد میں گجرات بھی متعدد بار ہمارے دیوان خانہ میں آ کر رہا۔

نسیم نے پیر صاحب کے متعلق پوچھا کہ آیا وہ اب بھی تمہارے ساتھ ہیں؟ جس پر میں نے جواب دیا کہ وہ تو اب فوت ہو چکے ہیں یہ سن کر نسیم کی آنکھوں میں نہ صرف آنسو آ گئے بلکہ رونا شروع کر دیا۔ کافی دیر باتیں ہوتی رہیں۔

اس نے بتایا کہ اب وہ برمنگھم میں Speedwell Road (جہاں میں تعلیم کے دوران رہا کرتا تھا) پر مقیم ہے۔ اس کے دو بچے ہیں آجکل وہ اپنے بیٹوں کے رشتے کے لیے پاکستان آیا ہوا ہے اور مجھے تاکید کی "صبح مجھے ہر حال میں متعارف کروانا کیونکہ پرسوں میں نے واپس چلے جانا ہے" ہم بغلگیر ہوئے اور خدا حافظ کہہ کر اپنے اپنے کمرے میں چلے گئے۔

اس رات مجھے ایک بجے بارہ منٹ پر سخت بخار ہو گیا اور سورج طلوع ہوتے ہی ہم گجرات کے لیے روانہ ہو گئے۔ بخار اس قدر شدید تھا کہ میں تمام راستہ کار کی پچھلی سیٹ پر لیٹا رہا مگر میں نسیم کے لیے reception desk پر ایک پیغام چھوڑ آیا۔

Speedwell روڈ جس کا ذکر نسیم نے کیا میری اس روڈ سے بڑی یادیں وابستہ ہیں۔ وہاں راقم کا ایک دوست نوید خواجہ مقیم تھا (ضمیمہ 75) اسے یہ وہم ہو گیا کہ وہ بتدریج گنجا ہو رہا ہے جب بھی نوید زمان اور میں weekend پر اس سے ملنے جاتے تو وہ heater کے پاس بیٹھ مختلف ترکیبیں اور بال اگانے کے lotions وغیرہ لگاتا رہتا۔ دوست احباب اسے کہتے کہ یہ lotions وغیرہ کسی کام کے نہیں ہیں۔ فضول پیسے ضائع کر رہے ہو مگر وہ کہتا کہ ان میں کوئی نہ کوئی نسخہ کارگر ہو گا۔ اس کی عادت تھی کہ تمام سر پر لوشن کی مالش کرنے کی بجائے صرف دائیں ہاتھ کی دو انگلیوں کو لوشن لگا کر سر کے ایک طرف سے دوسری طرف پھیرتا رہتا۔ کچھ عرصے بعد یوں ہوا کہ سر کے بال تو اُگے نہ تھے مگر دو انگلیاں سر پر نمایاں ہو گئیں۔

ڈاکٹر شریف صاحب

ڈاکٹر شریف صاحب dedicated پروفیسر تھے جن کی زندگی کا مقصد صرف کام اور طالب علموں کی تربیت کرنا تھی۔ یہ ان دنوں کی بات ہے جب راقم گورنمنٹ کالج لاہور میں M. Sc کی ڈگری کے حصول کے لیے زیر تعلیم تھا۔ Zoology کی laboratory گورنمنٹ کالج کے بالمقابل Physics کی laboratory کے شمال میں واقع تھی۔

انارکلی میں Bible Society کے قریب بالمقابل ایک "کینٹین" ہوا کرتی تھی جو ہم یاروں دوستوں کی خاص طور پر اظہر الدین بھٹی، ڈاکٹر وکیل خاں، عبد القیوم اور ڈاکٹر ماجد یاسین، ڈاکٹر عبد الرشید میر کی مخصوص بیٹھک ہوتی۔ یہاں پر کٹے کباب، نان روٹی، چھولے وغیرہ نہایت سستے داموں مگر اعلیٰ کوالٹی کے ملتے اور مزے کی بات یہ کہ یہاں ہمارا ادھار بھی چلتا۔ خاص طور پر ٹیسٹ میچ کے دنوں میں کینٹین پر ہم لوگ گھنٹوں بیٹھتے اور commentary سنا کرتے۔ ان دنوں ٹیلیویژن کی سہولت میسر نہ تھی۔

راقم ڈاکٹر شریف صاحب کا favourite طالب علم تھا۔ ڈاکٹر صاحب کا ایک تکیہ کلام تھا "What happened is

Marfat.com

this Pir Sahib ?" جو کلاس کے دوران بار بار استعمال کرتے اور اگر میں کلاس میں موجود ہوں یا نہیں انہیں اس سے کوئی فرق نہ پڑتا۔ مجھے کلاس میں ہی موجود خیال کرتے اور اپنا تکیہ کلام بار بار دہراتے رہتے۔ چند ایک دفعہ تو یوں ہوا کہ میں نے عین کلاس کے دوران کوئی شرارت کی تو ڈاکٹر صاحب میرے پیچھے بھاگ اٹھے۔

ایک دن جب ڈاکٹر صاحب کلاس لے رہے تھے تو میں دبے پاؤں کلاس سے نکل کر کیفے ٹیریا میں جا بیٹھا۔ جب ڈاکٹر صاحب نے اپنا تکیہ کلام دہرایا تو انہیں ایک دم یہ خیال آیا کہ پیر صاحب تو کلاس میں موجود ہی نہیں۔ انہوں نے مولوی صاحب جو ایک باریش بزرگ اور ڈاکٹر صاحب کے خدمت گار تھے، کو مجھے تلاش کرنے کے لیے بھیجا۔ مولوی صاحب کو پتہ تھا کہ راقم کہاں جاتے ہیں چنانچہ مولوی صاحب نے کیفے ٹیریا کا رخ کیا اور مجھے مخاطب کر کے کہا:

"ڈاکٹر صاحب بڑے ناراض ہو رہے ہیں اور مجھے جناب کو بلانے کے لیے خاص طور پر بھیجا ہے۔"

اب میرے پاس سوائے کلاس میں حاضری کے کوئی متبادل راستہ نہ تھا لہٰذا مولوی صاحب کے ساتھ چلتا ہوا کلاس روم میں آ گیا۔ ڈاکٹر صاحب نے راقم کو تھوڑی سی ڈانٹ پلائی اور مخصوص تکیہ کلام دہراتے ہوئے مخاطب ہوئے:

"پیر صاحب Peritrophic membrane (ضمیمہ 76) کے topic سے متعلق تمہیں کیا معلوم نہیں ہونا چاہیے؟"

ڈاکٹر صاحب ایسے سوال پوچھنے کا کوئی چانس ضائع نہ کرتے تو یہ بھی سنتے جاتے کہ ڈاکٹر صاحب خود کس کس دن کے وقت بڑی بڑی کتابیں پڑھتے ہیں (ضمیمہ 77) اس وقت اپنی کوٹھی میں جو گورنمنٹ کالج کی لیبارٹری کے مشرق کی طرف واقع تھی، میں بالکل ... ایک دفعہ مجھے شرارت سے زیادہ ہی سوجھی۔ لیبارٹری میں آ کر میں نے یاروں دوستوں کو مذاقاً کہہ دیا:

"ڈاکٹر صاحب کو پتہ نہیں کہ میرے خاندان سے کیسے تعلقات ہیں!"

کسی بدبخت نے ڈاکٹر صاحب کے کان بھر دیئے کہ پیر صاحب کا بدمعاشوں کے ساتھ بھرپور تعلق ہے۔ تین چار دنوں کے بعد ہم lab میں ریسرچ کر رہے تھے کوئی چار بجے کے قریب وہی مولوی صاحب آئے اور ڈاکٹر صاحب کا پیغام دیا کہ دفتر میں یاد فرماتے ہیں۔ تمام یار دوستوں نے غیرت بھری نگاہوں سے میری طرف دیکھا اور پر نظریں گاڑ دیں کہ پیر صاحب کو آج تنبیہی ڈانٹ پڑنی ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے کیوں بلایا ہے تو دل ہی دل میں "چل تو جا، تو آئی بلا کو ٹال تو" کا ورد کرتا ہوا ڈاکٹر صاحب کے کمرے کے نزدیک پہنچا تو دیکھا کہ ڈاکٹر صاحب میز کے پیچھے اپنی کرسی پر براجمان تھے۔ راقم کو دیکھ کر اندر آنے کے لیے کہا اور ساتھ ہی دروازے کو اندر سے bolt کرنے کے لیے بھی کہا۔ میں سہم گیا اور میز کے ایک طرف کھڑا ہو گیا۔ پھر ڈاکٹر صاحب نے فرمایا:

"اپنے پیچھے والی الماری کھولو۔"

راقم نے حکم بجا لایا۔ پھر کرسی پر بیٹھے ہوئے مجھے اشارہ دیا "وہ کتاب نکالو!"

جونہی میں نے اپنے اندازے کے مطابق ایک کتاب کو ہاتھ لگایا "یہ نہیں وہ کتاب نکالو۔"

ڈاکٹر صاحب کا چہرہ تنا ہوا تھا کہ مطلوبہ کتاب کا نام پوچھنے کی جسارت بھی نہ کر پا رہا تھا بہرحال میں نے حکم بجا لاتے ہوئے جب کتاب کو ہاتھ لگایا تو فرمایا "یہ نہیں۔"

متذبذب کیفیت کے زیر اثر جب سب سے نچلے shelf سے اوپر والے shelf میں کتاب کو ہاتھ لگایا تو کہنے لگے:

"تیسرے shelf کی تیسری کتاب نکالو۔"

راقم نے جونہی کتاب اٹھائی دیکھا کہ اس کتاب کے پیچھے پستول پڑا ہوا تھا۔

"نہیں نہیں اس کتاب کو وہیں رکھ دو اور میرے پاس آؤ۔"

میں جب ڈاکٹر صاحب کے پاس جا کر ادب میں جانب ٹھہر گیا۔ ڈاکٹر صاحب غصے سے منہ میں بڑبڑاتے رہے لیکن پھر کچھ غم کو زائل کرتے ہوئے کہنے لگے: "جاؤ اپنا کام دھیان سے کیا کرو۔"

جب میں نے دوستوں کو lab میں جا کر یہ سارا ماجرا سنایا تو ایک دوست محمد عبدالقیوم نے کہا کہ مجھے بھی ایک دفعہ ان حالات سے گزرنا پڑا۔ ڈاکٹر صاحب کا مطلب یہ تھا کہ میرے ساتھ بدمعاشی وغیرہ نہیں چل سکتی۔

Marfat.com

اس قسم کے mentor اب کہاں ملتے ہیں۔

''اب انہیں ڈھونڈ چراغ رخ زیبا لے کر''

ڈاکٹر صاحب کے دل میں students کی فلاح پیش نظر تھی۔ وہ صرف یہی چاہتے تھے کہ یہ سب ہونہار disciplined، well trained and hard working ہوں۔ آپ کی دی ہوئی تربیت کی رمق ابھی تک سب میں پائی جاتی ہے۔

ڈاکٹر صاحب کو ''Camel'' سگریٹ پینے کا بڑا شوق تھا اور کبھی کبھار اپنے students کے ساتھ انگریزی فلم بھی دیکھنے چلے جایا کرتے۔ ایک دفعہ ڈاکٹر صاحب، ظہیر الدین ہاشمی اور میں رائل سینما مال روڈ پر اس زمانے کی مشہور انگریزی فلم High Noon دیکھنے گئے۔ میں اپنا [illegible] کی دائیں طرف، درمیان میں ڈاکٹر صاحب اور ہاشمی بائیں طرف۔ [illegible] صاحب نے ہی دی۔

اس فلم میں Gary Cooper اپنے دور کا لاجواب ایکٹر تھا اور Jane Russell اس دور کی sex queen تھی۔ [illegible] جب بھی کوئی ایسا ویسا ''scene'' آتا تو ڈاکٹر صاحب اپنا چہرہ نیچے کر لیتے اور غصے میں [illegible] Interval سے پہلے ہی ڈاکٹر صاحب ہمیں باہر لے آئے حالانکہ دل ہی دل میں ہاشمی اور میں ساری فلم دیکھنے کے خواہش مند تھے۔

پہلے ڈاکٹر صاحب ہمیں چوہدری کے قریب رہا کرتے۔ اب ڈاکٹر صاحب lab کی مشرق میں [illegible] کی کوٹھی میں [illegible] جب ہم resrarch میں مصروف ہوتے تو ڈاکٹر صاحب یہ چاہتے تھے کہ students کا [illegible] وقت ضائع نہ ہو۔ انہیں اتنی research کرنی پڑتی کہ رات گئے تک ہم lab میں ہی رہتے۔ lab میں آتے جاتے [illegible] دوسرے ذریعے یا پہنچتے۔

ایک شام کے قریب آپ کے ملازم نے lab میں آ کر کہا کہ پیر صاحب اور ہاشمی کو ڈاکٹر صاحب اپنی رہائش گاہ پر بلا رہے ہیں۔ ہمیں ذرا تعجب ہوا کہ [illegible] ڈانٹ کی پالیسی ہو گی۔ ڈانٹ پلانے کا مقصد یہ نہیں ہوا research [illegible] جب ہم living-room میں داخل ہوئے تو ہمیں گراموفون سے ایک مشہور فلمی گیت (تقریباً 78) [illegible] سنائی دیا [illegible]

''میری گلی [illegible] جب چاندا''

'' --- --- ---

جب ڈاکٹر صاحب ہمیں ''ڈانٹ پلا'' رہے تھے تو ہم نے دیکھا کہ یہ ساتھ والے کمرے میں [illegible] صاحب کا [illegible] گراموفون پر یہ ریکارڈ چل رہا تھا۔ ڈاکٹر صاحب کے پیچھے [illegible] lab میں واپس آئے۔ [illegible] بعد میں انہوں نے اپنے بیٹے کی [illegible] بعد میں [illegible] [illegible] [illegible] ڈاکٹر [illegible] [illegible]

ڈاکٹر صاحب اکثر اپنے سر پر Sola hat (Pith hat) رکھتے تھے۔ ایک دن کلاس میں بیٹھے [illegible] ہاتھ میں pointer پکڑے ہوئے [illegible] کھڑے ہوئے تھے۔

'' What happened is this Pir Sahib. I have headache ''

''Sir! آپ نے سر سے ہیٹ نہیں اتارا شاید اسی وجہ سے درد ہو رہا ہے'' راقم نے عرض کیا۔

''ہاں'' اور فوراً ہیٹ اتار کر ایک طرف رکھ دیا اور اپنے کام میں مصروف ہو گئے۔

ڈاکٹر صاحب اتنے مخلص تھے کہ اکثر کہا کرتے جب مجھے [illegible] خداوندی سے [illegible] اس وقت بھی Duty پر

Marfat.com

ہی ہو نہال خدا کا کرنا دیکھئے ان کی آرزو پوری ہوئی اور ایسا ہی ہوا۔ مغربی پاکستان سے آپ مشرقی پاکستان میں کسی اعلیٰ عہدے پر فائز تھے تو موت نے آپ کو فرائض انجام دیتے ہی آن لیا۔

ڈاکٹر صاحب یونیورسٹی کے قریب رہائش پذیر تھے تو آپ کی اہلیہ محترمہ بیمار پڑ گئیں مگر آپ نے ایک دن بھی فرائض کو پورے کرنے سے وقت کی سے مرتب نہ ہونے دیا۔ آپ کی اہلیہ کا مرض اس حد تک بڑھ گیا کہ وہ قریب المرگ ہو گئیں۔ ڈاکٹر صاحب حسب معمول دفتر پہنچ کر کلاس لینے پہنچ گئے۔ ابھی کلاس لینا شروع کی ہی تھی کہ آپ کے ملازم نے آپ کو زندگی کے ساتھی کی موت کی خبر سنائی۔ ہم سب نے بھی سنا مگر ڈاکٹر صاحب تھے کہ کلاس آرام سے دیتے رہے اور کلاس کا پورا وقت ختم ہونے کے بعد ہی اپنے دفتر گئے نائب قاصد کو بلایا اور گھر تشریف لے گئے۔ ہم سب نے نماز جنازہ میں شرکت کی۔

اب کہاں وہ لوگ جو اپنے فرائض کو انجام دینے میں کسی قسم کی کوتاہی کو برداشت نہیں کرتے۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ڈاکٹر صاحب مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے۔ یہ ان لوگوں کی محنت کا ثمر ہے کہ ان کے student جہاں بھی گئے اپنا مقام پیدا کیا اور دوسروں کے لئے مشعل راہ ثابت ہوئے۔

جیسا کہ پہلے ذکر کیا جا چکا ہے۔ ہم lab میں رات گئے تک research کرتے اور ڈاکٹر صاحب ساتھ ہی کوٹھی میں رہائش پذیر تھے۔ ہم نے یوں کیا کہ دروازوں اور کھڑکیوں کے شیشوں پر lab کی اندر کی طرف کاغذ چسپاں کر دیئے۔ چار یا پانچ بجے بعد ہمیں یقین ہو جاتا کہ ڈاکٹر صاحب کے ذات پانے کا وقت گزر گیا ہے۔ نہ ہی lab میں آئیں گے اور نہ ہی اپنی کوٹھی پر بلائیں گے۔ ڈاکٹر صاحب تھے۔ lab کے دروازے پر knock کر کے چند لمحوں کیلئے ہمیں سے آ ہی جاتے اور ہمارا کام چیک کرتے۔ جونہی ڈاکٹر صاحب جاتے ہم دروازے کو اندر سے bolt کر لیتے اور flash کھیلنا شروع کر دیتے۔

نہ جانے کس طرح ڈاکٹر صاحب کو شک ہو گیا کہ کچھ گڑبڑ ہے۔ اب ہم لوگوں کو چوکنا رہنا پڑتا جونہی lab کے دروازے پر دستک ہوتی ہم تاش کے پتوں کو جلدی میں بند کر کے ڈیسک کے دراز میں کہیں چھپا دیتے۔ ہمیں خبر تک نہ ہوئی اور ڈاکٹر صاحب نے کسی طرح دروازے کے شیشوں پر جو کاغذ لگے ہوئے تھے ان پر ہلکا سا سوراخ کر لیا۔

ایک دفعہ جب ہم لوگ تاش کھیلنے میں مصروف تھے تو ہمارا خیال ہے کہ ڈاکٹر صاحب نے باہر سے سوراخ میں سے دیکھ لیا اور دروازے پر دستک دی قیوم نے دروازہ کھولا مگر ڈاکٹر صاحب کے کمرے میں داخل ہونے سے پہلے میں نے تاش کے پتے چھپا دیئے اب ڈاکٹر صاحب کو یہ پتہ نہیں تھا کہ تاش کس student کی میز کے دراز میں ہے۔

اس دن ہم نے مچھر کے salivary glands کی microscope slides تیار کی ہوئی تھیں اور ہر کوئی اپنی microscope کی مدد سے اپنی اپنی slide کو دیکھنے میں مصروف ہو گیا۔ ڈاکٹر صاحب کی عادت تھی کہ وہ ایک student کے پاس آتے اور student اٹھ کھڑا ہو جاتا۔ ڈاکٹر صاحب اس کے سٹول پر بیٹھ کر اس کی microscope کی مدد سے slide دیکھتے۔ ڈاکٹر صاحب حسب معمول students کی سلائیڈ دیکھتے گئے اور اس دفعہ ساتھ drawer بھی کھولتے رہے۔ جب میری باری آئی میں بھی کھڑا ہو گیا۔ ڈاکٹر صاحب نے میری سلائیڈ کو دیکھا اور میرے میز کے drawer کو بھی کھولا وہاں مطلوبہ "شے" تاش کی ڈبیہ پڑی ہوئی تھی۔ ڈاکٹر صاحب نے تاش کی ڈبیہ کو اٹھایا اور ڈبیہ کو ادھر سے ادھر دیکھا۔ پھر تاش کو وہاں ہی رکھ کر drawer کو بند کر دیا اور آرام سے چلے گئے۔ یہ ہماری سمجھ سے بالاتر تھا کہ ڈاکٹر صاحب کو واقعی پتہ تھا اس میں تاش کے پتے ہیں اور ہم lab میں تاش بھی کھیلا کرتے ہیں یا نہیں۔ اگر پتہ تھا تو وہ کتنے عظیم انسان کہ اس کے متعلق کبھی ہم سے ذکر نہ کیا اگرچہ ہم اس کے بعد بھی باقاعدگی سے فلیش کھیلتے رہے۔ ایسے استاد اور ایسے کردار اب کتابوں میں ہی ملتے ہیں۔ راقم کو یہ کہنے میں کوئی جھجک نہیں کہ ان کے شاگرد جس مقام پر بھی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل اور ان کے جوتوں کے طفیل ہیں۔

Sir سلائیڈ کہاں رکھوں؟

1952 گورنمنٹ کالج لاہور میں جب راقم M.Sc. میں زیر تعلیم تھا تو انگلینڈ کی چند ایک یونیورسٹیوں سے Ph.D کیلئے

Marfat.com

خط و کتابت شروع کر دی۔ بہر حال M.Sc. میں کامیابی حاصل کرنے کے بعد میرا admission تو 1955 میں کامیابی سے Birmingham یونیورسٹی میں ہو گیا لہذا وقت گزاری کیلئے میں نے اپنے پروفیسر ڈاکٹر شریف صاحب سے بات کی تو انہوں نے مجھے Zoology کی کلاس کے پریکٹیکل کا demonstrator مقرر کر دیا۔ تنخواہ صرف 150 روپے ماہانہ تھی۔ demonstrators کے In-charge ڈاکٹر حکیم صاحب متعین ہوا کرتے تھے جن سے بعد میں میری ملاقات انگلینڈ میں ہوئی جہاں وہ بھی Ph. D کی ڈگری کے حصول کیلئے گئے ہوئے تھے۔

ایک روز practical کی کلاس میں طالب علم مجھے microscopes کی مدد سے اپنی اپنی slides دیکھ رہے تھے۔ میں سب desks کی قطاروں میں گھوم گھوم کر slides دیکھ رہا تھا۔ ایک خاتون کی سیٹ کے قریب پہنچا تو اس نے کہا

"Sir، میں slide کہاں رکھوں، نیچے یا اوپر؟" دراصل اس کا مطلب تھا کہ slide کو desk پر رکھے یا microscope کی stage پر۔

"میں اب شریف آدمی ہو گیا ہوں جہاں مرضی ہے رکھ دو۔"

یہ نوجوانی بھی کیا سر مستیوں کا دور تھا اور تب بغیر سوچے سمجھے شعوری جذبوں کی آنچ سے جو منہ میں آتا کہہ دیا کرتی۔ کیسا گل افشانیوں کا زمانہ تھا اب تو انسان میں عہد رفتہ کی یاد ہی عجیب سی ہے۔ سوچتا ہوں کہ واقعی وہ خاتون یہ سوال کرتی تو میں بھی ویسا ہی ذو معنی جواب دے سکتا تھا۔

ایک اور موقع پر practical کی کلاس میں Scoliadon (مچھلی) کی cranial nerves کو expose کرنے کی dissection ہو رہی تھی جیسا کہ demonstrator کی duty ہوتی کہ کلاس میں گھومتے رہیں اور سب کو دیکھیں اگر کوئی دقت پیش آئے تو مدد کریں۔ میں شائق desk والی قطار میں students کی دیکھ بھال کر رہا تھا تو ایک لڑکی نے nerves کو dissect کرتے ہوئے ایک nerve کی طرف scalepal سے اشارہ کرتے ہوئے پوچھا

"Sir، یہ nerve یہاں سے کہاں تک جاتی ہے؟"

میں نے nerve کو تھوڑے سے jaw کی طرف trace کر کے چھوڑ دیا۔

"Sir، آگے کہاں تک جاتی ہے؟"

"مجھے جتنی تنخواہ ملتی ہے اس کے مطابق تو آپ کو بتا دیا اگر زیادہ پوچھنا ہے تو حکیم صاحب سے پوچھیں وہ زیادہ تنخواہ لیتے ہیں۔" میں مسکراتے ہوئے آگے چل پڑا۔

Marfat.com

جو بھی گذری کمال گذری ہے"

گجرات سے اعلیٰ تعلیم کے لئے انگلستان روانگی

گجرات سے کراچی بذریعہ ریل گاڑی

پوزیشن لے کر 1954ء میں پنجاب یونیورسٹی لاہور سے M.Sc Zoology کی ڈگری نمایاں اعزاز سے حاصل کی۔ اس زمانے میں خواجہ ناظم الدین پاکستان کے وزیر اعظم تھے جنہوں نے پنجاب یونیورسٹی کے سینٹ ہال میں منعقدہ ایک پروقار تقریب میں مجھے میڈل اور تعریفی سند پیش کی۔

زندگی کے … کے دوران اس قسم کی کامیابیوں سے ہمکنار ہونا حسن اتفاق کا بہت بڑا انعام اور عطیہ ہیں۔ کامیابی سے بہت سے طالب علم … میں … ہوتے ہیں … اس سے … اور ایک مہمیز ثابت ہوا ہے روشن مستقبل کے خوشنما … سے … زندگی کے … میں … کامیابیوں کے حصول کا خوگر بنانے میں مدد و معاون ثابت ہوئی ہے۔

یہ میری خوش قسمتی کہ قدرت کا مہربان مجھے اپنے خاندان کی ایک بلند شخصیت کے ممتاز دانشور، حکیم اور صاحب عزت و تکریم شخصیت چچا رشید اللہ صاحب کی خصوصی توجہ، شفقت، محبت اور سرپرستی حاصل رہی۔ چچا صاحب مرحوم و مغفور بے اولاد تھے اور … ان کے … زمانے میں میری پرورش ہوئی۔ چچا صاحب کی دلی خواہش تھی کہ میں اعلیٰ سے اعلیٰ تعلیم حاصل کروں … پڑھو … تمہارے ساتھ ہیں میں نہیں چاہتا کہ تم زندگی کے کسی موڑ پر … پنجاب یونیورسٹی جیسی عالمی شہرت … کی حامل درسگاہ سے … تعلیمی … میں اضافہ ہوا۔ چچا صاحب … سے … تھے لہٰذا انہوں نے مجھے انگلینڈ میں مزید تعلیم حاصل کرنے کی ترغیب دی۔ یہ ان کی شفقت کا … تھا کہ میں نے انگلینڈ میں اعلیٰ تعلیم حاصل کی۔

ان دنوں پنجاب یونیورسٹی کے عقب جانب مشرق ایک چھوٹا سا کمرہ ہوا کرتا تھا اور صرف ایک ہی آدمی in-charge تھا جو … بیرون ملک تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ کے guide کیا کرتا تھا۔ اس نے مجھے پہلے ہی چند universities کے UK میں adress دیئے ہوئے تھے۔ چونکہ میں Parasitology میں Ph. D کرنا چاہتا تھا لہٰذا میں نے اس موضوع کو مد نظر رکھتے ہوئے … خط و کتابت شروع کر دی تھی۔ 1955ء کے session کے لئے University of Birmingham میں … Admission کا … research … معیار پر پوری اتری … M.Sc میں داخلہ دیا جائے گا … Ph. D کے لئے اجازت مل جائے گی۔ Birmingham پہنچ کر چند ہی مہینوں میں میری محنت شاقہ کی کارکردگی سے … Ph. D کرنے کا اشارہ مل گیا۔ یہ خط … ثابت ہوا اور میری خوشی کی کوئی انتہا نہ رہی۔ چند دنوں میں ہی میں نے برطانیہ جانے کی تیاریاں مکمل کر لیں۔

اس زمانے میں ہوائی جہاز سے سفر کا تصور کم تھا اور سمندری جہاز میں سیٹ بک کرانے میں بڑی دشواریوں کا سامنا ہوا۔ … میں اپنے "style" سے سفر کرنا چاہتا تھا۔ خواہش تھی کہ … یا twin-beds کے Stateroom میں First class

Marfat.com

کی سیٹ ملے گی۔ اس سلسلہ میں کئی ایک چند دوستوں اور چوہدری رشید اللہ والا صاحب سے متعدد ملاقاتیں کیں اور تعاقد ایوں سے کئی مرتبہ ملاقاتیں کی لیکن شومئی قسمت سے ناکامی کا سامنا کرنا پڑا جیسا کہ ناکامیاں ہی کامیابیوں کا موجب بنتی ہیں۔

ہمارے دیوان خانہ میں میرے پروفیسر ڈاکٹر شریف صاحب کا کمرہ ڈاکٹر افضل ... جماعت کی میں بھی سے گئے ہیں اور S D O بھی ٹھہرا ہوا تھا۔ میں نے ان سے ذکر کیا تو انہوں نے فوراً ہی کہا کہ یہ بات ہے ... کے پاس ... شیخ عظمت اللہ کا ایڈریس ہے انہیں کراچی خط لکھ دیتے ہیں۔ میں نے 30 جون 1955 کو حضرت ... Anchor Lines کی جہازوں کی ٹکٹ کا دفتر ... Caledonia ... 6 ... روانہ ہو رہا ہے۔ کراچی سیٹ ... confirmation سے ... Birmingham یونیورسٹی میں ... session ... بعد ... کراچی پہنچا ... شیخ صاحب ... (6 Dn) ... ٹرین پر ... لاہور سے 07:45 ... 08:55 ... کراچی ... کراچی پہنچ کر شیخ صاحب ... مشرف ہوئے۔

شیخ صاحب نے ملاقات کی خوشی سے ... پرجوش انداز میں دوست احباب ... مجھے اپنے حلقہ احباب میں متعارف کرایا اور ... رات ... کا سلسلہ ...

کراچی کے تمام بڑے ہوٹلوں میں میرے اعزاز میں پر تکلف ... دعوتیں ... شیخ محمد ... مرحوم کے ... صدر ... ہوٹلوں سے ... کراچی کے صاحب ثروت ... شیخ صاحب نے اپنے دوست احباب میں سے ادیب اور شعراء دوستوں کو میرے اعزاز میں مدعو کیا ان احباب میں سب سے ... افسانہ نگار، شعراء کرام ... ابراہیم جلیس ... صدیقی ... حمید ... راغب مراد آبادی ... وغیرہ سے میرا ... پرجوش انداز میں تعارف کرایا۔ ... ذہن میں روشن ... ہے۔

شیخ صاحب کی ایک خوبی ... دوست احباب ... شیخ صاحب ... محفل ... اوقات ... شیخ صاحب کی ... ادبی ... ہیں۔ ... اپنے دوستوں سے ... شیخ صاحب ... ملازمت سے متعلق ... افرادی ... محفل میں ... ہیں۔

... شیخ صاحب ... حاصل ہیں جو حضرت علامہ عنایت اللہ خان المشرقی سے ... شرف ملاقات سے نوازے ... شیخ صاحب ... ولی ... علامہ صاحب ... ایمانی ... فرمایا۔

"اسلام ... غالب ... "

بات تو راقم ... شیخ صاحب ... S S Caledonia میں seat کی confirmation ... تاب سے یاد ... شیخ صاحب نے ... سے نوازے ... ہیں

ابھی کراچی کی خوب سیر کرانی ہے ہم نے فیصلہ کر لیا ہوا ہے۔ سیٹ کے لئے فکرمند ہونے کی قطعی ضرورت نہیں آپ اسی جہاز میں لندن جائیں گے۔ ابھی بہت دن ہیں ... مہینہ پڑا ہے اس سے یہ فائدہ پہنچے گا کہ آپ حضرت ارشاد ربانی کی محافل سے استفادہ کرتے رہیں۔ زندگی میں انسان کو ایسے مواقع میسر نہیں ہوتے۔

مجھے پتہ ہی نہ چلا کہ کراچی آئے ہوئے ایک ہفتہ گزر چکا ہے۔ کراچی میں رنگ رلیاں پیر صاحب کے حکم کے برعکس ہو رہی تھیں تو میں نے مخاطب احباب سے واپس گجرات جانے کا ارادہ کر لیا۔ میرے اچانک اس اعلان سے دوست احباب اور بالخصوص شیخ صاحب کی ناراضی کا احتمال تھا مگر میرے پاس اس کے سوا کوئی چارہ کار نہ تھا۔ بہرحال میرے گجرات میں واپس جانے کے بارے میں شیخ صاحب نے بذریعہ تار 20 جولائی 1955ء پیر صاحب کو یہ پیغام دیا: "نسیم جمعرات کے روز خیبر میل سے گجرات پہنچ رہے ہیں اور جہاز پر ان کی سیٹ کا بندوبست ہو چکا ہے۔" (ضمیمہ 79)

گجرات پہنچنے پر کراچی میں زیادہ دن قیام کے باعث قبلہ پیر صاحب ناراض ہوئے مگر جب میں نے اپنے میزبان شیخ صاحب کی تعریف کی تو وہ مطمئن ہو گئے۔ شیخ صاحب سے ملاقات کا تاثر انمٹ نقوش چھوڑ گیا جبکہ اصل مسئلہ جہاز کی سیٹ کا تھا۔ میں نے شیخ صاحب کو ان کی مہمان نوازی اور کراچی میں سیر و تفریح کے متعلق شکریے کا خط لکھا اور اس بات کی تاکید کی کہ جہاز پر میری سیٹ کا بندوبست ... کیونکہ جہاز کراچی سے 6 اگست کو انگلینڈ روانہ ہونے والا ہے۔

25 جولائی کو شیخ صاحب نے مجھے یہ پیغام بھیجا کہ فوراً سیٹ کی ادائیگی کے لئے سات سو نوے روپے بھیج دیں۔ 25 جولائی 1955ء کو کراچی سے شیخ صاحب کا تار موصول ہوا جس میں میری جہاز کی سیٹ کے متعلق خوشخبری دی گئی۔ ... میری ... کی ... سب احباب کا شکریہ ادا کیا اور گجرات میں تین دن قیام کے دوران عزیز و اقارب اور دوست احباب کی ... میں لندن جانے کی تیاریوں میں مصروف ہو گیا اور اپنی کراچی آنے کی اطلاع شیخ صاحب کو ... چنانچہ میرے ایک قریبی دوست ... حمید نے دو بسوں کا انتظام کر دیا تاکہ میرے تمام رشتہ دار، دوست احباب اور متعلقین مجھے ... اسٹیشن پر الوداع کہنے کے لئے جا سکیں۔ لاہور سے کراچی کا سفر بذریعہ ٹرین ہی طے کرنا تھا۔ ان دنوں کراچی ... مشرقی و مغربی پاکستان کا دارالحکومت تھا جس کی آبادی میں پاکستان بننے سے کئی گنا اضافہ ہو گیا تھا۔

مجھے اپنے ساتھ ... سفر کرنے کی عادت تھی لہٰذا میں نے لاہور سے کراچی سندھ ایکسپریس پر second کلاس میں سیٹ ... 60 روپے 5 آنے تھی۔ لاہور سے یہ ٹرین رات کو آٹھ بجے چلتی اور دوسرے دن 10:00 بجے رات کو کراچی پہنچ جاتی۔ پلیٹ فارم پر ... نے میرا سامان بڑے سلیقے سے میری سیٹ کے نیچے رکھا۔ اس کمپارٹمنٹ میں پہلے سے جو مسافر موجود تھے ان میں سے دو خواتین اور تین مرد ... نشست و برخاست سے ان کا اعلیٰ خاندان سے تعلق واضح تھا۔ بہرحال وہ پنجابی تھے۔ ان دنوں میں ... چونتیس سال ... میری عمر ہوں ... حسب عادت میں نے ... کی ہوئی تھی اور ... مجھے لاہور ریلوے اسٹیشن پر الوداع کہنے کے لئے ... موجود تھے ... انجن نے وسل دی اور گاڑی نے آہستہ آہستہ پلیٹ فارم چھوڑنا شروع کیا تو میں کمپارٹمنٹ کے دروازہ میں آ کھڑا ہوا۔ ... آنسوؤں کو بہ ضبط و تحمل اپنے دل میں لئے ہوئے اپنے عزیز و اقارب کو نہایت مغموم انداز سے ہاتھ ہلا کے الوداع کہہ رہا تھا اور جب وہ سب میری آنکھوں سے اوجھل ہو گئے۔

جب اپنوں سے بچھڑنے کا بوجھ دل سے قدرے کم ہوا تو میں نے اپنی سیٹ پر اپنا سامان، تکیہ اور towel، dressinggown، toothbrush اپنے attache case سے نکال کر سلیقے سے berth پر رکھ لیے۔ قریباً دو گھنٹے تک ... فیملی آپس میں محو گفتگو رہی اور کبھی کبھی مجھے ایسا محسوس ہوتا کہ ان کی گفتگو میں میرا تذکرہ بھی شامل ہے۔

dinner کے وقت خوش لباس ... پر ایک waiter، خاص قسم کی سفید پگڑی جس پر سرخ پٹی اور اس پر تلے کا کام مزین تھا، پہنے ہوئے اور بے داغ سفید وردی میں کمپارٹمنٹ میں داخل ہوا۔ وہ سیدھا اندر کو فیملی کی طرف گیا اور مجھے بھی اس فیملی کا فرد خیال کرتے ہوئے ... نظر انداز کیا جیسے وہاں کوئی اور موجود ہی نہیں۔ اس فیملی سے کھانے کا آرڈر لے کر وہ corridor میں جانے ہی والا تھا کہ میں نے اونچی آواز میں پکارا: "کیا تم اندھے ہو یا پاگل ہو؟ تمہارا دماغ خراب ہے، تمہارا نام کیا ہے؟ میں تمہاری شکایت

Marfat.com

تمہارے boss سے کروں گا۔ کیوں مجھے نظرانداز کر رہے ہو؟"

یہ تمام تر کلمات مشتعل لہجے کے ساتھ انگلش زبان میں کہے جا رہے تھے اور وہ فیملی اس دھماکہ خیز لہجے سے چونک اٹھی۔ وہ معصوم صورت بچہ بغیر ہچکچاہٹ کے دبنگ لہجے میں اپنا مدعا اور غصہ کا اظہار کر رہا تھا۔

میں نے دیکھا waiter کا چہرہ پیلا پڑ گیا۔ نہایت مستعدی سے میری طرف دوڑا اور مودبانہ عرض کی۔

"Sir آپ کھانے کے لیے کیا پسند فرمائیں گے؟" اور menu میرے ہاتھ میں مودبانہ انداز سے تھما دیا۔

"کچھ بھی نہیں۔ میں dining car میں جا کر کھانا کھاؤں گا" وہ نہایت عاجزی اور انکساری کا اظہار کرتے ہوئے معافی کا خواستگار ہوا اور الٹے قدموں پیچھے سے میرے کمپارٹمنٹ سے باہر corridor میں چلا گیا۔

درحقیقت میں اس کے ناروا سلوک سے غصہ کی حالت میں غیظ و غضب کی آگ میں جل رہا تھا اور نوجوانی میں عزت نفس مجروح ہونے کا احساس اور پھر مذکورہ فیملی کی موجودگی میں بالخصوص اس فیملی کی ایک نوجوان خوبصورت دوشیزہ جو بڑی دیر سے "محبت" کے دلفریب اور شرمیلے محبوبانہ انداز سے میری طرف دیکھ رہی تھی۔ میری آتش غیظ و غضب کی وجہ کا نیا اور بڑا سبب ناقابل برداشت تھا۔ یہ بڑی سوچ کی کہ میں کوئی پسماندہ فیملی سے ہوں۔

گاڑی پوری رفتار سے رواں دواں تھی تو مجھے احساس ہوا کہ وہ مہوش مجھ میں "دلچسپی" لے رہی ہے یعنی جب وہ پہلے سے تب بھی میری طرف محبت کی نگاہوں سے دیکھ رہی تھی۔ اس سے مجھے نہایت فخر و انبساط کا احساس ہوا۔ نہ صرف اس کی نظر میں میری توقیر بڑھ گئی بلکہ مذکورہ فیملی کے تمام افراد پر گہرا تاثر قائم ہوا۔ میں نے Time گزرنے کی خاطر بے نیازی سے ٹہلتے corridor سے ہوتا ہوا dining car کی طرف روانہ ہوا۔ dining car کی آرائش سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہا گیا۔ Air conditioned تھا۔ آرام دہ کرسیاں، اعلیٰ قسم کے ریشمی پردے، فرش پر ایرانی قالین بچھے ہوئے تھے۔ ہر table کے گرد چار کرسیاں اور tables دیوار کے دونوں طرف تھے۔ ان کے درمیان kitchen تک صاف شفاف corridor سے dining car کی دیدہ زیب اور مزین دلکش فضا دوسرے compartments سے الگ تھلگ تھی۔ waiters نہایت مستعدی، مودبانہ انداز میں ٹیبل پر سروس مہیا کرتے ہوئے دکھائی دیئے۔ چند tables فیملیز کے لیے مختص کر دیئے گئے جنہیں سبز رنگ کے پردوں سے علیحدہ کر دیا گیا تھا۔ میں نے dining car میں داخل ہوتے ہوئے دیکھا تقریباً تمام میزوں پر کھانے والے موجود تھے ماسوا ایک میز پر ایک انگریز براجمان تھا۔

میں نے معذرت کے ساتھ English میں پوچھا "Sir کیا دوسری تین کرسیاں خالی ہیں؟"

"ہاں خالی ہیں" انگریز نے مسکراتے ہوئے جواب دیا۔

میں نے اس کے سامنے کھڑکی کی سیٹ والی کرسی سنبھالی تاکہ landscape سے محظوظ ہوسکوں۔ میز پر menu موجود تھا۔ میں نے بغور مختلف اقسام کے کھانوں کا جائزہ لیا اور روزمرہ کے دیسی کھانوں سے اجتناب کرتے ہوئے مغربی کھانوں کو ترجیح دی۔ بالآخر میری نظر T-bone steak، Fried chips اور Bread slice پر جا کر ٹھہر گئی۔ مجھے احساس ہوا کہ جب سے waiter میرے order کا منتظر تھا۔ میں نے اپنی چوائس بتائی اور مزید تاکید کرتے ہوئے کہا

"کھانے کے بعد green tea with lemon لازمی ہو۔"

جونہی وہ order لے کر پیچھے ہٹا تو دوسرے waiter نے میرے سامنے والے انگریز کے سامنے کھانا پیش کیا۔ مرغ کا سالن گرم دھواں اور اشتہا انگیز خوشبو نے سارے ماحول کو اپنی طرف کھینچ لیا۔ یہ میرا خیال تھا کہ مصالحہ جات بھی اتنے ہی گرم ہوں گے۔ جب اس نے کھانا شروع کیا تو آنکھوں اور ناک سے پانی بہہ نکلا۔ وہ رومال سے آنکھیں اور ناک پونچھتے ہوئے مجھ سے مخاطب ہوا "آپ مجھے معاف کریں کھانا ذرا گرم ہے اور مصالحے بھی نہایت تیز ہیں مجھے بہت پسند ہیں۔" اس دوران وہ مجھ سے پوچھتا جا رہا تھا "میں ہندوپاک میں کافی عرصے رہا ہوں اور چٹ پٹے اور مصالحہ دار کھانوں کے بغیر نہیں رہ سکتا۔"

"Sir معاف کریں۔ میں چند یادوں کی مخل اندازی کا مرتکب ہو رہا ہوں کیا آپ گورنمنٹ آف پاکستان کے ملازم ہیں

یہ کوئی پروفیشن بنا ہیں؟"

"جی! معذرت کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ میں پاکستان کی Finance ministry میں Consultant ہوں اور آج کل رخصت پر یہاں آیا ہوا ہوں۔"

اس نے مجھ سے یہ نہیں پوچھا کہ میں کون ہوں اور کہاں جانے کا ارادہ ہے۔ یہ خالص انگریزی تمدن کا مظاہرہ تھا۔ میں نے از خود بتایا کہ میں انگلینڈ کی مختصر سیر کے لئے جا رہا ہوں۔

"بہت اچھا خیال ہے۔ پاکستان کو تو آپ جیسے ہونہار نوجوانوں کی ضرورت ہے۔"

میں سمجھ رہا تھا کہ شاید وہ مجھے اپنا کوئی پتہ بتائے گا کہ میں UK جا کر کبھی اس سے مل سکوں مگر اس نے اس سلسلہ میں کوئی بات نہ کی میں نے بھی چپ سادھ لی۔

جب ہم کھانا کھا چکے تو waiter نے بل پیش کیا تو میں نے جیب سے پیسے نکالنے چاہے مگر اس نے بڑی پھرتی سے بل لے کر اس کی ادائیگی کر دی۔ جب ہم اٹھنے لگے تو اس نے waiter کو tip بھی دی۔ ہم نے ایک دوسرے کو "Good bye" کہا اور اپنے کمپارٹمنٹ میں واپس آ گیا۔

موسم کافی خوشگوار تھا۔ رات کے ساڑھے دس بج چکے تھے۔ باہر اندھیرا تھا۔ میں کھڑکی سے باہر دیکھتا رہا اور ریت کے ٹیلوں کا نظارہ کرتا رہا۔ ریل گاڑی کی آواز سن کر مجھے نیند آنے لگی تو میں نے sleepinggown لیا اور bathroom میں جا کر کپڑے تبدیل کئے۔ میں gown سے مطمئن نہیں تھا کیونکہ بچپن سے مجھے claustrophobia کی شکایت ہے۔ جب میں تنگ جگہ میں ہوتا ہوں تو مجھے گھبراہٹ سی محسوس ہوتی ہے اور چین نہیں ملتا۔ میں اپنی اس نفسیاتی کیفیت کی وجہ سے مسافروں سے معذرت کر کے اپنی berth پر لیٹ گیا۔ جب کبھی میں سفر کرتا ہوں تو ہمیشہ اوپر کی برتھ پر سوتا ہوں اور آج تک اس عادت سے چھٹکارا نہیں ملا۔ بہرحال نیند آ گئی اور میں رات بھر خوب سویا۔ میں نے کئی خواب دیکھے۔ جب میری نیند سے بیدار ہوا تو گاڑی کسی اسٹیشن پر رکی ہوئی تھی۔ چند لمحوں کے بعد گاڑی پھر چل پڑی۔ چند پرندے اور ریت کے ٹیلے نظر آ رہے تھے۔ بچپن سے میری عادت ہے کہ میں رات کو جلدی سو جاتا ہوں اور صبح سویرے اٹھ جاتا ہوں۔ biological clock کے مطابق میرا جسم خود بخود جاگ جاتا ہے۔ میں 12 بجے سے پہلے سو گیا اور صبح 6 بج کر 27 منٹ پر میری آنکھ کھلی۔ میں نے اپنے کمپارٹمنٹ کے مسافروں کو دیکھا جو ابھی سو رہے تھے۔ میں نے منہ ہاتھ دھویا اور شیو کی۔ غسل کرنے کے بعد کپڑے تبدیل کئے اور shirt-trousers پہن کر dining car کی جانب چل دیا۔ وہاں پانچ افراد بیٹھے چائے نوش کر رہے تھے۔ میں نے بھی breakfast منگوایا جو تین منٹ میں آ گیا۔ toasts، انڈے، مکھن اور بلیک کافی پر مشتمل تھا۔

دوسرے دن تقریباً 10.00 بجے رات کا عمل ہوا اور گاڑی کراچی کے مضافات میں داخل ہو گئی۔ میں کمپارٹمنٹ میں واپس آ گیا۔ دوسرے مسافر بھی اپنا سامان پیک کرنے میں مصروف تھے۔ میں نے اپنا سامان اٹھایا اور کمپارٹمنٹ کے دروازے سے باہر جھانکا۔ ایک طرف کے دروازے تھے۔ ایک بائیں طرف اور ایک دائیں طرف۔ مجھے کوئی اندازہ نہیں تھا کہ پلیٹ فارم کس طرف کے دروازے کی سمت ہوگا۔ میں نے دروازے کے شیشے سے باہر جھانکا تو دیکھتا کیا ہوں کہ پلیٹ فارم تو دوسری طرف ہے۔ لہٰذا اپنا سامان دوسرے دروازے کے قریب رکھ دیا۔ کراچی کا terminal تھا۔ جلدی کرنے کی ضرورت نہ تھی۔ گاڑی پلیٹ فارم پر رکی تو میں نے بیگ اٹھایا۔ جونہی میں نے پلیٹ فارم پر قدم رکھا ایک عجیب سی آواز میرے کانوں میں گونج رہی تھی جیسے مجھے خدا حافظ کہہ رہی ہو۔

"اب نظر ملا کے دیکھنے والے
یہ نیا حادثہ کچھ نہیں ہوتا
ایسی راتیں تو پھر بھی آتی ہیں
ایسی برسات پھر نہیں ہوتی"

Marfat.com

میں نے بھی مسافر ''مشتاق'' کی طرح ان کے اشاروں کنایوں میں خدا حافظ کہا۔

پاکستان ریلوے سے متعلق یہ عرض کرتا چلوں کہ برصغیر ہند میں سب سے پہلی ریلوے لائن کراچی اور کوٹری کے درمیان بچھائی گئی اور اس کا افتتاح 13 مئی 1861 میں ہوا۔ 1925 میں Stockton-Darlington Railway نے [illegible] کراچی [illegible] کا مظاہرہ کیا۔ تقسیم ہند کے وقت North Western Railway (NWR) کے کل route mileage 5048 تھے جو پاکستان کے حصے میں آئے۔ 1954 میں ریلوے لائن Mardan-Charsadda section تک بچھائی گئی اور اسی سال 25 اگست میں افتتاح ہوا۔ اس کے علاوہ جیکب آباد اور کشمور کے درمیان چھوٹی gauge (2.5 فٹ) لائن جو 1956 میں 5.5 فٹ سے تبدیل کر دی گئی۔ اس کے علاوہ دوسری اہم ترقی [illegible] کی گئی [illegible] routes کو double اور electrified کیا گیا۔ Lahore-Khanewal [illegible] section اور NWR کا Lahore-Peshawar Section 1980 [illegible] پشاور تک پہنچا۔ راولپنڈی تک ریلوے کی آمد اور اس کا افتتاح 1883 میں ہوا۔

کراچی میں قیام

میں جب کراچی اسٹیشن پر ریل گاڑی سے اترا تو platform پر [illegible] شیخ صاحب اپنے [illegible] دوست احباب کے ساتھ میں نہایت پر جوش طریقے سے استقبال کیا اور [illegible] میں [illegible] گئے [illegible] کی رہائش گاہ [illegible] انہوں نے [illegible] گورنمنٹ میں Ministry of Finance کے Secretary (بعد میں State Bank of Pakistan کے [illegible] عہدہ پر فائز رہے ہیں) [illegible] تعلقات [illegible] اپنی خاندانی [illegible] ہونے کے باعث [illegible] Kaikbad [illegible] کی رہائش گاہ [illegible] کی۔

شیخ صاحب [illegible] اس وقت [illegible] کراچی میں [illegible] صاحب کے [illegible] قیام [illegible] تعلق [illegible] فرمائے۔

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] (1981 [illegible])

Marfat.com

مولینا کا تکیہ کلام "ازیں سبب" تھا اور اپنی تحریر وتقریر کے اندر برجستگی میں استعمال کیا کرتے۔ اس ضمن میں عرض کرتا چلوں شیخ عظمت اللہ صاحب جن کا تخلص فرماتے ہیں میرے بچپن کے دوست، ساتھی اور "یار غار" چلے آرہے ہیں۔ گجرات کے ہی علمی ادبی مذہبی خاندان "شیخ" قانون گویاں سے تعلق رکھتے۔ شیخ صاحب شہر بھر میں علمی ادبی شخصیات، ادبی مجالس میں علم وادب کی ضیاء پاشیوں اور علمی افشانیوں میں پیش پیش تھے۔

شیخ صاحب گجرات کے بعد شملہ اور دہلی میں زیر تعلیم رہے۔ ازاں بعد مسلم یونیورسٹی "علی گڑھ" میں داخل ہوئے۔ مسلم لیگ 1945ء کے الیکشن کے دوران علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی طرف سے "قائد وفد" کی حیثیت سے دلپذیر اشعار اور تقاریر سے عوام کو ان دنوں زمانے کے ساتھ ساتھ "مسلم لیگ کا پراپیگنڈہ" کرنے میں پیش پیش رہے۔ بالآخر صوبہ "سرحد" کے ریفرنڈم میں بھی حصہ لیا۔ جس پر صوبہ "سرحد" بھی پاکستان میں شامل ہو گیا۔ اس دور کے اخبارات میں انکی سرگرمیاں جلی حروف اور نہایت درخشندہ چہرے میں اشاعت پذیر ہوتی رہیں۔ علمی ادبی گھرانے کے پروردہ شیخ عظمت اللہ کے بڑے بھائی شیخ کرامت اللہ صاحب جنہوں نے سب سے پہلے گجرات کی تاریخ "آئینہ گجرات" کے نام سے مرتب فرمائی ہے جو مولینا کے خاص شیدائیوں میں سے تھے۔ مولینا کے انتقال کے بعد کرامت اللہ آل پاکستان بزم ظفر علی خان مرحوم کے سیکرٹری بھی متعین رہے۔ مولینا مرحوم نے ویسے تو آپکی تعریف و توصیف میں مختلف مواقع پر کئی اشعار کہے تاہم یہ شعر قابل ذکر ہے۔

"گجرات کی رونق ہیں حبیب اور کرامت
اسلام کے دریا کے یہ دو موتی ہیں نایاب"

حبیب اللہ مرحوم شیخ صاحب کے چچا محترم تھے۔ شیخ صاحب کے دوسرے بڑے بھائی شیخ رحمت اللہ مرحوم اپنے وقت کے بہت نامور "حساب دان" گزرے ہیں۔ انہوں نے حساب کی تاریخ کا ناممکن عقدہ حل کر کے تمام دنیا میں تہلکہ مچا دیا۔ ان کی وفات پر مولینا ظفر علی خان مرحوم نے خاص طور پر ان کے اجتہاد اور "حساب دانی" کی خدمات کی بڑی تعریف فرمائی۔

شیخ صاحب کے تیسرے بھائی شیخ قدرت اللہ جو شاد تخلص فرماتے۔ شملہ اور دہلی میں کئی علمی ادبی انجمنوں کے روح رواں تھے۔ ان میں سے ایک کا نام "بزم سخن" جس کے زیر اہتمام شملہ و دہلی میں آل انڈیا مشاعرہ میں ہندوستان کے نامور شعراء کرام حضرات حصہ لیتے۔ بالخصوص "ظفر علی مرحوم" جو کہ ہندوستان میں بڑے مشاعروں کی صدارت کیلئے مشہور تھے شملہ میں انہوں نے "بزم سخن شملہ" کے ایک مشاعرہ میں قدرت اللہ شاد صاحب کی علمی ادبی خدمات کی بڑی تعریف فرمائی اور یہاں تک توصیفی کلمات کے دوران واضح کیا کہ جس وقت میں قدرت اللہ شاد جیسے ذی فہم نوجوان شاعر ہوں اور "اردو ادب" کی اس طرح خدمت کریں وہاں اردو ادب کو بھی زوال نہیں آسکتا۔

پاکستان معرض وجود میں آنے کے بعد قدرت اللہ مرحوم راولپنڈی میں قیام پذیر رہے اور قیام کے دوران وہاں اردو ادب کی خدمات جاری وساری رکھیں۔ وہاں پر آل پاکستان اردو لیگ قائم کی جس کے ذریعہ "اردو ادب" کا نام بہت روشن کیا۔

قدرت شاد غزل گوئی میں بھی بڑا کمال رکھتے تھے۔ مولانا ظفر علی خان کے رنگ میں سیاسی نوعیت کی نظمیں بھی برجستہ کہتے جو کہ اکثر اخبارات میں شائع ہوتیں۔ آپ نے یکہ وتنہا "اردو ادب" کی قابل ستائش خدمات انجام دیں۔ صد حیف! مرحوم عالم شباب میں ہی رحلت فرما گئے تاہم ان کی یاد میں ملک بھر کے کئی مقامات پر یوم وفات قدرت شاد منایا گیا جس میں ملک کی ادبی، سیاسی شخصیات نے پیغامات ارسال فرمائے۔

اس ضمن میں فقط مولینا ظفر علی خان صاحب کا پیغام ملاحظہ فرمائیے جو ہفت روزہ "سوشلسٹ" کراچی، بروز اتوار 24 اگست 1952ء صفحہ نمبر 2 پر اشاعت پذیر ہوا۔

"مولانا ظفر علی خاں۔ زندہ دلان پنجاب گجرات میں قدیم خاندان "قانون گویاں" علم و فضل کے اعتبار سے ایک امتیازی حیثیت کا حامل ہے۔ اس لئے جب میں نے اس خاندان کے ایک جواں سال اور روشن خیال رکن شیخ قدرت اللہ شاد کے انتقال پر ملال کی خبر سنی جو ایک اچھے پایہ کے شاعر تھے اور جن کا کلام ملک کے سیاسی حلقوں میں ذوق وشوق سے پڑھا جاتا تو مجھے قدرتی طور پر رنج

Marfat.com

محسوس ہوا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ میں ایسے ادیب اور شاعر کی موت کو جس کا کلام ملت کی بیداری اور ترقی کا محرک قرار دیا جاتا ہے۔ ایک قومی حادثہ میں مرحوم کے بھائی شیخ کرامت اللہ صاحب اور دیگر قریبی رشتہ داروں سے دلی ہمدردی ہے۔ خداوند کریم مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔''

شیخ عظمت اللہ صاحب کے پاکستان تحریک میں حصہ لینے کے سلسلہ میں ایک اور معروف شخصیت کا بھی ذکر ضروری ہے۔ چوہدری محمد حسن صاحب امرتسر کی سیاسی شخصیات میں سے ایک تھے جنہوں نے ملکی فسادات کے دوران امرتسر اور ملحقہ دیہات میں باقاعدہ مسلمانوں میں اسلحہ تقسیم کیا۔ یہ نڈر اور بے باک شخصیت اسلحہ لینے کے سلسلہ میں علی گڑھ بھی پہنچے جہاں ان کا بیٹا ... میں زیر تعلیم ہونے کے ساتھ ساتھ شیخ صاحب کا ہم جماعت دوست تھا۔ ان دونوں نے مل کر محمد حسن صاحب کی مدد کی۔ بعد میں محمد حسن صاحب کا بڑا بیٹا جمیل حسین ائیر فورس کمانڈر کے عہدے سے ریٹائر ہوا۔ اس اسلحہ کے سلسلے میں شیخ صاحب کے ایک اور دوست آفتاب احمد نے بھی بھرپور مدد کی جو کہ پاکستان بننے کے بعد فوج میں بریگیڈیئر اور آخر میں Overseas National Construction Company کے Managing Director ہو کر ریٹائر ہوئے۔

بدقسمت مچھلی

آخر کار وہ دن آ ہی گیا جس کا مجھے بیتابی سے انتظار تھا۔ شیخ عظمت اللہ صاحب اپنے دوستوں کے ہمراہ ہمیں خدا حافظ کہنے آئے ہوئے تھے۔ اس نے ہماری کئی photos اتاریں جو کہ بعد میں میری انگلینڈ روانگی کے ساتھ اخبارات میں شائع ہوئیں۔ ان عزیز ترین دوستوں کے ہجوم میں بندرگاہ تک رسائی ہوئی اور پھر اس berth پر جہاں Greek Shipping Company, Anchor Lines کا S.S Caledonia جہاز لنگر انداز تھا۔ berth پر لوگوں نے ہجوم کی شکل اختیار کی ہوئی تھی کیونکہ ان کا کوئی فرد جہاز پر جا رہا ہے۔ Kaikbad صاحب نے اپنا خاص آدمی ممتاز حسین صاحب کی وجہ سے وہاں بھیجا ہوا تھا تاکہ کوئی دقت نہ ہو۔ جہاز پر سوار ہونے کے تھوڑی دیر بعد مسافر deck پر پہنچ گئے تاکہ اپنے احباب کو ہاتھ ہلا کر خدا حافظ کہیں اور آنے والے مسافروں کو دیکھ سکوں شاید میرا کوئی شناسا ہو۔ یہ دیکھ کر میں حیرت میں رہ گیا کہ وہی خوبصورت لڑکی ایک بوڑھی خاتون کے ساتھ جو کہ ٹرین میں میری ہمسفر تھیں gangplank سے جہاز کے deck پر آ رہی ہیں۔ باقی تین مرد ساتھی جو کمپارٹمنٹ میں ان کے ساتھ تھے اب موجود نہیں تھے۔ مجھے خیال گزرا کہ اس خاندان کے یہ دو افراد شاید بعد میں آئیں گے اور جہاز پر سوار ہوں گے۔

تمام مسافر اور جہاز کے ملازمین ڈیک پر آ چکے تھے اور gangplank کو آہستہ آہستہ جہاز پر کھینچا جا رہا تھا۔ معلوم نہیں کہ اس لڑکی نے بھی مجھے دیکھا یا نہیں کیونکہ deck پر بہت ہجوم تھا۔ مسافر ادھر ادھر بے تابی سے چل پھر رہے تھے۔ میں نے سوچا سفر خوشگوار ماحول میں گزر جائے گا۔ جلد یا دیر ملاقات ہو ہی جائے گی۔

جہاز نے لنگر اٹھایا اور آہستہ آہستہ berth سے کھسکنا شروع کر دیا۔ خواتین اور دوست اپنے احباب کو ہاتھ ہلا ہلا کر خدا حافظ کہہ رہے تھے۔ میں بھی کافی دیر تک شیخ صاحب کو ہاتھ ہلاتا رہا۔ قریباً 21 دن کے بعد جہاز نے Southampton میں لنگر انداز ہونا تھا۔ میں تھوڑی دیر بیٹھے دیگر مسافروں کی بھیڑ میں ملا اٹھائے گھومتا رہا۔ کراچی شہر کی روشنیاں مدھم ہوتی جا رہی تھیں۔ آخر کراچی کی تمام روشنیاں آنکھوں سے اوجھل ہو گئیں ماسوائے ان جہازوں کی روشنیوں کے جو کراچی کی بندرگاہ کی طرف جا رہے تھے۔

جہاز کا steward ایک خاص قسم کی گھنٹی بجاتے ہوئے رات کے کھانے کے وقت کا اشارہ دے رہا تھا۔ میں نے مسافروں کی حرکات و سکنات سے اندازہ لگایا کہ dining hall اگلی طرف واقع ہے اور مسافر جہاز کی دائیں اور بائیں قطاروں میں جا رہے ہیں۔ میں بائیں ہاتھ والی قطار میں کھڑا ہو گیا اور تھوڑی دیر بعد dining hall میں داخل ہوا۔

dining hall نہایت شاندار اور دیدہ زیب اور بڑے قرینے سے سجا ہوا تھا۔ waiters سب سفید وردی پہنے ہوئے جن میں سے کچھ کے سینوں پر عجیب و غریب medals جن کے بازوؤں پر arm bands تھے جنہوں نے ان کی وردی کو زینت بنایا ہوا تھا۔ ان پگڑیوں پر کئی رنگ کے سرخ اور نیلے رنگ کے bands لگے ہوئے تھے جو کہ ان کی خوبصورتی ...

Marfat.com

میں مزید اضافہ کر رہی تھیں۔ جدھر نگاہ جاتی تھی، پھیلے ہوئے غباروں اور رنگوں کی قوس قزح کی دھنک رنگ نمائش سے dining hall مزین تھا۔ ایک stewart نے بڑے مؤدبانہ انداز سے میرے stateroom کے نمبر کے تناسب سے مجھے ایک میز پر بٹھا دیا۔ اس میز پر بیٹھے حضرات میں ایک بوڑھا Turk عرب اپنے روایتی لباس اور شال اور چوغے میں ملبوس ہاتھ میں تسبیح لیے، ایک French اور ایک Englishman تھے۔ بڑی عمر کے ... میں ان سب سے عمر میں نسبتاً چھوٹا تھا مگر میں نے جرأت رندانہ کے انداز میں ان کا تعارف انگلش زبان میں کروایا۔ Englishman سے ... سب نے ہنس کر ٹال دی۔ بعد میں معلوم ہوا کہ یہ حضرات English زبان سے نابلد ہیں۔ صورت حال عجیب ہو گئی

"زبان یار من ترکی
و من ترکی نمی دانم"

... ایک پادری تھے۔ بڑا مہذب با اخلاق اور ... میری قومیت ... ایک دن میں تین دفعہ ... lunch کے وقت ... کیونکہ میں ایک ... مزاج آدمی واقع ہوا ہوں جو یہاں ... برداشت نہ کر سکا۔

میں نے ... table پر ... dining hall کی دیوار کے ساتھ ... table ... میری ... تھیں!

serve کرنے ... waiters بڑی مستعدی سے ... کر رہے تھے۔ میں نے قریب سے ... waiter سے میں نے دریافت کیا کہ کیا میں اپنی میز بدل سکتا ہوں؟ ... communication کی problem ہے۔ waiter نے مجھے purser کے پاس ... purser نے ... اپنے ہاتھ میں تھامے ... میری point out کی ... purser ... آخر کار میز پر ... Good evening" ... table ... عرض کیا ... آپ انگلش زبان بول اور سمجھ سکتے ہیں تو معاف کیجئے آپ ... purser" ... مخاطب ہوا۔

"Most welcome" ... میں آرام سے ایک کرسی پر بیٹھ گیا۔ میں ... اپنا تعارف کرانے کی ... ایک دفعہ جسارت کی ... اسلامی تہذیب کے مطابق ... German Consulate" ... ایک آدمی نے کہا ... Cultural attache ... انگلینڈ جا رہا ہوں۔ مجھ وہاں سے U.S.A ... خواتین ... میرے ساتھ ... Medicine پڑھتے اور ساتھ ... Birmingham ... import / export کا کامیاب ...

Marfat.com

business سے۔ وہ تقسیم ہند سے بہت پہلے انڈیا سے آ کر انگلینڈ میں مقیم ہو گیا۔ [illegible]
اس کی چھوٹی بہن پہلی دفعہ انگلینڈ جا رہی تھی۔

میں نے menu غور سے پڑھا، مچھلی اور French fries کا آرڈر دیا۔ [illegible] tables سے ایک آدھ dish اور گلاس وغیرہ سے [illegible] آوازیں آ رہی تھیں۔ [illegible] خواتین جن میں ایک شادی شدہ خاتون اور ایک [illegible] nervous [illegible] دونوں خواتین کی چھپی چھپی ہنسی اور طنز [illegible] پر چلا رہی تھیں۔ [illegible] اندر ہی اندر دل فگار اور جگر سوختہ ہو رہا تھا۔ مجھے محسوس ہوا [illegible] مچھلی پر knife اور fork سے [illegible] دوران میری نگاہ اس فتنہ ساز پر [illegible] میری طرف دیکھ رہی ہوتی اور جب میں دیکھتا تو وہ [illegible] میری حالت دیدنی تھی [illegible] بے قراری، بے چینی [illegible] میں نے مچھلی [illegible] fork [illegible] waiter [illegible]

[illegible] porthole [illegible] مچھلی [illegible] میں تیر رہی ہوتی [illegible]

[illegible] napkin [illegible]

[illegible] knife اور fork [illegible]

[illegible] knife اور fork [illegible]

[illegible]

[illegible] Good night [illegible]

ناشتے کا مسئلہ حل ہو گیا

[illegible] ...ries and [illegible] regulations [illegible] breakfast، lunch، dinner [illegible] miss [illegible] service [illegible] snack [illegible] snack [illegible] snack [illegible] sandwiches [illegible] counter [illegible] snack [illegible]

Marfat.com

کی چیزوں سے بے نیاز ہو جاتا ہوں یہ عادت میری نشہ کی حد تک ہے۔ میں بلند بانگ لہجہ میں ناشتہ کے لئے اصرار کرتا رہا یہاں تک کہ اس نے ناشتہ منگوا لیا۔

خدمت گار نے purser کو بلایا تو اس سے میں نے کہا: "اگر میرے order کے charges زیادہ ہیں تو میں انکی ادائیگی کے لئے تیار ہوں۔ میرے لئے معمول کا ناشتہ چھوڑنا ایک عذاب سے کم نہیں۔ یہ میری physiological necessity ہے اور مجھے ہر حال میں اس کو پورا کرنا ہے۔"

purser نے میرے شانے پر ہاتھ رکھ کر کہا: "آپ مطمئن رہیں، میں بندوبست کرنے کے بعد فوراً واپس لوٹتا ہوں۔"

میرے لئے یہ امر بڑا مناسب تھا۔ انتظامیہ کا فرض ہے کہ وہ مسافر کی ذاتی ضروریات کا خیال رکھے۔

تھوڑی دیر بعد purser ہنستا ہوا واپس لوٹا جبکہ اس کے پیچھے ایک waiter بھی تھا جس نے میرا آرڈر لیا۔

"ایک بات سمجھ لیجئے! یہ پہلا موقع نہیں کہ میں نے ناشتہ کا وقت miss کر دیا۔ ممکن ہے کہ جب تک میں اس سفر میں ہوں آپ کو ایسی صورتحال پیش آئے۔" میں purser سے مخاطب ہوا۔

"کوئی بات نہیں، جہاز پر ایک عادی شرابی صبح اٹھتے ہی Scotch کے دو peg طلب کرتا ہے اور اس کی اجازت مل چکی ہے۔ جب کبھی آپ ناشتہ کا وقت miss کریں تو مجھے مطلع کر دیا کریں۔" اس نے جواب دیا۔

میں سوچوں پر چھا گیا کہ میری انفرادیت نمایاں ہوئی جو چیز میری گرفت میں تھی۔ snack بار میں Europeans شربت پی رہے تھے۔ وہ میری اس ادا پر انگشت بدنداں رہ گئے لیکن اے کاش وہ دو خواتین اور جرمن سفارت کار بھی وہاں موجود ہوتے۔ آرام سے ناشتہ کرنے کے بعد sundeck پر چلا گیا۔ sundeck جہاز کے اوپر والے حصہ کو کہا جاتا ہے جہاں دن کے وقت آرام کرسیاں بچھی رہتی ہیں جہاں موجود آرام طلب لوگ مطالعہ اور سمندر کا نظارہ کرتے ہیں۔ کئی منچلے میری طرح کے خوبصورت عورتوں کو بھوکی نظروں سے دیکھ کر انہیں سینکتے اور ذہنی عیاشی میں ٹھنڈی آہیں بھرتے ہیں۔

یہ سچ ہے میں دیر سے اٹھا مگر ناشتہ مل گیا۔ کچھ دیر بعد جہاز کے پچھلے حصہ میں railing کے سہارے کھڑا ہو کر Europeans کو beer پی کر بدمستیاں کرتے دیکھتا رہا جبکہ lunch کو ابھی ایک گھنٹہ باقی تھا۔ وقت گزاری کے لئے میں جہاز کی لائبریری میں چلا گیا چند ایک رسالے پڑھے اور صوفہ پر بیٹھ کر مطالعہ کرنے لگا اور ساتھ ساتھ promenade deck کا نظارہ بھی کرتا رہا۔ اچانک کسی نے میرے شانے پر پیچھے سے ہاتھ رکھ دیا۔ مڑ کر دیکھتا ہوں تو وہی دونوں بہنیں کھڑی تھیں اور انہوں نے دلنشیں انداز میں ہنستے ہوئے کہا: "ہم بڑی حیران ہوئیں کہ آپ اور نہ ہی وہ جرمن ناشتہ کے لئے dining hall میں نہیں آئے۔ آپ کے بغیر ناشتہ کرنے کا کوئی لطف نہ تھا۔"

میں اتنا اداس ہوا اور بڑی ہمت کر کے stateroom سے دیر کے ساتھ باہر نکلا۔ میں ابھی تک تخریب کی کیفیت میں تھا جو اس دن پہلی بار نے اور تمہارے مزاحیہ کلمات سے ظہور پذیر ہوئی۔ بہر حال خدا کا شکر ہے اب میں normal ہوں۔" دونوں بہنیں برقعہ میں نہیں بلکہ اپنے مخصوص پاکستانی لباس شلوار قمیض میں ملبوس تھیں۔ اب یہ فریب نظر تھا یا واقعی چھوٹی بہن قدرت کا حسین شاہکار تھی۔ وہ نہایت خوبصورت اور اس کی آنکھوں میں ستاروں کی چمک، شیریں لبوں پر پھولوں جیسی حسین اور دلکش مسکراہٹ۔ یہ مجنوں کی طرح لرزتی کانپتی، نیچی نظریں کیے ہوئے انگ انگ سے جوانی پھوٹ رہی تھی۔ بلاشبہ یہی وہ ہستیاں تھیں جنہوں نے مجھے نئی زندگی کی سرشاریوں، شادمانیوں سے روشناس کرایا اور ان سے ملنے کی آرزو میرے اعصاب پر چھائی رہی۔ بڑی بہن 35 یا 36 سالہ خاتون نہایت متناسب جسمانی اعضاء کی حامل تھی۔ انہوں نے مجھے sundeck پر چلنے کی دعوت دی۔ مجھے ایسے محسوس ہوا جیسے وہ میری کمی محسوس کر رہی ہوں!

جوں جوں دن گزرتے گئے جہاز کی پرشور رونقیں کم ہونے لگیں جیسے آسمان پر سحری کے وقت ایک ایک ستارہ نظروں سے معدوم ہوتا رہتا ہے۔ یہی صورتحال dining hall کی بھی تھی۔ ایسا لگتا جیسے جہاز کے مسافر غائب ہونا شروع ہو گئے ہیں۔ یہ سچ تھا جرمن سفارت کار بھی ناشتہ کرنے نہ آیا اور اسی طرح مسافر dining hall، swimming pool کے کنارے

Marfat.com

recreation hall اور لائبریری وغیرہ سے غائب ہوتے رہتے تو یہ جہاز ghost ship معلوم ہوتا۔ اپنے تجسس سے مجبور ہو کر میں نے ایک seahand سے پوچھا کہ جہاز پر بیٹھے سے گم ہونے کی آخر کیا وجہ ہو سکتی ہے ؟

"جناب یہ سارا کھیل sea sickness کا ہے۔"

جن کو اس سے واسطہ نہیں پڑا وہ اندازہ نہیں کر سکتے کہ sea sickness کیا چیز ہے۔ یہ جہاز سے ناآشنا مسافروں کی وہ کیفیت ہے جو آہستہ آہستہ مگر مستقل طور پر ان کے اوپر چھا جاتی اور کھانا پینا تو درکنار بستر سے اٹھنے سے بھی آدمی عاجز ہو جاتا ہے۔ یہ خلل جو کہ جہاز کے سمندر میں ڈولنے کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے، مسافروں کو اس قدر متاثر کرتا ہے کہ زندہ رہنے کی خواہش سے مر جانے کو ترجیح دیتا ہے۔ جونہی مسافر اٹھنے لگے تو سر چکرانا اور اس کا جی متلانا شروع کر دیتا ہے۔ میں نے کہیں پڑھا تھا Houdini نامور Escape artist ایک دفعہ بحری جہاز میں سفر کے دوران اس قدر sea sickness سے پریشان ہوا کہ وہ اس کیفیت سے تنگ آ کر سمندر میں چھلانگ لگا کر مر جانا بہتر سمجھتا تھا۔

Sea sickness

ایک رات سمندر معمول سے کچھ زیادہ ہی rough تھا۔ میری چھٹی حس کہہ رہی تھی کہ promenade deck کل صبح ضرور کسی ہسپتال کے وارڈ کا منظر پیش کرے گا۔ میں ناشتے کے وقت dining hall میں جہاز کے ہچکولوں کے ساتھ ہچکولے کھاتا ہوا داخل ہوا۔ وہاں ناشتہ کرنے والوں کی موجودگی اس قدر کم تھی کہ ایسا دکھائی دے رہا تھا جیسے رات تمام مسافر سمندر میں کود گئے ہیں یا کوئی آسمانی بلا انہیں اٹھا کر لے گئی ہے۔

میں نے ناشتہ ختم کیا۔ وہ خواتین کہیں نظر نہ آئیں۔ جرمن سفارت کار تو پہلے ہی غائب تھے۔ ان خواتین کا sea sickness کا شکار ہونا یقینی تھا۔ میرے لئے اگرچہ ان دو باپردہ خواتین کا پتہ معلوم کرنا مشکل نہ تھا۔ یہ کام میں چٹکیوں میں Purser سے کروا سکتا تھا لیکن میری خاندانی وجاہت اور مذہبی تقدس آڑے آ گیا۔ نہ تو میرا ان سے کوئی خونی رشتہ تھا نہ کوئی قربت مگر میرے احساس پر ایک لطیف سا تعلق چھایا ہوا تھا۔ اب میں نے سوچا کیوں نہ لائبریری کی تنہائی میں چند لمحے خیالات اور تصورات کو یکجا مرکوز کر لیا جائے۔ جب وہاں جانے کا اتفاق ہوا تو وہاں بھی ایک عجیب ویرانی کا منظر تھا۔ بیمار مسافروں کے وہاں کوئی ذی روح موجود نہ پایا البتہ تھوڑی دیر بعد دیکھتا ہوں کہ ایک شخص میرے قریب آ کر میرے سامنے صوفہ پر بیٹھ گیا اور بیٹھتے ہی اپنا تعارف کراتے ہوئے گویا ہوا "میرا تعلق ہندوستان سے ہے۔ میں Textile Engineering کی اعلیٰ تعلیم کے سلسلے میں Manchester یونیورسٹی جا رہا ہوں۔" (ضمیمہ 80) میں ان دنوں میں sea sickness کا شکار ہو جاتے۔ میں sea sickness سے بے نیاز ہونے کے لئے کئی کئی چھوٹی دوریاں پیدل اور سائیکل چلاتا رہا ہوں۔

اس طرح اسے مجھ پر اثر انداز ہونے کی کوشش کی۔ میں بھی کب چوکنے والا تھا۔ کہا

"sea sickness سے بچنے کیلئے آپ نے بھی کیا نرالا طریقہ ایجاد کیا ہے ؟"

بات تو وہ شغل کی چوٹ کر گیا اور میں نے بھی ہنسی میں ٹال دی۔ بحمد اللہ اس کے بعد میں نے اسے جہاز سے اترنے تک کہیں نہ پایا البتہ جس دن جہاز Berth2-Southampton پر آ کر لنگر انداز ہوا تو وہ اپنے قدموں سے چل کر نہیں بلکہ stewards کے سہارے مرجھائے منہ کے ساتھ بمشکل قدم گھسیٹتے ہوئے جہاز کے gangplank کی طرف رواں دواں ہوئے۔

جہاز کی پہلی Port of call عدن تھی۔ پورٹ آف کال اس بندرگاہ کو کہتے ہیں جہاں دوران سفر بحری جہاز لنگر انداز ہوتا ہے۔ جہاز سے چند ایک کشتی کے مسافر کشتی پر سوار ہوئے اور عدن کی بندرگاہ کو روانہ ہو گئے۔ ان مسافروں میں سے کچھ تو تفریح اور کچھ خرید و فروخت کے لئے گئے جبکہ میں نے جہاز پر رہنا ہی مناسب سمجھا۔ یوں تو میں پرسکون اور سمندر بھی خاموش مگر اندر ہی اندر سے مذکورہ خواتین کو دیکھنے کے لئے بے چین۔ سمندر کا سکوت بھی میرا اس سلسلہ میں ممد تھا شاید کہیں deck پر نظر آ جائیں۔

Marfat.com

مسافر عدن سے واپس آئے تو چند گھنٹوں کے بعد جہاز نے لنگر اٹھایا اور پھر ایک دفعہ اپنی منزل کی طرف رواں دواں ہو گیا۔ وہ دو خواتین کہیں نظر نہ آئیں۔ میں نہ جانے کیوں وہ میرے اعصاب پر سوار ہو چکی تھیں۔ سوچتا رہا کہ مجھے ان کی خیریت کا کس طرح پتہ چلے؟ Red Sea عام طور پر ایک خاموش سمندر واقع ہوا ہے۔ اس لحاظ سے سفر بڑا سہانا تھا۔ دوسری صبح جب میں breakfast کرنے کے لئے dining hall گیا تو میری حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی کہ وہ دونوں وہاں پہلے سے ہی موجود تھیں۔ پوچھے بغیر میں چپ نہ رہ سکا۔ چھوٹی بہن کہنے لگی "پیچھے کی ساون کی بدلی کی طرح برس پڑی" "کیا ہوا ہے؟" We were sick like a dog اور ابھی تک طبیعت بحال نہیں ہوئی کیونکہ ہم کشتی کے جھولے سے ہی آ جاتے ہیں"

میں نے بھی اپنے مسئلوں سے برداشت کیا اور عرض کی "میں واقعی بڑا شرمندہ ہوں۔ مجھے اس بات کا احساس تھا کہ آپ sea sickness کا شکار ہو گئی ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ آپ بخوبی واقف ہیں میں کس طرح دو اجنبی خواتین کی تنہائیوں میں مخل ہو سکتا ہوں جب تک وہ مجھے جانتی ہی نہیں ہیں"

"یہ کس قدر نیک ہے کوئی معقول جواب نہیں" بڑی خاتون نے کہا "اس وقت ہم لوگ گھر کی پابندیوں اور مذہبی رکاوٹوں سے دور ہیں آپ اب ہم سب کی بات کریں۔ میرا نام زاہدہ اور میری چھوٹی بہن کا نام شاہدہ ہے۔ مجھے امید ہے باقی سفر میں ہم ایک دوسرے کا ساتھ دیتے رہیں گے۔"

اس سے مجھے کوئی تقویت ملی کہ ان خواتین سے اس طرح میل جول رہا تو مجھے home sickness سے نجات مل جائے گی جو sea sickness کی نسبت سے کہیں زیادہ خوفناک ہے۔

Port Said

چند دن کی مسافت کے بعد ہمارا جہاز Red Sea Straits کے پانیوں میں سے گزر رہا تھا جو Horn of Africa سے منسلک ہیں۔ Suez Canal کے Red Sea کی طرف والے کنارے پر مصر کا شہر Suez اور دوسرے کنارے پر Mediterranean کی طرف مصر کی بندرگاہ Port Said واقع ہے۔ اب ہمارے جہاز کو Suez Canal عبور کرنے کے لیے کئی جہازوں کی قطار پہلے سے موجود تھی اس قطار میں شامل ہونا تھا۔ اس وقت Suez Canal اتنی چوڑی نہ ہونے کی وجہ سے One way traffic ہوا کرتی اور جہازوں کو Suez کے درمیان Ismailia نامی بندرگاہ پر رکنا پڑتا اور پھر اپنی باری کا انتظار کرتے۔

جہاز جب Port Said پہنچا تو آدھی رات سے ذرا پہلے کا وقت تھا۔ جہاز کے P.A.S (Public Address System) سے اعلان کیا گیا کہ جو مسافر Port Said کی سیر کے لیے جانا چاہتے ہیں وہ اپنے documents ساتھ رکھیں کیونکہ جہاز دو بجے تک یہیں رکے گا۔ مسافروں کی اکثریت نے اپنے بستروں میں رہنا مناسب خیال کیا مگر بعض میرے جیسے من چلے بڑی بیتابی سے کپتان کی اجازت کے منتظر تھے تاکہ جہاز سے اتر کر مصری کشتیوں سے استفادہ کریں۔ میں بھی Europeans کے گروپ میں شامل ہو گیا جو Middle East کی بندرگاہوں اور شہروں سے بخوبی واقف تھے۔ جونہی ہم دیگر مسافروں کے ہمراہ Port Said کے checkpoint سے باہر نکلے تو کئی عرب جوان اور بوڑھے جو اپنے عربی لباس میں ملبوس ہاتھوں میں تسبیحوں کے علاوہ چھوٹی چھوٹی اشیا کی نمائش کے لئے اس طرح مسافروں پر ٹوٹ پڑے جیسے بھوکے چیتے اپنے شکار پر جھپٹ پڑتے ہیں۔

یہ اس زمانے کی بات ہے جب 1955 میں کرنل جمال عبدالناصر مصر کا وزیر اعظم تھا (ضمیمہ 81) بادشاہ فاروق کے عہد میں corruption زندگی کے ہر شعبہ میں رچ بس گئی ہوئی اور بے حیائی اپنے عروج پر تھی۔ یہ کاروبار پولیس سے چھپ کر نہیں بلکہ اس کی زیر نگرانی ہوتا۔ ایسے ہی لوگ جو جہاز سے آدھی رات کو اترے زیادہ تر کوئی نیک مقاصد نہ تھے بلکہ رنگ رلیوں سے لطف اندوز ہونا مقصود تھا۔ یہ عرب ممالک خصوصاً مصر میں کوئی عجیب بات نہ تھی۔

Marfat.com

ہمارا ring leader ایک ایسا جوان جس نے اس سے قبل Beirut میں کئی سال گزارے تھے، عربوں کی عادات سے کافی وابستگی تھی۔ اسے عربی زبان کی چاشنی بھی تھی اور اپنا مدعا بیان کرنے میں ید طولیٰ رکھتا تھا۔ اس نے ہمیں مشورہ دیا کہ اکٹھے رہو ورنہ عربوں کی لوٹ کھسوٹ اور دھوکہ دہی سے بچ نہ سکو گے۔ یہاں کی ایک ایک چیز کا دام مقرر ہے۔ جہاں کہیں نے کسی ایسے مسافر کو نظر آنے پر صرف غلط نظر پھینکتے ہیں تو یہ جہاں سے مارکیٹ سے بھی زیادہ لے لیتے ہیں۔ Port Said پر لنگر انداز ہونے کے وقت وہاں ایک business میں مصروف ہوتے ہیں۔ اس عمر کے بچے دن رات کا کوئی پہر بھی ہو کاروبار کرتے ہیں۔ یہ لوگ اپنی زبان کے علاوہ بھی کئی زبانوں پر عبور رکھتے ہیں اور اپنا مطلب اچھی طرح بیان کرتے ہیں مثلاً Greek، Turkish، Italian، English، France، German وغیرہ وغیرہ۔

ہمارے ring leader نے موقع کی نزاکت کے پیش نظر ہر بار کہا کہ 12، 13 سال کے بچے ... اپنے کاروبار کی طرف چل پڑے ... ہم بھی وقتی طور پر ... قدم پر چلتے ہوئے ... دروازے پر کھڑے ... ring leader نے ... مغربی طرز کے ... silken ... کے دروازے پر ... اور ... سے وہاں سے نکل کھڑے ہوئے۔

تمام مسافر جب جہاز پر واپس آ گئے تو ضروری checking کے بعد جہاز نے لنگر اٹھایا اور ... Mediterranean سمندر میں داخل ہو گئے۔ یہ سمندر پرسکون تھا اور ... محسوس نہ ہوئی۔

جہاز Rock of Gibraltar سے گزرا اور English Channel میں داخل ہونے سے قبل Bay of Biscay میں پہنچا تو سمندر ایک دفعہ پھر نہایت rough ہو گیا۔ جہاز نے اتنے ہچکولے کھائے کہ محسوس ہوتا تھا ... ایک دن میں آخرکار اپنی منزل Southampton میں جا کر لنگر انداز ہو گیا (ضمیمہ 82)۔

Southampton

انگلینڈ میں پہنچ کر یونیورسٹی میں میرے supervisor نے ... کی زیرِ نگرانی میں نے پی ایچ ڈی کی thesis کے لئے research کرنی تھی ... ۔ وہیں یونیورسٹی میں ... ۔ ہم ... محسوس نہیں کرو گے۔

جہاز کے تمام مسافر deck پر کھڑے بڑی بیتابی سے نیچے اترنے کے لئے انتظار کر رہے تھے۔ جیسے ہی jetty پر ... کے قریب پہنچے تو railing کے اوپر سے ہاتھ ہلانے میں مصروف ہو گئے۔ میں بھی railing کے ...

ہمیں تو نظر آ رہا تھا۔ اسی اثناء میں زاہدہ اور شاہدہ deck پر ہجوم کو چیر کر میری طرف آئیں۔ دونوں نہایت بے چین تھیں کیونکہ زاہدہ کو نیچے berth پر ہجوم میں اپنا خاوند نظر نہ آ رہا تھا۔ میں نے انہیں تسلی دی جہاز ابھی تو berth پر لنگر انداز ہو رہا ہے اور لینے والوں کا اس قدر ہجوم کہ وہ کہیں پیچھے ہو تو اس کا miss ہو سکتا ہے۔ بالآخر جہاز berth پر کلون سے لنگر انداز ہوا gangplank کو نیچے کر دیا گیا اور P A S پر اترنے سے پہلے کپتان کی طرف سے ہدایت دی گئیں۔ مسافروں کا وزنی سامان متعلقہ شناخت کے مطابق bulk crane سے اتارا جاتا رہا۔ زاہدہ اور شاہدہ کا hand bag اس قدر وزنی کہ وہ آسانی سے اٹھا نہ سکتی تھیں۔ باوجودیکہ میرے ذاتی hand bag تھے میں نے ان کی تکلیف کا احساس کرتے ہوئے انہیں اپنی خدمات پیش کیں جو انہوں نے بخوشی قبول کر لیں۔ ہم سب [illegible] gangplank سے نیچے اتر کر dockyard پر آ گئے۔ زاہدہ نے اپنے خاوند کی تلاش شروع کر دی اور ہر لحظہ اس کی تشویش بڑھتی جا رہی تھی کیونکہ وہ کہیں نظر نہیں آ رہا تھا۔

میں نے زاہدہ کو مشورہ دیا "آپ کا خاوند تو نظر نہیں آ رہا لہذا اس وقت آپ کو اپنے سامان کو شناخت کرنے کیلئے اولین ترجیح دینی چاہیے [illegible] berth پر [illegible] سے ذرا ہٹ کر بیٹھ جائیں۔ آپ ان کی مخصوص نشانی بتائیں ہم سب تلاش کریں گے تو آسانی سے مل جائیں گے۔" ہم سب نے جلدی سے اپنا اپنا سامان ڈھیر میں سے تلاش کرنا شروع کر دیا۔ ان دونوں بہنوں کا سامان تو مل گیا مگر میں [illegible] سامان [illegible] ڈھیر میں نہیں تھا۔ مجھے اس سے تھوڑی پریشانی تو ضرور ہوئی۔ اسی اثناء میں crane سے [illegible] berth پر [illegible] میں اس ڈھیر کی طرف ہو لیا اور اپنا سامان مل گیا۔

dockyard پر U K کے مختلف علاقوں میں جانے والی trains کھڑی تھیں۔ میں نے دیکھا کہ ایک ٹرین Birmingham جا رہی [illegible] میرے اخلاق نے انہیں یوں بے یار و مددگار چھوڑنے کی اجازت نہ دی۔ میں نے [illegible] خدمات حاصل کیں تاکہ وہ ان کا سامان Birmingham والی ٹرین کے پلیٹ فارم کی طرف لے چلیں۔ انہوں نے [illegible] انہوں نے تعمیل کی۔ جونہی میں ریلوے booking office کی طرف روانہ ہونے لگا تو دیکھا [illegible] ہانپتے ہوئے [illegible] نے زاہدہ کے شانہ پر پیچھے سے ہاتھ رکھا اور وہ زخمی شیرنی کی طرح اچھل کر [illegible] "تمہیں جہاز کے آنے کی کافی دیر پہلے خبر مل چکی ہوگی لیکن تم مجھے dockyard پر receive کرنے نہیں آئے۔ تمہیں اپنی کوتاہی پر شرمندگی محسوس ہونی چاہیے۔ اس غفلت کو معاف کرنے کیلئے مجھے ایک وقت درکار ہے بہرحال گھر پہنچنے [illegible] جب تم ایسی حرکات کے مرتکب ہوئے ہو تو اکثر اپنے شرابی ہونے کا حوالہ دیتے ہو لیکن میں دیکھ رہی ہوں آج تم نے شراب نہیں پی رکھی [illegible] واقعی تم نے مجھے ذلیل کیا ہے جب میں نے تمہیں dockyard پر نہ پایا تو مجھے جتنی کوفت اور ذہنی [illegible] ہوا تمہارے جیسے بے حس انسان کو اس کا اندازہ ہی نہیں ہو سکتا۔ تمہارے پاس احساس کی بجائے صرف دولت ہی ہے [illegible] اچھی قیمت ادا کر چکے ہو۔ مجھے نفرت ہے تم سے اور تمہاری دولت سے۔" اس نے اسے ایک خارش زدہ [illegible] پیچھے ہٹا دیا۔

[illegible] مجھے معذرت سننے کی تکلیف گوارا کریں گی! راستے میں Southampton کی طرف آتے ہوئے [illegible] خراب ہو گئی میں نے ڈرائیور کو وہیں چھوڑا۔ اتفاق سے ایک ٹیکسی گزری اور اس پر بیٹھ کر میں یہاں پہنچا۔ میری بات کا [illegible] یقین [illegible] اس میں میری کوئی غلطی یا کوتاہی نہیں۔ یہ train کے ٹکٹ ہیں،" اس نے لرزیدہ لہجے میں جواب دیا۔

"یقیناً تم اپنی غفلتوں کی صفائی میں بہانہ تراشی کے ماہر ہو۔ یہ کوئی پہلا موقع تو نہیں جو تمہاری اس مذموم حرکات کو اتفاقیہ فعل قرار دیا جائے۔ تمہاری گذشتہ غفلتوں کا شمار کرنے کا یہ موقع مناسب نہیں" زاہدہ نے غصے میں پھنکارتے ہوئے جواب دیا "ہم میں جا میں تمہارے ٹکٹ، ہمارا یہ دوست ٹکٹ لے آئیگا اور ہمارے ہاں ہی مہمان کی حیثیت سے جبتک وہ چاہے ٹھہرے گا۔"

بیچارے بوڑھے خاوند نے ایک لفظ تک بھی نہیں کہا تو یہ تھا زاہدہ کے بوڑھے خاوند کا حدود اربعہ، مجھے اس کی حالت پر بڑا رحم آیا۔ ہم ٹرین کے [illegible] میں داخل ہوئے اگرچہ میرا بوڑھے شخص سے ذاتی طور پر تعارف نہ کرایا گیا۔ زاہدہ اور شاہدہ دونوں [illegible] ایک سیٹ [illegible] بوڑھا شخص اور میں ان کے بالمقابل سیٹ پر اسطرح بیٹھے کہ ہمارے چہرے آمنے سامنے اور کبھی کبھار ہمارے پاؤں

Marfat.com

بھی ایک دوسرے سے ٹکرا جاتے۔

اکثر British trains کے First اور Second کلاس کمپارٹمنٹ چھوٹے چھوٹے cabins کی طرح پارٹیشن کے ذریعے تقسیم ہوا کرتے اور ہر کیبن ایک راہداری میں کھلتا۔ یہ راہداری دوسرے کمپارٹمنٹ سے جا ملتی اس طرح ٹرین کے ایک سرے سے چل کر دوسرے سرے تک پہنچا جا سکتا۔

Brimingham سے Southampton بذریعہ ریل گاڑی

گاڑی رواں دواں تھی مگر کسی نے کوئی بات نہ کی البتہ شاہدہ کے لبوں پر ایک دلفریب مسکراہٹ موجزن تھی۔ اس کے برعکس زاہدہ کے چہرے سے یوں معلوم ہوتا جیسے ابھی اس کے غصے میں کمی واقع نہیں ہوئی اور مزید جلنے کی سنانے کو بیتاب ہے۔

زاہدہ، شاہدہ دونوں پڑھی لکھی خاتون تھیں۔ یہ زاہدہ کا ملک سے باہر جانے کا نہ تو پہلا اتفاق اور نہ ہی وہ کسی انجانی جگہ پر settle ہونے چلی جا رہی تھی۔ اس کا Brimingham میں ایک عالیشان مکان جہاں وہ رہتی تھی کہ ان سے ہم کی ہمدردی میں یہ سمجھنے سے قاصر رہا کہ زاہدہ نے اس چھوٹی سی بات پر اس قدر شدید غصہ کا اظہار کیوں کیا؟ اور وہ بھی ایک بے معنی سے بیٹے۔ وقتی طور پر انسان غصے سے لال پیلا ہو کر اپنے آپ پر قابو جلد ہی بحال کر لیتا ہے۔ بظاہر تو کوئی ایسی بات نظر نہ آئی کہ وہاں میں کچھ ایسا ہو رہا تھا جو اس غصے کا موجب بنا۔

میں نے سکوت توڑنے کی appeal کی اور اپنے آپ کو ساتھ بیٹھے ہوئے زاہدہ کے خاوند سے متعارف کرایا۔ اس نے ہنستے ہوئے دایاں ہاتھ مصافحے کے لیے آگے بڑھایا اور میں نے بھی ایسا کیا۔ بیچارے خاوند صاحب کا ہاتھ پسینہ میں بھیگا ہوا تھا۔ ان کی بے رخی اور پھر غیروں کے سامنے یہ رد عمل قدرتی عمل تھا۔ نہ تو اس بوڑھے آدمی نے گفتگو آگے بڑھایا اور نہ ہی زاہدہ اور شاہدہ نے اس کی ضرورت محسوس کی۔ سننے کی سکت سے محروم میں نے اسی میں عافیت سمجھی کہ کیوں نہ باہر کھڑکی کی طرف جھانکتے landscape سے لطف اندوز ہوا جائے۔

یہ کیسی جوڑی تھی جس میں پھنس گیا۔ ایک خوش پوش بوڑھا امیر آدمی جو ایک ایسی خوبصورت عورت سے رشتہ ازدواج میں منسلک تھا جو عمر میں اس سے کہیں کم تھی۔ برداشت کی حد تک صابر، اپنی بیوی کی ذلت آمیز جھڑکیوں کو چپ چاپ سنتے ... "جورو کا غلام" شاید نہ بھی ہو؟ کیونکہ ایسے ویسے زہر بجھے جملوں کے تحت اس بے جوڑ شادی کا شاخسانہ تھے۔

یہ اس زمانے میں کوئی غیر معمولی بات نہ تھی آجکل بھی ہے کہ غربت کے مارے والدین اپنی بیٹیوں کی شادی عمر میں کہیں بڑے ہوئے عمر رسیدہ امیر آدمیوں سے کر دیتے۔ اسی طرح کی خوبصورت لڑکیاں جو غریب گھرانوں میں پیدا ہوتیں ان کے ماں باپ یا سب جہیز کے لیے مقروض ہونے پر مجبور ہوتے کہ قرض کو چکانے کے ذرائع نہ ہونے کی بنا پر تمام عمر خدمت میں رہتے اور مقروض خاندان تباہی و بربادی کی علامت بن جاتے ہیں۔ پاکستان کے tribal areas کے متعلق مشہور ہے کہ وہ لوگ اپنی بیٹیوں کی بولی لگاتے ہیں جو زیادہ قیمت دے اسی کو بیٹی کا ہاتھ تھما دیتے جیسے پالتو جانور بیچ رہے ہوں جس کے گھر میں وہ چار لڑکیاں پیدا ہوں وہ قسمت کی دیوی کو اپنے اوپر مہربان سمجھتا ہے۔ کئی گھرانوں میں تو بچوں کی پیدائش پر ہی ایک دوسرے سے شادی منسوب ہو جاتی ہے۔

میرے ذہن میں اس حیرانی کن بات نے گردش کی کہ شاید زاہدہ کے والدین اس بات سے واقف ہوں کہ بیٹی کی ازدواجی زندگی کی ناؤ گرداب میں ہے۔ یہ اندازہ لگانا مشکل تھا کہ ان کے درمیان ناہمواری کب سے چلی آ رہی ہوں اور زاہدہ کی حکمرانی کس طرح اثر انداز ہو رہی تھی۔

زاہدہ کا چہرہ ابھی تک سرخ جو شدید غصہ کی علامت تھا۔ اس کے برعکس شاہدہ کے لبوں پر پرکشش مسکراہٹ اور چہرہ وش دلی کی ایسی عکاسی کر رہے تھے کہ اس متنازعیت سے چھٹکارا ناممکن اور اس کی حرکاری سے نظریں ہٹانا کفران نعمت تھا۔ بوڑھا غریب عاجزی، تابعداری کا مجسمہ اپنے حال میں مست ہو سکتا ہے کہ ذلت آمیز روایات سے کئی سالوں سے آشنا ہو۔

کوئی دو گھنٹے کے بعد زاہدہ نے خاموشی کا قفل توڑ دیا اور اپنے پاؤں سے خاوند کا پاؤں ہلاتے ہوئے میری طرف اشارہ

Marfat.com

کرتے ہوئے کہا۔ "یہ رہ جائے گا ہمارے پاس والے ہمارے duplex کے خالی حصہ میں رہیگا کیونکہ یہاں سے سیدھی یونیورسٹی کو جاتی ہے
تا کہ مدرفت میں کوئی وقت نہ ہو۔ اس نے اپنا مدعا پہلے ہی بتا دیا اور تمہیں یہ بھی پتہ چل گیا ہوگا کہ وہ کس غرض سے انگلینڈ آیا ہے۔"
"میں نے سوچا کہ تم نے اسے اپنے ساتھ mansion میں رہنے کیلئے کہا ہوگا۔" اس بوڑھے نے نہایت عاجزانہ لہجے
میں کہا۔

"نہیں مجھے اچھا نہیں لگتا کہ ہمارے ہی گھر میں حصہ دار بنا میں لوں شاہد ہی ایک شاہد کافی ہے۔"

اس کی یہ بات سن کر پاپا اپنے رنگ بدل رہی تھی۔ ایک وقت میں شفقت کی دیوی دوسرے لمحے غصہ اور نفرت کی تصویر
میں تو اس کو سمجھ نہ پایا۔ جب ہم اس کی تعزیرا اپنے ساتھ میں رکھنا پسند نہ کیا۔ اس نے مجھے سے کچھ نہ جواب رکھ دیا تھا میں نے مشورہ
دیا کہ میں اپنی رہائش کیلئے کوئی دیگر تلاش کروں کیونکہ landladies کے پاس رہنے کا عام رسم و رواج ہوا کرتا اور آج بھی
ہے۔ ان کے ہاں رہائش کا کرایہ دینا ہی مناسب ہوتا ہے لیکن اسے اپنے اخراجات کی ادائیگی ضروری ہے۔ جس کا مطلب
ہے Paying guest۔ میں اس کا خرچ برداشت کر سکتا ہوں۔ چیک کی مد سے پاس کوئی دو ہزار پونڈ کے لگ بھگ رقم علاوہ ازیں
تھے جس سے کام چلانا پڑا۔

"تم ابھی بہت سے کہاں میں نے کہا ہے۔" زاہد نے ہنستے ہوئے ہدایت کی۔

"یہ تمہاری مہمان نوازی کا انداز ہے" میرا جواب تھا۔

"تمہیں کس چیز کی ضرورت ہے جو تم اپنی مرضی سے لیتے ہو ایک دوستی کی پیشکش ہے۔" اسی اثنا میں شاہد کمرے
میں داخل ہوئی۔ "والدہ کا خیال تھا کہ ہم ایک دوسرے کو سمجھنے کی کوشش کریں۔ میری بہن کی دلی خواہش ہے کہ تم
ہمارے duplex میں رہو کیونکہ وہ جگہ تمہارے لئے آسان ہے اور یہ Wolverhampton کے قریب آتے ہیں۔
یہ جگہ یہاں سے Stone's throw away ہے۔"

شاہد کی مداخلت پر کچھ tense سا ماحول پیدا ہو گیا۔ زاہد تنگ آ کر اپنی جگہ سے اٹھ کر چلا گیا تھا۔ میں نے تمام
صورتحال سے زاہد کی بیوی سے بات کی۔ خوشی ہمیشہ سے مقدم رہی ہے۔ سب سے زیادہ خوش ہونے کے بعد پاکستان کے حالات سے گزار کر
پیدا ہونے والی خوشی کا موقع تھا۔ مجھے اس بات کا علم ہے کہ ان کی بیماری Alzheimer's کی بیماری کا شکار ہو چکی ہے۔
ہے۔ انہیں Labile hypertension کا مرض ہے۔ اس کا بلڈ پریشر ادویات کے استعمال سے کنٹرول ہو جاتا
ہے۔ پاکستان کے cardiologists کے علاج کے باوجود مسئلہ حل نہیں ہوا تھا۔
secondary ہو جاتا ہے age-related یا essential hypertension کا بلڈ پریشر
hypertension سے مختلف ہے۔ اس کی وجہ cholestrol اور triglycerides کی زیادتی ہے۔

زاہد کی والدہ کی شخصیت میں بہت سی تبدیلیاں آئی تھیں۔ اپنے پہلو بدلتے ہوئے اسی کوشش میں مصروف رہی کہ وہ اپنے پاؤں پر زاہد
سے پہلے کھڑی ہو۔ انہوں نے اپنی محبت کے اظہار کو بھی شرف قبولیت بخشی۔

گاڑی آہستہ ہوئی اور لوگوں نے اپنے اپنے hand bags سنبھالنے شروع کر دیئے۔ بوڑھا آدمی اٹھا، چھڑی کا سہارا
لیا، اپنے Bowler hat کو درست کیا اور زاہد سے چند ایک بیگ لینے کی ناکام کوشش کی جیسا کہ پہلے عرض کر چکا ہوں میں نے
زاہد اور شاہد کو کافی سامان اٹھا لیا۔ ٹرین پلیٹ فارم پر آ کر رک گئی۔ ہم گاڑی سے نیچے اترے سب سے پہلے زاہد، شاہد،
بوڑھا آدمی اور میں۔ ہم نے دو porters کی خدمات حاصل کیں جنہوں نے ہمارے سامان کو ٹرالیوں پر بار کیا اور ہم پارکنگ کی طرف
روانہ ہو گئے۔

Birmingham ریلوے سٹیشن سے میزبان کے گھر

میں نے زاہد سے پوچھا کیا میں سیدھا چلا جاؤں یا پھر تمہارے ساتھ تمہاری mansion میں؟

Marfat.com

"عزیزہ! duplex کی چابی maid کے پاس ہو گی۔ ہفتے میں ایک دفعہ duplex کی صفائی کی جاتی ہے۔ اس وقت وہ بہت مصروف ہو گی۔ bedrooms اور living-room وغیرہ ٹھیک ٹھاک کرنے میں ... چیزوں کو قرینے سے رکھنے کی صلاحیت سے قاصر ہے۔ جیسا کہ کہا جاتا ہے "When the cat is away, the rats play" آخر کار صرف میں ہی ہوں جو اس بڑی رہائش کی دیکھ بھال کرتی ہوں اور میرا ہی حکم چلتا ہے۔ تم ہمارے ساتھ اس cab میں آ رہے ہو۔ دوسری cab ہمارے سامان اور اس آدمی کے لئے ہے۔" اس نے اپنے خاوند کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ ٹیکسی ڈرائیور کو ہدایت دیتے ہوئے اپنے گھر کا پتہ Greenfield Road No. 14, Green Park بتایا۔

ریلوے اسٹیشن سے cab جب بڑی شاہراہ Main street سے گزری جہاں خرید و فروخت کرنے والوں کا ایک ہجوم تھا۔ زاہدہ نے ڈرائیور کو بائیں ہاتھ جانے کو کہا۔ جب ہم ایک corner پر ایک سفید building کے قریب پہنچے تو اس نے ڈرائیور کو ... آہستہ کرنے کی ترغیب دی اور مجھے زاہدہ نے ایک building کی طرف اشارہ کرتے ہوئے آگاہ کیا۔

"یہ عمارت Overseas British Council کی ہے ... یہ Centre ماسوائے چھٹی کے دن کے پورا ہفتہ رات دس بجے تک کھلا رہتا ہے۔ ایک ایسی جگہ جہاں ... اور لڑکیاں آپس میں میل جول کر سکتے ہیں لیکن مقامی طلباء اور طالبات کو اس کی اجازت نہیں۔"

قریباً آدھ گھنٹے کی مسافت کے بعد ہم شہر کے قریبی مضافات میں داخل ہوئے جہاں تراشیدہ خوشنما lawns ... دو رویہ ... میں بنائے ہوئے تھے۔ sidewalks بڑے اچھے طریقے سے maintained ... boulevard کے دونوں طرف قطار در قطار اونچے سرسبز درخت لگے ہوئے تھے اور تقریباً ہر block کے بعد ایک exit ... تھی۔

پیشتر اس کے کہ زاہدہ ... ڈرائیور نے ایک entrance کے پاس ... cab روکی ... راستے میں دوسری cab بھی آن پہنچی۔ زاہدہ cab سے باہر نکلی۔ اسی دوران ایک نوجوان maid ... تیزی سے قدم اٹھاتی ہوئی اندر سے باہر گیٹ کی طرف آئی اور آداب بجا لائی۔ چند ... اور ... خوش اخلاقی اور خوشی کا اظہار کیا۔ maid کی مدد سے ہم نے سامان اٹھا کر ... drivers ... معمولی tips ... "Thank you" کہتے ہوئے چلتے بنے۔

زاہدہ اندر داخل ہوتے ہی living-room کے ایک آرام دہ صوفہ پر ... maid اور خاوند پر ہدایات کی بوچھاڑ جاری رکھی اور پہلی فرصت میں فوراً چائے کا ایک cup تیار کرنے کو کہا۔ تھوڑے سے توقف کے بعد ... نے سوالات کی بوچھاڑ شروع کر دی۔

"آج رات کھانے کے لئے کیا ہے اور شاہدہ کے لئے ... مناسب رہے گا؟ شاہدہ ... bedroom ... بالکونی کے قریب ہے اور مجھے ابھی hot shower چاہئے۔ ہمارا اپنا دوست ... ساتھ والے bedroom میں ٹھہرایا جائے جو کہ اس کے لئے آرام دہ ثابت ہو گا۔ مجھے ہر طرف یہ اخبارات بکھرے ہوئے کیوں نظر آ رہے ہیں؟ مجھے میری mail ابھی دکھائی جائے۔ میرے husband کے مطابق Bentley تو راستے میں خراب ہو گئی تھی اور میرا خیال ہے Volvo ابھی ... میں ہو گی۔ شاہدہ کے admission forms کا انتظام ہونا چاہئے اور ہمارے ... دوست ... یہاں کی ہمارے پاس ... ہاں! کوئی خط تو نہیں آیا؟" اسی طرح سوالات کا لامتناہی سلسلہ جاری و ساری رہا۔

"ہاں میڈم! میں نے تمام پیغامات نوٹ کر لئے ہوئے ہیں mail حاضر ہے۔" maid نے جواب دیا۔

"نہیں ابھی نہیں۔ یہ ہمارا دوست Gur Grewal (صفحہ 83) سے ملنے تو نہیں آیا؟"

"ہاں وہ ایک دفعہ آیا تھا آج کل وہ Edinburgh اپنے بھائی کے ساتھ چھٹیاں گزار رہا ہے۔ کوئی ایک ہفتہ بعد یونیورسٹی کھلنے پر آ جائیگا۔"

"ہمارے نئے دوست کے لئے اچھی چیزیں لاؤ۔" زاہدہ نے کہا جو متواتر باتیں کرتی جا رہی تھی۔

Marfat.com

یا خدا! یہ کس قسم کی عورت ہے جو انتھک زبان چلا رہی اور ہر سوال کا جواب فوری طور پر چاہتی ہے۔ میں تو ایسے ماحول کا عادی نہیں۔ میرے لئے تو یہ بڑی اعصاب شکن صورت حال ہے۔ احساس کمتری کا احساس مجھ پر چھا گیا حالانکہ اس کے برعکس پاکستان میں اپنے دوستوں پر حاوی تھا اور میرا ہی سکہ چلتا۔ اس دبنگ عورت کے سامنے میں تو دم بھی نہ مار سکونگا بہر حال میں دو چار دن میں اپنے لئے کوئی آزاد اور اچھی جگہ تلاش کرلوں گا۔ شاہدہ اور بیچارہ خاوند اس کے سامنے بھیگی بلی بنتے ہیں تو بنتے رہیں۔ میں دل ہی دل میں سوچ رہا تھا۔

maid نے مجھے میرا bedroom دکھایا۔ maid جرمن نژاد تھی اور اس کا نام Ingrid تھا۔ اس نے میرا ہلکا سامان رکھ دیا جبکہ میں نے اپنا بھاری سامان اٹھا کر اندر کمرے میں لے گیا۔

ground floor پر دو اور first floor پر تین bedrooms واقع تھے۔ ground floor والے کمروں کا ایک ہی مشترکہ bathroom تھا اسی طرح first floor پر master bedroom اور اس کے ملحقہ bedroom کا ایک ہی bathroom تھا۔ تیسرے bedroom میں صرف ایک sink لگا ہوا تھا۔ البتہ بڑی ground floor پر جس میں wall to wall قالین بچھا ہوا تھا دیواروں پر زیادہ تر تصاویر انگریزی شاعری کے فن پارے اور ناولوں پر مبنی تھیں۔ کچھ شہ پارے نادر اردو زبان میں بھی فریم کر کے ترتیب سے لگائے گئے تھے۔ ہر طرف جدید furniture سے آراستہ اور آٹھ آدمیوں کے بیٹھنے کے بڑے سائز کا dining room۔ اس قدر شاہدہ اور بیوی نے بڑی نفاست سے آراستہ کر رکھا تھا۔ گھر میں کوئی بچہ، بچوں کا کھلونا اور بچوں کا کمرہ نظر نہ آیا بہر حال وقتی طور پر اس نازک سوال سے میں نے اجتناب کیا۔

میں صبح سویرے اٹھ کر حسب معمول تیار ہو کر وقت سے پہلے بستر چھوڑ کر کسی کا انتظار کئے بغیر kitchen کا رخ کیا جہاں Ingrid پہلے سے ناشتے کی تیاری میں مصروف تھی۔

"Good morning، Ingrid مجھے ناشتے میں دو عدد صرف تین منٹ ابلے ہوئے انڈے، ایک مگ بلیک کافی اور toast مع butter چاہیئں۔"

"Yes sir" Ingrid نے ہنستے ہوئے کہا۔

میں پرسکون انداز سے dining hall میں table کی جنوبی طرف بائیں ہاتھ والی کرسی پر بیٹھ کر ناشتہ کر رہا تھا جب شاہدہ نائٹ gown پہنے ہوئے داخل ہوئی اور پوچھا "رات آرام سے سوئے یا نہیں؟"

"ہاں، بڑے مزے سے سویا۔"

"اگر کسی وقت اور کچھ بھی چاہیے تو تم ہم میں سے کسی کو بھی کہہ سکتے ہو یا self help"

"شکریہ، میں ایسا ہی کروں گا۔"

شاہدہ table کے شرقی طرف head chair پر بیٹھ گئی۔ شاید اس کی مخصوص جگہ تھی اور Ingrid نے ناشتے کیلئے separate پلیٹ، toasts، butter، مختلف قسم کے jams اس کے سامنے table پر رکھ دیئے۔

میں نے موقع کی مناسبت سے بات بڑھائی اور duplex میں shift ہونے کیلئے پوچھ لیا۔

"نہیں جناب! اس کا ذکر رہنے دیں۔ یہ تو قصہ کب کا ختم ہو چکا آپ یقین جانیئے، سچ کہتی ہوں یہاں اس گھر میں ہمارے ساتھ جب تک چاہیں رہیں۔ اس کے علاوہ یہ کہنا مناسب سمجھتی ہوں، شاہدہ نے مجھے اعتماد میں لیتے ہوئے ایک بات کہی ہے۔ وہ تمہارے لئے اپنے دل میں ایک نرم گوشہ رکھتی ہے۔ دیکھئے اب اس موضوع پر زیادہ گفتگو سے گریز کیا جانا چاہیئے۔ جلد ہی Grewal بھی آ جائیگا اگرچہ یونیورسٹی کے قریب اسکی اپنی رہائش ہے مگر وہ اکثر ہمارے پاس ہی ٹھہرتا ہے۔ جب تک ہمارے پاس رہو گے تمہیں کوئی تکلیف نہیں ہوگی۔"

تین دن کے بعد یونیورسٹی کھل رہی تھی لہذا campus میں جانے کا کوئی فائدہ نہ تھا۔ اس لئے میں نے سوچا کیوں نہ اس وقت سے فائدہ اٹھاؤں اور City Centre (انگلینڈ میں شہر کا مرکزی علاقہ اور امریکہ میں Downtown۔ اس کے علاوہ

Marfat.com

Uptwon اور Midtown بھی ہیں) دیکھا۔ اور اگر ہو سکے تو چیزیں خرید و فروخت بھی کر لی جائے۔ خاص طور پر fall سے پہلے مناسب suits دیکھے جائیں۔ اس کے علاوہ British Council میں registration بھی تو کروانی ہے۔

یہ بات زاہدہ سے پوچھنا پڑی۔ میں نے ابھی بس نمبر بھی نہیں دیکھا تھا کہ City Centre سے جب پوچھا تو Boulevard ہمارے گھر کے سامنے ہی واقع تھا۔ مخالف سمت میں ایک shopping centre جس کا نام Sally Oak ہے کی طرف جاتا۔ اسی علاقہ میں ایک جگہ Edgbaston جہاں Birmingham University کا ایک Campus اور Edgbaston میں ہی کرکٹ کے Test Match کھیلے جاتے ہیں۔ اس جگہ یونیورسٹی سے قریب ایک جھیل ہے جسے Edgbaston Lake کہتے ہیں۔ بعد میں یہاں سے میں اپنی research کے لئے snails پکڑا کرتا تھا۔ Lake کے کنارے تفریح کے لئے ایک راستہ بنا ہوا ہے جس میں سے گزرتے ہیں اسے Lovers' Lane کہتے ہیں اور دوسری طرف Boulevard سیدھا Birmingham City Centre کو جاتا ہے۔

British Council

میں یونیورسٹی جانے کے بجائے باہر نکل کر main gate کے قریب پہنچا تو شاہدہ بھاگتی ہوئی آئی اور کہنے لگی ابھی میں نے سنا تو British Council میں رجسٹریشن کروانی ہے۔ جناب کو کچھ خیال تھا لہٰذا میرا انتظار تو کر لیا ہوتا۔

"ایسا انتظار اس گھر میں تو ہوا بھی زاہدہ سے پوچھ کر چلتی ہے۔ کیا معلوم زاہدہ تمہیں اجازت دیتی نہ دیتی۔"

"ایسی بھی کیا مجبوری، میری بھی تو کوئی مرضی ہے۔"

شاہدہ میرے ساتھ ساتھ بائیں ہاتھ چلنے لگی۔ ہم دونوں نے Boulevard کو عبور کیا اور قریب ہی footpath پر شہر کے Centre کی طرف جانے والی buses کا stop واقع تھا۔ اسی stop پر Country buses بھی رکتی ہیں۔ چند منٹ انتظار کیا کہ ہماری مطلوبہ بس آ گئی۔ اخلاقاً میں نے شاہدہ کو بس میں داخل ہونے دیا بعد میں خود داخل ہوا۔ یہ Double-decker بس تھی اور بس کی سیٹیں house full کا منظر پیش کر رہی تھیں۔ تین افراد بس کے aisle میں کھڑے تھے۔ ایک انگریز نے اخلاقاً شاہدہ کو اپنی seat پیش کر دی۔ یہ درست ہے یہ عرض کرنا مناسب ہوگا کہ بس اور ٹرین میں اور Underground میں seats خالی نہ ہوں تو خواتین اور بزرگ مردوں کو بیٹھنے کے لئے مسافر احتراماً اپنی سیٹ پیش کر دیا کرتے ہیں۔ جب conductor نے ہماری جانب رجوع کیا تو شاہدہ نے مجھے موقع دیئے بغیر "Please two to town" کہہ کر ٹکٹ وصول کئے اور قریب سے ہی کسی نے بتایا کہ ہم change نہیں۔ یہاں ہم دونوں نے شہر کے Centre کی Main Street پر بس چھوڑ دی۔

میں نے دیکھا کہ unwritten قواعد و ضوابط کے پیش نظر خواتین مردوں کے بائیں ہاتھ ساتھ چل رہی ہیں۔ مختلف مخالف سمت سے آنے والے footpath پر سڑک کی طرف چونکہ سڑک کی طرف خطرہ ہوتا ہے لہٰذا خطرے کی جگہ خود مرد رہتے ہیں اور دوسری جانب محفوظ جگہ پر خواتین۔ لہٰذا ان کی تقلید میں ہم بھی چل دیئے۔

کافی دیر تک ادھر ادھر window shopping کرتے رہے۔ پاکستان میں ... تک اب Electric shaver دستیاب ہے۔ میں نے ایک دکان پر Remington کا Electric shaver دیکھا۔ ہم دونوں دکان میں داخل ہوئے۔ میں نے shaver خریدنا چاہا۔ دکاندار نے ایک اور Sunbeam کا بھی shaver دکھایا لیکن میں نے Remington کے متعلق پاکستان میں پہلے ہی پڑھ رکھا تھا اس لئے میں نے Remington ہی خریدنا چاہا۔ قیمت 9 pounds اور کچھ pence تھی۔ میں نے اپنے Traveller's check پر دستخط کر کے دینے ہی والا تھا کہ شاہدہ نے ادائیگی کی۔ salesman نے بہت ... instructions بتائیں کہ shaving سے پہلے ... اگر چہرہ moist ہے تو pre-shaving-sticks موجود ہیں وہ بھی خرید لیں۔ باقی instructions box کے اندر ایک leaflet میں مل جائیں گی۔ میں نے shaver کا box تھام لیا اور دکان سے باہر نکل آئے۔

Marfat.com

"شاہدہ تم یہاں نہیں آنا چاہتی تھیں۔ میں تمہیں لانا چاہتا تھا تم نے زیادتی کی ہے۔"
"یہ تمہاری بھی زیادتی ہے جب shave کیا کرو گے تو مزہ آیا کرے گا۔"
"وہ تو یہ بھی آیا کرے گی۔"

تھوڑی دور چلتے چلتے ہمیں Woolworth کا ایک Depatmental Store نظر آیا اور اس کے ساتھ ایک چھوٹا سا restaurant تھا۔ چونکہ کھانے کا وقت ہو چکا تھا۔ میں نے شاہدہ کو کھانے کی دعوت دی۔ ہم دونوں نے fish and chips کھائے۔ شاہدہ نے تو کھانے کے بعد چائے پی لیکن میں نے coffee۔ جب بل دینے کا وقت آیا تو یہاں بھی شاہدہ نے بل ادا کر دیا۔ میں نے اس کا شکریہ ادا کیا اور ساتھ ہی یہ بھی کہا کہ یہ تمہاری آخری جسارت ہے۔ ورنہ مجھ کو برا لگتا ہے۔

restaurant سے باہر نکلے تو تھوڑے فاصلے پر British Council میں داخل ہو گئے۔ desk پر موجود صاحب کی nameplate پر Mr Erickson لکھا ہوا تھا۔ رجسٹریشن فارم طلب کرنے پر اس نے دو فارم ہمارے حوالے کر دیئے۔ ہم دونوں نے forms کو desk کے ساتھ کھڑے ہو کر ہی fill up کر دیا۔ forms پر passport کی specification، نام، پیدائش، ملازمت، وطن اور یہاں کا address اور اگر معلوم ہو تو وہ بھی درج کرنا تھا۔ اس طرح ہم دونوں کی registration ہو گئی اور باقاعدہ member بن گئے۔

British Council کا Overseas Students Centre بھی کہا جاتا ہے۔ وہی لوگ member بن سکتے ہیں جو باہر سے پڑھنے آتے ہیں۔ اپنے guests کو بھی رجسٹر پر دستخط کر کے اندر لے جایا جا سکتا ہے۔ Mr. Erickson نے ہمیں یہ ہدایت کی کہ اپنا handbag وغیرہ اوپر lounge میں لے جانے کی اجازت نہیں۔ یہاں اگر handbag رکھ دیں تو جب چاہیں واپس لے جا سکتے ہیں۔ پھر اس نے ہمیں عمارت دکھانے کا کہا مگر میں نے جواب دیا کہ آپ تکلیف نہ کریں ہم خود ہی دیکھ لیں گے۔ اس نے بتایا کہ اوپر سیڑھیاں چڑھتے ہی بائیں ایک دفتر ہے جس کی In-charge Miss Angelique ہے۔ وہ landladies کے پاس رہائش کا بندوبست بھی کرتی ہے۔ ہم نے اس کا شکریہ ادا کیا۔

desk کی دائیں جانب سیڑھیاں ہوتی تھیں۔ جب سیڑھیوں پر چڑھ کر دیکھا تو بائیں ہاتھ Miss Angelique کا کمرہ اور دائیں جانب ایک cardroom جس کے ساتھ ہی bathroom۔ چار سیڑھیاں اوپر چڑھتے پر دائیں جانب شیشہ دار کمرہ۔ جو visitors کے استعمال کے لیے مختص تھا۔ کمرے میں brown رنگ کا carpet بچھا ہوا۔ بائیں جانب کی دیوار میں ایک بڑا gas heater (تقریباً 84) لگا ہوا جس کے قریب تین single صوفے رکھے ہوئے تھے۔ اس کمرے کی بائیں جانب دیوار کی جگہ ایک شیشہ لگا تھا جس سے باہر صاف دکھائی دیتا۔ مختلف جگہوں پر Easy chairs اور کم اونچے Round-tables۔ ایک طرف rack میں مختلف ممالک کے magazines اور اخبارات رکھ دیئے گئے تھے۔ جب ہم اس کمرے میں گئے تو چند ایک German، ایرانی، پاکستانی اور عرب students بھی بیٹھے ہوئے تھے۔ ہم دونوں بھی ایک Round-table پر شیشے والی دیوار کے ساتھ بیٹھ گئے۔ کسی سے جان پہچان نہ تھی اور نہ ہی اس کی ضرورت محسوس کی۔ عجیب اتفاق تھا کہ عرب عربی، جرمن جرمنی اور پاکستانی اردو اور پنجابی زبان میں باتیں کر رہے تھے۔ ہم کافی دیر بیٹھے اپنے خاندانوں کے متعلق باتیں کرتے رہے اور بیچ بیچ اخبارات و رسائل کا بھی مطالعہ کیا۔ جب باہر نکلے تو پانچ بج رہے تھے۔ گھر آنے سے پہلے پھر ہم نے اپنے آپ کو شہر سے آشنا کرنے کی غرض سے گھومنا شروع کر دیا۔ بالآخر بس پکڑ لوٹنے کے لیے سوار ہوئے۔

زاہدہ کا انوکھا دستور

ولی آج صبح سات بجے شاہدہ اور راقم گھر واپس لوٹے زاہدہ غصے کی حالت میں ادھر ادھر چکر لگا رہی تھی۔ ہمیں دیکھتے ہی آگ بگولہ ہو گئی اور غصے سے چیخنے چلانے لگی۔

Marfat.com

"یہ بات ٹھیک نہیں، یہاں ایسا نہیں چلے گا۔ تمہیں احساس تک نہیں ہمارے ہاں وقت کی کیا قدر ہے۔ اگر تم نے یہ بے پروائی کی حرکت کی تو مجھے تم دونوں کے لئے کسی ایسی landlady کا انتخاب کرنا پڑے گا جو اپنے سخت رویے کے لئے مشہور ہو اور تمہیں وقت کی قدر چند دنوں میں سکھا دے۔ تمہیں شاید معلوم نہیں کہ پابندیٔ وقت ہی کامیابی کی چابی ہے۔" مثال دیتے ہوئے اس نے کہا "یہاں اگر دکاندار وقت پر دکان ہی نہیں کھولتا تو اس کا کاروبار ٹھپ ہو کر رہ جائے گا۔ گھڑی رک جاتی ہے اگر اسے وقت پر چابی نہ دی جائے۔ تمہیں دیر ہو جائے تو کار تمہارا انتظار نہیں کرتی۔ تنظیم، ترتیب اور وقت کی پابندی یہ ہیں وہ تین چیزیں جن پر چل کر کامیابی حاصل کی جاتی ہے۔ کیا تمہیں اپنا ماموں یاد ہے (اس کا اشارہ شاہدہ کی طرف تھا) بہت امیر آدمی تھا۔ اپنے دفتر کی اوقات کار میں تو غفلت برتتے ہی تھے، کئی کئی ماہ تک وہ اپنے ضروری کاغذات دیکھنے بیٹھے دیر سے پہنچتا۔ بار بار فرصت جانے کی زحمت ہی نہ کی اور تم جانتی ہو اس کا انجام کیا ہوا؟ سلطنت تباہ ہو گئی اور اب وہ ایک معمولی سی آمدنی پر گزر اوقات کرنے پر مجبور ہے۔" اس نے مزید کہا "میں چند سال پہلے ... جہاں تک تمہارے دوست کا تعلق ہے" اس نے میری طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا

"میں اس کی ذاتی پسند و ناپسند کی خاطر اپنے گھر کی روایات کا پابند کر سکتی ہوں۔ وہ تو چند دنوں کا مہمان ہے پھر اسے کوئی اور جگہ تلاش کرنا پڑے گی لہٰذا اس سے میری زیادہ توقعات وابستہ نہیں اور تم تو میرا ان کی مہمانی ہی ... چلنے کی مجاز ہوں میرا خیال ہے اب کافی ہو گیا ہے تم نے یقیناً سبق سیکھ لیا ہو گا۔"

شاہدہ آبدیدہ ہو گئی۔ میں غصے کی حالت میں spring کی طرح اچھلا اور اچانک بولا:

"یہاں دنیا ختم نہیں ہو گئی میں تو ابھی چند دن ہی سے اجنبی دیس میں نو وارد ہوں۔ یہاں جو کچھ میرے ساتھ گزری ہے۔ میں حیران ہوں کہ آپ جیسی مہذب خاتون نے کھانے سے ذرا دیر ہونے پر قیامت کی منظر کشی کر دی اور آسمان سر پر اٹھا لیا۔ یہ بات بچہ بالا ہے۔ یہ اب میری برداشت سے باہر ہے۔ میں ایک آزاد منش انسان ہوں۔ میرے لئے رہائش کا بندوبست کوئی مشکل کام نہیں۔ آپ اپنا غصہ مجھ پر نہیں نکال سکتیں۔ معلوم ہوتا ہے آپ قسمت کے کھیل نے کئی دولت کی ہے جبکہ میں ایک معمولی گھرانے سے تعلق رکھتا ہوں اور کسی کے ناجائز احکامات کا عادی نہیں۔ اگرچہ آپ کے ذاتی اور گھریلو معاملات نے زندگی اجیرن بنا دی ہے تو کسی اور کو scapegoat کیوں ٹھہراتے ہیں۔ یہ تو صرف بیچاری شاہدہ ہی ہے جو ٹھیک سے لیکن مجھے نہ کہیے۔ 'No madam' آپ کی مہربانی۔ فرصت میں ہی یہاں سے جا رہا ہوں۔ آپ چاہیں تو ابھی اور اسی وقت بھی جا سکتا ہوں۔ یہاں سے ایک ٹیلیفون پر بھی ... سے باسانی cab کو بلایا جا سکتا ہے۔ میں تو اس گھر کا ٹیلیفون استعمال کرنے پر بھی توہین محسوس کرتا ہوں۔" شکریہ ادا کرنے کی رخصت لے اپنے کمرے میں اپنا سامان سمیٹنے بیٹھ گیا۔ البتہ شاہدہ بھیگی آنکھوں سے میرے پیچھے آئی اور نہایت بے بسی سے بولی

"مہربانی کرو اور میری خاطر کم از کم آج کی رات یہیں رک جاؤ۔" شاہدہ کی اس بات نے میرے پاؤں پکڑ لئے۔

یوں تو زاہدہ نے کوئی پروا نہ کی مگر پریشانی کے عالم میں living-room میں ٹہلتی رہی۔ ساتھ ہی وہ کچھ بڑبڑاتی جاتی اور بیچ بیچ میں چیختی رہی۔ "اللہ معاف کرے یہ کیسی عورت ہے۔ مجھے تو ان کا بولنا بھی ہول دلاتا ہے۔" مجھے اپنے ... رکھنے کی کوئی خاص وجہ دکھائی نہ دی۔ دیکھا تو تکلیف تو صرف زاہدہ کو تھی۔ مجھے تو نہیں۔ میں نے Ingrid کو cheese sandwiches لے کر بیٹھتے پایا۔ اس نے نہایت محبت سے کھانا چاہا تھا لیکن مجھے اس وقت اس کی حاجت نہ تھی۔

Ingrid سے گفتگو کے بعد کیا sandwiches سے آگئی۔ میں نے فیصلہ کر لیا تھا کہ جتنی جلدی ممکن ہو یہاں سے بہر طور اس گھر کو چھوڑ دینا ہے۔ اگلی صبح میں اپنا سامان British Council میں رکھ کر ... سے کہہ دیا تھا کہ ... بہتر جگہ تلاش ہو جائے۔ میں نے اپنے دوست ارشد کو فون کیا جو شادی شدہ تھا اور ... میں بند کمرے میں شوق سے بیٹھتا اور پڑھتا۔ اس نے tablelamp کا on بٹن دبایا۔ زاہدہ نے ... شروع کر دیا کہ اس عورت کو دولت نے ... اور وہ دوسروں سے غلاموں جیسا سلوک کرتی ہے۔ شاہدہ ... بھی نہیں کرتی۔ اب مجھے احساس ہوا کہ وہ ... بڑے ... کی مالک ہے لیکن ... Gibraltar ... ایسے حالات میں ... یہ بات ہے کہ ...

چنانچہ یہ طرح کے مخبوط الحواس کا حامل ہے۔

اسی طرح مختلف قیاسات کے حصار میں کروٹیں بدلتا رہا اور یہ نیا وسوسہ سر اٹھاتا رہا لیکن کسی کا بھی میرے پاس خاطر خواہ جواب نہ تھا۔ مسلسل سوچ بچار اور پریشانی نے آخرکار مجھے اس نتیجے پر پہنچایا کہ زاہدہ کی ان تمام حرکات اُس کی جسمانی اور جنسیاتی تشنگی کے شاخسانے کے پس منظر پر مبنی خیال کیا۔ ورنہ جانے کے وقت تھوڑی دیر سے پہنچنے پر اتنا بڑا ہنگامہ چہ معنی دارد؟ اور ہاں! میرے اس نتیجہ کی تصدیق بعد میں اس وقت Grewal کی آمد و رفت نے کر دی۔ اب مزید سوچ بچار کی گنجائش نہیں۔ آپ بخوبی جانتے ہیں۔ ہمارے معاشرے میں "حسن" کی وجہ سے اکثر عورتوں کو hysteria نوعیت کے دورے پڑتے ہیں جبکہ اکثر صاحبان اور حکماء حضرات اس کیفیت سے پریشان نہیں ہوتے اور نہ ہی کوئی خاص علاج تجویز کرتے ہیں۔ مشورہ دیتے ہیں تو ازدواجی زندگی سے منسلک ہونے کا۔ quacks وغیرہ اسے "جنات یا آسیب" کی حرکت بتاتے ہیں۔

Encounter of another type

تمام دن خوشگوار دھوپ سے لطف روز افروز رہی البتہ شام اپنے ساتھ گھنگھور گھٹا میں نجانے کہاں سے کہاں سے آئی اور بارش برسنے کا امکان نظر آنے لگا۔ تھوڑی دیر بعد window-panes پر بارش کے قطرات گرنے سے جلترنگ کی آواز سنائی دینے لگی۔

اب نیم شب کا عمل تھا۔ میرے خیالات ادھر ادھر بھٹکنے سے گریزاں تھے۔ یکسوئی نے مجھے نیند کی دہلیز تک پہنچا دیا مگر Rudyard Kipling کی کتاب *Kim* کے ایک عجیب اور متجسس باب نے table lamp روشن رکھنے پر مجبور کر دیا۔ اچانک دروازے کا ہینڈل گھومنے کا اور اس احساس نے چونکا دیا۔ میں نے جلدی سے bed شیٹ اپنے اوپر اوڑھ لی۔ دیکھتا کیا ہوں کہ زاہدہ کمرے میں داخل ہو کر دروازے کو bolt up کر رہی ہے۔ ایک لمحے بیتے تو میں اتنا حیران ہوا کہ کوئی حرکت نہ کر سکا۔ میری حالت چوہے کی سی تھی جیسے میں اچانک ٹھنڈے پانی میں گر گیا ہوں۔ اس کی غیر متوقع موجودگی کے احساس سے میں کانپ گیا لیکن فوراً ہی اپنے آپ کو سنبھال لیا اور تکیہ سے سر اٹھا کر bed کے head-rest سے ٹیک لگا لی۔ احتراماً اسے صوفہ پر بیٹھنے کی ترغیب دی جو کہ table lamp کے میرے ساتھ پڑا ہوا تھا لیکن اس نے bed پر بیٹھنے کو ترجیح دی اور rug پر پاؤں رگڑنے لگی۔

آدھی رات کے وقت تنہائی اور عورت کے لطیف جسم کی خوشبو نے لمحہ میں مجھے کہیں سے کہیں پہنچا دیا۔ وہ ایک باریک سفید رنگ کی See-through negligee میں ملبوس تھی۔ ایک سفید ریشمی ڈوری بے احتیاطی سے اپنی کمر پر باندھی ہوئی تھی اور اس نے bra کا رنگ سرخ پہنا تھا۔ اس کے سانس لینے سے چھاتیوں کا اتار چڑھاؤ صاف طور پر عیاں تھا۔ ویسے تو وہ میری نگاہوں سے ساتھ اپنی پشت کا رخ کیے ہوئے تھی جبکہ اس نے اپنا دایاں ہاتھ میرے پیٹ کے اوپر بستر کے اس طرف رکھا اور سرگوشی کے انداز میں بولی "میری بے وقت مداخلت نے disturb تو نہیں کیا؟ ہم بالکل اکیلے ہیں۔ تم اور میں۔ میں نے اس طوفانی موسم میں بڑی تنہائی محسوس کی۔ ایسے میں کسی کی محبت اور پیار کی پیاس محسوس ہوتی ہے لیکن جیسے کہ Shakespeare نے Richard III میں لکھا ہے "دنیا میں کوئی نہیں جو مجھ سے محبت کرتا ہے اور اگر میں مر بھی جاؤں تو کوئی مجھ پر رحم نہیں کرے گا۔" مگر یہ سوچتے ہوئے کہ تمہیں بھی حرارت انگیز جسم کی تپش کی ضرورت ہو گی تو تمہاری تنہائی میں آ گئی۔"

جذبات کی شدت میں جلتے ہوئے اب یہ میری خواہش تھی کہ جلد ہی اسے اپنے بازوؤں کی گرفت میں لیکر۔۔۔ مگر مجھ میں پہل کرنے کی ہمت نہ تھی۔ ویسے بھی اس کی لاابالی طبیعت کا منظر دیکھ چکا تھا اور ڈر تھا کہیں لینے کے دینے نہ پڑ جائیں۔

ماحول کی دیدہ دلیری کی داد دینی پڑتی ہے، بعد آٹھ دن ملاقات کو ہونے اور نوبت "ایں جا رسید"۔ لیکن جیسا کہ Petronius Albeiter کا مقولہ ہے "Beauty & wisdom are seldon found together" (خوبصورتی اور عقلمندی بہت کم یکجا پائے گئے ہیں۔)

وہ تمام قواعد و ضوابط سے آزاد ہو گئی۔ اس نے میرے اوپر والی bedsheet کو اٹھا کر دور پھینک دیا اور میں ابھی سنبھلنے

Marfat.com

بھی نہ پایا کہ وہ حسب خواہش تلاطم خیز جذبات میں سب کچھ کر گزری۔ اتنا کچھ ہونے کے باوجود میں ابھی تک اپنے فیصلہ پر قائم تھا۔ صبح مجھے یہاں سے کوچ کر جانا چاہئے اور یونیورسٹی کے قریب کوئی جگہ دیکھوں گا۔

صبح دم جب میں breakfast کیلئے کچن میں داخل ہوا تو یہ کوئی صبح کا چھ بجے کا وقت تھا۔ تمام اہل خانہ ابھی سوئے ہوئے تھے۔ میں نے کچن سے دو انڈے لئے انہیں تین منٹ boil کیا۔ عین اسی وقت Ingrid بھی آ گئی اور میرا ناشتہ تیار کرنے لگی۔ Ingrid کی حرکات و سکنات سے اس کے اچھے خاندان کی دلالت ہو رہی تھی۔ مجھے بعد میں معلوم ہوا کہ British قوانین کے مطابق European لڑکیاں U.K میں یا تو انگلش پڑھنے یا اسے پالش کرنے کیلئے جاتی ہیں جس کیلئے انہیں کسی فیملی کے ساتھ رہنا پڑتا ہے جو کام کاج میں ہاتھ بٹاتی ہیں۔ اس خدمت کے صلے میں اپنی خوراک اور جیب خرچ سے مستفید ہوتی ہیں اور رات وہ کسی ادارے سے language کورس بھی کرتی ہیں۔ Ingrid نے میرا ناشتہ میز پر لگا دیا اور میں نے ناشتہ لینے میں کوئی جلدی نہ کی ابھی تک گھر کا کوئی فرد نیند سے بیدار نہ ہوا تھا۔

کچھ عرصے کے بعد میری ایک جرمن لڑکی سے دوستی ہوئی جس کا نام بھی اتفاق سے Ingrid ہی تھا۔ جب ہم سینما وغیرہ دیکھنے کیلئے restaurant میں جاتے تو وہ اپنا بل خود ادا کرتی اور کہتی۔ "We are not going to get married. why should you pay for me ?"

میری دوست Ingrid نے مجھے ایک نصیحت کی جو اب بڑھاپے میں میرے کام آ رہی ہے:

"Always save that much money. which you can easily forget about. There is no sense you save pounds 20 out of pounds 40. which you get per month. and the very next day you withdraw that saving from the bank."

1928 میں پرکاش ٹنڈن (جس کی کتاب کا کشمیر کے حوالے سے ذکر کیا جا چکا ہے) میری طرح گجرات پنجاب کا رہائشی جب لندن میں چارٹرڈ اکاؤنٹینسی کی تعلیم حاصل کر رہا تھا تو پندرہ پاؤنڈ ماہانہ اور کچھ سال بعد کچھ اضافی رقم ملتی تھی۔ 1955 میں ستائیس سال کے بعد راقم کیلئے چالیس پاؤنڈ ماہانہ کافی ہوا کرتے۔

بے چارہ خاوند

ناشتے کے بعد میں living-room میں گیا ریڈیو on کیا کہ باہر main gate پر دستک کی آواز محسوس ہوئی۔ newsboy نے دروازے کے سوراخ میں سے جو خاص اسی مقصد کیلئے رکھا گیا تھا، کچھ اخبارات ڈال دیئے۔ کافی ضخیم اخبارات تھے۔ London Times, Daily Mail, Daily Express وغیرہ وغیرہ۔ میں نے Times اخبار کا انتخاب کیا۔ میں کافی زیادہ ضخیم اخبار واقع ہوا۔ پہلے چند صفحات اشتہارات پر مشتمل تھے۔ sports، بعد میں اموات وغیرہ اور خبریں اندر کے صفحات پر جیسے کوئی اہمیت ہی نہیں ہے۔ میں قریباً ایک گھنٹہ اخبارات کی ورق گردانی کرتا رہا جبکہ زاہد کا خاوند بڑے سلیقے سے بال سنوارے کمرے میں داخل ہوا اور good morning کے بعد سب سے پہلے یہ سوال کیا:

"کیا تم رات کو آرام سے سوئے؟ بڑا خراب موسم تھا۔"

"ہاں یہ میرا England کے غیر یقینی موسم کے متعلق پہلا مشاہدہ تھا۔ کبھی شاندار دھوپ اور رات کو سرد موسم"۔ میں نے جواب دیا۔

"کیا تم چارٹرڈ ہو؟"

"ہاں! یہ نہیں کہ مجھے یہاں کوئی بہت مسئلہ نہیں بنا۔ میں آپ کے ذاتی معاملات میں دخل اندازی مناسب خیال نہیں کرتا۔"

"چھوڑو بھی میری طرف دیکھو۔ میں اس ماحول کا کئی سالوں سے عادی ہو گیا ہوں۔ زاہدہ کا چڑچڑا پن ذاتی نوعیت کا مشتعل کرنے کی حد تک دکھ پہنچانے والی، بدزبانی، عام انسان کی قوت برداشت سے زیادہ۔ ان معاملات کا عادی ہو گیا ہوں۔ اس

Marfat.com

سب باتوں کی میرے لئے کوئی اہمیت نہیں میری خاموشی سے اس کا غصہ فزوں تر ہوتا ہے۔ شہر سے رہوالے اپنا ہی گھر سمجھو۔ جلد ہی Grewal آنے والا ہے۔ وہ یونیورسٹی میں تمہارا ہر طرح کا خیال رکھے گا۔ قریباً دو سالوں سے Electrical Engineering پڑھ رہا ہے اور computer سے متعلق کئی science میں بھی مہارت حاصل کرنا چاہتا ہے۔ اگرچہ وہ ایک landlady کے پاس ٹھہرا ہوا ہے مگر منظور پور وہیں اس کا اپنا گھر ہے۔ میں شاہدہ کے گھر سے ساتھ ہی رات گزارتا ہے۔ اس کا باپ مشرقی پنجاب میں بہت بڑا آدمی ہے جیسا کہ تم جانتے ہو یہ وہ علاقہ جہاں سکھوں کی اکثریت ہے۔ اس کا مذہب کم سے کم حصے بھی بال منڈوانے کی اجازت نہیں دیتا مگر وہ مذہب کی بہت سی بندشوں کو توڑ چکا۔ بہت اچھا انسان ہے۔ اس کے خاندان والوں نے ایک trust قائم کیا اس کی مدد سے تم ہر چھوٹی واضح تعلیم پیسے بغیر ان سب کچھ جاتا ہے۔ یہ عجیب دنیا ہے اپنے دیس میں تو پاکستانی اور ہندوستانی ایک دوسرے کو کاٹنے کو دوڑتے ہیں مگر یہاں نہایت امن و شانتی سے رہتے ہیں۔ نوجوان جانے کا ارادہ ترک کر دو یقین کرو زاہدہ کے علاوہ کوئی نہیں رہے گا۔ میں تو مرجھا رہوں، روزمرہ کا شادے بنے چکے۔"

یہ شریف آدمی تو اپنے دل سے کئی پیاری بند کرنے کا ارادہ نہ رکھتا تھا۔ میں نے ہی مداخلت کی جسارت کر ڈالی اور کہا

"آپ کی مہربانی کا شکریہ! میں نے اپنا ارادہ ابھی تک نہیں بدلا اگر میں یہاں سے چلا بھی جاؤں تو اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں ہے کہ آپ لوگوں سے ملنے جلنے بھی نہیں آؤں گا۔"

ہماری گفتگو ابھی جاری تھی کہ کوئی اوپر دروازے کو زور زور سے کھٹکھٹا رہا تھا۔ مجھے مکمل یقین ہے کہ زاہدہ شاہدہ دو دن کی کوشش کر رہی ہے مگر وہ شریف آدمی بڑبڑایا "اور کون ہو سکتا ہے!"

رات اس قدر خوشگوار گزرنے کے بعد صبح کی ابتدا جو اتنے بھونڈے انداز میں ہوئی اور ان کی جانے کس عجیب رنگ میں گزرے گا۔ یہ صورت ہماری وقت ہوئی۔ اس کا یہ رویہ تو میرے اعصاب کو پاش پاش کر دیا۔ میں دوسروں کی لغزشوں کا خمیازہ بھگتنے والوں میں سے نہیں ہوں۔

"Ingrid! یہ ہمارا مہمان جا رہا ہے؟ جو میرے لئے ناشتہ تیار کرو۔ ہاں! مجھے Enos salt بھی چاہیے" زاہدہ پرتعیش لہجے میں چلائی۔

"میرا مہمان تو اپنا ناشتہ پہلے ہی کر چکا ہے اب وہ master کے ساتھ living-room میں گپ شپ لگا رہا ہے۔"

"یہ بدتمیزی کی انتہا ہے۔ اسے میرا اور شاہدہ کا انتظار کرنا چاہیے تھا۔ Ingrid جیسے تم جانتی ہو اس گھر میں کھانے کی پابندی بہت ضروری ہے۔ خیر اس دفعہ تو کوئی بات نہیں۔ وہ اس گھر کا عادی ہو جائے گا" زاہدہ کی سیڑھیوں سے آواز آئی۔

شریف آدمی نے اپنی مسکراہٹ کو دباتے ہوئے ہاتھوں میں پکڑے اخبار کے اوپر جھانک کر میری طرف دیکھا۔ اب زاہدہ اور شاہدہ dining room میں ناشتہ کر رہی تھیں۔

"Ingrid کیسی طوفانی رات گزری ماسوائے بادلوں کی گھن گرج کے اور کوئی آواز کان میں نہ پڑ رہی تھی۔" زاہدہ نے تبصرہ کیا۔

"یقیناً بہت ہی طوفانی! کئی مہینوں سے ہم نے ایسا طوفان نہیں دیکھا" Ingrid نے جواب دیا۔

تھوڑی دیر بعد زاہدہ اور شاہدہ دونوں کافی پینے living-room میں آ گئیں اور زاہدہ نے فقرہ کسا:

"شریف آدمی یہ ہیں؟ بیچارے اکیلے تنہا!"

"کوئی تنہائی نہیں بس ذرا دلچسپ گفتگو کر رہے تھے" میں نے ذرا طنزاً کہا۔

"تم سے آج ملنے چلے ہیں ورنہ ابھی تک chauffeur نظر نہیں آیا۔ میرا تو دفتر جانے کا وقت ہے۔ میں نے اپنے staff سے Business meeting رکھی ہوئی ہے۔ چند دنوں میں ایک جاپانی جہاز ہمارے order کا سامان لیکر آ رہا ہے" شریف آدمی بڑبڑایا۔

شاہدہ کی آنکھیں ہنستی آنکھوں لیکر جا رہی تھیں۔

میں نے پوچھا "آپ کیسی ہیں۔ کیا آپ رات کو آرام سے سوئیں؟"

Marfat.com

''ہاں! اگر صبح کا آغاز تلاطم سے ہوا۔''

''تلاطم! ذرا کھڑکی سے باہر دیکھو، تیز دھوپ میں نکھر رہی ہے۔''

''یہ بات نہیں، زاہدہ نے آج صبح صبح اچھی dose دی۔'' شاہدہ نے زاہدہ کی طرف اشارہ کیا۔

''شکوہ، شکایتیں، یہ دن شروع کرنے کا طریقہ نہیں۔'' زاہدہ نے مداخلت کی۔

دروازے کی گھنٹی بجی اور Ingrid، living-room میں داخل ہوکر کہنے لگی: ''Chauffeur, Sir.''

شریف آدمی تھا۔ اس نے اپنا بریف کیس تھاما اور بغیر کوئی لفظ ادا کیے دفتر کی راہ لی۔

''اچھا، میرا خیال ہے میں بھی اپنی رہائش ڈھونڈنے کے لیے راستہ ناپوں۔'' میں خودکلامی کے انداز میں گویا ہوا۔

''نہیں تم کہیں نہیں جارہے۔ میں نے کہہ دیا۔ مسلمان اور اچھے لڑکے ہونے کے ناطے اپنے بڑوں کی بات کو خاموشی اور سعادتمندی سے سننا اور ان کی تجویز کو مقدم ماننا چاہیے۔'' زاہدہ نے حتمی انداز میں فیصلہ سنایا۔

پیشتر اس کے کہ میں کچھ عرض مدعا کرتا۔ شاہدہ نے دخل درمعقولات کرتے ہوئے کہا: ''میری بہن ٹھیک کہتی ہے۔ ہمیں بڑوں کی خواہشات کا احترام کرنا چاہیے اور تم کہیں بھی نہیں جارہے۔''

زاہدہ نے Ingrid کو آواز دی: ''مہمان کے سامان کو کھول دو۔'' شاہدہ کی مداخلت نے وقتی طور پر مجھے رضامند کر دیا۔

وہ گھر چھوڑنا ہی بہتر تھا

کچھ دنوں کے بعد Grewal آن ٹپکا۔ وہ صحت مند جسم کا مالک تھا ویسے تو سارے روتے ہی جنم لیتے ہیں مگر یہ شاید مسکراتے ہوئے ہی پیدا ہوا۔ رنگ ذرا سانولا۔ ہم جلد ہی دوست بن گئے اور یوں محسوس ہوتا جیسے ہم صدیوں سے ایک دوسرے سے آشنا ہیں۔ ہر دن شاہدہ کا جھکاؤ میری طرف بتدریج زیادہ ہی ہو رہا تھا۔ ہر کام میں میرے ساتھ ترجیحی سلوک روا رکھتی اور زاہدہ بھی بعض اوقات Grewal میں حوصلہ افزائی رکھتی۔ اسے کسی کی بھی پرواہ نہ تھی اور خصوصاً مجھے تو مکمل طور پر بھول ہی گئی۔

ویسے تو مجھے رہنے کو گھر مل گیا مگر اپنا گھر اپنا ہی ہوتا ہے۔ کبھی کبھی تنہائی کی راتوں میں بے اختیار اپنا وطن یاد آتا تو تنہائی کاٹنے کو دوڑتی۔ یہ ایسا دور تھا جب میں کسی کمی کو شدت سے محسوس کرتا۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ یوں محسوس کرنے لگا جیسے میں ایک راندہ درگاہ بدنصیب ہوں جسے ایک طرف تو زاہدہ گھاس نہیں ڈالتی اور شاہدہ سے بھی قربت نہ بڑھ سکی۔ اب میرے لیے یہ گھر چھوڑ دینا ہی بہتر تھا۔

ایک دن کھانے کی میز پر میں نے کہہ ہی دیا کہ میں جا رہا ہوں اور میرا یہ آخری فیصلہ ہے۔ شاہدہ کو یوں لگا جیسے اور اس کے ہاتھوں سے fork زمین پر جا گرا۔ میں نے cab کا انتظام کیا اپنا سامان لیکر British Council پہنچ گیا۔ یہ میری خوش قسمتی تھی کہ مجھے کسی اچھی landlady کے پاس کمرہ مل جاتے ورنہ مجھے اس کی تلاش میں کئی روز ہوٹل میں قیام کرنا پڑتا۔ ایک ادھیڑ عمر Dixon نے برٹش کونسل کے ڈیسک پر موجود مجھے دیکھتے ہی کہا: ''Sir، میں آپ کی کیا خدمت کر سکتا ہوں؟''

''میں پہلے ہی British Council میں register ہوں۔ یہ میرا ممبر شپ کارڈ ہے۔ مجھے ایک مناسب کمرے کی تلاش ہے جو اچھے area میں اور یونیورسٹی سے بھی دور نہ ہو۔''

اس نے مجھے ہال میں دوسری طرف Mrs. Andrews سے ملنے کی ترغیب دی جو اس کمرے میں بیٹھتی تھیں۔ میں اپنا سامان Mr Dixon کی تحویل میں چھوڑ کر Mrs. Andrews کے کمرے کی طرف چل پڑا۔

اس کمرے میں تین ادھیڑ عمر عورتیں جو بظاہر ایک جیسی نظر آرہی تھیں۔

''Good afternoon! مجھے Mrs. Andrews سے ملنا ہے۔'' میں نے کمرے میں داخل ہوتے ہی کہا۔ ایک محترمہ نے مسکراتے ہوئے اٹھ کر کرسی پیش کی اور کہا: ''Sir، بیٹھیں میں آپ کے لیے کیا کر سکتی ہوں؟''

''مجھے ایک اچھے area میں رہائش گاہ چاہیے جو یونیورسٹی سے دور نہ ہو۔''

Marfat.com

""تین قسم کے کمرے ہوتے ہیں۔ ایک کمرہ والا جس میں علیحدہ bath, kitchen کی سہولتیں نہیں ہوتیں۔ وہاں ایک Paying guest کی حیثیت سے رہنا پڑتا ہے البتہ family کا living-room اور bathroom استعمال میں لا سکتے ہو۔ صبح کا ناشتہ اور صرف weekend پر دوپہر کا کھانا جبکہ لانڈری کا بھی بندوبست ہو سکتا ہے۔

""دوسری قسم کا کمرہ وہ جس کے ساتھ کھانا پکانے کے لیے kitchenette اور کمرہ میں ایک washbasin کونے پر ہوتا ہے۔ bathroom اور living-room کی سہولیات نہیں البتہ یہاں بھی لانڈری کی سہولت میسر ہے۔

""تیسری قسم کا کمرہ مکمل bed اور معقول قسم کا فرنیچر۔ bathroom باہر ہال میں جو کہ دوسروں کے ساتھ share کیا جاتا ہے اور کمرہ میں کھانا پکانے کی سہولت اپنی پرائیویٹ entrance یعنی guests کے آنے جانے پر کوئی پابندی نہیں۔ ایک قسم کی Self-contained unit" Mrs. Andrews نے وضاحت کی۔

یہ آخری قسم کی رہائش مہنگی ہے بہت ہی کم ملتی ہیں۔ ایسی کوئی صورت نہیں جہاں پرائیویٹ باتھ روم ہو۔

Mrs. Andrews نے dossier کی چھان بین کی اور مجھے چند addresses اس category میں دیئے۔ یہ رہائش مجھے پسند تھی۔ یونیورسٹی سے کوئی تین میل کے فاصلے پر اور اس سڑک کی side street پر جو یونیورسٹی سے گزرتی۔ اس کا ایڈریس تھا 10-Speedwell Road کرایہ چار پونڈ 10 شلنگ ہفتہ جو کہ پیشگی ادا کرنا ہوتا تھا۔

Mrs. Andrews نے میرے نام و پتے کا اندراج کیا اور landlady کو telephone کیا۔ اسے call کرنے میں چند ہی منٹ لگے مثبت انداز میں سر ہلایا جیسے کام ہو گیا ہو اور ہنسنے لگی۔

""آپ خوش قسمت ہیں۔ landlady نے بڑی مہربانی سے تمہیں رہائش دیدی ہے۔""

میں نے ان کا شکریہ ادا کیا اور باہر آ گیا سیدھا Mr. Dixon کے پاس گیا۔ انہوں نے میرے لئے cab کا انتظام کیا اور میں نئی رہائش کی طرف روانہ ہو گیا۔

Bathroom سے Living-room میں پانی

cab تیزی سے ہوتے address پر جا پہنچی۔ cab کے ڈرائیور کو فارغ کیا نیچے اتر کر میں نے grip (suitcase) اور briefcase کو اپنے ہاتھ میں پکڑتے ہوئے گھر کے دروازے کے سامنے رکھ دیئے۔ bell دی ایک نوعمر لڑکی نے جو سفید apron پہنے ہوئے تھی مسکراتے ہوئے دروازہ کھولا اور دیکھتی رہی۔

""Mrs. Stewart (landlady) آپ کا انتظار کر رہی ہے۔"" اور مجھے living-room کی طرف guide کیا۔

""Good afternoon, Mrs. Stewart میں حاضر ہوں۔""

""تشریف رکھیں۔ اب صاحب یہ وجہ ہے کہ مجھے کئی بیماریوں نے آن گھیرا۔ زیادہ آواز میرے اعصاب پر گراں گزرتی ہے جیسا کہ آپ نے دیکھا یہ بہت بڑا مکان ہے اور آپ کے آنے کی وجہ سے اب house full ہو چکا۔ اکثر guests اپنے کمروں میں ہی رہتے ہیں اور کبھی کوئی غیر معمولی آواز سنائی نہیں دے رہی۔ مجھے آپ سے بھی یہی توقع ہے جہاں تک ممکن ہو سکا خاموشی سے ہی رہیں گے۔ آپ کا کمرہ وہ جس ہال کے دروازے سے داخل ہوتے ہیں دائیں ہاتھ طرف دوسرا ہے۔""

اس نے Barbara کو آواز دی (یہ وہی لڑکی تھی جس نے میرے لئے دروازہ کھولا) اور اس کو میرا سامان میرے کمرے میں رکھنے کیلئے کہا جبکہ مجھے ہال کے کمرے کی چابی دیدی۔

کمرہ میں اپنے سامان کو پہنچایا اور اپنی مرضی سے کسی وقت بھی آ جا سکتا تھا سوائے اس کے کہ landlady غیر معمولی آواز سے allergic تھی بہرحال اس وقت یہ پابندی میرے لئے خاص اہمیت نہ رکھتی۔ ویسے بھی میری تمام مصروفیات کا تعلق گھر سے باہر کا تھا۔

یہ تو ظاہر ہے کہ کام کا سامان کمرہ بنانے کیلئے ایک کونے میں washbasin نصب اور ایک gas-ring میز پر ایک کونے میں

Marfat.com

موجود تھی۔ کمرے کی ایک دیوار مکمل طور پر شیشے کی بنی تھی جس سے lawn کا نظارہ بخوبی کیا جا سکتا تھا جبکہ شیشے پر نیلے رنگ کے پردے پڑے تھے۔ ایک دیوار میں مکمل طور پر cupboard سے ڈھکی ہوئی تھی۔ ایک couch اور دو single صوفے centre table کے ساتھ رکھے ہوئے تھے۔ فرش پر بچھا قالین اگرچہ بوسیدہ مگر گزارہ ہو سکتا۔ اس طرح جو شیشے کی دیوار پر پردہ تھا اس نے بھی بار بار طوفانوں کا سامنا کیا ہوگا۔ کوئی لکھنے پڑھنے کی میز اور کرسی ندارد۔ ایک single صوفے کے قریب دیوار میں gas-heater بھی موجود تھا۔ میں حیرت زدہ تھا کہ آخر bed کہاں ہے؟ شاید وہ لڑکی بعد میں لگا دے گی۔

میں نے اپنا سامان کھولا۔ اپنے کپڑے cupboard میں ترتیب دیئے اور کچھ reading material میز پر رکھ دیا۔ کافی وقت گزر گیا Barbara نظر ہی نہ آ رہی تھی۔

میں نے living-room کے دروازے پر ہلکی سی دستک دی۔ اندر سے Mrs Stewart کی آواز آئی "آ جاؤ، کھلا ہے اندر آ جائیے۔"

"مجھے میرے کمرے میں bed نظر نہیں آیا شاید Barbara بعد میں لگائے گی۔" میں نے پوچھا۔

"No bed!" Mrs. Stewart نے حیرانی سے ہنستے ہوئے Barbara کو آواز دی۔ جب Barbara اندر داخل ہوئی تو کہا "دیکھو اس شریف آدمی کو بتاؤ bed کہاں ہے۔"

"Oh! مجھے افسوس ہے۔" میرے ساتھ میرے کمرے میں جانے کیلئے چل پڑی۔

cupboard والی دیوار کے ساتھ ایک پردہ جس کے متعلق مجھے سمجھ نہیں آ رہی تھی شاید یہ کوئی decoration piece ہو۔ اس نے پردے کو ایک طرف سرکایا اور اوپر والی چھوٹی سی leather loop کو کھینچا تو بستر برآمد ہوا۔ اس قسم کا پہلا مشاہدہ تھا۔

"What a contraption?" میں نے حیرانی کا اظہار کیا۔ جانے سے پہلے Barbara نے کہا:

"بستر کو دوبارہ اپنی جگہ میں set کرنے کیلئے صرف بستر کا آخری سرا جو قالین پر ہے ذرا سا اٹھانا ہے اور بستر کے اوپر کی طرف push کرنا ہے پھر تمام کا تمام bed اس کی اپنی مخصوص جگہ میں چلا جائے گا۔ ہاں اس کے بعد پردہ draw کر دینا۔ چونکہ اس قسم کے بستر کو pull-out bed یا push-in bed کہتے ہیں۔"

تھوڑی دیر بعد شام کا کھانا کھانے کے لئے میں باہر جانے کی تیاری کر رہا تھا کہ میرے کمرے کے دروازے پر ہلکی سی دستک ہوئی۔ جب میں نے دروازہ کھولا تو Barbara نے کہا "میں آپ کو بتانا بھول گئی۔ اس گھر کی روایت ہے جب کوئی نیا guest آتا ہے تو پہلے کھانے کی یہاں دعوت دی جاتی ہے۔ Mrs. Stewart آپ کا living-room میں انتظار کر رہی ہے۔"

Mrs Stewart دوسروں کا خیال رکھنے والی نفیس ہمدرد خاتون تھی۔ چھوٹی سی رات تو میرے کھانے کا مسئلہ حل ہو گیا۔

ground floor پر bathtub کی ٹونٹیوں سے خراب تھا جبکہ اس کے ساتھ notice چسپاں کیا گیا "Please don't use me" دوسرے دن ہفتے کے روز مجھے نہانے کی سخت ضرورت محسوس ہو رہی تھی۔ میں سمجھا میری ٹیوب سے وہ شاید اوپر والی منزل پر کیا۔ سوائے Barbara کے اور Mrs. Stewart کے گھر کا کوئی اور guest ابھی موجود نہ تھا۔ یہ دونوں living-room میں گپ شپ میں مصروف تھیں۔ یہ سیڑھیاں living-room کے دروازے کے قریب سے ہو کر landing پر ختم ہوتیں۔ میں نے گرم اور ٹھنڈے پانی کے taps کو tub بھرنے کیلئے کھول دیا اور خود electric shaver سے shave کرنے میں مصروف ہو گیا۔ خوش قسمتی سے shaver بیٹری اور mains دونوں پر چلتا تھا کیونکہ باتھ روم میں تو کوئی electric socket بھی نہیں تھا۔ میں tub میں پانی کا لیول دیکھنا بھول گیا اور قطع نظر اس کے کہ tub کناروں تک لبالب بھرا ہوا تھا میں نے آؤ دیکھا نہ تاؤ tub میں کود گیا۔ (Archimedes law کے مطابق پانی میں کوئی چیز گرے تو اس کے وزن کے مطابق پانی displace ہو جاتا ہے) اب پتہ چلا کہ tub کا پانی میرے وزن کی وجہ سے displaced ہو کر tub کے کناروں سے اوپر بہہ گیا کیونکہ میں bathroom singer واقع ہوا ہوں، کوئی دھن گنگناتے ہوئے گرم گرم پانی سے لطف اندوز ہو رہا تھا۔ اچانک میں نے Mrs Stewart کی کرخت آواز سنی "Barbara! چھت کے اوپر دیکھو یہ پانی living-room میں کہاں سے آ رہا ہے؟"

Marfat.com

میں نے کوئی جواب نہ دیا۔ tub کی taps ویسے کی ویسے کھلی ہوئی تھیں۔

"Barbara! پانی ہر طرف پھیل چکا اور سیڑھیوں سے ہوتا ہوا living-room میں آ رہا ہے، جلدی سے سیڑھیوں سے نیچے آؤ" Mrs. Stewart چیخ رہی تھیں۔

میں نے کوئی توجہ نہ دی تھی کہ bathroom کے دروازے پر زور زور سے دستک ہوئی۔ اپنی غلطی کے احساس سے tub کی taps بند کر کے میں جلدی جلدی خشک ہوا اور bath-robe پہنا۔ صورت حال سے محسوس ہوا کہ bathroom کے فرش پر پانی ہی پانی ہے۔ یقیناً یہ سیڑھیوں سے ہوتا ہوا نچلی منزل کو جا رہا ہے۔

"Mister! تم نے یہ طوفان بدتمیزی کیا مچا رکھا ہے۔ پانی سیدھا living-room میں جا رہا ہے۔" Barbara نے تیز لہجے میں کہا۔ "ممی غصے سے پاگل ہو رہی ہے۔ کیا تمہیں اس بات کا علم ہے کہ rug کو خشک کرنے کے لیے وقت درکار ہے؟ میرا تو کئی دنوں میں ہوتا ہے۔" اس نے پانی کی یلغار کے بارے میں گفتگو جاری رکھی۔ میں نے bathroom کا دروازہ کھول کر سیڑھیوں سے نیچے کی طرف دیکھا تو Mrs. Stewart کا چہرہ غصے کی وجہ سے سرخ تھا۔ اس نے میری خوب خبر لی۔

"تمہیں پتا ہونا چاہیے۔ یہ جانتے ہوئے کہ میری صحت اب اچھی نہیں تمہیں اتنی غیر ذمہ داری کا مظاہرہ نہیں کرنا چاہیے تھا جیسا کہ تم نے کیا ہے۔ ہمارا living-room دیکھو غرضیکہ ہر جگہ پانی ہی پانی ہے۔ او خدایا! اس کو خشک کرنا تو میرے بس میں نہیں۔ سارے rug پانی میں ڈوب گئے ہیں۔"

"مجھے نہایت افسوس ہے اور میں سخت ندامت محسوس کر رہا ہوں۔ مجھے tub میں پانی کا level چیک کرنا یاد ہی نہ رہا۔ آپ یقین کریں یہ سب کچھ بلا ارادہ ہوا۔ میں آئندہ بھی ایسی حرکت نہ دہراؤں گا۔" میں نے غلطی کی معافی مانگتے ہوئے جواب دیا۔

"تمہیں ایسا کرنا ہی نہیں چاہیے تھا۔ مجھے lumbago کی پرانی شکایت ہے۔ نم آلود آب و ہوا میں یہ مرض مزید تیز ہو جاتا ہے۔ humidity میں زیادہ ہونے کا احتمال ہے۔ خوش قسمتی سے گرمیوں کے موسم کے چند ایک ہفتے ابھی باقی ہیں۔ مجھے امید ہے کہ سردیوں کے شروع ہونے تک rug خشک ہو جائیں گے۔" Mrs. Stewart نے تکلم بدستور جاری رکھتے ہوئے کہا "Barbara! جلدی سے rug خشک کرو۔"

میں نے اپنی خدمات پیش کیں جو اس نے بخوشی قبول کر لیں۔ مجھے یہ خطرہ لاحق تھا کہ میرے انگلش گھر میں اپنے اس پہلے تجربے کی خبر جلد ہی سب میں پھیل جائے گی کیونکہ اس گھر میں دیگر Foreign students جن میں ایک پاکستانی بھی شامل تھا Paying guests کی حیثیت سے رہ رہے تھے۔ جیسا کہ مجھے توقع تھی۔ چند دنوں کے بعد میں British Council میں گیا تو پاکستانی مجھے عجیب اور مضحکہ خیز نگاہوں سے دیکھ رہے تھے مگر اس واقعہ کا مجھ سے کسی فرد نے ذکر تک نہ کیا بہر حال یہ حرکت مجھ سے سرزد ہوئی کوئی ایسا مجرمانہ فعل تو تھا نہیں۔ بس اس بات پر تھوڑا سا ہنسا جا سکتا۔ چند لوگ ہنسی ٹھٹھہ کر رہے تھے۔ میں نے محسوس کیا کہ سب کی نگاہیں میری طرف ہی ہیں۔ میں نے خود خفت مٹانے کے لیے پہل کی۔ پاکستانی اور دوسرے ممالک کے students (جو کہ وہاں موجود تھے) کو اپنا tub والا واقعہ نمک مرچ لگا کر ایسا بیان کیا کہ سننے والے ہنس ہنس کر لوٹ پوٹ ہو گئے بعض کی آنکھوں میں آنسو آ گئے اور بہہ نکلے۔

میں اس مضحکہ خیز funny mishap کی وجہ سے راتوں رات students میں ایک منفرد اور اہم شخصیت بن گیا۔ ہر جگہ میرا چرچا تھا۔ ان میں سے students دوستی کے لیے مجھے تلاش کرنے لگے، خاص طور پر جرمن لڑکیاں جو کہ landladys کی نوکرانیاں اور "مددگار" تھیں۔ میری اس عجیب و غریب حرکت کی داستان سنایا کرتیں کیونکہ بیچاریوں کو ان کے گھروں میں کام کاج میں مدد دینا پڑتی۔ ان جرمن لڑکیوں کو English پر عبور نہیں تھا وہ ٹوٹی پھوٹی انگلش میں گفتگو کرتیں۔ انہیں مجھے اشاروں میں سمجھانا پڑتا کہ کس طرح taps کھلی رہ گئیں اور پانی tub سے بہہ نکلا تھا۔ واقعے کی نوعیت بیان کرنے کے لیے مجھے acting کرنا پڑتی تاکہ وہ بات کو اچھی طرح سمجھ جائیں اور میرے اس کرتب سے پہلے سے زیادہ لطف اندوز ہوتیں۔

Marfat.com

Pub

جب یونیورسٹی کھلی تو میں Registration Office میں اپنے کاغذات کی درستگی کی غرض سے پہنچا۔ پھر اپنے supervisor سے بھی ملاقات کی اور research project کے متعلق بات چیت ہوئی۔ انہوں نے department میں مجھے ایک چھوٹا سا کمرہ دکھایا جہاں پہلے ہی ایک افریقی سٹوڈنٹ research میں مصروف تھا جیسا کہ مغربی ممالک میں رواج ہے research کے لیے "A to Z" سب کچھ خود ہی کرنا پڑتا ہے۔

میری research کی نوعیت کچھ ایسی تھی کہ مجھے زندہ جانوروں کے parasites پر کام کرنا تھا۔ اس کے لیے Freshwater snails پکڑنے کے لیے ایک نزدیکی جھیل، Edgbaston Lake پر Lovers' Lane سے ہو کر جانا پڑتا۔ سردیوں کے موسم میں زیادہ تر برف جمی ہوتی تو مجھے ہتھوڑے سے برف میں سوراخ کرنے پڑتے اور ان میں ہاتھ ڈال کر اپنے مطلوبہ snails کا حصول ممکن بناتا۔

University campus پر ایک Students Union Building واقع تھی جہاں طلبہ کے لیے bathroom، food، snacks وغیرہ کا انتظام بھی ہوتا۔ ایک شاندار billiard room جہاں آٹھ دس table تھے snooker یا billiard کھیلنے کے لیے ہوتے۔ ہر ہفتہ کی رات کو main dance floor پر conservative dances مثلاً Waltz، Quickstep وغیرہ کا اہتمام ہوتا۔ Jiving جو کہ ان دنوں کا craze اور Latin American beats مثلاً Rumba، Samba اور Tango دو چھوٹے کمروں میں دوسری wing میں کی floor پر ہوتے۔ Rock n Roll کا بھی بندوبست تھا۔

Union Building صحیح معنوں میں Home away from home تھی۔ جہاں سارا سال ... میسر تھیں۔ یونیورسٹی کی main building میں ایک Self-service refactory تھی۔ وہاں ہی ایک اور ... میں table service کی سہولتیں تھیں۔ ایک Senior Coffee Room اور corridor ... Academic Staff اور Postdoctoral Research Fellows کے خورد و نوش کا ... کوئی بندوبست نہ ہوتا۔ صبح کی چائے یا coffee دوپہر کا کھانا اور پچھلے پہر کی چائے وغیرہ serve کی جاتی۔ ... اتوار ... مفقود تھیں۔ ہفتہ دوپہر کے کھانے کے بعد بند ہو جایا کرتیں۔

میں نے بڑی جلدی اپنے آپ کو routine کے مطابق adjust کر لیا۔ حسب معمول صبح ... laboratory میں تحقیق کرتا ... ہفتہ کی دوپہر سے اتوار ... تک میں ایک آزاد پنچھی تھا۔ اپنی مرضی سے ... وقت ... ہفتہ کی دوپہر کو میں Union Building میں snooker کی ایک دلچسپ game ... Grewal سے میں مدہوش ... زبان میں ...

"Hello oldman" کی ... جب ہم ... تمہاری کمی محسوس کرتے ہیں ... Queen Elizabeth Medical College اسی Campus میں ... medicine ... کی تعلیم ... کئی دفعہ lunch کرنے کے لیے refactory میں کی ... سے ملاقات نہ ہو سکی۔ ایسا لگتا ہے ... کی ... دن میں British Council ... bathroom ... اپنی classes میں مصروف ہوں گی ... lectures ... research laboratory میں ... بہر حال مجھے انتہائی خوشی ہوئی ہے ... celebrate کریں اور Continental Cafe میں چل کر ... European rendezvous ہے ... جانے کا مشہور اور پسندیدہ ... میرے پاس ایک پرانی jalopy جہاں چاہوں پہنچا دیتی ہے ...

Marfat.com

وقت ضائع نہ کریں۔"

ہم دونوں اسی وقت Continental Cafe کے لئے ایک طرف چل نکلے۔ Grewal کار کو park کرنے کا ارادہ چاہتے ہوئے بولا تھا، "میں ایک Bohemian pub سے واقف ہوں جو صحیح معنوں میں hot spot کی حیثیت رکھتا ہے اور گاہکوں میں بھی کئی نسلیں ہیں جن میں انڈین اور پاکستانی بھی شامل ہیں۔ کوئی بات نہیں ان سے ہمارا خونی رشتہ استوار ہے۔"

ہم City Centre علاقے سے گزرتے ہوئے ایک ایسی سڑک پر پہنچ گئے جو کہ شہر کے مضافات کی طرف لے جاتی۔ تقریباً پندرہ منٹ کی مسافت کے بعد Grewal نے اپنے آپ پر لعن طعن کرتے ہوئے ایک U-turn لیا اور دوبارہ ہم City Centre کے قریب پہنچ گئے۔ اس نے Black & Tan (Guinness اور draught beer کی ملاوٹ) بہت زیادہ پینے کی وجہ سے نشے کی حالت میں دونوں جگہ بھول چکا تھا۔ اب وہ رک رک کر drive کر رہا تھا حالانکہ ہم کافی شراب خانے اور snackbars کے قریب سے گزرے، ان سے قطع نظر وہ اس بار کی جگہ ڈھونڈنے سے پریشان تھا۔

"یار میں معذرت خواہ ہوں اس جگہ کا نام ہی بھول چکا ہوں۔ ہاں یاد آیا اس کا نام ہے Sandy's مگر یہ نہیں معلوم کہ یہ کہاں واقع ہے لیکن سمجھ میں نہیں آ رہا کہ یہ ہے کہاں" اس نے خودکلامی کے انداز میں کہا۔

"کسی جگہ رک کر کافی پی لیتے ہیں۔ پیدل چلتے ہیں اور کسی سے پوچھ لیتے ہیں" میں نے تجویز پیش کی۔

"Jolly good idea, indeed" اس نے مثبت انداز میں اپنا سر ہلایا۔ Grewal نے اپنی کار ایک snack bar کے ساتھ کھڑی کی۔ ہم کار سے باہر آئے۔ میں نے ایک شیشے کی بڑی کھڑکی سے جھانکا، یہ جگہ گاہکوں سے خالی پڑی تھی۔ ویٹر تمام کرسیوں پر معمور ہو رہے تھے۔ میں نے Grewal کو coffee پینے کا مشورہ دیا تاکہ وہ کم از کم کچھ وقت کے لئے نشہ سے دور ہو اور کسی سے Sandy's کے متعلق معلومات لیتے ہیں۔

"no, Sir" یہ ممکن نہیں کیونکہ میں جو قیمتی وقت اور کثیر رقم کے تصرف سے اس حالت میں نشہ کی کیفیت سے محظوظ ہو رہا ہوں یہ cup of coffee سے تمام مزہ کرکرا کر دے گا۔ آؤ چلیں یہ علاقہ مجھے مانوس دکھائی دے رہا ہے۔ ہم Sandy's سے بہت زیادہ دور نہیں۔"

اس کا اندازہ بالکل درست تھا۔ کوئی ایک آدھ بلاک چلے ہوں گے کہ ہم نے Sandy's کا neon sign دیکھا۔ میں نے Sandy's میں داخل ہونے سے پہلے ہی Grewal کو مشورہ دیا کہ اپنے آپ پر control رکھو کیونکہ وہاں لکھا ہوا ہے۔

"Rights of admission reserved"

ایک تنومند Negro نے جو نہایت decorated dress میں ملبوس تھا۔ سر پر ایک cap جس کے کنارے پر سرخ رنگ کی دھاری تھی، مودبانہ طریقے سے ہمیں اندر جانے کے لئے کہا کیونکہ Grewal کا پہلے سے یہاں آنا جانا تھا لہذا میں بھی اس کے نقش قدم پر چل دیا۔

ہم لمبی سیڑھیوں سے گزرے جو red-carpetted اور دھیمی روشنی والی bar کے دروازے تک جاتی تھیں۔ bar کا decor اشتعال انگیز سرخ تھا، درخشندہ ستاروں اور چاندی کی بھرمار۔ یہ وہ زمانہ تھا جب Juke-boxes کا رواج عام ہوا کرتا۔ وہاں دو Juke-boxes نصب تھے۔ ایک main lounge میں اور دوسرا ایک نیچی چھت والے بل کھاتے ہوئے لمبے کمرے میں جہاں جگہ جگہ alcoves واقع تھے جن پر نیچے گدے اور فرش پر قالین بچھا دیئے گئے۔ Sandy's کے اس حصہ میں تاریکی کا راج تھا جس میں متواتر مختلف رنگوں کی روشنی کی beams ہر طرف رقصاں تھیں مگر beams کی روشنی اسقدر مدھم کہ صرف قریب بیٹھے کا چہرہ پہچانا جا سکتا۔ وہاں صرف Juke-box کی روشنی ہی قابل ذکر تھی تاکہ لوگ اپنے پسندیدہ records کے titles دیکھ سکیں۔ جب ہم bar میں سے گزر رہے تھے تو ہم نے music کی آواز کی نوعیت کو محسوس نہ کیا لیکن اپنی رو میں وہاں پہنچ گئے جہاں action تھا۔ music کی آواز بہرہ کئے جا رہی تھی۔

وہاں "خوش پوش" barmen ایک لمبی bar کے پیچھے مصروف عمل اور bar کے ساتھ اونچے گدوں والے stools

Marfat.com

پڑے ہوئے تھے۔ waiters یا waitresses گرم جوشی سے جو گاہکوں سے orders لینے میں مصروف تھے ان waiters کی uniform پر چھاتی کی دائیں جانب ایک battery-operated سرخ بتی روشن تھی تاکہ ان کی ہجوم میں شناخت ہو سکے۔

مقامِ حیرت ہے کہ اس Negro کے علاوہ جو کہ ہمیں Sandy's کے دروازہ پر ملا تھا۔ bar کے اندر کوئی دوسرا Negro موجود نہ پایا اور لطف کی بات ہے bar میں ہمیں notice نہ تھا کہ یہ صرف سفید فام لوگوں کے پینے کی جگہ ہے۔ ہم نہ تو سفید اور نہ ہی بلیک۔ ملے جلے ہجوم میں Indians، Indochinese Japanese، Latinos، Latin Americans، Pakistanis اکثریت Middle East کے لوگوں کی تھی۔ یہ کافی مہذب جگہ تھی۔ کئی executives، پہنے bowlers، Mackintosh raincoats، ایک کاؤنٹر پر Bar سے ملحقہ، جہاں نیچے سے آنے والی سیڑھیاں floor تک جاتی تھیں، check-in کرا رہے تھے۔

میرے نزدیک صرف ایک ہی تکلیف دہ صورت حال تھی کہ لوگوں کا تھوڑا سا اچھل رہا تھا مگر یہ تو ایسی جگہوں کا خاصہ واقع ہوتا ہے یہ جگہ ضرورت سے زیادہ ہی بھری ہوئی تھی اور ادھر ادھر راستے چلنے کہنیوں سے کام لینا پڑتا۔

ایک Juke-box کے record سے Frank Sinatra کے گانے کی متواتر آواز آ رہی تھی جس کا مصرعہ تھا
''Mind if I make love to you.''

ہم نے چاروں طرف دیکھا اور ہر طرف گئے مگر وہاں بیٹھنے کی کوئی جگہ دستیاب نہ ہو سکی۔ بالآخر bar کی طرف گئے مگر وہاں بھی کوئی سٹول خالی نہ پایا۔ ہم bar کے اس سرے پر آ کر کھڑے ہوئے جو کہ سیڑھیوں کے قریب تھا۔ Grewal نے Black and Tan کے دو pints پئے مگر میں اس کا منہ ہی دیکھتا رہا اور اس کو یہاں سے نکلنے پر مجبور کیا۔ ایک pint پینے کے بعد اس نے ختم تو کر دیا مگر دوسرا آدھا pint ہاتھ میں پکڑے اور مجھے ساتھ لئے خوبصورت لڑکیوں کو دیکھتے ہوئے گھومتے رہے۔ اکثر لڑکیوں کے ساتھ ان کے escorts تھے مگر چند ایسی بھی تھیں جو بغیر escorts کے ادھر ادھر بکھری ہوئی تھیں۔

''ہم غلط جگہ پر ہیں۔ چلو یار bar کے covernous حصہ میں چلیں۔'' میں نے مشورہ دیا۔

ہم وہاں پہنچے تو وہاں بھی بیٹھنے کی جگہ نایاب تھی۔ غالیچہ پر کئی جوڑے اور لڑکیاں بغیر escorts دیواروں کے ساتھ ٹیک لگائے بیٹھی ہوئی تھیں۔ ہم نے دو لڑکیوں کا انتخاب کیا اور ان سے اجازت لیتے ہوئے ان کے قریب جا کر براجمان ہو گئے۔

شراب کی ایک قابل تعریف خصوصیت ہے کہ اگر کوئی آدمی اپنی استطاعت سے ایک آدھ peg زیادہ پی لے تو دل کی بات زبان پر لے آتا ہے جبکہ عام حالات میں وہ دل کی بات کرنے سے اجتناب کرتا ہے۔

Grewal نے اپنے آپ کو اس کے قریب بیٹھی ہوئی لڑکی سے متعارف کرایا تو اس نے جواب دیا

''Oh! آپ سے مل کر بڑی خوشی ہوئی۔ میرا نام Judy اور میری دوست کا نام Joyce ہے۔'' Joyce مسکرا دی۔

''آپ کونسا drink لینا پسند کریں گی؟'' Grewal نے دعوت دی بعد ازاں میرا تعارف کرایا۔

''شکریہ میں عام طور پر gin and tonic پیتی ہوں اور میری دوست sherry پسند کرتی ہے'' Judy نے جواب دیا۔

اب میں نے waiter یا waitress جس کی red light چمک رہی ہو، کو ڈھونڈنا شروع کر دیا مگر اس قدر ہجوم میں اور مصروف لوگوں میں مجھے کوئی نظر نہ آیا۔ میں بے صبری کا مظاہرہ کرتے ہوئے خود ہی bar کی طرف گیا اور اپنے ان نئے ملنے والوں کیلئے drinks لے آیا۔

میں واپس لوٹا تو Grewal نے اپنی باغ و بہار شخصیت سے ان دونوں کو پہلے ہی گرمایا ہوا تھا۔ Judy اور Joyce نہایت دلچسپی سے Grewal کی گفتگو سے محظوظ ہو رہی تھیں۔ ''یہ ہیں آپ کیلئے۔'' میں نے drinks ان کو پیش کیے۔

''تم بڑے بے لحاظ ہو میرا خیال نہیں رکھا'' Grewal نے ساتھ ہی اپنا خالی pint میرے ہاتھ میں تھما دیا۔ جب میں دوبارہ bar کی طرف جا رہا تھا تو ایک waitress بے دھیانی میں ٹکرا گئی۔ ہنستے ہوئے معذرت کی اور کہا ''Sir، مجھے بہت افسوس ہے۔ میں بڑی خوشی سے drinks تمہارے پاس میں لے آتی مگر اتنے ہجوم میں ہر وقت ہر جگہ نہیں حاضر ہو سکتی۔''

Marfat.com

"No thank you" اس دفعہ نہیں مگر نہیں یاد رکھنا مہربانی کر کے آپ اس جگہ کو بھول نہیں سکتیں جہاں ہم لوگ بیٹھے ہوئے ہیں یونہی میرا سر Juke box کی روشنی میں چمک رہا ہوگا۔"

"یقیناً" اس نے ہسپانوی ہنسی میں کہا۔

میں دونوں ہاتھوں میں Black and Tan کا pint پکڑے بڑی مشکل سے اس ہجوم میں راستہ بناتے ہوئے bar سے میز تک واپس پہنچا تو دیکھتا کیا ہوں کہ Grewal نے Judy کی گردن کے گرد اپنا بازو ڈال رکھا ہے۔ میری غیر موجودگی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اس نے ضرور اپنی چرب زبانی سے انگوٹھا باغ دکھایا ہوگا۔ normal حالات میں وہ مجھ سے بہتر کسی کو اپنی طرف مائل نہیں کر سکتا تھا مگر جیسا کہا جاتا ہے "He had a tiger in his tank" اس لئے وہ اس وقت گفتار کا غازی تھا۔

میں Joyce سے اتنا قریب ہو کر بیٹھا کہ اسے سانسوں کی گرمی بھی مجھے محسوس ہو رہی تھی مگر اس نے کوئی اعتراض نہ کیا۔

"اس جگہ پر شور ہے کان پڑی آواز سنائی نہیں دیتی۔ اپنے قریب بیٹھے ہوئے کے ساتھ بھی بات اونچی آواز میں کرنی پڑتی ہے خاص طور پر جب کسی دلچسپ موضوع پر بات کرنا ہو تو بڑی دشواری کا سامنا ہوتا ہے تمہارا کیا خیال ہے Joyce" میں نے کہا

"ہاں تم ٹھیک کہتے ہو میں Judy کو کب سے کہہ رہی ہوں کہ چلیں یہاں سے اگرچہ pub-crawling (صفحہ 85) ہمارا پسندیدہ شغل ہے مگر یہ تو گیارہ بجے pubs بند ہونے کا وقت ہے جن میں coffee shop سے کوئی دلچسپی نہیں۔ وہاں پینے پلانے کی جگہ نہیں ہوتی۔"

میرے دماغ میں یکایک شیطان گھس آیا اور کہا یہ دو خوبصورت لڑکیاں جو کہ شراب کی رسیا اور داستانیں سننے کی گرویدہ ہیں ان سے ساتھ چلنے کے بارے میں سوچے تو انہیں مائل (؟) کرنا کوئی مشکل کام نہیں۔ یہ مختلف pubs میں جانے کی عادی ہیں میرا خیال ہے یہ کسی کو پسند کریں یا ان کو کوئی پسند کرے دولت یا جنسی کشش کیلئے اگرچہ وہ جوان اور خوبصورت تھیں۔ ان کا کوئی steady boyfriend ہوگا ہم کو اس کا پتہ نہیں دلچسپ ہوگا۔

میں نے یہاں سے چلنے کی ترغیب دی جبکہ یہ بات Grewal کو ناگوار گزری اور اس نے نہایت ناپسندیدہ نگاہوں سے دیکھا میں نے اپنی آنکھ سے اشارہ کیا جسے سمجھنے کی کوشش کی جو اسے فوراً سمجھ میں آ گئی۔ ہم چاروں ابھی ہجوم کے درمیان تھے کہ وہی waitress جس سے میں ٹکرا گیا تھا اس نے کہا۔ "Sir میں تو آپ ہی کی طرف جا رہی تھی"

"شکریہ" Grewal نے جواب دیا۔ "چھوڑ دو رہنے دو"

وہاں کی waitress ایک اور round لے آئی جو ان تینوں نے جلدی سے ختم کر دیا۔ اب ہم exit کی طرف چل دیئے Negro جس کا دروازہ پر کھڑا تھا بڑے مسکین لہجے میں مسکرایا ظاہر ہے وہ tip کی توقع کر رہا تھا۔ Grewal نے پھر change اسے تھما دی۔

"کیا ہمیں taxi کا انتظار کرنا پڑے گا آخر ہم جا کہاں رہے ہیں؟" Judy نے پوچھا۔

"میری اپنی کار تھوڑی مسافت پر کھڑی ہے" Grewal نے جواب دیا اور ان دونوں لڑکیوں کی خوشی کی انتہا نہ رہی۔

Nat king Cole

ان دنوں انگلینڈ میں خصوصاً ایشیائی طبقے میں کار رکھنا ایک status symbol ہوا کرتا۔ Grewal ڈرائیونگ سیٹ Judy front seat پر جبکہ Joyee اور میں پچھلی سیٹ پر بیٹھ گئے۔

"ہم کہاں جا رہے ہیں؟ تمام pubs تو بند ہو چکے ہیں" Judy نے پوچھا۔

"آپ دونوں بڑے محفوظ ہاتھوں میں ہیں۔ میری digs (رہائش) Independent bed-sitting room with kitchenette میں آپ کو دعوت دیتا ہوں۔ bathroom کا دروازہ بھی ساتھ ہی ہے۔ وہاں Scotch موجود ہے۔ میں اس floor پر اکیلا ہی guest ہوں۔ landlady کا بھی کوئی مسئلہ نہیں۔ وہ اس مکان میں رہائش پذیر نہیں۔ کبھی کبھار جب

Marfat.com

تو چاہیے آ جاتی ہے۔" Grewal نے جواب دیا۔

Joyce اب میری گود میں تھی اور میں اس کی رس بھری چھاتیوں کے نظارے میں کھویا ہوا تھا۔ وہ دنیا و مافیہا سے بے نیاز ہو چکی تھی۔ قریباً ایک گھنٹے کی مسافت کے بعد Grewal نے اپنی کار ایک country house کے دروازے کے باہر کھڑی کر دی۔ وہ گاڑی سے نیچے اترا اور لوہے کی grills سے بنے ہوئے main gate کے دونوں پٹ کھول دیے۔ پھر اپنی سیٹ سنبھالی اور کار کو سیدھا compound کے اندر لے گیا۔ کار تو پارک ہو گئی مگر اب وہ hall کی چابی تلاش کرنے میں مصروف تھا۔ کبھی اپنے trousers کی اس pocket کبھی اس pocket میں ڈھونڈتا۔ اسی طرح jacket کی تلاشی بھی لی لیکن چابی مل ہی نہ رہی تھی۔ میں نے اسے کار کے gloves compartment کو دیکھنے کی ترغیب دی اور keyring وہاں ہماری منتظر پڑی تھی۔ اس نے hall کا دروازہ کھولا ساتھ ہی بائیں طرف کمرے کے دروازے کے handle پر ہاتھ رکھا اور دروازہ کھل گیا کیونکہ وہاں تالا وغیرہ لگایا ہی نہیں گیا تھا۔

Grewal نشے سے مخمور تھا۔ اسے مزید شراب کی ضرورت نہ تھی تاہم اس نے cupboard سے Johnnie Wlaker Red Label کی بوتل برآمد کی اور ایک گلاس بھی جسے تلاش کر لیا۔ دو چھوٹے چھوٹے cups جو کب سے صفائی کے منتظر تھے table پر رکھ دیے البتہ Judy نے دونوں کپ صاف کرنے کی زحمت گوارا کی اور تینوں پیگ بھر دیے۔

اس زمانے میں Grundig tape recorder نئے نئے مارکیٹ میں آئے تھے۔ یہ ہم students میں status symbol سمجھے جاتے تھے۔ Grewal کے کمرے میں موجود تھا۔ اس نے صوفے پر بیٹھے Nat King Cole (ضمیمہ 86) کے گانوں کا tape spool تلاش کرنے کی کوشش کی۔ آخر میں نے بے صبری سے خود ڈھونڈنا شروع کیا۔ وہ نشے میں اتنا مدہوش تھا کہ اس کی توجہ ہی نہ تھی۔ recorder پر ہی ہمارا مطلوبہ spool تھا۔ میں نے جونہی "On" کیا تو میرے پسندیدہ گانے کی دھن کمرے میں بکھر گئی۔

"Sitting by the ocean me how she feel sad

Don't get the money to take me back to Trinidad ....."

Joyce جھومتے ہوئے مجھ پر آ گری اور میں نے اپنے دائیں بازو کا حلقہ تنگ کر لیا اور قریب کر لیا۔

"چند دن ہوئے میں ایک پاکستانی لڑکی سے ملی جو حال ہی میں Queen Elizabeth Medical School میں داخل ہوئی ہے جس کا نام شاہدہ ہے۔" اس نے مجھ سے پوچھا۔ "Joyce تم ہر ہفتے کی رات Union Building میں dance کرنے جاتی ہو وہاں ایک پاکستانی لڑکے کو دیکھا ہے جس کی نشانی shaven-head اور Ph. D کی تیاری کے لیے research کر رہا ہے اور میں نے جواب دیا کہ نہیں دیکھی۔"

پیشتر اس کے کہ میں کوئی جواب دیتا اس نے اپنی بات کو آگے بڑھاتے ہوئے پوچھا "کہیں وہ تمہارا ذکر تو نہیں کر رہی؟"

"ہاں یقیناً وہ میرا ہی حوالہ دے رہی تھی۔ تم نے اپنے ملک پاکستان سے آنے کی خبر ... اور Joyce وہ تمہیں کیسے جانتی ہے؟"

"Judy اور میں اسی سکول کے ہسپتال میں بطور nurses متعین ہیں۔ ہم سب students کو جانتی ہیں۔"

Joyce اور میں جب settee پر بیٹھے راز و نیاز میں مشغول تھے Judy اور Grewal صوفے کے قالین پر بیٹھے محبت کی پینگیں بڑھا رہے تھے۔ کبھی کبھی Grewal مجھے Nat King Cole کا گانا دوبارہ لگانے کو کہتا۔ یہ چونکہ میرا بھی پسندیدہ گانا تھا اگر کوئی اور ہوتا تو میں ان لمحات میں یہ مداخلت برداشت نہ کرتا۔ آخر ہماری شام رات کے ... صبح دم Grewal تو hangover کی وجہ سے شدید سر درد میں مبتلا آہ و زاری میں مصروف تھا جبکہ Judy اس کے پاس بستر پر اس کے واویلا سے بے نیاز اور Joyce بھی اب تک settee پر سو رہی تھی۔ ماسوائے میرے ...

Marfat.com

تھا۔ اگرچہ Grewal نے مجھے کہا کہ سونے سے قبل اسے دو Alka Seltzer tablets پانی میں گھول کر دے دینا۔ یہ effervescent پانی میں شوں شوں کی آواز سے حل ہو جاتیں اور اس پانی کو پینے سے معدے کی تیزابیت ختم ہو جاتی مگر میں ایسا مدہوش ہوا کہ مجھے بھی اس کا احساس ہی نہ رہا۔

صبح جب Grewal بائے بائے کرتے ہوئے اٹھا۔ نجانے کب تک bathroom میں رہا تاہم اسکی الٹیاں کرنے کی آواز نے Judy اور Joyce کو بھی بیدار کر دیا۔ Joyce نے اٹھتے ہی coffee کیلئے پانی گرم کرنا شروع کر دیا تاکہ وہ Grewal کو پیش کرے مگر میں نے اسے منع کرتے ہوئے کہا "No, Joyce کافی سے کام نہیں چلے گا۔ افاقہ تو ایک دو whisky کے shots سے ممکن ہے اور یہی اس دکھ کا مداوا ہو اسکو Pep up کر دیگا۔"

"وہ hangover کا علاج مزید شراب سے کرنے کیلئے ابھی بہت ناتجربہ کار ہے۔ one shot leads to another ایک کے بعد دوسرا اور پھر تیسرا اسطرح تو alcholism انسان پر حاوی ہو جاتا ہے۔ میں اپنے ایک چچا کو جانتی ہوں جو کہ ایک نامور کھلاڑی بھی تھے جس پر اس کے fans جان نچھاور کیا کرتے۔ وہ hangover کا اکثر شکار ہو جایا کرتے تھے۔ چند دوستوں نے اس کے پسندیدہ pub میں وہی مشورہ دیا جو تم تجویز کر رہے ہو اب وہ بیچارہ شراب کا غلام ہو گیا ہے۔" Joyce نے اعتراض کیا۔

"black coffee کا ایک cup اس کے اوسان بحال کر دیگا پھر وہ نیم گرم پانی سے wash up کرے۔ no whisky, Joyce نہیں نہیں۔" Judy نے کروٹ بدلتے ہوئے مشورہ دیا۔

اسی کشمکش میں Grewal پھر bed پر دراز ہو گیا۔ اسقدر قے کے باوجود سر درد نے اس کا پیچھا نہ چھوڑا۔ Judy نے ایک Towel نیم گرم پانی میں بھگویا اور اسے مکمل rubdown کیا۔ وہ آہستہ آہستہ اپنی دنیا میں واپس لوٹا۔

اتوار کا دن ہونے کی وجہ سے کہیں باہر جانے کی کوئی جلدی نہ تھی۔ Joyce اور Judy نے کمرے کی صفائی وغیرہ کی۔ آرام سے brunch (brunch: ناشتہ اور lunch اکٹھا کرنے کا نام) کیا۔ خصوصاً chicken soup نے Grewal کی جان میں جان ڈال دی۔

ان دنوں میں nylon کی drip-dry قمیض کا نیا نیا رواج تھا۔ انہوں نے Grewal کی دو قمیصیں اور ایک قمیض جو میں نے پہن رکھی تھی دھو کر گرم پانی میں hangers پر لٹکا دیں اور نیچے پرانی اخباریں بچھا دیں تاکہ پانی کے قطرے rug پر نہ گریں۔ دوپہر کو ہم Charlton Heston اور Sofia Loren کی movie بنام Ben Hur دیکھنے کے لیے City Centre گئے۔ جب ہم لوگ movie دیکھنے میں مشغول تھے تو ہم سب کی آپس میں understanding ہو گئی کہ Joyce اور Judy آئندہ ہفتہ کی شام کو Union Building میں dance کے وقت ہماری ساتھی ہونگی۔

show ختم ہونے کے بعد Grewal نے انہیں ان کے گھر چھوڑنے کیلئے دعوت دی مگر انہوں نے مہذبانہ انداز میں پیشکش قبول نہ کی اور bus میں بیٹھ کر اپنے گھر واپس جانے کی اجازت چاہی (ضمیمہ 87) لہذا ہم نے انہیں bus stop پر بڑی گرمجوشی سے good bye کیا۔

مرغوں کی تو ٹانگیں ہی نہ تھیں!

میں اب اپنی digs میں جانا چاہتا مگر Grewal اس بات پر بضد کہ میں اس کے ساتھ ہی رہوں۔ وہ اس لئے (ضمیمہ 88) کہ ایک تو اسے کسی کی company درکار تھی اور دوسرے یہ کہ Grewal اور میری body chemistry ایک جیسی تھی۔ عادات و خصائل کے لحاظ سے قدریں اسقدر مشترک کہ ہم ایک دوسرے سے نباہ بھی کر سکتے۔ ویسے بھی اس موضوع پر بات کرنیکا خواہشمند تھا کہ کیوں نہ ہم اکٹھے ہی رہیں۔

جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے۔ Grewal کی رہائش پر landlady کی کوئی رکاوٹ نہ تھی وہ ہر جمعہ کے دن صرف

Marfat.com

کرایہ کی وصولی کے سلسلے میں آتی اور اس مکان کے تمام کمرے independent units تھے۔ مجھے یہ کوئی برا خیال نہ لگا۔ بہر حال میں اس کے ساتھ اس شرط پر راضی ہوا کہ سب سے پہلے boarding اور lodging کا خرچ باقاعدہ آدھا آدھا ہو گا۔ اس طرح شروع سے ہماری دوستی one-way traffic ثابت نہیں ہوگی اور اللہ نے چاہا تو ہمارا مساویانہ طرز عمل ہی دوستی و استواری کو فروغ دینے میں پیش پیش ثابت ہوگا۔

"کیوں وقت ضائع کریں، صبح سوموار کا سورج طلوع ہوگا اور یونیورسٹی میں ہمارا جانا بھی ضروری ہے۔ تمہیں یہ پروگرام دوسرے weekend تک ملتوی کرنا پڑے گا۔ چلو ابھی میری کار میں تمہارا سامان لاتے ہیں" Grewal نے کہا۔

"دوست بڑا نیک خیال ہے" میں نے جھٹ کہہ دیا۔

اس کی کار میں اپنی رہائش Speedwell Road پہنچ گیا۔ landlady کو میں نے اپنا کرایہ advance ادا کر دیا ہوا تھا۔ Grewal نے میرا سامان اٹھانے میں مدد کی اور ہم اکٹھے Grewal کی رہائش گاہ پہنچ گئے۔ اس نے میرا سامان وغیرہ درست کرنے میں بھی میری مدد کی۔ اب اس نے Benny Goodman جو Jazz کا مشہور clarinet بجانے والا تھا کی spool ٹیپ ریکارڈر پر لگا دی۔ اس دور میں دیگر مشہور Jazz ماہرین کے نام بھی سنتے چلیں: Count Basie, Duke Ellington, Glenn Miller, Tommy Dorsey, Billie Holiday, Ella Fitzgerald, Sarah Vaughan, Lou Rawls, Ray Charles, Louis Armstrong and Mel Torme اور خوب پانی ابال کر coffee کا ڈبہ لئے میرے پاس آ گیا۔ عجیب اتفاق کہ ہم دونوں نہ تو sugar اور نہ ہی milk استعمال کرتے تھے۔ گویا sugar اور milk کے تردد کا کون متحمل ہو سکتا تھا۔ نجانے کب نیند کی وادی میں پہنچ گئے۔

کئی مہینوں تک ہمارا معمول رہا۔ شام کا کھانا Joyce اور Judy کے ساتھ ہر ہفتہ Union Building میں dance وغیرہ اور پھر رات رنگ رلیوں میں مشغول۔ اتوار کی صبح حسب معمول ان دونوں لڑکیوں کا ہمارے کمرے میں آ جانا، بات چیت وغیرہ دن ڈھلے تک، brunch کے بعد City Centre میں matinee شو اور bus stop پر ان کو الوداع کہنا۔

ایک روز اتوار کی صبح Grewal نہا کر بال بکھرائے کمرے میں داخل ہوا۔

"بال بکھرے ہوئے حال پریشاں ساقی
اب تماشہ سر بازار بنے بیٹھے ہیں"

میں نے کہا "یہ یا طرفہ تماشہ ہے، تمہیں اس طرح بال خشک کرنے میں صدیاں لگ جاتی ہیں۔ جلدی کرو۔ گھڑی کی طرف دیکھو، فوراً تیار ہو۔"

شروعات میں تو اس نے ٹال مٹول سے کام لیا مگر میری یہ دھمکی کارگر ثابت ہوئی "دیکھو میں تمہارے ساتھ نہیں جاتا یہ گند اٹھائے ہوئے"۔ بمشکل وہ اس پر راضی ہوا اور بالآخر "گنڈا" کرا دی۔ جب Grewal ہندوستان سے انگلینڈ آیا تو اس نے سر کے بال منڈوا رکھے تھے اور اسی حالت میں وہ زاہدوں کے حصے چلا کرتا مگر بعد میں کچھ بال رکھ لئے۔

Grewal جو Electrical Engineering میں graduate course کے لئے صرف University میں Classes attend کرتا اور کبھی کبھار practical lab کرتا۔ اس کے پاس University سے باہر کی مصروفیت کے لئے کافی وقت تھا۔ اس کے برعکس میرے معمولات مختلف تھے۔ صبح آٹھ بجے سے رات گئے تک میں research کے لئے lab میں مصروف رہتا۔ صرف فرصت کے لمحات تھے تو صبح 10 بجے coffee کے لئے lunch کے لئے پھر coffee اور شام کھانے کے لئے یہ میری سوموار سے جمعہ تک اور ہفتہ دوپہر تک کی routine تھی۔ میں وقت کا کام مرتب ہونے کے خلاف تھا۔

Grewal اور میں دن کو بمشکل ایک دفعہ ملتے جبکہ رات والا معاملہ یقینی امر تھا۔ اگرچہ ہماری رہائش گاہ میں کھانا پکانے کی سہولیات میسر تھیں لیکن ہم نے کبھی کھانا پکانے کا تردد نہ کیا ماسوائے صبح کے breakfast اور weekend پر انڈے وغیرہ تیار کرنے کے۔ چند دنوں کے لئے نور زمان (ضمیمہ 89) ہمارے پاس ٹھہرنے کے لئے آ گیا۔ اس نے ہماری ایک ہندوستانی ...

Marfat.com

ملاقات گراں ہوا۔ اپنے grocery store کو فروغ دینے کا خواہاں تھا اور گھروں میں delivery شروع کر رکھی تھی۔ اس لئے ٹیلیفون پر احکامات لیتا اشیاء خوردنی دروازے پر پہنچوا دیتا۔

میں نے ہر دفعہ اس کو chicken لانے کے لئے کہا تا کہ میں پاکستانی طرز پر پکا سکوں۔ اگرچہ میرا پہلے اس قسم کے کھانے پکانے کا تجربہ نہ تھا سوائے انڈے boil یا fry کرنے کے لیکن اپنے دیس کے کھانے کی خواہش نے میرے اندر ہلچل مچا رکھی تھی۔

ہفتے کا دن تھا۔ میں معمول کے خلاف یونیورسٹی نہ گیا (ہفتے کے روز صرف نصف دن کیلئے یونیورسٹی جایا کرتا) اس grocer کو ٹیلیفون پر خاص ہدایات دیں کہ دو مرغے صاف کر کے بھجوا دو۔ تاکہ میں پاکستانی طرز پر پکا سکوں۔ اگرچہ میرا پہلے اس قسم کے کھانے پکانے میں تجربہ نہ تھا سوائے انڈے کو ابالنے یا فرائی کرنے کے لیکن اپنے دیس کے کھانے کی خواہش نے میرے اندر ہلچل مچا رکھی تھی۔ تقریباً دس بجے دن Uganda کا ایک طالبعلم بنام Ben جو کہ میڈیکل کالج میں پڑھا کرتا اور اوپر والی منزل پر رہائش پذیر تھا نے میرے کمرے کے دروازے پر دستک دی اور کہا "باہر دروازے کے سامنے ایک grocery bag جس پر تمہارا نام لکھا ہوا تھا میں لے آیا ہوں"۔ میں نے اس کا شکریہ ادا کیا۔ چند منٹ کی گپ شپ کے بعد وہ چلا گیا۔

بڑی بیتابی سے میں نے بیگ کو کھولنے کی بجائے الٹا کر چھوڑ دیا اور دو مرغے پروں سمیت میرا منہ چڑھا رہے تھے اور ٹانگیں غائب تھیں۔ ان کو صاف کرنا میرے لئے مشکل مرحلہ تھا جبکہ بھوک سے میرے پیٹ میں چوہے دوڑ رہے تھے۔ غصے سے میرے منہ سے بدزبانی کی پچکاری شروع ہوئی کیونکہ اس بیوقوف grocer کو واضح الفاظ میں کہا گیا تھا کہ مرغوں کو صاف کر کے بھیج دینا لیکن اس نے میری ہدایت کے برعکس کیا۔ ٹیلیفون پر اس کی خوب درگت بنائی۔ مثالی دشنام طرازی اور مغلظات سے نوازا۔ اپنا غصہ ٹیلیفون کے auricular cradle پر پٹخ کر نکالا۔ اسی اثناء میں نورزمان اور Grewal میرے کمرے میں داخل ہوئے۔ مجھے بڑی سوچ میں غلطاں اور غمگین صورت دیکھ کر نہایت پریشانی کے عالم میں پوچھنے لگے:

"کیا بات ہے؟ ذرا مسکراؤ!" اور اسی دوران ایک انگریزی گانے کا مکھڑا سنایا۔

"Wrap your troubles in dreams
And dream your troubles away"

(اپنی پریشانیوں کو خوابوں میں لپیٹ دو اور خوابوں میں اپنی پریشانیوں کو دور کر دو)

"کوئی خاص پریشانی کی بات نہیں البتہ بھوک سے بیہوش ہوا جاتا ہوں۔ Grewal وہ سکھ grocer جو تمہارا ہم وطن ہے اور جس کی گذشتہ دنوں تم سے ملاقات ہوئی۔ میں نے اسے خاص طور پر ہدایت دی کہ chickens کو صاف کر کے بھیجنا مگر اس نے بغیر صفائی اور پروں سمیت بھیج دیئے ہیں۔ اب پریشان ہوں کہ ان کا صاف کرنا میرے بس کا روگ نہیں۔"

"فکر Don't۔ تم یوں کرو ان کی چاروں ٹانگیں کاٹ لو یہ کوئی بڑی بات نہیں۔ میں تمہاری مدد کرتا ہوں اور پروں کے ساتھ باقی chickens کو garbage can میں پھینک دو۔ صرف ٹانگوں کو fry کر لو بچے یہ کام چٹکی میں ہو جائیگا" نورزمان نے مجھے مشورہ دیا۔

اس تجویز سے دل کو لگی میں نے فوراً چاروں ٹانگیں کاٹ کر fry کر ڈالیں اور دونوں مرغ پروں سمیت بغیر ٹانگوں کے بڑے garbage can میں پھینک دیئے۔ اگرچہ Grewal اور نورزمان پہلے ہی کھانا کھا چکے تھے لیکن کھانے کی خوشبو کی کشش میں ایک آدھ ٹانگ پر ہاتھ صاف کر لیا۔ میرا ارادہ اس قسم کی dish کھانے کا نہ تھا بلکہ میرے ذہن میں تو مرغ کڑاہی کا تصور میرے اعصاب پر سوار تھا۔ صفائی والا عملہ ہفتہ میں تین بار آیا کرتا اور اب اس عملہ نے سوموار کو آنا تھا۔ اس کا مطلب یہ کہ چار عدد بغیر ٹانگوں کے مرغ garbege can میں ہی پڑے رہیں گے۔

landlady حسب معمول کرایہ وصول کرنے کیلئے ہفتہ میں ایک بار جمعہ کے دن آیا کرتی۔ گذشتہ جمعہ کو تو نہ آسکی مگر سوموار کے دن خلاف توقع آن پہنچی۔ جب نے اس کو کیا سوجھی اس نے garbage can کا ڈھکنا اٹھایا۔ چار مرغ بغیر ٹانگوں کے دیکھ کر اس کے اوسان خطا ہو گئے اور بے اختیار چیخنا چلانا شروع کر دیا" جادو ٹونہ، عجیب و غریب رسومات، ان کی جادوگری کے عوامل میری

Marfat.com

ناک کے سامنے! مجھے بتایا گیا تھا کہ Indians اور Africans ایسی ذہنیت کے حامل اور توہم پرستی کی وجہ سے غیر انسانی حرکات کرتے ہیں مگر ایسی مذموم حرکات انہیں اپنے ملک کے ہاتھوں میں کرنی چاہئیں۔ بے وقوف جو پولیس کو بلا لے!"

garbage can ہال کے دروازے کے باہر ایک طرف پڑا ہوا تھا۔ تم لوگ ہمارے دروازے پر غلاظت ... جوتی Uganda کے Negro نے ہال کا دروازہ کھولا۔ بیچاری بڑھیا جو پہلے ہی بہت خوف زدہ تھی۔ اب اس Negro کو دیکھتے ہی بے ہوش ہو کر فرش پر ڈھیر ہو گئی۔ ہم اسے اٹھا کر living-room میں لے آئے اور صوفہ پر آرام سے لٹا دیا۔ پھر G P (General Practitioner) جو کہ عام طور پر انگلینڈ میں عام ڈاکٹر ہی کو کہا جاتا ہے، کو ٹیلیفون کیا۔

G P کے آنے سے پہلے اگرچہ وہ ہوش میں آ گئی اور حسی ساکت آنکھوں سے مکمل سکتے کی حالت میں مرے ... دیکھ رہی تھی جیسی اس کیفیت کو کسی نے نہ سمجھا البتہ ڈاکٹر نے پہنچتے ہی بڑھیا کو tranquillizer کا Injection دیا اور تھوڑی دیر بعد وہ آرام سے سو گئی۔ میں نے G.P کو سارا واقعہ من و عن سنایا تو اس نے مشورہ دیا "Madam عمر رسیدہ ... ہے اور یہ واقعہ ایک عرصہ تک اس کے ذہن پر سوار رہنے کا امکان ہے۔ تمہارا یہاں رہنا اس کو ہمیشہ یہ واقعہ یاد دلاتا رہے گا اور اس کی مزید طبیعت بگڑنے کا اندیشہ ہے۔"

یہ بات قرین قیاس تھی ہم اس سے متفق ہو گئے۔ اس وقت University چلے گئے البتہ واپسی پر اپنے کمرے کا دروازہ کھولتے پر ایک نوٹ ملا جس پر landlady کے دستخط اور لکھا تھا "مہربانی سے جتنی جلدی ہو رہائش خالی کر دو۔ یہی تمہارے حق میں بہتر ہے۔"

اسی شام ہم نے اپنا سامان اٹھا لیا۔ Grewal کی کار میں ڈالا اور کسی نامعلوم رہائش کی تلاش میں ... مگر ... میں بیٹھ کر اپنی رہائش کو چلا گیا البتہ مجھے قیمتی مشورہ مفت میں دے کر ممنون کر دیا۔

Paterson Mrs.

Grewal کار چلا رہا تھا میں نے اسے مشورہ دیا کہ کیوں نہ ہم چند روز بیٹے زاہد کے ہاں قیام کر لیں لیکن اس نے کسی وجہ سے میری اس تجویز پر دھیان نہ دیا اور گاڑی کو رواں دواں رکھا۔

Grewal اس Brimingham شہر سے بخوبی آشنا تھا۔ پچھلے دو سال اور اس کے graduate ہونے میں باقی تھے۔ شام کے کوئی سات بجے کا عمل ہوگا میں بھوک سے نڈھال ہوا جا رہا تھا لہٰذا میں نے اسے کہیں گاڑی روکنے کی ترغیب دی تاکہ ہم کوئی کھانا تو کھا لیں۔ جہاں تک کھانے پینے کے عمل کا تعلق ہے میں کئی سالوں سے اوقات کی پابندی پر کاربند ہوں۔ ناشتہ چھ اور سات بجے کے درمیان lunch قریب 12:30 بجے اور supper تقریباً چھ بجے شام۔ اگر کسی وجہ سے ایسا نہ کر پاؤں تو نڈھال ہو جاتا ہوں اور میرے سوچنے سمجھنے کی قوت بھی مفقود ہو جاتی ہے۔

میرا خیال تھا کہ ہم کسی جگہ آرام و سکون سے بیٹھ کر کھانا کھائیں اور اپنی نئی رہائش کے متعلق گفتگو بھی ہو ... اور بیشتر ہم لوگ ذہنی طور پر تیار نہ تھے۔ Grewal نے اپنی کار Continental Cafe کے باہر ... صرف snacks ہی دستیاب تھے اور یہ ہال میری سوچ سے بڑھ کر تھا۔

مجھے ... میں اس کے پیچھے چل دیا۔ سیڑھیاں چڑھنے کے بعد میں floor پر ایک خالی booth نظر آیا جس میں چار کرسیاں اور ایک میز لگا ہوا تھا۔ میں نے اپنے لئے chicken sandwiches اور black coffee کا order دیا۔ Grewal نے apple pie اور black coffee لانے کو کہا۔ اپنے خالی معدے کو بھرنے کے بعد میں قدرے ہوش میں آیا۔ چونکہ ہم نے bill کی ادائیگی کر دی ہوئی تھی لیکن میں نے موجودہ صورت حال کی strategy پر غور کرنے کے لیے مزید ... چونکہ ہم نے جذبات میں اپنی digs کو یکدم چھوڑا مگر حالات کی سنگینی کو پس پشت ڈال دیا کہ شام سات بجے فوری طور پر رہائش تلاش کرنا جوئے شیر لانے کے مترادف تھا۔ British Council سے مدد لینا ممکن نہ تھا کیونکہ office hours کب کے ختم ہو چکے تھے تاہم social activities کے لئے اوپر والی منزل رات 10 بجے تک کھلی رہا کرتی لیکن رہائش سے متعلق بات چیت ...

Marfat.com

سوال ہی پیدا نہ ہوتا۔ یہ سوچ کر میں نے ایک waitress کو بلایا اور اس سے رہائش کیلئے معلومات لینا چاہیں۔

"ہاں ایک کمرہ ملنے کی امید کی جا سکتی ہے اگر آپ لوگ Montaigue Road تشریف لے جائیں اور Mrs. Paterson سے متعلق پوچھیں۔ یہ مکان بہت بڑا ہے تقریباً ہمیشہ ایک آدھ کمرہ خالی، بہت آرام دہ جگہ، خصوصاً سہولیات کیلئے آپ اپنے دوستوں کو جب بھی چاہیں digs میں لے جا سکتے ہیں۔ parties وغیرہ کرنے کی بھی کوئی پابندی نہیں البتہ کرایہ قدرے زیادہ ہو گا۔ landlady خود تو وہاں نہیں رہتی البتہ اس کی maid، Mrs. Paterson گھر کی نگرانی پر مامور ہو گی۔ کرایہ وصول کرنا بھی اسی کی ذمے ہے۔ بڑی زندہ دل، جوان لڑکی اور ان لڑکیوں کی طرح جو شراب پینا اور dance کرنا پسند کرتی ہیں۔ ایک دفعہ میں بھی اسکے ہاں گئی جو فرد سب سے پہلے اس پارٹی میں شامل ہوا وہ Mrs. Paterson اور آخری بھی وہی تھی۔"

ہم نے اس کا شکریہ ادا کیا اور نہایت فراخ دلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے غیر معمولی tip دے ڈالی۔ 8-Montaigue Road کی جانب کار کا رخ کر لیا۔ جونہی Grewal نے curb کیساتھ گاڑی کو کھڑا کیا تو مکان کے اندر سے ایک لڑکی نے غالباً کار کے پہیوں کی چرچراہٹ سن لی اور جھانکا۔ یہ مطلوبہ نمبر ہونے پر تھا۔ Grewal کی یکلخت brake لگانے کی وجہ سے ہم miss کرنے ہی والے تھے۔ میں کار سے باہر نکلا۔ مکان کے دروازے کے buzzer کو push کیا۔ وہی جوان چنچل، ہنس مکھ لڑکی جس نے کھڑکی سے جھانکا تھا دروازہ کھولا۔ "میں آپ لوگوں کیلئے کیا کر سکتی ہوں؟" پیشتر اسکے کہ میں Good evening کہہ سکتا اس نے پوچھ لیا۔

"میرا دوست اور میں ایک studio یا Independent flat کی تلاش میں ہیں۔ ہم دونوں برمنگھم یونیورسٹی کے طالب علم ہیں۔ میں اس بات سے بخوبی واقف ہوں کہ رہائش تلاش کرنے کا یہ مناسب وقت نہیں مگر حالات نے ہمیں مجبور کر دیا ہے۔"

"یہ مختلف باتوں میں سے ایک بہانہ ہے۔ آپ کو کس نے اس گھر کا پتہ دیا ہے؟" وہ جاننا چاہتی تھی۔

"Continental Cafe جہاں تھوڑی دیر پہلے ہم نے snack لیا۔ وہیں سے ایک waitress نے ادھر بھیجا ہے۔"

"یقیناً وہ چھوٹے قد کی Hazel ہوگی جس کی آنکھیں اور لمبے، لمبے کالے بال۔"

"ہاں تم نے ٹھیک اندازہ لگایا۔"

"وہ یہاں کے رہنے والے lodgers کی اچھی دوست، بہت ملنسار، کسی سے بھی نہ نہیں کہتی۔ وہ parties میں جانے والی لڑکی، میں اسے اچھی طرح سے جانتی ہوں۔ تو اس وقت میرے پاس دو single کمرے دوسری منزل پر خالی ہیں مگر پرسوں دو کمروں والا ایک flat کچن اور باتھ روم کے ساتھ خالی ہونے کا امکان ہے۔"

"آپکی بڑی مہربانی ہم اسی قسم کی رہائش کی تلاش میں تھے۔ وقتی طور پر دو single rooms ہی کافی ہیں آخر کار ایک آدھ دن کی بات ہے جب وہ فلیٹ جس کا آپ نے ذکر کیا، خالی ہو جائے گا۔ By the way گھر کے اوقات کیا ہیں؟"

"oh, no یہاں وقت کی کوئی پابندی نہیں۔ آپ جب چاہیں آئیں، جائیں بلاشبہ یہاں کا کرایہ زیادہ ہونے کی وجہ سے آپ کا یہ حق بنتا ہے جس طرح چاہیں خوش رہیں۔ کوئی پابندی نہیں البتہ آواز اس قدر بلند نہ ہو کہ پڑوسی بیزار ہو جائیں۔ اب مجھے اجازت دیں کہ میں آپ کا سامان اٹھانے میں مدد کروں۔"

"نہیں شکریہ آپ تکلیف نہ کریں ہم سامان خود ہی اٹھا کر لے آتے ہیں بس آپ ہمیں کمرے دکھا دیں۔"

میں کار کی طرف پلٹا اور Grewal کو بتایا ہم کسقدر خوش قسمت ہیں کہ ہمیں خواہش کے مطابق جگہ مل گئی۔

ہم اپنا سامان لیکر اوپر والی منزل پر گئے اور Mrs. Paterson نے ہمیں ہمارے رہائشی کمرے دکھائے۔ میں نے وہ کمرہ پسند کیا جو سیڑھیوں کے پاس اور Grewal کا کمرہ میرے کمرے سے دو کمرے دور واقع تھا۔ اس نے ہمیں چار چابیاں دیں۔ دو hall کے دروازے کی اور دو main gate کی۔ کار کو باہر curb کیساتھ کھڑی کیا جانا تھا جہاں دیگر کاریں کھڑی تھیں جیسا کہ اب لازمی تھا میں نے اسے کرایہ کیلئے پوچھا۔ "نہیں ابھی اس کے متعلق فکر نہ کریں یہ محض ایک دو دنوں کیلئے عارضی بندوبست

Marfat.com

ہے جب تمہیں flat مل جائیگا تو بات ہو جائیگی۔"

یہ بڑی غیر متوقع بات تھی کیونکہ جن انگریزوں سے میرا واسطہ پڑا خصوصاً landladies کیلئے یہ بات ترجیحات میں سرفہرست شامل ہے۔

میں رات بھر خوب سویا۔ معمول کے مطابق جلدی اٹھ کر یونیورسٹی چلا گیا۔

Hot-water bottle: ہفتہ میں دو دفعہ Grewal کی کلاس صبح آٹھ بجے ہوا کرتی اور وہ مجھے lift دیا کرتے ورنہ مجھے بس میں ہی سفر کرنا پڑتا۔ بس سروس کا تو کوئی جواب ہی نہیں یکے بعد دیگرے اور وقت کی پابند!

دو دن گزر گئے مگر تا حال مطلوبہ فلیٹ خالی نہ ہوا۔ میں نے Mrs. Paterson سے اسکی وجہ پوچھی تو پتہ چلا کہ lodger لندن گیا ہوا تھا اور پروگرام کے مطابق ابھی تک نہیں لوٹا۔ میرے استفسار پر اس نے ناراضگی کا اظہار بھی کیا۔ میں نے اسے کہا کہ جلدی کی کوئی ضرورت نہیں آخر کار وہ فلیٹ ہم کو مل ہی جائیگا۔

آئندہ اتوار کے روز ایک dental surgeon جو کہ Kenya کا رہنے والا اور exchange پروگرام پر انگلینڈ آیا ہوا تھا اس نے تمام گھر والوں اور باہر سے کئی لوگوں کو اپنے studio میں جو کہ تیسری منزل پر تھا party کیلئے دعوت دی۔ party بھی اتوار کی رات کو جبکہ اکثر اوقات parties ہفتہ کی شام کو ہوا کرتیں تا کہ اتوار کو کام پر جانے کی ضرورت نہ پیش آسکے۔

Grewal اور میں سب سے پہلے party میں پہنچ گئے۔ ہمارے بعد Mrs. Paterson عمدہ لباس پہنے بن ٹھن کے بس میں سامنے سے آتی ہوئی دکھائی دی۔

dental surgeon جس کا نام کوفی "عقیل"، Kenya کی نہایت high family سے تعلق رکھتا۔ اس نے مختلف قسم کی Scotch، gin، sherry وغیرہ وغیرہ اور ایک draught beer کی barrel بھی رکھی ہوئی تھی۔

اس کے پاس مشہور Ella Fitzgerald (American Negro lady singer) کے albums کی لائبریری تھی۔ وہ phonograph کے بٹنوں کو چھیڑ رہا تھا تاکہ میوزک شروع کیا جائے۔ ان دنوں میں Jazz کی craze تھی۔ اس surgeon کے پاس جاز کے موسیقار مثلاً Louis Armstrong، Benny Goodman، Duke Ellington وغیرہ کے albums بھی موجود تھے۔

اس نے اپنی مدد آپ کرنے کا اشارہ دیا۔ Mrs Paterson نے آدھا گلاس sherry کا بھر لیا۔ میں نے Grewal کیلئے Black & tan کا ایک pint بھر دیا مگر Grewal نے اسے ہٹا دیا اور "Scotch on the Rocks" کو ترجیح دی۔ چند لمحوں بعد دیگر مہمان آنا شروع ہو گئے جن میں اکثریت couples کی تھی چند ایک اکیلی بھی تھیں۔ جب house full ہو چکا تھا اگرچہ یہ studio کافی standard سے غیر معمولی طور پر کشادہ تھا۔ [illegible] Mrs Paterson [illegible] کھڑا ہونا پڑا اور چند مہمان ہال میں قالین پر براجمان ہو گئے۔

ایک couple نے Jive شروع کیا۔ پھر کیا تھا کوئی دو پیالہ شراب پانی کی طرح بہائی جا رہی تھی۔ وقت گزرنے پر لوگ ایک دوسرے کی بانہوں میں کسے پیار محبت کی سرگوشیوں میں مصروف ہو گئے۔ Mrs Paterson معذرت کر کے party سے غائب ہو گئی۔ تھوڑی دیر بعد ایک بڑی tray جس پر کافی مقدار میں sandwiches اور peanuts تھے اٹھائے مسکراتی ہوئی لوٹ آئی۔ beer کے زیادہ پینے سے میں کوئی درد محسوس نہیں کر رہا تھا۔ مگر خوبصورت لڑکیوں کا پیچھا کرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑی جیسا کہ شاعر نے کیا خوب کہا ہے:

"قدم قدم پہ جنوں اختیار کرتے تھے
شباب تھا تو ستارے شمار کرتے تھے"

یہاں تک کہ ایک خوبصورت لڑکی اپنے partner سے چپک کر dance کر رہی تھی مگر میں نے اسکے partner سے معذرت کر کے

Marfat.com

کی زندگی سے چند لمحات مستعار لئے۔ یہ سب پتہ اس لئے ہوا کہ میری نبض تھی اور اللہ بالی طبیعت محفل کی جان بنی ہوئی تھی۔

Grewal بری طرح شراب سے مدہوش ہو چکا تھا۔ Mrs Paterson اور میں نے بمشکل اس کو bed پر لٹایا۔ میں نے خوب جی بھر کر dance کیا بلکہ "دھمال" ڈالا۔ نہ جانے پارٹی کب تک جاری رہی لیکن میں تھکاوٹ کی وجہ سے کوئی دو بجے بستر پر گھوڑے بیچ کر سو گیا۔

مجھے bathroom جانے کی حاجت محسوس ہوئی تو میرے جسم نے بستر سے اٹھنے کی معذرت چاہی۔ بستر میں پاؤں کی طرف کمبل کے اندر ایک rubber کی hot water بوتل پڑی ہوئی تھی۔ اس دور میں اکثر انگریزوں کے گھروں میں heating system نہیں تھا۔ landladies یا caretakers گھروں میں رہنے والوں کیلئے گرم پانی کی بوتل بستر کے اندر کمبل کے نیچے رکھ دیتی تھیں۔ جب کوئی سردی کے موسم میں گھر لوٹے تو اسے بستر گرم ملے۔ اب وہ لوگ اور دن کہاں۔ ہاں! اور یہ بھی یاد رہے کہ بوتل میں کھولتا ہوا گرم پانی ڈالا نہیں جاتا بلکہ چونکہ بوتل میں گرم ہوا کیلئے خالی رکھی جاتی۔ میں نے بوتل کا stopper کھولا پھر یہ تو بوتل میں ہی پیشاب کر دیا اور پھر یہ بھول ہی گیا کہ بعد میں stopper کو replace بھی کرنا ہے۔

صبح میں اٹھ بیٹھا تو دیکھا تو bedsheet پیشاب سے بھیگی ہوئی تھی یہاں تک کہ mattress تک بھی پیشاب جذب ہو گیا۔ مجھے چونکہ یونیورسٹی جانے کی جلدی اور پہلے ہی دیر ہو چکی تھی چنانچہ میں جلدی سے نہا دھو کر یونیورسٹی کو جانے والی بس پکڑنے کیلئے چل دیا۔ Grewal کو کچھ کہنے کی ضرورت نہ تھی کیونکہ بات اس کی سمجھ میں نہ آتی۔ میں نے سوچا کہ چونکہ معاملہ اتنی جلدی میں نہیں ہوا ہوگا ۔۔۔ شاید بستر کو صاف کر دے گا۔

میں یونیورسٹی اپنی lab میں پہنچ گیا۔ میرا ضمیر مجھے متواتر ملامت کرتا رہا کہ اگر Mrs Paterson کو پتہ چل گیا اور Grewal نے میرا بستر ٹھیک نہ کیا تو digs چھوڑنا پڑے گا۔ کوئی گیارہ بجے department کی سیکرٹری Jackie نے میری lab کے دروازہ پر دستک دی اور کہا کہ تمہارا ٹیلیفون ہے۔ میں Jackie کے کمرے میں گیا تاکہ وہ میری گفتگو نہ سن سکے اس نے پہلے ہی سے بھانپ لیا اور باہر چلی گئی اور دروازہ بند کر دیا۔

Mrs. Paterson نے ٹیلیفون پر کہا کیونکہ جب وہ بستر درست کرنے گئی تو اسے پتہ چل گیا۔ " Mr. Nasir what did you do ?"

"What did I do Mrs Paterson" میں نے اپنی مذموم حرکت کو چھپاتے ہوئے کہا۔

"That. that. mess. ... "

"I don't understand" میں نے جواب دیا کہ کچھ ہوا ہی نہیں!

"Bedsheet .... Mattress ... "

" Please Mrs. Paterson make it clear "

" Hot-water bottle foul smell." she replied

اب میرے دماغ میں یہ بات کہاں سے آ گئی اور اچانک ہی میں نے کہہ ڈالی:

" Oh. Mrs. Paterson after the WW II the quality of the rubber is not that good as it once used to be. With hot water inside at times it emits very disagreeable smell."

" Oh . I am sorry I understand." اس نے جواب دیا۔

میرے گھر واپس لوٹنے پر Grewal تو موجود نہیں تھا۔ حیرانگی کی بات ہے۔ جب Mrs. Paterson سے ملا تو مسکرا رہی تھی اور اس سے زیادہ حیران کن امر تھا کہ وہ میری وضاحت سے قائل ہوئی اور درگزر کر دی۔ ویسے میں وثوق سے نہیں کہہ سکتا کہ آیا واقعی وہ میرے دلائل سے متفق ہوئی یا اپنی فراخدلی کا اظہار کیا۔ میرا خیال ہے کہ Mrs. Paterson اچھی طرح میری

Marfat.com

حیرت کی بات تھی کہ میں نے stopper کو replace نہیں کیا مگر وہ موضوع پیچھے نے سے قاصر رہی۔ انگریزوں سے زیادہ یہ بات ہے! میرا بستر بدل دیا گیا اور دوسری bootle کمبل کے نیچے پڑی ہوئی تھی۔

میں نے Grewal کو یہ واقعہ سنایا تو اس نے یہ کہہ کر ٹال دیا۔

''Jerry, you crazy or something''

میں نے دوبارہ اس کو داستان سنائی مگر اسے پھر بھی یقین نہ آیا۔

یہ بات واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ اس دور میں انگریز لوگ جن طالب علموں سے نام ادا کرنا مشکل ہوتا تھا انہیں کسی nickname سے مخاطب کرتے۔ اسی طرح Grewal (Gurmohan Singh) اس نے اپنے نام کا مخفف Gur Grewal کر دیا) کو 'Charlie' اور مجھے Jerry (Pir Nasiruddaula) کہہ کر پکارا کرتے۔ اب بھی میرے کئی پرانے دوست مجھے Jerry کہہ کر ہی نہیں بلکہ خط و کتابت میں بھی یہی nickname چلتا ہے۔

کھوپڑی کی اُڑان !

راقم کو برمنگھم میں ایک دلچسپ شخصیت ''حافظ صاحب'' سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا۔ جناب کشمیر کے رہنے والے تھے کوئی 35 سال کی عمر ہوگی آزاد کشمیر کے باشندے برمنگھم میں بسلسلہ ملازمت مقیم تھے۔ تعلیم و تربیت سے نابلد مگر خوش پوشاک سنہری چشمہ لگائے مستعد اور تعلیم یافتہ لوگوں میں خصوصاً weekend پر social circles میں حصہ لیتے۔ آپ کی عادت تھی۔ گفتگو ہمیشہ دوسروں کو سننے پر ترجیح دیا کرتے۔

حافظ صاحب کے ایک خصوصی طرز عمل سے روشناس کرانا دلچسپی سے خالی نہیں۔ وہ کیا ان کے سر کے گیسو زیادہ تر اوقات سنوارنے اور ان کی دیکھ بھال میں مستعدی سے مصروف پائے گئے جو منشیوں میں موضوع سخن ''کسی'' پر تبصرہ ہوا جیسا کہ عموماً انگلینڈ کے بااخلاق معاشرے میں ''ٹنگ لوبنا'' یعنی کسی کی ذاتیات میں دخل در معقولات معیوب خیال کیا جاتا ہے۔ بات آئی گئی ہوئی۔ ایک دن میرے قریبی دوست نور زمان نے کہا ''Jerry حافظ صاحب نے وگ لگا رکھی ہے کیونکہ قدرتی بال اس حد تک نفاست سے سیٹ نہیں رہ سکتے۔ ان کے بالوں پر نہ آندھی اثر انداز اور نہ ہی طوفان کچھ بگاڑ سکتا ہے۔''

''چھوڑو چھوڑو ان باتوں کو یہ ان کا ذاتی معاملہ ہے۔ کیا ضرورت ہے کسی کا راز افشا کرنے کی۔''

حسن اتفاق حافظ صاحب اور میں ایک long weekend پر Edinburgh گئے جہاں ایک ہوٹل کے کمرے میں اکٹھے ٹھہرنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ انہوں نے سوتے وقت باتھ روم میں لباس تبدیل کیا اور nightgown پہنے باتھ روم سے تولیہ سے سر ڈھانپ کر بستر پر آ کر بیٹھ گئے۔

''حافظ صاحب! مجھے نیند نے سونے پر مجبور کر دیا ہے۔ آپ بھی آرام کریں مگر یہ تولیہ باتھ روم سے آپ کیوں لے آئے؟ صبح جلدی اٹھنا ہے۔''

انہوں نے کان متوجہ کر دیا دراصل میری متجسس طبیعت کے لیے پیراب نور زمان کی وگ سے متعلق بات کی بازگشت ذہن پر حاوی ہوئی۔ میں نے کمبل اوڑھ کر حافظ صاحب کو شب بخیر کہا اور سوتا بن گیا۔ کافی دیر گزر جانے کے باوجود حافظ صاحب نے بتی گل نہ کی شاید ان کی محتاط طبع پر یقین نہ تھی کہ واقعی میں گہری نیند کی آغوش میں چلا گیا ہوں۔ آخرکار گہری نیند کا تاثر دے کر کروٹ بدلا جب میں نے کمبل کی اوٹ سے دزدیدہ نگاہوں سے دیکھا تو حافظ صاحب نے وگ اتار دی اور کنگھی کی ''ٹنڈ'' نمودار ہوئی گیا اور کنگھی کی بال منتشر ہونے سے بچانے کے لیے تولیہ سے ڈھانپ لیا۔ میں صبح اٹھنے کا عادی ہوں مگر وہ مجھ سے پہلے ہی جاگ اٹھے۔ تب سے اپنی زلفوں کو سنوار بن ٹھن کر تیار ہوئے بیٹھے۔ میں نے کنگھا کا تذکرہ ضروری نہ سمجھا البتہ میرے اندر کی دلی بے تابی و بےقراری نے اپنے حصار میں لے رکھا تھا کہ کس طرح اپنی پہلی فرصت میں نور زمان سے ملوں اور اُسے متعلق اُس کے خیال کی تحقیق و تصدیق اور دریافت سے روشناس کراؤں۔ بہرحال واپس برمنگھم پہنچے تو نور زمان سے ملاقات پر میں نے اس کو جھاڑی کے متعلق بتا دیا اور یہ بات [illegible]

Marfat.com

طرح چہار سو پھیل گئی۔

ایک دفعہ برمنگھم میں حافظ صاحب موٹر سائیکل پر کہیں اڑے جا رہے تھے تو حادثہ پیش آ گیا۔ پولیس پیٹرول اُدھر آ نکلی۔ ہوا تیز چل رہی تھی۔ موٹر سائیکل تو سڑک کے کنارے ''کھڈ'' میں، جبکہ ایک پولیس آفیسر کو سڑک پر ایک کھوپڑی دوڑتی نظر آئی۔ وہ فوراً اس کے پیچھے بھاگ کھڑا ہوا اور کھوپڑی کو جا پکڑا تو منکشف ہوا کہ یہ کھوپڑی نہیں بلکہ وگ ہے۔ جب واپس جائے وقوعہ پر پہنچا تو جناب زخموں سے نڈھال پڑے تھے مگر اس حالت کے باوجود سر پر تولیہ رکھنا نہیں بھولے۔

ایک موقع پر حافظ صاحب نے مجھے کہا ''Jerrry مجھے بھی British Council لے چلو۔''

''کیوں نہیں! آئندہ ہفتے کے دن پانچ بجے British Council کے سامنے آ جانا'' ہم یار لوگ اکثر وہاں اکٹھے ہوتے اور پھر شام تفریح کرنے کے لئے کہیں کا پروگرام بناتے جو کہ اکثر یونیورسٹی کی Union Building ہوا کرتی جہاں ڈانس وغیرہ ہوتے۔ Union میں بھی British Council کی طرح جو لوگ یونیورسٹی کے students نہ ہوتے نہیں جا سکتے تھے البتہ گیٹ پر attendant سے اجازت لے کر مہمان کے طور پر جانے کے مجاز تھے۔

نورزمان کو حافظ صاحب کی کھوپڑی اڑنے کا واقعہ میں نے پہلے ہی سنا دیا اور یہ بھی بتایا تھا کہ ہفتے کے روز انکو British Council میں لے جانا ہے۔ اسی اثناء میں مجھے ایک شرارت سوجھی میں نے نورزمان سے کہا کہ بس میری ''ہاں میں ہاں'' ملاتے جانا

''Jerry آخر کوئی ایسی بات ہے؟'' نورزمان نے بے قراری سے پوچھا۔

''بس جیسے کہوں ''ہاں میں ہاں ملاتے جانا پھر تماشہ دیکھنا۔

نورزمان اور میں بس سے اتر کر ابھی سڑک کراس کر ہی رہے تھے کہ حافظ صاحب British Council کے سامنے کھڑے پائے گئے۔ خیر میں نے حافظ صاحب کا نام و پتہ visitors' book میں درج کیا اور ہم تینوں سیڑھیاں طے کرتے ہوئے میٹنگ روم میں جا پہنچے۔ ایک کونے میں چار کرسیاں خالی دیکھ کر وہاں بیٹھ گئے۔ ادھر اُدھر کی باتیں شروع ہوئیں تو میں نے نورزمان سے پوچھا ''کیا یہ نسخہ استعمال میں لا رہے ہو؟'' (نورزمان کے سر کے بال قدرے کم ہو رہے تھے)

''ہاں، تو؟''

''فائدہ تو ضرور ہوا ہوگا کیونکہ یہ نسخہ مجرب ہے میں نے ایک French اخبار میں پڑھا تھا۔'' (حالانکہ میں اس وقت French نہیں جانتا تھا)

''ہاں'' اس نے بڑے وثوق سے سر ہلاتے ہوئے جواب دیا۔

''سر کے بال گرنے تو رک گئے ہوں گے!''

''Jerry کمال ہو گیا ہے ٹھیک پانچویں دن جیسے کہ تم نے کہا تھا۔''

حافظ صاحب بڑی دلچسپی سے سن رہے تھے مگر میں نے جان بوجھ کر ان کی طرف دھیان نہ دیا۔

''نئے بال نکلنے شروع ہو گئے یا نہیں؟''

''پھوٹ پڑے۔''

''پیش نظر رہے کہ اخبارات زیادہ سے زیادہ پرانے ہوں جتنے پرانے اخبارات ملیں اسی قدر موثر ثابت ہوں گے۔''

''میں تو بڑی مشکل سے پرانے اخبارات تلاش کرتا رہتا ہوں۔ مختلف دوستوں کو کہہ رکھا ہے جو باقاعدگی سے اخبارات خریدتے ہیں۔''

''ایک اور بات، اخبارات کو زیادہ دو کیا کرنے سے گریز کیا جائے۔ رات سونے کے وقت سے صبح اٹھنے تک ہیں ایسی غلطی نہ کرنا کہ وہ اخبارات دوبارہ استعمال میں لائے جائیں۔''

''نہیں بالکل نہیں ہر شام fresh اخبارات استعمال کرتا ہوں۔''

میں نے چپ سادھ لی اور حافظ صاحب کا reaction دیکھنے لگا۔ نورزمان نے نہر سویز پر انگریزوں کے حملے کا تذکرہ

Marfat.com

پھیر دیا۔ حافظ صاحب تجسس بے چینی سے فزوں تر ہو رہے تھے۔ وہ پریشان تھے کہ کس طرح نسخے کے استعمال سے واقفیت ہو۔ نور زمان کی بات کاٹتے ہوئے گویا ہوئے ”Excuse me، نور زمان ترکیب کیسے استعمال کرتے ہو؟ کیونکہ میرا ایک نہایت عزیز دوست بالکل گنجا ہے اور اسے انتہائی complex کا شکار ہے“ حافظ صاحب نے پوچھا۔

”Jerry کو ترکیب استعمال کا زیادہ صحیح علم ہے کیونکہ اس نے ہی مجھے یہ عمل بتایا تھا اور اب میں اپنی دنیا میں آ گیا ہوں۔ Jerry ذرا ترکیب استعمال حافظ صاحب کو بتا دو۔ آخر ہمارے دوستوں میں سے ایک ہیں۔“

”حافظ صاحب! ہر کس و ناکس کو یہ نسخہ نہ بتاتے پھرنا“ میں نے تاکید کی۔

”ہرگز نہیں صرف میرا وہی دوست گنجا ہے“ جناب نے وضع داری برقرار رکھتے ہوئے وضاحت کی۔

”تو سنیے! پرانے سے پرانے اخبارات اکٹھے کر جائیں۔“

”کس زبان کے ہوں؟“

”بس صرف انگلش۔“

”انگلش کے کئی اخبارات ہیں۔“ (کیونکہ موصوف جاہل تھے)

”کوئی سا اخبار مگر انگلش کا ہونا ضروری ہے۔“ حالانکہ میں نے کہا تھا کہ ایک فرنچ اخبار میں نسخہ پڑھا تھا اور حافظ صاحب کو فرنچ اخبارات تلاش کرنے میں کافی دقت پیش آ گئی۔

”تو پھر؟“

”اخبار کے چار صفحات کو پانی سے گیلا کرنا ہے۔“

”وہ کس طرح؟“

”صفحات کو فرش پر بچھا دو اور پانی کے چھینٹے مارتے رہیے۔ حتیٰ کہ گیلے ہو جائیں۔“

”گرم یا ٹھنڈے پانی سے؟“

”نیم گرم اور یاد رکھیے پانی میں اوراق کو ڈبونا نہیں۔ بالکل نہیں بس چھینٹے مارنے ہیں اور پھر رات کو سر پر اس طرح چپکانے ہیں کہ تمام سر اور پیشانی cover ہو جائیں البتہ کان باہر رہیں پھر دھاگے سے تو کورا لینا ضروری ہے۔ سوتے وقت سر پر تکیہ یا کوئی دیگر اوراق کے اوپر دھر رکھنا۔ صبح اٹھ کر یہ اوراق پھینکے اور دوسری رات کو وہی عمل دہرانا ہے مگر دیگر اوراق سے۔“ میں نے کہا تھا۔

”نہانا وغیرہ تو نہیں؟“

”ہاں ضرور نہائیے اگر جی چاہے مگر اس وقت جب عمل سے فارغ ہو جاؤ۔“

”یہ عمل کتنے روز جاری رکھنا ہے؟“

”نور زمان کا کام پانچ دنوں میں مکمل ہو گیا اس لئے کہ نور زمان تو معمولی گنجا ہے البتہ آپ اپنے دوست سے کہیں کہ 35 روز تک یہ عمل دہرائے اور فرنچ اخبار میں یہی لکھا تھا“ میں نے سنجیدگی برقرار رکھی۔

اس کے بعد ہم نے حافظ صاحب کو Union Building میں متعارف کرایا مگر ان کی حرکات و سکنات سے معلوم ہوتا تھا کہ صاحب نسخے کے استعمال کیلئے بے چین ہو رہے ہیں لہذا معذرت کر کے جانا چاہا۔ ہم انہیں دروازہ تک چھوڑنے آئے اور ازاں بعد خود بھی باہر آ چلے گئے کیونکہ ہم نے Union میں جانا تھا جب حافظ صاحب جانے لگے تو میں نے کہا۔

”کاہے بگاہے ہمیں نسخے کے اثر کے متعلق بتاتے رہیے گا۔“

”Jerry تمہیں کیا ترکیب سوجھی ہے؟“ نور زمان کھلکھلا کر ہنس دیا۔

کوئی سات دن کے بعد ہمیں اپنے ایک دوست سرفراز (ضمیمہ 90) نے مجھے یونیورسٹی آ کر بتایا کہ حافظ صاحب وقت Cadbury Chocolate Factory کا سامنا ہے اور میرے ساتھ کام پر بھی نہیں آتے۔

Marfat.com

عدالت

حسب عادت یونیورسٹی میں اپنے labcoat کی جیب میں loose change رکھ لیتا جو کہ میں کافی اور snack پینے استعمال میں لاتا۔ lunch کے وقت labcoat اتار کر اپنے cubicle میں لٹکا دیتا اور جیکٹ پہن کر Union Building یا Refactory میں کھانے پینے چلا جایا کرتا۔

چند ماہ کے بعد مجھے احساس ہوا کہ کوئی شخص میری غیر موجودگی کا فائدہ اٹھا کر labcoat کی جیب سے change نکال لیتا ہے جو کوئی بھی یہ حرکت کرتا زیادہ سے زیادہ اس سے کافی یا light snack لے سکتا تھا۔ شروعات میں تو مجھے اپنے آپ پر بھی یقین نہ آیا کہ شاید یہ میرا وہم ہو۔ ایک دن lunch کے لیے جاتے وقت میں نے change گنتی کے بعد labcoat کی جیب میں رکھا۔ جس کی مالیت 32 شلنگ تھی اپنی واپسی پر جب میں نے سکوں کا شمار کیا تو صرف تین شلنگ کم تھے اس سے ظاہر ہوتا تھا کہ جو بھی یہ حرکت کیا کرتا تھا اپنی وقتی ضرورت کو پورا کرنے کیلئے جبکہ اس کا مقصد کوئی چوری نہیں تھا۔

دس بجے کے قریب ڈیپارٹمنٹ کا Academic Staff، پروفیسر، سیکرٹری اور ریسرچ کرنے والے سٹوڈنٹس ڈیپارٹمنٹ میں labcoats میں کافی یا چائے وغیرہ پیا کرتے۔ کچھ عرصے کے بعد ڈیپارٹمنٹ کی بجائے میں نے refactory میں کافی پینا شروع کر دی۔ اپنا labcoat اتار کر cubicle میں لٹکا دیتا اور جیکٹ پہن لیتا۔ میرا کوئی پندرہ منٹ کے قریب وقت لگتا جب میں واپس آتا تو کچھ پیسے میرے labcoat کی نیچے والی دائیں پاکٹ سے غائب ہوتے۔ اس کا مطلب یہ تھا کہ کوئی ڈیپارٹمنٹ کا ہی آدمی ہے۔ کسی کی اس حرکت پر میری تشویش بڑھ گئی۔

میں نے اپنے سپروائزر سے بات کی۔ پہلے تو اسے اس بات کا یقین نہ آیا بڑے بحث مباحثے کے بعد میں نے اس کو قائل کر لیا یہ واقعی چوری ہو رہی ہے۔ وہ قائل تو ہو گیا مگر اس کے خیال کے مطابق یہ کوئی ضرور تمہارے ہی ہم وطنوں میں سے ہوگا (انڈین پاکستانی) جو کبھی کبھی میرے cubicle میں آیا کرتے۔ چنانچہ اس نے بڑے بھاری دل سے پولیس کو اطلاع دینے کا فیصلہ کیا۔

ایک دن دو detectives جو کہ سادہ کپڑوں میں ملبوس میرے cubicle میں آئے اور کئی قسم کے مخمانہ نوعیت کے سوالات کئے۔ تب انہوں نے تمام سکوں کو نشان لگائے اور میرے کوٹ کی اس دائیں پاکٹ میں پھر سے رکھ دیئے۔ اس کے بعد کسی قسم کا luminiscent پاؤڈر میرے labcoat کی پاکٹ میں چھڑکا۔ پاؤڈر کسی کے ہاتھوں کو ایک دفعہ لگ جائے تو ہاتھوں کو دھونے کے باوجود بھی چپکا رہتا ہے۔ یہ ایک بے رنگ پاؤڈر جو بظاہر نظر نہ آتا تھا۔ وہ دونوں چلے گئے اور میں Union Building میں lunch کیلئے پہنچ گیا اور حسب معمول کھانا کھانے کے بعد یار دوستوں سے گفتگو کرنے کے بعد واپس لوٹا۔

کوئی ایک بجے کے قریب جب ڈیپارٹمنٹ کا تمام عملہ کھانا کھانے کے بعد دوبارہ واپس آیا تو ان دو detectives نے ڈیپارٹمنٹ کی laboratory girls سے کہا کہ وہ ان کے ہاتھ باہر دھوپ میں دیکھنا چاہتے ہیں۔ ایک دیہاتی قسم کی لڑکی جو کہ حال ہی میں ڈیپارٹمنٹ میں ملازم ہوئی جال میں پھنس گئی کیونکہ اس کے ہاتھ پر مذکورہ بالا پاؤڈر نے دھوپ میں چمکنا شروع کر دیا جس سے انہوں نے چند سکے جو کہ میرے labcoat سے چوری کئے گئے تھے بھی برآمد کر لئے۔

پاکستان میں اگر کوئی اس قسم کا واقع رونما ہوتا تو رپورٹر میرے پیچھے پڑ جاتے اور اخبارات والے خوب مرچ مصالحہ لگا کر خبر شائع کرتے لیکن برمنگھم میں صرف ایک مقامی اخبار نے دو، تین سطور کی یہ خبر شائع کی۔ بعد میں ایک Senior Staff member Dr Finlayson کو اور مجھے کورٹ میں بلایا گیا۔ کسی نے ہم سے کوئی سوال نہ پوچھا، ہم آرام سے بیٹھے رہے جبکہ وہ چور لڑکی بھی موجود تھی۔ کورٹ نے اس کی پوری فائل کے مطالعہ کے بعد یہ نتیجہ اخذ کیا کہ یہ لڑکی پہلے ایسی حرکات کی مرتکب ہو چکی ہے جب وہ پہلے ایک dentist کے پاس کام کیا کرتی۔ اس کو یونیورسٹی سے فارغ جبکہ میرا خیال ہے اسکو probation پر رہا کر دیا گیا۔ کئی ایشیائی سٹوڈنٹس کو اس واقعہ کی اطلاع ہوئی۔ pubs اور British Council میں کئی ہفتوں تک موضوع بنا رہا۔

Marfat.com

اور Grewal کی شادی ہوگئی

اکثر اوقات راقم اور Grewal اتوار کی شام بر منگھم Continental Cafe میں snack لینے کیلئے جایا کرتے۔ وہاں ایک مناسب بدن کی انگریز waitress ہمیں ہمیشہ serve کیا کرتی۔ اگر چہ اس کی ڈیوٹی وہاں کسی دوسرے سیکشن میں ہوتی تو بھی وہ بھاگتی بھاگتی اور خوشی کے اظہار کے ساتھ ہمارے ٹیبل پر آجاتی۔ Grewal کا اس waitress سے ساتھ چاہت کا رنگ نمایاں ہو گیا اور متعدد بار پارٹیوں میں اسے مدعو بھی کیا۔

شروعات میں دونوں کے درمیان رغبت کی چنگاری تھی۔ وہ محبت کے ایک شعلے کے روپ میں بھڑک اٹھی۔ بالآخر دونوں محبت کے پھندے میں بری طرح جکڑے گئے۔ اس لڑکی نے ہمارے فلیٹ پر تقریباً ہر ہفتے کی رات Grewal کا بچھونا بنانے کا معمول بنا لیا اور میں "بیچارا" جب تک جاگتا رہتا ان کی خدمت بجا لاتا۔

بقول ایک پنجابی شاعر

"بیرے کی جیہڑی دوستو! اوہ سیدا ٹیڑا اے گیا
میں وی خدا دا رہ گیا، میں وی خدا دا رہ گیا"

محبت پروان چڑھی اور ان دونوں محبت کے متوالوں نے شادی رچالی جس میں بھی وہ خدمت کا راس کا best man (شہ بالا) تھا۔

Grewal تو گریجویشن کرنے کے بعد سوئٹزرلینڈ اپنی بیوی کے ساتھ اعلیٰ تعلیم کے حصول کیلئے چلا گیا اب میں فلیٹ کا سب تاج بادشاہ تھا اور میں نے جیسا چاہا ویسا کیا مگر اخراجات کا بوجھ کچھ زیادہ تھا۔ میں نے ابا جی کو خط لکھا انہوں نے جواب دیا کہ Manchester جا کر میر عبدالغنی صاحب کے بھتیجے سے جتنے چاہو پونڈ لے لیا کرو۔ چچا صاحب اس رقم کے بدلے پاکستان میں ادائیگی کردیا کرتے۔ یہ عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں قطع نظر اس کے کہ پاکستان میں چاہے کوئی کتنا ہی مالدار کیوں نہ ہوتا پاکستانی قانون کے مطابق انگلینڈ میں تعلیم حاصل کرنیوالے کو صرف چالیس پونڈ مہینہ ہی بھیجے جاسکتے تھے۔

Grewal کی جس لڑکی کے ساتھ شادی ہوئی اس کا نام Pamela تھا مگر ہم دوست احباب پیار سے اسے Pam کہا کرتے۔ ایک مدت مجھے Grewal کی کوئی خبر نہ ملی (تفصیل پیش لفظ اور اسی کتاب میں ملاحظہ فرمائیں) Grewal کے ہاں Pam سے ایک لڑکا تولد ہوا جس کا نام Warren ہے۔ Pam نے Grewal سے طلاق لینے کے بعد کسی اور سے شادی کر لی۔ تقریباً 30 سال کا عرصہ ہوا وہ Puerto Rico میں اپنے خاوند اور بیٹے Warren کے ساتھ رہ رہی ہے۔

جہاں تک Grewal کا تعلق ہے اس نے ایک Scandanavian لڑکی Gretschen سے شادی کر لی اس میں سے کوئی اولاد نہیں وہ اب Louisiana, USA میں پروفیسر ہے۔

میں نے انگلینڈ میں steady girl friend رکھنے کی کبھی ضرورت محسوس نہ کی۔

دھند (Fog)

1957 جب راقم انگلینڈ میں Ph. D. کی ڈگری کیلئے ریسرچ کر رہا تھا تو دستور کے مطابق انگلینڈ میں اس ڈگری کے حصول کیلئے کورس وغیرہ نہ ہوا کرتے۔ صرف لیبارٹری میں ریسرچ کرنا ہی مقصود تھا جس میں وقت کی کوئی قدغن نہیں تھی یہاں تک کہ بعض اوقات رات گئے تجربات کرنے کیلئے لیبارٹری میں کام کرنا ضروری ہوتا نیز چھٹیوں کی بھی کوئی پابندی نہیں اس کے برعکس U.S.A. میں Ph. D. کی ڈگری حاصل کرنے کیلئے ریسرچ اور کلاسیں بھی ضروری ہیں جن کا بعد میں امتحان کا مرحلہ آتا ہے۔

اس زمانے میں سردیوں کے موسم میں اکثر دھند کا نزول یقینی امر تھا اور باقاعدہ ریڈیو پر بذریعہ پولیس اعلان کیا جاتا کہ دھند گہری ہونے کا خدشہ اور ٹریفک حادثات کا احتمال ہے لہذا ہر کوئی اپنے اپنے ٹھکانے پر پہنچ جائے۔ خدانخواستہ اگر دھند میں کوئی راستہ بھٹک جائے تو منزل مقصود تک رسائی قسمت سے ہی نصیب ہوتی ہے۔

میرے ڈیپارٹمنٹ کے basement میں تجربات کرنے کیلئے animal houses بنے ہوئے تھے اور میری ریسرچ

لیے بھی ایک مخصوص animal house تھا جہاں میں pigeons، Guinea pigs اور mice پر parasites کے تجربات کیا کرتا۔ سارے کمرے کے فرش پر پرالی بچھائی گئی تھی۔ باہر شدید برف باری ہو رہی ہوتی مگر اندر دھند اور شدید سردی کی وجہ سے اپنے animal house میں گرمی کی وجہ سے وہیں سو جایا کرتا۔ بہر حال اس ضمن میں سردست عرض کر دینا مناسب ہوگا کہ animal house میں رکھے گئے جانوروں پر تجربات کے سلسلے میں R.S.P.C.A (Royal Society for Prevention of Cruelty to Animals) سے اجازت لینا لازمی امر تھا تاکہ جانوروں کو کہیں غیر معمولی اذیت سے دوچار ہونے کا احتمال نہ رہے۔

فرصت کے لمحات میں Union Building میں چلا جاتا جہاں ہر قسم کی سہولیات میسر تھیں۔ Union میں بیشتر ممالک کے سٹوڈنٹس کے لیے سٹوڈنٹس سوسائٹیوں کے علیحدہ علیحدہ کمرے تھے جہاں دفتر سے متعلقہ کام کیا جانا قرار پایا تھا۔ Pakistan Students Society کے لیے بھی ایک کمرہ ہوا کرتا۔ اس موقع پر مشرقی پاکستان کے طلباء نے علیحدہ کمرے کے تقاضہ پر جھگڑا کھڑا کر دیا اور نوبت مشرقی اور مغربی پاکستان کے سٹوڈنٹس کے درمیان ہاتھا پائی تک پہنچ گئی، چنانچہ یونین کے حکام نے متنازعہ فریقین کے تنازعے کیلئے صرف ایک کمرہ دینے کا ہی فیصلہ کیا کہ ایک ملک کیلئے دو کمرے نہیں دیئے جا سکتے۔

جاڑوں کا موسم تھا اور بہت دھند ہو رہی تھی۔ ایک شام میں نے ریڈیو پر اعلان سنا کہ دھند پڑنے کے نمایاں آثار ہیں۔ میں نے اپنی لیبارٹری جو کہ ڈیپارٹمنٹ کی پہلی منزل پر تھی اس کی شیشے والی کھڑکی سے باہر جھانکا تو اندھیرا تو تھا ہی مگر دھند وغیرہ بالکل نہ تھی۔ میں *Cercaria* (ضمیمہ 91) کے Excretorzy system اپنی microscope کی مدد سے slide پر study کر رہا تھا۔ یہ سسٹم چونکہ osmoregulatory ہونے کی وجہ سے صرف زندہ *Cercaria* میں ہی study کیا جا سکتا ہے تو مجھے پتہ ہی نہ چلا کہ وقت کافی گزر چکا ہے۔ میں نے اپنا chester اوڑھا اور scarf کو گلے کے ارد گرد لپیٹا اور اپنا پائپ سلگا کر باہر آیا۔ دھند تو تھی مگر اتنی زیادہ بھی نہیں کہ نظر نہ آ سکے۔ جونہی یونیورسٹی کے مین گیٹ سے باہر نکلا۔ ابھی کیمپس میں ہی تھا کہ یکلخت دھند کا ایسا ریلا وارد ہوا اور غبار چھا گیا کہ مجھے سوائے اپنے وجود کے کچھ نظر نہ آ رہا تھا جبکہ میں نے اپنا سفر جاری رکھا۔ مجھے مین روڈ پر واقع Lloyds Bank کی برانچ تک جانا پڑتا جہاں سے مجھے بس ملنے کا امکان ہوتا۔ Lloyds Bank کے قریب ایک Zebra crossing جس کے دونوں طرف سڑک کے آر پار پیلے رنگ کی lights چھوٹے چھوٹے کھمبوں پر نصب تھیں مگر مجھے کچھ نظر نہ آ رہا تھا۔ سوچا کہیں یونہی نہ لوٹ جاؤں۔ واپس لوٹنے پر چلتا گیا مگر بلڈنگ تو کیا مین گیٹ ہی کہیں نہ پایا۔

کئی چکر مختلف سمتوں میں لگائے لیکن کہیں روشنی یا کوئی شخص اور کار وغیرہ نظر نہ آئی۔ دھند تھی کہ لمحہ بہ لمحہ گہری ہوتی جا رہی تھی۔ اپنی wrist watch سے وقت دیکھنا چاہا کچھ دکھائی نہ دیا۔ اب میرے اعصاب پر گھبراہٹ طاری ہو چکی تھی۔ چلتے چلتے ٹانگیں شل اور زبردست تھکن کا احساس ہونے لگا۔ اندازہ تھا کہ کافی فاصلہ طے کر چکا ہوں۔ ایسے میں مجھے اور تو کچھ نہ سوجھا۔ قرآن پاک کی جتنی آیات ازبر تھیں پڑھنا شروع کر دیں اور اسی طرح ناد علی کا ورد تواتر سے کرنے لگا۔ بار بار ماچس کو جلا کر پائپ سلگاتا۔ بالآخر ایک وقت ایسا بھی آیا کہ ماچس کی چند تیلیاں ہی باقی رہ گئیں۔ اب میں نے بلند آواز سے مدد کیلئے پکارنا شروع کر دیا۔ جیسا کہ مصائب و آلام میں فطرت انسانی ہے وعدے کئے کہ یا اللہ مجھے صرف ایک دفعہ کسی محفوظ جگہ پر پہنچا دے۔ میں فلاں، فلاں بری مذموم حرکات سے توبہ کرتا ہوں اور اجتناب کرونگا۔ ہمت جواب دے گئی سردی کا احساس بھی ختم ہو گیا۔ میں نے اپنی والدہ مرحومہ کو شدت سے یاد کیا۔ اسی اثنا میں چلتے چلتے اچانک ایک دیوار حائل ہوئی۔ میں دیوار کو ٹٹولتا ہوا اس کے ساتھ ساتھ چلنے لگا۔ ابھی تھوڑا فاصلہ ہی چلا تھا کہ یکلخت دیوار ختم ہوئی۔ یہ دیوار دائیں ہاتھ کی جانب تھی۔ دیوار کے سہارے میں اندر داخل ہو گیا۔ تھوڑے فاصلہ پر دیوار دائیں جانب مڑ گئی اور میں بھی چند گز کے فاصلہ پر۔ اسی دیوار پر ایک شیشے کا دروازہ جس کے اندر روشنی تھی۔ عجیب اتفاق ہے یہ تو میرے ہی ڈیپارٹمنٹ کا دروازہ جس سے میں باہر نکلا تھا۔ اپنے trousers کی بائیں جیب سے چابیاں برآمد کیں، تالا کھولا اور جونہی اندر داخل ہوا خود بخود میرے پیچھے دروازہ بند ہو گیا۔ خدا کا شکر کیا کہ زندہ اپنی لیبارٹری تک پہنچ گیا۔ کلائی گھڑی کو دیکھا تو 12:47 کا وقت تھا۔ اپنے cubicle میں داخل ہوا chester اتارا اسی طرح جیکٹ بھی اتار دی۔ پائپ اور ہیٹ ڈیسک پر رکھا پھر

Marfat.com

labcoat پہن کر animal house میں گیا اور فرش پر بچھی ہوئی پرالی پر دراز ہو گیا۔ یہ جگہ خوب گرم تھی۔ بمشکل تھوڑی نیند لی اور اپنے cubicle میں واپس آ کر ریسرچ میں مصروف ہو گیا۔ صبح دم جب janitor آیا تو حیرت زدہ ہو گیا کہ میں اتنی سویرے cubicle میں کام کر رہا ہوں۔ میں نے اپنی داستان الم سنائی تو اس نے کہا:

"You are bloody well out of your mind. Don't you know people get lost in fog and sametimes come to grief."

میرا خیال تھا۔ janitor نے ڈیپارٹمنٹ کے دیگر لوگوں کو میرے واقعے کے متعلق بتایا ہوگا مگر جب میں دس بجے کے قریب کافی روم میں گیا تو کسی نے کوئی سوال نہ کیا۔ ہو سکتا ہے اوروں کو میرے واقعے کا علم ہو تاہم کسی نے پتہ نہ پوچھا۔

اسی ضمن میں دھند کا ایک اور واقعہ پاکستان میں بھی پیش آیا۔ 27 دسمبر 2001 کی شام کو گجرات سے فرنٹ سیٹ پر مسٹر شاہد، Toyota Cressida کار کی پچھلی سیٹ پر بائیں جانب میں اور میرے دائیں ہاتھ کی طرف مسز شاہد گجرات سے شادی میں شرکت کے لیے 115 کلومیٹر کے فاصلے پر لاہور کے لیے روانہ ہوئے۔ ابھی شام نہیں ہوئی تھی تو فضا میں دھند چھا گئی۔ گجرات سے کوئی بیس میل کے فاصلے پر جب وزیر آباد bypass سے دوبارہ جی ٹی روڈ کو join کیا تو اتنی دھند تھی کہ سامنے کوئی چند میٹر تک بھی نظر نہ آ رہا تھا مگر ہم چونکہ شادی میں شرکت کرنے کے لیے مصمم ارادہ کیے ہوئے تھے۔ ہمارے پیچھے بھی کئی اور گاڑیاں اسی طرح ہمارے آگے بھی جو لاہور کی طرف جا رہی تھیں۔ کسی کار والے کو جرات نہ ہوتی کہ اگلی کار والوں کو ایک رستہ دے۔ ایک موقع ایسا آیا کہ ہماری کار سے دوسری کار کی بیک لائیٹ بمشکل نظر آتی۔ اتفاق سے گوجرانوالہ شہر پہنچنے سے پہلے ایک بڑی ویگن نے ہماری کار والوں کو راستہ دیا جس کی پچھلی دھند والی لائٹس تھیں اور اسی روشنی کے سہارے ہمارا ڈرائیور نثار عباس آرام سکون سے گاڑی کو معمولی سپیڈ سے چلاتا رہا کیونکہ ویگن کا ڈرائیور کوئی جلدی میں تھا بدقسمتی سے کالا شاہ کاکو ایک مقام جو کہ لاہور سے تقریباً 30 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے وہاں ویگن بڑی تیز رفتاری سے دوسری کاروں والوں کو ایک طرف کرتی ہوئی نکل گئی اور ہم پھر اسی مصیبت میں گرفتار ہو گئے۔ بعض کار والے کبھی ایک جانب ہٹ کر رستے پھر بھی آہستہ آہستہ کسی کار کے پیچھے لگا لیتے مگر یہ مرحلہ نہایت دشوار اور خطرناک تھا۔ خیر و عافیت سے ہم چیونٹی کی رفتار سے منزل مقصود پر شادی گھر پہنچ ہی گئے۔ ایسا لگ رہا تھا کہ ساری دھند آج ہی پڑ گئی ہے۔

شادی کے پنڈال میں بھی ہر طرف دھند کا چرچا عام تھا۔ کئی لوگ تو لاہور کے ہی رہنے والے دھند کی وجہ سے نہ پہنچ سکے۔ آخر کار بارات میں شرکت کی اور کھانا وغیرہ کھانے کے بعد ہم نے کوئی ایک بجے کے قریب واپس آنے کا فیصلہ کیا۔ ہمارے میزبان نجیب اختر صاحب نے کہا کہ آپ کے بیٹے بھی تھوڑی دیر بعد واپس جا رہے ہیں کیونکہ انہوں نے صبح دفتر جانا ہے تین چار گاڑیاں اکٹھی چلی جائیں تو بہتر ہوگا مگر ان کے بیٹوں کا پروگرام کافی دیر بعد کا تھا لہذا ہم کوئی ایک بجے کے قریب شادی گھر سے واپس گجرات کے لیے روانہ ہوئے۔ ابھی علامہ اقبال ٹاؤن اور یونیورسٹی کی دیوار کے درمیان جو سڑک تھی اس پر پہنچے ہی تھے کہ راستہ بھول گئے کیونکہ دھند کی وجہ سے کچھ بھی دکھائی نہیں دے رہا تھا۔ ایک موٹر سائیکل والا آہستہ رفتار میں ہمارے پاس سے گزرا تو ہم نے اس سے گجرات جانے والی سڑک کے بارے میں پوچھا۔ راستہ تو اس نے بتا دیا تو نثار عباس نے کار کو اسی راستے پر ڈال دیا۔ کافی دیر لاہور کی سڑکوں پر گاڑی دوڑانے کے بعد مسز شاہد نے اچانک ڈرائیور کو گاڑی روکنے کا اشارہ کیا اور مجھ سے مخاطب ہو کر کہا:

''پیر صاحب! یہ جگہ کچھ مانوس سی لگتی ہے۔'' جب بائیں ہاتھ نظر دوڑائی تو ہم چاروں کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں کیونکہ تقریباً آدھا لاہور گھوم پھر کر دوبارہ شادی والے گھر کے سامنے پہنچ گئے۔ گاڑی کے اندر کی لائٹ کو On کیا اور ہم سب ایک دوسرے کو دیکھتے رہے۔ خاموشی کا یہ سلسلہ مسز شاہد نے قہقہہ لگا کر توڑا۔

دوبارہ عازم سفر ہوئے۔ ابھی بات چند منٹ ہی گزرے ہوں گے کہ پھر دھند میں کھو گئے۔ اسی اثنا میں ایک کار والے صاحب سڑک کے پاس گاڑی سے اتر کر کھڑے cellular پر گفتگو کر رہے تھے۔ شاید وہ بھی دھند میں ہی رستہ بھول چکے تھے۔ ہم نے ان سے گجرات کی طرف جانے والے راستے کے بارے میں پوچھا۔ وہ صاحب نہایت تہذیب یافتہ تھے انہوں نے cellular پر بات بند کر دی اور راستہ سمجھانے کی کوشش کی۔

Marfat.com

خدا خدا کرکے ہم راوی پل کے پاس پہنچے تو ایک اور ہماری طرح کا بھولا بھٹکا موٹر سائیکل والا ہم سے آگے نکل گیا۔ ڈرائیور نے اس کا پیچھا شروع کر دیا تا کہ موٹر سائیکل کی غیر معمولی رفتار کے پیچھے جا سکے۔ ڈرائیور موٹر سائیکل والے کا بے سبب رفتاری سے پیچھا کرتا چلا گیا۔ پتہ تب چلا جب ہم غلط راستے پر ریلوے لائنوں کے tracks میں گھس گئے۔ گجرات کی سڑک پتہ نہیں کہاں کی کہاں رہ گئی تھی مگر ہم تنگ آ کر ریلوے لائنوں میں نہایت مایوسی کے عالم میں دوبارہ گاڑی کو back کیا اور اللہ کا نام لیکر تھوڑا سا دور اس کے ساتھ والی سڑک پر گاڑی کو آہستہ آہستہ چلانا شروع کر دیا۔ ہماری خوش قسمتی کہ یہی جی۔ٹی روڈ جو کہ گجرات کی طرف آتی تھی حالانکہ ہم چاروں کا یہ خیال تھا کہ یہ سڑک واپس لاہور کی طرف جا رہی ہے۔ تھوڑے دور ہی گئے ہوں گے کہ ایک کشمیر والوں کی fog لائٹ والی گاڑی بڑی تیز رفتاری سے ہمیں کراس کر گئی اور ہم اس کے پیچھے ہو گئے۔ کچھ فاصلہ طے کرنے کے بعد وہ گاڑی بھی اور کاروں والوں کو نیک کرتی ہوئی ہماری آنکھوں سے اوجھل ہو گئی اور ہم پھر اندھیرے میں ہاتھ مروڑتے رہ گئے لیکن گاڑی کا ڈرائیور تھوڑی رفتار میں چلائے جا رہا تھا۔

دلچسپ واقعہ یہ ہے کہ ایک پچھلی قسم کی ویگن جس کے پیچھے بلی کی ایک ہی سرخ لائٹ لگی ہوئی تھی مگر وہ تیز گاڑی دوڑائے جا رہا تھا۔ اس کے سامنے کاروں کی لائٹ وغیرہ تو شاید نظر ہی نہ آتی ہو اور ہم بھی اس کے پیچھے پیچھے تیز رفتاری سے رواں دواں تھے۔ چونکہ یہ جگنو کا کام دے رہا تھا اس لئے اس کا نام جگنو ہی رکھ دیا۔ جب بھی یہ گاڑی ہم سے تھوڑا اوجھل ہوتی تو ہم شور مچا دیتے کہ (ڈرائیور) جلدی کرو یہ جگنو بڑے کام کا ہے اور یہی ہمیں ہماری منزل پر جلدی پہنچا سکتا ہے۔ تھوڑی دیر بعد وہ ایک جگہ پر رک گیا جب وہ مسافروں کو اتار رہا تھا تو ہم نے اس سے حیرانگی سے سوال کیا ''کمال ہے پیچھے ایک ہی سرخ بتی ہے اور آگے بھی کوئی روشنی نہیں مگر ڈرائیور صاحب اتنے اندھیرے میں راستے کا پتہ کیسے چل رہا ہے اور کس تیز رفتاری سے چلے جا رہے ہو؟''

اس کا جواب تھا ''یہ میرا روزمرہ کا کام ہے اور اس میں ایک راز بھی ہے۔ ہم چاروں کے اصرار پر اس نے بتایا کہ دھند کے وقت بھی روڈ دھند میں گاڑی کی لائٹیں ہمیشہ تھوڑی روشنی کی ہونی چاہئیں۔ مطلب یہ کہ دھند میں لائٹ جتنی کم ہو راستہ اتنا زیادہ نظر آتا ہے۔ اسی وجہ سے میں اتنی شدید دھند کے باوجود اپنے معمول کے مطابق تیز رفتاری سے آ رہا ہوں۔'' یہ تو تھی اس کی فلاسفی اب آپ ہی فیصلہ کریں۔

اس جگہ سے دینہ والے کا سفر بڑا ہولناک تھا جہاں سے گجرات کوئی تقریباً 48 کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ کرتا کیا نہ کرتا ہم نے اپنا سفر جاری رکھا لیکن وہی چیونٹی کی رفتار اور اب ہمیں کوئی جگنو نہ ملا بلکہ ہم ہی سب کو لئے چل رہے تھے۔ لطف کی بات یہ ہے کہ کوئی گاڑی والا جیسے ہی غیر معمولی رفتار سے ہماری گاڑی سے آگے نکلتا تو آگے کچھ نظر نہ آتا تو بیچارہ واپس شرمندہ ہماری گاڑی کے پیچھے ہی لگ جاتا۔ ہم ڈرائیور سے پوچھتے رہے ''تمہیں نیند تو نہیں آ رہی؟'' اس کا یہی جواب تھا کہ جب بھی وہ سفر کرتا ہے تو اسے نیند نہیں آتی مگر جب چناب کے پل پار دے قریب پہنچے تو اس والی نیند آئی کہ کار روڈ سے نیچے دریا کی طرف جا رہی تھی۔ شاہد نے شور مچا دیا کہ کدھر جا رہے ہو؟ رو دو رو، خدا خدا کر کے جان بچی اور پھر دعائیں پڑھتے رہے۔ لاہور سے گجرات آتے ہوئے 115 کلومیٹر کا سفر دھند کی وجہ سے کوئی سات گھنٹے میں طے کیا۔ کیا خیال ہے؟

اخلاقی پستی اور بلندی

نیدرلینڈ کی Mrs Scheuer کے دو ملحقہ مکان، ایک مکان میں وہ خود رہائش پذیر اور دوسرے میں صرف Paying guests رکھتے۔ اسکالروں کی خواہش تھی کہ اس کے پاس رہائش مل جائے کیونکہ نہ ہی آمد و رفت میں کسی قسم کی رکاوٹ اور نہ ہی کسی وقت کی پابندی ہوا کرتی۔ میں نے یونیورسٹی کے متعلقہ آفیسر سے بات کی تو اس کی وساطت سے Mrs Scheuer نے سنگل روم دے دیا۔ سنگل روم کا کرایہ قدرے زیادہ محسوس ہوا۔ چار پونڈ اور پندرہ شلنگ فقط ایک ہفتہ کی رہائش کے لئے جس میں کھانا وغیرہ شامل نہیں تھا۔ یہ روایتی کرایہ سے کچھ زیادہ تھا تاہم میں نے آزادی کے پیش نظر قبول کر لیا۔

مجھے دوسرے رہائشی کرایہ داروں نے بتایا کہ یہ بوڑھیا Jew ہے۔ اکثر اوقات ایسا ہوا کہ اگر کوئی گرم پانی سے نہا رہا ہے تو وہ گرم پانی کا گیس بند کر دیا کرتی۔ مجھے ایسی کوئی شکایت کا امکان نہ تھا کیونکہ میں تو یونین میں ہی نہایا کرتا۔

Marfat.com

جنوری 1956 کے پہلے ہفتے برمنگھم میں سخت سردی اور برف باری ہوئی۔ ایسے موسم میں ہر روز نہانے کا فیصلہ کیا میں چونکہ اپنی عادت کے زیر اثر ہر حالت میں ضرور نہایا کرتا اور وہ بھی صبح دم۔ انگریز لوگ تو اس زمانے میں شاید مہینے میں فقط ایک مرتبہ نہاتے ہوں گے جبکہ گھروں میں نہانے کی سہولیات میسر نہ تھیں۔ قریباً ساڑھے سات بجے کے وقت حسب معمول باتھ روم گیا اور مزے لے لے کر گرم پانی سے لطف اندوز ہونے لگا۔ یکلخت گرم پانی بند ہو گیا میں نے صابن خوب لگایا ہوا تھا۔ بڑی چیخ و پکار کی مگر کوئی شنوائی نہ ہوئی۔ بمشکل تھوڑے سے یخ بستہ پانی سے صابن اتارا اور تولیے سے رگڑ رگڑ کر جسم خشک کیا۔ میرا خیال ہے میں نے ضرورت سے زیادہ گرم پانی کا استعمال کیا ہو گا اور landlady نے پانی بند کر کے فریضہ ادا کیا تا کہ بجلی کا بل زیادہ نہ آئے۔ بہرحال کمرے میں آ کر electric shaver سے شیو بنائی اور landlady کو کوستے ہوئے کالج کی تیاری کی۔

گھر سے باہر برف باری میں بس پکڑنے کے لئے نکل کھڑا ہوا۔ مجھے دو بسیں بدلنا پڑتی تھیں۔ ایک بس کا سٹاپ میرے گھر کے قریب اور دوسرا کوئی دس منٹ کے بعد، جہاں بس سے اتر کر کوئی بیس میٹر کے فاصلے پر دوسری بس کے سٹاپ پہنچ جاتا تھا۔ یہاں کوئی بیس منٹ کے بعد Queen Elizabeth Hospital کے سٹاپ پر جا اترتا جہاں مجھے وہاں سے [illegible] ایک فرلانگ کا فاصلہ پیدل چلنا پڑتا اور یونیورسٹی کیمپس میں ساتھ والے گیٹ میں داخل ہو جایا کرتا۔ سخت سردی اور برف باری متواتر ہو رہی تھی مگر میں تو چل سو چل رواں دواں۔ قارئین کی اطلاع کے لئے عرض کروں کہ ایسے موسم میں بس سٹاپ پر ایک طرف کھڑے ہوں [illegible] ہوں تو دوسری طرف رخ کرنے کے دوران برف کے ذرات [illegible] کانوں میں داخل ہو جاتے ہیں۔

خیر جوں توں کر کے میں اپنے cubicle میں پہنچ گیا مگر طبیعت کا کام پر آمادہ نہ ہونا [illegible] چونکہ گرم پانی بند ہونے سے غسل نہ کرنے اور برف باری میں پیدل چلنے کے عوامل نے مجھے مضمحل کر دیا۔ قریباً دس بجے کافی کا ٹائم ہوا تو میں ڈیپارٹمنٹ کے کافی روم میں چلا گیا۔ میرے سپروائزر نے پوچھا "مسٹر نسیم کیا بات ہے؟ آج تمہارا چہرہ کچھ اضمحلال کے زیر اثر نظر آ رہا ہے۔"

"ہاں اس یہودی landlady نے میرے نہانے کے دوران گرم پانی بند کر دیا۔ سنا تھا Shylock (ضمیمہ 92) کا معاملہ غلط ہے مگر اس کی اس کمینی حرکت نے سچ ثابت کر دکھایا۔ بڑی کنجوس تھی اللہ تعالیٰ نے اسی لئے یہودیوں سے [illegible] در بدر کی ٹھوکریں کھانے کی سزا دی تھی۔"

پھر کیا تھا ایک سناٹا سا طاری ہو گیا۔ Prof Lowenstein میرے ایک سرے سے اپنی مخصوص کرسی پر بیٹھے [illegible] (ضمیمہ 93) اور میں کافی کے بعد اپنے cubicle میں واپس لوٹ آیا تو تھوڑی دیر بعد کسی نے میرے دروازے پر دستک دی۔ میں نے اندر آنے کو کہا دیکھتا کیا ہوں کہ پروفیسر کی سیکرٹری Jackie (Jacqueline) کھڑی ہے۔

"مسٹر نسیم! شاید تمہیں علم نہیں پروفیسر بھی یہودی ہے۔ تم نے بڑی بری حرکت کی۔"

یہ سنتے ہی میرے اوسان خطا ہو گئے۔ مجھے فوراً متنبہ ہوا کہ اب Ph. D کی ڈگری کا حصول ناممکن ہو گیا ہے۔ [illegible] حال اسی ادھیڑ بن میں میں lunch کے وقت اپنے دیگر دوستوں ڈاکٹر خورشید احمد بھٹی (بعد میں لاہور P C S I R کے ڈائریکٹر) ڈاکٹر ریاض علی شاہ (P.C.S.I.R پشاور کے ڈائریکٹر) اور ڈاکٹر صدیقی (ٹنڈو جام agriculture کے محکمے میں اعلیٰ عہدے سے سرفراز ہوئے) سے یہ واقعہ بیان کیا۔ ان تمام دوستوں نے آگاہ کیا اور بیک زبان مشورہ دیا "یہ انگلینڈ ہے یہاں کے پروفیسروں اور پاکستان کے پروفیسروں میں بڑا فرق ہے۔ کچھ نہیں ہو گا اور ہاں معافی کے خواستگار ہونے کی کوشش نہ کرنا کیونکہ تم نے تو کوئی ایسا جرم کیا ہی نہیں لہذا معافی چہ معنی دارد جبکہ محض اپنی تکلیف کا اظہار کیا۔" لیکن میں اندر سے ڈانواں ڈول اور متعدد وسوسوں کے حصار میں تھا۔

lunch سے واپس لیبارٹری میں پہنچا لیکن میں جی نہیں لگ رہا تھا۔ سہ پہر کو کافی کے وقت کافی روم جانے سے [illegible] گیا۔ البتہ چار بجے سہ پہر کے قریب جبکہ کافی کا وقت گزر چکا تھا۔ Jackie میرے کمرے میں دوبارہ آئی اور ہنستے ہوئے کہنے لگی

"پروفیسر اپنے کمرے میں تمہارا انتظار کر رہا ہے۔"

میرے پاؤں تلے سے زمین کھسک گئی۔ ناچار میں corridor سے ہوتا ہوا دل کا [illegible] خدشات میں گھرا اس کے دفتر [illegible]

Marfat.com

دروازے تک پہنچا اور دستک دینے کے ساتھ ہی جیسے اندر گیا دروازے کے پاس ہی کھڑا ہوا پروفیسر نے دروازہ دیکھتے ہوئے کھولا۔ مجھے کرسی پیش کی اور اپنی کرسی سنبھالتے ہوئے کہنے لگا: "مسٹر نصیر بڑی حیران کن بات ہے آج دوپہر کافی روم میں نہیں آئے!"

"Sir، میں اپنے کئے پر بہت شرمندہ ہوں مجھے علم نہیں تھا آپ بھی یہودی ہیں۔"

خندہ پیشانی سے جواب دیا: "اگر میں تمہاری جگہ پر ہوتا تو میں بھی ویسے ہی landlady کی شکایت کرتا۔ خفت اٹھانے کی ضرورت نہیں۔"

میں نے اس کا شکریہ ادا کیا اور کمرے سے باہر نکلا تو Jackie کھڑی تھی۔ مسکراتے ہوئے کہنے لگی: "مجھے علم تھا پروفیسر نے تمہیں اسی لئے بلایا ہوگا۔"

اگر اس قسم کی صورت حال پاکستان میں ہوئی ہوتی تو پروفیسر میری خوب درگت بناتا جبکہ اس غیر مسلم پروفیسر کے رویہ اور شفقت کا یہ حال کہ شریف زادوں والا character تھا۔

یہ انسانی روح اور Mrs Scheuer کی سی اخلاقی پستی!

راقم کے ماموں جناب حکیم محمد رشید الدولہ جیسی شفیق، درویش منش ہستی جن کے دست شفقت نے ذرے کو آفتاب بنایا کہ جن کے زیر سایہ پرورش اور تعلیم و تربیت نصیب ہوئی۔ مجھے ہر ماہ چالیس پاؤنڈ کچھ اس انداز سے بینک ڈرافٹ کے ذریعہ مرحمت فرماتے کہ یہ ڈرافٹ میرے یونیورسٹی کے پتہ پر پہنچ جاتا۔ وہ اس طرح کہ تمام ڈاک ڈیپارٹمنٹ کی سیکرٹری Jaqueline کے آفس میں تقسیم ہوتی تو وہ ڈیپارٹمنٹ کے corridor میں cubicles کے دروازوں پر دستک دیکر "Mail please" اور متعلقہ میل پہنچاتی مگر ان [illegible] جو حاضر ہوتے مل جاتی اگر کوئی غیر حاضر ہوتا تو اس کی میل اندر ٹیبل پر رکھ دیتی۔ میرے جیسا جلد باز اکثر خود ہی اس کے آفس میں جا کر اپنی میل وصول کر لیتا۔

ایک رات میں نے بی بی سی ریڈیو کی وساطت سے سنا کہ پاکستان کے بنکوں میں ہڑتال ہوئی ہے۔ Christmas کی چھٹیوں کے بعد یونیورسٹی کھلی تھی۔ شدید سردی، برفباری اور یخ بستہ ہواؤں نے گھیراؤ کیا ہوا تھا۔ یونیورسٹی پھر یکم جنوری یعنی نئے سال کے دن سے بند ہوگئی مگر میں اپنی ریسرچ کے لئے یونیورسٹی چلا گیا۔ دوسرے دن میں اپنے ڈرافٹ کے لئے سیکرٹری کے آفس میں گیا تو میرے دو خطوط موجود تھے۔ ایک امی جان کی طرف سے اور دوسرا خط بڑی بہن کی طرف سے مگر جو ڈرافٹ مجھے پاکستان سے متوقع تھا وہ نہ آیا۔ یہ ایک غیر معمولی صورت حال تھی کیونکہ ہمیشہ مجھے حسب معمول ہر ماہ کی یکم تاریخ کو ڈرافٹ مل جایا کرتا۔ جوں جوں دن گزرتے رہے میری پریشانی فزوں تر ہوتی چلی گئی۔ کافی کے وقت پر مجھ سے اکثر Prof. Lowenstein پوچھتا کہ میں پریشان کیوں ہوں؟ میں نے اسے بتایا کہ پاکستان کے بنکوں میں ہڑتال کی وجہ سے شاید مجھے ڈرافٹ موصول نہیں ہوا۔ پروفیسر نے کہا کہ میں نے بھی ریڈیو پر سنا تھا مگر حیرت ہے بنکوں میں بھی ہڑتال ہو جاتی ہے!

مجھے خوب یاد ہے کہ جنوری کی تیرہ تاریخ تھی اور میں پچھلے پہر معمول سے پہلے ہی کوئی تین بجے اپنی رہائش گاہ Montaigue Road پر واپس لوٹا۔ اپنے کمرے میں gas heater آن کر کے بیٹھا ہی تھا تو landlady نے بتایا: "باہر کوئی تمہاری ملاقات کو آیا ہے کیا اسے تمہارے پاس بھیج دوں؟"

"نہیں! میں خود ہی جا کر دیکھتا ہوں۔"

میری حیرت کی حد نہ رہی کہ Prof. Lowenstein خلاف توقع باہر کھڑا تھا اور مسکراتے ہوئے مجھے میرا پاکستان سے آیا ہوا لفافہ دیا اور کہنے لگا: "Mr. Nasir شاید اس میں تمہارا ڈرافٹ ہو جس کے لئے تم کھوئے کھوئے سے رہتے تھے۔"

میں نے اسے اندر آنے کی دعوت دی مگر وہ "Best of luck" کہہ کر اپنی کار میں بیٹھ کر چلا گیا۔ میں نے خط کھولا تو اس میں تاخیر شدہ ڈرافٹ اور محترم ماموں جان (حکیم صاحب) کا خط تھا۔ ڈرافٹ میں تاخیر کی وجوہات درج تھیں اور میری توقع کے عین مطابق پاکستان کے بنکوں میں ہڑتال وجہ تھی۔

ہوا یوں کہ پروفیسر یونیورسٹی سے گھر لوٹنے سے پہلے حسب عادت جب Jackie کے آفس میں گیا تو Jackie نے اس

Marfat.com

کو بتایا کہ یہ مسز نسیم کا پاکستان سے آمدہ خط ہے۔ شاید اس میں دریافت ہو جس پر بیٹے وہ پریشان تھا۔
یہ تھا Prof. Lowenstein کے کردار کا ایک اور پہلو!

چہل قدمی

Sallywick، برمنگھم، landlady کے ہاں رہائش کے دوران ایک "Indian summer" کے دن morning gown زیب تن کیے، ٹوتھ برش استعمال کرتے ہوئے جیسے پاکستان میں معمول ہے، مکان سے باہر چہل قدمی کر رہا تھا۔ کوئی کار ادھر سے گزرے، کوئی ادھر سے میرے قریب آئے تو ہارن بجا جائے۔ بعض کار والے میرے قریب آ کر مسکراتے، ہاتھ ہلاتے اور اپنی راہ لیتے۔ بہر حال مجھے سمجھ نہ آئی کہ آخر یہ سب کیا ہو رہا ہے۔ تھوڑی دیر بعد ایک bobby (ضمیمہ 94) میرے قریب آ کر کھڑا ہو گیا اور کہا:

"Good morning sir, indecent exposure". آپ گزرنے والوں کی توجہ اپنی طرف مبذول کروا رہے ہیں جو ایکسیڈنٹ کا موجب بن سکتی ہے۔" علاوہ ازیں جیسا کہ پہلے عرض کیا ہے Not properly dressed "up"۔ تب ساری صورت حال واضح ہوئی کہ مجھے بغیر dressed up ہوئے باہر نکلنے سے گریز کرنا چاہیے تھا۔ انگلینڈ کے مقامی باشندوں کے نظم و ضبط کی داد دینی پڑتی ہے۔

Flu

Edgbaston، برمنگھم میں landlady کے ہاں رہ رہا تھا۔ 1957 کی بات ہے جب Asian flu کی وبا پھیلی اور مجھے بھی اس موذی مرض نے آ لیا۔ سخت بخار میں مبتلا ہو گیا۔ landlady نے یونیورسٹی کے ڈاکٹر کو ٹیلیفون کیا۔ تھوڑی دیر بعد ڈاکٹر اپنی ذاتی کار میں میری رہائش پر پہنچ گیا۔ فوراً مجھے infirmary، چھوٹی قسم کا ہسپتال، میں داخل ہونے کی ہدایت کی۔ میں نے سوچا شاید وہ ایمبولینس کو بلائے گا مگر وہ مجھے اپنی ہی کار میں یونیورسٹی کیمپس کی قریبی infirmary میں لے گیا۔ نرسوں نے مجھے دوسرے مریضوں کا مخصوص لباس پہنا کر بستر پر لٹا دیا۔ یاد رہے کہ میں ان مریضوں میں سے ہوں جو معمولی تکلیف سے بھی گھبرا جاتے ہیں، واویلا اور ہائے مر گیا کی گردان میں مصروف ہو گیا۔ ڈاکٹر نے میرا temperature لیا، نبض دیکھی اور نرس کو [illegible] پانی کے ٹب میں ڈال دیا جائے۔ میرا یہ سننا تھا کہ میں نے خوف سے گھبرا کر دیا اور چیخ چیخ کر کہنے لگا: "ڈاکٹر صاحب میں مر جاؤں گا، مجھے نمونیہ ہو جائے گا۔" جب بار بار نمونیہ کا حوالہ دیا تو ڈاکٹر کی سمجھ میں نہ آیا تو پھر میں نے ہاتھوں سے اشارہ کیا کہ نمونیہ سے [illegible] میری موت واقع ہو جائے گی۔ میرے اشاروں سے بات اس کی سمجھ میں آ گئی اور ہنس کر کہا:

"Oh, meningitis" جس کا flu سے کوئی تعلق نہیں؟" اور نرس وہ ہی بروقت مجھے اٹھا کر ٹب میں لے جانے لگی تو میں نے ہاتھ پاؤں مارنے شروع کر دیے۔ لہٰذا ڈاکٹر نے male nurse کو بلایا اور تینوں نے مجھے ہاتھ پاؤں سے پکڑ کر ٹھنڈے پانی کے ٹب میں ڈال دیا جو صرف میرے کندھوں تک پانی سے بھرا تھا۔ کوئی دس منٹ کے بعد نرس نے مجھے ٹب سے نکالا۔ میرے بخار کی شدت میں کمی آ گئی۔ اس کے بعد بستر پر لٹا کر ایک کمبل مجھ پر اوڑھا دیا۔ تھوڑی دیر بعد واقعی میرا بخار کم ہو گیا۔

مجھے کوئی ایک ہفتہ infirmary میں رہنا پڑا۔ یونیورسٹی میں بہت سے طلبا اور اساتذہ بیمار ہو گئے تھے۔ Asian flu سے بہت سی اموات واقع ہو چکی تھیں۔ خاص طور پر بوڑھے اور سانس کی بیماریوں میں مبتلا مریض!

پاکستان میں اور تقسیم ہند سے قبل میں نے سن رکھا تھا کہ بخار کی حالت میں اگر ٹھنڈے پانی سے واسطہ پڑ جائے تو نمونیہ کا خدشہ ہوتا ہے جو مہلک ثابت ہوتا ہے۔ بعد میں مجھے سمجھ آیا کہ زیادہ تیز بخار کا یہی علاج ہے جو یہاں کیا گیا۔ چھوٹے بچوں کے معاملے میں سر پر ٹھنڈے پانی کی پٹیاں رکھی جاتی ہیں۔

Marfat.com

محرم اور لینڈ لیڈی کی بیہوشی!

میرے قریبی دوست نوروز خان اور میں ایک شام British Council گئے تو lounge تقریباً خالی تھا۔ ہیٹر کے قریب ایک خوبصورت نوجوان، چھوٹی چھوٹی تراشیدہ مونچھیں، سر پر معمولی خمیدہ پن اور انگلیوں میں طلائی انگشتریاں پہنے نہایت مغموم بیٹھا ہوا تھا۔ میں نے آہستہ سے نوروز خان سے کہا: "یہاں پر اس سے پہلے کوئی اس جیسا غمزدہ آدمی نہیں دیکھا اگر کوئی غم کا مارا ہے بھی تو غم کا اظہار نہیں کر پاتا۔ یہ یہاں غم کا علاج ہے پھر یہ آخر کیوں اداس بیٹھا ہے؟ چلو اس سے اداسی کی وجہ پوچھیں یقیناً یہ بھی پاکستانی ہے۔"
میں نے سلام کے بعد معذرت سے پوچھا: "اخلاقی لحاظ سے آپ کے ذاتی معاملات میں دخل دینے کے مجاز نہیں مگر [illegible] آپ کا دکھ کیا ہے نہیں جانتا شاید میں آپ کے دکھ کا مداوا کر سکوں۔"
وہ شخص جو [illegible] اس نے بغیر کسی ہچکچاہٹ کے جواب دیا: "مجھے کوئی مالی پریشانی نہیں۔ میں مسلمانوں کے شیعہ فرقے سے تعلق رکھتا ہوں اور میرا غم مذہبی نوعیت کا ہے شاید تمہارے پاس اس کا حل ہو۔ گذشتہ کل سے محرم کا چاند نکل آیا ہے اور میرے [illegible] بہت بڑا دینی مذہبی فریضہ ہے۔" (ضمیمہ 95)
"آپ فکر مند نہ ہوں میرا تعلق بھی فقہ جعفریہ سے ہی ہے۔ آئیں ہم دونوں امام عالی مقام کے ذکر خیر کی سعادت حاصل کریں۔"
"میری landlady انتہائی [illegible] واقع ہوئی ہے میرے ہاں تو ناممکن ہے۔" اس نے بتایا۔
"فکر مندی کی کوئی بات نہیں میرے کمرے میں مجلس عزا کا انعقاد ہو سکتا ہے۔"
اس نے میری رائے سے اتفاق کیا لہٰذا ہم دونوں British Council سے نکل کر میرے گھر کے راستے پر گامزن ہوئے۔ نوروز خان کی Bermuda کی رہنے والی ایک لڑکی سے "date" تھی لہٰذا وہ British Council میں ہی رک گئے۔ راستے میں میں نے انہیں بتایا کہ مجھے چونکہ اس ضمن میں بیان کرنا نہیں آتا تاہم سماعت اور ماتم کر سکتا ہوں۔
"میں اپنے آبائی شہر ملتان میں بھی مجلس اور نوحہ خوانی کیا کرتا اور میرا تعلق گردیزی خاندان سے ہے۔" اس نے آگاہ کیا۔
چلتے چلتے میں نے [illegible] خریدے۔ میرے کمرے میں پہنچ کر اس نے منبر کی بجائے ایک کرسی سنبھال لی اور میں نے قالین پر اس کے سامنے جگہ سنبھال لی۔ اس نے پہلے فضائل پھر مصائب بیان کئے۔ اسی دوران میں صلوات کا ورد بلند کرتا رہا۔ مصائب کے بعد ہم نے قمیصیں اتار دیں اور باقاعدہ نوحہ خوانی کے ساتھ ساتھ ماتم کناں ہو گئے۔ [illegible] میں نے بھی نوحہ پڑھا جو کچھ یوں تھا:

"افسوس نبی زادیوں کا شام میں جانا
سجاد سے پوچھو
چھپتی تھی نبی زادی نبی زادی کے پیچھے کس شرم و حیا سے
اور شمر کا ان بیبیوں کے نام بتانا
سجاد سے پوچھو
"

--- --- --- --- --- ---

ہم پر اب رقت کا عالم طاری تھا یہ بھول ہی گئے کہ ہم کتنے زور شور سے ماتم کر رہے ہیں۔ حتیٰ کہ ہمارے ماتم کے شور سے [illegible] Mrs. Atkinson نے ہمارا دروازہ کھٹکھٹانا شروع کر دیا۔ پیشتر اس کے کہ ہم دروازہ کھولتے اس نے زور دار جھٹکے سے دروازہ کھول دیا اور ہمیں ننگی چھاتیوں پر زوردار پیٹتے دیکھ کر صدمہ سے بیہوش ہو کر فرش پر آن گری۔ landlady کے گرنے پر ہمیں بھی ہوش آ گیا۔ اس کو سنبھالنے کی غرض سے آگے بڑھے مگر وقتی طور پر قمیض پہننا بھول گئے جبکہ ہماری چھاتیاں [illegible] رنگ ہو رہی تھیں۔ landlady کو ذرا ہوش آیا مگر ہماری خون رنگ چھاتیوں کو دیکھ کر بیٹی Julie کو آواز دی "پولیس" اور [illegible] صاحبہ دوبارہ بیہوش ہو گئیں۔ ہمیں پھر بھی قمیض پہننے کا ادراک نہ ہوا۔ تھوڑی دیر بعد پولیس کی گاڑی روایتی انداز میں ہارن دیتی پہنچ گئی۔ آتے

Marfat.com

نے سب سے پہلے ایمبولینس کا بندوبست کیا اور landlady کو ہسپتال پہنچایا۔

پولیس ہم سے مخاطب ہوئی اور ہم نے صورت حال سے متعلق آگاہ کیا کہ ہم لوگ اپنے مذہبی فریضہ کی ادائیگی میں مصروف تھے ہمیں اس غیر معمولی حالت میں دیکھ کر landlady نے تاب نہ لا کر ہوش کھو دیئے اور بے ہوش ہو گئیں۔

پولیس آفیسر کی عقلمندی فراست اور فرض شناسی ملاحظہ ہو کہ اس نے مذہب کے حوالے سے جان کر ہم سے تو کوئی جرح یا باز پرس نہ کی بلکہ نصیحت کرنے پر ہی اکتفا کیا اور کہا ''ہم لوگ ان رسومات سے واقف نہیں اگر آپ کے لیے اپنی رسومات کی ادائیگی لازمی امر ہے تو آپ علیحدہ اور خاموشی سے کریں۔''

مجھے احساس تھا کہ اب اس گھر سے کوچ کرنا ہی پڑے گا چنانچہ میں نے دوسرے روز ہی کمرے کا ایک اور جگہ بندوبست کر لیا جہاں میں نے تین دن کے اندر شفٹ کرنا تھا۔ بہر حال دوسرے دن landlady ہسپتال سے واپس آ گئیں اور میں نے ان سے سمجھانے اور معذرت کرنے کی کوشش کی مگر وہ یہی کہتی رہی کہ ''یہ Vodoo کی رسومات نہایت خطرناک ہوتی ہیں یہاں تک کہ انسانوں کی قربانی سے بھی دریغ نہیں کیا جاتا۔ Haiti کا Papa Doc بھی Vodoo کا پجاری ہوا کرتا تھا۔''

میں نے اسے دوبارہ سمجھانے کی کوشش کی اور بتایا کہ ہم پاکستانی باشندے ہیں ہمارا اس سے کوئی تعلق واسطہ نہیں مگر اس نے میری ایک نہ سنی اور مجھے گھر چھوڑنے کو کہتی رہی جس کا بندوبست میں نے پہلے ہی کر رکھا تھا۔

Vodoo کی رسومات افریقہ اور Caribbean علاقہ میں ہوتی ہیں۔ Haiti مغربی دنیا میں غریب ترین ممالک میں سے ہے۔ اس ملک کا ایک پریذیڈنٹ Francois "Papa Doc" Duvalier تھا۔ 1950 سے 1986 تک تمام سیاسی اقتدار Duvalier خاندان میں رہا۔ 1957 میں Duvalier کے پریذیڈنٹ منتخب ہونے کے بعد اس نے ایک پرائیویٹ فوجی طاقت کو منظم کیا جس کا نام Ton Ton Macoutes تھا جنہوں نے مخالفین کو دبا دیا اور وہ زندگی بھر کے لیے پریذیڈنٹ منتخب ہو گیا۔ Duvalier کی موت 1971 میں ہوئی اور حکومت کی باگ دوڑ اس کے بیٹے Jean-Claude ("Baby Doc") Duvalier نے سنبھالی۔ 1986 میں ملک کی اقتصادی حالت تباہ ہونے کی وجہ سے گورنمنٹ کے خلاف مظاہرین نے Jean-Claude کو جلاوطن ہونے پر مجبور کر دیا۔ یاد رہے کہ وہ 19 سال کی عمر میں دنیا کا سب سے کم عمر پریذیڈنٹ تھا۔ 1980 میں Baby Doc کی شادی Michele Bennett سے ہوئی۔ دونوں میاں بیوی 1986 کے بعد سے جلاوطنی کی زندگی گزارنے کے لیے فرانس روانہ ہو گئے۔

کیا پولیس اسٹیشن ایسے بھی ہوتے ہیں؟

ایک دفعہ نوروز خان اور میں برمنگھم میں Three Castles Pub میں Caribbeans اور Africans کی پارٹی میں پہنچے۔ رات گئے جب pub کا وقت ختم ہوا (ضمیمہ 96) تو دونوں تھوڑے جھومتے ہوئے باہر نکل رہے تھے۔ دونوں کے درمیان بات چیت شروع ہوئی کہ میری کار تو سڑک کی دوسری طرف ہے جبکہ نوروز خان جتا رہا تھا کہ اس کی کار اس طرف کھڑی ہے۔ حالانکہ دونوں کاریں ایک ہی جانب تھیں۔ دونوں نے اچھا خاصا ہنگامہ برپا کر دیا۔ اسی اثناء میں ایک پولیس کار آ رکی اور ہم دونوں کو پولیس اسٹیشن لے گئی مگر اس سے پہلے bobby نے پوچھا کہ معاملہ کیا ہے؟ نوروز خان نے وہی رٹ جاری رکھی کہ Jerry (راقم) کا دماغ خراب ہو گیا ہے اور یہ سڑک کے جنوبی جانب اپنی کار کو کھڑے ہونے والی جگہ سمجھتا ہے۔

رات پولیس اسٹیشن میں گزارنا پڑی۔ صبح بیدار ہونے پر میں نے دیکھا کہ ایک دیوار پر پولیس کی وردیاں اور helmets آویزاں ہیں۔ تب مجھے احساس ہوا کہ ہم پولیس اسٹیشن میں ہیں۔ دوسری طرف کروٹ بدلتے پر دیکھا تو نوروز خان خراٹے لے رہا تھا۔ قریب آٹھ بجے ایک bobby آیا اور کہا:

"Good morning Sir, did you sleep well. What would you like for your breakfast ?"

"میں تو ایک انڈہ ساڑھے تین منٹ بوائل، ایک سادہ ٹوسٹ اور بلیک کافی ناشتہ میں استعمال کرتا ہوں۔"

"اور تمہارا دوست؟" bobby نے سوال کیا۔

اسی اثنا میں نورزمان کی آنکھ کھل گئی اور bobby اس سے مخاطب ہوا۔

"میرے لیے تو marmalade ٹوسٹ مکھن، کافی دودھ اور چینی کے ساتھ۔"

bobby مسکراتا ہوا چلا گیا۔ دونوں نے منہ ہاتھ دھویا اور تیار ہو گئے مگر گھبرائے ہوئے تھے کہ ہنگامہ آرائی کی پاداش میں زیر حراست نہ کر دیں۔ تھوڑی دیر بعد ایک دوسرے کمرے میں جہاں ایک لمبا ٹیبل اور کرسیاں تھیں۔ bobby نے ناشتہ لا کر ٹیبل پر رکھ دیا۔ ناشتہ کرنے کے بعد bobby سے پوچھا کہ کیا ہم جا سکتے ہیں؟

"No. Sir تھوڑی دیر میں سارجنٹ آئے گا تو وہی آپ لوگوں سے بات کرے گا۔"

پولیس سٹیشن کا جو دروازہ باہر کھلتا، اس سے پہلے بائیں ہاتھ کی طرف ایک لکڑی کا لمبا تختہ فرش میں تراشیدہ لکڑی کی چارپائی کے پایوں جیسی ساخت سے کھڑا ہوا تھا۔ تختے کے ایک سرے پر کوئی دو فٹ لمبا ایک اور تختہ اوپر کو کھل جاتا اور اندر یا باہر آمدورفت کے بعد اپنی جگہ پر آن بیٹھتا۔ مستحکم تختے کے پیچھے لکڑی کا میز جس پر کاغذات اور ٹیلیفون اور ساتھ ہی دو کرسیاں رکھ دی گئی تھیں۔

ہم دونوں breakfast والے کمرے ہی میں تھے کہ باہر کا دروازہ کھلنے اور بند ہونے کا کھٹکا ہوا۔ bobby مستعدی سے "Excuse Me" کہہ کر دروازے کی طرف گیا۔ تھوڑی دیر بعد پھر لوٹا اور کہا:

"Sergeant would like to have a word with you. Sir"

ہم دونوں کمرے سے باہر آئے اور تختے کے ساتھ کھڑے ہو گئے۔ sergeant جو کہ ان دو کرسیوں میں سے دائیں ہاتھ والی کرسی پر بیٹھا ہوا تھا کھڑا ہوا اور ہمارے پہنچنے سے پہلے کہا:

"Good morning. did you have breakfast ?"

"Yes Sir." نورزمان نے جواب دیا اور پوچھا:

"کیا ہم جا سکتے ہیں؟"

"جا سکتے ہیں مگر ابھی نہیں۔" اس نے چند کاغذات دیکھتے ہوئے کہا جو یقیناً ہماری رپورٹ ہوگی۔

"آپ لوگ رات واقعی حالت میں نہ تھے، کچھ بھی ہو سکتا تھا۔ آپ کے نام کیا ہیں؟" اس نے نورزمان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے پوچھا۔

"Sir نورزمان!"

"اور آپ کا؟" اس نے میری طرف اشارہ کیا۔

"Sir [illegible]"

sergeant نے بڑے غور سے اس کی طرف دیکھا اور پھر سوال کیا، "آپ کیا کرتے ہیں اور رہتے کہاں ہیں؟"

"Business Administration میں داخلہ لے رکھا ہے۔" نورزمان کہنے لگا اور اپنا پتہ بھی دے دیا۔

پھر وہی سوال مجھ سے کیا اور میں نے کہا کہ برمنگھم یونیورسٹی میں Ph. D. کی ڈگری کیلئے ریسرچ کر رہا ہوں اور اپنا پتہ بھی درج کروا دیا۔

"Very good."

معلوم یہ ہوتا تھا کہ sergeant یہ سب کچھ کسی کاغذ پر نوٹ نہ کر رہا تھا۔ کہنے لگا "رات کو ہم نے آپ لوگوں کی جیب کی تلاشی لی تو کوئی رقم اور نہ ہی Identification وغیرہ ملی۔ آئندہ ایسی حرکت نہ کرنا اب آپ لوگ جا سکتے ہیں۔" تین تین شلنگ اس نے bobby سے کرایہ دینے کیلئے کہا۔

ہم سوچ رہے تھے کہ اگر یہ واقعہ پاکستان میں یا ہندوستان میں ہوتا تو چھترول کے علاوہ بھی بہت کچھ ہو سکتا تھا۔

Marfat.com

Sowing or sewing machine

انگلینڈ کے کسی pub میں باقاعدگی سے جائیں تو خاص قسم کے mug موجود پائیں گے جو tankard کے نام سے موسوم ہیں۔ اس mug کا ہینڈل لکڑی کا، اور بقیہ حصہ silver یا pewter کا، اور اس پر باقاعدگی سے پینے والے کا نام کندہ ہوتا ہے۔ یہ tankards ایک rod میں پرو دیے جاتے ہیں۔ جب beer پینے چلے جائیں تو barman مخصوص نام کے tankard میں beer پیش کرے گا۔ بعینہٖ ہمارے پسندیدہ pub جس کا نام King's Corner، جہاں نورزمان اور راقم کے tankards موجود تھے۔ جب انگلینڈ چھوڑنے لگے تو یادگار کے طور پر اپنے نام کے tankards حاصل کرنے چاہے مگر ایسا نہ ہو سکا۔

نورزمان ٹیبل ٹینس میں کافی مہارت رکھتا اور مذکورہ pub میں ٹیبل ٹینس کھیلنے کی سہولت موجود تھی۔ ایک انگریز بچہ بنام Richard بھی ٹیبل ٹینس کا شوقین تھا۔ جب ہم مذکورہ pub جاتے تو barman ہمارے مخصوص tankards میں beer پیش کرتا۔ Richard اس اعزاز سے بےحد متاثر ہوتا اور اس سے نورزمان کی ٹیبل ٹینس میں مہارت کی وجہ سے دوستی ہو گئی۔ نورزمان قابل رشک فن کی وجہ سے اس قدر مقبول اور دلپذیر واقع ہوا کہ لڑکے لڑکیاں دوستی کا ہاتھ بڑھانے میں پیش پیش رہتے اور خواہش کرتے۔ میرے پاس تو وقت کم ہوتا البتہ نورزمان کے پاس وقت ہی وقت تھا۔ اس کی کلاسیں ہفتہ میں صرف چند راتوں تک محدود تھیں۔ Richard کے پاس فارغ وقت بہت کم ہوتا کیونکہ اسے ہر روز سوائے weekend کے سکول میں پڑھنا پڑتا۔

نورزمان لاہور کے Aitchison College سے تعلیم یافتہ اور اس کا general knowledge بھی کمال تھا۔ انگلینڈ میں جا کر سونے پر سہاگہ ہو گیا۔ کسی موضوع پر گفتگو چل نکلے تو وہ علم کا دریا ہوتا۔ دوسروں کو قائل کرنے کی خوبی میں مہارت حاصل۔ واحد شخص میں ہی تھا جو اس کے سامنے اپنے موقف پر ڈٹ جاتا اور من مانی میں کامیابی سے ہمکنار ہوتا۔ بلاشبہ وہ خوش پوش، صاف ستھرا انسان واقع ہوا۔ انگلینڈ میں پڑھنے کے دوران اور جب میں ویزہ ویلا سے ریٹائر ہو کر پاکستان آیا تو میں نے کبھی دوستوں سے خرچ کراتے نہ دیکھا بلکہ ہر حالت میں دوستوں پر خرچ کر کے اس کو روحانی خوشی ہوتی۔ محفل کی جان، ہمیشہ خوش رہنے والا ہی نہیں بلکہ غمگینوں میں خوش کلامی سے ہنسنے ہنسانے میں خوشی محسوس کرتا۔

درست یہ عرض کر دینا مناسب ہو گا کہ نورزمان 1996 کے اوائل میں جب شدید علالت کے بعد آیا تو میں نے ایک independent unit جس میں دو bedrooms، ایک living-room، bathroom اور ایک چھوٹا سا kitchen تعمیر کروایا۔ وہ اوپر والی منزل پر دیکھنے بھی گیا۔ میں نے افسوس ظاہر کیا کہ اتنی بڑی کوٹھی میں میں اکیلا پڑا ہوں اور دکھ کی بات ہے کہ یہاں کبھی کوئی مہمان ٹھہرنے کی زحمت گوارا کرتا ہے تو اس نے جواب دیا:

"Jerry اس سال کے آخر میں تمہارے پاس اس یونٹ میں رہوں گا۔"

مگر صد حیف موت نے اسے اس خواہش کی تکمیل کی مہلت نہ دی۔

1994 میں ویزہ ویلا سے ریٹائر ہونے کے بعد جب اسے پہلی مرتبہ ملنے لاہور گیا تو وہ ایک بڑی کوٹھی میں اکیلا ملازم کے ساتھ رہائش پذیر تھا۔ اکلوتی بھتیجی پر شادی کی تھی (ریحانہ) جس کو اللہ تعالیٰ نے اسے بہت پیاری بیٹی دی۔ میں ایک صوفے پر بیٹھ گیا اور حسب عادت سگریٹ سلگانے کا ارادہ کیا تو میری ماچس میں تیلیاں موجود نہ پا کر اس سے ماچس طلب کی تو کہنے لگا:

"Jerry تمہارے خیالات اس قدر تعلیم یافتہ ہونے کے بعد بھی فرسودہ ہیں۔ اب تو دور ہی بدل چکا، ماچس کی بات بھی پرانی ہو چکی، کمپیوٹر کا دور ہے۔" اور فوراً ایک دراز سے 23 عدد disposable lighters نکال کر رکھ دیے اور کہا

"Jerry یہ رکھ لو، کیا disposable کا مطلب آتا ہے؟"

"نہیں" میں نے غلط جواب دیا

"اس کا مطلب ہے استعمال کرنے کے بعد پھینک دو۔"

"اب کافی پینا چاہتا ہوں۔ نوکر سے کہو کافی تیار کرے۔"

Marfat.com

"بیٹے کوئی قریب ہی Gymkhana Club میں چل کر پیتے ہیں۔"

تو یہ تجویز پسند آئی خصوصیت نورزمان کو۔ اس نے اپنی کار روکی تھی، وہیں ہی چھوڑی لہٰذا نورزمان، میں اور میرا ڈرائیور اسلم میری کار میں Gymkhana Club پہنچے۔

کوئی ساڑھے دس بجے کا عمل تھا ایک میز پر بیٹھ گئے۔ بیرے کی دلی خواہش تھی کہ وہ ہی ہمیں serve کرے کیونکہ نورزمان tip دینے میں مشہور تھے۔ نہایت فراخ دل واقع ہوا تھا۔ کافی آئی اور ساتھ ہی دوسرے لوازمات بھی۔ میں نے تو صرف بلیک کافی پی۔ تھوڑی دیر بعد نورزمان کو میرے ڈرائیور کا خیال آیا اور مجھ سے کار کا نمبر پوچھ کر اس نے ایک بیرے کو آرڈر دیا کہ متعلقہ کار کے ڈرائیور کو اس کی خواہش کے مطابق جو چاہے دو۔ جتنے بھی لوگ وہاں موجود تھے سب کی خواہش تھی کہ نورزمان ان کے ساتھ ہی بیٹھے۔

میں اسے اپنی زندگی کے حالات و واقعات سے روشناس کراتا رہا اور وہ مجھے اپنی داستان سنانے میں مصروف رہا۔ دوپہر کے کھانے کا وقت آ گیا۔ buffet کی نوعیت کی service تھی۔ پتہ اس نے بیرے سے میرے ڈرائیور کو تھوڑے تھوڑے وقفہ سے کھانا لے جا کر serve کرنے کی ہدایت کی۔ سہ پہر کو اس نے بتایا کہ میرا golf کھیلنے کا وقت ہو گیا ہے چونکہ میں بیٹھ کر دیکھتا رہتا ہوں ہمیشہ وقت سے پہلے ہی پہنچ جاتا ہوں لہٰذا معذرت کی اور واپسی کی اجازت کی راہ لی۔

"میں ابھی تک گاہے بگاہے Richard کی نئے سکول پڑھانے کی وجہ سے وقت کم ملتا اور کھیل کے شوق کا شوق پورا کرنے سے قاصر تھا۔ ایک شام Richard نے نورزمان سے تنگیٔ وقت کا اظہار کیا تو نورزمان نے اسے اس بات پر مشورہ دیا کہ وہ نوکری چھوڑ دے۔"

"اگر میں نوکری چھوڑ دوں تو کروں گا کیا؟"

"آجکل sewing machines کی بہت demand ہے۔ hire-purchase پر لوگوں کے گھروں میں جا کر بیچو۔ ایک سال میں اتنی رقم کما لو گے جتنی تم نے پانچ برسوں کی نوکری سے سکول میں نہیں کمائی ہو گی۔"

اس مشورے پر Richard کافی دیر سوچتا رہا۔ آخر نورزمان کے دلائل کی وجہ سے ہار گیا۔

"میں تو کوئی sewing machines کی ایجنسی والا واقف کار نہیں۔" Richard نے خدشہ ظاہر کیا۔

"اس میں فکر کی کیا ضرورت ہے۔ پتہ میں تمہیں بتا دیتا ہوں۔ ایجنسی والے تو تمہارے جیسے پڑھے لکھے آدمیوں کی تلاش میں رہتے ہیں۔"

میں اندر ہی اندر حیران ہو رہا تھا کہ آخر Richard نورزمان کی باتوں میں آ کیسے گیا۔ اسے سکول میں پڑھاتے ہوئے کافی عرصہ ہو چکا تھا مگر اس نے سکول کی ملازمت چھوڑنے میں ہی عافیت سمجھی۔ نورزمان نے اس بات کی ترغیب دی کہ بڑے شہروں کے علاقوں میں اکثریت سے پاکستانی اور ہندوستانی ہیں وہاں جانا بہت ضروری ہے۔ ہر ایک گھر کو visit کرنا چاہیے (ان دنوں مشرقی پاکستان الگ نہ ہوا تھا۔)

اس کاروبار میں کوئی ایک مہینہ گزر گیا۔ Richard کی ہم سے ملاقات نہ ہوئی۔ ایک شام اسی pub میں وہ آن دھمکا۔ پہلے سے وہ خوش اور مطمئن نظر آ رہا تھا۔ ہم نے اسے ایک round کی دعوت دی۔ باتیں شروع ہو گئیں اور نورزمان نے کاروبار سے متعلق پوچھا۔

"جب انگریزوں کے گھروں میں جاتا ہوں تو کچھ بکری ہو جاتی ہے مگر جب مسلم یا ہندوؤں کے گھروں میں جاتا ہوں تو کہنے پر I am selling a sewing machine وہ انکار کر دیتے ہیں۔"

بات تفتیش کی۔ جب وہ sewing machine کہتا تو لوگ سمجھتے sowing machine۔

Poor Richard!

Marfat.com

عینک لڑکی پر کیسے منتقل ہو گئی!

ڈانس سے فارغ ہو کر نورزمان اور میں اپنی اپنی گرل فرینڈز کو قریب گیارہ بجے رات ان کے مخصوص بس سٹاپ پر چھوڑنے آئے۔ نورزمان اور اس کی گرل فرینڈ آگے آگے اور میں اپنی گرل فرینڈ کے ساتھ پیچھے تھا کیونکہ میری گرل فرینڈ کا بس سٹاپ سڑک کی دوسری جانب تھا اُس کی بس مخالف سمت میں جاتی تھی۔ میں نے نورزمان سے کہا:

''میرے آنے تک بس سٹاپ پر انتظار کرنا۔ میں Joan کو اس کے بس سٹاپ پر چھوڑ کر آتا ہوں۔''

''Okay Jerry.''

جوں جوں رات بڑھتی ہے انگلینڈ کی بسوں کی frequency کمی واقع ہوتی جاتی ہے تاہم مقررہ وقت پر آتی ضرور ہیں جبکہ ہر ایک بس سٹاپ پر بس کے آنے کا وقت لکھا ہوتا ہے۔ جونہی Joan اور میں سڑک کراس کرنے لگے تو دور سے دیکھا کہ بس آ گئی ہے مگر تگ و دو کے باوجود بس نکل گئی۔ 25 منٹ انتظار کرنے کے بعد Joan کی بس پھر آ گئی اور میں نے اسے "Good night, see you later alligator" کہا۔

سڑک کراس کر کے نورزمان کے پاس پہنچا تو دیکھا اس کی گرل فرینڈ Lilly کی بس چلنے ہی والی تھی اور وہ دونوں queue کے آخر میں کھڑے انتظار کر رہے ہیں میں ذرا ہٹ کر کھڑا رہا تاکہ ان کی ''حرکات'' میں خلل اندازی نہ ہو۔

بالآخر بس آ ہی گئی۔ پہلے بس سے اترنے والے اترے پھر بس پر سوار ہونے والوں کی قطار حرکت میں آ گئی۔ ایک ایک کر کے مسافر بس پر سوار ہوتے گئے۔ میں نے دیکھا کہ Lilly بس کے pedestal پر کھڑی ہے اور نورزمان اسے "Good night" کہہ رہا ہے۔ بس چل دی اور Lilly ہاتھ الوداعیہ انداز میں ہلاتی رہی۔ اس کے سر پر پیشانی سے اوپر عینک لگی ہوئی تھی۔ مجھے حیرت ہوئی کہ Lilly تو عینک لگاتی ہی نہیں۔ شاید میں مغالطے میں ہوں۔ ہو سکتا ہے وہ عینک استعمال کرتی ہو۔

نورزمان میرے قریب آ گیا اور حیرت سے کہنے لگا ''Jerry میری عینک کہاں گئی؟''

''وہ تو Lilly کی پیشانی کے اوپر لگی ہوئی تھی۔'' میں نے مزاحیہ قہقہہ لگایا۔

ہوا یوں کہ جب نورزمان Lilly سے بغلگیر ہو کر بوس و کنار میں مصروف تھا تو کسی طرح سے عینک اس کے سر پر منتقل ہو گئی۔

دوسرے دن جب میں یونیورسٹی میں تھا تو Lilly نے میری عدم موجودگی میں عینک نورزمان کو واپس کر دی۔

یوں بھی ہوتا ہے محبت میں!

لُک (Asphalt) ''چاٹنے'' والا انجن

سرور شاہ مرحوم گجرات کے مشہور وکیل شفیع شاہ مرحوم کے بھائی تھے۔ شفیع شاہ کئی سالوں سے گجرات بار کے پریذیڈنٹ کے منصب پر فائز رہے اور ان کے بڑے صاحبزادے اعجاز شاہ راقم کے قریبی دوستوں میں سے تھے۔ شفیع شاہ کا ایک بیٹا امتیاز شاہ بھی راقم کے ملنے والوں میں سے اور ریٹائر ہونے کے بعد شاہ مانہ کا دولی گجرات میں رہائش پذیر ہے۔

سرور شاہ بھاری بھرکم جسم کے مالک خورد و نوش کے رسیا، خوش طبع اور مہمان نواز واقع ہوئے۔ برمنگھم میں Cadbury Chocolate Factory میں ملازمت کیا کرتے۔ کھانا پکانے اور پینے پلانے کا شوق جنون کی حد تک تھا۔ کھانا اس قدر لذیذ ہوتا کہ کھانے والے انگلیاں چاٹتے رہ جاتے۔ نورزمان اور دیگر دوستوں کا شغل weekend پر پیتے تالی ملنے کا پروگرام ہوتا تو سرور شاہ کے یاد آتے پر ان کے گھر چلے جاتے۔ سرور شاہ ویک اینڈ کی سے ہفتہ اور اتوار کی چھٹی ہوا کرتی اور ان کے ساتھ pubs میں خوب محفل آرائی ہوتی۔ pubs کا وقت موقوف ہونے پر ان کے گھر کھانا کھانے کی غرض سے چلے جاتے۔

ایک ہفتے کے روز میں نے دیر تک یونیورسٹی میں ریسرچ کرنا تھی مگر نورزمان اور سرور شاہ وہیں ٹی ہاؤس میں بیٹھے ''جلدی کرو، جلدی کرو'' کی گردان کرتے رہے۔'' اسی دن اگلے روز پینے کی میں نے مچھلیوں والے aquaria میں ڈالنے والی خوراک ایک commercial product تھی۔ ضرورت کے پیش نظر نہایت مناسب مقدار میں ڈالی جاتی تاکہ مچھلی خراب اور ہلاک نہ ہو سکے۔

Marfat.com

fungus پیدا ہونے کا احتمال ہوتا جس کی وجہ سے مچھلیاں مر جانے کا امکان تھا۔ اسی طرح aquaria کے snails میں lettuce ان کی خوراک کیلئے ڈالی۔ بعض اوقات تازہ lettuce مہیا نہ ہو پاتی تو میں lettuce کو heater کے سامنے رکھ کر خشک کر لیتا اس طریقہ سے dried flakes بن جاتے جس کو حفاظت سے اپنے پاس رکھ لیتا۔ snails کی قدرتی پانی کے ماحول میں ایک خاص بوٹی جسے *Elodea canadensis* کہتے ہیں مرغوب غذا ہے۔ موسم سرما میں جھیل پر برف کی تہہ منجمد ہوتی۔ ایسے میں *Elodea* کے حصول اور snails پکڑنے میں دقت پیش آتی۔ ہتھوڑے کی مدد سے برف کو توڑتا اور اپنے ہاتھ سے collection کرنے کے عمل سے کہنیوں تک بازو شل ہو جاتے۔ احباب کی مردانی کے زیر اثر جلدی جلدی خوراک کا عمل نپٹایا۔ تجربہ کے نیچے جہاں animal house تھا وہاں ایک لڑکی کی ذمہ داری تھی جو تجربات کیلئے پالتو کبوتروں، چوہوں اور Guinea pigs کی خوراک کا بندوبست کرتی۔

جب ہم تینوں ڈیپارٹمنٹ سے باہر نکلے اور کیمپس کی مین سڑک پر رواں دواں تھے، سرور شاہ درمیان میں نور زمان دائیں جانب اور میں بائیں طرف۔ تھوڑا فاصلہ طے کیا تو دیکھا سڑک کی مرمت ہو رہی ہے اچانک سرور شاہ رک گئے اور حیرت کے زیر اثر فرمانے لگے

"نسیم! انگریزاں وں لک چلن والا انجن وی ہے ای۔" (نسیم! انگریزوں کے پاس coaltar بچھانے کا انجن بھی ہے۔)

دراصل بات یہ تھی کہ ایک worker اپنے ہاتھ سے pneumatic drill کی مدد سے سڑک کی carpeting میں مرمت کر رہا تھا۔

نہیں کسی کام پر اصرار کرنے کی کوشش نہ کی کیونکہ سرور شاہ کے گھر جا کر کھانا کھانے کا لالچ آڑے آ گیا۔ پہلے سرور شاہ ہمیں pub میں لے گئے۔ پھر ایک Off hours دکان سے grocery خریدی اور گھر پہنچ کر میری پسندیدہ خوراک گوشت پکانے میں مصروف ہو گئے۔ کھانا واقعی لذیذ تھا۔ جب کھانا کھانے میں مصروف تھے تو نور زمان اٹھ کر باتھ روم میں گیا اس نے ضرورت سے زیادہ دیر کی شاہ صاحب خبر لینے گئے تو واپس آ کر کہنے لگے "نسیم بیڑہ غرق ہو گیا ای۔"

"شاہ صاحب کیا بات ہے؟"

"نور زمان الٹیاں کر دا پیا اے۔"

"تو کیا ہوا"

"اوئے تینوں عقل نہیں دی پرائی کر رہیا ایں، او جس ویلے واپس آوے گا تے اونوں فیر بھکھ لگ جاوے گی۔"

"شاہ صاحب کس طرح؟"

"اوئے بیوقوف کدی الٹیاں کر کے کھانا باہر کدھر رہیا اے۔"

واقعی نور زمان نے واپس آ کر کھانا شروع کر دیا اور سرور شاہ آنکھیں دکھاتے رہے۔

"تسیں دووے بڑے بدتمیز او۔"

سوٹ سکڑ گیا!

ایک ہفتہ کی صبح نور زمان نے میرے رہائشی کمرے میں جدید ٹیکنالوجی پر روشنی اسقدر ڈالی کہ میرا دماغ متاثر ہوئے بنا اور باقی جو ... میں لپیٹ میں آ گیا۔ مثلاً وہ زمانہ گیا جب جہازوں کو موٹے موٹے رسوں سے بندرگاہ پر باندھا کرتے۔ اب تو nylon کی پتلی سی ڈوری سے کام چل رہا ہے۔ سوٹ بھی ایسے نکل آئے ہیں کہ شام کو واش بیسن میں دھونے کے بعد کمرے ہی میں لٹکا دو صبح تک خشک۔ استری وغیرہ کی زحمت سے بھی نجات۔ میں نے صبر کر کہا "چلو ذرا شہر میں window-shopping کرتے ہیں۔"

بس سے اترتے ہی ادھر ادھر گھومنے کے دوران اچانک ہمارے ایک دوست میجر عاشق حسین شاہ سے ملاقات ہوئی۔ دراز قد، خوبصورت جسم، ترکی انگلینڈ جیسی سرخ رنگت، چہرہ پر مسکراہٹ، انگریزی لباس میں، سر پر ہیٹ رکھے، منہ میں پائپ دبائے اٹھ

Marfat.com

نسل کے انگریز خاندان سے معلوم ہوتے۔ حالانکہ شاہ صاحب کاموکی کے بڑے زمینداروں میں سے تھے اور آپ کی شادی ایک اعلیٰ گھرانے میں پاکستان میں ہی ہوئی تھی۔ وہ اپنی جائیداد کے حصول کیلئے پاکستان لوٹ آئے اور راقم ریٹائر ہو کر 1990 میں پاکستان آیا تو دیکھا شاہ صاحب نے جی۔ٹی روڈ پر لاہور سے گجرات آتے ہوئے کاموکی سے تھوڑے فاصلہ پر بڑی سڑک سے بائیں جانب ایک انگلش سٹائل کا فارم ہاؤس بنایا ہے جس میں swimming pool اور colonial قسم کی بلند چھتوں والی کوٹھی تعمیر کروائی۔ cattle اور مرغیاں وافر تعداد میں رکھیں۔ ان کی مہمان نوازی کی وجہ سے ڈیرہ پر ہمیشہ رونق رہتی اور وقت بڑا خوش گزرتا۔ میں بھی پہلے میں گجرات سے لاہور آتے جاتے اکثر گرمیوں میں swimming pool کے کنارے آرام کرتا۔ جب گرمی زوروں پر ہوتی تو pool سے ایک طرف چھوٹی سی ندی نکلتی جس میں pool کے کنارے بیٹھ کر ندی میں جوتے اتار کر پاؤں ڈال کر بیٹھا کرتے۔ پچھلے تین سال گزرے میں لاہور دو ماہ کیلئے گیا۔ لاہور میں اکثر آنا جانا رہتا۔ لاہور سے واپسی پر سوچا کیوں نہ شاہ صاحب سے ملاقات کی جائے۔ عہد گذشتہ سے پرانی یادوں کو تازہ کریں۔ مگر معلوم ہوا شاہ صاحب ڈیڑھ ماہ کا عرصہ ہوا خالق حقیقی سے جا ملے۔ وہ دل کے مریض تھے۔ لاہور اتفاق ہسپتال میں اپریشن کرانا مقصود تھا تو anesthesia کے دوران ہی وفات پا گئے۔ جب کبھی وہاں سے گزر ہوتو دل بے چینی سے تڑپ اٹھتا ہے۔ کوٹھی ابھی تک قائم ہے مگر صد حیف مکیں نہیں۔

"کس کو پتا نصیب ہے سب چل دیئے مگر
ایسے چلا گیا کہ زمانہ مثال دے
صد سالہ زندگی میری سب رائیگاں گئی
اے کاش کوئی عام سے لمحات ٹال دے"

ہم تینوں نے ایک دکان سے Steak and kidney pie کھا کے دوپہر کے بعد window-shopping شروع کر دی۔ ایک دکان پر نور زمان نے drip-dry suit دیکھا اور خریدنے پر آمادہ ہو گیا۔ شاہ صاحب نے بڑا سمجھایا کہ ابھی یہ product مارکیٹ میں آیا ہے۔ مت خریدو۔ مگر نور زمان پر شاہ صاحب کی بات کا کوئی اثر نہ ہوا۔ اس نے خریداری کا مصمم ارادہ کر لیا تھا اور ہم دونوں کو backward سمجھ کر پس پشت ڈال دیا۔

"Jerry میں تو سوٹ خرید رہا ہوں۔ تم بھی خرید لو۔ اگر تمہارے پاس پونڈ نہیں تو میں دے دیتا ہوں۔ واپسی پر ادا کر دینا۔"

"نہیں شکریہ میں تو ہرگز نہیں خریدوں گا۔"

"شاہ صاحب، Jerry تو جاہل ہے۔ آپ کیوں نہیں خرید لیتے؟"

"پہلے دیکھتے ہیں تمہارا سوٹ دھلائی کے بعد کیسا رہتا ہے۔ پھر میں اس کے بعد میں بھی خریدوں گا۔"

دکان کا مالک Mr. Brooks اندر داخل ہوئے تو نور زمان نے اپنے سائز کا سوٹ خریدا۔ جب وہ receipt دینے لگا تو میں نے پوچھا "کیا یہ دھونے کے بعد سکڑ تو نہیں جاتا؟"

"Never, take me for my words."

ہم تینوں جہاں نور زمان اور میں رہائش پذیر تھے واپس آ گئے۔ شام کو ویمبلڈن میں ایک Latin American band نے دھنیں بجانی تھیں۔ شاہ صاحب بھی شام فارغ تھے۔ میں نے بھی اپنا سوٹ بدلا۔ شاہ صاحب اور میں چائے پی رہے تھے کہ نور زمان بازار کے grocery store سے انڈے لینے گیا تاکہ چند سینڈوچ بنا لیں۔ نور زمان نے egg sandwiches تیار کیں۔ کھانے کے بعد نور زمان نے اپنا drip-dry پہلے نئے رنگ کا سوٹ زیب تن کیا اور اپنی داد لینے کیلئے مجھ سے پوچھا، "Jerry کیسا ہے سوٹ؟"

"دھونے کے بعد پتہ چلے گا۔ ویسے فٹ تو خوب ہے۔"

تھوڑا سا چلنے کے بعد میں نے Amphora black label tobacco کا ایک pouch شاہ صاحب سے

Marfat.com

Amphora red label جبکہ نور زمان نے سگریٹ Dunhill کا ایک پیکٹ خریدا۔ ازاں بعد بس میں بیٹھ کر یونیورسٹی کے قریب Lloyds Bank کے سٹاپ پر اترے جو کہ Union Building کے قریب تھا۔ میں نے مذکورہ بلڈنگ کے گیٹ پر شاہ صاحب کے guest کا سلپ بنوایا جو کہ فری ہوا کرتا۔ ڈانس شروع ہونے میں کچھ دیر تھی لہٰذا ہم تینوں snooker room میں چند ایک frames کھیلنے چلے گئے۔ گرمی کا موسم تھا ڈانس نے ہمیں پسینہ میں شرابور کر دیا۔ کوئی بارہ بجے کے بعد جب ڈانس ختم ہوا تو واپس ہم تینوں میرے فلیٹ میں لوٹ آئے۔ یہ ایک Independent flat تھا مگر landlady کے گھر میں ہی۔

نور زمان کا سوٹ قدرے گندہ ہو چکا تھا اس نے اتار کر پھینک دیا اور سونے کی تیاری کرنے لگا۔

''آپ سوٹ کو دھو کیوں نہیں لیتے؟'' تھوڑے سے Lux flankes ڈالو اور sink میں دھو ڈالو'' شاہ صاحب نے مشورہ دیا۔

''نہیں شاہ صاحب! کل صبح اتوار کا دن ہے کوئی جلدی نہیں۔ کہیں جانا بھی تو نہیں پھر میرے پاس اور بھی تو سوٹ موجود ہیں۔''

''یہ بات نہیں مجھے بے چینی ہے کہ کہیں یہ shrink تو نہیں ہو جائے گا۔'' میں نے دخل اندازی کی۔

''آپ تو فکر ہی نہ کرو، میں بہت تھک گیا ہوں سونا چاہتا ہوں'' اور وہ اپنے کمرے میں چلا گیا۔

میں نے سوٹ کی جیبیں خالی کیں۔ sink کو stopper سے بند کیا۔ نیم گرم پانی میں Lux flakes کو حل کیا۔ پہلے پتلون دھو ڈالی اور hanger پر ٹانگ دیا اور نیچے اخبارات بچھا دیں تاکہ پانی کے قطرے قالین پر نہ گریں۔ ازاں بعد جیکٹ کو دھو ڈالا اور اسے بھی hanger پر ٹانگ دی۔ شاہ صاحب میرے بستر پر دراز ہو گئے اور میں ایک بستر سے mattress نکال کر فرش پر ڈال کر لیٹ گیا۔ گرمی کا موسم ہونے کی وجہ سے رضائی کی کوئی ضرورت نہ تھی۔

صبح آرام سے اٹھے اور brunch نور زمان نے ہی تیار کیا۔ کھانے کے بعد کہنے لگا ''ذرا سوٹ پہن کر تو دیکھوں!''

سوٹ تو گیا! jacket کے بازو سکڑ کر آدھے ہو چکے تھے یعنی waistcoat بن گیا اور اسی طرح پتلون shorts میں بدل چکی تھی۔ ہم نے نور زمان کی technology کا خوب مذاق اڑایا مگر نور زمان نے وہ scholarly قسم کا لیکچر دیا ہم بھول ہی گئے۔ بات تو سوٹ کے مرنے کی چل رہی تھی۔ خیر فیصلہ ہوا کہ سوموار کو سوٹ واپس کر کے رقم لے لی جائے گی۔

ہم تینوں چونکہ کنوارے ہی تھے۔ اتوار کو شہر کے سینما میں matinee show دیکھنے چلے گئے۔ شاہ صاحب نے اپنی ... واپس کر دیا اور اپنے گھر چلے گئے۔ ہم دونوں نے fish n chips ایک سٹینڈ سے کھائے اور بس پکڑ کر فلیٹ چلے گئے۔

نور زمان کا صبح کوئی ضروری نہ تھی کیونکہ اس کی کلاسیں شام کو ہوا کرتیں۔ میں نے سوموار کو صبح دم یونیورسٹی جانا تھا۔ سوٹ سے پہلے نور زمان کو تاکید کی کہ سوٹ ضرور واپس کر دینا لہٰذا نور زمان نے سوٹ واپس کیا اور دکاندار نے نہ صرف رقم واپس کر دی بلکہ معذرت کی گردان بھی کرتا رہا۔

انوکھا کھانا۔ انوکھے خطوط!

جب زمانہ تھا انگلینڈ میں اپنے دیسی کھانے کو ترس جایا کرتے۔ اگرچہ کوشش رہتی کہ دالیں، سبزیاں خالی یا گوشت کے ساتھ شوربہ بنا لیں مگر وہ بات کہاں تھی۔ اب تو جگہ جگہ بنگلا دیشی، ہندوستانی اور پاکستانی اعلیٰ سے اعلیٰ ریسٹورینٹ کھولے جا چکے ہیں۔ لندن کے نواح میں Southall جو کبھی انگریزوں کی اکثریت والا علاقہ ہوا کرتا۔ پھر ہمارے پنجابی بھائی سکھوں نے وہاں کا رجوع کیا اور آہستہ آہستہ سکھوں کی آبادی نسبتاً انگریزوں سے زیادہ ہو گئی۔ انہوں نے نہ صرف کاروبار میں سکہ جمایا بلکہ شاید انگلینڈ میں پہلا گردوارہ سکھوں نے ہی وہاں تعمیر کروایا۔ انگریزوں نے نقل مکانی شروع کر دی اور پھر دیکھتے دیکھتے مسلمانوں کا بھی وہیں رجحان ہو گیا اور کاروبار میں مصروف ہو گئے۔ کئی سالوں سے اس جگہ کا نام ''Southall سکھاں دا'' پڑ گیا ہے۔ وہاں شاہدولہ روڈ، گجرات کے رہنے والے ایک صاحب کی کبابوں کی دکان اور اس کا نام ہے Kababash۔ یہ ایک چھوٹی سی دکان ہونے کے باوجود

Marfat.com

گاہکوں کا اس قدر رش تھا کہ باری نہیں آتی۔ صرف چار tables تھیں دکان میں بیٹھ کر کھانے کے لیے۔ زیادہ تر takeaway service ہے۔ اگر کسی نے اس دکان سے کباب نہ کھائے تو انگلینڈ میں اس نے کچھ بھی نہیں کھایا۔ اس دکان کی انگلینڈ میں دور دور تک شہرت دھوپ کی طرح پھیل گئی یہاں تک کہ ہندوستان کا مشہور ایکٹر امیتابھ بچن بھی وہاں صرف کباب کھانے آتے ہیں۔

ہاں! تو بات دیسی کھانوں کی ہو رہی تھی چونکہ نور زمان کا دن اپنا ہی ہوتا اور ادھر ادھر کی ''سیر'' کرتا رہتا۔ شام یکجا ہونے پر مجھے ''نوادرات'' کے متعلق بتاتا۔

''Jerry برمنگھم کے ایک علاقہ Balsal Heath میں میرپوری لوگوں کی اکثریت قیام پذیر ہے۔ ان میں زیادہ تر ان پڑھ ہیں۔ اتفاق سے مجھے ایک صاحب کے گھر جانے کا موقع ملا۔ کیا بات ہے کھانا نہایت لذیذ تھا مگر پکانے کی داستان عجیب ہے۔''

''کھانا عجیب تھا یا پکایا عجیب طریقے سے گیا تھا؟''

''ویسے تو شروع میں دال گوشت تھا مگر اب دال ہی دال ہے اور خوب مزیدار۔''

واقعات کچھ اس طرز پر کہ اس گھر میں رہنے والے میرپوری باشندے دن رات کام کرتے۔ جو دن کی ڈیوٹی پر ہوتا اس کے بستر پر رات کی ڈیوٹی والا سوتا اور اسی طرح رات کی ڈیوٹی والے کے بستر پر دن کی ڈیوٹی والا۔ تین کمرے تھے۔ ایک کمرے میں تین بستر۔ دو کمرے نیچے اور ایک کمرہ اوپر والی منزل پر جبکہ اوپر والی منزل پر ایک اور کمرہ تھا اس کو junk room میں بدل دیا گیا۔ گراؤنڈ فلور پر گھر کے عقب میں patio کے ایک کونے میں بوسیدہ سا ٹائلٹ اور ایک واش بیسن جبکہ غسل کرنے کا کوئی انتظام نہ تھا۔ نیچے دو کمرے ساتھ ساتھ واقع تھے جن کے دروازے ہال میں کھلتے۔ ہال میں جانب راست واقع living-room میں ایک بوسیدہ صوفہ، ایک عدد کرسی اور میز۔ اس کمرے کے ساتھ ایک کچن تھا جس میں داخل ہوتے ہی بائیں جانب ایک sink اور اسی کی دیوار کے ساتھ گیس چولہا جس کو صاف کرنے کی زحمت کچن کے مکینوں نے کبھی گوارا نہ کی تھی۔ چولہے کے اوپر پرانے برتن رکھے تھے جن پر چکنائی جمی کھانا نصیب ہوا۔ کچن کے دروازے والی دیوار کے بالمقابل دیوار میں چند شیلف بنا دیے گئے جن پر پلیٹیں وغیرہ رکھی ہوئی تھیں یعنی کچن اور dining hall کی کل کائنات!

اب کھانا پکانے کی داستان غور طلب ہے۔ شروعات میں کچن کے بڑے برتن میں دال گوشت پکایا گیا۔ اس میں سے کھانا نکالتے رہتے جتنا کم ہوتا اسی مقدار سے پانی اور سامان ڈال دیا جاتا۔ دال کی نوعیت کا اندازہ محال تھا۔ پکنے کی مسلسل ہانڈی کی ہی بدولت گوشت کے ریزے بھی کہیں کہیں نظر آ جاتے جبکہ ہڈیوں کی کمی بھی واقع نہ ہوئی تھی۔ ایک چمچے کے ساتھ کھانے والا bread کے slices کے ساتھ خوب چبا کر کھا جاتا۔ یہ ایک رواتی کی ذمہ داری تھی کہ جتنا بھی کھایا جائے اتنی ہی دال اگر کم ہو تو تھوڑا گوشت بھی ڈال دیا جائے اس طرح یہ چولہا تو اترنے سے چلتا رہا اور کھانا چلتا رہا۔ ہر ایک کی ایک ڈیوٹی تھی کہ اپنے اپنے حصہ کے sliced bread لے کر آیا کرے۔

''نہیں نور زمان میں تو کبھی ایسا کھانا نہیں کھاؤں گا۔''

''ایک دفعہ کھا کر تو دیکھو اس قدر لذیذ کہ چودہ طبق روشن ہو جائیں۔ ایک اور بات وہ مزار شریف ہے۔''

''کونسا مزار؟''

''ایک دفعہ چلو تو سہی۔''

نور زمان نے کام کا ذکر کر کے مجھ میں تجسس پیدا کر دیا۔ آخر ایسا کونسا کام ہو سکتا ہے؟ ایک ہفتے کی شام میں اس کے ساتھ جانے پر تیار ہو گیا۔ جب گھر سے نکلنے لگے تو اس نے کہا ''اپنا pen ساتھ لے جانا نہ بھولنا۔''

''یہ تو ہمیشہ میرے کوٹ کی جیب میں ہوتا ہے۔''

ہمیں دو بسیں بدلنا پڑیں۔ بالآخر بس سٹاپ سے اتر کر کوئی سو میٹر کے فاصلہ پر اس مذکورہ مکان کے مین گیٹ پر پہنچ گئے۔ نور زمان نے مبارک ہاتھ سے بیل کے بٹن کو push کر دیا۔ ایک صاحب نے دروازہ کھول کر کہا ''آؤ جی بسم اللہ۔''

ہم دونوں گنگناتے ہوئے داخل ہوئے اور سیدھے living-room میں چلے گئے۔ پہلا ایک شخص پہلے ہی سے موجود تھا شخص کی

Marfat.com

آمد ہوئی پھر تیسرے دن تو ہمارے تعارف کا سلسلہ شروع ہو گیا نام پوچھے یوں تھے راجہ افراسیاب، راجہ غلام علی، راجہ [illegible] اور راجہ شہاب دین میرا اندازہ تھا کہ weekend کی وجہ سے چھٹی کے ناطے گھر میں اور لوگ بھی ہوں گے مگر ہماری معلومات میں اضافہ ہوا کہ ہمارے دوست overtime کرتے ہیں۔ راجہ افراسیاب نے نور زمان کو کہا ”پہلے کھانا کھا لیں پھر کام شروع کر دیتے ہیں۔“

”میں شش و پنج میں پڑ گیا۔ آخر یہ کام کیا ہے؟“

ہم پچھلی کچن میں گئے جہاں ایک بڑا دیگچہ چولہے پر رکھا ہوا تھا مگر آگ بجھی تھی ایک صاحب نے دیگچے کا ڈھکن ایک طرف رکھ کے ساتھ کا [illegible] اٹھایا جو [illegible] پر سالن کے اثرات واضح تھے جس کی وجہ سے اس کپڑے کے اصل رنگ کا تعین [illegible] میں نہ تھا۔ ہماری [illegible] کے سامنے ایک شخص نے چمچے سے ہمارے سامنے پڑی ہوئی پلیٹوں میں [illegible] شروع کر دیا یہ [illegible] پلیٹ والی [illegible] آئی ہوئی تھی جبکہ روٹی بریڈ کیلئے علیحدہ پلیٹ۔ فقط slices کو بریڈ کے cover سے نکال کر [illegible] تھا۔ تین sliced bread کے packs تھے ایک صاحب نے تو پھر slices نکال کر اپنی پلیٹ میں [illegible]۔ مجھے بہت کراہت محسوس ہوئی لیکن کھانا شروع کر چکے تھے البتہ اب کھانے سے ہاتھ کھینچنا محال ہوا۔ مجھے اس قدر [illegible] ضرورت سے زیادہ [illegible] کہ پھر شاید ایسا کھانا نصیب نہ ہو۔ پانی پینے کیلئے صرف دو گلاس جن میں سب لوگ باری باری پانی پی رہے تھے۔ [illegible] سالن سے آلودہ ہاتھوں کے دھبے نمایاں۔ البتہ کھانا نہایت لذیذ تھا۔

کھانے سے فارغ ہوئے تو راجہ افراسیاب نے نور زمان سے دھیمے لہجے میں کہا ”چلو بیٹھک میں کام شروع کریں کیونکہ [illegible] نے بھی بہت سی باتوں کا ذکر کرنا ہے۔“

جب بیٹھک تک رسائی ہوئی تو راجہ افراسیاب نے ایک صوفے کی گدی کے نیچے سے aerograms کا ایک بنڈل نکالا [illegible] ایک بڑی پلیٹ کی back پر aerograms رکھ کر خط لکھنے کی ترغیب دی۔ اب میری سمجھ میں صورت حال واضح ہوئی [illegible] کی نوعیت کیا ہے۔ اصل میں یہ لوگ ان پڑھ تھے اور اپنے گھر والوں کو پاکستان (آزاد کشمیر) خط لکھوانا چاہتے تھے۔ خیالات [illegible] میں لکھ رہے ہوں۔

”[illegible] ساتھ والیوں نوں وی سلام لکھو۔ طاہر دی دادی اللہ نوں پیاری ہو گئی اے اس نوں وی افسوس لکھ دیو۔ پتہ کا [illegible] تے پرانے والے گھر دی چھت بدلاں دی وجہ نال گھر ڈیہہ گئی اوہنوں فیر چھتیا نہیں۔ وڈی عیدوں گھر آواں گا تے فیر [illegible] سب پچھ چیک کرواواں گا۔“

[illegible] اور حالات و واقعات جو یہ لکھنا ممکن تھے مگر نور زمان روانی سے لکھتا جا رہا تھا۔

ایک صاحب نے ایک پلیٹ کی پشت پر aerograms رکھے اور مجھے میرپور کے قریب گاؤں میں اپنے گھر والوں کو خط لکھنے کیلئے کہا ”پتہ کیا اے [illegible] کوئی بات ہو یا اے۔ انہاں نوں ساڈے ساریاں ولوں بہت بہت مبارک دا خط لکھ دیو [illegible] نام [illegible] نوں وی افسوس دا خط لکھو۔۔۔۔۔“

[illegible] اور پیغامات کا اتفاقی سلسلہ مجھ سے جیسے بھی ہو سکا کیمرے میں ڈال رہا تھا۔ تمام صاحبان نے باری باری عجیب خط لکھوائے۔

جب ایک نے aerograms زبان سے تھوک لگا کر احتیاط سے fold کیے اور بند کر دیئے۔ راجہ افراسیاب چوہدری نے aerograms کو فوراً قریبی پوسٹ باکس میں ڈالنے کیلئے باہر تشریف لے گئے۔ جب واپس آئے تو تاکید کی ”آنے والے ہفتے [illegible] کھانا پکا کا رکھو آپ چاہتیں کہ وہی پکا دو نکا ہم تابعدار مگر آنا ضرور۔“

ہم نے شکریہ ادا کیا اور راجہ افراسیاب دو اور ساتھیوں کے ساتھ ہمیں بس سٹاپ پر چھوڑنے آئے۔

یہ تھا وہ ”کام“ جو میں دوبارہ وہاں جانے کی ہمت نہ رکھتا مگر وہ پہلے لکھے گئے خطوط کے جوابات کا انتظار کر رہے تھے۔ اس طرح ہم کبھی کبھار ہفتے وہاں جاتے ”کام“ شروع کرتے اور خطوط کے جوابات پڑھ کر سناتے۔

Marfat.com

John "بیٹڈ ابند کردے۔ڈرافٹ آ رہا ہے"

صابر نے چند ہفتے ہوئے برمنگھم سے لاہور آنے پر مجھ سے ٹیلیفون پر بات کی۔ نور زمان اور راقم سے قریبی دوستوں میں سے ہے۔ ان کے بڑے بھائی کو تمام جان پہچان والے "حافظ صاحب" کے نام سے پکارتے (ضمیمہ 97) ہیں۔ دونوں بھائی پچھلے کاروبار سے منسلک، پاکستان کے رہائشی جو کہ ایک مدت سے برمنگھم میں سیٹل ہو چکے ہیں چونکہ صابر زیر تعلیم نہ تھا لہذا ہم طور پر ہفتہ کی رات یونیورسٹی کی یونین بلڈنگ میں ڈانس کے لیے بطور مہمان کے اس کو دعوت دیا کرتے۔

شدید سردی کی لہر، خ بستہ تیز ہوا کے جھونکے طوفان "بدتمیزی" کی صورت اختیار کر رہے تھے۔ ایک شام نور زمان اور میں ملاقات کی غرض سے صابر کی دکان پر گئے چونکہ ان کے دشمنوں کی ناسازی طبیعت کی خبر ہوئی لہذا عیادت کے لیے ملاقات لازمی تھی۔ دکان پر لاگ ہے۔ اندر داخل ہوئے، صابر تو نا موجود لیکن حافظ صاحب کاؤنٹر کے پیچھے کھڑے تھے۔ انہوں نے ہمیں عزت افزائی کے پیش نظر ایک لمبی seat پر بیٹھ جانے کی ترغیب دی۔ یہ seat ایک شیشہ کی کھڑکی سے متصل اور کھڑکی curb پر کھلا کرتی۔ ہماری پشت اس کھڑکی کی طرف تھی۔ یاد رہے کہ انگلینڈ میں کھڑکیوں کے پٹ نہیں ہوتے۔ بلکہ نیچے سے اوپر کو کھلتی ہیں۔

"حافظ صاحب! صابر کی طبیعت کو کیا ہوا؟"

"سخت hangover اور پھر flu کا عارضہ لاحق ہو گیا۔ اب کافی بہتر ہے تاہم گھر آرام کر رہا ہے۔"

مجھے محسوس ہوا کہیں سے draught (ضمیمہ 98) آ رہا ہے، میں آرام سے نہ بیٹھ سکا۔ حافظ صاحب نے فوراً دیکھا:

"پیر صاحب، آپ کچھ بے چین سے نظر آ رہے ہیں۔"

"حافظ صاحب کہیں سے draught آ رہا ہے۔"

حافظ صاحب نے فوراً ایک انگریز ملازم سے کہا:

"Oh John بیٹڈ ابند کردے۔ڈرافٹ آ رہا ہے۔" (John کھڑکی کو بند کردے draught آ رہا ہے)

John نے فوراً مجھے excuse me کہا اور ہمارے پیچھے والی کھڑکی کو ایک بار نیچے سے اوپر کھینچ کر زور سے نیچے فریم میں فٹ کرتے ہوئے مسکرا کر کہا "There you are, Sir."

دراصل کھڑکی میں نیچے اپنی جگہ پر فٹ نہ ہونے کی وجہ سے معمولی درز رہ گئی جس میں سے draught آ رہی تھی۔ John حافظ صاحب کی اپنی زبان تو نہ سمجھ سکا البتہ حافظ صاحب کی زبان خوب سمجھتا۔

کھانسی کی آواز تو آتی ہے مگر تھوک گرنے کی نہیں!

ایک صاحب لندن سے برمنگھم میں راقم کی ملاقات کے لیے تشریف لائے جن سے محض جان پہچان نہ کہ دوستی تھی۔ سیدھے یونیورسٹی میں پہنچے۔ کافی پینے پر ہی اکتفا کیا۔ میرا رہائشی ایڈریس لکھ لیا اور چلے گئے۔ ان سے ملاقات لندن کی Voking مسجد میں نماز عید پڑھنے کے موقع پر ہوئی۔ اس زمانے میں لندن میں صرف ایک ہی مسجد واقع تھی جہاں دور دراز سے نماز عید کی سعادت کے حصول کے لیے لوگ آیا کرتے۔ اب تو حالات بالکل مختلف ہیں۔ نہ صرف ہر شہر بلکہ اکثر محلوں میں بھی مسجدیں اور امام بارگاہیں موجود ہیں۔ ایک دفعہ نور زمان اور میں برمنگھم سے نماز عید کے فریضہ کی ادائیگی کے لیے مذکورہ بالا مسجد میں گئے۔ یونیفارم سے مراد پہن رکھی تھی تو نماز کی ادائیگی کے لیے وہاں سے کالے رنگ کی رامپوری ٹوپی خرید لی۔ اس دن سے آج تک ہیٹ کے بجائے عام طور پر کالے رنگ کی رامپوری استعمال کرنے کا معمول بنا لیا ہے۔

ہاں! تو وہ صاحب میرے گھر کا پتہ لے کر چلے گئے۔ جب میں یونیورسٹی سے قریباً نو بجے رات بس سے اترنے کے بعد گھر کی طرف جانے والی سٹریٹ پر چلا آ رہا تھا تو دیکھا کہ میرے گھر کے دروازے پر وہی "صاحب" کھڑے ہیں۔

"میرے خیال میں آپ میرا پتہ لے کر لندن واپس جانے والے تھے۔" میں نے Good evening کے بعد کہا۔

"نہیں جا سکا۔ بس رک گیا ہوں ٹرین miss ہو گئی۔"

Marfat.com

""آئیے اندر تشریف لائیں۔" میں نے ہال کا دروازہ کھولتے ہوئے پذیرائی کی اور پوچھا "آپ نے کھانا کھالیا ہے؟""

""ہاں ہاں، آپ کے انتظار میں بڑی سردی سے ٹھٹھر رہا ہوں۔""

صاحب گوجر خان، پاکستان کے قریبی گاؤں کے رہنے والے، اور انگلینڈ میں ایک مدت سے travelling salesman تھے۔ چھوٹا سا کاروبار کرتے۔ انگریزی اچھی خاصی بول سکتے تاہم لکھنے پڑھنے سے "پیدل" تھے۔

شدید سردی کی وجہ سے میں نے heater کو on کیا۔ اپنی دو قمیصیں دھو کر ہینگر پر لٹکا دیں۔ بعد میں pullout بستر دیوار سے کھینچا اور اپنے بستر سے ایک mattress نکال کر heater کے قریب بچھا دیا۔ ایک pillow رکھا اور ایک کمبل اوڑھنے کے لیے مہمان کو دیتے ہوئے بستر پر آرام کرنے کی ترغیب دی۔ کافی پی۔ کوئی ایک گھنٹہ بات چیت ہوئی۔ اسی دوران میں گپ شپ سے لطف اندوز ہوتا رہا۔ باتوں باتوں میں ان کے نام دانش خان کا انکشاف ہوا۔

کوئی گیارہ بجے رات دانش خان اپنے بستر پر دراز ہوگئے جبکہ میں بھی حسب عادت ننگ دھڑنگ اپنی mattress پر لیٹ گیا اور فوراً ہی نیند کی آغوش میں چلا گیا۔

رات کے ایک بجے میں نے محسوس کیا وہ صاحب کھانس رہے ہیں مگر تھوکنے کی آواز نہیں آرہی۔ سوچا میری خام خیالی ہے۔ کچھ دیر بعد زبردست کھانسی ہوئی اور تھوک پھینکنے کی آواز تو آئی مگر تھوک کسی جگہ گرنے کی آواز نہ آئی۔ شاید جناب rug پر تھوکتے ہوں۔ میں تجسس میں فوراً اٹھ بیٹھا۔ میں عادت کے مطابق کمبل یا رضائی اس طرح coccoon بنا کر سوتا ہوں کہ صرف ناک باہر رہتی ہے۔ میں نے چہرے سے کمبل ہٹایا اور دیکھا کہ حضور pillow کو ایک طرف کرکے pillow کے نیچے بستر پر بڑی احتیاط سے تھوک اگل رہے ہیں۔ عجیب بدصورت انسان واقع ہوئے۔ بمشکل باقی رات کا حصہ بسر کیا۔ میں صبح دم بستر چھوڑنے کا عادی ہوں۔ حسب معمول وضو کرنے کے بعد ناشتہ تیار ہو گیا اور انہیں بھی تیاری کا احساس دلایا مگر وہ کچھ دیر مزید سونے کا تقاضہ کر رہے۔ میں نے تھوڑا انتظار کے بعد کہا "جلدی کیجیے مجھے دیر ہو رہی ہے۔"

"ابھی تو بہت جلدی ہے۔ تمام رات پرانی کھانسی کی وجہ سے سو نہ سکا۔" اور اپنے موقف پر ڈٹے رہے۔

"اور میں بھی اب سویا چھوڑ کر جا رہا ہوں۔" میں نے جھنجھلاہٹ میں اس کا کوٹ بستر پر پھینکتے ہوئے دھاڑا۔

وہ چپ تو ہو گئے مگر میری توقع سے زیادہ اٹھنے میں تاخیر کی۔ بہرحال جب گھر سے باہر نکلے تو میں نے صرف Good bye پر ہی اکتفا کیا اور اپنی شاپ کی طرف روانہ ہو گیا۔

چند دنوں بعد صابر سے ملاقات ہوئی تو میں نے دانش خان سے متعلق بات کی۔

"Jerry اللہ کا شکر کرو اس سے پیچھا چھوٹا۔ وہ بڑی گھٹیا قسم کی چیز ہے اور نت نئے ٹھکانوں کی تلاش میں رہتا ہے۔ ہاں مشکلات میں بھی نہیں بس نحوستوں کا مارا ہے۔ تمہارا فلور وغیرہ تو نہیں لے گیا!"

نجم صاحب عرف عاجز

نام تھا نجم، تخلص عاجز۔ لکھنؤ کے کسی قریبی گاؤں کے رہنے والے۔ بات بات پر شعر۔ اردو زیادہ، انگریزی بہت کم بولنے کی کوشش میں لگے رہتے۔ یہ نہیں کہ انگریزی بولنے پر مجبور نہ تھے۔ بلکہ یہ کہ اردو زبان کے فروغ کے داعی تھے۔ نور زمان کے ساتھ Business Administration میں داخلہ لے رکھا تھا۔ نہایت خوش پوش، پائپ کے شوقین، سر پر grey رنگ کا felt hat ارجنٹائن کے مشہور Tango dance گانے والے Carlo Gardel (ضمیمہ 99) کی طرح سجا رکھتے۔ کوٹ کی بائیں اوپر والی جیب میں رومال کی جگہ پائپ اس طرح رکھتے کہ اس کا bowl جیب کے اوپر نمایاں ہوتا۔ مسکرانا تو یقیناً بھول چکے تھے۔ یوں لگتا کہ ماتھے پر مکھی کو بھی برداشت نہ کرتے۔ نجانے نور زمان جیسے بذلہ سنج، ہنس مکھ اور کھلے ڈھلے شخص کا متضاد کیفیت کے حامل سے کیسے نباہ ہو رہا تھا۔ پتے پالنے سے تنفر مگر ڈانس کے شوقین اگرچہ rhythm کا بالائے طاق رکھتے مگر لڑکیوں سے بات کرنے سے قاصر۔ ہمیشہ نور زمان سے کہتے کہ کسی لڑکی کو ان کے ساتھ ڈانس کرنے کا کہو۔ لڑکی ڈانس کے دوران ہی انہیں چھوڑ کر چلی

Marfat.com

جایا کرتی کیونکہ ان کو ڈانس کی سوجھ بوجھ ہی نہ تھی لیکن عاجز برا محسوس نہ کرتے اور اردو میں یہ کہتے

"تو ہے ہرجائی تو اپنا بھی یہی طور سہی
تو نہیں اور سہی اور نہیں اور سہی"

نور زمان نے ایک روز مجھے عاجز صاحب سے متعارف کرایا جب بھی میں کوئی شعر کہتا تو میرے اہل زبان نہ ہونے کی وجہ سے نہ صرف ان کو ناگوار گزرتا بلکہ میرے صحیح تلفظ کو بھی حقارت کی نظر سے دیکھتے اور اصلاح کرنے کی سعی کرتے۔ ایک دفعہ کسی موقع پر میں نے شعر کہا:

"تنگ دستی نہ ہو اگر غالب
تندرستی ہزار نعمت ہے"

"ہائے بیڑہ غرق" ماتھے پر ہاتھ مارتے ہوئے کہا اور اتنے زور سے کہ منہ سے پائپ فرش پر گر گیا مگر انہیں اس کی پرواہ نہ تھی کیونکہ علم و ادب کا تقاضہ سرفہرست تھا۔

"کیا ہوا میں نے کوئی غلط شعر کہہ دیا؟"

"تلفظ بھی غلط اور یہ شعر غالب کا نہیں سالک کا ہے۔"

"اچھا عبدالمجید سالک؟" میں نے پوچھا۔

"میرے بھائی شاعری وغیرہ تمہارے بس کا روگ نہیں اپنی ریسرچ کی حد تک ہی رہو تو بہتر ہے۔ عبدالمجید سالک نہیں بلکہ مذکورہ سالک صاحب جو کہ غالب سے قریباً سو سال پہلے پیدا ہوئے تھے۔" جیب سے دوسرا پائپ برآمد کیا اور زمین پر گرے ہوئے پائپ کو اسی طرح کوٹ کی جیب میں ڈال لیا۔

"معاف کرنا آپ کا تخلص 'حاجز' ہے یا 'عاجز'" میں نے طنزاً پوچھ لیا۔

اسکے ردعمل پر وہ نور زمان سے مخاطب ہوئے "ان Jerry صاحب سے پرے اور دور ہی رہو۔ یہ بڑے نہایت نامعقول ہیں۔"

لطف کی بات کہ نور زمان کو اردو سے کوئی زیادہ دلچسپی نہ تھی۔ بہر حال جب عاجز نور زمان کے ساتھ ہوتے تو وہ اردو کے ... ڈھونڈ کر لاتا تاکہ عاجز سے ملاقات کا شرف حاصل ہو سکے۔ نور زمان نے عاجز صاحب کو مشورہ دیا کہ وہ ڈانس کے چند ایک lessons لے لو کیونکہ جناب کے سر پر ڈانس کا بھوت سوار ہے۔ ہفتہ میں دو دن پینتالیس منٹ کے لئے ایک ڈانس سکول میں داخلہ لے لیا۔ ایک پونڈ فی session کی فیس تھی۔ ڈانس کی ساتھی professional لڑکیاں جن کو فقط پیسہ کمانے سے غرض ہوتی ہے وہ یہ نہیں کہتیں کہ آپ غلط ڈانس کرتے ہیں بلکہ تعریف ہی کرتی چلی جاتی ہیں۔ عاجز صاحب نے پانچ ہفتوں میں ڈانس کا کورس مکمل کیا اور بڑا فخر محسوس کرتے کہ ڈانس کا موقع ملے۔ بڑے دنوں کی چھٹیوں میں Town Hall کے قریب نور زمان کے Commerce School کے زیر اہتمام ایک ڈانس کا بندوبست ہوا۔ عاجز صاحب، نور زمان اور میں ہم دونوں اپنی اپنی گرل فرینڈ کے ساتھ اس ہال میں گئے۔ ایک میز پر ہم پانچوں افراد بیٹھ گئے۔ نور زمان نے اپنی گرل فرینڈ Clara کو عاجز صاحب سے ڈانس کرنے کی ترغیب دی۔ band ایک گانے کی دھن بجا رہا تھا:

"Railroad comes through the middle of the house."

نور زمان میری دوست Norma کے ساتھ ڈانس کرنے لگا اور میں بیٹھا عاجز صاحب کا تماشہ دیکھتا رہا۔ جانے انہوں نے ڈانس کے دوران کیا سٹیپ لیا کہ Clara فرش پر گر گئی۔ بس پھر کیا تھا عاجز صاحب اپنا ہیٹ بھی میز پر چھوڑے اور غائب ہو گئے۔ Clara کا اخلاق ملاحظہ ہو جب وہ واپس آئی تو کہنے لگی، "It was my fault Where is Mr. AAjiz ? He should be back, his hat is here."

اس کے بعد عاجز صاحب نور زمان کو تو سکول میں ملتے مگر مجھ سے پھر ملاقات نہ ہو پائی۔

Marfat.com

پردے کھینچو، پردے کھینچو

ایک صاحب جن کا نام تو کچھ اور تھا مگر انہیں دوست احباب "پٹھیماں" کہا کرتے۔ راقم کے سننے میں آیا کہ پٹھیماں ایک قریب ہوتے وقت تیز آواز میں خراٹے اور دوسرا "بھارے" بھی کرتا تھا۔ پٹھیماں موچی دروازہ لاہور کا رہنے والا زیادہ پڑھا لکھا نہیں تھا مگر اسے بھی موقع پر انگریزی بولنے سے گریز نہ تھا۔ دوسروں کو انگریزی بولنے کا موقع دینا اس کے بس سے باہر تھا۔ یہ بولتے ہوئے بھی کہ ہم لوگ غلط انگلش پر ہنس رہے ہیں وہ تواتر اور پورے اعتماد سے بولتا ہی چلا جاتا۔ لندن میں صرف weekend پر جو منڈیاں منعقد ہوتیں وہاں پر بہت سے سٹال لگا کر خوب رقم کما لیتا۔ سردست عرض کرتا چلوں کہ نہ صرف لندن میں بلکہ انگلینڈ کے مختلف مقامات میں ہفتے کے کسی نہ کسی دن منڈیاں لگتی ہیں۔ لوگ سٹال لگا کر مختلف اشیاء فروخت کرتے اور یہی ان کا ذریعہ معاش ہے۔ اسی طرح "پٹھیے" نے اپنا ذاتی مکان بھی خرید لیا۔ مہمان نوازی یعنی دوست و احباب کو اپنے گھر ٹھہرانے کا جنون کی حد تک شوق ہے۔ مکان Palmer Road مشرقی لندن میں واقع تھا۔

ایک موقع پر نور زمان اور راقم اس کے پاس ایک long weekend پر ٹھہرے گئے۔ ہمیں مل کر نہایت خوشی کا اظہار کیا۔ اتوار رات کی نور زمان کو اس نے اوپر والا کمرہ دیا اور نیچے والا کمرہ living-room سے متصل جس میں پٹھیماں اور میں نے سونا تھا۔ نور زمان نے کہا کہ ہم لوگ تینوں ایک کمرے میں نہیں سو سکتے کیونکہ Jerry سونے کا عادی ہے اور خراٹے لینے سے باز نہیں آسکتے۔ ورنہ اس کی خواہش تھی کہ گپ شپ چلتی اور ایک ہی کمرے میں سویا جاتا۔ میں نے اس کا دل رکھنے کے لئے اس کے ساتھ سونے کی حامی بھر لی۔ جب ہم سو رہے تھے تو پٹھیے نے اپنی مخصوص کاروائی شروع کر دی۔ مجھے بیدار رہنا پڑا۔ بمشکل سونے کی کوشش کرتا رہا۔ نیند بھلا کہاں آتی عجیب و غریب قسم کے خراٹوں کی آوازیں تھیں۔ رات میں وحشت زدہ ہو کر سونے کی کوشش کر رہا تھا۔ اب خراٹوں کے ساتھ "پردوں" کی آواز بھی کانوں سے ٹکرائی

"پردے کھینچو۔۔۔پردے کھینچو۔۔۔"

شروع میں تو میں نے کوئی توجہ نہ دی مگر خراٹے اور "پردے کھینچو، پردے کھینچو" کی گردان کی وجہ سے مجھے یہ سوچنے پر مجبور ہونا پڑا کہ پردے کھینچوں کیونکہ ایک بڑی شیشے کی کھڑکی جو lawn میں کھلتی تھی۔ اس کے پردے دائیں بائیں ہٹا دیئے گئے اور cupboard کے پردے بھی اسی حالت میں تھے لہٰذا میں نے اس کے منہ کے قریب جا کر پوچھا "کونسے پردے؟"

کوئی جواب نہ ملا۔ میں دوبارہ لیٹ گیا اور خراٹوں والے عمل کے دوران کہہ دیتا "پردے کھینچو، پردے کھینچو۔"

میں تھوڑی دیر بعد پھر اٹھ کر اس کے قریب گیا اور تین چار بار کہا "کونسے پردے؟"

"lawn والی کھڑکی کے" اس نے سوتے میں جواب دیا۔

میں نے ارشاد کی تعمیل کرتے ہوئے پردے کھینچ دیئے۔ اس نے دوبارہ پردوں کی بات نہ کی مگر خراٹے بھرتا ہی رہا۔ بہر حال میرے لئے ناقابل برداشت تھا۔ اٹھ کر نور زمان کے کمرے میں سو گیا۔ صبح اٹھنے پر نور زمان کو داستان غم سنائی جس پر نور زمان نے کہا

"مجھے پہلے سے علم تھا اس کے خراٹے تمہیں سونے نہ دیں گے مگر پردوں والی بات عجیب نہیں۔ ایسی عادات کے حامل لوگوں سے ان کی نیند میں کلام کیا جائے تو نارمل سوال و جواب کرتے ہیں لیکن جاگ اٹھنے پر ان کو کچھ یاد نہیں رہتا اور رات کی سرگزشت سے منحرف ہو جاتے ہیں۔"

ہم دونوں تیار ہو کر نیچے آئے تو پٹھیماں کچن میں ناشتہ تیار کر رہا تھا۔ "Jerry تم غائب کیوں ہو گئے تھے؟"

"تمہارے خراٹے مجھے سونے نہیں دے رہے تھے اور پھر پردے کھینچو کی رٹ لگا رکھی تھی۔ حالانکہ میں نے چل کر تمہارے حکم کی تعمیل کر دی اور پھر سو گیا۔"

"میں تو کبھی خراٹے نہیں لیتا اور پردوں کے متعلق میں نے بات کی ہی نہیں۔"

"پٹھیے رات کو تمہارے کمرے میں چور نہیں آ سکتا۔"

Marfat.com

"کیوں؟"

"اس لئے کہ وہ سمجھے گا کہ اندر شیر سو رہا ہے۔" میں نے ازراہِ تفنن جواب دیا۔

دوسرے دن نور زمان کے کمرے میں سویا اور تیسرے دن واپس چلے آئے۔ اس ضمن میں عرض کرتا چلوں کہ ایسے لوگ بھی ہیں جو رات کو چلنے سے بھی دریغ نہیں کرتے اور انہیں اس عمل کی خبر تک نہیں ہوتی۔ ایسے لوگوں کو somanambulants یا Sleep-walkers کہا جاتا ہے۔ فرخ جمشید [illegible] کی بیوی کی چھوٹی ہمشیرہ [illegible] کی نئی نئی شادی ہوئی تھی رات کو سوتے سے اٹھ کر برآمدے کی منڈیر پر چلتی رہتی اور پھر واپس آ [illegible]۔ ایسے لوگ بہت ہی خطرناک جگہوں پر چلتے ہیں جہاں کوئی دیدہ دانستہ چلے تو گرنے پر موت واقع ہو جائے مگر somanambulants [illegible]۔

برف سے پھسلا، بچے نے دیکھ ہی لیا

[illegible] landladies سے دوستوں کی آمد و رفت، شور و غل والی parties اور شراب وغیرہ [illegible] برداشت کی landlady کے پاس paying guest یا Independent [illegible] (ضمیمہ 100) [illegible] ایک موقع پر [illegible] یونیورسٹی سے دور suburb میں جنگل کی countryside [illegible] علاقہ پہاڑی۔ وہاں سے یونیورسٹی تک بس میں کوئی پندرہ بیس منٹ لگتے [illegible] lines میں [illegible]۔ Mrs. Harrison میری landlady [illegible] Grace [illegible] attic [illegible] living-room cum dining room [illegible] back lawn [illegible] washing machine [illegible] drip-dry [illegible] hangers [illegible] Mrs. Harrison جب mood میں ہوتی تو [illegible]۔

Mrs. Harrison [illegible] WWII [illegible] Dunkirk [illegible] Allies (ضمیمہ 101) [illegible] argument [illegible] steps [illegible] flare up [illegible] Amphora Black Label [illegible] Enmore [illegible]۔

[illegible] Amphora [illegible] Mrs. Harrison [illegible] Mr. Harrison [illegible] Mr. Nasir [illegible] impression [illegible] Amphora [illegible] "To each his own" [illegible]۔

[illegible]

Mr. Harrison [illegible] cycling [illegible] sports کے pages [illegible]۔

Mrs. Harrison نے [illegible] attic [illegible] Grace [illegible] Grace [illegible] Mrs

Marfat.com

Harrison اور میں lawn میں cutting کر رہے تھے۔ چونکہ اس زمانے میں اکثر انگریزوں کے مکانات میں خصوصاً countryside میں لکڑی کے ہوا کرتے۔ دھڑام کی آواز سے ہم دونوں اوپر گئے۔ Mr. Harrison فرش پر، اس کے اوپر سیڑھی اور سیڑھی کے اوپر bicycle۔

Mrs. Harrison نے کہا "یہاں بھی cycle!" "What did you do ?"

ہم نے پہلے سائیکل پھر سیڑھی اٹھائی، ازاں بعد اسے سہارا دے کر کھڑا کیا۔ وہ کہتا رہا:

"I am alright, I am alright."

ابھی وہ شرمندہ ہی تھا تو پھر Dunkirk کی کوئی بات کرنے کیلئے منہ کھولا۔ Mrs. Harrison نے خوب برا بھلا کہا۔ ہوا یوں کہ Mr. Harrison نے سیڑھی لگائی تو سہارا لینے کیلئے اپنے ہاتھ سے attic کے فرش کا کنارا پکڑنے کی بجائے ساتھ ہی پڑی ہوئی سائیکل کے پہیے کو گرفت کر لیا۔ جب زور لگا کر سیڑھی کے اوپر والے step پر پاؤں رکھنے کا ارادہ کیا تو سائیکل کا پہیہ گھوم گیا، سیڑھی نیچے سے پھسل گئی۔ چند دن تک Mrs. Harrison اور میں یہ سمجھنے کی کوشش کرتے رہے کہ بجائے اس کے سائیکل اس پر گرتی اور سیڑھی کی دوسری طرف یہ کیسے ہو گیا کہ پہلے Mr. Harrison پھر سیڑھی اور اس کے اوپر سائیکل! بہرحال Mrs. Harrison نے صرف یہ کہا

"Clumsy"

بات تو برف سے چھیڑنے کی تھی۔ شدید سردی اور رات خوب برفباری ہوئی۔ میں نے کھڑکی کے پردے ہٹا کر دیکھا منظر نے سفید برف کی چادر اوڑھ رکھی تھی۔ تیاری کے بعد گلے میں مفلر لپیٹ لیا اور کالے رنگ کا Corombie (ضمیمہ 102) chester زیب تن کیا، سر پر hat، اپنا پائپ سلگایا اور نیچے breakfast کی غرض سے آ گیا۔ میں اکثر ناشتہ اسی حالت میں کیا کرتا۔ Mrs. Harrison کو شاید یہ بات میں ناگوار گزرا کیونکہ hat، overcoat یا chester گھر سے باہر نکلنے پر پہنتے ہیں۔ میں وقت کی بچت کے پیش نظر ناشتے کے بعد دوبارہ اپنے کمرے میں نہ جانا چاہتا۔ البتہ کبھی کبھی اخلاقاً ناشتہ کرتے وقت ہیٹ ضرور سر سے اتار لیا کرتا۔ "Good morning everybody." میں نے کہا۔ ناشتہ کی میز پر Grace بیٹھی ہوئی تھی۔ Mr. Harrison صبح سویرے اپنا ناشتہ خود ہی تیار کرتا اور اکیلے ہی ناشتہ کرنے کا عادی تھا۔ Mrs. Harrison ناشتہ serve کر رہی تھی۔

Mrs. Harrison، "It is not a good morning, look what is doing outside ?"

نے کہا۔

Mrs. Harrison صبح اور دوپہر Zebra crossing پر جو کہ شہر کے قریب تھی، سکول کے بچوں کو آر پار کیا کرتی۔ مجھے ایسی حالت میں برفانی موسم پسند نہ تھا۔ میں ناشتہ کرنے کے بعد "Bye, bye" کرتا ہوا باہر نکلا۔ ہاتھ سن ہو رہے تھے جبکہ میں gloves کے استعمال کا عادی نہ تھا۔ واپس لوٹا اور اپنے بریف کیس کو دروازے کے اندر پھینک دیا۔ دونوں ہاتھ chester کی پاکٹ میں ڈالے اور پائپ کا دھواں اڑاتے ہوئے چل نکلا۔ ابھی ڈھلوان میں ہی تھا کہ پاؤں پھسل گیا اور لوٹ پوٹ ہوتے ہوئے میں روڈ کے curb پر آن گرا۔ جلدی سے اٹھا، ادھر ادھر دیکھا کہ کوئی دیکھ تو نہیں رہا۔ یوں ہی میں نے بائیں جانب دیکھا تو ایک پانچ چھ سالہ بچہ جو اپنی ماں کے ساتھ پیدل آ رہا تھا، کھل کھلا کر ہنس دیا۔ ماں جب قریب آئی تو مجھ سے مخاطب ہوئی:

"Sorry Sir, he is only a child."

پائپ کہاں گیا؟ پھر میں برف کے اوپر سے ڈھلوان کی دونوں طرف لگے درختوں کا سہارا لے کر ڈھلوان پر چڑھنے لگا تاہم پاؤں پھسل رہے تھے جبکہ بس کے نکل جانے کا بھی احساس تھا، ارادہ ترک کر دیا۔ جب میں بس میں سوار ہو کر ٹکٹ کیلئے coins کوٹ کی بائیں پاکٹ سے نکالنے لگا تو پائپ جیب میں موجود تھا۔

پائپ جیب میں کیسے چلا گیا؟

Marfat.com

مزے دار سینڈوچ!

نام تھا فیض، رہنے والے وہاڑی، پاکستان کے قریب کسی گاؤں کے۔ پیشے کے لحاظ سے book-keeping بیٹے کی نے بلایا تو اسی دکان کو دفتر بنالیا اور ایک کونے میں بیٹھ کر کام کرتے رہتے۔ مذہبی پیشہ ور سے زیادہ واقف ہوئے ... جب ملنے جاتے تو پہلی فرصت میں پوچھ لیتے کہ آیا گوشت حلال ہے یا حرام؟ نماز، روزہ اور دیگر مذہبی امور پر تفصیل ... یہاں تک کہ دوسرے لوگ bore ہو جایا کرتے۔ آپ Kings Heath, Highbury Road پر ... میں کافی مدت سے قیام پذیر تھے۔

ایک missionary کا ہندوستان اور پاکستان کے معرض وجود میں آنے سے پہلے کافی عرصہ ہندوستان میں گزرا۔ اس نے اپنے گھر میں چند ہندوستانیوں، پاکستانیوں اور راقم کو سہ پہر کی چائے پر مدعو کیا ہوا تھا ... تعارف کے بعد اس نے کہا کہ آخر ہندوستان اور پاکستان دونوں ایک ہی ملک ہیں۔

"کیسے ایک ہی ملک ہیں؟ کیا Ireland میرا مطلب ہے De Valera والا Ireland اور انگلینڈ ایک ہی ملک ہیں؟" میں نے وضاحت چاہی۔

"نہیں۔" اس نے جواب دیا۔

"تو پھر آپ نے کیسے کہہ دیا کہ ہندوستان اور پاکستان ایک ہی ملک ہندوستان کا نام ہے؟"

"Ganges دریا ہندوستان میں بہتا ہے اور پاکستان میں بھی۔"

"ہاں، مشرقی پاکستان کے کچھ حصہ میں ہے مگر اس کا مطلب یہ تو نہیں کہ دونوں ایک ہی ملک ہیں۔"

میں آخر بار گیا۔ اس کی geography اتنی کمزور تھی کہ میں اسے قائل نہ کر سکا۔ وہ اندر سے کچھ سینڈوچ اور کیک لے آیا اور اسی طرح چائے اور کافی کا بھی بندوبست کیا۔ ہمیں شروع کرنے کی دعوت دی۔ ابھی ہم لوگ کھا ہی رہے تھے تو "Excuse me" کہہ کر missionary صاحب سیڑھیاں چڑھتے ہوئے اوپر والی منزل پر کسی کام کے لیے چلے گئے۔

cheese، beef اور ham sandwiches تھیں۔ فیض صاحب کو شاید افراتفری کے عالم میں یا شدید بھوک کی وجہ سے یہ پوچھنے کی فرصت نہ ملی کہ کون سی sandwich کس گوشت کی ہے۔ مزے لے لے کر کھاتے رہے اور دو تین ham sandwiches کھاتے ہوئے فرمانے لگے:

"ایسے لذیذ گوشت کی sandwiches میں پہلی بار کھا رہا ہوں۔ missionary وہ تو ایسی ہوتی ہیں ... ہم لوگ آپس میں آنکھوں میں اشارہ ... کرتے رہے۔ missionary سیڑھیاں چڑھ کر تیزی سے نیچے آیا اور ... مجھے excuse me ذرا اوپر دیر میں ... ہوئی۔ میں Pickthall کا قرآن تلاش کرنے میں ... ۔ بتانا ہی بھول گیا کہ کون سی sandwiches کس گوشت کی ہیں کیونکہ آپ لوگوں میں سے کچھ مذہب اسلام کے پیروکار ہیں اور یہودی pork نہیں کھاتے۔"

missionary صاحب جو sandwich میرے ہاتھ میں ہے یہ ham کی تو نہیں؟ فیض صاحب نے پوچھا۔

"I am sorry, it is of ham."

missionary صاحب کا یہ کہنا تھا کہ فیض صاحب نے وہاں ہی الٹیاں (قے) کرنی شروع کر دیں ... missionary صاحب "sorry, sorry" کی گردان کرتے رہے۔ اس کے بعد میری فیض صاحب سے ملاقات نہیں ہوئی۔

Milkman

راقم کی body chemistry کچھ ایسی ہے کہ بچپن سے دودھ راس نہیں آتا اور جو لوگ دودھ سے حوالی ... ہے ... قریب

Marfat.com

سے بھی نہ رہ جاؤں تو'' ۔۔۔۔۔۔لگ جاتی ہیں۔''

ایک دفعہ میں نے landlady سے کہا کہ دودھ کی بوتلیں مجھے weekend پر چاہئیں تا کہ مہمانوں کیلئے کافی اور چائے
میں دودھ استعمال کر سکوں۔ اس نے milkman کو ٹیلیفون پر میرا نام مسٹر نسیم، کمرہ نمبر تین، 12 Lamont Avenue بتا دیا

اس دور میں milkman یا delivery van کا driver وہ ڈرائیو کرتا ہوا ساتھ مختلف علاقوں کا راؤنڈ لگایا کرتا
اور آرڈر کے مطابق گھروں پر دودھ کی بوتل یا بوتلیں تقسیم کرتا۔ دونوں سفید apron میں ملبوس ہوتے۔ کبھی کبھی تو گھر کے دروازے پر
دستک دیتے ہوئے کہتا ''milkman'' یا بغیر دستک کے دودھ کی بوتلیں رکھ جاتا۔

ہر ہفتہ آرڈر کے باقاعدگی سے ساتھ دودھ کی بوتلیں گھر کے ہال دروازے کے باہر صبح سویرے میرے اور دیگر رہائشیوں
کیلئے پڑی ہوتیں۔ میں دو بوتلیں اٹھا کر ہفتہ کی صبح کو اپنے کمرے میں لے آتا۔ حیران تھا کہ دروازے کے باہر گیارہ بوتلیں پڑی ہوتی
تھیں مگر milkman کو کیسے پتہ چلا کہ کس کس کی ہیں تاہم ابھی تک مجھے بل نہیں ملا تھا۔

مجھے بعد میں پتہ چلا کہ milkmen ہر ایک آرڈر کے مطابق متعلقہ بل mat کے نیچے جو کہ باہر دروازہ کے سامنے بچھا
ہوتا رکھ دیا کرتے اور ساتھ ہی دودھ کی بوتلیں بھی۔ رہائشی بھی اپنے اپنے بل کے مطابق مطلوبہ رقم کسی لفافہ میں ڈال کر اپنے ناموں
کے ساتھ mat کے نیچے رکھ دیتے۔ اس طرح مہینوں تک کسی کو پتہ بھی نہ چلتا کہ milkman کون ہے۔ رہی بات رہائشیوں کی،
انہیں کیسے پتہ چلتا کہ دودھ کی بوتلیں کس کس کی ہیں؟

وہ ہر کوئی اپنے دیئے ہوئے آرڈر کے مطابق ہی بوتلیں اٹھایا کرتا۔

landlady نے بتایا کہ یہ سلسلہ اب ختم ہوتا جا رہا ہے کیونکہ foreigners کے زیادہ ہونے کی وجہ سے بے ایمانی شروع
ہو گئی ہے۔ وہ نہ صرف mat کے نیچے سے اپنی ہی رہائش کا بل کی رقم چوری کرتے، بلکہ دودھ کی بوتلیں بھی جو کہ دیگر لوگوں کے لئے
ہوتیں غائب کر جاتے۔ یہ بات یہاں تک ہی نہیں رہی۔ آہستہ آہستہ دوسرے گھروں کے لوگوں نے دودھ کی جو رقم اپنے mats کے
نیچے رکھی ہوتی وہ بھی غائب ہونا شروع ہو گئی۔ اسی لئے milkman جب دودھ کی بوتلیں لے کر آتا تو دروازہ کھٹکھٹاتے ہی کہتا ہے،
''milkman'' تا کہ گھر والے بوتلیں اٹھا کر اندر رکھ لیں اور بل کی ادائیگی بھی کئی علاقوں میں ذاتی طور پر ہونا شروع ہو گئی ہے۔

باتھ روم میں Hurricane lantern

قیامت کی سردی، چند دنوں میں یخ بستہ ہوائیں چل رہی تھیں۔ جنوری کا مہینہ تھا۔ ویسے تو برسات معمول کے مطابق
تھی بارش ہوتی بھی رک جاتی مگر سردی کی شدت میں کمی واقع نہ ہوتی۔ دو دنوں سے متواتر برفباری جبکہ اس دوران موسم قدرے گرم
ہو جاتا۔

لیبارٹری میں چند زیادہ ہی مصروفیت کی وجہ سے رکنا پڑا۔ قریباً گیارہ بجے رات گھر پہنچا۔ گھر کے ہال کا دروازہ چابی لگا
کر چپکے سے کھولتا کہ کھڑکھڑاہٹ landlady کی نیند میں خلل انداز نہ ہو۔ وہ گھر کے اندر داخل ہوتے ہی ہال کی بائیں جانب کے
کمرہ میں ہوا کرتی۔ اسے میرے کمرے کی کھڑکی سے گھر کے سامنے والا اور پچھلی سائیڈ والا حصہ صاف نظر آتا۔ معمولی آہٹ سے بھی وہ جاگ
جاتی اور پھر تمام رات نیند نہ آنے کی وجہ سے پریشان ہو جاتی۔ وہ کسی دماغی عارضہ میں مبتلا تھی۔ دن کو بھی ذرا سا کھٹکا ہوتا تو پردے ہٹا کر
کھڑکی سے باہر جھانکتی کہ معاملہ کیا ہے۔ بعض اوقات جب میں گھر کے فرنٹ lawn میں داخل ہوتا تو سڑک سے جو راہداری
گھر کے مین گیٹ تک آتی اس کا فرش rough تھا۔ میں جوتے اتار لیتا تا کہ کھڑکھڑاہٹ نہ ہو اور نہایت احتیاط سے ہال کے
دروازے کو چابی سے کھولتا مگر دروازہ بند کھٹکے سے ہوتا۔ landlady اگر سو رہی ہوتی تو جاگ اٹھتی اور اسی وقت یا دوسرے دن لطیف
انداز میں سرزنش کرتی۔ تاہم رحمدل خاتون تھی گھر چھوڑنے کو نہ کہتی۔ رات تو رات اسے دن کو بھی گھر کے اندر یا باہر کھڑکھڑاہٹ ناپسند
تھی البتہ دھیمے انداز سے اپنے کمرے کا دروازہ کھول کر دیکھا کرتی۔

گھر کا bathroom پہلی منزل پر بالکل سیڑھیوں کی landing کی دائیں جانب واقع تھا۔ سیڑھیوں پر پڑا ہوا

Marfat.com

rug اسقدر بوسیدہ کہ جگہ جگہ سے دھاگوں کی لکڑی صاف نظر آتی۔ landing پر صرف لکڑی بنی تھی۔ bathroom میں نہانے کے ٹب کے ساتھ باہر لکڑی کے فرش پر چھوٹا سا rug بچھا ہوا تھا۔ مکان قدرے پرانا، چھت کی لکڑیوں خاص طور پر سیڑھیوں پر اور باتھ روم میں پاؤں کی نقل و حرکت سے چرچراہٹ نمایاں ہوتی۔ انہی عوامل سے landlady پریشان ہو جاتی۔ کبھی پیار اور کبھی تھوڑی سی تلخی سے دھیرے سے چلنے کا کہتی تاکہ کھڑکھڑاہٹ نہ ہو۔

چند ایک بار رات کو مجھے bathroom میں متعدد بار جانے کی ضرورت محسوس ہوئی۔ جوتے اتار کر نہایت آہستگی سے چلنے کے باوجود چھت کی لکڑیاں چرچرا اٹھتیں اور وہ بیچاری معمولی آہٹ سے جاگ اٹھتی۔ نیند میں خلل واقع ہوتا۔ ایک دفعہ اس نے بعد از دوپہر چائے پر مجھے Invite کیا۔ مختلف قسم کا cheese پیش کیا۔ چونکہ میں black coffee کا عادی تھا لہٰذا چائے بغیر دودھ اور sugar کے استعمال کی۔

"مسٹر نصیر، مجھے ایک بات تو بتاؤ اگر برا نہ مانو تو؟" اس نے نہایت apologetc لہجہ میں پوچھا۔

"اس میں برا ماننے کی کیا بات ہے۔ آپ فرمائیں۔"

"جب رات کو waterworks کی حاجت پر اٹھ کر جاتے ہو کیا واپسی پر نیند آجاتی ہے؟"

"بالکل آجاتی ہے۔ ایک بار نہیں متعدد بار جاؤں تو بھی۔"

"strange دیکھنے میں آیا ہے کہ اکثر پاکستانی جو میرے پاس رہے ہیں اور آپ بھی صبح اٹھ کر نہاتے ضرور ہیں۔"

"ہاں! عادات کی بات ہے۔"

دوران گفتگو اس کے چہرے کے تاثرات سے ظاہر ہوتا کہ یہ معمولات حیرت انگیز ہیں اور اس کی نظر میں انوکھا عمل ہے۔

بات سردی سے شروع ہوئی۔ دوپہر سے برفباری ہو رہی تھی اور میں برفباری کے دوران ہی گھر پہنچا۔ مجھے گھر پہنچے ہوئے تھوڑی ہی دیر ہوئی، ابھی سویا نہ تھا کہ landlady کے کمرے کا دروازہ کھٹکنے کی آواز آئی۔ چند لمحوں کے بعد میں نے اپنے کمرے کا دروازہ کھول کر دیکھا تو landlady ایک hurricane lantern ہاتھ میں لئے سیڑھیاں چڑھ رہی تھی۔ میں نے دروازہ بند کیا اور سو گیا۔ صبح اٹھ کر bathroom گیا تو lantern جل رہی تھی۔ میرے پاس وقت نہیں تھا کہ landlady سے پوچھتا۔ اس دن خلاف معمول جلدی یونیورسٹی سے آ گیا تاکہ معلوم ہو سکے lantern والا معاملہ کیا ہے؟

بات چیت یوں کی کہ سخت سردی اور برف باری کے موسم میں bathroom قدرے گرم رکھا جاتا ہے تاکہ watertank اور پائپ کا پانی جم نہ جائے۔ پانی منجمد ہونے سے اس کا volume بڑھ جاتا ہے۔ watertank اور پائپ پھٹنے کا خدشہ لاحق ہوتا بلکہ پھٹ بھی جاتے ہیں۔ یہ ایک پرانی طرز کا مکان تھا اور پانی صرف اتنا گرم ہوتا کہ بمشکل نہایا جا سکتا۔ کوئی ٹب گرم کا hot water system۔ مجھے بعد میں پتہ چلا کہ lantern صرف ان مکانات کے bathroom میں جلائی جاتی جہاں گرم پانی کا انتظام نہیں ہوتا۔ landlady چونکہ orthodox ہونے کی وجہ سے ابھی تک اس پر عمل پیرا تھی۔

Public baths

راقم کو برمنگھم میں کوئی ایک برس گزر چکا تھا۔ مانچسٹر سے میرے ایک دیرینہ دوست افتخار احمد ملک جو ان دنوں کلینیکل ٹریننگ پر تھے برمنگھم میں چند دنوں کیلئے مجھے ملنے آئے۔ افتخار کے ماموں محمد شریف صاحب کی رہائش سے بالکل قریب ہی قیام تھا۔ Indian summer کے دن تھے، گرمی بھی زیادہ نہیں تھی کہ jacket وغیرہ کی ضرورت محسوس نہ ہو۔ مکان کافی بوسیدہ، پیچھے ایک چھوٹا سا صحن، جبکہ کمرے کے پچھواڑے ایک تنگ گلی میں جو کہ مکان کا حصہ ہی تھی بائیں جانب ایک نہایت چھوٹا کمرہ واقع تھا جس میں ایک commode اور ایک واش بیسن جس کی ٹونٹی سے مسلسل پانی بہتا۔ یہی تو تھا bathroom جو بمشکل ایک آدمی کو accommodate کر سکتا۔ دروازہ وغیرہ بند ہونے کے باوجود سب درز سے ہوا اندر آ جاتی۔ مکان میں داخل ہونے کے بعد ایک چھوٹا سا ہال جس کی دائیں جانب ایک کمرہ جس میں پرانی قسم کا صوفہ سیٹ تھا یہ living-room اور صرف room

Marfat.com

تھی۔ living جیسی کوئی صورت نہ تھی جس کمرے کا میں نے اوپر ذکر کیا اس کمرے سے ملحقہ ہال سیدھا اس کمرہ میں کھلتا۔ ہال کی بائیں طرف اسی کمرہ کے دائیں جانب سیڑھیاں جو کہ اوپر ایک بڑے کمرے میں لے جاتیں۔ وہاں صرف ایک بستر لوہے کا جیسا کہ ہسپتالوں کے جنرل وارڈ میں ہوتا ہے اور جس پر کمبل وغیرہ ڈال کر کے تکیہ کی جگہ bed پر رکھا گیا۔ افتخار کے ماموں کسی دوسرے مکان میں رہائش پذیر تھے اور افتخار اس bed پر سویا کرتا۔ rugs اس قدر بوسیدہ کہ کمروں کے فرش اور ہال میں لکڑی زیادہ نظر آتی اور rugs کم۔

میں نے افتخار سے پوچھا "میرے سونے کا بندوبست کہاں ہے ؟"

"ابھی ماموں صاحب آ جاتے ہیں تو دوسرے bed کا بندوبست ہو جائیگا۔"

"دوسرا bed نہیں تھا تو مجھے بلایا کیوں ؟"

"میں نے ماموں جان سے بات پہلے ہی کر لی تھی۔ ابھی آتے ہی ہوں گے۔"

"یہ کوئی اتنی گندا اور بوسیدہ مکان افتخار! ایسی رہائش تو میں نے پاکستان کے غریب ترین طبقہ میں بھی نہیں دیکھی۔"

"یہ بات نہیں ماموں جان نے یہ مکان تھوڑے ہی دنوں پہلے خریدا اور پہلا رہائشی میں ہی ہوں۔"

"کچن کہاں ہے ؟"

"back lawn کی پچھلی دیوار کے ساتھ۔"

"آؤ دیکھیں تو سہی۔"

bathroom کی گلی سے گزر کر پیچھے گیا lawn اور پچھلی دیوار کے بائیں کونے میں ایک چھوٹا سا کمرہ جس کی شمال جنوب اور مشرق کی solid دیواریں پتھر کے irregular ٹکڑوں سے تعمیر کی گئیں۔ جانب مغرب دیوار میں ایک دروازہ جس کے تمام شیشے ٹوٹے ہوئے تھے اور دیوار کے باقی حصہ میں زمین سے تقریباً چار فٹ اونچی دیوار پر ایک لمبی کھڑکی نصب اس کے بھی تقریباً تمام شیشے ٹوٹے ہوئے۔ مشرقی دیوار کے ساتھ ایک گیس کا چولہا مگر برتن وغیرہ ندارد۔ چولہے کے اوپر چھت میں ایک سیاہ رنگ کا exhaust پنکھا نصب اور تمام کمرہ میں پانی کا کوئی بندوبست نہ تھا۔

"افتخار! یہ جو برتن خریدتے ہیں اور کھانا وغیرہ پکاتے ہیں تو کچھ کھانا کھانے کے بعد برتن کہاں صاف کریں ؟" میں نے تشویش سے اس سے پوچھا۔

"باہر ایک پانی کی ٹونٹی موجود ہے اس سے کام چل جائیگا۔" افتخار نے مجھے حوصلہ افزائی کے طور پر آگاہ کیا۔

"ماشاء اللہ یہ مکان خریدا ہے تمہارے ماموں جان نے !"

"Pira (distorted version of Pir) یہ بات نہیں میرے ماموں جان ایسے ہی کاروبار کرتے ہیں کچھ اور رقم خرچ کر کے مکان کو remodel کر دیا جائیگا اور جتنے میں خریدا ہے اس سے کہیں زیادہ رقم مل جائیگی۔"

باہر دروازے کے D-shaped handle کو دروازے کے ساتھ کھٹکھٹانے کی آواز آئی۔ ہینڈل کے "D" کی base والا حصہ کھڑکی کے دروازے پر فٹ اور free arch ہوتی ہے۔ اس free arch سے دروازہ کھٹکھٹایا جا سکتا ہے۔ اس "D" کے نیچے ایک horizontal سوراخ جس میں سے اخبار اور خطوط باہر سے اندر پھینکنے کی گنجائش ہوا کرتی ہے۔

ہم دونوں دروازے کی طرف آئے۔ افتخار نے اندر سے دروازہ کھولا اور افتخار صاحب کے ماموں اندر داخل ہو گئے۔ انہوں نے میرے متعلق سن رکھا تھا مگر ملاقات کبھی نہ ہوئی۔ تعارفی مرحلے سے گزر کر living-room میں جا بیٹھے۔

"میں نے یہ مکان ابھی ابھی خریدا ہے۔ رہائش کے قابل نہیں۔ remodel کرنے کے بعد بات کچھ اور ہوگی۔" افتخار کے ماموں نے وضاحت کی۔

"ہاں مجھے افتخار نے پہلے ہی بتا دیا ہے۔"

"آج کی شام کا کھانا fish n chips ہے میں نے" افتخار کے ماموں نے مجھے پوچھا "کیا تمہیں پسند ہیں ؟"

Marfat.com

''کیوں نہیں۔''

''افتخار، پیر صاحب کو ساتھ لے آؤ۔ تھوڑی دور ایک مکان سے لوہے کا bed اٹھا کر لے آئیں۔''

وہ جگہ تھوڑی دور گیا کافی دور تھی۔ مطلوبہ bed مکان کی بیرونی دیوار کے ساتھ کھڑا کیا ہوا تھا۔ افتخار نے ماموں نے گھر کے باہر سے آواز دی اور اس شخص نے جواب دیا کہ یہ bed وہ لوگ (کون سے لوگ مجھے معلوم نہیں) کل مکان سے باہر رکھ کر چلے گئے ہیں۔

ایک طرف سے ماموں صاحب نے bed کو اٹھایا۔ دوسری طرف سے افتخار اور میں نے۔ بہرحال bed کافی وزنی ہونے کی وجہ سے راستے میں کئی دفعہ ستانے بیٹھے رہے۔ خدا خدا کر کے bed کو گھر کے سامنے لا کر رکھ دیا۔ اس علاقے میں انگریز کم اور ہندوستانی زیادہ تھے۔ یہ ایک rundown علاقہ تھا۔ کئی لوگ ہمارے قریب سے گزرے کسی نے ہماری طرف توجہ نہ کی ہمیں حیرت محسوس نہ ہوئی۔ مذکورہ bed بمشکل اندر کافی تگ و دو کے بعد لانے میں تو کامیاب ہو گئے اور اطمینان سے ہال میں رکھ دیا مگر اب اس کو سیڑھیوں کے راستہ اوپر لے جانے کا مرحلہ جان لیوا درپیش تھا۔ کئی angles سے سیڑھیوں پر چڑھانے کی کوشش کی لیکن ناکامی ہوئی۔ کوشش بسیار کے بعد اب یہ طے پایا کہ bed کو فی الحال living-room میں ہی رکھ دیا جائے۔ مگر میرے لیے اوپر کے کمرے کا سائز مذکورہ bed کے سائز کا ہی تھا۔ مزید جائزہ لینے سے معلوم ہوا کہ اوپر والے کمرے کا bed کمرے میں ہی reset کیا گیا جو bed ہم لوگ اٹھا کر لائے وہ بھی unscrew کیا جا سکتا مگر ہمارے پاس اوزار نہ تھے چنانچہ فیصلہ ہوا کہ اس bed کو living-room میں ہی لگا دیا جائے۔ ذہنی طور پر یہ مسئلہ حل ہو گیا اور ہم لوگ مطمئن ہو گئے۔ افتخار اوپر والے کمرے سے ایک گدا لے آیا، جب میں نے اسے bed پر بچھایا تو مختلف جگہوں سے springs ابھرے ہوئے تھے کہ گدا اچھا ہو نہیں تھا۔ اس پر سویا تو جا سکتا مگر آرام سے نہیں البتہ تین کمبل موجود تھے جن میں سے ایک گدے کے اوپر بچھایا ایک کو فولڈ کر کے تکیہ کا کام لیا اور تیسرا اوڑھنے کے لیے۔ یوں رات بسر کرنے کا سامان میسر ہو گیا۔

رات کو کارنر کے سینڈ سے fish n chips کھائے۔ ماموں صاحب تو گئے ہیں اور چلے گئے افتخار اور میں رات گئے تک میرے bed پر یادِ ماضی میں کھوئے اور قصہ پارینہ کو تازہ کرنے میں مصروف ہو گئے۔ چونکہ افتخار میرے بچپن کی دوستوں میں سے تھا اور کئی اور ہوتا تو میں پل بھر کے لیے بھی اس عشرت کدے میں ٹھہرنے کا مجاز نہ تھا۔ باتوں باتوں میں افتخار جذباتی ہو گیا اور پرجوش محبت سے سرشار ہو کر کہنے لگا کہ بہتر ہے میں اوپر سے اپنا گدا اٹھا کر یہیں لے آؤں پھر قسمت یاوری کرے تو ذرا کمر سیدھی کر تے ہیں۔ کچھ دیر بعد سونے کا ارادہ کیا مگر گدے کے springs احتجاج کرنے کے انداز میں چبھنے لگے اور شب بیداری کرتے رہے تھے، کروٹیں بدلنے سے بھی کسی طور پر استفادہ نہ ہوا۔ میں اس پوزیشن میں تھا کہ تھوڑا (عارضی سونا) کا حصہ لینے کی کوشش کی۔ افتخار کی خوش بختی کہ میرے قریب ہی خراٹے لے رہا تھا جبکہ میں تو اس سے پہلو بدل رہا تھا۔ بالآخر افتخار سے مشورہ کرنے کا ارادہ کیا۔ نیند سے اٹھنے کا مرتکب ہوا۔ صوفے کا تبادلہ کا تقاضہ کیا تا کہ تھوڑی دیر کے لیے تھوڑا کا سکون حاصل کر سکوں۔ چونکہ نیند نے مجھے بہت مجبور کیا ہوا تھا صوفے پر کم از کم سیدھی کرنے کا موقع تو میسر آ گیا۔

حسبِ معمول جلدی بستر سے اٹھ گیا، جلت سے dressinggown پہنا۔ خدا کا شکر کہ موسم خوشگوار تھا ورنہ سردی سے میری قلفی جم جاتی۔ اگرچہ میں اپنا تولیہ، ٹوتھ برش اور electric shaver سفر کے دوران ساتھ ہی رکھتا مگر ٹوتھ پیسٹ رکھنا بھول گیا۔ چونکہ افتخار سو رہا تھا اوپر والے کمرے میں جا کر اس کا سامان ٹٹولتا رہا آخرکار Forhans کی ٹوتھ پیسٹ کی tube دستیاب ہوئی۔ معمول کے زیر اثر bathroom میں گیا مگر گرم پانی کی بجائے ٹھنڈا پانی نے استقبال کیا مجبوراً میں نے دانت صاف کرنے کا ارادہ ترک کر دیا جبکہ میں صبح نہانے کا عادی ہوں سوچا کہ ایسے ہی ہاتھ منہ دھو لوں مگر خارش کی وجہ سے جسم میں زبردست uneasiness محسوس ہونے لگی جو ناقابلِ برداشت تھی۔ خشک تولیے سے جسم کو خوب rub کیا تا کہ سر سے پاؤں تک جسم کو خوب رگڑا تاکہ خارش کی جلن سے چھٹکارا ملے۔ خاص طور پر groin کے حصہ کو خوب رگڑا کیونکہ اس جگہ پر پانی کی وجہ سے کئی دفعہ fungal infection ہوئی۔ کافی عرصہ علاج معالجہ کے بعد اس سے نجات ملی۔ اب میں نے اپنے shaver کے لیے outlet تلاش کرنے کے لیے کمر باندھی۔ اوپر والے کمرے میں دروازے کے اندر داخل ہوتے ہی خوش قسمتی سے outlet تو واقعی تھی مگر اس میں ''juice''

(current) نہ تھی۔ ناچار بغیر shave کے گزارہ کرنی تھی۔

پچھلی شب باتیں کرنے والے کمرے میں آیا تو افتخار تا حال گہری نیند میں خراٹے لے رہا تھا میں نے بلایا جھلایا مگر وہ ایک شیر خوار بچے کی طرح ہوں ہاں کرکے دوبارہ خراٹے لینے میں مصروف ہو گیا۔ مایوسی کے عالم میں کسی جگہ ناشتہ کی غرض سے نکل کھڑا ہوا۔ اپنا پائپ سلگایا۔ چونکہ شہر سے ناواقف تھا میں روڈ پر کافی دور نکل آیا مگر بے سود۔ سوچا ریلوے سٹیشن کے قرب وجوار میں کسی دکان کا امکان ہو گا۔ لہذا سٹیشن سے ہو آیا۔ وہاں بھی کیفے بند تھا۔ کافی کا بندوبست تو نہ تھا بہر حال ایک کپ چائے بغیر دودھ اور شوگر پر اکتفا کرنا پڑا۔ bar کے سامنے چند سینڈوچ پڑے تھے جو پرانے سے لگتے تھے۔ attendent نے کہا:

"Anything else, Sir ?"

"ہاں، انڈے جو صرف تین منٹ ابلے ہوئے ہوں۔"

"I am sorry Sir, only egg and cheese sandwiches."

میں نے egg sandwiches خریدے اور چائے کے ساتھ نوش کئے واپسی پر *The Manchester Guardian* خریدا۔ پائپ پیتا ہوا اخبار کا بے تابی سے جائزہ لیتے ہوئے گھر لوٹا۔ افتخار ابھی تک سو رہا تھا میں ایک کونے میں bed کی پائنتی کی طرف بیٹھ کر اخبار پڑھنے میں مصروف ہو گیا۔ تھوڑی دیر میں افتخار جاگ اٹھا اور کہا:

"میں نے تو ابھی کراچی کے معمول کے مطابق جب اٹھنا ہے ہوتے ہیں وہاں چل کر ناشتہ کرتے ہیں۔" افتخار صاحب نے جماہی لیتے ہوئے میری صحت کی پرواہ کی۔

"میں تو ناشتہ کر آیا ہوں۔"

"یہ سب وقت آدمی ہو خواہ مخواہ قیمتی پونڈ ضائع کر دیئے۔" وہ خوشامد پر آمادہ تھا۔

"پونڈ نہیں صرف شلنگ۔" میں نے خوش دلی سے تفصیل بیان کی۔

"ویسے تو میں ناشتہ بھی کرتا ہوں۔ آج میرا خیال تھا تم آ گئے ہو تو اکٹھے ناشتہ کریں گے۔ چونکہ لندن میں چار دن سے نہایا نہیں ہوں نہا لیتے ہیں۔"

"یہاں تو گرم پانی اور باتھ یا شاور کا انتظام نہیں۔"

"یہاں قریب ہی ہیں۔ public baths ہیں ناں۔"

"میں نے ایسے baths کے متعلق سن رکھا ہے مگر نہانے کا موقع نہیں ملا۔"

"آج مل جائے گا۔" وہ میری خوشنودی اور دلجوئی کیلئے کہہ رہا تھا۔

بہر حال تھوڑی دیر میں افتخار تیار ہو گیا۔ کہنے لگا کہ پائپ اور hat کو یہاں ہی چھوڑ دو اور تولیہ بھی ساتھ لے جانے کی ضرورت نہیں وہاں سے مل جائے گا۔ اس نے غیر معمولی سوجھ بوجھ سے اپنی فراست کا اظہار کیا۔

"نہیں افتخار میں تو اپنا تولیہ ساتھ ہی لے کر جاؤں گا۔" میں نے واویلا کیا۔

"ویسے تو یہاں کوئی خطرہ نہیں احتیاط کے طور پر اپنی گھڑی اور پیسے صوفے کے نیچے رکھ دیئے جائیں تو مناسب ہو گا۔"

افتخار نے باہر کے دروازے کو جو گلی میں کھلتا اندر سے مقفل کر دیا پھر میں نے اپنا تولیہ اپنے بیگ سے پارچات پوشیدنی نکال کر ساتھ میں رکھا۔ اسی دوران افتخار نے Imperial Leather کا ایک soap cake اٹھایا اور میرے bag میں پھینک دیا پھر مستعدی سے باہر کے دروازے کو lock کیا اور ہم لوگ گھر سے باہر خراماں خراماں چل دیئے۔

سب سے پہلے بائیں جانب گلی سے turn کیا اور کافی مسافت کے بعد دائیں طرف ابھی تھوڑی دور ہی گئے تو افتخار نے بتایا کہ بائیں طرف public baths موجود ہیں جب وہاں پہنچے تو ایک دروازہ دیکھا جس کا نچلا حصہ لکڑی کا اور اوپر والا حصہ شیشے سے مزین تھا۔ دروازے سے دو دروازے تھے افتخار نے ایک دروازہ دبایا اور ہم دونوں اندر داخل ہو گئے۔ جو دیکھنے میں آیا کہ دائیں طرف ایک bar کے پیچھے attendent بیٹھا ہوا تھا۔ مجھے یاد نہیں ہے کہ افتخار نے اس آدمی کو کتنی رقم دی جس کے صلے میں اس نے افتخار کو

Marfat.com

ایک تولیہ دیا اور ایک locker کی چابی بھی تھما دی۔ اسی جانب آگے چل کر دیوار میں lockers جن پر تالے لگے ہوئے تھے، دیوار سے نصب اور ان پر نمبر لکھے ہوئے تھے۔ ہمارے locker کا نمبر 13 تھا۔ کپڑے اتار دیئے اور locker میں بند کرنے کے بعد چابی سنبھالی اور ننگ دھڑنگ مادر پدر آزاد ہاتھ میں تولیے سنبھالے چل دیئے۔ اتفاق سے ہاتھ میں soap cake اور دوسرے ہاتھ میں locker کی چابی تھی۔ بائیں جانب ایک بڑا ہال جس میں دو دیواروں کے ساتھ ساتھ tubs لگائے گئے تھے اور ایک دیوار showers اور horizontal poles کی ترتیب سے آراستہ تھی۔ poles پر تولیہ لٹکایا جا سکتا تھا۔ ہم نے دیکھا کہ چند انگریز tubs میں نہا رہے تھے۔ کسی کا کسی طرف کوئی دھیان نہیں۔ نہانے کے بعد اطمینان سے تولیے کے ساتھ جسم خشک کیا اور واپس اپنے locker سے پارچات پوشیدنی اور پوشاک نکال کر پہن لئے۔

ایک دن مزید افتخار کی دعوت کرنے کا شرف نصیب ہوا اور واپسی کے ارادے سے ٹرین پر بیٹھ کر [illegible] آ گیا۔ سر دست عرض کر دینا مناسب ہوگا کہ برمنگھم یونیورسٹی کی Union Building میں showers کا کوئی انتظام نہ تھا، صرف tubs تھے۔

Zebra crossing

انگلینڈ کے تمام شہروں، بستیوں اور اہم مقامات کی سڑکوں پر ایک Zebra crossing کا ہونا ضروری ہے۔ Zebra کی stripes کی طرح سڑک پر سیاہ و سفید دھاریاں ہوتی ہیں۔ سڑک کی دونوں اطراف فٹ پاتھ کے curbs پر crossing کی چوڑائی کے مطابق دو دو poles جن پر ایک بجلی کا globe نصب ہوتا ہے Intermittently blink کرتا رہتا ہے۔ خاص طور پر جہاں بچوں کے سکول ہوں وہاں پر ایک Traffic warden سفید apron میں ملبوس اور اس کے ہاتھ میں ایک placard جس کے ایک طرف "Stop" کا لفظ نمایاں لکھا گیا ہے اور یہ Traffic warden جب بچوں کے سکول سے آمد و رفت کا وقت ہوتا ہے تو وہ curb سے اتر کر بچوں کے آگے آگے crossing پر چلتا ہے (چلتی ہے) اور اس طرف سے ٹریفک کو بڑی مستعدی سے placard کی Stop والی سائیڈ اس طرف کرتا ہے اس کے نتیجے میں ٹریفک رک جاتی ہے۔ جن مقامات پر Traffic warden نہیں ہوتا۔ پیدل چلنے والا جب curb سے crossing پر اپنا پاؤں رکھنا چاہتا ہو تو فوراً سڑک کی دونوں اطراف کی ٹریفک (کاریں، بسیں، سائیکل وغیرہ) crossing کے دونوں اطراف رک جاتے ہیں اور اس وقت تک نہیں چلتے جب تک crossing پر چلنے والا (چلنے والی) مکمل طور پر سڑک کے اوپر سے گزر کر curb پر نہ آ جائے۔ اگر crossing پر کوئی pedestrian زخمی یا ہلاک ہو جائے تو ڈرائیور کی کڑی سزا تجویز کی گئی ہے۔

ایک دفعہ راقم یونیورسٹی سے City Center جانے کے ارادے سے double decker بس کے اوپر والے حصہ میں فرنٹ سیٹ پر سوار جا رہا تھا۔ تھوڑی دور جانے پر دیکھا کہ کاروں کی بڑی لائن لگی ہوئی ہے اور ایک معمر رسیدہ عورت جس کے ہاتھ میں چھڑی تھی نہایت آہستگی سے چھڑی کے سہارے سڑک پار crossing کی ایک curb سے دوسری طرف چلی آ رہی تھی۔ ٹریفک چلنے کی اور میری بس بھی crossing سے گزری تو وہی انگریز عورت جس کے سر کے بال سفید، چشمہ لگائے walking stick کے سہارے ٹھک ٹھک کر کے نہایت آہستگی سے curb پر چل رہی تھی۔

ایک اتوار سیر و چہل قدمی کا ارادہ کر کے گھر سے باہر نکلا۔ تھوڑی دور تک چلا تو دیکھا کہ دائیں curb پر ایک انگریز اپنے کتے کے ساتھ سیر کو نکلا۔ انگریز پیچھے تھا جبکہ کتا curb کی بائیں طرف رخ کر کے واپس ہو کر اپنے انگریز مالک کا منتظر تھا۔ انگریز اسے Rex کے نام سے پکارتا۔ میں نے اپنی رفتار قدرے آہستہ کر لی اور سست روی سے چلنے لگا۔ انگریز جیسے ہی آگے آتا تو کتا اپنے چند قدم چلنے کے عمل کا اعادہ کرتا رہا اور بھاگ کر آگے نکلتا اور curb پر کھڑا ہو جاتا۔ انگریز کی پکار پر وہ واپس آ جاتا مگر سڑک کی بائیں طرف بے اختیار دوڑتا چلا جاتا اور پھر curb پر بائیں طرف رخ کئے رکتا۔ یونہی بائیں curb کے مکانات میں سے ایک انگریز عورت نے اپنی کتیا جس کا نام Doxy تھا کی زنجیر کھول رکھی تھی۔ معاً Doxy دائیں جانب رخ کئے بھاگتی ہوئی Rex کی سمت میں

Marfat.com

اپنی curb پر آتی مگر جہاں جا کر Rex کھڑا ہو جاتا وہ بھی دائیں جانب رخ کر کے کھڑی ہو جاتی۔

پتہ چلا کہ Doxy چونکہ heat میں اور جنسی اختلاط پر آمادگی سے دوچار تھی جس کی "بو" سے Rex بھی مانوس تھا مگر وہ دونوں سڑک cross کرنے سے قاصر تھے لہذا crossing پر آ کر رک جاتے کیونکہ اُن کے مالکان crossing کو cross کرنے کی اجازت نہیں دے رہے تھے۔ Rex کا مالک اُسے کہتا:

" Naughty boy, behave yourself "

برٹش ٹریننگ کو بے ساختہ داد دینے کی خواہش غالب آ جاتی کہ انسان تو انسان کتے بھی قانون سے تجاوز نہیں کرتے۔ یہ واقعہ 1956 کا بیان کیا گیا ہے البتہ آجکل کے کتوں کے متعلق کچھ نہیں کہا جا سکتا۔

1984 میں میری بیوی فرخ جمشید اور میں پاکستان سے واپس وینزویلا جا رہے تھے تو میرے بھائی انور اور راقم کے پرانے دوست پرویز احمد شیخ کے Acton Town Hotel, 70 Gunnersbury Lane, London W3 میں چند ایام گزارنے کیلئے اُن کے مہمان کی حیثیت سے ٹھہرے۔ ہر روز شام کے قریب میں اپنے اسلامیہ کالج کے دنوں کے دوست نعیم محمد (پاکستانی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ باؤلر) کو ملنے کیلئے اس کی ٹریول ایجنسی، Kayem Agencies, 10 Park Parade Gunnersbury Avenue, London W3 میں جانے کیلئے روانہ ہوتا۔ Gunnersbury Lane جہاں Gunnersbury Avenue سے ملتی اس سے کافی پہلے Zebra crossing کو کتے کے عبور کرنے کا یہ واقعہ پیش آیا۔ curb پر ایک عمر رسیدہ انگریز عورت اپنے کتے Frank کو ٹہلنے لے کر گھوم رہی ہوتی۔ اتفاق کی بات ہے مخالف curb پر عین اسی وقت ایک عمر رسیدہ انگریز مرد اپنی کتیا کے ساتھ گھومتا، جس کا نام Whisky تھا۔ کتا اور کتیا زنجیروں کی بندش سے آزاد، گلے میں صرف ایک پٹہ اور اپنے مالکوں کا حکم اس طرح بجا لاتے جیسے غلام آقا کا۔ دو تین دن Whisky اپنے curb کے کنارے کے پاس آ کر رکتی اور اسی طرح Frank بھی اپنی زبان نکالے ہوئے ہانپتا اپنی curb کے کنارے رک جاتا۔ ان کی حرکات سے ایسے ظاہر ہوتا کہ دونوں ملنا چاہ رہے ہیں۔

چند دن اور گزرنے پر ادھر Whisky اور Frank اپنے اپنے مالکوں کے کہنے کے باوجود نہ رکتے مگر بھاگتے ہوئے اپنی اپنی curb کے کنارے پر رک جاتے اور حسرت بھری نگاہوں سے ایک دوسرے کو دیکھتے، سوچتے کہ یہ فاصلہ کیسے کم ہو پائے گا۔ میں سوچتا کہ ان دونوں میں سے کون سڑک کراس کرنے کی پہل کرتا ہے۔

ایک دن Whisky کو مالک نے زنجیر سے قابو کیا ہوا تھا مگر وہ تھی کہ سڑک کے اس پار آنے کیلئے بے چین۔ مالک بوڑھا آدمی تھا اسے وہ کنارے پر زور دے کر کھینچتا۔ آخرکار تنگ آ کر اور اس خدشہ سے کہ کہیں وہ گر ہی نہ پڑے اُس نے Whisky کی زنجیر کھول دی۔ بڑی بیتابی سے سڑک کی دوسری طرف Frank کو دیکھنے لگی۔ ادھر Frank بھی بغیر زنجیر کے مالکن کے ساتھ جا رہا تھا اس کے حال سے یوں لگتا زبان باہر نکالے کبھی آگے کبھی پیچھے بھاگتا۔ بڑھیا اُسے بار بار اپنے پاس آنے کو کہتی مگر وہ پوری طرح اپنی مالکن کے حکم کی طرف بے چینی کی وجہ سے توجہ نہ دے رہا تھا۔

آخرکار جب crossing کچھ دور تھی وہاں جا کر مالکن کے منع کرنے کے باوجود Frank سڑک کراس کر ہی گیا اور دوسری طرف Whisky کے ساتھ راز و نیاز میں گم ہو گیا۔ بعد میں پتہ چلا کہ whisky بے چاری heat میں تھی لیکن دونوں ایک نسل کے نہ ہونے کی وجہ سے مالکان کی mating پر رضامندی نہیں تھی۔ مالک نے جلدی سے Whisky کے پٹہ کی زنجیر باندھی اور اپنے گھر کی راہ لی۔ Frank نے گھر کے باہر دروازے تک تعاقب کیا مگر ناکام لوٹا۔ اس curb سے زور زور سے Frank کو واپس بلایا۔ اب بجائے اس کے کہ Frank سڑک وہاں ہی سے cross کرتا۔ بھاگتا ہوا مقابل کی curb پر واپس لوٹا۔ اسی Zebra crossing سے سڑک کو عبور کیا اور مالکن کے پاس آ گیا۔ مالکن نے اُسے کافی ڈانٹ ڈپٹ کی۔ اس چکر کے بعد Whisky کو تو میں نے نہ دیکھا البتہ Frank حسب معمول اپنی مالکہ کے ساتھ آرام سے گھومتا پھرتا۔

Marfat.com

Gentleman please

اس دور کے انگلینڈ میں public baths استعمال کرنے کیلئے ٹوائلٹ کے دروازے کے مخصوص سوراخ میں penny کا ایک سکہ ڈالنے سے دروازہ کھلتا۔ بعد میں دروازے کو اندر سے بند کر دیا جاتا اور رفع حاجت کی فراغت کے بعد دروازہ کھول کر باہر آیا جاتا تو پھر دروازہ خود بخود بند ہو جایا کرتا جبکہ penny ڈالے بغیر کھولنا ناممکن تھا۔ پیشاب کرنے کیلئے urinals کا استعمال کرنے کا کوئی خرچ نہ تھا۔ برمنگھم شہر کے سینٹر میں مجھے ٹائلٹ استعمال کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی۔ میں نے دستور کے مطابق سکہ دروازے کے سوراخ میں ڈالا تو دروازہ کھلنے پر اندر داخل ہو گیا۔ فراغت کے بعد جیسے ہی باہر نکلا اور دروازہ بند ہونے لگا تو ایک انگریز نے کہا

"Gentleman please."

بات میری سمجھ میں نہ آئی اور پیشتر اس کے کہ میں پوچھتا وہ دروازے کے اندر داخل ہو گیا اور دروازہ بند کر لیا۔ بعد میں پتہ چلا کہ کئی "کنجوس" یا مفلس اس قسم کی "حرکات" کے مرتکب پائے گئے ہیں۔ راقم کے دوست انور رئیس خواجہ نے جو کافی عرصہ برمنگھم میں مقیم ہیں مجھے اس نوعیت کا واقعہ سنایا کہ تین آدمی اسطرح ٹائلٹ استعمال کی مذموم حرکات کے عادی ہیں۔

نام تھا راج

نام تھا راج۔ عمر قریباً اٹھارہ سال، بمبئی (ممبئی) کے ایک مالدار physician کا بیٹا۔ پست قد، بالوں پر ہمیشہ ضرورت سے زیادہ Brylcream لگائے رکھتا، خوش لباس، مسکراہٹ کبھی بھول کر بھی لبوں پر آنے کی جرأت نہ کرتی۔ ہر وقت frownish look لئے ہوتا۔ لوگوں اور اشیاء کو حقارت سے دیکھتا۔ انگریزوں کے گرویدہ اور ان کی صحبت پسند کرتا۔ جھوٹ بولنے کا عادی، اس قدر مشاق جیسے pathological liar کی term شاید اسی جیسے شخص کی خاطر وضع کی گئی ہو۔ اس کے باپ نے ایک Christian Mission کے heterosex hostel میں برمنگھم یونیورسٹی کے قریب داخل کروایا ہوا تھا۔ نامعلوم وہ پڑھائی میں دلچسپی لیتا بھی تھا یا نہیں البتہ Union Building میں ایک fixture تھا۔ شراب، سنوکر اور bridge کھیلنے کا شوقین۔ بمبئی کی انگلش میڈیم سکولوں میں ہوئی انگلش میں fluent مگر vocabulary سے قدرے فارغ۔ انگلش accent بنانے کیلئے پچھلے وقتوں کو distort کر لیتا۔ کیونکہ امیر باپ کا بیٹا تھا۔ دولت خوب دل کھول کر خرچ کرتا۔ کافی عرصہ بعد راقم نے اسے کئی انڈین فلموں میں چھوٹے موٹے کردار کرتے ہوئے دیکھا۔

lunch کیلئے میں اکثر یونیورسٹی کی refactory کے Senior Commonroom میں چلا جایا کرتا تھا لیکن شام کو Union Building میں بھی۔ ان دنوں میرے ایک عراقی دوست Hamdi بھی تھے جو Petroleum Engineering پڑھ رہا تھا۔ کے ساتھ سنوکر کے چند ایک frames کھیلتا۔ Hamdi بھی دوسرے عربوں کی طرح منہ چڑھ پسند نہیں کرتا۔ اس قدر مشترک کے ناطے راج اور Hamdi کی دوستی ہوئی۔ ایک روز راقم Hamdi کے ساتھ سنوکر کھیل رہا تھا تو راج بھی Hamdi کی تلاش میں آ نکلا۔ میں یونہی stick لئے بال پر concentrate کرتا تو راج bullying attitude اختیار کرتا اور میری توجہ divert کرنے کی کوشش میں رہتا۔ وہ سنوکر ٹیبل کی دائیں جانب کھڑا ہاتھ میں ایک beer کا pint پکڑے تھا (یہ سے دوست مرور شاہ صاحب جن کا ذکر پہلے آ چکا ہے pint کا point ہوا کرتے۔ نور زمان اور میرے سمجھنے کیلئے وہ point کی بات کرتے لیکن ہم دونوں نے موصوف کی خوشنودی کیلئے point کہنا شروع کر دیا) میں کرین بال کا aim لے رہا تھا تو راج نے بہت زیادہ ہی بدتمیزی شروع کر دی۔

سنوکر روم میں کئی دیگر سنوکر ٹیبل جہاں لڑکے کھیل رہے تھے ان کو بھی راج کا attitude برا محسوس ہوا جیسے انگلش میں کہتے ہیں۔ "Mind your own business" کسی نے اسے کہنا چاہا تو یہ راج سے میری پہلی ملاقات تھی۔ مجھ سے اس کا رویہ برداشت نہ ہوا۔ میں نے stick کو اس کی طرف کرتے ہوئے غصے سے کہا

"Will you please shut up before I put my foot in your mouth" اور ساتھ ہی اسے

تھپڑ مارنے کیلئے ہاتھ اٹھایا تو گھبراہٹ میں اس کا pint فرش پر گر کر ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا۔ میں نے تاکید کی:

"Now, be a good boy and clean the mess"

اس نے تعمیل کر دی اس کے بعد میری راج سے دوستی ہو گئی اور اس نے تمام کھیلنے والوں کے سامنے apologise کیا۔

"No. Hard Feeling"

جب واپس اپنی lab میں لوٹا تو مجھے احساس ہوا کہ مجھے ایسا نہیں کرنا چاہئے تھا۔ انگلینڈ میں تو کتے بھی نہیں لڑتے اگر وہ student Counsellor سے شکایت کر دیتا تو بات آگے بڑھ سکتی تھی تاہم میری پوزیشن مضبوط کیونکہ شہادتیں میری favour میں تھیں۔ Incident ختم۔

ایک روز راج نے مجھے اپنے ہوسٹل میں کھانے پر دعوت دی۔ اس کی ایک گرل فرینڈ بھی وہاں پر موجود تھی۔ جس نے مجھے کہا کہ "چند دن ہوئے راج کا باپ انڈیا سے آیا تھا کیونکہ راج کی پڑھائی کی رپورٹ اچھی نہ تھی۔"

میں نے اسے سمجھانے کی کوشش کی کہ تم اتنی دور سے یہاں پڑھنے کیلئے آئے ہو نہ کہ باپ کی دولت ضائع کرنے۔ تو اس نے جواب دیا

" None of your business "

میں لاجواب ہو گیا اور ادھر ادھر کی باتیں کرنے لگے۔ راج کی گرل فرینڈ سے راج کا سلوک مجھے اچھا نہ لگا۔ وہ اپنی گرل فرینڈ سے بہت محبت کیا کرتا اور وہ بھی۔ دونوں کا ارادہ شادی کا تھا مگر شرط یہ کہ شادی تب ہوگی جب راج اپنی پڑھائی ختم کرے گا۔ تب کی کچھ پتہ نہیں کب ہوگا۔ راج کی گرل فرینڈ اس کے ہوسٹل تک ہی تھی مگر رہتی تھی۔ Union Building میں بھی اس کا آنا جانا ہوتا۔ وہ یونیورسٹی میں باقاعدہ زیر تعلیم نہ تھی۔ ممکن ہے اس کا کوئی دوست مہمان کے طور پر مدعو کر لیتا ہو۔

کئی دنوں تک میری راج سے ملاقات نہ ہوئی البتہ ایک روز Union Building میں New Year کا ڈانس تھا تو راج اپنی گرل فرینڈ کے ساتھ مجھے ملا۔ میں نے پوچھا "کہاں غائب ہو گئے تھے؟"

"میں تو USA چلا گیا تھا۔"

"وہ کیسے؟"

"بحری جہاز کے ذریعے stowaway کی صورت میں۔"

جو کہ بالکل جھوٹ تھی حالانکہ انگلش بھی وہ American accent میں بول رہا تھا۔ Hello کی بجائے Hi کہتا اور "How are you?" کی بجائے "Howdy"۔ اس کی گرل فرینڈ نے نہایت غمگین لہجے میں مجھ سے شکوہ کیا کہ وہ ہر وقت ہر topic پہ جھوٹ بولتا ہے اور میں اس کے جھوٹ سے تنگ آ چکی ہوں۔ راج برمنگھم سے قریب دس دن غائب رہا اور USA جانے اور آنے کیلئے بحری جہاز میں تقریباً پندرہ دن لگتے ہیں پھر راج نے سفر بھی کیا تو stowaway بن کر یہ کیسے ممکن ہے۔ میں راج سے محبت کرنے کے باوجود اس سے اپنا ناطہ توڑ لوں گی۔ راج نے راقم کے سامنے میرے سامنے وعدہ کیا کہ اب وہ کبھی جھوٹ نہیں بولے گا اور اپنی پڑھائی میں دلچسپی لے گا۔

کریم صاحب

ایک صاحب مشرقی پاکستان کے رہنے والے، نام تو بڑا complicated مگر اپنا تعارف صرف "Karim" سے کرایا کرتے۔ رنگ قدرے ضرورت سے زیادہ ہی کالا۔ butterfly مونچھیں، میں وثوق سے نہیں کہہ سکتا کہ سر پر بال موجود تھے یا نہیں کیونکہ Frank Sinatra کی طرح سر پر ہمیشہ سیاہ felt hat رکھتے۔ انگلینڈ کی تہذیب کا ایک خاص پہلو یہ بھی کہ اگر ladies کی محفل میں یا کسی ایسی جگہ جہاں مرد اور عورتیں بھی موجود ہوں تو اندر داخل ہوتے ہی احتراماً سر سے hat بالکل اٹھا لیا جاتا، یا تھوڑا سا سر سے اوپر اٹھایا جاتا لیکن Karim صاحب اس تہذیب سے بالاتر تھے۔ علاوہ ازیں اگر بس، ٹرین یا کسی ایسی جگہ بیٹھے ہوں اور کوئی

Marfat.com

خاتون یا بزرگ فرد داخل ہو، بیٹھنے کیلئے جگہ نہ ہوتو مہذب شخص اپنی سیٹ سے اُٹھ کھڑا ہوگا اور اپنی سیٹ اس شخص کو offer کر دیتا اور وہ شکریہ ادا کرکے سیٹ پر بیٹھ جاتا۔ صاحب اس رسم سے بھی بالاتر۔ پائپ ہر وقت منہ میں اسطرح رکھتے کہ lips میں سے نہایت غلیظ دانتوں کی نمائش بخوبی ہوتی۔

راقم نے Karim صاحب کو جب کبھی دیکھا سرخ necktie، براؤن رنگ کا سوٹ اور میلے کالے رنگ کے بوٹ میں ملبوس ہوتے۔ جوتوں کے اصل رنگ کا پتہ چلانا مشکل تھا البتہ جگہ جگہ خارش زدہ کتے کی طرح swede کی "بہار" ہوتی۔ شاید آنکھوں میں موتیا اُتر آیا اسلئے آتشی شیشہ کی موٹائی جیسی عینک آپریشن شدہ آنکھوں کی علامت کا شاید تھی۔ علاوہ ازیں ان کا خاصہ تھا کہ پتلون کی دونوں جیبوں میں رومال رکھتے۔ وقتاً فوقتاً اٹھ کر کبھی اس جیب اور کبھی اس جیب سے رومال نکال کر چہرہ صاف کرتے پائے گئے۔ شاید آپ کی قمیض بھی "مٹی" رنگ کی ہو کیونکہ کالر اکثر مٹی رنگ کا ہی دکھائی دیا اور اس پر دھبے نمایاں ہوتے۔ چہرے سے نحوست ٹپکتی، کسی سے گفتگو کرنے کی زحمت گوارہ نہ کرتے اگر کسی نے بھول کر "Good evening" کہہ دیا تو جواب دینے کی ضرورت محسوس نہ کرتے البتہ مخاطب کرنے والے کی طرف چہرہ کرتے جیسے مسکرانے کی ناکام کوشش میں ہوں کیونکہ پائپ مسکراہٹ میں حائل ہوتا۔

میری اُن سے ملاقات British Council میں ہوئی اور وہ بھی اسطرح کہ میں بھی پائپ پیا کرتا اور آپ بھی۔ میں lounge کے دوسرے کونے میں سڑک کی جانب بیٹھا ہوا تھا تو اس قدر مشتاق سے استفادہ کرتے ہوئے اٹھ کر آئے اور کہنے لگے

"آپ کے پائپ پینے میں شامل ہوسکتا ہوں ؟"

"ہرگز نہیں، میں اپنا پائپ آپ کو یا کسی دوسرے کو پینے کی اجازت نہیں دے سکتا۔"

"میرا مطلب یہ نہیں۔"

"تو اور کیا ہے ؟" میں نے خالی کرسی جو میرے قریب موجود تھی۔ ان کو اسکی طرف اشارہ کیا۔ وہ اس کرسی پر براجمان ہو گئے اور انگلش زبان کی بجائے "بنگالی" اردو میں گویا ہوئے:

"میں اپنا پائپ تمباکو گھر بھول آیا ہوں بس ایک pipe bowl کیلئے مجھے تمباکو چاہئے۔"

میں نے tobacco pouch پیش کر دیا۔ آپ نے پائپ کا bowl بھرا اور بغیر شکریہ ادا کئے مجھے pouch واپس دیا۔ اٹھ کر چلے گئے اپنی سیٹ پر نہیں بلکہ lounge کی سیڑھیاں اتر گئے۔

Karim صاحب کی عمر مجھ سے کہیں زیادہ تھی کئی سال گزرے کسی فرم کے کلرک تھے اور اپنی عجیب و غریب عادات کی وجہ سے یا تو خود resign یا پھر فرم نے دھکے دے کر آپ کو باہر نکال دیا۔ کچھ عرصہ سے Social Security پر گزارہ کر رہے تھے۔ دیکھا گیا ہے کہ جن لوگوں کو Social Security کا "چسکا" لگ جائے تو وہ لوگ ملازمت کو ناپسندیدہ قرار دیتے ہیں۔ خواہ تنخواہ معقول کیوں نہ ہو۔ جب نوکری مل جائے تو Social Security کی رقم سے محروم ہونا پڑتا ہے۔ ملازمت میں یہ قباحت ہے۔ لہذا ایسے آرام طلب ملازمت کو نفرت کی نگاہ سے دیکھنے میں حق بجانب ہیں۔ چند ماہ کے بعد پتہ چلا کہ وہ نہ صرف ایک shipping company میں ملازمت اختیار کر لی بلکہ مشرقی پاکستان میں شادی کرنے کیلئے جا رہے ہیں۔

Karim صاحب ایک میرے پورے باشندے مالک مکان کے پاس paying guest کی حیثیت سے رہ رہے تھے پھر معلوم ہوا کہ وہ مشرقی بنگال سے اپنی نئی شادی شدہ بیوی کے ہمراہ انگلینڈ میں وارد ہو چکے ہیں۔ وقت گزرتا گیا۔ ان کے غیر مہذب رویے کی وجہ سے میں نے جناب کے متعلق سوچنے اور نہ ہی کسی سے پوچھنے کی جسارت کی۔

کچھ عرصہ کے بعد میرے ایک دوست نعیم نے مجھے کریم صاحب کے متعلق بتایا کہ مشرقی پاکستان میں چٹاگانگ کے ایک امیر گھرانے کی لڑکی سے Karim صاحب کی شادی خانہ آبادی ہوئی۔ اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے کہ Karim صاحب جیسی رطب انسان شخصیت نے کس قدر چرب زبانی سے لڑکی والوں کو خوش کن داستانیں سنائی ہونگی کہ ایک کوئی ساٹھ سالہ آدمی سے نوعمر لڑکی والا انگلینڈ کی گھٹیا مکان، کرائے پر لئے گئے ایک کمرے میں لے آئے (ضمیمہ 103)۔

Marfat.com

نئی نویلی دلہن ایک امیر گھرانے کی پروردہ۔ جب اس نے گھر دیکھا تو اسکے پاؤں کے نیچے سے زمین نکل گئی۔ سننے میں آیا ہے کہ لڑکی نہایت خوبصورت تھی۔ کریم صاحب کو شک ہو گیا کہ جب وہ کام پر جاتے ہیں تو بیگم کسی اور سے "آنکھ مٹکا" نہ کرے لہذا انہوں نے نوکری سے استعفیٰ دے دیا اور Social Security پر گزر بسر ہونے لگی۔ ان کی کنجوسی سے بھی بیگم کریم صاحب نالاں تھی۔ بہرحال واقعات یوں ہوئے کہ لڑکی چونکہ پڑھی لکھی تھی اس نے اپنے والدین کو مشرقی پاکستان میں اپنی روداد غم کے متعلق چند خط لکھے اور bilingual سیکرٹری کی حیثیت سے ایک انگلش کمپنی میں ملازمت اختیار کر لی جس کا مشرقی پاکستان سے امپورٹ ایکسپورٹ کا کاروبار تھا۔ اس نے Karim صاحب کو دھکا دے دیا اور علیحدہ رہائش اختیار کر لی بلکہ اس کی رہائش کا علاقہ ہی چھوڑ دیا۔ Karim صاحب اس صدمہ کو برداشت نہ کرتے ہوئے دماغی امراض میں ڈوبتے چلے گئے۔ ان دنوں مالک مکان میکسیکو گئے ہوئے تھے۔ بعد میں کریم صاحب اپنے ہی کمرے میں انتقال کر گئے۔ اردگرد کے لوگوں کو مکان سے بدبو آنے لگی۔ پولیس اطلاع ملنے پر دروازہ توڑ کر اندر داخل ہوئی تو Karim صاحب کو مردہ پایا۔ لاش گل سڑ چکی تھی۔ Coronor کی رپورٹ کے مطابق Karim صاحب تقریباً دو ہفتے پہلے اس جہان سے سدھار چکے تھے۔

یہ تھا بے جوڑ رشتوں سے بیاہی جانے والی لڑکیوں کی شادی کا انجام!

Onions and arthritis

ایک صاحب Dr. Serrano کیمسٹری میں Ph. D Exchange visitors programme کے تحت Zarragoza, Spain یونیورسٹی سے کیمسٹری ڈیپارٹمنٹ برمنگھم یونیورسٹی میں کوئی ایک سال کیلئے ریسرچ کے سلسلے میں آئے ہوئے تھے۔ وہ عمر میں ایک سال بڑے تھے۔ خوش مزاج، سفید رنگ، نیلی آنکھیں، سر پر چھوٹے چھوٹے کالے سیاہ بال بغیر کسی مونچھ کے۔ قد درمیانہ، جسم بھرا ہوا مگر انگلش لکھنے پڑھنے پر عبور نہ تھا۔ ان سے میری ملاقات یونیورسٹی کی Refectory میں ہوئی۔ جب بھی آپ کو انگلش میں کوئی دقت پیش آتی تو بجائے شرمانے کے مسکراتے ہوئے مطلوبہ چیز پر بلا جھجک انگلی سے اشارہ کرتے یعنی کبھی نہیں کرتے۔ درست احباب جناب کے متعلق یہ سوچتے ہوں گے حالانکہ احباب ان کے confidence کی داد دیئے بغیر نہ رہتے۔ چونکہ Spaniards بھی ہم لوگوں کی طرح بے تکلف اور میل ملاپ والے لوگ ہیں لہذا آپ اکثر پاکستانیوں کی محفل میں بیٹھتے رہتے تھے۔ انگریزوں سے گھبراتے کیونکہ وہ reserve قسم کے لوگ ہیں۔

Dr. Serrano سے میری پہلی ملاقات ہوئی تو میں اپنی tray اٹھائے refectory کی قطار میں کھڑا ہو گیا۔ میرے آگے ڈاکٹر صاحب اور ان کے آگے اور میرے پیچھے اور لوگ بھی موجود تھے۔ counter پر مختلف قسم کے لگے ہوئے کھانے اور counter کے پیچھے serve کرنے والی عورت Mary تھی۔ ڈاکٹر صاحب نے اس tray کی طرف اشارہ کیا جس میں meatballs پکے ہوئے تھے۔

Mary نے ان کی پلیٹ میں دو meatballs رکھ دیئے۔ پھر انہوں نے اس tray کیطرف اشارہ کیا جس میں چاول رکھے ہوئے تھے۔ Mary نے ڈاکٹر صاحب کو بڑے چمچے سے چاول بھی ڈال دیئے۔ counter پر ایک بڑا bowl جسمیں gravy تھی۔ ڈاکٹر صاحب نے انگلی سے چند ایک اشارے اس طرف کئے مگر Mary کو سمجھ نہ آئی۔

میں نے کہا " Mary, Dr, Serrano wants some gravy as well"

ڈاکٹر صاحب ہنس دیئے اور کہنے لگے "Yes"

ڈاکٹر صاحب کو خیال آیا کہ ان کو مزید meatballs چاہئیں لہذا پھر meatballs والی tray کی طرف اشارہ کیا۔ Mary کو سمجھ نہ آئی کیونکہ ہر ایک چیز کی قیمت لگی ہوتی اور جتنی مقدار تھی اس کے مطابق Mary نے meatballs پہلے ہی ڈال دیئے۔ میں نے Mary سے کہا کہ ڈاکٹر صاحب کو اور meatballs مطلوب ہیں لہذا Mary نے دو اور ڈال دیئے اور ساتھ ہی کہا کہ ان کی additional قیمت ادا کرنا ہوگی۔ ڈاکٹر صاحب نے مسکراتے ہوئے کہا "Of course" اور Mary نے

Marfat.com

additional رقم slip پر لکھ کر جناب کی tray میں رکھ دی۔

کیش رجسٹر پر جب payment کی جاتی تو کھانے والی tray کو attendant کیش رجسٹر پر پہنچی ہوتی اس کے سامنے رکھتیں تو اس کو فوراً پتہ چل جاتا کہ کھانے کی کتنی رقم بنتی ہے۔ کھانے کے بعد جب ڈاکٹر صاحب نے additional رقم والی Slip مجھ کو دی۔ کھانے کے پیسے تو انہوں نے کیش رجسٹر پر ہی پڑھ دیے لہذا متعلقہ رقم ادا کی تو attendant نے زائد رقم کا تقاضا کیا۔ ڈاکٹر کی سمجھ میں بات نہ آئی میں نے انہیں سمجھایا کہ Mary نے یادداشت کے لیے زائد رقم slip پر لکھ دی تھی۔ جب اتنے پیسے ان کے سامنے رکھ کر کھانا کھانے گئے تو ڈاکٹر صاحب کی سمجھ میں بات کچھ بھی نہ آئی ان کے مطابق additional meatballs کی رسید میں جو attendant نے کیش رجسٹر سے نکال کر دی بھی شامل تھے۔ بالآخر بات ان کی سمجھ میں آ گئی۔

کھانا کھانے کے بعد Senior Common Room میں کافی پینے کا پروگرام تھا چنانچہ ہم سب وہاں آ گئے۔ میں نے بلیک کافی بغیر دودھ اور شوگر کے اور ڈاکٹر صاحب نے دودھ اور شوگر کے ساتھ کافی سٹینڈ پر رکھ کر serve کر لی۔ ہمارے کافی سٹینڈ پر دودھ اور شوگر بھی رکھ دیئے جاتے ورنہ ہر ٹیبل پر چھوٹے چھوٹے دودھ کے ڈبے اور شوگر کے پیکٹ چن دیئے جاتے۔ کافی پینے کے دوران ایک ایرانی لڑکی Sorraya جس کو میں ذاتی طور پر جانتا تھا وہاں آ گئی۔ یہ ایک Post Doctoral Research Fellow تھی اور Mechanical Engineering میں ریسرچ کر رہی تھی۔ "Excuse me" کہہ کر ہمارے ٹیبل پر آ گئی۔ صرف Post Doctoral Research Fellows اور Academic Staff کو Senior Common Room استعمال کرنے کی اجازت ہوا کرتی ہے۔ چنانچہ جب وہ ٹیبل پر آئی تو بات کرنے لگی۔ ڈاکٹر صاحب کے لبوں پر مستقل مسکراہٹ ثبت تھی۔ میں نے پوچھا کہ بات کیا ہے تو کہنے لگے کہ ان کا تعارف Sorraya سے کرا دیں۔ میں نے تعارف تو کرا دیا اس کے بعد کیا تھا کوئی چھوٹی سی بات میں پڑا تو مجھے کیا تھا اس کے تعارف کے جب کوئی مناسب لفظ نہ ملتا تو مسکرا دیتے اور میں ان کی مدد کرتا۔ Sorraya کی طرح ڈاکٹر صاحب بھی خوش شکل تھے اور ان کی مستقل مسکراہٹ نے چار چاند لگا دیئے تھے۔ میں تو "Excuse me" کہہ کر اپنی lab میں واپس آ گیا وہ دونوں کافی دیر تک وہاں بیٹھے رہے۔ بعد میں پتہ چلا کہ Sorraya کو جناب سے ... ڈاکٹر صاحب شادی شدہ تھے لہذا معاملہ آگے نہ بڑھ سکا البتہ ملاقات جاری و ساری رہی۔

ڈاکٹر صاحب کو اس پر کافی اعتماد ہو چکا تھا۔ ایک دن کہنے لگے مسلمانوں کو مذہب چار شادیوں کی اجازت دیتا ہے۔ Sorraya کو میں اپنی دوسری بیوی بنا سکتا ہوں؟ میں نے جواب دیا "بلاشبہ مسلمانوں کو چار شادیوں کی اجازت ہے مگر مسلمان ہونا شرط ہے۔ آپ Christian اور وہ مسلمان لہذا ایسا نہیں ہو سکتا۔" تو کہنے لگے "Spain میں بیوی کے علاوہ concubines بھی رکھی جا سکتی ہیں۔"

"مجھے اس مسئلے میں الجھنے کی ضرورت نہیں" میں نے معذرت کی اور مشورہ دیا "کیا آپ کا ارادہ Sorraya کو ... ہے"

"اگر میں مسلمان ہو جاؤں تو؟" انہوں نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"آپ کی مرضی مگر مجھے اس معاملے میں نہ پھنسائیں وہ بھی آزاد ملک کی رہنے والی ہے اور آپ بھی کچھ عرصہ سے اس وقت ایک آزاد ملک میں مقیم ہیں جہاں انسانی قدروں کی بہت عزت ہے۔"

ایک دفعہ Sorraya، ڈاکٹر صاحب اور میں ایک پارٹی میں مدعو تھے۔ حسن اتفاق ایک ہی میز پر بیٹھے۔ میں نے اپنا pint اٹھاتے ہوئے ان دونوں کے pints سے ٹکرا کر کہا:

"Cheers, no time for tears."

کیونکہ ڈاکٹر صاحب نہایت سنجیدہ قسم کے موڈ میں بیٹھے ہوئے تھے۔ کہنے لگے:

"No cheers, it is the time for tears."

میں نے اندازہ لگایا کہ جناب محبت میں کچھ زیادہ ہی پھنس چکے ہیں لہذا مناسب سمجھا کہ یہاں سے اٹھ کر ...

Marfat.com

میں شامل ہو جاؤں۔ پارٹی کے اختتام پر میں اکیلا ہی اپنے گھر لوٹا اور نا معلوم وہ دونوں اکٹھے ہی گئے یا اکیلے!

آخر کار ڈاکٹر صاحب کے واپس Spain جانے کا وقت آ گیا۔ Sorraya اور میں آپ کو ائرپورٹ پر الوداع کہنے کے لئے گئے جہاز کی روانگی کے بعد Sorraya کہنے لگی: "میں holidays کیلئے ضرور Zarragoza جاؤں گی۔"

"تمہارا تو پتہ نہیں البتہ میں ان گرمیوں کی چھٹیوں میں ضرور Zarragoza جاؤں گا۔" میں نے وضاحت کی۔

نور زمان اور میں ferry میں بیٹھ کر Dover سے Calais. وہاں سے ٹرین لے کر Madrid اور پھر Zarragoza پہنچ گئے۔ اپنے پروگرام کے متعلق ہم نے Dr. Serrano کو پہلے ہی اطلاع کر رکھی تھی۔ وہ ہمیں ریلوے سٹیشن پر لینے آئے اور اپنے گھر میں ہی مہمان رکھا۔ ایک شام ہم گپ شپ میں بیٹھے ہوئے تھے تو میں نے Dr. Serrano سے پوچھا کہ Spain کی خاص امپورٹ کیا ہے۔ مسکرا کر کہنے لگے "wine اور پادری" (جب میں کئی سال بعد وینزویلا پہنچا تو مجھے احساس ہوا کہ ڈاکٹر صاحب سچ ہی کہتے تھے کیونکہ wine اکثریت میں Spain سے ہی امپورٹ کی جاتی اور اسی طرح جو بھی پادری مجھے ملا وہ سپین سے آیا ہوا تھا۔)

ایک دن ہم ڈاکٹر صاحب کی کار میں countryside کی سیر کر رہے تھے تو ایک ایسی جگہ پر پہنچے جہاں farms ہی farms واقع تھے۔ کار ایک جگہ کھڑا کیا اور منظر سے لطف اندوز ہونے کیلئے پیدل چل دیئے۔ دیکھتا کیا ہوں کہ ایک بوڑھا کسان سر پر hat منہ میں پائپ اپنے گھوڑے کو پیاز کھلا رہا ہے۔ میں بڑا حیران ہوا کہ گھوڑے سے پیاز کا کیا تعلق! میری حیرانگی کی حد نہ رہی جب معلوم ہوا کہ وہاں Spanish زبان رائج ہے۔ جب میں نے انگریزی میں پوچھا:

"Gentleman آپ گھوڑے کو پیاز کیوں کھلا رہے ہیں؟" تو اس نے انگریزی میں جواب دیا۔

"گھوڑے کو چونکہ arthritis کی شکایت ہے پیاز کھلانے سے ٹھیک ہو جائیگا۔"

"Arthritis کیسے ہو گیا؟" میں نے پوچھا

"Arthritis بیماری کی ایک قسم ہے جس کی وجہ سے اس گھوڑے کے ٹخنے اور گھٹنے متورم ہیں۔"

"یہ کیسے ہو گئے؟"

"میں تقریباً دو ماہ کیلئے Lisboa، پرتگال گیا ہوا تھا۔ میری عدم موجودگی میں میرے بیٹے نے پرواہ نہ کی اور گھوڑے کو حویلی کے اندر ہی بند کئے رکھا۔ بند رہتے ہوئے گھوڑے کو یہی چیز روگ لگاتار رہا۔ گھوڑے چلتے پھرتے رہیں تو صحت مند رہتے ہیں۔"

"کیا اس کا علاج پیاز ہی ہے؟" نور زمان نے پوچھا۔

"نہیں aspirin بھی ہے مگر بعض گھوڑوں کو پیچھے سے خون آنا شروع ہو جاتا ہے۔"

"آپ کو کیسے پتہ چلا کہ پیاز اس کیلئے مفید ہے؟" میں نے حیرانگی ظاہر کی۔

"اپنے آباؤ اجداد سے" (ضمیمہ 104)۔

کوئی دو ہفتے ڈاکٹر صاحب کے پاس رہنے کے بعد ہم واپس برمنگھم لوٹے۔ اسی دوران ڈاکٹر صاحب کو ایک نہیں بلکہ تسلسل سے Sorraya کے خطوط ملتے رہے۔ شاید وہ روزانہ ایک خط لکھتی ہوگی اور چہرے پر مسکراہٹ رقصاں رہتی۔ میں نے اخلاقاً ان سے خطوط کے متن کے متعلق نہ پوچھا اور نہ ہی انہوں نے مجھے بتایا۔

ورما صاحب

بنارس کے رہنے والے نہایت خوش پوش مگر مغرور، ناک پر مکھی نہ بیٹھنے دیتے۔ جب کبھی نظر آتے صرف ہفتہ کے روز اور وہ بھی سہ پہر British Council میں۔ راقم سے عمر میں نسبتاً بڑے، ایک شام لڑکیوں کے جھرمٹ میں بیٹھے Hinduism کے متعلق عجیب و غریب داستانیں سنا رہے تھے۔ میری طرح پائپ کے شوقین اور یہی قدر مشترک ہماری راہ و رسم کا موجب بن گئی مگر دوستی نہ تھی۔ محض شناسائی کی حد تک ان امور سے استفادہ کرتے ہوئے میں بھی ایک کرسی پر ان کی محفل میں شریک ہو گیا۔ مجھے کوئی علم نہ تھا کہ

Marfat.com

وہ کہاں اور کیا پڑھا کرتے لیکن اس حد تک شناسا ہوا کہ ورما صاحب کسی کو اپنی رہائش کے متعلق کچھ نہ بتاتے۔ صرف ہفتے میں ایک دن پھر مذکورہ جگہ پر ملاقات پر رضامند ہو جاتے البتہ لڑکیوں کو سبز باغ دکھانے میں ید طولیٰ رکھتے۔

ورما صاحب بیان کرتے تھے: "میرے پتا جی نے بن باس (ضمیمہ 105) اختیار کر رکھا ہے۔ ہم دو بھائی اور ایک بہن ہیں۔ پتا جی سکول ماسٹر اور اچھی خاصی دولت کے مالک بھی، جو ان کو وراثت میں ملی کیونکہ میرے دادا جان گندم کے بیوپاری تھے۔ جب میری اور بڑے بھائی کی شادی خانہ آبادی ہوئی تو پتا جی نے بنارس میں ہی بن باس اختیار کر لیا۔ بن باسی کوئی کام وغیرہ نہیں کرتے بس گیان دھیان میں لگے رہتے ہیں جو کسی نے دیا کھا لیا اور گھر کو واپس کبھی نہیں لوٹ کر آتے۔"

"ورما صاحب آپ یا آپ کے بہن بھائی انہیں کبھی ملتے بھی ہیں یا کہ نہیں؟" میں نے پوچھا۔

"بہن تو متھرا میں رہائش پذیر اور بھائی صاحب بنارس ہی میں۔ کبھی کبھی مہینوں بعد جنگل میں ایک خاص جگہ جا کر ہم لوگ کھڑے ہو جاتے ہیں۔ پتا جی نظر آ جائیں تو پرنام کر لیتے ہیں مگر مختصر وقت کیلئے پھر ازاں بعد جنگل میں روپوش۔"

"آپ لوگ کچھ کھانے کیلئے بھی انہیں دیتے ہیں یا نہیں؟"

"کچھ لے جاتے ہیں اور ان کے چرنوں میں رکھ دیتے ہیں البتہ ان کو اٹھاتے ہوئے نہیں دیکھا۔ اگر زیادہ دیر ان کے روبرو کھڑے رہیں تو وہ اشارے سے جانے کیلئے کہتے ہیں۔"

"کیا اور لوگ بھی اپنے پتاؤں کو ملنے کیلئے جاتے ہیں؟"

"کافی لوگ۔"

"بن باسی اختیار کب کرتے ہیں؟" میں نے وضاحت چاہی۔

"جب پتا اپنی اولاد کو اپنے پاؤں پر کھڑا ہوتے دیکھ لے اور لڑکیوں کی شادی ہو جائے۔"

"کیا تمام ہندو بن باس لے سکتے ہیں؟"

"ہاں! مگر یہ بہت بڑے دل گردے کا کام ہے۔"

"اگر کوئی بن باسی مر جائے تو؟"

"اس کو دوسرے بن باسی چتا پر آگ لگا کر جلاتے اور راکھ گنگا ماتا میں بہا دیتے ہیں۔"

"لواحقین کو پتا کے مرنے کا کیسے اور کب پتہ چلتا ہے؟" میں نے حیرت سے پوچھا۔

"دوسرے بن باسیوں سے جنہیں لوگ ملنے جاتے ہیں کیونکہ کافی دیر انتظار کے بعد بھی پتا جی نظر نہیں آتے۔"

"یہ لوگ کھاتے پیتے کیا ہیں؟"

"کسی نے کچھ دیا تو کھا لیا ورنہ بھوکے، جنگل سے باہر مانگنے کیلئے نہیں آتے۔"

ہم تمام سامعین پر جادو کا اثر ہو گیا کیونکہ ان کا انداز بیان عجیب تھا۔

"ورما صاحب آپ کے بہن بھائی کی شادی تو ہو گئی مگر آپ؟" میں نے سوال کر دیا۔

"It is a very personal question." یہ کہہ کر ٹال دیا۔

British Council میں اکٹھے ہونے والوں کا خیال تھا کہ ورما صاحب کوئی اچھی خاصی نوکری کرتے ہیں یا کوئی اچھا کاروبار ہے کیونکہ لباس سے ظاہر ہوتا کہ وہ آسودہ حال ہیں۔ یہ خیال صرف ہندو پاک کے باشندوں کو ہی آ سکتا تھا یا آ سکتا ہے۔ انگریزوں کیلئے کوئی امیر ہو یا غریب ہر ایک کی dignity اور ادب و آداب سے سلوک روا رکھا جاتا ہے۔ کبھی کبھی ورما صاحب کے پاس کار بھی ہوتی۔

ورما صاحب کی اصلیت کا دامن تب چاک ہوا جب ایک لڑکی، Suzie میں نے ان کے ساتھ Three Castles نام کے pub میں دیکھ لی۔ اس لڑکی کو میں اچھی طرح جانتا وہ ایک آزاد خیال نرس، اور متعدد بار میری پارٹیوں میں شرکت کر چکی تھی۔ میں تھوڑی دیر کے بعد اپنے دوستوں کے ہمراہ اٹھ کر pub سے چلا گیا۔ ورما صاحب نے مجھے احساس نہ دلایا جیسے کہ مجھے جانتے ہی نہیں۔

Marfat.com

ایک دن بس سٹاپ پر بس کا انتظار کر رہا تھا تو Suzie بھی میرے پیچھے "Hello" کر کے قطار میں کھڑی ہو گئی۔ بس میں بھی ہم ساتھ ساتھ بیٹھے تو اس نے کہا "ڈاکٹر نسیم اس دن آپ کو pub میں دیکھا آپ نے ورما صاحب سے کوئی ہیلو ہائے نہیں کی؟"

"مجھے انہوں نے lift ہی نہیں کرائی۔ بڑے آدمی ہیں۔"

"میں بھی یہی سمجھتی تھی" اس نے مسکراہٹ کے ساتھ جواب دیا۔

"سمجھتی تھی۔ اس کا کیا مطلب ہے؟"

"صاحب یہ کہ میں اپنے ایک اور دوست کے ساتھ ایک ہوٹل میں کھانا کھانے کیلئے گئی۔ میرے دوست کو کار پارک کرنے کیلئے جگہ نہ ملی تو ہوٹل کے پچھلے دروازے کی جانب کار پارک کرنے لگا تو دیکھتی کیا ہوں کہ ورما صاحب ایک سفید apron پہنے ہوئے ایک garbage bin خالی کر رہے ہیں۔"

"ورما نے تمہیں دیکھا؟"

"نہیں اندھیرا تھا اور پھر کار کی دوسری طرف تھے۔"

"تو یہ ہو سکتا ہے کہ ہندو مذہب میں کوئی برائی نہیں یہ تو dignity of labour ہے۔"

"بے شک مگر آپ نے پوچھا بڑا آدمی سمجھتی تھی لہذا یہ واقعہ بیان کرنے کی نوبت آئی۔"

پتہ چلا کہ وہ کارو استعمال کیا کرتے ہوٹل کی management کی تھی اور ورما صاحب ہوٹل کے کسی کام کیلئے استعمال میں تھے۔ British Council سے ورما صاحب کے پاس کار بھی ہے۔ کام کی بات چل نکلی تو مجھے چھٹیوں میں پوسٹ آفس میں ڈاک کی sorting کیلئے نوکری ملی۔ ایک خط جس پر پتہ کے ضمن میں گجرات لکھا ہوا تھا میں نے پاکستان کی ٹوکری میں ڈال دیا کیونکہ گجرات آخر میرے خیالات کا ایک حصہ ہے خط پاکستان چلا گیا۔ نوکری چھوڑنے کے ایک دن پہلے پوسٹ آفس پہنچا میرے سپروائزر نے مجھے ڈانٹا تو صرف اتنا کہا کہ گجرات کے آگے انڈیا لکھا ہوا تھا۔

"Sir مجھے تو کوئی ہوش نہیں میں بھی گجرات کا رہنے والا ہوں اور میری subconscious میں پاکستان کا ہی گجرات ہے۔"

Alex

Kingston Jamaica West Indies کی ایک Creole (Descendants of European settlers) خاتون Alex (شاید Alexandria یا Alexandrina کا مخفف) راقم سے نسبتاً عمر میں بڑی، جسم atheletic اور قد سب سے اونچا، مناسب جسامت کی حامل، نہایت خوش مزاج، وضعدار خاتون تھی۔ بات بات پر آنکھ جھپکنے یعنی بائیں آنکھ مارنے کا Involuntary reflex action تھا۔ تواتر سے باتیں کرتی اور دوسرے کو بات کرنے کا موقع نہ دیتی۔ وہ ایک cosmetics کمپنی کی representative تھی۔ اچھے خاصے پیسے کما لیتی۔ اس نے London Tooting Bec میں ایک چھوٹا سا flat لے رکھا تھا۔ صبح گھر سے نکلتی اور شام تک اپنے کاروبار کے سلسلے میں لندن کے مختلف علاقوں میں سرگرداں رہتی۔ wild قسم کی پارٹیاں throw کرنے میں کافی حد تک مشہور تھی۔ Tooting Bec میں زیادہ تر Caribbean لوگ رہائش پذیر تھے۔

میں نے Ph D کی ڈگری حاصل کی اور اسی یونیورسٹی کے ڈیپارٹمنٹ میں Post Doctoral Research Fellow کی حیثیت سے ملازمت کر رہا تھا۔ میں New Year Eve کا جشن دیکھنے کیلئے برمنگھم سے لندن گیا۔ اس موقع پر لندن میں Trafalgar Square اور Piccadilly Circus میں خوب رونق ہوا کرتی۔ لندن میں دو راتیں رہنا تھیں۔ صرف ایک ہینڈ بیگ جس میں ذاتی استعمال کیلئے electric shaver، ٹوتھ برش، دو عدد قمیصیں اور چند ایک دوسری اشیا تھیں۔ سٹیشن پر Intercity سے اترا اور Underground train یا Tube Piccadilly لے کر سیدھا

Marfat.com

Piccadilly سٹیشن پہنچ گیا۔ میرا خیال تھا کہ Bed and breakfast جو پوچھ رکھا ہوگا۔ Piccadilly Circus اور Trafalgar Square کے قریب ہوگا۔ یہ دونوں ایسے مقام ہیں جہاں New Year کا جشن دھوم دھام سے منایا جاتا ہے۔ میرا خیال غلط ثابت ہوا کیونکہ یہ علاقہ لندن کے سینٹر میں واقع تھا اور ہوٹل اس قدر مہنگے کہ اس وقت میری استطاعت سے باہر تھے۔ Bed and breakfast کی سہولیات لندن کے suburbs میں واقع تھیں۔ Piccadilly Tube Station کے بالمقابل سڑک کے اس پار ایک fast food جگہ تھی جہاں آجکل Wimpy واقع ہے۔ وہاں خوب رش تھا۔ سب کچھ جو چاہیے کافی وغیرہ پینے کیلئے پہنچ گیا اور اپنی economical حالت کے متعلق غور و خوض کرنے کا موقع غنیمت سمجھا۔ counter سے ایک کافی اور دو چکن سینڈوچ خرید کر اپنی ٹرے میں رکھ لیے۔ نچلے والے حصہ میں بیٹھنے کیلئے کوئی جگہ نہ تھی لہذا میں سیڑھیاں چڑھ کر اوپر والی منزل پر گیا یہ جگہ بھی قریباً ہاؤس فل تھی۔ بائیں کونے میں شیشے کی دیوار کے ساتھ جہاں سے سڑک صاف نظر آتی تھی، ایک میز پر ایک خاتون بیٹھی تھی جبکہ دوسری کرسی خالی تھی۔ میں "Excuse me" کہہ کر بیٹھ گیا۔ اپنا بیگ فرش پر رکھا اور اس کے اوپر Mackintosh جس میں بارش کا پانی جذب نہیں ہوتا اور اپنا hat رکھ دیا۔ پائپ رکھنے کیلئے ashtray نہ تھی لہذا میں قریب والے ٹیبل سے جہاں لوگ سگریٹ وغیرہ نہیں پی رہے تھے، اجازت لیکر ashtray اٹھا لایا اور اس میں اپنا پائپ رکھ دیا۔

ابھی میں sandwich ہاتھ سے اٹھا کر منہ تک لایا ہی تھا تو میرے سامنے قریب بیٹھی ہوئی خاتون نے میری طرف دیکھ کر بائیں آنکھ ماری جواباً میں نے دائیں آنکھ ماری۔ یاد رہے کہ اکثر انگریز مرد لوگ جب کسی کے روبرو ہوں تو یا تو آنکھ مار دیا کرتے یا مسکرا دیتے۔ انگریز عورتیں عام طور پر صرف مسکرا دیا کرتیں۔ اس کے آنکھ مارنے کے عمل کو courtesy سمجھا اور مزید کرنے کو ترجیح دی۔ میں نے اطمینان سے sandwich کھانا شروع کیا مگر جیسے ہی میری نگاہ غیر ارادی طور پر اٹھتی وہ پھر سے آنکھ مار رہی ہوتی۔ میں نے کبھی دائیں کبھی بائیں آنکھ ماری اور مسکرایا بھی البتہ اپنی توجہ ہٹانے کیلئے سڑک کی طرف دیکھتا رہا اور اس طرح دوسری sandwich بھی کھا لی۔ کافی پینے لگا تو خاتون بغیر کچھ کہے اٹھ کر چلی گئی۔ چند لمحوں کے بعد کافی کا کپ لے کر واپس آ گئی۔

"میری کافی ٹھنڈی ہو چکی تھی کیونکہ میں نے دوپہر کا کھانا مصروفیت کی وجہ سے نہیں کھایا تھا۔ ابھی ابھی ختم کیا ہے اور دوسری کافی لے آئی ہوں۔" آنکھ بازی کے دوران میرے پوچھے بغیر از خود کہنے لگی۔

"میری طرح آپ بھی کافی کے شوقین ہیں۔" میں نے جواب دیا۔

"میں ضرورت سے زیادہ ہی پیتی ہوں۔" وہ گویا ہوئی۔

"میرا نام ڈاکٹر نصیر، ڈاکٹر چوہدری نصیر ہے۔"

"میرا نام صرف Alex اور میں Kingston کی رہنے والی ہوں۔" میرے پوچھے بغیر ہی اس نے بتایا۔

"میں پاکستان کا رہنے والا اور برمنگھم یونیورسٹی میں عارضی طور پر ملازم ہوں۔"

"آپ تو ڈاکٹر ہیں باقاعدہ پریکٹس نہیں کرتے؟"

"میں وہ ڈاکٹر نہیں۔ Ph. D ہوں۔"

"تو آپ فلاسفی کے ڈاکٹر ہیں۔" اس نے پھر آنکھ بازی کرتے ہوئے کہا۔ "ویسے بھی آپ شکل سے فلاسفر لگتے ہیں۔"

"میں فلاسفر تو ہوں مگر اپنے subject کے فلسفہ کا۔"

"کیا ہے آپ کا subject؟"

"Parasitology."

"Schistosomiasis, Trypanosomiasis, Malaria......"

"کیا آپ کسی ایسی ہی field سے وابستہ ہیں؟"

"وابستہ تو نہیں مگر ایک French ٹیم کے ساتھ تقریباً ایک سال جنوبی امریکہ کے مختلف علاقہ جات میں bilingual

سیکرٹری کے طور پر کام کرنے کا موقع ملا۔"

"اس ٹیم کا کیا کام تھا؟"

"WHO کی طرف سے وہ کئی مختلف ریسرچ سینٹر سے research data collect کر رہے تھے۔"

"تو آپ French میں کافی fluent ہونگی۔"

"میرا باپ French اور میری ماں Native British Jamaican ہونے کی وجہ سے انگلش زبان جانتی تھی۔"

"آپ کے والدین زندہ ہیں؟"

"سات سال کا عرصہ ہوا ایک دوسرے کے تھوڑے دنوں بعد انتقال کر گئے۔"

مجھے بڑا حیران ہوا کہ ایک اجنبی سے اتنی تفصیل میں گفتگو کئے جا رہی تھی مگر اُسے نہ صرف باتوں کا شوق بلکہ foreigners سے ملنا بھی اس کی ایک قسم کی hobby میں شامل تھا۔ اُس نے خود ہی مجھے بتایا کہ اس کو بائیں آنکھ مارنے کی کافی عرصے سے عادت ہو گئی ہے اور اب وہ کوشش بھی کرے تو اس کی یہ عادت نہیں جا سکتی۔ میں نے اُسے لندن میں آنے اور رہائش کی تلاش سے متعلق بتانا شروع کیا تو اُس نے میری بات ہنسی میں اڑا دی، اور کہا، "میں Southall میں ایک بڑے ڈیپارٹمنٹل سٹور میں اپنا product فروخت کرنے گئی تھی۔ اس سٹور کا مالک ایک سکھ counter پر بیٹھا ہوا تھا اور اُس کے ساتھ اُس سے کم عمر کی ایک خوبصورت لڑکی بیٹھی ہوئی مسکرا رہی تھی۔ میں سکھ صاحب کو اپنی product کے متعلق بتا رہی تھی اور قدرتی بات ہے ساتھ اپنی بائیں آنکھ بھی مارتی چلی گئی۔ سکھ صاحب کو غلط فہمی ہوئی۔"

"کیسی غلط فہمی؟"

"شاید میں سکھ صاحب سے محبت کرنے لگی ہوں اور انہوں نے بڑی فراخدلی سے ضرورت سے زیادہ سامان کا آرڈر دے دیا۔ جو لڑکی ساتھ بیٹھی ہوئی تھی، غالباً سکھ صاحب کی بیوی تھی، کا دھیان میری آنکھ کی طرف گیا تو اس نے انگلش اور سکھوں کی زبان (پنجابی) میں سکھ صاحب کی خوب لعن طعن کی اور counter خود سنبھال لیا۔"

"پھر کیا ہوا؟"

"سکھ صاحب تو اٹھ کر چلے گئے اور میں وہاں ہی کھڑی رہی۔"

"آرڈر کا کیا ہوا؟"

"آرڈر پر سکھ صاحب نے دستخط تو پہلے ہی کر دیئے تھے اور وہ میری voucher book میں موجود تھا۔ اس لڑکی نے مجھ سے مخاطب ہو کر کہا کہ تمہاری کمپنی کے products کی کافی مانگ ہے مگر آئندہ اگر یہاں آنا ہو تو مجھ سے بات چیت کرنا۔ میں یہاں پر موجود نہ ہوئی تو ہم آرڈر لکھ کر بھیج دیا کریں گے۔"

خدا کا شکر ہے۔ میں Alex کی آنکھ بازی کی وجہ سے کسی غلط فہمی میں مبتلا نہ ہوا۔ Alex نے مجھے اپنے فلیٹ میں رہنے کی دعوت دی جو میں نے قبول کر لی۔ Alex نے مشورہ دیا کہ 31 جنوری تو کل ہے چلو میرے ساتھ میرے فلیٹ پر چلتے ہیں۔ Piccadilly Tubs Station سے میں نے Tooting Bec Station کو جانے کیلئے انڈرگراونڈ کا ایک بڑا نقشہ دیوار پر چسپاں شدہ دیکھ لیا تاکہ میں متعلقہ Tube کی شناخت کروں اور دو ٹکٹ خرید لوں۔ Alex مجھے وہاں ہی چھوڑ کر چلی گئی اور میں نے پڑھ لیا کہ یہاں سے مجھے Southbound Bakerloo Line میں بیٹھنا ہے۔ جو Elephant and Castle Tube Station پر ختم ہو جائیگی۔ پھر وہاں سے Tooting Bec Tube Station تک جانے کیلئے Southbound Northern Line لینی پڑیگی۔ Alex نے ضرورت سے زیادہ دیر کر دی آنکھ مارتی ہوئی واپس لوٹی اور کہا:

"Excuse me there was a long queue, rush hours."

وہ ٹکٹ لے آئی میں نے رقم دینی چاہی مگر اس نے یہ کہہ کر "Be my guest" قبول نہ کی۔ escalators کو استعمال کرتے اور کبھی فرش پر چلتے ہوئے ہم Southbound Bakerloo Line والے پلیٹ فارم پر آ گئے۔ ابھی پہنچے ہی

Marfat.com

تھے تو Tube نکل گئی۔ چند منٹوں بعد دوسری Tube آ گئی۔ اس زمانے میں smoking کی اجازت ہوا کرتی۔ میں smoking والا ڈبہ تلاش کر رہا تھا۔ یہ ڈبے Tube کے اگلی پچھلی جانب اور درمیان میں ہوا کرتے۔ Tube سے ڈبوں کے باہر لکھا ہوتا 'No Smoking' کہ وہ Tube بھی نکل گئی۔ Alex نے مشورہ دیا کہ smoking بھول جاؤ۔ rush hours میں پائپ کو اپنی جیب میں ڈال لو اور گھر چلنے کی کریں۔ آخرکار جب تیسری ٹیوب Tube آئی بیٹھنے کے تو 'Smoking' والا ڈبہ عین میرے سامنے لگا مگر پائپ جیب سے نکال کر پینا محال تھا۔ اسقدر رش لوگوں کے ہجوم میں تل دھرنے کی جگہ نہ تھی۔

Elephant and Castlle Station پر Northern line لینے کیلئے Tube سے باہر نکلے اور چلتے ہوئے Northern line والے plateform پر پہنچے۔ اب جو ڈبہ ہمارے سامنے آیا وہ 'No Smoking' تھا۔ آخرکار Tooting Beck Station پہنچ کر Tube سے اترے۔ ٹکٹ چیک پوسٹ پر ٹکٹ دے کر باہر نکل آئے تو میں نے سوال کیا:

''Alex تم نے Tube پر سفر کرنے کیلئے Season Ticket کیوں نہیں بنوایا ہوتا۔ یہ economical ہوتا ہے۔''

''یہ میرے لئے نہیں ایک تو صبح سفر کرنے کیلئے Season Ticket کا ایک وقت مقرر ہے۔ اس وقت سے پہلے یہ ٹکٹ استعمال نہیں کر سکتے۔ دوسرا یہ کہ weekends پر Season Ticket بالکل valid نہیں ہوتا۔''

Tooting Bec سٹیشن سے باہر نکل کر ہم دائیں جانب مڑے۔ یہ غالباً اس علاقہ کی Main Street تھی۔ تھوڑی دور جا کر پھر دائیں طرف ایک نسبتاً کھلی سڑک پر آ گئے۔ دائیں ہاتھ ہی سڑک پر ایک بلڈنگ واقع تھی جس کے فرسٹ فلور پر Alex کا فلیٹ تھا۔ یہ دو منزلہ بلڈنگ تاہم ذرا پرانی قسم کی۔ جدھر بھی نگاہ اٹھی Africans اور Caribbean لوگ ہی نظر آئے۔

Alex نے مین گیٹ کا لاک کھولا۔ ہال کی بائیں جانب Alex کا دوسرا فلیٹ واقع تھا ایک چھوٹا سا living-room اور اس کے بالمقابل side میں باتھ روم۔ اسکے ساتھ ایک ہال اور ہال کی دائیں جانب دو bedrooms اور ان دونوں کے درمیان کچن۔ کچن کی دیوار کے ساتھ ایک ٹیبل جسکی ایک سائیڈ عین دیوار کے ساتھ لگی ہوئی اور مخالف سمت دو dining chairs اسی طرح دائیں بائیں کونے پر ایک ایک کرسی۔ باتھ روم کے جانب مشرق ایک دروازہ جو balcony میں کھلتا جس پر کپڑے دھونے اور خشک کرنے کیلئے drying lines لگی ہوئی تھیں۔ فلیٹ بہت ہی unkept. مختلف topic پر کتابیں اور cosmetics کا سامان ہر طرف بکھرا پڑا تھا۔ اتنی دلکش خاتون کا ایسا فلیٹ اور ایسی بری طرح neglect کیا ہوا۔ عجیب بات تھی۔ یہ ایک locality جہاں مہذب لوگ بہت کم نظر آئیں۔ مہذب سے میرا مطلب یہ نہیں کہ کالے رنگ کے لوگ۔ بلند شور والی موسیقی، بلند بانگ Calypso (ضمیمہ 106) کا music جو کہ gramophone records اور tape recorders سے بجتا تھا۔ اس زمانے میں cassette recorders ابھی ایجاد نہ ہوئے تھے۔ civic sense بہت کم۔ ... یہ کہ صفائی کی طرف توجہ نہ دی گئی تھی۔

Alex نے مجھے دوسرا باتھ روم استعمال کرنے کی ترغیب دی اور خود living-room میں دروازے سے اندر داخل ہوتے ہی دائیں ہاتھ کی جانب ایک نسبتاً اونچے لکڑی کے میز پر پڑے ہوئے ٹیلیفون کو استعمال میں لانے کا ارادہ کر رہی تو میں نے اپنا بیگ اٹھایا اور اپنے کمرے میں چلا گیا۔ اس نام نہاد bedroom میں کوئی میز یا کرسی ندارد۔ ایک چھوٹی سی لکڑی کی الماری جو ہوں تکیوں، تولیوں، چادروں سے اٹی ہوئی اور الماری کے اوپر ایک mattress تھی۔ بائیں دیوار کے ساتھ ایک سنگل bed جس پر صاف ستھرا بستر لگا ہوا اور تین براؤن رنگ کے کمبل پاؤں کی طرف رکھ دیئے گئے۔ تکیہ کا غلاف اور bedsheets بھی براؤن رنگ کی تھیں۔ معلوم ہوتا کہ یہ بستر جب سے لگایا گیا ہے کسی شخص کے استعمال میں نہیں آیا۔ bedroom اسقدر چھوٹا کہ شاید کسی سٹور کے طور پر استعمال ہوا ہوگا۔ شدید سردی کے باوجود یہاں heating کا کوئی بندوبست نہ تھا۔ میں نے اپنے Mackintosh کوٹ کو اتارا اور بیگ رکھ کر باہر نکل آیا۔ پہلی دفعہ تو میں نے کچن پر سرسری نظر ڈالی اب کے دوبارہ داخلے پر سنک کے ساتھ میز پر Rum کی تین بوتلیں جو کہ کافی استعمال شدہ تھیں۔ میں نے برتنوں سے اندازہ لگایا کہ کچن بہت کم استعمال میں لایا گیا ہے۔ ایک ...

Marfat.com

پیپر اور سالٹ موجود تھے لیکن کافی کا تو یہاں وجود ہی نہ تھا البتہ Lipton کی چائے کا ایک پیکٹ جس میں چائے کی پتی بہت ہی کم استعمال میں لائی گئی۔

جب میں living-room میں واپس لوٹا تو Alex نے gas heater جلایا ہوا تھا اور خود ٹیلیفون کے میز کے ساتھ والے صوفے پر بیٹھ کر کسی سے ٹیلیفون پر گفتگو کر رہی تھی۔ میں دوسری دیوار کے ساتھ صوفے پر بیٹھ گیا۔ اپنا پائپ سلگایا اور سر سے hat اتار کر دائیں جانب اسی صوفے پر رکھ دیا۔ تھوڑی دیر میں Alex نے "See you tonight" کہہ کر ٹیلیفون بند کر دیا اور مجھ سے معذرت کی میں نے جواباً کہا کوئی ایسی بات نہیں مجھے کونسا ضروری کام تھا۔

"چونکہ میں کھانا وغیرہ باہر ہی کھاتی ہوں کچن اکثر اوقات اداس ہی رہتا ہے۔"

"مجھے اس وقت کھانے کی اشتہا نہیں بعد میں باہر چل کر کھائیں گے۔"

"میں نے تو شام کا کھانا تمہارے ساتھ اسی fast food outlet میں ہی کھایا تھا البتہ تمہارے لئے کچھ بندوبست کرنا پڑے گا۔"

"اتنی شدید سردی کے موسم میں محض کھانے کیلئے باہر جانا مناسب نہیں سمجھتا۔"

"کچن میں چند انڈے موجود ہیں تم چاہو تو fry کر دوں گی۔"

"نہیں مجھے فرائیڈ انڈے کھانے کا کوئی شوق نہیں البتہ بوائلڈ کر دو sandwiches کافی ہیں۔"

کچن کی جانب چلی گئی اور دو Rum کے shots لے آئی۔ ایک مجھے offer کیا۔ میں نے شکریہ کے ساتھ انکار کر دیا اور پوچھا "کیا کافی گھر میں موجود ہے؟"

"شاید کافی موجود نہ ہو البتہ چائے کی پتی ضرور ہوگی۔"

"یہی چلے گی۔" خود کچن میں گیا اور شوگر دودھ کے ایک چائے کا کپ تیار کر کے لے آیا۔

"جیسا کہ میں نے پہلے بتایا کہ کھانا وغیرہ میں باہر ہی کھاتی ہوں کئی دنوں سے milk bottles نہیں لائی گئی ہوتیں کہو تو کسی ہمسائے سے دودھ لے آؤں۔"

"دودھ تو میں پیتا ہی نہیں اور یہ چائے بھی بغیر شوگر اور دودھ کے ہی ہے۔"

Alex نے marketing سے متعلق رسالہ اٹھا کر پڑھنا شروع کر دیا اور میں بھی اپنے بیگ سے کتاب *The Meaning of Evolution* جس کا مصنف George G. Simpson ہے پڑھنے کیلئے اٹھا لایا۔ اچانک Alex نے کہا "میں ایک پارٹی میں قریب ہی invited ہوں کیا میرے ساتھ چلو گے؟"

"نہیں میں نے بہت سی پارٹیاں attend کی ہیں اور خود بھی پارٹیاں throw کرنے کا شوقین ہوں۔"

"اچھا تو میں چلی" اس نے آنکھ بازی کرتے ہوئے کہا اور اپنے کمرہ میں کچھ دیر رہنے کے بعد جاتے ہوئے کہنے لگی "Feel at home میں جلدی واپس آنے کی کوشش کروں گی۔"

"Take your time" میں نے جواب دیا۔ وہ "Bye, bye" کہہ کر چلی گئی۔ میں نے دروازے کو اندر سے بولٹ کر دیا اور کتاب میں مشغول ہو گیا۔

عجیب بات تھی کوئی radio یا gramophone وغیرہ living-room میں موجود نہ تھے۔ مجھے تجسس ہوا اور جب اس کے bedroom کا دروازہ کھولنے کا ارادہ کیا تو وہ لاک تھا۔ کتاب کے چند صفحات پڑھنے کے بعد میں نے کچن کا رخ کیا وہاں چار انڈے ابالنے کے لئے رکھے تین منٹ بوائلڈ کئے یہاں کوئی toaster نہیں تھا جس کو استعمال کرتا۔ بہرحال دو انڈوں کی دو sandwiches تیار کیں۔ living-room سے چائے کا خالی کپ لا کر کچن میں چائے تیار کی اور living-room میں آ کر کھانا کھایا اور ساتھ ساتھ کتاب کا مطالعہ جاری رکھا چونکہ Christmas اور New Year Eve کو ہر طرف پارٹیاں ہوتی رہتی ہیں۔ اس بلڈنگ کے flats میں تسلسل سے پارٹیاں جاری و ساری تھیں۔ بلڈنگ اور flats کے دروازے بار بار کھلتے اور بند ہوتے

Marfat.com

آوازیں تواتر سے آتی رہیں۔ میوزک اور شور وغل اس قدر زیادہ کہ کان پڑی آواز سنائی نہ دے رہی تھی۔ کئی بار وہیں صوفے پر دراز ہو کر کوشش بسیار کے باوجود نیند کہاں۔

کمرہ اب اچھا خاصا گرم تھا۔ میں نے Mackintosh، jacket اور waist coat اتار دیئے۔ صوفے کا سرہانہ Mackintosh کا تکیہ بنا کر بوٹوں سمیت دراز ہو گیا۔ پارٹیوں کے شور شرابے سے تمام بلڈنگ لرز رہی تھی۔ اس قسم کی حرکات صرف ان علاقہ جات میں ہوتی ہیں جہاں Afro-American، African اور Caribbean لوگوں کی اکثریت ہو۔ bedroom میں جا کر سونے کا سوال ہی پیدا نہ ہوتا کیونکہ ملحقہ فلیٹ کی دیوار پر وقفے وقفے سے جیسے کوئی زور زور سے دستک دے رہا ہو۔ میں نے سونے کی کوشش میں اپنے تمام کپڑے بھی اتار دیئے مگر بے سود۔ واپس living-room میں آ کر صوفے پر دراز ہو گیا۔ ساڑھے گیارہ بجے کا وقت تھا تو کتاب میرے چہرے پر اور آنکھ لگی ہی تھی کہ فون کی گھنٹی بج گئی۔ میں نے auricular کان سے لگایا تو بغیر کسی formality کے آواز سنائی دی۔

" Alex, what's wrong with you it's already late."

"I am sorry, Alex has gone to a party." اور میں نے auricular کو cradle پر رکھ دیا۔

ابھی صوفے پر آ کر دراز ہوا ہی تھا کہ پھر ٹیلیفون کی گھنٹی بج اٹھی۔ میں نے پھر auricular اٹھایا اور آواز آئی

"Alex میں تمہارے پاس ہی آ جاؤں۔" یہ کسی دوسرے مرد کی آواز تھی۔

"Alex گھر پر نہیں ہے۔" میں نے جواب دیا۔

"اور تم کون ہو؟ کوئی اور customer!"

"Stop it" اور میں نے auricular پٹخ دیا۔

اسی طرح تابڑ توڑ کئی مردوں اور دو عورتوں نے ٹیلیفون پر تنگ کیا۔ آخر میں نے auricular کو الگ رکھ دیا۔ "نہ رہے گا بانس نہ بجے گی بانسری۔"

میری نیند چونکہ disturb ہو چکی تھی اور ویسے بھی اجنبی مقام پر نیند دور بھاگتی ہے، کروٹیں بدل بدل کر اور گھڑی دیکھ دیکھ کر صبح کے آٹھ بجے کا وقت ہو گیا۔ پتہ نہیں Alex نے gas heater میں کتنے شلنگ ڈالے ہوئے تھے مگر میں نے تین شلنگ اور ڈال دیئے۔ رات ایک بجے کے قریب میں نے heater کو off کر دیا۔ تھوڑی دیر بعد سردی کا احساس ہوا تو پھر جلا دیا۔ آنکھ کھلی تو heater کی knob کو گھمایا، گیس آنی شروع ہوئی اور پھر ماچس کی تیلی دکھا دی۔

یہاں پر ننگا سونا تو کجا شدید سردی اور مکمل لباس میں undershirt، underwear، knee-length shirt، سفید جرابیں اور بوٹوں سمیت لیٹا رہا البتہ ٹائی کی knot قدرے ڈھیلی کر دی۔ ہمیشہ سفید رنگ کی گرم جرابیں پہنتا ہوں۔ ویسے تو اکثر جرابیں سفید ہی ہوتی ہیں مگر ان کا pattern ایک جیسا نہیں ہوتا یعنی کہ دو سفید جرابیں مگر ان کا pattern دونوں پاؤں میں علیحدہ علیحدہ ہوتا ہے۔

ہاں تو بات ہو رہی تھی آٹھ بجے صبح اٹھنے کی۔ سب سے پہلے مجھے خیال آیا کہ اب تک Alex نہیں آئی۔ ممکن ہے اس نے دروازہ کھٹکھٹایا ہو تو میں نے غنودگی کے عالم میں دروازے کو unbolt کیا اور وہ اندر آ کر اپنے bedroom میں چلی گئی ہو۔ بوٹ دیکھا تو وہ آن تھا۔ اس کے کمرے کا دروازہ کھٹکھٹایا تو وہ بھی لاک تھا۔ Alex تا حال آئی نہیں تھی۔

باتھ روم گیا، electric heater کو on کیا اور تھوڑی دیر بعد گرم پانی آنا شروع ہو گیا لیکن ٹینک پانی کی capacity بہت کم تھی لہذا میں نے صرف منہ ہاتھ دھونے پر ہی اکتفا کیا اور اپنے تولیے سے جو میں اپنے ساتھ بیگ میں رکھ لایا تھا، واپس living room میں آ کر dry wash کیا یعنی کنگھی کو تولیے سے خوب رگڑ رگڑ کر صاف کیا۔ دوسری جرابیں وغیرہ پہنیں۔ پتلون کس کر اپنے بیگ سے electric shaver نکالا جو Sunbeam کمپنی کا بنا ہوا تھا۔ باتھ روم میں شیشے کے سامنے کھڑے ہو کر شیو کی چند منٹوں میں۔ بہت زیادہ ٹھنڈ کے احساس سے ہاتھ بے حس

Marfat.com

میں اونی اپنا waist coat اور اس کے اوپر mackintosh لپیٹا چونکہ "ٹھنڈ" ہونے کی وجہ سے سردی لگ رہی تھی۔ سر پر hat بھی رکھ لیا۔ کچن میں آ کر قہوہ بنایا، ساڑھے تین منٹ بوائلڈ انڈے اور دو بریڈ کے ٹکڑوں کو گرم کرنے کے بعد ایک ٹرے پر رکھ کر living room میں آرام سے ناشتہ کیا۔ قہوہ پیا اور پائپ سلگایا۔ اب Alex سے متعلق قیاس آرائیوں میں کھو گیا۔ "یہ Alex کی بچی بھی کیا عجوبہ ہے۔ میں بھی پرلے درجے کا بیوقوف ہوں یا over confidence کا شکار ہوں جو ایک اجنبی عورت کے ساتھ بغیر سوچے سمجھے اس کے فلیٹ میں آ گیا اور فلیٹ بھی ایک غلط علاقہ اور غلط لوگوں کے ماحول میں۔" کوئی دس بجے ہوں گے کہ پھر ٹیلیفون بج اٹھا۔

"Adelaide میں Tom بول رہا ہوں، دو دنوں سے تمہاری تلاش میں ہوں اور آج نو بجے ملنے کا وعدہ تھا مگر ایک خاص وجہ سے تمہارے پاس آنے سے قاصر ہوں۔"

"sorry, wrong number یہاں کوئی Adelaide نہیں رہتی۔" میں نے جواب دیا۔

"What ?"

"میں نے ٹیلیفون بند کر دیا۔" ابھی بند کیا ہی تھا کہ پھر اس شخص نے پوچھا۔

"تو کون رہتا ہے ؟"

"میں Alex کے فلیٹ سے بول رہا ہوں۔"

"strange یہ کیسے Adelaide سے خاص مراسم ہیں اور کئی بار میں اسکی رہائش پر جا چکا ہوں۔"

"Sorry" اور میں نے فون بند کر دیا۔

اب مجھے پریشانی لاحق ہوئی کہ کسی مصیبت میں نہ پھنس جاؤں۔ نہایت زندہ دل، پڑھی لکھی وضع دار خاتون کا یہ چکر کیا ہے مجھے جب تک شام ہو کہیں یہاں سے نکل جانا ہی بہتر ہے۔ وسوسوں کے حصار میں bedroom سے اپنا بیگ اٹھایا، کتاب، تولیہ اٹھائی، دروازے کو بند کیا اور فلیٹ سے نکل کھڑا ہوا۔ سامنے کے فلیٹ سے ایک حبشی عورت مجھ سے قریباً کم عمر نکلی اور مجھے دیکھتے ہوئے گویا ہوئی۔ "Good morning" "تو آپ اس بزنس میں نئے ہیں ؟"

"کونسا بزنس ؟"

اس نے جواب دینے کی ضرورت محسوس نہ کی اور ہال کے دروازے سے باہر نکل گئی۔ میں بھی ہراساں و پریشان بیگ تھام کر باہر آ گیا۔ ابھی curb پر چند گز کے فاصلے تک چلا ہوں گا تو دیکھا دو خوفناک قسم کے حبشی آپس میں مشتعل انداز میں جھگڑ رہے تھے کہ Alex کی خبر لینی ہی پڑے گی۔ میں تیز رفتاری کے ساتھ ان کے پاس سے گزر گیا اور جلدی جلدی Tube station پر پہنچ گیا۔ میں نے سن رکھا تھا کہ لندن میں Victoria station کے آس پاس Bed & breakfast قسم کی رہائش سستے کرایہ پر دستیاب ہے مگر یہ علاقہ بھی اچھا نہیں لیکن Tooting Bec سے قدرے بہتر اور ملے جلے قسم کے لوگ رہائش پذیر ہیں جن میں اکثریت انگریزوں کی ہے اور یہ علاقہ prostitutes کیلئے بھی بدنام ہے مگر میں نے تو صرف ایک رات ہی ٹھہرنا تھا۔ وہ بھی زیادہ وقت Trafalgar Square اور Piccadilly Circus میں کم از کم بارہ بجے تک گزارتا تھا جب New Year شروع ہوتا ہے۔ میں نے Tooting Bec station پہنچ کر دیوار پر چسپاں انڈر گراؤنڈ نقشہ دیکھا اور اپنی متعلقہ ٹیوب کا Victoria سٹیشن تک تعین کیا۔ ٹکٹ آفس سے Victoria تک کا ٹکٹ خریدا۔ ایک چھوٹا سا folding انڈر گراؤنڈ نقشہ لیا جو کہ فری ہوتا ہے

(ضمیمہ۔ 106 A)

Tooting Bec سے سٹیشن پر میں North-Bound Northern Line پر No Smoking کے ڈبے میں سوار ہو کر Kensington کے سٹیشن پر اتر گیا۔ یہاں بھی Northern Line دو راستوں کو جاتی۔ ایک راستہ Elephant and Castle سٹیشن کی طرف اور دوسرا Embankment سٹیشن کی جانب۔ میں نے اس سٹیشن کی طرف جانے والی Tube پر بیٹھنا تھا جو جلدی میں غلطی سے اس Tube پر بیٹھ گیا جو Elephant and Castle کیطرف جاتی۔ یہ احساس مجھے اس وقت ہوا جب میں Tooting Bec سے Tube میں بیٹھا اور Tube کے ڈبے میں چسپاں انڈر گراؤنڈ map دیکھا لہذا میں

Marfat.com

Kensington station پر اتر گیا اور اس پلیٹ فارم کی اس سائیڈ کی طرف گیا جہاں سے Tube، Embankment کی طرف جاتا تھا۔ تھوڑی دیر میں Tube آ گئی اور میں No Smoking ڈبے میں بیٹھ کر دوسرے سٹاپ Embankment پر اتر گیا۔ یہاں سے دو اور Lines گزرتی ہیں۔ ایک Circle، دوسری District Line اور دونوں ہی مغرب کی طرف Victoria station کو جاتی ہیں مشرق کی طرف Temple station کو۔ میں District Line جو مغرب کی طرف جاتی اس کے بعد پلیٹ فارم پر پہنچ گیا (ضمیمہ B 106)۔ تقریباً نصف منٹ میں میری Tube وارد ہوئی۔ No Smoking کے ڈبہ میں بیٹھنے کی بجائے کھڑا ہو گیا کیونکہ رش ہونے کی وجہ سے تمام سیٹیں بھری ہوئی تھیں۔ پہلے Westminster پھر James's Park کا سٹیشن آیا جو کہ میری منزل تھی۔

Victoria station نہ صرف Tube station بلکہ لندن کا مشہور ریلوے سٹیشن بھی ہے۔ سٹیشن سے باہر ایک نیوز شاپ جہاں نہ صرف اخبارات، رسائل وغیرہ ہی بکتے بلکہ سگریٹ، سویٹس اور سنیکس بھی فروخت کئے جاتے ہیں، کی کھڑکی کے سامنے کھڑا ہو کر میں مختلف رہائشوں کے ایڈریس پڑھ رہا تھا اور Index cards پر نوٹ کر رہا تھا تو ایک صاحب تقریباً میرے ساتھ ہی سٹیشن سے باہر نکلتے ہوئے میرے پاس آ کر رک گئے اور کہنے لگے، "معاف کیجئے آپ کہاں کے رہنے والے ہیں؟"

"پاکستان کے۔"

"پھر تو السلام علیکم کہہ سکتا ہوں۔"

"کیوں نہیں!"

رسمی تعارف کے بعد انہوں نے اپنا نام راجہ عمر دراز بتایا جو کوٹلی آزاد کشمیر کا رہنے والا تھا۔ میں نے راجہ صاحب کو لندن آنے کا مقصد بتایا اور صرف ایک رات کیلئے کسی معقول ٹھکانے سے متعلق پوچھا۔ راجہ صاحب نے کہا کہ میرے ساتھ چلو میں قریب ہی رہائش پذیر ہوں۔ رہائش اچھی خاصی سستی، آجکل New Year کی وجہ سے قدرے رش ہے اگر کوئی کمرہ نہ ملا تو میرے کمرے میں ہی رات بسر کر لینا۔

گزشتہ رات کے واقعہ نے ابھی تک مجھے اپنی جکڑ میں رکھا ہوا تھا لہذا میں نے شکریہ کے ساتھ انکار کر دیا البتہ احتیاط کے طور پر راجہ صاحب کا پتہ نوٹ کر لیا۔ اپنے index cards کے مطابق میں نے رہائش کے متعلق دریافت کیا مگر کہیں بھی کوئی جگہ سر چھپانے کیلئے نہ ملی۔ چند ایک ہوٹلوں میں بھی دریافت کیا لیکن بے سود۔ دوپہر کا کھانا بھی میں نے Victoria station پر کھایا۔ ہاتھ میں بیگ پکڑے گھومتے گھومتے تھکاوٹ کے زیر اثر ٹانگیں شل ہو گئیں۔ برمنگھم سے یہ لندن میں New Year Eve سے لطف اندوز ہونے کیلئے آیا کہ بے آرامی سے دوچار ہو۔ یہ خیال آیا کہ واپس برمنگھم چلا جاؤں مگر یہ ارادہ ترک کر دیا اور راجہ صاحب کے پاس جانے کی ٹھانی۔

کوئی تیس منٹ کی مسافت کے بعد راجہ صاحب کے بتائے ہوئے پتے پر پہنچ گیا۔ یہ ایک بوسیدہ قسم کا ہوٹل تھا۔ reception پر ایک ادھیڑ عمر عورت بیٹھی ہوئی اور سامنے دو تین چوہے سرگرداں ادھر ادھر دوڑ رہے تھے۔ راجہ صاحب کے متعلق پوچھا تو اس نے کہا کہ سیڑھیاں چڑھ کر corridor کی بائیں طرف تین نمبر کمرہ ہے۔ سیڑھیوں پر rug بچھا تھا مگر بہت پرانا اور بدبودار۔ خیال آیا کہ راجہ صاحب سے نہ ہی ملوں مگر زندگی کا ایک نیا تجربہ سمجھ کر رات اسی کمرے میں ہی بسر کرنے کا مصمم ارادہ کر لیا۔ دروازہ پر دستک دی تو جناب نے بغیر دریافت کئے دروازہ کھول دیا اور کہا:

"آئیے پیر صاحب آخر غریب کو بھی خدمت کا موقع دے دیا۔" اور دروازہ کھلا ہی چھوڑ دیا۔ میں دروازہ بند کر کے ایک بوسیدہ صوفے پر بیٹھ گیا کیونکہ میز اور راجہ صاحب کے single bed کے علاوہ کوئی فرنیچر موجود ہی نہ تھا البتہ ایک cupboard جو کہ کپڑوں سے اٹا ہوا موجود تھا اور راجہ صاحب خود اپنے اکلوتے بستر پر دراز ہو گئے۔

"کیا یہاں پر کوئی کمرہ خالی ہے؟" میں نے خود کلامی کے سے انداز میں تیر چھوڑا۔

"سوال ہی پیدا نہیں ہوتا لوگ مستقل طور پر یہاں رہائش پذیر ہیں۔"

Marfat.com

"راجہ صاحب چوہے اور بوسیدگی کا چور دانگ راج ہے۔"

"ان باتوں کی طرف کون دھیان دیتا ہے۔" راجہ صاحب بے نیازی سے گویا ہوئے۔

میں نے صوفہ heater کے قریب کھسکا لیا اور پائپ بھر کر پینے لگا دل ہی دل میں سوچا ڈاکٹر نصیر کس قسم کے آدمی ہو صفائی پسند ہوتے اچھی کوئی بات نہیں تم ویسے بھی laboratory میں چوہوں سے ریسرچ کرنے کا ارتکاب کرتے ہو (اس ضمن میں آغا سلیم صاحب کے بھائی ڈاکٹر آصف صاحب جو کئی سال بعد مجھے لندن میں ملے اور آجکل برمنگھم میں consultant کے عہدے پر فائز ہیں نے پاکستانی ہوسٹل کے متعلق جو کہ لندن میں واقع تھا ایک واقعہ سنایا۔ ڈاکٹر صاحب اس ہوسٹل میں ٹھہرے ہوئے تھے جہاں چوہوں کی اجارہ داری تھی لہذا ڈاکٹر صاحب نے اعلیٰ اتھارٹی کو لندن میں شکایت کی اور وہ بھی تحریری تو کچھ دنوں بعد ہوسٹل کو fumigate کرنے اور چوہوں کی گرفتاری یا خودکشی کرنے کا بندوبست کیا گیا)

"راجہ صاحب میرے سونے کا بندوبست کیسے کیا جائیگا؟"

"یہ بھی کوئی مسئلہ ہے۔ گرم خوب گرم ہے میرے بستر پر دو گدے ہیں ایک گدا نکال کر اس پر میں سو جاؤں گا اور آپ بستر پر سو جائیں۔" راجہ صاحب نے فراخدلی اور بے نیازی کا مظاہرہ کیا۔

باتوں باتوں میں میں نے اپنی نگاہ تکیہ پر ڈالی جو نہایت غلیظ اور پہلی دفعہ میں نے انگلینڈ میں رضائی دیکھی۔ ایک طرف سے بھی پڑا ہوا تھا جس میں سے اتنی عجیب قسم کی بساند نکل رہی تھی کہ کمرے کو اپنے حصار میں لے رکھا تھا۔

"نہیں میں کسی اور جگہ پر کمرہ لوں گا۔" میں نے ننھے بچے کی طرح ضد ہو کر فیصلہ سنایا جو راجہ صاحب نے ایک مہمان کے حق میں منظور کیا۔

اب ذرا ایک اور بات سنیئے اتنا مہنگا بلڈنگ میں کوئی باتھ نہیں تھا لہذا رفع حاجت کیلئے Victoria Station پر جانا پڑتی تھی ایک چھوٹا سا باتھ روم جس کے sink میں بھی بھر پانی آ جانے کی امید کی جا سکتی تھی۔ باتھ روم کے متصل ایک جگہ پر صرف ایک urinal نصب تھا۔ ممکن ہے receptionist کیلئے بھی کوئی علیحدہ بندوبست ہو۔ نہانے کیلئے public baths ہی قریب تھے۔ شام کے قریب انہوں نے صرف پینتالیس منٹ کیلئے باہر جانا چاہا تو مہمان نوازی کے زیر اثر مجھ سے فرمایا "میرے ساتھ جانا چاہو تو چلو۔" میں نے معذرت کر لی۔

راجہ صاحب تو چلے گئے مگر میں ان کے معطر کمرے میں ایک پل ٹھہرنے کو تیار نہ تھا لہذا میں نے اپنا بیگ ہاتھ میں لیا اور سیڑھیوں سے اتر کر نیچے آ گیا۔ ایک انڈیکس کارڈ پر لکھ کر راجہ صاحب کا شکریہ ادا کیا مزید نہ رکنے کی معذرت چاہی۔ سر دست اپنا برمنگھم کا پتہ بھی لکھ دیا۔ receptionist کو "Good bye" کہا۔ اس نے جواب دیا۔

"Leaving!"

"Yes Madame."

وکٹوریہ سٹیشن پر شام کا کھانا کھایا۔ کافی پی اچھے ماحول میں ضرورت سے زیادہ بیٹھا رہا آخر کوئی ایسی جلدی تھی۔ رات کے بارہ بجے تک میں نے Traflagar Square اور Piccadilly Circus میں گھومنا تھا۔

ٹکٹ آفس سے Piccadilly Circus کا ٹکٹ خریدا۔ Victoria Station سے میں نے West-bound Circle Line کی جس کا نشان پیلا، District Line کا سبز اور Northern Line کا سیاہ رنگ۔ پہلا سٹاپ South Kingston Station جہاں میں نے اترنا تھا۔ اس سٹیشن سے East-bound Piccadilly Line (جس کا رنگ گہرا نیلا ہے) پر بیٹھا پہلے Kinghtsbridge پھر Hyde Park Corner اور Green Park Station آئے، چوتھا سٹیشن Piccadilly Circus واقع تھا۔ تمام راستہ کھڑے ہی سفر کیا۔ میرے جیسے کئی اور لوگ بھی تھے جو محض میری طرح ہی New Year Eve کیلئے لندن آئے ہوئے تھے۔

Piccadilly Circus لندن کے مصروف ترین intersections میں سے اور پانچ شاہراہوں کا مرکز ہے۔ دن کو

Marfat.com

تو یہ ایک Traffic chute تھا جہاں لوگوں کے اکٹھا ہونے کے لیے Neon-lights سے جگمگاتی ہوئی جگہ ہے۔ یہاں سیاح تمام دنیا سے آتے ہیں۔ جوان سیاح اس چھوٹے Island کے سٹیپ پر وقت گزارنے بیٹھے رہتے ہیں۔ اس کے بیچ میں Eros (یونانی مذہب میں "محبت کا خدا") کا aluminium سے کاسٹ کیا ہوا بت ہے۔ جو 1893 میں Sir Alfred Gilbert نے تیار کیا تھا۔ دراصل یہ مجسمہ Earl of Shaftesbury کی یاد میں Angle of Christan Charity ہے۔ Piccadilly Circus لندن شہر کا سب سے پہلا roundabout ہے۔

سٹیشن سے باہر نکلا تو ہر طرف سیاحوں اور غیر سیاحوں کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر تھا۔ Eros کے سٹیپ پر لوگ بیٹھے ہوئے تھے۔ Neon-light کا منظر چاندنی رات کی طرح نہایت دلفریب۔ Eros کے بت کے قریب ایک چھوٹا سا تالاب جس پر سیڑھیوں سے چھوٹی چھوٹی سیڑھیاں چڑھ کر پہنچا جا سکتا ہے۔ فوارہ چل رہا تھا اور رنگ برنگی lights لگی ہوئی تھیں۔ سیڑھیوں پر لوگ بیٹھے ہوئے مزے لے لے کر beer پی رہے تھے۔

میں وہاں سے چلتا ہوا Trafalgar Square کی طرف گیا۔ یہ City of Westminster میں ایک پلازہ ہے جو Lord Nelson کی Trafalgar جنگ 12 اکتوبر 1805 میں جو فتح کی یاد میں تعمیر کیا گیا۔ یہ جنگ Napoleon کے خلاف Cape Trafalgar کے مغرب میں سپین کے علاقہ Cadiz اور Gibraltar Straits کے درمیان لڑی گئی تھی۔ 33 بحری جہازوں نے اس لڑائی میں حصہ لیا۔ French 18 اور Spain 15 کے جہازوں پر مشتمل بیڑا جس کی قیادت Admiral Pierre De Villenueve کر رہا تھا۔ 27 برطانوی جہاز Admiral Horatio Nelson کی قیادت میں تھے۔

ہر طرف لوگوں کا اژدھام۔ Square پر ایک چار دیواری کے اوپر بمشکل جگہ حاصل کر کے بیٹھ گیا۔ لوگ ناچ گا رہے تھے۔ میں سرخوش تھا۔ وقت گزرنے کا پتہ ہی نہیں چلا۔ کئی لڑکیاں شدید سردی کے موسم سے بے نیاز ہو کر تالاب میں چھلانگیں لگا رہی تھیں۔ اس قدر سردی میں یہ حیرت انگیز مشغلہ تھا اور وہ بھی اپنے کپڑوں کے ساتھ۔ جگہ جگہ لوگ ڈانس کر رہے تھے۔ یوں ہی Big Ben نے بارہ بجے کا اعلان کیا۔ اجنبی اور غیر اجنبیوں نے ایک دوسرے کو kiss کرنا شروع کر دیا اور چاروں طرف Happy New Year کی بوچھاڑ ہونے لگی۔ مجھے بھی ایک لڑکی نے kiss کیا۔ ہجوم میں بتدریج کمی آنے لگی۔ میں دوبارہ Piccadilly Circus کی طرف چل دیا۔ راستے میں بھی Happy New Year کی kissing کا دور دورہ تھا۔ Eros کے تالاب میں موجود لوگ ایک دوسرے پر پانی پھینک رہے تھے۔ یہاں بھی اور Trafalgar Square میں بھی تالاب زیادہ سے زیادہ مشغول تھے۔

صبح چار بج گئے تا حال کافی لوگ موجود تھے۔ مجھے یاد ہی نہ رہا کہ اس وقت کوئی ٹیوب نہ ملے گی کیونکہ بارہ بجے کے بعد System بند ہو جاتا ہے۔ میں سٹیشن کے باہر ہجوم میں کھڑا تھا تو ایک صاحب بنام حنیف جو برمنگھم میں سوداگر کا کاروبار کرتے تھے ان سے ملاقات ہوئی۔ ان کے ساتھ دو اور دوست بھی New Year Eve کی تقریبات دیکھنے آئے تھے۔ مجھے اپنی کار میں برمنگھم لے آئے۔ سڑک پر عجیب منظر تھا۔ سڑک کے درمیان سیدھی line میں "Cat Eyes" نصب تھیں جو headlights کی روشنی میں دور تک چمکتی نظر آتی ہیں۔ یہ اشیاء highways پر نصب ہیں تاکہ ڈرائیوروں کو اپنی lane کا پتہ رہے۔

یہ تھی میری لندن میں New Year Eve دیکھنے کی craze۔ اب سوال پیدا ہوتا ہے Alex یا Adelaide کون تھی؟ میں نے برمنگھم پہنچ کر اپنے دوست احباب کو واقعہ سنایا تو مجھے خوب لعن طعن کی کہ یونہی میں کس الجھن میں پڑ سکتا تھا۔

پھونک مارنے کا عمل

نام تھا وحید۔ Yashithra روڈ کرشن نگر لاہور کا رہنے والا۔ عمر قریباً تیس سال۔ سفید رنگت۔ سر کے بال کالے اور سفید بالوں کی بھی چند streaks۔ سر کے بالوں کی بائیں جانب مانگ نکالتا تھا۔ صاف ستھرے لباس میں ملبوس لبوں پر ہمیشہ مسکراہٹ رقصاں رہتی۔ میں نے جب بھی اس کو دیکھا برمنگھم کے سینٹر میں ہفتے کے روز گھومتا۔ کبھی اس کے ہاتھ اور کبھی اس پر ایک سفید رومال

Marfat.com

باتھ میں نے مہ شتی میں مصروف پایا چونکہ مجھے شہر کے سینٹر میں جانے کا وقت صرف ہفتہ کی سہ پہر کو ملتا۔ گاہے بگاہے صبح اور پچھلے پہر ہفتے کے روز بھی یونیورسٹی میں مصروف رہتا لہذا کہہ نہیں سکتا کہ وہ اور دنوں میں بھی اُسی طرح گھومتا رہتا ہوگا یا نہیں۔

راقم کی ملاقات وحید سے Austin Reed جو کہ Custom-made سوٹ تیار کرنے کے specialist تھے ان کی دکان پر ہوئی جب ایک ملازم میرا ناپ لے رہا تھا تو اُس نے specification لکھنے کیلئے میرا نام پوچھا لہذا میں نے اپنا نام بتا دیا۔ ساتھ ہی وحید جو کہ اپنی measurements دے رہا تھا، نے سن لیا اور اسطرح ہماری جان پہچان ہوئی۔ میں نے اُس سے کبھی نہ پوچھا کہ وہ کیا کرتا اور کہاں رہتا ہے۔ نہ ہی اُس نے مجھے از خود کبھی بتایا تاہم اُس نے میری گجرات والی رہائش کے متعلق پتہ پوچھ لیا۔ اس کا طرز کلام اور اطوار کسی اچھے اور دولت مند گھرانے سے تعلق کی دلالت کرتے جبکہ نہ تو وہ British Council کا رکن اور نہ ہی کبھی اس نے یونیورسٹی کی Union Building میں آنے کی دعوت قبول کی۔ جب بھی سینٹر میں کافی وغیرہ پینے کا اتفاق ہوا تو وہ ہمیشہ بل کی ادائیگی پر اصرار کرتا اور اکثر دے بھی دیا کرتا۔

جب کبھی میری وحید سے ملاقات نہ ہوئی تھی تو وہ فٹ پاتھ پر چلتے چلتے لڑکیوں کی گردن پر پیچھے سے نزدیک ہو کر پھونک مارتا کئی لڑکیاں تو ہنس کر چلی جاتیں اور بعض رک کر بات چیت بھی کر لیتیں۔ اسطرح وہ روز گھومتا رہتا اور پھونکیں مارنے کے عمل کا اعادہ کرتا۔ اس وجہ سے وہ مشہور تھا۔ ملاقات ہونے کے بعد میں نے اُس سے پوچھا:

"یہ پھونک بازی کیا چیز ہے؟"

"پیر صاحب میں پہلے کچھ پڑھتا ہوں اور پھر پھونک مار دیتا ہوں۔"

"لیکن اس سے حاصل کیا ہوتا ہے؟ نہ ہی تمہاری کوئی گرل فرینڈ ہے اور نہ ہی تم کسی سے ملتے پائے گئے ہو۔"

"آپ نہیں سمجھیں گے۔" اس نے ہنس کے ٹال دیا۔

"پھونکیں انگریز لڑکیوں کو ہی مارتے ہو یا ایشین کو بھی؟"

"تمام کو۔"

"مردوں کو بھی کبھی پھونکیں ماری ہیں؟"

"نہیں چونکہ میں بھی مرد ہوں اور مردوں پر جو کچھ میں پڑھتا ہوں اس کا اثر نہیں ہو سکتا۔ ہمیشہ یہ Opposite sex کا عمل ہے۔"

"کس قسم کا اثر؟"

"جیسا کہ میں نے پہلے کہا تھا کہ آپ نہیں سمجھیں گے۔"

"جب میں نے اس کا اصرار کیا تو سنجیدہ ہو کر وحید نے کہا" تڑپ "پیدا ہو جاتی ہے۔"

"کس میں؟"

"پیر صاحب! آپ نہیں سمجھیں گے لڑکی میں۔ اگر وہ عمل پڑھ کر لڑکے پر پھونک ماری تو اس کے بعد کچھ نہ پوچھیں۔"

"کبھی کسی لڑکی نے ناراضگی کا اظہار بھی کیا ہے؟"

"بالکل نہیں یہ عمل ہی ایسا ہے لڑکیاں پسند کرتی ہیں۔"

وحید کو musical concerts سننے کا بہت شوق تھا۔ شاید ہی کوئی ایسا موقع ہو کہ اُس نے شہر میں کوئی concert جان بوجھ کر چھوڑا ہو۔ چند ایک بار اُس نے مجھے بھی دعوت دی مگر میں نے انکار کر دیا کیونکہ یونیورسٹی سے رات کو واپسی پر گھر میں تھکا ماندہ لوٹتا اور کھانے کے بعد سو جایا کرتا۔

ایک دفعہ کوئی orchestra شاید لنڈن سے آیا ہوا تھا تو وحید نے مجھے یونیورسٹی میں ٹیلیفون کے ذریعہ نوید سنائی کہ اُس نے بمشکل دو ٹکٹ خرید لئے ہیں۔ سیٹیں کئی دنوں سے بک ہونا شروع ہو گئیں تھیں لہذا میں کوئی چھ بجے یونیورسٹی سے بس لے کر سیدھا شہر کے سینٹر میں پہنچ گیا۔ جب بتائے گئے تھیٹر کے قریب پہنچا تو وحید گیٹ پر میرا انتظار کر رہا تھا۔ کافی لوگ قطار میں لگے ہوئے تھے۔

Marfat.com

"ٹھیک ہے یہیں بیٹھتے ہیں جب ساتھ والے ہال میں dancing شروع ہوگی تو وہاں چلے جائیں گے۔"

"آپ کو hypnotism کا شوق کب پیدا ہوا؟"

"یہ بہت پرانی بات ہے جب میں Viena, Austria میں پڑھا کرتا تھا تو وہاں ایک parapsychology کا کلب تھا۔ میں اس کا member بن گیا۔ بچپن سے ہی رات کو نیند کم آتی اور دن میں تھکاوٹ محسوس ہوتی۔ اس کلب میں ہر کوئی اپنے فن کا ایک دوسرے سے مظاہرہ کرتا۔ یہ کلب مہینے میں ایک بار ہفتے کی رات کو اپنی meeting منعقد کرتا تھا۔ میں بھی concentration کی technique کی practice کر رہا تھا۔ ایک خاتون Mirjana، جو Yuogoslavia کی رہنے والی تھی، Freud کے psychoanalysis سے بہت متاثر تھی۔ وہ نہ صرف hypnotism بلکہ telepathy میں بھی کافی دسترس رکھتی۔ جب telepathy کی بات شروع ہوتی تو ہمیشہ کہتی "یاد رکھو 'Thoughts have wings'"

"ان دنوں ہم telepathy کے عمل پر practice کر رہے تھے تو ایک ممبر Zhan، Bulgaria کے شہر Sofia کا رہنے والا تھا اور اپنے والدین کے ساتھ Austria میں رہتا تھا۔ Extra-sensory precept کے متعلق اپنے فن کا مظاہرہ کرتا۔ ایک مرتبہ Mirjana نے اپنے handbag سے دو سفید crystal کے dice نکالے جن پر ایک سے چھ تک numbers نہایت مہارت سے سیاہ رنگ کے کندہ تھے۔ ہم لوگوں کو اس نے نہایت خاموشی کے ساتھ ایک بڑے مستطیل میز کے ارد گرد بیٹھنے کی ترغیب دی اور خود میز کی شمال والی کرسی پر اس طرح بیٹھی کہ اس کی پشت شمال کی طرف تھی۔ وہ mahony میز پر بیٹھی اور پھر نہایت concentration سے کافی دیر تک بغیر آنکھ جھپکے dice کو دیکھتی رہی اور بار بار dice [illegible] Zhan [illegible] ایک دفعہ جب اس نے dice پھینکے تو وہ چھکے پر [illegible] وہ dice کو دیکھتی رہی اور [illegible] Zhan [illegible] (شکل 111)۔

"دونوں Zhan کی ملاقات کے وقت مقرر رہے اور Greshen girlfriend [illegible] Zhan اور Greshen ایک coffee shop میں چلے گئے۔ Zhan نے Greshen اور اپنے لئے [illegible] Zhan [illegible] Greshen کے اصرار کے باوجود وہاں ہی چھوڑ کر library میں آن پہنچا۔"

"ماں ب[illegible]" میں نے حیرت زدہ ہو کر [illegible]

Marfat.com

"ہاں جیسا کہ میں کہہ رہا تھا کہ رات کو مجھے نیند نہ آیا کرتی Mirjana نے مجھے suggest کیا کہ ایک dice یا pocketwatch کی طرح (شیشہ) کو دیکھتے رہا کرو ساتھ ساتھ یہ سوچو کہ میری آنکھیں اور eyelids بوجھل ہو رہے ہیں میں بہت تھک گیا ہوں اب گہری نیند سونے لگا ہوں۔ کئی روز یہ عمل کرنے کے بعد ایک ایسا وقت آیا کہ تم نے ان چیزوں میں سے کسی چیز پر یہ عمل دہرایا ہو تو اس چیز کو اگر دیکھا تو تمہیں نیند آجائے گی لہذا ایسا ہی ہوا۔ رات کو میں گھڑی 10 بجے کے قریب سونے کا ارادہ کر کے اور اپنی پاکٹ واچ کو نکال کر دیکھتا ہوں تو مجھے نیند آجاتی ہے اسے کہتے ہیں auto suggestion۔ ہاں ایک اور بات یہ بھی ضروری ہے کہ میں فلاں وقت پر نیند سے جاگ اٹھوں گا۔ اب سال ہا سال سے مجھے pocketwatch دیکھنے کی ضرورت ہی نہیں پڑتی۔ میں دس بجے کے قریب آنکھیں بند کر کے مذکورہ عمل دہراتا ہوں تو نیند آجاتی ہے اور صبح سات بجے ... ہوں۔"

"اگر یہ کہہ جائے کہ میں کس وقت جاگ اٹھوں گا تو؟" میں نے تجسس کا اظہار کیا۔

"تم نیند سے جاگ کر کسی وقت بھی اٹھ سکتے ہو مگر طبیعت بوجھل رہے گی۔ تر و تازہ محسوس نہیں کرو گے۔"

ہم یہ باتیں کر ہی رہے تھے کہ steward کرائی پر beer کا ایک keg لے کر promenade deck کے دروازے کے پاس سے گزرا میں نے بھی اپنے علم کا اظہار کرنے کیلئے Justinian سے پوچھا۔

"steward کرائی پر کیا لے کر جا رہا تھا؟"

"پیپا نہیں صرف beer کا ایک cask تھا۔"

"نہیں صاحب cask تو ضرور تھا مگر اس کے بھی کئی پیمانے ہوتے ہیں۔"

اس نے حیرت سے اپنے spectacles کے اوپر سے میری طرف غور سے دیکھا اور کہا۔

"کیا پیمانے ہوتے ہیں ہم بھی تو سنیں؟"

"آپ جانتے ہوں گے صرف مذاق کر رہے ہیں۔"

"نہیں beer کے cask کو کسی ایک ہی capacity کا ہوتا ہے۔"

"تو سنئے ایک پیمانے کو Kilderkin کہتے ہیں جس کی capacity 16 یا 18 گیلن ہوتی ہے Nebuchadrezzar (ضخیم 112) ہوتا ہے جس میں Champaigne کی 20 بوتلوں کے برابر گنجائش ہوتی ہے جبکہ Jeroboam میں Champaigne کی چار بوتلوں کے برابر capacity ہوتی ہے۔ Split کو Champaigne کی بوتل کا چوتھائی حصہ۔ Keg ایک چھوٹی barrel کو کہا جاتا ہے جس کی capacity (10 یا 30) گیلن سے کم ہے۔ یہ Kilderkin سے بھی کم ہے۔ مچھلی وغیرہ کو store کرنے کے استعمال میں لائی جاتی ہے۔ Barrel کی capacity آدھا barrel 16 یا 18 گیلن۔ پیپا۔ Barrel میں 35 Imperial یا 42 امریکی گیلن (تقریباً 159 litres)۔ ساتواں Firkin آدھا Kilderkin سے بڑا ہے۔ آٹھواں Hogshead یہ beer کا liquid measure، 54 Imperial یا 63 امریکی گیلن (Wine کا liquid meauser، 52.5 Imprial گیلن) نواں گیلن میں 4 Quarts یا 8 Uk pints میں (Imperial گیلن 4.55 litres) امریکہ میں امریکی گیلن کا آٹھواں حصہ (UK میں 20 fluid ounces۔ Imperail pint (0.568 liter) امریکہ میں (ایک litre، 0.473 pints کے برابر) اور Quart گیلن کے چوتھے حصے یا دو pints کے برابر UK میں تقریباً 1.13 litres امریکہ میں تقریباً 0.94 litres۔ آئی بات سمجھ میں؟"

"آپ تو بڑے استاد نکلے۔" اور اس نے مجھے تھپکی دی۔

ساتھ والے کمرے میں شائقین اکٹھے ہونے شروع ہو گئے۔ ہم دونوں بھی اٹھ کر ایک میز کے اردگرد بیٹھ گئے جہاں کرسیاں تھیں۔ دونوں اکٹھی کرسیوں پر بیٹھے اور سامنے والی کرسی کو view سے بائیں جانب کر دیا۔ بینڈ نے music شروع کر دیا چند ایک لوگ ڈانس کرنے لگے۔ مجھے یاد ہے یہ Foxtrot یا Waltz کی دھن بج رہی تھی۔ slow قسم کا میوزک تھا۔ آہستہ آہستہ کافی لوگ ڈانس کرنے کیلئے dance floor پر آگئے۔ بینڈ میں سے ایک شخص saxophone بجا رہا تھا۔ ...

Marfat.com

متعدد بار solo بھی مظاہرہ کیا۔

"اچھا تو اپنے فن کا کوئی مظاہرہ دکھا دیں۔" Justinian سے کہا۔

"یہ وقت مناسب نہیں۔ Rumba، Sumba یا کوئی اور تیز rhythm والا ڈانس شروع تو ہونے دو۔"

کچھ وقفے کے بعد انہوں نے Samba کی دھن شروع کی۔ اس ڈانس میں زیادہ تر جوان couples مصروف ہو گئے تھے۔ climax کے موقع پر Justinian نے اس saxophone بجانے والے پر اثر انداز ہونے کی کوشش شروع کر دی وہ اپنا رومال نکال کر کبھی saxophone کے منہ کو پونچھتا اور کبھی اپنے منہ کو۔ یوں محسوس ہو رہا تھا جیسے اس نے اتنا غلط saxophone بجایا کہ بینڈ کے دوسرے ساتھی اور حاضرین بھی بغیر سنت کے ہو گئے۔ ڈانس کرنے والوں نے hooting شروع کر دی۔

Justinian اس کی طرف دور سے جہاں ہم بیٹھے ہوئے تھے ٹکٹکی باندھ کر دیکھتا رہا۔ بینڈ کے leader نے وقفہ دے دیا۔ ڈانس کرنے والے اپنی اپنی جگہوں پر واپس ہو گئے اور شراب نوشی میں مشغول ہو گئے۔ ایسے محسوس ہوا جیسے band leader اس saxophone بجانے والے کو ڈانٹ پلا رہا ہو۔

"Justinian صاحب آپ تو واقعی اپنے فن پر حاوی ہیں۔ آپ نے کیسے کیا؟"

"میں اس پر concentrate کر کے اسے یہ بتا رہا تھا کہ تمہارے saxophone میں خرابی پیدا ہو گئی ہے یہ تمہارا ساتھ نہیں دے رہا۔ تم نے دیکھا وہ saxophone کو کبھی نیچے کبھی اوپر سے دیکھتا، کبھی اس کو ہاتھ سے pat کرتا اور کبھی رومال سے اس کو پونچھتا۔ اس کی خرابی دور کرنے کی کوشش میں اس کے منہ میں مختلف انداز میں پھونک مارتا۔ اب بھی وہ اسے مختلف محسوس کر رہا ہے۔"

اگلے ڈانس شروع ہونے سے پہلے band leader نے اس سے کچھ صلاح مشورہ کیا۔ شاید وہ اس سے کہہ رہا تھا کہ تم music میں حصہ نہ لو۔ جب music شروع ہوا تو اس نے saxophone بالکل ٹھیک بجایا۔ ڈانس ختم ہونے کے بعد وہ band leader کو saxophone دکھا رہا تھا جیسے کوئی معمولی خرابی ہو جو اب دور ہو گئی ہے۔

"کیا کسی کو hypnotism کے ذریعے غلط کام کرنے پر مجبور کیا جا سکتا ہے؟"

"نہیں ہر گز نہیں غلط کام وہی کرے گا جس میں شروع سے ہی غلط کام کرنے کی tendency ہو۔"

"میں سمجھا نہیں۔"

"میرا مطلب ہے کوئی شخص چوری چکاری کرتا رہا ہو یا جانوروں اور دوسرے انسانوں کو مارتا پیٹتا ہو تو اسے چوری یا قتل کرنے کی ترغیب دی جا سکتی ہے۔ ہاں ایک چھوٹی سی بات شاید تمہارے مشاہدے میں آئی ہے اگر کسی ریسٹورنٹ، کلب یا ٹرین میں تم کسی کی طرف concentrate کر کے دیکھو تو وہ شخص اگر چہ کسی دوسری طرف دیکھ رہا ہو یا کسی کام میں مصروف ہو تو تمہاری طرف ضرور دیکھے گا۔"

"پہلے کبھی اتفاق تو نہیں ہوا۔ اب کوشش کر کے دیکھتا ہوں۔"

ہمارے میز کی بائیں طرف تین میز چھوڑ کر ایک ادھیڑ عمر عورت اور ادھیڑ عمر مرد کے ساتھ ایک جوان لڑکی بیٹھی ہوئی تھی۔ لڑکی شاید ان کی بیٹی ہو گی۔ اس لڑکی کا منہ دوسری طرف اور پشت ہماری جانب تھی۔ میں نے اسکی طرف دیکھتے ہوئے اس پر تھوڑی دیر concentrate کرنا شروع کر دیا۔ اس لڑکی نے ادھر ادھر دیکھنا شروع کیا۔ میں نے مزید concentrate کیا تو واقعی لڑکی نے گردن موڑ کر ہماری طرف دیکھا۔ Justinian نے مجھے یہ عمل تھوڑے وقفے کے بعد پھر دہرانے کو کہا۔ لڑکی نے پھر ہماری طرف دیکھا میرا مطلب ہے میری طرف دیکھا۔ Justinian نے پھر یہ عمل تھوڑے وقفے کے بعد دہرانے کو کہا۔ لڑکی نے پھر دیکھا۔ تھوڑے تھوڑے وقفے سے عمل کے بعد لڑکی اٹھ کر ہماری میز کی طرف آ گئی۔

"تشریف رکھیں۔ کیا خدمت کر سکتا ہوں؟" میں نے پوچھا۔

"کچھ نہیں میں آپ لوگوں کی طرف دیکھنے پر بے چین ہوئی جا رہی تھی۔ سوچا کیوں نہ خود آ جاؤں۔"

Justinian نے اسے drink کی offer کی مگر اس نے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ میں اپنے والدین کے پاس بیٹھی

Marfat.com

enjoy کر رہی ہوں۔

”آپ کا نام کیا ہے؟“ میں نے سوال کیا۔

”Esmeralda“

ہم لوگوں نے اپنا تعارف کرایا مگر اسے یہ باور نہ ہونے دیا کہ یہ hypnotism یا telepathy کا کرشمہ ہے۔ وہ اپنے ماں باپ کے ساتھ چھٹیاں گزارنے کے لیے French Riviera گئی ہوئی تھی اور اب یہ لوگ واپس Minnesota، امریکہ جا رہے تھے۔

اگلے دن کوئی سات روز جہاز میں سفر کرنے کے بعد صبح کے وقت Statue of Liberty نظر آیا۔ جہاز کے dock ہونے کے بعد Immigration اور کسٹم سے گزر کر میں نے Yellow cab لی اور New York، Grand Central Station سے Detroit کی train پر سوار ہو گیا۔ New York سے Detroit تک بذریعہ ٹرین میں نے پاکستان میں American Express سے ٹکٹ خریدا ہوا تھا۔

”Liberty دنیا کو enlighten کرتی ہے۔“ یہ Colossal Statue ہے جو آزادی کی Liberty Island پر New York بندرگاہ کی upper bay میں واقع ہے۔ Statue of Liberty امریکہ اور فرانس کی دوستی کی یاد تازہ کرتی ہے۔ pedestal سے لے کر چوٹی تک 302 فٹ (92 m) بلند۔ Liberty ایک عورت کا بت ہے جس نے لباس پہنا ہوا ہے، دائیں ہاتھ میں ایک torch اور بائیں ہاتھ میں ایک tablet پر 4 جولائی 1776 لکھا ہوا ہے یعنی آزادی کی تاریخ۔ ایک elevator کی مدد سے Statue کی balcony تک رسائی اور بلندی حاصل ہوتی ہے یا پھر spiral staircase سے Liberty کے مجسمے تک پہنچا جاتا ہے۔ pedestal کے اندر Emma Lazarus کی Sonnet (1883) ”The New Colossus“ ایک تختی پر لکھا ہوا ہے جو قارئین کی دلچسپی کے لیے مندرجہ ذیل میں حاضر خدمت ہے۔

Not like the brazen giant of Greek fame.
With conquering limbs atride from land to land:
Here at our sea-washed. sunset gates shall stand
A mighty woman with a torch. whose flame
Is the imprisoned lightning. and her name
Mother of Exiles. From her beacon-hand
Glows world-wide welcome. her mild eyes
command
The air-bridged harbor that twin cities frame.
" Keep. ancient lands. your storied pomp! "
With silent lips " Give me your tired. your poor.
Your huddled masses yearning to breathe free.
The wretched refuse of your teeming shore.
Send these. the homeless. tempest-tost to me.
I lift my lamp beside the golden door!

Statue کے Base میں (1972) The American Museum of Immigration واقع ہے۔ ایک فرانسیسی تاریخ دان Edouard de Laboulaye نے امریکہ کی آزادی کے بعد Statue کی تجویز

Marfat.com

پیش کی۔ فرانس کے باسیوں نے چندہ جمع کیا اور 1875 میں ایک بت تراش Frederic-Auguste Bartholdi، کی زیر نگرانی یہ مجسمہ بنایا گیا۔ تانبے کی چادروں سے ہاتھوں کی مدد سے ایک framework پر شکل دی گئی۔ اس framework کو steel کی پٹیوں کے supports پر قائم کیا گیا۔ یہ ڈیزائن Eugene-Emmanuel Viollet-le-dus اور Alexandre-Gustave Eiffel جس کے نام سے پیرس کا مشہور Eiffel Tower منسوب ہے نے تیار کیا۔ 1885 میں Statue (151 Ft 1 Inch) اونچا اور 225 tons کا تیار ہوا۔ مکمل Statue کو disassemble کر کے New York City پہنچایا گیا۔ یہاں اس کا pedestal جو امریکن architect Richard Morris Hunt نے ڈیزائن کیا اور FT Wood کی حدود میں Bedloe's Island پر بعد میں نصب کیا گیا۔ Statue کو pedestal پر mount کیا گیا اور اس کا افتتاح پریزیڈنٹ Cleveland نے 28 اکتوبر 1886 میں کیا۔ 1980 کی دہائی میں امریکن لوگوں نے امریکن Centennial کی خوشی میں 1986 کے لئے اس کی مرمت کی۔ Statue کی ... 1924 میں قومی یادگار قرار دیا گیا۔ 1956 میں Bedloe's Island کو Liberty Island کا نام دیا گیا اور 1965 میں قریبی Ellis Island کو اس کا حصہ بنا دیا گیا۔ Immigration کی ... Liberty Island میں شامل کر دیا گیا۔ اس طرح یادگار کا کل رقبہ 58 ایکڑ (تقریباً 25 hacters) ہے۔

Johannesburg، Sunshine Coast، Port Elizabeth کے ... Nelson Mandela کا ایک مجسمہ ... 30 میٹر ... 110 میٹر اونچائی ... بنا ہوا ... اس کی ... 195000 ... 2006 میں ... 29 ... Liberty کا ... 65 میٹر اونچا ... 46.5 ... ہے۔

USA

Wayne State University hostel

Detroit امریکہ کی ریاست Michigan State کا شہر ہے۔ Detroit کے جنوب مشرق میں Erie اور St. Clair جھیلیں ہیں۔ Windsor شہر، Ontario، Canada، Detroit کے بالمقابل واقع ہے۔ ایک French شخص Antoine de la Mothe Cadillas نے Detroit کی بنیاد 1701 میں رکھی۔ اس نے Detroit کو ... Fort-Portchartrain-du-Detroit اپنے patron کی یاد میں ... French زبان میں Detroit کے معنی "strait" کے ہیں۔ ... بعد انگریزوں نے ... Detroit تک ... synonymous ... یہ ... Windsor شہر سے ایک پل اور tunnel سے منسلک ہے۔ Detroit Metropolitan Wayne County Airport شہر سے 27 کلومیٹر جنوب مغرب میں واقع ہے۔

Detroit ... ایک cab hire کیا اور Wayne State University کے campus ... scientific journals، bundles ... papers ... suitcase میں دو suits، ایک combination ... undershirts، underwears ... ایک ... رومال ...

Marfat.com

ہاتھ میں briefcase جس میں electric shaver، travel document اور چند ضروری کاغذات تھے۔

میرے سر پر felt hat، منہ میں پائپ جبکہ بائیں شانے پر Macintosh (ضمیمہ 113) تھا جو اس دور کے رواج کے مطابق ضروری تھا۔ اب تو یہ نہیں دستیاب ہی نہیں اور یہ چمڑے کا suitcase عام ہوتے تھے جو فی زمانہ نایاب ہو گئے میرے ایک ہندو دوست Ramgoolam نے دیا تھا جو Mauritius کے شہر Port Louis کا رہنے والا تھا اور لندن میں پیشہ کے کاروبار کیا کرتا۔ میں نے اس کے عوض تحفے کے طور پر کئی تاش کے پتے دے دیں (ضمیمہ 114)۔

میں نے سامان parking lot کے پورٹر کے پاس رکھا اور خود اپنے پروفیسر Dr Dominic L. DeGiusti کی تلاش میں سڑک کے اس پار ایک بڑی building میں داخل ہو گیا۔ تھوڑی سی پوچھ گچھ کے بعد میں پروفیسر کے کمرے میں پہنچ گیا جو basement میں واقع تھا۔ اپنا تعارف کرانے کے بعد اس نے دو students ایک لڑکا Eugene اور ایک atheletic لڑکی Jean کے تعاون سے میں نے تین پہیے والا کار اپنا سامان قریب کے ہوسٹل کی تیسری منزل پر اپنے کمرے میں جو پروفیسر نے میرے لیے reserve کر رکھا تھا، پہنچا دیا۔ میں نے ان دونوں کا شکریہ ادا کیا۔ وہ تو چلے گئے تو میں اپنا سامان arrange کرنے لگا۔

کمرہ مری پاکستانی ہوسٹل کے cubicles سے بھی تھوڑا بڑا نہایت آرام دہ سجا ہوا تھا جس میں ایک table جس پر ایک table lamp موجود تھا۔ ایک office chair اور ایک single صوفہ بھی رکھا گیا۔ بائیں ہاتھ کی جانب ایک دروازہ bathroom cum toilet میں کھلتا۔ اس bathroom کا ایک دوسرا دروازہ جو میرے ساتھ والے cubicle سے ملحق تھا۔ مجھے میرے پروفیسر نے بتا دیا کہ یہ arrangement عارضی ہے چند دنوں میں مجھے قریب ہی کوئی apartment تلاش کرنا ہوگا۔

میں منہ ہاتھ دھو کر hostel کے basement میں گیا جہاں سات self-service ایک بڑی fridge جیسی مشینیں تھیں جن میں سے ایک panel پر مشین کے اندر مختلف قسم کی sandwiches کی قیمتیں بھی شیشے پر لگی ہوئی تھیں۔ ایک میں مختلف قسم کے soft drink اور coffee کا بندوبست بھی تھا۔ ان کی قیمتوں کے مطابق مشین کے سامنے کی طرف ایک جانب کئی slots تھیں quarter (25 cent کا سکہ)، dime (10 cent کا سکہ) یا nickle (5 cent کا سکہ) handle گھما دو تو پیچھے ایک دروازے پر معلوم ہوتا کہ آ چکی۔ بعض مشینوں میں رقم ڈالی اور دروازہ کھلتا تو ایک tray پر قیمت کے مطابق soft drink سے بھرا ہوا۔ بعینہ کافی حصول کا طریقہ کار تھا جبکہ ساتھ ہی sugar cubes، milkpacks اور tomato ketchup کی پڑیاں بھی تھیں۔ بعض مشینوں میں مطلوبہ چیز کی قیمت سے زیادہ رقم ڈالی جاتی اور بعض میں سے اگر رقم زیادہ ہو تو باقی change بھی نکل آتا۔ میں نے chicken sandwich اور black coffee مشین سے نکالی اور آرام سے ساتھ ایک میز پر بیٹھ کر کھانے لگا۔ وہاں اور لڑکے لڑکیاں بھی موجود تھے مگر ان کے چہروں سے یہ محسوس ہوا وہ مجھے tiptop لباس میں ملبوس دیکھ کر حیرت زدہ تھے کیونکہ تمام کے تمام لوگ casual dress میں تھے بلکہ کئی لڑکیوں نے تو shorts پہن رکھی تھیں۔

ادھر ادھر گھوم کر میں دوبارہ اپنے کمرے میں آیا۔ سیدھا bathroom گیا تو ایک لڑکی toilet استعمال کر رہی تھی۔ میں "Sorry" کہہ کر واپس کمرے میں لوٹا۔ ہوا یوں کہ یہ ہوسٹل لڑکوں اور لڑکیوں دونوں کے لیے تھا جبکہ میں اس سے بے خبر تھا۔ معلوم نہیں جان بوجھ کر اندر سے bathroom کے دروازے کو bolt لگانا بھول گئی۔ آخر یہ امر بھی تو چند دنوں سے یہ جگہ خالی تھی۔ دراصل لڑکیوں کی اسی فلور پر ایک اتفاق رہتی تھی جہاں سے وہ اپنے boyfriend کو ملنے کمرے میں آئی ہوئی تھی۔

Harbor Bar

راقم نے ہوسٹل میں چند دن گزارے تو سوچا کیوں نہ Detroit میں ادھر ادھر گھوم کر کوئی مناسب apartment کی

Marfat.com

تلاش کی جائے یونیورسٹی سے پروفیسر نے پہلے سے بتا دیا تھا کہ یہ تمہاری عارضی رہائش گاہ ہے بہتر ہے اپنے لئے کوئی مناسب رہائش گاہ تلاش کرنا شروع کر دو۔

ایک اتوار کے دن میں نے Detroit کی Downtown (ضمیمہ 115) بس سے اتر کر Detroit دریا کی طرف چلنا شروع کر دیا۔ گرمی کا موسم تھا سوچا کسی کرایہ کی کشتی میں دریا کی سیر ہی کی جائے۔ دریا کے کنارے ایک جگہ پر لوگ کشتیوں میں بیٹھ کر (ضمیمہ 116) کہیں جا رہے تھے میں نے ایک کوئی 30 سالہ امریکن عورت سے دریافت کیا:

"یہ لوگ کہاں جا رہے ہیں کیا کوئی خاص سیر گاہ ہے؟"

"نہیں یہ ایک boatel میں جا رہے ہیں۔"

"یہ boatel کیا ہوتا ہے؟"

"تم شاید پہلی دفعہ امریکہ میں آئے ہو" اس نے قہقہہ لگاتے ہوئے کہا "motel کا نام تو سنا ہوگا۔"

"ہاں motel یا hotel کو کہتے ہیں جہاں کار سمیت ہوٹل میں کمرہ تک پہنچ جاتی ہے مگر boatel کا لفظ تو میں پہلی بار آپ سے سن رہا ہوں۔"

"پہلے بتاؤ تمہارا نام کیا ہے اور کہاں کے رہنے والے ہو؟ تمہاری انگلش سے پتہ چلتا ہے کہ ضرور انگلینڈ میں رہے ہو تم وہاں کے باشندے نہیں سے معلوم نہیں ہوتے۔"

"آپ ٹھیک کہہ رہی ہیں میں پاکستان کا باشندہ ہوں۔ میرا اصل نام پیر نصیر الدولہ ہے جس کا مخفف پیر نصیر ہے اور اس کے شروع میں ڈاکٹر کا لفظ بھی اضافہ ہے۔"

"تو آپ ڈاکٹر ہیں!"

"مگر میں وہ ڈاکٹر نہیں جو آپ سمجھ رہی ہیں۔ میں Ph. D ہوں۔"

"بہت بڑی ڈگری ہے۔ medical doctor تو صرف یونیورسٹی کی پہلی ڈگری ہوتی ہے۔ میرا نام Dalida ہے میرے والدین کافی مدت سے لبنان سے آ کر Detroit میں آباد ہو چکے ہیں جبکہ میری پیدائش بھی یہاں پر ہی ہوئی۔"

"boatel کیا چیز ہے؟"

"کچھ نہیں boatel اس hotel, bar یا restaurant کا نام جہاں لوگ صرف کشتیوں میں بیٹھ کر پہنچ سکتے ہیں۔ میں ہر اتوار والی ایک boatel, Harbor Bar چلی جاتی ہوں۔ یہ تمام لوگ بھی وہاں ہی جا رہے ہیں۔ dance اور drinks کے بعد واپس لوٹتی اور کشتی یہاں ہی باندھ دیتی ہوں۔ وہ جو سامنے Chrysler کھڑی ہے اس کو drive کرتے گھر کی راہ لیتی ہوں۔"

"یہاں کرایہ کی کشتی نہیں تو پھر میرے لئے وہاں جانا ممکن نہیں۔"

"Oh, Come on be my guest اور پھر پاکستان بھی تو Middle East کا ملحقہ علاقہ ہے۔ میرے ساتھ چلو۔ نہایت خوشی کی بات ہوگی۔"

اس نے اپنی luxury motor boat میں مجھے پہلے سوار ہونے کو کہا۔ پھر کشتی کو اپنی mooring سے کھولا اور خود چھلانگ لگا کر کشتی میں آ گئی۔ motor boat کو start کیا، wheel تھامے کشتی کو آہستہ آہستہ ساحل سے دور لے آئی۔ میں ایک نشست پر اس کے قریب بیٹھ گیا۔ کوئی 25 منٹ میں ہم Harbor Bar کے قریب پہنچ گئے۔ اس نے کشتی کا رخ ایک کشتیوں کے parking lot کی جانب کیا اور اپنی مخصوص جگہ پر پہنچ کر کشتی کی موٹر کو بند کرنے کے بعد چھلانگ لگا کر لکڑی کے پل پر کود گئی ایک pole سے رسہ کو کھولا اور اپنی کشتی کے اگلے حصہ پر لگے ہوئے hook سے باندھ دیا۔ پھر مجھے باہر آنے کی ترغیب دی۔ سر دست یہ واضح کر دینا مناسب ہوگا کہ اس parking lot میں چار لمبے، لمبے لکڑی کے پل، جبکہ ان پلوں کے دونوں طرف ایک line میں لگے ہوئے چھوٹے مگر مضبوط poles، جس کے ارد گرد کشتیاں باندھنے کیلئے رسے سے لپٹے ہوئے تھے۔ ہر کشتی کے مالک کا ایک

Marfat.com

مخصوص pole اور صرف اسی جگہ پر وہ اپنی کشتی کو باندھ سکتا ہے جس کا مہینے کا US $ 19.50 کرایہ تھا۔

Dalida نے اس دور کے فیشن کے مطابق کالے رنگ کی hot-pants یعنی ''گرم پتلون'' جو کہ عام طور پر size کی نیکر shorts پہنے، سفید blouse، سر پر چھوٹے چھوٹے boycut بال، پاؤں میں سفید fleet دائیں کلائی پر ایک men's wrist watch جس کے strap کا رنگ کالا تھا، گلے میں سونے کا locket جس پر نمایاں کالے رنگ میں ''D'' اور lady's purse کی بجائے ایک غیر معمولی طور پر بڑے سائز کا handbag تھا۔

''Harbor Bar میں تم واحد شخص ہو گے جو سوٹ پہنے اور سر پر hat'' اس نے مسکراتے ہوئے شرارتاً کہا۔

ہم پل پر چلتے ہوئے ایک اور پل پر پہنچ گئے جو دوسرے پل سے right angle پر بنا ہوا تھا۔ اس طرح تیسرے اور چوتھے پل پر سے گزر کر سیڑھیاں چڑھتے ہوئے Harbor Bar میں داخل ہو گئے۔

Harbor Bar دراصل ایک دریائی جہاز یا ferry تھا جسے ایک restaurant cum bar میں تبدیل کر دیا گیا۔ تمام شوقین ایک سیڑھی اوپر چڑھتے اور دوسری سیڑھی سے نیچے اتر جاتے، کشتی کی طرف سے اس پر آنے کا کوئی راستہ نہیں تھا۔ Harbor Bar ساحل سے قدرے ہٹ کر لنگر انداز اور مستقل طور پر اسی جگہ قائم تھی۔ ہم نے داخل ہوتے ہی پایا کہ rectangular ہال میں موجود ہے۔ ایک جانب bar اس سے کافی ہٹ کر ڈانس فلور اور چاروں طرف میزیں رکھی ہوئی تھیں قریباً پچیس بائیس ہال بھر گیا۔ bar کے ساتھ ایک band جو مختلف دھنیں بجا رہا تھا جو کہ یہاں کے ماحول کو کافی خوشگوار بنا رہا تھا۔

''یہاں بیٹھنا پسند کرو گے buddy ؟'' (ضمیمہ 117) مجھے بعد میں پتہ چلا کہ buddy کا لفظ خوب استعمال ہوتا ہے بے تکلفی ہو یا نہ ہو۔

''جہاں آپ کی مرضی۔''

''میں تو اس قسم کی شوقین نہیں ہوں البتہ جب کبھی بیٹھ کر شراب نوشی چاہئے تو پوچھ لیتی ہوں۔ ویسے بھی مردوں سے پیچھے رہنا کسی کو اچھا نہیں لگتا۔'' اور وہ مجھے خوب غور سے دیکھ کر اس طرف ایک میز پر لے گئی۔

ابھی ہمیں بیٹھے تھوڑی دیر ہی ہوئی تھی کہ ایک waiter آ گیا۔

''Yes Madam''

''میرے لئے تو extr dry martini اور buddy تم کیا پسند کرو گے ؟''

''Scotch on the Rocks'' (ضمیمہ 118) میں نے جواب دیا۔

تھوڑی دیر بعد ہمیں drinks serve کر دیا گیا۔ میرے منع کرنے کے باوجود Dalida نے بل کی ادائیگی 5 ڈالر کے نوٹ سے کی اور waiter سے کہا ''Keep the change''

مجھے علم نہیں کہ drinks کی کیا قیمت ہوگی مگر tip سے تھوڑا اندازہ ہوا کہ تقریباً 3 ڈالر تو ہوں گے۔ ڈانس میں مصروف ہونے کی وجہ سے ہماری کرسی پر بیٹھی ہوئی کی پشت dance floor کی طرف اور منہ دریا کی طرف تھا۔

تھوڑا تھوڑا اندھیرا چھانے لگا تو تمام waiters نے سر پر headlights کی ٹوپیاں پہن لیں جیسے کہ waiter کی سر کے ساتھ بندھی ہوئی تھی۔ جس میں lights کی lights نظر آنے لگیں۔ دراصل بات یہ تھی کہ bar میں روشنی کا بہت کم انتظام تھا تاکہ ماحول رومانوی ہو جائے اور sexy لگے۔ waiters اپنے سر پر headlights لگائے ہوئے table پر آتے اور order لیتے جو بعد میں ان کے ہاتھوں میں torches ہوتی تھیں جنہیں ہاتھوں میں تھام لیا جاتا تھا۔ Habor Bar کی چاروں طرف شوخ lights جن سے دریا کا منظر صاف نظر آتا تھا۔

قریباً دو گھنٹے گزر گئے Dalida نے دوسرا drinks کا آرڈر دیا۔ میں نے بھی اپنی کرسی کا رخ دریا کی جانب کر لیا جہاں چاندنی میں کشتیاں اور دریا کا خوبصورت منظر پیش کر رہی تھیں۔ Dalida گہری سوچ میں غلطاں صرف ہوں ہاں میں میری باتوں کا جواب دے رہی تھی۔

Marfat.com

[illegible] more [illegible]

[illegible] bore [illegible]

[illegible]

[illegible] old ivory [illegible] old ivory [illegible] blue-white ivory [illegible]

[illegible] Dalida [illegible] romantic writer [illegible]

[illegible] professional [illegible]

[illegible] Diana Barrymore [illegible]

[illegible] autobiography [illegible] 1957 [illegible] *Too Much Too Soon* [illegible]

[illegible] John Barrymore [illegible]

[illegible] Dalida [illegible]

[illegible] Diana [illegible]

[illegible] international [illegible]

[illegible]

[illegible] Walt Whitman [illegible]

[illegible] Too Much [illegible]

[illegible]

"Afoot and light-hearted I take the open road
Healthy, free, the world before me
Henceforth I ask not good fortune, I
Myself am good fortune
Henceforth I whimper no more, postpone
No more, need nothing
Strong and content I travel the open road"

[illegible] dance floor [illegible]

[illegible]

"Dalida [illegible] Jimmy Dorsy [illegible] tune [illegible] dance [illegible]"

[illegible] waiter [illegible]

"Yes madam"

"[illegible] drink [illegible] nightcap" ([illegible] 119) [illegible] buddy [illegible]"

Marfat.com

میں نے شکریے کے ساتھ انکار کر دیا۔ میرے بضد ہونے کے باوجود بل اسی نے ادا کیا۔ آخری drink کے بعد اس نے وہاں سے جانے کیلئے مجھ سے پوچھا:

"As you please."

ہم وہاں سے اٹھ کر چلے آئے۔ جب اس کی کشتی کی طرف جا رہے تھے تو میں نے کہا: "کچھ کھایا جائے۔"

"نہیں میں اپنے نشے کو خراب نہیں ہونے دیتی۔ اتنی رقم خرچ کرنے کے بعد اب میں اپنی دنیا میں لوٹ آئی ہوں۔ اگر تمہیں بھوک ہے تو downtown میں fried ribs کی مشہور دکان سے ایک باکس خرید لیتے ہیں۔"

اس دور کی fried ribs اور French fries (potato chips) مشہور خوراک ہوا کرتی اور ٹیلیفون کرنے پر گھر میں بھی delivery کی جاتی تھی۔

اس نے کشتی واپس mooring سے کھولا اور مجھے کشتی میں پہلے داخل ہونے کی ترغیب دی۔ پھر خود کشتی میں چھلانگ لگا کر آ گئی۔ جس رفتار سے وہ کشتی چلا رہی تھی میں خوف زدہ ہو گیا۔

"گھبرانے کی کوئی بات نہیں۔ I have a tiger in my tank." اس نے مسکراتے ہوئے مجھے تسلی سے نوازا۔ ساحل پر واپس مخصوص جگہ کشتی سے آگے چھلانگ لگا کر اتر گئی اور کشتی کو اپنی جگہ پر رسے سے باندھ دیا۔ مجھے کشتی سے باہر آنے کو کہا جو شخص کشتی کی حفاظت کرتا اسے "tip" دی۔

"Had a nice time, Dalida?" میں نے تجسس کا اظہار کیا۔

پھر کار میں بیٹھ کر ہم downtown آ گئے۔

"تم کار میں ہی بیٹھو" اور خود جا کر ribs کا ایک باکس لے آئی۔

"میں نے پھر قیمت ادا کرنے کو کہا۔"

"No you are my guest, some other time."

اس نے کار کو میرے hostel کی جانب روانہ کیا۔ وہ کار چلانے کے دوران گنگنانے میں مصروف رہی جس کی مجھے سمجھ نہ آ رہی تھی۔ اس نے کار hostel کے دروازے کے بائیں جانب کھڑی کر دی اور مجھے اپنا ٹیلیفون نمبر دیا۔

"آؤ میرے کمرے میں چل کر تھوڑا بہت ہی کچھ کھا لو۔"

"نہیں پھر کبھی اور ہاں 'Take care and don't do any thing I won't do'"

اس کے بعد Dalida سے ملاقاتیں ہوتی رہیں اور وہ شراب کی بوتل میں مسلسل ڈوبتی چلی گئی۔ پھر وہ اپنی دنیا سے تعلق میں کم رہتی اسے احساس تک نہ ہوتا کہ میں یا دیگر لوگ بھی موجود ہیں البتہ کبھی کبھی وہ خودکشی کی باتیں کرتی لہٰذا میں نے اس سے تعلقات موقوف رکھنے میں ہی عافیت جانی۔

چابی گم

راقم نے دو ہفتوں کے بعد ایک مناسب apartment تلاش کر لیا جو کہ یونیورسٹی کیمپس کے قریب اور بلڈنگ کے پانچویں فلور پر واقع تھا۔ ایک بڑا کمرہ، bathroom اور ایک kitchen تمام well-furnished۔ ضروری برتن پہلے سے وہاں موجود تھے۔ تمام کی تمام بلڈنگ centrally heated تھی مگر گرمیوں کیلئے میرے کمرے میں air conditioner نہیں تھا۔ مجھے بعد میں معلوم ہوا کہ دوسرے کمروں میں بھی ایسا کوئی انتظام نہیں۔ نہ ہی گرمیوں کا موسم ایسا کہ air conditioner کی ضرورت محسوس ہو۔ میں نے اپنے کمرے میں ادھر ادھر تلاش کے باوجود کوٹ لٹکانے کیلئے کوئی کھونٹی وغیرہ نہ پائی۔ بلڈنگ میں elevator کے باوجود میں سیڑھیوں سے ہوتا ہوا ground floor پر concierge (caretaker، porter یا door-keeper) کے کمرے کی طرف گیا جس کا کمرہ عمارت میں داخل ہوتے ہی دروازے کی بائیں جانب واقع تھا۔ اس سے

Marfat.com

کمرے کے دروازے سے متصل button کو push کیا تو ساتھ ہی شیشے کی چھوٹی سی کھڑکی سے اس نے پوچھا:

"کیا بات ہے؟"

"میرے کمرے میں کوڑا کرکٹ ڈالنے کی ٹوکری وغیرہ موجود نہیں۔"

"تم نئے آئے ہو؟" اس نے کھڑکی میں سے ہنستے ہوئے جواب دیا اور معاً تھوڑی دیر کیلئے وہاں سے غائب ہو گئی۔

اس کے بعد کھڑکی سے پوچھا:

"تم پاکستان یا انڈیا سے آئے ہو اور Dr. DeGiusti کے ساتھ یونیورسٹی میں کام کر رہے ہو؟"

"ہاں۔"

اس نے اپنے کمرے کا دروازہ بند کیا۔ تقریباً 40 سال عمر اور نام Valery تھا۔ مجھے elevator کے دروازے تک لے گئی تو میں یہ سمجھ رہا تھا کہ شاید وہ اپنے فلور پر جا رہی ہے۔ چونکہ اس نے elevator کا استعمال کیا لہٰذا پہلے سے ہی میرے کمرے کے پاس پہنچ گئی۔ مجھے kitchen میں لے گئی۔ kitchen کی ایک دیوار کے ساتھ تقریباً 5 فٹ کی بلندی پر ایک چھوٹا سا لوہے کا letterbox کے cover کی ساخت جیسا ایک بھاری cover موجود تھا۔ "اس cover کو ذرا اٹھاؤ تو سوراخ میں جو چیز ہو پھینک دو۔ یہ incinerator ہے جو بلڈنگ کے basement میں واقع ہے، کا ایک حصہ ہے۔" یہ کہہ کر وہ چلی گئی اور مجھے کام سمجھا دیا۔

"بلڈنگ کے بڑے دروازے کے ساتھ ایک panel نصب ہے جس پر تمام رہائشیوں کے نام درج ہیں۔ ہر نام کے سامنے ایک button اور apartment کا نمبر لکھا ہوتا ہے۔ میں اپنی تمہاری مثال دوں تو apartment No. 512 لکھا ہوا ہوتا ہے۔ اسی طرح میرا نمبر 12 لکھا ہے۔ apartment No 12 جو میرے نام کی جگہ پر concierge۔ جب کوئی باہر سے bell button کو push کرتا ہے تو اس button سے متعلقہ رہائشی اپنے کمرے سے متصل intercom پر بات کر سکتا ہے اور اپنے کمرے میں سے ہی button push کرنے پر بلڈنگ کا دروازہ کھل جاتا ہے۔ یہ انتظام اس لئے کہ کمرے کا رہائشی ملنے والے کو پہچان لے۔ اگر کسی مدد کی ضرورت ہو تو کوئی ... میری تمہاری مدد کر دے گی۔"

Incinerator میں ہر رات آگ جلا دی جاتی اور تمام کوڑا کرکٹ یہاں تک کہ چھوٹا موٹا لوہا بھی پگھل جاتا ہے۔

basement میں کپڑے دھونے کیلئے بھی commercial واشنگ مشینیں لگی ہوئی تھیں مگر کپڑے خشک کرنے کیلئے drying lines چھت پر تھیں۔

ایک رات ایسا ہوا کہ میں laboratory سے کافی دیر بعد اپنے apartment بلڈنگ کے دروازے پر پہنچا۔ جیب میں ہاتھ ڈالا تو main gate اور دروازہ کھولنے کیلئے apartment کی keys موجود نہ پائیں۔ غالباً laboratory میں ہی بھول آیا تھا۔ apartment کے اندر جانے کیلئے concierge کا button بھی push کیا مگر جواب نہ ملا۔ اس رات concierge کی تمام family کسی پارٹی میں گئی ہوئی تھی۔

چند دن پہلے یونیورسٹی میں میری ملاقات ایک انگلینڈ کے رہنے والے Mr. David Arnold (ضمیمہ 120) سے ہوئی تھی۔ جو Exchange Visitors پروگرام کے تحت اسی یونیورسٹی میں Embryology پڑھانے آیا ہوا تھا اور اس کا apartment بھی اسی بلڈنگ میں تھا۔ تاہم مجھے اس کا نمبر معلوم نہ تھا۔ میں نے panel کو غور سے پڑھا۔ اس کے apartment کا نمبر 214 یعنی دوسری منزل اور چودھواں apartment۔ میں نے button کو push کیا تو تھوڑی دیر بعد intercom کے speaker پر آواز آئی:

"Who is there ?"

"Nasir. Dr P Nasir. I am locked out."

اس نے اپنے apartment میں سے button دبایا۔ مجھے دروازہ کھلنے کی آواز سنائی دی۔ میں اندر داخل ہو گیا تو

Marfat.com

building کا دروازہ از خود دھڑام کی آواز سے میرے پیچھے بند ہو گیا۔ اپنے apartment میں جانے کی بجائے کیونکہ میرے پاس keys نہ تھیں۔ میں نے سیدھا اُس کے اپارٹمنٹ کی طرف رجوع کیا۔ دروازے کے دائیں ہاتھ کی طرف نصب button دبایا۔ مجھے bell کی آواز سنائی دی تو اُس نے دروازے کے peephole (ضمیمہ 121) سے دیکھا اور دروازہ کھول دیا۔

"What is the metter ?"

"I have misplaced my keys somewhere."

" We are in trouble. It is not like good old England where you call a bobby and he solves this kind of problem. Let us try, anyway."

انگلینڈ میں پولیس مین کو bobby اور امریکہ میں cop یا copper کہتے ہیں۔

David نے ٹیلیفون ڈائریکٹری سے ایمرجنسی پر فون کیا۔ اپنا نام و پتہ بتایا۔ ہم دونوں kitchen میں بیٹھ کر coffee نوش کرنے لگے۔ کوئی 20 منٹ گزرنے پر Intercom speaker سے آواز ابھری (ضمیمہ 122)

"کیا یہ David Arnold کا apartment ہے؟ اور ہم police officers ہیں۔"

David نے اپنے apartment سے button کو push کیا۔ building کا باہر والا دروازہ کھلا۔ officers اندر داخل ہوئے۔ انہوں نے corridor سے David کے apartment کا بٹن دبایا۔ David نے peephole سے دیکھا کہ واقعی پولیس ہے اور دروازہ کھول دیا۔

دو پولیس والے دونوں کے پاس revolvers اور مختلف قسم کے gadgets تھے۔ انگلینڈ میں پولیس کے پاس guns نہیں ہوتیں بلکہ کسی بھی قسم کا اسلحہ رکھنے کی اجازت نہیں۔ ایک کے ہاتھ میں ایک metal کا toolbox تھا۔ ہم نے انہیں کافی پینے کی دعوت دی تاہم انہوں نے انکار کر دیا۔ David تو اپنے apartment میں ہی رہ گیا اور ہم تینوں سیڑھیوں سے ہوتے ہوئے میرے apartment کے دروازے تک پہنچ گئے۔ ان میں سے ایک نے جس کے toolbox پکڑا ہوا تھا کوئی عجیب و غریب قسم کا اوزار نکالا۔ دروازے کے تالے کے سوراخ میں اوزار کا ایک حصہ داخل کیا تو دروازہ ایک منٹ میں کھل گیا۔ ہم تینوں اندر داخل ہوئے۔ دیکھا kitchen کی میز پر میری keys پڑی ہیں۔ میں نے ان کا شکریہ ادا کیا اور وہ یہ کہہ کر چلے گئے۔ "Crazy s. o. b."

building کے ہال کا دروازہ بغیر key کے کھل جاتا ہے اگر Concierge چاہے تو lock بھی کر سکتی ہے اور پھر بغیر key کے کھولا نہیں جا سکتا۔

"اپنی دنیا آپ پیدا کر زندوں میں ہے"

ایک رات Detroit, America میں شدید سردی اور برفباری بھی ہو رہی تھی۔ میری ایک دوست Jill نے ٹیلیفون کیا۔ میں نے کہا جلدی یونیورسٹی جانا ہے میرا انتظار کرنا میں تمہیں ساتھ لیتی جاؤں گی۔ میں تقریباً ہر روز صبح سویرے ہی یونیورسٹی پیدل چلتا پہنچ جاتا اور اکثر رات گئے laboratory سے واپس لوٹتا۔ ابھی apartment building سے باہر نکلا ہی تھا کہ وہ کار چلاتی ہوئی آن پہنچی میں نے اسے معمول کے راستے پر چلنے کو کہا کیونکہ میں ایک خاص news stand سے New York Times اخبار خریدا کرتا۔ انگلینڈ، امریکہ اور دیگر دنیا جہاں میں رہائش پذیر رہا ہوں۔ لوگ مخصوص news stand سے ہی اخبارات اور رسائل وغیرہ خریدتے ہیں۔ جیسا کہ پاکستان میں اکثریت ایک خاص دکان سے ہی پان، سگریٹ وغیرہ خریدتے ہیں چاہے راستے سے ہٹ کر ہی کیوں نہ ہو۔

"نہیں آج میرے والے راستے سے چلیں گے۔"

"کوئی خاص بات ہے؟"

"ہاں! sidewalk پر ایک لڑکا کھڑا اخبارات کے بنڈل ساتھ رکھے اخبارات بیچتا ہے کوئی دکان وغیرہ نہیں بلکہ

Marfat.com

ہنسنے لگے۔

"یہ تو کوئی خاص بات نہیں ذرا کھل کر بتاؤ۔" مجھے تجسس ہونے لگا۔

"نہیں تم خود ہی اس سے پوچھ لینا۔"

اس نے کار روکی۔ ایک نوجوان برفباری میں اپنے آپ کو گرم رکھنے کیلئے آہستہ آہستہ کود رہا تھا۔ میں نیچے اترا اور اخبار کی قیمت ایک سکہ ڈبے میں ڈال کر اخبار اٹھایا۔ میرے پاس اتنا وقت نہیں تھا کہ میں اس سے کچھ پوچھ گچھ کرتا۔ تھوڑی دیر میں ہم یونیورسٹی کے parking lot میں پہنچ گئے۔ اس نے اپنی مخصوص جگہ پر کار پارک کی اور ہم اپنے اپنے departments کی طرف روانہ ہو گئے۔

دوپہر کو 12 30 کے قریب میں campus کے پاس ہی ایک fast food outlet سے hamburgers وغیرہ لینے چلا جایا کرتا۔ کبھی کبھار Jill بھی میرے ساتھ ہو لیا کرتی۔ ورنہ وہ ایک دیگر cafe سے sandwich وغیرہ کھا لیتی۔ کوئی 25 منٹ بعد میں اسی راستے پر چل پڑا جہاں وہ لڑکا اخبار بیچا کرتا تھا مگر لڑکا غائب۔ خیر میں واپس اپنے department میں آ گیا۔ 3 30 بجے میں کافی پینے کیلئے Jill کے department میں گیا کیونکہ وہاں وہی کافی کا بندوبست کیا کرتی۔ میں نے اس سے لڑکے کے متعلق پوچھا تو کہنے لگی "morning newspapers تو کب کے ختم ہو چکے ہیں۔ اب وہ evening کے اخبارات بیچنے کیلئے چار بجے وہاں پہنچ جائے گا۔"

کوئی پانچ بجے میں اس لڑکے سے بات کرنے کیلئے laboratory سے چل دیا۔ ہلکی ہلکی برفباری میں وہ لڑکا اخبارات بیچ رہا تھا۔ تقریباً تھوڑے سے اخبارات ایک ٹاٹ سے ڈھکے ہوئے تھے۔ میں شام کے اخبار نہ پڑھا کرتا لیکن اس لڑکے سے گفتگو کرنے کیلئے اخبار خریدنے کیلئے پہنچ گیا۔ ہچکچاتے ہوئے پوچھا "اگر برا نہ منو تو کیا میں چند ایک سوال کر سکتا ہوں؟"

"کیوں نہیں" اس نے خوشدلی سے مسکراتے ہوئے جواب دیا۔

"تم پڑھتے وغیرہ نہیں؟"

"پڑھتا ہوں۔"

"کیا تمہارے ماں باپ پڑھانا afford نہیں کر سکتے۔ جو تم اخبارات فروخت کرتے ہو؟"

"Mr. Shaw (اصل نام نہیں) کا نام سنا ہے۔"

"ہاں وہ تو اس شہر کے امیر آدمیوں میں سے ہے اور Grosse Point (ضمیمہ 123) میں رہائش پذیر ہے۔"

"میں اسی کا بیٹا ہوں۔ میں نہیں چاہتا کہ لوگ مجھے اس کے نام سے یاد کریں میں نے اپنی دنیا آپ ہی پیدا کرنی ہے۔ دن کو اخبارات بیچتا ہوں اور رات کو law کی کلاسیں لیتا ہوں۔ ایک دن بڑا آدمی بن جاؤں گا اور لوگ مجھے میرے نام سے جانیں گے۔"

"خدا کرے کامیاب ہو جاؤ" میں نے حقیقتاً سچ میں کہا بلکہ دعا دی۔

اس دن سے میں اخبارات اسی سے خریدا کرتا۔

پیشہ ورانہ رقابت (Professional jealousy)

راقم کو پاکستان میں طالب علمی کے دور سے ہی بعد ازاں انگلینڈ میں اور زیادہ hardwork کرنے کی وجہ سے گویا workaholic کہا جاتا ہے۔ یہ term اس دور میں ابھی coin نہیں ہوئی تھی اسی لئے نہایت سرعت سے Professor DeGiusti کی good books کے زمرہ میں آ گیا بلکہ وہ دوستی کی طور پر احترام کرنے لگا۔ اسی laboratory میں Steve نامی لڑکا اور Fred اور ایک حبشی Ira Jones ہوا کرتے۔ Steve کے والدین Latvia سے امریکہ آ کر settle ہو گئے جبکہ Steve امریکہ میں ہی پیدا ہوا اور microbiology میں ریسرچ کیا کرتا۔ ایک اور لڑکا Jean Biggleman جو bacteriology میں ریسرچ کر رہا تھا۔ Jean یہودی مگر نہایت اعلیٰ قسم کا انسان واقع ہوا۔ Ira Jones بھی قابل ستائش

Marfat.com

اوصاف کا مالک، بظاہر Steve بھی ایسا ہی تھا مگر اندر ہی اندر سے رقابت کی آگ میں جلنے والا۔ Fred ایک bully قسم کا شخص تھا اور مویشیوں کے دماغی parasites پر ریسرچ کرتا۔

Professor اکثر مجھے Steve کے ساتھ Ann Arbor، یہ جگہ Detroit سے مشرق میں 61 کلومیٹر کے فاصلہ پر Michigan state کے جنوب مشرق میں دریائے Huron کے کنارے پر واقع ہے۔ John Allen اور Elisha W. Rumsey نے 1824 میں Ann Arbor community کی بنیاد رکھی۔ اس کا نام انہوں نے اپنی بیویوں کی یاد میں تجویز کیا۔ دونوں کی بیویوں کا نام Ann تھا اور Arbors مقامی خودرو groves کو کہا جاتا، کی ایک ندی سے snails (گھونگے) پکڑنے کے لیے بھیجا کرتا کیونکہ شروع میں اس نے snails کے parasites پر ریسرچ کی۔ دراصل میں پروفیسر کے پاس ایک اور ریسرچ کے لیے آیا ہوا تھا۔ اس نے Naples, Italy سے ایک خاص قسم کی سمندری مچھلی جنہیں goby کہتے ہیں، کے parasites کو چھوٹی چھوٹی بوتلوں میں preserve کیا ہوا تھا جو اس نے وہاں جا کر gobies کو پکڑ کر نکالے تھے۔ میں ان parasites کی microscope slides تیار کر کے microscope کی مدد سے study کرتا تاکہ ان parasites کی Identification کی جا سکے۔ جب میں Steve کی کار میں اس کے ساتھ جاتا تو وہ تمام وقت پروفیسر کے خلاف باتیں کرتا مگر میں خاموش رہتا۔ دراصل وہ چاہتا تھا کہ میں بھی پروفیسر کے خلاف باتیں کروں اور وہ میری پروفیسر سے شکایت کر کے مجھے ان کی نظروں سے گرا دے۔ میں زیادہ وقت ندی میں گزارتا اور ندی سے snails تلاش کرتا جبکہ Steve واپسی کی جلدی میں رہتا اور مجھے بار بار واپسی کی ترغیب دیتا۔

ایک روز جب ہم ندی پر پہنچے تو بارش ہو رہی تھی مگر میں snails کی collection کرتا رہا۔ Steve نے زیادہ وقت اپنی کار میں گزارا اور مجھے واپس laboratary چلنے پر مجبور کر دیا۔ ظاہر ہے ایک تو بارش لگاتار ہو رہی تھی اور پھر میں نے Steve کی ضد کے آگے ہتھیار ڈال دیے۔ خلاف معمول ندی پر کم وقت کام کیا۔ ہماری واپسی پر حسب معمول پروفیسر ہمارا منتظر تھا۔ اس نے دیکھا کہ collection بہت کم ہے۔

''یہ ہوا اتنی تھوڑی collection!'' اس نے حیرت زدہ لہجہ میں پوچھا کیونکہ اسے معلوم تھا کہ میں محنتی آدمی اور جانفشانی سے کام کرنے کا عادی ہوں۔

''پروفیسر ایک تو متواتر بارش ہو رہی تھی ندی میں پانی زیادہ تھا اور دوسرے Steve بار بار واپس آنے پر بضد تھا'' میں نے Steve کی طرف دیکھتے ہوئے جواب دیا۔

پروفیسر سمجھدار آدمی تھا اس نے غصے کی شدت پر ضبط کا کام لیا۔ میری موجودگی میں تو چپ رہا مگر بعد میں Steve کو اپنے دفتر بلا بھیجا اور کمرے کے بند میں سرزنش کی۔

میں نے aquaria کے snails کی غذائی خوراک کے متعلق ریسرچ کی ہوئی تھی۔ جب میں Birmingham میں Ph. D کر رہا تھا تو یونیورسٹی کے قریب ایک جھیل Edgbaston Lake تھی جس کے کنارے ایک پگڈنڈی جو Lovers' Lane کے نام سے موسوم ہے۔ میں اس جھیل سے اپنی ریسرچ کے لیے snails پکڑا کرتا۔ جھیل میں ایک خاص قسم کی بوٹی جسے Elodea canadensis کہتے ہیں، یہی بوٹی snails کی مرغوب غذا ہے۔ یہ بوٹی snails کی خوراک کے علاوہ خوبصورتی کے لیے aquaria میں کافی جاتی اور شوقین حضرات مچھلیوں کے aquaria میں لگاتے ہیں۔ سردیوں کے موسم میں جھیل کا پانی اوپر کی سطح پر منجمد ہو جاتا تو میں ہتھوڑے سے برف توڑتا اور ہاتھ ڈال کر snails پکڑتا۔ ایک روز سخت سردی تھی میرے ہاتھ سردی کی شدت سے سن ہو چکے تھے۔ میں نے چند snails تو پکڑے مگر شدید سردی کی وجہ سے snails کی خوراک Elodea لانا بھول گیا۔ laboratory میں آ کر snails کو مختلف aquaria میں رکھ دیا مگر مجھے احساس ہوا کہ میں تو Elodea لانا بھول گیا ہوں۔ اس دن دوپہر کے کھانے کے لیے میں نے یونیورسٹی کی refractory سے ایک salad sandwich خریدی جس میں lettuce بھی تھی اور ایک chicken sandwich میں نے بیگ میں چھپا لیے...

Marfat.com

اچانک مجھے خیال آیا کہ کیوں نہ lettuce کا ایک پتا aquariam میں ڈال دوں۔ شاید snails اسے کھالیں لہٰذا ایسا ہی ہوا۔ تھوڑی دیر میں snails پتے کو چٹ کر گئے اور کھانا شروع کر دیا۔ اس کے بعد میں باقاعدہ lettuce خرید لیتا اور snails کی خوراک کیلئے استعمال میں لاتا۔ پھر میں نے lettuce کو heater کی مدد سے dry کرنا شروع کیا تو اس کے flakes بنتے اور ایک ڈبے میں جمع کر لیتا۔ مناسب مقدار میں flakes کو aquaria میں ڈالا کرتا تو snails بہت رغبت سے کھاتے۔ جب میں Venezuela گیا تو وہاں بھی میں snails کو lettuce ہی خوراک کیلئے دیتا۔

قریباً آدھی رات کو لیبارٹری سے فارغ ہو کر میں اپنے اپارٹمنٹ میں پہنچا۔ کھانے کیلئے ایک دکان پر ribbs اور chips کیلئے ٹیلیفون کیا۔ تھوڑی دیر بعد میرے کمرے کا Intercom activate ہوا۔ میں نے بٹن دبایا۔ باہر کا دروازہ کھلا اور ایک شخص کھانا لئے میرے اپارٹمنٹ میں آ گیا۔ میں نے اسے قیمت ادا کی اور وہ چلا گیا۔ جب کھانے کی بات چل رہی ہے تو اس دور میں "T V Dinners" ہوا کرتے۔ ہر قسم کا گوشت، سبزیاں وغیرہ یا pizza ایک aluminium کی foil میں tray سمیت wrap ہوتے۔ بس اس tray کو oven میں ایک خاص temperature پر خاص وقت کیلئے رکھو تو dinner تیار۔ tray کو پلیٹ کے طور پر استعمال کرو۔ tray، aluminium اور بچا کھچا Incinerator میں پھینک دو۔

دوسرے روز حسب معمول سب سے پہلے میں laboratory پہنچ گیا۔ snails کی دیکھ بھال کرنے کے بعد اپنا lab coat پہنا اور microscope کی مدد سے naples کی مچھلیوں سے نکالے ہوئے pasites کو study کرنا شروع کیا۔ تھوڑی دیر بعد دوسرے research workers بھی آ گئے۔ پروفیسر lab میں اس وقت آتا جب کوئی consultation یا discussion کی ضرورت ہوتی ورنہ وہ اپنے آفس میں ہی مطلوبہ شخص کو بلا لیتا۔ Steve نے مجھے صرف "Hey doc" کہا اور کوئی دوسری بات جیسے "Did you sleep well ?" نہ کہا میں سمجھ گیا کہ پروفیسر نے اسے خوب لتاڑا ہوگا۔ میں نے بھی اس سے غیر ضروری بول چال بند کر دی۔

تھوڑی دیر بعد میری slides گم ہونا شروع ہو گئیں۔ تمام ریسرچ کی اشیاء میز پر پڑی رہتیں۔ تالے وغیرہ کا کوئی انتظام نہ تھا۔ مجھے شک ہوا کہ یہ Steve کی ہی کارستانی ہے کیونکہ پروفیسر نے خود Naples جا کر gobies کے parasites اکٹھے کئے اور اطلاع کی۔ پروفیسر میری غیر ذمہ داری کی وجہ سے مجھ سے ناراض ہوگا مجھے یہ اندیشہ لاحق تھا۔ ایک روز پروفیسر نے کہا

"چند ہفتوں تک ہم Bimini (British West Indies) چلیں گے۔ Gobius Jozo جس کے parasites میں نے Naples سے collect کئے تھے وہ مچھلی Bimini میں بھی موجود ہے۔ Bimini کی *Gobius* اور Naples کی *Gobius* کے parasites کی comparative study کرنی چاہئے" (ضمیمہ 123 A)۔

"جیسے آپ کی مرضی میں تو یہاں اس ریسرچ کرنے کیلئے آیا ہوں اور جلدی سے جلدی کچھ papers شائع کرنا چاہتا ہوں"

"Take it easy. there is no hurry"

"No sir آپ تو establish ہو چکے ہیں اور میں نے ابھی establish ہونا ہے پھر 'publish or perish' کا اصول بھی چھوڑا تو نہیں۔"

"That's my boy. keep it up"

جب Steve سے واقفیت ہوئی تو اس نے پھر دوستی کا ہاتھ بڑھانا شروع کیا۔ "Doc تمہارے اکیلے کیلئے کام مشکل ہے۔ تمام دن سمندر کے کنارے مچھلیاں پکڑنا، شام کو laboratory میں انہیں dissect کرنا اور parasite کو نکال کر preserve کرنا ایک آدمی کے بس کا روگ نہیں۔" اس نے ایک روز نہایت خوشگوار موڈ میں مجھے ایک coffee shop میں کہا:

"میرے ساتھ پروفیسر بھی تو ہے۔"

"forget about that وہ تو بوڑھا آدمی ہے اس کیلئے اتنی محنت بہت زیادہ ہے کیوں نہ پروفیسر کو کہوں کہ مجھے بھی مشقت کے پیش نظر ساتھ لے چلے۔"

Marfat.com

"میں پروفیسر کو مشورہ نہیں دے سکتا اس کے موڈ سے اچھی طرح واقف ہوں۔" پروفیسر Italian اور سخت طبیعت کا انسان، معمولی بات پر ڈانٹ دیا کرتا۔ ایک روز پروفیسر دیر سے سکول میں آیا تو میں نے اس سے پوچھا کیا خیر یا بات ہے آپ تو میرے بعد دوسرے شخص ہیں جو سکول میں جلد آتے ہیں۔ اس کا چہرہ غصہ کی شدت سے لال بھبوکا اور اشتعال انگیز لہجہ میں کہنے لگا

"That lousy woman driver was in front of my car. She was giving indicator toward one lane and moving to another. son of bitch. I hate women driviers" اور تقریباً تمام دن اس کا موڈ مشتعل رہا۔

"اچھا تو میں خود ہی پروفیسر سے بات کرونگا مگر میری مخالفت نہ کرنا۔"

"مجھے کیا ضرورت ہے۔ boss تو وہی ہے۔"

کوئی ایک ہفتہ بعد پروفیسر lab میں نہایت خوشگوار موڈ میں آیا۔ میں parasites کی study میں مصروف تھا۔ اس نے کہا "Pir ایک microscope ایک dissecting microscope، ضروری reactives مختلف قسم کی slides اور سٹور میں nets اور knee-length بوٹ موجود ہیں۔ میرے لئے اور اپنے لئے اکٹھے کرو۔ اتوار کو چھٹیں ہیں میں نے جہاز کی Detroit سے Miami اور پھر Miami سے Bimini تک seats بک کروا لی ہیں۔ Bimini میں کوئی دو ہفتے رہیں گے۔"

"Yes Prof."

"اور ضروری کپڑے وغیرہ بھی تیار کرلو۔"

پروفیسر میرے پاس ایک سٹول پر بیٹھ گیا اور دوسرے research workers سے ان کے کام کے متعلق پوچھنے لگا جب وہ Steve سے مخاطب ہوا تو اس نے کہا "Dr. Nasir کہتا ہے کہ میں بھی آپ کے ساتھ Bimini جاؤں۔"

"پروفیسر میں نے بالکل نہیں کہا۔ وہ جھوٹ بول رہا ہے۔ اگر آپ چاہیں تو مجھے کیا اعتراض ہو سکتا ہے۔" میں نے فوراً کہا

Steve stop that lying. I know Pir. very well. and rest assured you are not going anywhere."

اس نے غصہ کی حالت میں اٹھ کر اپنا اور بڑبڑاتا ہوا باہر نکل گیا دوسرے research workers پر خاموشی طاری ہو گئی کافی دیر تک کسی نے کوئی بات چیت کرنے کی جسارت نہ کی۔ Steve نے اپنا hat پہنا اور بغیر کچھ کہے وہ بھی lab سے باہر نکل گیا۔ اس کے بعد Steve نے مجھ سے بات چیت کرنا ختم کر دی۔

اتوار کی صبح پروفیسر کا ایک دیرینہ student جس کا نام Newton Kingston تھا مگر اسے Newton کے نام سے ہی پکارا جاتا تھا نے مجھے میرے اپارٹمنٹ سے collect کیا بعد میں پروفیسر کو اس کے گھر سے اپنی کار میں بٹھایا اور ہم Detroit کے airport پر پہنچ گئے۔ Miami جہاز نے لینڈ کیا۔ Miami سے ایک عجیب کی پرواز Bimini کے لئے شروع کی۔ جب جہاز نے Bimini کی ائیرپورٹ پر اترنا شروع کیا تو مجھ پر کپکپی طاری ہو گئی اور ایسا لگا جیسے جہاز پانی میں گر جائیگا۔ میں نے کھڑکی سے باہر دیکھا کہ جوں جوں جہاز نیچے اترتا سمندر کا پانی کھڑکی سے صاف نظر آتا لیکن کوئی airport موجود نہ تھا۔ میری تو جان نکلنے لگی۔

"What's wrong with you ?" پروفیسر نے پوچھا۔

"کوئی airport نہیں۔ جہاز سمندر میں گرنے کا خدشہ ہے۔"

پروفیسر نے فلک شگاف قہقہہ لگایا اور کہا" Hey buddy. this is an amphibious(hydroplane) plane سمندر اور خشکی دونوں پر takeoff اور land کر سکتا ہے۔"

میری جان میں جان آئی جہاز سمندر میں اتر گیا اور آہستہ آہستہ جب پانی کو چھوا تو کشتی کی مانند رواں دواں ایک mooring پر آ لگا۔ ہم نے اپنا سامان جو کہ مسافروں کی بیٹھنے والی جگہ پر ہی تھا اٹھایا اور خشکی پر آ گئے۔ دونوں کے علاوہ اور کوئی مسافر نہ تھا۔ اس چھوٹے سے Island پر کوئی ٹیکسی وغیرہ موجود نہ تھی۔ ہم اپنا سامان لئے ایک rest-house میں وارد ہوئے جو پہلا

Marfat.com

وقت تھی۔ پروفیسر اپنے کمرے میں اور متصل کمرے میں میری جگہ مختص تھی۔ ساتھ ہی ایک لیبارٹری جہاں ریسرچ کا سامان رکھ دیا۔ کھانا کھانے کیلئے قریب ایک ہی restaurant پر hamburgers اور chips کھائے۔

اسی rest-house میں ایک Sweden کا سائنسدان اور اسکی بیوی بھی ٹھہرے ہوئے تھے۔ وہ تین ہفتوں سے یہاں مقیم barracuda کے nervous system پر کام کر رہا تھا۔

ایک روز ہم چاروں ریسٹورینٹ میں ایک ہی میز پر بیٹھے کھانا کھا رہے تھے۔ کھانا کھانے کے بعد کافی پیتے وقت میں نے Swede سے پوچھا: "Nobel prize کا system کیسے کام کرتا ہے؟"

"کتنے ہی لوگ Nobel prize کے امیدوار ہوتے ہیں۔ میں بھی Nobel Selection Committee کا ممبر ہوں۔ ہم قطعی غیر جانبداری پر یقین رکھتے ہیں۔"

"یہ میرے لیے ایک نئی Information تھی۔"

پروفیسر دن کو تھوڑی دیر میرے ساتھ مچھلیاں پکڑتا اور پھر واپس rest-house کی lab میں مصروف ہو جاتا۔ لہذا شام تک میں اکیلا ہی مچھلیاں پکڑتا رہتا۔ پھر رات کو مچھلیوں کی dissection کرتا۔ parasites کو preserve کرنے میں میرے ساتھ ہی کام کرتا رہتا۔ 17 دن کے بعد دوبارہ amphibious plane میں بیٹھ کر واپس Miami لوٹ آئے۔ یہاں سے پروفیسر نے Newt، Detroit فون کیا اور اسے مقررہ وقت پر Detroit کی airport پر اپنی کار لے کر آنے کیلئے کہا۔

Miami سے Detroit کی flight میں کوئی چار گھنٹے کا وقفہ تھا۔ پروفیسر تو Transit Lounge میں بیٹھ کر اخبارات رسائل وغیرہ پڑھنے لگا جبکہ میں shopping کیلئے ادھر ادھر گھومنے لگا۔ مجھے toilet جانے کی حاجت محسوس ہوئی۔ میں نے اس کا کوئی خیال نہ کیا کہ toilets کے باہر ایک policeman کھڑا ہے۔ میں جلدی اپنی جھونک میں اندر داخل ہوا تو policeman بھاگ کر میرے پیچھے ہو لیا اور میرا بازو پکڑ کر کہنے لگا: "Not here man, it is for blacks only" اور مجھے تیزی سے "Whites" کے toilets کی طرف اشارہ کیا۔

اس دور میں یہ امتیاز عروج پر تھا۔ bus میں blacks یعنی کہ Negroes جنہیں حقارت سے Niggers کہا جاتا، بیٹھے ہوتے اور کوئی جگہ نہ ہوتی تو کسی white کے bus میں داخل ہونے کے بعد black احتراماً اٹھ کھڑا ہوتا تاکہ white وہاں بیٹھ سکے۔ کئی بسوں میں blacks کی seats ایک طرف اور whites کی دوسری طرف ہوتیں۔ چونکہ میرا رنگ بھی زیادہ سفید تھا۔ اس policeman نے مجھے Whites میں سے تصور کیا۔ اب تو حالات کافی بدل چکے ہیں۔ کئی برسوں کی بات ہے۔ ہندوستان کے Foreign Minister، Krishna Menon امریکہ میں کار پر کہیں جا رہا تھا تو Turnpike (Motorway) پر تیل ڈلوانے کیلئے ایک filling station پر رکا (ضمیمہ 124) تو establishment نے اسے serve کرنے سے انکار کر دیا کیونکہ اس کا رنگ کالا تھا۔ اس نے اپنی identification کے متعلق بتایا تو پھر بھی کوئی اثر نہ ہوا۔

جب میں نے پروفیسر کو اس واقعے کے متعلق بتایا تو اس نے کہا کہ امریکہ کے کچھ شمالی شہروں میں اور جنوبی ریاستوں میں کئی امتیازی سلوک خاص طور پر زیادہ ہے۔ "تمہیں پہلے ہی Whites کے toilets میں جانا چاہئے تھا۔"

"مگر مجھے ایسے امتیازی سلوک کے متعلق تو کوئی تجربہ نہ تھا اور پھر میں نے دیکھا ہی نہیں کہ policeman کھڑا ہے ویسے بھی میں Whites میں شامل تو نہیں ہوتا۔"

"Negroes کے گھنگھریالے بال، موٹے ہونٹ اور کالا سیاہ رنگ۔"

"Japanese اور Chinese کس category میں آتے ہیں؟"

"Yellow"

"تو میں بھی Yellow میں سے نہیں ہوں؟"

"نہیں ان کے نقش و نگار مختلف ہوتے ہیں۔"

Marfat.com

Flight لے کر Miami سے Detroit پہنچے تو Newt کار لیے پہنچا تھا۔ وہاں سے سیدھے lab میں نے ضروری اشیاء کو وہاں رکھا پھر Newt نے مجھے apartment building میں drop کیا اور پروفیسر واپس گھر چلے گئے۔

ایک روز پروفیسر نے مجھے کہا کہ Naples اور Bimini سے collect کیے ہوئے ایک خاص قسم کے genital atria کی comparative study کرنی مطلوب ہے۔ میں نے parasites کی slides تیار کیں اور microscope کی مدد سے study شروع کر دی۔

دن بدن Steve کا حسد میرے ساتھ زور پکڑتا گیا۔ میری بول چال تو اس سے پہلے ہی منقطع تھی۔ دوسرے research workers کو بھی lab میں اس کیفیت کا پتہ چل گیا۔ میرے خیال سے پروفیسر کو بھی علم تھا۔ اکثر اوقات پروفیسر مجھے اور چند research workers کو چائے پلانے پر Invite کرتا مگر Steve کو نظر انداز کر دیتے۔

ایک شام پروفیسر نے مجھے اپنے گھر پر مدعو کیا۔ کھانا کھانے کے بعد مختلف topics پر اس نے مجھے lantern slides دکھانا شروع کیں۔ اتنی slides دکھائیں کہ میں bore ہو گیا اور پروفیسر تھا کہ slides پر slides دکھا رہا تھا۔ یہ غالباً ستر کی دہائی تھی کہ اس دور میں video cassettes کا رواج نہیں تھا مگر lantern slides کی craze تھی۔ پروفیسر نے شاید بھانپ لیا کہ میں bore ہو گیا ہوں لہذا کوئی آدھی رات کے قریب وہ مجھے اپنی pickup میں میری رہائش گاہ پر چھوڑ گیا۔

دوسرے روز مجھے Jean نے مسکرا کر کہا "slides کیسی تھیں؟" غالباً اسے علم تھا کہ پروفیسر جب کسی کو گھر پر مدعو کرتا ہے تو اس کو slides پر ہی زور دیتا ہے۔

"اچھی تھیں مگر بہت زیادہ۔ میں کچھ bore سا ہو گیا تھا۔"

Steve نے یہ بات سن لی اور پروفیسر سے میری شکایت کر دی۔ نجانے اس نے اپنی طرف سے کیا کچھ بڑھا چڑھا کر کہا ہوگا۔ تھوڑی دیر بعد پروفیسر نے مجھے علیحدہ بلایا اور کہنے لگا: "میں سب کچھ جانتا ہوں۔ jealousy اور یہ Professional jealousy ہے۔ مجھے تمہارے جیسے conscientious worker سے کوئی شکایت نہیں۔"

چند ہفتے گزرے ہوں گے کہ وہ slides جنہیں parasites کی genital atria کی study میں استعمال کر رہا تھا گم ہو گئیں۔ میں ابھی تلاش ہی کر رہا تھا کہ پروفیسر آ گیا۔

"کیا بات ہے کیا تلاش کر رہے ہو؟"

"پروفیسر میری نہایت ضروری slides گم ہو گئی ہیں۔"

"Take it easy مل جائیں گی۔" اور وہ چلا گیا۔

اس وقت Steve موجود نہیں تھا۔ دوسرے روز کوئی ساڑھے دس بجے تک جب میں coffee break سے واپس لوٹا تو slides میرے میز پر موجود تھیں۔ Steve اس دن 12 بجے کے بعد lab میں آیا۔ پروفیسر سے میں نے کوئی بات نہیں کی اور نہ ہی اس نے مجھ سے پوچھا۔ میرے خیال میں ہوا یوں کہ Steve نے وہ slides چوری کر لی تھیں اور پروفیسر نے کسی طریقے سے اس کو واپس کرنے کی ترغیب دی۔

معالج خود مریض!

جب تک پاکستان میں رہا گھر سے کئی سالوں کی دوری کی وجہ سے میری دماغی حالت کچھ عجیب سی ہو گئی تھی۔ دل اداس رہتا۔ میں نے پروفیسر Dr DeGiusti سے مشورہ کیا کہ وہ ایک دماغی امراض کے ماہر کا جو Downtown Detroit میں ہو پتا دے۔ وہ اس سے میرے لیے ٹائم لے کر بتائیں۔ رضا مند ہو گیا۔ مقررہ روز شام کو میں اس کے کلینک میں پہنچ گیا۔ وہ عمر رسیدہ، سفید بال، داڑھی بھی Kentucky Fried Chicken کے مالک کرنل کی داڑھی کی طرح کم چھوٹی ہوئی اور آنکھ پر monocle۔ اس نے مجھے مریضوں کے couch پر لٹا دیا، ساتھ ایک کرسی پر بیٹھ کر اپنی پائپ سلگائی اور اس کی ...

Marfat.com

میری آنکھوں سے کچھ فاصلے پر پینڈولم کی طرح ہلانا شروع کر دیا ساتھ ہی مشورہ دیا کہ اس گھڑی کی طرف دیکھتے جاؤ۔

اس نے مجھ سے کئی سوال پوچھنے شروع کیے خاص طور پر میرے ماں باپ کے متعلق میری ابتدائی زندگی کیا خوشحالی یا تنگ دستی میں گزری بچپن کی خواہشیں پوری ہوا کرتی تھیں کہ نہیں، کہاں کے رہنے والے ہو؟ یہاں کس طرح آئے کیا کر رہے ہو وغیرہ وغیرہ۔

میں نے کئی جواب دیئے کہ میرا بچپن خوشگوار گزرا ہر قسم کی مالی سہولت میسر تھی۔ میری والدہ کو اپنے خاوند کا گھر چھوڑنا پڑا میری پیدائش میرے ماموں کے گھر میں ہوئی۔ میری دادی ظالم قسم کی عورت تھی۔ میرا باپ اس کی ہر جائز ناجائز بات مانتا۔ میری دادی نے میری والدہ ماجدہ کے جہیز کے کپڑوں پر تیزاب چھینک دیا اگر ماموں کی سرپرستی میسر نہ ہوتی تو میں نہایت کسمپرسی کی حالت میں ہوتا۔ میرے ماموں اور نانی صاحبہ نے نہایت ناز و نعمت سے پالا اور میں اپنے ماموں کو اپنا حقیقی والد سمجھتا۔ مجھ پر حقیقت اس وقت فاش ہوئی جب میں نے میٹرک کے امتحان کیلئے فارم پر کئے تو ہیڈ ماسٹر نے آگاہ کیا کہ میرے باپ کا نام تو کچھ اور ہے۔

اچانک اس نے گھڑی کو ہلانا بند کر دیا اور اس کی آنکھوں سے آنسو بہہ کر اس کی داڑھی کو تر کرتے چلے گئے۔ میں couch سے اٹھ کر بیٹھ گیا۔ اس نے اپنی دکھ بھری داستان سنانا شروع کر دی۔ بات یوں تھی کہ وہ یہودی تھا اور اس کی تمام فیملی کا قتل Treblinka concentration camp میں ہوا اس وقت جب ہٹلر یہودیوں کی فائنل سلوشن پر گامزن تھا۔ اسے اپنی والدہ سے والہانہ محبت تھی۔ اس کی ماں کی دکھ بھری کہانی یہ کہ اس کا باپ اس کی والدہ کو بہت اذیت پہنچایا کرتا اور وہ کسی طرح کیمپ سے بچ کر نکلا اور امریکہ پہنچ گیا جہاں پر اس نے M D کی ڈگری حاصل کی۔ میں اٹھ کر ساتھ پڑی ہوئی دوسری کرسی پر بیٹھ گیا وہ اپنی زندگی کی کہانی سناتے سناتے couch پر لیٹ گیا اور اس کی ہچکی بندھ گئی۔ میں موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے واپس لوٹ آیا۔

دوسرے روز پروفیسر نے مجھ سے ڈاکٹر سے ملاقات کے متعلق پوچھا تو میں نے جو بیتی وہ سنا دیا اور اس نے بھی یہودیوں پر ظلم کی داستانیں سنائیں۔ یہ تو تھا اپنے دکھڑے سنانے اور گھر سے کئی سال کی دوری کو بھلانے کیلئے مگر ڈاکٹر صاحب خود بھی دکھڑے مارے تھے۔

Insomniac

Detroit کی ٹیلیفون ڈائریکٹری میں میرا نام ڈاکٹر چوہدری نصیر درج تھا۔ میں Hancock روڈ پر ایک اپارٹمنٹ بلڈنگ میں رہا کرتا۔ کوئی آدھی رات کے وقت ٹیلیفون کی گھنٹی بجی تو ایک عورت کہہ رہی تھی: "کیا یہ ڈاکٹر چوہدری نصیر ہے؟"

"ہاں وہی بول رہا ہے۔"

"ڈاکٹر مہربانی کر کے جلدی آؤ۔ مجھے تمہاری مدد کی ضرورت ہے میں تمہارے اپارٹمنٹ سے کچھ دور نہیں رہتی مہربانی کر کے جلدی سے آؤ۔"

"محترمہ سنو میں وہ ڈاکٹر نہیں جو کہ تم سمجھ رہی ہو۔ میں Ph. D ہوں۔ M. D. نہیں"

"اس سے کچھ فرق نہیں پڑتا تمہارے پاس میری مدد کرنے کیلئے چند منٹ ہی باقی ہیں اگر تم نہ آؤ گے تو میں اپنے آپ کو گولی مار دوں گی پستول میرے میز پر پڑا ہوا ہے۔"

اس دور میں میں جوان تھا اچھے برے کی زیادہ تمیز نہ تھی بغیر سوچے سمجھے میں اپنی بلڈنگ سے چلتا ہوا اس کے فلیٹ تک پہنچ گیا کوئی ایک بلاک کے فاصلے پر تھا میں نے بلڈنگ کے مین گیٹ کا بزر دبایا تو ایک خوبصورت خاتون جو کہ تیس برس کی تھی اور ہاتھ میں پستول تھامے نے دروازہ کھولتے ہوئے کہا، "اندر آ جاؤ۔"

"پستول مجھے دیدو۔"

"کیوں؟"

"کیا مسئلہ ہے؟ ذرا آرام اور تحمل سے کام لو۔"

باتیں کرتے ہوئے اس کے گراؤنڈ فلور کے اپارٹمنٹ میں ہم دونوں داخل ہو گئے۔ ابھی بیٹھے ہی نہ تھے تو کھڑے کھڑے

Marfat.com

کہنے لگی: "مجھے Jane نے ٹیلیفون کیا ہے اُس نے میرا خاوند چھین لیا ہے میں اپنے خاوند سے بہت پیار کرتی ہوں اور اس کا بچہ میرے پیٹ میں ہے میں نے اپنے پہلے خاوند کو اس سے شادی کرنے کیلئے طلاق دے دی تھی اور اب وہ مجھ سے ایک انداز کھیل رہا ہے میں زیادہ برداشت نہیں کر سکتی۔"

"کیا تم Jane کو جانتی ہو؟"

"نہیں۔"

"تمہارا خاوند کہاں ہے؟"

"وہ کاروبار کے سلسلہ میں کوئی ایک ہفتہ کیلئے Anchorage, Alaska گیا ہوا ہے۔"

"اور Jane نے کہاں سے فون کیا؟"

"کچھ پتہ نہیں۔"

"اپنے خاوند کو ٹیلیفون کرو۔"

اس نے اپنے خاوند کو ٹیلیفون کیا تو اس نے جواب دیا کوئی تین دن کے بعد وہ گھر واپس آ رہا ہے اور وہ تو Jane کا نام بھی نہیں جانتا۔ پہلی بار اُسکا نام سنا۔ بعد میں پتہ چلا کہ Jane ایک فرضی نام تھا پولیس نے کال کو ٹریس کیا تو حقیقت سامنے آئی کہ یہ پاگل قسم کی کوئی جوان لڑکی Insomniac (بے خوابی کا مریض) تھی اور وہ اس قسم کا مذاق عام کیا کرتی۔

Delirium tremens

Detroit میں راقم کے ہی floor پر apartment No 514 میں کوئی 30 سالہ امریکن عورت Ethel تھی جو شراب نوشی کی وجہ سے کافی مشہور تھی جبکہ نقش و نگار اور عمر کے لحاظ سے دلکش بھی واقع ہوئی۔ وہ یونیورسٹی کے theatrical group سے منسلک خوش مزاج لڑکی تھی کبھی سامنا ہوتا تو ہمیشہ دلکش مسکراہٹ سے استقبال کرتی اور مجھے اکثر اپنے ساتھ outing کی ترغیب دیتی تاہم میں اپنی مصروفیت کی وجہ سے ہمیشہ ٹال دیتا۔ علاوہ ازیں اس کی شراب نوشی کی عادت چونکہ حد سے زیادہ ہو چکی تھی میں اس قسم کا رسک نہ لینا چاہتا۔ میں laboratory سے گھر اور کبھی کبھار ویک اینڈ پر Downtown window shopping کے لئے چلا جاتا کیونکہ میرے سر پر صرف "Publish or perish" کے motto کا بھوت سوار رہتا۔ اس کے بغیر میں اپنے آپ کو academic field میں establish نہیں کر سکتا تھا۔ گھر کی یاد بھی ستاتی رہتی جب بہت زیادہ پریشانی کا موڈ بنتا تو میں غم غلط کرنے کے لئے کسی ایسی بار میں چلا جاتا جہاں Jukebox کا بندوبست ہوتا۔ میں Nat King Cole، Ella Fitzgerald یا Frank Sinatra کے ریکارڈ Jukebox میں coin ڈال کر سنا کرتا۔ اپنے وطن سے دور مجھے 9 برس ہو چکے تھے۔ مشہور Harry Belafonte کا ایک مشہور گانا:

"Juanita my darling
Sure you love me
My sweet heart from Venezuela ..."

کیا خبر کہ مجھے بعد میں Venezuela ہی میں settle ہونا پڑے گا۔ اس کے علاوہ Nat King Cole کا یہ گانا بھی پسندیدہ تھا۔

"Sitting by the ocean
Me how she feel sad
Don't get the money.
To take me back to Trinidad..."

Marfat.com

اس ضمن میں عرض کرتا چلوں کہ جب انگلینڈ سے امریکہ آنے والا تھا تو میرے دوستوں نے ایک الوداعی پارٹی دی اور Grundig کے tape recorder پر ایک گانا لگایا:

"تم مجھے بھول بھی جاؤ تو یہ حق ہے تم کو
میری بات اور ہے میں نے تو محبت کی ہے۔۔۔"

جس نے مجھے اداس کر دیا۔ کوئی آدھی رات کے قریب دو اور گانے tape recorder پر سنائے گئے جو مجھے بہت پسند آئے۔ ان کے بول یوں تھے:

"آ لوٹ کے آجا میرے میت تجھے میرے گیت بلاتے ہیں
یہ گھڑی نہ جائے بیت تجھے میرے گیت بلاتے ہیں۔۔۔"

اور

"بڑے ارمانوں سے رکھا ہے ہم پہلا قدم
پیار کی دنیا میں یہ پہلا قدم او پہلا قدم۔۔۔"

اس ضمن میں میری بیگم خوش الحان واقع ہوئی ہے چونکہ مجلس عزا میں اکثر نوحہ قصیدہ پڑھا کرتی۔ پُراثر آواز میں سوز و گداز ہیں۔ جب میں Venezuela میں ملازمت کر رہا تھا تو بیگم کو یہ تینوں گانے پہلے سے ہی ازبر تھے۔ اکثر اوقات ساحل سمندر کی سیر کو جاتے تو وہ گانا یاد کرتی اور میں حسب عادت کار کی پچھلی سیٹ پر دائیں طرف بیٹھتا تو بیگم کار چلانے کے ساتھ ساتھ یہ گانے بھی گاتی جاتی۔ ہمارے معمول کی قدر مشترک یہ آئی ہے کہ مشہور singer جس کا نام سہگل تھا رات کو بمبئی میں یہ کہتا تو اس کا ڈرائیور اس کے پسندیدہ گانے گاتا اور سہگل پچھلی سیٹ پر بیٹھا سر دھنتا جاتا۔

بات ہو رہی تھی Ethel کی۔ ایک رات موسلادھار بارش میں اس نے تقریباً گیارہ بجے میرے اپارٹمنٹ کا دروازہ کھٹکھٹایا اور دستک اس قدر زوردار دی کہ میں نے جلدی جلدی اپنا nightgown پہنا اور دروازہ کھول دیا۔

"Doctor Nasir there is a crab crawling on the roof of my apartment. come quick."

یہ کہتے ہوئے وہ میرا بازو پکڑ کر کھینچنے لگی تو میں نے کہا:

"ذرا ٹھہرو، اپنے دروازے کا latch تو off کر لوں ورنہ دروازہ بند ہو گیا تو میں lockout ہو جاؤں گا۔"

"چھوڑیں یہ سب، میں ڈر رہی ہوں" اور مجھے کھینچتے ہوئے اپنے اپارٹمنٹ میں لے آئی۔

"یہاں crabs کہاں؟ یہ تو Atlantic Ocean میں پائے جاتے ہیں۔"

"ابھی ابھی چھت پر تھا۔"

"کیا رنگ تھا اس کا؟"

"سفید۔"

"crab کا رنگ سفید نہیں ہوتا۔ ہاں اگر ابلتے پانی میں ڈال دیں تو pink رنگ ہو جاتا ہے۔"

خوفزدہ اپنے بستر پر دراز ہو گئی اور مجھے ساتھ کے sofa پر بیٹھنے کو کہا۔ بجلی کا button اس نے off کر دیا اور کہنے لگی:

"اندھیرے میں نظر آتا ہے۔ جب یہ چھت پر crawl (رینگنا) کر رہا تھا تو میں ایک دیوار کے پاس گئی اور crawl کرتا ہوا میری طرف آیا۔ اس کے antennae اور آنکھیں بھی صاف نظر آ رہی تھیں۔ جب میں واپس آ کر لیٹی تو دوبارہ چھت پر crawl کرنے لگا۔"

"مجھے تو نظر نہیں آ رہا، شاید بجلی off ہے۔" میں نے چھت کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔

"مجھے بھی۔" اس نے جواب دیا۔

Marfat.com

"شاید DTS ہے۔" (DTS، Delirium tremens کہتے ہیں۔ Delirium ایک ایسی دماغی کیفیت ہے جس میں speech کی حالت incoherent اور hallusinations نظر آتے ہیں۔ frenzied excitement اور ecstasy کی کیفیت ہو جاتی ہے۔ Delirium tremens ایک خاص قسم کی delirium کی حالت جس میں tremors اور خوفناک delusions نظر آتے ہیں۔ یہ کیفیت اضافی شراب نوشی کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔ اکثر اوقات alcholics اس کا شکار ہو جاتے ہیں۔)

"مگر پہلے تو ایسا کبھی نہیں ہوا۔ میں صرف 30 سال کی ہوں۔ DTS کے لئے یہ میری عمر ابھی نہیں۔ میں زیادہ شراب نوشی تو نہیں کرتی۔ بس social drinker ہوں۔ بہر حال کافی عرصے سے شراب نوشی تو نہیں کر رہی تو یہ 10 سال سے یہ سلسلہ جاری ہے۔ اس کے علاوہ میں آوازیں وغیرہ بھی نہیں سنتی اور کوئی ایسی ویسی چیزیں بھی تو نظر نہیں آتیں۔"

social drinker کی بات چلی ہے تو میں وضاحت کرتا چلوں جب میں Venezuela میں تھا تو وہاں شراب نوشی کے بغیر پارٹی وغیرہ کا تصور ہی نہیں تو کسی پارٹی میں invite ہوتا یا خود پارٹی throw کرتا تو جب سے میں نے شراب نوشی چھوڑی اکثر اپنے لئے تقریباً آدھے گلاس میں تھوڑا سا soda اور coke کا رنگ ice cubes ڈال لیتا جب مجھے دوست پوچھتے تو میں کہتا "Whiskey social" پی رہا ہوں۔ انہیں خبر بھی نہ ہوتی کہ اس میں تو whiskey موجود نہیں تھی مگر رنگ whiskey اور Coke جیسی ہوتی۔

"Ethel کی وجہ alcholic ہونے کی ہے 10-15 سال تک یہ روزانہ شراب نوشی کرتی رہی ہے۔"

اس کے بستر کے قریب sidetable پر Seagrram کی بوتل رکھی ہوئی جس میں ابھی کچھ شراب باقی تھی وہ وقفہ وقفہ سے چسکیاں لے رہی تھی۔

"اچھا اب میں چلتا ہوں۔"

"نہیں تھوڑی دیر ٹھہریں شاید وہ crab پھر آ جائے۔" اس نے لائٹ بند کر دی اور ادھر ادھر کی باتیں کرنے لگی۔

"لائٹ بند ہوئے تقریباً آدھا گھنٹہ گزر گیا ہے مجھے تو چھت پر کوئی crab نظر نہیں آ رہا" میں نے عذر کیا۔

"اور واقعی مجھے بھی۔ شاید جب میں اکیلی ہوتی ہوں تو تب نظر آتا ہے۔"

میں اندھیرے ہی میں اٹھ کر چلا گیا اور آتے وقت اس کے دروازے کے latch button کو on کر کے دروازہ بند کر دیا۔

کوئی دو ہفتے گزر گئے ہوں گے کہ میں اتوار کے دن apartment کے قریب ہی dining car (Fast food outlet کی شکل ریل کے ڈبے کی طرح تھی) میں بیٹھا Milanese steak اور French fries کھا رہا تھا کہ Ethel بڑی جلدی جلدی اپنی حالت میں میرے ساتھ والے stool پر آ کر بیٹھ گئی۔

"میں نے ہفتے کی تمام رات ایک دوست کی پارٹی میں گزاری اور ابھی ابھی وہاں سے آ رہی ہوں" اس نے میرے کندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے شوخی حالت میں بات کرتے ہوئے کہا۔

"اتنے دنوں سے تمہیں دیکھا نہیں" میں نے پوچھا۔

"Days of wine and roses. one of those things."

"کچھ کھاؤ گی؟"

"اتنی شراب پینے کے بعد میں اس قدر سیر ہوں کہ میں کھانا کھانا بالکل نہیں کرنا چاہتی۔"

"تھوڑی دیر میں کھانا ختم کر لوں تو تمہارے اپارٹمنٹ تک چھوڑ آتا ہوں۔"

"کیا سمجھتے ہو میں اپنے حواس میں نہیں۔ میں خود جا سکتی ہوں" اس نے ذرا غصے میں جواب دیا۔

"نہیں تم بالکل ٹھیک ٹھاک ہو میں تو صرف تمہاری company کے لئے کہہ رہا ہوں۔"

"اب ہوئی نا بات ہاں تو کئی راتوں سے مجھے crab وغیرہ تو نظر نہیں آتے مگر عجیب و غریب آوازیں سنتی ہوں۔ ساتھ

Marfat.com

والے اپارٹمنٹ میں لوگ دیر تک باتیں کرتے رہتے ہیں۔ ہمسائیوں کا خیال نہیں رکھتے۔"

"کیسی آوازیں؟"

"انسانوں کی نہیں۔ بلکہ جانوروں کی سی۔"

میں نے سمجھ لیا کہ Ethel اب alcholic اور Delirium tremens کا شکار ہو چکی ہے۔ میں نے ابھی کھانا ختم نہیں کیا تھا کہ اس کا ایک دوست آ دھمکا۔

"Ethel میں تمہیں 10.00 بجے سے تلاش کر رہا ہوں۔ چلو چلیں اور اس کو تھامے اپنے ساتھ لے گیا۔ اس نے جاتے وقت مجھے 'Bye . bye' بھی نہ کہا۔

Ethel مجھے اس حد تک پریشان کرنے لگی کہ میں نے اپارٹمنٹ ایک دیگر جگہ Woodward Avenue پر لے لیا۔

American efficiency

1960 کی بات ہے جب Wayne State University, Detroit میں ریسرچ فیلو تھا تو میرا ماہانہ pay check میرے اپارٹمنٹ کے پتے پر پوسٹ کر دیا جاتا۔ اتفاق سے میں نے اپنا اپارٹمنٹ تبدیل کر لیا اور یونیورسٹی کے Administration Office کو اپنا نیا پتہ لکھ کر دیا تاکہ میرا چیک متعلقہ رہائش پر پوسٹ کر دیا جائے۔

آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ کئی دفعہ میں نے تبدیل شدہ ایڈریس کا پتہ لکھ کر دیا مگر میرا چیک ہمیشہ پرانے پتے پر ہی بھیجا جاتا رہا۔ جب میں اس لاپرواہی کے متعلق دریافت کرتا تو کسی نہ کسی کلرک کو مورد الزام ٹھہرا دیا جاتا۔ گیارہ مہینوں کے بعد آخر کار میرے نئے پتے پر چیک بھیجا گیا۔

1961 کے آخر میں میں نے پاکستان واپس لوٹنے کا فیصلہ کیا تو اپنا ذاتی سامان یعنی کہ personal effects کی صورت میں بذریعہ بحری جہاز بھیجنا چاہتا تھا لہٰذا میں نے پانچ مختلف شپنگ ایجنٹ سے چارجز کے متعلق دریافت کیا تو 475 ڈالر سے لے کر 923 ڈالر تک کے چارجز تھے۔ حتیٰ کہ میں نے 475 ڈالر پر اتفاق کیا۔

امریکن efficiency کا ایک اور واقعہ ملک چھوڑنے سے پہلے مجھے Internal Revenue Service (IRS) سے ٹیکس کلیئرنس سرٹیفکیٹ لینا ضروری تھا۔ میں ٹیکس والوں کے دفتر میں گیا تو پتہ چلا کہ میں نے کوئی ٹیکس ادا نہیں کرنا۔ چند دنوں کے بعد IRS نے مجھے فون کیا کہ ٹیکس ادا کرنا ہے دوبارہ کاغذات لے کر IRS کے دفتر میں پہنچا تو متعلقہ کلرک نے کاغذات کی چھان بین کرنے کے بعد فیصلہ کیا کہ کوئی ٹیکس واجب الادا نہیں کیونکہ میں امریکہ کا مستقل شہری نہ تھا اور مشورہ دیا کہ دفتر سے اگلے روز سرٹیفکیٹ لے جانا۔

دوسرے روز مقررہ وقت پر IRS کے دفتر پہنچا تو کلرک نے کافی حساب کتاب کرنے کے بعد کہا کہ تم نے 1125 ڈالر ٹیکس ادا کرنا ہے۔ یہ محسوس کرتا ہوں کہ ایئرپورٹ پر ٹیکس کلیئرنس سرٹیفکیٹ کے بغیر روک لیا جاتا۔ میں نے سوچا کہ ابھی ٹیکس مجھے دینا ہے بھی نہیں دینا لہٰذا میں نے فیصلہ کر لیا کہ بغیر کلیئرنس سرٹیفکیٹ کے ہی ایئرپورٹ پر پہنچ جاؤں گا دیکھا جائے گا کیا ہوگا۔ Detroit سے ہوائی جہاز کے ذریعے JFK نیویارک کی ایئرپورٹ پر پہنچ گیا۔ جب کوئی چار گھنٹے کے بعد Pan Am کی فلائٹ جس نے کراچی کیلئے روانہ ہونا تھا اس کی بکنگ شروع ہوئی میں بھی دوسرے مسافروں کی طرح لائن میں لگ گیا مگر کسی نے مجھے کلیئرنس سرٹیفکیٹ کے متعلق پوچھا تک نہ تھا۔

محبت کے مارے

بصرہ عراق کا رہنے والا ایک عراقی Wayne State University, Detroit میں Chemical Engineering میں Ph. D کی ڈگری حاصل کرنے کیلئے ریسرچ کر رہا تھا۔ اس کی ایک امریکن لڑکی جو کہ میری لیبارٹری میں

Marfat.com

میرے پروفیسر کے تحت technician تھی، سے محبت ہوگئی۔ وہ اسے اکثر ملنے کیلئے لیبارٹری میں آ جاتا۔ مجھے یہ بات ناپسند تھی کیونکہ کام میں دخل اندازی تھی اور پروفیسر بھی اسے برا سمجھتا۔

East Lansing, Michigan کے قریب ایک ندی سے parasites پر تحقیق کرنے کیلئے میں نے کچھ snails پکڑے ہوئے تھے اور ان کے gonads کے paraffin sections اس لڑکی کو تیار کرنے کیلئے کہا ہوا تھا۔ ایک دن پروفیسر شام کو گھر جانے سے پہلے مذکورہ sections دیکھنا چاہتا تھا مگر وہ لڑکی عراقی کے ساتھ لیبارٹری سے باہر چلی گئی۔ جب پروفیسر شام کو گھر جانے سے پہلے لیبارٹری میں آیا تو اس نے پوچھا کہ کیا وہ لڑکی sections تیار کر گئی ہے مگر میں نے جواب دیا کہ وہ تو اپنے بوائے فرینڈ کے ساتھ چلی گئی۔ مجھے تو غصہ تھا ہی مگر پروفیسر بھی غصے سے لال پیلا ہو رہا تھا۔ دوسرے دن جب لڑکی نوکری پر آئی تو پروفیسر نے اسے نوکری سے جواب دے دیا۔ اب لڑکی کا جواب سنیے

"مجھے نوکری کی کچھ پرواہ نہیں جو تنخواہ یونیورسٹی مجھے ایک سال میں دیتی ہے وہ میں اپنے بوائے فرینڈ سے ایک ہفتے میں لے لیتی ہوں" اور یہ کہہ کر چلتی بنی۔

عراقی شراب کا کچھ زیادہ ہی دلدادہ ہونے کی وجہ سے شراب کا عادی ہو گیا اور چند مہینوں کے بعد یونیورسٹی بھی آنا چھوڑ دیا۔ لڑکی نے اس سے کافی رقم ہتھیا لی اور اس سے کنارہ کش ہوگئی۔

اچانک عراقی سے میری ایک فاسٹ فوڈ شاپ پر ملاقات ہوگئی۔ اس کی صحت کافی خراب ہو چکی تھی اور مجھے ایک لمبا چوڑا لیکچر دیا "یہ امریکن کافر ہیں ہم مسلمانوں کو کافروں پر اعتبار نہیں کرنا چاہیے خاص طور پر امریکن لڑکیوں سے بچو۔ میں عراق واپس جا رہا ہوں مگر پہلے حج کروں گا اور کبھی کسی کافر کے ملک میں نہ جاؤں گا۔ اس لڑکی نے میرے جعلی دستخط کر کے بینک سے تقریباً میری تمام رقم اڑا لی لیکن مجھے اس کی کوئی پرواہ نہیں اللہ ہم پر بہت مہربان ہے دیکھو دنیا کا تمام پٹرول عربوں کے ملک میں ہے اور سعودی عرب کے بعد عراق میں سب سے زیادہ پٹرول کے ذخائر ہیں۔ میرے والد کی تین بیویاں میری سات بہنیں اور میں اکیلا ہی بھائی ہوں۔ دولت کی کوئی کمی نہیں میرے والد کے پاس مال بردار کشتیوں کا اچھا خاصہ بیڑا ہے۔"

کوئی ایک مہینے کے بعد پتہ چلا کہ عراقی صاحب نے نیند آور گولیاں کھا کر خودکشی کر لی۔

خاتون کار ڈرائیوروں سے نفرت

ایک صبح پروفیسر معمول کے مطابق کچھ دیر سے لیبارٹری میں آیا۔ اس کی روٹین تھی کہ پہلے اپنی لیبارٹری جو کہ اس کے دفتر میں تھی میں جاتا جو عام لیبارٹری کے ساتھ واقع تھی۔ اس کے بعد عام لیبارٹری میں چیک وغیرہ کرنے کیلئے آتا۔ "پروفیسر صاحب آج کیوں آپ دیر سے آئے" میں نے حیرانگی کا اظہار کیا۔

"وہ پاگل عورت میری کار کے آگے کار چلا رہی تھی اور تمہیں خاتون ڈرائیوروں کا پتہ ہے دائیں اور بائیں میں تمیز نہیں کر سکتیں۔ اسی طرح انہیں آگے اور پیچھے کی بھی کوئی عقل نہیں۔ میں نے ایک خاتون ڈرائیور کو اوورٹیک کیا مگر میری بدقسمتی اس کے آگے ایک اور خاتون ڈرائیور کار چلا رہی تھی اور اپنے کتے سے جو کہ پچھلی سیٹ پر بیٹھا ہوا تھا باتیں زیادہ کر رہی تھی اور وہ کتا بھی اتنا بدتمیز کہ تھوڑی تھوڑی دیر بعد کھڑکی سے اپنا سر باہر نکالنے پر بضد۔ اچانک کتا چھلانگ لگا کر اس کے ساتھ والی سیٹ پر آ بیٹھا۔ اس نے کتے کو ایک تھپڑ رسید کیا اور وہ واپس پچھلی سیٹ پر چلا گیا وہ کتا گیا تھا پھر اگلی سیٹ پر آ گیا مجھ سے برداشت نہ ہوا۔ میں نے یونیورسٹی آنے کیلئے دوسرا راستہ اختیار کیا جو قدرے لمبا تھا۔ جونہی میں یونیورسٹی کی پارکنگ لاٹ میں اپنی مخصوص جگہ پر کار پارک کرنے لگا تو ایک بوڑھی humanities کی پروفیسر اپنی Buick کو میرے ساتھ والی جگہ پر پارک کرنے کی کوشش کر رہی تھی۔ (یونیورسٹی میں ہر پروفیسر کی کار پارکنگ کی ایک مخصوص جگہ تھی) اگر کار چلانی نہیں آتی تو یہ عورتیں بڑی بڑی کاریں کیوں خرید لیتی ہیں دیکھو میرے پاس ایک Jalopy ہے آرام سے ہر جگہ پارک کر سکتا ہوں تم یہ اندازہ ہی نہیں کر سکتے کہ میں کن کن مراحل سے گزر کر یہاں آیا ہوں۔ میری اپنی بیوی کو اچھی طرح معلوم ہے کہ میں خاتون ڈرائیوروں کو پسند نہیں کرتا مگر جب ہم اکٹھے کہیں جاتے ہیں تو وہ کار چلانے پر

Marfat.com

نہیں آتا۔

بند ہو جاتی ہے۔ ایک روز ہم دونوں پارکنگ کی طرف جا رہے تھے تو اس نے کار پارکنگ کی حد کی سمت ماری۔ اس پر کہا جب کار قریب آتی ہے تو automatic barrier کھل جاتی ہے۔ میری نصیحت مانو کبھی کسی خاتون ڈرائیور سے شادی نہ کرنا اگر شادی کرنی ہو تو پھر ہوشیار رہنا۔"

"پروفیسر تمہیں کیا ہو گیا کیوں؟"

"buddy خواتین پیدائشی خراب ڈرائیور ہوتی ہیں تم نے دیکھا نہیں کہ کار میں بیٹھتے ہی بجائے اس کے کہ اپنے پیچھے دیکھنے کے لئے سیٹ سے پیچھے دیکھیں وہ سامنے کے شیشے کا استعمال کرتی ہیں اور اپنے بال ٹھیک کرتی ہیں اتنی بڑی بڑی ٹوپی اوڑھتی ہیں میں نے کبھی محسوس نہیں کیا کہ وہ پیچھے دیکھتے ہوئے ٹوکن ڈالتی ہیں جب کار سے باہر نکلیں تو دوسرا جوتا پہن لیتی ہیں (کئی سال بعد جب میں امریکہ میں تھا تو میری بیوی کی بھی یہی عادت تھی) افسوس کی بات ہے کہ جیسے وہ بیوقوف سمجھتی ہیں مرد سے ایک ... ہے ... وہ یہاں سے وہاں ہو جاتا تیز مت چلاؤ رفتار کم کرو کار روکو اور تیز چلاؤ اور ... بھی ہیں ... نہیں ... سے بچتے۔"

میں پروفیسر کی بات سن کر سب کچھ بھول گیا اور اس نے اتنا لمبا چوڑا لیکچر دے دیا۔

Prof DeGiust ایک ... خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ وہ ... سے پہلے یونیورسٹی کے ... میں ... تھی ... وقت ... Post-docs کے ساتھ بہت خیال رکھتے تھے۔ ان کی سیکرٹری ... dictationg machine پر ... ان کے ہاتھ ... چلتی جاتی۔ افسوس کی بات یہ تھی کہ باوجود اس کے وہ ... بے ... کرتے تھے ... کی وجہ یہ تھی کہ ... اندیشہ رہتا تھا ... خاندان ان کے ... ہیں۔

Los Angeles

... Los Angeles کیلیفورنیا میں منعقد ہوئی جہاں مجھے ایک تحقیقی مقالہ پڑھنا تھا۔ ... Dr Dominic DeGiusti کو مجھے ہوائی جہاز کے ذریعے جانے کو کہا مگر میں نے Greyhound بس پر ... قدرتی نظارے ... ہوتا۔ اس کے علاوہ ایک رات Las Vegas جو کہ Nevada ریاست ... دیکھنے میں دلچسپی تھی۔

Detroit سے Greyhound بس پر عازم سفر ہوا۔ یہ ایک لگژری بس تھی جس کی سیٹیں ہوائی جہاز کی سیٹوں کی طرح ... بس ... راستے میں دو دفعہ ڈرائیور تبدیل ہوئے اور Salt Lake City، Utah ... ایک خوبصورت صاف ستھرا شہر میں نے زندگی میں پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا۔ (اس شہر ... Church of Jesus Christ Latter-day Saints مذہبی فرقے کے پیروکار جنہیں Mormons کہتے ہیں ... "Mormon Capital" سے بھی جانا جاتا ہے)

Las Vegas میں ... بجے کے قریب رکی۔ اس شہر میں سیاحوں کے دیکھنے کی خاص جگہیں نائٹ کلب ... resort hotels ہیں۔ اس شہر کی سب سے زیادہ آمدنی سیاحت اور جوئے بازی کی وجہ سے ہے۔ 1993 میں 23 5 million سیاحوں کی آمد ہوئی۔ Las Vegas کو "The world's gambling capital" بھی کہا جاتا ہے۔

میرے پاس ایک شولڈر بیگ اور بریف کیس تھا۔ اتنا مختصر سامان اس لئے کہ میرا قیام Los Angeles میں صرف دو دن ... بس سٹاپ سے نکلتے ہی میں نے ادھر ادھر چلنا شروع کیا تو ایک شاہراہ کے دونوں طرف بڑی تعداد میں casino نظر آئے جن پر مختلف قسم کی لائٹیں اور مختلف قسم کے ... آویزاں تھے۔ ایک casino جس کا نام Golden Nugget تھا اس کے شوکیس میں ... ڈالرز کے ساتھ ... بل پڑے ہوئے تھے۔ اتنی بڑی رقم کے بل میں نے پہلے ایک جگہ اکٹھے بھی

Marfat.com

[illegible]

نہ تھے۔ Casino میں داخل ہو کر میں نے receptionist سے ... کے متعلق پوچھا ... [illegible]
... "On the house" ... 203 ... [illegible] ... feit ... [illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible] ... slot machines ... [illegible] 123 ... 66
[illegible] ... roulett ... [illegible] ... sandwiches ... [illegible]
[illegible] ... sandwiches ... [illegible]
[illegible]

میں نے ایک slot machine میں ... [illegible]
[illegible] ... "This is all jipping" ... [illegible] ... 375 ...
[illegible] ... 125 ... [illegible]
[illegible] ... receptacle ... [illegible]
[illegible] ... Lucky s o b

[illegible] ... Golden Nugget ... Sands Hote ... [illegible]
[illegible] ... Samy Davis Jr ... Frank Sinatra Dean Martin ... 250 ... [illegible]
[illegible] ... Frank Sinatra ... crooner ... [illegible]

All the way
Happy to be near you
When you need somebody to cheer you
All the way

[illegible]

[illegible] 1996 ... Sands ... casino ... [illegible]
[illegible] ... 1.8 Billion ... suites ... 200 000 ... casino ... [illegible]
[illegible] 1997 ... 1999 ... [illegible]

[illegible] ... Greyhound ... Los Angeles ... [illegible]
[illegible] ... Mayflower ... [illegible]
[illegible] ... Los Angeles ... [illegible]
[illegible]

[illegible] ... Disneyland ... Anaheim ... 1313 Harbour
Boulevbard ... Los Angeles ... Downtown ... [illegible]
[illegible] ... Disneyland ... 1955 ... 75 ... (50 Hectare) ...
[illegible] ... theme parks ... Walt Disneycompany ... [illegible]
... amusement parks ... [illegible]

[illegible] ... Disney World (125 ...) Orlando ... [illegible]

Marfat.com

1971 میں عوام کیلئے کھولا گیا میری بیٹی نازیہ، بیوی فرخ اور میں کئی سال بعد جب Disney World دیکھنے کیلئے گئے جس کے مقابل Disneyland کی کوئی اہمیت نہ تھی۔ Disney World میں Epcot Center اور Magic Kingdom themes parks ہیں۔ یہاں پر کئی ہوٹل، تفریح، رہائش گاہیں، سپورٹس اور سیر و سیاحت کی سہولتیں میسر ہیں۔

1983 میں ایک کمپنی جس کا ڈزنی کمپنی سے کوئی تعلق نہیں اس نے ٹوکیو ڈزنی لینڈ ٹوکیو کے قریب کھولا۔ جہاں سے ڈزنی کمپنی royalty وصول کرتی ہے۔ 1972 میں ڈزنی کمپنی نے خود Euro Disneyland, Marre-la-Vallee. 20 miles (32 کلومیٹر) پیرس سے مشرق میں 5000 ایکڑ (2000 Hectare) پر مشتمل تعمیر کرایا۔

واپسی پر ہوٹل سے پہلے ہی بس سے اتر گیا اور قریب ہی چائنہ ٹاؤن میں گھوما پھرا جہاں انگریزی کم اور چینی زبان زیادہ بولی جا رہی تھی۔ ہر طرف ہر دکان پر چینی سے برتن، فرنیچر اور دیگر خاص چینی اشیاء سے دوکانیں لدی پڑی تھیں اور اسی طرح کئی چینی ریسٹورینٹ بھی۔ رات گئے تک یہاں رونق رہتی تھی۔ واپس ہوٹل کی طرف لوٹا تو قریب ہی McDonalds سے Big Mac 'hamburger' خریدا جس کے ڈالر 2.49 ادا کئے (دوسرے ملکوں میں ارجنٹائن 2.50 Peso، 55 Baht تھائی لینڈ، Malaya 5.04 M$ میں، انگلینڈ میں 1.99 پونڈ، ترکی میں چار ملین Lira پاکستان میں 99 روپے) اس کے بعد میں قریب ہی ایک بار میں جانا چاہتا تھا جس کے دروازے پر لکھا تھا "Adults only." جونہی میں دروازے میں داخل ہونے لگا تو ایک چپڑاسی نے مجھے روک لیا "کیا تم اندر جا سکتے ہو؟ یہ تو صرف بالغوں کیلئے ہے۔"

"بے شک میں بالغ ہوں۔" میں نے جواب دیا۔

"مجھے اپنا شناختی کارڈ دکھاؤ۔"

"میرے پاس تو ہے ہی نہیں۔"

"تو واپس چلے جاؤ۔"

میں نے اپنی ٹوپی اتارتے ہوئے اشارہ کیا اور کہا "دیکھو میں نہ صرف گنجا ہو رہا ہوں بلکہ بال بھی کچھ سفید ہیں کیا تمہیں میں بالغ نظر نہیں آتا؟"

"مجھے بیوقوف بنانے کی کوشش نہ کرو۔ یہ تو کوئی ثبوت نہیں۔ میرا ایک بھائی ہے جس کی عمر ابھی سولہ سال بھی نہیں اور تم سے بھی زیادہ گنجا ہے۔ بہتر ہے کہ ابھی یہاں سے چلے جاؤ۔"

میں اپنا سا منہ لئے واپس لوٹ آیا۔

ہالی ووڈ motion pictures کیلئے مشہور کوئی آٹھ میل (بارہ کلومیٹر) Los Angeles کے Civic Center سے شمال مغرب کی طرف واقع ہے۔ 24 میل لمبا Sunset Boulevard پر ہالی ووڈ اور Beverley Hills کے درمیان کا کوئی دو میل کا ٹکڑا Sunset Strip کہلاتا ہے جو کہ میوزک کلب، ریسٹورینٹ، بوتیک اور ہالی ووڈ کے night spots کیلئے ساری دنیا میں مشہور ہے۔ شام کے قریب وقت اور رنگ برنگی روشنیاں دور دور تک نظر آتی ہیں کیونکہ نوجوان cruisers اپنی جدید اور قیمتی کاروں میں تفریح کیلئے نکلتے ہیں۔ اس Strip کی غیر معمولی خصوصیت ہاتھ سے بنائے ہوئے دیوہیکل billboards ہیں۔ جفت اعداد والے ایڈریس Strip کے جنوب کی طرف اور طاق اعداد والے اس کے شمال کی طرف!

ہالی ووڈ کی Walk of Fame پر فلمی دنیا اور کئی دوسری مشہور شخصیات کے نام brass plaques پر گلابی ستاروں سے نمایاں کئے ہوئے ہیں۔ جب 1960 میں ستارے پہلی بار instal کئے گئے تو اب تک کوئی دو ہزار کا اضافہ ہو چکا ہے۔

Sunset Strip کے مشہور Mann's Chinese Theater میں 160 سے زیادہ فلمی دنیا کی شخصیات کے ایک سو ساٹھ سے زیادہ ہستیوں کے پاؤں کے نشان نصب کئے گئے ہیں۔

اتفاق سے میں ایک سپر مارکیٹ میں یونہی چیزیں لینے کیلئے داخل ہوا تو ایک row کے شیلف پر مختلف قسم کا اسلحہ پڑا ہوا تھا جو چاہے خرید لو کوئی لائسنس کی ضرورت نہیں۔ ایک ادھیڑ عمر کی عورت ٹرالی پر سبزیاں وغیرہ لادے ہوئے گزری تو دو تین ریوالور شیلف

Marfat.com

سے اُٹھا کر دیکھا جن میں سے ایک اُسے پسند آیا تو اس نے سبزیوں کے ساتھ ہی رکھ دیا۔ ان تمام اشیاء کی قیمت اس نے پیشگی ادا کر دی تھی۔

دوسرے دن ہوٹل پہنچ کر میں نے ایک دوست سائنسدان Dr. Etges سے اپنی حیرانگی کا اظہار کیا۔ پتہ چلا کہ امریکہ کی ریاستوں میں اسلحہ بغیر لائسنس کے خریدا جا سکتا ہے اور کئی دوسری ریاستوں میں بغیر لائسنس کے اسلحہ خریدنے پر پابندی ہے۔ ان دونوں ریاستوں کے بارڈر بغیر لائسنس کے اسلحہ لئے cross نہیں کیے جا سکتے۔

Marfat.com

Integerrimum period (درمیانی وقفہ)

1961 میں جب Wayne State University, Detroit, USA میں Post-doctoral Research Fellow تھا تو Maryland University, USA اور Agricultural University فیصل آباد کے درمیان ایک research exchange پروگرام چل رہا تھا۔ Dr. Miller چونکہ وہاں پروگرام کے Maryland میں ڈائریکٹر تھے انہوں نے مجھے ایک Introductory خط اس پروگرام کے ڈائریکٹر کے نام فیصل آباد میں تحریر کر دیا اور امید ظاہر کی کہ مجھے وہاں standard کی نوکری مل جائے گی۔ پروفیسر کا ارادہ تھا کہ میں امریکہ میں ہی رہوں۔ اس دور میں جو پاکستانی اعلیٰ تعلیم کے لئے باہر جاتے تھے ان کی یہ خواہش ہوا کرتی تھی کہ وہ اپنے وطن لوٹ کر اپنے ہی وطن میں قوم کی خدمت کریں۔ چنانچہ میں نے بھی ... اور وطن واپسی کا ارادہ کر لیا۔

ان دنوں ... میں نے نیویارک سے S. S. United State میں سیٹ بک کروائی ... اس وقت کا تیز ترین جہاز تھا ... میں انگلینڈ پہنچا۔ وہاں سے PIA کے ذریعہ کراچی اور کراچی سے بذریعہ ریل ... پہنچا ... مجھے ایک ... میں ... کے ساتھ جگہ مل گئی ... سیدھی ... ہو گئی۔

ابھی مجھے جگہ ملے چند دن ہی ہوئے تھے ... شیخ محمد حیات اپنے رشتہ داروں سے ملنے آئے تو ... میں ... انتظام ... دیوان خانے میں پہنچ گیا۔ ہم دونوں ادھر ادھر کی باتیں کر رہے تھے تو شیخ ... مجھے ... تکلیف ... جانا ... ہے اور میں ... شیخ محمد کے ویٹنگ روم میں پہنچ جاتا ہوں کیونکہ گھر میں مغربی طرز کا ... باتھ روم نہیں ہے۔

"مجھے بھی یہی مسئلہ درپیش ہے" میں نے جواب دیا۔ "میں بھی چند برس انگلینڈ میں رہ چکا ہوں اور کئی بار مجھے ... جانا پڑا ..." ... دونوں دوستوں کو یہ سنجیدگی کا معاملہ درپیش ہے؟"

"پریشانی کی بات نہیں" میں نے جواب دیا۔ "شیخ ... سے ریلوے سٹیشن تو قریب ہے وہ تو آسانی سے ... ویٹنگ روم پہنچ جاتے ہیں۔ میں یہاں سے ... جا کر ویٹنگ روم میں روزانہ کیسے جا سکتا ہوں؟"

"کیا آپ نے مجھے پہلے کیوں نہ بتایا، یہ مسئلہ بھی حل ہو جائے گا" ... صاحب نے حوصلہ افزائی کی۔

شیخ ... دیوان خانے میں ... ہم تانگے میں بیٹھ کر ... کے ویٹنگ روم کا ٹائلٹ استعمال کرنے گئے اور اپنی عادت پر ... رہے اور مجبوری کا رونا بھی روتے رہے ... پہلے ... صاحب نے اپنے ملنے والے مستری کو بلایا (ضمیمہ 126) اور انہیں ایک موڑھا تیار کرنے کو کہا۔ آخر دو دن بعد کوئی اڑھائی فٹ اونچا جس کے اوپر لکڑی کا گول کٹا ہوا تھا جس کے اوپر بیٹھا جا سکتا اور نیچے ... بنا ہوا تیار ہو گیا۔ شیخ بھی وہاں ہی رہا۔ جب شیخ ... جانے لگا تو ... صاحب نے کہا کہ بیٹا ایک ... ہم ... جو ... نے معذرت چاہی۔ ایک موڑھا باتھ روم میں اور دوسرا اضافی رکھ دیا گیا۔ صفائی کرنے والی موڑھا کو ... رکھا ...

Marfat.com

ٹیسٹ کو نکالتی اور صفائی کرنے کے بعد دوبارہ اسی طرح فٹ کر کے واپس رکھ دیتی۔

یہ تھے پیر صاحب نہ صرف اپنی اولاد بلکہ دوسروں کی سہولت کا بھی خیال رکھتے۔

پاکستان میں آکر کوئی 9 مہینے بڑی تھوڑی تنخواہ میں مگر میری خواہش کے مطابق تو میرے profession سے متعلق نوکری نصیب نہ ہوئی۔ 1962 کا واقعہ ہے۔ Dr Miller کا خط لے کر میں اور میری ممانی صاحبہ جن کا ایک قریبی رشتہ دار تھا۔ صاحب مغربی پاکستان ایگریکلچرل یونیورسٹی کے وائس چانسلر اور بھائی مرتضیٰ جیلانی رجسٹرار تھے۔ اس پوسٹ کے لیے جانے سے پہلے تو میں اس امریکن Director کے پاس گیا اس نے کہا

"تمہاری قابلیت کا آدمی تو ہمیں چاہیے مگر مجھے وائس چانسلر کی منظوری کی ضرورت ہے۔"

یہ امریکن Director رجسٹرار اور میں وائس چانسلر صاحب سے ملے۔ "سبحان اللہ" وائس چانسلر صاحب نے میرے کاغذات دیکھ کر بڑی عجیب لہجہ میں فرمایا "تعلیم تو بہت اچھی ہے۔ ہم تمہیں O S D کی ملازمت دے سکتے ہیں" تو میں نے اسی لہجہ میں جواب دیا "آپ کو O S D کا مطلب آتا ہے؟"

"ہاں، Officer on Special Duty"

"یہ بات ہے جناب کی! یہ مطلب ہے کہ جب کسی کو کام نہیں دینا ہو تو O S D بنا دیا جاتا ہے۔ میں جب یہاں آیا تو میں نے سوچا کہ میری تعلیم کی قدر ہو گی۔ repairing کروانی ہو تو کسی نوکر کو رکھ لیں۔ میں تو ایک scientist ہوں۔ مجھے ایک microscope چاہیے" یہ کہتے ہوئے اپنی ممانی صاحبہ کو کہا "آپ کے دونوں رشتہ داروں کی بڑی مہربانی" اور کمرے سے باہر جانے کی راہ لی۔

کوئی اعلیٰ تعلیم یافتہ شخص ہو اور اپنوں نے بڑی امیدوں کے ساتھ جدائی کے صدمات سے دوچار ہو کر ملک بھیجا ہو، تو یہ ناقدری برداشت نہیں ہوتی۔ میں اس قدر پریشان رہتا کہ مجھے اپنے آپ سے نفرت ہونے لگی۔ میں نے سوچا اس صورت حال سے ماؤس ہو کر بجائے foreign countries میں اپنے تعلقات کو ...۔ ... میری کسی ... خراب کرتے ... پہ ... خود ... مصداق ... دن کاٹ رہا تھا۔ ... ہوئے بھی ... خاندانی تعلقات استوار ہیں ... مجھے ... چھوڑ کر ... میں نے اپنے آپ کو ... میں بند ... شروع کر دیا۔ ... بد قسمتی ... پریشان ... ایک نہیں بلکہ تین ملازمتیں

Cumana اور Vancouver British Colombia Canada: Sydney Australia:

Venezuela میں میری منتظر تھیں۔

جب میں انگلینڈ میں تھا تو Harry Belafonte کا ایک گانا مجھے بہت پسند تھا جس کے بول کچھ یوں ہیں۔

"Juanita my darling sure you love me

You promise in heart you marry to me

My sweetheart from venezuela"

یہ گانا شاید ... اندر ایک شعور سا ... Venezuela پہنچ ... کی طرح ... ایک قدرتی طور پر ... ہو گئی۔ مجھے Spanish زبان کا ایک لفظ بھی نہیں آتا تھا ... پاکستان سے دور ... چاہتا تھا ... میں نے ... airticket ... جانے کی ... visa ... ایک ... پاکستان سے ... تعلقات ... (ضمیمہ 127) میں نے Venezuela consulate سے Rome, Italy میں visa لیا ... KLM کی فلائٹ پر ... Fiumicano کا ایک ائیرپورٹ ... پہنچ ... میں نے ... موقع ... سے ...

Marfat.com

Rome میں گھومنے کا پروگرام بنایا۔ Venezuela کی فلائیٹ پر بیٹھنے سے دو دن پہلے ہی اپنے US 500 $ خرچ کر دیئے۔ یہ زمانہ تھا میں نے K.L.M آفس سے رجوع کیا۔ ان کو وینزویلا میں اپنی تقرری کا خط دکھایا تو انہوں نے فوراً پانچ صد ڈالرز مجھے دے دیئے۔

Viasa (Venezolana Internacional de Aviacion Sociedad Anonima) کی فلائیٹ پر بیٹھ کر کوئی 13 گھنٹے nonstop پرواز کے بعد Maiquetia، Venezuela کے دارالخلافہ Caracas کے قریب ائیرپورٹ پر کوئی شام کے قریب پہنچے۔ وہاں یونیورسٹی سے ایک شخص مجھے لینے آیا ہوا تھا جو کام چلانے کی غرض سے انگلش بول چال کی سہولیت رکھتا۔ مجھے اس وقت کے Caracas میں بہترین ہوٹل El Conde میں ٹھہرایا گیا۔ چند دنوں بعد یونیورسٹی کا Rector بنام Dr. Penalver خود مجھے ملنے آیا اور ہم دونوں اس کے پرائیویٹ جہاز میں بیٹھ کر Cumaná جہاں Universidad de Oriente کا Main campus دارالخلافہ سے کوئی چار سو کلومیٹر جانب مشرق Caribbean سمندر کے کنارے واقع ہے پہنچ گئے۔

Marfat.com

(سورج کے راستے پر) *En La Ruta Del Sol*

نئی زندگی کا آغاز

راقم 1961 میں جب U.S.A میں مقیم تھا تو ایک نہایت خوبصورت امریکن لڑکی Jill جس کا ... جب میں پاکستان واپس آنے لگا تو جذباتی لگاؤ کے زیر اثر مجھ سے شادی رچانے کا وعدہ لے لیا۔ واپس آ جانے کے بعد Jill سے ٹیلیفون اور خطوط کے ذریعے رابطہ رہا اور کئی طور پر بھی ملاقات ہوتی رہی تاہم یہ میرے والدین کو منظور نہیں تھا کیونکہ ... صاحب کی دختر نیک اختر سے میری شادی ہو چکی تھی۔ میری شادی 1964 میں ہو گئی۔ پاکستان واپس آ کر ... صاحب کی بیٹی فرخ بشیر سے ہوئی ... پاس میری بیوی بیٹے ... تھے ... embassay میں ... میری بیوی کی والدہ صاحبہ کی وفات ... آخری دنوں میں ہونے کی وجہ سے میری اہلیہ گھر میں ... میں اکیلا ... New York پہنچا تو Hilton ہوٹل میں قیام کیا۔ میں نے Jill کو ... Detroit ٹیلیفون کیا ... Hilton ہوٹل سے ... اپنے شرقی کچھ خاص طور پر پاکستانی مسلمان بچے اور بچیوں کی شادی کے متعلق بتایا ... باپ ... ملاقات ... ایک دوسرے سے تعارف ... شادی نہیں ہوتے ... رشتوں کے ... ہوتے ہوئے بھی ... پیدا ہوتے ہیں اور وفا ... والدین کی مرضی کے مطابق ... coffee shop میں ... باتوں باتوں میں Jill میرے ... ہاتھ کی انگلی میں انگوٹھی ... نہایت دل برداشتہ ہوئی۔ میں نے ... صاحب کی نوازش اور احسانات ... زیر اثر ... بات ... انہیں بھی منظور ہے۔ اس کے بعد جب میں ... پہنچا تو ٹیلیفون اور خطوط ... 1965 میں جب راقم پاکستان اپنی بیوی اور بیٹے ... New York Hilton ہوٹل میں ... Jill ... coffee shop ... Jill کو ٹیلیفون ... ہوٹل کے ... میری ... ملاقات ہوئی۔ Jill نے ہوٹل کی lobby سے ایک bracelet خرید کر ... اس کے بعد ... ملاقات بھی ہوئی ... Jill کی شادی ہو چکی اور وہ خوش و خرم زندگی گزار رہی ہے۔

نوٹ: مندرجہ ذیل واقعات کا تعلق ... پیش آئے جب راقم ... میں مقیم تھا ... ترتیب و مد نظر رکھتے ہوئے یہاں پر درج کرنا مناسب سمجھا گیا ہے۔

Helipad

ایک وقت تھا کہ JFK اور La Guardia ایئرپورٹ سے نیویارک East Side Terminal تک ... پہنچا کرتے تھے۔ راقم نے ... Pan Am Manhattan ...

Marfat.com

Terminal کی آخری منزل کی چھت پر واقع ہیلی پیڈ سے ہیلی کاپٹر میں سوار ہو کر JFK تک سفر کیا۔ چند ہی سالوں بعد یہ سہولت ختم کر دی گئی کیونکہ نیویارک کی ہوائی ٹریفک کیلئے خطرہ تھی۔

دھوئیں کا الارم

یہ ایک دوست ڈاکٹر حبیب ہیں جو SUNY (Southern University of New York) Brooklyn میں چیسٹ سرجری کے پروفیسر ہیں۔ ان کے ساتھ ایک فاسٹ فوڈ میں کوئی آدھ گھنٹہ کافی پیتے بیٹھے رہے۔ جب باہر نکلے تو حبیب نے کار کو سٹارٹ کرنا چاہا لیکن کار سٹارٹ ہونے کا نام ہی نہ لے رہی تھی۔ جب bonnet کھول کر دیکھا تو کار کی بیٹری ہی غائب۔ یہ واقعہ دن دیہاڑے پیش آیا۔ فرخ بھی حبیب کے فیور میں تھی۔ چھٹی پر خرید و فروخت کرنے کے بعد گھر لوٹے تو فرخ نے کھانا پکانا شروع کیا۔ کھانا پکاتے وقت حرارت سے سارا کچن بھر گیا کیونکہ دیسی کھانوں میں خوب گرم مرچ مصالحہ ڈال کر بھوننے کی وجہ سے دھواں اٹھتا ہے جو smoke detector تک پہنچ کر حرکت میں آکر خود بخود ہی سائرن بجانا شروع کر دیتا ہے۔ خطرے کا الارم کہ آگ لگ گئی۔ شروع شروع میں تو ہم بہت خوفزدہ ہو جاتے تھے لیکن بعد میں عادت ہو گئی۔ اگر ایسا نہیں ہوتا تو لوگوں کو پتہ چل گیا ہے۔ پاکستانی، ہندوستانی، بنگالی اور ساؤتھ امریکن (Hispanics) ایسے ہی مصالحے ڈالتے ہیں جن کی تیاری میں بہت زیادہ دھواں خارج ہوتا ہے۔ مگر یہ امر نہایت دلچسپ ہے کیونکہ اس سے پتہ لگ جاتا ہے کہ کس اپارٹمنٹ میں خاص قسم کا کھانا پک رہا ہے۔

نسلی امتیاز

17 دسمبر 1964 میں گجرات پاکستان میں راقم کی شادی ہوئی لیکن بدقسمتی سے فرخ کی والدہ کوئی ایک ہفتے کے بعد انتقال کر گئیں۔ فرخ وہیں رہ گئی۔ میں جنوری 1965 کے آخر میں اکیلا ہی کراچی سے Pan Am کی فلائٹ سے نیویارک پہنچا وہاں سے وینزویلا جانے کی connecting فلائٹ تھی۔ Miami میں جہاز سے اترا کیونکہ وہاں سے Viasa کی فلائٹ سے میں نے پکڑنی تھی۔ Caracas، وینزویلا پہنچنا تھا۔ جب میں ٹرانزٹ لاؤنج میں اپنی فلائٹ کے انتظار کیلئے داخل ہوا تو پیشاب کی حاجت نے مجھے بے حد پریشان کیا ہوا تھا۔ میں تیزی سے ایک ٹائلٹ میں داخل ہو گیا۔ پتلون کی زپ کو کھول کر کام شروع کیا ہی تھا کہ ایک خوفناک آواز سنی۔ ایک امریکن cop نے میرے پیچھے سے تیزی سے پکڑا اور میرے بازو کو کھینچتے ہوئے چیختے لہجے میں بولا "You s o b this joint is for the colored only" (یہ صرف کالے رنگ والوں کیلئے مخصوص ہے) اندازہ کریں اس حالت میں مجھے پکڑے ہوئے قریب ایک سفید فاموں والے ٹائلٹ میں لے گیا۔ میں نے حیرانگی سے پوچھا "But officer I am colored as well"

اس نے میرے گال کو ہاتھ سے pinch کرتے ہوئے جواب دیا "You no colored!"

نسلی امتیاز سے متعلق سفید رنگ والے اور حبشیوں کے متعلق شمالی امریکہ کی خاص طور پر جنوبی ریاستوں میں سنا تھا لیکن آج مجھے معلوم ہوا۔ میں نے ایک سرسری نظر ڈالی تو دونوں قسم کے باتھ روموں کے باہر جلی حروف میں لکھا ہوا تھا "Colored Only" اور "Whites Only"

John John

Cumana، وینزویلا میں Universidad de Oriente کی Instituto Oceangrafico میں میری لیبارٹری تھی۔ اگرچہ میں اس یونیورسٹی میں کلاسیں نہیں لے رہا تھا کیونکہ مجھے Spanish زبان پر عبور حاصل نہ ہوا بلکہ صرف ریسرچ کی ہوئی تھی۔ پاکستان سے یونیورسٹی میں گئے مجھے تقریباً ڈیڑھ سال ہی ہوا تھا۔ 1963 میں Washington D.C. ایک سائنسی کانفرنس میں شرکت کرنے کیلئے گیا۔ ایک روز Sears Departmental Store سے شاپنگ کرنے کا ارادہ کیا لہذا ہوٹل

Marfat.com

کے دروازے سے باہر میں نے ایک cab کو اشارہ کیا اور اسے Sears لے جانے کو کہا۔ کافی وقت گزر گیا اور وہ cab چلائے جا رہا تھا۔ میں نے cab کے باہر ذرا غور سے دیکھا تو محسوس ہوا کہ ہم تو Washington D C سے مضافات سے گزر رہے ہیں۔ میں نے ڈرائیور سے پوچھا، " What is wrong ? we are out of Washington area. Where are you taking me to ? "

" Sir Sears downtown Washington is a dangerous place. You might get mugged. I am driving you to Sears in Virginia, safer place " اس کا جواب تھا۔

اس وقت تو میں یہ سمجھا کہ شاید وہ زیادہ کرایہ بنانے کے لیے مجھے قریبی ریاست میں لے جا رہا تھا مگر بعد میں مجھے پتہ چلا کہ Downtown Washington میں امریکہ کا سب سے زیادہ جرائم ریٹ ہے۔

ایک روز میں Washington D.C. میں وائٹ ہاؤس کے guided tour میں شمولیت کرنے کے لیے گیا۔ میں دوسرے سیاحوں کے ہمراہ Oval Office کے قریب ہوا تو ایک بڑے شیشے کی کھڑکی سے دیکھا کہ امریکہ کا پریذیڈنٹ John F. Kennedy ایک بڑے میز کے پیچھے راکنگ کرسی پر بیٹھا ہوا ہے اور اس کا کمسن بیٹا جسے پیار سے John John کہا جاتا تھا جو کہ میز کے نیچے ادھر سے نکل کر ادھر اور ادھر سے نکل کر ادھر بھاگ دوڑ رہا تھا۔

پریذیڈنٹ کینیڈی کو نومبر 1963 میں Dallas, Texas میں جب وہ سرکاری گاڑیوں کے قافلے میں جا رہا تھا تو اسے Lee Harvy Oswald نے گولی کا نشانہ بنا کر قتل کر دیا۔ یہ کیونکر ہوا یہ ایک لمبی داستان ہے۔ John John پریذیڈنٹ کینیڈی اور Jacqueline Kennedy کے بیٹے کی اس وقت عمر تین سال تھی۔ اپنے باپ کے جنازے کو سیلوٹ کرتے ہوئے اس کی فلم بنائی گئی جس نے تمام دنیا میں تہلکہ مچا دیا اور بڑے بڑوں کے دل موم ہو گئے۔ John John کی بڑی بہن کا نام Carloline Kennedy ہے۔ John John اپنے باپ کا مشہور بیٹا اور چہیتا تھا۔ بڑے ہو کر اس کا نام John F Kennedy Jr تھا۔ 46 سال کی عمر میں اپنی بیوی Carolyn Bessette اور اس کی ہمشیرہ کے ساتھ ہوائی جہاز کے حادثہ میں تینوں ہلاک ہو گئے۔ یہ بات 1999 کی ہے Kennedy جہاز کو خود اڑا رہا تھا اور حادثہ جزیرہ Martha's Vineyard کے قریب پیش آیا۔

Streaker

Honolulu امریکی ریاست Hawaii میں ایک سائنسدانوں کی کانفرنس میں مقالہ پڑھنے کے بعد میں نے واپس وطن جانا تھا مگر ارادہ بدل دیا اور سوچا کہ کوئی دو دن San Francisco میں گزارے جائیں۔ اس شہر کی مشہور شاپنگ کی جگہ Market Street کے نزدیک ایک ہوٹل میں ٹھہرا۔

دوسرے دن صبح کھڑکی سے جھانکا تو ہوٹل کے مخالف سائیڈ واک پر ایک شخص بالکل ننگا دوڑے جا رہا تھا۔ اس وقت مجھے خیال گزرا کہ یہ شخص ضرور دیوانہ ہے۔ ناشتہ کے لیے ہوٹل کے ریسٹورنٹ میں جانے سے پہلے میں نے receptionist سے اس ننگے آدمی کے متعلق اپنی حیرانی کا اظہار کیا۔ اس کا جواب تھا "تم اجنبی دکھائی دیتے ہو۔ امریکہ میں کسی دوسرے ملک سے آئے ہو۔ یہ streakers کا زمانہ ہے۔ بعض دفعہ تو عورتیں بھی ننگی دوڑتی چلی جاتی ہیں اور انہیں streakers کہتے ہیں۔" کئی سال بعد میں لندن میں دریائے Thames کی سیر کرنے کے لیے دوسرے مسافروں کی طرح ایک کشتی پر بیٹھا ہوا تھا کہ اس کے لندن پل پر ایک streaker دوڑے جا رہا تھا۔

اسی روز مندرجہ بالا ہوٹل میں دوپہر کا کھانا کھانے کے بعد میرے پیٹ میں درد کی ہلکی ہلکی شکایت ہو گئی۔ میں نے اپنے کمرے سے receptionist سے رابطہ کیا تو اس نے ہوٹل کے قریب ہی ایک ڈاکٹر کا ٹیلیفون نمبر دیا۔ ڈاکٹر سے رجوع کرنے پر معلوم ہوا کہ وہ ہوٹل میں نہیں جا سکتا اس کا کلینک بند ہو چکا ہے البتہ میں اسے گھر میں مل سکتا ہوں لہٰذا اس نے بتاتے ہوئے فیس سے

Marfat.com

پیٹ پر ولی کی مدت میں بمشکل دروازے تک پہنچا۔ یہ خوش قسمتی تھی کہ یہ فلیٹ گراؤنڈ فلور پر تھا۔

میری بیوی اور میں ایک یا دو ہفتے جب بھی سفر کرتے تو نسخے والی ادویات ہم راہ اور چند اینٹی بائیوٹکس بھی ہوتی تھیں۔ میرے پاس ایسی دو ہفتے Buscapina کی مقدار تھی یا دو دن تک بہت پریشان ہوا اور ڈاکٹر سے مشورہ کا فیصلہ کیا۔

ڈاکٹر نے مجھے صوفے پر لٹا کر پیٹ کو دبا کر معائنہ کیا اور ساتھ ہی میری ہسٹری بھی نوٹ کرتا جاتا جو نہی میں نے بتایا کہ میں خط استوا کی سب سے نیچی جگہ میں رہتا ہوں اور Honolulu میں سائنسدانوں کی ایک میٹنگ میں شرکت کرنے کے بعد واپس جا رہا ہوں۔ تو اس نے فوراً جواب دیا " Severe case of amoebiasis " اور اس نے Gelucil کی گولیاں تجویز کیں۔ میں سمجھ رہا تھا کہ Amoeba ہمارے پیچھے ہے۔ ڈاکٹر نے میں تو ویزہ دیا تاہم صرف اپنا ملک اپنی بیوی اور اپنے بھائی اور کی خاطر میں ڈاکٹر کے stools پیٹ چیک کروانا چاہتا ہوں۔ اس نے کوئی جواب نہ دیا اور میں ڈاکٹر کی فیس دے کر باہر نکل آیا۔

ہوٹل سے قریب ہی ایک فارمیسی سٹور سے prescription دکھائی تو کیمسٹ نے کہا کہ یہ تو Over the counter (یعنی بغیر نسخے کے خریدی جا سکتی ہے) دوا ہے۔ میں Gelucil کا پیکٹ لے کر سیدھا ہوٹل کے کمرے میں جا پہنچا اور ہدایت کے مطابق دوا لی تو فوراً پتہ چلا کہ یہ تو anti-acid تھی میں نے دوائی کا لٹریچر پڑھا تو نتیجہ اخذ کیا کہ یہ Buscapina کی گولیاں اور ساتھ ہی ایک تیکھا ایک anti-acid suspension جو کہ میرے پاس تھی پی لیا۔ انہوں نے چند دن بعد اثر دکھایا کوئی آدھ گھنٹے بعد میری تکلیف رفع دفع ہوئی جب میں ویزہ دینے پہنچا تو سب سے پہلے اپنے stool ٹیسٹ کرایا۔ Amoeba کا نام و نشان نہ تھا بے شک میں ڈاکٹر صاحب !

ہمارے پاس San Francisco کی فلائٹ کے لیے ویزہ دیا گیا۔ رات کے وقت تھی۔ میں نے ٹیکسی لی اور San Francisco کی مشہور Golden Gate Suspension Bridge کا رخ کیا۔ یہ پل 1933 میں شروع ہوا اور 1937 میں تکمیل کو پہنچا۔ اس وقت دنیا میں ایسے پلوں میں سب سے لمبا اس کا main span تھا۔ 1964 میں ایک اور suspension پل Verrazano-Narrows Bridge نیویارک کی بندرگاہ میں تیار ہوا۔ اس کا main span اس پل سے زیادہ ہے مگر گولڈن گیٹ پل کی خوبصورتی اور محل وقوع لاجواب ہیں۔

دنیا کے مختلف suspension bridges میں گولڈن گیٹ پل کی تیاری میں بڑی مشکلات پیش آئیں مثلاً تیز ہوائیں، شدید دھند اور طوفان اور ایک دھند والے دن میں ایک مال بردار بحری جہاز اس کی تیاری کے وقت ٹکرا گیا اور بڑا نقصان پہنچا۔ سمندر کی تہہ میں چٹانوں کو بارود سے اڑا کر earth quake-proof بنیادیں رکھنا ایک اور مشکل مرحلہ تھا۔ اس کا main span چار ہزار دو سو فٹ (ایک ہزار دو سو اسی میٹر) ہے جو کہ تاروں سے سات سو چھیالیس فٹ (227 میٹر) اونچے ستونوں سے suspend کیا گیا ہے۔ پل کا آدھا راستہ سمندر سے 265 فٹ (81 میٹر) اونچا ہے۔ یہ پل 1.6 کلومیٹر پانی کا تنگ حصہ جسے گولڈن گیٹ کہتے ہیں اور جو کہ San Francisco اور San Francisco خلیج کے درمیان، کو شمال کی طرف Marin County سے ملاتا ہے۔ پل کی لمبائی 8981 فٹ (2037 میٹر) ہے۔ اس کی لاگت پر 35 ملین ڈالر خرچ کیے گئے۔

امریکی topographic engineers فوج کے کیپٹن John C. Fremont نے تقریباً اٹھارہ سو چھیالیس میں اس پل کو "Chrsoplae" یا "Golden Gate" کا نام دیا کیونکہ اسے ایک بندرگاہ Chrcyoceras یا Golden Horn (Bosporus, Turkey) جب اس نے مشرق سے لدے ہوئے تجارتی جہازوں کو اس بندرگاہ میں داخل ہوتے ہوئے تصور کیا۔ پل کی چوڑائی نوے فٹ، پل پر سڑک کی چوڑائی دونوں curbs کے درمیان 150 فٹ اور سڑک کے دونوں طرف ایک sidewalk کی چوڑائی دس پوائنٹ پانچ فٹ ہے۔ اس پل پر پیدل چلنے والوں کے لیے ستائیس مئی 1937 کو کھولا گیا مگر گاڑیوں کی آمد و رفت 28 مئی 1938 میں شروع ہوئی۔

Verrazano-Narrows Bridge یہ پل Narrows (سمندر کے پانی کا تنگ حصہ) پر نیویارک سٹی میں نیویارک بندرگاہ کے داخلے پر Brooklyn اور Staten Island کی Borroughs کو ملاتا اور Giovanni da

Marfat.com

Verrazano کی یاد دلاتا ہے جو 1954 میں یورپ کا پہلا سیاح تھا جس کا جہاز نیو یارک کی بندرگاہ میں داخل ہوا۔ جب یہ پل ٹریفک کیلئے نومبر 1964 میں کھولا گیا تو دنیا کا لمباترین suspension bridge تھا۔ پانچ سال تین مہینے اور آٹھ دن میں مکمل ہوا اب بھی شمالی امریکہ کا سب سے لمبا ایک span کا پل ہے۔ دنیا کے suspension پلوں میں سے اس کا نمبر دوسرا ہے۔ دوسرے تمام پلوں کی طرح سکڑتا اور پھیلتا ہے جس کی وجہ سے پل کی سڑک کا لیول موسم گرما میں سردیوں کی نسبت بارہ فٹ نیچے ہوتا ہے۔ اس کا مین span چار ہزار دو سو ساٹھ فٹ (1298 m) اور اس کے دو لیول ہیں۔ ہر ایک لیول میں ٹریفک کیلئے چھ lanes ہیں۔

Akashi Kaikyo Bridge اپریل 1998 میں دنیا کا سب سے لمبا suspension bridge ٹریفک کیلئے کھولا گیا۔ یہ پل جاپان میں Akashi Strait کے اوپر Taruni Ward جو کہ Kobe شہر میں ہے Awaji Island سے ملاتا ہے۔ اس کا main span تین ہزار نو سو گیارہ میٹر (12831 فٹ) اور یہ span پانچ سو اسی میٹر (900 فٹ) اونچا ہے۔ سب سے لمبا single span Humber پل ہے جو کہ Humber پل انگلینڈ میں Humber اور Hull سے مقام پر span کرتا ہے۔ چوبیس جون 1981 کو ٹریفک کیلئے کھولا گیا۔

قارئین کی دلچسپی کیلئے مندرجہ ذیل میں دنیا کے مختلف suspension پلوں کی پیشکش۔

Akashi Kaikyo، 1998، 1991 m (6532 فٹ)، Honshu-Awaji جزیرے، جاپان

Golden Gate، 1337، 1280 m (4200 فٹ)، کیلیفورنیا، USA

Humber، 1981، 1410 m (4625 فٹ)، Humber side، انگلینڈ

Mackinac، 1957، 1158 m (3800 فٹ)، Michigan، USA

Store Baelt، 1995، 1624 m (5328 فٹ)، Zealand-Funen، ڈنمارک

Tsing Ma، 1997، 1377 m (4518 فٹ)، Hong Kong، China

Verrazano-Narrows، 1964، 1298 m (4260 فٹ)، نیو یارک، USA

ستمبر 2002 کے دوسرے ہفتے میں دنیا کا سب سے بڑا Arch Bridge بنام Lupu پل شنگھائی کے مقام پر دریائے Huangpu کے اوپر تیار کیا گیا تاکہ شنگھائی شہر کے دونوں حصوں کو آپس میں ملا دیا جائے۔ اس دریا پر تین اور پل بھی ہیں۔ یہ پل 550 میٹر ہے main span کی وجہ سے دنیا کے دوسرے 518 میٹر ہے arch bridge بنام New River Gorge Bridge، West Virginia سے لمبا اور اس پر ابھی چھ مہینوں والی سڑک کا تیار ہونا باقی تھا جو جون اختتام 2003 میں گاڑیوں کیلئے کھول دیا گیا۔ اس کے تیار ہونے پر 2.5 بلین yuan (302 ملین ڈالرز) خرچ ہوئے اور اس کی لمبائی 3.9 کلومیٹر ہے۔ اس کا افتتاح چین کے مشہور basketball کے کھلاڑی Van Ming نے کیا اور اس کے ساتھ ایک ہزار دو سو لوگ اس پل پر دوڑے جبکہ ایک نیا عالمی ریکارڈ قائم کر دیا۔

دنیا میں سب سے زیادہ خطرناک جانور!

ایک long weekend پر اپنے ذاتی کام کے سلسلے میں وینزویلا سے نیو یارک جانا ہوا۔ تو نیو یارک میں ہوٹل کی لابی میں ایک جرمن پروفیسر جو کہ نیو یارک کے Polytechnique Institute میں ریسرچ کر رہا تھا اور میرے ایک دوست ڈاکٹر علی خان کا قریبی دوست ہے، اکثر چھٹیاں گزارنے کیلئے ڈاکٹر علی خان کے پاس Cumana وینزویلا آیا کرتا۔ ڈاکٹر علی خان کی وجہ سے میرے اس سے مراسم استوار ہو گئے۔ اس نے مجھے نیو یارک کے مشہور سیاحتی مقام کے متعلق پوچھا تو میں نے کہا ایک بار تین بار دیکھنے کا اتفاق ہوا ہے۔ "کیا تم نے Bronx Zoo دیکھا ہے؟" میں نے جواب دیا کہ مجھے چڑیا گھر سے کوئی دلچسپی نہیں مشرقی برلن اور انگلینڈ میں دیکھ چکا ہوں۔

"کل اتوار کا دن ہے میرے ساتھ چلو وہاں پر تم دنیا کے سب سے خطرناک جانور کو دیکھو گے۔" میں نے حیرانی سے

Marfat.com

پوچھا کہ ایسا بھی کوئی جانور ہے؟ اس نے بات کو ٹال دیا اور دوسرے دن میں اس کے ساتھ Bronx Zoo کو دیکھنے چلنے پر رضا مند ہو گیا۔ جب ہم سب سے بڑے چڑیا گھر میں داخل ہوئے تو گھومتے گھومتے اس نے مجھے ایک تیر کے نشان کی طرف اشارہ کیا اور ساتھ ہی بتایا کہ اس تیر کے نشان کا پیچھا کرتے جاؤ اور دنیا کے سب سے زیادہ خطرناک جانور کو دیکھ لو۔ اس نے میرے ساتھ جانے سے معذرت کی یہ کہہ کر کہ وہ کوئی اور چیز دیکھنا چاہتا ہے اور میں تمہارا انتظار چڑیا گھر کے باہر ایک مخصوص جگہ پر کروں گا۔ لہٰذا میں اکیلے ہی تیر کے نشان کا پیچھا کرتا ہوا کئی پیچیدہ راستوں سے گزرتا ہوا آخر کار ایک نیم تاریک عمارت تک پہنچ گیا جس کا ایک ہی دروازہ تھا اور سیاحوں کی خاصی بھیڑ لگی ہوئی تھی۔ میں بھی قطار میں شامل ہو گیا۔ عجیب سی بات یہ تھی کہ ایک ایک سیاح دروازے کے اندر داخل ہوتا مگر واپس کوئی نہ آتا۔ میرا تجسس بڑھتا چلا جا رہا تھا۔

میری باری آنے پر جونہی میں دروازے کے قریب ہوا تو دروازہ خود بخود ایک طرف کو کھل گیا اور میں اندر داخل ہوا۔ عجیب قسم کا نیم تاریک ماحول تھا کہیں کوئی شخص نظر نہیں آ رہا تھا۔ ایک اور نشان کا پیچھا کیا تو ایک بڑے کمرے میں داخل ہوا جو بالکل بند تھا اور کمرے کا ماحول بھی کوئی ڈراؤنی قسم کا تھا۔ اب ماحول پہلے سے زیادہ بند اور دل دہلا دینے والا تھا۔ میں پریشان تو ہوا لیکن مجھے یہ بھی تسلی تھی کہ [illegible] جانور ہے [illegible] ایک کمرے سے [illegible] جس کا ماحول بھی دہشت ناک تھا۔ پیچھے سے African bongos کی تھاپ [illegible] کی آوازیں آ رہی تھیں۔ ایک طرف ایک blinking sign جس پر لکھا تھا "Now you are going to see the most dangerous animal in the world" جونہی میں ایک پردے سے اندر داخل ہوا تو میری طرف [illegible] اندھیرا [illegible] چندھیا دینے والی روشنی میری طرف شیشے لگے ہوئے اور نہایت دہشت زدہ [illegible] میری طرف ہی دیکھ رہا تھا میں اپنی طرف ہی اشارہ کر رہا تھا "تم دنیا کے سب سے زیادہ خطرناک جانور ہو" ایک [illegible] روشنی نے [illegible] پڑھ کر [illegible] جانے کا راستہ جب میں اس راستے پر چل پڑا تو چڑیا گھر کی حدود سے باہر [illegible] گیا [illegible] میرا دوست ہنستے ہوئے میرا انتظار کر رہا تھا کہنے لگا "واقعی مجھے تم سے ڈر لگتا ہے تم دنیا کے سب سے زیادہ خطرناک جانور ہو۔"

"دنیا کے سب سے زیادہ خطرناک جانور" کے بارے میں یہ بات اس انداز سے کہی گئی کہ چڑیا گھر میں واپس جانے کا کوئی راستہ نہیں تھا۔ اس سے [illegible] بار دوبارہ ٹکٹ خرید کر چڑیا گھر میں داخل ہوا جائے یہ سب پتا اس لئے کہ کوئی سیاح جانوروں کو دیکھے بغیر [illegible] واپس نہ جائے۔

نیویارک شہر کی پانچ boroughs (قصبے) ہیں: Manhattan، Harlem، Brooklyn، Bronx اور Queens۔ Bornx کے چڑیا گھر کا پرانا نام New York Zoological Park ہے۔ یہ دنیا کے اعلیٰ درجے کے چڑیا گھروں میں سے تھا۔ اس کا افتتاح 1899 میں ہوا۔ اس کا ایک حصہ Wild Asia کا نظارہ دو میل (تین کلومیٹر) لمبی مانو ریل میں بیٹھ کر کیا جاتا ہے۔

Negro

وینزویلا سے پاکستان واپس آنے کیلئے ہماری بیٹی نازیہ فرخ اور میں VIASA کی فلائیٹ سے نیویارک کی ائرپورٹ JFK پر پہنچے۔ ہمارا قیام نیویارک میں صرف دو دن تھا اس لئے سفر شروع کرنے سے پہلے ائرپورٹ کے قریب ہی Holiday Inn میں ہم مقیم رہے۔ دو دن کے بعد برٹش ائرویز کی فلائیٹ سے لندن اور پھر اسلام آباد پاکستان روانہ ہوئے۔ ائرپورٹ سے بذریعہ بس پانچ منٹ کے وقت میں Holiday Inn پہنچ گئے۔

ہوٹل کی reception میں رجسٹر ہونے کے بعد پورٹر نے ہمارا سامان elevator میں تیسری منزل پر جانے کیلئے رکھ دیا۔ elevator attendant ایک حبشی تھا۔ نازیہ نے اس کی طرف دیکھتے ہوئے مجھے Spanish میں کہا "Papi puedo tocar la cara de senior ?" (پاپا میں ان صاحب کے چہرے کو ہاتھ لگا سکتی ہوں؟) میں نے منع کرنے کی کوشش کی مگر

Marfat.com

وہ حبشی سمجھ گیا۔ میں نے اسے پوچھا "کیا میری بچی تمہارے چہرے کو ہاتھ لگا سکتی ہے؟"

وہ ہنسا اور جواب دیا "کیوں نہیں" اور اپنے سر کو ذرا نیچے کی طرف جھکایا۔ نازیہ نے دونوں ہاتھوں سے اس کے چہرے کو چھوا۔ میں نے اسے دس ڈالر کا نوٹ بطور ٹپ دینے کی کوشش کی مگر اس نے یہ کہہ کر "میرے لئے خوشی کی بات ہے" انکار کر دیا۔

بات یہ تھی کہ کینیڈا میں حبشی نہ صرف اچھے اچھے عہدوں پر فائز ہیں بلکہ سفید فام لڑکیوں سے شادیاں بھی کر رہے ہیں مگر نازیہ نے اتنی قربت سے کوئی حبشی پہلے نہ دیکھا اور پھر وہ سفید وردی میں بڑا عجیب سا دکھائی دے رہا تھا۔

Locked out

واشنگٹن ڈی سی کے ایک ہوٹل کی پانچویں منزل پر میں چند دنوں کیلئے رہ رہا تھا۔ ایک شام جب گھوم پھر کر واپس لوٹا تو دیکھا کہ میں تو چابی اندر ہی بھول گیا ہوں۔ چاہئے تو یہ تھا میں receptionist سے رابطہ کرتا اور مجھے چابی مل جاتی مگر میں نے سوچا دیکھیں کہ پولیس کیسے مدد کر سکتی ہے۔ ہوٹل کی لابی سے فون پر پولیس کو رابطہ کیا انہوں نے مجھے فائر بریگیڈ کا نمبر دے دیا۔ میں نے فائر بریگیڈ کو اپنی پریشانی سے مطلع کیا تو کوئی پانچ منٹ میں دو فائر بریگیڈ کے آفیسر آن پہنچے۔ انہوں نے میرے کمرے کا دروازہ کھول دیا کیونکہ ان کے پاس ایسے کاموں کے لئے ہر قسم کے اوزار ہوتے ہیں۔

میں نے آفیسر سے پوچھا "کیا چارجز ہیں؟"

"اس بار تو کوئی چارجز نہیں مگر آئندہ اگر ایسا وقت آیا تو چارجز ادا کرنے پڑیں گے۔"

میں نے ان کا شکریہ ادا کیا اور سوچنے لگا حیرانگی کی بات یہ ہے کہ انہوں نے ہوٹل کے کسی متعلقہ فرد سے کوئی پوچھ گچھ نہ کی۔ اسی نوعیت کا ایک واقعہ کسی اور جگہ بھی پیش آ چکا ہے۔

غیر قانونی تارکین وطن

راقم ویزہ ویلا سے Chicago کی O'Hare ائیرپورٹ کی ٹرانزٹ لاؤنج میں رکا۔ ایک ڈرگ سٹور میں Pepsodent ٹوتھ کریم اور چند ٹوتھ برش خریدنے کیلئے داخل ہوا۔ ایک سیلزمین نے میری شکل سے اندازہ لگایا کہ میں پاکستانی ہوں یا پھر ہندوستانی ہو سکتا ہوں۔ اس نے مجھے دیکھتے ہی آنسو بہانا شروع کر دیئے۔ بتلایا کہ وہ ملتان کا رہنے والا تھا اور کسی ایجنٹ کو ملتان میں 80.000 ہزار روپے دیئے تاکہ اس کو غیر قانونی طور پر امریکہ میں داخل کرا سکے۔ وہ پاکستان سے دوبئی میں میکسیکو آیا اور یہاں پر وہ غلاموں کی طرح کام کر رہا تھا۔ کام بھی ضرورت سے زیادہ تھا اور کام کی اجرت بھی نہیں ملتی تھی۔ وہ صرف 1.25 ڈالر ایک گھنٹے کے کما رہا تھا۔ حالانکہ امریکی قانون کے مطابق اس وقت 3.25 ڈالر ملنے چاہئے تھے۔ وہ دن رات محنت کر رہا تھا کہ اس کے پاس اتنی رقم اکٹھی ہو جائے کہ وہ پاکستان واپس جا سکے۔ مجھے اس کی حالت پر افسوس تو ہوا مگر میں کر کچھ نہیں سکتا تھا۔

دوسری فلائٹ سے میں نیویارک کی JFK ائیرپورٹ پر پہنچا۔ وہاں میرا دوست ڈاکٹر ابراہیم آفتاب پاکستان سے مجھے لینے آیا ہوا تھا۔ دوسرے روز وہ مجھے اپنی کار میں New Jersey ریاست کے شہر Atlantic City میں Trump Plaza دکھانے لے گیا۔ وہاں پر بھی ہم ایک اور غیر قانونی پاکستانی کو ملے جو بیچارہ بڑی مشکل سے مزدوری کر رہا تھا۔ اس کے پاس پیسے نہیں تھے کہ کسی ڈاکٹر کی فیس دے سکے۔ کسی ہسپتال کا رخ اس لئے نہ کرتا تھا کہ پکڑا نہ جائے اور پھر ہسپتال کی فیس بھی ضرورت سے زیادہ ہوتی جو کہ اس کے پاس نہ تھی۔ میں نے اسے ہمدردی کے طور پر پچاس ڈالر دیئے۔ وہ پھر آبدیدہ ہو گیا۔ میں نے اس کے شانے کو تھپکا اور اسے تسلی دی کہ اچھا وقت بھی آ جائے گا۔ اس نے ہمیں ایک بڑی ہی درد ناک داستان سنائی کہ ایک صاحب نے Dow Medical College کراچی سے ڈاکٹری کی ڈگری حاصل کی ہوئی ہے اور وہ ایک physiotheraphist کے nursing home میں male nurse کے طور پر کام کر رہا تھا۔

New Jersey سے ہم واپس Brooklyn پہنچے وہاں پر انڈین ویڈیو سنٹر پر گئے تا کہ میں فلم کی فرمائش پر

ہندوستانی فلمیں "شرابی، نمک حلال، کالا پتھر، پتی پتنی اور وہ، کھلونا، صاحب بیوی اور غلام، پاکیزہ اور وقت" خرید کر سکوں۔ خرید و فروخت کے بعد ہم نے واپس Baldwin کا رخ کیا جہاں ڈاکٹر ابراہیم کی رہائش تھی راستے پر ایک فلنگ سٹیشن پر رکے جہاں سے ابراہیم نے کار میں پیٹرولیم ڈلوائی تھی۔ پتہ چلا کہ اس فلنگ سٹیشن کا مالک ایک غیر قانونی تارکین وطن اور گجرات کے قریب واقع مدینہ گاؤں کا رہنے والا ہے۔ اس کے ملازم بھی اسی طرح غیر قانونی اور مدینے کے ہی رہائشی تھے مگر جو غلامی اور دکھ درد کی داستانیں ان میں سے چند ایک ملازموں نے سنائیں ان سے دل پسیج جاتا۔

جو کچھ میں نے دیکھا اور سنا ارادہ کیا کہ میں تو کبھی غیر قانونی طور پر نہیں۔

Air sickness

ہماری بیٹی فائزہ کو بچپن کے زمانے میں نہ صرف ہوائی جہاز میں سفر کرتے ہوئے air sickness ہو جاتی بلکہ ائرپورٹ کی طرف روانہ ہونے کے وقت ہی سے قے کرنا شروع کر دیتی۔ Cumana سے میرا بھائی انور اپنی کار میں فائزہ، فرخ اور مجھے بٹھا کر ائرپورٹ لے گیا اور فائزہ کو متلی شروع ہو گئی۔ انور تو واپس لوٹ گیا ہم لوگ ہوائی جہاز سے Caracas پہنچے وہاں سے جب نیویارک کی فلائیٹ میں بیٹھے تو تمام راستہ نہ جانے کیوں اس کو متلی ہوتی رہی اور قے کرتی رہی۔ ہم اکثر ہوائی جہاز کے سفر سے پہلے اسے ایک دوا Dramamine کی گولی دیا کرتے تھے اور اس سے قدرے افاقہ رہتا مگر متلی کا سلسلہ شروع ہو جاتا تو یہ دوائی کچھ اثر نہ کرتی۔

JFK ائرپورٹ سے ٹیکسی میں بیٹھ کر نیویارک ہلٹن کی طرف روانہ ہو گئے جہاں میں نے ویز ویلا سے کمرہ بک کروایا ہوا تھا۔ فائزہ کا برا حال اور میں تو گھبرا ہی گیا مگر فرخ نے اپنے حواس پر قابو رکھا۔ ہوٹل کے کمرے میں داخل ہوتے ہی میں نے ڈاکٹر ابراہیم کو ٹیلیفون کر کے فائزہ کی حالت کے متعلق اطلاع دی۔ اس نے ہوٹل کے ڈرگ سٹور کا نام اور ٹیلیفون نمبر پوچھا۔ میں نے reception پر فون کر کے یہ معلومات حاصل کیں اور ڈاکٹر ابراہیم کو اطلاع دے دی۔ تھوڑی دیر بعد اس نے مجھے ٹیلیفون کیا کہ ڈرگ سٹور جاؤ میں نے وہاں اپنا ڈاکٹر کا رجسٹریشن نمبر اور دستخط دے دیے ہیں۔ رقم ادا کر کے ایک کیپسول لے لینا اور جو گولی اس کے پیکٹ میں سے نکلے وہ صرف ایک وقت میں دینی ہے ہر چار گھنٹے کے بعد۔ یہ سنتے ہی میں دوائی لے آیا اور جونہی فائزہ کو دی اس کا پیلا رنگ اور متلی کا سلسلہ ابھی تک جاری تھا۔

ڈاکٹر ابراہیم کو دوبارہ ٹیلیفون کیا تو اس نے کہا کہ میرا انتظار کرو۔ میں اپنی سٹیشن ویگن میں ہوٹل پہنچ رہا ہوں اور تم لوگوں کو اپنے ساتھ لے آؤں گا۔ کوئی ایک گھنٹے میں ڈاکٹر ابراہیم پہنچ گیا اور ہوٹل سے جب چیک آؤٹ کیا تو کلرک کوئی انسان دوست شخص تھا اس نے صرف ایک رات کا کرایہ وصول کیا حالانکہ ہماری بکنگ کوئی ایک ہفتہ کی تھی۔ جونہی ہم اس کی گاڑی میں بیٹھ کر ہوٹل کے اندر ایرکنڈیشنڈ سے باہر نکلے تازہ ہوا لگی تو فائزہ بغیر کسی دوائی کے ٹھیک ٹھاک ہو گئی۔

فرخ اور فائزہ کو ڈاکٹر ابراہیم کی بیوی یاسمین اور اس کے بچوں کے ساتھ چھوڑ کر میں ڈاکٹر ابراہیم کی کار میں اس کے ساتھ Baldwin سے ایک مہینہ Brooklyn کیلئے روانہ ہوئے کیونکہ میں نے City Bank، 666 Fifth Avenue نیویارک میں چند financial معاملات کے متعلق اپنے Accounts Executive سے بات چیت کرنی تھی۔ اس کے آفس میں کافی وغیرہ پینے کے بعد میں نے اپنا اوور کوٹ، کارف بیٹ منہ میں پائپ اور بریف کیس تھاما اور دفتر سے باہر نکل آیا تاکہ تھوڑی دور subway کے سٹیشن سے ٹرین میں بیٹھ کر اپنی منزل مقصود پر پہنچ جاؤں۔

ابھی تھوڑی دور ہی گیا تھا کہ ڈاکٹر ابراہیم کے سیکرٹری نے پیچھے سے آواز دینی شروع کر دی "Hey doc. doc wants to talk to you come back." پہلے تو میں نے کوئی پرواہ نہ کی کہ کون کسے بلا رہا ہے۔ پھر اس نے آواز دی۔ "Dr. Nasir. doc wants to talk to you." لہذا میں واپس لوٹا اور تھوڑی سی سیڑھیاں چڑھ کر اس کے کیبن میں داخل ہو گیا۔ اس نے کہا "یہ صاحب یہ کیا بیوقوفی ہے میں تو بھول ہی گیا تھا ایسے ٹپ ٹاپ ڈریس ہو کر subway میں بیٹھنا نہایت خطرناک ہے۔"

Marfat.com

"کیوں؟" میں نے حیرانگی سے پوچھا۔

"اس لئے کہ ظاہراً تو کوئی امیر آدمی لگتے ہو تمہارے ایک طرف کوئی حبشی کھڑا ہو جائے گا دوسری طرف کوئی دوسرا اور چاقو یا پستول وغیرہ دکھا کر تمہیں لوٹ لیں گے۔ ہو سکتا ہے جان سے بھی مار دیں لہٰذا اس سامنے والے سٹینڈ سے پرانا اوور کوٹ پہنو اور اس کے ساتھ ہی گھسا پٹا ہیٹ پڑا ہوا ہے وہ سر پر رکھو اپنے کاغذات جیب میں ڈالو اور پھر subway میں سفر کرنا۔ مجھے کوئی وقت بتا دو میں تمہیں آ کر pickup کر لوں گا۔"

میں نے اُسے بنک کا ایڈریس دیا اور یہ بھی کہا کہ بینک سے فارغ ہو کر Macy's store میں تھوڑی شاپنگ کروں گا اور تم اسی جگہ پر کوئی پانچ بجے کے قریب مجھے pickup کر لینا۔

کوئی ایک ہفتہ ہم ان کے گھر مہمان رہے پھر Pan Am کی فلائٹ سے پاکستان روانہ ہونے کے لیے JFK ائیرپورٹ پہنچ گئے۔ گھر سے نکلنے سے پہلے ڈاکٹر ابراہیم نے اس دوائی کی دو شیشیاں غازی کو پلا دیں تاکہ گنتی پوری ہو جائے۔

کافی عرصہ ہوا ڈاکٹر ابراہیم جو کہ pediatrician ہے اپنے بچوں کی تعلیم اور مشرقی ماحول میں پرورش کرنے کے لیے اپنی فیملی کے ساتھ لاہور میں سیٹل ہو چکا ہے۔ شادمان کالونی میں اس کا Ibrahim Polyclinic ہے اور فیملی کی extention میں رہائش ہے۔ گاہے بگاہے ملاقات ہوتی رہتی ہے۔

چار پاکستان میں بیس دن قیام کے بعد میں نے Pan Am کے دفتر جا کر اسلام آباد سے نیویارک ہوائی جہاز کی سیٹیں بک کروائیں بمعہ New York Statler Hotel (اب اس کا نام بدل چکا ہے) میں نے دس دن کے لیے کمرہ بک کروا دیا اور رقم کی ادائیگی کے بعد ایجنٹ نے مجھے وہ چیک بھی دے دیا۔ تھوڑا عرصہ انتظار کرنے کے بعد telex کے ذریعے نیویارک سے ہماری بکنگ کی اطلاع بھی آ گئی۔ میں نے اسلام آباد سے پی آئی اے 747 جہاز پر جب ہماری سیٹ بک ہوئی تو اپنے دوست Dr Kirsteuer کو نیویارک ٹیلیفون کر دیا کہ ہم فلاں فلاں فلائٹ سے ائیرپورٹ پہنچ رہے ہیں۔ اس بار غازی کو دوبارہ پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑا کیونکہ میں نے اسے سفر کا آغاز کرنے سے پہلے ہی لاہور ائیرپورٹ پر ہی مذکورہ دوائی کی دو شیشیاں پلا دیں۔ Dr Kirsteuer مقررہ دن ائیرپورٹ پہنچ گیا اور ہمیں اپنی کار میں بٹھا کر ہوٹل کی طرف روانہ ہو گیا۔ پورٹر نے سامان ہوٹل کی لابی میں رکھا غازی، فرخ اور میرا دوست سامان کے قریب ایک صوفے پر بیٹھ گئے جبکہ میں رجسٹر کرنے میں مصروف رہنے کے لئے reception کی طرف روانہ ہوا تاکہ رجسٹریشن کی کارروائی پوری کروں۔ سب سے پہلے کلرک نے نام پوچھا۔ میں نے کہا "Dr P Nasir" کلرک نے اپنے کاغذات کی جانچ پڑتال کے بعد جواب دیا "مجھے بہت افسوس ہے اس نام کی کوئی reservation نہیں ہے۔"

میں نے اسے اسلام آباد والا وہ چیک دکھایا تو اس نے دوبارہ ریکارڈ چیک کرنا شروع کیا اور کاؤنٹر کے ساتھ والے کمرے میں داخل ہوا۔ تھوڑی دیر بعد اس کے ساتھ ہوٹل کا اسسٹنٹ منیجر باہر آیا اور مجھ سے غلطی کی معذرت کی اور مجھے ایک دن کمرہ پہنچنے تک بیٹھنے کے لیے کہا۔ کمرہ تھا چھوٹا سا بوسیدہ قسم کا T.V اور فون وغیرہ کوئی سہولت نہ تھی میں نے انکار کر دیا اور اس کے ساتھ ہی واپس کاؤنٹر پر پہنچ گیا۔ میرے دوست نے اندازہ لگایا کہ کوئی گڑبڑ ہے لہٰذا وہ کاؤنٹر کے قریب آیا اور اسسٹنٹ منیجر کو بہت مہذبانہ لہجے میں منیجر سے دوبارہ وہ چیک دیکھنے کو کہا کہ ہو سکتا ہے کوئی غلطی ہوئی ہو۔ میرے دوست نے مجھے کہا کہ تم شور کرو یا منیجر سے وہ چیک لو کیونکہ اس کا خیال تھا کہ منیجر وہ چیک واپس کر دیتا اور کہتا تمہارے پاس وہ چیک نہیں ہے۔ منیجر صاحب سوچ رہے تھے بعد فرمانے لگے کہ کمرے سے پیشتر شروع سے ہی کوئی ریزرویشن نہیں کر رہے تمہیں ذاتی طور پر دینے کے لیے تیار ہے جبکہ اس میں ہوٹل نہیں ہم کرائے کا فرق ادا کر دیں گے۔

"نہیں تمہیں اس سے زیادہ pay کرنا ہو گا۔ میں اپنے وکیل سے ابھی رابطہ کرتا ہوں۔" میرے دوست نے دھمکی دی اور وہ فون کی طرف ٹیلیفون کرنے چلا جا رہا تھا تو منیجر نے اسے ایسا کرنے سے روک دیا کیونکہ وہ نیویارک سٹی میں کمرے سے متعلق دریافت کرتا ہے اور اس کا کرایہ ہوٹل ہی ادا کرے گا سامان وہاں پہنچانے کی اجرت بھی ادا کی جائے گی اور جونہی Statler میں کمرہ خالی ہوا تو تمہیں واپس آنا پڑے گا۔

Marfat.com

میں نے یہ کہتے ہوئے انکار کر دیا "کتنی بار ہمیں ادھر سے ادھر آنا ہو گا۔" میرے دوست نے دوبارہ اپنے وکیل سے رابطہ کرنے کی کوشش کی تو پتہ چلا کہ صاحب کی شکل دیکھنا نے لگ گئی اور یہ بھی کہا "مجھے مہربانی کر کے لکھ کر دیں کہ یہ لوگ دس دن تک بلڈنگ میں رہیں گے اور مجھے کرایہ Statler ہوٹل والوں کو ادا کرنا پڑے گا۔"

"یقیناً" اور اس نے مجھے ایک paid چیک دے دیا۔ ساتھ ہی ہوٹل کی ٹرانسفر سروس سے ہمارا سامان دوسرے ہوٹل میں لے جایا گیا جہاں میرا دوست اپنی کار میں پیچھے پیچھے پہنچ گیا۔

ہم نے Manhattan میں شاپنگ کرنی تھی جس کے لئے کافی جگہوں پر جانا تھا۔ مثلاً Macy's, Bloomingdale وغیرہ وغیرہ۔ Dr. Kirsteuer نے اپنے ایک امریکن دوست جس کا نام Jake تھا کو اس لئے ٹیلیفون کیا کہ اس دن شاید ہماری ملاقات نہ ہو سکے کیونکہ اس نے بتایا کہ یہاں ٹیکسی وغیرہ کا انتظار کرتے رہو گے۔ اس کے ایک امریکن دوست کا فری دن تھا اس کے کام کی نوعیت ایسی تھی کہ ہفتے میں چند گھنٹے اتوار کو بھی کام کرنا پڑتا مگر کسی نہ کسی دن اسے کام سے مکمل چھٹی ہوتی۔ Jake نے ہم تینوں کو کار میں بٹھایا اور ایک پارکنگ لاٹ کی تیسری منزل پر کار پارک کیا اور اٹینڈنٹ نے اسے متعلقہ ٹکٹ دے دیا۔

چند گھنٹوں کے بعد ہم جب واپس ہوئے تو کار کا retrovisor (پیچھے کی طرف دیکھنے والا شیشہ) غائب تھا۔ یہ پارکنگ لاٹ والوں کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ کار کی حفاظت کی جائے اسی لئے وہ کرایہ چارج کرتے ہیں۔ اس نے دفتر میں claim کیا تو انہوں نے بدتمیزی کی طرح کہتے ہوئے اسے ٹال دیا۔ Jake نے اس سلوک کی کوئی پرواہ نہ کی کیونکہ امریکہ میں اکثر ایسا ہی ہوتا ہے مگر کچھ نہ وارث نہ زور۔ پولیس والے بھی ایسی چھوٹی موٹی واردات کی کوئی خاص پرواہ نہیں کرتے۔ Jake کی کار ایسی چوری کے لئے insure نہ تھی۔

جب ہم پارکنگ لاٹ سے کار میں بیٹھ کر باہر نکلے تو میں نے فرنٹ سیٹ پر پولیس کی کار پارک دیکھی لہذا میں نے Jake کو کار روکنے کے لئے کہا۔ پہلے تو اس نے کوئی توجہ نہ دی۔ میرے دوبارہ کہنے پر کار فٹ پاتھ کے ساتھ روک لی۔ کار سے باہر نکل کر میں نے پولیس سے مخاطب ہوا کہ ہماری کار کا شیشہ فلاں پارکنگ لاٹ سے چوری ہو گیا ہے انہوں نے بڑی بے رخی سے جواب دیا "جاؤ یہاں سے ہمارے پاس ایسی معمولی چوریوں کی تفتیش کرنے کا ٹائم کہاں اور پھر انشورنس اس کی ادائیگی کر دے گی۔"

"اس شیشے کی چوری کار کی انشورنس میں شامل نہیں" میں نے جواب دیا۔

"جاؤ یہاں سے ہمارے پاس کوئی وقت نہیں۔"

میری دل شکنی تو ہوئی مگر جب Jake نے دوبارہ کار سٹارٹ کی تو میں اس انتظار میں تھا کہ شاید کوئی اور پولیس کی کار نظر آئے تو میں انہیں روک کر شیشے کی چوری کے متعلق آگاہ کروں۔ بات تو معمولی تھی مگر میں یہ دیکھنا چاہتا تھا کہ کوئی دادرسی بھی ہوتی ہے کہ نہیں۔ تھوڑی دور ہی گئے کہ سامنے سے پولیس کی کار ہمارے پاس سے گزری تو میں نے فوراً ہی فرنٹ سیٹ سے ہاتھ باہر نکال کر انہیں رکنے کے لئے کہا۔ انہوں نے کار فٹ پاتھ کے ساتھ لگا لیا اور Jake نے بھی کار ان کے پیچھے لگا دی۔ باہر نکل کر میں نے انہیں تمام داستان سنائی۔ اتفاق کی بات ہے کہ وہ ہمارے ساتھ اسی پارکنگ لاٹ میں پہنچ گئے۔ پولیس والوں کو دیکھتے ہی اٹینڈنٹ نے معذرت کی اور شیشے کے پچیس ڈالر فوراً ادا کر دیئے (بعد میں پتہ چلا کہ دس ڈالر اصل قیمت سے زیادہ تھے)۔

یہ سب کیسے ہو گیا؟ آخر اس نتیجے پر پہنچا کہ پہلی کار کا crew حبشی تھا اور انہوں نے صاف انکار کر دیا مگر دوسری کار کا crew سفید امریکن تو وہ ہماری مدد پر آمادہ ہو گئے۔ مجھے تو ظاہرا یہی وجہ نظر آئی۔

ایک رات Dr. Kirsteuer نے Jake اسکی بیوی Erika اور ہم تینوں کو کھانے پر اپنے فلیٹ میں دعوت دی۔ اسکی بیوی کو موجود نہ پا کر میں حیران سا ہو گیا۔ Dr. Kirsteuer نے مجھ پر واضح کیا کہ Jake کی بیوی کا ایک اور بوائے فرینڈ ہے جہاں وہ اپنا وقت گزارتی ہے۔ Jake اور وہ سہولت کے طور پر اکٹھے رہ رہے ہیں کیونکہ Jake کے پاس نہ اتنا وقت ہے اور نہ اتنی رقم کہ طلاق کیلئے قانونی کارروائی کرے۔

Dr. Kirsteuer اپنے فلیٹ پر دعوت دینا چاہتا مگر اسکی خواہش تھی کہ فرخ پاکستانی کھانے تیار کرے لہذا غازیہ میں

Marfat.com

Erika، Jake اور دو اور جوڑے اُن کے فلیٹ پر ہی رہے کیونکہ نازیہ کار میں بیٹھنا نہیں چاہتی تھی۔ وہ اپنی کار میں فرخ کو ایک ہندوستانی کی دکان پر لے گیا۔ وہاں سے فرخ نے گوشت سبزی، بناسپتی چاول اور دیگر مصالحہ جات خریدے۔ فرخ نے مل کر مرغ پلاؤ، نرگسی کوفتے، کباب اور کھیر تیار کی۔

وہ Boeing 747 اور DC8 ہوائی جہازوں کا دور تھا۔ Boeing 747 دنیا کا پہلا زیادہ چوڑائی والا اور بڑا مسافر بردار جہاز ہے۔ اس کی سروس جنوری 1970 میں شروع ہوئی۔ اس کا وزن کوئی 193 ٹن اور (تقریباً دو سو ٹن جب مسافروں اور سامان سے بھرا ہوا ہو) اس کی ایک یہ خوبی تھی کہ چاہے کتنا ہی وزن اس پر لادا جائے سپیڈ میں کوئی کمی نہیں ہوتی۔ باوجود اس کی مقبولیت کے Boeing کمپنی جو کہ دنیا کی سب سے بڑی کمرشل ہوائی جہاز بنانے والی کمپنی تھی دیوالیہ پن کے کنارے پر پہنچ گئی۔ جہاز کی لمبائی 230 فٹ ایک پر کے کنارے سے لے کر دوسرے طرف کے پر کے کنارے تک چوڑائی دو سو فٹ۔ دراصل دو انجنوں والا کوئی بھی جہاز اس کے ایک پر میں سما سکتا ہے۔ زمین سے لے کر اس کی اونچائی 65 فٹ۔ جس کا مطلب اس کی اونچائی ایک پانچ منزلہ بلڈنگ کے برابر۔ اس کے 18 پہیے ہیں اور ہر ایک پہیے کی 18 فٹ اونچائی جبکہ اس کو چار جیٹ انجن چلاتے ہیں۔ cruising speed 550 میل فی گھنٹہ، اس میں پانچ سو مسافر بیٹھ سکتے ہیں جس کا مطلب ہے کہ عام چار انجنوں والے جہاز کے مسافروں سے دوگنے زیادہ۔ لمبے سفر پر کم مسافر بٹھائے جاتے ہیں تا کہ زیادہ پٹرول خرچ نہ ہو۔ اس جہاز کی تیاری میں تقریباً ایک سال لگ جاتا ہے۔

''ہندوستان کی ریاست Baroda کا مہاراجہ!''

نیویارک کی JFK ائرپورٹ سے جو ٹرین مسافروں کو بہت بڑے شہر کے وسط میں Grand Central Station تک جاتی اس کا لندن کی Heathrow ائرپورٹ کی انڈر گراؤنڈ ٹرین Piccadilly Line اور shuttle ٹرین جو کہ ائرپورٹ سے لندن کی Gatwick ائرپورٹ کے درمیان چلتی ہے یا انڈر گراؤنڈ Victoria Line، Gatwick سے لندن شہر کے Victoria سٹیشن تک صفائی، تیز رفتاری، frequency اور punctuality سے کوئی مقابلہ نہیں۔

فرخ اور میں Lufthansa کی فلائیٹ پر جرمنی کی Frankfurt ائرپورٹ سے JFK پر اترے۔ کسٹم وغیرہ سے فارغ ہو کر ٹیلیفونز پینل جہاں ہوٹل والوں نے اپنے فری ٹیلیفون نصب کئے ہوتے ہیں New York Hilton میں ایک ڈبل روم $85 رات کے لئے بک کروا دیا۔ چونکہ ہم لندن میں اکثر مذکورہ بالا سروسز کا استعمال کر چکے تھے لہذا فرخ نے JFK سے ٹرین پر بیٹھ کر نیویارک پہنچنے کا مشورہ دیا۔ میں نے اپنے ذاتی تجربے کی بنا پر کہا کہ اس سروس کا لندن کی سروسز سے کوئی موازنہ نہیں۔ یہ بات فرخ کی سمجھ میں آ گئی۔ فرخ ساڑھی جبکہ میں مغربی لباس میں اور چار اٹیچی کیس بھی ہمارے پاس (ضمیمہ 128) تھے۔ میں نے تجویز پیش کی ''فرخ بجائے اس کے ائرپورٹ سے ٹیکسی یا ریل میں سفر کریں کیوں نہ limousine کو استعمال میں لائیں۔''

''مگر نسیم یہ تو بہت مہنگی پڑے گی۔''

''نہیں فرخ ٹیکسی میں نیویارک شہر تک جانے کیلئے زیادہ سے زیادہ چار مسافروں کیلئے تقریباً تیس ڈالر لگتے ہیں اور اگر کسی خاص جگہ پر جانا ہو تو اور چارج کئے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ میٹر کی ریڈنگ پر 15% ٹپ بھی ادا کرنا پڑتا ہے اور 2.50$ ٹول ٹیکس، لوگوں کو پتہ نہیں اصل میں limousine سستی پڑتی ہے۔ میرے خیال میں ہم دونوں کیلئے بیس ڈالر ہو گئے۔''

ٹیکسیاں، بسیں اور limousine تمام کے تمام Port Authority Bus Terminal تک جاتے ہیں اور پھر وہاں سے منزلِ مقصود تک جانے کیلئے اسی ٹیکسی یا limousine میں یا پھر کوئی اور دوسری ٹیکسی کرائے پر لی جاتی ہے۔

میں نے ائرپورٹ سے limousine سروس کو ٹیلیفون کیا اور ایک کالے رنگ کی ٹیکسی جس کو ایک ادھیڑ عمر کا حبشی وردی میں ملبوس چلا رہا تھا آن پہنچی۔ اس نے باہر نکل کر بڑی انکساری اور مؤدبانہ طریقے سے limousine کا پچھلا دروازہ کھولا اور ہمارے سامان کو ڈگی میں محفوظ کر دیا۔ تمام راستہ اس نے کوئی بات نہ کی۔ ہم دونوں پچھلی سیٹ پر بیٹھے ہوئے زیادہ تر Spanish کبھی کبھی پنجابی اور انگلش میں باتیں کر رہے تھے۔ chauffer یہ سمجھتا ہوگا کہ ہم ''dirty rich'' طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ بہتر

Marfat.com

ہوٹل کی entrance کے سامنے اس نے limousine روکی اور بڑے polite انداز سے limousine کا پچھلا دروازہ کھولا۔ ہم دونوں باہر نکلے تو اس نے خود ہی ڈگی سے سامان نکال کر باہر رکھ دیا۔ میں نے ہوٹل کے ایک پورٹر کو اشارہ کیا اور وہ سامان اندر لے گیا۔ ہم ہوٹل کی لابی میں آ گئے۔

یہ کرایہ درست تھا۔ ایئر پورٹ سے یہاں تک کا کرایہ ہی اتنا بنتا تھا۔ میں نے اسے 35 $ دیے اور بقیہ ٹپ اسے رکھنے کو کہا۔ اس نے نہایت غصے کے انداز میں وہ نوٹ میرے منہ پر پھینکا اور کہا:

"This is not a Maharaja's way. The Maharaja of Baroda gave me thirty dollars tip and a gold chain" یہ کہہ کر وہ تیزی سے گاڑی لے کر چلا گیا۔

دوسرے روز ہم دونوں Umpire State بلڈنگ دیکھنے گئے۔ لفٹ میں بیٹھ کر آخری منزل پر پہنچے۔ یہاں سے نیویارک کا منظر بہت ہی خوبصورت تھا۔ ہم نے دوربینیں نصب کی گئی تھیں جن سے شہر کا نظارہ کیا جاتا ہے۔ عجیب بات دیکھنے میں آئی کہ بلندی سے دیکھنے سے بلڈنگ ہلتی محسوس ہوتی ہے۔ ہم دونوں تو دوربین سے دیکھتے رہے اور چند ایک دوسرے لوگ بھی تھے۔ ہمیں بتایا گیا کہ ہوا سے بلڈنگ کی چوٹی ہلتی ہے اور چند ایک منٹ میں ہوا سے تنگ ہوں۔

آج کل میں ہمیشہ Hush Puppies کے suede جوتے ہی استعمال کرتا ہوں اور ہمیشہ سے یہی پسند کرتا ہوں۔ یہ جوتے بہت ہی آرام دہ ہوتے ہیں اور پاؤں کو بہت آرام دیتے ہیں۔ میں نے پہلا جوڑا Macy's کے ڈیپارٹمنٹ سٹور سے خریدا تھا۔ اس دور میں صرف gray رنگ ہی ملتا تھا۔ میں نے اس بات کا ذکر اپنے دوستوں سے کیا تو انہوں نے بتایا کہ Macy's سے بہترین جوتے ملتے ہیں۔ اتفاق یہ ہوا کہ میں ایک کانفرنس attend کرنے گیا ہوا تھا اور فارغ وقت میں Macy's گیا اور medium سائز کا جوڑا خریدا۔ جوتے پہن کر پاؤں میں بہت آرام محسوس ہوا۔ اس زمانے میں اس کی قیمت 23 $ تھی جو اب بڑھ کر 75 $ ہو گئی ہے۔

1987 میں جب میں یونیورسٹی سے ریٹائر ہوا تو حالات نے مجھے مجبور کیا کہ ہم مستقل رہائش کے لیے پاکستان آ جائیں۔ یہاں بڑے بڑے شہروں کے سٹوروں میں جوتے خریدنے گیا مگر gray رنگ کے جوتے دستیاب نہ تھے۔ 1993 میں لندن میں ایک Hush Puppies کے سٹور سے کالے رنگ کے جوتے خریدے جو اب تک میرے پاس موجود ہیں۔

یہ جوتے اور یہ ٹوپی ریٹائر ہونے کے بعد پاکستان آنے کے بعد میرے کام آئے۔ میرا بیٹا جو اب امریکہ میں ہے، اس نے مجھے ایک جوڑا بھیجا۔ وہ امریکہ میں Ph D کر رہا تھا اور اس نے میرے لیے ایک خوبصورت براؤن رنگ کا moccasins خریدا جس کی قیمت 120 $ تھی۔

مارچ 2002 کے آخری ہفتے کی بات ہے میں نے Hush Puppies کے logo والی ایک دکان کے متعلق سنا کہ پاکستان میں شہر میں City Tower میں ہے۔ میں وہاں moccasins خریدنے گیا۔ دکاندار سے میں نے پوچھا کہ کیا یہ genuine Hush Puppies ہیں۔ اس نے بتایا کہ یہ Hush Puppies کے logo والے Hush Puppies کے جوتے ہیں۔ میں نے انہیں Hush Puppies سمجھا۔ میں نے پہن کر دیکھے تو ان میں اور ان میں زمین آسمان کا فرق تھا۔ یہ suede کے بنے ہوئے تھے۔ میں نے سائز پوچھا تو ساڑھے آٹھ میڈیم اور انگلینڈ کا ساڑھے سات سائز کے جوتے مجھے فٹ ہوئے۔ میں نے یہ جوتے خرید لیے۔ عجیب بات ہے صرف ایک ہی جوڑا اور قیمت بہت کم تھی، صرف 18 ڈالر۔ جب میں نے قیمت ادا کی تو اس نے پانچ روپے واپس کر دیے۔ جبکہ 75 $ کے Hush

[illegible] moccasins [illegible] Puppies [illegible]
[illegible]

Venezuela

Canaries پرندے

[illegible] University [illegible]
Campus [illegible] Cerro Colorado [illegible]
University Campus [illegible] Cumana [illegible] Cerro del [illegible]
Medio [illegible]
[illegible] chicken-mesh [illegible] cover [illegible]
[illegible] tropical [illegible]
[illegible]

Cerro del Medio [illegible]
Security Force [illegible]

[illegible] (canaries) [illegible]
[illegible]
bed rooms [illegible]
porch [illegible]
[illegible]
[illegible]
parties [illegible] bed rooms [illegible]
(ضمیمہ 129) [illegible]
bed [illegible]
porch [illegible]

[illegible] aviary [illegible]
[illegible]
[illegible]
trap [illegible] (male) [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
vocal chords [illegible]
[illegible]
rhythm [illegible]
be conduct [illegible]
(ضمیمہ 129 A) [illegible]

Marfat.com

ایک دن اس کی ٹانگ سے بری طرح خون بہہ رہا تھا۔ یہ دیکھ کر میں نے اسے hand net کی مدد سے پکڑا تو دیکھا کہ اس کی ٹانگ پر گہرا زخم ہے۔ اتوار (چھٹی کا دن) کی وجہ سے مجھے اس وقت کار میں علاج معالجہ کے سلسلے میں اچھی خاصی جگہوں کی سرگردانی اور تب ... کے بعد ایک Veterinary surgeon مل گیا۔ Vet نے اس کی زخمی ٹانگ پر کوئی لوشن لگایا تو چند لمحات میں اس کا خون بند ہو گیا۔ میں اسے گھر لے آیا تو میرے بھائی انور اور میری بیوی فرخ نے اس کی ضرورت سے زیادہ ایک پنجرہ تیار کیا۔ ... پنجرے میں صاف رکھنے کا ... ہونے کی وجہ سے وہ اپنی زخمی ٹانگ دوبارہ زخمی نہ کر لے۔ تین دن میں اس کی ٹانگ کا زخم اچھا ہو گیا ... اس کی ٹانگ کو پہچان ... ہم نے دیکھا کہ اس کی تو اتنے اس نے گانا شروع کر دیا ہے تو اسے پنجرے سے رہائی دے دی۔

ہمارے living-room میں ایک dressing table جس پر ایک لمبا مستطیل شیشہ (90 ڈگری) کے زاویے سے لگا ہوا تھا۔ یہ پرندہ شیشے میں اپنا عکس دیکھ کر حیران ہوتا اور کافی دیر تک اپنی چونچ سے اپنے ہی عکس کو چونچ مارتا اور یہ سلسلہ اس کی چونچ زخمی ہونے تک جاری رہتا۔ فرخ ان پرندوں کے گھونسلے درست کرنے میں لگی رہتی۔ جب بارش ہوتی تو ان کے گھونسلوں پر پانی روکنے کی غرض سے چھوٹی پلیٹوں اور روئی کے ڈھیر جمع کیے رکھتی تاکہ ہونے والی ماؤں اور بچوں کے گھونسلوں ... یہ پرندے جیسے lawn یا porch میں ادھر ادھر کوئی جھاڑی یا پھلدار بوٹا اپنی پسند کا تلاش کرتے اور ... ہم اپنی اس ... میں اس قدر مگن اور خوش تھے کہ ہمیں اپنی رہائش تبدیل کرنے کا کبھی خیال تک نہ آیا ... Gibraltar کی چٹان جیسی طرح ڈٹے رہے ہمیں خبر بھی نہ ہوئی اور کئی ماہ بیت گئے۔

ہمارے ہاتھ کے بنگلے میں Trinidad and Tobago کا پروفیسر ڈاکٹر علی خان رہائش پذیر تھا۔ اس کی بیوی کا تعلق ... ڈاکٹر علی خان میرے قریبی دوستوں میں سے تھا۔ اب بھی جب میں retire ہو گیا ہوں تو اس کی بیوی کے اصل نام کا پتہ نہیں ... ڈاکٹر علی خان اور دوسرے پہچان والے اس کو Terry کے نام سے پکارتے تھے اور ہیں۔

یہ خوشحالی ... نے چلا۔ یہ تمام بات یونیورسٹی کے Rector جن کا نام Dr Pedro Cabello Poleo تھا کے ایک ... سے شروع ہوئی جس نے اس رہائشی (کالونی) کا دورہ ... کیا جس کا مقصد یہ تھا کہ طالب علموں کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر Campus سے ... اس رہائش گاہ میں منتقل ہو جائیں تاکہ طالب علموں کو زیادہ classes کی سہولتیں مہیا کی جا سکیں اور یہ کام جلد از جلد ہو جائے۔ ... بات تو یہ ہے کہ اس وقت کی حکمران جمہوری پارٹی Accion Democratic کا بڑا اہم رکن تھا۔ شاید میں وہاں سے ... مگر مجھے اپنے Rector کا حکم سب سے پہلے تسلیم کرنا پڑا کیونکہ وہ بھی جمہوری پارٹی کا ... تھا۔ ہم مکان خالی کر دیتے مگر ہمارے پیارے پرندوں جن سے دل کی گہرائیوں سے مانوس ہو چکے تھے ... کی محفوظ جگہ کی تلاش ... وہ پنجروں میں رہنے کے عادی نہ تھے۔ حقیقتاً آزاد پنچھی تھے۔

میں کئی ہفتے کسی ایسے مالک مکان کی تلاش میں رہا جو ہمارے پرندوں کے لیے مناسب تحفظ اور سہولتیں مہیا کر سکے ... مگر مجھے سخت مایوسی ہوئی۔ چار و ناچار میں نے فیصلہ کیا کہ یہ پرندے میں اپنے ایک دوست کو دے دوں جو ان پرندوں سے محبت کا اظہار کرتا اور وہ تھا ڈاکٹر علی خان۔ آبدیدہ آنکھوں سے پرندے اس کے حوالے کر دیئے۔

دوسرے پرندوں کی تو کوئی بات نہ تھی مگر کناریوں کو آزاد فضا میں چھوڑنے سے ڈرتا کہ کہیں وہ بھوک سے مر نہ جائیں کیونکہ وہ اپنی خوراک خود تلاش کرنے کے عادی نہ تھے یا دوسرے شکاری پرندے انہیں اپنی خوراک نہ بنا لیں کیونکہ ... پرندے کی نسل پالتو قسم کی ہے جو ... سے مانوس اور پنجرے میں رہنے کے عادی ہوتے ہیں جبکہ کناریوں کی نسل جو ہمارے پاس تھی خصوصاً Canary Islands سے برآمد شدہ ... نسل تھی۔ یہ قدرتی طور پر Venezuela میں نایاب تھی بیشک جنگلی کناری تھے مگر ان کی نسل دوسری اور ان کو قید میں رکھنا نہایت ہی مشکل کام تھا۔

ایک دن اپنے دوسرے گھر ایک مکان ساحل سمندر پر واقع ہے فرخ، انور اور میں اپنے دوست ڈاکٹر علی خان کے گھر اپنے پیارے پرندے دیکھنے گئے تھے۔ ابھی جا کر بیٹھے ہی کہ وہ بوڑھا کناری جسے فرخ کی ماں بھری محبت نے صحت یاب کیا

Marfat.com

بے ساختہ ایک شاخ سے اڑ کر فرخ کے کندھے پر آ کر بیٹھ گیا۔ یہ ایک بڑی جذباتی کیفیت اور پرانی یادوں کو تازہ کرنے والی ملاقات تھی۔ میں نے فرخ کی آنکھوں میں تیرتے موتی دیکھے انور سے اور مجھ سے بھی نہ رہا گیا۔ جب تک ہم وہاں بیٹھے رہے وہ کناری کبھی فرخ کے اس کندھے پر، کبھی سر پر اور کبھی اس کی چھاتی پر کبھی رخسار پر آہستہ سے چونچ مارتا۔ ایک آدھ دفعہ وہ میرے اور انور کے کندھوں پر بھی بیٹھا۔ جب ہم لوگ چائے وغیرہ کے بعد اجازت لے کر اٹھے تو وہ فرخ کے کندھے پر ہی بیٹھا رہا۔ دروازے کے قریب آ کر جو کہ جالی کا تھا میں نے اس کناری کو اپنے ہاتھ سے فرخ کے کندھے سے اٹھایا جب فرخ میرا بھائی انور اور میں اس دروازے سے باہر نکلے تو وہ اندر جالی سے چمٹا رہا اور ایسے لگتا تھا جیسے ہم سے بچھڑنے کا انسانوں کی طرح دکھ ہو۔ ہمارے باہر آ کر گاڑی میں بیٹھنے تک وہ وہیں جالی سے چمٹا رہا۔ ہم تینوں نے اس کی طرف دیکھا اور ہاتھ ہلاتے ہوئے پرنم آنکھوں سے خدا حافظ کہا۔

ساحل سمندر پر مکان اور چور

آخر کار میں نے کرایے کا مکان beach پر لے لیا جو کہ کیمپس سے زیادہ دور نہیں تھا اور مالک مکان کے ساتھ ایک سال کا contract کر لیا۔ ایک سال کا معاہدہ اس لئے کیا کیونکہ میں نے ایک قطعہ اراضی Cumana شہر کے بہترین رہائشی علاقے میں بر لب boulevard خرید کر لیا جس پر عنقریب تعمیر شروع کرنے کا ارادہ تھا۔ کئی سال پہلے جب فرخ اور میں لندن میں چھٹیاں گزارنے گئے تو Ideal Home Exhibition جو کہ Earl's Court کے underground station سے تھوڑے فاصلہ پر Olympia کے مقام میں ہر سال جدید مکانات کی نمائش ہوتی ہے اور یہ مکان اصلی مکانوں کی طرز پر بنائے ہوتے ہیں۔ ہر ایک مکان کا ایک بڑی ڈائریکٹری میں نقشہ، بمعہ پیمائش material اور مزدوری کی تفصیل کے ساتھ ہوتا ہے۔ ہم نے ایک مکان پسند کیا اور اس کا نقشہ اور دیگر تفصیلات خرید لی تھیں۔ انگلینڈ میں جگہ کی قیمت کے پیش نظر اکثر مکانات چھوٹے تعمیر کئے جاتے ہیں جبکہ Venezuela میں اپنے ایک architect دوست Dr Carlos Badarracco سے اس مکان کی تفصیلات پر گفتگو کر کے اپنی مرضی اور حسب خواہش کشادہ تعمیر کا منصوبہ بنایا جو کہ قریب ۱۲/۱۰ ماہ میں یہ بنگلہ تعمیر ہو جائیگا۔ Spanish میں بنگلے کو Quinta کہتے ہیں۔

landlord کے ساتھ میرا اگریمنٹ expire ہو گیا مگر ملک کے سیاسی دگرگوں حالات کی وجہ سے مجھے مکان کی تعمیر میں تھوڑی دیر لگی۔ landlord کو ہمیشہ مقررہ وقت سے پہلے کرایہ کا چیک اس کے نام اس کے گھر بھیج دیتا۔ اس کا شہر Puerto la Cruz سمندر کے کنارے میرے شہر Cumana سے 75 کلومیٹر دور تھا۔ بظاہر landlord خوش اخلاق اور معاملے کا صاف ستھرا نظر آتا۔ اس نے نہ تو مجھے مکان خالی کرنے کے لیے اور نہ ہی contract کی تجدید کیلئے کہا۔ اس کی بیوی نے ضرور یہ عندیہ دیا کہ میں مکان خالی کر دوں۔ میں نے کہا کہ میں اپنے مکان کی بنیادیں رکھ چکا ہوں۔ امید ہے کہ چند ماہ میں یہ مکان تیار ہو جائے اور میں خوشی سے آپ کا مکان آپ کے حوالے کر دوں گا۔ میرا خیال تھا کہ میری بات landlady کی سمجھ میں آ گئی ہو گی اس کا رویہ حالات کے پیش نظر ہمدردانہ ہو گیا۔ میں کرایہ کا چیک اپنی routine کے مطابق بھیجتا رہا۔

ایک weekend پر فرخ، میری بیٹی عذرا، میرا بھائی انور، اس کے بیوی بچے اور میں سب وہاں میرے ساتھ کرایہ والے مکان میں مقیم تھے۔ ایک رات شہر سے دور سمندر کے کنارے دوستوں کے ساتھ رات گزارنے کا پروگرام بنا۔ دو کاروں میں بیٹھ کر چل دیئے۔ دوسرے دن ہم قریباً دوپہر کے وقت اپنے گھر کے نزدیک پہنچے اور جونہی ہم نے کاریں kerb کے ساتھ کھڑی کیں تو ہماری ایک پڑوسن بڑی بھاگتی ہوئی ہمارے پاس آئی اور بڑی گھبراہٹ میں بولی

"کل دن کے وقت کچھ چور تمہارے گھر میں گھس گئے۔ کوئی دو گھنٹے تک گھر کی تلاشی لیتے رہے۔ جب انہیں خبر ہوئی تو وہ فائرنگ کرتے اور دھمکیاں دیتے ہوئے کاروں میں بیٹھ کر بھاگ نکلے۔ بہتر ہے تم نے ہماری غیر حاضری میں پولیس کو اطلاع کر دی ہے"

جب ہم گھر میں داخل ہوئے تو ہر طرف چیزیں بکھری پڑی تھیں۔ تمام wardrobes خالی کئے جا چکے تھے۔ dresses اور دیگر پارچات، کپڑوں کے ڈھیر، کھلونے، mattresses، کرسیاں، میز، برتن جگہ جگہ قیمتی اشیاء کی تلاش میں تہہ و بالا کئے جا چکے تھے

Marfat.com

منظر پیش کر رہا تھا البتہ الماری کی حالت جوں کی توں تھی۔ ہم نے احتیاطاً سامان دیکھنا شروع کیا۔ صرف سونے کی کچھ انگوٹھیاں اور قریباً 1700 مریکن ڈالر غائب تھے۔ اگرچہ یہ چوری کوئی ایسی بڑی چوری نہ تھی بہر حال ہم نے پولیس کو پھر بھی اطلاع کر دی اور اس رد عمل کے تحت ایک police van ہمارے گھر کے سامنے آ کر کھڑی ہوئی۔ detectives، فوٹوگرافر اور خوفناک قسم کا آدمی ہمارے گھر کے میاوند میں داخل ہوئے میں نے انہیں گرمجوشی سے اندر آنے کی ترغیب دی۔ انہوں نے کئی قسم کے سوالات کی بوچھاڑ کر دی۔ ان سوالات میں اکثر مجھے فضول مگر معمولات کے مطابق لگے۔

''کیا آپ کو کسی پر شک ہے اگر ہے تو اس شخص کا حلیہ کیسا ہے؟''

اس قسم کے سوالات کی بھرمار تھی جبکہ فوٹوگرافر نے تمام گھر کے اندرونی حصوں کی تصاویر لیں اور کچھ انگلیوں کے نشانات جو ان کی نظر میں آئے ان کو بھی چیک کیا چونکہ گھر میں بڑا افرد میں ہی تھا لہذا مجھے دوسرے دن پولیس سٹیشن پر آ کر declaration دینے کی ہدایت کی۔ میں دوسرے دن پولیس اسٹیشن گیا۔ قریباً چار گھنٹہ میری statement کے ٹائپ ہونے پر مجھے voucher کی ایک کاپی ریفرینس کیلئے دی گئی۔ اس طرح سے میری شکایت کی درخواست سرکاری طور پر قانون نافذ کرنے والے ادارے میں درج ہو گئی کسی نے مجھے اس پولیس اسٹیشن سے چوری کے متعلق دوبارہ نہ بلایا۔ اگرچہ اسی پولیس سٹیشن پر بعد میں مجھے کئی دفعہ دیگر ضروریات کے تحت جانا پڑا۔

مجھے پیشتر ازیں وینزویلا میں دو دفعہ پولیس سے پالا پڑ چکا تھا۔ ایک دفعہ جب ابھی میری شادی بھی نہ ہوئی اور میں ہوٹل Hotel Caribe میں ٹھہرا ہوا تھا۔ ہوٹل سمندر کے کنارے Avenida Universidad پر اور میں اس ہوٹل میں قیام کے دوران ایک رات پارٹی سے اپنی کار کی Volkswagon 1300 پر واپس لوٹا۔ حسب معمول میں اپنے کمرے کے دروازے کے سامنے کو کھڑی کر دی۔ سونے کیلئے تیاری کرتے ہوئے کپڑے تبدیل کئے اور دروازے کو اندر سے بولٹ کر دیا بستر پر دراز تو ہو گیا مگر نیند وہیں دور تھی چونکہ کمرے کی سائیڈ کھڑکی سے چاندنی جھانک رہی تھی میں نے light off کر دی۔ کمرے کے دروازے کے آدھے حصہ پر steel plate اور اوپر والے آدھے حصہ پر افقی شیشے کی plates لگی ہوئی تھیں۔ اس تمام system کے ساتھ ایک lever ہوتا۔ plates کو control کرتا۔ lever کو نیچے کرنے سے تمام افقی plates صرف آدھی کھلتیں۔

چونکہ نیند کا وقت گزر چکا تھا میں نے ادھر ادھر کافی دفعہ کروٹیں بدلیں مگر نیند واقعی مجھ سے روٹھ چکی تھی میں نے غنودگی کی حالت میں دیکھا کہ ایک شخص دروازے کے باہر کھڑا ہے اور اپنا بایاں ہاتھ افقی plates سے اندر کر کے دروازہ کی کنڈی کو تلاش کر رہا ہے۔ چونکہ میرا بایاں پاؤں ویسے ہی lever پر پڑا تھا کہ اس کا اچانک ہاتھ لگنے سے دفعتاً lever از خود دب گیا اور افقی plates خود بخود بند ہو گئیں۔ اس شخص سے ایک دردناک چیخ بلند ہوئی اور بڑی تگ و دو کے بعد اپنا ہاتھ باہر کھینچنے میں کامیاب ہوا مگر اس عمل کے دوران اس کا ہاتھ بری طرح زخمی ہو گیا۔ خون کے دھبے جگہ جگہ پھیل گئے۔ کمرے کا ٹیلیفون خراب تھا میں نے جلدی سے اپنا nightgown پہنا اور مالک ہوٹل کے کمرے کی طرف چلنا شروع کر دیا مالک کا نام Ernesto اور وہ Trinidad and Tobago کا رہنے والا تھا۔ میں نے اس کے دروازے کی bell دبائی مگر اس نے سنی ان سنی کر دی۔ اب میں نے بار بار اسے پکارنا شروع کر دیا تو اس نے دروازہ کھول ہی دیا۔ اسے تمام داستان سنا دی چونکہ کوئی چیز چوری نہ ہوئی تھی اس نے پرواہ نہ کی مگر میرے اصرار پر اس نے پولیس کو فون کیا۔

پولیس کے آنے میں صدیاں بیت گئیں اور جب وہ آئے تو ادھر ادھر تلاش کرنے کے بعد سڑک کے ساتھ، ساتھ قریباً میٹر تک خون کے گرے ہوئے قطرے پائے۔ میں نے دیکھا کہ پولیس والے قطروں کے پیچھے دور تک چلے گئے مگر معاملہ رفع دفعہ ہو گیا چونکہ چوری نہ ہوا، اور چور صاحب صرف تکلیف میں مبتلا تھے لہذا پولیس نے اس معاملہ کو آگے پہنچانے کی بجائے اس پر اکتفا کیا کہ مجھے شکایت کی درخواست دینے کو بھی نہ کہا۔

جب دوسری واردات پر پولیس سے پالا پڑا تو سنیئے یہ اس وقت کی بات ہے کہ ہم ابھی یونیورسٹی کی رہائش گاہ Cerro del Medio پر مقیم تھے تو ایک دن بعد از دوپہر فرخ، انور اور میں Mercedes-Benz 230 کی drive کے بعد واپس

Marfat.com

لوٹے۔ جونہی میں نے مکان کا main gate کھولا تو محسوس ہوا کہ معاملہ گڑبڑ ہے کیونکہ lawn کی طرف living-room کا دروازہ کھلا ہوا تھا اور گھر کی lights بھی on تھیں۔ master bedroom کی کھڑکی جو lawn میں کھلتی اس کو ایک bolt (چٹخنی) لگی ہوئی تھی۔ اگرچہ وہ خراب تھی مگر پھر بھی وہ آسانی سے کھولی نہ جا سکتی۔ کھڑکی سے باہر ایک لوہے کی grill لگی ہوئی جو کوئی دس انچ کے مربعوں میں تقسیم اس میں سے ایک مربع کو کاٹا ہوا تھا۔ کوئی نہایت ہی دبلا پتلا شخص یا بہت ہی کم عمر پتلا لڑکا اس سوراخ سے اندر والی کھڑکی کو دھکا دے کر کھولتے ہوئے اندر داخل ہو گیا۔ bedroom میں بے ترتیبی انتہا کی حد تک پھیلی ہوئی تھی۔ wardrobe، dressing table سے چیزیں نکال کر بڑی بے دردی سے بکھیر دی گئیں۔ اس سے پتہ چلتا ہے جو کوئی اندر داخل ہوا اس کو دلچسپی صرف نقدی اور زیورات سے ہوگی جو کہ اتنی آسانی سے ملنے کا امکان نہ تھا۔ پولیس کو خبردار کیا گیا۔ دو سراغ رساں اور ایک فوٹو گرافر آن پہنچے۔ فوٹو گرافر نے کارروائی مکمل کی۔ کوئی ایسی چیز جس سے کچھ مطلب اخذ کیا جا سکتا ہو اس کی فوٹو ہر ایک زاویے سے لی۔ مجھے کئی معمول کے سوالات کا سامنا کرنا پڑا البتہ پولیس سٹیشن پر جا کر درخواست درج کرانے کو کہا گیا۔

دوسرے دن پولیس اسٹیشن گیا اور قریباً ڈیڑھ گھنٹہ پوچھ گچھ کا سلسلہ جاری رہا۔ "ہم کتنے آدمی تھے، کتنے بجے گھر سے گئے، گھر جانے سے پہلے گھر کے دروازے بند کیے، ہم کہاں گئے اور کب لوٹے، میرا اور میرے خاندان والوں کے کیا کیا نام ہیں اور ہم کیا کرتے ہیں؟ ہمارے پڑوسیوں کے نام وغیرہ، وغیرہ وغیرہ" کلرک ٹائپ کرتا رہا۔ ازاں بعد مجھے اس ڈیکلریشن کی ایک کاپی بطور ریفرنس کے دے دی گئی مگر صد حیف! پولیس سٹیشن سے کسی نے اس معاملہ سے متعلق کوئی اطلاع نہ دی۔

ہاں تو بات ہو رہی تھی beach پر مکان میں چوری کے متعلق۔ چند ماہ کی زندگی معمول سے گزرتی رہی کوئی غیر معمولی واقعہ پیش نہ آیا۔ کبھی کبھار ہمیں سیٹیوں کی آوازیں سنائی دیتیں خصوصاً کافی رات گئے گھر کے قرب و جوار میں، اور ہمیں یوں لگتا جیسے یہ کوئی coded قسم کے signals ہوں۔ ہم نے کوئی اہمیت نہ دی بھی۔ کبھی راتوں کو یوں محسوس ہوتا جیسے کوئی چھت پر دھیرے دھیرے چل رہا ہے۔ ممکن ہے یہ ہمارا وہم ہو یا شاید بلی چھت پر چل رہی ہو۔ یہ بات بھی آئی گئی ہو گئی۔

"چھوٹو" (اصل نام حسن اکبر بیگ) انور کی اماں جن کی عمر 60 سال ہوگی، میرا ہم زلف ڈاکٹر صادق اور ان کی بیوی زینب، ان کا لڑکا ہاشم اور بیٹی Tina چھٹیاں گزارنے کیلئے پاکستان سے نومبر 1975 کے شروع میں ہماری بیٹی کے جنم دن سے چند روز پہلے ہمارے پاس آئے۔ خوب رونق تھی گھر میں چھوٹوں بڑوں شادماں وقت ہاں۔ انور کے دو چھوٹے لڑکے، ہماری اپنی بیٹی نازیہ اکتوبر 1974 کو Cerro del Medio کی رہائش گاہ میں پیدا ہوئی۔ ہمارا یہ بڑا خوشحال چھوٹا سا کنبہ تھا۔ انور کے بڑے بیٹے شاذی کی عمر نو اور عدیل کی پانچ برس۔

ایک رات "چھوٹو" جس کی عمر کوئی ۱۹، ۲۰ سال کے قریب ہوگی اس کے خاندان کے ہمارے خاندان سے پاکستان سے تعلقات ہیں، نے بڑے زور سے للکارا اور گھر کے main gate کو اس قدر دھکے سے کھولا کہ ہم تمام لوگ جاگ اٹھے۔ میں نے اپنی double-barrel gun اٹھائی اور دروازے کی طرف لپکا۔ دیکھتا کیا ہوں کہ چھوٹو کسی کے پیچھے رات کی تاریکی میں بھاگ رہا ہے جس شخص کا وہ پیچھا کر رہا تھا وہ ایک انتظار کرتی ہوئی کار میں داخل ہوا اور کار بڑی سرعت سے روانہ ہوئی۔ میں اس شخص پر fire کرنے سے قاصر تھا کیونکہ چھوٹو عین اس کے پیچھے تھا۔ اگر یہ getaway کار نہ ہوتی تو چھوٹو اس کو ضرور پکڑ لیتا۔ اسی اثنا میں گھر کے تمام افراد سامنے لان میں اکٹھے ہو گئے اور انور 0.38 revolver ریوالور تھامے ہوئے تھے۔ چھوٹو ایک پر جوش تعاقب کے بعد ہانپتا ہوا واپس آیا اور داستان سنائی۔

"میں hammock پر برآمدے میں سویا ہوا تھا تو میری آنکھوں میں روشنی پڑی تو آنکھیں کھول کر دیکھا کہ ایک آدمی باہر دیواری grill کے اس پار ہاتھ میں torch لیے کھڑا ہے۔ میں نے اس کو للکارا اور اس کے ساتھ ہی پیچھے بھاگ کھڑا ہوا۔"

چونکہ چھوٹو ایک atheletic قسم کا دلیر جوان ثابت ہوا۔ میں نے اس کی اس احمقانہ حرکت پر بڑی سرزنش کی اور کہا کہ وہ کوئی چور اچکا ہی تھا اگر اس کے ہاتھ میں اسلحہ ہوتا تو fire کرنے سے نہ چوکتا۔ چند لمحات ہم نے خاندانی گفتگو اور اس واقعہ پر تبصرہ کیا پھر اندر آ کر سو گئے۔ دوسرے دن صبح کے وقت میں نے ہر ایک کو سخت لہجہ میں تنبیہ کی کہ رات کے وقت کوئی دروازہ نہ کھولے اور ہمیشہ

Marfat.com

بیٹے پوروں کا پیچھا کرنے کی کوشش نہ کرے۔ ایسا لگا جیسے چھوٹو سمیت تمام افراد نے میری بات کو اہمیت دی اور کوئی دو ماہ بڑے آرام و سکون سے گزر گئے۔

ایک دفعہ landlord نے مجھے مکان خالی کرنے کی اس لئے کہا کہ وہ یہاں خود رہائش پذیر ہونا چاہتا ہے جب کہ میں نے اس سے پہلے بھی کہا تھا اور اب پھر دوبارہ کہا کہ تم جانتے ہو کہ میرا ذاتی مکان ۶/۵ ماہ میں تیار ہو جائیگا، میں خوشی سے تمہارا مکان خالی کر دونگا۔ معاملہ خوش اسلوبی سے طے ہو گیا یا میری سمجھ میں نہیں آیا اور چند ایک ماہ تک کوئی ناخوشگوار واقعہ رونما نہ ہوا۔

پتھروں کی بارش

شام کے وقت ہم اپنی Mercedes اور Caprice میں قریباً ایک گھنٹہ تک سیر و تفریح کیلئے نکلتے۔ کسی soda fountain سے soft drinks اور coffee وغیرہ پینے کے بعد شام کے ڈھلنے کے وقت گھر پہنچ جاتے۔ چونکہ گھر میں کتابوں کیلئے مناسب جگہ کی گنجائش نہ تھی لہذا کتابیں ادھر ادھر living-room اور bedrooms میں بے ترتیبی سے بکھری ہوئی تھیں میں نے عارضی طور پر living-room کی partition کرکے لکڑی کے تختوں کے shelves پر جتنی گنجائش تھی کتابیں رکھ دیں دو filing cabinets دیوار کے ساتھ لگا کے رکھ دیا اور 32 double index card boxes ان کے اوپر ترتیب سے رکھ دیئے۔ یہ کمرہ living-room cum library تھا اور T.V Room کے طور پر بھی استعمال میں لایا جاتا چونکہ ہم شام کے کھانے کے بعد living-room میں اکٹھے ہوتے bedrooms اور ملحقہ back lawn سے عام طور پر کسی کا گزر نہ ہوتا۔

ایک شام جب ہم T.V پروگرام دیکھ رہے تھے تو ایسا محسوس ہوا جیسے کوئی زبردستی باورچی خانہ کا side door کھولنے کی کوشش کر رہا ہے۔ باورچی خانہ چونکہ living-room سے corridor کی دوسری طرف مکان کے بائیں ہاتھ واقع تھا ہم میں سے کسی نے بھی اس آواز کی طرف کوئی خاص توجہ نہ دی۔

دوسرے دن شام کو T.V پر ایک نہایت ہی دلچسپ پروگرام تھا اور ہم سب لوگوں کی نظریں tube پر جم کر رہ گئیں۔ اچانک کسی دروازے سے مسلسل زوردار دھکا ہوا جیسے اسے کوئی توڑ کر اندر آنے کی کوشش میں ہو۔ چھوٹو اور انور دوڑ کر مستعدی سے دروازے کی طرف لپکے اور اسے اندر سے بند کرنے کی کوشش کی مگر ان کی یہ کوشش رائیگاں ثابت ہوئی کیونکہ باہر ان سے زیادہ پر زور انداز میں کوئی دروازہ اپنی طرف کھینچ رہا تھا اور ایسا لگا جیسے باہر سے ایک نہیں زیادہ اشخاص اپنی طرف دروازے کی کھینچا تانی میں مصروف ہیں۔ اسی لئے میں نے جلدی سے Winchester (بندوق) اٹھا کر main gate سے باہر دوڑا اور کچن کے رخ پر دو تین fire داغ دیئے۔ دیکھتا کیا ہوں کہ تین انسانی ہیولے رات کی تاریکی سے فائدہ اٹھا کر سمندر کی طرف بھاگتے جا رہے ہیں۔

ہمارے مکان کا محل وقوع شرپسندوں کے کھیل کھیلنے کا خاص مقام تھا۔ گھر کے جنوب کی طرف سڑک اور اس کے ساتھ ہی جنوب مشرق میں ائرپورٹ کا runway جس کی شمالی حد سڑک سے ملحقہ، کے ساتھ ساتھ جھاڑیوں کی ان گنت قطاریں استادہ تھیں۔ گھر کے back lawn کی دیوار کے ساتھ ایک کھلا میدان جو کہ beach تک پھیلا ہوا تھا۔ اس کھلے میدان میں ایک سڑک جو ہمارے گھر کے عقب سے ہوتی ہوئی اول ذکر سڑک سے جا ملتی۔ اس میدان کے بائیں یعنی شمال کی طرف سمندر کے کنارے ایک شاندار balneario (Spanish زبان میں ڈانس کرنے کی جگہ جو شہر کی بجائے کھلی جگہ واقع ہو) ہمارے مکان کی بائیں یعنی شمالی دیوار اور ایک پڑوسی کے مکان کی دیوار مشترک تھی۔ اس پڑوسی کے مکان کے پیچھے ایک اور مکان کا back lawn جس کی ایک عرصہ سے دیکھ بھال کی ضرورت محسوس نہیں کی گئی اور اب ایک tropical jungle کا روپ دھار چکا تھا۔ ہمارے گھر کے سامنے کے lawn کی دیوار تقریباً ایک میٹر اونچی اور main street کی sidewalk سے ملحقہ تھی۔

گھر کی تمام کھڑکیوں پر لوہے کی grills لگی ہوئی اور اندر کی طرف mosquito mesh سے cover تھیں۔ وہ دیوار جو back lawn کی حد بندی کرتی ہوئی دو میٹر اونچی مگر اس کی تعمیر مضبوط قسم کی نہ تھی۔ اسی دیوار کی چنوائی ایسے سیمنٹ کے blocks سے کی گئی جن میں سیمنٹ کی مقدار آٹے میں نمک کے برابر تھی، لیکن ریت آنکھیں بند کرکے استعمال کی گئی کہ چھڑی کی ٹھوکر

Marfat.com

[illegible] baseball [illegible] ball [illegible]

[illegible] annexe [illegible] corridor [illegible] bedroom [illegible] annexe [illegible] bedroom [illegible]

[illegible]

[illegible] back lawn [illegible] 38 [illegible] runway [illegible]

[illegible] Compania [illegible] Cadafe [illegible] Anonima de Fuerza Electrica [illegible] off [illegible] street lights [illegible] Tropics [illegible] seasons [illegible]

[illegible] corridor [illegible] bedrooms [illegible] lights on [illegible] main road [illegible] block [illegible] block [illegible] van [illegible] block [illegible]

[illegible] 400 [illegible] lab [illegible] lawn [illegible] characters [illegible]

[illegible] lab [illegible] auricular [illegible]

[illegible] Mercedes [illegible] Maverick [illegible] mai [illegible]

Marfat.com

دروازے سے اندر داخل ہوئے تو چھوٹو اور انور کی اماں دونوں فرش پر بیہوش پڑے تھے۔ دوسرے اہلخانہ کی حالت بھی غیر تھی۔ اپنے family ڈاکٹر کو بلایا جس نے اپنے میڈیکل باکس سے shock کو رفع کرنے کی ادویات دیں اور یقین دلایا کہ خطرے کی کوئی بات نہیں۔ کچھ دیر بعد خدا خدا کر کے ان کو ہوش آ گیا۔

واقع کچھ یوں تھا۔ چھوٹو اور انور کی والدہ back lawn میں دھوپ میں سوکھے ہوئے کپڑے drying lines سے اتارنے گئے۔ انہوں نے سوکھے ہوئے کپڑے اتارے لیکن یونہی انہوں نے دیوار کیطرف پشت کی تو کچھ شر پسند لوگ back lawn کی دیوار پر چڑھے اور اتنے زور سے پتھر پھینکے کہ دونوں پتھروں کی شدید ضرب کے جھٹکے سے چیخ مار کر بیہوش ہو گئے۔

اگرچہ یہ بزدلانہ اور گھٹیا سا فعل تھا مگر کیا کیا جائے کہ ہمیں اس سے بدتر حالات کا سامنا کرنا پڑا۔ انور کی والدہ پرانی ذیابیطس کی مریضہ اور دل کا عارضہ کا بھی لاحق تھا۔ چھوٹو کو پاکستان میں ہاکی کھیلنے کے دوران متعدد بار سر پر balls لگے جن چوٹوں کی وجہ سے تا حال اسے بغیر چوٹ لگنے کے بھی سر درد کا دورہ پڑ جاتا۔ اس جان لیوا حادثہ نے ہمیں خوف زدہ کر دیا کیونکہ اس بات کی کیا گارنٹی تھی کہ دوبارہ یہ واقع دہرایا نہ جائیگا خصوصاً بچوں کی سلامتی اور تحفظ کے لئے بہت فکر مند تھے۔

میں نے پولیس سٹیشن فون کیا تو ڈیوٹی آفیسر نے فوری طور پر سوال کیا، "کیا کوئی زیادہ زخمی ہوا ہے؟"

"نہیں۔"

اس نے ٹیلیفون کا auricular پٹخ دیا جس پر انور غصہ سے آگ بگولہ ہو گیا۔ اس نے پولیس سٹیشن دوبارہ ٹیلیفون کیا تو تقریباً بیس منٹ میں پولیس van ہمارے گھر کے سامنے آ رکی اور دو پولیس آفیسر گھر میں داخل ہوئے، چند منٹ بات چیت کی اور چلتے ہوئے جیسے یہ کوئی معمولی اور رسمی کاروائی تھی۔ میں نے انہیں سنگین حالات کی طرف توجہ مبذول کرنے کیلئے اصرار کیا تو انہوں نے بھی مثبت جواب دیا جیسے وہ ہمارے موقف سے متفق ہوں مگر وہ چل دیئے۔

ایسے بے یقینی اور ابتر حالات کی وجہ سے نااتفاقی یقینی امر تھی۔ کسی نے کہا کہ آؤ کہیں اور چلیں کوئی گھر چھوڑ کر ہوٹل میں رہنے پر مصر اور کوئی یہاں تک خوف زدہ ہو گیا کہ صرف گھر نہیں شہر نہیں بلکہ ہم لوگ اس ملک کو ہی خیر آباد کہہ دیں۔ چونکہ میں اس گھر کا بڑا اور بزرگ فرد تھا لہذا سب کی نگاہیں میری طرف لگی تھیں کہ میں اس مشکل سے کیسے ان کو نجات دلاؤں۔ میں نے انہیں تسلی و تشفی دی اور کہا کہ فکر کی کوئی بات نہیں یہ تو صرف ایک عارضی ناخوشگوار حادثہ ہے۔ یہ لوگ کوئی عادی مجرم دکھائی نہیں دیتے بلکہ معمولی چور اچکے ہیں جو ہمیں ذہنی اذیت سے دوچار کرنے پر کمر بستہ ہیں۔ آخر یہاں ہمارا کون دشمن ہو سکتا ہے اور یہ برا وقت جلدی گزر جائیگا۔ اچھے حالات دیکھنے پڑھتے ہیں ہمیں اچھے دنوں کی امید سے وابستہ رہنا چاہئیے۔ بظاہر یہ معاملہ کچھ ایسا الجھا ہوا نظر نہ آتا۔ جب بھی ہم گھر سے نکلتے تو نہ ہی کوئی ہمارا پیچھا کرتا اور نہ ہی ہمیں مشکوک نگاہوں سے دیکھتا۔ معاملہ یہاں پر ہی ٹھپ ہو گیا اور چند ہفتوں کے بعد ہم ان واقعات کو بھول گئے۔

گھر کو آگ

ایک شام ہمیں ایک ہندوستانی فیملی ڈاکٹر ماتھر اور اسکی بیوی Alka نے اپنے بیٹے چندن کی جنم دن پارٹی پر مدعو کیا۔ ڈاکٹر اسی یونیورسٹی میں کیمسٹری کا پروفیسر جہاں میں بھی parasitology کا پروفیسر تھا۔ ان کا فلیٹ شہر کی دوسری طرف ہاسپٹل کے مدمقابل واقع تھا۔ میری چھٹی حس کہہ رہی تھی کہ اگر تمام لوگ گھر سے غائب ہوئے تو کوئی ناخوشگوار واقع پیش آ سکتا ہے۔ انور کا پرزور اصرار تھا کہ اس پارٹی کو miss نہیں کرنا چاہئیے آپ لوگ فکر نہ کریں کچھ نہیں ہوگا صرف دو گھنٹوں کی بات ہے اور ویسے بھی ہم سب تو جا بھی نہیں رہے لہذا فرخ، غازیہ میں انور اس کی بیوی (نام تو فرخ سعیدہ مگر نمل کے نام سے جانتے ہیں) سب بچے اس کی Maverick میں بیٹھ کر تقریباً 30 منٹ میں اپنے میزبان کے فلیٹ پر پہنچے۔

انور کی والدہ، چھوٹو، ڈاکٹر صادق اور اس کے بیوی بچے گھر میں ہی رہے البتہ جاتے ہوئے میں نے تاکیداً کہہ دیا کہ گھر کے دروازے اچھی طرح بند کر لیں اور جس فلیٹ پر ہم لوگ جا رہے تھے ان کے گھر والوں کا احتیاطاً ٹیلیفون نمبر بھی دیدیا۔

Marfat.com

نادیدہ وسوسوں کی بھڑوں نے مجھے بے چین کردیا۔ ایسا محسوس ہو رہا تھا جیسے کچھ ہونیوالا ہے۔ پارٹی میں کافی لوگ تھے نہایت پررونق ماحول۔ بچے تو اس تقریب سے خوب لطف اندوز ہو رہے تھے اور کھیل کود سے ایک اُدھم مچا رکھا تھا۔ اُن کا فلیٹ بلڈنگ کے آخری فلور پر مگر پارٹی گراونڈ فلور کے parking lot میں منعقد کی گئی۔ Alka ایک ذہین و فطین خاتون تھی جس نے اپنی maid کو جو فلیٹ میں ہی رہی سختی سے ہدایات دی ہوئی تھیں کہ جب بھی کسی کا فون آئے فوراً نیچے اُتر کر پارٹی میں متعلقہ مہمان کو مطلع کیا جائے۔ چند ایک دفعہ وہ مہمانوں کو اسی سلسلہ میں مطلع کرنے آئی مگر وہ phone calls ہمارے لئے نہیں تھیں۔

جوں، جوں وقت گزرتا گیا بے چینی میرے احساسات کو مجروح کئے جا رہی تھی کہ گھر میں خدانخواستہ کوئی ناخوشگوار واقع پیش نہ آ گیا ہو۔ ابھی میں اپنے بھائی انور کو کہنے کا ارادہ کر ہی رہا تھا کہ چلو جلدی سے گھر چلیں مگر اسی اثنا میں maid جلدی جلدی قدم اُٹھاتی ہوئی ہماری طرف آئی اور کہنے لگی، ''چھوٹو کا فون آیا ہے کہ جلدی سے گھر پہنچ جائیں۔''

رسمی معذرت کا کوئی وقت نہ تھا اور غیر معمولی سرعت سے ہم لوگ کاروں میں بیٹھ کر گھر کو روانہ ہوئے۔ جونہی ہم گھر کے نزدیک پہنچے تو دیکھتے کیا ہیں کہ گھر کے چھوٹے بڑے افراد دلخراش چیخیں مار کر رو رہے ہیں اور بزرگ خاتون (انور کی والدہ) گھر کے main gate کے سامنے بیہوش پڑی ہیں۔ bedrooms اور annexe سے دھواں اُٹھ رہا ہے اور چھوٹو آگ بجھانے میں مصروف جو تا حال سلگ رہی تھی۔

ہوا یوں کہ گھر کے تمام افراد T.V دیکھ رہے تھے کہ کسی intruder نے کوئی آتش گیر مادہ back lawn سے annexe میں پھینک دیا جس سے بچوں کے پلاسٹک کے کھلونوں نے چشم زدن میں آگ پکڑ لی۔ آناً فاناً بھڑکتے شعلوں نے تینوں bedrooms کے پردوں اور bedsheets وغیرہ، وغیرہ کو تقریباً مکمل طور پر جلا دیئے گویا یہ واقعہ حد سے تجاوز کر گیا۔ اتنے خوفناک حالات میں کسی شخص کے اعصاب جواب دے سکتے تھے اور وہ اپنے گھر کو بغیر کسی تاخیر کے چھوڑ دینا چاہیگا۔

چھوٹو تنومند تھا۔ اُس نے پانی کی بالٹیاں بھر بھر کے آگ کے شعلوں کو سرد کیا خاص طور پر پلاسٹک کے کھلونوں کی آگ سے اُسے نہایت دشواری کا سامنا ہوا۔ اُس کا چہرہ اور پسینے سے شرابور جسم اس تگ و دو کا منہ بولتا واضح ثبوت تھا۔ وہ کس جانجوکھوں کے مرحلے سے گزرا ہوگا۔ دیگر اہل خانہ چیختے چلاتے گھر سے نکل کھڑے ہوئے۔ صد حیف کسی پڑوسی کو ہماری مدد کی توفیق نہ ہوئی۔ چھوٹو نے fire brigade کو فون کیا مگر جواب ندارد۔

رات کے کوئی 9 بجے کا وقت تھا اور ہمارے گھر میں آگ ابھی تک سلگ رہی تھی۔ اہل خانہ کی آہ وزاریوں سے پڑوسیوں کی بے حسی، کوئی پرسان حال نہ تھا بے یار و مددگار صرف خدا کا آسرا۔ کس قدر دلخراش منظر سے دوچار کہ ضبط تحریر میں لانا دل [illegible] ہے۔ ہم لوگ پڑوسیوں میں اجنبیوں کی طرح تھے اگرچہ مجھے معلوم تھا کہ یہ سب بے سود ہے مگر پھر بھی میں نے پولیس کو فون کر دیا لیکن اُن کے آنے میں بھی گویا صدیاں بیت گئیں اور پولیس والے آخر آ ہی گئے۔ انہوں نے راکھ کے ڈھیر کو کریدا شاید ان کو آتش گیر مادے کا کوئی سراغ مل جائے۔ کوشش بسیار کے بعد انہیں contraption کا جلا ہوا ایک shell مل ہی گیا جو ہماری سمجھ سے باہر تھا اور وہ حسب معمول چلے گئے البتہ تفتیش کا وعدہ کیا کیونکہ آتش گیر مادے کے shell کی مدد سے نوعیت معلوم کی جا سکتی تھی۔ یہ واردات کسی بڑے خطرناک حادثہ کا موجب بن سکتی۔ ہمارے دشمنوں کی دیدہ دلیری دیدنی کہ ابھی شام ہوئی اور وہ backyard میں گھس آئے اس ارادے سے کہ گھر کو ہی خاکستر کر دیں۔ خدانخواستہ اگر گھر کے مکین رات کو گہری نیند میں ہوتے تو تصور کیجیے کچھ بھی ہو سکتا تھا

اس رات تمام اہل خانہ متفق تھے کہ ہم نہ صرف یہ گھر بلکہ Venezuela ہی چھوڑ دیں۔ صرف میں ہی تھا کہ ڈٹا رہا اور اس بات پر مصر کہ کچھ بھی ہو میں اس گھر کو چھوڑنے والا نہیں۔ ہاں! اگر آپ جانے میں عافیت سمجھتے ہیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں اور میرا موقف تھا کہ میں نے دانستہ کسی کو تکلیف پہنچانا تو درکنار کبھی ایسا سوچا بھی نہیں۔ مجھے یقین واثق ہے کہ اگر میرے مولا نے چاہا تو ہمارے دشمن ایک نہ ایک دن اپنی ہی لاپرواہی سے پکڑے جائینگے۔ دوسرے اہلخانہ نے اگرچہ میری بات مان لی مگر بڑی بے دلی سے میرے بھائی اور میں نے یہ فیصلہ کیا کہ کیوں نہ ہم حکام بالا سے ملیں کیونکہ حالات بڑی خطرناک صورت اختیار کر چکے تھے اب ہماری زندگیوں کو خطرہ لاحق تھا۔

Marfat.com

چھوٹو زخمی ہو گیا

Cumana, Sucre State کا گورنر Dr. Lugo Granado انور اور میرے دوستوں میں سے تھا۔ ایک دن ہم دونوں بھائی اسکی رہائش گاہ پر گئے۔ تمام حالات واقعات کا بڑے ٹھنڈے دل سے جائزہ لیا گیا، بڑی تفصیل سے بات ہوئی۔ اس نے مشورہ دیا کہ بہتر یہی ہے جتنی جلدی ممکن ہو یہ گھر خالی کردو اور کسی دوسری جگہ shift ہو جاؤ کیونکہ Latin American بڑے کینہ پرور اور بدطینت ہوتے ہیں کچھ بھی کر سکتے ہیں میں کھلکھلا کر ہنس دیا اور کہا:

"ہمیں گھر چھوڑ دینے کا مشورہ۔ میرا تو خیال تھا کہ تم پولیس کو خصوصی ہدایات کرو گے کہ اس مسئلہ کو خوش اسلوبی سے حل کرنے کی راہ نکالی جائے۔"

اس نے پھر مجھ کو ایک نا نک والی بات کہی کہ تم اپنا مکان فی الفور چھوڑ دو۔ اسی اثناء میں اخبار والوں نے خوب مرچ مصالحہ لگا کر حاشیہ آرائی کرتے ہوئے نمایاں حروف سے بڑی بڑی خبریں ہمارے گھر کو آگ لگنے سے متعلق لگائیں۔ کوئی دو دن کے بعد گورنر نے مجھے اپنے دفتر میں بلایا اور وہاں موجود Chief Police Officer سے Spanish میں Jefe de Policia کہتے ہیں سے تعارف کرایا۔ ہمارے حالات سے متعلق اسے آگاہ کر دیا گیا البتہ میں نے تفصیلاً اپنے دل کی بھڑاس نکالی۔ پولیس کے اس اعلیٰ آفیسر نے مجھے خوب تسلی دی نہ صرف اپنے دفتر کا بلکہ گھر کا بھی ڈائریکٹ ٹیلیفون نمبر دے دیا اور کہا:

"کسی وقت بھی ضرورت محسوس کریں۔ مجھے بغیر کسی ہچکچاہٹ کے ٹیلیفون کر دیں۔"

اب مجھے یقین واثق ہو گیا کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے اعلیٰ level پر ہمارے case میں دلچسپی رکھتے ہیں اور جلد ہی یہ معاملہ احسن طریقہ سے ختم ہو جائیگا۔

تقریباً تمام رات میرا بھائی انور، چھوٹو اور میں ان عجیب و غریب واقعات کے متعلق جو کہ کم از کم ہماری سمجھ سے بالاتر تھے۔ بات چیت کرتے رہے۔ تین چار روز کے بعد میں نے تقریباً اپنے تمام ملنے والوں سے یونیورسٹی میں اور شہر میں اس مسئلہ کے حل کیلئے مشورہ بھی کیا۔ تمام لوگوں نے صرف اور صرف یہی تجویز پیش کی کہ جتنی جلدی ہو سکے مکان خالی کر دو سوائے ایک بزرگ خاتون کے۔ کوئی بھی کچھ نہ کہہ سکا آخر معاملہ کیا ہے جس نے اپنی رائے کا اظہار کچھ یوں کیا:

"بعض اوقات landlords اپنے کرایہ داروں کو اس حد تک پریشان کرتے کہ وہ مجبور ہو کر جگہ چھوڑ دیتے ہیں۔"

بزرگ خاتون کی یہ رائے میری سمجھ سے بالاتر تھی کیونکہ مالک مکان نے ہم سے کبھی بھی مکان خالی کرنے کیلئے ضد نہ کی تھی۔ یہ بات اس کے علم میں تھی کہ میں اپنی رہائش گاہ تعمیر کروا رہا ہوں جس کی تکمیل چند ماہ میں متوقع ہے اور ہمیں اس کا مکان چھوڑنے میں چنداں تامل نہ ہو گا ویسے بھی ہم مکان کا کرایہ مقررہ تاریخ سے پہلے ادا کر دیتے ہیں۔

سیاسی طور پر میں کوئی اہم شخصیت نہیں تھا عام شہری کی طرح اگرچہ میری سیاسی وابستگیاں تھیں جس کا علم نہ صرف یونیورسٹی میں بلکہ دیگر حلقہ احباب کو بھی تھا۔ دراصل ایک جمہوری ملک میں ایسے معاملات کو زیادہ اہمیت نہیں دی جاتی۔

شومئی قسمت سے حالات بد سے بدتر ہوتے چلے گئے پہلے تو صرف چوری تھے یا کم از کم کچھ یوں ہی سمجھ رہا تھا۔ بعد میں پتھر پھینکنے والے "جن بھوت" بن گئے" جو کہ محض اپنی خباثت کے اظہار کیلئے اپنی اوچھی حرکات کے مرتکب ہوئے اور اب ایسے ذلیل اور خطرناک منصوبہ پر میرے گھر کو خاکستر کرنے پر تل گئے۔ ہمارا پیمانہ صبر لبریز ہو چکا تھا تاہم میں نے بظاہر صبر و تحمل کا لبادہ اوڑھے رکھا۔

classes دینے کے علاوہ میرا زیادہ تر وقت اپنی lab میں ریسرچ کرتے ہی گزرتا۔ اس قسم کے گھریلو معاملات میری یکسوئی میں مداخلت کرتے۔ جونہی میرے فون کی گھنٹی بجتی تو میرا دل بری طرح دھڑکنے لگتا کہ خدانخواستہ گھر میں کوئی غیر معمولی واقع رونما نہ ہوا ہو اور سوتے احساس کو تشویش زنی کرنے لگتے۔ میرے اعصاب بری طرح متاثر ہونے لگے۔ ریسرچ کے دوران برے برے خیالات حاوی رہتے۔ ہم تمام اہل خانہ جب ہر رات ایک ہی بڑے dining table پر رات کا کھانا کھا رہے تھے اور خوش بھی ایک مہینہ گزرنے کے باوجود کوئی ناخوشگوار واقع پیش نہیں آیا۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا کہ ہماری مصیبت کے دن بیت گئے اور اس

Marfat.com

خوش فہمی میں مبتلا تھے کہ ہمارے نادیدہ دشمن تھک ہار چکے ہیں اب ایسے واقعات دوبارہ رونما ہونے کا امکان نہیں۔

جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ بعض اوقات شر پسند عناصر بھی کبھی کسی شخص یا فیملی کو مذموم مقاصد کے تحت نشانہ بناتے اور اپنی نازیبا حرکات و سکنات سے دوسرے لوگوں کو پریشان کر کے لطف اندوز ہوتے ہیں جو کہ شیطانی فطرت کے عین مطابق ہے۔ یہ کوئی پیشہ ور بدمعاش نہیں ہوتے بلکہ بھٹکے ہوئے ایسے نوجوان جن کا تعلق broken families سے ہوتا ہے۔ ان کی سرشت میں صرف امن پسند شہریوں کو پریشان کر کے حظ اٹھانا مقصود ہے۔

ایک نوجوان شادی شدہ جوڑے نے جو کہ سمندر کے کنارے ہمارے گھر سے تھوڑی دور میں رہائش پذیر تھا بتایا کہ شر پسندوں نے اُن کی زندگی ایسی اجیرن کر دی کہ اُن کے پاس اپنا مکان چھوڑنے کے علاوہ کوئی چارہ نہ رہا تھا۔ یہ میاں بیوی میری ہی یونیورسٹی میں زیر تعلیم جو کہ کسی متمول گھرانے میں سے نہیں تھے۔ انہیں بڑی مشکل سے مناسب رہائش گاہ نصیب ہوئی جس کا کرایہ وہ اپنے والدین سے ملنے والی رقم سے بمشکل ادا کرتے۔ تقریباً ہر رات شر پسند اُن کے گھر پر پتھر پھینکتے یہاں تک کہ ایک روز ان کی جان بھی خطرے میں رہی۔ ایک دفعہ یہ بدمعاش اُن کی غیر موجودگی میں گھر میں در آئے۔ جب کوئی قیمتی چیز نہ ملی (طالب علموں کے پاس قیمتی اشیاء کا ہی فقدان ہوتا ہے) تو اس ناکامی پر جھلاہٹ میں ان کے پوشیدہ پارچات تو در کنار بستر دوں کے mattresses بھی چاقوؤں سے پھاڑ دیئے۔ دیواروں پر نازیبا فقرے لکھے اور ان کے برتن بھی توڑ پھوڑ کر چلے گئے۔ جوں ہی اس جوڑے نے مجھے اپنی داستان غم سنائی تو میں نے ان کے مصائب سے اپنے حالات کا موازنہ کرتے ہوئے اپنے آپ کو خوش قسمت پایا۔

ہم نے کھانے میں ضرورت سے زیادہ وقت لیا۔ صبح اتوار (چھٹی) کا دن، یونیورسٹی جانے کا خیال تک نہ تھا۔ کھانے سے فارغ ہو کر ایک ایک کر کے dining room سے چلتے بنے۔ میں نے لائبریری کا رخ کیا۔ فرخ اور نازیہ اپنے bedroom میں اور انور نے T V دیکھنے کو ترجیح دی جبکہ چھوٹو، ڈاکٹر صادق اُن کی بیوی اور بچے وہیں dining room میں مصروف رہے۔

اچانک مجھے زبردست دھماکہ سنائی دیا اور اس کے ساتھ ہی ایک دلخراش چیخ بلند ہوئی۔ دیگر افراد کی طرح دوڑتے ہوئے dining room میں اکٹھے ہوئے تو دیکھتے ہیں کہ چھوٹو dining room اور annexe کے درمیان فرش پر پڑا تھا اور اس کے اردگرد سیمنٹ کے بلاک کے ٹکڑے بکھرے ہیں۔ اس پر ambulance اور پولیس بلائی گئی۔ نہایت سرعت سے ambulance آئی، چھوٹو کو ہسپتال کے ایمرجنسی سیکشن میں لے جایا گیا۔ اس کا X-ray کیا، چند ایک ضروری انجکشن دیئے کیونکہ وہ ابھی تک بیہوش تھا اس لئے اسے under observation رکھ لیا گیا۔ میں نے انور کو وہیں چھوڑا اور خود گاڑی میں گھر چلا آیا۔

پولیس ابھی تک نہ پہنچی تھی رات کے دس بجے کا عمل ہوگا ہمارے پڑوسی اپنے مکانوں میں سے جھانک رہے تھے اور انتظار کر رہے تھے۔ انہیں ہمارے نزدیک ہمدردانہ طور پر آنے کی توفیق نہ ہوئی۔ ڈاکٹر صادق نے روئیداد بیان کی۔

"چھوٹو annexe کے ملحقہ کچن (گھر میں دو kitchens تھے) میں پانی لینے کی غرض سے گیا اور وہاں dining room والے میں بھی کچن میں کوئی چیز لینے گیا اور واپس آ گیا۔ بعد میں چھوٹو اپنے bedroom میں جانے کے ارادے سے جونہی کہ annexe میں کچن کے ساتھ واقع تھا۔ ابھی اس نے آدھا راستہ طے کیا ہو گا کہ چھت کے vent کے قریب کسی چھپے ہوئے شخص نے کنکریٹ کا بلاک چھوٹو کے سر پر دے مارا۔ وہ اچانک زبردست چوٹ کو برداشت نہ کر سکا اور چوٹ کی شدت سے فرش پر گر کر بیہوش ہو گیا۔ اس کے سر پر بیرونی زخم نہ تھا مگر سر کے ایک طرف ایک بڑا سا hematoma نمودار ہوا۔ ہو سکتا ہے کہ اس کی scalp کے اندر زخم ہو گیا ہو (Internal injury)۔

دو گھنٹے گزر گئے مگر تا حال پولیس نہ پہنچی تھی میں نے دوبارہ ٹیلیفون کیا اور قریباً آدھے گھنٹے کے بعد ایک پولیس کار ہمارے گھر کے دروازے پر آ رکی۔ میں نے انہیں صورت حال سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بڑے اطمینان سے notebook پر کچھ نوٹ کیا اور اپنی راہ لی۔ میں نے ہسپتال کے emergency سیکشن کو ٹیلیفون کیا چھوٹو ابھی تک بیہوش تھا البتہ جو ڈاکٹر اس کی دیکھ بھال کر رہا تھا اس نے مجھے تسلی دی کہ کوئی hemorrhage یا fracture وغیرہ نہیں۔ اس سے میری tension قدرے کم ہوئی۔ انور تمام رات ہسپتال میں ہی رہا۔ اگلی صبح میں ہسپتال گیا تو چھوٹو ہوش میں تھا اور سنبھلتا ہوا اٹھ بیٹھا مگر ڈاکٹر نے دو دن مزید رکنے کی ہدایت کی

Marfat.com

انور اور میں واپس لوٹے۔ weekend کے قریب میں اُسے گھر لے آیا، اب ایسا معلوم ہوتا کہ اُسے کچھ ہوا ہی نہیں۔

یہ تو حد تمام حدود پھلانگ گیا مگر کیا کیا جائے کس کی طرف رحم طلب نظروں سے دیکھیں۔ ہمیں ابن الوقت دوستوں نے بیچ منجدھار کے چھوڑ دیا اور نہایت قریبی دوست بھی چھپتے چھپاتے کبھی کبھار ملنے آجاتے۔ اس ملک میں جس کو میں اپنا دوسرا گھر خیال کرتا، بالکل تنہا ہو گیا جہاں کوئی ہمارا شریک حال نہ تھا۔ آخر کس سے دادرسی کی توقع رکھیں میں نے تو وینزویلا کو قدیمی مسکن سمجھ لیا۔ ابھی دولت مار رہا تھا اور میری ریسرچ کیلئے grant وغیرہ میں کسی قسم کی کمی نہ تھی جو چاہا، ملا۔

کوئی آدھی رات کا وقت ہوگا میں نے چوکیداری انور کے سپرد کی اور خود باتھ روم میں گیا۔ ابھی میں نکلا ہی تھا کہ living-room کے main gate (جو کہ front lawn میں کھلتا تھا) کو ایک زوردار جھٹکے سے کھلنے کی آواز سنائی دی۔ باتھ روم سے میں فرنٹ روم میں گیا اور انور بھی بھاگتا ہوا پہنچ گیا۔ دیکھتے کیا ہیں کہ چھوٹو کے پیچھے ... میں نے ہوائی فائرنگ شروع کر دی اور اندھیرے میں کار کے tyres کی چیخ و پکار سے معلوم ہوا کہ وہ بھاگ گئے ہیں۔ چھوٹو کا پتا ہوا، وہ بچ گیا۔ میں نے اسے سخت جھاڑ پلائی کیونکہ اسے پہلے بھی کئی مرتبہ تنبیہ کی گئی تھی کہ رات کو کسی صورت میں باہر نہ جائے اگر جانا بھی ہو تو اکیلے نہیں۔ ہمیں اپنے دشمنوں کو پکڑنے کی کوئی صورت نظر نہ آئی۔ آدھی رات کے وقت بغیر کسی احتیاطی تدابیر کے اندھیرے میں ان کا پیچھا کرنا خطرناک تھا۔ ... نازل ہوا کہ کسی ایک کی بھی ... تمام گھر والے جاگ اٹھے اور انہوں نے مجھے مجبور کیا کہ چھوٹو کی بات کو سن لیا جائے۔ چھوٹو نے ... بیان کی۔

"میرے bedroom کا آدھا دروازہ کھلا ہوا تھا۔ اچانک میرے ... روشنی کی روشنی سے میں نے ... روشنی اس دیوار کے اوپر سے آ رہی تھی جو کہ living-room سے ملحق دوسرے کمرے کی چھت کو چھوتی۔ میں نے ایک آدمی کو دیوار پر چڑھتے دیکھا اپنے آپ پر قابو نہ رکھ سکا اور میں اپنے بستر سے اٹھ کر چپکے سے چلتا ہوا فرنٹ ڈور کی طرف گیا۔ جب میں نے دروازہ کھولا تو کسی اجنبی نے دروازہ کھلنے کی آواز سن لی وہ سیدھے دروازے کی طرف بھاگے جہاں ایک کار کھڑی تھی اور اس کا انجن چل رہا تھا۔ میں نے ... پکڑنا چاہا مگر اس کے ساتھیوں نے اسے جو کہ کار میں بیٹھے ہوئے تھے اور اس کار کے بھی دروازے کھلے ہوئے تھے کسی وجہ سے اندر کھینچ لیا۔ مجھے اس قدر زبردست دھکا دیا کہ میں زمین بوس ہو گیا۔ وہ کار میں فرار ہو گئے۔ افسوس ہم نے دشمنوں کو پکڑنے کا یہ موقع بھی کھو دیا۔"

بظاہر ان نادیدہ دشمنوں کا ہماری جان لینے کا کوئی ارادہ نہ تھا۔ رات کے اندھیرے میں کوئی چھوٹو کو جسمانی طور پر ضرب بھی کر سکتا تھا۔ نہ کوئی واضح چہرہ تک ہوئی اور نہ ہی ہم ان کی شناخت کر سکتے۔ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ان لوگوں کی دشمنی سے پس پردہ کیا راز پوشیدہ تھے۔ کئی اندیشے ممکن تھے اور ہم نے ان کو ایک ایک کر کے تجزیہ کے بعد رفع کرنے کی کوشش کی۔

1۔ شروع میں تو ان کا ان غیر مہذب حرکات کا مقصد ہو سکتا تھا لیکن حالات نے یہ ثابت کی وجہ سے یہ غریب رخ اختیار کر لیا۔
2۔ اغوا کا جواز کوئی نہ تھا چونکہ قدرے آسودہ حال گھرانے سے ہم بھی نہ تھے کہ کوئی رقم وغیرہ کیلئے اغوا کرتے۔ جہاں تک ہماری جان کا تعلق ہے ... تو ان کے پاس سے بار بار کسی نے بھی ہمارا پیچھا نہ کیا اور اگر کیا بھی تو ہمیں کوئی خبر نہ ہوئی۔

Marfat.com

3۔ کئی بار دوستوں نے یہ خطرہ محسوس کیا کہ میں نسبتاً مشہور research worker ہوں جس نے کوئی 100 کے قریب scientific papers کئی professional scietific journals میں شائع کئے ہیں۔ ممکن ہے کسی نے اغوا کرنے کیلئے target بنایا ہوتا کہ یونیورسٹی کے حکام میرے تاوان دینے پر مجبور ہو جائیں مگر یہ مضحکہ خیز بات تھی۔ میں state کے کسی secret project پر research نہیں کر رہا تھا۔ بہر حال اگر ہمارے دشمنوں کا یہ نظریہ ہوتا تو مجھے اغوا وہ بآسانی کر سکتے تھے کیونکہ میں جب وقت آیا اور جسمانی لحاظ سے بھی ایسی مضبوط وضع قطع شخصیت کا حامل نہ تھا، نہ ہوں کہ اس عمل کے دوران موثر مزاحمت کر سکوں۔ ان دنوں میں ایک gringo (Latin America میں شمالی امریکہ کے باشندوں کیلئے ایک slang) جو کہ ایک مشہور امریکن کمپنی کا executive تھا اس کو اپنے ہی گھر سے اغوا کرلیا گیا۔ دو سال کا عرصہ ہوا اسکی کوئی سن گن نہ ملی۔ کوئی نہیں جانتا وہ زندہ ہے یا مر چکا ہے۔ سننے میں آیا ہے کہ وہ برآمد کیا گیا اور کہتے ہیں گورنمنٹ کو اس کا بھاری تاوان دینا پڑا۔ سچ تو یہ ہے کہ اس واقعے نے upper middle calss میں خوف پیدا کر دیا لیکن میرے جیسا ایک یونیورسٹی کا گمنام پروفیسر جو کہ محدود تعلیمی حلقوں میں جان پہچان رکھتا ہو اس میں شک نہیں کہ scietific papers کی وجہ سے بھی خاص حد تک خاص لوگوں میں جانا جاتا تھا اس کو اغوا کرنے کیلئے کوئی خواہ مخواہ خطرہ مول نہیں لینا چاہے گا۔

4۔ قتل کی سازش کا تو سوچنا ہی فضول تھا۔

5۔ کرایہ کے مکان والی بات بھی کوئی معقول جواز نہ بنتا کیونکہ اس بارے میں مالک مکان متفق تھا۔

6۔ میری سیاسی ترجیحات بھی اتنی اہم نہ تھیں جو کسی کی توجہ کی محتاج ہوں۔ اچھے شہریوں کی طرح میری بھی ایک سیاسی پارٹی سے وابستگی ضرور تھی مگر high level پر کسی اہم سیاسی پالیسی میں دخل انداز نہ ہوتا۔

حالات سے پیش نظر میرا گھر ہی تمام واقعات کا محور بنا ہوا تھا۔ گھر ہی principal target تھا، جبکہ گھر پر ہی فائرنگ ہوتی، پتھر برسائے جاتے، آگ لگائی جاتی اور کبھی کبھی کوئی اہل خانہ ان حالات سے متاثر ہو جاتا۔

ایک دن میرا ایک Gringo دوست جس کا نام Tom Curry اور میری طرح وینزویلا کی شہریت اختیار کئے ہوئے ہے مجھ سے ملنے آیا۔ اس نے تجویز پیش کی کہ ایک شخص Trinidad and Tobago کا رہنے والا (جزائر جو کہ ہمارے شہر سے کوئی 25 منٹ فلائیٹ پر واقع ہیں) جس کا نام Andy اور آجکل Cumaná میں ہی رہائش پذیر ہے۔ مشہور کار مکینک جس کو ہم بھی جانتے ہو۔ کیوں نہ اس سلسلہ میں اس سے رابطہ قائم کیا جائے ؟

بات یہ تھی کہ Andy بظاہر کار مکینک مگر اس بھیس میں وہ زیر زمین مشکوک افراد کی تنظیم کا ring لیڈر تھا جو لوگ دولت کیلئے کچھ بھی کر سکتے ہیں اور اس گینگ میں سے چند ایک لوگوں نے دولت کی خاطر کئی لوگوں کو قتل بھی کر دیا۔ مجھے اسکی یہ تجویز پسند تو آئی مگر حیاں پہ خطرناک تھی۔ ایک بار ان لوگوں کی اگر کسی شریف اور مجبور آدمی تک رسائی ہو جائے اور اس کے کسی کمزور پوائنٹ سے واقف ہو جائیں تو یہ امکان غالب ہے کہ وہ extortion کیلئے کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہیں کرتے۔ black mailing تو ان کے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے۔

جب آتش جوان تھا تو Andy اور اس کے دوستوں کے ساتھ آوارہ گردی کیا کرتا مگر ذرہ بھی شک نہ گزرا کہ وہ mobster ہے۔ وہ ایک self-made آدمی دکھائی دیتا۔ اس نے پہلے ایک چھوٹا سا ورکشاپ کاروں کی مرمت کیلئے لیا تو اسے بڑی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا کیونکہ بدمعاش لوگ اس کا سامان وغیرہ چوری کر کے لے جایا کرتے مگر اس نے حوصلہ نہ ہارا اور کسی نہ کسی طرح ان غنڈوں سے چھٹکارا حاصل کر ہی لیا۔ یہاں تک کہ اب اس نے اپنی gang بنالی۔ Andy نے کار مکینک کے کئی ایک ورکس اور کئی سالوں کی محنت شاقہ کے بعد اپنے فن میں شہرت حاصل کرلی۔ میں اپنی کار کئی بار اس کے پاس reparing کیلئے لے گیا۔ آہستہ آہستہ ہم اچھے دوست بن گئے اور کئی بار میرے گھر garden parties پر آیا کرتا۔ متعدد بار ہم weekends اور چھٹیوں میں beach پر اکٹھے رہے۔ ان دنوں میں مجھے اس قسم کی مشکلات کا سامنا نہ ہوا۔ جن سے میں اب دوچار ہوں ہم تو صرف parties میں اکٹھے جانے والے دوست تھے۔ وہ میری کار کی مرمت پر خصوصی توجہ دیتا اور اسی دن مرمت کر کے یا تو میرے گھر یا

یونیورسٹی میں کام کرنے آتا۔ مزے کی بات یہ تھی کہ وہ مجھ سے جائز اجرت سے بھی کم میرے اندازے میں اجرت لیتا۔ میں حیران ہوتا کہ وہ کبھی اکیلا نہ ملتا، باہر یا ورکشاپ میں ہمیشہ عجیب و غریب ہیئت کے اس کے دوست ہوتے۔ میں نے کبھی ان دوستوں کے متعلق پوچھا اور نہ ہی اس نے کبھی بتایا۔

اپنے دوست Tom Curry کی تجویز کو پیش نظر رکھتے ہوئے ایک دن Andy کو ملنے گیا۔ اس کی ورکشاپ کسی اور جگہ پر منتقل ہو چکی تھی۔ کافی دیر گاڑی چلانے کے بعد مجھے اس کے ٹھکانے کا پتہ چلا۔ ورکشاپ کیا تھی۔ ایک ٹوٹا پھوٹا گودام نما شیڈ تھا جس کا کوئی دروازہ نہ تھا۔ آدمی باآسانی اندر جا کر کوئی چیز اٹھا سکتا۔ میں نے ورکشاپ کے داخلے کے سامنے اپنی گاڑی روک کر ایک مرتبہ بار بار ہارن بجایا اور Andy ہاتھ میں اوزار پکڑے اپنے کام کے apron میں نمودار ہوا۔ یہ apron اس قدر گندہ تھا کہ اس کا اصلی رنگ شناخت کرنا جوئے شیر لانے کے مترادف۔ میں نے سب سے پہلے اس سے یہ سوال کیا:

"amigo (ہسپانوی زبان میں دوست) تمہاری ورکشاپ کے داخلے پر دروازہ کیوں نہیں ہے؟"

"کس کی مجال ہے جو بغیر اجازت اندر داخل ہو۔ اگر میں یہاں نہ ہوں اور کئی دن غیر حاضر رہوں تو بھی کوئی اندر داخل ہونے کی جرات نہیں کر سکتا۔" اس نے بڑی بے نیازی سے جواب دیا۔

میں ورطہ حیرت میں رہ گیا کیونکہ جس علاقہ میں اس کی ورکشاپ تھی وہ شہر کا ٹوٹا پھوٹا rundown علاقہ اور جرائم پیشہ گروہوں کی آماجگاہ تھا۔ ہر قسم کے قانون شکن لوگ وہاں رہتے اور دن دیہاڑے راہگیروں اور اجنبی مسافروں کو لوٹ لینا ان کا معمول تھا۔ Andy ایسے لوگوں میں گھرا ہوا تھا کہ جن کا روز کا معمول قانون شکنی پر مبنی تھا۔ جب وہ میرے قریب آیا تو دیکھتا کیا ہوں کہ چند دو جوان ایک jalopy (کوئی چھوٹی کار) کی مرمت میں مصروف تھے۔ میں چاہتا تھا کہ اپنی مشکلات کا اظہار اس سے تنہائی میں کروں مگر وہ مصر تھا کہ کھل کر بات کروں۔ میں نے یہ کہتے ہوئے انکار کر دیا کہ معاملہ اس قدر سنجیدہ ہے کہ ہم دونوں تنہائی میں بات کریں تو مناسب ہے۔

اس نے مجھے ایک ساتھ والے کمرے کی طرف چلنے کا اشارہ کیا جس کے داخلے پر بھی کوئی دروازہ نہ تھا۔ اندر کا منظر عجیب و غریب تھا۔ صرف کاروں کے نئے اور پرانے tyres پر مشتمل۔ تین چار tyres ایک دوسرے کے اوپر اور چار پانچ tyres ایک دوسرے کے اوپر اور اس کی یہی چھوٹا فرنیچر کا احوال تھا۔ کمرے میں شراب کی خالی بوتلیں بکھری پڑی تھیں۔ اس نے مجھے کہتے ہوئے tyres کی نشست کو سنبھالنے کے لئے کہا لیکن میں نے بیٹھنے میں کچھ تامل کیا۔

"Senior (Sir) پروفیسر صاحب! میں آپ کے لئے ایک صوفہ لاتا ہوں اور وہ لایا بھی تو کیا جو صوفہ کم اور کباڑ زیادہ تھا۔ بہر حال میں بیٹھ گیا۔ اس نے مجھے کچھ drinks پیش کیے تو میں نے انکار کر دیا کیونکہ میں نہایت پریشان کن حالات سے دوچار تھا۔ یہ بھی خیال کہ کوئی ہماری پوشیدہ گفتگو سن نہ لے۔ اسی خیال کے پیش نظر میں نے اسے ہوٹل Cumanagoto (قریب ترین ہوٹل جو شہر سے کوئی چار کلومیٹر دور سمندر کے کنارے واقع ہے) چلنے کی ترغیب دی۔ اس نے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ میرا "ایک اصول ہے جب اپنے دفتر میں کسی دوست سے گفتگو میں مصروف ہوتا ہوں تو چاہے کتنا ضروری معاملہ کیوں نہ ہو۔ میرا ملازم مداخلت نہیں کرتا۔"

میں نے تفصیلاً اپنی دردناک داستان سنا دی۔ سن کر وہ نہ صرف پریشان ہوا بلکہ انتہائی دکھی ہوا۔ کہنے لگا: "اگر آپ نے پہلے رابطہ کیا ہوتا تو نوبت شاید یہاں تک نہ پہنچتی۔" گو وہ ہماری مدد کو تیار تھا مگر اس نے یہ سوچ کر کہ یہ معاملہ چونکہ پولیس کے زیر تفتیش ہے، مداخلت موزوں نہ سمجھا۔

"شروع شروع میں مجھے خیال آیا کہ میں underground سے رابطہ کروں لیکن جب یہ کیس پہلے ہی قانون نافذ کرنے والوں کے پاس تھا لہذا میں نے مناسب نہ سمجھتے ہوئے گریز کیا۔" میں نے افسردہ لہجہ میں کہا۔

میں کافی دیر اس کے پاس بیٹھا رہا اور ہم بیتے دنوں کی یاد تازہ کرتے رہے کہ کس طرح ہم weekends پر شہر سے دور سمندر کے کنارے راتیں بسر کرتے۔ جب میں وینزویلا میں آیا یہ کوئی 13 سال پہلے کی بات ہے تو میرا یونیورسٹی کے ساتھ ایک سال کا contract تھا۔ اب حالات کافی مختلف ہیں۔ شہر کا نقشہ یا panorama بدل چکا اور تیزی سے مزید بدل رہا ہے۔ نئی عمارتیں

Marfat.com

سے بعد میں وہ براہ راست موضوع پر پہنچا کہ اس کے muchachos (Spanish زبان میں حواریوں کو کہتے ہیں ویسے اس کے لفظی معنی boys کے ہیں۔ ان سے کوئی کام لے) کس طرح سے میری مدد کر سکتے ہیں اور ان کا کیا مقام ہے۔ کچھ دیر سوچنے کے بعد اس نے جواب دیا

"پچھلے برس جب میں ایک کار ایجنسی میں mechanic تھا تو اپنا کاروبار شروع کرنے کا سوچا لہٰذا میں نے ملازمت چھوڑ دی۔ مجھے بڑی مشکلات کا سامنا ہوا جہاں میں نے اپنی ورکشاپ کرایہ پر لی۔ وہاں رات کے اندھیرے میں ہی نہیں بلکہ دن کو بھی میری آنکھوں کے سامنے بدمعاش آتے اور جو چیز انہیں پسند ہوتی لے جاتے۔ میں اس قدر لاچار کہ مزاحمت اور مدافعت سے قاصر تھا۔ مجھے بدمعاش گروہ کے غنڈوں نے کئی دفعہ دھمکی دی اگر میں نے پولیس کو اطلاع دی تو اس سے پہلے اپنے لئے قبر کھدوا لوں تاکہ ان بدمعاشوں کو مجھے مارنے کے بعد قبر کھودنے کی تکلیف نہ اٹھانی پڑے۔ ایک دفعہ تو میں نے شہر کو چھوڑنے کا ارادہ کر لیا لیکن میں یہ سب اندر ہی اندر سہتا رہا۔ اچھا وقت آنے کی امید رہتی تھی لہٰذا میں ڈٹا رہا۔ حالات بہتر ہونے شروع ہو گئے۔ یہ پچھلے سال کی بات ہے کہ میرا رابطہ intelligence کے ایک اعلیٰ آفیسر سے ہو گیا۔ وہ میری طرح شوقین مزاج آدمی تھا۔ اس سے چند ملاقاتوں کے بعد مجھے Special Agent کا کارڈ Issue کر دیا جس سے میرا استحقاق کا مسئلہ یوں تو نہیں حل ہو گیا لیکن اس کارڈ کے ملنے پر مجھے بہت حوصلہ ملا اور میں نے سکھ کا سانس لیا۔ میں لوگوں کو تلاش کر کے اپنا کارڈ دکھاتا اور جو غنڈے نہ صرف مجھ سے ڈرتے رہتے بلکہ عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھنے لگے۔ ہوا یوں کہ غنڈوں کے اصول کے مطابق یہ ان کی ... آپ ہمیشہ قانون کے امور میں مداخلت نہیں کرتا جب تک کوئی ایک نیا چہرہ ان کی کارروائی ڈالنے آ جاتے ہیں۔ میری ... کا یہ مطلب نہیں کہ ... رہتے ہیں۔ کوئی بھی کسی وقت فائدہ اٹھا سکتا۔"

"ایک ہفتے پہلے کی بات ہے شام میں ورکشاپ کے shed کے نیچے بڑا خوش تھا کہ آرام کر رہا تھا کہ دن کی غنڈے نے آ کر کچھ پیش کش کی۔ اس کی ٹیم میں ایک شخص جس کا sobre nombre (عرفیت) Volkswagon اور جس کے بارے میں کوئی بات بھی نہیں کی جا سکتی۔ جب وہ تنگ دست ہوتا تو کوئی چیز چوری کرنے، چھیننے یا مانگنے سے گریز نہ کرتا۔ میری ورکشاپ میں وہ بھی کار لاتا تھا۔ یہ عرفیت اس کی خوش قسمتی اور حد سے زیادہ بچپن کی وجہ سے تھی (شروعات میں میرے پاس Volkswagon 1300 تھی جو anfibio یعنی بیک وقت پانی میں اور خشکی پر چل سکتی تھی۔ شہر میں بڑا سیلاب آیا ہوا تھا میں کار ڈرائیو کر رہا تھا میری بیوی میرے ساتھ بیٹھی ہوئی تھی۔ آپ یقین کریں سیلاب کا پانی کار کے شیشوں کے level تک تھا لیکن Volkswagon رواں دواں چلی جا رہی تھی۔ جبکہ بڑی بڑی قیمتی کاریں Ford Ltd. Mustang. Caprice وغیرہ وغیرہ پانی میں بند ہو گئیں تھیں۔ یاد رہے کہ motorboat کی طرح Volkswagon کا انجن پچھلی طرف ہوتا ہے) اور مجھے لوگوں نے اس کے متعلق عجیب و غریب کہانیاں سنا رکھی تھیں۔ اس سے پچھلے دنوں میرے احباب نے تائید کی۔ ایک دفعہ Volkswagon نے ایک Ford Ltd گاڑی کو دیکھ کر اس کی ایک کھڑکی تک رسائی سے اتار کر اپنے پاس رکھ لی اور اس کے کئی پرزے نکال لئے جو کہ اس نے ایک کباڑیئے کے ہاتھ نہایت سستے داموں فروخت کر دیئے۔ اسی وجہ سے یہ کباڑیا اس کے خلاف ہو گیا اور پولیس کو اطلاع کر دی۔ پولیس افسران نے کسی نامعلوم وجہ بات کی بنا پر اس کی تفتیش کرنے کی تکلیف گوارا نہ کی۔ اس کے آتے ہی میں نے اپنا intelligence کا Special Card اس کو دکھایا تو اس کے پاؤں تلے سے زمین نکل گئی۔ اس کارڈ کا جادو سا اثر ہوا۔ نہ صرف اس کا رنگ پیلا پڑ گیا بلکہ وہ کانپنے لگا تو میں نے سمجھ لیا کہ اس سے خطرہ ٹل گیا ہے۔ پھر وہ چلا گیا اور پہلی فرصت میں underground کو خبر مل گئی کہ Andy نہ صرف ایک نئی محنتی Special Agent بھی ہے جس کے تعلقات پولیس و ملٹری کے اعلیٰ آفسران تک ہیں۔ اس سے بچ کر رہنا چاہیئے وہ ایک بااثر آدمی ہے۔

"کوئی ایک ہفتے کے بعد Volkswagon نے مجھے اپنی ملازمت کے لئے کہا۔ کس قسم کی نوکری؟" جس سے وہ ایمانداری کی روزی کما سکے۔ مجھے یہ بات دل کو لگی اور اس نے Volkswagon کو بطور ملازم رکھ لیا۔ انجن کے بھاری پرزوں کو اٹھانا اور اسی نوعیت سے کئی کام جو کہ مخصوص نہ تھے اس کے ذمہ ڈال دیئے۔ اُس دن کے بعد مجھے کسی نے آنکھ اٹھا کر نہ

Marfat.com

دیکھا۔ اب مجھے کسی تالے اور دروازے وغیرہ کی ضرورت نہ تھی۔ Volkswagon کی نوکری اور میری خصوصی مہارت کی خبر جنگل کی آگ کی طرح underworld میں پھیل گئی اور ضرورت مندوں نے میری خدمات مسائل کو حل کرنے کیلئے حاصل کرنا شروع کر دیں۔ جب کسی کے مجرموں اور مشکوک شخصیات سے تعلق ہو جائیں تو دلدل میں اندر دھنسنے کا خطرہ لاحق ہو جاتا ہے مگر میری position مختلف تھی۔ خود مشہور موٹر مکینک اور روزی سخت محنت سے کماتا ہوں۔ اس کے علاوہ جہاں تک ہو سکے دوسروں کی خدمت کرنے سے دریغ نہیں کرتا۔"

اب Andy کے پاس پانچ سخت جان لوگوں کا گینگ تھا جو کہ اس کے تنخواہ دار ملازم تھے اور اس کی ہدایت کے مطابق کسی بھی نوعیت کے کام کرنے کیلئے کمربستہ رہتے۔ یہ تمام کے تمام افراد کسی نہ کسی وقت کسی جرم کی پاداش میں پولیس کی حراست میں ضرور گئے اور چند ایک کی تو باقاعدہ history sheet بھی تھی۔ دن کے وقت تو وہ توقع کے مطابق اپنی جاب کا کام میں مصروف رہتے اور رات کو انہیں کھلی چھٹی تھی۔ Andy نے صاف صاف کہہ رکھا تھا کہ نوکری کے علاوہ اس کا ان کی کسی دوسری سرگرمیوں سے کوئی تعلق نہیں اور یہ بھی تاکید کر رکھی تھی کہ وہ قانون کے ساتھ ٹکر لیکر مصیبت میں نہ پھنس جائیں نہ ہی کسی شریف شہری کو ناجائز تنگ کریں۔

جہاں تک ان کی ملازمت کا تعلق تھا ان کو ورکشاپ سے معقول اجرت ملتی اور وہ اس اجرت سے ضرورت سے زیادہ خوش تھے رات کے وقت ان کی زندگی مختلف نوعیت کی تھی اور وہ بدنام قسم کے لوگ تھے جو کہ bars میں اکثر پائے جاتے اور اکثر پیر سوموار کی صبح کو جب وہ کام پر آتے تو ان کے جسم سوجے ہوئے ہوتے۔ جسم پر dents ہوتے۔ Andy اس خطرے سے آگاہ ہو چکا تھا اور بڑی دانشمندی سے ہمیشہ ان کے رات کے معاملات سے کنارہ کشی اختیار کئے رکھتا۔

صرف Volkswagon ہی "lone wolf" تھا۔ کوئی ساتھی نہ کوئی اڈا۔ اگرچہ ابھی اس کی موجودگی عام طور پر bars میں آنے والے خطرے کا سگنل ہوا کرتی۔ حال ہی میں وہ ذرا تھک گیا اور اس کی زندگی نے بہتری کی طرف رخ اختیار کیا۔ دن بھر وہ تندہی سے کام کرتا۔ رات کو وہ تھکن دور اور سکون حاصل کرنے کیلئے ایک دو پیگ شراب کے لیتا اور [illegible] کرتا۔

ایک رات مذکورہ بالا پانچ کے گینگ نے کسی شخص سے تکرار شروع کر دی اور اس دوران اس کو مار [illegible] تک جیل میں نہ رہ سکا اور چند ماہ بعد وہ باہر آ گیا۔ پھر سے وہ اپنے دھندے میں مصروف ہو گئے مگر Andy کی ملازمت [illegible] کوئی پانچ سال اس قتل کے بعد جب اپنے مخصوص ٹھکانے پر شراب نوشی میں مشغول تھے تو ان میں سے ایک شخص نے [illegible] دوسرے گروپ نے shoot کر کے جہنم واصل کر دیا۔ اب اس گینگ کے چار افراد رہ گئے جو کہ Volkswagon کے ساتھ Andy کی ورکشاپ میں دن رات کام کرتے مگر رات کو وہی سرگرمیاں جاری رکھتے۔ Volkswagon نے اپنی پسندیدہ زندگی ترک کر دی۔ ان چاروں میں سے دو کا جسم مختلف قسم کے scars اور cuts سے بھرا ہوا تھا جو کہ ان کی جرائم زدہ زندگی کی نشاندہی کرتے۔ ایک کے رخسار پر scar نے تو اس کے چہرے کو بدنما بنا دیا تھا۔ ان حالات میں اپنی حفاظت کیلئے میں ان کی خدمات حاصل کرنے کیلئے بہت تحمل سے کام لے رہا تھا مگر Andy نے مجھے بار بار یقین دلایا کہ فکر نہ کرو تمہاری مشکلات میری مشکلات ہیں میں حالات سے نپٹ جاتا ہوں اور یہ بھی طے پایا کہ میں نے ان کو اپنی خدمات کیلئے چھوٹی موٹی بھی اجرت کے طور پر نہیں دینی ماسوائے اس کے کہ جب کوئی [illegible] سے گڑبڑ کی تو ان کو قانون سے بچانے کیلئے اپنا اثر و رسوخ استعمال کرنا ہو گا جو کہ میرے لئے کوئی مشکل نہ تھا۔ مگر تاہم [illegible] منظم ہو گیا۔ میرے وہاں سے اٹھ کر چلے جانے سے پہلے Andy نے کہا کہ آج کی رات وہ خود اور چار gang ممبر [illegible] میرے گھر کے [illegible] کار میں چھپا لگا لیں گے تاکہ حالات کا جائزہ لیں اور ہمارے دشمنوں کے بھاگ جانے کے راستوں پر غور کیا جائے۔ میں نے اس کار کے متعلق پوچھا کہ وہ کس کار میں چھپا لگائیں گے تو اس نے رازداری کیلئے کار کی شناخت بتانے سے انکار کر دیا۔

رات کو ہم حسب معمول پہرہ داری کر رہے تھے مگر ہمیں یہ پتہ نہ چل سکا کہ دوسری کاروں میں سے جو کاریں ہمارے گھر کے نزدیک سے گزر رہی تھیں Andy کی کونسی کار تھی۔ ہو سکتا ہے کہ کسی مجبوری کے تحت وہ آیا ہی نہ ہو۔

چند دنوں کے بعد Andy نے مجھے ٹیلیفون پر اپنی ورکشاپ میں آنے کیلئے کہا لہذا میں مقررہ وقت پر وہاں پہنچ گیا۔ اس نے مجھے واضح کیا کہ صورت حال نہایت مشکل تھی یہ نہ سمجھنا کہ میں تمہارے دشمنوں سے خوف زدہ ہوں مگر تمہارے گھر کا کل وقتی پہرہ

Marfat.com

پہلے سے ہی ان کی حفاظت ممکن نہیں رہی تھی۔ اسی رات اس نے دو مختلف کاروں میں ہمارے علاقے کے کئی چکر لگائے اور جاتے وقت مدد کا اچھی طرح سے جائزہ لیا۔ بہر حال وہ ہماری مدد کیلئے مرا جاتا تھا۔

اس نے اپنے gang کے لوگوں کو چپ چاپ مختلف جگہوں پر متعین کر دیا تا کہ وہ ہمارے گھر پر نگاہ رکھ سکیں اور ہر ایک کو خاص ہدایت تھی کہ اگر کوئی ہم پر پتھر پھینکے یا اندر داخل ہونے کی کوشش کرے تو ایک خاص قسم کے رابطے سے ایک دوسرے کو سگنل کریں۔ اس کام کیلئے torch lights اور رات کی تاریکی میں چمکنے والے چاک سے اشارہ کریں۔ اس نے مجھے بار بار یقین دہانی کرائی کہ اس نے اپنی مہم کو اچھی طرح سے plan کیا ہے اور اس کا gang اپنی ذمہ داریوں سے بخوبی آگاہ ہے کہ کس طرح سے دشمنوں کا پیچھا کرنا ہے۔ یہ بات بھی کہ وہ اپنے اس کام کیلئے اپنی جان کی بازی بھی لگانے سے دریغ نہیں کریں گے۔ نہ صرف یہ کہ وہ رات کو ہمارے گھر کی حفاظت کیلئے مستعد رہیں گے بلکہ دن کے وقت بھی وہ باری باری تمہارے گھر کا چکر لگاتے رہیں گے۔ مال مویشی کی طرح ان کی نیت واضح نظر آتی تھی۔ Andy کے لئے یہ ممکن نہ تھا کہ دن میں وہ سب ایک وقت اس کام کیلئے شب سے فارغ کر دیتا۔ بہر حال رات کے وقت اور weekend پر وہ تمام ہمارے علاقے میں ہوتے۔

مغربی تہذیب میں اس قسم کی دوستی کو سمجھنا ذرا مشکل کام ہے مگر Latin America اور Asia کے چند ملکوں میں ایسے لوگ ہیں جو ہمارے دوستوں کی مدد کیلئے اپنی حد سے بڑھ کر مدد کیلئے ہر وقت تیار ہوتے ہیں۔

Andy کا gang شام کو ہی بستی میں شراب نوشی کیا کرتا تاکہ پتہ چل سکے کہ آخر وہ کون لوگ ہیں جنہوں نے ہمارے گھر پر حملے کئے تھے۔ مگر ان کی تمام کوششیں ہمارے ہوشیار دشمن کے سامنے بے سود ثابت ہوئیں۔

Mercedes-Benz شعلوں کی لپیٹ میں

دن ہفتوں میں تبدیل ہوتے گئے اور کوئی سانحہ پیش نہ آیا جبکہ ہم کسی نادیدہ ایکشن کیلئے بیتاب ہو رہے تھے۔ جیسے یہ خطرہ ٹل گیا ہو۔ شاید grapevine (مخبری) نے ہمارے دشمنوں کو باخبر کر دیا تھا۔ Andy نے بار بار تاکید کی، "آپ بے فکر رہیں بہر حال gang کی موجودگی کی وجہ سے یہ حالت ممکن ہے۔"

وہ ہر weekend پر میں بہت خوش دیتا کہ وہ مختلف bars میں جا کر شراب نوشی کریں جہاں مشکوک افراد جاتے ہیں۔ شاید اس طرح ان سے کوئی کارآمد اطلاع میسر آ سکے۔

انہوں نے بڑی امید سے پیچھا کیا کہ ان کا ہمارے گھر سے جانب جنوب تھوڑے فاصلے پر ساحل سمندر پر جس طرف ہمارے دشمن جا کر شراب نوشی کرتے، ان bars میں جانا شروع کر دیا۔ باوجود اسکے کہ وہ تمام معاملات کو بڑے احسن طریقے سے سنبھال رہے تھے پھر بھی ان کی کوششیں بار آور ثابت نہ ہوئیں۔ کسی طرف سے کوئی lead نہ ملی جس کا پیچھا کیا جا سکتا۔

یہ بات بڑی خوش آئند تھی کہ جب سے ہمارے گھر کی اس gang نے نگرانی شروع کی، کسی نے کوئی پتھر پھینکا اور نہ ہی کسی نے کوئی جرات کی۔ یہ نگرانی ہمارے لئے ایک باعث اطمینان تھا اور ہم لوگ پرامید تھے کہ یہ پرامن دور ہمیشہ رہے گا۔

سوائے مستورات، بچے اور چھوٹے گھر میں کوئی موجود نہ تھا جبکہ ہمارا مہمان ڈاکٹر صادق بھی شہر چلا گیا۔ انور اور میں یونیورسٹی میں تھے۔ بعد از دوپہر میری lab سے ٹیلیفون کی گھنٹی بجی۔ لائن پر فرخ نے سسکیوں کے درمیان بتایا کہ ہمارے گھر پر ہر طرف سے پتھروں کی بارش ہو رہی ہے اور ہمارے دشمنوں میں سے ایک چھلانگ لگا کر back lawn میں اندر آ گیا لہذا مجھے فوراً آنے کیلئے کہا۔ میں نے انور کو کہا کہ یونیورسٹی کی ہنگامی بندش میں کام کرتا ٹیلیفون پر اطلاع دینے میں رتی بھر وقت ضائع نہ کیا اور ان سے فون پر رابطہ کیا۔ پانچویں منزل سے سیڑھیاں پھلانگتا ہوا parking lot میں پہنچا اور کار کو سرعت سے گھر کی طرف دوڑایا۔ ابھی انور ہم سے پہلے گھر پہنچ چکا تھا۔ front lawn میں Winchester ہاتھ میں لئے کھڑا تھا۔ بلاشبہ گھر پر پتھروں کی بارش سے اتار دیئے۔ ادھر چھت پر مختلف سائز کے پتھر گھر کے چاروں طرف بکھرے پڑے تھے جبکہ بچوں اس grill سے پھینکے گئے جو گھر کے main حصہ کو

annexe سے جدا کرتی ہے۔ یہ ہماری خوش بختی تھی کہ گھر کے کسی فرد کو پتھروں کی بارش سے زخمی نہ کیا کیونکہ جونہی پتھر برسنے شروع ہوئے بچوں کو ان کے کمرے میں محفوظ کر دیا گیا۔

حالات شاہد تھے کہ ملازم چار افراد نے اس مذموم کارروائی میں حصہ لیا ہوگا اور یہ دیکھ کر ہمارے پاؤں سے زمین نکل گئی۔ دن دیہاڑے ہم لوگ ایسی مشکلات میں گھرے کہ پولیس کو ٹیلیفون کیا مگر حسب معمول کوئی شنوائی نہ ہوئی۔ اب ہماری راتوں کی نیند اڑ گئی تھی بلکہ دن کو بھی ہمارا محتاط رہنا ضروری ہو گیا کیونکہ انور اور میں گھر سے تقریباً سات منٹ کی ڈرائیو کے فاصلے پر کام کرتے تھے۔ مناسب تھا کہ ہم دونوں میں سے کوئی ایک وقت نکال کر گھر کی دیکھ بھال کر لیا کرتا۔ خصوصاً یہ [illegible] سے پریشانی کا باعث [illegible] مختلف فرائض کی بیک وقت بجا آوری کیسے دو بھاگ [illegible] کا امکان تھا اور اسی طرح research میں رکاوٹیں شروع ہو گئیں [illegible] احساس تشنگی کرنے لگا۔ ہم ایک دن یونیورسٹی سے قدرے جلدی گھر آنے کے بعد انور یہیں [illegible] مختلف [illegible] positions سے بیٹھ جاتے اور ہماری نظریں صرف [illegible] پر مرکوز رہتیں۔ صورت حال کے پیش نظر [illegible] ہوا کرتے۔

عام طور پر دھیان رکھنے والی چیزیں ایک bar کو [illegible] ہمارے گھر سے تقریباً تیس طرف کوئی 30 گز کے فاصلے پر [illegible] سمندر پر واقع تھی۔ علاوہ ازیں جھاڑیاں اس سڑک کے ساتھ ہماری [illegible] گھر کے کئی وقوع واقع [illegible] جو ہمارے گھر کے ساتھ جس میں جنگلی پودوں وغیرہ کی بہتات تھی۔ یہ فرائض رات کے 7 بجے تک ہمارے supper تک [illegible] میں شامل تھے۔ اکثر اوقات ایسا ہوتا کہ جونہی ہم خفیہ ٹھکانوں سے گھر میں داخل ہوتے تو پتھر برسنا شروع ہو جاتے جیسے یہ کوئی [illegible] عمل ہو یا غیر مرئی قوت حرکت ہو۔ اسی کیفیت نے ہمیں تشویش میں ڈال دیا۔ پتھر تھے کہ ہر طرف سے آ رہے تھے لیکن [illegible] کے دو دو لوگ ہیں۔ کتنی جلدی کہاں غائب ہو جاتے؟ متعدد بار میں نے اپنے پڑوسیوں سے بڑے تحمل سے پوچھا [illegible] کبھی کسی کو پتھر پھینکتے ہوئے نہیں دیکھا اور کسی بھاگتے ہوئے کو دیکھا ان کا ایک ہی جواب ہوتا کہ ان سے lawn میں کوئی نظر نہیں آیا جو پتھر پھینک کر بھاگتے ہوئے دیکھا ہے۔ کئی بار چھوٹی بڑی جگہ چھپ چھپ کر پڑوسیوں سے گھر میں پتھر پھینکنے [illegible] شروع ہو جاتی جیسے وہ بھی ہمارے دشمنوں سے محفوظ نہ ہوں۔ یہ سلسلہ ہمارے وقفوں پر جاری رہتا [illegible] ہمارے [illegible] لوگ بھی آشنا ہو چکے تھے۔ اب ہماری شرارت رنگ لائی۔ ہمارے پڑوسی بار بار ٹیلیفون پر ہمارے گھر کی حفاظت کیلئے تشویش کا اظہار کرتے مگر جواباً میں نے ان کی عنایت کا شکریہ ادا کر دیا۔

اسی طور دن گزرتے اور مختلف اوقات میں پتھر برستے رہے۔ ہم تھکے ہوئے بیداری پر ہوتے ہوئے۔ حقیقت میں ہمارے روزمرہ کا معمول بن چکا تھا۔ ہم اس معمول کے اس قدر عادی ہو چکے تھے کہ چند دن بعد اگر پتھر نہ برستے تو ہم بے چین ہو جاتے۔ کہ ایک اندیشہ لاحق تھا کہ ہم میں سے کوئی زخمی نہ ہو جائے۔

ایک شام ایک ہندو جوڑی Dr. Mathur کی بیگم Alka اور ان کا بیٹا ہمیں ملنے کیلئے آئے۔ ہم front lawn میں garden chairs پر بیٹھ گئے جہاں چھوٹا بیٹا لان میں بھی دوڑتا رہتا۔ فرخ باورچی خانہ میں مہمانوں کیلئے کافی وغیرہ لوازمات کی تیاری میں مصروف تھی۔ انور مہمانوں کو اپنی مشکلات سے آگاہ کر رہا تھا۔ تمام تر کوششیں رائیگاں جانے سے واسطے بات ہو رہی تھی اور یہ کہ بحث صورت حال کے آثار نظر نہ آتے تھے۔ اسی اثنا میں فرخ تیزی سے آئی اور بتایا کہ ایک Jalopy ہمارے گھر کی بائیں طرف پر اس خالی جگہ پر آ کر رکی ہے جس کا پچھلا ذکر کیا جا چکا ہے۔ ایک مشکوک شخص کار سے اتر کر نکل جلدی جلدی ہوتا ہوا ہمارے گھر کی طرف آ رہا ہے۔

میں نے مہمانوں کو گفتگو میں مصروف رکھا جبکہ انور نہایت لاپرواہی سے (لاپرواہی اسلئے کہ ہم کئی مرتبہ ان حالات سے گزر چکے تھے پتھر ہمارے لئے معمولی بات تھی) Winchester تھامے چوری چھپے گھر کی چھت پر گیا اور پانی کی ٹینکی کی آڑ میں چھپ کر بیٹھ گیا وہ شخص ہمارے گھر کی چار دیواری کی طرف آیا۔ چند منٹ رکا اور پھر Jalopy کی طرف پلٹ گیا جبکہ میں نے اپنے مہمانوں میں بیٹھے ہوئے دیکھا کہ تین اور جوان اس Jalopy میں تھے کیونکہ ان لوگوں نے کوئی ایسی مذموم حرکت نہ کی لہذا ہم نے انہیں روکنا اور پوچھ گچھ کرنا مناسب نہ سمجھا۔ انور چھت سے نیچے اتر آیا چونکہ اپنی جگہ پر ہی رہا۔ فرخ مہمانوں کیلئے کافی وغیرہ لائی اور ہم سب

Marfat.com

اس قتل وغیرہ کی کوشش کرتے رہتے۔ ہمارے مہمانوں کو بھی ان انکشافات پر دکھ ہوا کہ ہم لوگ کیسی مصیبت سے دوچار ہیں۔ عین اسی وقت جب ہمارے مہمان بیٹھے ہوئے تھے، فائرنگ کے کئی دھماکے اپنے گھر کے بیک لان کی طرف سے سنائی دیئے۔ انور Winchister تھامے گھر کے دوسرے کونے کی سمت بھاگ نکلا۔ چھوٹو بھی دیوار سے اس پار کود گیا اور پھر متواتر فائرنگ کی آوازیں سنائی دیں۔ ہمارے مہمان اس قدر خوف زدہ ہو گئے کہ جاتی دفعہ buenas noche (Good night) بھی کہنا بھول گئے۔ کار میں سوار ہوئے اور یہ جا وہ جا۔ میں گھر کی چھت پر گیا، مستورات، بچے bedroom میں چلے گئے۔

میں نے دیکھا کہ چھوٹو اور انور دیوار پھلانگ کر گھر کے بیک لان میں داخل ہوئے۔ چھوٹو نے اطلاع دی کہ اس نے ایک کار پیچھے ہوتے پکڑ کر لی۔ یہ کار اس خالی جگہ سے گزرتی جو کہ ہمارے بیک لان کی دیوار تک پھیلی ہوئی تھی۔ کار میں سے ایک شخص اترا اور اس نے پتھر اٹھائے، ہو سکتا ہے وہ گھر کی طرف پھینکنے کا ارادہ کر رہا تھا۔ چھوٹو نے کار کے tyres کو puncture کرنے کے لئے فائر کھول دیا۔ وہ شخص کار کی طرف بھاگا جس کا انجن چل رہا تھا۔ اس کے ساتھی اسی کار میں بیٹھے ہوئے تھے۔ انہوں نے اس کو کار میں کھینچ لیا۔ چھوٹو دیوار پر سے دوسری طرف گیا اور دوبارہ فائرنگ شروع کر دی مگر نشانہ خطا ہو گیا جس کی وجہ سے کار کے tyres puncture نہ ہو سکے۔ یہ سارا ڈرامہ کئی لوگوں کے سامنے ہو رہا تھا جو ادھر ادھر ساحل سمندر پر گھوم پھر رہے تھے مگر کمال ہے کسی کو مدد دیتے ہوئے کسی نے نہیں، اس طرف توجہ دینے کی ضرورت محسوس نہ کی۔

تمام گھر والے سخت ڈرے ہوئے اور حالات کی سنگینی سے متعلق غور و خوض کیا کہ ہم کس قدر خطرناک جال میں پھنس گئے ہیں۔ سوال یہ تھا کہ کس کی بات مانی جائے جیسا کہ میں بیان کر چکا ہوں کہ مکان خالی کرنے کا سوال ہی پیدا نہ ہوتا کیونکہ مالک مکان خود بھی [illegible] تھا۔ ہمارا [illegible] یہ مسئلہ حل ہو چکا ہے، قریب ہم لوگ ادھر شفٹ ہو چکے۔ انور نے مشورہ دیا کہ گورنر کے سیکرٹری Lugo سے مل کر کوئی ایسی اقدامی ترکیب دیں کیونکہ یہ ایسے ویسے غنڈہ گردوں کا کام نہیں تھا بلکہ ایک منظم gang جو ہماری زمین وغیرہ پر قبضہ کرنے پر تلا ہوا ہو، یہ بھی gang کا مقصد تھا، بزور کوششوں سے حاصل کرنے میں اس نے کوئی کسر نہ چھوڑی۔ کئی قسم کی کاریں جن میں جدید اسلحے سے لیس کاریں، موٹر سائیکلیں اور foot soldiers جو کہ رات دن کسی وقت بھی ہمیں پریشان کرنے کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہ دیتے۔ لہٰذا ان سے نجات حاصل کرنے کیلئے کوئی مستقل انتظام ہونا چاہئے۔

میری Mercedes Benz ورکشاپ کا ملازم denting، painting اور پالش کر کے واپس کر گیا ہوا تھا۔ گورنر کے دفتر سے گھر چھوڑ گیا اور چاہتا تھا کہ اس کی گاڑی میں چلیں مگر میں بضد تھا کہ اپنی کار استعمال کروں گا لہذا کوئی شام چھ بجے کا وقت تھا میں اپنی Mercedes کی backseat پر بائیں ہاتھ بیٹھ گیا جبکہ انور نے steering wheel سنبھالا۔ میری چھٹی حس کہہ رہی تھی کوئی ناخوشگوار واقعہ ہونے والا ہے۔ میں نے اس احساس سے گورنر کے دفتر جانے میں ہچکچاہٹ کا اظہار کیا۔ انور نے واپس جانے سے اتفاق کیا لیکن نہ چاہتے ہوئے بھی اس نے garage سے کار نکال لی اور سڑک پر بائیں جانب کا رخ کیا۔ پھر موڑ کر Avenida Universidad کی جانب ہو گئے۔ ہمارے پیچھے دو اور کاریں تھیں۔ Avenida میں داخل ہونے سے پہلے انور نے کار روک کر "Stop, look and listen" کے فارمولے پر عمل کیا اور Avenida پر پہنچ گیا۔

انور بائیں ہاتھ کے kerb کے اتنا نزدیک کار چلا رہا تھا جتنا ممکن ہو سکتا۔ اس نے کار کو gas دی تاکہ جلدی سے گورنر کے دفتر پہنچ جائیں۔ جب انور نے اپنی کار کے retrovisor شیشے میں دیکھا تو ایک pick-up بڑی تیزی سے ہماری کار کے پیچھے آ رہی تھی کیونکہ بائیں ہاتھ کی lane میں کوئی کار مخالف سمت سے نہیں آ رہی تھی اور ہماری کار kerb کے بہت ہی نزدیک تھی۔ ظاہر ہے کہ pick-up کا ڈرائیور راستہ صاف دیکھتے ہوئے ہمیں overtake کر جائیگا اور اسے کرنا بھی ایسا ہی چاہئے تھا۔ وہ نہایت تیز رفتاری سے ڈرائیو کر رہا تھا، اچانک سمت سے ہماری کار کو پیچھے سے ٹکر ماری اور ہماری کار شعلوں کی لپیٹ میں کئی میٹر تک آگے دھکیل دی گئی۔ چند سیکنڈ کے لئے میرے ہوش و حواس باختہ ہو جانا قدرتی امر تھا اور مجھے ایسا محسوس ہوا گویا میں آگ کے گیند میں بیٹھا ہوا ہوں (بعد میں انور نے بتایا کہ اس کی بھی یہی کیفیت تھی۔) ہماری کار دائیں ہاتھ کی lane سے بائیں ہاتھ کی lane میں ایک چھوٹا سا چکر لگا کر رک گئی۔ ٹکر لگنے کی وجہ سے میری سیٹ والا دروازہ بند ہو گیا۔ بعینہٖ یہی صورت انور کے دروازے کی تھی۔

Marfat.com

انور ضرورت سے زیادہ nervous ہو گیا اور باقاعدہ چیخنا چلانا شروع کر دیا۔ میں نے اسے ہدایت دی کہ وہ جلدی سے کار کی پچھلی سیٹ پر ہو جائے اور دروازہ کھولنے کی کوشش کرے جبکہ کار کے چاروں دروازے Impact کی وجہ سے بند ہو چکے تھے۔ خوش قسمتی سے میری حاضر دماغی نے کام کر دکھایا۔ میں نے اسے rod تھمانے کے لیے کہا (ایک locking rod جو steering wheel کو accelerator کے ساتھ lock کر دیتا) جو انور کے پاؤں کے پیچھے تھا۔ انور نے بڑی پھرتی سے اس rod سے کار کی پچھلی سیٹ کے بائیں دروازے کے شیشے توڑ دیے۔ جس کے قریب اب میں تھا۔ میں نے اسے فوراً باہر نکل جانے کی ترغیب دی مگر اس نے ضد شروع کر دی: "بھائی جان پہلے آپ۔"

اب شعلے بھڑک رہے تھے۔ میں نے اسے غصے میں کہا کہ تم عمر میں مجھ سے چھوٹے ہو اور ابھی تم نے دنیا میں دیکھا ہی کیا ہے جبکہ میں کئی بہاریں دیکھ چکا ہوں اور بارہا طوفانوں سے کھیلا ہوں۔ اس آخری حادثے کی نوعیت مختلف ہے اور تم اس وقت اپنے آپ کو موت کے منہ میں دھکیل رہے ہو۔ بالآخر اس کو میری بات کی سمجھ آ گئی اور باہر نکل آیا۔ پھر مجھے کھینچ کر ٹوٹی ہوئی کار کے شیشے کی کھڑکی سے باہر نکال لیا۔ کار مکمل طور پر شعلوں کی لپیٹ میں آ چکی تھی۔ انور نے کار سے نکل کر ہجوم میں قریب کھڑے pick-up کے ڈرائیور کا دامن تھام لیا۔ بمشکل میں نے اس کے آہنی پنجوں کی گرفت سے اس کی گردن چھڑائی۔

کوئی شخص اپنی کار پر سے fire-extinguisher لے کر آیا مگر شومئی قسمت سے وہ کام نہ آیا۔ بڑی حیرت کی بات ہے۔ پلک جھپکنے میں ایک ہجوم اکٹھا ہو گیا۔ ڈرائیور کے ساتھیوں میں سے کسی ایک آدمی نے بجائے معذرت کے الزام ہم پر ہی تھوپ دیا۔ انور مشتعل تو پہلے ہی تھا۔ اس قدر زوردار تھپڑ الزام تراشی والے کو رسید کیا کہ وہ تاب نہ لاتے ہوئے سر پکڑ کر بیٹھ گیا۔ پھر ہجوم میں کہیں غائب ہو گیا۔ آخر fire brigade والے موقع پر آن پہنچے اور جلدی سے آگ پر قابو پا لیا۔ باقی چند بچ گیا۔ ہمیں بعد میں پتہ چلا کہ pick-up کا ڈرائیور قریب ہی ساحل سمندر پر ایک bar میں شراب پی رہا تھا۔ شراب کا اس قدر اثر تھا کہ وہ بمشکل اپنے پاؤں پر کھڑا ہو سکتا تھا۔ "He was feeling no pains" (وہ کسی درد کو محسوس نہیں کر رہا تھا) اسے ہماری کار کی پرواہ ہی نہ تھی۔ جیسے ہماری کار ہی سڑک پر موجود نہیں۔ خوش قسمتی سے ہماری کار کے gastank نے explode نہیں کیا۔ اگر tank گیس سے full ہوتا تو tank میں آگ لگ جاتی اور دھماکے سے ہم بھی ختم ہو جاتے۔

پیشتر اس کے کہ ہم چلیں میں نے انور سے پوچھا کہ تمہارے اس حادثے میں کیا احساسات تھے تو اس نے جواب دیا: چند لمحات کے لیے میرے ہوش گم تھے اور مجھے ایسے دکھائی دیا جیسے میں کسی آگ کے گولے میں بیٹھا ہوں یہ بات جیسے کسی نے مجھ سے چھین لی ہو۔

ہم تھکے ہوئے جب گھر واپس آئے تو رات کے دو بج چکے تھے۔ ڈاکٹر ... ایک ٹیکہ لگایا تو مجھے اس طرح محسوس ہوا جیسے ہم کسی اجنبی جگہ میں پہنچ گئے ہیں۔ ... دوست بھی جمع ہو گئے۔ کچھ دیر بعد ہمیں جانے کی اجازت دی گئی۔ ہم پیدل چلتے ہوئے گھر پہنچے۔ میری کار insured تھی اس لیے مجھے مالی نقصان کی پرواہ نہ تھی۔ یقیناً مجھے کمپنی کی طرف سے compensation مل جائے گا مگر اس کی اصل قیمت نہیں ملے گی۔ میں نے دو سال پہلے 29000/- bolivars میں خریدی۔ ہر سال کی 13 per cent depreciation ہوتی ہے۔

تمام اہل خانہ living-room میں اکٹھے ہو گئے اور دیر تک میں پرانی یادوں پر افسوس کرتے رہے۔ مسلسل نامساعد حالات کی زنجیر ایک ناخوشگوار واقعہ ہمیشہ بد سے بدتر ہوتا جاتا ہے۔ دوست احباب نے ریڈیو پر یہ روح فرسا خبر سنی تو ہماری خیریت پوچھنے چلے آئے اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ میں اپنے دل ہی دل میں ان کی ہمدردی پر ہنسا اور ان کو حقارت کی نگاہ سے دیکھتا رہا۔

"عمر بھر اپنے سے ساتھ چلا تھا وہ
دو قدم چل کے جو دیکھا تو کوئی نہ تھا"

Marfat.com

اور جب explode ہو جاتی تو ہم دونوں بھائیوں کا کیا حشر ہوتا! میں نے ریڑھ کی ہڈی کے نچلے حصہ میں معمولی چوٹ محسوس کی جس سے بیٹھنے میں دقت پیش آنے لگی۔ علاوہ ازیں کوئی خاص تکلیف نہ تھی۔ دوسرے دن علی الصبح میں انشورنس کمپنی کے دفتر گیا اور اپنے accident سے آگاہ کیا۔ انہوں نے مجھے چند کاغذات تیار کرنے کو کہا اور پھر مجھے کمپنی کے ڈاکٹر کو refer کر دیا۔

انشورنس کمپنی کے ڈاکٹر نے میرے کئی ٹیسٹ کئے، جسم کے مختلف حصوں کا X-ray لیا۔ میرا خون چیک اور جنرل جسمانی معائنہ کرنے کے بعد مجھے تسلی دی کہ کوئی fracture یا اندرونی چوٹ نہ تھی جیسا کہ پہلے ذکر کیا جا چکا ہے کہ میری ریڑھ کی ہڈی کے نچلے حصہ میں درد اور تکلیف وقتی طور پر تھی جو accident کے impact کی وجہ سے صرف وقتی طور پر ہے۔ بہر حال انہوں نے چند ادویات تجویز کیں اور مجھے مکمل دو ہفتے آرام کرنے کا مشورہ دیا۔ کئی مہینوں تک چلتے ہوئے مجھے لاٹھی کا سہارا لینا پڑتا تاکہ کمر پر زیادہ بوجھ نہ پڑے۔ یہ میرا پہلا بڑا accident تھا اور خوش قسمتی سے میں بمشکل بچ نکلا۔

"کند تھی تلوار شاید میں بھی تھا سخت جاں
قتل کرتے کرتے قاتل کو پسینہ آ گیا"

مجھے کئی گمنام calls بھی موصول ہوئیں۔ بعض تو بڑی دھمکی آمیز ہوا کرتیں تاکہ میں pick-up کے ڈرائیور کے خلاف کوئی قانونی چارہ جوئی نہ کروں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ واقعی میں نے قانونی کارروائی کے متعلق سوچا مگر پھر ارادہ ترک کر دیا کیونکہ مشکلات سے بچنے کے لیے میری طرف سے یہ اچھا تھا۔

"یا اللہ میرے ساتھ کیا ہو رہا ہے؟" فرح یہ جملہ اکثر دہراتی۔ میں اس کی حوصلہ افزائی کرتا رہتا اور اسے اپنے آپ پر قابو رکھنے کو کہتا۔ کبھی کبھی میں بھی یہ سوچنے لگتا کہ اللہ کے ساتھ بھی تو کوئی نسبت ہے، کیا اچھا وقت آنے والا ہے۔ بعض اوقات تو میں بھی مایوسی کے بھنور میں پھنس جاتا مگر صرف تنہائی کے وقت میں جس کی دوسروں کو خبر نہ ہوتی اور پھر میں سوچتا آخر ماجرا کیا ہے۔ ان حادثات نے میرے اعصاب شل کر دیے۔ خدا خدا کر کے ایک ماہ گزر گیا کوئی ایسا ویسا واقعہ رونما نہ ہوا۔

کاروں کے اور بھی حادثات

ابھی میری شادی نہیں ہوئی تھی تو میں Hotel Caribe, Cumana وینزویلا میں سمندر کے کنارے Avenida Universidad کے مشرق کی طرف Cerro Colorado سے کوئی تین کلومیٹر کے فاصلہ پر رہا کرتا اور میری کار Volkswagon 1300 تین منٹ میں میرے کمرے کے دروازہ تک پہنچ جاتی۔

Hotel Caribe کے compound میں داخل ہونے کے لیے دو دروازے تھے جن پر کوئی باقاعدہ gate نگران نہ ہوتا تھا۔ ایک دروازہ یونیورسٹی کے Rector کی کوٹھی کی دیوار کے متصل اور دوسرا کوئی 20 میٹر کے فاصلہ پر جنوب کی طرف۔ سڑک سے جونہی کار کو مشرق کی طرف موڑا تو دو میں سے کسی ایک دروازہ میں داخل ہو سکتے تھے۔ ہر دروازے کی حد بندی کے لیے دو ستون تھے، ایک شمال کی اور دوسرا جنوب کی طرف۔ ان دروازوں میں سے کار تو گزر سکتی تھی مگر اتنی آسانی سے نہیں کیونکہ دروازوں کی چوڑائی ایک بڑی کار کی چوڑائی سے تھوڑی ہی زیادہ تھی۔

ایک رات بنام bar EL Campito جو کہ Rio Manzanares (Manzanares دریا) کے شمالی کنارے سے کوئی 40 میٹر کے فاصلہ پر واقع تھی، Uruguay کا ایک technicion بنام Rolloi جو Instituto Oceanografico میں texidermy شعبہ میں کام کرتا جس کے دل میں marcapaso (pacemaker) لگایا گیا تھا۔ کی الوداعی پارٹی سے کوئی آدھی رات کے بعد موسلا دھار بارش کے دوران اپنی Volkswagon میں واپس Hotel Caribe آ رہا تھا۔ جب مشرق کی طرف Hotel کے دروازہ میں داخل ہونے کے لیے موڑ کاٹا تو ایسے طوفان میں دروازے کی چوڑائی کا اندازہ نہ ہو سکا اور کار شمالی کھمبے سے ٹکرائی۔ میں واپس پیچھے ہوتے ہوئے کار کو back کیا اور جیسے تیسے اپنے کمرے کے دروازہ تک پہنچ کر کار کھڑی کر دی۔ کار کھمبے سے ٹکرائی تو مجھے ایسا لگا جیسے steering wheel میری چھاتی سے ٹکرا گیا ہو مگر میں نے پرواہ نہ کی۔ کار سے

Marfat.com

نکل کر کمرے کے دروازے کو unlock کیا اور پتہ سے اتار کر حسب معمول بغیر رات کے پچھلے پہر سو گیا لیکن مجھے ٹھیک طور پر نیند نہ آئی اور چھاتی میں ہلکا ہلکا درد محسوس ہونے لگا۔ اتوار کا دن تھا تیں دیر سے بستر سے اٹھا سوچا کسی ڈاکٹر کی تلاش کروں۔ ایک ڈاکٹر Franco جو کہ chest کا specialist تھا۔ میں اسے جانتا ضرور تھا مگر دوستی نہ تھی۔ weekend پر Latin ملکوں میں ڈاکٹر کو ملنا بھی محال ہوتا ہے کیونکہ اکثر beaches وغیرہ پر چلے جاتے ہیں۔ میں نے فیصلہ کیا کہ کوشش کرتا ہوں شاید مل جائے۔ ہسپتال جانے کا خیال اس لیے ترک کیا کیونکہ emergency تو تھی نہیں۔ ویسے بھی emergency میں interists مریضوں کو attend کرتے ہیں اور مجھے ان پر اعتماد نہ تھا۔

تیار ہو کر کار میں بیٹھنے کے لیے دروازہ کھولا تو steering column کوئی 4 انچ اندر کی طرف دھنسا ہوا تھا۔ اتفاق سے seat کو adjust کرنے والا lever اپنی notch میں نہ تھا اور دھکا لگنے سے میری seat پیچھے کی طرف ہو گئی ہوئی تھی۔ Volkwagon کی motor کار کی پچھلی طرف ہوا کرتی ہے کوئی defence نہیں ہوتی اور میری seat [illegible] steering wheel کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا تھا۔ غضب کی بات ہے۔ میں اسی حالت میں اپنی کار چلاتے ہوئے Avenida Gran Mariscal پہنچا۔ buzzer پر press کیا تو اتفاق سے ڈاکٹر نے دروازہ کھولا۔ وہ beach پر جانے کی تیاری کر رہا تھا۔ میں نے ساری حالت بتائی تو اس نے Periactin دوائی تجویز کی۔ دوائی وغیرہ لی اور میں نے شکریہ ادا کر کے واپس کار میں داخل ہوا۔ Avenida Bermudez پر ایک drogstore جو چھٹی کے دن بھی کھلا رہتا ہے۔ Venezuela میں تمام drugstores کا ایک پروگرام ہوتا ہے۔ جن میں سے کئی تمام رات اور کئی چھٹیوں کے دنوں میں بھی کھلے رہتے ہیں۔ Periactin خریدی۔ ڈاکٹر نے دو tabs ایک صبح اور ایک شام کو لینے کے لیے کہا۔ سوموار کے دن کار مرمت کے لیے دی اور پیدل چل کر hotel سے یونیورسٹی آتا جاتا رہا۔ تین دن میں کار ٹھیک ہو گئی۔

Periactin لیتا رہتا تو درد سے افاقہ ہو جاتا اگر چھوڑ دیتا تو پھر ہلکا ہلکا درد محسوس ہوتا۔ X-ray کروا کے دیکھا specialists ڈاکٹر صاحب نے بتایا کہ کوئی serious بات نہیں اپنے آپ ٹھیک ہو جاؤ گے۔ چند مہینوں کے بعد میں نے دوائی چھوڑ دی مگر کئی سالوں تک جب بھی زیادہ ٹھنڈ ہوتی تو پھر ہلکا ہلکا درد محسوس ہوتا۔ کوئی عرصے سے اس تکلیف سے نجات مل گئی ہے۔

ایک جاپانی دوست Dr. Taizo Okuda جو کہ یونیورسٹی میں ریسرچ کیا کرتے تھے اپنے آخری دنوں میں پارٹی دی تمام یورپین دوستوں نے contribution کی اور ایک Gringo دوست Dr. Neil Malony کے flat میں پارٹی کا انتظام کیا۔ پارٹی میں ہر قسم کی Scotch، rum، beer وغیرہ وغیرہ بندوبست تھا۔ وائن سے صرف چند ایک لڑکیاں (جن کا کوئی boy friend نہ تھا) آئیں۔ وہ بھی مدعو کیا۔ پارٹی رات گئے تک چلتی رہی۔ کئی دوست شراب کے نشے میں بہک گئے۔

اکثر مہمان جا چکے تھے۔ دو Colombian دوستوں نے مزید تفریح کا ارادہ کیا۔ ایک تو میری کار Volkswagon 1300 فرنٹ سیٹ پر بیٹھ گیا اور دوسرا پچھلی سیٹ پر براجمان ہو گیا۔ جب سورج کی پہلی کرن نمودار ہوئی تو ہم اس سمت پر روانہ ہوئے جو کہ bar کا Pozo Azul (نیلا تالاب) کی طرف لے جاتی ہے۔ نہایت ہی اچھی جگہ تھی۔ تمام رات پارٹی کی رونق سے لطف اندوز ہونے کے بعد پھر ٹھنڈی ہوا لی۔ یہ bar شہر Cumana سے کوئی چالیس کلومیٹر کے فاصلے پر مشرق میں واقع ہے جہاں پہنچنے کے لیے شہر سے کوئی پچاس کلومیٹر تک سڑک میدانی علاقے میں سے گزرتی ہے اور پہاڑوں کے دامن میں Golfo de Cariaco (Cariaco کی خلیج) کے کنارے کے ساتھ ساتھ جاتی ہوئی ایک قصبہ San Antonio de Golfo پہنچتی ہے اور یہ قصبہ خلیج کے قریب ہی آخری کونے پر واقع ہے۔

ان دنوں میری شادی ابھی نہیں ہوئی تھی اور دو Colombians بھی میرے جیسی حالت میں تھے۔ اکیلے ہونے کی وجہ سے ہمیں کام پر جانے کی کوئی فکر نہ تھی۔ ہم سب جو bar پر پہنچے کوئی 9 بجے کا وقت ہو گا۔ [illegible] Dimple کی ایک بوتل کا آرڈر دیا اور bar سے تولیے اور trunks لے کر Pozo میں جا کر دوستوں کو تیرتے دیکھ کر پیتے رہے ساتھ ساتھ mood میں آکر پانی میں نہانے بھی لگ جاتے۔ قریب تین بجے سہ پہر وہاں آئے اس مہمان [illegible]

Marfat.com

کی شراب کی بوتل بھی خالی ہوگئی اور ہم بھی واپس لوٹے (ضمیمہ D 129)۔

ہم نے Pozo Azul سے واپسی کی ٹھانی۔ ان دو Colombians نے زادِ راہ کیلئے ایک rum کی بوتل خریدی۔ اس وقت بھی میں ڈرائیونگ سیٹ پر تھا۔ ابھی آدھا سفر ہی طے ہوا تھا کہ غنودگی سی محسوس ہونے لگی۔ ان دونوں کے پاس کار چلانے کا لائسنس نہ تھا۔ میں نے کار روڈ کے ساتھ ساحلِ سمندر کی طرف کھڑی کر لی تاکہ آنے جانے والی کاروں کو کوئی رکاوٹ کا سامنا نہ ہو۔ ہم تینوں کار سے باہر نکلے اور ریت پر سمندر کے کنارے palms کے درختوں کے نیچے لیٹ گئے ساتھ ہی نیند نے آ دبوچا۔

مجھے شراب نوشی کے تجربے نے سکھا دیا کہ اگر کئی گھنٹوں تک شراب نوشی کی جائے تو بچے کی طرح نیند غالب جبکہ hangover کا شکار اور اگر پھر بھی شراب نوشی جاری رکھے تو وہ بیہوش ہوجاتا ہے۔ وینزویلا میں اکثر لوگ کار چلاتے وقت بھی شراب نوشی میں مصروف رہتے ہیں۔ جب میں نے آنکھ کھولی تو مجھے سر درد کی شکایت تھی کیونکہ ہفتہ کی تمام رات نیند نہ کر سکا اور پھر سفر۔ چونکہ انہوں نے ناعاقبت اندیشی کا مظاہرہ کیا اور چلتی کار میں rum پینا شروع کر دی اگر میری یادداشت میرا ساتھ دے رہی ہے تو اس وقت 10 بجے رات کا عمل ہوگا۔ رواں دواں جب ہم شہر کے مضافات میں پہنچے۔ اچانک مجھے ایسی غنودگی کا اثر ہوا کہ میں نے اپنی کار روڈ کے کنارے shoulder کے ساتھ پارک کر دی۔ ایک Colombian فرنٹ سیٹ پر میرے ساتھ اور دوسرا اس کے پیچھے کی سیٹ پر بیٹھا ہوا تھا۔ اچانک ایک Buick VIII نے جو تیز رفتار سے چلی آرہی تھی پیچھے سے ٹکر مار دی۔ اس کار میں تین شرابی نشے میں دھت مدہوشی کے عالم میں تھے۔ تھوڑی دیر میں ایک police van قریب سے گزری انہوں نے کار روک کر میری کار کو کھینچنے کے بعد ایک گیراج سے کار روانہ کروا کر ورکشاپ میں لے گئے۔ Buick VIII کو تو کوئی خاص نقصان نہ پہنچا البتہ اس کی ہیڈ لائٹس وغیرہ ٹوٹ گئی تھیں۔ ٹکر مارنے والی کار میں ایک عرب بھی تھا جو جانتا تھا اس نے معذرت کی کہ غلطی ان کی تھی لہٰذا وہ کار کی مرمت کی قیمت ادا کریں گے اور ایسا ہی ہوا۔ پیچھے بیٹھے ہوئے Colombian کا پچھلی سیٹ کے ٹوٹنے کی وجہ سے اچھا خاصہ خون بہہ رہا تھا۔ دوسرے Colombian اور مجھے کوئی خاص چوٹیں نہیں آئیں البتہ تھوڑا سا مسئلہ ضرور ہوا۔ پولیس والوں نے Colombian کو ہسپتال لے گئے دوسرا Colombian بھی وہاں ہی رہا اور مجھے میرے ہوٹل Caribe میں چھوڑ دیا۔

1974 کا واقعہ ہے۔ فرانسس اور چند ایک couples اور میں ایک weekend پر "ال جو" پارک گئے۔ ہم تمام دوست تالاب میں نہا رہے تھے۔ اسی اثناء میں فرانسس نے کہا کہ میں ذرا آرام کرنا چاہتی ہوں اور وہ تالاب سے نکل کر ایک درخت کی گھنی چھاؤں میں بیٹھ کر سگریٹ پینے لگی۔ ہم تالاب میں نہانے کے دوران شرارتوں اور اٹھکیلیاں کرنے میں مصروف تھے۔ قریباً ایک گھنٹہ بعد اس نے ہمیں آواز دی اور کہا کہ مجھے چھینکیں آنے کی وجہ سے ناک اور آنکھوں سے پانی بہہ رہا ہے۔ محسوس ہوتا ہے جیسے بخار میں مبتلا ہو گئی ہوں۔ ہم نے پکنک وغیرہ سمیٹ کر اور کاروں میں بیٹھ کر Cumana کا رخ کیا۔ واقعی میری بیوی کی حالت نارمل نہ تھی لہٰذا میں نے اپنے معالج Dr Vovk کو ٹیلیفون کیا جو تھوڑی دیر بعد آن پہنچا۔ جب اس کو میری بیوی نے اپنی تکلیف کی وضاحت کی تو اس نے check کرنے کے بعد تشخیص واضح کی کہ درخت کے سائے میں بیٹھنے کی وجہ سے allergy ہوئی ہے کیونکہ اس درخت کے پھولوں کے pollens یا پتوں سے وہ allergic ہو گئی تھی۔ اس نے antihistaminic دوائی Polaramine تجویز کی۔ اس کے استعمال سے مریضہ وقتی طور پر فائدہ تو ہوگیا مگر allergy نے پیچھا نہ چھوڑا۔

ایک وقت یہ بھی آیا کہ اس دوا نے اپنا اثر ختم کر دیا۔ پھر دوسری antihistaminic استعمال میں لائی گئی لیکن ایک مستقل پریشانی کا سامنا رہا۔ بڑے بڑے specialists سے Caracas میں علاج کرایا لیکن افاقہ نہ ہوا۔ لندن میں الرجی کے tests کروائے گئے تقریباً 150 allergy پیدا کرنے والے antigens کے tests سے یہ ثابت ہوا کہ نظر نہ آنے والے mites (چھوٹے چھوٹے کیڑے) جو عموماً پرانے اخبارات، قالین، پردوں، پرانی کتابوں کے ڈھیر وغیرہ میں پائے جاتے ہیں اور خصوصاً نمی والے موسم میں ان کی اکثریت ہوتی ہے جو فرانسس کو allergy پیدا کرتے۔ اس دور میں steroids کا استعمال حال ہی میں شروع ہوا تھا۔ Ciudad Bolivar، یونیورسٹی کا میڈیکل کالج یہاں ایک دوسری سٹیٹ Bolivar میں ایک مشہور ڈاکٹر نے Medrol دوائی تجویز کی جو ایک refined قسم کی steroid تھی اس کے لمبے عرصے کے استعمال سے فرانسس کو کافی افاقہ ہوا۔

Marfat.com

ہم جب بھی سفر کرتے اور جہاں کہیں بھی جاتے antihistaminics کی کافی مقدار اپنے پاس رکھتے۔ پاکستان سے ہم Polaramine کافی مقدار میں خرید لاتے کیونکہ اس دوا سے فرخ کو زیادہ نیند نہیں آتی اور بہت افاقہ ہوتا۔ کئی سالوں کے بعد پاکستان میں جب ہماری یہ دوا ختم ہوئی تو میں بڑا پریشان ہوا۔ کسی druggist کے پاس یہ دوائی دستیاب نہ تھی۔ میں نے جب اس دوا کا فارمولا generic نام پڑھا تو پتہ چلا کہ یہ دوا پاکستان میں Piritone کے نام سے دستیاب ہے اور اس قدر ارزاں ہے کہ میں تصور بھی نہیں کر سکتا۔ حقیقت یہ ہے کہ آج کل بھی جب بھی فرخ کو نزلہ و زکام کی تکلیف لاحق ہوتی ہے۔ Piritone کی modified قسم Avil Retard استعمال میں لانے سے افاقہ ہو جاتا ہے۔

پھر یہ ہوا کہ جب ہم ابھی وینزویلا ہی میں رہائش پذیر تھے تو ہمارے معالج Dr Vovk نے مجھے ایک نئی دوائی کے بارے میں بتایا اور کہنے لگا کہ allergy اور bronchitis کے لیے ایک نئی دوا ایجاد ہوئی ہے جس کا نام Zaditen ہے۔ [illegible] تمہاری بیوی کے لیے مفید ثابت ہوگی۔ یہ دوا کافی مہنگی تھی مگر متواتر روزانہ ایک گولی کھانا لازمی امر تھا۔ یہ ایک قسم کی preventive [illegible] جس کا crisis کے دوران کوئی اثر نہیں ہوتا۔

یہ ڈاکٹر حضرات بھی عجیب لوگ ہیں۔ وہ بیچارے بھی کیا کریں، آخر خدا تو نہیں۔ ایک دفعہ وینزویلا میں specialists نے مشورہ دیا کہ فرخ کے گلوں کی infection کی وجہ سے allergy کی شدت ہو جاتی ہے۔ میں نے سوچا کیوں نہ یہ بھی کر دیکھیں۔ وینزویلا کا ایک جزیرہ Margarita ہمارے شہر Cumaná سے ہوائی جہاز کی 10 منٹ کی flight پر [illegible] وہاں ferry اور کار میں بھی جایا کرتے ہیں مگر اس میں کئی گھنٹے درکار ہیں [illegible] سمندری طوفان ہو تو [illegible] وقت بھی [illegible] امکان ہے۔ وہاں Venezuela کا مشہور E.N.T Surgeon Dr Encinas تھا۔ [illegible] ہوائی جہاز میں مقررہ دن وقت پر وہاں پہنچ گئے۔ ضروری میڈیکل ٹیسٹ کرنے کے بعد آپریشن کا وقت [illegible] ڈاکٹر نے [illegible] میں فرخ کو انجکشن لگایا۔ تھوڑی دیر بعد ڈاکٹر اور میں فرخ کو wheelchair پر [illegible] آپریشن تھیٹر [illegible] ہدایت کی [illegible] بعد ڈاکٹر باہر آیا اور مجھے کہا کہ فرخ کو wheelchair پر [illegible] کمرے میں [illegible] کی بات ہے [illegible] technique [illegible] Hotel Plaza میں منتقل ہو گئے [illegible] Cumaná لوٹ سکتے ہیں [illegible]

واقعی آپریشن کے ایک ماہ بعد تک الرجی [illegible]

Hotel Plaza کی بات بھی سنتے چلیں۔ ہوٹل کے dining hall میں [illegible] بہت [illegible] اندر مختلف نوعیت کے خوشبودار اور پھلدار پودے اور طرح طرح کے پرندے بھی تھے۔ [illegible] culumpios (جھولے) کا انتظام بھی تھا [illegible] ان میں سے ایک culumpio پر [illegible] جب کوئی waiter مہمانوں کے آرڈر کی [illegible] tray [illegible] waiter [illegible] Venga acá [illegible] (ادھر آؤ) اور لطف کی بات تو یہ ہے [illegible] tray [illegible] چپ چاپ بیٹھا رہتا [illegible] کا دور دور خوب چرچا۔

Pozo Azul سے چند کلومیٹر پہلے [illegible] بائیں جانب اسی طرف جہاں [illegible] bar [illegible] Pozo Cristal (Crystal) [illegible] ایک [illegible] کلومیٹر لمبا چھوٹی نہر [illegible] تالاب [illegible] قدرتی [illegible] گھنے جنگلات ہیں اور لوگ یہاں بھی picnic منانے آتے ہیں۔

ایک اور حادثے کی روداد سنئے۔ ہمارا ایک Chillean دوست Arnoldo Prado ہماری یونیورسٹی میں [illegible]

Marfat.com

کا بیٹا تھا۔ وہ نہایت ہی ذہین پروفیسر تھا۔ Arnoldo نے ایک نئی Renault خریدی اور حال ہی میں اسے ڈرائیونگ لائسنس بھی مل گیا جیسے کسی چھوٹے بچے کے ہاتھ میں نیا کھلونا آ جائے تو وہ ہر وقت اسی سے کھیلتا ہے۔ بعینہ Arnoldo بھی جونہی کوئی موقع ملتا کار میں بلا مقصد گھومنا شروع کر دیتا۔

Hotel Caribe میں اس کا کمرہ میرے کمرے کے ساتھ تھا۔ ذہین ہونے کے علاوہ وہ بلا نوشی کی حد تک شراب پینے کا رسیا۔ تمام رات شراب پیتا رہتا چاہے اگلا دن چھٹی کا نہ ہوتا۔ صبح اٹھ کر شیو اور نہانے کے بعد صاف ستھرے لباس میں اپنے سٹوڈنٹس کو پڑھانے کے لئے ... ہوتے خلاف توقع ہاتھوں میں لرزش تک نہ ہوتی۔ حالانکہ طلبا اس کی بلا نوشی سے بخوبی واقف تھے اور نہ ہی کبھی کوئی اس کی ... ہوا۔ کبھی غیر حاضر نہ ہوتا۔ کوئی بھی وقت ہو اس دن کے topic کو نہایت احسن طریقے سے سمجھاتا۔ Arnoldo کی شادی نہ ہوئی تھی۔ اس کے دائیں ہاتھ میں پیدائشی نقص تھا جس کی وجہ سے اس کے ہاتھ کی انگلیاں پوری طرح سے develop نہ ہو پائیں۔ جب وہ چلتا تو بازو کو ذرا پیچھے رکھتا اور اس defected ہاتھ کی پوزیشن ایسے ہی ہوا کرتی کہ دیکھنے والوں کو محسوس ہوتا جیسے اس نے ہاتھ میں پستول تھام رکھا ہو۔ Arnoldo کی ایک اور بھی کمزوری تھی کہ وہ ناچ گانے والی فاحشہ عورتوں سے ... بھی کام چلاتا۔ (ان اڈوں کو Spanish زبان میں bordelos کہا جاتا ہے) ایسے ہی کسی اڈے پر وہ تھوڑی سی شراب پی کر کسی کی محبت میں گرفتار ہو جاتا اور دولت پانی کی طرح بہا دیتا۔ وہ کچھ زیادہ ہی "جمہوریت" پسند واقع ہوا۔ عورت کی ... اور مذہبی وابستگی سے اسے کوئی غرض نہ تھی۔ وہ بس مرمٹتا اور وقتی لطف اندوزی کو ترجیح دیتا۔ شادی کا وعدہ دیا کہ ... وقت کی ... چلتی تھی۔ ... کے عالم میں وارفتگی دیدنی ہوتی اور دوسرے دن جیسے کوئی عہد و پیماں ہوا ہی نہیں۔ ایسے ... میں رہ ... اور ... قحبہ خانوں میں ایسی فاحشہ عورتوں سے اس کا یہی رویہ ہوتا۔

جب بحث ... کی بات چلتی تو ہر وقت وہ Pablo Neruda, Shakespeare, Cervantes وغیرہ سے ... دیتا۔ اگرچہ اس کو انگریزی زبان پر عبور حاصل تھا مگر جب اس زبان میں بولنے کا اتفاق ہوتا تو اکثر احساس کمتری میں ... ہوتا اور ... کسی زبان میں بات کرنے کو ترجیح دیتا۔ ہم عموماً مختلف bars میں اکٹھے ہی وارد ہوتے۔ میں چونکہ شراب نہیں پیتا ... ہم ... ہونے پر میں تو social whiskeys (گلاس میں کوکا کولا، پانی اور تھوڑی سی برف) پی کر ... اور ... میں Cuba Libre یا وہسکی کوکا کولا کے ساتھ پی رہا ہوں۔

ایک رات ہم صبح صادق تک ایک bar میں بیٹھے رہے۔ ایسے میں مجھے غنودگی نے آن دبوچا اور میں نے اسے واپس اپنے ہوٹل چلنے کی ترغیب دی مگر اس نے میری بات سنی ان سنی کر دی اور مجھے پر اصرار لہجے میں کہنے لگا:

"چلو Playa Colorada چلیں" (ضمیمہ E 129)۔

"وہاں ایک hut کرایہ پر لے لیں گے اور دو دن وہاں relax کریں گے۔" bar میں پہنچ کر ناشتہ کیا۔ سمندر میں چند ایک ڈبکیاں لگائیں اور شراب سے لطف اندوز ہوتے رہے۔ ارادہ تو تھا آرام کرنے کا لیکن ایسا نہ ہو سکا۔ پچھلے پہر کے قریب واپس جانے کا ارادہ کیا۔ بنا بریں اس کے ساتھ والی سیٹ پر بیٹھ گیا اور اس کے steering wheel سنبھالنے پر کار رواں دواں ہوئی۔ ویسے تو ... نہایت ہی خطرناک ہے مگر راستے میں ایک sharp موڑ واقع ہے۔ جب Cumaná سے سڑک کی چڑھائی شروع ہو تو ایک ایسے مقام پر پہنچ جاتے ہیں جہاں سے اترائی شروع ہو جاتی ہے۔ جونہی اترائی شروع ہو یہ اندھا موڑ آ جاتا ہے۔ جب ہم دونوں ... موڑ کے قریب نہ پہنچے تھے کہ اچانک میں نے سڑک کے درمیان ایک بڑا پتھر دیکھا جو کہ بارش کی وجہ سے پہاڑی چٹان سے ... آیا تھا۔ اس سڑک پر برسات کے موسم میں اکثر ایسا ہی ہوتا ہے۔ میں نے اسے محتاط رہنے کو کہا لیکن اس نے میری بات ان سنی کر دی اور کہنے لگا "ارے بیوقوف! چھوٹا سا پتھر ہے۔ کار اس کے اوپر سے بآسانی گزر جائے گی۔"

میری ... باوجود اس نے کار پتھر کے اوپر چڑھا دی جبکہ پتھر کار کے front bumper سے کہیں زیادہ اونچا تھا۔ کار کی transmission پتھر سے کافی متاثر ہوئی اور کار اچانک زوردار جھٹکے سے ایک طرف مڑ گئی۔ خوش قسمتی سے پہاڑ کے پہلو میں جا ... ہوئی۔ ہم کار سے باہر نکلے تو وہ کار کی کسی جگہ پر jack لگا کر اٹھانا چاہتا۔ میں نے اسے تجویز پیش کی۔

Marfat.com

Warning triangle کو کار سے تھوڑی دور سڑک پر رکھ دیں تاکہ آنے والے ڈرائیور محتاط ہو جائیں لیکن پھر بھی ہم نے بیوی کی ایک نہ سنی البتہ میں اس خطرناک موڑ سے تھوڑی دور جا کر کھڑا ہو گیا اور آنے والے drivers کو ہاتھ کے اشارے سے متوجہ کرنے کی کوشش کرتا رہا۔ Arnoldo کار کو jack لگانے میں مصروف ہو گیا۔ میں اونچائی اور موڑ کے ایک حصہ پر تھا جہاں سے مجھے Renault نظر نہ آ سکی۔ ایک کار جو مخالف سمت سے آ رہی تھی۔ موسلادھار بارش کی وجہ سے اس کا ڈرائیور Renault کو نہ دیکھ سکا اور اس نے Renault کو زوردار ٹکر ماردی۔ یہ حادثہ دیکھ کر میں بھاگتا ہوا وہاں گیا۔ Arnoldo اس تصادم سے دور سڑک سے سمندر کی طرف پہاڑوں کی ڈھلوانوں میں جا گرا اور مجھے نظر نہ آیا۔ میں نے "Hit and run" ڈرائیور کو روکنے کی کوشش کی مگر وہ مجھے تقریباً چھوتا ہوا وہ گزر گیا۔

بیچاری Renault بری طرح سے پچک گئی۔ خوش قسمتی سے اس کی ہائیں طرف لیکن یہ سب دیکھ کر میں اتنا پریشان تھا میں نے زور زور سے اس کا نام پکارنا شروع کیا مگر پہاڑوں میں اس کے نام کی بازگشت ہی واپس آ رہی تھی جیسے "کدھر گئے مرے بیٹے"۔ اس صورت حال سے میں گھبرا گیا۔ بارہا میں سوچتا رہا کہ خدانخواستہ وہ کہیں گہرائی میں سمندر میں نہ گر گیا ہو۔

تھوڑی دیر بعد Arnoldo سڑک کے سمندر کی طرف والے پتھروں کے اوپر سے چڑھتا ہوا نمودار ہوا۔ اس کے سر پر چوٹ تھی جو خون سے آلودہ تھی مگر وہ شدید زخمی نہ ہوا تھا۔ صرف جسم پر multiple cuts اور خراشیں تھیں۔ میں نے جلدی سے اس کا معائنہ کیا۔ خدا کا شکر ہے کوئی fracture وغیرہ نہیں تھا اور نہ ہی جسم پر اندرونی چوٹ کی شدید علامات۔ صرف چوٹیں اور معمولی خراشیں تھیں۔ ایک شریف ڈرائیور نے شدید بارش میں اپنی کار روک کر ہمیں ورکشاپ میں پہنچایا۔ ورکشاپ کے مالک نے crane کا بندوبست کیا اور ہماری کار کو مرمت کے لیے لے گیا۔ Arnoldo تھکا ہوا تھا اب خوشی جاری رکھنا چاہتا تھا لہٰذا ہم چند ایک bars میں گئے اور کوئی چار بجے شام کے قریب ہم واپس میں واپس پہنچے۔

Caracas شہر وینزویلا دنیا کے خوبصورت شہروں میں سے ایک ہے۔ مگر نیم متمول طبقہ کی رہائش ہے۔ جدید طرز کی فلک بوس عمارات ۔۔۔ train بھی چلتی ہے۔ بسوں اور ہوائی جہازوں سے سفر کرتے ہیں۔ Caracas میں جدید ترین Underground Metroline بھی چلائی گئی ہے۔

Caracas میں ہماری میٹنگ تھی۔ Taizo Okuda جاپانی دوست ڈاکٹر Alam Khandkar جو بنگلہ دیش کا رہنے والا اور میٹنگ میں شمولیت کے لیے Cumana سے Caracas کے Hotel Sava میں تین رات رہے۔ مختلف floors پر ٹھہرے ہوئے تھے۔ ہوائی جہاز سے return ٹکٹ Okuda کے چند ساتھیوں کے ساتھ Caracas پہنچا۔

ہم تینوں مختلف دنوں میں اپنے Research papers Universidad Central de Venezuela (UCV) کے مختلف کمروں میں ۔۔۔ meetings ۔۔۔ (Asociacion Venezolana Cientifica) Asovac کے زیر اہتمام منعقد ہوتی ہیں۔ مثلاً بڑے شہر Maracay، Barquisemeto، Merida، Bolivar، Porlamar اور Cumana میں اپنے papers پڑھنے سے فارغ ہوئے تو ایک رات کی Caracas کی nights spots کا ۔۔۔ Sabana Grande میں واقع ہیں۔ Alam نے ۔۔۔ Avensa کی فلائیٹ کا ٹکٹ ۔۔۔ Okuda ۔۔۔ Dr ۔۔۔

Okuda اور Dr. Alam نے بھی اچھی خاصی شراب پی رکھی تھی اور فاصلہ بہت تھا۔ خصوصاً کئی کئی جگہ پہاڑوں کے دامن میں سڑک نہایت خطرناک ہو جاتی ہے۔

بہرحال "ہم یاراں دوزخ ہم یاراں بہشت" مجھے بھی ان کی تجویز پر عمل کرنا ضروری ہو گیا۔ اگر کوئی رکاوٹ باقی تھی تو یہ کہ Okuda کی کار Peugeot پرانی French چھوٹی گاڑیوں میں سے ایک تھی جسے چھوٹی گاڑی ہونے کی بنا پر "صابن دانی" کہتے ہیں۔ جس کا ائیر کنڈیشن کئی سالوں سے بند ہو چکا تھا اور چھوٹی ہونے کی وجہ سے کوئی آرام دہ گاڑی نہ تھی۔ میں کار چلانے کے موڈ میں نہ تھا۔ رات ہو جانے کی وجہ سے تھک گیا تھا جبکہ ڈاکٹر Okada تو شراب نوشی کی وجہ سے میری حالت سے مختلف نہ تھے۔ ڈاکٹر Alam نے اگرچہ شراب پی رکھی تھی مگر وہ بہت اعتدال میں اور گویا کار چلانے کے لئے وہی ایک شخص موزوں ٹھہرا۔

سارا راستہ ایک highway تھی مگر راستے میں میلوں تک موڑ ہی موڑ جو پہاڑوں کے خطرناک سلسلوں کو کاٹ کر بنائے گئے ہیں اور سوائے چند میلوں کے ایک ہوشمند ڈرائیور کا بھی بغیر احتیاط کے گاڑی چلانا خطرے سے خالی نہ تھا۔

اب ایک عجیب بات بھی درپیش تھی۔ ڈاکٹر Alam پستہ قد اور دبلا پتلا آدمی واقع ہوا۔ خدا جنت نصیب کرے اچھا یار دوست تھا۔ کئی سال ہوئے کینسر کے موذی مرض میں مبتلا ہو کر Cumana وینزویلا میں ہی فوت ہو گیا۔ پسماندگان میں جوان بیوی اور ایک چھوٹا بچہ تھا۔ اس کی ایک عجیب عادت تھی جس پر اس کا کوئی اختیار نہ تھا۔ وہ کسی وقت اپنے چہرے کو بیس ڈگری دائیں طرف کر کے اپنے دائیں کندھے کو حرکت دیتا اور اوپر اٹھاتا اور یہ عمل وقفہ وقفہ سے دہراتا۔ اس عادت کو Spanish میں tick nevioso کہتے ہیں۔ Dr. Alam کینسر کی وجہ سے ہسپتال میں زیر علاج تھا تو میں ایک دن مسلم بازار میں خریداری کے لئے گیا۔ ابھی غلام احمد کی دکان کے قریب ہی تھا تو دیکھتا ہوں کہ سامنے سے ڈاکٹر Alam چلا آ رہا ہے۔ وہی چہرہ وہی مسکراہٹ اور وہی tick nevioso لیکن میرے قریب ہوتے ہی جھٹ میں آنکھوں سے اوجھل ہو گیا۔ گھر آنے پر میں نے فون کر کے یہ واقعہ سنایا تو اس نے کہا "اللہ خیر کرے Alam کو کچھ خرچ نہ ہو گیا ہو۔" اسی رات کوئی بارہ بجے کے قریب ایک مریض دوست ڈاکٹر شیر اللہ نے ٹیلیفون کیا کہ Alam اب اس دنیا میں نہیں ہے۔

بہرحال راستے میں کار کی پچھلی سیٹ کی بائیں طرف بیٹھ گیا جبکہ ڈاکٹر Alam ڈرائیونگ سیٹ پر اور ڈاکٹر Okuda فرنٹ سیٹ پر۔ میں نے اپنے ہینڈ بیگ سے Time میگزین پڑھنے کی غرض سے نکالا اور سفر پر روانہ ہو گئے۔ ابھی ہم نے 100 کلومیٹر کا راستہ طے کیا ہوگا کہ ہمیں ایک "Y" یعنی تین راستوں والا intersection نظر آیا۔ میں نے دیکھا کہ ڈاکٹر Alam غلط راستے پر جا رہے ہیں کیونکہ وہ اپنی مخصوص عادت میں بھی مصروف ہے۔ میں تھوڑا گھبرایا اور احتیاط ہونے کی ترغیب دی کیونکہ وہ غلط راستے پر جا رہے تھے۔ انہوں نے intersection سے Cumana کی طرف جانے والے highway پر پہنچ گیا اور میں پڑھنے میں مصروف ہو گیا۔

اس کے بعد میری یادداشت کے مطابق ہماری کار ایک خندق میں جا گری اس انداز میں گری کہ کار کی چھت زمین بوس اور پہیے آسمان کی طرف۔ میرا سر پچھلی کار کی چھت کی طرف۔ ڈاکٹر Okuda اور ڈاکٹر Alam کار سے باہر نکلنے میں کامیاب ہو گئے لیکن کار کی چھت پچک جانے کی وجہ سے اندر کی طرف ہوئی اور عجیب حالت میں میں مرغا بنا ہوا تھا۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ دونوں دوست جو کار سے باہر تھے انہوں نے مجھے باہر نکالنے کی کوشش میں کوشاں مگر میں پھنسا ہوا تھا۔ انہوں نے بہت کوشش کی مگر ناکامی نے انہیں بے بس کر دیا۔ میرا خیال تھا کہ میرا آخری وقت آن پہنچا۔ میں نے اپنے عقیدے کے مطابق کلمہ شہادت پڑھا اور اللہ پاک سے عرض کی تو ان کی کوشش رنگ لائی اور وہ مجھے باہر نکالنے میں کامیاب ہو گئے۔

گاؤں کے campesinos (ہسپانوی زبان میں دیہاتی) بھاگتے ہوئے جائے وقوعہ پر پہنچے اور چند ایک خواتین رونے لگیں کہنے لگیں بد نصیب مر گیا ہے۔ جس جگہ سے ہماری کار الٹی ہوئی پڑی تھی، سڑک کے کنارے اسی جگہ کے قریب کئی لکڑی کے crosses گڑے ہوئے تھے جس کا مطلب لاطینی امریکن ممالک میں ہوتا ہے کہ حادثہ میں کوئی مر گیا ہے۔

ہماری چھوٹی سی کار چار پانچ دیہاتیوں نے زور لگا کر سیدھی کر دی۔ کار کا کوئی زیادہ نقصان نظر نہ آتا تھا سوائے windscreen کے شیشہ ٹوٹنے کے، چھت کافی اندر کی طرف پچک گئی اور متعدد جگہ کار کی body پر dents

Marfat.com

پڑے ہوئے تھے۔ مذکورہ بالا دیہاتی کار کو بڑی آسانی سے اٹھا کر پہاڑ کی ڈھلوان سے عین سڑک پر لے آئے۔

ڈاکٹر Okuda نے جونہی کار کی Ignition key کو گھمایا تو انجن جھٹ سے سٹارٹ ہو گیا۔ جیسے کچھ ہوا ہی نہیں۔ ڈاکٹر Okuda بمشکل driver's seat پر بیٹھ گئے مگر جیسا کہ بیان کیا جا چکا ہے کہ کار کی چھت پچک گئی تھی اس لیے سیدھا ہو کر بیٹھنا ناممکن ہو گیا تھا لہٰذا ڈاکٹر نیم حاضر نیم حاضر ہو کر جوں توں کر کے بیٹھ ہی گیا۔ اسی طرح ڈاکٹر Alam بھی چونکہ قد کے چھوٹے تھے اس لیے بیٹھنے میں کوئی دشواری پیش نہ آئی جبکہ میں پچھلی سیٹ پر کار کے بائیں دروازے سے جو کہ بمشکل کھلا، اندر داخل ہو کر سیٹ پر دراز ہو گیا۔ میرے لیے اٹھ کر بیٹھنا نہایت تکلیف دہ عمل تھا۔ اللہ کا نام لے کر پھر ہم لوگ اپنی منزل کی طرف رواں دواں ہو گئے۔

ڈاکٹر Okuda، steering wheel تھامے ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھا ہوا جبکہ سر پر لاطینی امریکہ کا straw hat اور چھوٹی گاڑی بغیر windscreen کے عجیب مضحکہ خیز منظر پیش کر رہا تھا۔

یہ کار تھی کہ فراٹے بھرتی رواں دواں چلی جا رہی تھی۔ میں نے ڈاکٹر Alam سے دریافت کیا کہ آخر ہوا کیا تھا؟

"تمہیں تو میری عادت کا پتہ ہی ہے۔ بیان کیے مواقع میں سے ایک موقع تھا جب میں نے اپنی طرف سے سڑک کے کنارے کا اندازہ نہ کیا اور کار نیچے کھڈ میں قلابازیاں کھاتی ہوئی جا گری۔"

ہم لوگ Cumana شہر کے مضافات میں پہنچے تو وہاں سڑک پر ایک *Al Cabala* تھا۔ یہ لفظ ہسپانوی زبان میں مدغم ہو گیا ہے جس کا مطلب military checkpoint اور لاطینی امریکہ کے ملکوں میں شہروں اور دیہاتوں کی سڑکوں پر ایک نہیں بلکہ موزوں فاصلوں پر کئی ایسے checkpoints جہاں سڑک پر سے گزرنے والوں اور آنے جانے والے مسافروں اور گاڑیوں کی شناخت کرتے ہیں۔ ڈاکٹر Okuda نے دور ہی سے کار کی رفتار کو کم کر دیا۔ چیک پوسٹ والوں نے گاڑی روکنے کا اشارہ کیا تو ہماری کار اور ہماری حالت کو دیکھ کر انہیں اپنی آنکھوں پر یقین نہ آیا۔ عجیب طرح سے دیکھنے لگے یہ کیسی کار ہے جس کی windscreen غائب، چھت اندر کی طرف دھنسی ہوئی اور میں پچھلی سیٹ پر دراز ہوں۔ ایک آدمی فرنٹ سیٹ پر اکڑوں بیٹھا ہوا ہے۔ وہ جاپانی کی حالت دیکھ کر ہنس رہے تھے انہوں نے ہم لوگوں سے کوئی بات نہ کی اور ہنستے ہوئے Spanish زبان میں *buena suerte* (Good luck) کہا اور ہم لوگ چل دیے۔ ڈاکٹر Okuda نے مجھے تاکید کی کہ یونیورسٹی میں ایکسیڈنٹ کے متعلق نہ بتانا۔ دوسرے دن یونیورسٹی گیا تو شہر میں بھی ہمارے accident کی خبر گشت کر رہی تھی۔

ہاں تو بات ہو رہی تھی Mercedes کی accident کی۔ تفصیلات تصاویر کے ساتھ اخبارات میں شائع ہوئی تھیں جن میں میری تصاویر اور کوائف بھی موجود تھے۔ فرانس کا خیال تھا کہ یہ accident بھی ڈاکٹر Okuda اور ڈاکٹر Alam کے ساتھ پیش آیا۔ کوئی حادثہ نہیں بلکہ ہمارے دشمنوں کی باقاعدہ سکیم ہو سکتی ہے۔ میں اس حادثے کو دوسرے واقعات سے منسوب نہیں کرتا لیکن تمام واقعات ایک سلسلے کی کڑی ہیں۔ ہاں اتنا ضرور ہوا کہ ہمارے دشمنوں کی سرگرمیاں تیز ہونے کے امکانات بڑھ گئے تھیں۔

Bodyguards

یونیورسٹی میں گرمیوں کی چھٹیاں ہو گئیں جس کا مطلب تھا کہ ہمارے پاس کوئی چوبیس گھنٹے وقت ہی وقت ہے تاکہ ہم گھر کی رکھوالی اور اگر قسمت یاوری کرے تو اپنے دشمنوں کا سراغ لگا سکیں۔ میرے ایک ہمدرد دوست نے مشورہ دیا کہ پولیس کے رسالے یا باقاعدہ guards کی خدمات کا بندوبست کیا جانا چاہیے اگرچہ اس سے اخراجات میں اضافہ کا احتمال ضرور تھا۔ اس طرح کوئی ہمارے دکھ اور تکالیف میں شریک ہو جاتا لیکن اجرت کا بار لازمی امر تھا۔

ہمارے ذاتی مکان کی تعمیر نے ہماری توقعات سے کچھ زیادہ ہی وقت لے لیا۔ اس کے علاوہ ان دنوں میرے پاس اپنی transport بھی نہ تھی جبکہ چند اور کی Maverick کار موجود تھی تاہم میں نے کچھ رقم پس انداز کرنے کا ارادہ کیا ہوا تھا تاکہ کوئی گاڑی خرید سکوں لیکن اب guards کی خدمات کی اجرت اور ان کے کھانے پینے کا اہتمام اخراجات میں اضافے کا باعث

Marfat.com

اشارہ دے رہا تھا۔

ہم نے ملازم دو ذمہ دار محافظوں کی تلاش شروع کردی مگر کہنا آسان اور کرنا مشکل۔ سمجھ میں نہ آ رہا تھا کہ اس تجویز کو عملی جامہ کس طرح پہنایا جائے۔ یہ بندوبست جلدی کرنا چاہئے تھا تاکہ چھٹیوں کے ختم ہونے سے پہلے کسی نتیجہ پر پہنچ سکیں بعد میں شاید اتنے ہمارے پاس وقت نہ ہو۔ پروگرام یوں تھا کہ ایک محافظ دن اور دوسرا رات کو ہمارے ساتھ چوکیداری کرے گا۔ میں نے تلاش شروع کردی مگر بات بنتی نظر نہ آ رہی تھی کیونکہ محافظوں کی اجرت ہماری بساط سے زیادہ طلب کی جاتی۔ علاوہ ازیں یہ اونٹ خیمہ میں گھسنے کے مترادف تھا کیونکہ کسی افراد کی حیثیت سے رکھنے پر ان پر کہاں تک اعتماد کیا جا سکتا کہ واقعی دیانتدار اور نیک انسان ہونگے۔ یہ بھی بعید نہیں کہ ہم لوگ ان کے رحم و کرم پر بسر اوقات کرنے پر مجبور ہو جائیں گے۔ ہمارے نامساعد حالات سارے شہر میں عام فہم تھے۔ ان حالات میں اس مخمصہ نما مشورہ پر عمل درآمد مشکل جبکہ اس میں جانی نقصان بھی ہو سکتا تھا۔ اس لئے کئی مطلوبہ افراد نے اپنی خدمات پیش کرنے سے انکار کر دیا۔ کئی تو ہمارے معاملات میں دخل دینے سے گریزاں تھے اور دوسرے ہماری مجبوری کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ضرورت سے زیادہ اجرت مانگتے۔

انور کی تنخواہ اگرچہ معقول تھی تاہم میری مالی حالت کے مقابلے میں کچھ زیادہ نہ تھی۔ اسکی فیملی کے اخراجات بھی نسبتاً زیادہ تھے۔ اس سے کچھ مدد لینا میرے نزدیک مناسب نہ تھا ویسے تو پہلے ہی گھر کے جملہ اخراجات کا بار گراں وہی برداشت کر رہا تھا۔

ایک ہفتہ اسی ادھیڑ بن میں گذر گیا کوئی خاطر خواہ نتائج برآمد نہ ہوئے۔ ایک دن میرا ایک دیرینہ دوست Luis Beltran Lares ملاقات کو آیا۔ میرے چہرے سے پریشانی کا سبب جاننا چاہا کہ آخر معاملہ کیا ہے؟ میں نے حالات سے آگاہ کیا تو [illegible] نوجوانوں سے متعلق تو ہیں مگر میں ان کو اپنے پاس اور اپنے payroll پر رکھنے سے گھبراتا تاہم اس نے وعدہ کیا کہ وہ ہمارا فون ... کرتی ہیں اور اسکے ممنون منت ہیں جن کو اس نے کسی مشکل سے نجات دلائی تھی۔ ہمارے گہرے مراسم کی بنا پر اجرت کا تو ذکر نہ کیا مگر میں نے صاف انکار کر دیا کہ بغیر اجرت کے کام لینا میری سرشت میں نہیں۔ بشرطیکہ وہ ذمہ دار، دیانتدار اور مخلص ہوں میرے کام کو اپنا کام سمجھیں، بدنیت نہ ہوں۔ کچھ سوچ بچار کے بعد Lares نے دونو جوانوں کے نام تجویز کئے اور یہ بھی واضح کیا کہ ان کو ایسے حالات کا تجربہ ہے جن سے ہم گزر رہے ہوں۔

دوسرے دن وہ دو سرو قد بدن قسم کے جوانوں کو لے کر آ گیا جنکی عمر کوئی 25 سال کے قریب تھی اور باقاعدہ مجھے ان سے متعارف کرایا۔ ہم چاروں افراد نے front lawn میں چائے پر گفتگو کی اور مجھے یقین واثق ہو گیا کہ یہی میرے مطلوبہ محافظ ہیں۔ میں نے انہیں تمام صورت حال سے تفصیلاً آگاہ کیا تاکہ وہ جان لیں کہ ہمیں کن دشواریوں کا سامنا ہے۔ اجرت طے کر لی گئی اور میں نے ان کو بتا دیا کہ اسی وقت سے کام پر متعین ہو جائیں۔ اب ان کی ضروریات زندگی اسی چاردیواری میں میسر ہونگی لہذا گھر سے باہر جانے کی ضرورت پیش نہ آئے گی۔ دراصل اس تجویز کے پس پردہ میرا خیال تھا کہ اگر یہ محافظ گھر سے باہر نکلے تو ہمارے دشمن ہماری تجویز سے آگاہ ہو جائیں اور ممکن ہے اس سے ہمارے مقصد میں ناکامی کا سامنا ہو۔

ان میں ایک جس کا نام Garcia تھا، جو اسی وقت سے فرائض سرانجام دینے کیلئے تیار ہو گیا مگر دوسرا جس کا نام Ramon تھا وہ دوسری شام سے آنے تک تیار نہ ہوا۔ میں نے انور سے مشورہ کرنا مناسب خیال کیا۔ اس نے جواب دیا کہ کوئی کام راستے ہی میں ادھورا نہیں چھوڑنا چاہئے لہذا یہ فیصلہ ہوا کہ دوسرے دن صبح وہ دونوں شہر کے مختلف مخصوص مقامات پر ہمارا انتظار کریں اور ہم ان کو ایک غیر شناختی کار میں اٹھا لیں گے۔ مجھے انور کی یہ تجویز پسند آئی کہ ہو سکتا ہے Lares اور ان دونوں کو کسی نے ہمارے lawn میں گفتگو کرتے دیکھ لیا ہو اور اسی مناسبت سے صبح کا وقت تجویز کیا گیا کیونکہ اس وقت میں ہمارے دشمن ہمیں پریشان نہ کیا کرتے۔ لہذا اس تجویز کے مطابق دوسرے دن صبح دم یعنی سورج طلوع ہونے سے بہت پہلے ہم ان مذکورہ افراد کو اپنے ایک دوست کی کار میں بڑی احتیاط سے گھر لے آئے تاکہ انہیں کوئی دیکھ نہ پائے۔

Ramon، Garcia انور اور میں نے اپنی اپنی ڈیوٹی یعنی پہرہ داری کے اوقات مقرر کر لئے۔ حتیٰ کہ ہماری بیویوں نے بھی بتی بتی ہمارا ساتھ دینے کی ٹھان لی۔ دو دن بڑے آرام سے گزر گئے اور پھر ایک شام تین مشکوک کاریں جن میں مشکوک افراد

Marfat.com

نیچے ہمارے گھر کے بلاک کے ارد گرد آہستہ آہستہ چکر لگانے میں مصروف کار رہتے۔ خصوصاً جب وہ ہمارے گھر کے سامنے سے گزرتے تو اپنی کاروں کو مزید آہستہ کر لیتے اور ہمارے گھر کو گہری نظروں سے دیکھتے لہذا ہم نے کاروں کی number plates نوٹ کر لیں اور یہ اطلاع traffic cops کے رجسٹریشن آفس میں بذریعہ ٹیلیفون پہنچا دی۔ کوئی ایک ہفتے کے بعد انہوں نے پتا چلا کر فون کیا کہ وہ نمبر پلیٹیں جعلی ہیں۔ اس خبر نے ہماری ریڑھ کی ہڈیوں میں سرد لہر دوڑا دی۔

چھوٹو گھر کی چھت پر Winchester کے درختوں کی گھنی شاخوں میں چھت سے لگا بیٹھ گیا جہاں سے وہ ڈرائیو وے اور front lawn کو تو بخوبی نظر میں رکھ سکتا تھا البتہ گھر کے back lawn کا تھوڑا سا حصہ ہی دیکھ سکتا تھا اور باقی حصہ گھر سے اوجھل تھا۔ لہذا back lawn میں ایک چھوٹے سے چھت کے نیچے واشنگ مشین کی آڑ میں حمزہ کو بٹھا دیا اور میں ایک جگہ سے دوسری جگہ پیغام رسانی پر مامور تھا جبکہ Garcia اور Ramon دونوں کو خواب گاہوں کی نگرانی کی ڈیوٹی آدھی رات سے صبح تک دے دی گئی۔

ہم نے جلدی میں supper کیا۔ بجلی کی lights کو off کیا۔ سوائے فرخ کے دوسری خواتین اور ساری بچیوں کو اپنے اپنے bedrooms میں بھیج دیا گیا جبکہ فرخ نے ضروری ٹیلیفون نمبر کے لئے فون کے قریب living room میں نشست سنبھال لی۔ ہم جو کہ پہلے سے مصائب و آلام کا شکار تھے۔ ایک نئی مصیبت نے بھی ہمارا گھر دیکھ لیا۔ ایک مشکوک walkie-talkie والی جیپ ہمارے گھر کے بلاک کے ارد گرد چکر لگانے میں مصروف پایا گیا۔ خاص طور پر وہ زیادہ وقت اس سڑک پر رکتا جو ہمارے گھر کے جنوب کی طرف ائیرپورٹ کے ساتھ گزرتی۔ چونکہ وہ ہمارے گھر سے کافی فاصلے پر تھا لہذا walkie-talkie پر ہونے والی گفتگو سے ہم مستفید نہ ہو سکے۔ یقینی امر تھا کہ وہ پیغام دے رہا تھا اور کوئی ہدایت لے رہا تھا۔ قدرے اندھیرا ہونے کی وجہ سے ہم اس کی شناخت سے بھی محروم تھے۔ کبھی کبھی ان مشتبہ گاڑیوں میں سے کوئی کار اس کے قریب آ کر رکتی اور اسی دوران ہمارے سب کے پاس سے گزرتے پھر حسب معمول بتیاں بند کر دیتے۔

میری بے چینی بڑھتی گئی میں نے فوراً اشارے سے سمجھایا کہ وہ حالات کی سنگینی کا جائزہ لے اور وہ کسی بھی صورت سے نمٹنے کیلئے تیار ہو جائے۔ جونہی وہ اپنی پوشیدہ جگہ سے باہر نکلا تو باہر سے پتھر برسنے شروع ہو گئے۔ چھوٹو گھر کی چھت پر چھپا اور اپنے آپ کو ظاہر نہیں کر سکتا تھا کہ دشمنوں کو چھپنے کی جگہ کا پتہ نہ چل سکے اور انہیں اپنے منصوبے پر عمل کی حاصل نہ ہونے پائے۔ چھوٹو اپنے اس مقام کو چھوڑنا نہ چاہتا تھا مگر back lawn کی طرف سے آواز آ رہی تھی۔ میں نے چھڑی سے اپنا مخصوص مواصلاتی نظام استعمال کیا یعنی چھڑی کے ساتھ چھت کے اندرونی حصے کو ٹھونکا جس کا مطلب تھا کہ وہ تمام حالات سے بخوبی واقف ہے۔ فوراً ہی back lawn کی دیوار پر چڑھا اور بغیر ہدف کے ادھر ادھر فائر کرنے لگا۔ تین دو گھنٹے گزرے۔ ہمارے پڑوسیوں نے اپنی lights کو on کیا۔ چھوٹو چھت سے نیچے اترا اور میں نے دیکھا کہ رات 9 بجے کا وقت اور رات شروع ہوتے ہی ہمارے دشمن اپنی مخصوص کاروائی میں مصروف ہو گئے۔

میں نے فوراً سیکیورٹی Lugo کو اس سے اپنی تشویش ناک صورتحال کی اطلاع دینے کیلئے ٹیلیفون کیا۔ اس نے مجھے اپنے گھر آنے کا مشورہ دیا۔ ایک سفید پوش policeman کو اس نے اپنے گھر آنے کا کہا اور اس وقت کی نگرانی پر مامور ہے وہ میرے ساتھ چلے کہ یہ رات کا ایسا وقت تھا جب پبلک ٹرانسپورٹ نایاب ہوتی (یہاں پر پبلک ٹرانسپورٹ بہت کم ہے اکثریت اپنی ہی کاریں استعمال میں لاتی ہے) میں نے اور مشورہ دیا کہ وہ اپنی کار میں Lugo سے اس poilceman کو لے آئے اور چھوٹو بھی اور کے ساتھ جانے کیلئے تیار تھا۔ ان کے انتظار میں ہم رہے۔ اسی اثنا میں Garcia اور Ramon کو بھی کھانا مناسب سمجھا کیونکہ ان کی ڈیوٹی رات کے بارہ بجے شروع ہونی تھی۔ تھوڑی دیر کے بعد وہ اس policeman کو ساتھ لے آئے جس کی معیت میں Fuchu تھی۔ Ramon، Garcia، Fuchu، چھوٹو، انور اور میں گھر کے living room میں اکٹھے ہوئے۔ نصف رات کی چوکیداری سے متعلق منصوبہ بندی کی۔ دوسرے دن کیلئے بھی لائحہ عمل تیار کر لیا۔ خاص طور خواتین اور بچوں کو تاکید کر دی کہ وہ bedrooms میں سے باہر نہ نکلیں جب تک ان کا باہر نکلنا ضروری نہ ہو۔ اب ہمارے پاس ایک سرکاری ملازم بھی تھا جس کو ہم سے کوئی بھی انتہائی قدم اٹھانے کی اجازت تھی۔

Marfat.com

یہ شریف آدمی Fuchu بہت ہوشیار اور تجربہ کار معلوم ہوتا تھا۔ گھر کے ماحول کا نہایت باریک بینی سے جائزہ لیتے ہوئے اس نے چھوٹو، Garcia اور Ramon کو مختلف مقامات پر متعین کر دیا اور تلقین کی کہ اپنی اپنی جگہ سے مت ہلنا۔ ہر وہ چیز جو حرکت کرے اس پر نگاہ رکھنا یا اطلاع اسے دینا جبکہ وہ خود وقفہ وقفہ سے چکر لگاتا رہے گا۔ یہ بھی کہ اگر Fuchu نے باہر جانے کا ارادہ ظاہر کیا تو یہ صرف ان کا جائزہ لے سکے اور ہمارے پڑوسیوں کی بھی شناخت کر سکے۔ وہ لوگوں پر نگاہ رکھنے اور ان کی حرکات و سکنات کا جائزہ لینے کا ماہر تھا۔

back lawn کے ایک کونے میں کافی تعداد میں corrugated tin sheets پڑی ہوئی تھیں جبکہ Fuchu نے ان تمام sheets (tin کی چادریں) کو back lawn کے اندر زمین پر تین دیواروں کے ساتھ پھیلا رکھنے کو کہا۔ اس کا مقصد یہ تھا کہ اگر کوئی شرپسند عنصر باہر سے ان تین دیواروں کو پھلانگ کر back lawn میں کودے گا تو tin کی چادروں کی کھڑکھڑاہٹ سے ہم فوراً ہی اس کی موجودگی سے آگاہ ہو جائیں گے۔ یہ sheets اتنی پتلی تھیں کہ اگر بلی بھی ان کے اوپر سے گزرے تو کھڑکھڑاہٹ کا پیدا ہونا یقینی امر تھا۔ Fuchu نہ صرف chain-smoker بلکہ یہ کہ وہ دن میں تقریباً ہر وقت beer پینے کا عادی بھی تھا۔ ہمارے گھر میں نہ سگریٹ نہ beer صرف میرے لئے cigars کے علاوہ یار دوستوں کیلئے مشروبات تھے جن سے Fuchu کو کوئی دلچسپی نہ تھی۔

تھوڑی دیر بعد Fuchu چکر لگا کر واپس گھر لوٹا تو متواتر اپنے لئے ایک خاص brand کی beer جس کا نام Polar اور Marlboro سگریٹوں کی فرمائش کرتا رہا۔ میں نے سن رکھا تھا اور میرا تجربہ بھی شاہد ہے کہ یہ چھوٹے موٹے پولیس والے اپنی خواہشات کی تکمیل کی فرمائش direct نہ سہی indirect طریقے سے کرتے ہیں۔ اعلیٰ پولیس افسران کے متعلق میں کچھ نہیں کہہ سکتا مگر یہ یقینی امر ہے کہ دنیا میں یہ معمول کی بات ہے۔ بہرحال آپ مجھ سے بہتر جانتے ہیں کہ پاکستان میں ایسا ہوتا ہے یا نہیں؟ رات کے بارہ بجے کا عمل تھا اور ابھی اس خواہش کی تکمیل کیلئے گھر سے دو بلاک کے فاصلے پر ایک filling station پر جانا پڑتا مگر اندیشہ تھا کہ وہاں پر اس کی موجودگی پر ہمارے دشمنوں کو شک نہ ہو جائے جبکہ اس جگہ پر ہر قسم کے مشکوک لوگوں کا گزر اور یہ قانون شکنوں اور شرابیوں کا مخصوص اڈا تھا۔ ایسی جگہوں کو شمالی امریکہ میں skidrow قسم کا علاقہ گردانتے ہیں۔ مجھے یاد پڑتا ہے کہ میں نے گھر میں مہمانوں کیلئے تین سگریٹوں کے پیکٹ رکھے ہوئے تھے مگر مسئلہ تھا انہیں تلاش کرنے کا، اور میں اس mood میں نہ تھا۔ البتہ میں نے اسے ایک سگار اور Scotch کی پیشکش کی۔ سگار تو اس نے لے لیا مگر Scotch سے انکار کر دیا۔

سگار اس طرح نہیں پیا جاتا جیسے کہ سگریٹ پیتے ہیں۔ سگار پینے کا ایک خاص طریقہ ہے جبکہ اس نے سگار سلگا کر سگریٹ کی طرح کش پر کش لگانے اور دھواں اندر جذب کرنے یا منہ اور ناک کے راستے نکالنا چاہا تو اسے سر درد نے آلیا۔ اس کا معدہ بھی خراب ہو گیا۔ میں نے اس کے سر درد کے پیش نظر ایک طاقتور ٹکیہ جس کو Eskotrin کہتے ہیں۔ یہ اسپرین ہے اور ہر ٹکیہ میں اس کی مقدار 324 mg ہوتی ہیں یہ ایسی coated کہ معدے میں نہیں حل ہوتی بلکہ معدے کے ساتھ جو چھوٹی انتڑیوں کا حصہ ہوتا ہے۔ اس میں جذب ہوتی ہے۔

کوئی آدھے گھنٹے کے بعد Fuchu کی طبیعت سنبھلی۔ وہ، انور اور میں living room میں بیٹھے نہایت رازداری سے اپنی اپنی planning کے متعلق دشمنوں سے چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے سوچ رہے تھے اور اس نتیجہ پر پہنچے کہ اگر آمنے سامنے کا وقت آیا بھی تو نمٹنا ہو چکا ہے۔ اچانک living room کی چھت پر پتھروں کی برسات شروع ہوئی۔ انور بندوق تھامے front lawn کی طرف بھاگنے ہی والا تھا کہ Fuchu نے اسے روک دیا۔ Ramon، Garcia اور چھوٹو نے جو ایک مخصوص جگہ پر متعین تھے۔ انہوں نے پتھر متواتر گرنے کی آوازیں تو سنیں مگر کوئی غیر معمولی حرکت نہ کی اور اپنے مخصوص ٹھکانوں سے نہ ہلے۔ ہدایات کے مطابق جب تک انہیں کہا نہ جاتا وہ اپنی مرضی سے کوئی بھی قدم اٹھا نہ سکتے۔ Fuchu اور انور دونوں باہر گئے۔ گھر کے بلاک کا چکر لگانے کے بعد اس bar کے پاس جو ہمارے گھر کے پیچھے ساحل سمندر پر واقع تھی، کے قریب ایک جھاڑی کی اوٹ میں چھپ گئے جہاں وہ آسانی سے ہمارے گھر کے پچھلے حصے کو دیکھ سکتے۔ انور کے پاس ریوالور اور جبکہ Fuchu کے پاس سرکاری ہتھیار موجود تھا۔ یہ صورت

Marfat.com

حال مجھے بے چین کیے جا رہی تھی اور اچھائی کی آس لگائے بیٹھا تھا۔ کوئی ایک گھنٹہ بیت گیا فائرنگ کی آواز سنائی دی میں دوڑ کر back lawn میں پڑے سٹول پر چڑھ گیا اور دیکھا کہ وہ سامنے مچھیروں کی بستی جو کہ دور ساحل سمندر پر واقع ہے، کی طرف سرپٹ بھاگتے چلے جا رہے ہیں۔ اگرچہ اس بستی میں زیادہ تر مچھیرے رہائش پذیر تھے مگر یہ مفروروں، قانون شکن اور زیر زمین کام کرنے والوں کی بھی پناہ گاہ تھی۔

عورتیں اور بچے living room میں گھبرا گئے ہوئے تھے۔ میں نے جو کچھ دیکھا انہیں بتا دیا اور حوصلہ دیا کہ گھبرانے کی ضرورت نہیں۔ جب انور اور Fuchu واپس لوٹیں گے تو باقی تفصیلات کا پتہ چل جائے گا۔ انور کی والدہ یعنی میری ممانی نے رونا پیٹنا شروع کر دیا کیونکہ انور بھی میری طرح ماں باپ کی اکلوتی نشانی ہے۔ میں نے نہ صرف ان کی ڈھارس بندھائی بلکہ ہمت سے [illegible] انہیں [illegible] رہنے کی ترغیب دی۔

واقعہ کچھ یوں ہے انور نے ایک جھاڑی دار حصہ میں ساحل سمندر پر کوئی مشکوک حرکت دیکھی۔ اس نے Fuchu کو سرگوشی کے انداز میں بتایا لہٰذا وہ دونوں رائفلیں تانے مختلف زاویے سے دبے پاؤں اس حصہ کی طرف روانہ ہوئے۔ وہ ابھی اس حصہ سے کوئی 10 میٹر کے فاصلے پر ہوں گے کہ ان لوگوں میں سے ایک نے جو اس حصہ میں چھپے ہوئے تھے فائرنگ [illegible] کے ساتھ جو ابھی تک فائرنگ کر رہا تھا، نے مچھیروں کی بستی کی طرف بھاگنا شروع کر دیا۔ Fuchu اور انور بھی [illegible] فائرنگ کرتے ہوئے ان کے تعاقب میں بھاگ نکلے چونکہ رات اندھیری، راستہ کافی ناہموار اور دشمن کے بھاگنے کی رفتار بھی بہت تیز تھی۔ Fuchu اور انور درمیانی راستہ سے مڑ گئے۔ دشمنوں کی ایک گولی انور کے اتنے قریب سے گزری کہ اس کے [illegible] حصہ کو تقریباً مس کر گئی۔ یہ انتہائی خوش قسمتی تھی ورنہ موت بھی واقع ہو سکتی تھی۔ Fuchu نے جب رپورٹ دی تو میں نے اس سے دریافت کیا کہ تم اپنا ہتھیار کیوں نہ استعمال میں لائے؟ اگرچہ ان کو مار نہیں سکتے تو کم از کم ایک دو کو زخمی تو کر سکتے تھے۔ اس نے بڑا دانشمندانہ جواب دیا کہ ہمارے دشمنوں کو ہم پر سبقت حاصل تھی کیونکہ وہ ساحل سمندر کی ریت سے [illegible] پر تھے وہ صرف جھاڑیوں کی وجہ سے محفوظ بھی تھے [illegible] بلاوجہ فائرنگ کرنے میں کوئی فائدہ نہ تھا۔

چونکہ Garcia، Ramon، Fuchu انور اور میں نے تمام رات مستقبل کی پلاننگ میں گزار دی۔ صبح Fuchu انور اور میں اپنے دوست Lugo کے پاس اس کے دفتر میں گئے۔ میں نے اسے ہوش کے ناخن لینے کی [illegible] تک ہی محدود نہیں۔ ہمارے [illegible] دشمن [illegible] کا مقصد [illegible] بات سنجیدہ ہوتی جا رہی ہے اور [illegible] یہاں تک کہ کسی کی جان بھی جا سکتی ہے۔ ہماری خوش قسمتی کہ ابھی تک ایسے نقصان سے محفوظ ہیں [illegible]۔

اب صورت حال واضح ہے کہ ہمارے دشمن ہمہ وقت ہمارے گھر کے گردونواح میں موجود رہتے اور گھومتے ہیں [illegible] ان کی موجودگی سے غافل رہتے ہیں۔ [illegible] اس کا جواب حسب معمول تھا کہ گھبرانے کی کوئی ضرورت نہیں جب تک صورت حال خراب ہے تو Fuchu ایسے حالات میں تمہارے ساتھ رہے گا۔ اس کے پاس تحریری اجازت نامہ ہے کہ وہ کسی کو بھی [illegible] ضرورت ہوئی تو shoot کرنے بلا جھجک کر سکتا ہے۔ اس کا یہ رویہ مجھے عجیب سا لگا لیکن امریکن مملکت میں قانین [illegible] کی سمجھ سے بالاتر ہوتے ہیں اور میں بھی شاید ان قوانین سے واقف نہ ہو پایا تھا۔ جب ہم لوگ واپس [illegible] Polar کے cans کافی مقدار میں اور Marlboro سگریٹوں کے کئی بڑے packets خرید کر [illegible] Fuchu ہمارے گھر سے جانے والا نہیں۔

ان حالات میں Fuchu [illegible] تبدیل کرنے کی غرض سے اپنے گھر چھپ چھپا کر جاتا رہتا مگر ہم نے اس [illegible] حل بھی ڈھونڈ لیا۔ ایک رات گئے اس کے تمام پہننے کے پارچات اس کے گھر سے اٹھا کر لے آئے کیونکہ اس کی [illegible] کی مالی حالت کچھ اچھی نہ تھی۔ انور اس کے گھر والوں کے کھانے پینے کا سامان لے جایا کرتا اور [illegible] کا بھی خیال رکھتا۔ یہ فیصلہ کیا گیا کہ Ramon اور Garcia مستقل طور پر گھر سے باہر [illegible] کریں گے مگر [illegible]

Marfat.com

دونوں وقت کی جھنڈ نہ پڑے اور ان دونوں میں سے کوئی ایک لب سمندر bar کے قریب رہیگا اور دوسرا گھر کے جنوب کی طرف اس بار سے نزدیک ہوائی پورٹ سے شمال کی طرف واقع ہے جبکہ ہم چاروں افراد یعنی چھوٹو، Fuchu، انور اور میں گھر کے اندر ہی چوکیداری کریں گے۔ چھوٹو اپنے مخصوص مقام پر چھت کے اوپر، انور گھر کے back lawn کے کونے میں Fuchu فرنٹ لان میں living room کے ونڈو کی طرف ایک جھاڑی کی اوٹ میں اور میں ایک قسم کا handyman around ادھر ادھر کے کام پیغام رسانی کیلئے متعین ہوئے۔

ایک شام چھوٹو چپکے سے چھت سے نیچے اترا اور اطلاع دی کہ ایک مشکوک Dodge Dart کئی مرتبہ گھر کے بغلی رستے کی طرف ائیر پورٹ سے قریب رکی جس میں سے ایک شخص کئی بار کار سے نکل کر ہمارے گھر کی طرف دیکھتا رہا۔ میں نے یہ خبر Fuchu کو دی جبکہ چھوٹو نے واپس جا کر اپنی پوزیشن سنبھال لی۔ Fuchu جو چپکے چپکے دھیرے دھیرے گھر کے کمپاؤنڈ سے باہر نکلا اور Ramon سے ملا جس نے بھی ایک مشکوک Dodge Dart کئی دفعہ ہمارے گھر کی پچھواڑے سڑک پر رکنے کا حوالہ دیا۔ اطراف دوسرے کئی لوگوں سے مشاہدے کی تصدیق ہوئی جہاں چھوٹو گھر کے پچھواڑے کی طرف دیکھنے سے قاصر تھا۔ وہاں Ramon بارٹ خفیہ طور پر پہرہ دے رہا تھا۔ تھوڑی دیر بعد Ramon اور Fuchu گھر واپس لوٹ آئے۔ Fuchu نے تہیہ کر لیا اب کے وہی کار دیکھتے ہی قریب پہنچ کر دیکھیں گے۔ Garcia چھوٹو اور انور اس ٹیم سے ناآشنا تھے کیونکہ یہ کام نہایت خفیہ طور پر کرنا تھا۔

Ramon نے گھر کے front lawn سے اس پار اپنے آپ کو جھاڑیوں میں چھپا کر رکھا اور تاک لگا دی جبکہ Fuchu گھر کے جنوب کی طرف کونے جہاں گھنی جھاڑیاں اور کافی بڑا پتھر تھا کی اوٹ میں چھپ گیا۔ جونہی Dodge Dart گھر کے پاس سے گزرنے والی ہوئی وہ چھلانگ لگا کر ڈرائیور کی طرف پہنچا اور پستول تان کر اسے رکنے کا حکم دیا۔ Ramon بھی ڈرائیور کی دوسری طرف سے دوڑتا ہوا آن پہنچا۔ Fuchu نے ڈرائیور سے کار کی چابی چھین لی۔ اپنا شناختی کارڈ دکھایا اور کار کے تمام سواروں کو اپنی شناخت کرانے کیلئے کہا۔ ان کے تمام کاغذات درست اور سبھی کے پاس I.D کارڈ تھے۔

Fuchu ڈرائیور کی پچھلی سیٹ پر اور Ramon فرنٹ سیٹ پر۔ Fuchu نے اپنا ریوالور اس کی گردن پر رکھتے ہوئے کہا کہ "کوئی ایسی ویسی حرکت کی تو ۔۔۔۔۔ سیدھے پولیس سٹیشن چلو" کار ڈرائیور کے ساتھ دو اور بھی "کن ٹٹے" قسم کے مضبوط جسم والے تھے۔ کار اور سواروں کو پولیس سٹیشن روک لیا گیا۔ Ramon اور Fuchu ٹیکسی لے کر گھر واپس لوٹے۔ دوسرے دن مجھے پولیس سٹیشن سے فون کال آئی لہذا Fuchu انور اور میں پولیس سٹیشن پہنچے۔

ان لوگوں کے پاس کاغذات اور ان کی اپنی شناخت بھی درست پائی گئی۔ ان سے اسلحہ وغیرہ اور کوئی دیگر غیر قانونی اور قابل اعتراض اشیاء برآمد نہ ہوئیں۔ ہم لوگ بھی کوئی ان کے خلاف ٹھوس ثبوت مہیا نہ کر سکے لہذا انہیں چھوڑ دیا گیا البتہ پولیس انسپکٹر نے انہیں تنبیہ کی کہ وہ آئندہ اس علاقہ سے گزرنے کی جسارت نہ کریں جہاں ہمارا گھر واقع ہے۔

Mannequin

ایک دوپہر Fuchu نے Polar beer کوئی ضرورت سے زیادہ ہی پی رکھی تھی کہ مدہوشی کے عالم میں نجانے کیسی کیسی تجویزیں پیش کر رہا تھا اور بضد کہ ہم لوگ غور سے سنیں اور عمل کریں لہذا انہیں وہ تجویزات چار و ناچار سننی پڑیں۔ living-room-cum-library میں ایک دیوار کے ساتھ سٹیل کی 13 filing cabinets پڑی ہوئی تھیں اور ان کے اوپر index card boxes رکھے ہوئے تھے۔ ہر ایک filing cabinet کے چار دراز اور تمام تر cabinets مختلف اقسام کے documents، reprints، ذاتی کاغذات وغیرہ وغیرہ سے بھری ہوئی تھیں۔ اسی طرح ہر ایک index card box کے دو درازوں سے cards پر سائنسدانوں کے نام اور references وغیرہ لکھے ہوئے تھے۔ Fuchu کا خیال تھا کہ ہمارے دشمن میری research activities سے متعلق کوئی ضروری معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں اور یہ معلومات میری files میں موجود تھیں۔ میں اس کی اس دانشمندی پر ہنسے بغیر نہ رہ سکا۔

Marfat.com

میری ریسرچ کی نوعیت ایسی تھی کہ کسی کو معلومات حاصل کرنے کے لیے جان جوکھوں میں ڈالنے کی ضرورت تھی۔ اس زمانے میں، میں نے قریباً 80 scientific paper لکھے ہوں گے۔ یہ scientific journal میں شائع ہو چکے تھے۔ اس کی متعلقہ معلومات درکار تھیں تو وہ ان Journals کا مطالعہ کر سکتا یا مجھ سے براہ راست reprints طلب کر سکتا تھا۔ میں کسی biological warfare کی research میں مصروف نہیں تھا جو کسی بڑی اہمیت کی حامل ہو۔ میں تو صرف animal parasites پر کام کرتا تھا۔ وہ میرے دلائل پر کوئی توجہ نہیں دے رہا تھا۔ ثبوت کے طور پر میں نے اپنی ریسرچ کی وضاحت کرنے کے لیے اپنی فائلنگ کیبنٹ کے ایک دراز میں سے file نکالی اور Fuchu کے ہاتھ میں دے دی۔ اس میں وہ ساری معلومات موجود تھیں جن کی اسے ضرورت ہو سکتی تھی اور جب وہ فائل دیکھ رہا تھا تو اس کو ایک Russian سائنسدان کا paper نظر آیا۔ وہ اسے پڑھتا ہوا حیران ہوا۔ اس نے صرف عجیب و غریب Russian نام پڑھا۔ تحریر اس کی سمجھ سے باہر تھی۔ اس پر میں نے اسے بتایا کہ یہ تو صرف Alma Ata University کے ایک مشہور روسی سائنسدان Ginetsinskaja کا species determination سے متعلق paper ہے۔

"بالکل ٹھیک یہی تو وہ paper ہے جس کے حصول کی خاطر ہمارے دشمنوں نے جان کی بازی لگائی ہوئی ہے۔ اس میں یقیناً Russian سائنسدانوں کی دریافت پوشیدہ ہے۔ خاص طور پر جو بھی معلومات سے متعلق لکھے گئے ہوں گے۔" اس نے بہت اطمینان سے اپنی انگلی میری طرف اس انداز سے کی جیسے وہ میری آنکھ پھوڑ دینا چاہتا ہو۔ میں اسے بتاتا رہا کہ یہ تو ... مذکورہ paper کا انگلش میں resume پڑھ کر سنایا جس میں صرف species کا ذکر تھا۔ Black Sea کی مچھلیوں کی بیماریوں سے متعلق بھی تھوڑی سی معلومات تھیں۔ مچھلیوں کی بیماری کا نام سنتے ہی اس نے پرجوش انداز میں دونوں ہاتھوں سے میز پر مکا دے مارا۔ میں نے صرف سمندری مچھلیوں ہے۔ fish farm (Pisicultura) کی مچھلیاں بھی بیماری کی وجہ سے جو مر جاتی ہیں اور ہمارے دشمن یہی معلومات تو چاہتے ہیں۔ beer کا اس پر اس قدر غلبہ تھا کہ وہ یہ بات سمجھ نہیں سکا کہ اس میں تو صرف Russia کی مچھلیوں کی بیماری سے متعلق ذکر کیا گیا ہے۔ اس سے اس کا کیا تعلق ہے میں سمجھنے سے قاصر تھا۔

میں دیر تک اس کو سمجھانے کی کوشش میں لگا رہا مگر بات اس کے سر کے اوپر سے گزر گئی۔ بالآخر بڑی کوشش کے بعد وہ pass-out ہو گیا۔ تین چار گھنٹے مدہوشی کی کیفیت کے بعد نیم بیہوشی کی حالت میں آیا مگر پھر بھی وہ اپنے موقف پر اڑا رہا۔ آہستہ آہستہ میرے دلائل دینے پر بات اس کی کھوپڑی میں آئی کہ ہمارے دشمن ہمارے پیچھے کوئی ... یہ کام کس کی غرض سے نہیں کر رہے ہو۔ اچانک وہ سیدھا کھڑا ہو گیا، میرے ہاتھ پرجوش انداز میں دبائے اور میری آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھتے ہوئے گویا ہوا۔ "ہاں! سمجھ میں آ گیا۔ تمہارے دشمن تمہیں اغوا کرنے کی غرض رکھتے ہیں۔ میں بھول جاتا ہوں کہ ... ہو گا۔ ... تمہارے اغوا پر بھاری تاوان دینے پر تیار ہو جائیں گے کیونکہ تم اپنی ریسرچ میں بین الاقوامی شہرت کے حامل ہو۔ ... تمہاری اور تمہارے اہل خانہ کی حفاظت کے لیے کوئی بھی قیمت ادا کر سکتے ہیں تاکہ کوئی گزند نہ پہنچے۔"

میں نے دوبارہ اس کی سوچ پر قہقہہ لگایا۔ اگر تمہاری سوچ درست ہے تو جب میں ... یہاں ہوتا ہوں ... تب بھی میں زیادہ محفوظ نہیں۔ اگر ہمارے دشمن اغوا کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں تو میں بغیر کسی مزاحمت کے اپنے آپ کو ان کے حوالے کرنے کے لیے پیش کر دوں گا۔

Fuchu ابھی تک ہوش اور نشے کے درمیان امتحان کے افق پر عجیب و غریب تجزیہ ہمارے دشمنوں سے متعلق پیش کر رہا تھا۔ corridor کے کونے میں ... کے قریب Winchester رکھی ہوئی تھی۔ loaded ... اس نے اٹھائی اور آرام کے ساتھ صوفے پر بیٹھ گیا۔ میں نے یہ دیکھا تو گھبرا گیا۔ Winchester سے متعلق بیوی نے اور نوکروں نے ادھر چھپا رکھی تھی ... trigger سے اگر غلطی سے دب گیا تو کوئی زخمی نہ ہو جائے ... کر رہا تھا۔ میں نے اسے اس کے حال پر چھوڑ دیا۔ Winchester اس سے چھین کر ... ہم دوپہر کا کھانا کھا رہے تھے تو اور میری ... کرسی پر بیٹھا ہوا تھا جو Winchester کے قریب تھی۔ Fuchu ...

ہم نے mood میں نہیں تھا۔ وہ اٹھ کر میری لائبریری میں چلا گیا۔ انور کی عادت ہے کہ وہ نچلا نہیں بیٹھ سکتا ہاتھوں سے چھیڑ چھاڑ کرتا رہتا ہے۔ اس نے بھی Winchester کو ہاتھ لگانے کے ساتھ ساتھ چھیڑنا شروع کر دیا۔ ابھی میں اس کو منع کرنے ہی والا تھا کہ اس نے غیر ارادی طور پر trigger دبا دیا اور کارتوس کے چھرے چھت پر جا لگے۔ ڈاکٹر صادق کی بیوی تھوڑی سی زخمی ہوئی۔ خدا کا شکر ہے کوئی زیادہ جسمانی نقصان نہ ہوا۔

اس واقعہ کے فوراً بعد ہی چھوٹو dining room کی چھت پر آن گرے۔ Fuchu فوراً ہی گھر کے سامنے دروازے سے باہر جانے لگا تو میں نے دوڑ لگائی اور اس کے سامنے جا کھڑا ہوا۔ اسے ذرا سخت لہجہ میں فہمائش کی کہ اپنی حفاظت نہیں کر سکتے ہمارے دشمنوں سے بچا کر مرواؤ گے جبکہ تم عملی طور پر ابھی تک نشہ کی کیفیت سے باہر نہیں نکلے لہٰذا ہمارے دشمنوں کا نوالہ بآسانی بن جاؤ گے۔ حالات سے ظاہر ہوتا تھا کہ ہمارے دشمن کی "غائب" کی آنکھ سے ہماری حرکات و سکنات پر نظر رکھے ہوئے ہیں یہ واردات دن دیہاڑے ہوئی رات آنے کے خیال سے کچھ مندا آتا۔ معلوم ہوتا ہمارے دشمن رات کی تاریکی کا بھرپور فائدہ اٹھائیں گے Fuchu شراب کے نشے سے بدمست ہو رہا تھا اس خیال سے میں نے اسے انور کی مدد سے couch پر لٹا دیا۔

Garcia جو گہری نیند میں تھا، میں نے اسے اٹھایا تاکہ ہم رات کیلئے کوئی لائحہ عمل تیار کر سکیں۔ خواتین، ڈاکٹر صادق اور بچوں کو اپنے اپنے کمروں میں جانے کی ہدایت کی۔ انور کو خیال گزرا کہ کیوں نہ چھت پر پانی کی ٹینکی کے قریب ایک Mannequin (پتلا) قد آدم سا بنا کر کھڑا کر دیں اور اس کو ایسے کپڑے پہنا دیں جیسا کہ کوئی پہرہ دار کھڑا ہو لہٰذا ایک پھٹا پرانا hat، پرانے boots، پرانی قمیض، پتلون وغیرہ وغیرہ اکٹھے کر لیے گئے۔ ایک نقل مطابق اصل Mannequin تیار کر کے رات کی تاریکی سے پہلے چھت پر watertank کے شرق میں کھڑا کر دیا۔ میں نے گھر کے back lawn سے دیکھا تو واقعتاً ایک چوکیدار دکھائی دیتا تھا۔

رات کے آٹھ بجے گھر کی تمام lights کو off کر دیا گیا۔ میں نے باورچی خانہ میں اپنی پوزیشن سنبھالی جبکہ انور رائفل اور back lawn میں مورچہ بند ہو گیا۔ چھوٹو Winchester لے living room میں کھڑا ہو گیا۔ Ramon اور Garcia کو ہدایت دے کر گھر سے باہر بھیج دیا تاکہ وہ بلاک کے اردگرد چکر لگاتے رہیں اور اگر کوئی ایسی ویسی حرکت ہو تو قریبی bar یا نزدیکی جگہ سے ٹیلیفون پر اطلاع کر دیں۔ اگرچہ پڑوسیوں کا ہمارے لئے ہمدردی کا جذبہ مفقود ہو چکا تھا مگر ان میں سے چند ایک نے بڑی دریا دلی سے ہمارے محافظوں کو ضرورت پڑنے پر ٹیلیفون استعمال کرنے کی اجازت دے دی۔ کوئی رات گیارہ بجے کے قریب فرخ بے پاؤں کچن میں آئی اور مجھے مخاطب کر کے کہا "ایسے محسوس ہوتا ہے جیسے کوئی چھت پر چل رہا ہو" میں نے یہ اطلاع انور کو پہنچائی فوراً ہی جو کہ قریب ہی back lawn کے کونے میں چھپا بیٹھا تھا۔ اس نے بلا تاخیر آؤ دیکھا نہ تاؤ مکان کی چھت پر اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی۔ یکدم دھڑام کی آواز سنائی دی ہم نے دیکھا کہ دو نوجوان چھت سے بغلی گلی کے اوپر سے ہوتے ہوئے میدان میں آ گئے اور رات کی تاریکی میں ائرپورٹ کی طرف غائب ہو گئے۔ چھوٹو فرخ اور میں نے باورچی خانہ کی کھڑکی سے یہ تمام کارروائی اپنی آنکھوں سے دیکھی۔ انور نے چند منٹ پھر انہی کی طرف فائرنگ کی۔ چھوٹو دوڑتا ہوا باہر نکلا اور ان کے پیچھے اندھا دھند Winchester سے فائرنگ کرتا رہا۔ سانپ گزر گیا لیکن پیٹنے والی بات تھی۔ غصہ کی بھڑاس نکالی جا رہی تھی اور بارود کا ضیاع ہو رہا تھا۔ حالانکہ ہمارے دشمن کب کے رفو چکر ہو چکے تھے۔ چھوٹو ہانپتا ہوا کچھ دیر بعد واپس لوٹ آیا۔ انور کے ساتھ چھت پر گئے تو دیکھنے میں آیا۔ Mannequin کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے ایک جگہ اکٹھے کرنے کے بعد ان ٹکڑوں پر جاتی دفعہ پیشاب بھی کیا گیا ہے۔

اس تمام کارروائی کے دوران Fuchu ایک بچے کی مانند محو خواب رہا۔ صبح کو میں نے اسے بیدار کیا اور رات کی سرگزشت سنائی اب اس کا جواب سنئے "تم لوگوں نے مجھے کیوں نہ اٹھایا میں تو اسی موقع کے انتظار میں تھا کہ جونہی وہ گھر کے اندر داخل ہوں پھر دیکھتا وہ مجھ سے کیسے بھاگ کر جا سکتے ہیں؟"

Fuchu نے کہہ تو دیا مگر اس کو بیدار کرنے کا کیا فائدہ بے سود۔ وہ beer کے نشے میں اسقدر غرق کہ اس کے منہ سے brewery کی طرح بدبو سے تیز بو آ رہی تھی اور ہم پر یہ واضح ہو گیا کہ اس شخص پر انحصار نہیں کیا جا سکتا۔ بہر حال ہم اس سے

Marfat.com

چھٹکارہ بھی حاصل نہیں کر سکتے تھے کیونکہ وہ اوپر سے متعین یعنی نازل ہوا تھا۔ یہ سوچ کر میں نے Polar خریدنی بند کردی اور Marlboro کا کافی stock خرید لیا۔ حالات سے واضح تھا کہ ہماری تمام تر کوششیں رائیگاں جا رہی تھیں کیونکہ اتنے سکیورٹی گارڈز کی موجودگی میں ہمارے دشمن عین ہماری ناک کے نیچے جو بھی ان کا mission تھا اسی تکمیل تک پہنچا رہے تھے۔

انور نے قانون ہاتھ میں لینے کی مجھے ترغیب دی۔ میں نے بھی بادل نخواستہ ہاں میں ہاں ملائی اور فیصلہ کیا کہ جب بھی مشکوک عنصر پر فائرنگ تو کریں گے مگر محض زخمی کرنے یا خوف زدہ کرنے کی حد تک۔ اسی طرح انور کا رپورٹر بھی شب کے وقت flat تک جانے کی کوشش ہوگی۔ اس سکیم کے دوران یہ پریشانی بھی دامن گیر تھی کہ کوئی بے گناہ مارا گیا تو اپنی مشکلات اور بڑھ جائیں گی۔ گویا ہم لوگ چلتے چلتے بند گلی (cul de sac) میں تھے اور اس اختلال کا حل سوچنے سے قاصر بھی۔ اس planning سے ساتھ صبر اور وقت ہم سے دامن کشاں۔ چھٹیوں کے بعد اس جنجال سے دو ہاتھ کرنا ہی تھے۔ کون جانے دیر غیر میں اس نا گہانی آفت سے کب تک سامنا رہے گا۔ کوئی تو بتلائے آخر ہم کو کیا کرنا چاہیے۔

بیشتر اوقات اخباری نمائندوں نے interviews کی یلغار رکھے رکھی۔ میرا نام ان میں ہم وزن رکھتا تھا اور ہماری سرگزشت شہ سرخیوں کی صورت اخبارات کی زینت بنتی رہی۔ میرا نام روزنامچہ بن گیا (کچھ متعلقہ اخبارات اب بھی میرے پاس موجود ہیں) اس پر معمول بنا لیا گیا۔ کچھ واقعات پڑھی اور کچھ بیانات ذومعنی مرچ لگا کر خوب حاشیہ آرائی ہوتی رہی۔ بعض اوقات سچ اور جھوٹ سے مرقع شائع کے وقت حل جاتے اور اپنی صفائی پیش کرتے کرتے میں تنگ آچکا تھا۔ بعض اوقات ہماری بے خبری میں نامہ نگار ہمارے متعلق جھوٹی اور بے بنیاد خبریں چھپ جاتیں۔ جو کچھ ہمارے ساتھ پیش آرہا تھا یہ کسی سیاسی پارٹی کا شاخسانہ تھا۔ بالخصوص بعض مذہبی متعصب کارکنوں کو کسی وقت بھی کوئی اشتعال انگیز قدم اٹھانے کا بہانہ مل سکتا تھا۔ بڑا خطرناک کھیل جاری ہو گیا تھا۔ میں نے اپنی صفائی میں اخبارات میں بیانات دینے کی عقلمندی کی۔ میرا انڈونیشیا کی کسی سیاسی پارٹی پر شک ہے اور نہ ہی کسی شخص پر۔ اس سے باوجود بھی جھوٹی خبر لگ ہی جاتی کہ ہماری مشکلات کے پیچھے کسی سیاسی جماعت کا ہاتھ ہے۔ میرے پاس اس کا یہ حل تھا کہ سوائے اس کے میں خاموشی اختیار کر لوں۔ دلچسپ بات تو یہ کہ ہمارے پڑوسی، پولیس اور تقریباً تمام شہر والے ہمدرد تھے مگر کوئی چارہ نہ تھا۔ ستم بالائے ستم کہ ہمارے سکیورٹی گارڈز چند اور ہمارے محافظوں کا گشت روز مرہ کا معمول تھا اب کے رات اس قدر بڑھ چکے تھے کہ ہمارے دشمن دن کو پتھر پھینکنے میں کامیاب ہو جاتے اور کبھی کبھی ایک آدھ فائر بھی داغ دیتے۔ باوجود اس کے کہ ہم نے کوششیں تیز کر دیں اور محافظوں کی تعداد میں بھی اضافہ کیا۔ دن رات چوکنے رہتے مگر ہماری تمام کوششوں پر پانی پھر گیا۔

Garcia

ایک رات گہرے بادل امڈ آئے جو برسنے کو بیتاب تھے اور وقفہ وقفہ سے بوندا باندی بھی ہو رہی تھی۔ چھوٹو shower-proof کوٹ پہنے ہاتھ میں Winchester لئے اپنی مخصوص جگہ چھت کے اوپر درخت کی گھنی شاخوں کی اوٹ میں بیٹھا ہوا تھا۔ Fuchu اپنی مخصوص عادت کے مطابق Polar پینے بیتاب تھا بلکہ ابھی سے کش لے رہا تھا جو filling station پر پٹرول ڈالنے آتا تو ہم اپنی حفاظت کیسوئی سے عمل میں لاتے۔ حسب معمول Garcia اور Ramon بھی سارا دن ساحل سمندر کی bar پر گھوما کرتے تھے تاکہ ہم سب نے بھی ہر حصے پر نظر رکھیں۔ انور اپنی مخصوص جگہ back lawn میں بیٹھا تھا۔ living-room میں ایک "رابطہ آفیسر" کے فرائض سرانجام دینے کے ساتھ ساتھ چھوٹو کو ہدایت دے رکھی تھی کہ کوئی بھی مشکوک نظر آئے تو بے دریغ شوٹ کر دینا۔

رات ڈیڑھ بجے بارش زوروں پر تھی۔ چھوٹو نے چھت کی منڈیر سے سرگوشی کے انداز میں اطلاع دی کہ ایک کار میں چار مشکوک افراد سوار ہیں۔ ہمارے جنوب مغرب کی طرف کافی خالی جگہ اور ائیر پورٹ کے درمیان آ کر کھڑی ہوئی ہے۔ میں نے چھوٹو کو ہدایت دی کہ جب تک کوئی مشکوک نقل و حرکت نظر نہ آئے فائرنگ سے گریز کرنا۔

موسلا دھار بارش جاری و ساری تھی۔ کبھی کبھی بجلی کی چمک اور رعد کی گڑگڑاہٹ دل دہلا جاتے۔ میں نے پانی کی حد کی

سے نہیں نکلا تو وہ کار غیر ارادی انداز سے مجھے دکھائی دی۔ میں نہ تو اس کار کا ماڈل اور نہ ہی نمبر پلیٹ دیکھ سکا کیونکہ اندھیرے اور شدید بارش نے دبیز چادر تان رکھی تھی البتہ کار کو روشنی کی چمک سے دیکھ پایا۔ میرے دیکھتے ہی کار کی فرنٹ سیٹ سے ایک شخص اترا اور ایسا لگا جیسے پچھلی سیٹ والے کسی سوار نے اسے پتھر دیئے ہوں۔ وہ عجلت میں گھر کی ملحقہ خالی جگہ کے قریب ہوا اور ایک ہاتھ بلند کیا جیسے کہ وہ گھر میں پتھر پھینکنے والا ہو۔ میں نے فوراً اور بغیر دیر کیے وہ چھت سے سامنے والا دروازہ کھول کر رات کی تاریکی میں گم ہو گیا جبکہ چھوٹو نے Winchester سے مشکوک شخص کے جسم کے نچلے حصے کو ہدف بنایا اور فائر داغ دیا۔ جو ٹھیک نشانہ پر لگا۔ مذکورہ شخص لنگڑا کر چلنے لگا اس اثنا میں چھوٹو نے دوسرا فائر کیا مگر اسی دوران عجلت میں اس کے ساتھیوں نے مضروب کو کار کے اندر کھینچ لیا۔ اتنے میں انور کار کے قریب پہنچ چکا تھا۔ اس نے بھی موقع غنیمت جان کر فائر کر دیا۔ چھوٹو نے چھلانگ لگائی اور گھر کے back lawn کو پھلانگتا ہوا کار کے پیچھے کھلے میدان میں نکل گیا۔ میں نے دوبارہ فائرنگ کی آواز سنی۔ کار اپنی پوری رفتار سے بھاگ نکلی۔ Garcia، Ramon اور میں جب موقع پر پہنچے تو ہم نے ملحقہ زمین پر خون کے دھبے دیکھے جہاں کار پارک کی ہوئی اس جگہ تک کی نشاندہی کر رہے اور اسی جگہ پر مذکورہ کار کے شیشوں کے ٹکڑے بکھرے ہوئے تھے۔

یہ ہماری پہلی کامیاب کاوش کہ دشمنوں پر سبقت نصیب ہوئی۔ بلاشبہ وہ شخص بری طرح زخمی ہو گیا کیونکہ خون کے چھینٹے کافی جگہ پر پھیلے ہوئے تھے یقیناً اس کو مضروب کو طبی امداد کی اشد ضرورت پیش ہوگی۔

میں نے پولیس سٹیشن فون کیا اور انچارج افسر کے تمام واقعہ گوش گزار کر دیا۔ اس نے مجھے پر یقین لہجے میں ہسپتال کے ایمرجنسی وارڈ میں مزید پولیس پہنچنے کی نوید سنائی۔ مضروب کی تلاش با آسانی کی جا سکتی تھی کیونکہ شہر میں ایک ہی گورنمنٹ ہسپتال تھا۔ البتہ چند ایک متعدد جدید پرائیویٹ clinics تھے۔ بظاہر دو ہی صورتیں تھیں مضروب کو گورنمنٹ ہسپتال میں لے جایا جاتا یا وہ لوگ کسی پرائیویٹ clinic سے استفادہ کر سکتے۔ ان لوگوں کے شہر سے باہر سے آنے کا خطرہ بھی پیش نظر تھا۔ قریباً دو گھنٹے کے بعد میں نے پولیس آفیسر سے ٹیلیفون پر رابطہ کیا مگر تا حال کوئی پیش رفت نہ ہوئی۔

چھوٹو اور انور گورنمنٹ کے ایمرجنسی وارڈ میں بھیجا گیا مگر اس نوعیت کے case کا ہسپتال کے رجسٹر میں کوئی اندراج نہ تھا۔ بعد میں میں نے Ramon اور Garcia کی ڈیوٹی لگا دی کہ آنے والے چند دنوں تک ہسپتال کے ایمرجنسی وارڈ سے اس نوعیت کا case درج ہو تو واقفیت حاصل کریں۔ کوئی آٹھ دن گزر گئے مگر متوقع خبر موصول نہ ہوئی۔

ہو سکتا ہے وہ لوگ مضروب کو کسی اور شہر میں لے گئے ہوں ہمیں حیرت ہوئی کہ ایک ہفتہ گزر گیا ہے ہمارے دشمنوں کی آمد و رفت کا قیاس ہی سے ہجوم میں یہ بات سوجھی کہ ممکن ہے ہماری سرگرمیاں ان کی سمجھ میں آ گئی ہوں۔ ہم لوگ انتہائی اقدام پر تلے ہوئے ہیں۔ پھر خیال آیا کہ ساحت کی بڑے طوفان کا پیش خیمہ ہوتا ہے یا حالات واقعات سرد خانے میں ڈال دیئے گئے ہوں تاکہ ہم خوش فہمی میں مبتلا ہو جائیں۔ ہمارے دشمن مرعوب ہو گئے ہیں وہ اب نہیں آئیں گے جبکہ انتقامی جذبے سے سرشار ہمارے حملہ دوبارہ ہونے کا بھی امکان تھا۔ Fuchu کا خیال تھا کہ اب وہ بھی ہمیں پریشان کرنے کی کوشش نہیں کرینگے۔ بہر حال ہم کوئی ایسا risk لینے کے mood میں نہیں تھے لہذا میں نے حفاظتی تدابیر کا مزید جائزہ لیا البتہ یہ کام کا مثبت پہلو نہیں تھا ہم لوگ دن رات اکٹھے ڈیوٹی دیں اور نفسیاتی جائزے کے مطابق انسانی جسم کی متواتر کام کرنے سے مستعدی کسل مندی اور اضمحلال میں بدل جاتی ہے۔ ضرورت کے مطابق انسان آرام کرنے کا خواہشمند ہوتا ہے۔

Garcia، Caracas میں ایک پرائیویٹ کمپنی کے جاسوسوں سے ملکر کام کرنے کا پانچ سالہ تجربہ تھا۔ باتوں باتوں میں وہ نہایت پیچیدہ قسم کی حقیقتیں کھوجنے کی کہانیاں فخریہ انداز میں سنایا کرتا۔ صرف یہی نہیں وہ مختلف نوعیت کا اسلحہ استعمال کرنے کا بھی ماہر تھا۔ مجھے اس کی اس پیشہ ورانہ صلاحیت پر شک کرنے کی گنجائش نہ تھی۔ نہ ہی میں اس کی کہانیوں کو جھٹلانے کے حق میں تھا مگر اس میں ایک بڑی بری عادت تھی کہ وہ ہر کسی کی تجویز سے ذرا مشکل سے اتفاق کرتا۔ گھنٹوں تک وہ اپنی مہمات کی داستانیں ہی سناتا رہتا۔ حتی کہ سب کا پیمانہ صبر لبریز ہو جاتا اور میں برملا کہہ اٹھتا کہ یہ تمام machismo (جسے ہم پنجابی زبان میں "ماچو" کہتے ہیں) کی کہانیاں چھوڑو اور آؤ ہم اپنے آپ کو نئے سرے سے منظم کریں تاکہ ہم کوئی خاص مثبت قدم اٹھا سکیں۔ annexe کے کچن کے ساتھ

Marfat.com

ایک کمرہ جو bedroom کم مگر junk room زیادہ تھا، چھوٹو بھی یہاں ہی سوتا۔ میں نے یہاں ایک اور bed ڈلوا دیا، چند نئی چادریں اور تکیے بھی مہیا کر دیئے گئے۔ گویا یہ کمرہ اب Garcia اور Ramon کے لیے مخصوص تھا۔ فیصلہ کیا گیا۔ Garcia رات کو ڈیوٹی کرے اور یہ فرائض وہ گھر کے اندر ہی سرانجام دے گا۔ اس کو ایک ریوالور دیا گیا مگر وہ بضد تھا کہ اسے Winchester دی جائے کیونکہ Winchester کے استعمال کا وہ زیادہ ماہر تھا لہٰذا اس کی خواہش کی تکمیل کر دی گئی۔ Winchester کے magazine میں چھ کارتوسوں کی جگہ ہوتی ہے جو کہ میرے خیال میں کافی تھی مگر اس کا اصرار تھا کہ اسے belt دی جائے جس میں مختلف sizes کے چھروں کے کارتوس ہوں اور اس کی یہ خواہش بھی پوری کر دی گئی۔

دراصل Ramon اور Garcia کی ڈیوٹی کوئی زیادہ سخت قسم کی نہ تھی۔ ہمارے تجربے نے ہمیں سکھا دیا کہ دشمنوں کی سرگرمیاں بعد از دوپہر یا سورج غروب ہونے کے بعد تیز ہو جاتی تھیں۔ بہرحال ہم یہ نہ چاہتے کہ ہمارے دشمن کی موقع پر بھی ہمیں غافل یا غیر محتاط پائیں۔

Garcia نے تیار ہو کر گھر کے back lawn کی وہ جگہ پسند کی جو laundry area کے قریب تھی جہاں کی شاخوں میں ڈھکی ہوئی تھیں جو ہمارے شاہی پڑوسیوں کے گھر میں لگے ہوئے تھے۔ وہ تمام وقت کھڑا رہنا پسند کرتا اور شاخوں کے چھوٹے چھوٹے خلاؤں (درزوں) میں سے back lawn کی دیوار کے اوپر سے باہر دیکھتا۔ یہ نسبتاً کافی تھکا دینے والا عمل تھا۔ ایک یا دو دن تو انسان کچھ وقت کھڑا رہنا برداشت کر سکتا ہے لیکن جن حالات و واقعات سے ہم گزر رہے تھے ان سے یہ اندازہ نہ ہو سکتا کہ ہمیں کتنے عرصہ تک اس کا سامنا کرنا ہو گا اور کب تک اپنے دشمنوں کو پکڑ سکیں گے لہٰذا میں نے اس کام کو آسان کرنے کی غرض سے ایک سٹول دے دیا جس کو شاخوں سے بنے ہوئے ایک چبوترے پر رکھا تا کہ وہ کام Garcia کھڑا ہونے کے بجائے اسٹول پر بیٹھ کر سہولت سے سرانجام دے سکے۔

یہ بھی طے پایا کہ Fuchu فرنٹ روم میں اور Ramon کو ہدایت دی گئی کہ وہ گھر سے باہر نہایت احتیاط اور رازداری سے چکر لگاتا رہے تا کہ اس پر کسی کو شک و شبہ نہ ہونے پائے اور ہمیں خاص طور پر ان کاموں سے محتاط رہنا تھا جو اکثر سمندر کی bar میں آتے رہتے ہیں۔ یہ bar ہمارے گھر کے قریب ہی ایک مخصوص جگہ تھی جہاں وہ لوگ بیٹھتے اور شراب نوشی کرتے۔ میں نے Ramon کو یہ بھی ہدایت کی کہ Garcia اور وہ ایک ہی وقت میں ڈیوٹی پر نہ ہوں کیونکہ دو مرتبہ دونوں میں سے ایک فرد باری باری کام پر لگے تا کہ دوسرا کچھ وقت آرام کر سکے، زیادہ تشویش کی صورت حال تو رات کے اندھیرے میں ہی تھی جس کا ہمارے دشمن خوب فائدہ اٹھاتے۔ Ramon رات دن چوکنا رہتا، اس کا مطلب یہ تھا کہ "He will burn the candle at the both ends." اور یہ مشکل اس کی برداشت اور ہمارے صبر کا امتحان تھی۔ Ramon کی بات پر کیا گیا وہ اس قسم کی زندگی گزارنے کا عادی اور تجربہ کار تھا۔ ایک دوپہر تک نیند اس کی آنکھ میں نہ رہتی اور رات سے زیادہ دن میں ڈیوٹی دیتا۔ Ramon صبح سے بعد رات گئے تک باہر ڈیوٹی دیتا کہ جس کا مطلب یہ تھا کہ گھر کے باہر کے سامنے والی سڑک اور دائیں بائیں سڑکوں پر خاموشی سے نظر رکھے رہے تا کہ اگر کسی کو کوئی بھی غیر معمولی حرکت کی تو ہمارے دشمنوں کا پتہ چل سکے اور Ramon کی موجودگی میں ہمارے گھر کے قریب نہ آنے پائیں گے۔

جہاں ہمارا گھر واقع تھا اس کے قریب ہی ایک beach تھی۔ پہلے ذکر ہو چکا ہے کہ لوگ اس beach پر آتے جاتے ہیں ہمارے دشمن بھی موجود ہوں؟

Ramon نے ساحل سمندر کی bar کے چوکیدار سے تعلقات استوار کر لئے اور وہ کئی مرتبہ ایک beer کے mug کے ساتھ اپنی میز پر رکھے بیٹھے رہتے جس کی قیمت چوکیدار خوشی سے ادا کرتا کیونکہ اسے مفت کی مل جاتی جبکہ Ramon بغیر کسی شک و شبہ کے اپنی ڈیوٹی ادا کرتا۔ bar کے front section میں سمندر کی طرف کرسیاں میز پڑے ہوتے اور bar کا یہ حصہ لوگوں سے بھرا رہتا۔ ہمارا آدمی اس ہجوم کا ایک حصہ خیال کیا جاتا۔

Marfat.com

احتیاط کے طور پر میں نے مذکورہ bar کے مالک کو یہ بات گوش گذار کردی کہ Ramon ہمارا آدمی اور ہماری ڈیوٹی دے رہا ہے اور اس کو کسی چیز کی ضرورت ہو تو میرے حساب میں لکھ دو میں کسی وقت بھی تمہارا حساب بیباق کر دونگا۔ بار کا مالک ہمارے مقاصد سے بخوبی واقف تھا اور اسے بڑی مسرت ہوئی کہ کوئی شخص ہماری نگرانی کر رہا ہے۔ اس کیلئے فائدہ مند بھی یوں کہ اس کی bar کوئی پرشور شہر سے دور تھی جہاں کوئی بھی چیز بآسانی لوٹ لی جاتی۔ نہ صرف یہ کہ اس کو رات کے اندھیرے میں ہی یار لوگوں نے لوٹا بلکہ دن دیہاڑے بھی ہاتھ دکھا دیتے۔ تمام گاہکوں کی موجودگی میں بغیر بل کی ادائیگی کئے آنکھ بچا کر نو دو گیارہ ہو جاتے۔ ایک روز کوئی خاص تہوار تھا جبکہ bar گاہکوں سے کھچا کھچ بھری ہوئی تو ایسے میں چند بدمعاشوں نے bar کے مالک کی کار Chevrolet Sedan سے دن دیہاڑے dashboard میں نصب شدہ کیسٹ ریکارڈ چوری کر لیا۔ معمول کے مطابق شام کے کھانے کے وقت Ramon گھر پہنچ کر ہمارے ساتھ کھانا کھانے بیٹھ جاتا اور تمام دن بھر کی کاروائی کی رپورٹ دیتا۔

ایک دفعہ ایسا ہوا کہ Ramon، Garcia، Fuchu نے اہل خانہ سے علیحدہ بیٹھ کر کھانا کھانے کیلئے میز کی فرمائش کی جو کہ پوری کر دی گئی۔ اس کی وجہ یہ بتائی کہ وہ ہماری خلوت میں مداخلت مناسب خیال نہیں کرتے۔ بات معقول تھی اور میں نے بھی مان لیا۔ چند دنوں کے بعد ان کے میز سے جو کہ ہمارے کھانے کے میز سے زیادہ دور نہیں تھا بحث و تکرار کی آوازیں آنا شروع ہو گئیں۔ پتہ چلا کہ Garcia نہ صرف کھانے کا زیادہ حصہ اپنے پاس رکھتا بلکہ Fuchu اور Ramon کو بھی اپنی مرضی سے کھانا دیتا اور ان کو پتا تک نہیں ہوتا۔ تینوں کھانوں میں سے اپنا پسندیدہ کھانا سارے کا سارا اپنی تحویل میں رکھتا اور ہڑپ کر جاتا۔ اگر کھانے کے وقت کسی ایسے میز سے اٹھ کر جانے کے دوران ان کے میز پر جاتا تو Garcia تحکمانہ لہجے سے کسی چیز کی ہوئی تو لانے کا حکم دیتا۔ یہ ایک نامناسب اور نامعقول رویہ تھا۔ Garcia کو اس کے غیر منصفانہ سلوک کی وجہ سے سرزنش کی۔ اس کا جواب ملاحظہ فرمائیے:

"Ramon اور Fuchu نہ صرف بہت زیادہ کھاتے ہیں بلکہ table manners سے بھی ناآشنا ہیں کیونکہ نچلے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ انہوں نے پیشتر ازیں اتنا اچھا کھانا کھایا ہی نہیں اور میری بات کو ذرا دھیان سے سننا! کہ وہ جس کام پہ مامور کئے گئے ہیں وہ اس کے اہل ہی نہیں۔"

مجھے ایسا لگا جیسے وہ کہہ رہا ہو "فقر ہر کس بقدر ہمت اوست"۔ جب اس نے لمبی چوڑی مبلغانہ تقریر ختم کی تو میں نے اسے فیصلہ کن دو ٹوک الفاظ میں اپنا موقف واضح کیا:

"آپ تمام لوگ میری نظر میں ایک جیسے ہیں اور اپنے فرائض کو ایمانداری اور اپنے ضمیر کے مطابق سرانجام دینے کی توقع کی جاتی ہے جبکہ ہم پہلے ہی پریشان کن صورت حال سے دل گرفتہ ہیں اور تم غیر ضروری انتشار کی فضا کے مرتکب ہو رہے ہو جو کہ تمہارے تینوں میں نفاق کی صورت تشویش ناک ہی نہیں نقصان دہ ہے۔ تمہارے اتحاد میں رخنہ اندازی کسی طرح بھی مناسب نہیں کیونکہ تم لوگوں سے ہماری تحفظ کی امیدیں وابستہ ہیں تاکہ خوشگوار ماحول میں صرف ہماری حفاظت کیلئے اتحاد اور یکسوئی سے کام کرو۔ اگر کوئی دوسروں سے زیادہ کھاتا ہے تو یہ تمہاری سردردی نہیں۔ اخراجات کا بار تو میں برداشت کر رہا ہوں۔ تم نے اپنے اطوار درست نہ کئے تو مجھے کرنے پڑیں گے تمہیں مستقل چھٹی دینے کی نوبت آ جائے اور خاص طور پر کھانے کے دوران حاکمانہ لہجہ اور رویہ ناقابل برداشت ہے۔ جاؤ اپنا اپنا کام سنبھالو۔" میں نے اسے تنبیہ کی اور مجھے یقین تھا وہ اپنا رویہ درست کریگا اور میرے عزائم سے بھی آشنا ہوگا۔

Ramon اور Garcia کو ہم اچھی خاصی اجرت دے رہے تھے بلکہ یہ بھی وعدہ تھا اگر انہوں نے دشمنوں سے چھٹکارہ دلایا اور چھڑایا ہماری مشکلات کا ازالہ کر دیا تو وہ معقول انعام و اکرام سے نوازے جائینگے جبکہ Fuchu گورنمنٹ سے تنخواہ یافتہ تھا مگر ہم نہ صرف اس کی روزمرہ کی خواہشات کا احترام کرتے بلکہ اس کے اہلخانہ کی بھی اکثر و بیشتر ضروریات کیلئے پرسان حال ہوتے۔

اس دن سے کھانے کی چپقلش تو ختم ہوئی مگر Garcia کی خباثت کے دیگر پہلو منظر پر آنے شروع ہو گئے۔ وہ ایک خاص قسم کا Cowboy ہیٹ چاہتا تھا جو اس نے کسی کاؤبوائے کی مووی میں پہنے دیکھا۔ ایک سرخ رومال جو ڈیوٹی کے دوران دوسرے محافظوں کو بلا امتیاز شناخت کرائے۔ binoculars اور پولیس کا ایک سپیشل کارڈ جس کے دکھانے پر وہ جسے چاہے اور جس وقت چاہے چیک کر سکے۔ ایک adjustable سٹول جس کی بلندی کو جب وہ ڈیوٹی کے دوران اوپر نیچے کر سکے کیونکہ وہ سٹول پر ایک ہی سطح پر

Marfat.com

ہر وقت بیٹھنے سے تھک جایا کرتا۔ دھوپ کی تمازت سے بچنے کے لیے dark sunglases اور Panocho Villa (میکسیکو کا ایک خاص ہیرو) قسم کی کارتوس رکھنے کی بیلٹ، اس کی تمام خواہشات پوری کر دی گئیں۔

ایک دن جب میں نے اسے دیکھا تو اپنی ہنسی پر قابو نہ پا سکا۔ وہ سیدھا کھڑا تھا، سر پر Cowboy hat [illegible] دائیں ہاتھ میں چھپائے انداز سے پکڑی ہوئی Winchester [illegible] butt [illegible] اوپر سے جسم سے ذرا ہٹ کر اپنے دائیں ہاتھ سے Winchester کی نالی پر گرفت رکھتے ہوئے [illegible] binoculars بائیں ہاتھ میں اور سرخ رومال اس کی گردن سے یوں لپٹا ہوا کہ رومال [illegible] کا حصہ ڈھکا ہوا تھا۔ معلوم ہوتا کہ مشہور امریکن John Wayne [illegible] کی فلم سے [illegible] lawn [illegible] کھڑا ہو۔ باوجود اس کی ان idiosyncrsies کی وجہ سے اس نے کوئی ایک ہفتہ تک [illegible] stamina سے کافی متاثر ہوئے مگر اب اس نے اور مطالبات شروع کر دیے جن کا تعلق ادویات سے تھا۔

میں شروع ہی سے گھر میں روزمرہ کی شکایات کے ازالے کے لیے ہر قسم کی ادویات کا ایک الماری میں [illegible] کی چابی میرے اور صرف میرے پاس ہوتی ہے۔ ایک دفعہ اس نے مجھے فرش پر بیٹھ کر کوئی antihistaminic [illegible] مطالبہ کر سکتا ہے [illegible] ثابت ہوا۔ حالانکہ اس کی صحت قابلِ رشک تھی۔ [illegible] بڑھ جاتی۔ ناک کا متواتر بہنا، آنکھوں سے پانی بہنا، جسم پر خارش کے دھبے وغیرہ وغیرہ اور اس لیے میں نے کئی قسم کی ادویات [illegible] طور پر رکھی ہوئی تھیں۔ میں نے کئی specialists سے مشورہ کیا یہاں تک کہ میں [illegible] سے مشہور زمانہ Harley Street لندن (فرض کیجیے یہ دوسری بار تھی جب میں علاج کی خاطر انگلینڈ گیا) میں ایک specialist سے مشورہ کیا [illegible] allergy کے مریضوں کی کیفیت ہوتی ہے۔ وقتی طور پر آرام تو آ جاتا ہے مگر [illegible] medical tests کیے گئے [illegible] pollens کی وجہ سے [illegible] London میں ایک specialist کی invisible mites [illegible] تکلیف میں رہتی یونہ ہوا میں allergens پر اس کا control ممکن نہیں [illegible] surgical mask [illegible]

Garcia نے مجھے اس دوائی کے متعلق پوچھا جو میں نے الماری سے نکالی تھی تو میں نے جواب دیا [illegible] جلدی خارش [illegible] کے لیے [illegible] اس نے اپنے جسم پر کھجلی کرنا شروع کر دی۔ میں نے اسے ایک [illegible] بعد صاف ہوجائے گی۔ دوسرے دن اس نے کہا کہ ان گولیوں نے تو جادو کا سا اثر کر دیا ہے۔ تب سے [illegible] ہے۔ میں نے [illegible] Parsel (analgesic) کی گولی بھی دی۔ ایک رات جب میں living-room [illegible] Garcia [illegible] مجھے [illegible] نیند نہیں آ رہی۔ میں نے اسے Laxatonil [illegible] دی۔ القصہ اس طرح کوئی نہ کوئی بیماری لگ جاتی اور میں اسے دوائی دیتا۔ میں نے [illegible]

ایک دفعہ [illegible] سے کوئی بڑی بچی [illegible] میں نے اس سے مختلف [illegible] Venezuela میں piano [illegible] piano [illegible] key [illegible] کی آواز ابھرتی ہے۔ [illegible] سے بڑا جب۔ خدا کا شکر ہے بات اس کی سمجھ میں آ گئی اور اس نے [illegible]

Garcia کے برعکس Ramon بالکل مختلف ثابت ہوا۔ وہ معمول کے مطابق [illegible] شوقین نہ تھا جو سہولیات مہیا کی گئیں ان سے قناعت پسندی کی حد تک مطمئن۔ [illegible] نہیں ہوئی۔ Ramon [illegible] اوقات گھر کی حفاظت باہر کے حصہ تک رہتا۔ میں نے اس کے لیے ہی ساتھ گھر کی bar [illegible] تھا کہ جس چیز کی ضرورت ہو اسے دے دیا اور میرے حساب میں لکھ لینا۔ مثلاً snacks یا beer [illegible]

Marfat.com

مشہور ہے۔ bar کے مالک وہ فی سکون ہو گیا کیونکہ چور اور ٹھگ اس کیلئے وبالِ جان بنے ہوئے تھے۔ اس کے اپنے *vigilante* (چوکیدار) کے علاوہ ہمارے آدمی کی موجودگی نے اسے کافی حد تک تقویت دی۔

Ramon نے bar کے vigilante کے ساتھ جس کا نام Isidro تھا اور عمر اس کی کوئی پچاس سال کے لگ بھگ ہو گی اچھے تعلقات استوار کر لئے۔ Isidro اچھا خاصا موٹا آدمی تھا موٹاپے کی وجہ سے دوڑنا تو کیا چند میٹر بمشکل چل سکتا۔ اس کا بڑا پیٹ مالدار beer پینے والوں کی نشاندہی کرتا۔ وہ کسی اور کی حفاظت تو کیا اپنی حفاظت سے بھی قاصر تھا۔ مجھے bar کے مالک کی عقلمندی پر حیرت تھی کہ اس نے کس لئے اس "گن مین" کو اپنی حفاظت کیلئے رکھا ہوا ہے۔ کئی بار میں نے Ramon سے پوچھا کہ آیا Scotch پینا پسند کرتا ہے مگر وہ ایک دو beer کے cans یا بوتلیں پینے پر ہی اکتفا کرتا۔ دراصل شراب نوشی سے قدرے اجتناب کرنے والوں میں سے تھا اور اس کی یہ عادت بڑی حوصلہ افزا تھی کیونکہ Fuchu کم پر شراب نوشی کی وجہ سے غیر ضروری ذمہ داری بنا ہوا تھا۔ اس کی افادیت محض خطرہ پر منحصر تھی۔ سوائے اس کے وہ ایک سرکاری ملازم اور اس کے پاس مشکوک اور غیر مشکوک لوگوں کو گرفتار کرنے کا اختیار تھا۔ شاید Fuchu کی چھٹی کر دینے میں بہتری تھی لیکن میں نے ہمیشہ اس کے اس خیال کی مخالفت کی۔

Ramon شادی شدہ تھا۔ اس کے تین چھوٹے بچے اور بیوی تھی۔ وہ قلیل آمدنی سے نہ صرف اہلِ خانہ کو support بلکہ کسی وقت بچت بھی کچھ پس انداز کرتا۔ جو کچھ ہم اسے ہر دو ہفتے کے بعد تنخواہ کے طور پر دیتے بظاہر وہ اس پر مطمئن تھا۔ ایک دن بعد از دوپہر Ramon، Garcia، Fuchu اور میں living-room میں اکٹھے بیٹھے گھر کی حفاظت کو زیادہ موثر طریقے سے سرانجام دینے کے متعلق بات چیت کر رہے تھے۔ اگرچہ ہم سب کو اپنے اپنے فرائض کا پتہ تھا تاہم میں نے دوبارہ تلقین کی کہ کس طرح کام اپنی کوشش سے بہتر کیا جا سکے جو پہلی میٹنگ باقی ہے اس کو دوسروں کے سابقہ سے زیادہ کارآمد بنایا جائے۔ شام کے وقت Garcia کی ڈیوٹی ختم ہو جاتی اور چوکیدار Winchester لے کر اپنی مخصوص جگہ چھت کے اوپر سنبھال لیتا۔ اسے تاکید کر دی گئی کہ جو کوئی بھی گھر کے قریب آنے کی کوشش کرے اس کو مارنے کی بجائے اس کی ٹانگوں کو نشانہ بنائے کیونکہ محض زخمی کرنا مطلوب ہے اور جس کار پر معمولی شک گزرے اس کے نمبر نوٹ کر لیے جائیں۔ Ramon ریوالور کے ساتھ گھر سے باہر رہیگا اور جب مناسب سمجھے اس کو فائر کر سکتا تھا۔ ہمارا ہر ایک کا تجربہ تھا کہ بندوق چلانے سے باز رہا جائے۔ Fuchu گھر کے اندر سرکاری ریوالور کے ساتھ اور میں اور بیگم اضافی حیثیت سے handymen around رہیں گے۔

وینزویلا کی حکومت ان دنوں میں بخوبی واقف تھی کہ اپنی مشکلات سے چھٹکارہ حاصل کرنے کیلئے کچھ نہ کچھ تو کرنا ہے اور وہ بھی جتنی جلدی ممکن ہو۔ حالات نہایت خطرناک اور حوصلہ شکن ہوتے جا رہے تھے۔

بجلی کا بلب غائب

تقریباً ایک ہفتہ اطمینان سے گزرا۔ قرین قیاس ہے شاید ہمارے دشمنوں کو ہماری سکیم کی خبر نے محتاط رہنے کی ترغیب دی یا اپنی تنظیمی کارروائیوں نے انہیں معطل کر دیا جو بہرحال آثار کچھ ایسے تھے گویا ہماری کوششیں رنگ لا رہی تھیں۔ برسات کا موسم تیزی سے حاوی ہو رہا تھا اور ایک شام تو طوفانی بارش ہوئی۔ قدرتی امر ہے کہ Ramon کو گھر کے اندر آ جانا پڑا۔ شدید بارش میں باہر رہنا حماقت تھی کیونکہ موسلادھار بارش میں پانی کی دبیز چادر کی اوٹ میں کسی ذی روح کا نظر آنا ناممکن ہے۔ Fuchu بھی گھر کی چھت سے نیچے اتر آیا اور سونے کی تیاری کرنے لگا جبکہ Garcia تو تھوڑے سے پیچ کر سو رہا تھا۔ بچے، خواتین اور ڈاکٹر صادق پہلے سے اپنے اپنے کمروں میں تھے۔ Ramon، Fuchu اور میں living-room میں ستا رہے تھے۔ بارش کو تو جیسے آج ہی برسنا تھا۔ ہمارے علاوہ میری بیوی اور فرخ کے کمرے کی باہر والی lights کے سوا تمام گھر تاریکی میں ڈوبا ہوا تھا۔ فرخ اور چھوٹی بچی غازیہ گہری نیند کی آغوش میں تھیں۔

اندر میری بیوی سب سے پہلے کمرے میں کسی حاجت میں living-room میں آئی اور بتایا کہ اس کے سونے والے کمرے کا باہر والا روشنی کا بلب اچانک غائب ہو گیا ہے۔ میں ایک وہمی شخص واقع ہوا ہوں اسلئے گھر کی تمام بتیاں، دروازہ جات کے bolts وغیرہ

Marfat.com

خود ہی چیک کر کے اطمینان محسوس کرتا ہوں اگر کوئی دیگر فرد کرے تو میری تسلی نہیں ہوتی لہذا مجھے بتیاں روشن کرنے کا یقین واثق تھا۔ انور کچن کے دروازے سے باہر گیا تو دیکھتا کیا ہے کہ بقول اسکی بیوی کے واقعی روشن بلب غائب ہے۔ یقیناً کوئی شخص رات کو دیوار پھاند کر اندر آیا اور بلب اتار کر چلتا بنا۔ گویا مصائب و آلام نے ہمارے گھر کو اپنے حصار میں بدستور لیا ہوا ہے۔ ہماری مصیبتوں میں ایک نئے factor کا اضافہ ہو گیا۔

مذکورہ بالا بلبوں کو اتار لینا آسان کام تھا کیونکہ ان کے ارد گرد تاروں سے حفاظتی cage نہیں تھے۔ کوئی شخص بلب کو unscrew کر کے اتار جا سکتا لیکن bedroom کی کھڑکی کے اوپر چڑھے بغیر بلب اتار لینا بعید از قیاس تھا جہاں کھڑکی پر افقی شیشے لگے ہوئے تھے جو کہ bedroom کے اندر سے کھڑکی کے ساتھ والے lever کو گھمانے سے کھلتے اور بند ہوتے ہیں۔ tropical ملک ہونے کی وجہ سے مچھروں کے حملے سے بچنے کیلئے وہ تمام کھڑکیاں جو گھر سے باہر کی طرف کھلتی ہیں ان پر افقی شیشے سے بیرونی سمت باریک جالی نصب اور کھڑکیوں کے نیچے باہر کی طرف کوئی ایسی جگہ نہ تھی جہاں کوئی آدمی کھڑا ہو سکتا۔ یہ کھڑکیاں زمین سے level تھیں۔ جب تک کوئی زمین سے تین میٹر اوپر نہ ہوتا اس کی بلب تک رسائی ناممکن تھی۔ چھت کی منڈیر سے جھک کر بلب اتارنے کی کوشش عبث تھی کیونکہ چھت سے باہر نکلے ہوئے پرچھتی حائل تھے خواہ کوئی چھت سے کتنا ہی کیوں نہ جھکتے بلب تک رسائی نہ ہو سکتی۔ ہم سخت حیرت میں تھے کہ بلب تک رسائی کیلئے کوئی سٹول یا ارد گرد ایسی چیز بھی نہ تھی جس پر چڑھ کر بلب اتارنا ممکن ہوتا۔ خوفناک بارش میں انور نے step-ladder کی مدد سے ایک دوسرا بلب socket میں نصب کر دیا۔

Fuchu پر یقین اور حتمی موقف پر ڈٹا رہا کہ وہاں سے بلب غائب ہونا ممکن ہی نہیں بلکہ وہ بلب شروع سے ہی اس جگہ پر نصب نہ تھا۔ Fuchu سراسر غلطی پر تھا کیونکہ میری سالہا سال کی عادت ہے کہ گھر کی عمومی نوعیت کی چیزوں کو میں اپنی ذاتی ذمہ داری سمجھتا ہوں۔ بہر حال ہم لوگ چوکس ہو گئے انور ایک کرسی پر کچن کے بیرونی دروازے کے ساتھ اندر کی طرف بیٹھ گیا جو دروازہ باہر کی طرف alley میں کھلتا ہے اور جو bedroom کے دامن سے گزرتی جہاں سے بجلی کا بلب چرایا گیا۔ Fuchu اپنا ریوالور تھامے کچن میں ادھر ادھر جذباتی انداز میں گھومنے لگا اور کبھی کبھار کھڑکی سے باہر بھی جھانک لیتا۔ میں living-room کے ایک صوفہ پر تقریباً سویا ہوا تھا۔

رات گیارہ بجے بارش تو تھم گئی مگر اندھیرا ایسا تھا کہ ہاتھ کو ہاتھ سجھائی نہ دیتا۔ میں اسی وقت جب ... کرنے کے علاوہ ان لوگوں کے ہوائی ڈیوٹی پر تھے۔ Fuchu نے بلب چیک کرنے کیلئے کچن کا دروازہ کھولا ... بلب غائب ہے۔ اچانک مجھے خیال گزرا کہ بلب کو شاید میں اس کے switch کو on کرتا ہوں۔ میں چپ ... کمرے میں گیا مگر بلب کا switch تو on تھا۔ میں نے گھر کی کیفیت سمجھتے ہوئے ... بلب غائب کھڑکی کے نیچے کنارے پر کیچڑ کا نشان تھا۔ یہ کیسے ممکن ہوا کہ کوئی شخص کھڑکی کا سہارا لئے بغیر کوئی آلہ ... سے بلب اتار لیا جائے؟

اگلی صبح ناشتہ کی میز پر ہم اسی سوچ میں غلطاں تھے کہ بلب کی چوری تو درکنار اس socket تک رسائی کیسے ممکن تھی۔ ہم تمام لوگ باہر alley میں اور bedroom کی کھڑکی کے قریب گئے تو دیکھتے کیا ہیں کہ نالی پر سے نشانات کھڑکی کے نیچے والی زمین سے ہوتے ہوئے جنوب والی دیوار تک ثبت ہیں۔ کچھ دیوار سے باہر جا کر دیکھا تو کیچڑ میں سے نشانات سڑک کے کنارے پر جا کر غائب ہو گئے جو کہ ہمارے گھر والے بلاک واٹر پورٹ سے جدا کرتی ہے۔ وہاں جا کر دیکھتے ہیں کہ سیمنٹ کی بلاک alley کے ایک کونے میں پھاندنے کے اندر کچن کی دامن والی دیوار کے ساتھ ایک ٹیڑھی صورت میں پڑے ہیں۔ یہ ممکن ہے کہ مداخلت کرنے والا پھاند کر دیوار سے چھلانگ لگا کر اندر alley میں آ گیا اور احتیاط سے بلاک اس کھڑکی کے ساتھ ایک دوسرے پر رکھ کر ان کے اوپر چڑھ کر بلب تک رسائی حاصل کر لی ہوا۔ تعجب خیز بات تھی کہ ہم کو ... شکوک و شبہات اور عجیب و غریب واقعات سے یہ نتیجہ اخذ کرنے پر مجبور ہو گئے کہ کوئی غیر مرئی طاقت کا کارنامہ ہے۔

یہ فیصلہ کیا گیا کہ حالات میں ایک watchdog کو حاصل کیا جائے جو کہ گھر میں بغیر اجازت داخل ہونے والوں

Marfat.com

پہرے کے لئے trained کیا ہوا میرے لئے ایک چینی کے دوست Pascual نے جس کو کتے پالنے کا شوق تھا ایک قریباً چھ ماہ کی مادہ Alsation تین ہزار bolivars میں خرید یا (ضمیمہ F 129)۔ یہ کتا وہ نہ تھا جو میرے زیر غور تھا لیکن جیسا کہ انگلش کا محاورہ ہے۔ "Something is better than nothing" میرے خیال کے برعکس یہ کتا نہایت ہی ظالم قسم کا ثابت ہوا۔ ہم نے اس کا نام Cerveza رکھا جو ہسپانوی زبان میں کسی قسم کی beer کو کہتے ہیں۔ کوئی 10 دن تک یہ کتا ہم لوگوں سے مانوس نہ ہوا۔ جب بھوک لگتی تب اس پر غنودگی طاری رہتی۔ اسی وجہ سے ہم نے اس کا نام Cerveza تجویز کیا کیونکہ وہ شرابیوں کے سے انداز میں مدہوشی سے عالم میں غائب رہتا۔ آہستگی سے وہ قریب و جوار سے مانوس ہو گیا یہاں تک کہ back lawn میں اس نے اپنی حفاظت میں رہ کر ہر ایک کو اپنی حد میں داخل نہ ہونے دیتا۔ اگرچہ ہمارے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے بلاوے پر چلا آتا مگر پھر اپنے مخصوص علاقے میں واپس چلا جاتا۔ خصوصاً رات کے وقت ہوا سے ہلتے ہوئے پتے کی آہٹ پر بھی alert ہو جاتا اور بھونکنا شروع کر دیتا۔ اس کی یہ عادت بڑی خوش آئند تھی۔ دن کے وقت ہم اسے زنجیر سے باندھ کر رکھتے البتہ رات کے وقت گھر کے اندر کی حد تک کھلا چھوڑ دیتے۔ ہم بڑے خوش تھے کہ ہمیں ایک ایسا کتا موثر ہتھیار کی صورت میں مل گیا جو ذرا سی آہٹ پر تمام رات بھونکتا رہتا ہے جو کہ ہمارے لئے سکون کا باعث ہے۔

یونیورسٹی کی چھٹیاں ختم ہونے کے بعد حالات کی چونکہ دو ہفتے تک ہم لوگ دشمنوں کی چیرہ دستیوں سے محفوظ رہے لہذا میں نہایت اطمینان سے یونیورسٹی میں اپنے کام اور طلباء کو پڑھانے میں یکسوئی سے مشغول ہو گیا۔

سیکیورٹی کا مزید بندوبست ہونے کی وجہ سے میں اطمینان سے یونیورسٹی میں کام کرتا تو یہ امر اطمینان بخش تھا کہ گھر کی حفاظت پر چار آدمی مامور ہیں۔ یونیورسٹی سے واپس آتا جب میں حفاظتی دستوں کی رپورٹ سے متعلق کئی قسم کے سوالات کرتا۔ بظاہر تا حال کوئی غیر معمولی واقعہ پیش نہیں آیا تھا۔ حالات بتدریج بہتر ہوتے جا رہے تھے کوئی مشکوک کردار یا افراد نظر نہ آئے۔ معلوم ہوتا تھا کہ اچھے دن لوٹ آئے ہیں۔ ان کی تنخواہیں میرے پہلو دوش ہونے کے باوجود اخراجات کے احساس سے حالات تشویش ناک تھے۔ دس افراد خانہ کی تنخواہیں گھر کے خرچ سے چل رہی تھیں۔ انور نے متعدد بار کوشش کی کہ یہ بوجھ ہلکا کرے مگر میں نے ہمیشہ انکار کر دیا البتہ ان کی مدد سے بچوں کی تعلیم جاری رہی۔ ادھر پتھروں کی بارش، فائرنگ، بلب چوری ہونے بند ہو گئے۔

Compaito

ایک شام ساڑھے سات بجے ہم تمام لوگ رات کا کھانا کھا رہے تھے تو پتھروں کی برسات شروع ہوئی۔ چھوٹے آدمی Winchester بندوقیں ہاتھ میں لے کر چھت پر چڑھ گئے۔ Fuchu اور Ramon ریوالورز لئے فرنٹ ڈور سے باہر بھاگ گئے۔ Garcia نے back lawn کی دیوار کے اوپر binoculars کی مدد سے دیکھنا شروع کر دیا۔ انور اور میں ادھر ادھر ہر دالان میں سے ہوتے ہوئے بچوں اور خواتین کو پرسکون رہنے کی تلقین کرتا رہا کیونکہ گھر کی حفاظت پر چھ آدمی مامور تھے۔ گھر سے باہر قابل تشویش کوئی چیز نظر نہ آئی جس سے شبہ کو تقویت ملتی۔ کوئی دو گھنٹے کے بعد Fuchu اور Ramon واپس لوٹ آئے مگر خبر کے لحاظ سے کسی چیز یا چھت پر سے کسی قسم کی معلومات سے روشناس نہ ہو پایا۔

آخر یہ سب کچھ کیا ہو رہا ہے؟ کیا کوئی غیر مرئی طاقت کارفرما ہے میں نے سن رکھا تھا اور کتابوں میں پڑھا بھی کہ ایک غیر مرئی طاقت جسے peltergeist کہتے ہیں جو گھروں میں پتھر برسایا کرتی ہے مگر وہ گھر آسیب زدہ ہوتے ہیں۔ ہم نے دیگر مواقع پر پتھر پھینکنے والوں کو دیکھا تو یہ مراتی جلدی پتھر پھینکنے والے کہاں غائب ہو سکتے ہیں؟ قدموں کی چاپ اور کار کی آواز کے یکلخت وہ لوگ کہاں غائب ہو جاتے ہیں۔ Garcia کا خیال تھا کہ ہمارے دشمن آسانی سے گھر کے اس back lawn میں چھپ سکتے ہیں جو قدرے ہمارے گھر کی پچھلی دیوار سے ملحقہ ہے۔ یہ بات معقول تھی کہ ہمارے back lawn سے قدرے شمال کی طرف کے backyard کا انتظام غفلت برتی گئی۔ یہاں پر ہر قسم کے جنگلی پودے اور خود رو درخت بلا تمیز اگے ہوئے تھے۔ یہاں تک کہ دن کے وقت بھی ناممکن تھا کہ اس backyard میں چہل قدمی کی جا سکے گویا یہ ایک قسم کا گھر میں جنگل تھا بغیر خراشوں اور زخمی ہوئے گزر محال

Marfat.com

قانونی نقطہ نظر سے ہمیں یہ اختیار نہ تھا کہ ہم اس جنگل میں داخل ہونے کی جسارت کریں چونکہ ہم لوگ نامساعد حالات سے دوچار تھے۔ اپنے محافظوں کو سختی سے تاکید کر دی گئی کہ اب کے بار ایسا واقع ظہور پذیر ہونے پر گھر کے دروازے پر دستک دیں اور اندر داخل ہو جائیں۔ اگر اجازت نہ بھی ملے تو زبردستی داخل ہو جائیں اور ان کے backyard بلا لحاظ کی تلاشی لینے سے بھی گریز نہ کریں۔

مذکورہ backyard والے گھر کا مالک ایک پُراسرار شخص تھا۔ عمر رسیدہ، پیٹ باہر نکلا ہوا اور چہرہ لٹکا ہوا۔ اپنے سر پر ہمیشہ straw hat رکھتا۔ Fuchu ایک تجربہ کار policeman جو اس شخص سے بخوبی واقف تھا مگر اس کی سیاسی وابستگیوں سے نابلد اور یہ پہلو چھپا ہوا نہ تھا۔ ایک بات یقینی تھی کہ وہ تین کام ضرور کرتا ہے اور کام کرنے والے دنوں میں صبح اٹھ کر گھر سے نکل جاتا شام کو گھر لوٹتا۔ معمول کے مطابق جمعہ وینزویلا اور دوسرے ممالک میں رواج ہے۔ ہفتہ اتوار اس کے لیے چھٹیوں کے دن ہوتے۔

اگلی شام جب وہ کام سے گھر واپس لوٹا Ramon، Fuchu اور میں اس کے گھر کے دروازے تک گئے۔ پہلے دونوں کو Winchester دے کر تاکید کی کہ پیچھے back lawn سے اگر مشکوک ردعمل کا ذرا بھی شک گزرے تو فائر کرنے میں تامل نہ کرنا۔ میں نے اس کے گھر کی گھنٹی کا بٹن دبایا جبکہ اس نے دروازہ کھولنے میں ضرورت سے زیادہ وقت لیا۔ پیشتر اس کے کہ میں کوئی بات کرتا اس بوڑھے آدمی نے نہایت منافقانہ انداز میں ہماری زبوں حالی کا حوالہ دیا۔

”آپ لوگ ان مشکلات کے حصار میں کس طرح زندہ اور ثابت قدمی سے مقابلہ کر رہے ہوتے ہیں اگر میرے گھر کی تلاشی مطلوب ہے تو بڑی خوشی سے حاضر ہوں۔“

یہ اس کی بڑی مہربانی تھی ہم اس کے گھر میں داخل ہوئے تو اس نے گھر کے backyard کے بلب on کر دیے۔ بمشکل W25 کا ہوگا اور اس کا کوئی shade نہ تھا۔ حسب معمول ہمارے پاس torches تھیں ہم نے اس کے backyard کی خوب تلاشی لی جس کے گنجان درختوں سے گزرنا آسان نہ تھا اور اس کے گھر کے کمروں کی بھی خوب چھان بین کر ڈالی۔ اس کے گھر کا backyard جسے میں نے گھر کے پیچھے tropical جنگل کا نام دیا کسی کے چھپنے کے لیے Ideal جگہ ثابت ہو سکتی تھی کیونکہ یہ دور تک پھیلا ہوا تھا جس میں درختوں کی بہتات تھی۔ ہو سکتا ہے شروعات میں ہمارے دشمن مالک مکان سے بے خبری میں وہاں کئی دفعہ چھپے ہوں۔ ہم نے یہ فیصلہ کیا کہ جب بھی کوئی موقع ہو ہم اس کے backyard کی خوب تلاشی لیا کریں گے۔ وہ شریف آدمی اس بات پر رضامند ہو گیا۔

ایک شام ہمارا پڑوسی Mendoza جس کا مکان ہمارے مکان کی جانب شمال ملحقہ تھا اپنے چند دوستوں کے ساتھ اپنے گھر کے سامنے والے kerb پر شراب نوشی میں مشغول تھا جبکہ چھوٹے لوگ خوش گپیوں میں مصروف تھے۔ اس نے مجھے کسی بات چیت کے لیے بلایا تو اسطرح گویا ہوا:

”مجھے آپ لوگوں کے حالات اور مشکلات جان کر دلی طور پر رنج ہوا۔ مجھے اپنے دکھ تکالیف میں برابر کا شریک پائیں گے۔ صد حیف کس قدر تکالیف دہ حالات سے دوچار ہیں۔ بلا جھجک اگر ضرورت پڑے تو مجھے ایسے مواقع پر آواز دے سکتے ہیں۔“

میں نے جواب دیا ”جہاں تک محافظوں کا تعلق ہے ہمارے پاس کافی ہیں اور سنگین صورت حال سے نپٹنے کی اہلیت رکھتے ہیں۔“ مقابلہ کرنے پر سینہ سپر ہو کر ڈٹ جانے کی بات سے اسے بڑا تعجب ہوا کہ یہ لوگ کس قدر فولادی اعصاب کے مالک ہیں اور دن رات اخراجات برداشت کر رہے ہیں۔ اس کا رویہ حوصلہ افزا تھا۔ مزید کسی ایک پڑوسی کو تو احساس ہوا کہ ہم لوگ کن حالات سے گزر رہے ہیں وقت آنے پر ہم اس پر بھروسہ کر سکتے تھے البتہ اس کا خیال تھا کہ اس تمام کارروائی کا ذمہ دار landlord ہے جو اپنا مکان خالی کرانے کیلئے مختلف حربے بروئے کار لا رہا ہے کیونکہ وہ بخوبی واقف تھا کہ مذکورہ landlord سے ”زیر زمین“ عناصر کے مراسم اور یہ لوگ پچھواڑے کی بستی کے رہائشی ہیں جہاں ہمارے دشمن ہنگامی صورت حال سے متاثر ہو کر غائب ہو جاتے۔ اس کی منطق میری سمجھ سے بالاتر تھی آخر اس کی بات کا کیا جواز ہو سکتا ہے کہ ہم مکان خالی کر دیں؟ بظاہر میرے دلائل سے Mendoza قائل ہو گیا مگر اب اس نے ایک اور وجہ پیش کر دی۔ وہ یہ تھی کہ چونکہ میں ایک بڑا مشہور سیاستدان تھا لہذا ہمارے اغوا کے امکان ہو سکتے ہیں تا کہ اعلیٰ حکام کو بھاری تاوان دینے پر مجبور کیا جا سکے۔ اس کے ایک دوسرے دوست نے بڑے سنجیدہ لہجہ میں بات کاٹتے

Marfat.com

نسیم اندر۔

ہوئے دیکھ چکی ہوں کہ تمہاری یونیورسٹی کا کوئی پروفیسر رقابت کے جذبے سے مغلوب تمہیں بھگانے کیلئے مصروف عمل ہے تا کہ تم استعفٰی دے دو اور وہ تمہاری position پر قابض ہو جائے۔

درحقیقت یونیورسٹی میں میری پوزیشن ایسی قابل رشک تھی جو حاسدانہ جذبہ کو تقویت دے یہ الگ بات ہے کہ میں نے محنت شاقہ سے نہ صرف اس یونیورسٹی میں بلکہ وینزویلا کی تمام یونیورسٹیوں میں خاص مقام حاصل کر لیا تھا۔ بہرحال تمام لوگ اس نتیجہ پر پہنچے کہ ہمارے دشمنوں کی پس پشت میں کسی امیر اور طاقتور شخصیت کا ہاتھ ہے جو ہمارا قافیہ تنگ کرنے پر بے دریغ دولت خرچ کر رہا ہے۔ یہ تمام معمہ اس دن حل ہو کر سامنے آئے گا جس دن پس پردہ طاقت نے ہمارے دشمنوں پر رقم خرچ کرنا بند کر دی۔ بالآخر Mendoza کے مدد وا پیدا ہونے میں لگ گیا خلوص دل سے مدد کی پیشکش کی اور اپنا ٹیلیفون نمبر بھی دے دیا۔

میرے ہونے والا اس سال بہت اچھا اس طرح لوٹ آیا سب کچھ under control ہمارے محافظ مستعدی سے اپنے فرائض سرانجام دے رہے تھے۔ اسی دن قریباً نصف شب کو میرے ٹیلیفون کی گھنٹی بجی۔ لائن پر Mendoza اطلاع دے رہا تھا کہ اس کے اپنے گھر کی مینڈی کی دیوار پر کوئی شخص چڑھنے کی کوشش میں ہے اس کے اس ردعمل میں اس کا کتا متواتر بھونک رہا اور میں وہاں سے بخوبی پہنچ سکتا ہوں مجھے کتے کی مسلسل بھونکنے کی آواز آ رہی تھی جس پر ہم لوگ بھی کسی متوقع واقعہ کے انتظار میں مستعد ہو گئے۔ میں نے اس کا شکریہ ادا کیا اور اسے آگاہ کیا کہ میرے محافظوں میں سے ایک اس کے گھر کے back lawn کی جانب چلا جائے گا۔

میں نے ساحل سمندر والی bar پر فون کیا جہاں Ramon ادھر ادھر گھوم رہا تھا جس شخص نے bar میں ٹیلیفون سنا۔ میں نے اسے Ramon کو لائن پر آنے کی درخواست کی اور Ramon کو میں نے تازہ صورت حال سے آگاہ کیا اس نے جواب دیا

ایک شخص کار سے اترا اور bar میں آ کر شراب پینے لگا جبکہ اس کے دو ساتھی ہمارے گھر کے بلاک کے گرد چکر لگانے میں مصروف ہو گئے۔ میں ان کا پیچھا کرتا رہا تا کہ میں نے انہیں اپنی نظروں سے اوجھل نہیں ہونے دیا اور نہ ہی ان کو میرا پیچھا کرنے کا علم ہوا۔ ان لوگوں نے ہمارے Mendoza کے گھر کی طرف جانے کا ارادہ ظاہر کیا تو میں ٹیلیفون پر آگاہ کروں گا تا کہ آپ سے ہدایات لے سکوں۔

میں نے چھت پر متعین چوکیداروں سے متعلق اطلاع دی جبکہ انور نے بھی گھر کے back lawn میں laundry area کے قریب پوزیشن مستعدی سے سنبھال لی۔ کوئی رات دو بجے کے قریب Mendoza میں مذکورہ جگہ کی طرف رواں دواں ہو کے اور چند ہی بعد واپس لوٹے۔ ہوا یوں کہ دو اشخاص جن کے متعلق Ramon نے اطلاع دی Mendoza کے مکان کے back lawn کی پچھلی دیوار پر چڑھنے کی کوشش میں تھے۔ Ramon نے انہیں للکارا اور ان کا ساتھی جو بار میں شراب پی رہا تھا جلدی سے باہر آ نکلا اور فائرنگ شروع کر دی۔ وہ دو مذکورہ افراد چھلانگ لگا کر کار میں کود گئے اور کار سرعت سے بلاک کے شمال کی طرف رواں ہو گئی چونکہ رات اندھیری تھی Ramon کی فائرنگ رائیگاں گئی۔ وہ نہ تو کار سواروں کو اور نہ ہی کار کو نشانہ بنا سکا البتہ اندر سے اپنی کار سے انہیں کار وہاں کی تیز رفتاری سے جاتے دیکھا۔ اس کار کی کوئی نمبر پلیٹ نہ تھی مگر اسے یقین تھا کہ یہ ایک grey رنگ کی Nova کار تھی ہم اس دفعہ بھی اپنے مقصد میں ناکام ہو گئے۔

Ramon اپنی ڈیوٹی پر bar میں موجود رہا۔ ہمارے گھر سے کوئی 500 میٹر دور ساحل سمندر پر ایک club ہوتی تھی جو چند ہی بچے مخصوص تھی۔ یہ club ملازمین گورنمنٹ telecommunication محکمہ کے لیے تھا مگر دوسرے لوگ ممبران کی سفارشات سے مستفید ہو سکتے۔ جو شخص اس کلب کا انچارج تھا اس کی عرفیت Compaito تھی۔ میں اسے ان دنوں سے جانتا جب میری شادی نہ ہوئی اور میں اس کلب سے کوئی 3 Km دور شمال کی طرف Hotel Caribe میں رہا کرتا۔

Hotel Caribe سے عین بالمقابل Avenida Universidad کے مغربی کنارے پر ایک متروکہ bomba (Filling station ہسپانوی زبان میں) تھا۔ Compaito اس خستہ حال پراپرٹی کے ایک کمرہ میں مالک کی حیثیت

Marfat.com

سے رہائش پذیر تھا۔ یہ کمرہ دوسرے کمروں سے نسبتاً بہتر ثابت ہوا۔ سرِ دست یہ بھی عرض کرتا چلوں اس bomba سے قریب ایک open air کیمپ جسے جیل خانے کے طور پر وینزویلا کا ڈکٹیٹر Perez Jimenez استعمال میں لایا کرتا (تفصیلات اس باب کے آخر میں ملاحظہ ہوں)۔ میں Compaito کو اپنی کار صاف کرنے، لانڈری کرنے، گیہوں وغیرہ دینے جایا کرتا۔ اس کا قد چھوٹا اور جسم barrel-chested تھا۔ اسے کبھی سکول جانے کا اتفاق نہ ہوا یہی وجہ تھی کہ وہ اپنا نام لکھنے سے قاصر اور وہ بھی اپنی عرفیت Compaito کے نام سے آشنا تھا۔ بعض اوقات مجھے اس کے ساتھ شراب پینے کا موقع ملتا تو وہ مجھے عجیب و غریب داستانیں سناتا۔ گاہے بگاہے میں اسے ویسے ہی رقم تھما دیتا جس کی وجہ سے وہ میرا ممنون بھی تھا۔ اب وہ یونین کے کلب کا انچارج تھا۔ کئی سالوں سے میرا رابطہ اس سے منقطع رہا مگر مجھے مکمل یقین تھا کہ وہ اب بھی میری عزت کرتا ہے اور میری مدد میں کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہ کرے گا۔ مجھے grapevine (سرگوشیاں کرنے والے لوگ) نے یہ بھی بتا دیا تھا وہ ہمارے دشمنوں میں سے کسی ایک کو جانتا بھی ہے۔

ایک جمعے کے دن بعد از دوپہر میں اس کے کلب میں گیا جو اس وقت بالکل خالی اور وہ فرنٹ روم کے ایک کونے میں mattress پر گہری نیند سو رہا تھا۔ میں نے اسے جگایا کئی سالوں کے بعد اچانک دیکھ کر اسے حیرت ہوئی۔ میری بیلٹ کے holster میں ریوالور دیکھ کر تشویش ناک انداز میں چونکا۔ اگرچہ Fuchu پام کے درختوں کے پیچھے سے beach پر پولیس بھی دھیان رکھے ہوئے تھی میں نے یہ دانستہ مزید احتیاط کیلئے ریوالور اپنے پاس رکھا۔ Compaito نے ایک کرسی پر مجھے بیٹھنے کی دعوت دی جبکہ خود آنکھیں ملتا ہوا ایک سٹول پر بیٹھ گیا۔ میں نے اسے احوال سے آگاہ کرنا شروع کیا۔ اس نے بڑی توجہ سے میری بات سنی۔ میں نے اپنی داستان کو مندرجہ ذیل الفاظ سے ختم کیا:

"مجھے اطلاع ملی ہے کہ تم ہمارے دشمنوں میں سے چند ایک کو جانتے ہو جو تمہارے کلب میں اکثر آتے ہیں اور کلب کا وقت گزر جانے کے بعد بھی وہ کئی کئی گھنٹے بیٹھے شراب پیتے رہتے ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ تم مجھے ان کی شناخت بتانے سے متعلق کچھ پس و پیش سے کام نہیں لوگے اور اطمینان رکھو تمہیں کوئی کسی قسم کا گزند نہیں پہنچ سکتا کیونکہ حالات سے متعلق پولیس کو آگاہ کر دیا گیا ہے۔ اگر تمہیں ضرورت پڑے تو پولیس کی حفاظت بھی مہیا کر دی جائے گی۔"

چند لمحے کیلئے اس پر سکتہ طاری ہو گیا۔ اس نے گہری سوچ میں ڈوبے ہوئے دھیمی آواز میں کہا کہ وہ ان لوگوں کو نہیں جانتا جن افراد سے دلچسپی رکھتے ہیں اگر اس کو مطلوبہ افراد سے متعلق معلومات حاصل ہوئیں تو وہ بخوشی مطلع کر دے گا۔ اس نے یہ بھی بتایا کہ وہ ہماری مشکلات کو کافی عرصے سے جانتا ہے۔ دراصل تمام شہر بلکہ مضافات میں بھی ہمارے حالات کی خبر گرم ہے اس لیے کوئی حیرانگی کی بات نہ تھی کہ Compaito بھی بخوبی واقف ہے۔ میں نے اسے انعام کا لالچ دیتے ہوئے کہا کہ وہ ہمارے دشمنوں کی نشاندہی کرے مگر وہ تو گویا اسی بات پر اڑ گیا کہ وہ انہیں بالکل جانتا ہی نہیں۔ پھر میں نے دھمکی آمیز لہجہ اختیار کیا اور اس بات پر زور دیا کہ ایک سفید کپڑوں میں ملبوس سراغ رساں پام کے درختوں کی اوٹ سے تم پر نگاہ رکھے ہوئے ہے۔ میرے اشارہ دیتے ہی وہ تمہیں پولیس سٹیشن لے جائے گا۔ وہ تمہیں تفتیش کیلئے بند کر دیں گے۔ Compaito نے زیرک انداز میں جواب دیا کہ تمہارے پاس کیا ثبوت ہے کہ میں ان لوگوں کو جانتا ہوں جو آپ کو مطلوب ہیں۔ اس کا جواب کیا تھا لہذا میں نے غصے سے کہا:

"بیشک میرے پاس ثبوت موجود ہے۔ میں اس آدمی کو یہاں ابھی اور اسی وقت لے آؤں گا جو اس بات کا گواہ ہے کہ تمہارے کلب کی bar میں وقت گزرنے کے بعد بھی شراب پیتے ہیں بلکہ تم بھی اسی شرابی حلقے میں سے ایک ہو اور یہ بھی کہ وہ تمہاری اس جگہ پر marijuana پینے پلانے استعمال کرتے ہیں۔ ان میں سے کئی ایک عادی drug-addicts بھی ہیں اور یہ تماشہ ہر weekends پر ہوتا ہے۔ جب دوسرے کلب چلے جاتے ہیں۔" یہ من گھڑت کہانی میں نے اسے محض دھمکانے کیلئے گھڑی تھی اور یہ بات جھنجھوڑنے کیلئے کافی تھی۔ فوراً ہی اس کا رنگ پیلا پڑ گیا اس کے ہاتھ کانپنے لگے اور اس کے ماتھے پر پسینے کے قطرے نمودار ہو گئے مگر بہت دیر تک ملاحظہ فرمایئے اس کے لبوں پر جنبش تک نہ ہوئی۔

یہ کہتے ہوئے میں نے آخری وارننگ دی:

Marfat.com

"میں اپنے محافظ واشنگٹن روانہ ہونے والا ہوں لہٰذا بہتر یہی ہے کہ اپنے انجام کیلئے تیار ہو جاؤ۔ انجام جو نہایت خطرناک بھی ہو سکتا ہے اور تم ہو۔ مجرموں کی جان بوجھ کر پشت پناہی کر رہے ہو۔ تم بھی ان میں سے ایک اور اس کالے دھندہ کا تمہیں بخوبی علم ہے۔"

جونہی میں Fuchu کی آواز پہنچی ختم ہوا تو Compaito نے میرے پاؤں پکڑ لئے اور آہ وزاری شروع کر دی۔ "میرے پیچھے کی پیشیں سخت رو رہا اور کتنی ہاتھوں سے پالا پڑا ہوا ہے۔ یہ ناگہانی آفت مجھے مزید قانونی پیچیدگیوں میں پھنسا دے گی۔ وہ تفتیش کرنے کیلئے تیار ہے لیکن نہ ہی تو وہ ان کے نام جانتا اور نہ ہی اسے خبر ہے کہ وہ کہاں رہتے ہیں، مزید اضافہ کرتے ہوئے کہنے لگا کہ یہ ہر اتوار بعد از دوپہر وہ میری بار میں آتے ہیں علاوہ ازیں کبھی کسی رات کو بھی آن ٹپکتے ہیں اگر آپ آئندہ اتوار کو آئیں تو میں ان لوگوں کی طرف اشارہ کر دوں گا۔ ہاں یہ کام ذرا احتیاط سے کرنا کیونکہ اگر انہوں نے آپ کو میرے ساتھ دیکھ لیا تو وہ میری جان کے دشمن ہو جائیں گے۔ میں آپ کو اپنی جان کا واسطہ دیتا ہوں por Dios (خدارا) مجھے اس معاملے میں نہ الجھائیں میں پہلے ہی بہت خوفزدہ ہوں چونکہ ان لوگوں سے۔ اگر ان لوگوں کو پتہ چل گیا کہ میں stoolpigeon ہوں تو مجھے ہلاک کرنے سے بھی دریغ نہ کریں گے۔" لہٰذا میں رضامند ہو گیا اور اگلی اتوار Fuchu کو لیکر کلب پہنچ گیا (ضمیمہ 130)

کلب شرابیوں سے بھرا پڑا تھا۔ ایسے معلوم ہوتا کہ یہ جگہ کلب سے زیادہ beerjoint تھی کیونکہ مہمان میں شرابیوں کی اکثریت واضح تھی۔ جب ہم پچھلے دروازے سے کلب میں داخل ہوئے اور Compaito کے bedroom cum living room میں گئے تو کسی کو ہمارے آنے کی خبر تک نہ ہوئی۔ ہمیں دیکھتے ہی Compaito پسینہ سے شرابور ہو گیا اور اس پر کپکپی طاری ہو گئی۔ پھر کوئی آدھ گھنٹے بعد اس نے میری طرف اشارہ کیا جو کہ کلب کی beach پر پام کے درختوں کے سائے میں تھا۔

Jukebox سے Mexico کے مشہور singer بنام Javier Solis کے ریکارڈ کی آواز گونج رہی تھی۔ شور اس قدر زیادہ تھا کہ آواز سنائی نہ دے رہی تھی اور شرابیوں کی گفتگو بھی گم ہو گئی۔ Fuchu نے مجھے مشورہ دیا کہ ان لوگوں کے پاس چند منٹ کیلئے بیٹھو۔ وہ شکل و شباہت سے مشکوک قسم کے نظر آئے اور تمام تر شراب کے نشہ میں ڈوبے ہوئے تھے۔ ان کے چند ایک ساتھی بھی ساتھ بیٹھے ہوئے تھے۔ میں نے قریب سے ان کی lookout duty پر ہوں (ضمیمہ 131) ہم نے دور سے ان کی اشکال کو اچھی طرح سے ذہن نشین کر لیا تاکہ مستقبل میں ان کو پہچان سکیں۔ ان میں سے تین اشخاص نے داڑھیاں لاپرواہی سے بے تحاشا چھوڑی ہوئی تھیں اور ان کے بال شانوں تک بے ہنگم اور نہایت گندے لباس میں ملبوس تھے۔ ان میں سے دو شریف آدمی معلوم ہوتے جو کہ عام شہریوں میں بغیر شک کے گزر سکتے۔ ہم ابھی گفتگو میں مصروف تھے کہ ان میں سے ایک نے Compaito کو آواز دی۔ Compaito نے اس کی آواز کو ignore کر دیا جیسے اس نے سنا ہی نہیں۔ اسکے ساتھ ہی وہ شخص counter پر آ گیا جب کہ ہم side-room میں تھے جس کا دروازہ بار میں کھلتا۔ اس نے اب پرزور آواز سے پکارا مگر Compaito نے کوئی جواب نہ دیا۔ اس شخص کو غصہ آ گیا اور وہ counter سے اوپر چھلانگ لگا کر ہمارے والے کمرے میں آن دھمکا۔ جونہی اس نے ہمیں دیکھا وہ گولی کی رفتار سے واپس مخصوص انداز میں دروازے سے نکلتا ہوا تیزی سے بھاگ نکلا جبکہ اس کے تمام ساتھی ادھر ادھر بکھرتے ہوئے ہجوم میں سے کھسکتے ہوئے باہر کی طرف رفوچکر ہو گئے۔

یہ بات واضح ہو گئی۔ Compaito ان لوگوں کو جانتا تھا۔ میں نے اس کی خوب ڈانٹ ڈپٹ کی جس سے اس کو شرمندگی سے شدید دورے پڑنے لگے۔ کئی بار مجھے خیال آیا کہ وہ بیہوش ہی نہ ہو جائے۔ bar میں کھلبلی مچ گئی۔ کئی کرسیاں اور میزیں سمجھو ادھر ادھر بکھر گئے کیونکہ گاہکوں نے جب Fuchu کو دیکھا تو جلدی میں ادھر ادھر جدھر منہ اٹھا سرپٹ بھاگ نکلے۔ Fuchu نے ایک دفعہ ہوائی فائرنگ کی۔ قانون کا احترام کرنے والے لوگ خوفزدہ ہو گئے اور وہاں سے کھسک جانے میں ہی عافیت سمجھی۔ آخر میں Fuchu، Compaito اور میں ہی بکھرے ہوئے فرنیچر، ٹوٹے ہوئے گلاسوں کے درمیان رہ گئے۔

beach پر ایک لکڑی کے bench سے اوپر پام کے درختوں کے نیچے Compaito ماتھے پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ گیا اور وہ اس قدر پریشان ہو گیا اور اس قدر بے ربط باتیں کرنے لگا جن کی کوئی سمجھ نہ آ رہی تھی۔ اس کے آنسو بہہ نکلے اور بچوں کی طرح بڑبڑایا:

"وہ بہت ہی برے لوگ ہیں۔ انہیں پتہ چل گیا ہے کہ میرے آپ لوگوں سے روابط ہیں۔ مجھے تو اب اپنی جان کا خطرہ

Marfat.com

ہے۔ گذشتہ دنوں کی بات ہے کہ دوپہر سے پہلے یہ لوگ شراب سے پھر high ہو گئے اور اپنے ہی ایک ساتھی کو اس جگہ پر جہاں میں بیٹھا ہوں اتنی بے دردی سے شراب کی ٹوٹی بوتلوں سے زخمی کیا کہ وہ بیچارہ دیکھتے دیکھتے دم توڑ گیا۔ میری آنکھوں کے سامنے انہوں نے اسکی لاش کے ٹکڑے کئے اور میرے ہی کمرے سے بوری لا کر اس میں باندھا پھر اس بوری کے ساتھ بھاری پتھر باندھے اور رات میں ڈال کر Hotel Cumanagoto سے کوئی دو کلومیٹر شمال کی طرف جا کر سمندر کے اس حصے میں پھینک آئے جہاں sharks زیادہ ہوتی ہیں اور مجھے سختی سے تاکید کی کہ اگر میں نے منہ کھولا تو میرا بھی یہی حال ہو گا بلکہ اس سے بھی بدتر ہم تمہارے دونوں ہاتھ کاٹ ڈالیں گے۔" وہ ٹھہر ٹھہر کر رونے اور کانپتے کانپتے سسکیاں بھرنے لگا۔

ہمیں Compaito کے کمزور پہلو کا پتہ چل گیا اور میں نے جلتی پر تیل ڈالتے ہوئے کہا "دیکھو۔ تمہیں کہیں نہیں چھوڑیں گے کیونکہ انہیں علم ہو گیا ہے کہ تم ہمارے پاس انکی خبر رسانی کا کام کرتے ہو اور پھر پولیس کے پاس بھی تو بقول تمہارے تمہاری history sheet موجود ہے۔ اگر تم عقلمندی سے کام لو تو میں اپنے اثر و رسوخ کی وجہ سے تمہارا نام پولیس کے کاغذات سے نکال سکتا اور تمہیں پولیس کی حفاظت بھی مہیا کر سکتا ہوں۔ اب بال تمہارے کورٹ میں ہے کہ تم ہمارے ساتھ مخبری کرتے ہو یا نہیں؟"

اس نے دوبارہ رونا شروع کر دیا اور بار بار یقین دلانے کی کوشش کی کہ وہ نہ تو ان کے نام جانتا ہے اور نہ ہی ان کا کوئی پتہ معلوم ہے۔ یہ لوگ اس کے کلب میں صرف اور صرف شراب اور دیگر نشہ بازی کی غرض سے آتے ہیں اور ہمیشہ دوسروں کے چلے جانے کے بعد دیر تک بیٹھے رہتے اور پھر اپنے کالے دھندوں کے لئے نکل جاتے ہیں۔ وہ یہی رٹ لگاتا رہا کہ یہ لوگ بڑے خطرناک ہیں اور وہ اپنی جان کو انکے کام میں دخل اندازی سے خطرے میں نہیں ڈال سکتا۔ اس نے انتہائی منت سماجت سے کام لیتے ہوئے کہا کہ اسے کسی قیمت پر کسی طرح سے بھی اس بکھیڑے سے باہر رکھا جائے کیونکہ اس کے پاس نہ ہی ہمت اور نہ ہی فراغت ہے کہ ان کے جنجال میں پھنس جائے۔

وہ تقریباً ٹوٹ چکا تھا مگر اس کی منت سماجت کا مجھ پر کوئی اثر نہ ہوا اور میں برس پڑا۔

"تم ایک son of a bitch ہو اب تمہاری باری ہے۔ حالات کا سامنا کرو تمہیں اس بات کا بخوبی اندازہ نہیں کہ ہم لوگ کن حالات سے گزر رہے ہیں اور تم صرف اور صرف اپنی سلامتی کا رونا رو رہے ہو مگر میرا تمام خاندان عورتیں، بچے اور دور سے آئے ہوئے مہمان انکی چیرہ دستیوں سے مشق ستم کی چکی میں پس رہے ہیں۔ ہمارے دشمن کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتے۔ مختلف ہتھکنڈوں سے ظلم کی چکی میں پیس رہے ہیں۔ اب میرا صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا اور میں کشتیاں جلا کر یہاں تک پہنچا ہوں۔ پیچھے ہٹنے کے تمام راستے بند اور ہم ہر قسم کے انجام کیلئے تیار ہیں۔ خواہ انجام کتنا ہی خطرناک کیوں نہ ہو ایک تم ہو کہ ہماری معاونت سے انکار کر رہے ہو لہذا تمہیں بخوبی علم ہونا چاہئے کہ تمہاری قسمت میں اب کیا ہے۔ میں نے صاف صاف کہہ دیا اور اب فیصلہ تمہارے ہاتھ میں ہے۔"

کچھ وقت کے لئے وہ ساکت بیٹھا رہا۔ پھر نہایت دھیمے لہجے سے کہنے لگا:

"یہ لوگ مختلف مواقع پر مختلف کاروں میں آتے ہیں اور اگر میں آئندہ ہفتے کے دن bomba پر ہوں تو وہ مجھے کسی نہ کسی ایک کار کی نشاندہی کر دے گا۔ عموماً ہفتے کے روز وہ کسی نہ کسی کار کی service اسی bomba پر کراتے ہیں۔"

اس bomba کے ساتھ ایک bar جہاں ریسٹورینٹ کی سہولت بھی تھی ہر قسم کے "ریزیڈینٹ" سے تعلق رکھنے والے لوگ شراب وغیرہ پیتے جس دوران انکی کار کی سروس ہو رہی ہو۔ اس نے مجھے تاکید کی کہ نہ ہی تم اور نہ ہی کوئی اور سادے کپڑوں میں policeman ہو کیونکہ وہ لوگ آپ کو بخوبی جانتے ہیں۔ مجھے اس کی یہ بات معقول لگی۔ میں نے اسے کہا کہ ایک نوجوان نیلے رنگ کی قمیض اور سفید پتلون پہنے ہوئے جو کہ میرا خاص آدمی ہے bomba کے ارد گرد گھومتا رہے گا اس طریقے سے کوئی اس پر شک نہ کرے گا مگر یہ بھی اچھی طرح سے سن لو کہ اگر تم نے ہمیں گمراہ یا بیوقوف بنانے کی کوشش کی تو اس کے ذمہ دار تم اور صرف تم ہو گے اور اگر اپنی جان بچانا مقصود ہے تو کسی موثر طریقے سے ہمارے دشمنوں کی ٹھیک نشاندہی کرو۔ ملزمان کی کار کا پتہ چل جائے تاکہ ہم اس کے تمام کوائف نوٹ کر لیں۔ Compaito نے مجھے مطمئن کرنے کی کوشش کی اور میری اسکی یقین دہانی سے توقع وابستہ ہوئی۔

Marfat.com

میرا ایک دوست Sixto Andrade ابھی میری شادی نہ ہوئی تھی تو ان دنوں سے میرے دوستوں میں سے ایک تھا جس کے ساتھ میں "آوارہ گردی" میں رہتا۔ میری تمام تر مہربانیوں کا اعتراف کرتا لہذا وہ میرا تہہ دل سے مشکور تھا، ہمیشہ کہا کرتا اگر زندگی کے کسی موڑ پر میری ضرورت پڑے تو میری خدمات حاصل کرنے کیلئے بغیر ہچکچاہٹ کہہ دینا میں دل و جان سے حاضر ہو جاؤں گا۔ چنانچہ منگل کی صبح وہ مجھے ملنے آیا تو میں نے اس کے ساتھ ہفتہ کی دوپہر کے وقت مذکورہ bomba ملاقات کی بات کی اور رضامند ہو گیا۔ ملاقات کے دوران میں نے اسے کہا کہ مجھے کسی قابل اعتماد دوست کی تلاش ہے۔ یہ سنتے ہی وہ خوشی کے مارے اچھل پڑا اور کہنے لگا مجھے تو بس اسی بات کی تمنا تھی کہ ڈاکٹر نصیر بھی کبھی مجھے کسی کام کے لیے کہے گا۔

Andrade اس کام کیلئے موزوں شخص ثابت ہو سکتا کیونکہ وہ Cumaná شہر سے باہر Cariaco خلیج کے کنارے ایک گاؤں Mariguitar کا رہائشی اور کبھی کبھار اس کا Cumaná آنا جانا ہوتا۔ سب سے ضروری بات یہ تھی کہ Compaito سے اس کا دور تک کا بھی تعلق نہیں بلکہ بالکل اجنبی تھا۔

میں نے اسی روز اسے ایک Navy blue قمیض اور سفید trousers شہر سے خرید کر دیئے اور اسے تفصیلاً پروگرام کے متعلق سمجھا دیا کہ اس bomba پر کوئی شخص کسی کار کی طرف اشارہ کرے تو نہایت رازداری سے کار کی نمبر پلیٹ نوٹ کر لے اور اس کار کے ماڈل، رنگ اور شکل اچھی طرح سے ذہن نشین کر لے۔ کافی احتیاط کی ضرورت ہے bomba پر تمہاری موجودگی اور حرکات و سکنات و شکل کی نظر سے کوئی دیکھنے نہ پائے۔ احتیاط اور رازداری اس کام کے اہم جز ہیں۔ تمام معاملات طے ہو گئے اور ہم ہفتہ کی دوپہر کا بے تابی سے انتظار کرنے لگے۔

تعجب کی بات ہے کہ Perez Jimenez کے بعد ڈاکٹر Romulo Betancourt جو کہ راقم کے دوستوں میں سے تھا، نے تختہ الٹایا اور وینزویلا میں 1958 میں جمہوریت کی بنیاد رکھی۔ Dr. Romulo Betancourt اپنی جلاوطنی کے دوران لندن کے مشہور زمانہ Hyde Park کے Speakers Corner میں نہ صرف وینزویلا کے ڈکٹیٹر بلکہ دنیا کے دوسرے ڈکٹیٹروں کے خلاف پرجوش تقریریں کیا کرتا۔ راقم جب انگلینڈ میں اعلیٰ تعلیم کیلئے مقیم تھا تو گاہے بگاہے Hyde Park میں لوگوں کی تقاریر سننے کے لئے چلا جایا کرتا۔ اصل میں راقم کے وینزویلا جا کر کام کرنے میں ڈاکٹر Betantcourt کی ہی مہربانی شامل تھی۔ کئی سالوں کے بعد جب Dr Betancourt اپنے جمہوری صدارت کے چار سال پورے کر کے سوئٹزرلینڈ آرام کرنے کیلئے چلا گیا اور کئی سالوں کے بعد جب سمندری جہاز کے ذریعہ واپس وینزویلا لوٹا تو اس کا جہاز وینزویلا کی سمندری بندرگاہ La Guaira جو کہ وینزویلا کے دارالخلافہ Caracas سے شمال کی طرف کوئی چالیس کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے لنگر انداز ہوا تو Cumaná سے کئی مشہور و معروف شخصیات ان کا استقبال کرنے کیلئے بندرگاہ پر گئیں۔ ان شخصیات میں سے میرا ایک دوست Dr. Domingo Villalba بھی تھا۔ جب Dr Villalba نے Dr Betancourt سے مصافحہ کیا تو Dr. Betancourt نے پوچھا "میرے دوست ڈاکٹر نصیر کا کیا حال ہے؟" کمال اعلیٰ شخصیت کا حامل تھا Dr. Betancourt! ملاحظہ فرمائیے کہاں اتنی اعلیٰ شخصیت اور کہاں یہ ناچیز!

اسی ضمن میں ایک اور واقعہ یاد آیا۔ جب Dr. Betancourt وینزویلا کا صدر تھا تو یونیورسٹی کی لائبریری کا افتتاح کرنے کیلئے Caracas سے Cumaná آنا پڑا لہذا ایک Five Star ہوٹل Cumanagoto میں جو کہ سمندر کے ساحل پر واقع ہے شام کو reception کا انتظام تھا۔ امریکہ کا سفیر، وینزویلا کی دیگر معروف شخصیات بھی موجود تھیں۔ میں اپنے چند دوستوں کے ساتھ اسی ہوٹل کی beach پر beach umbrella کے نیچے مشروب سے لطف اندوز ہو رہا تھا۔ ہوٹل کے Public address system پر اعلان ہوا "Senior Presidente Dr. Betancourt ڈاکٹر نصیر کو یاد فرما رہے ہیں۔"

ہم نے خوش گپیوں میں مصروف سمندر کی نیلگوں لہروں سے لطف اندوز ہوتے ہوئے بات آئی گئی کر دی۔ تھوڑے وقفے کے بعد دوبارہ اعلان ہوا۔ اسی اثناء ہوٹل انتظامیہ کا ایک barman بنام Camacho جو کہ میرا پسندیدہ آدمی تھا بھاگتا ہوا آیا اور کہنے لگا کیا تم نے سنا نہیں Senior President تمہیں یاد کر رہے ہیں۔ میں اٹھ کھڑا ہوا اپنی پتلون، قمیض وغیرہ درست کی باتھ

Marfat.com

میں شیشے کا ایک گلاس جو قریباً نصف social whiskey سے بھرا ہوا تھا، dais کی طرف چل دیا۔ حسب معمول ہاتھ میں ۔۔۔ میں موجود تھا جونہی میں ڈائس پر پہنچا تو Dr. Betancourt نے اٹھ کر راقم کا استقبال کیا اور اپنے ساتھ والی کرسی پر بیٹھنے کی ترغیب دی۔ چند ایک دوستوں سے تعارف بھی کرایا۔ Dr. Luis Manual Penialver ہماری یونیورسٹی کی Rector جو نہایت ہی مہربان بلکہ یوں کہیے کہ میں اس کا protegee تھا۔ اس سے ہمارے گھریلو مراسم بھی تھے۔ میں نے ایک parasitic species کا نام بھی اس کی honour میں Cercaria penialveri رکھا۔ موجود تھا۔ ادھر ادھر کی باتیں ہوتی رہیں۔ پریذیڈنٹ کے دائیں بازو پر پلاسٹر لگا ہوا تھا۔ میں نے پریذیڈنٹ سے دریافت کیا: "آپ کے اس بازو کو کیا ہوا، کیا چوٹ لگی ہے؟"

"ہاں معمولی چوٹ آئی ہے۔ جب میں Maracay میں (Caracas سے مغرب کی طرف کوئی 80 کلومیٹر کے فاصلہ پر وینزویلا کا Airforce base ہے) ایک تقریب کیلئے گیا تو وہاں Communists نے بم پھینک دیا۔" President جمہوریت کا دلدادہ اور Communism کے زبردست خلاف تھا۔ Perez Jimenez تختہ الٹنے کے بعد Miami (USA) بھاگ گیا اور بعد میں Spain جاکر آباد ہو گیا۔

Romulo Betancourt بائیس فروری 1908 وینزویلا کے صوبے Miranda کے مقام Guatire میں پیدا ہوا اور ستمبر اٹھائیس 1981 کو نیویارک میں وفات پائی۔ وہ anti-Communist، leftist سیاست دان تھا۔ جب وینزویلا کا صدر منتخب ہوا تو زرعی اصلاحات، صنعتی ترقی اور حکومتی امور میں عوام کی شمولیت کا حامی تھا۔ Caracas یونیورسٹی میں 1928 میں پڑھ رہا تھا تو ڈکٹیٹر Juan Vicente Gomes کے خلاف محرک ہونے کے الزام میں گرفتار کر لیا گیا۔ چند ہفتوں کے بعد رہائی پائی لیکن دوبارہ Gomes کے خلاف تحریک چلانی شروع کر دی لہذا اسے جلاوطن کر دیا گیا۔ 1936 تک وہ بیرون ملک رہا۔ اس دوران اپنے تجربات پر ایک کتاب لکھی اور کچھ عرصہ کیلئے Costa Rica کی کمیونسٹ پارٹی میں شرکت بھی کی۔ 1937 میں واپس وینزویلا لوٹا مگر 1939 میں پھر جلاوطن کر دیا گیا۔ 1941 میں اسے واپس آنے کی اجازت ملی اور اس نے leftist anti-Communist پارٹی Accion Democratica کی بنیاد رکھی جس نے 1945 میں Gen. Isaias Medina Angarita کے خلاف coup کے بعد ملک کا اقتدار سنبھالا۔ coup کے بعد اس کو عارضی طور پر وینزویلا کا پریذیڈنٹ مقرر کیا گیا اور اس نے نئی constitution تیار کی۔ social reforms کی بنیاد رکھی، سکولوں کو ۔۔۔ اس نے تیل اور پیٹرولیم انڈسٹری پر زیادہ کنٹرول حاصل کیا۔ 1948 میں Romulo Betancourt نے استعفیٰ دے دیا تاکہ نئی ۔۔۔ صدارت سنبھالنے والے کیلئے الیکشن کروائے جائیں لیکن Marcos Perez Jimenez نے coup کے ذریعے حکومت پر قبضہ کر لیا اور پھر Romulo Betancourt کو جلاوطن کر دیا گیا۔ اس نے آنے والے دس سال وسطی امریکہ ۔۔۔ اور یورپ میں گزارے لیکن اپنی پارٹی Accion Democratica جس کو خلاف قانون قرار دے دیا گیا تھا، کی باہر سے ہی قیادت کرتا رہا۔ 1958 میں Jimenez کی حکومت کا تختہ الٹ دیا گیا اور Betancourt واپس لوٹا۔ انتخابات کے ذریعے وینزویلا کا پریذیڈنٹ منتخب کر لیا گیا۔ اس نے pro-Cuban Communists اور conservatives کے درمیان کی پالیسی اختیار کی۔ زرعی نظام کے ذریعے بڑے بڑے زمینداروں کی زمینیں چھین لی گئیں، پبلک ورکس کا کام شروع کر دیا گیا۔ صنعت پر بھی زیادہ توجہ دی تاکہ پیٹرول کی آمدنی پر زیادہ انحصار نہ رہے۔ 1964 میں وہ پریذیڈنٹ کے عہدے سے دستبردار ہو گیا اور اپنی مرضی سے وطن سے باہر آٹھ سال سوئٹزرلینڈ میں رہا۔ آخر 1972 میں واپس لوٹا۔ 1973 میں صدارتی انتخابات میں ناکام رہا۔

Marcos Perez Jimenez 25 اپریل 1914 Michelina، Tachira ریاست وینزویلا میں پیدا ہوا۔ وہ پیشہ ور فوجی تھا اور وینزویلا کا صدر رہا۔ اس کے دور حکومت میں فضول خرچیاں، کرپشن، پولیس کا تشدد اور بیکاری عروج پر تھے۔ وہ وینزویلا کی ملٹری اکیڈمی کا گریجوایٹ اور سیاسی پیشہ 1944 میں شروع کیا۔ اکتوبر 1945 اور نومبر 1948 کے coup d etat میں حصہ لیا۔ دوسرے coup کے بعد وہ فوجی Junta کا ممبر جس کے ہاتھ میں ملک کی باگ دوڑ تھی۔ دسمبر 1952 میں فوج نے اسے عارضی طور پر ملک کا پریذیڈنٹ مقرر کر دیا اور یہ عہدہ قانون ساز اسمبلی نے جو کہ اس کے زیر اثر تھی نصف 1953 میں اس

Marfat.com

عہدے کی توثیق کی گئی۔ 1953 سے لے کر 1958 تک ملک کا پریذیڈنٹ رہا۔ پیٹرول کی آمدنی سے اُس نے پبلک ورکس کا وسیع کام شروع کیا جس میں ہائی ویز، ہوٹلز، دفاتر، فیکٹریاں اور دریاؤں پر ڈیم شامل تھے۔ Jimenez اور اُس کے ساتھیوں کی ہر پراجیکٹ میں کمیشن ہوا کرتی۔ ہر وقت موجود پولیس، تعلیمی ادارے بند، اخبارات خاموش، دن بدن بڑھتی ہوئی inflation اور پانچ پادریوں کی جیل نے اسے چرچ کو بھی اپنے خلاف کر لیا اور چرچ مخالف پارٹیوں میں شامل ہو گیا۔ غیر مطمئن ورکرز اور جوان فوجی جنہیں حکومت نے نوازا نہ تھا، اس کے خلاف ہو گئے۔ 1958 میں اُسے صدارت سے ہٹا دیا گیا اور وہ امریکہ بھاگ گیا۔ جاتے جاتے اپنے ساتھ 200.000.000 امریکن ڈالرز بھی ساتھ لے گیا۔ 1963 میں امریکہ نے اُسکو وینزویلا میں extradite کر دیا تا کہ اس پر خزانے سے خرد برد کے الزام میں مقدمہ چلایا جا سکے۔ ایسا ہی ہوا اسے پانچ سال جیل کی سزا ہوئی۔ رہا ہونے کے بعد اسے 1968 میں سپین جلاوطن کر دیا گیا۔ وینزویلا میں in absentia وہ سینٹ منتخب ہوا مگر اس کے الیکشن کو کالعدم قرار دے دیا گیا کیونکہ وینزویلا میں موجود نہ ہوا تھا۔ 1972 جب وہ Madrid سپین کا دارالخلافہ میں تھا تو اس نے وینزویلا میں صدر کے ہونے والے الیکشن کے امیدوار کی حمایت کر دی بعد میں 1972 میں وہ ایک بار پھر واپس Caracas لوٹا مگر اس کے آنے کی وجہ سے شہر میں فسادات شروع ہو گئے۔ وہ دوبارہ سپین کو بھاگ نکلا جہاں Madrid کے مقام پر اپنی رہائش گاہ میں ہارٹ فیل ہونے کی وجہ سے 20 ستمبر 2001 کو 93 سال کی عمر میں وفات پائی۔

پالتو جانور

ہم تو اپنی اپنی ڈیوٹی پر متعین تھے کہ موسلا دھار بارش نے آ لیا۔ Ramon اپنی مخصوص جگہ یعنی ساحل سمندر والی bar میں تھا۔ تقریباً آٹھ بجے شام اس نے مجھے ٹیلیفون پر bar سے بتایا کہ شدید بارش کی وجہ سے کوئی حرکت کرتی چیز دکھائی نہیں دے رہی ہے میں یہاں نہ ہو تو بہتر ہے۔ اس کی رائے پر میں رضا مند ہو گیا جبکہ چھوٹو پہلے سے ہی گھر کی چھت سے نیچے آ چکا تھا۔ ہم سب لوگ گھر کے living-room میں بیٹھے خوش گپی میں مبتلا ہو گئے کہ ہم آج رات ہم لوگ چین کی نیند سوئیں گے کیونکہ ایسے طوفانی موسم میں کون پاگل ہو سکتا ہے جو اس گھر پر پتھر پھینکنے کی جسارت کر گزرے۔ یہ ایک طوفانی بارش تھی جس میں وقفہ وقفہ کے بعد بجلی کی چمک اور گرج بھی شامل ہو کر اسے مزید ہولناک بنا رہی تھی۔ ایسے میں کسی نے کافی پینے کی تجویز دی۔ خیال برا نہ تھا تو اسی اثنا میں انور کی بیوی نے bedroom سے خبر لائی کہ وہاں کی چھت والا بلب غائب ہو گیا ہے۔ نا قابل یقین بات کیونکہ ایسے طوفانی موسم میں ہمارے دشمنوں کی صرف بلب اتارنے کی حد تک دلچسپی تھی۔ انور کا خیال تھا بلب fuse ہو گیا ہو گا مگر جونہی اس نے کچن والے دروازے سے باہر جھانک کر دیکھا تو واقعی بلب ندارد۔

جو کوئی بھی یہ لوگ ہوں گے وہ ہمارا سکون برباد کرنے پر تلے ہوئے تھے اور مسلسل ذہنی اذیت سے دوچار رکھنا چاہتے البتہ میں اپنی مستقل مزاجی اور مستعدی کا مرانی پر داد دیئے بغیر نہ رہ سکا۔ دن ہو یا رات، طوفان ہو یا آندھی ہمارے گھر کا سکون برباد کرنے میں کامیاب تھے خیر اس کی جگہ اور بلب نصب کر دیا گیا۔ بارش میں کمی کی صورت نظر نہ آ رہی تھی بہر حال ہم لوگ اپنی ڈیوٹی پر مستعد رہے۔ چھوٹو غصہ سے اس قدر آگ بگولہ ہو رہا تھا اس نے تنگ آ کر فیصلہ کر لیا کہ اگر کسی کو گھر کی طرف قدم بڑھاتے دیکھ لیا تو کچھ بھی ہو وہ سے جانے مار دیگا۔ ہماری بے چینی اور اعصاب شکنی کا یہ عالم تھا کہ چہل قدمی کی سی آواز کا گمان ہونے لگا۔ کبھی کبھار Cerveza ہماری رکھوالی والا کتا کوئی نیا مسئلہ کھڑا کر دیتا۔ اس نے اپنے لئے ایک نہایت ہی آرام دہ ٹھکانہ laundry area میں washing machine کے پیچھے کو منتخب کر لیا جس کی حدود کی وہ دل و جان سے حفاظت کرتا۔ دن کو تو میں اُسے باندھ رکھتا مگر رات کو کھلا چھوڑ دیتا۔ اپنی چھوٹی عمر ہونے کے باوجود ایک خونخوار شکل کا کتا دکھائی دیتا۔ کتے کی جگہ Garcia کے ٹھکانے کی حدود کے بائیں طرف واقع تھی۔ صبح دم سے دوپہر تک Cerveza گھوڑے بیچ کر سوتا اور بعد از دوپہر اپنے کھانے کیلئے جاگ اٹھتا۔ رات کے وقت معمولی آہٹ، حرکت یا آواز اسے چوکنا کر دیتی اور بھونکنے کے ساتھ ساتھ بے تکے پن سے ادھر اُدھر لپکتا بھاگتا۔

متعدد بار تو میں نے Cerveza کو Sctoch whisky کے ایک دو shots دینے کی کوشش کی۔ شروع میں تو وہ

Marfat.com

اس کی بد بو سے ہی بھاگتا مگر رفتہ رفتہ اسے اس کی لت پڑ گئی تھی کہ whisky کا خالی گلاس بھی کسی نے پکڑا ہوتا تو وہ اس شخص کی طرف بجلی کی سی تیزی سے لپکتا اور پیاسی اور ملتجی نظروں سے دیکھتا۔ ہاں! اس کی ایک اور عادت سے بھی روشناس کرتا چلوں۔ نجانے کیوں وہ ماچس کی جلتی تیلی سے خوفزدہ تھا۔ ہم یار لوگ اگر گھر کے فرنٹ لان میں گارڈن چیئرز پر بیٹھے ہوتے تو وہ دوڑ کر میرے قریب یا اس شخص کے پاس جس کے ہاتھ میں گلاس ہوتا اس کے قدموں میں بیٹھ جاتا۔ زبان نکالے پیاسی نگاہوں سے دیکھتا اور پاس بیٹھے ہوئے شخص کے پاؤں چاٹتا۔ ایک دفعہ ایسے موقع پر وہ کبھی ایک مہمان کی کرسی کے گرد چکر لگاتا کبھی دوسرے مہمان کا طواف کرنے لگتا۔ میں نے حتی الوسع کوشش کی کہ وہ اس مذموم حرکت سے باز آ جائے کہ مہمان کیا محسوس کریں گے مگر یہاں ''چھٹتی نہیں ہے منہ سے یہ کافر لگی ہوئی'' بات کہ شراب کی لذت اور نشے نے جادو کا سا اثر کر دکھایا۔ اس کا شراب سے دور رہنا گویا اس کے دائرہ اختیار میں نہ تھا وہ کتے کا بچہ تماشائی رہا۔

میرے دوستوں نے ایک بوتل کے چار pegs صدقے کے طور پر اس کے سامنے رکھے جنہیں وہ بے صبری سے غٹاغٹ پی گیا لیکن:

''ساقی ہے تشنگی ابھی اک جام پلا اور
میں ہوش میں ہوں بیخودی کا رنگ چڑھا اور''

کے مصداق اس کا تقاضہ بڑھتا رہا۔ میں نے اپنا سگار سلگانے کو ماچس کی تیلی سلگائی۔ جلتی تیلی نے گویا جادو کا سا اثر دکھایا۔ وہ وہاں سے بھاگ نکلا اور اس نے گھر کے اندر جا کر ہی دم لیا۔ پھر مجھے خیال گزرا کہ اسے باہر بلایا جائے۔ جونہی میں نے آواز دی تو بڑی پھرتی سے ڈرتے ڈرتے آیا اور میرے پاؤں پر سر رکھ کر بیٹھ گیا۔ ماچس کی تیلی سے ڈرنے کے تجسس سے میں نے جیب سے ماچس نکالی ہی تھی کہ وہ ایسا بھاگا ''جیسے گدھے کے سر سے سینگ''۔ اب اس کا کمزور پہلو میرے ہاتھ آ گیا۔ جب بھی مہمان دوستوں سے پیچھا چھڑانے کا ارادہ کرتا تو ماچس دیکھتے ہی سر پر پاؤں رکھ کر بھاگ نکلتا اور اپنے ٹھکانے پر جا کر ہی تھمتا۔

بدقسمتی سے گھر کی طرف سے لان اور back lawn کی حفاظت میں تھا کیونکہ ایک تو Garcia وہاں موجود تھا اور دوسرے Cerveza کی موجودگی میں کوئی غیر شخص تو کیا کوئی پرندہ بھی پر نہ مار سکتا۔ حیران کن بات تھی کہ Cerveza کے آنے کے بعد بیک لان میں کسی نے باہر سے مداخلت کی جرأت نہ کی البتہ بلب چوری کا سلسلہ طویل ہوتا گیا اور وہ alley جس سے متصل دیوار تھی جہاں سے بلب چوری ہوتا رہا بیک لان کا ایک حصہ تھی۔ اس پر Cerveza کی حکمرانی تھی یہ عوامل حیران کن تھے جس کسی نے side alley کی دیوار پھلانگ کر بلب چوری کیا تو Cerveza نے ذرا بھی نوٹس نہ لیا۔ اصولی طور پر کسی کو مان لینا چاہیے تھا کہ کوئی شخص alley کی دیوار پر چڑھتے تو خواہ کتنی ہی محتاط کیوں نہ ہو۔ Cerveza باخبر ہونا قرین قیاس تھا کیونکہ کتوں کے متعلق یہ خیال کیا جاتا ہے کہ وہ دور سے ہی غیر معمولی بو سونگھ لیتے ہیں جس سے وہ مانوس نہ ہوں۔ ایک اجنبی کا دیوار پر چڑھنا کتے کے حملے کا محرک ہو سکتا تھا۔ یہ ایک ایسا سربستہ راز جو منکشف ہونے کا منتظر تھا۔

نیم شب بارش تھم گئی بلب اپنی جگہ پر روشن چوری ہونے کیلئے بیتاب تھا۔ ہم سب اتنا نڈھال تھے کہ جب پتہ تھا مرتا کیا نہ کرتا اور ہمیں آنکھ جھپکنے کی فرصت نہ تھی۔ اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ ہم لوگ کس قدر ذہنی اذیت، اعصاب شکنی اور احساس زیاں کے عذاب سے دوچار تھے جیسا کہ پہلے عرض کیا جا چکا ہے کہ انوری بیوی کے سونے والے کمرے کی بیرونی دیوار پر socket نصب تھا جہاں انوری بیوی اور بچے گہری نیند سو رہے تھے۔ ملحقہ چمن کا دروازہ ادھ کھلا رکھا تا کہ ہم آسانی سے اس بلب پر نظر رکھ سکیں۔

Fuchu نے تھکان محسوس کی اور سونے کیلئے اس hamaca (انگریزی زبان میں hammock) پر جو annexe میں لٹک رہا تھا جہاں Ramon بھی سونے کیلئے جا چکا تھا۔ انوری اور میں نے چوکیداری جاری رکھنے کا مصمم ارادہ کیا اور بیتابی سے منتظر تھے کہ کیسے کوئی شخص ہماری ناک کے نیچے سے بغیر آواز آہٹ کے بلب اڑا لے جاتا؟ انوری نے اٹل فیصلہ کر لیا تھا کہ گھر میں مداخلت کرنے والے کو جان سے مار دیگا۔ اب تک Lady luck نہیں ٹھوکریں دیتی رہی اور پراسرار جنوں بھوتوں میں بسنے کے لئے معلق چھوڑ دیا۔

Marfat.com

جوں جوں دن گزرتے گئے ہمارا یقین پختہ ہوتا گیا کہ کسی نہایت امیر بڑے وسیع وسائل و ذرائع کے حامل اور بااثر شخصیت کا ان واقعات کے پس پشت ہاتھ کارفرما ہے جو بھاری اجرت کے زعم میں بھرپور انداز میں پراسرار سرگرمیوں میں پیش پیش اور اس مفروضہ پر کہ اجرت دینے سے پیشتر ہاتھ روک لے تو ممکن ہے کوئی ساتھی راز اگل دے۔ یہ پراسراریت منکشف کا موجب ہو مگر یہ ہماری خام خیالی تھی میں دل ہی دل میں خوفزدہ تھا کہ اگر خدانخواستہ ہمارے ہاتھ سے کوئی ہلاک ہو گیا تو اسطرح ایک chain reaction شروع ہو جائے گا جو کہ خطرناک انجام کی طرف لے جا سکتا تھا۔ ہمارے دشمن یہ جانتے ہوئے بھی کہ ہم آتشیں اسلحہ سے مسلح ہیں اس کے باوجود ان کی دیدہ دلیری دیدنی کہ وہ ہمارے گھر میں داخل ہونے پر بضد رہے۔ مہلک انجام کی پرواہ کئے بغیر جھگڑے کی صورت میں خون خرابے کے حق میں نہ تھا اور فکرمند کہ انور کے ہاتھوں اگر کوئی دشمن ہلاک ہو گیا تو وہ ہاتھ جو ان واقعات کے پیچھے ہیں کی شناخت کرنی مشکل ہو جائے گی اور دشمن کے مشتعل ہو کر زیادہ انتقامی جذبہ پر اتر آنے کا بھی امکان تھا۔

اچانک Cerveza نے بھونکنا شروع کر دیا اور ایسے معلوم ہوا جیسے وہ کسی شخص کو گھر کے بیک لان کے ایک کونے کی طرف بھونک رہا ہو۔ انور نے ریوالور اور میں نے Winchester اٹھائی اور اس باتھ روم کی جالی دار کھڑکی سے جو کہ راہداری کے جنوبی کونے میں واقع تھی، سے دیکھا مگر کچھ نظر نہ آیا۔ میں نے بیڈروم سے دیکھا تو بلب باقاعدگی سے اپنی جگہ روشن تھا۔ میری چھٹی حس کہہ رہی تھی کچھ ہونے والا ہے۔ Cerveza خاموشی سے اپنے مخصوص ٹھکانے laundry area میں چلا گیا۔ انور اور میں living-room کے ایک صوفہ پر بیٹھ گئے۔

فرخ ننگے پاؤں اپنے بیڈروم کی راہداری سے گزرتی ہوئی living-room میں آئی اور سراسیمہ آواز میں بتایا کہ کوئی چھت پر چل رہا ہے اور اس کے قدموں کی آواز سے وہ بیدار ہوئی۔ بڑی خاموشی اور بغیر آہٹ کئے ہم فرخ کے بیڈروم میں داخل ہوئے واقعی کوئی چھت پر چل پھر رہا تھا۔ ہم راہداری میں واپس لوٹے اتنی رات گئے گھر سے باہر نکلنا پرخطر تھا۔ ممکن تھا کہ ہمارے دشمن باہر گھات لگائے بیٹھے ہوں اور ہماری نقل و حرکت سے وہ خبردار ہو جائیں جبکہ چھت پر جانے کیلئے سیڑھیاں بھی موجود نہ تھیں چھت تک رسائی گھر سے باہر نکل کر فرنٹ دروازے کے دائیں ہاتھ والی دیوار پر چڑھ کر ممکن تھی۔ انور آہستگی سے کچن کے دروازے سے ہوتا ہوا باہر alley میں جانا چاہتا مگر میں نے اسے یہ کہہ کر منع کر دیا "یہ اندھے کنوئیں میں چھلانگ لگانے کے مترادف ہے اور کون جانے باہر کیا صورت حال ہے؟" لہذا ہم نے خاموش رہنے پر اکتفا کیا اور "Wait and see" کی پالیسی اختیار کی۔ انور نے Winchester کو چیک کیا اس کے میگزین میں چھ کارتوس موجود تھے اور میں نے بھی اپنے دستی ریوالور کو چیک کر لیا۔

یقینی امر تھا کہ کوئی چھت پر چل رہا ہے دفعتاً کچن کی کھڑکی کے شیشوں پر باہر سے کسی نے روشنی پھینکی اور یہ کھڑکی اس alley میں کھلتی تھی جس کا اوپر ذکر کیا جا چکا ہے۔ میں نے اپنے آپ کو کھڑکی کی ایک طرف چھپا لیا اور احتیاط سے کھڑکی سے جھانکا، کوئی شخص ان جھاڑیوں میں چھپا ہوا تھا جو کہ ہمارے گھر والے بلاک کی دائیں جانب ائرپورٹ اور سڑک کے درمیان واقع تھیں۔ اس شخص کا سایہ صاف دکھائی دے رہا تھا اور ہمارے گھر کی چھت پر چڑھے ساتھی کو ٹارچ سے مخصوص سگنل دے رہا تھا میں نے انور کو بھی اشارتاً کھڑکی میں سے دیکھنے کی ترغیب دی۔ اس نے بتایا کہ وہ جھاڑیوں میں چھپے تین متحرک سائے دیکھ رہا ہے جبکہ اس کے برعکس میں صرف ایک ہی سایہ دیکھ پایا۔ ایسا معلوم ہوتا جیسے وہ سیاہ لباس میں ملبوس ہوں یا انہوں نے اپنے اجسام پر سیاہ پینٹ کر لیا ہو جبکہ ان کے چہروں پر بھی ماسک تھے لہذا ان کی شناخت مشکل تھی۔ دوسرے دو عناصر کے پاس اسلحہ وغیرہ معلوم ہوتا۔ ہم کچن کی کھڑکی سے متحرک سائے دیکھتے رہے جو دائیں بائیں آگے پیچھے حرکت کر رہے تھے۔ متعدد بار جھاڑیوں میں چھپے عناصر کی جگہ پر ہمارے گھر کی طرف سے ٹارچ کی روشنی پڑی کیونکہ ان کا ساتھی ہمارے گھر کی چھت سے کسی قسم کے اشارے دے رہا تھا۔

ان شرپسندوں کے عزائم کیا ہو سکتے ہم جاننے سے قاصر تھے البتہ بلب اپنی جگہ پر قائم تھا۔ میں نے Fuchu کو جگایا کیونکہ ان لمحات میں مزید امداد درکار تھی۔ شاید وہ لوگ گھر میں زبردستی داخل ہونا چاہتے تھے۔ میں نے Fuchu کو حالات کی نزاکت کی طرف توجہ مبذول کرانا چاہی مگر اسے اس خطرناک صورت حال کا احساس تک نہ تھا۔ وہ بڑے آرام سے living-room کے ایک صوفہ پر بیٹھ گیا۔ ابھی سگریٹ سلگانے کا ارادہ کر ہی رہا تھا کہ میں نے نامناسب خیال کرتے ہوئے غصہ سے منع کر دیا۔ روشنی سے

Marfat.com

دشمن کے خبردار ہو جانے کا احتمال تھا۔ میں واپس کچن میں لوٹ آیا۔ انور جھاڑیوں میں دشمن کی حرکات و سکنات دیکھ رہا تھا اور ساتھ ہی torches کی روشنی سے اشارہ پر بھی نگاہ رکھے ہوئے تھا۔ میں دوبارہ living-room میں آیا اور Fuchu کو حالات کی سنگینی کا احساس دلایا۔ چھت پر دشمن جھاڑیوں میں موجود ساتھیوں کو متواتر سگنل دینے میں مصروف رہا۔ جب میں Fuchu سے گفتگو میں مصروف تھا مجھے ایک پتھر کے annexe کی چھت پر گرنے کی آواز سنائی دی۔ Fuchu راہداری سے annexe میں جانے کا ارادہ کر رہا تھا کہ میں نے روک دیا۔ ایک اور پتھر، ایک پتھر اور پتھر ما سوائے پہلے پتھر کے جو نسبتاً بھاری پتھر تھا باقی چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کی بوچھاڑ۔ میں نے Fuchu کو سختی سے ہدایت کی کہ living-room میں ہی بیٹھے رہو اور کوئی قدم نہ اٹھانا جب تک میں نہ ہوں۔ میں واپس کچن میں لوٹا دروازہ کھلنے کی آواز سنی اور ہوا میں یکے بعد دیگرے چار shots ... انور اور میں دوڑ کر living-room میں گئے تو Fuchu غائب تھا۔ وہ annexe سے باہر نکلا تو اس نے گھر کے back lawn کی دیوار پر ایک شخص کو دیکھا جس نے فائرنگ شروع کر دی۔ گولیاں تقریباً Fuchu کے پاس سے گزر گئیں اور اس نے laundry area میں لکڑی کے ایک بڑے بلاک کی آڑ میں جان بچائی۔

وہ لوگ جو جھاڑیوں میں پوشیدہ تھے۔ ہوائی فائرنگ کرتے ہوئے ائرپورٹ کے runway کی طرف بھاگتے ہوئے۔ چھت والے نے چھت سے چھلانگ لگائی اور alley کی دیوار سے کود کر گھر کے جنوب کی طرف خالی جگہ پر پہنچ گیا۔ انور بھی اس کے پیچھے فائرنگ کرتا ہوا دوڑا جبکہ جھاڑیوں والے دشمن اندھیری رات کا فائدہ اٹھاتے ہوئے پیچھے ... غائب ہو گئے البتہ انور کے ریوالور کی ایک گولی اس کی ٹانگ پر لگی وہ لنگڑایا۔ دفعتاً ایک کار نمودار ہوئی کار سوار نے مفرور ساتھی کو ... کھینچ لیا۔ کار تیزی سے رفوچکر ہوئی۔ تمام اہل خانہ بیدار ہو گئے۔ پڑوسیوں نے روشنی بکھیر دی۔ صبح کوئی تین بجے کا عمل ہوگا ... دریافت کرنے کیلئے بیتاب تھے کہ وہ شخص بری طرح زخمی ہوا ہے کیونکہ جس جگہ پر اسکو گولی لگی وہاں سے کافی خون ... ملے۔ یقیناً طبی امداد کی ضرورت تھی۔ شہر میں ایک ہی پبلک ہسپتال تھا جہاں اسے اس وقت لیجایا جا سکتا تھا۔

صبح ہونے کا بے صبری سے انتظار کیا اگرچہ اس وقت اس جگہ پر ہم نے ٹارچ کی مدد سے کافی خون کے دھبے دیکھے تھے پھر بھی ہم دن کی روشنی میں اس جگہ کا جائزہ لینا چاہتے تھے۔ سوائے عورتوں اور بچوں کے ہم تمام اس جگہ پر صبح کو پہنچے اور خون کے دھبے دیکھ کر ہمیں یقین ہو گیا کہ آخر ہمارا ایک اور دشمن بری طرح سے زخمی ہو گیا ہے۔ ہم نے ہسپتال کے ایمرجنسی وارڈ میں متعدد بار فون کیا مگر پچھلی رات سے کوئی casualty نہ آئی تھی۔

حالات کچھ زیادہ ہی سنگین نظر آ رہے تھے۔ ہمارے دشمن انتقامی جذبے کے زیر اثر خطرناک انداز سے ہمارے ... دینگے یا ہمارا پیچھا چھوڑ دینگے۔ پولیس کو بھی میں نے اس واقعہ سے متعلق فون کر دیا جبکہ یہ عمل بے سود تھا۔ ہاں ایک بات ... کہ جائے وقوعہ پر انور کی فائرنگ سے جہاں خون کے دھبے تھے۔ کار کے شیشوں کے بھی ٹکڑے بکھرے ہوئے تھے۔ ہو سکتا ہے کار میں موجود چند افراد زخمی ہو گئے ہوں۔ اس واقعہ نے ہماری تسلی کی بجائے مزید سوالات سے الجھا دیا۔ ان حالات سے واضح تھا کہ چھت والے شخص کو انور کی فائرنگ نے شدید مضروب کیا۔ قیاس تھا کہ اگر ایسا ہی ہے تو اسے ہسپتال کیوں نہ لے جایا گیا؟ ممکن ہے ہسپتال کا عملہ قصداً یہ خبر ہم سے چھپا رہا ہو جیسے کہ تمام ہسپتالوں کے ایمرجنسی سروس میں چوبیس گھنٹے کوئی نہ کوئی پولیس کا آدمی ہوتا ہے وہ زخمیوں کا نام و پتہ اور اوقات رجسٹر پر درج کرنے پر مامور ہوتا ہے۔ یہ بھی خالی از امکان نہ تھا کہ ہمارے دشمن اتنے با اثر ہوں کہ پولیس کو بھی خرید کر رکھا ہو۔ بار بار ٹیلیفون کرنے پر بھی ہسپتال سے جواب نفی میں ہی ملتا رہا ہر حال میں نے ایک با اعتماد آدمی کو ہسپتال کے ایمرجنسی سروس کی وارڈ پر متعین کر دیا۔

Fuchu ایک نرس کو جانتا تھا جسکی ڈیوٹی اس دن آدھی رات سے صبح کے آٹھ بجے تک ایمرجنسی میں مقرر تھی ہمیں معلومات ملنے کی سہولت ہوئی کہ ہمارا مطلوبہ شخص admit ہوا ہے کہ نہیں؟ Fuchu نے بڑی عقلمندی کا اظہار کیا کہ اس قسم کے لوگ ہسپتالوں میں کم ہی جاتے ہیں تا کہ پولیس کی نگاہ میں نہ آ جائیں جبکہ Garcia نے بھی ہماری گفتگو میں حصہ لیتے ہوئے بتایا کہ وہ ایک ایسے ... سے واقف تھا جس نے طبی امدادی خدمات حاصل کرنے کیلئے ایک مشہور ڈاکٹر کو اپنے payroll پر رکھا ہوا تھا۔ کیا ہمارے دشمن اس

Marfat.com

قدر باثر اور اہلِ ثروت ہیں۔" اب ایک اور وسوسے نے مجھے اپنے حصار میں لے لیا کہ اگر وہ شخص زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا تو ہم کو جان سے مار ڈالنے پر تل جائیں گے اور کہیں ایسا نہ ہو خدانخواستہ میری بچی کو اغوا کر لیں۔ میں بہت زیادہ متفکر ہو گیا کہ نہ صرف اپنی جان کی حفاظت بلکہ تمام اہلِ خانہ کی سلامتی کیلئے فکرمند تھا۔

اس جائے وقوعہ پر آہستہ آہستہ کافی ہجوم ہو گیا۔ ایک نے کہا کہ آخر ان بدمعاشوں کو سبق مل ہی گیا۔ اس جملے نے ہماری ہمت کی حوصلہ افزائی کی۔ اسی ہجوم میں سے کسی نے پولیس کو ٹیلیفون کر دیا۔ کچھ دیر بعد پولیس van آ گئی مجھ سے معمول کے مطابق کچھ سوالات کئے اور پولیس والوں نے ہسپتال کے ایمرجنسی وارڈ کو بھی چیک کیا مگر کوئی متوقع خبر نہ ملی۔ آہستہ آہستہ ہجوم منتشر ہونا شروع ہو گیا اور ہم لوگ بھی اپنے گھر واپس لوٹ آئے۔ اس رات ہم لوگ گھر کے فرنٹ لان میں بیٹھے تبادلہ خیال سے اس نتیجے پر پہنچے کہ چونکہ وہ بچ ہی گیا۔ ہمیں ان خدشات کو اپنے اعصاب پر سوار نہ کرنا چاہئے اور بہتری کی توقع رکھنی چاہئے۔

Fuchu نے ہماری سوچ بچار کے بعد تجویز پیش کی کہ ڈاکٹر صادق بچوں اور خواتین کو کسی محفوظ مقام پر پہنچا دیا جائے۔ تمام متعلقین یعنی خواتین دن بدن بے چینی اور اضطراب سے دوچار ہو رہی تھیں۔ خاص طور پر انور کی بیوی جسے کئی کئی وقت بیہوشی کے دورے پڑنے شروع ہو گئے۔ بار بار یہ سوال پیش نظر ہوتا رہا کہ آج رات کیا ہو گا؟ جبکہ میں نے بارہا خواتین کو تسلی دی کہ دیکھو ہم پچھلے دنوں سے پولیس سے رابطہ رکھے ہوئے ہیں اور ہم اپنی حفاظت بخوبی کر سکتے ہیں لیکن خواتین کا جواب سنئیے:

"اب تک آپ لوگوں کی تمام کوششیں رائیگاں گئیں۔ ہمیشہ کوئی نہ کوئی نیا جواز جو بتدریج بد سے بدتر ہوتا ہے۔ اب کوئی دن کا چین نہیں رہا۔ پولیس محض تسلی دیتی ہے جبکہ کسی state کا گورنر جو آپ کے گھر اکثر پارٹیوں میں شمولیت کرتا ہے مگر مدد نہ کی۔ پولیس کی تو بات ہی مختلف ہے کسی نے تمہاری مدد نہ کی اور عرصے سے ان تابڑتوڑ وارداتوں کا سدباب نہ ہو سکا۔ حیرت کی بات تو یہ ہے کہ وہ بدمعاش بے خوفی سے سامنے گھر میں دندناتے پھرتے ہیں جیسے کہ یہ ان کا ننہال والوں کا گھر ہو۔ اس حقیقت کا اعتراف ہم سب کو کرنا ہے۔ تو کیا ہم ان سوالات کا راقم کے پاس کوئی جواب نہ تھا کہ خواتین یہ کہنے میں حق بجانب تھیں۔

اس واقعہ میں چونکہ کتے کی چوکیداری کی بات ہوئی تو اسی ضمن میں کتوں اور دیگر پالتو پرندوں سے متعلق ملاحظہ ہو۔

کئی سالوں کے بعد جب ہم اپنے بنگلے Avenida Gran Mariscal No. 47, Quinta Porzana, Cumana, Venezuela میں رہائش پذیر تھے کہ میرے ایک دوست بنام Brito نے مجھے ایک اعلیٰ نسل کا Pointer پلا دیا۔ اس کا نام ہم نے Tigro (from tiger) رکھ دیا۔ جب وہ بڑا ہو گیا تو اس کی بعض عادات نام نہاد انسانوں سے بھی بہتر تھیں۔ مثلاً ہمارے گھر کے آگے اور پیچھے کافی وسیع lawns تھے اور ہم نے اسے کبھی باندھ کے بھی نہ رکھا۔ back lawn میں ہم نے ایک tobogan (سلائیڈ) اور جھولے وغیرہ بچوں کے کھیلنے کیلئے لگا رکھے تھے۔ اس نے اپنی جگہ tobogan کے نیچے پسند کر لی۔ جب اسے پیشاب وغیرہ کی حاجت ہوتی تو وہ ایک مخصوص انداز سے چیختا ادھر ادھر بھاگتا، خاص طور پر گھر کا وہ جنگلا جو kerb کے ساتھ تھا اس کی طرف بھاگتا ہوا آتا۔ ہماری سمجھ میں آ جاتا کہ رفع حاجت کا سگنل دے رہا ہے۔ فرخ، بچے یا ہم میں سے کوئی اور فرد گھر میں موجود ہوتا تو اسے اس جگہ باہر لے جاتا۔ مجال تھی کہ گھر کے اندر گندگی ڈالتے دیکھا ہو۔ صبح کے وقت یونیورسٹی جانے سے پہلے میں پچھلے لان میں palm کے درختوں کے سائے میں ایک خاص کارڈن چیئر پر بیٹھ کر ناشتہ کرتا جس کے سامنے ایک لمبا مگر مناسب اونچائی والا گارڈن کا میز پڑا رہتا جو اسی جگہ مخصوص ہو گیا تھا۔ پانچ garden chairs اسکے اردگرد پڑی رہتیں۔ جب فرخ میرا مخصوص ناشتہ عموماً 3 منٹ ابلے ہوئے انڈے، ایک سادہ toast، black coffee کا mug بغیر چینی کے، کریلوں کے juice کا ایک گلاس جسے Spanish زبان میں papaya کے juice کا ایک گلاس حسب معمول مختلف قسم کے food supplements لا کر میز پر رکھتی تو Tigro بھاگ کر میز کے قریب مناسب فاصلہ پر منہ اٹھا کر بیٹھ جاتا۔ فرخ بسکٹ اور cheese sandwiches سے ناشتہ کرتی۔

ایک دن میں نے اپنے توسٹ کا ٹکڑا اس کی طرف پھینکا تو اس نے بڑی رغبت سے ہڑپ کر لیا۔ فرخ نے بسکٹ پھینکا تو وہ بھی کھا گیا۔ اب اس کا ناشتہ کا چسکا تو سوائے toast اور بسکٹ کے کسی قسم کا راتب نہ کھاتا۔ اسی طرح اسے آئس کریم کھانے

Marfat.com

اور Coca-cola پینے کی بھی عادت ہوگئی۔

معمول کے مطابق گھر کے اندر داخل ہونے کی بجائے صرف باہر lawn میں ادھر ادھر رہنے والی تیتریاں ... postman ہمارے گھر کے مرکزی والے بنگلے پر دستک دیتا تو وہ بھاگ کر اس طرف جاتا ہمیں اطلاع ہو جاتی۔ postman آگیا ہے۔ بنگلے کی مخصوص کھٹکھٹاہٹ پر ہم میں سے کوئی بھی پوسٹ لینے کی طرف مائل نہ ہوتا۔ معمول کے مطابق postman اپنے ہاتھ سے ہماری پوسٹ بنگلے کے سوراخ میں سے اندر پھینک دیتا تو Tigro دانتوں میں دبا کے تیزی سے back lawn کی طرف آنکلتا۔ گھر کا ایک دروازہ جو کہ back lawn میں بھی کھلتا۔ اس کے اوپر کوئی چھ میٹر لمبا اور قریباً 9 میٹر چوڑا plantabanda (لینٹر) والا ہوا تھا۔ فرش سفید ماربل کا۔ اس لینٹر کے تین کناروں پر جگہ جگہ ستون جن پر انگور اور پھولوں کی بیلیں چڑھی ہوئی ہیں۔ درمیان میں ایک بڑا میز جس کے اردگرد چھ garden chairs۔ لینٹر کے کناروں سے چار اندر کی طرف hooks لگی ہوئی جن پر ہم نے تین hammocks لٹکا رکھے تھے۔ back lawn میں بھی آموں کے درختوں کے ساتھ hammocks بندھے ہوئے تھے۔ اس لینٹر والی جگہ کو ہسپانوی Spanish زبان میں Patio کہتے ہیں۔ اسی بائیں طرف fire exit ہے۔ ایک دوسری بیل بھی لگائی ہوئی تھی جو میرے سونے والے کمرے کے ملحقہ باتھ روم والے دروازے کے قریب مغرب میں تھی۔ یہ بیلیں ... اطراف بنگلے پر چڑھی tropical بیلیں جو کہ اوپر گھر کی چھت تک پھیل چکی تھیں۔ بات دور نکل گئی۔ Tigro ہماری پوسٹ Patio میں sidetable پر رکھ دیتا اور عجیب انداز میں آواز نکالتا۔ ہمیں پتہ چل جاتا اور ہم آرام سے بغیر تامل کے ... پوسٹ لے آتے۔

جہاں فرخ کے فرائض میں ہماری بچی کا غازیہ اور بیٹے شہود کو صبح سات بجے کار پر پرائیویٹ سکول میں لے جانا اور پھر دوپہر کے وقت واپس گھر لے آنا شامل تھا وہاں ہر ہفتہ کو Supermercado (Supermarket) جس کا نام Cada ... تھا ... جہاں تک ممکن ہو کھانے پینے کی چیزیں لے کر آنا۔ ممکن میں نے اس لئے کہا ہے کہ اور دنوں میں بھی کوئی بھولی ہوئی چیز ... آتے۔ فرخ ڈرائیوری سیٹ پر بیٹھتی اور میں حسب عادت پچھلی سیٹ پر بائیں جانب سر پر strawhat ... کار کو نہ سکھا تا کیونکہ فرخ سگریٹ اور کار کے دھوئیں سے allergic ہے البتہ کار میں داخل ہونے سے پہلے اور نکلنے کے بعد ... سکتا ہوں۔

میرا فرخ کے ساتھ جانے کا مقصد Chifo (ڈرائیور) کی حیثیت سے تھا۔ وہ مارکیٹ کے parking lot میں ... کے خرید و فروخت کیلئے اندر چلی جاتی اور میں کی وجہ سے لوگوں کی طرح مارکیٹ کے دروازے کے باہر ایک چھوٹی سی ... کار کا پہیہ رہتا۔ جب مارکیٹ کے ملازم اس کا خریدا ہوا سامان مارکیٹ کے دروازے کے باہر رکھ دیتے تو میں ... دونوں ہاتھوں سے اٹھا کر کار کے trunk میں رکھ دیتا۔ کبھی کبھی تو سامان اتنا زیادہ ہوتا کہ مجھے کئی چکر لگانے پڑتے۔

اب عورتوں کی خرید و فروخت کی بات چل نکلی ہے تو اس ضمن میں میرا ایک مشاہدہ ہے ... متعلق تو میں یہ نہیں کہہ سکتا مگر فرخ کی ایک عجیب سی عادت جو میرے بار بار منع کرنے پر بھی نہیں بدلی ... کچن میں کاپی اور ایک پنسل ڈوری سے باندھ کر فریج کے handle سے باندھ رکھی تھی تاکہ آئندہ ہفتہ کی خرید و فروخت سے مطلوبہ اشیاء اتوار سے جمعہ تک لکھتے جانا۔ لہذا فرخ کا یہی معمول تھا۔ اب آپ دریافت کریں گے کہ پنسل ڈوری سے باندھنے کی ضرورت کیا تھی؟ وہ اسلئے کہ فرخ کو اکثر شکایت رہتی کہ میں نے ہفتہ بھر کے ضروری سامان کی وہ فہرست ... یا پنسل نہیں ملتی۔ فرخ ہاتھ میں کاغذ کا ٹکڑا پکڑے اور پنسل لئے مارکیٹ میں داخل ہو جاتی اور جو جو اشیاء خریدتی ان کو list سے کاٹتی جاتی۔ پنسل کو مارکیٹ کے اندر تو لے جاتی مگر اندر جا کر اشیاء سے لدے ہوئے racks یا stands پر نظر ڈالتی ... ہوئے تھے۔ یہ جانتے ہوئے بھی کہ فلاں فلاں اشیاء row کے کس rack سے ملیں گی ہر ایک row میں پھرتی ... چیزوں کا list میں اندراج نہ ہوتا وہ بھی خرید لاتی۔ میں اس عادت سے منع کرتا رہا مگر اس نے ایک نہ سنی۔ آخر میں نے تنگ آکر اپنی شکست تسلیم کر لی۔

قارئین! یہ تو تھی فرخ کی عادت۔ اور اپنی بات ملاحظہ ہو۔ اب وہ ہمارے گھر سے ... اور اپنے بیوی بچوں کے ساتھ

Marfat.com

یونیورسٹی کے قریب ایک flat میں رہائش پذیر تھا جو کہ superblocks کے flats میں سے ایک تھا۔ اُس کے فلیٹ سے مذکورہ بالا مارکیٹ کوئی چار کلومیٹر کے فاصلہ پر اور کھانے پینے والے سامان کی خرید وفروخت کے دن کار میں کئی کئی چکر لگاتا کیونکہ اکثر وہ ضروری چیز خریدنی بھول جاتا اور بیگم صاحبہ کی ڈانٹ پر اپنی خوشنودی کیلئے واپس خرید وفروخت کیلئے کار دوڑاتا۔ ایک دن راقم نے اُسے کہا "تم ماشاءاللہ پڑھے لکھے ہو خریدی جانے والے سامان کی list تیار کر لیا کرو۔" لہذا میں نے پانچ کاغذوں کے decks اور پانچ ہی ballpoints خرید کر دیئے۔ یہ بھی یاد رہے کہ اُس کی بھولنے کی عادت مثالی ہے۔ ایک ہفتہ کے روز پچھلے پہر وہ مجھے ملنے آیا کہنے لگا: "آج تو میں بڑی دوڑ دھوپ میں گزرا" میں نے پوچھا ایسی کیا بات ہوئی ہے؟ جواب سنیئے "بھائیجان! میں لکھ تو لیتا ہوں مگر list یا تو ساتھ لانا بھول جاتا ہوں اور list لیکر کار میں بیٹھ کر مارکیٹ پہنچتا ہوں تو list کہیں نہ کہیں گم ہو جاتی ہے۔"

بات Tigro کی ہو رہی تھی تو ہم Tigro کی بات کر رہے تھے۔ ایک ہفتہ کے روز بیوی نے حسب معمول کھانے پینے کی چیزوں کیلئے خرید وفروخت کرنی تھی اور ہمارے سوا گھر میں کوئی دوسرا فرد نہ تھا۔ جب میری بیوی نے کار کو گیراج سے باہر نکالا میں باہر سے گیراج بند کرنے لگا تو پیچھے Tigro بھی آ گیا جیسے کہ وہ کہہ رہا تھا "مجھے کس کے رحم وکرم پر چھوڑ کر جا رہے ہو!" فرخ نے مشورہ دیا "چلو Tigro بھی ساتھ لے چلتے ہیں" لہذا Tigro کو فرنٹ سیٹ پر بٹھا لیا گیا۔ parking lot میں پہنچ کر حسب معمول فرخ تو shopping کیلئے مارکیٹ کے اندر چلی گئی۔ میں اور Tigro مارکیٹ کے دروازوں کے باہر چھوٹی دیوار پر بیٹھ گئے۔ جب خریدا ہوا سامان مارکیٹ کے ملازم نے فرخ کے ہمراہ مارکیٹ کے ایک دروازے سے باہر رکھا تو میں سامان اُٹھانے کیلئے روانہ ہوا جبکہ Tigro بھی ساتھ ساتھ تھا۔ سامان بہت زیادہ ہی تھا کیونکہ آج رات میری بیٹی کی birthday تھی اور کافی تعداد میں احباب کو مدعو کیا گیا۔ جب میں نے پہلے چھیرے کا سامان اُٹھایا تو Tigro میرے ساتھ ساتھ کار تک آیا۔ جب میں دوسرے round کیلئے لوٹا تو Tigro مجھ سے پہلے ہی دوڑ کر پہنچ گیا تاکہ وہ بھی کوئی تھیلا اُٹھائے۔ تھیلے چونکہ بھاری تھے بیچارہ اُٹھانے سے قاصر تھا۔ میری بیوی نے اس کے جذبات کو دیکھتے ہوئے تھوڑی سی چیزیں ایک چھوٹے پلاسٹک کے تھیلے میں ڈال کر bag اُس کے پٹے کے ساتھ باندھ دیا۔ پیشتر اس کے کہ میں بھاری تھیلوں کو اٹھا کر کار کے boot میں رکھنے کیلئے جاتا Tigro دوڑ کر پہلے ہی پہنچ گیا اور میرے آنے تک بھی بھاگتا رہا۔ میں جب بھی کار کی طرف جاتا۔ میں boot کے قریب پہنچا مگر Tigro دوڑ کر پھر سامان کے پاس پہنچ گیا تاکہ اور سامان بھی اُٹھا سکے۔ اس کے بعد یہ ہمارا معمول ہو گیا جب بھی ہفتہ کے روز مارکیٹ جایا کرتے Tigro کو ضرور ساتھ لے جاتے۔ فرخ اس کے جذبات کا خاص خیال رکھتی اور ایک نسبتاً چھوٹا تھیلا Tigro کے پٹے کے ساتھ باندھ دیا جاتا۔ جب سامان لے کر گھر پہنچتے اور میں کار کے boot سے سامان کے تھیلے نکال کر کچن کی طرف جاتا تو Tigro کی خواہش ہوتی کہ وہ بھی سامان اُٹھا کر ہماری مدد کرے لہذا ایک چھوٹا تھیلا مارکیٹ سے ہم اس کے گلے میں باندھ رکھتے۔ اس باندھے ہوئے تھیلے کی حالت میں ہی کار کی فرنٹ سیٹ پر بیٹھ جاتا۔ جب ہم گھر پہنچتے تو سب سے پہلے میں Tigro کی سیٹ والا دروازہ کھولتا تو وہ چھلانگ لگا کر paito میں جا بیٹھتا مگر گھر کے اندر جانے کی کوشش نہ کرتا تاکہ میں بھی مالکوں کا ہاتھ بٹاؤں۔ اُس کی یہ عادت بھی قابل ستائش تھی کہ جب کبھی Tigro گھر میں ہوتا اور ہم کہیں باہر سے لوٹتے اور kerb پر ہماری کار آ کر کھڑی ہوتی تو وہ بڑی مستعدی سے ہمارا استقبال کرنے کیلئے آ جاتا مگر ہم گیراج کا دروازہ فوراً بند کر دیتے تاکہ وہ اپنی رفتار میں باہر سڑک پر نکل کر کہیں کچلا نہ جائے۔

ایک ہفتہ کے روز فرخ اپنی maid جس کا نام Sonia تھا بغیر Tigro کے اُسی مارکیٹ میں سامان خریدنے گئی اور آتی دفعہ گھر کے قریب جب remote control کا بٹن دروازہ کھولنے کیلئے دبایا تو Tigro دور گھر کے اندر سے back lawn سے دوڑتا ہوا اس رفتار سے آیا کہ اپنے آپ پر کنٹرول نہ کر سکا مین سڑک پر پہنچ گیا۔ بدقسمتی سے اُس وقت ایک تیز رفتار کار نیچے سے Tigro کو چلتے ہوئے گزر گئی۔ فرخ نے Tigro کو جو کہ خون میں لت پت تھا گود میں اُٹھایا اور قریباً تیس میٹر کے فاصلے پر ہمارے گھر والی kerb کے ساتھ ایک Vet کے کلینک میں لے گئی مگر اب دیر ہو چکی تھی۔ Vet کے معائنہ سے پہلے ہی Tigro ہمیں داغ مفارقت دے گیا۔ بس پھر کیا تھا فرخ دردناک حالت میں روتے اس کے مردہ جسم کو ہاتھوں میں اُٹھائے سوگوار گھر لوٹی تو کہرام مچ گیا جیسے کوئی عزیز ترین ہستی ہم سے چھوٹ گئی ہو۔ ہم نے toboggan کے نیچے جہاں وہ زندگی میں بیٹھا رہتا ایک

Marfat.com

صاف اجلی چادر میں لپیٹ کر آبدیدہ آنکھوں سے دفنا دیا۔ کبھی Tigro کی قبر پہ پھول چڑھاتے اور اس سے دل [illegible] اور تھوڑی بہت آئس کریم بھی رکھ دیتے۔ جب کہ وہاں پر موم بتی بھی جلاتے۔ خیر ہم نے تو رو دھو کر چند دنوں بعد صبر کر لیا مگر ہمارے بچے Tigro کی یاد میں کئی ہفتوں تک بلکتے رہے۔

کتوں کے تذکرے پر اس گھر میں دو اور کتوں کی داستان بھی سنتے چلیں۔ ایک Doberman تھی جس کا نام ہم نے "موتی" تجویز کیا علاوہ ازیں Alsatian "کتیا" بنام "جوتی" رکھ لیا اچھے خاصے قد آور تھے مگر ہماری سرزنش سے [illegible] کے lawn میں اکثر رفع حاجت کے عادی ہو گئے۔ گھر کے بنگلے کے باہر kerb پر کوئی شخص گزرتا یا ہماری ملاقات کو آتا تو [illegible] نکالے دور سے بھاگتے ہوئے آتے اور گزرنے والے شخص پر ایسے جھپٹتے جیسے وہ اس کے ٹکڑے کر ڈالیں گے۔ [illegible] جونہی کوئی ہمارا ملنے والا ہمارا گیٹ کھول کر اندر داخل ہوتا تو اس سے ایسے مانوس ہوتے گویا برسوں سے شناسا ہوں۔

موتی والی نسل کے کتوں کی بینائی قدرتی کمزور ہوتی ہے جبکہ وہ مالک کو جسم کی بو سے پہچان لیتے ہیں۔ میرا ایک دوست Luis Hamana جو کہ beer کا رسیا کسی زمانے میں میرا student بھی رہ چکا تھا۔ ہمارے گھر میں اکثر آتا [illegible] موتی اور جوتی اس سے اس قدر مانوس ہو گئے کہ اس کو بھی ہمارے گھر کا ہی ایک فرد سمجھتے اور اس سے بھی اپنے مالکوں کی طرح [illegible] ایک دفعہ کوئی آدھی رات کے قریب Luis Hamana اور میں ایک fiesta سے واپس لوٹے جبکہ Luis نے [illegible] beer پی رکھی تھی اور وہ کار چلانے پر بھی بضد تھا لہذا جب ہم لوگ گھر کے گیراج کے قریب پہنچے تو موتی اور جوتی [illegible] ہوئے آئے جوتی تو خاموش تھی مگر جب میں گیراج کا گیٹ کھولنے لگا تو موتی نے اچانک بڑے خطرناک انداز سے Luis پر [illegible] میں نے بمشکل Luis کو کار میں بند اور جوتی کی سرزنش کرتے ہوئے اسے زنجیر سے اپنی [illegible] ایک grill کے ساتھ باندھ دیا۔ Luis کو گھر کی اوپر والی منزل کے مہمانوں والے کمرے میں سلا دیا۔ [illegible] نے مندرجہ بالا واقعے سے متعلق Vet سے ذکر کیا تو اس نے بتایا جیسا کہ تم جانتے ہو Doberman نسل کے کتوں کی نظر کمزور ہوتی ہے۔ وہ مالک یا اس کے ایسے دوستوں کو جن سے وہ پہلے ہی مانوس ہوں صرف بو سے پہچان لیتے ہیں [illegible] مالک یا اس کے کسی ایک دوست کا جس کو پہلے سے جانتے ہوں behavior بدل جائے۔ Luis [illegible] شراب پیئے ہوئے تھا اور اس سے مانوس بو نہیں آ رہی تھی تو اس پر حملہ کر دیا۔ تمہارا دوست تو خوش قسمت ہے کہ تم نے [illegible] اس کو کار میں محفوظ کر دیا۔ ورنہ اس تگڑے کتے کا نہ صرف Luis بلکہ تمہاری جان کو بھی سخت خطرہ لاحق ہونے کا خدشہ تھا [illegible] اس کے Doberman کو فارغ کر دیں لہذا ڈاکٹر کی ہدایت پر میں نے ایسا ہی کیا اور ایک ملنے والے کو دے دیا۔

بات سے بات نکلتی جا رہی ہے۔ پہلے ہماری ناگہانی مشکلات کا ذکر Tigro کی [illegible] وفات کا تذکرہ علاوہ ازیں کتوں کی ناقدر شناسی بالآخر موضوع پر لوٹنے سے پہلے تین طوطوں کی کہانی پیش خدمت ہے۔

ایک دفعہ ہم نے ایک شہر San Felix جو کہ وینزویلا کی Bolivar State میں دریائے Orinoco کے [illegible] کنارے پر واقع ہے Amazon قسم کے طوطے خریدنے کی غرض سے گئے۔ دریائے Orinoco [illegible] chalana (ferry) پر اپنی کار سمیت سوار ہو کر دوسرے کنارے پر پہنچے جو کہ San Felix کا حصہ ہے۔ [illegible] عمر کے اصل نسل کے دو Amazon قسم کے طوطے خریدے۔ بیچنے والے نے بتایا کہ اس جوڑے میں سے ایک نر اور [illegible] اب راقم نر مادہ کی شناخت بھول چکا اور ایک جنگلی قسم نسبتاً چھوٹی نسل کا جو کہ بڑا ہو کر کسی صورت میں [illegible] نہیں ہوتا خرید لیا۔

Orinoco دریا جنوبی امریکہ کے بڑے دریاؤں میں سے ہے۔ برازیل اور وینزویلا [illegible] Sierra Parima کی ڈھلوانوں سے نکلتا ہوا ایک بڑی کمان کی طرح وینزویلا سے ایک ہزار سات سو میل 2740 کلومیٹر [illegible] بعد Trinidad کے جزیرے کے قریب بحر اوقیانوس میں جا گرتا ہے۔ اس کا کافی حصہ وینزویلا کو سیراب کرتا ہے ما سوائے اس کے جنوب [illegible] وینزویلا کی سرحد ہے معاون شاخوں سمیت جن میں Caroni، Mavaca، Apura، Vichada،

Marfat.com

Meta اور Guarico شامل ہیں۔ یہ دریا جنوبی امریکہ کے دوسرے قابل ذکر دریاؤں میں سے مثال کے طور پر Amazon دریا، دریائے Parana-Paraguay-La Plata اور دریائے Sao Francisco سب سے شمال میں ہے۔ Orinoco خاص طور پر پہاڑوں پر برف پگھلنے سے جنم لیتا۔ اس کا وسیع ڈیلٹا تیزی سے اور وسیع ہوتا جا رہا ہے۔ اس دریا میں گوشت خور مچھلی Piranha کے علاوہ دوسری مچھلیاں laulao، catfish جنکا وزن دو سو پونڈ (90kg) سے زیادہ ہوتا ہے اور Orinoco کا مگرمچھ دنیا کی قسم میں سب سے لمبا بیس فٹ (چھ میٹر) پائے جاتے ہیں۔ دریا کے کنارے پر زیادہ تر مقامی انڈین کے قبائل رہتے ہیں۔ سمندری جہاز بحر اوقیانوس سے دو سو پچیس میل (360 کلومیٹر) کا سفر طے کرتے ہوئے جہاں پر دریائے Caroni اس سے ملتا ہے وہاں تک پہنچ جاتے ہیں۔ اس کے کنارے پر Ciudad Bolivar اور Cudad Guayana مشہور بندرگاہیں ہیں۔

وینزویلا میں چونکہ جنگلی جانوروں خصوصاً پرندوں کی خرید و فروخت کی ممانعت ہے اور اس وجہ سے ایک state سے دوسری state میں پرندے لے جانا خلاف قانون ہے۔ شاہراہ پر جگہ جگہ al-cabala (military checkpoint) ہوتے ہیں اور وہاں گاڑیوں کی چیکنگ کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ انور کی بیوی نے بڑے سلیقے سے طوطوں کے پنجرے کو اپنی ٹانگوں کی اوٹ میں رکھ لیا اور ڈرائیونگ سیٹ پر ان کے ساتھ میں بھی بیٹھا ہوا تھا۔ اپنے گھر Cumaná لوٹے۔

پرندے ابھی چھوٹی عمر کے تھے۔ ان کے پر وغیرہ کاٹ دئے گئے۔ گیراج یا البتہ گھر کے back lawn کے ایک حصے میں جہاں کیاریوں وغیرہ کی صورت میں پودے لگا رکھے تھے ایک جالی سے cover کیا تھا۔ وہاں فاختائیں، بٹیر، فاختائیں اور قمریاں وغیرہ رکھی ہوئی تھیں۔ ان تینوں کو بھی ان میں شامل کر دیا گیا۔ اس مقصد و پرندوں کے قدرتی ماحول کے پیش نظر ایک آزادانہ حفاظتی شدہ پنجرہ تھا۔ جس وقت ہم اس جالی کا دروازہ کھول دیتے تو پرندے گھر کے lawn میں آزادانہ اڑان، پیچھے کے درختوں کی ٹہنیوں پر چہچہاتے پھرتے۔ اپنی مرضی سے اکثر اوقات patio میں بھی آجاتے۔

ہم نے ان کے نام راجہ اور رانی رکھے، اور ایک جنگلی طوطے کا نام "کلو" تجویز کیا۔ کچھ عرصہ بعد یہ تینوں جوان ہو گئے۔ رانی کو باتیں کرنے کی نسبت جلد آگئی، راجہ نے نسبتاً دیر سے باتیں کرنا شروع کیں۔ مثلاً "Como esta" (کیا حال ہے؟) "Que tal" (Spanish میں کیا حال ہے) "Hola" (hello) اور "Venga aca" (ادھر یا میرے پاس آؤ)۔ کلو کوئی باتیں کرنے والی نسل سے نہیں تھا صرف غوں غوں پر اکتفا کرتا اور وہ کوئی ایسی نسل تھی جو درختوں کے سوراخ میں رہائش کے عادی ہوتے ہیں۔ راجہ رانی میں سے ایک قسم باتیں کرنے والی ہوتی ہے جسکو "لورا" کہا جاتا ہے۔ سبز رنگ اور سرخ چونچ جیسے کہ عام طوطے کی شکل ہوتی ہے مگر قد کاٹھ کا بڑا اور اس کے پروں پر آغاز سے جیسا سرخ رنگ نمایاں ہوتا ہے۔

پاکستان میں رہائش کے دوران میرے ایک دوست صلاحیت فنکار نے ایسا ہی طوطا پال رکھا تھا۔ کسی آدمی نے اسے مشورہ دیا کہ طوطے کو مرچ کھانے کو دی جائے اور بعد خوراک دی جائے علاوہ ازیں اسے زیادہ نیند کرنے سے باز رکھا جائے تو جلد باتیں کرنے لگ جاتا ہے۔ جب یہ طوطا بولنے لگ گیا تو وہ باتیں دینے پر اتر آیا۔ اس سے کہا جاتا "میاں مٹھو چوری کھاؤ گے؟" تو کہتا "مجھے بہت بھوک لگی ہے جلدی سے چوری لاؤ۔" ایک دن ایسا ہوا کہ طوطا معمول کے مطابق پنجرے میں بند مگر گھر میں کوئی آدمی موجود نہ تھا۔ ایسے میں ایک راہگیر جو پیاسا پانی پینے کی غرض سے دروازے پر کھڑا اچانک رہا تھا کہ کوئی آدمی نظر میں آجائے تو اس سے پانی طلب کروں۔ اچانک اسے راہگیر کو عجیب قسم کی آواز سے کہا گیا "اگر پانی پینا مطلوب ہے تو اندر آکر گھڑے سے پانی پی لو اور جلدی سے چلتے بنو۔" راہگیر کو اس آواز نے حیرت میں ڈال دیا۔ یہ آواز بڑی عمر کی تو کیا بچے کی آواز سے بھی مختلف ہے۔ یہاں سے گزرتے جبکہ گھر میں کوئی آدمی بھی موجود نہیں۔ اندر پانی کے برتن (گھڑے) تک پہنچا تو صحن کے ایک کونے میں طوطا کہہ رہا تھا "جلدی سے پانی پی کر چلے جاؤ ورنہ کوئی تمہیں چوری کے الزام میں پکڑ لیگا۔ یہاں کھڑے کھڑے میرا منہ کیا دیکھ رہے ہو۔"

صبح ناشتے کے وقت جب ہم لوگ ناشتہ کر رہے ہوتے تو خراماں خراماں چلتے "راجہ" یا "رانی" میرے کندھے پر یا ان میں سے ایک فرش سے کاندھے پر آ بیٹھتا اور لاپرواہی چوروں باتوں کی رٹ لگائے رکھتے جبکہ کلو کبھی میری پتلون کے ایک پائنچے میں

Marfat.com

داخل ہو جاتا کبھی دوسرے میں اس عمل کے دوران میرا پیچھا نہ چھوڑتا۔ فرخ کے گلے سے چمٹ کر اس کی قمیض کے اندر داخل ہونے کو کوشاں رہتا ادھر Tigro جو نیچے بیٹھا ہوتا راجہ، رانی گلو اس کی پشت پر سر پر اور جب کبھی وہ کھانے میں مصروف ہوتی تو اس کے منہ سے بسکٹ پر بھی چونچ مار دیتے۔

وقت معمول کے مطابق اپنی مخصوص رفتار سے گزرتا رہا راجہ، رانی نے تو باقاعدہ جوان ہونے پر پر نکال لئے اور اڑتے اور نہ صرف ہمارے درختوں پر چکر لگاتے۔ سادگی اور شرافت کے پیکر میں گھر کے لان پر ہی اکتفا کرتے۔ گلو ہر وقت کسی چیز میں چھپنے کی کوشش میں لگا رہتا جب راجہ، رانی کو پکارتے تو نجانے کہاں سے آ جاتے البتہ شام کو ہم انہیں کمرے میں بنے پنجرے میں جس کا دروازہ پہلے ہی کھولا جا چکا ہے حفاظت کے خیال سے بند کر دیتے۔

ایک ہمارا Canadian دوست Dr. Max Robinson جو کہ Montreal (Canada) کا رہنے والا اور ہماری یونیورسٹی میں Quantum physics کا پروفیسر تھا۔ اپنے چند دوستوں کو جن میں دو خواتین بھی تھیں ساتھ لے کر ہماری ملاقات کیلئے آیا جبکہ میری بیٹی غازیہ، فرخ اور راقم گھر کے back lawn میں آموں کے درختوں کے سائے میں بیٹھے ہوئے تھے۔ انہیں بھی وہاں گارڈن چیئرز پر بٹھا دیا گیا۔ ایسے میں راجہ، رانی، گلو اور Tigro میزبانوں میں شمولیت کے انداز سے وارد ہوئے۔ ہمارے مہمانوں میں سے ایک نے کہا کہ آیا ان طوطوں کے پر کٹے ہوئے ہیں؟ ہم نے کہا "نہیں تو شوق سے انہیں رکھا ہوا ہے"۔ آپ نے ذرا ہاتھ ہلایا راجہ، رانی تو پھر سے اڑ کر پڑوسیوں کے درختوں پر جا بیٹھے اور گلو اپنی کارگزاری میں۔ ان میں سے ایک خاتون نے گھبرانے کی بجائے نہایت آہستگی اور پیار سے تھپکاتے ہوئے باہر نکال لیا کہ گرمجوشی میں Dr. Robinson کی پتلون کے پائنچے میں داخل ہو گیا۔ اسی اثنا میں مہمانوں کی مدارت کے سلسلے میں کافی اور کچھ دیگر خورد و نوش کے لوازمات فرخ اور غازیہ اندر سے لے آئیں۔ ہم لوگ کھانے پینے اور گپ شپ میں مصروف تھے کہ راجہ، رانی پھر سے آ کر میرے کاندھے پر براجمان ہو گئے۔ میں نے ان کی تواضع ان کے من پسند بسکٹوں سے کی۔ Tigro کو کھانے کیلئے بسکٹ اور دیئے گئے جبکہ گلو بھائی کھانے کا زیادہ شوقین نہیں تھا۔ اس کی تمام تر جستجو چھپنے کی غرض سے "گھر" کی ہوتی۔ جانے سے پہلے دوسری خاتون نے ہماری اجازت سے پرندوں اور ہمارے ساتھ تصویر بنائی اور خصوصاً پرندوں کی حیرت انگیز اور دلچسپ طور طریقوں سے محظوظ ہوتے ہوئے چلے گئے۔

اب ہماری بدقسمتی کا دورانیہ کچھ اس طرح شروع ہوا کہ ہمیں اپنے "پیر صاحب" کی وفات کی جو خبر پاکستان سے پہنچی چند ہفتوں کے بعد Tigro مر گیا۔ ایک صبح بیچارے گلو کے بکھرے ہوئے پر ملے جو کسی جنگلی بلی کے منہ کا نوالہ بن گیا۔ اسی طرح کچھ دنوں کے بعد "راجہ غائب" ہو گیا اور رانی بھی داغ مفارقت دے گئی۔

امر سنگھ

ایک سکھ ڈاکٹر امر سنگھ جو Physics میں Ph. D. تھا۔ اسی یونیورسٹی کے سائنس سکول کے Physics dept میں ریسرچ کرتا اور کلاسیں دیتا۔ اس کے پاس کرایہ شدہ apartments جو کہ ہمارے گھر سے کوئی دس منٹ کی drive پر واقع تھے۔ اس نے کئی مواقع پر پیشکش کی کہ ان نامساعد حالات میں بچوں اور خواتین کو میرے پاس بھیج دیں۔ میں اس کی کشادہ دلی و خلوص دل سے شکریہ ادا کرتا اور انکار کر دیتا۔ اب چونکہ ہماری مشکلات میں دن بدن اضافہ ہو رہا تھا حالات نہایت ہی پراگندہ ہو چکے۔ ان مصائب و آلام سے چھٹکارے کی کوئی صورت نظر نہ آ رہی تھی۔ اس سلسلے میں اسی دن میں اس کے پاس گیا اور وہ نہایت خوش دلی سے رضامند ہو گیا۔ اس نے اپنے رہائشی کمروں کے علاوہ اس کے flat میں دو کشادہ کمرے جن میں فرنیچر وغیرہ نہیں تھا۔ اس کا مطلب یہ تھا کہ ہمیں کچھ mattress، تکیے، چادریں، تولیے، اور linen وغیرہ وہاں لے جانے پڑنے تھے۔

یونیورسٹی کے فائر بریگیڈ کے آفیسر بنام Jose Luis Naviera جو کہ میرا سٹوڈنٹ بھی رہ چکا تھا ٹیلیفون کیا کہ مجھے ٹرانسپورٹ کی ضرورت ہے۔ کوئی ایک گھنٹہ میں وہ firemen اور ایک پک اپ لے کر آن پہنچا۔ ہم نے تمام ضروری اشیاء پک اپ پر لادیں۔ ڈاکٹر صادق، خواتین اور بچے انور کے ساتھ Maverick میں بیٹھ کر روانہ ہو گئے۔ باقی تمام لوگ گھر میں ہی رہے۔

Marfat.com

میں نے انور کو تاکید کی کہ وہ دور دراز کے پیچیدہ راستوں سے ہوتے ہوئے اُس کے اپارٹمنٹ میں پہنچ جائیں تاکہ کسی غیر کو ہماری نئی منزل کا پتہ نہ چل سکے لہٰذا انہوں نے میری ہدایات کے مطابق عمل کیا البتہ راستے میں انور کار کے retrovisor میں سے دیکھتا رہا کہ کوئی مشکوک کار تو ہمارا پیچھا نہیں کر رہی۔ تھوڑی دیر تک ایک پرانی Buick پیچھے رہی مگر مذکورہ flat کو مڑنے والی سڑک سے پہلے El Indo (roundabout کا نام) سے دوسری طرف مڑ گئی۔ انہوں نے تقریباً آدھ گھنٹے میں تمام سامان فلیٹ میں پہنچا دیا۔ انور نے firemen کو تاکید کی کہ کسی کو کانوں کان خبر نہ ہونے پائے کہ ہمارے گھر والے کہاں جا رہے ہیں۔ انہوں نے تسلی بخش جواب دیا "ہم آپ کی صورتحال سے اچھی طرح واقف ہیں۔ آپ بالکل بے فکر رہیں۔"

[illegible] کی بیوی نے خوش اخلاقی سے آؤ بھگت کی اور ہمارے گھر والوں کو ہر قسم کی سہولیات میسر ہیں۔ جب انور وہاں سے چلا آیا تو فرخ نے رونا شروع کر دیا انور نے اسے تسلی دی اور کہا کہ اللہ پر بھروسہ رکھو جو کچھ ہو چکا ہے اس سے برا وقت نہیں ہوگا انشاء اللہ۔

بدقسمتی سے مذکورہ flat کی بلڈنگ ابھی ابھی مکمل ہوئی تھی لہٰذا ٹیلیفون کی سہولت میسر نہ تھی تاہم اپنے خاص دوست کے ہمسائے کے پاس ٹیلیفون موجود اور قریب ہی رہائش پذیر تھا، پیغام رسانی کا سلسلہ جوڑا۔ بعض اوقات ضرورت کے تحت میں اُس سے خیریت پوچھتا۔ اسی طرح وہ [illegible] سے flat میں جا کر احوال پوچھ لیتا اور مجھے جواباً فون پر باخبر کر دیتا یا فرخ اُس کے flat میں جا کر سب احوال پوچھتی اور وہاں سے ہی ٹیلیفون کر دیتی۔

دوپہر کا کھانا کھانے کے بعد کا وقت تھا۔ ذہنی طور پر اپنی، اپنی ڈیوٹی پر جانے کیلئے کوئی تیار نہ تھا۔ میں نے Fuchu کو گھر کے فرنٹ لان کی حفاظت کیلئے متعین کر دیا اور باقی ہم سب لوگ بیک لان میں اکٹھے ہو گئے۔ یہ وہ وقت تھا جیسا کہ لاطینی امریکی ممالک میں لوگ *siesta* (قیلولہ) کرنے کے عادی ہوتے ہیں۔ یہ قیلولہ ذرا طویل ہوتا ہے اس کا موسم کے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔

ایک aluminium کی folding سیڑھی تھی جو کہ ان ممالک میں روزمرہ کے استعمال کے لیے ضروری Item ہے میں نے فرنٹ لان میں لا رکھی تاکہ اس پر چڑھ کر میں اوپر چھت پر جا کر ادھر اُدھر کا جائزہ لے سکوں۔

دراصل ہم خوف زدہ ضرور تھے مگر یہ فیصلہ بھی اٹل کہ جو کچھ ہماری قسمت میں لکھا ہوا ہے وہ بہرصورت ہو کر رہے گا اس دہشت گردی سے دو دو ہاتھ [illegible] ختم ہوتا تھا۔ چھوٹو، انور اور میں تو اس کھیل میں براہ راست الجھے ہوئے تھے مگر Ramon اور Garcia کی حیثیت ثانوی حیثیت اور حالات کا شکار تھے۔ یہ الگ بات ہے کہ وہ ہمارے ذاتی ملازم تھے اور Fuchu ایک سرکاری ملازم state کی طرف سے مقرر کر دیا گیا البتہ ایک قانونی شق تھی جس کا تعلق Ramon اور Garcia کے status سے تھا۔ بلاشبہ وہ ہمارے payroll پر تھے اور ہمارے لئے وہ ہر خطرات مول لینے کیلئے تیار مگر ان کے پاس اسلحہ لائسنس بغیر رکھنا جرم تھا۔ ان کی قانونی حیثیت دینے کے لئے میں نے پولیس کو اطلاع دی کہ ہمارے پاس دو ذاتی محافظ ہیں جو ہماری حفاظت پر مامور ہیں اور اس لئے ان کے پاس اسلحہ بھی ہوتا ہے مگر ان کے دوسرے سرے پر پولیس انسپکٹر نے میری طرف کوئی خاص توجہ نہ دی اور کہا کہ کوئی بات نہیں اگر ان کے پاس کوئی اسلحہ ہے تو جب تک وہ اسلحہ تمہاری حفاظت کے لئے استعمال میں لایا جاتا ہے ان کے پاس اسلحہ کے اجازت نامہ ہونا یا نہ ہونا کوئی مسئلہ نہیں۔

میری پولیس انسپکٹر کی دلیل سے تسلی نہ ہوئی اور میں خود اُس کے پاس پولیس اسٹیشن چلا گیا۔ وہی انسپکٹر جس نے مجھے ٹیلیفون پر جواب دیا مجھے اپنے دفتر میں ملا اور کہنے لگا کہ نہ صرف پولیس چیف بلکہ سٹیٹ اتھارٹی کے پیش نظر اسلحہ کے اجازت نامہ کی ایسی خاص اہمیت نہیں۔ میری پھر بھی تشفی نہ ہوئی میرے زیادہ اصرار کی وجہ سے میں نے محسوس کیا جیسے اُس کے صبر کا دامن چھوٹ رہا ہو۔ میرے پاس سوائے اس کے کوئی چارہ نہیں تھا کہ میں اُس کے الفاظ پر یقین کر لوں۔ اُس کا شکریہ ادا کیا اور گھر واپس لوٹ آیا۔

Ramon اور Garcia دونوں بڑے خوش تھے کہ انہیں سرکاری طور پر اسلحہ پاس رکھنے کی اجازت مل گئی مگر میں نے انہیں بار بار تلقین کی کہ یونہی بے گناہ لوگوں کی جان کے درپے نہ ہو جانا۔ Ramon کو گھر سے باہر کی ڈیوٹی سے سبکدوش کر دیا گیا اور اسے صرف گھر کے اندر ہی رہنے کی ہدایت کی جس کا مطلب یہ تھا کہ چھوٹو اپنی مخصوص جگہ چھت پر رہیگا جبکہ Garcia اپنی جگہ

Marfat.com

اندری ایریا میں بیک لان کے اندر Fuchu فرنٹ لان کی طرف دھیان دے گا۔ Ramon انور اور میں گھر کے اندر مختلف کمروں میں ادھر اُدھر کھڑکیوں سے حسب ضرورت اور موقع محل کے مطابق جھانکتے رہیں گے۔ تین چار دفعہ فون کی گھنٹی بجی تو لائن کے دوسرے سرے پر فرخ نہایت پریشانی اور تشویش کے زیر اثر نئی صورت حال کے متعلق دریافت کرتی رہی اور بار بار منت سماجت اور التجاؤں سے خدا کے واسطے دیکر کرتی رہی کہ خون خرابہ نہ ہونے پائے۔ ہم اپنے ہاتھ کسی کے خون سے رنگنے سے گریزاں تھے مگر حالات بڑی بے رحمی سے ہمیں اس موڑ پر لئے جا رہے تھے حالات کی ڈوری آہستگی سے ہمارے ہاتھوں سے سرک رہی تھی جیسے ہمارے اختیار میں کچھ نہ رہا ہو۔ بعد از دوپہر چار بجے تک حالات پرسکون رہے مگر آئندہ حالات پر فکرمندی سے غور کرتے رہے اور جیسا کہ قانون فطرت ہے کہ سکوت کسی بڑے طوفان کا پیش خیمہ ہوتا ہے۔ ہماری چھٹی حس ہمیں بار بار دل کے کواڑوں پر دستک دے رہی تھی کہ آج رات کسی غیر معمولی واقع پیش آنے کی توقع ہے۔

میں نے اپنے ایک Gringo دوست Tom Curry دبلا پتلا چھ فٹ سے زیادہ قد اور نہایت ہی مخلص دوستوں میں سے تھا اور مغربی ممالک کے باشندوں کی طرح ہر فن مولا (ضمیمہ 131 A) کو ٹیلیفون کیا اور اپنے خدشات اور تکلیف دہ صورت حال کا اظہار کیا کہ اگر آج رات ناخوشگوار واقع پیش آیا تو اس کا تدارک کرنا لازمی امر ہے۔ ممکن ہے مجھے جسمانی نقصان پہنچ جائے یا میں کام آ جاؤں۔ ان حالات کے پیش نظر میں نے اُسے اپنی بیمہ پالیسیوں اور بنک اکاؤنٹس نمبر لکھوا دیئے اور ساتھ ہی اس پر اعتماد کرتے ہوئے جہاں اپنی estate کے ضروری کاغذات سنبھال کر رکھے ہوئے ہیں کے متعلق بھی آگاہ کر دیا۔ اس نے مجھے حوصلہ دیتے ہوئے کہا:

''پیر تم تو شیر ہو، یہ شیروں کی جنگ ہے تمہارے دشمن روبرو ہونے کی کبھی جرات نہیں کریں گے۔ ان کا مقصد تمہیں یا تمہارے عزیز و اقارب کو جسمانی نقصان پہنچانا ہوتا تو اُن کے پاس بڑے مواقع تھے وہ صرف نفسیاتی جنگ کر رہے ہیں تا کہ تم مستقل طور پر نفسیاتی و ذہنی دباؤ کا شکار رہو۔'' وہ اس بات پر مصر تھا کہ ان تمام سرگرمیوں کے پس پشت تمہارے لینڈ لارڈ کا ہاتھ ہے۔ اس میں اتنی اخلاقی جرات نہیں کہ وہ تمہیں مکان خالی کرنے کی صاف صاف ترغیب دے اور یہ نکتہ ذہن میں رکھو کہ لاطینی امریکہ میں کسی پراپرٹی کو خالی کرنے کیلئے عجیب و غریب حربے استعمال میں لائے جاتے ہیں یہاں تک کہ کسی کو معمولی جسمانی نقصان پہنچانے سے بھی دریغ نہیں کرتے۔ اُس کا یقین محکم تھا کہ وہ لوگ میرے اہلخانہ یا مجھے کسی قسم کا نقصان جسمانی پہنچانے کا ارادہ نہیں رکھتے کیونکہ میں نے نہ صرف وینزویلا بلکہ بین الاقوامی scientific community میں اپنی نشر و اشاعت کی وجہ سے ایک مقام پیدا کر لیا تھا۔ اس کی حوصلہ افزائی کا میں نے خلوص دل سے شکریہ ادا کیا اور اُس سے ملتجی ہوا کہ اگر مجھے کچھ ہو گیا تو وہ مہربانی کر کے میرے اہل خانہ کا خیال رکھے۔

اسی شام کوئی سات بجے دو نوجوان scooter سواروں نے ہمارے گھر والے بلاک کے ارد گرد چکر لگائے اور گھر کی سامنے والی سڑک پر سکوٹر کھڑا تو نہ کرتے البتہ اپنی رفتار ضرور ہلکی کر لیتے۔ شکل و شباہت سے مشکوک نظر نہ آتے تھے۔ انور کا خیال تھا کہ اُن میں سے ایک ہماری یونیورسٹی میں زیر تعلیم ہے اور وہ اپنی گرل فرینڈ جو کہ ہمارے گھر سے پچھلی گلی میں رہائش پذیر ہے، سے راز و نیاز کیلئے آتا ہے۔ انور کی یہ دلیل میرے دل کو نہ لگی۔ انہوں نے بلاک کا ایک اور چکر لگایا۔ ہمارے گھر کے سامنے سکوٹر کی رفتار کم کرتے ہوئے اتر کر ہمارے گھر کے سامنے والی kerb پر اطمینان سے چلتا ہوا اپنی گرل فرینڈ کے گھر میں داخل ہو گیا تو انور کا دوست نکلا۔ وقت کے ساتھ ساتھ فضا بتدریج مکدر ہوتی گئی۔ معمولی آہٹ پر کان کھڑے ہو جاتے اور اعصاب تن جاتے۔

رات گیارہ بجے کے قریب چھت پر سے چھوٹو نے سگنل دیا۔ میں دبے پاؤں آہستگی سے living-room کے دامن سے دروازے کی جانب بڑھا جس کے مختلف کواڑ بند تھے مگر مقفل نہ تھا جبکہ Fuchu، living-room کی کھڑکی سے گھر کے سامنے والے لان اور side alley کا کچھ حصہ جو کہ ائرپورٹ کی طرف نظر میں رکھے ہوئے تھا۔ جونہی میں نے دروازہ کھولا، چھوٹو رینگتا ہوا چھت کی منڈیر پر آیا اور اپنی گردن جھکاتے ہوئے رازداری سے گویا ہوا کہ مچھیروں کے گاؤں سے ساحل سمندر کے قریب کسی نے ٹارچ سے کئی بار روشنی ڈالی ہے۔ ایک کار جو کہ مین روڈ پر پارک ہے۔ اُس نے headlights کو متعدد بار روشن کیا اور بجھایا جیسے خفیہ پیغام رسانی کا سلسلہ جاری ہو۔ میں نے چھوٹو کو مشورہ دیا کہ اس قسم کی حرکات پر توجہ دینے کی بجائے تمہارا اصل کام یہ ہے کہ جو بھی

Marfat.com

جب تک قریب آ کے اس پر فائر کر دینا اور دوبارہ تاکید کی بلا جواز فائر کرنے کی ضرورت نہیں بلکہ موقع کے مطابق عقل استعمال کرو۔ وہ ہدایات دے کر دوبارہ اپنی پوشیدہ جگہ میں روپوش ہو گیا بہر حال یہ خبر میں نے دوسرے لوگوں تک پہنچا دی۔ فرخ نے دوبارہ ٹیلیفون کیا جبکہ میں نے یقین دلاتے ہوئے بتایا کہ تا حال حالات قابو میں ہیں تم آرام سے سونے کی کوشش کرو اور دوبارہ ٹیلیفون کی زحمت نہ اٹھاؤ۔ میں صبح خود تمہیں ٹیلیفون کروں گا (ضمیمہ B 131)۔

ایک بجے رات کے قریب بادل چھانے لگے ہوا بھی تیز ہو گئی۔ میں نے Ramon کو سگنل دیا کہ وہ گھر کی پناہ میں آ جائے Garcia اپنی جگہ پر تھم کر رہنے پر بضد رہا۔ بجلی کی چمک اور رعد کی ہولناک دھاڑ کے ساتھ بارش نے پھر آن گھیرا۔ اب Ramon نے یہ واپس لوٹنے کے سوا کوئی چارہ نہ رہا۔ ہم تمام لوگ living-room میں بیٹھے اونگھ رہے تھے ہر ایک پر نیند غالب آ رہی تھی۔ میں نے انہیں چار گھنٹے سو جانے کا مشورہ دیا جبکہ خود جاگتے رہنے کا فیصلہ کر لیا۔ صبح پانچ بجے ٹیلیفون کی گھنٹی بجی تو اہلیہ کے دوسرے سرے پر فرخ خیر و عافیت پوچھ رہی تھی۔ میں نے اسے تسلی دی اور بتایا رات کوئی غیر معمولی واقعہ رونما نہیں ہوا صرف طوفانی بادو باراں کی وجہ سے پریشان ہو کر ہم شکار رہے۔

میں نے اور وہ ڈاکٹر امر سنگھ کے flat میں بھیجا جہاں ہمارے اہل خانہ ٹھہرے ہوئے تھے تاکہ دریافت کر سکے کہ ان کو کسی چیز کی ضرورت تو نہیں۔ کافی دیر کے بعد انور واپس لوٹا اور کہنے لگا کہ وہ سکھ ڈاکٹر غیر مناسب سلوک کر رہا ہے جو کہ ایک اقلیم یافتہ انسان کے شایان شان نہیں۔ وہ ہمارے اہل خانہ کی موجودگی والے آپ پر بوجھ سمجھ رہا ہے اگرچہ اس کی بیوی بھی حالات کی سنگینی سے آگاہ ہے اور ضرورت سے زیادہ ہمارے اہل خانہ کی دیکھ بھال کر رہی تھی۔ ہم سکھ ڈاکٹر پر کوئی بوجھ تو نہ تھے سوائے اس کے کہ ہم اس کے flat کے دو کمرے استعمال کر رہے تھے جبکہ ان کمروں میں استعمال کیلئے ہم اپنا ہی سامان گھر سے لے گئے۔ دو ہفتوں کیلئے کھانے پینے کا سامان خرید کر فرخ نے صرف اپنا بلکہ ڈاکٹر امر سنگھ کے خاندان کیلئے بھی کھانا پکاتی۔ اس سکھ ڈاکٹر کے ناروا سلوک پر مجھے حیرت نہ ہوئی کیونکہ اس کی گھٹیا عادات کا اس کے department کے دوسرے ساتھیوں کو بھی علم تھا۔ حقیقت تو یہ تھی کہ وہ نہایت نچلے درجے کے خاندان سے تعلق رکھتا۔ وہ Ph. D تو کر گیا مگر احساس کمتری نے اس کا پیچھا نہ چھوڑا اور حسد کا عنصر تو اس کی گھٹی میں پڑا تھا جب بھی وہ کسی کا اچھا ہوتا دیکھتا تو حسد کی آگ میں جلتا رہتا۔

اس سکھ کے متعلق ایک کہانی مشہور تھی وینزویلا کا ایک رہائشی بنام Aveledo جو اس کے ساتھ Amsterdam, Holland میں اس کے ساتھ پڑھائی ختم کرنے کے بعد Universidad de Oriente میں آ کر فزکس ڈیپارٹمنٹ کا Head مقرر ہوا تو اس Indian سکھ نے نہ صرف Aveledo سے بلکہ اہل خانہ سے بھی اچھے تعلقات استوار کر لئے۔ تقریباً ہر ایک weekend پر ڈاکٹر امر سنگھ Aveledo کو اپنے flat میں مدعو کر کے شراب وغیرہ سے تواضع کرتا اور بڑے گہرے دوست بن گئے۔ جونہی Aveledo نے ڈیپارٹمنٹ کے ہیڈ کی پوزیشن چھوڑی تو ڈاکٹر امر سنگھ نے نہ صرف Aveledo سے تعلقات منقطع کر لئے بلکہ اس سے بول چال ہی بند کر دی۔ ممکن ہے کہ ان دونوں کے درمیان کسی چپقلش کی بناء پر تعلقات خراب ہو گئے ہوں مگر جو بھی ڈیپارٹمنٹ کا Head مقرر ہوا تو اس سے بھی یہی رویہ اپنایا جس دن سے ڈیپارٹمنٹ کے نئے Head نے چارج سنبھالا تو یہ سکھ ڈاکٹر صاحب جونک کی طرح چپک گئے ہر وقت یہ دونوں اکٹھے پائے گئے "یک جان دو قالب" وہی روایتی دوستی کی علامت کے طور پر اسے اور اس کی بیوی کو weekends پر گھر بلا کر خاطر مدارت سے نوازتا جس دن سے دوسرے شخص نے ڈیپارٹمنٹ کے Head کی نئی پوزیشن سنبھالی تو گرگٹ کی طرح سکھ ڈاکٹر نے رنگ بدلا اور نئے Head کی چاپلوسی میں لگ گیا۔ لطف کی بات یہ ہے کہ ان دونوں کے flats ایک ہی بلڈنگ میں تھے سکھ ڈاکٹر صاحب سکڑ سمٹ گئے اور ان دونوں کے درمیان کوئی رابطہ نہ رہا۔

ایک دفعہ ہم ایک اور area میں رہائش جو کہ یونیورسٹی کے قریب تھا جس کا پہلے ذکر کیا جا چکا ہے تو ہمارے گھر کے سامنے ایک Trinidad & Tobago کا رہنے والا ڈاکٹر علی خان، جس نے کیمسٹری میں .Ph. D کی ہوئی تھی ہمارے والی یونیورسٹی میں ملازم ہوا اور اس کا ڈیپارٹمنٹ میرے ڈیپارٹمنٹ سے دو منزلیں نیچے واقع تھا۔ ڈاکٹر علی خان ہمارے گھر کے سامنے آ کر یونیورسٹی کے بنگلے میں رہائش اختیار کر لی۔ اس کے ساتھ ہمارے خاندانی حد تک راہ رسم و تعلقات قائم ہو گئے۔ سکھ اور علی خان کی دوستی اس حد تک

Marfat.com

پہنچی کہ یہ جڑواں بھائی لگتے۔ ایک ماں کی کوکھ سے اکٹھے وارد ہوئے ہوں مگر ان کے تعلقات بھی زیادہ دیر تک نہ چل سکے اور دوستی دشمنی میں اس حد تک بدل گئی کہ بول چال ہی بند ہو گئی۔

بہرحال ان حالات کے پیش نظر میں نے انور کو مشورہ دیا کہ فوراً اپنی اہلیہ کو سامان کے ساتھ لے کر flat سے واپس گھر لے آؤ۔ اسی دن میں نے یونیورسٹی کے fire brigade کی خدمات حاصل کیں اور اسی شام ہمارے اہلِ خانہ واپس گھر لوٹ آئے۔ ہمیں اس اذیت ناک دوری سے تو نجات ملی اور سکھ صاحب کی غیر شائستہ حرکات سے چھٹکارا نصیب ہوا۔

کاروں کی شناخت

دن گزرتے گئے حتیٰ کہ صبح آ گئی یہ وہ دن تھا۔ جب ہمارا آدمی Sixto Andrade نیلی قمیض اور سفید پتلون میں ملبوس جیسا کہ اوپر بیان کیا جا چکا ہے، نے اپنی نشاندہی کراتے ہوئے اس bomba کے قریب ٹہلنا تھا تاکہ ایک یا متعدد کاروں کی نمبر پلیٹ نوٹ کر لے جن کی طرف Compaito نے اشارہ کرنا تھا۔ Andrade اور Compaito کی آپس میں کسی قسم کی شناسائی نہ تھی جس کی وجہ سے Compaito ہماری پلاننگ کو سبوتاژ نہ کر سکتا۔

دوپہر کے وقت میں نے Ramon کو bomba پر بھیجا تاکہ Andrade کی خبر تو لائے۔ اس نے واپس آ کر بتایا کہ Andrade تو وہاں گھوم پھر رہا تھا جبکہ Compaito شراب پینے میں مصروف اور بڑی بیتابی سے parking lot کی طرف دیکھ رہا تھا جو کہ Avenida Universidad اور ریسٹورینٹ کے درمیان واقع ہے لہٰذا تاحال سب کچھ ہماری پلاننگ کے مطابق ہو رہا تھا۔ جب میں اپنے آدمی Andrade سے کسی خبر کے انتظار میں گھڑیاں گن رہا تھا۔

ہمارے آدمی Andrade کی طرف سے جو کہ bomba پر متعین تھا۔ کوئی خیر خبر نہ آئی ماسوائے Ramon کے جس نے bomba سے کچھ خبر فراہم کی۔ ہم تمام لوگ شام کے کھانے کے لیے dining table پر اکٹھے ہوئے۔ چند دن خاموشی سے گزر گئے کوئی غیر معمولی واقعہ رونما نہ ہوا۔ ہمارے دشمنوں کے کیا ارادے ہو سکتے ہیں؟ ہم میں سے ہر ایک اندازے لگانے میں مصروف اور بدستور قیاس آرائیوں کی دلدل میں پھنسا ہوا تھا کیونکہ "Faceless enemy" ("دشمن بغیر چہرے کے") سے مدمقابل تھے جو کچھ بھی ہو سکتا تھا۔ Ramon نے ایک شخص کو گھر کے فرنٹ ڈور کی طرف آتے دیکھا اور مجھے اشارہ دیا۔ میں نے living-room کی کھڑکی میں سے دیکھا تو ہمارا آدمی Andrade تھا چونکہ ہم تمام مسلح تھے اور 24 گھنٹے اسی حالت میں رہتے، وہ اندر آنے کے لیے ہچکچاہٹ کا اظہار کر رہا تھا میں نے دروازہ کھولا اور اس کو اندر بلا لیا۔

Andrade نے مجھے ایک کاغذ کا ٹکڑا تھمایا جس پر تین کاروں کی نمبر پلیٹیں لکھی ہوئی تھیں مگر ہم کسی نتیجہ پر نہ پہنچے۔ اس نے مجھے مزید کہا کہ جب Compaito ان کاروں کی طرف مجھے اشارے کر رہا تھا نہایت مضطرب کیفیت سے دوچار رہا۔ اس بات سے میں نے محسوس کیا کہ بلاشبہ Compaito ان کاروں کے مالکان سے بخوبی واقف ہے۔ Andrade نے مجھے یقین دلایا کہ وہ بھکاریوں کے سے انداز میں ادھر ادھر گھومتا رہا اور کسی کی نظر میں بھی مشتبہ نہیں تھا۔ پیشتر اس کے کہ Andrade وہاں سے رخصت ہوتا Compaito اس سے پہلے ہی اٹھ کر چلا گیا۔ میں نے Andrade سے پوچھا کیا وہ بوقت ضرورت کاروں کے مالکان کو شناخت کر سکتا ہے؟

"میں نے اس سے پہلے انہیں کبھی نہیں دیکھا البتہ ضرورت پڑنے پر یقیناً پہچان لوں گا۔" میں نے انور سے Andrade کو اس کے گاؤں چھوڑ کر آنے کی ہدایت کی مگر اس نے یہ کہتے ہوئے انکار کر دیا۔

"آپ لوگ پہلے ہی قیامت جیسے سنگین حالات سے دوچار ہیں۔ رات کی تاریکی میں انور بھائی کا باہر نکلنا قطعی مناسب نہیں کیونکہ ممکن ہے دشمن ایسے میں کہیں گھات لگائے بیٹھا ہو اور تمہارے بھائی انور کے ساتھ اگر میں دیکھا گیا تو وہ لوگ میری جان کے بھی درپے ہو جائیں گے اور ان لوگوں کا ہدف بن جانے سے میرا انجام بھی برا ہو سکتا ہے۔ میں نے اسے چھوڑ دیا وہ یہ وعدہ کر کے چلا گیا کہ ضرورت ہوئی تو اپنی خدمات پیش کرنے حاضر ہو جاؤں گا۔

Marfat.com

رات کے اس وقت پولیس سٹیشن پر جانے کا کوئی فائدہ نہ تھا کیونکہ ٹریفک انسپکٹر کا دفتر چھ بجے شام بند ہو جاتا لہذا میں نے فیصلہ کیا کہ صبح دم پہلا کام یہی کرونگا۔ ہم کھانا کھانے کے بعد رات کیلئے اپنی اپنی ڈیوٹی پر متعین ہو گئے کوئی حادثہ پیش نہ آیا اور صبح کے وقت پولیس سٹیشن گیا انہوں نے ٹریفک انسپکٹر سے ملنے کی ترغیب دی جو شخص میرے کام کی نوعیت کی deal کر رہا تھا۔ اُس نے یہ کہہ کر میری بات سننے سے انکار کر دیا کہ جب تک پولیس سے مجھے اجازت نہ مل جائے میں ان معاملات میں دخل اندازی سے معذور ہوں۔ جب تک پولیس کی technical برانچ P.T.J (*Policia Tecnica Judicial*) سے حکم نہ ہو لہذا میں نے مایوسی کی حالت میں P.T.J کے محکمہ کی طرف رجوع کیا۔ وہاں recepcionista (receptionist) نے مجھے مطلع کیا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ معاملہ اسی محکمہ سے ہی متعلق ہے مگر بدقسمتی سے Jefe (Boss) اس وقت موجود نہیں۔ بجائے اس کے کہ یہ معاملہ کل پر چھوڑ دیتا میں نے وہاں پر ہی آفیسر کے انتظار کو ترجیح دی قریباً دو گھنٹے کے بعد خدا خدا کر کے Jefe آ ہی گیا۔ وہ نہایت نفیس انسان ثابت ہوا۔ پتہ چلا کہ وہ ہمارے حالات و واقعات سے بخوبی واقف تھا اور ہمارے حالات سے اُسے دکھ ہوا۔ میری ہمارے نمبرات کے ساتھ موجودگی اس کیلئے باعث تقویت تھی اس نے نہایت ہمدردانہ لہجہ میں بتایا کہ اب ہم لوگ صحیح راستے پر آگئے ہیں اور پرجوش انداز میں یقین دلایا کہ فوراً proper channels سے یہ اطلاع transit انسپکٹر کو بھیج دے گا۔ بلکہ میری موجودگی میں ہی حالات کی سنگینی کے پیش نظر اس پر عمل درآمد کر دیا۔ اس کے دفتر سے رخصت ہونے سے قبل دوبارہ درخواست کی کہ مہربانی کر کے جتنی جلدی ہو سکے ہمارے دشمنوں کے اقدام کا سدباب کیا جائے جبکہ اُس نے یقین دھانی کرائی کہ مجھے تمہارے حالات سے دلی رنج ہے اور میرا اخلاقی فرض ہے کہ شر پسندوں کی جلدی بیخ کنی کی جائے اور تمہیں اس دلدل سے نجات دلائی جائے۔

کئی روز دن گزر گئے میں روزانہ P.T.J کے دفتر ٹیلیفون کرتا مگر مطلوبہ جواب ندارد۔ اس دوران حالات معمول پر رہے مگر ہم نے اپنی پہرہ داری مستعدی سے جاری رکھی امیں کی نہ آنے دی ایک سوموار کی صبح میں خود ہی P.T.J کے دفتر گیا۔ میری بے قراری زوروں پر تھی اتنی تگ و دو کے بعد چوروں کے نمبرات حاصل کئے گئے مگر مثبت نتائج سامنے نہ آئے ہمارے صبر کی انتہا ہو گئی اور میں دیوانگی کی حد تک پہنچ گیا تھا۔ بس میرا منہ چڑھا رہی تھی بہر حال میرا غصہ ایسا ہی تھا جیسا "ہنڈیا جلے تو اپنے ہی کنارے جلائے" کی مانند معلوم ہوتا تمام مصائب و آلام صرف ہمارے حصہ میں آئے ہیں جبکہ کائنات ہنسی خوشی معمول کے مطابق رواں دواں ہے۔ دیرینہ میں بدنصیبی کہ پچھلے چار دن سے پولیس چیف کی کسی دوسرے شہر تبدیلی ہو چکی تھی جبکہ نو وارد ہمارے حالات سے آگاہ نہ تھا بہر حال میں نے آفیسر کی ملاقات کیلئے بضد ہو گیا recepcionista نے میرے تیور دیکھ کر پولیس چیف سے ملنے کی اجازت دیدی چیف نے سیکرٹری کو ہماری فائل کوئی آدھا انچ موٹی پیش کرنے کا حکم دیا۔ فائل دیکھنے پر آفیسر کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ باوجود اس کے کہ ہمیں پولیس کی حفاظت بھی مہیا کی گئی ہے اور اتنا عرصہ گزرنے کے بعد تک ہمارے مسائل جوں کے توں ہیں۔ کیوں، آخر کیوں؟ اس نے مجھے یقین دلایا کہ وہ ہمارے معاملات میں ذاتی طور پر دلچسپی لیگا بلکہ میری موجودگی میں ہی اُس نے نہایت مہربانی سے Tranist انسپکٹر کے دفتر میں ٹیلیفون کر کے ان نمبرز کے متعلق دریافت کیا تو پتہ چلا کہ ان پلیٹ نمبرز کی کاریں تو Sucre سٹیٹ میں رجسٹرڈ ہی نہیں تھیں ہو سکتا ہے کہ یہ نمبر جعلی ہوں یا متعلقہ کاریں وینز ویلا کی کسی دوسری State میں رجسٹرڈ ہوں۔ پولیس چیف نے فیصلہ کیا کہ دیگر States میں ان نمبرات کی جانچ پڑتال کی جائیگی۔ اس پر میں بھی ڈٹ گیا کہ جبتک متعدد States میں ان امور پر ٹیلیفون نہ کر لے کا میں بھی کہیں جانے کا نہیں۔ اس نے کمال مہربانی سے Sucre State کی ملحقہ ریاستوں Mongas, Nueva Esparta, Azoategui اور Bolivar کے Transit انسپکٹرز کے دفاتر سے ٹیلیفون پر روابط کئے مگر مذکورہ بالا کاریں وہاں بھی رجسٹرڈ نہ تھیں ہو سکتا ہے کسی اور دور دراز States سے متعلق ہوں مگر میں ناامید ہو گیا مجھے پختہ یقین ہو گیا کہ وہ نمبر پلیٹ جعلی تھیں۔

ان حالات میں کسی شک و شبہ کی گنجائش باقی نہ رہی ہمارا faceless دشمن وسیع ذرائع و اختیارات کا حامل ہے۔ تین luxury کاریں جن کے نمبر پلیٹ جعلی تھے۔ خدایا! ہمارا دیار غیر میں کس دشمن سے پالا پڑ گیا ہے؟ میں حوصلہ ہارنے والوں میں سے نہ تھا جسمانی اور ذہنی طور پر ہر قسم کے انجام کیلئے تیار بہر حال یہ رستہ بھی بند نظر آیا۔

Marfat.com

ماہی گیروں کی بستی

آج کل بے چینی و بے قراری نے ہمیں اپنے حصار میں لے رکھا تھا کیونکہ کئی ہفتے گزر گئے ہمارے دشمنوں نے آنے کی زحمت گوارہ نہ کی اور اسطرح ہمارے امن وسکون میں خلل اندازی سے گریزاں رہے۔ فطرت انسانی کہ وہ معمولات کا عادی ہو جاتا ہے خواہ وہ معمولات تکلیف دہ ہی کیوں نہ ہوں۔ ہمیں یقین محکم تھا کہ ہمارے دشمن ایک دن ہماری خبر گیری کو ضرور آئیں گے۔

ساحل سمندر پر شام کی خوشگوار اٹھکیلیاں کرتی ہوائیں انسان کو مسحور کرنے میں پیش پیش ہوتی ہیں تو ہم لوگ ایسی ہی ایک پر لطف شام گھر کے فرنٹ لان میں بیٹھے لطف اندوز ہو رہے تھے۔ حالانکہ اس موقع پر گھر کی حفاظت کیلئے کوئی نہ کوئی شخص متعین کیا جانا ضروری تھا مگر اس مسحور کن شام کے زیر اثر گھر کی حفاظت کرنا بھول گئے۔ اچانک فریج کو خیال آیا کہ اتنے اچھے موسم میں کیوں نہ یہاں لان میں ہی کافی کی چسکیوں وغیرہ سے لطف اندوز ہوا جائے جبکہ اس سے ہم لوگ تنگ بھی تھے کیونکہ ایک عرصے سے رات دن تک دو، دشمنوں کی چہرہ شناسی سے محرومی، بھاگ دوڑ جفاکشی اور تجسس وغیرہ نے غیر معمولی تھکان سے دوچار کر دیا ہوا تھا۔ فریج اور انکی بیٹی عمل اس کچن جو living-room کے ساتھ تھا (یاد رہے ایک دوسرا کچن annexe میں بھی تھا) کافی اور دیگر لوازمات لانے چلی گئیں۔ انور کی والدہ annexe والے کچن سے کوئی چیز لانے کیلئے چلی گئیں۔

چند لمحات گزرے ہونگے کہ اچانک ایک دلدوز چیخ سنائی دی۔ ہم تمام حضرات کے عالم میں annexe کی طرف بھاگے کسی کو بیک لان یا گھر سے باہر توجہ دینے کا احساس نہ ہوا جبکہ بیچاری بزرگ خاتون annexe کے فرش پر بیہوش پڑی تھی۔ ایمبولینس بلائی گئی، چھوٹو اور انور کے ساتھ ہسپتال پہنچایا گیا۔ "سانپ گزر جانے کے بعد لکیر پیٹنے" کے مصداق ہم لوگوں نے اپنی اپنی پوزیشن سنبھالی۔ پل بھر کی غفلت نے اپنا کام کر دکھایا۔

ہمارا دشمن اپنے عزائم میں اسقدر مستعد تھا کہ ہماری ایک لمحے کی غفلت سے پورا پورا فائدہ اٹھا گیا۔ کوئی تشویش کی بات نہ تھی۔ آئے ان کے سر پر ایک بھاری پتھر مار دیا گیا تھا۔ قریباً دو گھنٹے کے بعد ایمبولینس ہمارے گھر والے kerb کے ساتھ گھر کے سامنے رکی چھوٹو اور انور اپنی والدہ کو سہارا دیئے آہستگی سے چلتے چلتے گھر کے اندر لے آئے۔

دراصل وہ کچن میں ایک میز پوش کو تلاش کر رہی تھیں جو وہاں مل نہیں رہا تھا۔ انہیں دفعتاً خیال آیا آج ہی تو کئی کپڑے دھوئے تھے اور ان کو بیک لان میں خشک کرنے کیلئے رسیوں پر ڈالا گیا لہذا وہ annexe سے باہر گئیں۔ جونہی وہ رسیوں پر سے مطلوبہ میز پوش اتار کر واپس annexe میں لوٹیں تو کسی نے ان کے سر پر پتھر پھینک دیا جس سے ایک دلخراش چیخ کے ساتھ فرش پر گر گئیں یاد رہے کہ annexe کی چھت کنکریٹ کا نہیں تھا بلکہ لوہے کی گرل لگی ہوئی تھی جس میں بڑے بڑے رخنے تھے ان میں سے کسی نے پتھر دے مارا۔ اس سے واضح ہو گیا کہ ہمارے دشمن ہر وقت موقع کی تاک میں لگے رہتے ہیں جونہی ذرا سی غفلت ہوئی تو انہوں نے پورا پورا فائدہ اٹھایا۔ ہمیں جان سے مارنے یا اغواء کرنے کی بجائے محض اعصابی تناؤ اور ذہنی دباؤ سے دوچار رکھنا ان کے مقاصد میں شامل تھا۔

ہمارے "بغیر چہرے کے" دشمن کے سامنے کوئی مخصوص ہدف نہ تھا کہ کس کو نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ ہم یہ سمجھنے سے قاصر رہے کہ آخر معاملہ کیا ہے؟ وہ چاہتے کیا ہیں؟ تاحال ہماری تمام کوششوں پر پانی پھیر دیا گیا۔ ہم تمام لوگ ذاتی محافظ، پولیس اور جو کوئی اور ہوتی تھا تو اس بات سے پریشان کہ کسی کا کوئی بھی حربہ طریق کار، کارگر نتیجہ خیز ثابت نہ ہو سکا جبکہ ہمارے دشمن جب چاہتے دندناتے پھرتے اور جب چاہتے ہمیں اضطراب کی بھٹی میں جھونک کر چلے جاتے۔ سوال یہ تھا کہ ہمارا دشمن کون؟ شاید ہماری تگ و دو میں کوئی فرق باقی ہے اپنی کوششوں کو نئے سرے سے استوار کریں یا نقل مکانی کر جائیں اسی ادھیڑ بن میں شروع شروع میں سوچتا کہ میں تو آخری دم تک سینہ سپر رہونگا مگر اب صدمات کی پیہم یلغار سے مجبوراً دیگر پہلو پر سوچنا منا سب محسوس ہو رہا تھا اور میرے اندر کا انسان جھنجھوڑ رہا تھا کہ ہماری خیریت اسی میں ہے کہ نقل مکانی کر جائیں۔ کرایہ کی رہائش ویسے بھی عارضی نوعیت کی ہوتی ہے پھر ہماری اپنی رہائش کا بندوبست مکمل ہو چکی تھی۔ میں نے انور سے اس مسئلہ پر طویل گفتگو کی۔ انور بھی نقل مکانی کی کافی دیر سے ترغیب دے رہا تھا اور کہا کرتا کہ جتنی

Marfat.com

جلدی ممکن ہو یہ مکان خالی کر دیں آخر کار مجھے اس کے سامنے ہتھیار ڈالنے پڑے۔

کہنا آسان تھا مگر کرنا مشکل کیونکہ ایک مناسب رہائش اور وہ بھی ایک چھت کے نیچے دو خاندانوں کیلئے ملنا جوئے شیر لانے کے مترادف تھا بہر حال فیصلہ رہائش کی تلاش کا کر لیا گیا اور اخبارات میں بھی رہائش کیلئے اشتہارات دیئے گئے البتہ ایک بار پھر تہیہ کیا گیا کہ یوں نہ اپنے faceless دشمن کی شناخت کیلئے کوشش کی جائے جو عرصہ دراز سے ہم لوگوں سے پوشیدہ ہے۔ .Fuchu, Ramon, Garcia اور میں گھر کے بیک لان میں کوئی تدبیر سوچ رہے تھے کہ کس طریقہ سے گھر کی موثر حفاظت کا اہتمام کیا جائے جبکہ بچے اور خواتین فرنٹ لان میں بیٹھے ہوئے تھے۔ انور صبح دم ہی ایک پراجیکٹ پر کام کرنے کیلئے شہر barrio (مفلوک الحال علاقہ) میں گیا ہوا تھا۔ تین نوجوان جن میں سے ایک کے ہاتھ میں ریوالور تھا۔ گھر کے فرنٹ لان کے دروازے سے داخل ہوئے ان کا خیال تھا گھر میں آج شاید مرد موجود نہیں ہیں۔ یہ روشن دن تھا بچے اور خواتین ڈر سے گھبرا اٹھے انور کی بیوی نے زور زور سے چیخنا شروع کر دیا auxilio، auxilio (Spanish زبان میں مدد، مدد)۔

چھوٹو اپنے bedroom سے ثبات میں باہر نکل آیا اور مداخلت کرنے والوں نے نہایت سرعت سے واپس پلٹ کر سرپٹ بھاگنا شروع کر دیا۔ ان میں سے دو افراد ائیرپورٹ کے runway کیطرف اور تیسرے نے ساحل سمندر کا رخ کر لیا۔ ہم بیک لان سے بھاگتے ہوئے نکل کھڑے ہوئے۔

یہ منظر تھا! Ramon اور Garcia ان دونوں کے پیچھے بھاگ رہے تھے جو runway کی طرف گئے جبکہ چھوٹو نے اس شخص کا تعاقب جاری رکھا ہمارے کئی پڑوسی اپنے گھروں سے نکل کر محو تماشہ تھے۔ میں گھر کے اندر سے binoculars لے آیا تاکہ بھگوڑوں میں سے کسی ایک کو پہچان سکوں۔ وہ لوگ پیشہ ور دوڑ لگانے والے دکھائی دے رہے تھے جو تعاقب کرنے والوں سے بہت آگے جبکہ درمیانی فاصلہ لمحہ بہ لمحہ بڑھ رہا تھا اور بتدریج بڑھتا ہی رہا۔

میں حیران تھا کہ فائرنگ کی آواز سنائی نہیں دے رہی مگر جلد ہی حقیقت کھلی کہ اسقدر فاصلے پر سے محافظ فائرنگ کرتے بھی تو بے سود کیونکہ وہ مچھیروں کی بستی کے نزدیک اور فائرنگ کی رینج سے بہت دور نکل چکے تھے۔ Cumaná ایک چھوٹا سا شہر ہے۔ اس نوعیت کا یہ واقعہ ہمارے لئے کافی بڑا ہوا تھا اور ہجوم کوئی ہجوم تھا! نہ صرف ہمارے بلاک کے رہائشی بلکہ شہر کے دوسرے علاقہ جات سے بھی لوگ جائے وقوعہ پر runway کے دو رویہ خاص طور پر اس سڑک پر جو کہ ہمارے گھر والے بلاک جنوب کیطرف تھی اور runway سے متوازی تھی حد نگاہ تک بچھے ہوئے تھے۔ اے کاش کوئی فلم ڈائریکٹر وہاں موجود ہوتا!

کئی shots کو نجنے کی آواز سنائی دی اور میں نے binoculars کی مدد سے دیکھا کہ ہمارے آدمی runway کی اس پار جھاڑیوں میں پناہ لے رہے تھے۔ یہ جگہ مچھیروں کی بستی سے دور نہ تھی۔ چھوٹو اور دوسرے بھاگنے والے میں درمیانی فاصلہ بتدریج کم ہو رہا تھا۔ میرے دیکھتے ہی دیکھتے جس کا تعاقب کیا گیا وہ ساحل سمندر کے کنارے مچھیروں کی بستی کے عین سامنے دو لوگوں کے ہجوم میں گم ہو گیا اور اس منظر نے مجھ پر کپکپی طاری کر دی چھوٹو اجنبیوں کے درمیان تھا اور عین ممکن کہ وہ ہمارے دشمنوں کے نرغے میں کسی کے ہاتھ چڑھ جائے جو ارد گرد موجود ہو سکتے تھے۔ ہجوم میں سے کسی نے پولیس کو اطلاع دیدی۔ دو police patrols سائرن بجاتے ہوئے ہمارے گھر کیطرف تیزی سے آ رہے تھے ایک پولیس آفیسر اپنی van سے اترا اور مجھے اپنا شناختی کارڈ دکھاتے ہوئے حالات کے متعلق پوچھا جبکہ تین اور پولیس سراغ رساں دوسری پٹرول کار سے اتر کر میرے پاس آ گئے۔ ان میں سے ایک نے مجھ سے binoculars لیکر runway کیطرف دیکھنا شروع کر دیا کیونکہ ظاہری آنکھ سے منظر صاف دکھائی نہ دے سکتا تھا۔ پولیس انسپکٹر نے مجھ سے ٹیلیفون استعمال کرنیکی اجازت چاہی جس نے سختی سے پولیس سٹیشن پر ٹیلیفون سے ہدایت کی ایک police patrol کو مچھیروں کی بستی کیطرف فی الفور بھیج دیا جائے کیونکہ ہمارے گھر سے اس بستی تک کار وغیرہ پر رسائی مشکل تھی میں نے چھوٹو کی سلامتی کے متعلق اپنا اندیشہ ظاہر کیا کہ وہ دشمنوں کے نرغے میں پھنس گیا ہے۔ قریباً دس منٹ میں ایک police van بھی runway سے اس پار مچھیروں کی بستی کے کنارے پہنچ گئی اور اسکی flash light متحرک تھی۔ انسپکٹر نے اپنے communication system کی مدد سے اس patrol والوں کو تاکید کی کہ کچھ ہو چھوٹو کو اپنی حفاظت میں لے لیا جائے۔

Marfat.com

چند لمحات کے بعد پولیس انسپکٹر کو مذکورہ پٹرول والوں نے اطلاع دی کہ چھوٹو کو بحفاظت اپنی تحویل میں van میں بٹھا لیا گیا ہے۔ یہ سن کر میں نے سکھ کا سانس لیا۔

کافی وقت گزر گیا۔ ہمارے آدمی تاحال runway کے اس پار جھاڑیوں میں چھپے رہے۔ گولیوں کی تڑتڑاہٹ سے یوں محسوس ہو رہا تھا۔ جیسے اُن مکانات میں سے ہمارے آدمیوں پر جوابی فائرنگ کی جا رہی ہو جو بستی کے کنارے واقع تھے۔ بے پناہ ہجوم اور کاریں اس قدر زیادہ تھیں کہ ہمارا گھر بے چین تماشائیوں کے اژدھام میں گھرا ہوا دکھائی دے رہا تھا۔ پولیس انسپکٹر نے ایک اور ٹیلیفون کیا جس کے ردعمل میں مزید چار پولیس پٹرول کاریں آن پہنچیں۔ پولیس انسپکٹر نے ہجوم کو فوراً منتشر ہونے کا حکم دیا کیونکہ اسے ہماری حفاظت مطلوب تھی چنانچہ چند لمحات میں اژدھام چھٹ گیا۔ اسی اثناء میں انور اپنی یونیورسٹی پراجیکٹ سے واپس لوٹا۔ اس نے اس وقوعہ کی تمام خبر ریڈیو کے سپیشل بلیٹن سے سن لی۔ جب وہ اپنی کار سے واپس لوٹ رہا تھا تو اس نے گھر کے گردونواح جوق در جوق مخلوق دیکھی۔ اُس کو شبہ ہوا شاید گھر والوں میں سے کسی کو جانی نقصان ہوا ہے جس نے اُس کے اوسان خطا کر دیئے۔ میں نے اسے تسلی دی اور تمام حقائق سے آگاہ کر دیا۔

گھر سے پولیس والوں کے آرام کیلئے مزید garden chairs مہیا کی گئیں۔ انہوں نے فیصلہ کیا کہ جب تک مچھیروں کی بستی سے پیٹرول کاریں یہاں نہ پہنچ جائیں اُن کو سکون نہ آئیگا۔ پولیس انسپکٹر کو یہ احساس بھی پریشان کئے جا رہا تھا کہ ہمارے آدمی ابھی تک دور جھاڑیوں میں چھپے ہوئے ہیں۔ اس نے binocolars کی مدد سے دیکھتے ہوئے بتایا تمہارے آدمی بخیر و عافیت runway سے ہوتے ہوئے آرہے ہیں۔ کچھ دیر بعد Garcia اور Ramon نمودار ہوئے تھکے ہارے، زرد چہرے، نڈھال جیسے اُن میں جان ہی نہ ہو۔ میں نے اُن سے بندوق اور ریوالور لیکر اندر محفوظ کرتے اور وہ گھر کے لان میں چت لیٹ گئے۔ پولیس سراغ رسانوں میں سے ایک نے اُن پر سوالات کی بوچھاڑ کر دی۔ میں نے اُسے ذرا سخت لہجہ میں ایسا کرنے سے روک دیا کہ ان بیچاروں کو سانس تو لینے دو۔ پولیس انسپکٹر نے اپنے آدمیوں کو ان دونوں کو حراست اور ہتھکڑی لگانے کو کہا۔ اس وجہ سے تو میں آگ بگولہ ہو گیا اور مشتعل ہو کر چیختے ہوئے اس پر واضح کیا یہ ہمارے قابل اعتماد آدمی ہیں اور ان کے پاس اسلحہ استعمال کرنے کیلئے گورنر کی طرف سے دیئے گئے کارڈز ہیں۔ تم ان سے ایسے سوالات کر رہے ہو جیسے کہ وہ ہمارے دشمنوں کے گینگ میں سے ہوں۔ خاص طور پر اتنے لوگوں کی موجودگی میں میرے کہنے کے باوجود وہ باز نہ آیا۔

انور جو کہ اپنی پرجوش طبیعت کی وجہ سے کافی مشہور اپنا غصہ نکالنے ہی والا تھا کہ ہمارے دوستوں میں سے ایک جو کہ پولیس انسپکٹر کا بھی دوست تھا۔ گھر کے فرنٹ لان کے دروازے سے داخل ہوا۔ چند منٹوں کیلئے وہ خاموش رہا پھر اس نے پولیس انسپکٹر کو ایک طرف لیجا کر کچھ باتیں کیں جن سے میں بے خبر تھا۔ بہر حال اس کے ردعمل میں اتنا ضرور ہوا کہ جب وہ واپس آکر بیٹھے تو سوال جواب کا سلسلہ بند ہو گیا۔ میں نے اپنے آدمیوں کو اندر جاکر آرام کرنے کو کہا کیونکہ بیچاروں پر قیامت ٹوٹ پڑی تھی اور وہ ابھی تک پسینہ میں شرابور تھے۔

کافی دیر کے بعد مچھیروں کی بستی سے پولیس پٹرول کار آن پہنچی۔ چھوٹو کو صحیح سلامت دیکھ کر ہماری جان میں جان آئی۔ پولیس انسپکٹر اور دوسرے پولیس سراغ رسان کچھ دیر تک ٹھہرے رہے اور سادہ کپڑوں میں ملبوس پولیس سراغ رسانوں کے boss نے تین سفید کپڑوں میں ملبوس سراغ رسانوں کو رات ہمارے گھر کی حفاظت پر متعین کر دیا۔ یہ بھی حکم دیا کہ دوسرے دن تین اور آکر ڈیوٹی سنبھالیں گے۔ اس نے مزید حکم دیا کہ گھر کے اندر سے ہی نہیں بلکہ گھر کے باہر باڑ سے اور دروازے پر بھی خفیہ طور پر ہمارے گھر پر نظر رکھیں گے۔ ماسوائے مذکورہ بالا تین سادہ لباس میں ملبوس سراغ رسانوں کے تمام پولیس والے چلے گئے۔ میں نے Fuchu کو کہہ دیا کہ آج رات سے تمہاری خدمات کی ضرورت نہیں کیونکہ گھر کی حفاظت کیلئے پہلے زیادہ ہی افراد مامور کئے جا چکے ہیں بہتر ہے کہ تم اپنے گھر چلے جاؤ اور وہ اس خیال سے متفق ہو گیا اور کہنے لگا "ہاں اگر ضرورت محسوس کریں تو مجھے بلائیں میں حاضر ہوں۔" انور اسے اپنی کار میں اخلاقاً گھر پہنچانا چاہتا تھا مگر میں نے اُسے منع کر دیا۔ ایک ٹیکسی کو فون کیا گیا اور Fuchu اپنے گھر روانہ ہو گیا۔

رات کے دس بجے کا عمل ہوگا اور ابھی تک ہم میں سے کسی نے رات کا کھانا نہیں کھایا۔ لہذا فرخ annexe میں جہاں چھوٹو

Marfat.com

انور اور میں living-room میں بیٹھے جدید واقعات کا تجزیہ کرنے لگے۔ ہم ابھی باتوں میں مصروف تھے کہ فرخ نے ڈرائنگ روم میں میز پر کھانے چن دینے کی اطلاع دی۔ کھانا کھانے کے بعد بچے، خواتین اور ڈاکٹر صادق اپنے اپنے کمروں میں چلے گئے جبکہ ہم دوبارہ living-room میں آن بیٹھے۔

یہاں یہ واضح کردینا مناسب ہوگا کہ وہ تین بدمعاش جو کہ ہمارے گھر کے فرنٹ لان میں درآئے تھے۔ ان میں سے ایک نے انور اور والدہ کی طرف دھمکانے کے انداز میں ریوالور کی نالی تان لی۔ ہمارا پڑوسی دیوار کے اوپر سے یہ تمام کاروائی دیکھ رہا تھا اور اس نے بھی مدد کیلئے پکارا۔ اس بات پر میں اسلئے زور دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ اس بدمعاش کو بعد میں جب گرفتار کیا گیا تو اس نے پولیس تفتیش میں انکار کردیا اس کے پاس تو ریوالور تھا ہی نہیں۔

چھوٹو نے باتیں کرنے میں پہل کی۔ اگرچہ چھوٹو کو ہم گھر کا ایک فرد ہی خیال کرتے جھوٹ بولنا تو اسکی سرشت میں شامل تھا جھوٹ بولنے کا مطلب کسی کو نقصان پہنچانا نہیں بلکہ وہ صرف اور صرف جھوٹ بولنے کیلئے جھوٹ بول دیتا ہے۔ اسکی یہ بری عادت اس کی نس نس میں سرایت کرگئی کہ وہ بغیر اس کا احساس کئے کہ وہ جھوٹ بول کر گناہ کررہا ہے۔ وہ جھوٹ بولتا اور مزے کی بات تو یہ ہے کہ وہ اپنے جھوٹ کو خود ہی سچ کا جامہ پہنا دیتا ہے۔

چھوٹو کی خصوصیت کا ایک اور پہلو ملاحظہ ہو کہ وہ kleptomaniac (ضمیمہ 132) ہے۔ چھوٹو کی یہ قبیح عادت بچپن سے چھوٹی موٹی اشیاء چرانے سے شروع ہوئی کیونکہ اس پر توجہ نہ دی گئی اور کنٹرول نہ کیا گیا چنانچہ یہ اسکی جبلت کا حصہ بن گئی۔ چھوٹو کا باپ پاکستانی فوج میں میجر کے عہدے پر فائز تھا اور وہ اپنے گھر میں بھی فوجی قواعد، روایات کا حامل رہا۔ یہانتک کے چھوٹے بچوں پر بھی فوجی discipline لاگو رکھتا اور discipline کی پیروی کرنے کیلئے بچوں کو جسمانی سزا سختی سے دیتا۔ اس حد تک اپنا discipline نافذ کرنا چاہتا کہ خاص طور پر چھوٹو کے معاملے میں کہ تھوڑی سی حکم عدولی پر بھی وہ اسے مار مار کر بیہوش کردیتا۔

ان میجر صاحب کی اپنے اعلیٰ آفسروں سے بھی چپقلش، مڈبھیڑ رہتی جس کے نتیجہ میں اسے فوج سے مجبوراً چھٹی دیدی گئی۔ چند ایک سال فوج سے برطرفی کے بعد پاکستان میں ہندوستان کی دھمکی جنگی وجہ سے general mobilization شروع ہوئی اور اس وہ دوبارہ بلا لیا گیا پھر اسی طرح اسکی اعلیٰ آفیسروں سے ٹھن گئی اور اسے استعفیٰ دینا پڑا۔

ذہنی پس لفظ

ہم اب معمول کے عادی ہو چکے تھے۔ کبھی بھار رات یا دن کے وقت ایک آدھ پتھر اور بس البتہ مشکوک عناصر ہمارے محلے والے بلاک کے ارد گرد گھومتے نظر آجاتے مگر یہ طواف ہماری پریشانی کا موجب نہ بنتا جبکہ گھر کی پہرہ داری کے عمل کو نظر انداز کرنا مناسب نہ تھا۔

ہمارے دوست گورنر کے سیکرٹری Lugo نے دو مسلح افراد میری حفاظت کیلئے مقرر کیے ہوئے تھے لیکن مجھے اس کی خبر تک نہ تھی۔ وہ صرف میرا پیچھا کرتے بلکہ یونیورسٹی کی حدود میں بھی داخل ہو جاتے۔ جب مجھے چند دنوں بعد میرے ایک سٹوڈنٹ بنام Mata نے اس سے متعلق آگاہ کیا کیونکہ یہ گارڈ Mata کے گھر کے قریب ہی رہا کرتا اور اس نے پہچان لیا۔ میں پریشان ہو گیا کیونکہ پولیس تو یونیورسٹی میں داخل ہو ہی نہیں سکتی اگر دوسرے سٹوڈنٹس کو خبر ہو جاتی تو ایک طوفان برپا ہو جاتا۔ میں نے Lugo کو ایسے اقدام اٹھانے سے منع کردیا۔

ہم تمام اہل خانہ گھر کے living-room میں حالات کا جائزہ لینے کے لئے مل بیٹھے ماسوائے میرے افراد خانہ یہ گھر خالی کرنے کے متقاضی تھے بلکہ بات میری منت سماجت تک پہنچ گئی مگر میں دیکھنا چاہتا کہ ہماری قسمت میں آخر ہے کیا۔ عجیب بات تھی کہ ہمارے دشمن ہم سے باہم لاتعلقی کا اظہار کرتے رہے اور ان کی تمام تر سرگرمیاں گھر کے محور کے ارد گرد حلقہ بگوش رہیں۔ میں نے اہلخانہ کے سامنے ہتھیار ڈال ہی دیئے اور دوسرے دن تلاش بسیار کے بعد ہم نے شہر کے دوسرے کنارے دو flats جنکے درمیان تھوڑا فاصلہ تھا کرایہ پر لے لئے اور اسی دن اپنا سامان باندھنا شروع کردیا۔ میں نے یونیورسٹی کی فائر بریگیڈ کی خدمات حاصل کیں اور انکے

Marfat.com

ٹرک میں گھر کا سامان کئی چکر لگاتے ہوئے نئی رہائش گاہ تک پہنچا دیا۔ جب ہمارا آدمی آخری پھیرے پر آیا تو میں نے تمام گھر کا چکر لگایا تاکہ دیکھ سکوں آیا کوئی چیز رہ تو نہیں گئی۔ جونہی میں فرنٹ ڈور سے باہر نکلنے والا تھا تو قریب ہی living-room میں ٹیلیفون کی گھنٹی بجی۔ میں نے ریسیور اٹھالیا تو اُن کے دوسرے سرے پر ایک لڑکی کی آواز سنائی دی:

"*Por fin se van*" (جس کا مطلب یہ ہے کہ آخر آپ لوگ جا ہی رہے ہیں) اور اس نے ٹیلیفون بند کر دیا۔

ہمارے flats میں shift ہونے سے پہلے ڈاکٹر صادق اور اُن کی family پاکستان واپس چلے گئے اور اسی سال 1976 اگست کے مہینے میں ہم تمام اہلِ خانہ flats میں منتقل ہو گئے۔ چند ہفتوں کے بعد انور کی والدہ صاحبہ بھی پاکستان کے لیے روانہ ہوئیں۔ نومبر کے مہینہ میں فرخ کو بھی پاکستان جانے کی سوجھی۔ پہلی جنوری 1977 کو جب میں اُسے لینے کے لیے airport پر گیا تو نصف کی ہوئی بلانی کوٹھی کی چابیاں بھی اُس کے حوالے کیں۔ ویسے تو میں retire ستمبر کی پہلی تاریخ 1987 کو ہوا لیکن 1990 جنوری فرخ کے ساتھ پاکستان لوٹا مگر انور اس کے اہلخانہ ہماری بیٹی غازیہ اور چھوٹو اب بھی وہاں ہی رہائش پذیر ہیں۔

میں نے اپنی بیٹی غازیہ پرزانہ کے نام پر اپنے بنگلے کا نام Quinta Porzana تجویز کیا۔ یہ نام ایک کالی ٹائل پر سفید حروف میں لکھوا کر اپنی کوٹھی کے فرنٹ لان کے سنٹرل دروازے کے اوپر لگا رکھا ہے۔ سوائے معمولی چوریوں کے جو کہ اکثر بڑی کوٹھیوں میں ہوتی ہیں۔ ہمارے faceless enemy نے کبھی قدم رنجہ فرمانے کی زحمت نہ فرمائی۔ ابھی تک وہ دیدہ اور متعلقہ صعوبتیں میرے اعصاب پر سوار ہیں کہ ہمارے faceless enemy نے کتنے عرصہ تک کن کن مشکلات سے دوچار کیا۔ مجھے امید ہے کبھی نہ کبھی کہیں نہ کہیں کسی موڑ پر مجھے اپنے دشمنوں کا چہرہ نظر آ ہی جائیگا اور میری دیرینہ خواہش پوری ہو جائے گی۔

Marfat.com

مختلف واقعات

خلیج میں تابوت

راقم جب Universidad de Oriente میں بطور پروفیسر تعینات تھا تو کلاس دینے کے علاوہ زیادہ تر وقت ریسرچ کرنے میں گزارتا۔ میری ریسرچ میں انسانوں کے علاوہ مختلف اقسام کے جانوروں مثلاً مگرمچھ جسے جنوبی امریکہ میں baba سمندری اور دریائی مچھلیاں، بڑے سانڈے کی قسم کے جانور جس کو مقامی زبان میں Iguana، غاروں میں رہنے والی چمگادڑ کی قسم سے رہنے والے جانور، پرندے، چھوٹے سمندری اور دریاؤں میں پائے جانے والے گھونگے وغیرہ وغیرہ کے parasites کی تحقیق شامل تھی۔

جنوبی امریکہ خاص طور پر وینزویلا اور برازیل میں ایک خاص قسم کی مچھلی پائی جاتی ہے جس کو Caribe یا Piranha کہتے ہیں۔ اس کی لمبائی چھ سات انچ کے قریب، رنگین اور چوڑائی بہت کم ہوتی ہے۔ قدرت کاملہ نے اس مچھلی کو اسقدر تیز دانت عنایت فرمائے ہیں کہ یہ لوہے کے باریک تاروں کو بھی کاٹ سکتی ہے۔ جس آبی مقام میں یہ مچھلی پائی جاتی ہے اگر بدقسمتی سے ان جگہوں میں کوئی گھوڑا، گائے یا انسان وغیرہ گر جائے تو دیکھتے ہی دیکھتے اس مچھلی کے غول بڑی سرعت سے کتر کتر کر ہڑپ کر جاتے ہیں۔ وہاں کئی واقعات ایسے ظہور پذیر ہوئے ہیں کہ کسی نے دشمنی کی بناء پر کسی کو ایسے پانی میں پھینک دیا تو یہ مچھلیاں چند منٹوں میں اسکی ہڈیاں تک چبا ڈالتی ہیں۔

مجھے خیال گزرا کہ Easter جسے مقامی زبان میں Semana Santa کہتے ہیں، کی ایک ہفتہ کی چھٹیاں ہوتی ہیں تو کیوں نہ Caribe کے بھی parasites کی تحقیق کی جائے۔ یہ بات بھی قابل ذکر ہے جب وینزویلا Orinoco دریا میں طغیانی آتی ہے تو پانی باہر نکل کر بڑے بڑے جوہڑوں کی صورت میں دریا کے کناروں پر جمع ہو جاتا ہے اور ایسے ہی جوہڑوں سے مذکورہ مچھلی کو پکڑا جا سکتا ہے۔

اس غرض کے تحت میں ڈرائیور Triburcio اور اسسٹنٹ Zubero کے ہمراہ جیپ میں سوار سمندر کے متوازی سڑک پر رواں دواں ہو گئے۔ اس کے علاوہ ہمارے ساتھ ایک pickup بھی جس میں میرا ایک شاگرد Jose Luis Naveira اور دیگر ضروری سامان ہمارے پیچھے پیچھے آرہے تھے۔ سڑک کی دائیں جانب پہاڑ بائیں جانب ایک خلیج بنام Golfo de Cariaco کے ساتھ ساتھ خطرناک موڑ تھے اور یہ خلیج ایک چھوٹے سے شہر San Antonio کے قریب ختم ہو جاتی۔ ہماری منزل San Felix جو Cumaná سے تقریباً 495 کلومیٹر دور جنوب مشرق میں واقع تھی۔ کوئی سات گھنٹے کی مسافت طے کر کے ہم دریائے Orinoco اس مقام پر شام 6 بجے پہنچ گئے جہاں سے ہم نے ferry لے کر دوسرے کنارے پر San Felix پہنچنا تھا۔ اس ferry پر مسافر، کاریں، بسیں، ٹرک وغیرہ پار کر لئے جاتے ہیں تاکہ دوسرے کنارے مطلوبہ سامان پہنچایا جا سکے۔ ہم نے شہر میں ہوٹل La Gracia کے نچلے دو کمرے لئے اور شب بسری کے بعد ہم نے ایک جوہڑ کا انتخاب کیا جس کی چوڑائی ہمارے جال کی لمبائی کے برابر ہی تھی۔ ہم نے ضروری سامان vehicles سے نیچے اتار لیا اور اپنے hamacas کو درختوں سے باندھ لیا تاکہ چند دیر ستا لیں۔ اپنی بندوقیں اور machetes (ضمیمہ 133) اپنے ساتھ لے لئے۔

Marfat.com

اب مچھلی کو پکڑنے کا انتظام کچھ اس طرح کیا کہ لوہے کے دو poles درمیان کوئی ایک میٹر اونچائی تک لوہے کی جالی باندھ رکھی تھی۔ جالی کی لمبائی قریباً سات میٹر۔ ایک طرف سے pole کو Zubero نے اور دوسری طرف سے pole کو Naveira نے پکڑ لیا۔ جال کو ایک خاص انداز سے جوہڑ کے ایک کنارے سے پھیرنا شروع کر دیا۔ جب وہ مچھلیوں کو پکڑنے کی غرض سے آگے آ رہے تھے تو ہم حیرت زدہ رہ گئے مچھلیاں لوہے کی جالی کو کتر کر دوسری طرف یعنی آزاد ہو کر چلی جا رہی ہیں۔ جیسے ان کیلئے لوہے کا جال کوئی رکاوٹ ہی نہیں۔ خالی ہاتھ لوٹنا بھی ہمارے مزاج کے خلاف تھا ہم نے کانٹے (کنڈی) سے بمشکل دو مچھلیاں پکڑیں لیکن مچھلی کے منہ سے کنڈی نکالنے کی کسی کو جرات نہ ہوئی گویا ان کو زندہ ساتھ لانا شیر کے منہ سے شکار چھیننے کے مترادف تھا۔ انہیں کنڈی سمیت وہیں چھوڑا اور ناکامی کے بعد واپس ہو لئے۔ اس تجربہ کے بعد ہم نے ایک اور موقع پر مختلف طریقہ سے مچھلیاں پکڑیں طریقہ یہ تھا کہ خاص tranquillizer گولیاں ایک چھوٹے سے جوہڑ میں پھینک کر لوہے کے جال سے اٹھا کر ایک بڑے can میں ڈال دیں جس میں وقفہ وقفہ کے بعد oxygen tabs ڈالتے رہے اور زندہ لیبارٹری تک لے آئے جہاں ان کو شیشے کے tank میں رکھا جو لوگوں کیلئے کافی دلچسپ موضوع بنا رہا۔ میرے طالب علم حیرت زدہ تھے کہ آخر یہ کس طریقہ سے پکڑی گئیں۔

ہم لوگ واپسی پر ایک شہر Mariguitar، گلف کے آدھے سفر کی مسافت پر واقع ہے، میں کافی دیر دوست لطف اندوز ہوتے رہے۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے رات 12 بجے کے وقت اس شہر سے روانگی کا قصد کیا۔ کوئی آدھ گھنٹہ ہوا کہ ایک چوک کے نزدیک میری جیپ سے چند میٹر دور سڑک کی دائیں جانب ''چند سوگوار لوگوں نے ایک تابوت اٹھا رکھا ہے۔ کئی مرد، عورتیں جن کے بال کھلے ہوئے، مردوں کے بھی کالے لمبے بال، سب کالے لباس میں ملبوس، ہاتھوں میں لالٹینیں پکڑے ہوئے اجنبی زبان میں آہ و بکا کر رہے ہیں۔ اُن کی آہ وزاری کی شدت سے محسوس ہوتا کہ جیسے کوئی عزیز اور برگزیدہ ہستی ملک عدم سدھار گئی ہو۔ جونہی ہماری جیپ ان کے قریب پہنچی تو وہ ایسے غائب ہو گئے جیسے گدھے کے سر سے سینگ۔''

''Triburcio جتنی جلدی نکل سکو نکل چلو یہ کوئی مافوق الفطرت مخلوق ہے۔''

Triburcio، Zubero اور میری حالت غیر اور ناقابل بیان تھی لیکن مجھے یہ فخر بھی دامن گیر ہے۔ پیچھے pickup والوں کے ساتھ کیا بیتی ہوگی۔ راستہ پرخطر تھا اور ہم سب ہی ڈرے، سہمے ہوئے تھے۔ پتہ نہیں کس طریقہ سے ہم Cumaná میں اپنے گھر Quinta Porzana پہنچے۔ میں نے گھر کے جنگلے کے باہر سے ہی چیخنا شروع کر دیا۔ فرخ نے اپنے bedroom کی balcony سے جھانک کر دیکھا اور اُس نے انور کو کہا کہ نیچے جا کر دائیں ہاتھ والے garage کا gate کھولے اور ہمیں اندر لے آئے۔ ہم تمام لوگ گھر کے اندر آئے اور پیچھے لان میں پڑی کرسیوں پر بیٹھ گئے۔ ہماری خوفزدہ حالت دیکھ کر انور نے پوچھا ''بھائی جان کیا بات ہے آپ اسقدر پریشان حال کیوں ہیں؟'' تو میں نے سارا واقعہ بیان کیا۔

میں نے دوسرے ساتھیوں کو اپنے اپنے گھروں کو چلے جانے کو کہا۔ خود سامنے والے پولیس سٹیشن اطلاع کرنے کیلئے روڈ cross کی اور ڈیوٹی پر موجود آفیسر کو حالات سے آگاہ کیا تو اس نے میری بات کو کوئی اہمیت نہ دی اور بات شروع کرنے کے فوراً بعد غیر متوجہ ہو گیا۔ اتنے میں اندر سے ایک اور آفیسر آ گیا جو میرا واقف کار تھا۔ اُس نے میری رام کہانی غور سے سنی تو پہلے آفیسر نے کہا

''آپ نے ہمیں کوئی نئی بات نہیں سنائی یہ تو بہت پرانا قصہ ہے جس جگہ پر تم لوگوں نے جنازہ دیکھا اس کے پیچھے کی طرف چار، پانچ huts ہیں۔ اُن میں سے ایک جو سب سے پرانی hut ہے اُس میں سے رات کو اس طرح رونے دھونے کی آوازیں آتی ہیں اور تمام لوگ وہاں سے ڈر کے مارے چلے گئے ہیں۔ اب huts خالی پڑی ہیں جس شخص نے وہاں پر huts شروع کیں۔ huts کے مکمل ہونے تک عجیب و غریب واقعات سے اس کا سامنا رہا مگر اُس نے ہمت نہ ہاری اور huts کو تیار کر کے ہی دم لیا۔ جب ایک weekend پر اُس کے اہل و عیال وہاں چھٹی گزارنے آئے تو اسی رات لالٹینیں، آہ وزاری اور جنازہ والا کھیل شروع ہو گیا۔ انہوں نے صبحدم وہاں سے کوچ کیا اور شہر آ کر ہی دم لیا۔ جب دوسرے لوگ وہاں پر huts بنا رہے تھے تو یہ لوگوں کو منع کرتا رہا کہ یہ جگہ آسیب زدہ ہے تم لوگ یہاں کچھ نہ بناؤ مگر کسی نے بھی اُس کی بات پر دھیان نہ دیا اور جب اُن کے ساتھ ایسے واقعات پیش آئے تو وہ بھی huts میں جانے کا نام نہ لیتے۔ اب تمام huts ویران پڑے ہیں۔''

Marfat.com

Mondadientes

1979 کی بات ہے راقم کی اہلیہ فرخ وینزویلا سے پاکستان چند ہفتوں کے لیے گئی ہوئی تھی جبکہ میں وہاں اپنے شہر Cumana میں اکیلا ہی تھا اور اکثر شام کو ہوٹل Savoia کھانا کھانے جاتا۔ اس ہوٹل میں عام طور پر سفری کاروباری لوگ کھانا وغیرہ کھایا کرتے۔ وہاں ایک نوجوان waitress بنام Zoraida دوسری waitresses کے ساتھ ہوٹل کے ڈائننگ روم میں کھانا serve کرنے پر مامور تھی۔ یہ نہایت خوبصورت سرخ وسفید رنگ کالے بال نیلی آنکھیں، خوش گفتار، شوخ و چنچل واقع ہوئی۔ میری طرح کے مستقل گاہکوں سے ہنسی مذاق کرنے سے بھی نہ چوکتی۔

ایک شام Zoraida اپنے مخصوص انداز کے برعکس برہمی کا اظہار کر رہی تھی کہ یہاں کیسے لوگ آنے شروع ہو گئے ہیں جو mondadientes (toothpicks) لے جاتے ہیں۔ یہ مالک کی خاص ہمدرد نظر آ رہی تھی۔ ورنہ waitresses کو ان معمولی اشیاء سے کیا سروکار۔ وہاں تو قیمتی برتن ٹوٹ جانے پر بھی کوئی فکر پرواہ نہیں کی جاتی تھی۔

میں کھانے سے فارغ ہو کر اپنے ٹیبل سے اٹھ کر کھڑا ہوا۔ Zoraida کی توجہ اپنی طرف مبذول کراتے ہوئے کہا:

''دیکھو اگر تم مجھ سے مخاطب تھی تو میں تمہارے سامنے ایک mondadiente اٹھاتا ہوں اور استعمال کر کے وہاں رکھ دیتا ہوں اور تمہاری اطلاع کیلئے عرض ہے کہ میں ہمیشہ ایسا ہی کرتا ہوں۔'' (حالانکہ میں ایسا نہیں کرتا تھا)

اس پر کیا تھا۔ تمام موجودین کھلکھلا کر ہنس دیئے اور Zoraida بھی اپنی ہنسی پر قابو نہ رکھ سکی۔ اس چھوٹے سے شہر میں یہ برجستہ فقرہ جنگل میں آگ کی طرح پھیل گیا۔

اس قسم کے ڈاکٹر بھی پیدا ہوتے ہیں

لاطینی امریکہ میں چھٹیوں کے دوران ہسپتال میں ماسوائے ایمرجنسی کے ڈاکٹروں کے کسی specialist کا ملنا تقریباً ناممکن ہوتا ہے۔ عام طور پر چھٹیوں میں اپنی ساحل سمندری رہائش گاہوں میں چلے جاتے ہیں۔

جب راقم وینزویلا میں ملازم تھا تو ایک دفعہ Easter کی چھٹیوں کے دوران فرخ کو دمہ کا عارضہ لاحق ہو گیا اور تنفس میں نہ صرف خلل ہو گیا بلکہ سانس رک رک کر آنے لگے۔ فرخ کی یہ کیفیت دیکھ کر میں پریشان ہو گیا۔ گھر میں Salbutan موجود تھی جو اس مرض کا علاج ہے۔ دی گئی مگر حسب افاقہ نہ ہوا۔ میرے تین نہ صرف فیملی ڈاکٹر بلکہ گہرے دوست بھی تھے۔ متعدد بار ٹیلیفون پر رابطہ کی کوشش کی مگر شومئی قسمت گھر سے جواب نہ ہی کلینک سے۔ لہذا اپنی گاڑی نکالی اور ساحل سمندر پر ان مخصوص جگہوں پر جہاں پینے پلانے اور ڈانس وغیرہ کرنے بیٹھ جانے کا رجحان ہے اسی طرف چلا گیا۔

ایک ڈاکٹر صاحبان کا مخصوص کلب جہاں بہت لوگ خوش گپیوں اور مے نوشی میں مشغول تھے۔ میں نے ان سے پوچھا کہ یہاں آج چہل پہل نہیں؟ جواب ملا کہ Cumanagoto (ضمیمہ 134) ہوٹل میں ڈاکٹر صاحبان کی اعلیٰ سطح پر پارٹی کی تقریب منعقد ہے جہاں آپ کے دوست کے ملنے کا امکان ہے۔ چنانچہ میں ہوٹل پہنچا parking lot کی وسعت کے باوجود مجھے گاڑی پارک کرنے میں آدھ گھنٹہ لگ گیا۔ جب میں اندر داخل ہوا تو ہوٹل کے تالاب کے حلقہ بگوش مردوں، عورتوں، لڑکیوں، لڑکوں کا ہجوم شراب نوشی میں مشغول نظر آیا جبکہ بینڈ بھی نہایت ہیجان خیز دھن بجا رہا تھا۔ چونکہ میں سگار پیتا ہوں اور سر ہمیشہ منڈایا کرتا ہوں لہذا ہوٹل میں داخل ہوتے ہی فوراً پہچان لیا گیا۔ متعدد دوستوں نے مجھے اپنے ٹیبل پر مدعو کیا مگر میں پریشان حال اور اپنے خاص ڈاکٹر کی تلاش میں تھا لہذا انکار کرتا رہا۔ آخر کار ایک میز پر اپنے احباب کے درمیان مجھے میرا دوست Dr. Armando Padrino اور اس کی بیگم Suleima مل ہی گئے۔ میں نے اسے صورت حال سے آگاہ کیا وہ کہنے لگا: ''فرخ کو ہسپتال کیوں نہیں لے جاتے؟''

''آپ تو جانتے ہیں کہ ایمرجنسی طرز پر کام کرنے والے کیسے ہوتے ہیں۔'' میں نے ذرا تلخ نوائی کا مظاہرہ کیا۔ یاد رہے کہ جب لوگ شراب نوشی میں مشغول ہوتے ہیں تو محفل سے اٹھ کر آنا خاص اہمیت کا حامل ہوتا ہے اور بڑے دل گردے کا کام۔ فرخ کی

Marfat.com

علامت کی بات پر ڈاکٹر کی اہلیہ Suleima نے ہمارے ساتھ تعاون کی وکالت کی لہذا میں اپنی کار میں اور وہ اپنی کار میں میری وجہ سے Quinta Porzana پہنچ گئے۔

فرخ کی حالت تشویش ناک تھی ڈاکٹر نے checkup کے بعد مجھ سے پوچھا "کیا کوئی دوا دی ہے؟"

"ہاں! Salbutan ایک خوراک قریباً ایک گھنٹہ پہلے دی تھی۔"

ڈاکٹر کی بیوی نے اپنے خاوند کے medical bag سے کوئی کریم نکال کر میری بیوی کی breast پر مالش شروع کر دی۔ ڈاکٹر صاحب نے Injections لگائے مگر خاطر خواہ فاقہ نہ ہوا پھر اس کی بیوی کچن سے ایک bowl میں پانی boil کر کے لائی۔ ڈاکٹر نے اس میں کچھ دوا ڈالی اور میری بیوی کے اوپر ایک چادر ڈال کر bowl کو ایک میز پر رکھا جبکہ چادر اس bowl پر بھی تنی۔ اب فرخ کو چارپائی سے پاؤں نیچے لٹکا کر گہرے سانس لینے کی ہدایت کی۔ کوئی دس منٹ یہ عمل جاری رکھنے کے بعد فرخ کو لٹا دیا گیا۔ پھر Suleima نے آہستہ آہستہ کی breast پر دوبارہ مالش کی۔ رات 11 بجے تا ایک بجے تک ڈاکٹر صاحب اور ان کی بیوی فرخ کے کمرہ میں موجود رہے خدا خدا کر کے میری بیوی کو افاقہ ہوا۔

ڈاکٹر صاحب نے طنزیہ مسکرا کر کہا "کیا اب میں جا سکتا ہوں؟"

"ہاں! بیوی کی حالت سنبھل چکی ہے۔ آپ کو کتنی فیس دوں؟"

"میری فیس کی تو چھوڑو میری بیوی کی فیس بھی بنتی ہے مگر لوں گا نہیں البتہ جب فرخ ٹھیک ہو جائے تو پاکستانی کھانا ایک دفعہ اور کھلا دینا۔" ڈاکٹر نے خوش اخلاقی سے کہا۔

واقعی ایسے ڈاکٹر بھی دنیا میں موجود ہیں!

ایک اور میرے ڈاکٹر دوست Hernan کی بات سنئے!! جو کہ وینزویلا میں مشہور Traumatologist ہے۔ ایک دفعہ میں اپنی Volkswagon پر سفر کر رہا تھا کہ accident سے دوچار ہو گیا۔ چونکہ ایکسیڈنٹ کار کے پیچھے سے ہوا تھا۔ impact کی وجہ سے سٹیرنگ میری چھاتی سے آ لگا۔ تین تا چار ماہ کے متواتر علاج معالجہ سے افاقہ تو ہوا مگر درد سے پوری طرح سے نجات نہ ملی لہذا ڈاکٹر Hernan سے رجوع کیا تو ڈاکٹر صاحب نے لٹا کر بڑی اچھی طرح سے checkup کیا اور اپنی شرٹ پہننے کے بعد میں اپنی میڈیکل ہسٹری کے ساتھ میز کی دوسری طرف کرسی پر بیٹھ گیا۔ ڈاکٹر صاحب اچانک اٹھے اور چپکے سے میری جیب سے S.T.DuPont کا ballpoint اچک لیا۔ میں اپنا ballpoint میز پر دیکھ رہا ہوں ballpoint کی جیب ہونے کے باوجود کوئی پرواہ نہیں کرتے تھے کیونکہ وہ ہمیشہ نسخہ لکھ کر ہی واپس دیتے تھے۔ ڈاکٹر نے نسخہ تحریر کیا اور پھر مستعدی سے اٹھ کر بڑی پھرتی سے میرا ballpoint واپس میری جیب میں ڈال دیا۔ میں نے نسخہ پر لکھی ادویات کے استعمال کا طریقہ سمجھا۔ باہر آ کر ان کی فیس ادا کی اور گھر لوٹ آیا۔

دوسرے دن یونیورسٹی میں اپنے collegues اور دوستوں کو یہ واقعہ سنایا کہ عجیب قسم کا ڈاکٹر ہے جو اپنے پاس پین تک نہیں رکھتا۔ وہ اس بات پر ہنس دیئے اور بتایا "یہ تو اس کی پرانی عادت ہے سبھی جانتے ہیں۔ جب اتفاق سے مریض کے پاس بھی پین نہیں ہوتا تو تب وہ اپنے پین کی تلاش میں مصروف ہو جاتے ہیں۔"

فرخ کو کوٹھی میں پودے لگانے کا بڑا شوق تھا اور وہ ایک خاص نرسری سے جس کا مالک ایک اطالوی بنام Giovanni ہے مختلف قسم کے پودے خرید کرتی۔ ایک روز فرخ کے دائیں ہاتھ کا انگوٹھا اور اس کا نچلا حصہ سوج گیا۔ تخت درد تھی لیکن ایسٹر کی چھٹیوں کی وجہ سے اچھے ڈاکٹر کی تلاش ذرا مشکل تھی۔ فرخ بار بار مجھے پودے لانے کے لئے کہہ رہی تھی لہذا میں اپنی کار پر مذکورہ نرسری میں گیا تو Giovanni نے پوچھا کہ آپ کی بیگم کیوں نہیں آئیں؟ کیونکہ وہ ہی اکثر پودے پسند کیا کرتی ہیں میں نے اس سے کہا کہ وہ ہاتھ میں تکلیف کی وجہ سے کار نہیں چلا سکتی۔ یہ سنتے ہی وہ ہنس پڑا جیسے کہ کچھ ہوا ہی نہیں کہنے لگا "تم پودے لے کر اپنی کار میں چلو میں اپنی گاڑی میں تھوڑی دیر کے بعد پہنچ جاؤں گا۔" کافی انتظار کرنے کے باوجود Giovanni پہنچ ہی گیا۔ وہ اکثر ہمارے ہاں پودوں کی دیکھ بھال کیلئے آیا جایا کرتا۔ میں نے پوچھا "دیر کیوں لگا دی؟"

"مجھے ڈنگ والی شہد کی مکھیاں پکڑنے میں دیر ہو گئی تھی" (وہ اپنی نرسری میں شہد کی مکھیاں بھی پالا کرتا۔)

Marfat.com

میں بہت حیران ہوا کہ سوجن اور درد سے شہد کی مکھیوں کا کیا تعلق !

میں اُسے مین گیٹ سے اپنے گھر کے پچھلے والے لان کی طرف لے آیا جہاں فرخ hammock میں کوکو کے درختوں کے درمیان لیٹی ہوئی تھی اور پھر زیادہ ہی درد میں مبتلا نظر آئی۔ Giovanni نے اپنے رومال سے شہد کی ایک مکھی اپنے دائیں ہاتھ سے نکالی اور فرخ کی سوجن کی جگہ پر مکھی کو بٹھا دیا تاکہ وہ آسانی سے ہاتھ پر ڈنگ مار سکے۔ پھر اُس نے دو اور مکھیوں کو اسی جگہ پر بٹھایا اور کہنے لگا کہ صبح تک تکلیف رفع ہو جائیگی۔ میں نے اس عمل کے بارے میں اُس سے دریافت کیا اُس نے جواب دیا کہ وہ Mussolini (ضمیمہ 135) کی فوج میں ملازم تھا اور فوج میں ایک محکمہ جس کے ذمے صرف اور صرف شہد کی مکھیوں کی پرورش اور اُن کی حفاظت کرنا تھا اور جہاں جہاں فوج جاتی مکھیوں کے محکمے کے لوگ بھی شامل ہوتے کیونکہ جنگ کے دوران مضروب فوجیوں اور جوڑوں کی دردوں کا مکھیوں کے ڈنک سے ہم لوگ علاج کیا کرتے۔ میں نے Giovanni کا شکریہ ادا کیا اور اُسے دروازے تک چھوڑنے آیا۔

واقعی ہی صبح درد تو غائب مگر سوجن ذرا تھی۔ چند دنوں میں مکمل طور پر ہاتھ ٹھیک ہو گیا۔

اُس یونیورسٹی میں جہاں میں پروفیسر تھا وہاں مدراس کا ایک ہندو پودوں کا ماہر ڈاکٹر Keshava Bhat جو جڑی بوٹیوں سے بیماریوں کا علاج کرنے میں ماہر تھا۔ اُس نے اس پہلو پر تین کتابیں بھی لکھیں۔

ہماری بیٹی غازیہ جب ابھی چھوٹی ہی تھی تو اُسے پیچش کی زبردست شکایت ہوگئی۔ کلینک میں داخل کروا دیا گیا۔ میں نے خود اس کا سٹول ٹیسٹ کیا کوئی Amoeba وغیرہ نہ تھے مگر پیچش تھے کہ ٹھیک ہونے کا نام ہی نہ لیتے۔ بہترین علاج کے باوجود تین چار روز گزر گئے اور پیچش جاری تھے۔ ایک روز پریشانی کے عالم میں، میں نے ڈاکٹر Bhat سے مشورہ کیا تو اُس نے کہا کہ مجھے پہلے کیوں نہیں بتایا میرے پاس تو اس کا تیر بہدف علاج ہے۔

"وہ کیا ہے؟" میں نے پوچھا۔

"Arrow Roots (ضمیمہ 136) Arrow Roots کا پاؤڈر بنا کر اس میں کسی قسم کا جیلی پاؤڈر ڈال کر جیلی تیار کریں اور تھوڑے تھوڑے وقفے کے بعد بچی کو کھلائیں۔"

"مگر میں کہاں تلاش کروں؟"

"ایسی کوئی بات نہیں میں خود ابھی منڈی سے جا کر خرید لاتا ہوں۔"

میں کلینک میں اُس کا انتظار کر ہی رہا تھا تو وہ دس بارہ چھوٹی چھوٹی تقریباً سفید رنگ کی گٹھیاں (tubers) لے آیا۔ میں نے فرخ سے کہا کہ گھر جا کر ان کو پیس کر پاؤڈر بنالو اور اس میں سٹرابری یا کسی اور فلیور کا جیلی پاؤڈر خرید کر اس میں ملا کر جیلی تیار کرو اور بچی کے ساتھ تھوڑے تھوڑے وقفے کے بعد دیتے جانا۔

میں نے ڈاکٹر Bhat کا شکریہ ادا کیا اور وہ بڑے اعتماد کے ساتھ تسلی دے کر چلا گیا۔ کچھ دیر بعد فرخ جیلی کا چھوٹا پیالہ لے آئی اور اللہ کا نام لے کر غازیہ کو کھلانا شروع کر دیا۔ بس کیا تھا شام تک غازیہ کی پیچش ٹھیک ہوگئی ڈاکٹر حیران پریشان رہ گئے کہ یہ آخر ہو کیا گیا ہے۔ اس واقعے کے بعد ہم جب کبھی سفر کرتے تو Arrow Roots کا پاؤڈر ایک شیشی میں ڈال کر اپنے ساتھ ضرور لے آتے تاکہ اگر دوبارہ اس قسم کی تکلیف ہو تو جیلی تیار کر کے غازیہ کو کھلا دی جائے۔ پاکستان میں آکر پتہ چلا کہ یہ چیز تو یہاں عام ہے۔ اسے "اراروٹ" کہا جاتا ہے۔

چونکہ ڈاکٹر بھٹ اور میری لیبارٹری سائنس سکول کی پانچویں منزل پر تھی۔ مجھے اکثر اوقات پتہ چلتا رہتا کہ وہ مریضوں کو اس بیماری کے لئے کوئی نہ کوئی دیسی دوائی کا استعمال کرنے کا مشورہ دیا کرتا۔ اُس کا گردے کی پتھری کا ایک خاص مندرجہ ذیل نسخہ تھا۔

لاطینی امریکہ میں دو قسم کے کیلے ہوتے ہیں۔ ایک بڑے سائز کا جو کہ عام کھانے کے استعمال میں آتے ہیں اور ایک چھوٹے سائز کا جنہیں *cambur manzano* کہا جاتا ہے۔ سپینش زبان میں *cambur* کے معنی ہیں کیلا۔ اس کا تنا لے کر اس سے کوئی ایک فٹ لمبے ٹکڑے کر کے فریج میں رکھ دیئے جائیں پھر اوپر سے چھیل اُتار کر اندر کے غدے کو پانی میں blend کر

Marfat.com

کے دن میں کئی بار پیا جائے اگر پانی ختم ہو جائے تو دوسرے فٹ کے ٹکڑوں کو اسی طرح استعمال میں لایا جائے۔ چند دنوں کے بعد اگر پتھری ہے تو وہ بھی نکل جائے گی اور مزید پتھری پیدا نہ ہوگی۔

یہ نسخہ تو تھا گردے کی پتھری کا اب hypertension کا علاج سنیئے۔ اس حالت کو اچھا کیا جا سکتا ہے۔ لسن کی جڑیں بیاز کی طرح کی گٹھیاں ہوتی ہیں۔ مٹھی بھر گٹھیوں کو پانی blend کر کے فریج میں رکھ دیا جائے اور دن میں کئی بار یہ پانی استعمال کیا جائے۔

ایک روز میں اپنے ریسرچ طالبعلموں کے ساتھ سائنس سکول کی کیفے ٹیریا میں ریلنگ کے ساتھ کھڑا ہوا کافی پی رہا تھا تو ایک بزرگ عورت اور اس کے ساتھ جوان لڑکی ہاتھ میں ٹریول بیگ تھامے سیڑھیاں چڑھتی ہوئی کیفے ٹیریا میں آن پہنچیں۔ اتفاق سے مجھ سے ہی پوچھا ”کیا آپ ڈاکٹر Keshava Bhat کو جانتے ہیں؟“ میں نے جواب دیا ”یقیناً آپ کو کیا کام ہے؟“

بزرگ خاتون نے کہا کہ ہم کولمبیا سے آئے ہیں اور مجھے hypertension کی تکلیف ہے۔ میں نے فوراً جواب دیا۔ میں بھی ہندوستان کے قریب پاکستان کا رہنے والا ہوں اور اس بیماری کے علاج کے متعلق خوب جانتا ہوں لہٰذا میں نے اوپر والا نسخہ سمجھا دیا اور بزرگ خاتون سے کہا کہ میں آپ کو اس کے دفتر پہنچا دیتا ہوں لیکن جو نسخہ ڈاکٹر بھٹ تجویز کریں وہ مجھے میری لیبارٹری میں جانے سے پہلے ضرور بتا دینا کیونکہ میں لفٹ استعمال نہیں کرتا۔ ان دونوں کو لفٹ میں بٹھایا اور کہا کہ پانچویں فلور پر جائیں میں سیڑھیوں چڑھتا ہوا آتا ہوں اور آپ کو اس کا کمرہ دکھا دیتا ہوں۔ چند منٹوں کے بعد میں بھی سیڑھیاں چڑھتا ہوا پانچویں منزل پر لفٹ کے قریب جا پہنچا۔ اس کا کمرہ سیڑھیوں کے عین دائیں ہاتھ کی طرف تھا۔ corridor سے اپنی لیبارٹری کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا ”نمبر 512 اور جہاں یہ corridor ختم ہوتا ہے اس کے بائیں ہاتھ کی طرف ہے مگر مجھے نسخہ بتا دیجئے گا ضرور۔ لیکن ڈاکٹر صاحب سے یہ نہیں کہنا کہ میں نے بھی hypertension کا نسخہ تجویز کیا ہے۔“ میں نے ڈاکٹر بھٹ کے دروازے پر دستک دی اور اس سے کہا کہ یہ مہمان آپ سے ملنے آئے ہیں۔

میں اپنی لیبارٹری میں چلا گیا۔ کوئی آدھ گھنٹے کے بعد میری لیبارٹری کے دروازے پر دستک ہوئی۔ میں نے اندر آنے کو کہا اور وہ دونوں مہمان اندر آ گئے۔ میں نے انہیں بیٹھنے کیلئے کہا مگر انہیں جانے کیلئے جلدی تھی کیونکہ انہوں نے فلائٹ لے کر Bogota کولمبیا کے دارالخلافہ میں لوٹنا تھا۔ مجھ سے صرف اتنا کہا ”میں جانتی تھی پرانی دنیا کے رہنے والے لوگ بہت دانشور ہیں خاص طور پر ہندوستان کے ڈاکٹر صاحب نے وہی نسخہ تجویز کیا جس کے استعمال کی آپ نے ہدایت کی تھی۔“ اور وہ واپس لوٹ گئیں۔

دیسی دوائیوں سے علاج کی بات چل نکلی ہے تو میرے جنوبی کوریا کے ایک دوست ڈاکٹر چونگ نے مشورہ دیا۔ کہا کہ جب سے یہ کہ سادہ پانی پیا جائے بوتل میں اتنی گندم ڈالی جائے کہ پانی کا رنگ ہلکا پیلا ہو جائے اور دن رات اسے استعمال کرنے سے کئی قسم کی بیماریاں ختم ہو جاتی ہیں لہٰذا ہم واٹر کولر کی بوتل میں دوسری بوتل خالی ہونے سے پہلے فرج اتنے گندم کے دانے ڈال دیتے جس سے مطلوبہ رنگ نظر آنے لگے اور چند گھنٹے یہ بوتل استعمال میں نہ لائی جاتی تاکہ رنگ پانی میں گھل جائے۔

(Transvestite) *Postizo*

Cumaná کو عام طور پر Venezuela کا سب سے قدیمی شہر تصور کیا جاتا ہے۔ بعض مورخ شہر Coro کو جو کہ Falcon State میں واقع ہے درجہ بندی میں حوالہ دیتے ہیں کیونکہ Cumaná کی پرانی settlements نے survive نہ کیا اور شہر کو *Primogenita de Contimente* کہتے ہیں۔ اس شہر کا آغاز Spanish راہبوں نے کیا جنہوں نے Venezuela کے Native Indians (قدیمی باشندے) کو خاص طور پر اور دوسرے لاطینی ملکوں سے بالعموم Catholicism میں convert کرنے کی غرض سے زرخیز خطہ سمجھا لہٰذا Franciscans اور Dominicans راہبوں نے Cumaná میں 1515 میں لکڑی اور تنکوں سے ابتدائی mission قائم کیا۔

وینزویلا کی ریاست Monagas جس کا دارالخلافہ Maturin ہے وہاں گردونواح کے ندی، نالوں اور پانی کے ذخیروں سے میں نے اپنی research کیلئے snails پکڑنے تھے۔ Maturin میرے شہر Cumana کے جنوب مشرق میں

Marfat.com

199 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ لہذا میرا ڈرائیور Triburcio، technician بنام Zuebero، میرا شاگرد Jose Luis Naveira اور میں یونیورسٹی کی pickup میں روانہ ہوئے۔

Cumaná سے مشرق میں کوئی 64 کلومیٹر تک سڑک Gulf of Cariaco کے کنارے کنارے متوازی اور دائیں ہاتھ کے پہاڑوں کو کاٹ کر بنائی گئی۔ یہ گلف Venezuela کے main land اور Araya Peninsula (سمندری نمک کے لیے مشہور) کے درمیان Caribbean سمندر کی ایک محفوظ inlet ہے۔ اس گلف کا رنگ نیلا اور اس میں تعداد مچھلیاں ہیں۔ اسی Gulf کے کنارے کے ساتھ Cumaná شہر اور ایک چھوٹے سے گاؤں La Penia کے درمیان ساحل کے قریب تیرتے ہوئے لکڑی کے platforms ہیں۔ یہ pelicans کے آرام کرنے کی پسندیدہ جگہیں ہیں جب مچھلیاں پکڑنے سے pelicans کے پیٹ بھر جائیں تو ستانے کے لیے یہاں آن بیٹھتے ہیں۔ یہ پلیٹ فارمز mussel culture کیلئے استعمال ہوتے ہیں۔ La Penia سے تھوڑی دور ایک مچھیروں کا گاؤں جسے Mariguitar کہتے ہیں۔ اس گاؤں کے قریب سیاحوں کیلئے cabins اور ایک قدرتی گرم چشمہ کا thermal swimming pool تیرنے کے لیے تالاب ہے۔

Mariguitar سے قریبا 15 km آگے ایک اور گاؤں جسے San Antonio de Golfo کہتے ہیں۔ یہاں سے آگے Gulf کا پانی کنارے سے دور ہوتا چلا جاتا ہے۔

ہم لوگ شام کے قریب Maturin پہنچے۔ عجیب اتفاق ہے ہم چاروں کیلئے بہ یک وقت Maturin کے ہوٹلوں میں جیسا کہ Perla Princess، Friuli، Mallorca اور American City میں کوئی جگہ خالی نہ ملی۔ کسی کے لئے ایک اور کسی میں دو افراد کے ٹھہرنے کی گنجائش۔ چاروں افراد کے اکٹھے رہنے کی جگہ خالی نہ تھی۔ آخرکار ہم Chaima Inn (ضمیمہ 137) میں ٹھہرے۔ یہ ایسا ہوٹل نہیں کہ لوگ اتفاقاً یہاں پہنچ جائیں بلکہ ان مسافروں کیلئے مخصوص ہے جنہوں نے Delta Amacuro جانا ہوتا ہے۔ باوجود اس کے ہوٹل highway سے ملحقہ واقع مگر زیادہ traffic نہیں۔ اسے ایک منزلہ motel سے منسوب کرنا زیادہ موزوں ہے۔ ایک وسیع compund کا دروازہ سامنے reception اور اس کے ساتھ ہی restaurant کا دروازہ ہے۔ reception سے ایک اور دروازہ restaurant میں کھلتا ہے۔ اس unit کے دائیں اور بائیں کمرے جن کے دروازے مین parking lot میں کھلتے ہیں۔ پیچھے section کے کمرے ایک semi-circle میں swimming pool کے اردگرد واقع ہیں۔ اس section میں کاروں کو پارک کرنے کی ممانعت ہے۔ parking lot میں دو محافظ تعینات ہیں اور parking lot ہوٹل کی لابی سے صاف نظر آتا ہے۔ یہ نہایت خاموش اور پرسکون حصہ restaurant کی عمارت سے ملحقہ ہے۔ رات کو صرف یہاں مینڈکوں کی آوازیں سنائی دیتی ہیں۔ pool کے اردگرد کرسیاں، اور میز ہوتے ہیں تاکہ لوگ باہر بیٹھ کر snacks کر سکیں۔

ہم نے دو کمرے لئے۔ ایک میرے اور ایک Naveira کیلئے۔ ساتھ والا Tribureio اور Zubero کیلئے دونوں کمرے سامنے والے کمروں میں سے تھے جو پارکنگ لاٹ میں کھلتے۔ اپنا سامان وغیرہ کمروں میں رکھا۔ نہا دھو کر کپڑے بدلے اور بعد میں restaurant میں کھانا کھانے کیلئے گئے تو ہمارا پسندیدہ کھانا نہیں تھا۔ ہم parrilla (barbecue) کھانا چاہتے۔ parrilla وینزویلا میں ایک خاص قسم کا گوشت۔ beef کے موٹے موٹے اور بڑے slabs کوئلوں کی سلگتی ہوئی انگیٹھی پر پڑے ہوئے میز پر لا کر رکھ دی جاتی ہے۔ ہر ایک کے سامنے ایک، ایک لکڑی کی تختی بھی رکھی جاتی ہے۔ گوشت کے ٹکڑوں کو جو کہ پک چکے ہوتے ہیں اٹھا اٹھا کر تختی پر رکھ لیتے اور اوپر Tabasco sauce ڈال کر چھری اور کانٹے سے کھایا جاتا ہے۔ ساتھ آلوؤں کی طرح ایک قسم کی جڑی bollos اور yuccaa بھی ہوتے ہے لہذا ہم ایک مشہور علاقہ میں آئے جسے Zona de Pilotear کہتے ہیں جو کہ Avenida Juncal کی دونوں طرف چھوٹے، چھوٹے stands پر مبنی اور parrilla یا barbecued meat کی دوکانیں ہیں۔ یہ stands ایک طرح سے Venezuela میں fast food کی outlets ہیں۔

parrilla کھانے کے بعد میرے ساتھیوں نے سوچا کیوں نہ ادھر اُدھر bars میں گھوما جائے مگر میری عادت ہے پہلے میں اپنا کام ختم، پھر recreation پر توجہ دیتا ہوں۔ میرے ساتھی بضد تھے آج ہی ذرا عیش و تفریح کر لیں لیکن میں نے انکار کر دیا

Marfat.com

کیونکہ ہم تھکے ہوئے بھی تھے۔ خیر واپس Chaima Inn میں لوٹ آئے۔ دوسرے دن میں تو حسبِ عادت صبح 4:47 پر اٹھ گیا مگر وہ گھوڑے بیچ کر سوتے رہے۔ میں نے restaurant میں اپنا حسبِ عادت معمول کا ناشتہ کیا۔ ساتھ ہی vitamins Stresstab یا Centrum کی ایک گولی fish oil کے دو gells اور aspirin کا چوتھا حصہ۔ جب کمرے میں لوٹا تو Naviera بھی تیار ہو رہا تھا کمرے کو مقفل کیا۔ Zubero اور Triburcio کا دروازہ کھٹکھٹایا وہ بھی تھوڑی دیر میں تیار ہو گئے۔ collection کرنے کا سامان pickup میں رکھا اور پھر وہ تینوں restaurant میں ناشتہ کرنے آ گئے۔ یاد رہے کہ Venezuelans کی اکثریت ناشتہ پیٹ بھر کر کرتی ہے۔ وہ تینوں arepa کھانے چاہتے تھے۔ arepa سفید مکئی یا گندم کا پاکستانی بند کی طرح ہوتا ہے اور اس میں hambuger کی طرح مختلف قسم کا گوشت لیکن گوشت carne mechada کے باریک باریک shreds (کٹے ہوئے ٹکڑے) یا انڈے وغیرہ بھر دیئے جاتے ہیں مگر restaurant میں یہ میسر نہ تھے لہذا ہم pickup میں بیٹھ کر Encrucejada (چوراستہ) کی طرف روانہ ہوئے۔ Encrucejada پر کئی restaurants اور filling stations ہیں۔ یہ مسافروں کیلئے کھانے کی جگہ ہے۔ وہاں ان تینوں نے تین، تین arepas کھائے۔ میں منع کرتا رہا کہ اس قدر زیادہ مت کھاؤ۔ نہایت سخت duty ہے مگر وہ تھے کہ کھاتے ہی رہے۔ پھر کہنے لگے "بہت کھا لیا ہے۔"

ہم یہاں سے Laguna Grande (Grand Lagoon) کی طرف روانہ ہوئے۔ airport سے گزرنے کے بعد La Pica (جگہ کا نام) سے دائیں ہاتھ کو مڑے اور کوئی 12 کلومیٹر پر یہ Laguna واقع ہے۔ اس رستے میں بڑی اور چھوٹی لاتعداد کھائیاں ہیں۔ آخر کار ایک balneario (ضمیمہ 138) ہونے کے باوجود یہ جگہ بہت عرصہ استعمال میں نہ لائی گئی۔ یہ بھی عرض کرتا چلوں کہ kiosks اور shelters میں کرسیاں اور میز ہوتے ہیں جہاں شراب وغیرہ serve کی جاتی ہے۔ waiter آپ کا order آپ کی جگہ پر مہیا کر دیتا ہے اور یہ balneario کی خاص سہولت ہے۔ boatclub ہونے کے باوجود private ہونے کے باوجود عام پبلک کیلئے کھلا رہتا ہے تاکہ لوگوں کی private property پر tresspass نہ ہو۔ Laguna تک پہنچنے کیلئے balneario سے کئی کلومیٹر آگے ایک تنگ channel سڑک کو کراس کرتی ہے اور اس کے ساتھ ہی ایک path ہے۔ ہم نے pickup کو channel کے قریب چھوڑ دیا۔ یہاں سے Laguna کا منظر نہایت دلکش ہے۔

کئی قسم کے رنگ برنگی guacamayas اور چھوٹے سبز رنگ کے طوطے اڑتے پھرتے نظر آتے ہیں۔ ہر طرف تواتر سے chattering سنائی دیتی ہے۔ Kingfishers درختوں کی شاخوں پر بیٹھے یا مچھلیاں پکڑنے میں مشغول نظر آتے تھے۔ میں نے جس طرف بھی رخ کیا مختلف رنگوں کے پرندے درختوں پر بیٹھے اور اڑان میں مشغول دیکھے۔ مچھلیاں تو تواتر سے jump کر رہی تھیں۔ pale purple water hycinths پانی کے کنارے پر اگے ہوئے اور اسی طرح بلند palms کے نیچے Heliconia لگے ہوئے تھے۔

ہمارے پاس ایک چھوٹی rubber raft اور دو چپو تھے۔ ہم جھیل کے کنارے پہنچ گئے اور snails کو پتھروں، پانی کی بوٹیوں اور کناروں سے اکٹھا کر کے plastic کے تھیلوں میں ڈالتے رہے۔ یاد رہے کہ تھیلوں میں سوراخ کرنے ضروری ہیں تاکہ پانی جمع نہ رہے ورنہ toxicity ہونے کی وجہ سے snails مر جاتے ہیں کیونکہ stagnant پانی میں organic گندگی جمع ہوتی رہتی ہے۔ ہمیں اتنا material مل گیا کہ کوئی تین گھنٹوں میں اس Laguna سے کافی collection کر لی۔ کئی اور جگہوں سے بھی snails پکڑے لہذا میں نے واپس چلنے کا اظہار کیا۔ Subero تو Laguna کے کنارے پر snails اکٹھے کرتا رہا مگر Naveira اور میں نے raft میں بیٹھ کر Laguna میں کئی جگہ سے collection کی۔

جب pickup تک پہنچے تو Triburcio ایک palm کے سائے میں سویا خراٹے لے رہا تھا اور اس کا straw hat بھی اس کے سر پر موجود تھا۔ Triburcio کی چند ایک عجیب عادات تھیں ایک تو وہ hat کسی حالت میں بھی سر سے نہ اتارتا۔ ماسوائے میں نے اسے بغیر hat کے کبھی نہ دیکھا اور میرے ساتھ وہ کافی free تھا جبکہ وہ میرا خاص آدمی رہا۔ کبھی کبھار میں اس کو ایک دن کیلئے field میں بھیج دیتا مگر D.A (Spanish زبان میں viaticos) دو دن کا دیتا۔ میں نے ایک دفعہ Triburcio سے پوچھا کہ

Marfat.com

کبھی hat وغیرہ اتارتے بھی ہو؟ تو ہنس کر کہنے لگا: "اصل میں میرے سر پر بال نہیں گھر میں hat اُتار لیتا ہوں اور وہ بھی سونے کے وقت۔" دوسری بات یہ کہ وہ بہت اچھا ڈرائیور واقع ہوا تھا۔ 10-12 گھنٹے تک میں نے متواتر اُس کے ساتھ سفر کیا، مگر کار کے retrovisor میں بھی نہ دیکھتا کہ پیچھے کار وغیرہ تو نہیں آرہی اور نہایت اطمینان سے سفر جاری رکھتا۔ ایک دفعہ ہم Sendero Luminoso (shining path) میں snails پکڑنے کیلئے گئے۔ یہ جگہ Caracas سے پہلے بائیں طرف ایک motorable سڑک سے پہاڑوں میں چشمہ اور یہ راستہ نہایت خطرناک ہے۔ پہاڑ، گھنے جنگلات اور آبادی بہت کم۔ اس راستے سے Caracas کو bypass کرتے ہوئے مغرب کو جانے والے highway پر پہنچ جائیں تو کئی کلومیٹر کا فاصلہ کم ہو جاتا ہے۔ ہم ایک pickup اور دو کاروں میں سوار تھے کیونکہ یہ چھ دنوں کی مہم تھی۔ Sendero Luminoso (ضمیمہ 139) سے ہم نے Venezuela کے مغربی شہر La Victoria میں بھی collection کیلئے جانا تھا۔ میں Triburcio پچھلی سیٹ پر اور اُس کے ساتھ Naviera بیٹھا ہوا تھا۔ پچھلی دو کاروں میں سے ایک میں Dr. kirsteuer (Austrian) اور اس کا assistant دوسری کار میں Bob Brenden (امریکن) اور اس کے تین students تھے۔

Sendero Luminsos سے collection کر کے فارغ ہوئے تو شام ہونے کو تھی۔ گھنے جنگلات کی وجہ سے اندھیرا جلدی ہو گیا۔ شام ہوئی نظر آتی۔ کوئی ایک گھنٹہ گزرا ہوگا جب ہم Sendero Luminsos سے ملے تو دیکھتا کیا ہوں کہ Triburcio نے گاڑی کی رفتار تیز کر دی ہے۔

"یہ کیا کر رہے ہو، راستے میں موڑ اور اندھیرا؟" میں نے تشویش کا اظہار کیا۔

"ڈاکٹر صاحب چپ ہو جاؤ اور اُدھر دیکھو۔"

میں نے windscreen میں سے دیکھا کہ ایک شخص سفید قمیض پہنے عین سڑک کے درمیان لیٹا ہوا ہے۔ جیسے کوئی زخمی حالت میں ہو اور دو شخص اس کی ایک طرف سڑک کے کنارے توجہ دلاتے ہوئے ہاتھ سے گاڑی روکنے کو کہہ رہے ہیں۔

"Triburcio گاڑی روکو۔ کوئی زخمی معلوم ہوتا ہے۔"

"ڈاکٹر صاحب چپ!" اس نے گاڑی کی رفتار مزید تیز کر دی جیسے اُن کو گاڑی سے کچل دینے کا ارادہ ہو مگر وہ اُٹھ کر تیزی سے ایک طرف ہو گیا اور دوسرے دو اشخاص بھی سڑک سے ہٹ گئے۔

"ڈاکٹر صاحب ہم لوگ بچ گئے اگر ان کے پاس اسلحہ موجود ہوتا تو نجانے کیا وقوعہ پیش آ جانے کا احتمال تھا یہ کوئی لٹیرے تھے۔"

"تمہیں کیسے معلوم ہوا کہ ان کے پاس اسلحہ موجود نہ تھا؟"

"اگر اسلحہ موجود ہوتا تو ضرور کوئی اسلحہ تان کر کھڑا ہوتا۔"

بات یہاں سے یہاں تک جا پہنچی۔ واپس Chaima Inn میں آ کر snails کو styrofoam کے boxes جن میں Elodea اور lechuga (سلاد کے پتے) snails کی خوراک کے لیے تھی، ڈال دیا اور اوپر سے muslin (ململ) کے کپڑے سے ڈھانپ دیا۔

دوپہر کا کھانا Chaima Inn کے restaurant میں ہی کھایا کیونکہ Venezuelans وہ تو siesta (قیلولہ) دن کو کھانا کھانے کے بعد دو سے تین گھنٹے آرام کرنے کے عادی ہوتے ہیں تمام کاروبار بند کر دیا جاتا ہے۔ کمرشل لوگ کسی ملازم کو کاروبار کی نگرانی پر عارضی طور متعین کر جاتے ہیں جبکہ مالکان آرام کرنے کیلئے چلے جاتے ہیں۔ بنکوں میں قریباً ایک گھنٹہ کی چھٹی ہوتی ہے۔ جب میں پہلی دفعہ Venezuela جانے کیلئے Rome پہنچا تو حیران رہ گیا لوگ siesta کے اسقدر عادی ہیں کہ کاروبار بھی تین، چار گھنٹے کیلئے بند کر دیا جاتا ہے۔ مجھے بعد میں پتہ چلا کہ نہ صرف Mediterrenean ممالک میں لوگ اس عادت کے حصار میں ہیں بلکہ Latin America میں بھی۔ اپنے کمروں میں چلے گئے اور میں Chaima Inn کی lobby (یہ reception کا ایک حصہ تھی) میں اخبارات وغیرہ کا مطالعہ کرتا رہا۔ یہ بھی عرض کرتا چلوں کہ بعض ایسے مواقع بھی آئے ہیں کہ بارہ گھنٹے مسلسل آرام کرنے کا موقع میسر نہ آیا اور میرے subordinates مجھے اندر ہی اندر سے کوسا کرتے۔ میں انہیں کئی اور

Marfat.com

طریقے سے خوش کر دیا کرتا۔ آج کا کام ویسے بھی ضرورت سے زیادہ ختم ہو گیا تھا۔

کوئی چار بجے کے قریب وہ تینوں تیار ہو کر lobby میں آ گئے اور کہنے لگے کہ ڈاکٹر آؤ گھومنے چلیں۔

"ایسے نہیں! مجھے ذرا recepcionist سے پوچھ لینے دو۔"

"اس کی بھی کیا بات ہے۔ میں کئی balenearios کے متعلق جانتا ہوں۔" Triburcio نے بڑے دعویٰ سے کہا۔

"تم کیسے جانتے ہو۔ میرے ساتھ تو پہلی بار اس علاقے میں آئے ہو؟"

"میں آپ کے ساتھ کام کرنے سے پہلے اکثر یونیورسٹی کے پروفیسروں کے ساتھ آتا رہا ہوں۔"

یہ یونیورسٹی ایک multiversity ہے۔ اس کا ایک campus اور main administrative offices یعنی Rectorado (Rector کے دفاتر) شہر Cumaná میں ہیں۔ دوسرا Bolivar State Campus شہر Bolivar میں، تیسرا Monagas State Campus شہر Maturin جہاں اس وقت ہم تھے، چوتھا Anzoategui State Campus شہر Puerto la Cruz اور پانچواں Nueva Esparta State یعنی Margarita Island کے شہر Por la Mar میں ہیں۔

"کونسے balneario میں چلیں؟" میں نے Triburcio سے پوچھا۔

"Los Arcos، Las Americas اور Los Mangos کافی دلچسپ ہیں۔" اس نے جواب دیا۔

"تمہیں کونسا پسند ہے؟" میں نے دوبارہ دریافت کیا۔

"Los Mangos یہاں سے ذرا دور ہے مگر کیا بات ہے۔"

"چلو وہاں ہی چلتے ہیں۔" میں رضامند ہو گیا۔

میں نے اپنا سگار جلایا اور pickup کی پچھلی نشست پر حسب عادت دائیں ہاتھ، میرے بائیں ہاتھ Zubero اور Triburcio کے ساتھ Naveira بیٹھ گیا۔ Triburcio نے گاڑی چلانی شروع کر دی۔ Encrucejada پہنچ کر میں نے حسب معمول black coffee پی اور انہوں نے دودھ اور چینی کیا تھا۔ Highway نمبر 10 پر سے ہوتے ہوئے Maturin سے 23 کلومیٹر شمال کی جانب ایک intersection واقع ہے جو Quriquire (ایک petroleum camp) کو جاتا ہے۔ کوئی نشان وغیرہ رستہ دکھانے کا نہ تھا۔ Quriquire پہنچ کر میں نے Triburcio سے پوچھا

"کونسا راستہ Los Mangos کو جاتا ہے؟"

"کسی سے پوچھ لیتے ہیں۔"

"مگر تم کئی بار یہاں آ چکے ہو۔"

"کافی عرصہ ہوا۔ رستہ بھول گیا ہوں۔"

میں نے اسے گاڑی روکنے کو کہا اور خود ایک شخص سے پوچھا۔ "La Cantara el Pinto اور Balneario Agu Termales Los Banios (گرم پانی) کی طرف جاؤ۔" اس نے راستے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے جواب دیا۔ کوئی 10 کلومیٹر آگے ایک کچی پکی اور گڑھوں والی سڑک کے آخر میں balneario کا بورڈ نصب تھا۔ یہ ایک دلکش concrete کا بنا ہوا asymmetrical تالاب اور اس میں پانی ایک گرم چشمے سے آتا ہے۔ آدھی درجن شیڈ خوبصورت چھت ڈالے ہوئے تھے جن میں kiosks اور کرسیاں پڑی ہوئی تھیں۔ صاف ستھرے picnic tables، toilets اور showers کی سہولت موجود تھیں۔ manicured گراؤنڈ، داخلے کا کوئی charge نہ تھا۔ صبح چھ بجے سے پانچ بجے شام تک کھلا البتہ سوموار کے دن بند رہتا۔ groundkeepers نے بتایا کہ تمام خرچ گورنمنٹ کا ہوا ہے اور رقم خرچ کرنے میں کوئی دریغ نہ کیا گیا مگر اس کی promotion نہیں ہوئی اسلئے عام Venezuelans کو اس کی موجودگی کا علم نہیں اور ہو بھی تو public transport کی عدم موجودگی میں اور اس کے دور دراز ہونے کی وجہ سے یہاں تک رسائی آسان نہیں۔

Marfat.com

ہم نے خوب جی بھر کر تالاب میں نہایا۔ سہ پہر کا وقت ہو گیا۔ جب کپڑے وغیرہ پہن کر تیار ہوئے تو میں نے groundkeeper سے پوچھا، ''Balneario Los Mangos کو کونسا رستہ جاتا ہے؟''

''وہ تو Balneario Los Mangos یہاں نہیں البتہ Caripito کے قریب ایک Los Mangos بستی واقع ہے۔'' اس نے طنزیہ لہجے میں جواب دیا اور ''ہاں! اگر صرف Los Mangos (؟) کو جانا ہے تو Maturin کے قریب Los Arcos کے نواح میں ہے۔''

Triburcio کا خوب مذاق اڑایا گیا واپس لوٹے تو شام ہو رہی تھی۔ ادھر ادھر neon signs کو دیکھتے رہے۔ دائیں طرف درختوں کے جھنڈ میں ایک neon sign کے نیچے Los Mangos لکھا ہوا تھا۔ Triburcio نے کار کی parking lot میں جو کہ Los Mangos کی پچھلی طرف تھا، کھڑی کر دی۔

شام کے سات بجے کا عمل ہو گا۔ Los Mangos تقریباً ویران تھا۔ bar کھلی ہوئی مگر ابھی ''دھندا'' شروع نہ ہونے پایا تھا۔ یونانی ایسی جگہوں پر راتیں جاگتی اور دن سوتے ہیں۔ اندر داخل ہونے پر درمیان میں ایک کشادہ dance floor واقع تھا۔ دائیں ہاتھ کی طرف تقریباً 13 فٹ لمبی bar عمدہ لکڑی سے بنی ہوئی اور اس کے بائیں ہاتھ کی طرف صاف ستھرے مختلف size کے glasses رکھے ہوئے تھے۔ تین ice baskets بھی جن میں ice cubes پڑے ہوتے تھے اور باہر کی طرف اسی کونے میں چوڑے پلاسٹک کے بڑے ٹب تھے جو ice cubes سے بھرے پڑے تھے۔ bar کے دائیں ہاتھ کی طرف لکڑی کی removable تختی جس کی چوڑائی bar کی چوڑائی کے برابر اور دیوار میں قبضوں کے ساتھ نصب تھی۔ اس تختی کو اوپر کرنے سے bar کے اندر داخل ہو سکتا۔ جب تختی کو نیچے رکھنے سے ایسا معلوم ہوتا جیسے ایک ہی لمبی بار دیوار تک ہے۔ دو barmen شراب کی بوتلوں کو دیوار گیر shelves پر چن رہے تھے۔ bar سے باہر دائیں طرف دیوار کے ساتھ ایک لوہے کا بڑا box جس پر جلی حروف میں Polar تحریر تھا۔ Polar ایک beer کا برانڈ ہے اور اسی طرح Zulia بھی ایک beer کی قسم ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ وہاں صرف Polar beer ہی serve ہوتی تھی۔ beer کی بوتل جو کہ آجکل پاکستان میں پیپسی کولا یا کوکا کولا کی بڑی بوتل کے برابر جسے media jara اور اس سے تیسرے حصہ کی بوتل کو tercio کہتے ہیں۔ باکس میں پڑی tercios کی بوتلوں کے اوپر کافی مقدار میں ice cubes رکھتے ہوئے تھے تاکہ beer ٹھنڈی رہے۔

bar والے حصے کے آگے تقریباً آدھے dance floor تک اوپر چھت ڈال دیا گیا تھا۔ dance floor کے اردگرد مختلف اقسام کے درخت استادہ تھے جن پر رنگ برنگ fluorescent رنگ بجلی کی tubes نصب تھیں۔ کافی درخت ہونے کی وجہ سے روشنی منظر آتی حالانکہ کئی ایک درختوں پر tubes روشنی بکھیر رہی تھیں۔ bar کے دائیں اور بائیں طرف داخلے کے دروازے تک کمرے تعمیر کیے گئے۔ dance floor اور کمروں کے درمیان تھوڑے تھوڑے فاصلے پر تین rows میں tables لگے ہوئے جن کے اردگرد پلاسٹک کی کرسیاں پڑی ہوئی تھیں۔ tables اگرچہ اچھی قسم کی لکڑی سے بنائے گئے مگر زیادہ استعمال کی وجہ سے ان کے tops بوسیدہ ہو چکے تھے جہاں Polar کا box پڑا ہوا تھا اسکے قریب ایک Jukebox یا rocola تھا۔ اس دور میں decks یا cassette recorders کا زیادہ رواج نہ تھا۔ Jukebox کوئی تین فٹ چوڑی اور پانچ فٹ اونچی مشین جس کی depth تقریباً دو فٹ ہوتی ہے۔ اس کے اوپر والا تقریباً آدھا حصہ شیشہ یا transparent پلاسٹک کا ہوتا ہے۔ نچلی نصف حصہ پر ایک horizontal اور تقریباً چھ انچ چوڑے شیشے یا transparent plastic کا ایک panel۔ Jukebox کی horizontal rows میں چھوٹے گراموفون records کوئی 15 cm قطر پڑے ہوتے ہیں اور یہ مشین بجلی کی مدد سے چلتی ہے۔ panel پر گانے اور گانے والوں کے نام اور ان کے سامنے ایک بٹن۔ مثال کے طور پر اگر مجھے یہ گانا پسند ہے جس کا نام Cuatro Velas (چار موم بتیاں) ہے تو میں مشین میں مطلوبہ رقم جو اس وقت ایک Bolivar تھی ایک سوراخ میں ڈالتا ہوں اور panel پر اسی گانے کا button دباتا تو آنکھوں کے سامنے مشین حرکت میں آ جائے گی۔ وہ record مکینیکل طریقہ سے خود بخود rows سے اٹھایا جائے گا اور بجنے لگے گا۔ جتنے گانے آپ سننا چاہیں۔ اتنے ہی Bolivares (وینزویلا کی کرنسی)

Marfat.com

مشین کے سوراخ میں ڈالیں تو بتدریج گانے بجتے رہیں گے۔

bar کے باہر بائیں ہاتھ کی دیوار کے ساتھ ایک چھوٹا سا کچن جہاں سے fast food اور کوئی چیز تو میز پر serve کیا جاتا۔

ہم dance floor کے دائیں ہاتھ کی طرف ساتھ والی میز پر بیٹھ گئے۔ بھوک نے ستایا ہوا تھا ہم نے چار پلیٹ parrilla کا آرڈر دیا اور تھوڑی دیر میں waiter لے آیا۔ جب ویز ویلا میں اپنے گھر پارٹی کا اہتمام کیا کرتا تو disposable پلاسٹک کی پلیٹیں، گلاس، چھری کانٹے اور چمچ استعمال میں لاتے۔ back lawn میں دو یا تین جگہ پر درختوں سے ساتھ poly ethylene کے bags جنہیں پاکستان میں shopper کہتے ہیں۔ ایک بوری کے size کے لٹکا دیتا کہ کھانے کے بعد مہمان ان میں اپنی پلیٹوں وغیرہ کو رکھ دیں پھر ان تھیلوں کو رسی سے باندھ کر کوٹھی کے باہر carbage collectors کے لئے رکھ دیتے۔۔ پلاسٹک کی چار پلیٹوں میں barbecu meat کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے لے کر آگیا جن میں bollo کے ٹکڑے بھی شامل تھے۔ ہر ایک پلیٹ میں تین چار bollo کے ٹکڑوں پر mondadientes لگے ہوئے تا کہ ان کی مدد سے گوشت اور bollo کے ٹکڑوں کو اٹھا کر کھایا جا سکے، پینے کے لئے Zubero اور Triburcio نے دو mediajaras کا آرڈر دیا۔ Naveira نے coke اور میں نے black coffee کے ایک mug کے لئے کہا۔

"ہمارے پاس mug تو نہیں۔" ویٹر نے جواب دیا۔

"اچھا تو cups ہی سہی مگر کم از کم دو میں کافی ہونی چاہیے۔"

ہم نے آرام سے کھانا ختم کیا۔ barman نے اپنی جیب سے کافی bolivars ایک ایک کر کے Jukebox کی slot میں ڈالے اور کئی گانوں کے buttons دبا دیئے تا کہ کچھ دیر فضا برقرار رہے۔ آہستہ آہستہ لوگوں کی آمد شروع ہوئی۔

Los Mangos کے کمروں میں کئی عورتیں مستقل طور پر رہتی تھیں اور کچھ باہر سے آ کر وقتی طور پر اپنا دھندا کرتیں۔ یہ تمام پیشہ ور عورتیں اپنی کمائی میں سے مخصوص barman cut، جو کہ غالباً اس جگہ کا مالک تھا، کو دیتیں۔ بعض باہر سے آنے والی عورتوں کے ساتھ ساتھ کبھی کبھی کوئی مرد بھی ہوتا جس کی وضع قطع لباس اور شکل سے ظاہر ہوتا تھا کہ وہ chulo (pimp) ہے۔ یہ باہر سے آنے والی عورتیں barman سے جو کمرہ خالی ہوتا اس کی چابی لیتیں اور بناؤ سنگھار کرنے کمرے میں چلی جاتیں۔ Triburcio اور Subero جب دوبارہ beer کا آرڈر دینے گئے تو اب کی بار Naviera اور میں بھی شامل ہو گئے۔

بتدریج رونق دوبالا ہو رہی تھی۔ شائقین اپنی پسند کے گانے Jukebox پر لگاتے اور متعدد ساتھی ڈانس کرنے میں مصروف ہو گئے۔ کئی عورتیں لڑکیاں مردوں کے میز پر آ کر براجمان ہو گئیں اور فوراً drinks کے orders شروع ہو گئے۔ زیادہ تر Cuba Libre۔۔ rum، coke، ice cubes اور ایک lemon کا ٹکڑا تقریباً آدھے گلاس میں۔۔ کی فرمائش تھی۔ میرے ساتھیوں نے بھی اٹھ کر اپنی پسندیدہ لڑکیوں کے ساتھ dance کرنا شروع کر دیا۔ ایک mulata (ضمیمہ 140) میرے میز پر اجازت لے کر بیٹھ گئی اور میرے پوچھے بغیر کہا!

"میرا نام Irma ہے۔"

میں نے بھی اپنا نام بتایا۔ اپنی قمیض کی جیب سے ایک اور cigar نکالا۔ اس کے plastic cover کو اتار کر پھینکا اور cigar کے ایک سرے کو اپنے دانتوں سے کاٹ دیا۔ یہ سرا دانتوں میں قابو کرتے ہیں اور دوسرا سرا جو بند نہیں ہوتا اس کو آگ لگائی جاتی ہے میرے سگاروں پر ایک ring جس پر میرا نام P. Nasir اور سگار کے برانڈ کا نام تحریر ہوتا ہے۔

"اکیلے ہی ہو؟"

"نہیں تو میرے تین ساتھی وہ دیکھو ڈانس کر رہے ہیں۔"

"میرے ساتھ ڈانس نہیں کرو گے؟"

"ابھی نہیں ذرا سگار کا مزہ تو لے لوں۔"

Marfat.com

"سگار نہایت قیمتی معلوم ہوتے ہیں!"

"نہ صرف قیمتی بلکہ custom-made۔"

"کپڑے تو custom-made ہوتے ہیں مگر سگاروں کے متعلق پہلی بار سنا ہے۔"

"کئی اور لوگوں کو بھی خبر نہیں" میں نے اسکی حیرانگی میں اضافہ کیا۔

"custom-made کیسے ہوتے ہیں؟"

"یہ ذرا لمبی داستان ہے۔"

"تو کیا ہوا مجھے کوئی جلدی نہیں ساری رات پڑی ہے۔"

میں نے تفصیلاً سنانا شروع کر دیا۔ ہوتا یوں ہے کہ tobacco factory کا ایک بڑا ہال ہوتا ہے جس میں گنجائش کے مطابق کوئی ایک فٹ سے ذرا اونچے اور تقریباً دو فٹ چوڑے لکڑی کے لمبے میز ہوتے ہیں۔ میزوں کی دونوں اطراف عورتوں کو بٹھایا جاتا ہے۔ جوان، ادھیڑ عمر، بوڑھی غرضیکہ جو بھی کام کو سمجھتی ہوں دو زانوں بیٹھی ہوتی ہیں ہال میں دری پڑی ہوتی ہے۔ ہال کی ایک طرف سے belt کے ذریعہ تمباکو کے بڑے بڑے پشتے میز پر لائے جاتے ہیں۔ عورتیں پتے اٹھا کر اپنی ننگی ران پر ایک ہاتھ سے تمباکو کے پتوں کو roll کرتی ہیں۔ اسی طرح تمباکو کے پتے کو رول کرتی جاتی ہیں اور انہیں تجربہ ہوتا ہے کہ سگار کی موٹائی کے مطابق تمباکو کا پتہ رول ہو گیا ہے اور اسی طرح دوسرے میز پر کام کرنے والی عورتیں بھی پتے رول کر کے رکھتی جاتی ہیں۔ پھر belt کے ذریعہ رول شدہ پتے ہال کی دوسری طرف پہنچا دیئے جاتے ہیں اور وہاں سگار کی لمبائی کے مطابق ان rolls کو کاٹ دیا جاتا ہے۔ میں ذرا آپ کو custom-made اور commercial cigar میں ایک اور فرق بتا دوں۔ commercial cigar جن کو عام طور پر صرف نمائش کیلئے پیتے ہیں۔ ان کے باہر کا صرف cover تمباکو کے پتے کا ہوتا ہے اور اندر سگریٹ کی طرح تمباکو کا برادہ (موٹی شکل)۔ customm-made سگار solid تمباکو ہے۔ اس کے اندر کوئی تمباکو کا برادہ وغیرہ نہیں ہوتا۔ یہ بھی عرض کرتا چلوں کہ میں 35 سال سے زیادہ customm-made سگار پینے کا عادی ہوں جہاں بھی ہوں انور Venezuela سے سگاروں کے packs بھیجتا رہتا ہے۔ اب 1989 سے پاکستان میں رہائش پذیر ہوں مگر میرے سگار باقاعدہ Venezuela سے آتے ہیں کیونکہ آجکل انور یہاں ہے اور اس کا بیٹا ڈاکٹر شازی یہ فرض انجام دیتا ہے۔ ابھی میری گفتگو جاری تھی تو Zubero گفتگو میں شریک لڑکی کو وہ ڈانس کی غرض سے اٹھا کر لے گیا کیونکہ اسکی ساتھی لڑکی نے کسی دوسرے کے ساتھ ڈانس شروع کر دیا تھا جبکہ میں تو اپنے آپ میں مست سگار enjoy کرتا اور "تماشہ" دیکھتا رہا۔

میں نے یہ دیکھا کہ اگر کسی کو کوئی لڑکی پسند ہوتی اور "سودا" طے پا جاتا تو وہ شخص اس لڑکی کو اس کے کمرے میں ساتھ لے جاتا۔ یہ کام بڑا عام اور یہ معمولات میں شامل تھا۔ نہ صرف اسی جگہ بلکہ اسی قسم کی کئی اور جگہوں پر بھی یہ سلسلہ جاری و ساری تھا۔ میرے تینوں ساتھی پسینے میں شرابور تھکے ہارے آ بیٹھے۔ Irma کسی اور کے ساتھ چلی گئی۔ کوئی 12 بجے رات کا وقت ہوگا۔ Jukebox میں کسی نے سکہ نہ ڈالا اور music کے بغیر dance floor ویران تھا۔ دیکھتا کیا ہوں کہ ایک نہایت خوبصورت "لڑکی" اکیلی Jukebox کے قریب کھڑی ہے۔ تماشائیوں میں سے کسی پر اس کا اثر نہ ہو رہا تھا۔ میرے تینوں ساتھیوں نے آپس میں چھ کانا پھوسی کی اور Zubero کہنے لگا:

"ڈاکٹر کیا خوبصورت لڑکی ہے۔ میں Jukebox میں سکے ڈالتا ہوں ذرا دکھاؤ تو دو قدم" اٹھ کر سکے ڈالنے چلا گیا۔ پہلا گانا ہی Blue Danube Waltz کی طرح دھن تھی۔ میں اٹھا اور "لڑکی" کو ڈانس کی دعوت دی۔ میرے کہنے کی دیر تھی کہ وہ میرے ساتھ ڈانس کرنے ڈانس فلور پر آ گئی۔ میں اس سے چمٹ کر ڈانس میں مصروف ہو گیا۔ میں حیران تھا کہ تماشائی اور میرے تینوں ساتھی بھی ہنس رہے تھے۔ ڈانس کے دوران ایک ایسا وقت بھی آیا کہ "بے احتیاطی" سے چھوا تو اسکی چھاتی کے ابھار اسکی پشت پر محسوس ہوئے۔ میں اسے وہاں ہی چھوڑ کر اپنی میز پر آ گیا۔

وہ دراصل ایک transvestite قریباً 20 سالہ لڑکا تھا۔۔ transvestite اس کو کہتے ہیں جس نے دوسری sex

Marfat.com

کے کپڑے پہنے ہوں اور اس کی "چھاتی" ابھار یعنی کے bra محض *postizo* تھے (جس کا مطلب ہے artificial)۔ دوسرے لفظوں میں اس کی قدرتی "چھاتی" تو تھی ہی نہیں مصنوعی چھاتی اکار رہی تھی۔ میں نے خفیف ہونے کی بجائے تینوں ساتھیوں کے ساتھ مل کر اپنی بے وقوفی کا مذاق اڑایا۔ Zubero کو پہلے ہی شبہ تھا کہ وہ transvestite ہے۔ چند منٹ بعد dance floor پر ہجوم اکٹھا ہو گیا۔ میں دوبارہ اٹھا اور ایک "لڑکی" سے ڈانس کرتے ہوئے اسے اس کے کمرے میں لے گیا۔ چند منٹ بعد میں غصے میں بڑبڑاتا ہوا واپس لوٹا تو Zubero نے پوچھا:

"ڈاکٹر کہاں غائب ہو گئے تھے؟"

"غائب کیا ہونا تھا میں ایک 'لڑکی' کیساتھ اس کے کمرے میں گیا" پھر سر ہلاتے ہوئے مایوسی کے عالم میں چپ سادھ لی۔

"تو پھر ہوا کیا؟"

"ہونا خاک تھا۔ دیکھو میرا جوتا بھی اس کے کمرے میں رہ گیا ہے۔"

"آخر ہوا کیا؟"

"ہونا کیا تھا لڑکی تو تھی ہی نہیں وہ تو ایک اور transvestite نکلا۔ میں نے پھرتی سے پتلون پہنی اور غصے میں باہر آ گیا جبکہ جلدی میں ایک جوتا بھی وہیں بھول آیا۔"

یہ تھی ہماری داستان اس رات کی اس کے بعد میں نے بل ادا کیا اور Chaima Inn میں کوئی 1.30 بجے پہنچے۔

اگلے دن ہم نے Morichal Largo ندی سے collection کی اور اسی دن واپس اپنی lab میں Cumaná پہنچ گئے۔ کوئی تین گھنٹے بیت گئے ہوں گے snails کو aquaria میں رکھا اور Triburico ہم سب کو اپنے گھر چھوڑ کر pickup کو اپنے گھر لے گیا۔

Fungus کا علاج

راقم کا snails کی collection کیلئے قریباً ایک ہفتہ تک Guayana region جانا ضروری تھا۔ فرانسس نے میرے ساتھ چلنے پر اصرار کیا۔ آخر کار مجھے سر تسلیم خم کرنا ہی تھا۔ Zubero، Jose Luis Naviera، فرانسس، میں اور ڈرائیور Castanieda نے یونیورسٹی کے pickup اور Zubero کے ایک کار نما ٹرک میں collection کا سامان بھر کر چل دیئے۔ فرانسس اور میں Zubero کے ٹرک میں جو کہ وہ drive کر رہا تھا۔ pickup میں Naviera اور Castanieda قریباً 9 بجے صبح Cumaná سے روانہ ہوئے اور قریباً 2 بجے دوپہر رستہ میں رکتے ہوئے اور بارش کی وجہ سے Maturin پہنچے جہاں رات بسر کرنے کا فیصلہ ہوا۔ دوسرے دن سفر پر دوبارہ روانگی ہوئی کیونکہ قریب 180 km پر Ciudad Guayna تھا جس کے راستوں میں ہم نے collection کرنی تھی۔ رات Hotel Mallorca میں بسر کی۔ دوسرے دن چھ بجے صبح عازم سفر ہوئے جب ہم جنوب کی طرف جا رہے تھے جہاں چھوٹی چھوٹی پہاڑیاں نمودار ہوئیں اور ان کے ساتھ ساتھ Moriche Palms جنہیں مقامی زبان میں Morichales کہتے ہیں جھنڈوں کی شکل میں ندیوں کے کنارے اور چھوٹے چھوٹے پانی کے ذخائر کے ساتھ balnearios میں ہمیں چائے کی دعوت نظارہ دے رہے تھے۔ balnearios دراصل تیرنے کی جگہوں کو کہتے ہیں مگر عام طور پر اگر تیرنے کی سہولت موجود نہ ہو تو بھی جہاں کسی جگہ پر درختوں کے جھنڈوں میں ڈانس اور شراب وغیرہ کا انتظام ہو ایسی جگہوں کو بھی balnearios کہا جاتا ہے۔

جب Morichal Largo دریا پر پہنچ گئے تو پل سے دور ایک parking lot جہاں دریا میں نہانے کے علاوہ ایک اور دلچسپ بات ہے کہ اس علاقہ میں یہ ایک ہی جگہ ہے جہاں highway کے ساتھ Warao Indians کے مکانات ہیں جو کہ palm-thatched جھونپڑیاں اور اکثر کی دیواریں نہیں۔ جو جھونپڑیاں پل کے قریب ہیں ان کی ایک طرف palm کے fronds آویزاں ہیں تاکہ تھوڑی سی privacy ہو۔ پانی کی موجودگی اور پانی میں Waraos کی dugout canoes، اتنی

Marfat.com

اس بات کی تصدیق کرتی ہیں کہ Warao نام درست ہے "پانی یا canoe لوگ"

یہاں ایک چھوٹا سا ریسٹورینٹ اور پل کے جانب مغرب canoes میں بیٹھ کر excursion کا بندوبست ہے۔ canoes میں ایک سے چار افراد کے بیٹھنے کی گنجائش ہوتی ہے۔ ہم نے بھی excursion کا فیصلہ کیا۔ Castanieda نے تو معذرت چاہی کیونکہ وہ Triburcio کی طرح ہم سے بے تکلف نہیں تھا۔ سردست یہ بھی عرض کرتا چلوں کہ ایک دفعہ Castanieda نے اپنے بچے کے جنم دن پر مجھے بھی مدعو کیا۔ مہمانوں کے علاوہ اس کی فیملی میں اس کی "بیویاں" اور بچے 21 افراد پر مشتمل تھی۔ لاطینی امریکہ میں ایک سے زیادہ بیویاں رکھنا Machismo (مردانگی کی نشانی) ہے۔ جب میں بچے کو دینے کے لئے تحفے کے ساتھ Castanieda کے گھر پہنچا تو وہ drunk تھا حالانکہ مجھے معلوم نہ تھا کہ "کونسے بچے کا جنم دن ہے۔" کسی ایک بچے کو دے دو"۔ ہم نے dockside پر snack کیا اور تینوں ایک canoes میں بیٹھ گئے جس کو ایک شخص چلا رہا تھا۔ تقریباً 90 منٹ کی مسافت تھی اور دریائے Rio Morichal Largo کے سفر کے دوران ہم نے دیکھا کہ جنگلی جانوروں کی کثرت تھی۔ خصوصاً بندر۔ ایک جگہ جس کا نام Rincon de la Terecaya جہاں ہمیں lunch دیا گیا اور پھر ہم ایک اور جگہ گئے Casa de Francisco (Casa کے معنی گھر کے ہیں)۔ وہاں پر rum-laced ٹھنڈے coco سے ہمیں نوازا گیا جس سے فرش نے تو انکار کر دیا۔ مجھے یاد نہیں غالباً 400 bolivars جو کہ tour کی لاگت تھی۔ اس کے علاوہ پورے دن کا بھی ایک tour تھی۔ جس کا ارادہ ترک کر دیا گیا کیونکہ اگلے دن ہم نے اپنی منزل پر پہنچنا تھا۔

دوبارہ ہم لوگ اپنی گاڑیوں میں سوار ہو کر highway پر آئے اور ایک جگہ El Rosario پہنچ گئے۔ یہاں سے اگر Highway 15 پر نکل جائیں تو Tucupiita پہنچ جائیں گے جو کہ Delta Amacuro کا دارالخلافہ ہے۔ ہم نے Highway 10 کا انتخاب کیا اور Ciudad Guayna جانے سے پہلے ایک جگہ Chaguaramos سے ہوتے ہوئے Los Barrancos پہنچ گئے جو کہ Rio Orinoco کے کنارے واقع ہے۔ یہاں سے chalana (ferry) پر بیٹھ کر (ہم اپنی گاڑیوں میں ہی بیٹھے رہے) Orinoco دریا کے دوسرے کنارے شہر San Felix پہنچ گئے۔ (ضمیمہ 140 A)

ہم لوگ بہت زیادہ تھکاوٹ محسوس کر رہے تھے اپنی عادت کے مطابق اچھی فضا کا ہوٹل تلاش کیا۔ اچھا ہی کیا بلکہ بہت ہی اچھا۔ چونکہ نہایت تھکاوٹ کے زیر اثر تھے۔ بغیر سوچ بچار کے سیدھے Hotel Inter-Continental Guayana میں پہنچ گئے دو کمرے تو مل گئے۔ ایک کمرے میں extra bed کا بندوبست بھی ہو گیا مگر Castanieda اس ہوٹل کی تاب نہ لا سکا اور کہنے لگا کہ میں تو San Felix میں اپنے ایک عزیز کے ہاں ٹھہروں گا۔

یہ ہوٹل ایک بلندی پر Caroni دریا اور Cachamay Falls کے بالمقابل 205 کمروں اور suites پر مشتمل ہے۔ اس میں نہایت دلکش dining room جہاں سے Caroni دریا کا منظر دلفریب نظارہ کی دعوت دے رہا ہے۔ ایک bar جہاں live music کے ساتھ ڈانس کیلئے انتظام ہے۔ casual restaurants، tennis court، gym، دوکانات، travel، car rental agency، pool کے کنارے bar اور دن رات کھلا restaurent، banquet، parabolic antennas اور انڈور کی ہولتوں کے علاوہ private pier سے کشتیاں caroni دریا کی سیر سے لطف اندوز ہونے کیلئے دستیاب ہیں مگر سارے executive class کے۔

مجھے بعد میں پتہ چلا کہ چند ایک اور economical ہوٹل ہیں۔ مثال کے طور پر Hotel Punta Vista یہ ہوٹل ایک پرسکون جگہ downtown سے دور واقع ہے اور ایک راستہ سے گنجان درختوں سے بھرے ہوئے Cachamay Park سے منسلک جس کی سمت Cachamay Falls کی جانب ہے۔ یہ نہایت دلکش پارک اور اس میں کئی paths بنائے گئے ہیں تاکہ Jogging کی جا سکے۔ ہوٹل میں soda foutain/bar جس کا رخ Falls کی طرف ہے۔

Caroni دریا وینزویلا کے جنوب مشرق میں Roraima پہاڑوں کی ڈھلوانوں سے نکلتا ہے۔ یہ پہاڑ Sierra Pocaraima کے علاقہ میں جہاں Venezuela، Brazil اور Guayana کی سرحدوں کا ملاپ پر واقع ہے

Marfat.com

، Guayana Highlands میں عام طور پر دریا شمال کی طرف بہتا ہوا وینزویلا کے جنوب مشرق کے پہاڑی علاقے سے ہوتا ہوا San Felix کے مقام پر Ciudad Guayana کے علاقے میں کوئی چار سو تیس میل (690 کلومیٹر) کی مسافت طے کرنے کے بعد دریائے Orinoco سے آن ملتا ہے۔ دریائے Caroni کے دہانے پر کافی ڈھلوانوں کی وجہ سے دریا کی رفتار بہت تیز اور کشتی رانی کے لیے موزوں نہیں مگر نچلے حصے میں launches چلائی جاتی ہیں۔ دنیا کی بلند ترین آبشار Angel Falls دریائے [illegible] کے قریب واقع ہے۔ اس دریا پر Macagua اور Guri Dams سے بجلی پیدا کی جاتی ہے اور یہ دنیا کے بڑے ڈیموں میں سے ہیں۔

Angel Falls جنہیں Spanish میں *Salto Angel* یا Salto Chucrun Meru کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ یہ آبشار وینزویلا کے جنوب مشرق میں Guayana Highlands (Bolivar state) دریائے Churun پر (دریائے Caroni کا معاون) 160 میل (260 کلومیٹر) Ciudad Bolivar سے واقع ہیں۔ یہ دنیا کی سب سے بلند آبشار ہے اس کی Fall تین ہزار دو سو بارہ فٹ (979 m) اور چوڑائی پانچ سو فٹ (150 m)۔ یہ آبشار [illegible] Auyan-Tepui "شیطان کی پہاڑی" سے گرتی ہے اور حیرانی کی بات یہ کہ آبشار کا پانی پہاڑ کے دامن تک ہی نہیں پہنچتا۔ 1935 میں ایک امریکن مہم جو James Angel نے اس آبشار کو دریافت کیا۔ 1937 میں اس کا جہاز آبشار کے قریب ہی لینڈ کرتے ہوئے کریش ہو گیا۔

Castanieda گاڑی لے کر San Felix چلا گیا جبکہ میں نے اسے آج چھ بجے تک دوبارہ واپس پہنچنے کی تاکید کی۔ San Felix کی بنیاد 1576 میں رکھی گئی اور اسے "Workers" ٹاؤن کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ اس شہر کا center چھوٹی چھوٹی دوکانات سے مزین اور رہائشی علاقہ جات crudely-built shacks یعنی ranchitos سے بھرے پڑے ہیں۔ یہ تعمیرات بہت ہی modest ہیں۔ اس کے مقابلے میں Puerto Ordaz شہر ایک cityscape کا منظر پیش کرتا ہے جس میں کئی جدید highrise apartments اور بہت قیمتی executive گھر ہیں۔ عالیشان hotels، shopping centers اور clubs-restaurants ہیں مگر ایک بھی ranchito (چھوٹی جھونپڑی) نہیں ہے باعث حیرت ہے۔ Puerto Ordaz کی بنیاد planned طرز پر 1952 میں رکھی گئی اور یہ بنیاد Orinoco Mining Company نے Administrative headquarters، Iron ore اور کمپنی کے shipping operations کے لیے رکھی تھی۔

دوسرے دن Castanieda کی آمد سے پہلے ہی ہم چاروں نے ناشتہ کر لیا۔ ان دونوں کے بل کا [illegible] اپنے رہائشی بل کا بھی کچھ حصہ میں نے ادا کیا اور وہ بھی cash نہیں بلکہ اپنے Access Creadit Card سے [illegible] چونکہ یونیورسٹی گاڑی کے mileage کے حساب سے رقم دیتی اور اسی طرح تنخواہ کے مطابق daily viaticos یعنی allowance دیا جاتا ہے۔ جہاں گاڑی نہ جا سکے اور اگر جانا بھی ہو تو ہوائی جہاز کا کرایہ دیا جاتا۔ تھوڑی دیر بعد Castanieda آ گیا اور اپنا ضروری سامان گاڑیوں میں رکھا۔ شہر سے باہر تھوڑے فاصلے کے بعد اس Highway پر جہاں سے سڑک ایک طرف El Pao کو جاتی ہے۔ اسی سڑک کی دائیں طرف ایک road sign ہو۔ La Llovizna کے راستے کی طرف اشارہ کرتا ہے اور یہ سڑک سیدھی Visitors Office تک پہنچ جاتی ہے جہاں سے free pass مل جاتا تاکہ Colonial Mission of Caroni اور Llovizna Falls part دیکھے جا سکیں اور Macagua Dams دیکھنے کے لیے guided tours کا بندوبست کیا جا سکے۔ یہ اس زمین پر واقع ہیں جو کہ Edelca، *Electricidad de Caroni* جس کے معنی ہیں Electricity of Caroni۔

Visitor's Office سے سڑک کی دو شاخیں نکلتی ہیں۔ بائیں ہاتھ کی شاخ Mission کی طرف جاتی ہے۔ ہم کو وہاں سے کوئی دلچسپی نہ تھی لہذا ہم نے دائیں ہاتھ کی شاخ پر رجوع کیا جو کہ Llovizna Falls part کو جاتی۔ ہم نے گاڑیاں Visitors Office میں park کر دیں۔ collection کے لیے چھوٹا سامان ہاتھوں میں پکڑا اور Castanieda کو وہیں رکنے کی ترغیب دی۔ Macagua Dam کے اوپر سے گزر کر Dam کے کناروں سے snails کی collection کی

زیادہ وقت صرف نہ کیا۔ قریب ہی Macagua Dam 2 ہے۔ کئی درجن paths اس خوبصورت اور سایہ دار پارک میں ہیں۔ یہاں کئی ندیاں اور چھوٹی چھوٹی آبشاریں واقع ہیں جو کہ Caroni دریا کی طرف بہتی ہیں۔ کئی قسم کے خوبصورت پرندے نگاہوں کو بھلے لگتے ہیں۔ فرخ تو ایک سایہ دار درخت کے نیچے بیٹھی رہی اور ہم نے اچھی خاصی collection کر ڈالی۔

ہم لوگ واپس Vistors Office پہنچے اور گاڑیوں میں بیٹھ کر Highway پر آ گئے۔ اب جنوب کی طرف El Pao روانہ ہوئے۔ جو Ciudad Guayana کے جنوب کی طرف 43 کلومیٹر پر واقع ہے وہاں پہنچے El Pao سے iron ore نکالا جاتا ہے۔ یہ ore لاطینی امریکہ میں purest اور اس کا رنگ bright orange-red ہے ٹرین میں بار کر کے جو کہ Highway کے متوازی railway پر چلتی ہے Ciudad Guayana کو لایا جاتا ہے۔ ہمیں mines میں کوئی دلچسپی نہ تھی لہذا ہم نے وہ سڑک اختیار کی جو Ciudad Bolivar اور Guri-Raul Leoni Dam کی طرف رواں ہے۔ Leoni وینزویلا کا پریذیڈنٹ اور Ciudad Guayana سے قریباً 50 کلومیٹر دور شہر Upata کا رہائشی تھا۔

Guri Dam پہنچے جہاں guided tours کا بندوبست تھا۔ فرخ نے ایک tour میں حصہ لیا جبکہ ہم تینوں ارد گرد collection کرتے رہے اور فرخ کو Dam کی سیر کے بعد Visitors Office پہنچ جانے کی ترغیب دی۔ جب ہم چاروں واپس روانہ ہوئے تو شام کی آمد آمد تھی۔ Zubero کی گاڑی میں اچانک خرابی ہوئی لہذا ہم نے دونوں گاڑیاں Highway سے ہٹ کر جہاں چند جھونپڑیاں تھیں اور گرد و نواح میں کھجوروں کے درخت استادہ تھے وہاں کھڑی کر دیں۔ فیصلہ کیا کہ رات درختوں سے بندھے ہوئے hammocks میں بسر کریں گے تاکہ کچھ outdoor زندگی سے بھی لطف اندوز ہوا جائے جبکہ کھانے پینے کا سامان arepas، sandwiches ہم لوگ Ciudadad Guayana سے ہی لے کر آئے ہوئے تھے۔ گاڑی سے سامان اتارنے کے بعد hammocks کو cocos کے درختوں سے باندھا، icebox، water cooler، thermoses جس میں کافی پینے کے لیے گرم پانی موجود تھا اور تین فیملی سائز کوکا کولا کی بوتلیں۔ تمام کو ایک جگہ اکٹھا کر کے رکھ لیا۔

کھانے پینے کے بعد فرخ تو hamaca میں دراز ہوئی جبکہ ہم نے لکڑیاں اکٹھی کر کے آگ کا الاؤ مچھروں سے نجات پانے کے لیے جلایا۔ میری رات بھر جاگنے کے ساتھ ساتھ ہم پچھتاوے کے احساس سے دوچار تھے کیونکہ آگ کے قریب بیٹھ کر بھی مچھروں سے نجات ہو سکتی تھی۔ فرخ کے دائیں پاؤں کے انگوٹھے پر پرانی fungus کی شکایت تھی۔ کئی قسم کی fungicidal ادویات استعمال کیں وقتی طور پر افاقہ ہوتا مگر علاج چھوڑنے کے بعد fungus دوبارہ attack کر دیتا۔ وہ hamaca سے اس پاؤں کو لٹکا کر زمین پر رکھے ہوئے تھی تھوڑی دیر بعد ایک ادھیڑ عمر شخص اور اس سے نسبتاً کم عمر عورت ہماری طرف آتے دکھائی دیئے۔ وہ Sweden کے باشندے تھے مرد تو Botanist جبکہ اس کی بیوی Anthropologist تھی۔ وہ قریبی جھونپڑی میں ٹھہرے ہوئے تھے تعارف کرانے کے بعد ہمارے قریب ہی آگ کے الاؤ کے گرد بیٹھ گئے۔ معلوم ہوا وہ قریب دو ہفتوں سے Venezuela کے اسی علاقہ میں plants کی collection میں مصروف ہیں۔ باتوں باتوں میں اس Botanist نے میری بیوی کے پاؤں کی طرف دیکھ کر پوچھا۔ "Seniora (ضمیمہ 141) کے پاؤں کو کیا تکلیف ہے؟"

"resistant fungal infection" میں نے جواب دیا۔

وہ مسکرایا اور کہا، "Dr. Nasir یہ تو کوئی بات نہیں ٹھیک ہو جائیگا۔"

ہم نے تو کئی fungicidal استعمال کئے مگر infection سے مستقل افاقہ نہ ہوا۔

اس نے انگوٹھا دیکھے بغیر کہا، "boric acid کو 70 فیصد alcohol میں اسقدر حل کرو کہ saturated solution بن جائے۔ پھر روئی لے کر دن میں متعدد بار روئی کو اس solution میں تر کر کے لگاؤ تو چند دنوں میں fungus کا نام و نشان نہ رہیگا۔"

منطق یہ تھی کہ boric acid تو بار بار لگانے سے ناخن میں رہے گا اور alcohol اڑ جائیگا۔ واپس لوٹ کر کوئی ایک ہفتہ مذکورہ solution استعمال کیا جس کا خاطر خواہ فائدہ ہوا اور fungus جڑ سے اکھڑ گیا۔ انہوں نے ہمارے ساتھ black

Marfat.com

coffee پی اور ہم سے پوچھا کہ گاڑی کو کیا ہوا؟

''بس خراب ہو گئی ہے چلتی ہی نہیں تھوڑا فاصلہ چلنے کے بعد بند ہو جاتی ہے۔''

اس نے گاڑی کے bonnet کو جونہی اٹھایا تو کہنے لگا کہ battery کے poles پر oxide کا جالا ہے۔ ''آپ کے پاس lemon ہے؟''

''نہیں تو۔'' میں نے جواب دیا۔

اس نے ہم سے گرم پانی لیا اور battery کی تاریں کھول کر poles اور تاروں کے clamps کو صاف کیا۔ Zubero نے گاڑی کا switch ''On'' کیا تو start ہو گئی۔ اس نے مزید کہا کہ lemon کے جوس کو pols کے oxide پر وقتاً فوقتاً ڈال کر صاف کرو اور پھر گرم پانی سے دھو ڈالو تو آئندہ کبھی یہ شکایت نہ ہوگی۔

کافی دیر بیٹھے رہے اور کوئی 11 بجے وہ اٹھ کر چلے گئے۔ ہم یوں ہی hamacas پر دراز ہوئے تو مچھروں نے یلغار سے پریشان کر دیا۔ بالآخر اس تکلیف دہ رات کی صبح کاذب تک اذیت برداشت کی اور پھر واپس Ciudad Guayana آ گئے۔ وہاں ہوٹل میں ہی قیام کیا تاکہ ارد گرد کے مناظر دیکھ سکیں۔ collection تو ہم نے کافی کر لی تھی۔ دوسرے روز واپسی کی راہ لی اور Maturin پہنچ کر Hotel Mallorca میں رات بسر کرنے کے بعد Cumana لوٹ آئے۔

Crabs

ایک دفعہ کا ذکر ہے۔ Dr. Taizo Okuda جو کہ Instituto Oceanografico (Oceanographic Institute) میں کی یونیورسٹی میں ڈائریکٹر کے عہدہ پر فائز تھے، کے ان کی ترقی پر تقریب کا فیصلہ کیا گیا۔ Cumanagoto Hotel کی beach پر منعقد ہونا تھا۔ فرخ نے گوشت پلاؤ، آلوؤں کے سموسے اور pudding کا انتظام کیا۔ styrofoam box میں ice cubes رکھے اور disposable پلیٹیں، گلاس، چمچے وغیرہ دکان سے خریدے گئے۔ soft drinks کا بندوبست ہوٹل کی bar سے کیا گیا۔ عموماً highclass ہوٹلوں میں باہر سے کھانا لانے کی اجازت نہیں ہوتی مگر راقم ہر قسم کا کام اپنے اثر و رسوخ سے کرا لیا کرتا۔

اس پر مسرت تقریب کے موقع پر 13 افراد کی شمولیت تھی جس میں انور، فرخ، Dr Fukuoka جو کہ Institute میں Meterological ڈیپارٹمنٹ کا head تھا۔ اس کی اور Dr Okuda کی بیویاں شامل نہ تھیں۔ علاوہ ازیں کچھ دوست احباب اور ان کی girl friends یا بیویاں شمولیت کر رہی تھیں۔ دوپہر کے قریب اپنی اپنی کاروں میں Cumanagoto پہنچے۔ ہوٹل کے بالمقابل پارکنگ لاٹ میں کاریں پارک کیں، سامان اٹھایا entrance سے ہوتے ہوئے swimming pool کے دائیں کنارے سے گزر کر beach پر پہنچ گئے۔ اپنا سامان ایک palm کے سائے میں رکھا۔ ہوٹل کے bathrooms تین یا چار جو کہ pool کی بائیں طرف واقع تھے۔ خواتین و مرد حضرات نے اپنے اپنے کپڑے تبدیل کیے۔ مردوں نے trunks پہنے جبکہ عورتوں نے bikinis استعمال کیں اور سمندر کے قریب نہانے میں مشغول ہو گئے۔ دور دور تک نہایت نفیس ریت قدرتی طور پر ساحل سمندر پر آنکھوں کو خیرہ کیے جا رہی تھی۔ یاروں نے Chivas Regal شراب کی بوتل کے اردگرد rubberband ڈال دیا تاکہ پانی میں ڈوب نہ جائے۔ اسی طرح coke کی بوتلوں کے لیے بھی یہی طریقہ عمل استعمال کیا گیا۔ چند ڈبکیاں لگانے کے بعد کچھ کھانا تناول کیا اور میں palms کے سائے میں ریت پر لیٹ گیا۔ کبھی کبھی بادل چھا رہے تھے اور برسنے کو بیتاب۔

فرخ اور میں بعد ازاں beach سے اٹھ کر pool کے کنارے easy chairs پر دراز ہو گئے جہاں کئی مرد و عورتیں pool میں نہا رہے تھے۔ ایک فربہ اندام لڑکی نے pool کے jumping plank سے پانی میں چھلانگ لگائی۔ پانی میں جہاں وہ غوطہ زن ہوئی وہاں چند لمحات میں اس کا bra تیر رہا تھا۔ وہ غوطہ لگاتی ہوئی pool کے دوسرے کنارے سے جا نکلی۔ موجود تماشائیوں نے خوب enjoy کیا جبکہ اس کے جسم کا آدھا حصہ پانی سے اوپر تھا۔ خوب ہنستے ہوئے تالیاں بجائیں۔ پھر تیرتی ہوئی اس جگہ جہاں

Marfat.com

اس کا bra تھا bra پکڑ کر pool سے باہر نکلی اور دوڑتی ہوئی vestuario میں چلی گئی۔

شام کے سائے پھیل رہے تھے۔ ہم لوگوں نے vestuario میں جا کر لباس تبدیل کیا۔ Dr. Okuda نے بار کا بل ادا کیا چند احباب اور میں باقی ماندہ سامان کاروں میں رکھنے کیلئے لے گئے۔ جب ہم واپس لوٹنے کیلئے دوبارہ pool کی بائیں طرف سے گزرے تو اچانک میری نظر Dr. Sergio Tovar پر جا ٹھہری جو ہوٹل کے dance hall سے باہر نکل رہا تھا عین اسی وقت موسلا دھار بارش شروع ہوگئی ہم تمام دوست Dr. Tovar سے متعارف تھے البتہ فرخ کے اس کی بیوی Alicia سے نہایت گہرے مراسم تھے۔ Alicia نے ہمیں دیکھ کر ہم تمام لوگوں سے dance hall کی ایک پارٹی میں شمولیت کیلئے اصرار کیا۔

"کیسی پارٹی ہے؟" میں نے جاننا چاہا۔

"تمہیں نہیں معلوم!"

"نہیں تو۔"

"Dr. Torre جو Kudo پروگرام کا Coordinator ہے اس کی honour میں الوداعی پارٹی ہے۔ وہ Kansas واپس جا رہا ہے۔" Universidad de Oriente اور Kansas University کے درمیان ایک exchang programme جس کا نام Kudo تھا۔ ہم سب میں سے فرخ، Dr. Okuda، انور، میں اور میرا ایک student Luis Hamana شمولیت کے لئے رضامند ہو گئے۔ ہم ایک میز پر dance floor کے قریب بیٹھ گئے۔ ہر طرف اندھیرا چھایا ہوا تھا music band ہیجان آمیز دھن بجانے میں مصروف اور بعض لوگ ڈانس کرنے میں مشغول تھے۔ ہال کی چھت سے روشنی کی beam کچھ اس انداز سے dance floor پر direct کی ہوئی تھی کہ مختلف جانوروں، کبھی انسانوں کی شبیہیں فرش پر متحرک منعکس ہو رہی تھیں (مجھے اس کا علم بعد میں ہوا) فرخ نے کہا:

"نصیر دیکھو فرش پر cangrejo (crab یا کیکڑا) چل رہا ہے۔"

میں نے آؤ دیکھا نہ تاؤ فوراً اٹھ کر "کیکڑے" پر اپنا پاؤں رکھ دیا۔ ابھی پاؤں رکھا ہی تھا تو "کیکڑا" آگے نکل گیا۔ یہ میرا بے تکی کا منظر تمام مردوں نے enjoy کیا۔

قریباً گیارہ بجے رات ہم لوگ واپس لوٹے دوسرے دن یہ بات یونیورسٹی میں خوب مشہور ہوئی کہ ڈاکٹر نصیر کو اپنے کام سے اتنی دلچسپی ہے کہ ہر جگہ سے کیکڑے ہی نظر آتے ہیں۔

سہگل کی طرح

فرخ، انور اور میں اپنی فوکس ویگن میں بیٹھ کر Cumanagoto میں ایک رات دوست کی الوداعی پارٹی میں شمولیت کے لئے گئے۔ کافی رات گئے تک شراب اور ڈانس وغیرہ کا سلسلہ جاری رہا۔ آخر فرخ بیچاری تنگ آگئی اور بضد تھی کہ چلو اب واپس چلیں ورنہ میں اکیلی واپس چلی جاتی ہوں۔ "فرخ یہ کیسے ہوسکتا ہے۔ ہم دونوں بھائیوں کو چھوڑ کر تم اکیلی ہی واپس جاؤ نہیں نہیں ایسے نہیں ہوسکتا۔" میں پیئے ہوا اور رکنے پر بضد تھا مگر فرخ جانے پر تلی ہوئی تھی۔ آخر فیصلہ یہ ہوا کہ میں چلتا ہوں مگر ایک شرط ہے کہ سہگل کی طرح (ضمیمہ 142) میں کار کی پچھلی سیٹ پر دائیں ہاتھ کیطرف بیٹھوں گا اور تم کوئی فلمی گانے گاتے رہنا اور انور تمہارے ساتھ سیٹ پر بیٹھا ہوا بھی کوئی گانا سناتا چلا جائے گا۔

فرخ رضامند ہوئی اور Avenida Universidad سے ہوتے ہوئے Perimetral (ساحل سمندر کی سڑک) اور پھر Avenida پر فرخ کار چلاتے اور گاتے ہوئے ہم اپنی رہائش گاہ Cerro del Medio پہنچ گئے۔ بس مجھے اتنا یاد ہے کہ میں باتھ روم کیطرف جاتے ہوئے راستے میں گر پڑا اور فرخ نے غصے میں انور سے کہا کہ اٹھاؤ بیر نصیر کو۔ انور نے کیا اٹھانا تھا وہ بھی میرے اوپر گر پڑا۔ بڑی مشکل سے بیچاری فرخ نے ہم دونوں کو سنبھالا۔ دوسرے دن breakfast کے وقت اچھی خاصی ہنسی کی۔ میری طرف اشارہ کرتے ہوئے فرخ نے تمسخر سے فقرے کسنے شروع کر دیئے۔ "یہ ہیں سہگل صاحب، سہگل صاحب کے پاس

Marfat.com

اتنی ہمت بھی نہیں کہ باتھ روم کی طرف جا سکیں اور دوسرے ہیں انور صاحب وہ آج کل صاحب سے بھی نئے نئے بنے ہیں۔ آج تو میں تم دونوں کے ساتھ کسی پارٹی میں جانے والی نہیں۔"

مجھے بھی تو موقع دیجیے !

راقم کے دوست احباب کا ایک خاص گروپ تھا جو کہ اکثر نہ صرف اپنے گھروں یا apatments میں پارٹیاں throw کیا کرتے، بلکہ weekends اور کئی دوسرے تہواروں کے موقع پر beaches پر بھی اکٹھے ہو جایا کرتے۔ میں پارٹیاں throw کرنے میں مشہور تھا جس کی خاص وجہ یہ بھی تھی کہ میرا بنگلہ تمام احباب کی رہائش گاہوں سے نسبتاً شہر کے وسط اور شہر کے مشہور Boulevard بنام Avenida Gran Mariscal پر واقع ہے۔ parking یا approach کا کوئی مسئلہ نہ تھا اور چونکہ خاندانی روایات کے مطابق احباب پر خرچ کرنے سے کوئی دریغ نہ کرتا۔ اکثر اوقات ایسا ہوا کہ جب میں نے کسی بڑی پارٹی کا اہتمام کیا جیسا کہ birthday پارٹی کے لیے cards چھپوائے تو ظاہر ہے کہ کچھ کو کارڈ پہلے مل جاتا اور کئی کو بعد میں جن کو بعد میں کارڈ موصول ہوتے۔ پہلے کارڈز پانے والوں سے پوچھتے "واقعی ڈاکٹر صاحب پارٹی throw کر رہا ہے۔ حیرت ہے کہ ہمیں مدعو کرنے سے کیوں گریزاں ہے؟" یا میری غیر موجودگی میں فرخ سے ٹیلیفون پر پارٹی کی تصدیق کی جاتی مطلب یہ کہ کہیں ہم سے انہیں نظر انداز نہ کر دیں۔ بعض تو بغیر invitation کے بھی دیگر ساتھیوں کے ساتھ آتے جہاں کھانے پینے کی افراط ہوتی تھی مجھے کوئی فرق نہ پڑتا۔

Venezuela میں ایسا کوئی custom نہیں کہ صرف مردوں کو ہی پارٹی میں مدعو کیا جائے بلکہ دوستوں کے ساتھ نہ صرف ان کی بیویوں، ماؤں، بیٹیاں، بہنوں بلکہ girlfriends کی شمولیت بھی ہوتی ہے۔

ایک balneario جو کہ اس کے مالک Boutini کے نام سے مشہور تھا وہاں ہم لوگوں کا آنا جانا رہتا۔ یہ balneario ایک چشمہ کے کنارے palms کے سائے میں جو Highway شمال کی طرف Cumana شہر سے Caracas کو جاتا ہے۔ اس کے بائیں کنارے کے قریب Cumaná شہر سے 15 کلومیٹر کے فاصلہ پر ایک شیڈ dance floor کی شکل میں جس کے دائیں ہاتھ کی طرف bar اور ساتھ ہی چشمہ جس سے نہر کی مانند پانی کا اخراج ہوتا ہے۔ چشمہ کی دوسری طرف پہاڑ کے دامن میں vestuarios تھے اور biological necessity کے لیے "open air" bar کے عقب میں kitchen واقع تھا۔ اس balneario کی خاص بات یہ تھی کہ Boutni کا sancocho، گوشت، آلو، شکرقندی، چھوٹے چھوٹے کدو، ڈیں، yucca، ocumo شملہ مرچ کی طرح مرچیں اور تھوڑا سا تیل ان سب کو ایک بڑے چولہے پر برتن میں ڈال دیتے ہیں اور حسب ضرورت پانی ڈال کر اسے چولہے پر رکھ دیتے ہیں۔ کاٹ کاٹ کے جاتی پڑتال کرتے ہیں کہ کیا سب چیزیں ٹھیک پک گیا ہے۔ کاریگری یہ ہوتی کہ گوشت اور سبزیاں گل جائیں مگر ثابت بھی رہیں پک جانے کے بعد یہ شوربا بہت زیادہ ہوتا ہے پھر پلیٹوں میں ڈال کر حسب ضرورت Tabasco sauce ڈال کر چمچ کی مدد سے کھاتے ہیں اور ساتھ Cassava یا Cassave یا Casabe (ایک خاص قسم کا درخت Yuca کی جڑ کا میدہ جسے روٹی کی طرح تیار کیا جاتا ہے۔) یا pan frances (فرانسیسی بریڈ) استعمال کرتے ہیں۔ دائیں جانب Jukebox تھا صرف تین لکڑی کے میز اور کیا دو کی چھوٹی کرسیاں تھیں dance floor کے تین اطراف قریباً ڈھائی فٹ کی دیوار تھی اور لوگ وہاں بیٹھ جاتے۔ اکثر لوگ sancocho بھی اپنی اپنی پلیٹوں میں ڈال کر چشمہ کے کنارے پتھروں پر یا تیں اور بیٹھ کر کھایا جاتا۔

میرے دوستوں میں سے ایک Armando Domingue نام کا پروفیسر ہماری یونیورسٹی میں Psychology پڑھایا کرتا۔ نہایت ذہین مگر انتہائی کنجوس واقع ہوا۔ اس کی بیوی Luisa ہماری بیٹی غازیہ کے سکول میں ٹیچر تھی۔ نہایت خوش اخلاق خاتون۔ جب بھی ہم کہیں پینے پلانے اکٹھے ہوتے تو waiter کو عین وقت آنے پر بل لانے کے لیے کہتا جو کہ اکثر میں ہی ادا کیا کرتا تھا Armando عین اسی وقت یہ کہہ کر اٹھ جاتا "میں پیشاب کرنے جا رہا ہوں" اور اس کا پیشاب زیادہ ہی لمبا ہو جاتا جب تک وہ

Marfat.com

محسوس کرتا کہ بل ادا ہو چکا ہوگا تب واپس لوٹتا۔ ہم سب کو اُس کی یہ عادت اچھی نہ لگتی تھی۔

Easter کی چھٹیاں تھیں ہم چند احباب جن میں Armado بھی موجود تھا Boutini کے balneario میں sancocho کھانے چلے گئے۔ یاروں نے خوب کھایا پیا شام کا وقت ہو رہا تھا ہم چشمے کے کنارے بیٹھے ہوئے تھے تو میں نے جونہی بل کی ادائیگی کے ارادے سے بل لانے کیلئے کہا تو Armando نے حسب عادت کہا " میں پیشاب کرنے جا رہا ہوں۔"

میں نے اس کا بازو پکڑتے ہوئے کہا، " مجھے بھی کبھی کبھار پیشاب کرنے کا موقع دے دیا کرو۔"

دوستوں نے خوب مذاق اڑایا۔ آخر Armando نے زندگی میں شاید یہ پہلی بار کسی اور کو " پیشاب" کرنے کا موقع دیا وہاں بل کی ادائیگی کی۔ مجھے بعد میں پتہ چلا کہ کئی اور لوگوں کے ساتھ بھی اکثر یہی حربہ استعمال میں لایا کرتا۔

انسانی جہاز!

جیسا کہ لاطینی امریکہ میں weekends اور دیگر چھٹیوں پر لوگ اکثر ساحل پر سمندر میں نہانے اور خورد و نوش کیلئے چلے جاتے ہیں۔ اکثر اوقات کھانے کا سامان گھر سے ہی لے جایا جاتا ہے۔ ایک اتوار کو فرخ، نازیہ، انور اُس کے بیوی بچے اور میں ہوٹل Cumanagoto کی beach پر پکنک منانے چلے گئے۔ ہماری خاتون خانہ اور ایک میری سٹوڈنٹ جس کا نام Josefina تھا اس نے کھانے کا سارا اہتمام کیا ہوا تھا۔ وہ بھی ساتھ تھی سمندر میں نہانے کے بعد ہم تمام لوگ beach پر پڑی ہوئی کرسیوں پر ناریل کے درختوں کے نیچے آرام کرنے کیلئے لیٹ گئے۔ فرخ کے دائیں ہاتھ کی طرف والی کرسی پر میں اور فرخ کے بائیں ہاتھ والی کرسی پر Josefina تھی۔

فرخ Josefina کی طرف منہ کر کے کسی دلچسپ گفتگو میں مصروف تھی میرا دھیان یکلخت جنوب کی طرف گیا تو دو curvaceous (متناسب جسم کی مالک) نوجوان لڑکیاں ہاتھ میں میرے خیال میں beer کی بوتلیں پکڑے ہوئے bikinis میں ملبوس ساحل سمندر کے تھوڑے تھوڑے پانی میں خوش گپیاں کرتیں ہوئیں ہماری طرف آ رہی تھیں۔ فرخ نے بائیں ہاتھ میں binoculars پکڑی ہوئی جو کرسی سے نیچے لٹک رہی تھی۔ میں نے اُس سے binoculars لے کر ان لڑکیوں کی طرف دیکھنا شروع کر دیا۔ مجھے دیکھنے میں اچھا خاصا وقت لگ گیا کیونکہ وہ کچھ دور تھیں اور وہ beer پیتے ہوئے خراماں خراماں آ رہی تھیں۔ فرخ نے پوچھا " نسیم کیا دیکھ رہے ہو؟"

"دیکھ رہا ہوں کتنے بڑے سمندری جہاز Araya کی طرف آ رہے ہیں" (Araya Peninsula سے کئی صدیوں سے سمندری نمک export ہو رہا ہے)۔ میں نے جواب دیا۔

" نسیم یہ تو مشرق Araya تو سامنے ہے (یعنی کہ مشرق کی طرف) ضرور کوئی چھوٹے چھوٹے انسانی ہوائی جہاز دیکھ رہے ہو گے"۔

میں نے ہنسی مذاق میں بات ٹال دی کیونکہ لاطینی امریکہ کی سوسائٹی کچھ زیادہ ہی آزاد ہے۔ چند ایک بار میں تو دوسری کار میں کوئی دلکش صورت دیکھ کر اپنی کار کسی سے ٹکراتے ٹکراتے رہ جاتا۔

اسی beach پر کسی اور دن جب عدیل ابھی بچہ ہی تھا تو ہمیں جانے کا اتفاق ہوا مگر کچھ عاشق مزاج! عدیل اور میں سمندر میں تیر رہے تھے ساحل پر آنے سے کچھ دیر بعد دیکھا تو شمال کی طرف سے ایک لڑکیوں کا ٹولا تمام کی تمام سمندر میں نہانے کیلئے جیسے کہ اکثر ہوتا ہے bikinis میں ملبوس ان میں سے ایک لڑکی ذرا "bubbly" قسم کی اور اُس کی چال بھی منفرد تھی۔ عدیل مجھ سے کہنے لگا، "Papi quiero abrazar la muchacha" (میں اُس سے بغلگیر ہونا چاہتا ہوں)۔

اس کی سادگی اور انداز گفتگو کچھ ایسا تھا کہ مجھ سے رہا نہ گیا۔ جب وہ نوجوان لڑکی قریب آئی تو میں نے اُس سے Spanish میں کہا کہ یہ ایبا تم سے گلے ملنا چاہتا ہے۔ اُس نے کہا کہ بڑے شوق سے اور خود ہی اُس کو اُٹھا کر اپنی چھاتی سے لگا لیا۔ وہ اچھل پڑا اور کئی بار وہ قدم سے زیادہ چلے ہوئے تو میں نے عدیل کو آواز دی" Suficiente!" (کافی ہے؟)

Marfat.com

"Si papi" (ہاں ابو) اور لڑکی نے اُسے بڑے پیار سے نیچے اُتار دیا۔
کیسا بچپن کا زمانہ تھا کیسی یاد گی!

عدیل کی ایک اور عادت تھی کہ جب بچپن میں وہ فرخ کے ساتھ Mercedes-Benz میں اگلی سیٹ پر بیٹھا ہوتا خاص طور پر بارش کے موسم میں جب اُس کے ساتھ سیر کو نکلتا تو فرخ سے کہتا "mami پانی" اس کا مطلب یہ ہوتا کہ کار سڑک پر کسی ایسے کھڈے سے گزارو کہ جہاں پر پانی ہو جب پانی کے چھینٹے کار پر پڑیں تو وہ خوش ہوا کرتا۔

ہماری رہائش گاہ Quinta Porzana ایک split level بنگلہ جس کے آخری لیول پر bedrooms ہیں۔ فرخ کے bedroom مغرب کی طرف جس کی بالکونی سے Avenida Gran Mariscal صاف نظر آتا اور اس مکان bed سے سر کی طرف شمال اور دوسری جنوب کی طرف تھی، bed پر دراز ہونے سے جنوب کے دروازے سے جو کہ راہداری میں کھلتا اس سے جنوب کی دیوار صاف نظر آتی۔ فرخ کے bedroom سے نکلتے ہی مغرب کی طرف ایک باتھ روم اور اس کے ساتھ ملحقہ جنوب میں دوسرا باتھ روم۔ اس باتھ روم کے مشرق میں راہداری سے سات سیڑھیاں نیچے اُترتے ہوئے وسیع living-room تھا۔ دوسرے باتھ روم کے جنوب میں ایک اور bedroom تھا اس طرح سے کہ اس کا دروازہ فرخ کے bedroom سے صاف نظر آتا۔ راہداری سے جنوب کی طرف چلتے ہوئے ایک کشادہ کھڑکی مشرق کی دیوار میں کھلتی۔ راہداری کے جنوب کی دیوار کے مغرب میں میرے bedroom کا دروازہ تھا اور اس دیوار کے جنوب میں دوسرا bedroom جس کے دروازے کا کچھ حصہ فرخ کے bedroom کے دروازے سے نظر آتا۔ اس باتھ روم کے دروازے کے مشرق میں ایک اور دروازہ جس سے لوہے کی سیڑھیاں نیچے کچن میں اترتی تھیں۔ فرخ کے bedroom کے دروازے سے میرے bedroom کا دروازہ پوشیدہ تھا۔

عدیل ابھی بچہ ہی تھا تو فرخ کے پیٹ پر لیٹ کر کھیلتا رہتا۔ یک لخت اس کو خیال آتا اور کہتا "mami دروازہ بند کرو" فرخ جواب دیتی "عدیل کیوں؟" معصومانہ انداز میں التجا کرتا "ابو نصیر دیکھ لیں گے!" حالانکہ فرخ کے bedroom کے دروازے سے میرے کمرے کا دروازہ کسی طرح بھی نظر نہیں آ سکتا تھا۔

کمال کی خاتون

راقم کی شادی خانہ آبادی ہو چکی تھی۔ فرخ اور میں یونیورسٹی کی رہائش گاہ بنگلہ میں Cerro del Medio کی چوٹی پر Cumaná شہر میں رہائش پذیر تھے۔ سامنے کی پہاڑی جس کا نام Cerro Colorado ہے، پر یونیورسٹی کا campus واقع ہے اور دونوں پہاڑیوں کے درمیان motorable سڑک جس کا فاصلہ تقریباً 1.5 کلومیٹر ہوگا۔ ہمارے بنگلے کے بالمقابل سڑک کے اُس پار Dr. Ali Khan کا بنگلہ ہے تو مسلمان مگر نام نہاد۔ کئی سال بعد جب میں اپنی کوٹھی میں رہ رہا تھا تو Dr. Ali Khan چند سال بعد اپنی کوٹھی Quinta Jasmin ایک علاقہ Parcelamiento Miranda میں منتقل ہوا تو میں نے Dr. Khan کو شب قدر کے موقع پر اپنے گھر مدعو کیا اور پرزور اصرار کیا کہ وہ ضرور اپنی فیملی کے ساتھ آئے۔ جب میں اس کو invite کر کے اس کے گھر سے واپس لوٹ رہا تھا تو میں نے پوچھا "ڈاکٹر علی خان تمہیں معلوم ہے شب قدر کیا ہوتی ہے؟"

"Of course Nasir" اس نے چھاتی پر ہاتھ مارتے ہوئے کہا۔

"کیا ہوتی ہے ہمیں بھی تو بتاؤ؟"

" Oh. Come of it Nasir. Prophet Muhammad (PBUH) (اللہ معاف کرے)
went to see God. He mounted a horse and horse had wings." یہ تھی اس کی مذہبی معلومات

ڈاکٹر علی خان کی بیوی کا نام تو کچھ اور تھا مگر وہ اور ہم سب اسے Terry کہا کرتے۔ وہ Paraguay کی رہائشی تھی جب علی خان New York میں زیر تعلیم تھا تو وہ ایک مرتبہ بیمار ہو گیا جس ہسپتال میں وہ زیر علاج تھا وہاں Terry ایک نرس کی حیثیت سے کام کیا کرتی۔ دونوں میں پیار ہو گیا اس طرح ان دونوں کی شادی ہوئی۔ علی خان گھر کا کوئی کام نہ کرتا ہر کام Terry کو کرنا

Marfat.com

پتہ۔ ایک دن ہم نے جب Cerro del Medio پر آمنے سامنے بنگلوں میں رہائش پذیر تھے، سُنا کہ علی خان کہہ رہا تھا۔

"Terry what are you doing ?"

"Nothing Ali. well do something"

Terry بڑی نڈر عورت واقع ہوئی۔ ایک weekend پر ہم لوگ اور دوسرے لوگ بھی تقریباً Cerro del Medio پر ادھر ادھر گھوم پھر رہے تھے۔ تو کسی نے کہا

"ادھر سانپ زمین کے بل یعنی (کھڈ) میں گھس رہا ہے۔" میرا بھائی Winchester تھامے دوڑا۔ Terry قریب ہی تھی۔ سانپ قریباً نصف سوراخ میں جا چکا تھا Terry نے سانپ کو دُم سے پکڑ لیا کبھی دم کو کھینچتی اور کبھی ڈھیلا چھوڑ دیتی۔ اسی تگ و دو میں اس نے سانپ کو سوراخ سے باہر نکال کر زمین پر پٹخ پٹخ کر مار دیا حالانکہ سننے میں آیا ہے کہ سانپ جب سوراخ میں داخل ہو رہا ہو تو کھینچ کر باہر نہیں نکالا جا سکتا۔

انگلی ایسے بھی زخمی ہو سکتی ہے!

کئی سال پہلے جب جہازوں کو hijack کرنے اور دہشت گردی کے آغاز کا دور تھا۔ فرخ، انور اور میں وینزویلا سے پاکستان میں محرم کی عزاداری کے سلسلے میں آئے اور واپس جاتے وقت دو حقے خرید لئے۔ کراچی Airport Security Staff بڑا تنگ کرے گا سوچتے ہی ہم نے حقہ جات کی ٹوپیوں کو علیحدہ کر لیا اور اس طرح حقے لیکر PIA کے جہاز میں سوار ہو گئے۔ جب روم کے Fiumiciano نامی airport پر پہنچے اور دوسرے مسافروں کے ساتھ immigration سے گزرنے لگے تو security والے نے ہمیں یہ کہہ کر روک لیا۔ "آخر یہ کس قسم کا اسلحہ ہے؟" ہمارے بیان کرنے اور عملاً حقہ پینے کے انداز سے انہیں یقین ہو گیا کہ یہ کوئی خطرناک قسم کا ہتھیار نہیں اور ہمیں جانے دیا گیا مگر چار گھنٹوں کے بعد جب Alitalia کے جہاز میں سوار ہونے لگے تو یہی صورت حال کا سامنا تھا۔ یعنی security کی checking۔ وہاں بھی باقاعدہ حقوں پر ٹوپیاں رکھ کر عملاً بتایا تو ہمیں چھوڑ دیا گیا البتہ نو گھنٹوں کی nonstop فلائیٹ کے بعد وینزویلا کے airport بنام Maiquetia پر پہنچے تو پھر وہی security staff کا استفسار مگر ہماری Spanish زبان دانی اور explain کرنے کے بعد ہم لوگوں کو چھٹکارا مل گیا۔

ہم اپنے بنگلے Cerro del Medio میں رہ رہے تھے تو ایک weekend پر کسی وجہ سے newsboy ہمارا پسندیدہ اخبار *El Nacional (The National)* لے کر نہ آیا۔ front lawn میں بیٹھے حقہ پی رہے تھے۔ حقہ کے لئے تمباکو میں نے اس فیملی سے لیا جہاں سے میں اپنے سگار خریدتا اور فرخ نے حقہ کی ٹوپی میں رکھنے کیلئے مٹی کی گولیاں بنا دیں۔ میں نے فرخ سے کہا کہ جاؤ شہر سے اخبار خرید لاؤ۔ اس کا ویسے بھی shopping کا پروگرام تھا لہذا وہ اپنی Mercedes میں شہر پہنچ گئی مگر واپسی پر اس نے اپنا دایاں ہاتھ جو زخمی تھا، پر رومال لپیٹ رکھا تھا جس پر خون کے دھبے نمایاں نظر آ رہے تھے لیکن اپنی پشت کی اوٹ میں چھپانے کی کوشش کی تھی۔ اس نے اخبار ہمارے سامنے پڑے میز پر پھینکا اور خود kitchen میں سامان رکھنے چلی گئی جب لوٹی تو میں نے پوچھا: "فرخ ہاتھ کو کیا ہوا ہے؟"

"کچھ نہیں۔"

"کچھ تو ہے صاف خون کے دھبے دکھائی دے رہے ہیں۔"

"میرے دائیں ہاتھ کی انگلیاں کار کے دروازے میں آ گئیں۔"

"دائیں ہاتھ کی انگلیاں کار کے دروازے میں کیسے آ سکتی ہیں؟"

"بس آ گئیں۔" اس نے جواب دیا۔

حادثہ کی نوعیت کچھ یوں تھی۔ University کے compound میں سے ہوتے ہوئے کار Avenida Univesidad پر پہنچی۔ یہاں سے وہ دائیں ہاتھ مڑی Cumaná شہر کا airport بائیں ہاتھ واقع ہے۔ یہاں سے گزر کر وہ

Marfat.com

ایک roundabout بنام El Indio تک آ گئی۔ یہاں سے وہ Perimetral سڑک پر بائیں ہاتھ چل نکلی (Perimetral سڑک شہر کے متوازی چلتا ہے) Perimetral سے تھوڑے فاصلہ پر ایک supermarket سے اس نے خرید و فروخت کی پھر Perimetral پر آئی اور بائیں ہاتھ کو مڑ گئی۔ تھوڑی دور جا کر مین سڑک کی kerb پر ایک kiosk واقع تھا جہاں سے اس نے اخبار خریدی۔ اب کار کا steering wheel بائیں طرف ہوتا ہے کیونکہ وینزویلا میں دائیں ہاتھ کی جانب کار چلاتے ہیں۔ کار بالکل kerb کے ساتھ مین Kiosk کے سامنے پارک تھی۔ منطق یہ ہے کہ اس نے دائیں ہاتھ سے کار کا دروازہ کھولا ہو گا اور اگر انگلیوں کو کار کے دروازے میں آنا ہی تھا تو بائیں ہاتھ کی انگلیاں دروازے سے متاثر ہوتیں مگر اس کے برعکس دائیں ہاتھ کی انگلیاں بیچ زخمی ہو گئیں! یہ قصہ ہماری سمجھ سے بالاتر تھا اور اب بھی ہے۔

البتہ اسی وقت ڈاکٹر سے رجوع کیا تو ڈاکٹر کی سمجھ میں بھی یہ بات نہ آئی کہ آخر دائیں ہاتھ کی انگلیاں کس طرح کار کے دروازے میں آ سکتی ہیں!

Investment !

عادت کے مطابق میں یونیورسٹی سے، جو کہ ہمارے گھر سے 13.5 km کے فاصلہ پر واقع ہے تقریباً ہمیشہ چھ بجے شام گھر پہنچ جاتا اور سالہا سال سے میرا معمول تھا۔ ایک روز کوئی چار بجے کے قریب مجھے Rockefeller Foundation کے ایک نمائندے نے ٹیلیفون کیا کہ وہ ساڑھے پانچ بجے کے قریب میرے ساتھ ریسرچ گرانٹس کے متعلق ضروری گفتگو کرنا چاہتا ہے اور اسے افسوس ہے کہ وہ پہلے اطلاع نہ دے سکا کیونکہ اسے اسی رات Rio de Janeiro پہنچنا ہے اور پھر وہاں سے اس نے واپس نیویارک پہنچنا ہے۔ میں نے اسے ٹیلیفون پر ہی میٹنگ کے وقت کے متعلق پوچھا تو پتہ چلا کہ آج پچھلے پہر ساڑھے پانچ بجے کے قریب یونیورسٹی کی Rectorado بلڈنگ میں جانا ہے۔ میں نے اتفاق کر لیا مگر بغیر سوچے سمجھے کہ مجھے تو چھ بجے گھر پہنچنا ہوتا ہے اور اگر اس وقت گھر نہ پہنچو تو فرخ پریشان ہو جایا کرتی۔ کام کے پریشر کی وجہ سے میں یہ بھی بھول گیا کہ کم از کم گھر ٹیلیفون ہی کر دوں۔ بہرحال کوئی پانچ بجے کے قریب میں اپنی کار میں Rectorado کی بلڈنگ کی طرف روانہ ہو گیا جو کہ ہمارے گھر سے جنوب کی طرف کی Avenida جہاں ہمارا گھر واقع ہے سے کوئی تین سو میٹر کے فاصلے پر ہے۔

جب میں میٹنگ کے کمرے میں تیسری منزل پر پہنچا تو وہ صاحب فائلیں لئے پہلے ہی انتظار کر رہے تھے۔ یہ میٹنگ اس لحاظ سے ضروری تھی کہ میرے investigation کونسل کے ایگزیکٹیو سیکرٹری ہونے کے ناتے سے ریسرچ گرانٹس اور فنڈز منظور کرنے تھے۔ خیر میں نے بھی اپنی فائلیں نکالیں ریسرچ پراجیکٹس کی تفصیل وغیرہ بیان کی چونکہ وہ جلدی میں تھا اور اس نے کوئی سات بجے کے قریب واپس Caracas چلے جانا تھا۔ اس لئے تمام کام مشین کی طرح کر رہے تھے۔ مجھے باتھ روم جو کمرے میں ہی اٹیچ تھا، کی حاجت ہوئی تو جونہی میں اٹھ کر کمرے کی مشرقی دیوار میں باتھ روم کی طرف جانے لگا تو اس نے فوراً کہا۔ "Dr Nasir what's wrong with you ? Where are you going ? I am in a hurry and we have got to do a lot of work as yet."

مضحکہ خیز بات ہے کہ میں باتھ روم میں مصروف اور وہ دروازے کے باہر کھڑا فنڈز تقسیم کرنے اور گرانٹس کے متعلق باتیں کرتا جا رہا تھا میں جواب دیتا اور وہ نوٹ کرتا رہا۔

چھ بجنے کے قریب تھے اور اس کمرے میں ٹیلیفون بھی نہ تھا کہ میں گھر فرخ کو اطلاع دے سکوں کہ دیر سے آؤں گا۔ دو تین دفعہ میں نے باہر نکل کر دوسرے کمرے سے ٹیلیفون کرنے کو کہا مگر وہ تھا کہ چل سو چل! کوئی پونے سات بجے کے قریب ہمارا کام ختم ہوا اور میں اپنی کار میں واپس گھر لوٹا جیسا کہ عادتاً ریموٹ کنٹرول سے کار میں سے ہی گیراج کا گیٹ کھولا تو دیکھتا کیا ہوں کہ فرخ گیراج میں ادھر ادھر چکر لگا رہی تھی۔ اوپر کی منزل والے bedroom کی بالکونی سے ہماری بیٹی نازیہ نے جونہی مجھے کار کو اندر داخل کرتے ہوئے دیکھا تو ہاتھ سے اشارے کرتی رہی جس کا مطلب تھا کہ چپ رہنا mami غصے میں ہے۔ میں نے حسب معمول شام کا سلام

Marfat.com

گیا اور کھسیانی ہنسی ہنس کر پوچھا ''فرخ کیا بات ہے؟''

''نصیر کچھ نہیں بس مجھے طلاق چاہیے۔''

جیسا کہ میں اکثر گھر لوٹنے کے بعد کیا کرتا اپنا بریف کیس porch کے میز پر رکھا، خود hammock میں دراز ہو گیا اور فرخ سے کہا ''درخت سے لیموں کاٹ کر اس میں تھوڑی سی برف اور ایک سٹرا مہربانی کر کے مجھے دو۔'' فرخ نے کچھ پرواہ نہ کی بس یہی رٹ لگائے جا رہی تھی ''مجھے طلاق چاہیے میں اس زندگی سے تنگ آ گئی ہوں گھر آ کر رات کے بارہ بجے کے بعد تک کام صبح ہوتے سات بجے پھر یونیورسٹی کی طرف دوڑ اور ادھر میں ہوں کہ بس انتظار کرتی ہوں اور آج تو حد ہی کر دی جناب ڈاکٹر صاحب نے اب سات بجے تشریف لا رہے ہیں۔ بس مجھے تو طلاق ہی چاہیے۔''

اتنے میں نازیہ بیٹی بھی دوڑتی ہوئی آئی اور بس یہی کہا ''پاپا تمہاری غلطی ہے چپ ہو جاؤ جواب وغیرہ دینے کی کوئی ضرورت نہیں mami بڑی پریشان تھی۔'' مگر فرخ طلاق، طلاق پر زور دیے جا رہی تھی۔

میں نے کہا ''اچھا چلو آخر یہ ایسا بھی ہو ہی جاتا ہے۔''

میں hammock سے اٹھ بیٹھا لائبریری میں گیا۔ ہمارے سفر کی فائلیں فرخ کے بیماری کے اخراجات، کچھ تو انشورنس کی وجہ سے یونیورسٹی ادا کیا کرتی مگر کچھ ایسے اخراجات جو مجھے ادا کرنا پڑتے، اور فرخ کی نیویارک اور لندن وغیرہ میں خریداری کی رسیدیں سب کچھ لے آیا۔ فائلیں میز پر رکھ دیں بیٹی سے کہا کہ جاؤ اپنا کیلکولیٹر لے آؤ میں بولتا گیا اور بیٹی کیلکولیٹ کرتی گئی مگر اخراجات تھے کہ ختم ہونے کا نام ہی نہ لیتے۔ فرخ نے غصے میں کیلکولیٹر باغ کی طرف دے مارا فرخ کہنے لگی، ''نصیر آخر تم کرنا کیا چاہتے ہو؟''

''میں کرنا یہ چاہتا ہوں کہ جتنی رقم میں نے تم میں invest کی ہے وہ رقم مجھے ادا کر دی جائے کیونکہ میں کاروباری نہیں ہوں مگر اتنا ضرور سمجھتا ہوں کہ میں اس بزنس میں نقصان نہیں اٹھانا چاہتا۔ اس کاروبار میں دن رات ایک کر کے محنت سے کمائی کی اور رقم لگائی ہے۔'' بس میرا یہ کہنا ہی تھا کہ پھول کھلنے شروع ہو گئے۔

Cockroach

یہ اس زمانے کی بات ہے جب ہم Crro del Medio پر رہا کرتے۔ ہفتے کا روز تھا اور اتوار کو ہم نے beach پر جانے کا پروگرام بنا رکھا تھا لہذا فرخ parrilla (ضمیمہ 143) تیار کرنے کیلئے سپر مارکیٹ سے گوشت دیگر لوازمات اور کوئلے خرید کر لی۔ ہوئے ایک تھیلا ویلا سب کے تھیلے میں تھے جب واپس لوٹی تو حسب عادت کار کو گیراج میں پارک کیا اور گیراج کے ساتھ کچن کے دروازے سے اندر داخل ہو کر مجھے آواز دی: ''نصیر کار کی ڈگی سے سودا سلف اٹھا لائیں اور کچن میں رکھ دیں'' لہذا میں نے تعمیل کر دی لیکن مجھے خیال ہی نہ رہا کہ جو کوئلوں والا تھیلا ہے اس کا منہ ٹھیک طرح سے بند نہیں میں نے تھیلا کچن کیساتھ ملحقہ نوکرانی والے کمرے میں رکھ دیا۔

رات کوئی بارہ بجے کے بعد میں لائبریری میں کام کر رہا تھا تو مجھے ''ٹک، ٹک'' کی آواز نے کچھ چونکا دیا اُن دنوں میں Leftist گوریلوں نے وینزویلا میں اپنی کاروائیاں شروع کی ہوئی تھیں اور لوگ بڑے محتاط تھے۔ مجھے یہ سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ یہ آواز آ کہاں سے رہی ہے کچن کا دروازہ جو کہ ڈرائینگ روم میں کھلتا وہ بھی کھلا تھا اور نوکرانی کے کمرے کا دروازہ بھی کھلا کیونکہ نوکرانی گھر گئی ہوئی تھی۔ میں کچھ اتنا ڈرا ہوا تھا کہ صحیح طرح سے اندازہ نہ لگا سکا آواز کہاں سے آ رہی ہے۔ اپنے آپ کو calm down کرنے کیلئے میں کچن میں پڑے ہوئے فریج سے پانی پینے کیلئے لینے گیا مگر ٹک، ٹک کی عجیب سی آواز جاری تھی۔ میں سمجھا شاید کسی نے ٹائم بم رکھ دیا ہو لیکن میں نے آواز کا کھوج لگا لیا کہ نوکرانی کے کمرے سے ہی آ رہی ہے۔ میری دلیری ملاحظہ ہو کہ بجائے اس کمرے میں داخل ہونے کے دوڑتا ہوا بیوی کے کمرے میں گیا اور اسے جگایا، ''فرخ شاید نوکرانی کے کمرے میں کسی نے ٹائم بم رکھ دیا ہے۔''

''اُف نصیر یہ وغیرہ ایسا کئی بار ہوا ہے کہ cockroach پلاسٹک کے تھیلوں میں یا کوڑے والی ٹوکری میں گھس جاتے ہیں اور اسی قسم کی آواز ہی سنائی دیتی ہے۔ میں جا کر پلاسٹک کے تھیلوں اور کوڑے والی ٹوکری کو گیراج میں رکھ دیتی ہوں مگر میں تھا کہ

Marfat.com

اپنی بات پر اڑا ہوا کہ یہ ٹائم بم کی آواز ہے۔ چونکہ فرخ کی نیند خراب ہو رہی تھی اور میں اسکا پیچھا نہیں چھوڑ رہا تھا اس نے مجھے بازو سے پکڑ کر اور مجھے دھکیلتے ہوئے نوکرانی کے کمرے میں لے گئی جہاں میں نے کہا تھا کہ آواز آ رہی ہے۔ واقعی ہی پلاسٹک کے تھیلے میں cockroach گھسے ہوئے تھے۔

Yellow Samsonite

ایک موقع پر فرخ، عازیہ، انورا کے تین بچے اور میں ہم وینزویلا سے چھٹیاں گزارنے کیلئے Caracas سے Viasa کی فلائیٹ پر نیویارک پہنچے۔ وہاں سے Pan Am کی دنیا کے گرد چکر لگانے والی فلائیٹ سے کراچی جانے کیلئے سوار ہو گئے۔ جب جہاز تہران ائرپورٹ پر پہنچا تو پتا چلا کہ یہ جہاز کراچی نہیں جائے گا بلکہ دوسرے Pan Am کے جہاز سے مسافروں کو کراچی پہنچایا جائے گا۔ پہلے کئی بار اسی فلائیٹ سے کراچی آ چکے تھے لیکن اب ایسا نہیں تھا۔ حیرانگی کی اور بات تھی کہ دونوں جہازوں کے wings (پر) tarmac (رن وے) پر تقریباً آپس میں ٹکرا رہے تھے اور پہلے جہاز سے مسافروں کو دوسرے جہاز پر ٹرانسفر کیا جا رہا تھا۔ کراچی جانے والے مسافروں کے ساتھ ہی اُن مسافروں کا سامان بھی ٹرانسفر کیا گیا۔ یاد رہے نیویارک سے دنیا کے گرد Pan Am کی دو پروازیں ہوا کرتی تھیں، ایک فلائیٹ نمبر 01 بحرالکاہل (Pacific) سے ہوتی ہوئی کراچی، بنکاک، ٹوکیو اور پھر Los Angeles اور دوسری فلائیٹ نمبر 02 بحراوقیانوس (Atlantic) سے اسی طرح چکر لگاتی ہوئی یورپ سے ہو کر پھر بحراوقیانوس سے ٹوکیو، Los Angeles، نیویارک پہنچ جاتی۔

جہاز کراچی رکا تو سحری کا وقت تھا۔ مسافروں کو بسوں کے ذریعے Luggage bay کے سامنے اتار دیا گیا۔ تھوڑی دیر بعد conveyor belts چلنا شروع ہو گئیں اور مسافر اپنا اپنا سامان بیلٹ سے اُتارنے میں لگ گئے۔ کافی دیر ہو گئی مگر ہمارا سامان نظر نہ آیا حتی کہ بیلٹیں چلنا بھی بند ہو گئیں۔ ہمارے ساتھ بچے تھے اور ہمارا تمام پہننے کا سامان Samsonites اور American Touristers بکسوں میں بند تھا۔ فرخ کا ایک Samsonite زرد رنگ کا تھا جس پر ایف، بے initials چھپے ہوئے تھے۔ (ضمیمہ 144) تمام سوٹ کیسوں پر مختلف initials لگے ہوئے تھے۔ یہ بہت بڑی پرابلم تھی یہ تو خیریت ہوئی کہ ہمیں موسم کا پتہ تھا کیونکہ وینزویلا میں یونیورسٹی کی چھٹیاں جولائی اور اگست کے مہینے میں ہوتی ہیں۔ میں نے Pan Am کے ایک سٹاف ممبر کو جو Luggage bay میں گھوم رہا تھا مخاطب کیا کہ مجھے سامان گم ہو جانے کے complaint form دے جائیں مگر اس نے ٹال مٹول کر دیا۔ ہماری خواتین غصے سے لال پیلی ہو رہی تھیں کیونکہ میں کوئی چھوٹی اردو اور پنجابی میں گفتگو کر رہا تھا۔ اس نے کوئی اہمیت نہ دی پھر میں اس پر انگریزی میں گرج پڑا "We are not going to leave this Luggage bay unless you provide us with the complaint forms. Not only that we are entitled to rupees five hundred per person for the clothes, free hotel accommodation and meals. And mind you children eat all the time." میں اس قانون سے واقف تھا کہ سفر کرنے والے کپڑے گم شدہ luggage میں ہوں اور سفر جاری رکھنا ہو تو مسافر کو ائرلائن والے پانچ سو روپے دیتے ہیں۔ "It must be emphasized that we are not going to leave the airport unless our luggage is found. We have to fly onward to Lahore as soon as we get the luggage."

میرے غصے سے چلانے کی وجہ سے ایک ہنگامہ برپا ہو گیا۔ اتنے میں Pan Am کا ایک افسر ہمارے قریب آیا اور آتے ہی تھوڑی سی مسکراہٹ کے بعد کہا:

"Good morning sir, what is the problem ?"

"Morning time is alright but there is nothing good about it. Your fellow does not understand the predicament we are in. If children get sick due to

Marfat.com

morning chill, who is going to be responsible! One can't go around naked, one must have clothes on."

میں نے اسے بات تفصیل سے سمجھا دی اور اس کی سمجھ میں بھی آ گئی۔ جواب دیا " Yes, yes I am very sorry. We take you to Hilton Hotel there you will get the cash. By all means you are our guest. These Pan Am's services are all free till you get the luggage."

"If we don't get the luggage then what ?"

"We will pay for the lost luggage according to our rules and regulations."

امیگریشن سے فارغ ہونے کے بعد Pan Am کی وین نے ہمیں Hilton ہوٹل پہنچا دیا۔ ہمیں دو کمرے ڈبل bed کے ساتھ اور ہر کمرے میں ایک additional bed تیسرے فلور پر دے دیئے گئے۔ خواتین اور بچے تو لفٹ (امریکہ میں elevator اور لاطینی امریکہ میں ascensor) میں بیٹھ کر کمروں میں چلے گئے انور اور میں نے کوئی 45 منٹ ہوٹل کی لابی میں انتظار کیا۔ ایک Pan Am کے صاحب تشریف لائے اور چار ہزار روپے نقد دے دیئے۔

نیند تو وقت پر رہتا تھا بہر حال چند دیر ستا لیا۔ روم سروس کو ٹیلیفون کیا اور ناشتہ کمروں میں ہی لا دیا گیا۔ فرخ، غازیہ اور میں ایک bedroom میں، انور اس کی بیوی اور تین بچے دوسرے میں۔ ناشتہ کرنے کے بعد ہوٹل سے باہر گھومتے گھماتے ایک شاپنگ سنٹر پہنچ گئے وہاں سے چند کپڑے وغیرہ خریدے۔

دوسرے دن شام کے قریب ہمارا گمشدہ سامان ہوٹل کی لابی میں پہنچا دیا گیا۔ جب میں نے چیک کیا تو فرخ کا زرد رنگ کا سوٹ کیس موجود نہ تھا۔ اس میں زیور وغیرہ وہاں ہی تھا تو میں نے اسے کہا کہ جب تک یہ سوٹ کیس بھی نہ مل جائے ہم یہاں سے جانے والے نہیں۔ تیسرے دن کوئی دس بجے کے قریب یہ سوٹ کیس بھی ہوٹل میں پہنچا دیا گیا۔

واپسی پر بھی Pan Am کی فلائیٹ تہران سے سیدھی نیو دہلی اور وہاں سے بنکاک رکی اور عملے والوں کو احساس ہوا تو ہمارا سامان آف لوڈ کر دیا گیا۔ پورے کے پورے چھ سوٹ کیس کراچی ائرپورٹ پر پہنچ گئے مگر وہاں کسی پورٹر کی نااہلی کی وجہ سے سوٹ کیس ادھر ادھر ہو گیا۔ شام کے قریب PIA کی اندرونی فلائیٹ سے لاہور پہنچے۔ تین ٹیکسیاں لیں اور خدا خدا کر کے گجرات پہنچ گئے۔

Yellow Samsonite کے گم ہونے کا ایک اور واقعہ سنیئے فرخ اور اسکی چھوٹی بہن نمل وینزویلا سے گجرات 1986 کے آخری مہینوں میں پہنچیں کیونکہ پندرہ اگست 1986 کو ان کے والد صاحب حضرت پیر رشید الدولہ راہِ عدم ملک رواں ہو چکے تھے جب وہ وینزویلا سے British Airways کی فلائیٹ سے روانہ ہوئیں تو لنڈن کی Heathrow ائرپورٹ پر ہمارا قریبی دوست پرویز اکرم انہیں لینے چلے گیا۔ وہ پرویز اکرم کے Acton Town Hotel میں ٹھہریں۔ سفر کرنے سے پہلے نمل کو کوئی پیٹ درد کی شکایت ہوئی اور ابھی تک محسوس رہی تھی۔ ادھر فرخ کو پرانی bronchitis جو کہ لنڈن میں سردی کی وجہ سے کچھ بگڑ گئی، نمل کی بیماری میں بھی کچھ اضافہ ہو گیا۔ خیر ان کا قیام تین دن تھا کیونکہ کچھ خرید و فروخت بھی کرنی تھی اس کے بعد وہ PIA کی انٹرنیشنل فلائیٹ سے کراچی پھر PIA کی ڈومیسٹک فلائیٹ سے لاہور اور لاہور سے ٹیکسی لے کر اپنے آبائی شہر گجرات پہنچ گئیں۔

انہوں نے کوئی دو مہینے گجرات میں قیام کیا۔ ہمیں تجربے سے پتہ ہے کہ PIA کی وہ سروس نہ تھی جو کہ کسی وقت ہوا کرتی۔ یہ ماٹو جب سے "Great people to fly with" تو بس ایک کاغذی کارروائی رہ گئی ہے۔ ہم ہمیشہ کوشش کرتے ہیں کہ PIA سے جہاں تک ممکن ہو سفر نہ کیا جائے۔ انہوں نے واپسی کی فلائیٹ PIA سے بک کی جس نے کراچی سے دوبئی اور دوبئی سے پیرس پہنچانا تھا اور پھر پیرس سے ائرفرانس کی تیرہ گھنٹے نان سٹاپ فلائیٹ سے Caracas۔

دوبئی میں PIA کے جہاز میں کوئی خرابی واقع ہوگئی اور دوسرے دن PIA کی دوسری پرواز سے پیرس پہنچانے کا اعلان کیا

Marfat.com

گیا اور یہ بھی کہا گیا کہ سامان خود بخود ہی اُس فلائیٹ پر منتقل کر دیا جائے گا۔ رات بسر کرنے کیلئے دوبئی میں PIA والوں نے ایک ہوٹل کا بندوبست کیا ابھی مسافر اپنے اپنے کمروں میں گئے بھی نہ تھے کہ ہوٹل کی لابی میں چند شرابی عربوں نے چند ایک خاتون سے کوئی بدتمیزی کا مظاہرہ کیا جس سے دونوں بہنیں کچھ خوفزدہ ہو گئیں۔ جہاز پر کراچی سے اُن کی دوسیٹوں کے ساتھ تیسری سیٹ پر ایک سکھ خاتون جس کا خاندان مغربی پنجاب سے پاکستان بننے کے وقت مشرقی پنجاب کیطرف منتقل ہو گیا۔ اُس سکھ خاتون نے اپنے دکھ درد اور ہمت کی دونوں بہنوں کو بڑی دکھ بھری داستانیں سنائیں۔ اُس خاتون نے دونوں بہنوں کو تسلی دی کہ کوئی گھبرانے کی بات نہیں مجھ پر بھروسہ رکھو میں تمہارے کمرے میں دیکھ بھال کرتی رہوں گی۔ دونوں بہنوں کا اور سکھ خاتون کا کمرہ ہوٹل کی چوتھی منزل پر تھا اور دونوں کمرے ساتھ ساتھ تھے۔ اُس نے یقین دلایا کہ وہ رات کو بہت کم سوتی ہے اور کئی کئی راتوں تو وہ سوتی ہی نہیں وہ اُن کے دروازے کا چکر لگاتی رہے گی اور اگر وہ کہیں تو دو تین بار ٹیلیفون بھی کر دے گی۔ جاتے ہوئے اپنے کمرے کا نمبر بھی دے گئی۔ سکھ خاتون نئی دہلی سے ائر انڈیا کی فلائیٹ سے کراچی پہنچی تھی۔ اپنے اپنے کمروں میں جانے سے پہلے وہ دونوں بہنوں سے بغلگیر ہوئی اور انہیں کہا کہ تم میری بچیوں کیطرح ہو تسلی رکھو کچھ نہیں ہوگا۔ نمل نے اسے اُن کے کمرے میں سونے کیلئے کہا لیکن اس نے اپنی اس عادت کیوجہ سے مجبوری ظاہر کردی۔ آخر میں اُس نے گرانتھ پر قسم کھا کر کہا کہ میں تمہاری حفاظت کیلئے اپنی جان بھی دے دوں گی یونہی اُن عربوں نے بڑا غلط مظاہرہ کیا تھا۔ تینوں نے کھانا بھی ہوٹل کے ریسٹورینٹ میں کھایا۔ اپنے الفاظ کا پاس رکھتے ہوئے سکھ خاتون نے تین چار مرتبہ اُن کے دروازے پر دستک دی کہ خیریت سے ہیں۔

دوبئی ائرپورٹ سے روانگی کے وقت فرخ نے PIA سٹاف کو آگاہ کیا کہ ہمارے تین Samsonites اور American Touristers ہیں کہیں گم نہ ہو جائیں۔ اُس نے جیسے کہ عملے والوں کا فرض ہے تسلی دی کہ خود بخود سامان جہاز سے Caracas پہنچ دیا جائیگا۔ ناشتہ کرنے کے بعد PIA کی وین انہیں دوبئی ائرپورٹ پر لے گئی۔ فرخ نے پھر کاونٹر پر PIA کے سٹاف سے وہی اپنے بکسوں کے متعلق سوال کیا۔ جواب تھا ''باجی آپ بالکل فکر نہ کریں یہ تو ہمارا روزمرہ کا کام ہے۔ یہاں سے سامان پیرس جانے والی فلائیٹ پر ٹرانسفر کر دیا گیا ہے۔ Orly ائرپورٹ پر پہنچ کر خود بخود ہی سامان ائر فرانس کی فلائیٹ پر منتقل کر دیا جائے گا اور Caracas پہنچ کر اپنا سامان لے لینا۔''

جہاز Orly ائرپورٹ پر پہنچ گیا سکھ خاتون انہیں اپنا ایڈریس دیا بغلگیر ہوئی اور کہنے لگی کہ میں نے لندن جانے والی فلائیٹ پکڑنی ہے۔ کوئی چار گھنٹے کی انتظار کے بعد وہ ائر فرانس کے جہاز پر سوار ہوئیں اور جہاز Caracas کیلئے پرواز کر گیا۔ ادھر نومبر میں Cumaná سے ہوائی جہاز کے ذریعے Caracas کی ائرپورٹ Maiquetia پر پہنچ گئے۔ ائر فرانس کا جہاز پہنچ گیا امیگریشن سے باہر آنے تک دونوں بہنوں کو کچھ ضرورت سے زیادہ ہی دیر ہوگئی۔ دو پورٹر اُن کا سامان ٹرالی پر لادے ہوئے آ رہے تھے مگر فرخ کا Yellow Samsonite غائب۔ میں نے ائر فرانس کے کاونٹر پر complaint form پر کیا جس میں سامان کی تفصیلات مثلاً سوٹ کیس کا سائز، رنگ، سامان کی تفصیل وغیرہ درج کی جاتی ہیں۔ یہ بھی عرض کرتا چلوں اگر complaint درج کئے بغیر ائرپورٹ سے چلے جائیں تو claim نہیں کر سکتے۔ تجربے نے مجھے سکھایا ہے کہ اپنا ایڈریس سوٹ کیس کے اندر اور سوٹ کیس کے باہر ضرور لکھا جائے اس کے علاوہ میں ہمیشہ ڈوپلیکیٹ انڈیکس کارڈز پر سوٹ کیس کا رنگ سوٹ کیس کا سائز اور سامان کی تفصیلات لکھ لیتا ہوں۔ ایک کارڈ فرخ کو دے دیتا ہوں اور ایک پاس رکھ لیتا ہوں۔ Avensa کی فلائیٹ سے کوئی ایک گھنٹے کے بعد ہم Cumaná واپس ائرپورٹ پر پہنچ گئے جہاں ہم دونوں بھائیوں کی کاریں کھڑی ہوئیں تھیں اور گھر پہنچ گئے۔

اب سوٹ کیس گم ہو جانے کے پراجیکٹ پر عمل شروع ہو گیا۔ میں نے کئی خط اور ٹیلیکس اس سوٹ کیس کیلئے PIA کے دفتر نیویارک اور کراچی روانہ کیے مگر کوئی جواب نہ آیا یہاں تک کہ میں نے ایک رجسٹری شدہ خط PIA کے M.D جو کہ پاکستان ائر فورس کے اعلیٰ عہدے پر ہونے کے بعد ریٹائر ہوئے تھے مگر کوئی جواب ندارد۔ اسی طرح صرف ایک ٹیلیکس ائر فرانس کے آفس Orly ائرپورٹ پر بھیجا اور جواب آیا کہ وہ گم شدہ سوٹ کیس کی تلاش میں ہیں جس وقت مل جائیگا تمہارے گھر پہنچ دیا جائیگا۔ یہ کہنا ضروری ہے کہ PIA کا کوئی دفتر لاطینی امریکہ میں نہیں ہے۔ انکی پروازیں صرف نیویارک تک ہیں مگر ائر فرانس کے دفاتر ضرور ہیں۔

Marfat.com

ایک روز مجھے Orly ائرپورٹ سے ٹیلیکس موصول ہوا کہ گم شدہ سوٹ کیس مل گیا ہے تمہارے پتے پر: Avenida Gran Mariscal No. 47, Quinta Porzana, Cumana پر پہنچا دیا جائیگا۔

چند دنوں کے بعد میں اپنے ڈرائنگ روم کی بالکونی پر rocking chair پر بیٹھا ہوا اخبار پڑھ رہا تھا۔ بالکونی کا رخ مین سڑک کی طرف ہے تو ائرفرانس کی وین باہر سڑک کے کنارے آ کر رکی۔ ایک صاحب وردی میں ملبوس ڈرائیور کی سیٹ سے نیچے اترے باہر مین گیٹ پر لکھا ہوا نمبر اور نام پڑھا۔ bell بجائی میں نے سیڑھیوں سے ہوتے ہوئے مین گیٹ کو کھولا تو اس نے میرا نام پوچھ کر Yellow Samsonite میرے ہاتھ پر رکھ دیا۔ میں نے اس سے پوچھا کہ آیا سوٹ کیس کے ملنے پر کوئی دستخط وغیرہ کرنے ہیں تو اس نے جواب دیا "نہیں"۔

سوٹ کیس اٹھا کر میں پیچھے کیبن میں گیا جہاں فرخ hammock میں لیٹی ہوئی تھی۔ سوٹ کیس کو دیکھ کر بہت خوش ہوئی۔ جب اندر کی چابی لگا کر سوٹ کیس کھولا تو چیزوں کے اوپر ایک نوٹ تھا جس پر انگلش میں لکھا ہوا تھا:

"The suitcase was opend for the security purposes. If any thing is missing please let's know."

جب سوٹ کیس کھولا تو تمام سامان محفوظ تھا البتہ پرفیوم کی ایک بوتل ٹوٹی ہوئی تھی۔ یہ بکس اب بھی ہمارے پاس موجود ہے اسی ضمن میں Yellow Samsonite کی اور داستان پیش خدمت ہے۔ 1984 کے موسم گرما میں مجھے وینزویلا سے گجرات واپس آنا پڑا کیونکہ پیر رشید الدولہ صاحب کی بائیں eyebrow پر شدید قسم کی درد تھی اور ہوا اس طرح کہ وہ اپنی چارپائی پر کمرے میں چھت والا پنکھا لگا کے سو رہے تھے۔ دفعتاً درد شروع ہوگئی۔ میں نے گجرات پہنچ کر ڈاکٹر محبوب ربانی سے مشورہ کیا تو انہوں نے تشخیص کی کہ یہ trigeminal nerve کی شکایت ہے لہذا اس نے لاہور جنرل ہاسپٹل میں مشہور نیوروسرجن ڈاکٹر بشیر سے آپریشن کرانے کا انتظام کیا۔ ڈاکٹر محبوب ربانی بھی اسی ہاسپٹل میں سرجن تھا اور اس نے ڈاکٹر بشیر کی ٹیم سے مل کر آپریشن میں حصہ لیا۔ ہم نے قیام لاہور میں پیر صاحب کی بڑی بیٹی خالدہ خانم کے ہاں علامہ اقبال ٹاؤن میں کیا۔ آپریشن کامیاب رہا کوئی دو ہفتہ کے دوران ڈاکٹر محبوب ربانی صاحب گاہے بگاہے خیریت پوچھنے کیلئے تشریف لاتے حالانکہ گرمیوں کا موسم تھا پیر صاحب کو پنکھے کی ہوا سے اتنی نفرت ہوگئی کہ رو بصحت ہونے کے بعد بھی بجلی کے پنکھے کی ہوا پسند نہ کی۔

کیونکہ میں گجرات جلدی میں پہنچا تین سوٹ کیس ایک مذکورہ بالا Yellow Samsonite اور دو soft-sided Samsonites جو میں نے unaccompanied baggage ہوائی جہاز سے اسلام آباد بھیج دیئے۔ میرے گجرات کے پتے پر دو دن کے بعد اسلام آباد ائرپورٹ سے پی آئی اے کی طرف سے ایک خط موصول ہوا جس میں لکھا تھا کہ تمہارا سامان پہنچ گیا ہے اپنا پاسپورٹ ائر ٹکٹ اور luggage tags لے آئیں اور اپنا سامان وصول کرلیں۔

ایک روز میں گجرات سے ٹیکسی لے کر اسلام آباد ائرپورٹ پر پہنچ گیا۔ کبھی اس دفتر میں کبھی اس دفتر میں یعنی کہ "From pillar to post" مگر کسی نے میری داد رسی نہ کی۔ پچھلے پہر کے قریب میں نے تھک ہار کر اپنے ایک پرانے دوست جس کا صحیح نام تو مطلوب ہی جانتے ہیں مگر ساقی کے نام سے مشہور و معروف ہیں اور PIA میں کافی عرصہ سے ملازمت کرتے چلے آرہے تھے ان کو ٹیلیفون کیا کیونکہ کافی دیر ہو چکی تھی اس نے مشورہ دیا کہ صبح نو بجے کے قریب میں ائرپورٹ پر پہنچ جاؤں گا اور سامان حاصل کرلیں گے لہذا رات میں نے اپنے ایک دوست ضیاء السلام جو کہ گجرات کا ہی رہنے والا ہے اور PIA میں ملازم اب ریٹائر ہو چکا ہے رات اس کے گھر رہا۔

دوسرے دن ساڑھے آٹھ بجے کے قریب مقررہ وقت پر ائرپورٹ پر پہنچ گیا۔ ساقی صاحب پہلے سے ہی موجود تھے۔ اُنے میرے کاغذات لئے ایک آفیسر سے بات کی جو اس کا بے تکلف دوست دکھائی دیتا میرا تعارف کرایا گیا اور ہم PIA کے سٹور ہاؤس میں پہنچ گئے۔ یہ سٹور کوئی آدھا ڈھکا ہوا تھا اور آدھا کھلا میدان لیکن ارد گرد چار دیواری۔ برسات شروع ہوگئی کھلے میدان میں نہایت قیمتی اشیاء مثلاً فریج، الیکٹرانکس کا سامان سوٹ کیسز تمام کے تمام بھیگ رہے تھے۔ پورٹر نے آفیسر کے حکم کے مطابق ڈھکے ہوئے حصے

Marfat.com

میں پڑے racks سے دو Samsonites نکالے مگر دو Yellow Samsonite پھر نہ ملے۔ کسٹم آفیسر نے پوچھا کہ ضرور ذاتی بیلا کی پتہ چلا کہ اکثر ایسا ہی ہوا کرتا ہے کوئی نہ کوئی چیز جان بوجھ کر پیچھے روک لیتے ہیں تا کہ پوچھا جائے تو سوالی سے اپنے قبضے میں کیا جا سکے یا کچھ زیادہ ہی بخشیش دی جائے۔ آخر وہ بیگ بھی مل گیا۔ آفیسر نے مسکراتے ہوئے کہا ''واہ جی صاحب صرف تین بیگوں کے لئے ساقی کو تکلیف دی جو سامان پسند آئے ٹرالی پر لاد دیں'' میں نے شکریہ ادا کیا ''نہیں صاحب مجھے اپنا سامان ہی چاہیئے''۔ جب پورٹر نے ٹرالی پر سامان رکھا تو وہ آفیسر وہاں ہی رہ گیا۔ ساقی اور میں اس کے ساتھ ساتھ سٹور کے کھلے میدان سے نکلتے ہوئے بڑے مین گیٹ سے باہر نکلے تو لوگوں کا ایک ہجوم تھا جو ساقی صاحب کو وردی میں دیکھ کر اور مجھے سر پر ہیٹ اور کار پیٹ ہوئے کسٹم کی مخلوق تصور کرتے ہوئے منتیں سماجتیں کرنے لگے کہ ہمارا سامان بھی نکلوا دیجئے۔

"Great people to fly with."

''سچائی کا منہ'' *Bocca della Verita* (Mouth of Truth)

انور 1968 میں وینزویلا جہاں میں یونیورسٹی میں پروفیسر تھا Cumaná شہر پہنچ چکا تھا۔ چند ایک سال مختلف ملازمتیں کرنے کے بعد 1972 میں اسے یونیورسٹی میں پڑھانے کی مستقل نوکری مل گئی۔ موسم گرما کی چھٹیوں میں ہوائی سفر کی سہولت سے کراست کے آخر تک فرخ، انور اور میں جرات، پاکستان لوٹے۔ اگست کے آخر میں انور کی بیگم جس کا اصل نام توفیق سعیدہ ہے مگر ''شمل'' کے نام سے زیادہ جانا جاتا ہے۔ انور اور اس کا بڑا لڑکا شازی جس کی عمر چار برس کے قریب تھی چھوٹا بیٹا عدیل جو کوئی ڈیڑھ سال سے تھا جھنگ۔ انور، فرخ اور میں PIA کی فلائیٹ سے واپس جانے کیلئے کراچی پہنچ گئے، چونکہ انٹرنیشنل فلائیٹ دوسرے دن تک تھی ہمیں کراچی ائرپورٹ کے قریب PIA نے رات بسر کرنے کیلئے Midway Hotel میں ٹھہرایا۔ اس ہوٹل کی ہم نے کافی تعریف سنی ہوئی تھی مگر ٹھہرنے کا کبھی موقع نہ ملا۔ جب ہم اوپر والی منزل میں اپنے کمرے میں پہنچے تو میری حیرانگی کی حد نہ رہی۔ کمرے کی کھڑکیاں جو سوئمنگ پول کی طرف کھلتی ہیں وہ ٹوٹی ہوئی تھیں اور عدیل کو پہلے ہی کچھ نزلے زکام کی شکایت تھی۔ موسم بھی ٹھیک نہ تھا بارش کا بھی امکان نظر آتا۔ بڑی کوشش کی کہ کسی اور ہوٹل میں ائرپورٹ کے قریب کمرہ مل جائے مگر PIA تو PIA تھی ٹھہرا دیا سو رات عدیل کو کچھ زیادہ ہی بخار ہو گیا مگر ہم نے سفر تو کرنا ہی تھا خیر طلوع سحر سے پہلے مشکل سے رات گزار کر ٹیکسی پر بیٹھے اور ائرپورٹ پہنچ گئے۔

PIA کی فلائیٹ سے روم کی ائرپورٹ Fiumiciano پہنچے۔ ائرپورٹ سے باہر ٹیکسی والوں سے دریافت کیا تو ایک نے کہا کہ وہ ایک معقول Bed and breakfast پر لے جا سکتا ہے۔ ہم رضامند ہو گئے مگر سامان کی زیادتی کی وجہ سے دو ٹیکسیاں کرنا پڑیں۔ اس جگہ کو La Dolce Bed and breakfast کے نام سے پکارا جاتا تھا۔ یہ چند صدیوں پرانے Palazzo (palace) میں واقع اور Via Rasella کے قریب تھی۔ شاپنگ boulevards، Via Condotti، Via del Corso اور Via Veneto سے walking distance تھی۔ اسکے علاوہ مشہور Trevi fountain اور Piazza de Spagna بھی کوئی زیادہ دور نہ تھے۔

ہم نے دو کمرے کرایہ پر لئے جن کا کرایہ ہزاروں Liras تھا۔ اس وقت ایک امریکن ڈالر میں کوئی بارہ سو لیرے تھے۔ ناشتے کے علاوہ بجلی، صابن، پانی، کے علیحدہ علیحدہ چارجز وصول کئے جاتے، جس کا پتہ ہمیں بعد میں چلا لیکن مالی طور سے کوئی خاص پرابلم نہ تھی۔ ہمیں سب سے زیادہ تشویش عدیل کی تھی جسے بخار اور زکام نے تنگ کر رکھا تھا۔ ہوٹل کی concierge جس کا نام Manola تھا اسے کہہ کر ہم نے کسی ڈاکٹر کو ٹیلیفون کیا اور وہ کوئی تین بجے بعد از دوپہر پہنچا۔ ہم بھول ہی گئے کہ یہ تو siesta کا وقت تھا اس نے دیر سے آنے پر معذرت کی۔ اس نے عدیل کو چیک کیا اور تسلی دی کہ کوئی پریشانی کی ضرورت نہیں گلے میں انفیکشن کچھ زیادہ ہے تین چار دن penicillin کے روزانہ انجیکشن لگانے پڑیں گے اور وہ ایک نرس کو جانتا ہے جو ہوٹل میں پہنچ کر انجیکشن لگا دیا کرے گی۔ جب میں نے اپنا تعارف کرایا تو اس شریف آدمی نے کوئی فیس نہ لی۔ اتنا ضرور کہا کہ جو نرس انجیکشن لگانے کیلئے آئے گی اسے کافی فاصلے سے آنا پڑے گا اس لئے اس کے چارجز اور انجیکشن کے چارجز ادا کر دیجئے گا۔ دوا انجیکشن دینے کے بعد عدیل کی طبعیت کافی بحال ہوئی اور اس کے گلے میں جو خرابی تھی

Marfat.com

وہ کافی حد تک دور ہوگئی۔

اب ہم نے روم میں گھومنے پھرنے کا پروگرام بنایا Bocca della Verita چھٹی صدی کے گرجا گھر بنام Sta. Maria in Cosmedin میں واقع ہے اور یہ پرانے Grain-commission کے دفاتر میں تعمیر کیا گیا۔ قدیم کیٹل مارکیٹ (*Forum Boarium*) کے چھ ستون گرجے کے اندر موجود ہیں اور اسکی drain lids میں سے ایک بیرونی دیوار پر اس طرح سے نصب کیا گیا کہ ایک بڑا گول سا سنگ مرمر کا چہرہ جسمیں آنکھوں کے سوراخ ناک اور کھلا ہوا منہ ہے۔ یہ کلاسیکل manhole خوفزدہ کردینے والا Bocca della Verita کہلایا جانے لگا۔ مشہور ہے کہ اگر کوئی اسکے منہ میں ہاتھ ڈالتے وقت جھوٹی قسم کھائے تو وہ اپنا ہاتھ باہر نہیں نکال سکے گا اور اسکا ہاتھ بری طرح سے چبا جائیگا۔ بہت سارے سیاح اور ہم لوگ موجود تھے۔ میں نے اپنی بیوی سے کہا "میں اپنا ہاتھ اسمیں ڈال کر جھوٹی قسم کھانے والا ہوں۔"

اس نے غصے سے جواب دیا "نہیں نہیں ایسا مت کرنا" اور چند ایک اور لوگوں نے بھی منع کیا۔ میں ضد میں آکر اپنا بایاں ہاتھ اسکے منہ میں ڈالنے ہی والا تھا تو فوزیہ نے مجھے دھکا دے کر پرے ہٹادیا۔

بعد میں چلتے ہوئے Piazza di Spagna دیکھنے چلے روانہ ہوئے۔ یہ "Piazza Scalla di Spagna" (Spanish Steps) اور اسکا دوسرا نام "Scalinata della Trinita dei Monti" کے پاؤں میں واقع ہے۔ ان Steps کا ڈیزائن کئی سالوں کی بحث مباحثے کے بعد Francesco de Sanctis نے کیا۔ ان Steps کے اوپر چھ فٹ چوڑی جہاں Steps ختم ہوجاتے ہیں وہاں ایک چرچ جسکا نام Trinita dei Monti ہے اس کی بنیاد فرانسیسیوں نے 1495 میں رکھی۔ میں نے بڑی کوشش کی کہ ان Steps کو گن سکوں مگر سیاحوں کے ہجوم جن میں کئی Steps پر بیٹھے ہوئے کئی اوپر سے نیچے اور نیچے سے اوپر جانے والوں کے ساتھ ساتھ چیزیں بیچنے والوں کا اتنا رش تھا کہ چیزیں بیچنے والے پکڑ کر اپنی طرف کھینچنے کی کوشش کرتے تاکہ ان کی کمائی اچھی ہوسکے۔

Spanish Steps روم کے تین main arteries: Via Condotti, Via del Babuino اور Via Felice کو ملانے کیلئے تعمیر کئے گئے تھے۔

Piazza di Spagna میں ایک فوارہ جسکا پانی Aqua Vergine انیسویں صدی BC میں تعمیر کی گئی Agrippa's aqueduct سے آتا ہے۔ فوارے کے ارد گرد ایک سنگ مرمر کی کشتی بنی ہوئی ہے۔

تھکے ہوئے گھر واپس لوٹے اور دوسرے دن Fontana di Trevi (Trevi fountain) عرض کرتا چلوں اس فوارے کے نزدیک ہی کئی ریسٹورینٹ ہیں جہاں ہم اکثر کھانا وغیرہ کھایا کرتے۔ روم میں تین سو سے زیادہ فوارے ہیں اگر روم میں کوئی ایسی جگہ ہے جس کو ضرور دیکھا جائے اور دوسرے آپ کو دیکھیں تو وہ Trevi کا فوارہ ہے۔ یہ Spanish Steps اور "English Ghetto" جہاں رومانٹک شاعر Keats اور Shelley ایک ہی Palazzo میں Keats کی وفات سے تھوڑے دن پہلے رہا کرتے بہت تھوڑے فاصلے پر واقع ہے۔ ہر وقت مقامی اور سیاحوں کا ہجوم اور یہ کہا جاتا ہے کہ اس فوارے سے اگر کوئی پانی پی لے یا کوئی سکہ اس میں پھینکے تو دوبارہ ضرور روم لوٹتا ہے۔ اس روایت کے متعلق کہیں اور ذکر کیا گیا ہے۔

کوئی ایک ہفتہ اور روم میں رہنے کے بعد KLM کی فلائیٹ سے واپس Caracas خیر و عافیت پہنچ گئے۔ چھوڑ دیا اسلئے رہنا پڑا کہ روم سے Caracas کوئی تیسرے ہفتے کی فلائیٹ تھی اور عدیل ابھی صحیح طرح سے روبصحت نہ ہوا تھا۔

تشدد کی نرالی داستان

تین بھائی جن میں سے دو جڑواں تھے۔ ایک کا نام Luis Alcides دوسرے کا Luis Gonzaga اور تیسرے کا نام Arichimedes Gonzaga تھا۔ ان کا باپ Gonzalo ایک سیاسی پارٹی U.R.D (*Union Revolucionaria Democratica*) یعنی کہ Democratica Revolucionaria Union جس کا لیڈر

Marfat.com

Dr. Jovito Villaba نہ صرف Venezuela کی سیاسی پارٹیوں بلکہ لاطینی امریکہ میں سب سے اعلیٰ مقرر تھا۔ وہ ... تھا۔ اس پارٹی نے Venezuela کے Dictator بنام Perez Jimenez کا تختہ الٹانے میں حصہ لیا۔ Gonzalo نے نہ صرف جسمانی بلکہ مالی طور پر بھی مذکورہ پارٹی کی خدمت کی۔ Alcides کا بایاں کان پیدائشی طور پر deformed تھا۔ تینوں بھائی یاروں کے یار واقع ہوئے البتہ پڑھے لکھے بہت کم مگر brute force استعمال کرنے سے دریغ نہ کیا کرتے۔ مثال کے طور پر ایک دفعہ Gonzaga، Alcides اور میں میری Volkswagon میں ایک fiesta میں شرکت کے لیے جا رہے تھے (fiesta کے معنی Spanish زبان میں پارٹی کے ہیں) کار میں ڈرائیو کر رہا تھا۔ میرے ساتھ Luis Gonzaga اور پچھلی سیٹ پر میرے پیچھے Alicdes بیٹھا ہوا تھا۔ بارش خوب ہو رہی تھی۔

Fiesta ایک کھلی جگہ پر Cumanácoa کے قریب palm کے درختوں کے سائے میں Cumanácoa دریا جو کہ Rio Manzanares کی ایک tributary ہے۔ Manzanares دریا Cumaná شہر کے درمیان میں سے گزرتا ہے، کے پاس ایک hacienda (ranch) میں تھی۔ ranch کا وہ حصہ جو کہ دریا کے کنارے تھا palm کی خشک شاخوں سے چھت کی صورت میں ڈھکا ہوا تھا۔ Cumanácoa کے قریب پہنچے تو بارش مزید تیز ہو گئی۔ کار کے wipers اگرچہ wind screen سے بارش کے قطرات کو صاف کرتے مگر بارش کی شدت کی وجہ سے wind screen سے کچھ صاف نظر نہ آتا۔ میں نے کار کو kerb کے ساتھ کھڑا کر دیا مگر Gonzana اور Alcides مجھے کار چلانے پر مجبور کرتے رہے جبکہ موسلا دھار بارش ہو رہی تھی جس سے آگے کا راستہ دیکھنے سے قاصر تھا۔

"آگے کچھ نظر نہیں آتا تمہارا دماغ خراب ہو گیا ہے کیا؟"

"تم بہت بزدل ہو۔ اٹھو میں چلاتا ہوں" Gonzaga نے بیتابی سے کہا۔ ہم بے تکلف دوست تھے۔ تینوں بھائی abusive زبان بھی استعمال میں لاتے اور مجھے سیٹ بدلنے کو کہا۔

"میں تو اگلی سیٹ پر نہیں بیٹھوں گا" لہٰذا میں کار کے اندر ہی سے بمشکل پچھلی سیٹ پر آ گیا کیونکہ اگر باہر سے ہو کر آتا تو بھیگ جاتا۔ اگر بارش کے چند قطرے میرے سر پر گر جائیں تو مجھے زکام ہو جاتا ہے حالانکہ بالا ناغہ نہاتا ہوں۔

"کیوں نہیں بیٹھو گے؟" Gonzaga نے جاننا چاہا۔

"اس لیے کہ آگے کوئی defence نہیں اور تم ضرور کچھ گڑبڑ کرو گے۔ ذرا احتیاط سے کوئی ایک ہفتہ پہلے میں اس طرف آیا تو سڑک کی مرمت ہو رہی تھی" میں نے اس کے شانے پر ہاتھ رکھتے ہوئے پچھلی سیٹ سے مشورہ دیا۔

"مجھے تو مرمت کا کوئی نشان نظر نہیں آتا" یعنی کوئی signboard وغیرہ کہ یہاں سڑک مرمت ہو رہی ہے۔ اس نے کار کو سٹارٹ کرتے ہوئے جواب دیا۔

"تم بڑے بیوقوف ہو بارش کی وجہ سے کچھ نظر تو آتا نہیں اور تم aviso (نوٹس) کا کہہ رہے ہو" Alcides نے کہا۔ ابھی تھوڑی دور ہی گئے تو اچانک کار کے اگلے پہیے دھڑام سے سڑک پر گڑھے میں گر گئے کیونکہ سڑک پانی کی مانند بہہ رہی تھی۔ ایسی صورت حال میں نشیب و فراز کا نظر آنا ناممکن تھا۔

"گردیا نہ بیڑہ غرق" میں نے برجستہ کہا۔

اُس نے کار کے متعدد بار gear بدلے مگر گڑھے میں سے کار کا نکلنا دشوار ہو گیا "میری کار کا بیڑہ غرق کر دو گے۔" میں نے غصیلے لہجے میں کہا "مت سٹارٹ رکھو" اور پچھلی سیٹ سے ہاتھ بڑھا کر کار کی چابیاں نکال لیں۔

ہم نے اسی پوزیشن میں کچھ دیر انتظار کیا مگر بارش تھی کہ تھمنے کا نام ہی نہ لیتی اور بدقسمتی سے کوئی دوسری گاڑی بھی اس سڑک پر نہ تھی۔ Gonzaga کار سے باہر نکلا اور چلایا "Alcides تم باہر نکلو P. Nasir تو اندر ہی رہے ہم دونوں دھکا لگاتے ہیں باہر نکالنے کی کوشش کرتے ہیں۔ آخر کار ایک کھوتا ہی تو ہے۔"

Alcides کار سے باہر نکل آیا Gonzaga اگلی جانب اور پچھلی طرف سے Alcides دھکا لگاتے رہے مگر دونوں کی

کوشش بیکار۔ کار ٹس سے مس نہ ہوئی۔

"تم بڑے بیوقوف ہو اگلی طرف آؤ تا کہ ہم دونوں بھائی زور لگا کر اگلی طرف سے کار کو باہر نکال سکیں۔"

انہوں نے تھوڑی دیر کے بعد کار کو باہر نکال ہی لیا اور میں تھا اندر ہی بیٹھا ہوا تماشا دیکھتا رہا۔

"چلو واپس چلیں بارش رکنے کے آثار نظر نہیں آ رہے جبکہ سڑک بھی پختہ نہیں ہے۔" میں نے مشورہ دیا۔

"واپس نہیں اب تو آگے ہی چلیں گے۔" دونوں بھائیوں نے یک زبان جواب دیا۔

میری انہوں نے ایک نہ سنی۔ وہ دونوں کیچڑ میں لت پت اور پانی میں شرابور کار میں گھس گئے۔ Gonzaga نے مجھ سے کار کی چابی چھینی اور رواں دواں ہو گئے۔

Cumanácoa پہنچے تو بارش قدرے کم ہو گئی مگر چاروں اطراف جل تھل، بہرحال شہر کے centre میں پہنچ گئے وہاں ایک plaza (چوک) واقع تھا جہاں سے بائیں ہاتھ کو مڑے۔ تھوڑی دور جا کر پھر دائیں، اور پھر بائیں آخر کار اس سڑک پر آ گئے جو hacienda (ranch) کی طرف جا رہی تھی۔ سڑک کی موجودگی کا پتہ دورویہ palms کے اونچے اونچے درختوں سے چل رہا تھا۔ بہت تھوڑی دور گئے تو hacienda صاف نظر میں آ گیا اور کچھ لوگ بھی hacienda کے برآمدے میں نظر آئے۔

hacienda کے ارد گرد کی دیواریں تو نظر نہ آ رہی تھیں مگر ایک دیوار ہمارے سامنے تھی جو کہ پانی کی سطح سے کوئی چار انچ اوپر ہوگی۔ چاہیے تو یہ تھا کہ سڑک کے سامنے دیوار میں گاڑی کے داخلے کا راستہ یعنی دروازہ نما خلا موجود ہوتا تا کہ کار سیدھی اندر لے جائی جا سکتی مگر ایسا نہ تھا دیوار کے قریب پہنچ کر Gonzaga نے کار کا انجن بند کر دیا۔ اسی اثناء میں hacienda کے اندر ایک شخص برآمد ہوا اور راہنمائی کے انداز میں اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

"کار کو یہیں چھوڑ دو یا دائیں ہاتھ موڑو اور آگے جا کر جنوب کی جانب دروازہ ہے۔"

اس قدر پانی کی بہتات میں وہ کار کو دائیں ہاتھ موڑنے کے لیے دوبارہ start کرنے لگا تو میں نے سختی سے منع کیا۔

"یہاں کوئی پختہ سڑک تو ہے نہیں کھیتوں میں سے کار کو کیسے چلاؤ گے؟ جبکہ پانی کی گہرائی کا بھی کچھ اندازہ مشکل ہے اور اندر رہنا بہتر خیال۔" Alcides نے میری تائید کی۔

بارش مزید تھم گئی۔ میں کار میں ہی بیٹھا رہا جبکہ وہ دونوں بھائی کار سے باہر نکل کر hacienda کی دیوار پھاند کر داخل ہونے ہی والے تھے لہذا وہ دونوں بھائی باہر نکلے اور مجھے کھینچ کر Gonzaga نے اپنے کندھوں پر بٹھا کر دیوار پھلانگی اور hacienda میں داخل ہو گئے۔

hacienda کے مالک کا بھتیجا Flores میرا شاگرد اور مالک بھی مجھے میری شہرت کی وجہ سے مجھے غائبانہ طور پر جانتا، hacienda کے مالک کا چھوٹا بھائی یعنی کہ میرے شاگرد کا باپ بنام Celestino میرے دوستوں میں سے تھا اور میرے دو ساتھیوں کا بھی قریبی دوست۔ سب سے پہلے میں نے کپڑے بدلنے کیلئے کہا تو Flores مجھے اپنے کمرے میں لے گیا۔ وہاں اس نے ایک shirt اور jeans جو ذرا لمبی تھی مجھے دیں۔ jeans نیچے سے دوہری کر لی اور تولئے سے بدن خشک کر کے اسکی جرابیں بھی پہن لیں۔ اسی طرح اس کا *chola* (ایک قسم کی ہوائی چپل میرے لیے قدرے لمبی تھی) بھی استعمال میں لائی۔ جو لوگ پہلے سے موجود تھے اور ماسوائے ہمارے کوئی ایسے طوفانی موسم کی وجہ سے fiesta میں نہ پہنچ سکا۔ صاحب خانہ کے علاوہ تین familes اور تھیں انہوں نے parrilla کا بندوبست کیا ہوا تھا۔ نہایت بدمزگی کے عالم میں parrilla کھایا، جدھر دیکھو پانی ہی پانی نظر آ رہا تھا۔

بارش مکمل طور پر تھم چکی، پانی بھی کافی حد تک اتر چکا تھا میزبانوں نے ہمارے رکنے کا بہت اصرار کیا مگر ہم تینوں کار تک آ گئے البتہ آتے وقت میں نے Flores سے کہا کہ میرے کپڑے Cumaná لے آئے۔ کار کے mudguards کو کافی نقصان پہنچا۔ اب Alcides خود کار چلانے کو بے قرار تھا مگر میں نے اس کی ایک نہ سنی اور شام کے قریب میں نے انہیں ان کے bomba (filling station) پر اتارا اور خود اپنے Motel Caribe میں چلا گیا۔ اُن دنوں میری ابھی شادی نہیں ہوئی تھی۔

Marfat.com

ہاں! تو بات کہاں سے کہاں تک پہنچ گئی بات دراصل URD کی ہو رہی تھی۔ ایک دفعہ دو تینوں بھائی جن کا ذکر ... جا چکا ہے۔ میرے دوست بنام Dr. Carlos Badaracco, Macabro اور میں اپنی اپنی کاروں میں ... بھائی Impala میں URD کی ایک سیاسی meeting میں شمولیت کے سلسلہ میں Cariaco شہر میں گئے ... Golfo de Cariaco کے inland والے کونے میں واقع ہے۔ نہایت عالیشان جلسہ منعقد تھا لوگوں نے پرجوش ... تقریریں ... خصوصی مہمان اور سب سے اگلی صف میں کرسیوں پر براجمان تھے۔ Luis Alcides کی تقریر کی باری آئی ... ابھی مجھے Spanish زبان پر عبور نہیں تھا۔ Alcides نے دردناک پیرائے اور گرمجوشی سے تقریر کی ... کہ حکومت نے اُن کے opposition میں ہونے کی وجہ سے اُن پر مظالم کے پہاڑ توڑ دیئے اور رقت انگیز تقریر کرتے ... بہاتے ہوئے کہنے لگا، "conciudadano (شہریو) میں نے اسقدر اذیتیں برداشت کی ہیں مجھے اتنی torture ... تک کہ حکومت نے جیل میں میرا کان کاٹ دیا۔" اس نے اپنے کٹے ہوئے کان کی طرف اشارہ کیا جو پیدائشی طور پر خراب تھا۔ میں ... کھڑا ہوا اور کہا، "Alcides جھوٹ کہتا ہے کوئی مظالم وغیرہ نہیں ہوئے۔ یہ جڑواں بھائی ہیں اور اس کا کان اپنے بھائی سے ... جڑا ہوا تھا یہ پیدائشی خرابی ہے۔"

"Conciudadano! اس کی بات پر دھیان نہ دو ... Spanish نہیں آتی ... دیکھو۔" اس طرح سے ایک dialogue شروع ہو گیا۔ Alcides میز پر کھڑا podium کے پیچھے اور میں ... والوں میں Macabro اور Badarraco بھی میری تائید میں اٹھ کھڑے ہوئے جلسہ درہم برہم ہو گیا ... Alcides آخری مقرر تھا۔

"اس واقعہ کے بعد وہ کچھ دن مجھ سے ناراض رہا اور اس کے بھائی نے بھی ... P. Nasir ...

امتحانی "بوٹی"

میرا ایک شاگرد Obando وینزویلا کی ایک جزیرہ ریاست Isla de Margarita ... شاگردوں سے قد و قامت کے لحاظ سے بہت مختلف۔ یوں بھئے کہ اس کا قد اور جسامت غیر معمولی تھے مگر بھی ... قدرے کم تھی۔ ایک دن میں امتحان لے رہا تھا تو میری نظر Obando پر پڑی جو کاغذ کے ایک ٹکڑے سے ... نے dais سے کہا "Obando کیا کر رہے ہو؟ کاغذ سے نقل کیوں کر رہے ہو؟" یہ کہتے ہوئے میں اس کے قریب ... اچھا خاصہ نقل کا ایک کاغذ اپنے منہ میں ڈال کر چبانا شروع کر دیا۔ ابھی وہ چبا ہی رہا تھا تو میں ... corridor ... کولر سینڈ سے پانی کا ایک گلاس لایا اس کے ہاتھ میں تھماتے ہوئے مشورہ دیا "اب جلدی سے پانی پی لو تا کہ ... جائے۔" اس کلاس میں اچھا خاصہ مذاق بن گیا اور وہ کافی شرمندہ ہوا۔

Guacharos کی غار

Cumaná سے جانب مشرق coastal route پر چلتے ہوئے Golfo de Cariaco کے ساحل پر ... San Antonic de Golfo آتی ہے۔ یہاں ایک beach area ... Nucleo Integral Turistico Recreational Cachamaure ہے۔ یہ ایک وسیع جگہ جس کی beach تنگ اور پتھریلی ہیں یہاں ... areas ... گھاس اگی ہوئی اور درختوں سے ڈھکی ہوئی ہے۔ کھیل کود اور picnic کے لئے کافی سہولت میسر ہے۔ ... kiosks ... جن میں picnic tables اور bench لگے ہوئے ہیں۔ اسی طرح ان میں built-in bakbecues grills ... kiosks کرایہ پر دستیاب ہوتے ہیں۔ simple cabins بھی میسر ہیں جس میں بیک وقت چار افراد رہ سکتے ہیں اور بچوں ... جن کی عمر 12 سال سے کم ہو کیلئے additional beds لگ جاتے ہیں۔ ان cabins میں ایک bedroom ...

Marfat.com

living-dining area، bathroom، air conditioner اور double bed جن پر linen موجود ہے۔ البتہ تولیے اپنے ہونے چاہئیں۔ دو sofa-beds بھی linen کے ساتھ دستیاب ہیں۔ ایک کھانا پکانے کیلئے stove اور refrigerator بھی ہے۔ parking area ایک thermal pool جس میں پانی گرم چشمے سے آتا ہے اور یہ cabins میں رہنے والوں کیلئے free ہے۔

San Antonio کے outskirts میں ایک تفریح گاہ Complejo Turistico Cayo Azul سڑک سے پہاڑی کی طرف تھوڑی سی چڑھائی پر ہے۔ اس میں 120 کے قریب دو bedroom cabins موجود ہیں (مزید پانچ صد کیلئے planning ہے) جن میں air conditionars اور refrigerators مہیا کر دیئے گئے ہیں۔ freshwater pool اور beach front بھی ہے۔ سامنے پینے پلانے کیلئے resaturants واقع ہیں۔

San Anonio de Golfo سے تھوڑے سے فاصلہ پر Golfo کے کنارے پر ایک بستی Muelle de Cariaco، Villa Frotado ہے۔ یہاں سے دائیں ہاتھ کی جانب جنوب ایک پختہ سڑک جس پر رہنمائی کیلئے کوئی نشان نہیں آپ کو پہلے اس سڑک پر نہیں ہوا تو کسی سے پوچھنا پڑے گا۔ Santa Cruz اور Caripe کو جاتی ہے۔ شروع میں جن پہاڑیوں میں سے یہ سڑک گزرتی ہے۔ خاص درختوں، جھاڑیوں اور ایسی گھاس سے ڈھکی ہوئی جو خشک اور ویران ساحلی علاقہ میں پانی کی کمی ہونے کی وجہ سے ہوتی ہے۔ جنوب کی طرف چلتے جائیں پہاڑیوں پر luxurious tropical growth ہے۔

تھوڑی دور چلنے کے بعد ایک Chapel جو مکمل طور پر بیلوں سے ڈھکا ہوا ہے۔ سڑک کے مغربی کنارے پر نظر آتا اور Chapel کے بعد کی چڑھائی ہے۔ یہیں Sucre State کی حد ختم اور Monagas State کی حد شروع ہو جاتی ہے۔ یہاں سڑک دو شاخوں میں تقسیم ہو جاتی ہے۔ ایک مشرق کی طرف Teresen اور دوسری جنوب کی طرف Cueva de guacharos (Spanish میں cueva غار کو کہتے ہیں) اسی سڑک پر چند کلومیٹر کے فاصلہ پر ایک dam بنا ہوا ہے جسے Repressa de Clavellinos کہتے ہیں۔ راقم اس dam سے اکثر snail اور مچھلیاں پکڑنے کیلئے جایا کرتا۔ سڑک dam کے اوپر سے ہو کر گزرتی ہے۔ dam کے جنوبی کنارے پر ایک بستی Santa Crus جہاں کے snails سے ایک parasite کا نام راقم نے *Cercaria santacnuzia* رکھا اور پبلش کیا۔ اس سڑک پر شروع سے آخر تک نہایت خطرناک موڑ، چڑھائی آہستہ آہستہ اوپر تک چلی جاتی ہے۔

ایک موقع پر شدید بارش ہو رہی تھی اور ایسے مواقع پر landslides کا بہت خطرہ ہوتا ہے۔ میرا ایک شاگرد Jose Luis Fuentes آجکل یونیورسٹی کے Isla de Margarita Campus جو کہ Nucleo de Nueva Esparta میں parastalogy کا پروفیسر ہے۔ میرا ڈرائیور Alicio اور میں یونیورسٹی کی pickup میں سوار snails کی collection کیلئے Caripe (اسی شہر کے نواح میں Cave of guacharo ہے) جا رہے تھے تو Santa Crus سے گزرنے کے بعد ہلکی ہلکی بارش شروع ہوئی اور فوراً ہی موسلا دھار شکل اختیار کر گئی۔ میں نے Alicio کو سڑک کے کنارے ایک ranchito (جھونپڑی) میں رکنے کا مشورہ دیا مگر اس نے کہا:

"مجھے کئی سالوں سے اس راستہ پر سفر کرنے کا تجربہ ہے فکر نہ کریں۔"

"اگر landslide ہوئی تو؟" میں نے خطرہ کا اظہار کیا۔

"بارش تو ابھی شروع ہوئی ہے۔ landslides کے لئے کافی دیر سے متواتر بارش یا کئی دنوں سے ہونی چاہئیے۔" اس نے بڑے سکون سے ٹال دیا۔

چڑھائی بتدریج بڑھتی گئی اور وہ گاڑی بدستور چلاتا رہا۔ کئی sharp موڑوں سے دوسری طرف پہاڑوں کی چوٹیوں اور sides سے بڑے پتھر گرنے کی آوازیں سنائی دینے لگیں۔ ایک موڑ کی دائیں طرف پہاڑ کے دامن میں ایک چھولداری اور ایک bulldozer ساتھ کھڑا تھا۔ میں نے Alicio کو اسی جگہ پر رکنے کی ترغیب دی ہی تھی کہ اسی اثناء میں ہمارے دائیں جانب سے

Marfat.com

پہاڑوں سے ایک بڑی landslide ہوئی۔ پتھر لڑھک لڑھک کر گرتے ہوئے سڑک پر آن گرے اور سڑک block ہوگئی۔ ہوئے اتفاق سے جب سے ہم Sucre اور Monagas کی States کی limit سے گزرے تو کوئی دیگر traffic مخالف سمت سے آتی ہوئی نظر نہ آئی ممکن ہے Caripe کے نزدیک landslides ہو رہی ہوں۔ جونہی ہم نے گاڑی کھڑی کی ہمارے پیچھے بھی landslides ہوئی اب ہم دو landslides کے درمیان پھنس چکے تھے البتہ یہ احساس حوصلہ افزا تھا کہ چھولداری میں bulldozer کا مدد گار ہو گا۔ اور ساتھ ساتھ فکرمندی کا عفریت منہ کھولے کھڑا تھا کہ اگر خدانخواستہ رات یہاں بسر کرنا پڑی تو پتھروں کی یلغار سے کون بچائے گا جبکہ بارش کو جیسے صرف آج ہی برسنا تھا۔ ہم لوگ گاڑی میں ہی بیٹھے رہے اور بارش تھمنے کا نام نہ لیتی۔

قریباً دن کے ایک بجے بارش کی شدت میں کمی واقع ہوئی اور آہستہ آہستہ بارش تھم گئی البتہ ہوا چلنے کی وجہ سے درختوں سے پتوں پر ٹھہری ہوئی بوندیں گر رہی تھیں۔ ہم گاڑی سے باہر نکلے Alicio نے آگے کی طرف پیدل چلنا شروع کر دیا تا کہ landslide کا جائزہ لے سکے۔ Joseluis اور میں پچھلی طرف landslide دیکھنے کے لیے روانہ ہوئے۔ ایک زلزلے کی ہلچل سے متاثرہ جیسا مٹی اور پتھروں کا تودہ جس کی 4 فٹ سے زیادہ thickness تھی، نے سڑک کا کافی حصہ ڈھانپ رکھا تھا لہذا ہماری واپسی بھی ناممکن تھی جب تک سڑک maintenance crew صاف نہ کر دیتے۔ ہم ناچار واپس گاڑی کی طرف لوٹے تو اسی اثناء میں چھولداری سے تین آدمی بھی ہماری گاڑی کی طرف آرہے تھے اور Alicio بھی واپس لوٹ کر آ گیا

''ڈاکٹر صاحب landslide کی تہہ بہت کم ہے۔ قریباً ایک فٹ اگر ہماری گاڑی کو bulldozer دھکیلتا جائے تو landslide کو عبور کیا جا سکتا ہے۔'' لہذا bulldozer کے عملے کو میں نے اپنا تعارف کرایا تو ان میں سے ایک شخص رضامند ہو گیا جو ان لوگوں کا Jefe (boss) معلوم ہوتا۔ جب جائزہ لینے گیا تو واپسی پر پُرامید دکھائی دے رہا تھا اور ہماری گاڑی کو دھکیلنے کی خاطر bulldozer کو start کر دیا۔

''کیوں نہ landslide کو سڑک سے بائیں طرف گہرائی میں دھکیل دیا جائے تا کہ ہم گاڑی کو سڑک پر چلا دیں'' میں نے مشورہ دیا۔

''واہ! صاحب مجھے دوبارہ محنت کرنی پڑ جائیگی'' اس نے ظریفانہ جواب دیا۔

وہ bulldozer کو سڑک پر لے آیا۔ Alicio نے اپنی گاڑی start کی اور bulldozer کے blade کے سامنے لے آیا۔ Alicio کے ساتھ والی سیٹ پر Jose Luis بیٹھا اور پچھلی سیٹ کی دائیں جانب میں۔ bulldozer کے blade کے عین سامنے اس کے نچلے کنارے کے اوپر ہماری گاڑی پہلے gear میں رکھنے کو کہا اور bulldozer چلا دیا۔ bulldozer ہماری گاڑی کو آہستہ آہستہ دھکیلنے لگا میں اندر ہی اندر خوفزدہ تھا کیونکہ ان امور کا کچھ اندازہ نہ تھا کہ سڑک کہاں تک چوڑی ہے جبکہ دائیں جانب پہاڑ اور بائیں جانب گہری کھائی۔ driver نے Alicio کو تاکید کی کہ وہ اپنی گاڑی کو زیادہ سے زیادہ دائیں جانب رکھنے کی کوشش کرے خدا، خدا کر کے ہم نے landslide کو عبور کیا میں نے ڈرائیور کو کچھ رقم دینا چاہی مگر اس نے مجھ سے صرف ایک کارڈ طلب کیا اور کہنے لگا ''No Senior'' میں آپ سے کچھ نہ لونگا کیونکہ ''*Usted es uno de los buenos extranjeros*'' (آپ اچھے foreigners میں سے ایک ہیں۔)

دو اور معمولی نوعیت کی landslides حائل تھیں اور سڑک پر جابجا پہاڑوں سے پتھر لڑھک کر گرے ہوئے تھے۔

Caripe کے نواح میں ہلکی ہلکی بارش ہو رہی تھی ہمیں بعد میں معلوم ہوا کہ قریباً تین دن سے یہاں کا موسم خراب ہو رہا ہے۔ ہم نے Hotel el Saman میں دو کمرے لئے۔ ایک Alicio اور Jose Luis کے لیے اور دوسرا میرے لیے۔ یہ کوئی posh ہوٹل نہیں تھا مگر بارش میں اچھے ہوٹل کی تلاش مناسب نہ تھی ممکن تھا ہمیں ان حالات میں خالی کمرے نہ مہیا ہوتے Hotel el guacharo حالانکہ Caripe کی مغربی entrance پر واقع ہے اور ہمارے راستے میں واقع تھا مگر ہمیں یہاں بارش سے متعلق دریافت کرنے کا خیال نہ آیا جبکہ یہ Caripe کا top class ہوٹل ہے اور ہر قسم کی سہولیات میسر ہیں۔

دن بھر تو ہم لوگ بارش کی وجہ سے ہوٹل میں ہی مقید رہے صرف کھانے کی غرض سے شام کو باہر نکلے اور ایک چھوٹی سی دکان

Marfat.com

ہمارے لئے ایک فیملی نے arepas جن میں انڈے اور گوشت تھا کھائے۔ رات کو جلد ہی سو گئے۔ صبح دم میں نے معمول کے مطابق بستر چھوڑ دیا اور دوسرے ساتھیوں کو بھی تیاری کی ترغیب دی۔ میں نے فیصلہ کیا کہ guacharo کی غار کے اردگرد snails کی collection کی جائے (ضمیمہ 145)۔

سائنس (ضمیمہ 146) کی اصطلاح میں guacharo جانور کا نام *Steatornis caripensis* ہے۔ ان کو oil birds بھی کہا جاتا ہے کیونکہ پہلے وقتوں میں Indios اس کا شکار تیل کشید کرنے کیلئے کرتے۔ یہ جانور noxturnal اور رات کو گروپ کی صورت میں غار سے نکل کر دور دراز خوراک کی تلاش میں اڑتے رہتے ہیں اور طلوع آفتاب سے پہلے واپس غار میں لوٹ آتے ہیں۔ ان کی خوراک مختلف پھل ہے۔ (ضمیمہ 147)

غار کے impressive mouth پر پتھر کے "icicles" اس کی چھت کو cover کرتے ہیں۔ غار کا اندرونی حصہ ایک شاندار منظر پیش کرتا ہے۔ غار کے اندر artifical روشنی کا کوئی انتظام نہیں کیونکہ جب پتہ چلا کہ روشنی guacharos کو تنگ کرتی ہے تو artifical روشنی کا system ختم کر دیا گیا۔ guide صرف ایک kerosene lantern روشنی کیلئے راستہ دکھانے اور formations دکھانے کیلئے اندر لے جا سکتا ہے۔ غار کی سیاحت کا وقت صبح آٹھ بجے سے شام تقریباً چار تک مقرر ہے۔

غار کے اندر ایک ندی بہتی ہے جو کبھی دائیں اور کبھی بائیں جانب رخ اختیار کرتی اور غار کی entrance کے عین سامنے سے باہر ندی میں جا گرتی ہے۔ جب آپ غار کے اندر اندھیرے میں داخل ہوں یعنی کہ غار کے دروازے سے باہر کی روشنی سے دور ہوں تو ان کی تعداد کی guacharos کی آوازوں سے فضا گونج اٹھتی ہے۔ یہ آواز بتدریج بلند ہو جاتی ہے۔ اب آپ غار کے اس حصہ میں جسے Humboldt Salon کہتے ہیں وہاں پہنچ گئے ہیں۔ جہاں guacharos رہتے ہیں۔ Humboldt Salon ایک tubular gallery ہے جو غار کے دروازے سے اندر غار میں 759 میٹر تک لمبی ہے۔ Humboldt نے 1799 میں ان پرندوں کو brown رنگ کے hawk اور owl کا cross تصور کیا تھا۔

غار کے دروازے سے تقریباً 180 میٹر اندر یہ جانور گھونسلے بنانے شروع کر دیتے ہیں۔ اس حصہ میں ہر طرف guano یعنی پرندوں کی بیٹ excrement اور animal remains کی mixture غار کی فرش پر بکھری ہوئی ہے۔ حیرت کی بات ہے کہ کئی قسم کے پودے تقریباً مکمل تاریکی میں guano سے اگ رہے ہیں اور یہ ان بیجوں سے اگے ہیں جن کو ان پرندوں نے چھوڑا تھا۔ دوسرے جانوروں میں crickets، crabs (کیکڑے) اور چوہے شامل ہیں۔

غار میں چونکہ مکمل تاریکی کا راج ہے۔ چمگادڑوں کی طرح guacharo کی پرواز متواتر آوازیں نکالنے سے ہوتا ہے جو مکمل تاریکی میں وہ اڑان کے ہوتے ہیں بالکل نظر نہیں آتے چونکہ معمولی localized روشنی گائیڈ کی lantern سے خارج ہو رہی ہوتی ہے ان کا وجود ان کی آواز ان کی حس محسوس ہوتی ہے۔

Humboltdt Salon سے ایک تنگ راستے کے ذریعے آپ Gallery of Sicence میں داخل ہو جاتے ہیں۔ حیران کن بات ہے کہ اس Gallery میں جو کہ Salon سے چند میٹر کے فاصلے پر اور جس کی فضا guacharos کی متواتر squeaking سے گونج رہی تھی۔ اب "قبرستان" کی سی خاموشی ہے۔ غار کا یہ حصہ غار کے داخلہ سے زیادہ سے زیادہ فاصلہ پر ہے جہاں مشہور جغرافیہ دان Agustin Codazzi تک 1835 میں پہنچ سکا۔ جوں جوں غار میں آگے بڑھتے جائیں formations زیادہ مختلف نوعیت کی ہیں۔ شیشے جیسی گھنٹیاں جو کہ زرد اور سنگترے کے رنگ کے material سے قدرتی طور پر بنی ہوئی ہیں جب ہاتھ سے ٹکرایا جائے تو گہری دلکش آواز سنائی دیتی ہے۔ کئی اور crystal کی growths جو کہ پھولوں کے گلدستہ جیسی ہیں ایک دیوار پر جا بجا چسپاں ہیں ان کو اگر ہاتھوں کے ناخنوں سے چھیڑا جائے تو لاتعداد گھنٹیوں کی سی آوازیں پیدا ہوتی ہیں۔ علاوہ ازیں پگھلتی ہوئی "آبشاریں" اور ایک chamber کی low چھت عورتوں کی ہزاروں چھاتیوں کی مشابہت سے مزین ہے۔

غار کی اندرونی حد تک جانے کے لئے پانی میں سے گزرنا یا تیر کر ایک سے دوسری جگہ پر جانا پڑتا ہے۔ زہریلی گیسوں یا oxygen کی کمی کا کوئی خطرہ لاحق نہیں۔ غار کا آخری حصہ یعنی کہ اندرونی end کو Salon of Virgin کہتے ہیں 1957

Marfat.com

میں approach کیا گیا۔

1975 میں Guacharo National Park کو establish کیا گیا تاکہ غار اور اس کے ارد گرد کے علاقے کی حفاظت رہے۔ Park یہاں کے watershed کو بھی protect کرتا ہے۔ یہاں سے دریا Amana، Never، Caripe، Santa Maria، Cambural، Guarapiche اور Guatamare نکلتے ہیں۔ اس پارک میں کئی قسم کے جانور قدرتی ماحول میں پائے جاتے ہیں۔ ہرن، بندر، tapirs، jaguars، armadillos، pumas، lapas، fox اور لاتعداد قسم کے پرندے بھی۔

موسم کے پیش نظر یہی مناسب سمجھا کہ ہوٹل کا بل ادا کر دیا جائے کیونکہ ممکن تھا تھوڑی بہت collection کے بعد واپس Cumaná لوٹنا جائے لہذا سامان گاڑی میں رکھ لیا گیا۔ جب ہم لوگ غار تک پہنچے تو ساڑھے سات بجے تھے۔ صبح آٹھ بجے غار کھلتی اور تقریباً چار بجے شام کو بند کر دی جاتی ماسوائے چند ایک صاحبان کے جو کہ ادھر ادھر گھوم رہے تھے اور watchman کے علاوہ بس ہم ہی تھے۔ غار کے دروازے پر تقریباً ایک میٹر اونچا جنگلا نصب تھا اور عین اسکے بالمقابل ایک restaurant ہوتا تھا جو بند تھا۔ ہم مختلف ندیوں اور puddles سے snails اکٹھے کرتے رہے جبکہ ہلکی ہلکی بوندا باندی ہو رہی تھی۔ پہاڑی کی بلندی کے تناسب سے ٹھنڈک غیر معمولی محسوس ہوئی۔ ہماری توقعات کے برعکس snails بہت کم دستیاب ہوئے۔ کوئی نو بجے کے قریب Jose Luis اور میں restaurant میں ناشتہ کرنے کی غرض سے پہنچ گئے۔ Jose Luis نے تو ایک arepa کھایا اور کافی چینی ملا دودھ پیا جبکہ میں نے حسب معمول ناشتہ کیا۔

Alicio کی کمزوری عورت تھی یہ اور بات ہے کہ کوئی گھاس ڈالے یا نہ ڈالے لیکن وہ عورتوں کی company تلاش کر لیتا۔ اس قسم کے لوگوں کو Spanish زبان میں *mujeriego* کہتے ہیں۔ وہ گاڑی کھڑی کرنے کے بعد اپنی عادت سے مجبور عیاشی کیلئے پیدل ہی ندی کے کنارے کنارے اس سڑک پر نکل گیا جو غار کی side road سے شہر کی main road کی طرف جاتی ہے۔ میں نے اسے بہت سمجھایا کہ برسات میں بھیگنے سے بہتر ہے ہم لوگ غار کے اندر داخل ہو جائیں اور [illegible] اس نے یہ کہہ کر ٹال دیا کہ غار تو کئی مرتبہ اس نے اندر سے دیکھ ڈالی ہے۔ اب اسے اس سے کوئی دلچسپی نہیں۔ بہرحال میں نے تاکید کی وہ دو گھنٹے سے زیادہ وقت نہ لیتا تاکہ ہم لوگ غار کو دیکھنے کے بعد بہتر ہے واپس لوٹ جائیں جس کا اس نے وعدہ [illegible] ہی ہوگا۔

ایک guided tour کا وقت ہونے پر Jose Luis اور میں نے بھی ایک guide کے ساتھ [illegible] لالٹین پکڑی ہوئی تھی دیگر سیاحوں کے ہمراہ غار کی طرف رجوع کیا جس کا دروازہ restaurant کے بالمقابل نصب تھا۔ [illegible] tour کے بعد ہم واپس لوٹے اور پھر restaurant میں آ کر بیٹھ گئے جبکہ تا حال Alicio واپس نہ لوٹا۔ وقت گزاری کیلئے Jukebox میں چند سکے ڈالے اور بلیک کافی کا آرڈر دیا حتیٰ کہ شام کے چار بجے کا عمل تھا اور ابھی تک Alicio کی کوئی خبر نہ تھی۔ میں نے Jose Luis سے کہا کہ بہتر ہے ہم دونوں واپس Cumaná لوٹ جائیں لہذا Jose Luis نے pickup کا steering wheel سنبھالا اور ہم نے واپسی کی راہ لی۔ Jose Luis کا خیال تھا کہ دوسرے route سے یعنی Cumanácoa کے راستے گزرتا اور landslide کا بھی کوئی خطرہ نہیں لہذا اس راستے سے چلتے ہیں مگر یہ راستہ بہت لمبا تھا اسلیئے ہمیں راستے میں رات بسر کرنیکا احتمال تھا۔ میں نے وہی راستہ اختیار کرنے کو ترجیح دی جس راستہ پر سے ہم لوگ آئے تھے کیونکہ ایک روز پہلے landslide حائل تھی، نے یقیناً راستہ کھول دیا ہوگا۔

جب ہم لوگ غار سے روانہ ہوئے تو بارش تھم چکی مگر گہرے بادل منڈلا رہے تھے۔ سڑک پر ادھر ادھر چند ایک پتھر پڑے ہوئے تھے۔ ہلکی ہلکی بوندا باندی بھی شروع ہوئی Caripe سے قریباً پندرہ کلومیٹر فاصلہ طے کیا ہوگا کہ مخالف سمت سے ایک کار آتی دکھائی دی جس پر mud کے اچھے خاصے چھینٹے پڑے ہوئے تھے اس کا مطلب ہے کہ سڑک واقعی landslide سے صاف کر دی گئی ہے۔ جب ہم اس جگہ پر پہنچے جہاں سے ہمیں bulldozer کا سہارا لینا پڑا تو وہی لوگ سڑک کے ایک کنارے پر کھڑے نظر آئے

Marfat.com

جنہوں نے ہماری مدد کی تھی۔ میں نے Jose Luis کو رُکنے کی ترغیب دی اور تین ۔گار اُن کو پیش کیے۔انہوں نے نہ صرف شکریہ ادا کیا بلکہ "چھتری چاہیئے" کو بھی کہا لیکن ہم نے انکار کر دیا کیونکہ ابھی کافی سفر باقی تھا۔ بارش کے رُکنے اور برسنے کا پیچیدہ، چیدہ جگہوں پر امکان تھا۔ ہم جانے کیلئے تیار بھی نہ تھے کیونکہ رات ہو چکی تھی اور بارش کیوجہ سے gulf کے کنارے کی سڑک تر بتر تھی۔ gulf کے کنارے جہاں میں نے ایک تابوت دیکھا تھا (جس کا ذکر پہلے کیا جا چکا ہے) جب اُس جگہ پہنچے تو اس دفعہ کوئی تابوت نظر نہ آیا۔ شاید بارش کیوجہ سے supernatural واقعات ظہور پذیر نہ ہوتے ہوں !

تقریباً 9 بجے رات کو میرے گھر Quinta Porzana میں پہنچے۔ Jose Luis کو میں نے اپنے گھر ہی رات بسر کرنے کو کہا۔ تمام شہر Cumana بارش کیوجہ سے جل تھل تھا۔ صبح اُٹھ کر Jose Luis ناشتہ کرنے کے بعد pickup لے کر یونیورسٹی چلا گیا تاکہ snails کو aquaria میں arrange کر دیا جائے۔ مجھے کچھ دیر مزید گھر میں رُکنا پڑا کیونکہ فرخ ہماری بیٹی Ghazia کو پہلے اسکول میں چھوڑتی اور پھر مجھے University میں drop کر آتی۔ میں نے کار چلانا چھوڑ دیا اس کی وجہ یہ تھی۔ میں کئی بار absent-minded پروفیسروں کی طرح University کے گیٹ سے جو کہ برلب سڑک تھا کار چلاتے ہوئے بہت آگے نکل جاتا اور کئی دور جا کر مجھے خیال آتا کہ یونیورسٹی کا گیٹ تو میں بہت پیچھے چھوڑ آیا ہوں۔

متعجب تھا کہ Alicio کو کیا ہوا۔ اس نے نہایت غیر ذمہ داری کا ثبوت دیا۔ دو دن بعد Alicio واپس لوٹ آیا۔ میں تو چاہتا تھا کہ اس کی negligence کی رپورٹ کر دیتا کیونکہ اس نے تو میرے ساتھ ہی لوٹنا تھا اور اسکی چھٹی میرے field میں stay کرنے تک تھی۔ بات یہ ہوئی کہ وہ Caripe کی ایک suburb میں کسی عورت کی تلاش میں گھوم رہا تھا تو پولیس کے ہتھے چڑھ گیا اور اس کو مشکوک سمجھ کر گرفتار کر لیا گیا۔ ان دنوں اُس علاقے میں گوریلوں کے چند ایک حملے ہوئے تھے۔ جب وہ پکڑا گیا تو اس نے بہت صفائی پیش کی کہ میرا Jefe غار کے restaurant میں میرا انتظار کر رہا ہے اور وہ صرف ڈرائیور ہے۔ جب پولیس کے ساتھ restaurant میں آئی تو ہم کافی دیر سے جا چکے تھے۔ دوسرے دن اُس نے میرے ایک دوست کا حوالہ دیا جس کا نام Laurentino تھا اور Caribe سے تقریباً بیس کلومیٹر دور اُس کا hacienda تھا۔ جب پولیس نے میرے دوست سے رابطہ کرنے کی کوشش کی تو وہ ایک fiesta میں کسی دوسرے hacienda میں گیا ہوا تھا۔ آخر کار Laurentno سے رابطہ ہوا تو Alicio کی جان چھوٹی۔

"تمہارے پاس driver's licence اور یونیورسٹی کا I.D کارڈ نہیں تھا !" میں نے Alicio سے پوچھا۔

"تھا مگر جب پولیس والوں نے میری تلاشی لی نہیں ادھر اُدھر دونوں گم ہو گئے" اُس نے جواب دیا اور ساتھ ہی کہنے لگا "مجھے جب انہوں نے حراست میں لیا تو پوچھ گچھ کرتے وقت Piedra de Coccollar میں بھیجنے کی دھمکی دیتے رہے۔ یہ ایک detention camp کا نام ہے جو Cumanácoa کے قریب ایک پہاڑی پر واقع ہے اور مجرموں، خاص طور پر گوریلوں کی interrrogation کیلئے بدنام ہے۔

یہ تھی Alicio کی داستان "عورت کا چکر"

دور اندیش Banker

Venezuela میں جب راقم تعینات تھا تو 1960 کی دہائی کے آخری سالوں میں Citibank کی ایک برانچ جو کہ اُن دنوں Park Avenue، New York پر واقع تھی۔ اپنا account کھولا۔ اب یہ شاخ 666. Fifth Avenue پر منتقل ہوئی ہے۔ وقت گزرتا گیا اور میں اب تک اُسی بنک سے اپنا سلسلہ رکھے ہوئے ہوں۔

مذکورہ account میرے اور فرخ کا joint ہے۔ ہم دونوں میں سے کوئی ایک بھی transaction کرنے کا مجاز ہے۔ ہماری بیٹی غازیہ پرزانہ 11 نومبر 1974 میں Venezuela میں پیدا ہوئی۔ چند سالوں کے بعد مجھے خیال آیا کہ کیوں نہ اپنی بیٹی کو بھی اپنے اکاونٹ کا signatory بنالوں۔ جب وہ کوئی اٹھارہ برس کی ہوگی تو میں اس غرض کیلئے Venezuela سے نیویارک

Marfat.com

کیا۔ میرا account executive جس کا نام Mario تھا وہ انگلش تو جانتا ہی تھا مگر Spanish میں بھی اسے کافی دسترس تھی کیونکہ میں Latin American کی category میں آتا تھا اور اب بھی آتا ہوں لہٰذا اس سے Spanish زبان میں بات کرنا ضروری تھا۔ لاطینی امریکہ میں عام طور پر Spanish ہی رائج الوقت ہے۔ "Senior Mario میں اپنی بیٹی کو اپنے اکاؤنٹ کا signatory بنانا چاہتا ہوں" میں نے سوال کیا۔

اس نے آبدیدہ ہو کر اپنے دونوں ہاتھوں سے سر کو پکڑ لیا اور کہنے لگا: "میں آپ کو یہ مشورہ نہیں دوں گا۔"

"کیوں صاحب! میں account کا titular ہوں جسے چاہوں signatory بنا سکتا ہوں اور اسی طرح جسے چاہوں اپنے اکاؤنٹ سے دستبردار بھی کر سکتا ہوں۔"

"یقیناً ایسا ہی ہے مگر پھر بھی میرا ضمیر اس کی اجازت نہیں دیتا کہ میں آپ کی اس خواہش کی تکمیل کروں۔"

"آخر بات کیا ہے؟"

"تو سنو! میں کئی ایک customers کو جانتا ہوں جنہوں نے میری رائے سے اتفاق نہ کیا اور ان کے بیٹے بیٹیوں نے ماں باپ کی زندگی میں ہی رقم نکالنا شروع کر دی اور جب ان کو پتہ چلا تو پانی سر سے گذر چکا تھا۔"

"پھر اس کا کیا حل ہے؟"

"POA(Power of Attorney) ITF(In Trust For) یا ACF(As Custodian For) تین قسم کی categories ہیں جن سے تمہاری رقم محفوظ رہ سکتی ہے۔"

"میرے لئے کون سی category بہتر ہے؟"

"ITF یعنی کہ آپ کی بیٹی آپ دونوں کے مرنے کے بعد ہی آپ کے account سے رقم نکلوا سکتی ہے۔"

لہٰذا میں نے اس کا مشورہ مان لیا۔ اسے کہتے ہیں customers کا خیال رکھنا اور اب تک ITF کا پابند چلا آ رہا ہوں۔

Microscope (بم بنانے کی مشین!)

گذشتہ پچیس برس سے زیادہ عرصہ کی بات ہے جب راقم Universidad de Oriente میں بطور پروفیسر متعین تھا میرا ایک دوست Dr Jose Vicente Scorza میری طرح Parasitologist تھا۔ ہم دونوں کے تین scientific papers اکٹھے professional journals میں اشاعت پذیر ہوئے۔

ہم ایک scientific project پر کام کر رہے تھے تو متعدد بار Dr. Scorza کو میرے ساتھ مشورہ کے لیے Cumaná آنا پڑتا اور بعض اوقات میرے لیے بھی اس سے تبادلہ خیال کرنے کیلئے Caracas جانا ضروری ہوتا۔ Dr Scorza نہ صرف ایک معروف سائنسدان بلکہ political intellectual بھی ہے۔ وہ Venezuela میں Maoist تحریک کا policy-setter بھی تھا چونکہ ملک میں جمہوریت کا دور دورہ تھا تو کئی بار اس تحریک نے تخریبی کارروائیوں کا ارتکاب بھی کیا لہٰذا گرفتاریوں کے خوف سے اس تحریک کے بہت سے حامی underground چلے گئے مگر Dr Scorza گرفتار کر لیا گیا۔

حکومت نے اسے جیل میں microscope اور کئی دوسری سہولیات مہیا کر دیں اور اسی طرح کافی تعداد میں scientific journals بھی رکھنے کی اجازت دیدی۔ ہماری تحقیق اس مرحلے میں تھی کہ میرا Dr Scorza سے کم از کم ایک بار اور ملنا اشد ضروری تھا مگر لاطینی امریکہ کی طرز حکومت سے بھی میں بخوبی واقف لہٰذا مجھے ڈر تھا کہ اگر میں Dr Scorza سے ملاقات کرنے جیل میں گیا تو سیاسی قیدی کا ساتھی سمجھ کر دھر لیا جاؤں گا چنانچہ اسی ادھیڑ بن میں مبتلا رہا بہر حال اپنے اثر و رسوخ سے مطلوبہ ڈاکٹر سے ملنے کی اجازت مل ہی گئی تاہم ایسے سیاسی قیدیوں سے ملاقات کی اجازت معمولی کام نہ تھا بلکہ جوئے شیر لانے کے مترادف تھا۔

بالآخر مقررہ دن کو میں بذریعہ ہوائی جہاز اپنے ضروری تحقیقی سامان کے ساتھ Caracas پہنچ گیا اور Maiquetia

Marfat.com

Airport سے ٹیکسی میں سوار ہو کر جیل کی طرف روانہ ہو گیا۔ اس روز ٹیکسی میں دوران سفر *El-Nacional* اخبار پڑھنے سے پتہ چلا کہ گذشتہ دن پچھلے پہر وزیر داخلہ نے جیل کا معائنہ کیا اور Dr. Scorza سے "بم بنانے" والی مشین پکڑی گئی۔ بس میرے تو اس حوالے سے اوسان خطا ہو گئے کہ خدانخواستہ اس نتیجے سے میں جان سے نہ مارا جاؤں۔ "microscope" کا بم بنانے سے کیا تعلق "جب میں جیل کے دروازے پر پہنچا میں نے ملاقات کا اجازت نامہ دکھایا تو ایک official نے حیران ہو کر کہا۔ "*Ud. es un mombre muy fuerte*" (آپ بڑے مضبوط اعصاب کے مالک ہیں) میں نے سوال جواب دینا مناسب نہ سمجھا۔ جیل کے بڑے دروازے میں ایک چھوٹا دروازہ تھا۔ اس دروازہ سے نکل کر دونوں جانب عام لباس میں پہریدار کھڑے تھے۔ بائیں ہاتھ کی جانب ایک چھوٹا سا کمرہ جس کے شمال میں ایک seethrough کالے رنگ کا پردہ تھا۔ اس کمرہ میں ایک نہایت خوفناک شکل کا نوجوان بیٹھا ہوا تھا۔ یہ 45 سالہ شخص جس نے فوراً میرا briefcase لے کر میز پر رکھ دیا اور میرے منہ سے میرا سگار بھی نکال لیا۔ مجھے پردے کے پیچھے جا کر لباس سے بے نیاز ہونے کو کہا۔ ابھی میں پردہ کے پیچھے تک گیا نہ تھا تو اس نے میرے briefcase سے کاغذات نکال کر پڑھنے شروع کر دیئے۔ تمام کاغذات english میں تھے اور پھر تحقیقی مضامین کی اسے کیا سوجھ بوجھ ہو سکتی تھی میں نے ابھی straw hat اور جوتے اتارے ہی تھے تو اس نے کہا:

"*Ya basta senor, no se quite las ropas*" (بس کافی ہے۔ سر آپ اپنے کپڑے نہ اتاریں)

جب میں پردے سے باہر آیا تو وہ مودبانہ لہجہ میں گویا ہوا، "Perdoname" (مجھے معاف کرنا) اور دوبارہ سلسلہ کلام شروع کرتے ہوئے کہنے لگا "مجھے پتہ چلا ہے کہ آپ سائنسدان ہیں۔"

"یہ تمام کاغذات تو انگریزی زبان میں ہیں!"

اس پر وہ ذرا مسکرایا اور کہا "میں تھوڑی بہت انگریزی جانتا ہوں آپ نے پہلے صفحہ پر parasites کا ذکر کیا ہے۔ مجھے پتہ ہے یہ کیا ہوتے ہیں۔"

"کیا ہوتے ہیں؟"

"Mal de Chagas (Chagas کی بیماری) کیطرح۔"

یہ بیماری جنوبی امریکہ میں پائی جاتی ہے۔ بالخصوص برازیل اور وینزویلا کے چند ایک حصوں میں۔ مگر عام لوگوں نے اس سے تعلق نہیں رکھا ہے۔

پھر اس نے میرے briefcase میں رکھے ہوئے دو سگار نکال لیے۔ میرا wallet اور *Cedula de Identidad* (Id Card) بھی اپنے میز پر رکھے لیکن briefcase مجھے واپس کر دیا۔

اس نے ایک شخص Gomez کو آواز دی اور وہ مجھے اپنے ساتھ ایک lane کی طرف لے گیا جس میں 24 cells (کوٹھڑیاں) تھیں یہ تمام کی تمام قید تنہائی کے سیاسی قیدیوں کے لیے مخصوص تھیں۔ Dr. Scorza کے cell کا نمبر تین تھا۔ ڈیوٹی پر موجود سپاہی نے cell کا تالا کھول دیا۔ دروازہ ایک لوہے کی سلاخوں پر مشتمل تھا۔ اندر کوئی چارپائی وغیرہ نہ تھی البتہ ایک لکڑی کی کرسی اور میز موجود تھے۔ دیوار کے ساتھ ایک لمبا لکڑی کا desk بھی تھا۔ Dr. Scorza کرسی پر بیٹھا کچھ لکھ رہا تھا۔ میں desk سے اپنی ٹانگیں لٹکا کر بیٹھ گیا اور چوکیدار نہایت مستعدی سے چکر لگاتا رہا۔ ایک دیوار کے ساتھ بوسیدہ قسم کی دری اس پر ایک چادر ایک بوسیدہ قسم کا تکیہ اور کمبل پڑے ہوئے تھے۔

میں نے ڈاکٹر Dr Scorza سے پوچھا، "مجھے پتہ چلا تھا کہ Science اور Technology کے وزیر نے تمہیں microscope اور ضروری سائنسی سامان رکھنے کی اجازت دیدی تھی مگر یہاں تو کچھ بھی نہیں۔"

"ہاں! میرے لئے وہ ڈیسک بھی لگایا گیا تھا جس پر تم بیٹھے ہوئے ہو۔ Home Minister صاحب ایک روز سیاسی قیدیوں کے cells کا معائنہ کر رہے تھے تو انہوں نے سب کچھ لے جانیکا حکم صادر کر دیا۔"

"مگر microscope تو کوئی خطرناک چیز نہیں" میں نے وضاحت کی۔ اس پر ڈاکٹر Dr Scorza ہنس دیا

Marfat.com

اور کہا "وزیر صاحب کے خیال میں اس کا بم بنانے سے کوئی تعلق ہے اور رسالوں میں تخریب کاری جیسی کوئی information ہوتی ہے مگر ایسی کوئی بات نہیں میرے لئے کوشش ہو رہی ہے بہت جلد مجھے ملک سے باہر Hamburgh بھیج دیا جائے گا جہاں Tropical Medicine کی مشہور Institute ہے۔"

ہم نے اپنی مطلوبہ تحقیق کے متعلق تبادلہ خیال مختلف پہلوؤں پر کیا۔ ملاقات کا وقت 45 منٹ مقرر تھا لہٰذا Gomez پھر آیا اور کہنے لگا "La hora senor" (سر وقت ہو گیا ہے)

لہٰذا میں واپس اسی کمرہ میں پہنچا جہاں میری تلاشی لی گئی۔ اس شخص نے مسکراتے ہوئے کہا

"قانون کے مطابق میں تمہارے briefcase کی پھر تلاشی ضرور لینے کا مجاز ہوں مگر میں ایسا نہیں کروں گا بس اب تم مجھے ایک سگار دیدو۔"

اس نے مجھے میرا سارا سامان واپس کر دیا۔ میں نے ایک سگار اسے دیدیا۔

چند دنوں کے بعد پھر خبر ملی کہ Dr. Scorza کو microscope اور سائنس کے رسالے وغیرہ اپنے cell میں رکھنے کی پھر اجازت دیدی گئی ہے۔ چند مہینوں کے بعد انہیں Scorza کو Hamburgh بھیج دیا گیا۔

Formal dress

وینزویلا میں دو قسم کی پارٹیاں ہوا کرتی ہیں۔ ایک وہ جن میں صرف Formal dress یعنی کہ سوٹ بوٹ ٹائی وغیرہ پہن کر جانا پڑتا ہے اور دوسری Informal dress پارٹی جہاں سوٹ بوٹ کی کوئی بندش نہیں ہوتی بلکہ وہاں ہر قسم کے کپڑے پہنے جا سکتے ہیں۔ Cumaná میں perimetral روڈ کے ساتھ جو کہ سمندر کے کنارے کنارے واقع ہے ایک پارک میں بینڈ وغیرہ کے ساتھ کسی نے پارٹی کا بندوبست کیا۔ انور اور مجھے بھی بیوی کے ساتھ invitation card ملا جس پر لکھا تھا *traje formal* (Formal dress) لہٰذا ایک ہفتے کی شام تھی فرخ تو اپنی عادت کے مطابق رنگ برنگ ساڑھی میں ملبوس تھی مگر انور اور میں صرف قمیض پتلون اور شوز میں تھے۔ فرخ نے منع کیا کہ ایسا مت کرو invitation cards پر لکھا ہوا ہے کہ formal dress ہونا چاہئے۔ بھلا ہم کب ماننے والے تھے کیونکہ سخت گرمی کی شام اور ہلکی ہلکی سمندری ہوا چلنے سے بھی گرمی ضرورت سے زیادہ تھی لہٰذا ہم نے فیصلہ کر لیا کہ چاہے جو بھی ہو پتلون اور قمیض میں ہی چلیں گے۔

انور نے ایک اپنا سوٹ اور ایک میرا سوٹ ہینگرز پر لٹکا کر کار میں ڈگی کے ساتھ لٹکا دیئے۔ فرخ Mercedes میں بیٹھی ہوئی تھی ہم وقت مقررہ پر وقت کے مطابق آٹھ بجے شام پہنچ گئے۔ میوزک ابھی شروع نہیں ہوا تھا۔ ہمیں دروازے کے قریب ہی کار پارک کرنی پڑی۔ جب واپس لوٹے تو وردی میں ملبوس گیٹ کیپر نے ہمیں روکا ہوا تھا اور وہ اس بات پر بضد تھا کہ Formal dress ہونا چاہئے۔ انور نے فوراً ہی ایک من گھڑت کہانی سنا دی کہ ہم دونوں بھائی سخت قسم کی الرجی میں مبتلا ہیں پہننے اور گرمی کی وجہ سے جسم پر خارش ہونا شروع ہو جاتی ہے لہٰذا سوٹ وغیرہ نہیں پہن سکتے۔

اندر کھلے میدان سے تھوڑا آگے ہم دونوں بھائیوں کو بحث مباحثہ کرتے ہوئے دیکھ رہے تھے۔ اتنے میں انتظامیہ کا ایک شخص آیا تو اس نے dress نہ پہننے کا سبب پوچھا تو انور نے وہی جواب دیا کہ ہم تو بیماری کی وجہ سے سوٹ وغیرہ نہیں پہن سکتے لیکن رکئے! میں ابھی اپنی کار سے لے آتا ہوں۔"

اس نے فرخ سے کار کی چابی لی اور دو سوٹ ہینگر پر لٹکے ہوئے لے آیا۔ ایک سوٹ مجھے پکڑا دیا اور دوسرا انور تھامے ہوئے کہنے لگا "دیکھیں ہم سوٹوں کے ساتھ اندر جا رہے ہیں یہ اور بات ہے کہ ہم نے پہنے ہوئے نہیں۔" چنانچہ اندر بیٹھے والے چند ہمارے ملنے والے بھی آن دھمکے اور خوب تماشا کھڑا ہوا۔ ہم دو بھائی اتنے بڑے ہجوم میں ایسے ہی تھے جنہوں نے سوٹ نہیں پہن رکھے تھے۔

Marfat.com

Hawaii

1976 میں [illegible] Caracas سے Hawaii، Honolulu [illegible]
[illegible] sandy beach [illegible] Waikiki [illegible] مشہور ہے [illegible] Honolulu
[illegible] County، Oahu Island، Hawaii، U.S.A. کے جنوبی ساحل پر واقع ہے۔ Hawa [illegible] زبان میں [illegible]
[illegible] Hawaii [illegible] Waikiki [illegible] Hawaii زبان میں [illegible] پانی [illegible] ہیں اور یہ
Hono [illegible] Mamala Bay، Ala Wai Canal اور Diamond Head Crater سے
[illegible] مشہور ترین ساحلوں میں سے ہے۔ [illegible]
[illegible] aquarium [illegible] Fort
[illegible] DeRuss [illegible] جہاں [illegible]
[illegible] taro [illegible]
[illegible] palm [illegible] ہیں۔

[illegible] Brazil [illegible] sandy beach، Copacabana ہے۔
[illegible] beach [illegible] مشہور ہے
[illegible] skyscrapers [illegible] سمندر کے کنارے واقع ہیں۔
[illegible] Copacabana [illegible]
[illegible] Rio de Janeiro [illegible] palms [illegible]
[illegible] Rio de Janeiro، Brazil کا دارالخلافہ [illegible]
[illegible] Brazilia ہے۔ 1960 میں [illegible] دارالخلافہ کا افتتاح [illegible]
[illegible] 1970 [illegible] 550,000 [illegible]
[illegible] 272,3000 [illegible] Lucio Costa [illegible]
[illegible] Oscar Niemeyer نے تشکیل دیا۔

Rio de Janeiro کا Carnival [illegible] jetset [illegible] samba [illegible]
[illegible] Carnival [illegible] Mardi Gras [illegible]
[illegible] Mardi [illegible] Gras کا مطلب fat (چربی) [illegible] fat [illegible]
[illegible] Lent [illegible] Lent سے پہلے [illegible] Ash بدھ وار
[illegible] Easter سے [illegible]
[illegible] Ash بدھ وار، Lent کا پہلا دن [illegible]
[illegible] Mardi Gras، Shrove [illegible] Ash بدھ وار [illegible]
[illegible] Shrovetide [illegible]
[illegible] shrive (shrove، shriven) [illegible] کا مطلب اعتراف
[illegible]
[illegible] Mardi Gras کا [illegible] Carnival، Lent [illegible] سے پہلے [illegible]
[illegible] pageantry، floats [illegible]
[illegible] mask [illegible] Mardi Gras تمام [illegible]

Marfat.com

ممالک میں خاص طور پر New Orleans (U.S.A.)، Rio de Janeiro (Brazil)، Nice (France) اور Cologne (Germany) کا یہ جشن خاص طور پر مشہور ہے مگر Rio de Janeiro کا جشن خاص ہی اہمیت رکھتا ہے یہاں مختلف قسم کے جشن منانے کے طریقے جیسا کہ نہایت پیچیدہ لباس اور دوسری جانب عریانی مردوں اور عورتوں نے ناچ [illegible] میں کئی طرح کے ماسک چہروں پر پہنے ہوئے ہوتے ہیں۔

New Orleans میں فرنچ اور سپینش settlers نے Mardi Gras 1857 میں شروع کیا۔ اس شہر کی ریاست Louisiana کے مختلف حصوں میں مرد عورتوں کے لباس میں ملبوس سازندوں کے ساتھ لوگوں کے [illegible] سے اسی قسم [illegible] مانگتے پھرتے ہیں۔ Rio de Janeiro میں اس سال 164 واں Mardi Gras کا جشن یا Carnival منایا گیا۔ گلیاں سڑکیں ہجوم سے بھری ہوتی ہیں اور ایسا لگتا ہے جیسے کہ لوگ خوشی سے پاگل ہوتے جا رہے ہیں۔ [illegible] اس موقع کیلئے تیار [illegible] جاتے ہیں۔ غریب سے غریب لوگ بھی کوئی عجوبہ لباس اس موقع کیلئے تیار کر ہی لیتے ہیں۔ قدیم زمانہ میں رومن [illegible] گوشت نہ کھایا کرتے اور یہ اس رسم کی یاد ہے۔ New Orleans, Louisiana, USA کا جشن Carnival میں دیکھنے کی چیز ہے۔ Waikiki کی خوبصورتی Copacobana سے قدرے کم ہے۔

ہم لوگ بھی وینزویلا میں مذہبی نقطہ نظر سے نہیں بلکہ بچوں کی خوشی کیلئے اس موقع پر پاکستانی لباس خاص طور پر پہنتے اور نمائش اور جلوس وغیرہ میں حصہ لیا کرتے۔ ہماری خواتین شلوار قمیض اور دوپٹہ یا ساڑھی میں ملبوس ہوتیں۔ اور میں شلوار قمیض یا [illegible] پاجامہ اور سر پر رام پوری ٹوپی اور پاؤں میں سلیم شاہی جوتیاں پہنا کرتے۔ ہمارے بچے یہ تہوار شروع ہونے سے چند دن پہلے ہی پیچیدہ قسم کے لباسوں کیلئے تنگ کرنا شروع کر دیتے۔ کئی دوسرے شہروں سے Carnival کے موقع پر وینزویلین خواتین پاکستانی کپڑے مانگ کر لے جاتیں مگر واپس کبھی نہ کرتیں۔

Hawaii میں ایک خاص لفظ Aloha (Hawaiian love) یہ لفظ کسی کے استقبال یا رخصت کے وقت عام استعمال ہوتا ہے۔ ایسے استعمال ہوتا ہے جیسے Spanish زبان میں Adios اور ہمارے ہاں خدا حافظ۔ Hawaii کو Aloha State بھی کہتے ہیں۔

چار دن بعد کانفرنس ختم ہوئی تو میں airport کی formalities سے گزر کر واپس Los Angeles, California جانے والی Pan Am کی flight پر سوار ہو گیا۔ Pan Am کی Flight 01 دنیا کے اردگرد New York سے Pacific سمندر کی طرف سے ہوتی ہوئی واپس Atlantic سمندر سے پھر New York پہنچ جاتی [illegible] Flight 02 جس کی پرواز اس کے برعکس تھی۔ کیا دن اور کیا خوب سروس! کئی بار ایسا اتفاق ہوا کہ جب میں Caracas سے کسی ایسی flight جیسے کہ Viasa سے New York کی JFK ائیرپورٹ پر پہنچا تو مجھے اس flight کے terminal سے Pan Am کے ٹرمینل ایک style سے limousine میں پہنچایا اور یہاں free [illegible]۔ اب تو Pan Am [illegible] ہے۔ جہاز میں میرے دائیں ہاتھ کی طرف window seat تھی۔ چونکہ یہ جہاز [illegible] ایک مسافر پہلے سے ہی بیٹھا اخبار پڑھنے میں مصروف تھا اور میں نے بھی کوئی توجہ نہ دی۔ take off کے بعد جب جہاز cruising speed پر آیا تو مسافر حسب دستور حفاظتی بیلٹ کھولنے کے بعد ادھر ادھر ہونے لگے۔

میں نے بھی کافی کیلئے air hostess سے متعلقہ push button کو [illegible] تو میری نگاہ ساتھ والے مذکورہ مسافر پر پڑی اور وہ مجھے جانا پہچانا چہرہ لگا۔ میں نے جب ذرا ذہن پر زور دیا تو وہ Hollywood کا [illegible] Ladies-killer [illegible] تعارف کے بعد حجاب چھوٹا اور بے تکلفی شروع ہوئی (معاف کیجئے میں طبعاً ویسے ہی بے تکلف آدمی ہوں) میں نے اپنا تعارف کراتے ہوئے آگاہ کیا کہ میں وینزویلا یونیورسٹی میں پروفیسر ہوں اور ریسرچ پیپر پڑھنے کیلئے سائنس کانفرنس میں Honolulu گیا ہوا تھا۔
''آپ کہاں سے آ رہے ہیں کہیں شوٹنگ وغیرہ تھی؟'' میں نے پوچھا۔
''شوٹنگ وغیرہ تو نہیں تھی۔ معمول کے مطابق ریسٹ کرنے کیلئے Bali گیا ہوا تھا (South Pacific میں ایک

Marfat.com

exotic قسم کی) وہاں میری اپنی cottage ہے مجھے جنسی بیماری لاحق ہوگئی جس کے جراثیم Bali میں عام antibiotics سے resistant ہیں اور میں علاج معالجے کے لیے اپنے ذاتی معالج کے پاس Los Angeles جا رہا ہوں۔"
Infectitious disease کا سن کر میرے کان کھڑے ہوئے اور مجھے خیال آیا کہ روشنیوں والے شہر کے باسی کیسے خطرے میں رہتے ہیں۔

Plastic money

راقم کا ایک دوست Vienna, Austria کا باشندہ تھا۔ نام Dr. Ernst Kirsteuer اور اس کی بیوی کا نام Erika تھی۔ Dr. Kirsteuer یونیورسٹی میں Limnology کا Research professor تھا۔ یہ وہ سائنس ہے جس کا تعلق پانی سے ہے، پانی کی زندگی سے ہے۔ Dr. Kirsteuer دبلا پتلا مگر مضبوط قریباً چھ فٹ لمبا آدمی تھا۔ ازاں بعد اس نے تبدیلی ملازمت اختیار کی۔ اس کی بیوی Erika بھی ہم وقت واقع ہوئی۔ دونوں میاں بیوی نہایت خوش طبع اور سوشل۔ فرصت کے اوقات نہایت ... گزارتے۔ اکثر weekends (spanish زبان میں *fin de semana*) پر جیسا کہ ... fin de semana پر پہنچ جایا کرتے۔ 1963 میں جب میری شادی نہ ہوئی تھی تو میں اکثر ... کرسمس قریب آرہا تھا۔ لاطینی امریکہ میں کرسمس کا جشن قریباً چار ہفتہ تک منایا جاتا ہے۔ شراب، ... ہماری یونیورسٹی کا Rector نہایت مہذب انسان ... شام کو تکلف ... رہتا۔

... میں ... باقی تھے تو میں اپنے دوست Ernst کے گھر گیا وہ ایک Rocking chair میں بیٹھا Cuba Libre پی رہا تھا۔ Erika کہیں اندر تھی۔ یہ محسوس کرتا چونکہ اولاد نہ ہونے کی وجہ سے میاں بیوی آپس میں جھگڑتے ... اس رات وہ کچھ ضرورت سے زیادہ ہی پی رہا تھا اور نہایت غمزدہ صورت بنا رکھی تھی۔

میں نے پوچھا "Erika کہاں ہے؟"
اس نے مجھے اپنے ہونٹوں پر انگلی رکھتے ہوئے چپ رہنے کا اشارہ کیا اور میرے چہرے کے قریب رازدارانہ طور پر اپنا منہ لا کر کہا "Nasir. You know women ?"

"Of course."

"You really don't know women."

"Come of it, what is strange in that ?"

پھر اس نے نہایت آہستہ اور خفیہ انداز میں اور مزید سنجیدہ ہوتے ہوئے وضاحت کی:

"Women are human-like being."

میں اس کے طرزِ تکلم پر ہنس دیا۔ "یہ بات ہے۔ عورتیں انسانوں میں ہی نہیں ہیں۔"
"یہ میرا تجربہ ہے وہ انسان نہیں بلکہ انسان نما کوئی دوسری مخلوق۔ میری بات مان جاؤ شادی کبھی نہ کرنا۔ یہ میرا مخلصانہ مشورہ ہے۔"

بعد میں گفتگو سے پتہ چلا۔ بیچارا بیوی کے ہاتھوں نہایت پریشان اور درماندہ ہے۔
1964 کو پاکستان میں میری ماموں زاد فرخ جمشید کے ساتھ شادی ہوگئی۔ 1966 میں Ernst اور Erika وینزویلا چھوڑ کر New York شمالی امریکہ چلے گئے۔ وہاں اسے American Museum of Natural History میں ریسرچ کرنے کی اعلیٰ پوزیشن مل گئی۔ 1968 کی سردیوں میں فرخ اور میں چھٹیاں منانے کے لیے New York گئے لہٰذا ان

Marfat.com

کے فلیٹ میں ہی ٹھہرے۔ خوب سیر و سیاحت سے لطف اندوز ہوئے۔ وہ چند ایک ہندوستانی اور امریکن families کو مدعو کرتے تو فرخ اُن کیلئے نہایت لذیذ پاکستانی پکوان تیار کرتی۔ خصوصاً پلاؤ ان لوگوں کو بہت پسند آتا۔

ایک رات Dr. Kirsteuer (Erika نے نہیں اور جانا تھا) نے ہمیں Playboy club میں مدعو کیا۔ رات گئے تک وہاں ہی کلب کی اوپر بالکونی میں بیٹھے ہوئے تھے۔ لوگ اٹھتے اور نیچے ڈانس فلور پر جاتے تو ڈانس کرتے صاف نظر آتے اور بعد ازاں اپنی اپنی سیٹوں پر واپس لوٹ آتے۔ بالکونی سے ڈانس فلور صاف نظر آتا۔ وہ، فرخ اور میں نے بھی ڈانس کیا۔ فرخ نے نیلے رنگ کی ساڑھی زیب تن کی جس پر میش سے لگائے گئے ستارے مختلف جگہوں پر چمک رہے تھے۔ وہاں سب لوگوں میں کسی دوسری دنیا کی دلکش مخلوق نظر آ رہی تھی۔ Ernst نے حسب عادت خوب شراب نوشی کی جبکہ راقم نے بھی شراب سے لطف اندوز ہوا لیکن فرخ نے صرف Coke وغیرہ پر ہی اکتفا کیا کیونکہ اسے شراب سے سخت نفرت تھی۔ Ernst نے بھی نہایت مؤدبانہ انداز میں فرخ سے چند ایک بار ڈانس کیا۔ ماحول نہایت رنگین تھا۔ psychoactive lights کی مختلف قسم کی بتیوں کی روشنیوں کا انعکاس اور میوزک سے فضا مسحور کن ہوئی تھی۔

ہم دونوں میاں بیوی کو تو نیند نے آ لیا جبکہ Ernst کلب میں مزید ٹھہرنے پر بضد تھا۔ میں نے تنگ آ کر ایک Bunny کو اشارہ کیا اور بل لانے کو کہا وہ بل تو لے آئی جو کہ 224 $ ڈالر تھا مگر اس نے مجھ سے credit card (ضمیمہ 148) طلب کیا۔ میں نے جواب دیا "میں ہمیشہ اپنی جیبوں پر cash کی ادائیگی کرتا ہوں"۔ Bunny نے ایک چیخ سی ماری۔ میں نے غصہ میں ... اور اس پر دوسرے لوگ بھی متوجہ ہوگئے۔ Ernst کو بھی غصہ آ گیا اس نے مجھ سے بھی زیادہ مشتعل ہو کر ... بھی ایک چھوٹا سا نشہ میں مخمور جوان جس کے چہرے پر چھوٹی چھوٹی داڑھی مشتعل حالت میں Bunnies سے ... waiter آن پہنچے۔ فرخ تو گھبرا گئی۔ اتنے میں کلب کا کوئی عہدیدار آ گیا اور نہایت مؤدبانہ انداز میں Ernst کو ... کرانے میں کامیاب ہوا۔ ہم تینوں کو نہایت پرخلوص طریقے سے اور مسکراتے ہوئے اپنے دفتر لے گیا۔ دفتر کیا تھا ... کا کمرہ ... اس نے انگریزی میں گفتگو شروع کی اور میں نے بھی انگریزی میں جواباً گفتگو کا سلسلہ جاری رکھا۔

"Sir! کیا بات ہے؟"

"میں کیش ادا کرنا چاہتا ہوں۔ کوئی لینے کیلئے تیار ہی نہیں۔"

وہ مسکرایا اور کہنے لگا "Sir, plastic money کا زمانہ ہے۔ کیش یہاں نہیں چلتا۔"

"وہ کیوں؟" میں نے دریافت کرنا چاہا۔

"اسلئے کہ ہم کیش وصول کرنے کیلئے ایک مزید ملازم رکھیں پھر ایک اور ملازم رکھیں جو کہ بعد میں وہ کیش ... cashrigister کو maintain کرے پھر کوئی روزانہ آمدنی کے بنک میں جمع کرانے کیلئے ... اس طرح overhead سے ... چوری چکاری زیادہ ہونے کا احتمال ہے۔"

بات میری سمجھ میں تو آ گئی مگر Ernst شدید حالت میں تھا۔ اس نے اپنا American Express Credit Card نکالا۔ مشتعل ہو کر اسے پھاڑنے کی کوشش کی تو ہم دونوں نے روک دیا۔ بعد ازاں اس نے کارڈ کے پیچھے دیئے ہوئے اپنے ... بتلائی ... میری کوئی بھی بات نہ سنی اور میں نے Cash payment کر ہی دی۔

ازاں بعد ٹیکسی لی۔ Ernst کو تحمل کر کے ٹیکسی کے اندر داخل کیا اور اس کے فلیٹ والی بلڈنگ پر پہنچے۔ میں نے ٹیکسی کا کرایہ 17 ڈالر ادا کیا تین ڈالر tip دی۔ چونکہ ٹیکسی والے ایسے موقع پر دخل اندازی نہیں کرتے اس لئے فرخ نے میرے ساتھ مل کر ... سے نکالا اور ہم دونوں نے سہارا دیتے ہوئے بلڈنگ میں داخل ہوئے۔ elevator کا بٹن دبایا جبکہ اس کا فلیٹ ساتویں منزل پر تھا۔ اب وہ ساتویں منزل پر پہنچ کر elevator سے باہر نکلنا پسند نہیں کرتا تھا جبکہ میری منت سماجت پر اتر آیا اور بولا "تم میرے سب سے اچھے دوست ہو۔ میں نے شراب پی ہے خدا کے لئے مجھے کسی بار میں لے چلو"۔ بمشکل اسے elevator سے نکالا اور فلیٹ تک پہنچنے میں کامیابی سے ہمکنار ہوئے۔ بستر پر سونے سے پہلے اسے Alka Seltzer کی دو effervescent گولیاں پانی میں ڈال کر پلائیں

تاکہ اس کا نشہ ختم ہو سکے اور hangover ٹوٹ جائے۔

دوسرے دن Ernst نے مجھے ایک دلچسپ واقعہ سنایا کہ اُس کے colleague نے اپنا ریسرچ پیپر دوسرے colleague کو چیک کرنے کیلئے دیا۔ ان صاحب نے اُس کا ریسرچ پیپر اپنے ہی نام پر شائع کروا دیا۔

Minneapolis

غازیہ، فرخ اور میں کوئی ایک ہفتہ کیلئے Semana Santa (Easter) کی چھٹیاں گزارنے اپنے دوست ڈاکٹر ابراہیم کے پاس نیویارک کے مضافات Baldwin میں ٹھہرے ہوئے تھے۔ Minneapolis، Minnesota State جانے کا اتفاق ہوا کیونکہ وہاں میرے ایک امریکن دوست جن کی شادی ایک پاکستانی لڑکی سے ہوئی رہ رہے تھے۔ سپر مارکیٹ میں فرخ مرچ مصالحے خریدنا چاہتی تھی چونکہ سپر مارکیٹ کافی وسیع تھی فرخ نے ایک ہندوستانی salesboy کی مدد چاہی تاکہ وہ مخصوص مرچ مصالحے تلاش کرنے میں فرخ کی مدد کرے۔

جب ہم مرچ مصالحوں کے شیلف کے قریب تھے تو ایک امریکن لڑکی نے اُسی ہندوستانی کو اونچی آواز سے پکارا تاکہ وہ اُسے کسی خاص مصالحے کو تلاش کرنے۔ وہ ہندوستانی اُس مصالحے کو تلاش نہ کر سکا کیونکہ وہ لڑکی اُس کا نام کوئی عجیب و غریب بتا رہی تھی لڑکی کو غصہ آ گیا اُس نے منہ پر تھوکا اور بولی کہ ہندوستانی تم نے کچھ نہیں کیا ''تم گندے ہندوستانی s.o.b. وغیرہ وغیرہ وان lousy ہندوستانیوں کی تم نے مدد کی'' اس کا اشارہ ہم تینوں کی طرف تھا۔

اُس نے تو کچھ جواب نہ دیا چپ چاپ اپنی جیب سے رومال نکال کر اپنا منہ صاف کر لیا مگر مجھے غصہ آ گیا اور میں نے بلند آواز میں کہا ''تم ہماری بغیر کسی وجہ کے بے عزتی کر رہی ہو'' اور اس پر ہاتھ اُٹھانے والا ہی تھا کہ لڑکا بھاگتا ہوا گیا اور فلور منیجر کو لے آیا جس نے سکیورٹی والوں کو بلایا جو لڑکی ہندوستانی اور ہم تینوں کو اپنے دفتر میں لے گیا۔ امریکن لڑکی اور ہندوستانی نے اپنی شناخت کروائی اس نے مجھ سے میرے ID کارڈ کے متعلق پوچھا مگر فرخ سے نہیں میں نے اُسے جواب دیا کہ میرے پاس ویزہ ویاکا پاسپورٹ ہے اور ویزہ ہی ID کارڈ ہے امریکن کارڈ کوئی نہیں ہے کیونکہ میں یہاں کا رہنے والا ہی نہیں ہوں۔

منیجر ہندوستانی سیلز بوائے سے مخاطب ہوا کہ آیا تم قانونی طور پر اس لڑکی کے اوپر الزام لگانا چاہتے ہو؟ اُس نے تو صاف انکار کر دیا۔ جب اس نے مجھ سے پوچھا تو میں بضد تھا کہ میں تو ضرور الزام لگاؤں گا۔ پھر منیجر نے لڑکی پر واضح کیا کہ تم پر نسلی امتیاز کا فرد جرم عائد ہو سکتا ہے اور یہ ایک سنجیدہ معاملہ بن جائیگا۔

پہلے تو لڑکی نے کہا کہ وہ اپنے وکیل سے ملنا چاہتی ہے مگر جلدی ہی اُس نے یہ ارادہ ترک کر دیا اور مجھ سے معافی مانگ لی۔ میں نے کہا یہاں ختم نہیں ہوتا وہ ہندوستانی بھی حق رکھتا ہے کہ اُس سے معافی مانگی جائے'' لہذا اُس نے ایسے ہی کیا اپنا نام اور پتہ وغیرہ لکھ کر چلی گئی۔ منیجر نے ہم تینوں کی کافی وغیرہ سے تواضع کی اور مجھ سے یقین دہانی کرائی کہ میں پولیس میں رپورٹ درج نہیں کراؤں گا۔

Louisiana

1979 گرمیوں کی چھٹیوں میں ویزہ ویاکا سے فرخ اور میں نے اپنی بچی غازیہ کے ساتھ Disney World, Orlando, Florida, USA جانے کا ارادہ کیا۔ مجھے خیال گزرا کہ کیوں نہ پہلے Baton Rouge, Louisiana, USA میں اپنے دوست Grewal سے ملوں جو کہ میرے ساتھ 1955-1958 تک انگلینڈ میں اسی یونیورسٹی میں زیرِ تعلیم رہا۔ وہ ایسٹ پنجاب کے ایک نامور چیف منسٹر کا بیٹا اور تقریباً سکھ فیملی سے تعلق رکھتا جبکہ میں شروعات سے سر کے بال صاف کرنے یعنی ''ٹنڈ'' کرنے کا عادی ہوں۔ تعلیمی سرگرمیوں کے دوران ہمارے درمیان گہری دوستی استوار ہوئی۔ ایک دن وہ کہنے لگا Jerry کیوں نہ ہم اکٹھے ہی رہائش پذیر ہوں ہمارا علیحدہ علیحدہ رہنا کچھ عجیب سا لگتا ہے۔

Marfat.com

میں نے کہا "Charlie میری ایک شرط ہے تم بھی شادی نہ کروا لو" اس نے ہنسی بات ٹال کر کہا ... ہم دونوں اکٹھے رہیں گے۔ یہاں تک کہ لوگوں میں "ایک جان دو قالب" مشہور ہو گیا۔ اس نے ایک امریکن Pamela سے شادی کر لی جو کہ میری بھی دوست تھی۔ میں تو امریکہ چلا گیا اور وہ ساؤتھ انگلینڈ میں ... تعلق رہتا ہوں۔ Charlie سے میرا رابطہ بعد میں ختم ہو گیا۔ میں اپنے بھائی انور جو کہ وینزویلا سوشل ورکس کا ... Charlie سے ... دن جو گزارے تھے ان کا ذکر کیا کرتا۔

Disney World جانے کے لیے ہم تینوں نے Caracas سے بذریعہ ہوائی جہاز Miami پہنچے ... بدل کر Baton Rouge کے ایئرپورٹ پر جہاں ہمیں لینے کے لیے Charlie کی بیوی Gretchen آئی ہوئی تھی۔ Charlie یونیورسٹی میں ... دے رہا تھا ہم وہ ہمیں اپنی کار Mustang میں اپنے گھر لے گئی۔

گھر کیا تھا ایک نہایت اعلیٰ area میں خوبصورت سے زیادہ ... awns واقع تھے۔ شدید سردی کا موسم اور تمام گھر Centrally airconditioned تھا۔ ... کو bronchitis ... رات کو زیادہ ٹھنڈک کی وجہ سے ... کمبل اوڑھے ہوئے تھے ... میں نے Charlie کو بتایا اپنی تکلیف بتائی اور ایک موٹی Eiderdown quilt (...) ... central system ... مشورہ دیا ... technician ... process ہے ... clinic میں لے گئے۔ وہاں ایک policeman ... reception ... cubicle میں لے گئی ... Centrally airconditioned clinic بھی ... B P ... ڈاکٹر صاحب ... corridor میں ... policeman نے مجھے ...

"معلوم ہوتا ہے تم ابھی یہاں کے رہنے والے نہیں ہو۔"

"میری بیوی ... ڈاکٹر صاحب ... " میں نے جواب دیا۔

... ڈاکٹر کے پاس ...

"ڈاکٹر صاحب اچھے مریض ہیں dollars ... "

... ڈاکٹر صاحب ... Salbutan ... bronchitis ... Charlie ... X-ray ... 135 $ ... دوائی استعمال کی تو بیوی بالکل صحت یاب ہو گئی۔

یہاں ... clinic ... 175 ڈالر تھے میں نے وہاں سے ... refund ... clinic سے ... cash payment کی تھی اور رسید ... انشورنس کمپنی ... واپس ... دی۔

Marfat.com

چند دنوں کے بعد غازیہ فرخ اور Gretchen تو گھر میں ہی رہے۔ Charlie کار ڈرائیو کر رہا تھا اور میں اس کے ساتھ والی سیٹ پر بیٹھا ہوا تھا۔ Tulane Medical Center New Orleans کیلئے روانہ ہوئے کیونکہ میں نے میڈیکل چیک اپ کرانا تھا۔ چارلی مجھے میڈیکل سینٹر میں چھوڑ کر اور دو تین گھنٹے واپسی کا کہہ کر خود کسی اور سے ملنے چلا گیا۔ میرا خیال تھا کہ یہ سب کچھ دو تین گھنٹے لگ جائیں گے۔

reception میں داخل ہو کر میں نے receptionist کو اپنے میڈیکل چیک اپ کی تفصیلات بتائیں۔ اس نے بیان میں پہلے سے ہی ذاتی ہسٹری نوٹ کر لی۔ ہال میں کوئی دس بارہ cubicles تھے۔ اس نے مجھے cubicle نمبر سات میں جا کر اپنے کپڑے اتارنے apron پہننے اور ہدایات دیں کہ ایک خاص جگہ پر انتظار کروں۔ متعلقہ ٹیسٹ کرنے کیلئے کوئی صاحب آ جائیں گے۔ ان ٹیسٹوں میں بہت سی ضرورتیں۔ خون، یورین، E.C.G، الٹرا ساؤنڈ اور جنرل چیک اپ مختلف ڈاکٹروں نے کئے۔ ان تمام کاموں سے فارغ ہو کر میں دوبارہ اسی cubicle میں گیا اور کپڑے پہن کر Payment counter پر پہنچ گیا۔

بل تقریباً 473 ڈالر اور میرے پاس اس وقت تقریباً سو ڈالر تھے مگر میری چیک بک، پاسپورٹ اور documents وغیرہ Charlie کی کار میں پڑے ہوئے تھے۔ کاؤنٹر سے مخاطب ہوا اور کہا "میں parasitologist ہوں اور ویزٹ پر آیا ہوں۔ چند ہفتوں کیلئے چھٹیاں گزارنے کیلئے اپنے دوست کے پاس Baton Rouge میں ٹھہرا ہوا ہوں۔ Dr. Paul C Beaver کو جانتی ہو؟ وہ بھی اسی علاقہ میں رہتے ہیں۔"

"ہاں ہاں کیوں نہیں وہ تو بہت بڑے parasitologist ہیں۔" "میرے پاس اس وقت کوئی سو ڈالر کے قریب ہیں لیکن میری چیک بک چونکہ دوست کی کار میں پڑی ہوئی ہے جس کے آنے پر بل کی payment کردوں گا۔ کیا میں Dr. Beaver کو اس سلسلے میں فون کر سکتا ہوں؟"

"اس کی کوئی ضرورت نہیں آپ بل لے جائیں اور چیک پوسٹ کر دیجئے گا۔"

میں ہسپتال سے باہر نکل کر وقت گزارنے کیلئے یونہی گھوم رہا تھا کہ Charlie کار لئے آن پہنچا۔ میں نے Charlie کو یہ واقعہ سنایا تو وہ حیران ہو گیا کہ امریکہ میں پیسے کے معاملے میں کوئی اعتبار نہیں کرتا۔

"یہ تو Dr. Beaver کے نام نے جادو کر دکھایا۔"

بعد ازاں ہم دونوں New Orleans کے French Quarters میں گھومنے کیلئے گئے وہاں پر ایک بک سٹور دیکھا جہاں سے میں فرانس کے مشہور فلسفی Jean Paul Sartre کی کتاب *(The Words)* جو کہ اس کی زندگی کے پہلے دس سال کی خود نوشت سوانح عمری ہے اور اس نے 59 سال کی عمر میں لکھی خریدنا چاہتا تھا۔ اس دکان میں تمام کی تمام کتابیں نایاب اور پرانی قسم کی تھیں۔ ایک شیلف پر میری نظر پڑی تو دیکھتا کیا ہوں کہ علامہ عنایت اللہ خان المشرقی کی کتاب *God. Man and Universe* (Al-Mashriqi. A. I. U. K. 1980. *God. Man and Universe*. edit Hussain S. S. Rawalpindi: Akhuwat Publications. vi +170 PP.)

میں حیران رہ گیا کہ یہ کتاب کہاں سے یہاں آن پہنچی۔

ایک بوڑھی خاتون جو شاید اس دکان کی مالکن تھی سے پوچھا "یہ کتاب یہاں کیسے؟" اس نے جواب دیا کہ اس کا خاوند پرانی اور نادر کتب کا شوقین تھا۔ Algiers. Algeria میں ہمارا ایسی کتابوں کا کافی وسیع کاروبار تھا۔ وہ اکثر دور دراز ممالک کا سفر کرتا رہتا تھا اور کتابیں اکٹھی کرتا رہتا۔ یہ دکان بھی کئی سالوں سے ہماری ملکیت ہے۔ Algeria میں آزادی کی جنگ کے دوران ہم سب کچھ چھوڑ کر یہاں چلے آئے۔ کافی عرصہ ہوا کہ خاوند کا انتقال ہو چکا ہے۔ اس کتاب کی سات کاپیاں تھیں جن میں سے ایک باقی رہ گئی ہے جو تم خریدنا چاہتے ہو۔ اس نے مجھ سے 2.25 ڈالر چارج کئے۔

Charlie اور میں کار میں Baton Rouge سے Dallas. Texas کی طرف جا رہے تھے تو turnpike پر داخل ہونے سے پہلے پٹرولیم مصنوعات کی قلت تھی۔ فلنگ سٹیشنوں سے گزرے مگر تمام کے تمام نے کالے جھنڈے لگائے ہوئے تھے میں

Marfat.com

نے Charlie سے مذاقاً پوچھا، ''کیا یہ تمام لوگ اہل تشیع ہیں؟''

''نہیں نہیں یہ تو معمول کی بات ہے کالے جھنڈوں کا مطلب یہ ہے کہ فلنگ سٹیشنوں پر تیل نہیں۔''

''اس دور میں مڈل ایسٹ میں بحران کی وجہ سے گیسولین پر پابندی تھی۔''

ایک روز غازیہ اور فرخ چارلی کے ساتھ اس کی کار میں بیٹھ کر شاپنگ کے لئے نکلے۔ گھر میں Gretchen اکیلی بیٹھی تھے۔ Gretchen نے باتوں باتوں میں ظاہر کیا کہ وہ اسلام میں دلچسپی رکھتی اور اسلام پر کتابیں پڑھ رہی ہے۔ یہ بھی بتایا کہ اس کا خاوند سکھ ہے وہ برا نہیں مانتا مگر کچھ دوسرے اختلافات کی وجہ سے ہم طلاق کے متعلق سوچ رہے ہیں'' تم مجھ سے شادی کیوں نہیں کر لیتے؟'' اس نے اچانک کہہ دیا تعجب ہے کہ اس نے courtship تک کا خیال نہ کیا۔

''Gretchen ہم میاں بیوی کمال کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ میں تو دوسری شادی کے متعلق خیال تک نہیں رکھتا۔''

''کوئی پرابلم نہیں مسلمان تو چار شادیاں کر سکتے ہیں۔''

''کرتے ہوں گے مگر میں ان میں سے نہیں ہوں۔''

ہمارا ارادہ کوئی ایک ہفتہ اور Charlie کے ہاں ٹھہرنے کا تھا لیکن میں نے فیصلہ کر لیا کہ بہتر ہے جلدی یہاں سے واپس ویز ویلا چلے جائیں تا کہ کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہ آئے۔

ایک روز Charlie کے گھر سے ہی میں نے اپنے گورنمنٹ کالج لاہور کے زمانے کے دوست عبدالمجید کو جو مدت سے Washington, Seattle میں رہائش رکھتا تھا، Seattle میں ٹیلیفون کیا۔ اس نے مجھے Seattle آنے کی دعوت دی۔ مجید Washington State امریکہ کا شہر ہے مگر میں وقت کی کمی کے باعث جا نہ سکا۔ B. Sc. کرنے کے بعد اس نے بلدیات کے محکمے میں نوکری کر لی اور ترقی کرتا ہوا اعلیٰ مقام پر پہنچ گیا۔ نوکری چھوڑ کر Seattle چلا گیا۔ جب میں واپس وینزویلا آیا تو حسب عادت معمول سال کے آخر میں پرانے دوستوں کو عید کارڈ اور خط لکھا کرتا لہٰذا دوسرے سال میں نے مجید کو خط لکھا تو اس کی بیوی کی طرف سے خط کے جواب میں بری خبر لکھی۔ مجید پاکستان گیا ہوا تھا لاہور اچھرہ سے ماڈل ٹاؤن جانے والی بس پر سوار ہوا۔ بس بھری ہوئی تھی لہٰذا وہ فٹ سٹیپ پر کھڑا ہو گیا اور بس کے پچھلے دروازے کے ساتھ لگے ہوئے پائپ کو پکڑے رکھا۔ اچانک اس کا پاؤں پھسلا اور نیچے گر پڑا۔ بدقسمتی سے اس کی پتلون فٹ سٹیپ کے ساتھ پھنس گئی اور وہ کافی دور تک سڑک پر گھسٹتا چلا گیا۔ جب ڈرائیور نے گاڑی روکی وہ بری طرح زخمی ہو گیا۔ اسے میو ہسپتال لے جایا گیا مگر اس نے دم توڑ دیا۔ میں آج بھی اس کی بیوی سے Seattle میں خط و کتابت کیا کرتا ہوں۔

ہر ہفتہ weekend پر میں اور Charlie ایک Continental Cafe میں جایا کرتے۔ وہاں ایک خوبصورت برٹش ویٹریس جس کا نام تو Pamela تھا مگر میں اسے پیار سے Pam کہا کرتا۔ Charlie دل پھینک تھا اور شوقین تھا مگر اس میں اتنی جرأت نہ تھی کہ کسی لڑکی سے گفتگو میں پہل کرے۔ Charlie کا Pam پر دل آ گیا اور مجھے پنجابی میں کہنے لگا ''یہ جوان کڑی میں اک گل آکھاں گا تے او موڑنی نہیں۔''

میں نے جواب دیا، ''پہلے کب بھی تمہاری کوئی بات ٹالی ہے۔''

بات یہ تھی کہ وہ مجھے Pam سے متعارف کروائے لہٰذا حسب معمول میں نے Pam سے اپنے ٹیبل پر آنے اور Charlie سے ملاقات کا کہا۔ جب وہ آرڈر لے کر آئی تو میں نے Pam سے Charlie کا تعارف کروایا کہ یہ میرا بے تکلف دوست ہے اور ہم دونوں اکٹھے ہی ایک landlady کے پاس رہتے ہیں۔

بس کیا تھا Charlie چلنے رستہ ہموار ہو گیا وہ اور Pam ویک اینڈ پر ملنے لگے۔ یہ کہتے یہاں تک کہ انہوں نے شادی کرنے کی بھی ٹھان لی۔ آخر ایک دن آ گیا کہ ہم تمام یار و احباب Charlie کی شادی میں شریک ہوئے۔ میں اس کا best man تھا شادی کے بعد ہنی مون کی غرض سے فرانس اور سپین چلے گئے۔

جب واپس لوٹے تو میں نے اسی landlady کے پاس علیحدہ کمرے میں رہائش اختیار کر لی۔ جیسا کہ اوپر بیان کیا جا چکا

سے میں تو امریکہ چلا گیا اور Charlie اپنی بیوی Pam کو ساتھ لیکر سوئٹزرلینڈ اعلیٰ تعلیم کیلئے میرے جانے کے بعد روانہ ہوا۔ جب Charlie سے پاکستان جاتے ہوئے میرا دوبارہ رابطہ ہوا تو اس نے واپس Louisiana پہنچ کر وینزویلا میں مجھ سے خط و کتابت جاری رکھی۔ ایک سال ایسٹر کی چھٹیوں پر چند روز کیلئے Cumaná میں میرے گھر میں جب ہم لوگ Cerro del Medio پر یونیورسٹی کی رہائش گاہ میں رہا کرتے تھے، ملنے کیلئے آیا۔ اس نے مجھے بتایا کہ Pam سے اس کا ایک بیٹا جس کا نام Warren ہے اور Pamela سے اس کی طلاق ہو گئی۔ Pam نے Puerto Rico میں دوبارہ شادی کر لی اور اس کا بیٹا اس کے ساتھ ہی رہ رہا ہے۔ Charlie نے سویڈش لڑکی Gretchen سے شادی کر لی اور دونوں میاں بیوی Baton Rouge رہ رہے ہیں۔

تقریباً دو ہفتے Charlie کے پاس قیام کرنے کے بعد ہم تینوں نے Baton Rouge کے ایک ٹریول ایجنٹ Travel World سے Orlando کے قریب Disney World دیکھنے کی غرض سے ہوائی جہاز کی تین سیٹیں بک کروائیں اور تین دن کیلئے Disney World میں ہوٹل کا کمرہ بک کرایا۔ جہاز کی سیٹوں کی تو میں نے payment کر دی مگر ایجنٹ نے ہوٹل کے کمرے کی ادائیگی بینک سے چارج نہ کئے۔

تین دن کے بعد ہم بذریعہ ہوائی جہاز Orlando انٹرنیشنل ائرپورٹ پہنچ گئے۔ ائرپورٹ سے Mears Shuttle کی ویگن سے فی کس کرایہ 15 ڈالر کی سیٹ میں بیٹھ کر Walt Disney World Property (WDW) کے ایک حصے تک پہنچے۔ اس سروس میں ایک ہی خرابی تھی کہ دوسرے مسافروں کو بھی اپنے اپنے ہوٹلوں پر لے جانے کیلئے رک جاتی۔ Disney World کے ایک گیٹ پر پہنچنے کے بعد وہاں سے Magic Kingdom کے گیٹ پر Transportation and Ticket Center (TTC) سے ہوٹل تک پہنچنے کیلئے monorail کشتی یا بسوں کے ٹکٹ لئے جا سکتے ہیں۔ monorail سیدھی Contemporary ہوٹل کی لابی میں لے جاتی ہے۔

ہمارے ہوٹل کا نام Courtyard Marriot اور Walt Disney World Village Plaza میں واقع تھا۔ یہ رات کا صرف رہائش کا کرایہ ہم تینوں کیلئے 175 ڈالر تھا۔ جب میں Reception desk پر رجسٹر ہو رہا تھا تو ایک mail box پر میرا نام اور پتہ پہلے سے ہی لکھا ہوا تھا لیکن کمرے کا کوئی نمبر نہ تھا۔ وہ اس لئے کہ کمروں کے نمبر customers کی خواہش کے مطابق بدلتے رہتے۔ receptionist نے میرے mail box میں سے Disney World کے مختلف پروگراموں کیلئے ٹریول ایجنٹ نے Complimentary tickets پہلے ہی بھیج دیئے ہوئے تھے اور اسی طرح دو راتوں کیلئے کمرہ بھی فری تھا کیونکہ ہم نے ایک ہفتہ سے زیادہ وہاں ٹھہرنا تھا اسلئے یہ سہولت ہوٹل والوں نے دے رکھی تھی۔

ہوٹل کے کمرے میں، میں نے پہلی دفعہ دیکھا کہ مختلف قسم کی شراب چاکلیٹ اور کھانے پینے کی چیزیں وغیرہ وغیرہ ریفریجریٹر میں electronically کنٹرول تھیں۔ جو چیز بھی استعمال کرو خود بخود ہوٹل کے رہائشیوں کے اکاؤنٹ کو چارج کیا جاتا۔

ایک دن ہم لوگ Mickey Mouse کی مارچ دیکھ رہے تھے کہ بارش نے آ لیا ہم نے تین چھتریاں خریدیں اور جس جگہ پر ہم کھڑے تھے اسی باؤنڈری دیوار پر چھتریاں اٹکا کے سامنے ہی ایک ریسٹورینٹ کی میز پر آئس کریم کھانے کیلئے بیٹھ گئے۔ بارش رکنے کا نام نہ لے رہی تھی اسی دوران ہمارے دیکھتے دیکھتے ایک جوان لڑکی ہماری چھتریاں لے کر بھاگ نکلی۔ میں نے اس کا پیچھا کرنے کا قصد کیا مگر شدید بارش میں جرات نہ ہوئی۔ اتنی مادی ترقی کے باوجود اخلاقی پستی کا یہ عالم !

یہ ہے Disney World وسیع مختلف پروگرامز اور دلچسپی کے سامان اتنے زیادہ کہ ہم تمام کے تمام نہ دیکھ سکے کیونکہ چند ایک پروگرام دیکھنے سے آدمی تھک جاتا ہے۔

Locket

1974 کی بات ہے۔ وینزویلا سے shopping کرنے کے لیے فرخ، انور اور میں اپنی ایک عزیزہ، گجرات کے

Marfat.com

ڈاکٹر ذوالفقار کی ہمشیرہ، خالدہ، کے پاس Wimbledon, Raynes Park, West London ٹھہرے ہوئے تھے۔ ایک دن ہم تینوں Oxford Street گئے۔ یاد رہے کہ لندن میں خریداری کا مشہور زمانہ مرکز ہے۔ یہاں دنیا بھر سے ہوتے ہوئے لوگ خریداری کیلئے آتے ہیں کچھ لوگ خریداری کیلئے نہیں تفریحاً Window-shopping سے ہی لطف اندوز ہونے کیلئے چلے آتے ہیں۔ یہاں پر کافی Departmental stores مثلاً Marks & Spencer, John Lewis اور Selfridges جو کہ Hyde Park Corner کی مخالف سمت سڑک کے اس پار واقع ہے جہاں مختلف ممالک کے شہزادے، بالی وڈ کی شخصیات اور تمام ممالک کے لوگ جوق در جوق آتے ہیں۔۔ میں شاپنگ کیلئے گئے اور ہم اس سڑک پر اس طرف چل رہے تھے جہاں Oxford Street کا Underground Station ہے۔ ہمارا پہلے Selfridges جانے کا ارادہ تھا۔ فرخ نے گرم overcoat اور ایک قیمتی سونے کا لاکٹ پہنا ہوا تھا۔ وہ ہم دونوں بھائیوں کے درمیان اس ہجوم میں چل رہی تھی۔ اس نے محسوس کیا جیسے کسی نے گردن کی پچھلی طرف کو چھوا ہے۔ بات آئی گئی ہوگئی چونکہ اس قیامت کی بھیڑ میں کسی کو کوئی خبر نہ تھی اور ایسے میں کسی کو کہیں ہاتھ لگ جانا غیر معمولی بات نہ تھی۔

ہم شاپنگ وغیرہ کر کے شام کے قریب گھر لوٹے اور آ کر sitting room میں بیٹھ گئے۔ اسی شام ہم نے ایک پارٹی میں جانا تھا۔ اس غرض کیلئے فرخ اوپر والی منزل پر اپنے کمرے میں کپڑے بدلنے کیلئے گئی۔ تھوڑی دیر بعد اس نے مجھے پکارا "میرا لاکٹ کہاں ہے؟"

"مجھے کیا خبر، آپ نے پہنا ہوا تھا آپ کو پتہ ہونا چاہئے۔" میں نے نیچے سے جواب دیا۔

پھر اوپر سے آواز آئی "لاکٹ مل گیا ہے۔"

اصل بات کچھ یوں تھی۔ جب Oxford Street میں فرخ نے کہا کہ مجھے گردن کے پیچھے کچھ محسوس ہوا ہے تو اس وقت کسی اُچکے نے لاکٹ کی زنجیر کو اس ارادے سے کاٹ دیا تاکہ لاکٹ پھسل کر زمین پر گر جائے اور وہ اسے اٹھا لے۔ لیکن خدا کی کرنی کا اثر تھا کہ لاکٹ کٹ جانے کے بعد brassiere میں اٹک گیا۔ یوں اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہم ایک قیمتی نقصان سے بچ گئے۔

میاں بیوی میں جھگڑا

میرے ایک پاکستانی دوست کی اس سے زیادہ پڑھی لکھی عورت سے شادی ہوئی۔ وہ عورت بھی پاکستانی تھی۔ میاں تو میٹرک تک ہی پڑھا ہوا تھا مگر بیوی انگلش میں M.A تک تعلیم یافتہ تھی۔ میرے دوست کا East London میں مکان تھا۔ اوپر والی منزل پر کڑھائی والی مشینیں رکھی ہوئی تھیں جہاں jackets وغیرہ کی سلائی کرتی تھیں۔ وہ اکثر اپنی van میں سامان بھر کر سے منڈیوں میں بیچا کرتا۔ ان دنوں میں چمڑے کی jackets کا رواج تھا۔ سیالکوٹ سے اکثر ایسی jackets بیرون ملک بھجوائی جاتی تھیں۔

1980 میں مجھے کوئی چھ ماہ کیلئے Venezuela سے London ریسرچ کے سلسلے میں جانا پڑا۔ ایک روز میں اپنے دوست سے ملاقات کیلئے اس کے ہاں چلا گیا۔ جوں ہی گراؤنڈ فلور پر اندر داخل ہوا تو اوپر والی منزل پر کام کرنے والیوں کی موجودگی میں میاں بیوی کی لڑائی ہو رہی تھی اور یہ لڑائی نہ صرف تلخ کلامی کی حد تک بلکہ ہاتھوں تک بھی پہنچ چکی تھی۔ باقاعدہ مار کٹائی تک نوبت آ گئی۔ اچانک میاں نے کرسی اٹھا کر اپنی بیوی کی طرف چلائی اور جوابی کارروائی میں دوسری کرسی بیوی نے میاں کو کھینچ ماری پھر کیا تھا فریقین مزید جذباتی ہو گئے کمرے میں پڑے فرنیچر کا تبادلہ ہونے لگا۔ چونکہ راقم ہمدردانہ جذبے سے صلح صفائی کی کوشش میں لگ گیا، کبھی بھاگ کر میاں کو اس دھینگا مشتی سے باز رکھنے کی کوشش کرتا اور کبھی بیوی کی طرف لپکتا۔ جونہی میں اسی سے میں مصروف ہوا تو اچانک بیوی نے جس میں نجانے اتنی طاقت کہاں سے عود کر آئی کہ اس نے اپنے میاں کی طرف ایک پورا sigle sofa چلا دیا۔ چونکہ راقم درمیان میں کھڑا تھا sofa میرے اوپر سے گزرتا ہوا شیشے کی کھڑکی سے ٹکرایا اور باہر street میں آن گرا۔ جواباً میاں نے ایک استری چلائی جو دوسری شیشے کی کھڑکی سے گزر کر باہر street میں جا گری۔

Marfat.com

پیچھے ہجوم تماشائی تھا کسی نے پولیس کو اطلاع کر دی۔ اتفاق سے جو پولیس کار ادھر سے گزر رہی تھی اس کی Police officer کار سے اترا اور Show room سے ہوتا ہوا سیدھا اوپر پہنچ گیا اور نہایت مودبانہ انداز میں گویا ہوئے:

"Good evening sir, what is going on ?"

چونکہ میاں کا انگریزی زبان پر اتنا عبور نہیں تھا۔ غصے سے officer کی طرف انگلی اٹھاتے ہوئے گویا ہوئے:

"Husband and wife, you no bloody business."

officer مسکرایا اور بولا

"Okay, okay, I am sorry sir, but please clean up the mess down on the street."

میرے دوست نے اپنی انگریزی میں جواب دیا۔ "If I no then what ?"

آفیسر نے کہا "Traffic hindrance and it is an offense"

ہم نے میاں بیوی کو احساس دلایا۔ calm down ہو گئے۔ انہوں نے آفیسر سے معذرت کی۔ وہ "Thank you" کہہ کر سیڑھیوں سے نیچے اتر گیا اور بعد میں ہم تینوں نے مل کے ٹوٹا ہوا صوفہ اور "سامان آرائش" کی بجلی کی تار کو کیسا تھا اٹھائی۔ یہ لائٹ کی تاریں جب دوبارہ plug in کرنے چلے تو استری کی ایسے گرم ہوئی جیسے کچھ ہوا ہی نہیں۔

لندن میں چور

ایک وقت تھا انگلینڈ میں چوری چکاری کی وارداتیں نہ ہونے کے برابر تھیں یہاں تک کہ grocer, milkman, laundry man وغیرہ کو ان کی مطلوبہ سامان گھر کے دروازے کے باہر لا کر رکھتے اور ہفتے کے بعد hall کے دروازے کے باہر کی mat کے نیچے وہ اپنے اپنے bills لفافوں میں رکھ دیتے۔ گھر کے مکین اپنے اپنے بلوں کی رقم اسی طرح mat کے نیچے رکھ دیتے۔ laundry کے دھلائی والے کپڑے بھی اپنا گٹھڑ باہر رکھ جاتے تو laundryman اٹھا کر لے جاتا اور بل کی ادائیگی کا وہی طریقہ اپنایا جاتا۔ ہفتے اور مہینے گزر جاتے اور service مہیا کرنے والوں کا چہرہ شناسائی کا موقع بھی نہیں آتا۔

یہ بات ہے 1950 کے عشرے کی جو ایک مہذب اور ایماندار معاشرہ کی عکاسی تھی۔ اب راقم آپ کو 1980 کے عشرے کی ایک چھوٹی سی جھلک پیش کرتا ہے۔ 1984 کا واقعہ ہے ہماری بیٹی غازیہ، فرخ اور میں خود East London, Walthamstow (ضمیمہ 149) اپنی عزیزہ شائستہ کے گھر میں ٹھہرے ہوئے تھے۔ ہمارے میزبان اور ہم تینوں VCR پر sitting room میں بیٹھے ایک فلم دیکھ رہے تھے۔ تمام لوگ پہلی منزل پر اپنے کمروں میں جا کر سو گئے مگر میں فلم کے ختم ہونے تک وہیں بیٹھا رہا۔ تقریباً دو بجے رات کے قریب فلم ختم ہوئی۔ میں نے sitting room کا دروازہ بند کیا اور اوپر جا کر اپنی بیوی کے ساتھ سو گیا۔

صبح جلدی اٹھنے کی عادت بچپن سے ہے اور نہاتا بھی روزانہ ہوں میں نے موسم کے تقاضوں کی کبھی فکر نہیں کی چنانچہ حسب معمول صبح سے اٹھ گیا۔ اس مکان کی layout کچھ یوں کہ سیڑھیاں نیچے ہال میں اترتیں۔ ہال کی دائیں جانب sitting room کا دروازہ جس کا ذکر پہلے کیا جا چکا ہے پھر ہال سیدھا کچن تک جاتا اور کچن میں سے ہوتے ہوئے پیچھے bathroom ہے۔ جونہی نیچے ہال میں آیا تو draught (ضمیمہ 150) نے استقبال کیا۔ میں بغیر نوٹس نہانے چلا گیا۔ نہانے کے بعد جب واپس آیا تو living-room کے دروازے کو بند کر دیا۔ اپنے کمرے میں جا کر کپڑے تبدیل کئے ہی تھے کہ مجھے خیال آیا دروازہ تو میں نے رات کو بند کر دیا اور کوئی کھڑکی وغیرہ کھولنے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کیونکہ برف باری ہو رہی تھی۔

میں جب دوبارہ sitting room میں آیا۔ کمرے کی بناوٹ ایسی تھی کہ دروازے سے داخل ہوتے ہی دروازے کے بائیں ہاتھ ایک بڑی شیشے کی کھڑکی تھی انگلینڈ میں کھڑکیاں نیچے سے اوپر کو سلائیڈ ہوتی ہیں اور اس کے بائیں کونے میں لکڑی کا ایک

Marfat.com

TV table تھا جس کے نچلے خانے میں video cassettes اور VCR رکھے ہوئے اور TV میز کے اوپر پڑا تھا۔ دیکھتا کیا ہوں کہ کھڑکی تھوڑی سی کھلی ہے۔ TV table کو حسبِ دستور کھڑکی کے قریب اور VCR غائب ہے۔ TV، table سے اتار کر کھڑکی کے پاس رکھا ہوا ہے کیونکہ TV کا سائز کھڑکی کی چوڑائی سے ذرا بڑا تھا لہذا اسے باہر نہیں نکالا جا سکا۔

میں نے اہلِ خانہ کو جگایا مگر میرے میزبان Jimmy نے کوئی خاص حیرت کا اظہار نہ کیا اور کہا "ماموں، آپ کس انگلینڈ کی بات کر رہے ہیں وہ کب کا ختم ہو چکا ہے۔ اب ایسی وارداتیں روزمرہ کا معمول ہے فکر کی کوئی بات نہیں میں نے انشورنس کرائی ہوئی ہے ابھی پولیس کو اطلاع کرتا ہوں۔"

اس نے ٹیلیفون نمبر 999 (یہ انگلینڈ میں ہیں جس گھمائیں تو پولیس، فائر بریگیڈ اور ایمبولینس کا پوچھتے ہیں) گھمایا چنانچہ ایک پولیس آفیسر اپنے ایک اسسٹنٹ کے ساتھ کوئی 20 منٹ کے بعد تشریف لے آیا۔ موقعِ واردات کا معائنہ کرنے کے بعد کہنے لگا

"آپ کو کس پر شک ہے میرے خیال کے مطابق یہ کام کسی کالے یا Asian کا ہے۔"

جس پر میں نے غصہ کا اظہار کیا "آپ کیسے یہ شک کر سکتے ہیں کہ چوری کسی کالے یا ایشین نے کی ہے آپ کس بنیاد پر کہہ سکتے ہیں اور میں یہ معاملہ یہاں کے MP کو رپورٹ کروں گا۔"

اس پر بجھتے ہوئے اس نے معذرت کی پھر دریافت کرنے لگا کہ چوری شدہ VCR کی انشورنس ہوئی ہے؟ جس کا مثبت جواب دیا گیا۔ پولیس آفیسر نے رپورٹ درج کی اور چند دنوں میں انشورنس کمپنی نے رقم ادا کر دی۔

ویسے بھی میرا میزبان اس پرانے VCR سے تنگ آ چکا تھا اور اب نیا خریدنے کا پروگرام بنا رہا تھا۔

پاکستانی کی سوچ

1979 کا واقعہ ہے میں Venezuela سے لندن گیا ہوا تھا۔ میرا ایک بہت قریبی دوست شہر جان جو گجرات، پاکستان کا رہائشی تھا اسے کئی برس گزر گئے ملاقات نہ ہوئی۔ اچانک ایک ہندوستانی restaurant میں ملاقات نصیب ہوئی پرانی یادوں سے آنکھوں میں آنسو آ گئے اور اس نے اپنے گھر ٹھہرانے کی دعوت دی جو میں نے خوش بختی خیال کرتے ہوئے قبول کی۔ انہی دنوں میں ہم دونوں کا ایک دیرینہ دوست مراتب علی شاہ جو Manchester میں رہائش پذیر تھا۔ ٹیلی فون پر اسے بھی چند دنوں کے لیے دعوت دی لہذا وہ بھی weekend پر آ گیا۔

شہر جان کا East London میں چمڑے کے کوٹ بنانے کا کاروبار تھا۔ پہلی منزل پر Show room اور bathroom سے ملحقہ سیڑھیاں اوپر کی منزل تک لے جاتیں جہاں مشینوں پر لڑکیاں leather jackets تیار کرتیں۔ ان متذکرہ سیڑھیوں کے ساتھ ساتھ اور سیڑھیاں تھیں جو تہ خانہ میں اترتیں۔

ہم تینوں دوست تہ خانے والے دفتر میں بیٹھے شام کے وقت خوش گپیوں میں مصروف تھے۔ White Horse شراب کی آدھی بوتل میز پر پڑی تھی۔ شہر جان نے بوتل پکڑی اور اردگرد چھڑکنا شروع کر دی۔ مراتب علی شاہ نے مزاحمت کی۔ ایسی چیز ضائع نہیں کرتے۔ اس کی جگہ پیٹ میں ہے مگر اس نے ان سنی کر دی اور ہم دونوں دوستوں کو باہر چلے جانے کا کہا۔ ہم نکلے تو اس نے فوراً ماچس کی تیلی سے آگ لگا دی۔ آگ نے شعلے اٹھنے شروع کر دیے۔ کام کرنے والی لڑکیاں بھی چھٹی پر جا چکی تھیں۔ ہم پچھلے راستے سے اس کی کار میں بیٹھ کر اس کے گھر آ گئے۔

حقیقت یوں ہے اس نے اپنے کاروبار کو insure کرایا ہوا تھا۔ جونہی شعلے بھڑکنے لگے تو ایک alarm بج اٹھا۔ alarm کا connection پولیس اور fire brigade سے منسلک تھا۔ وہ لوگ بھی وہاں پہنچ گئے۔ آگ پر قابو پا لیا گیا اور اوپر والی منزل کو کوئی نقصان نہ پہنچا۔ البتہ Show room کا کچھ حصہ جل گیا۔

شہر جان نے claim داخل کر دیا اور تفتیش کے بعد اسے کچھ رقم مل گئی چونکہ رقم ملنی تھی میں واپس Venezuela لوٹ آیا تھا۔ اس نے بعد میں مجھے بتایا مگر یہ نہ بتایا کہ کتنی compensation ملی۔ شہر جان شاکی اور نالاں تھا کہ اتنی جلدی fire brigade پہنچ گیا۔

Marfat.com

زیادہ نقصان ہوتا تو وارے نیارے ہو جاتے۔

مراتب علی شاہ راقم کے کالج کے زمانے کا دوست تھا اور انگلینڈ میں بھی اکثر ملاقاتیں رہیں۔ مراتب علی شاہ گندمی رنگ سر پر bowler hat تھری پیس، پن سٹرائپ سوٹ، ہاتھ میں چھتری اور ایک ہاتھ میں بریف کیس، گفتگو کا بادشاہ۔ عام آدمی کو ایسے پتہ چلتا تھا۔ یہ تو پاکستانی گورنمنٹ کا کوئی اعلیٰ افسر یا کوئی بڑا کاروباری آدمی ہے۔

پاکستان ایئر لائنز نے مالٹا کی ایئر لائنز کو organize کیا اور پاکستان کی طرف سے ایک سلیم صاحب ہوا کرتے جو مراتب علی شاہ کے قریبی دوستوں میں سے تھے۔ مراتب علی شاہ کو خیال آیا کہ کیوں نہ مالٹا جا کر کوئی کاروبار کیا جائے۔ اُس دور میں مالٹا کا وزیر اعظم Walter Mindoff تھا۔ جب مراتب علی مالٹا پہنچے تو پتہ چلا کہ وزیر اعظم صاحب sinus کی تکلیف میں مبتلا ہیں اور ناک بند رہتا ہے۔ کسی طرح سلیم صاحب کی وساطت سے مراتب علی شاہ نے یہ تجویز سوچی کہ چونکہ وہ پاکستان کا رہنے والا ہے اور ہندو پاکستان کے اطباء جڑی بوٹیوں کے علاج میں کافی ماہر ہیں چنانچہ Walter Mindoff سے ملاقات کا وقت مل گیا۔

مراتب علی شاہ نے کہیں سے ایک نسوار کی ڈبیا حاصل کر لی۔ وزیر اعظم صاحب بستر پر دراز تھے آنکھوں میں پانی ناک بند اور عجیب سی کیفیت تھی۔ مراتب علی شاہ صاحب سے جب تعارف کرایا گیا تو مراتب علی نے اپنی حکمت پر عبور کی لمبی چوڑی داستانیں سنائیں۔ نسوار کی ڈبیا سے نسوار کی چٹکی لے کر اُن کی ناک کی ایک سائیڈ پھر تھوڑی سی دوسری سائیڈ میں رکھی اور وزیر اعظم صاحب کو اندر کی طرف سانس لینے کو کہا گیا تھا وزیر اعظم نے چھینکنا شروع کر دیا اور ناک سے پانی بہنا شروع ہو گیا تھوڑی دیر بعد اُن کا سارا مرض رفع ہو گیا۔ مراتب علی پچھ عرصہ وزیر اعظم کے مہمان ہی رہے۔ کاروبار تو نہ جم سکا لیکن وزیر اعظم سے تعلقات ضرور رہے۔

خاکسار اور راقم گجرات کے مشہور ڈاکٹر ذوالفقار کی ہمشیرہ خالدہ کے پاس Raynes Park, Grand Drive Wimbledon میں ٹھہرے ہوئے تھے۔ مجھے خیال آیا کہ کیوں نہ مراتب علی شاہ کو مانچسٹر سے بلاؤں تاکہ چند روز خوش گپیوں میں گزر جائیں۔ چنانچہ مراتب علی شاہ آ گیا۔ مراتب علی کھانے پکانے میں بھی اپنی مثال آپ تھا۔ خالدہ باورچی خانے میں روٹیاں تیار کرنے لگی تو مراتب علی شاہ نے کہا ''باجی چھوڑیں روٹیاں میں پکاتا ہوں'' انگلینڈ میں باورچی خانوں کے چھت اتنے اونچے نہیں ہوتے جتنے کہ ایشیا میں۔ مراتب علی شاہ نے آٹے کا پیڑہ بنایا توا پہلے ہی چولہے پر تھا اور پیڑے کو دونوں ہاتھوں سے روٹی کی شکل میں لے آئے پھر دائیں ہاتھ سے روٹی کو آٹے کو چھت کی طرف ایسے پھینکا کہ گھومتی ہوئی چھت کی طرف گئی اور گھومتی ہوئی توے کے عین اوپر آن پڑی۔ ہم تمام لوگ حیرت سے تماشہ دیکھتے رہے اور وہ یہ تمام کام ایسی پھرتی سے کرتا کہ جیسے کوئی مشین مگر اُسے اس بات کا افسوس تھا کہ چھت بہت نیچا تھا نیچی تھیں۔

ایک شام خالدہ کا خاوند نعمان الرحمن جسے اکثر نومی کے نام سے پکارا جاتا مراتب علی شاہ اور ہم تینوں میاں بیوی کمرے میں قالین پر بیٹھے ہوئے آگ سے لطف اندوز ہو رہے تھے کیونکہ باہر شدید قسم کی سردی تھی۔ مختلف قسم کی خوش گپیوں میں مصروف مگر نومی بھائی کچھ غمگین سے تھے وہ کچھ زیادہ ہی خاموش تھا۔ مراتب شاہ نے پوچھا ''نومی بھائی کیا بات ہے؟''

''کوئی خاص بات نہیں پرانی قبض کی شکایت ہے اور ایک دو دن سے زیادہ ہی پریشان ہوں۔''

مراتب علی شاہ ہنس پڑا۔ ''پریشانی کی کیا بات ہے بغیر دوائی کے مفت علاج اور فوراً آرام۔''

ہم تمام بڑے حیران ہوئے میں نے مراتب علی شاہ کو سختی سے کہا کہ کوئی ایسا ویسا غلط علاج نہ بتا دینا ''نہیں نہیں بازار وغیرہ سے کوئی دوائی نہیں خریدنی گھر میں ہی موجود ہے صبح تک مسئلہ ٹھیک ہو جائے گا۔''

اب ذرا علاج سنئے! علاج یہ تھا کہ جب لوٹا لیکر استنجا کرنے لگیں تو لوٹے کی ٹونٹی پر سرخ مرچیں لگا کر پانی استعمال کیا جائے ہم نے بات ہنسی مذاق میں ٹال دی مگر نومی بھائی تھے کہ عمل کر گزرے اور بقول ان کے علاج موثر ثابت ہوا۔

ٹوپی کھنچی چلی جا رہی تھی!

انہی دنوں میں خالدہ کے ڈرائینگ روم میں بیٹھے ہوئے تھے۔ دیوار میں نصب ہیٹر جل رہا تھا۔ فرخ قالین پر ہیٹر کے

Marfat.com

سامنے پشت پر دراز، سر پر fur والی ٹوپی جس کے دونوں اطراف کوئی دو فٹ لمبے پتلے سے چمڑے کے دو straps لٹک رہے تھے اور ہر straps کے سرے پر فر کا ہی گول سا بڑا پھندن لگا ہوا تھا۔ فرخ ٹوپی اس طرح پہنے ہوئے تھی کہ دونوں پھندن متوازی انداز میں قالین پر ٹوپی سے دور پڑے ہوئے تھے۔ خالدہ فرخ کے پاؤں کی طرف بیٹھی ہوئی اور اس کا خاوند نوید مشرقی شیشے کی دیوار کے ساتھ صوفے پر، مراتب علی شاہ دروازے کے قریب شمالی دیوار کے ساتھ ایک صوفے پر اور اس کے ساتھ والے صوفے پر راقم۔ مغرب کی جانب کئی قسم کے کشن، کمبل، اور سرہانے پڑے ہوئے تھے جن کی اوٹ میں ایک پالتو بلی چھپی بیٹھی تھی۔

مراتب علی شاہ نے مجھ سے مخاطب ہوا "دیکھیے بھابی کی ٹوپی پیچھے کی طرف کھنچی جا رہی ہے!"

ہم سب کافی حیران ہوئے کہ آخر ماجرا کیا ہے۔ تھوڑی دیر میں ٹوپی پھندن کھنچنے کی وجہ سے اتر گئی۔ فرخ نے اٹھ کر پیچھے دیکھا تو کیا دیکھتے ہیں کہ ایک کمبل کے نیچے چھپی بیٹھی ہوئی بلی پھندن کو عجیب و غریب چیز سمجھتے ہوئے کھینچے چلی جا رہی تھی (ٹوپی اب بھی میرے پاس موجود ہے۔)

کتوں کا مخصوص ریسٹورینٹ

1993 میں، میں اپنی بیوی فرخ کی بیماری bronchitis اور Chronic gastric ulcer کے علاج کے لیے ایک سال لندن رہا جہاں وہ اکثر Hammersmith ہاسپٹل میں چیک اپ کرانے کیلئے جایا کرتی۔

ان دنوں لندن میں پالتو کتوں کیلئے ایک مخصوص ریسٹورینٹ کھولا گیا جہاں پر لوگ سیر و تفریح کرنے کے بعد اپنے کتوں کو کھانا وغیرہ سے تواضع کرتے۔ اسی طرح چھوٹے بچوں کیلئے ایک ہوٹل بھی کھولا گیا تاکہ جب والدین لندن میں شاپنگ وغیرہ کر رہے ہوں تو بچے ان کو پریشان نہ کریں لہذا وہ اپنے بچوں کو اس ہوٹل میں چھوڑ آتے۔ خرید و فروخت سے فارغ ہونے کے بعد بل وغیرہ دے کر (جو چیزیں ہوٹل میں بچوں نے کھائیں ہوں) بچوں کو اپنے ساتھ واپس لے آتے۔ ہوٹل میں بچوں کی دلچسپی کیلئے ایسی ایسی سہولتیں میسر تھیں کہ بچے اپنے ماں باپ کے ساتھ جانا پسند ہی نہ کرتے۔

Madame Tussaud

سینٹرل لندن میں ایک Madame Tussaud کا موم کے مجسموں کا میوزیم ہے جس میں دنیا کی نامور اور بدنام شخصیات کے قابل توجہ مجسمے ہیں۔ مشہور بدنام مجرموں کے مجسموں کو ایک علیحدہ جگہ میں اکٹھا کیا گیا ہے جسے "Chamber of Horrors" کہا جاتا ہے۔ Marie Tussaud کے دور حیات کے کئی قابل ذکر لوگوں کے مجسمے شامل ہیں مثلاً Voltaire, Benjamin Franklin, Horatio Nelson اور Sir Walter Scott جو کہ آج تک موجود ہیں۔ ان مجسموں کی شباہت زندہ شخصیات سے اتنی ملتی ہے کہ سیاح مجسمے اور زندہ شخصیات میں تمیز نہیں کر سکتے۔

ہماری بیٹی غازیہ، فرخ اور میں یہ میوزیم دیکھنے گئے۔ وہاں پر انگلینڈ کے پولیس مین جنہیں Bobby یا Copper کے نام سے پکارا جاتا ہے ایک Bobby کا مجسمہ تھا۔ غازیہ نے یہ سمجھا کہ یہ مجسمہ نہیں واقعی زندہ Bobby کھڑا ہوا ہے اور دوڑ کر اس سے ہاتھ ملانے کیلئے لپکی مگر میں نے اسے ایسا کرنے سے منع کر دیا اور سمجھایا کہ یہ تو محض ایک موم کا مجسمہ ہے۔

Madame Tussaud جسکا پہلا نام Marie تھا نے اوائل زندگی Bern اور بعد میں پیرس میں گزاری جہاں اس نے اپنے ماموں Philippe Curtius سے موم کے ماڈل بنانے کا فن سیکھا۔ 1794 میں اس کی وفات کے بعد Madame Tussaud کو وراثت میں اپنے ماموں کے دو موم کے میوزیم ملے۔ 1780 سے لیکر 1789 میں جب فرانسیسی انقلاب ہوا تو وہ Versailles میں Louis XVI کی ہمشیرہ Madame Elisabeth کی آرٹ ٹیوٹر تھی۔ بعد میں اسے شاہی غدار ہونے کی وجہ سے گرفتار کر لیا گیا۔ فرانسیسی انقلاب کے بعد جب ظلم و تشدد کا دور شروع ہوا تو اسے جن لوگوں کے تازہ سر guillotine کی مدد سے جدا کئے گئے جنہیں اسکے کئی دوست بھی شامل تھے، اسے یہ دردناک ڈیوٹی سونپی گئی کہ ان سے جدا شدہ

Marfat.com

روں سے موم سے ماڈل بنائے جاتے ہیں۔ 1795 میں اُس کی شادی ایک انجینئر Francois Tussaud سے کامیاب ثابت نہ ہوئی۔ 1802 میں وہ اپنے دو بیٹوں اور موم کے ماڈلوں کو اکٹھا کر کے انگلینڈ روانہ ہوگئی۔ اُس نے 33 سال تک برطانیہ کے مختلف حصوں میں اپنے مجسموں کی نمائش لگائی۔ آخرکار اپنے مجسموں کیلئے مستقل جگہ Baker Street، لندن میں ڈھونڈ لی جہاں اُس نے اپنی موت سے پہلے آٹھ سال تک کام کیا۔ 1884 میں Madame Tussaud's کو " Marylebone Road, London " پر شفٹ کر دیا گیا جہاں آج تک واقع ہے۔

Cologne

1982 کی بات ہے۔ راقم اپنی بیوی فرخ جمشید اور بیٹی عازیہ کے ہمراہ ویٹز ویلا سے Sabbatical leave پر لندن آیا ہوا تھا۔ جہاں سے ہم نے چند European ممالک کی سیر و تفریح کا پروگرام بنایا لہذا لندن سے بذریعہ American Express ایجنسی سے Geneva، Cologne، Amsterdam اور Paris کیلئے Hilton Hotels (Intercontinental Hilton, Geneva) میں کمرے بک کروا لئے اور اسی طرح trains کے ٹکٹ بھی خرید لئے۔ Walthamstow, London E. شائستہ کے گھر سے Walthamstow کے Underground سٹیشن سے [illegible] سٹیشن پہنچے جہاں سے ٹرین میں بیٹھ کر Folkestone جو کہ English Channel کی بندرگاہ ہے، پہنچے۔ وہاں سے ferry میں بیٹھ کر English Channel کو عبور کرتے ہوئے Amsterdam پہنچ گئے۔ یہاں Hilton Hotel میں چند دن قیام کرنے کے بعد بذریعہ ٹرین دوسرے ممالک کے سفر پر روانہ ہوئے۔ چونکہ پیشتر ازیں میری بیوی اور بیٹی نے یورپ کا سفر بذریعہ ٹرین نہیں کیا تھا لہذا انکی فرمائش پر لندن سے روانگی اور واپسی کا سفر ٹرین ہی سے کیا۔

گرمیوں کا موسم تھا لیکن ہمارے لئے جو خط استوا کی آب و ہوا کے عادی تھے اس کے باوجود ٹھنڈک کا احساس ہوا۔ جب Cologne, Germany کے Hilton Hotel کی reception میں داخل ہوئے تو ہمیں ٹھنڈک کی بجائے سخت سردی نے اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ چوتھی منزل پر جب ہم اپنے کمرے میں پہنچے تو ایک دیوار گیر قریباً پانچ فٹ لمبی ائر کنڈیشن کی یونٹ نصب تھی جس کے اوپر پانچ فٹ اتنا ہی لمبا vent جو کہ تقریباً 9 انچ چوڑا تھا جس سے شدید ٹھنڈی ہوا خارج ہو رہی تھی اور یہ ٹھنڈک ہمارے لئے ناقابل برداشت تھی۔ میں نے فوراً بٹن دبایا تو اس کے ردعمل کے طور پر ایک خوبصورت نوجوان chambermaid تشریف لے آئی۔ میں نے اسے انگلش میں کہا "Please get me some sort of electric heater" وہ کچھ نہ سمجھ پائی۔ جواب دینے کے بجائے اس نے مسکرا کر ہنسنا شروع کر دیا۔ حیرت کی بات ہے حالانکہ یورپ میں رہنے والے عام طور پر انگلش زبان سے بہرہ مند ہیں لیکن یہ امر بات ہے کہ فرانس کے رہنے والے اتنے قوم پرست واقع ہوئے ہیں کہ انگلش جانتے ہوئے بھی لوگوں کے انگلش میں کئے گئے سوال کا جواب دینا پسند ہی نہیں کرتے۔ ہاں! اگر کوئی اور Romance زبان مثلاً Portuguese، Italian یا Spanish، French بولیں تو وہ ضرور جواب دیں گے۔ چونکہ ان تمام زبانوں کا تعلق Latin سے اور کافی ملتی جلتی ہیں۔ اب میں نے Spanish زبان میں کہا:

"*Por favor traiga me un calentador electrico*" (مہربانی کر کے بجلی کا ہیٹر لے آؤ)

وہ از خود ہنستی چلی جا رہی تھی۔ میں نے اشاروں کی زبان سے اُسے سمجھانے کی اپنی پوری کوشش اور اس غرض کیلئے میں نے اپنی بیوی اپنے ساتھ چمٹا کر "سی سی" کر کے شدید سردی کا احساس دلایا اور یوں تاثر دینے کی کوشش کی کہ جیسے ہم سردی سے سکڑ رہے ہیں۔ اب ہنستی جاتی اور وہ مسکراتی ہوئی باہر چلی گئی ہم بہت خوش تھے کہ ہم اپنے مقصد میں کامیاب ہو گئے ہیں۔ جونہی وہ ہیٹر لائی تو سخت سردی سے چھٹکارا نصیب ہو گا۔

ہنستی ہنستی وہ ہیٹر تو لے آئی مگر ہیٹر ایسا تھا جیسے کالج کے لڑکے ہوسٹلوں میں Electric coil کا heater چائے وغیرہ تیار کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ اس لڑکی نے بھی یہی سمجھا کہ شاید ہم نے کیتلی سے پانی گرم کرنا ہے۔ اب ہنسنے کی باری ہماری

Marfat.com

تھی اور وہ سہم کر کھڑی ہوئی۔ میں نے دوبارہ اشاروں کی زبان استعمال کی اور اس کا ہاتھ پکڑ کر vent سے اوپر رکھا وہ پھر تلملا کر بھاگتی ہوئی باہر نکل گئی۔ بڑی پھرتی سے تین مبل تھامے واپس لوٹی اور بڑی حکمت عملی کے ساتھ vent کو مبلوں سے ڈھانپ دیا۔

میں نے اسکی مخلصانہ مدد کیلئے اس کو کچھ رقم پیش کی لیکن وہ پھر مسکرائی اور "Danke" (شکریہ) کہہ کر چلی گئی۔

ہم تو سمجھے تھے کہ سردی سے نجات مل گئی لیکن تھوڑی دیر بعد جب مبل بھی ٹھنڈے ہو گئے اور اسی وجہ سے ان سے بھی ٹھنڈک پیدا ہوگئی۔ پھر vent سے ہوا بھی خارج ہونا شروع ہوگئی تو وہی پہلے جیسی حالت سے دوچار۔ بہرحال ہم ایک ہفتہ وہاں ٹھہرے صبح ہم باہر نکل جاتے اور اس وقت ہوٹل میں واپس لوٹتے جب سونے کے سوا کوئی چارہ نہ رہتا۔

یاد رہے کہ ان ہوٹلوں میں ائرکنڈیشن کا انتظام سنٹرل قسم کا ہوتا ہے اور کئی اس قسم کے ہوٹلوں میں یہ نظام ہر ایک کمرے میں کنٹرول کیا جا سکتا ہے مگر اس ہوٹل میں ایسا نہیں تھا۔

Cologne میں ایک چرچ جس کا نام Dome ایک نہایت قابل دید خوبصورت چرچ ہے۔ سیاحوں کا وہاں ہجوم رہتا ہے۔ قریب ہی Rhine دریا جس پر 9 پل بنے ہوئے ہیں۔ اس کے نزدیک دریا میں ہم نے کشتی میں سواری بھی کی۔

اس کے بعد train کے ذریعے ہم Geneva پہنچے جہاں ہمارے لئے ایک ڈبل روم انٹرنیٹ سے پہلے ہی Intercontinental Hotel میں پہلے سے بک تھا۔

Geneva

ہم تینوں International Hotel Geneva, Switzerland میں ٹھہرے ہوئے تھے یہ ہوٹل اتنا بڑا ہے کہ اس کی چار lobbies ہیں۔ جہاں OPEC کی meetings بھی منعقد ہوتی ہیں۔ پہلے ہی دن جب ہم ائرپورٹ سے ہوٹل کے رجسٹریشن ڈسک پر پہنچے تو ضروری کاغذات کی تکمیل کے بعد چھٹی منزل پر اپنے کمرے میں جانے کیلئے lift کی طرف گئے۔ جیسا کہ بڑے ہوٹلوں میں ہوتا ہے porters سامان خاص Cargo lifts سے مہمانوں کے کمرے تک پہنچا دیتے ہیں۔ لفٹ میں داخل ہونے کیلئے انتظار کے کٹھن لمحات کا سامنا ہوا کیونکہ ہوٹل کے جتنے بھی lifts تھے وہاں عرب مہمانوں کے بچوں نے دیگر مہمانوں کی آمد و رفت کے نظام کو درہم برہم کر رکھا تھا۔ مختلف floors پر lift کے بٹن دبانے کو کھیل کا رنگ دے دیا اور جس فلور پر ہم تھے وہاں لفٹ پہنچ نہیں پاتی تھی جبکہ اس فلور تک کوئی بارہ lifts تھیں مگر بچے اپنی مرضی سے floors کے بٹن دباتے رہتے۔ خدا خدا کرکے آخر ہمیں موقع مل ہی گیا اور ہم لوگ کمرے تک پہنچنے میں کامیاب ہو گئے۔ پورٹر سامان لئے پہلے ہی کمرے کے دروازے پر انتظار کر رہا تھا۔

تھوڑی دیر آرام کرنے کے بعد نیچے lobby میں آئے تو دیکھا کہ تمام میز اور کرسیاں مہمانوں سے بھری پڑی ہیں۔ تقریباً تمام کے تمام مہمان عرب تھے عورتیں علیحدہ اور ان کے خاوند ان سے الگ تھلگ دوسری عورتوں کے ساتھ بیٹھے خوش گپیوں میں مصروف تھے۔ دوسری تین lobbies کی حالت بھی اس سے مختلف نہ تھی۔

راقم نے لابی کے counter پر شکایت کی کہ پہلے تو لفٹ کی مشکل سے ملی جب بچوں نے اودھم مچا رکھا تھا اور اب بیٹھنے کیلئے جگہ بھی دستیاب نہیں۔ اس نے مسکراتے ہوئے نہایت مودبانہ انداز سے معذرت خواہ ہوتے ہوئے جواب دیا

"جناب آپ کو تو معلوم ہی ہے یہ oil-boom دور ہے۔ یہ کروڑ پتی عرب ہیں پورے کا پورا فلور بک کروا لیتے ہیں۔ ہمارا کاروبار انہی کا مرہون منت ہے۔ بہرحال میں کوشش کرتا ہوں کہ آپ کیلئے کوئی بیٹھنے کی جگہ مل جائے۔"

ایک کونے میں دو کرسیاں اور ایک میز جو ابھی ابھی خالی ہوا تھا۔ وہاں اس نے ایک اور کرسی لگوائی اور ہمیں بیٹھنے کی دعوت دی کچھ دیر بعد ایک مسکراتا ہوا waiter مودبانہ انداز میں ہمارے ٹیبل پر آیا۔ میری بیٹی نے آئس کریم کی فرمائش کی بیوی نے چائے اور میں نے بلیک کافی کا آرڈر دیا۔ آرڈر کی تکمیل ہوئی۔

ابھی تک ہم لوگ محو نظارہ تھے کہ مرد و عورتوں نے بھی میزوں پر ٹانگیں پھیلا رکھی تھیں اور بچے تھے کہ کسی سے سنبھالے نہیں جا رہے تھے اور نہ ہی والدین کو اپنے بچوں کو سنبھالنے کی فرصت تھی۔ بچے کسی کی نہیں سن رہے تھے ہمارے نزدیکی میز پر ایک بوڑھی عورت

Marfat.com

دوسری عرب عورتوں کی طرح عرب لباس میں ملبوس تھی، نے waiter کو اشارہ کیا تو ویٹر مخصوص مودبانہ انداز میں حاضر ہو گیا اور اپنے روایتی طریقے سے پوچھا: "کیا خدمت کر سکتا ہوں؟"

یاد رہے اکثر عرب بھائی دنیاوی دولت تو مالا مال ہیں مگر علم و تہذیب سے نابلد ہیں اور اسی لیے وہ اشاروں کنایوں سے گفتگو کرتے ہیں۔ بوڑھی عرب عورت نے ہمارے میز کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا: "کافی۔"

اب ویٹر نے کافی کی اقسام کے حوالے سے پوچھا: "کریم کافی، دودھ والی، کولڈ کافی، ترکش کافی، بلیک کافی؟"

معزز خاتون نے چہرا اور تو نہیں پر قریب کھڑے ویٹر کی کالی bow tie کو پکڑ کر کہا: "کافی" اور اب ویٹر کی سمجھ میں آیا کہ وہ مہذب خاتون ہمارے میز کی طرف کیوں اشارہ کر رہی تھی اور کالی ٹائی کی کھینچا تانی سے کیوں نواز رہی تھی۔

یقیناً ہم black coffee پی رہے تھے۔ چینی یا بغیر چینی کے؟ یہ اور بات ہے بہر حال میزوں پر sugarpots پڑے ہوئے تھے۔ ایک حسین شام پیرس میں گزارنے کے بعد جب ہم پروگرام کے مطابق ہوٹل چھوڑنے لگے تو limousine میں سوار ہونے سے پہلے میں نے bellboy کو اپنی جیب سے تقریباً 10 مارک نکال کر tip دی تو خلاف روایت وہ طنزیہ مسکرایا مجھے یہ رویہ ناگوار گزرا۔ میں نے ذرا تلخ لہجے میں پوچھا: "کیا بات ہے؟"

"معاف کرنا tip تو اتنی ہی ہوتی ہے مگر آجکل عربوں نے ہمارے مزاج بگاڑ دیئے ہیں۔ آپ یقین نہیں کریں گے کہ عرب باشندے ہماری currency سے متعلق تو بات ہی نہ کریں۔ Mercedes-Benz 500 بطور ٹپ دے جاتے ہیں۔"

آپ کی اطلاع کے لئے عرض کرتا چلوں کہ کئی عرب حضرات چند دنوں کیلئے آتے ہیں تو waiters کو قیمتی پتھروں کی تسبیح دے جاتے ہیں۔ نیلم، یاقوت جیسے پتھر۔ اب یہ بات مزید سمجھ میں آئی کہ bellboy دس مارک کی tip پر کیوں طنزاً مسکرایا تھا۔

Electronic key

اس کے بعد ہم کار کے ذریعہ Paris پہنچے اور اپنا سامان Hilton Hotel کی Lobby میں رکھ کر Eiffel Tower جو کہ اس ہوٹل سے بالکل قریب ہے، سیر کی غرض سے چلے گئے۔

Eiffel Tower (Wrought-iron) ٹاور Paris کا landmark اور یہ قدیم Wrought-iron تعمیر کی gigantic scale پر ایک مثال ہے۔ جب French حکومت 1889 میں فرانسیسی انقلاب کے سو سال منانے کی تیاری کر رہی تھی تو ایک مناسب یادگار تعمیر کرنے کے لیے مقابلہ ہوا۔ سو سے زیادہ ڈیزائن مقابلہ میں شامل ہوئے تو Centennial Committee نے مشہور پل تعمیر کرنے والے انجینئر Alexandre Gustave Eiffel (1832-1923) کا ڈیزائن پسند کیا۔ یہی انجینئر اس کام کے لیے خاص طور پر مشہور Statue of Liberty نیویارک کی اندرونی structure کا architect بھی ہے۔

Tower کا base چار Semi circular arches پر مشتمل ہے جو اندر کی طرف کافی خم کھاتی ہوئی اوپر جا کر 984 فٹ (300 میٹر) کی بلندی پر ایک Tapering tower کی شکل میں مل جاتی ہیں۔ اس کی تعمیر میں تقریباً 6300 metric tons (تقریباً 7000 ٹن) لوہا استعمال ہوا جسے Eiffel نے تصور کیا۔ بلندی پر پہنچنے کیلئے Tower کی arches یا legs پر elevators استعمال کرنا پڑیں گے چنانچہ امریکہ کی مشہور کمپنی Otis Elevator نے Glass-cage machines ڈیزائن کیں۔ Tower پر چڑھنے کے لیے سیڑھیاں بھی ہیں۔ تین levels پر platforms اور ہر ایک platform پر ایک Observation deck جبکہ پہلے platform پر ایک ریسٹورنٹ ہے۔ موسمیات، radio communication کے stations اور NNA T.V transmission کی سہولیات بھی ہیں۔ Tower کی بلندی پر جو کمرے Eiffel نے استعمال میں لائے ابھی تک ہیں۔ Eiffel کے Tower جیسی اور کوئی نظیر نہیں پائی جاتی۔ یہ Rome میں St Peter کے گنبد یا Giza, Egypt کے Great Pyramids سے دو دفعہ زیادہ بلند تھا۔ یہ نیویارک سنٹر کی

Marfat.com

Chrysler Building (1930) کے تیار ہونے تک دنیا کی سب سے بلند تعمیر تھی۔

Societe nouvelle d'exploitation de la tour Eiffel (SNTE) پرائیویٹ کمپنی جو اس ٹاور کی انتظامیہ ہے حال ہی میں فیصلہ کیا کہ سیاحوں کی ہدایات خاص طور پر ایشیا اور مشرقی یورپ سے آنے والوں کو مدنظر رکھتے ہوئے زمین دوز دو اور منزلیں ٹاور کے نیچے کھدائی کی جائیں۔ ٹاور کی بلندی جو کہ تین سو چوبیس میٹر ہے پر کوئی تبدیلی نہیں لائی جائے گی۔ ان دو منزلوں کیلئے دس ہزار مربع میٹر کی کھدائی کی جائیگی۔ جن میں کانفرنس سینٹر، ریسٹورینٹ اور ٹاور سے متعلق ایک میوزیم قائم کیا جائے گا۔ ٹاور کا وزن پہلے ہی 10,000 ٹن ہے اس میں مزید اضافہ ہو جائیگا۔ 2001 میں 6.5 million لوگوں نے سیاحت کی۔

Tower کی بلندی پر جانے کیلئے glass-cage میں بیٹھ گئے (ٹکٹ کی قیمت کے بارے میں یاد نہیں) اس glass-cage کی خوبی یہ کہ جب زمین کے level پر rails پر ہوتے ہیں تو ایسے لگتا کہ جیسے ٹرین سے سفر ہو رہا ہو لیکن glass-cage ٹاور کی leg پر چڑھائی شروع کرے تو اس کی پوزیشن slanting ہوتی چلی جاتی ہے۔ ہم پہلے platform پر آ گئے۔ وہاں ریسٹورنٹ جس میں fast food کا آرڈر دیا۔ غازیہ تو بس Coke ہی پیتی رہی۔ دوسرے platform پر Observation deck سے telescope کی مدد سے Paris کا دلفریب نظارہ دیکھا۔ platform پر souevenirs کی دوکانات ہیں۔ غازیہ اور فرخ نے جو چاہا خریدا خاص طور پر فرخ تو خوشبو کی دلدادہ تھی۔ جب واپس لوٹے تو غازیہ اور فرخ کی تصویر Tower کے نیچے کھڑے ہوئے ہیں جو کہ اب بھی میرے پاس موجود ہیں۔

Eiffel Tower کی سیر کے بعد چلتے ہوئے واپس ہوٹل پہنچنے میں قریباً پانچ منٹ گزرے ہونگے۔ کمرہ تو ہم پہلے ہی بک کر چکے تھے جو کہ چھٹی منزل پر واقع تھا۔ رسمی registration کے بعد lobby میں پڑا ہوا ہمارا سامان پورٹر لفٹ کی طرف لے چلا گیا اور ہم لوگ مہمانوں والی لفٹ کے ذریعہ اپنے فلور تک پہنچے۔ جونہی ہم اپنے کمرے کے سامنے پہنچے تو میں نے کہا

''بیڑہ غرق! میں تو reception سے چابی لانا بھول گیا ہوں'' اور جب لفٹ کا انتظار کرنے کے بجائے سیڑھیوں کی طرف دوڑ لگا دی۔ میری بیٹی مجھے آوازیں دیتی رہی مگر میں نے ان سنی کرتے ہوئے Reception desk تک پہنچا تو معلوم ہوا کہ پورٹر چابی لے گیا ہے۔

میں واپس اپنے فلور پر آیا تو کمرے کا دروازہ کھلا ہوا تھا۔ میری بیوی اور بیٹی مسکرا رہی تھیں سارا سامان اندر پڑا ہوا تھا۔

''غازیہ بیٹی! میں نے تو تمہارے ہاتھ میں Credit card دیکھا تھا جو تم کمرے کے دروازے کی ایک slot میں داخل کر رہی تھی میں نے تو کوئی چابی تمہارے ہاتھ میں نہیں دیکھی پھر یہ کمرہ کیسے کھل گیا ہے؟'' میں نے حیرت سے پوچھا۔

''Papi! جب آپ پورٹر سے اپنے سامان کی نشاندہی میں مصروف تھے تو میں نے Spanish زبان میں کاؤنٹر سے چابی طلب کی تو اس نے مجھے یہ کارڈ دیا اور کہا یہی چابی ہے۔''

بعد میں پتہ چلا کہ جدید ہوٹلوں میں روایتی تالے اور چابیاں مفقود ہو چکی ہیں اور ان کی جگہ Electronic lock ہیں جو Computerized system سے کھلتے اور بند ہوتے ہیں۔ چابی کی جگہ Credit card جیسا ایک کارڈ جو چابی کی جگہ استعمال میں لایا جاتا ہے۔ اس کارڈ کو دروازے کی slot میں داخل کریں تو دروازہ کھل جاتا ہے۔ روایتی چابیاں اگر گم ہو جاتی ہیں علاوہ ازیں کئی لوگ ان کا ناجائز استعمال کرتے ہیں لیکن اس ایجاد کے بعد یہ ممکن نہیں رہا۔ چونکہ کارڈ پر Magnetic flux کی وجہ سے مہمانوں کے fingerprints ثبت ہو جاتے ہیں اگر کوئی دوسرا آدمی استعمال کرے تو کنٹرول روم میں پتہ چلنے سے کہ کوئی غیر متعلقہ آدمی کمرے کا دروازہ کھول رہا ہے اور پکڑا جاتا ہے۔

ہم تینوں پیرس کی مشہور زمانہ شاہراہ Campo Eliseo پر گھومنے کیلئے ٹیکسی میں سوار ہوئے۔ وہاں پر Arc de Triomphe (نپولین کا Parisian Monument) کے نیچے سے گزرے۔ یہ 164 فٹ بلند اور نپولین نے اپنی فوجی کارروائیوں کی کامیابی کی خوشی میں تیار کروائی تھی۔ اس پر اس کے 386 جرنیلوں اور 96 فتوحات کے نام لکھے ہوئے ہیں۔ قابل دید جگہیں Notre Dam Cathedral Remis پر واقع Chateau of the Sleeping Beauti جو فرانس کی

Marfat.com

تاریخ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالتا ہے۔ Papal Palace، Lour Museum اور Grande Arche کی سیر کی۔

Three coins in the fountain (فوارے میں تین سکے)

Prague، Czechoslovakia میں ایک سائنس کی کانفرنس منعقد ہوئی۔ راقم اکثر دنیا کے مختلف ممالک میں ہونے والی سائنسی کانفرنسوں میں اپنے ریسرچ کے مقالات پڑھا کرتا لہذا مجھے بھی وینزویلا میں دعوت نامہ موصول ہوا۔ میرے لئے ایسی کانفرنسوں میں شمولیت مالی پریشانیوں کا موجب نہ ہوتیں۔ وہ اس لئے کہ میرے عہدے کی وجہ سے یونیورسٹی یا اور تنظیمیں عام طور پر پیشکش دیا کرتیں لیکن بیوی کے اخراجات مجھے ہی برداشت کرنا پڑتے۔ یہ میرے لئے کوئی بڑی بات نہ تھی۔

ہم دونوں میاں بیوی AVENSA وینزویلا کی local ہوائی سروس کے ذریعے Cumaná سے Caracas پہنچے۔ Caracas Hilton ہوٹل میں شب باشی کے دوسرے دن صبح Alitalia کی 13 گھنٹے کی nonstop پرواز سے Rome کے ائیرپورٹ Fiumiciano پہنچے۔ Grand Hotel میں Plaza di Republica کے قریب کمرہ بک کروایا ہوا تھا چنانچہ ائیرپورٹ سے ٹیکسی سے وہاں پہنچ گئے۔ اس ہوٹل میں تین راتیں گزارنے کا پروگرام تھا اور اس کے بعد پولینڈ کی ائیرلائن LOT سے Prague روانہ ہونا تھا۔ دوسرے دن یونہی ہم لفٹ کے ذریعے نیچے ڈائننگ روم میں ناشتہ کرنے کیلئے داخل ہوئے تو دیکھا یہ تو مشہور امریکی فلم سٹار Burt Lancaster لفٹ میں کھڑا ہے۔ میں نے کہا

"Good morning. Sir , are you the famous American film actor ?"

"Yes. I am and who are you gentleman ?"

"Dr. P. Nasir. Professor of Parasitology. Universidad de Oriente. from Venezuela and my wife Farakh Jumshad."

"Please to meet you" اس نے فراخ دلی سے تو مسکرا کر ہاتھ ملایا مگر میری بیوی کے لئے صرف مسکراہٹ ہی تھی۔ اسی لفٹ میں ڈائننگ روم کے فلور پر پہنچے۔ Burt Lancaster نے کہا "آج آپ لوگ میرے ہی مہمان ہیں۔"

میں نے اس کی دعوت قبول کر لی۔ پھر ناشتے کی ٹیبل پر باتیں شروع ہو گئیں۔

"کیا آپ Rome میں سیر کر رہے ہو؟" اس نے پوچھا۔

"ہم دو دن بعد Prague جا رہے ہیں۔ میں نے ایک کانفرنس میں شرکت کرنی ہے۔"

"آپ یہاں کس سلسلے میں آئے ہوئے ہیں؟"

"ایک کام کے سلسلے میں۔" لیکن اس نے وضاحت نہ کی اور نہ ہی پوچھنا مناسب سمجھا۔

"Trevi فوارے کے تالاب میں پیسے کے سکے پھینکنا مت بھولنا۔"

"وہ کیوں؟" میں نے حیرانگی سے پوچھا۔

"اس لئے کہ جب سکے پھینکتے ہوئے دل میں کوئی خواہش ہو تو وہ پوری ہو جاتی ہے اور یہ بھی کہ سکے پھینکنے والا دوبارہ Rome ضرور آتا ہے۔"

مجھے فوراً یاد آگیا۔ ایک مشہور فلم Roman Holiday جس میں Audrery Hepburn اور Gregory Peck نے کام کیا۔ Rome میں فلمائی گئی اور 1953 میں release ہوئی۔ یہ فلم Audrery Hepburn کی سب سے پہلی کامیاب فلم اور اسی طرح Gregory Peck کی فلم Days of Glory تھی۔ Gregory Peck کی چند ایک مشہور فلمیں To Kill a Mocking Bird، Moby Dick، The Guns of Navarone، Mackenna's Gold، The Snows of Kilimanjaro، Designing Woman وغیرہ وغیرہ۔ Gregory Peck، 87 سال کی عمر میں 11 جون 2003 کی رات کو Los Angeles میں انتقال کر گیا۔ اس کی فرانسیسی بیوی Veronique

Marfat.com

Passoni بھی آخری وقت اُس کے ساتھ موجود تھی۔ Roman Holiday لاہور کے Regal Cinema میں میں نے یعنی اظہرالدین بقائی اور میں نے 1954ء کے آخر میں دیکھی۔ اس کا ڈائریکٹر William Wyler تھا۔ Gregory Peck کی ذاتی زندگی میں بہت بڑا سانحہ ہوا جب اس کے 25 سالہ بیٹے نے پیرس میں خودکشی کر لی۔

Burt Lancaster نے مجھے اپنا Hollywood کا پتہ دیا اور کہا کہ میرے پاس اتنا وقت نہیں ہے اور وقت تو تمہارے پاس بھی مشکل سے ہوگا ورنہ میرے لئے بڑی خوشی کی بات ہے کہ میں خود تم لوگوں کو Rome کی سیر کراتا۔ یہ بھی پتہ نہیں چلا کہ تم کہاں پیدا ہوئے، کہاں تعلیم حاصل کی اور کہاں نوکری کر رہے ہو۔ میں کہاں، کس وقت، کس جگہ پر اتفاق سے ملاقات ہوئی ہے۔ اور یاد رہے جب بھی موقع ملے تو Via Veneto کی سیر ضرور کرنا اور میں دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں کہ اگر تم نے جیسا کہ میں پہلے پھینک چکا ہوں۔ Trevi فوارے میں سکہ پھینکا تو ضرور واپس Rome آؤ گے۔ وہ ہم کو خدا حافظ کہتے ہوئے اٹھ کر چلا گیا۔

ہوٹل میں رات گزارنے کے بعد ہم نے فیصلہ کیا کہ ناشتہ Plaza di Republica کے کسی ہوٹل میں کریں گے۔ اس Plaza میں کافی steps اوپر چڑھنے کے بعد اردگرد کئی قسم کے ہوٹل ہیں۔ کوئی دس بجے کا وقت ہوگا جب ہم دونوں میاں بیوی ہوٹل سے نکل کر Plaza کی طرف روانہ ہوئے تو دیکھتے کیا ہیں کہ ایک فوج کی گاڑی کے پیچھے پولیس کی جیپ کھڑی ہے اور پچھلی رات کسی کی چوری کرنے گئے تھے۔ کئی لوگ فوٹو کھینچ رہے تھے۔ ہمارے لئے یہ ایک عجیب سا واقعہ تھا۔ شاید آپ کو بھی پیش آیا ہو یا سنا ہو۔

اسی طرح ایک اور فلم Trevi کے متعلق 1954 میں ''Three Coins in the Fountain'' کے Title سے بنی تھی۔ جس کا مشہور گیت ''*Three coins in the fountain. Each one seeking heppiness*'' مشہور crooner Frank Sinatra نے گایا تھا۔

Trevi فوارے کو تعمیر کرنے کے لیے 1732 میں ایک competition ہوا جس میں Niccolo Salvi جیتا۔ اسے تیس سال محنت کرنی پڑی اور فوارے کو پایہ تکمیل تک پہنچایا۔ اس کا پانی Aqua Vergine سے آتا ہے اور Rome میں سب سے زیادہ صحت مند پانی سمجھا جاتا تھا۔ کئی صدیوں تک ہر ہفتہ Trevi کے پانی کی barrels Vatican کو بھیجی جاتی تھیں اور لوگ جو Rome میں رہا کرتے Jugs میں پانی بھر کر اپنے استعمال کے لیے لے جاتے۔ 1961 میں اس پانی کو ناصحت قرار دیا گیا اور اب Trevi کے پانی کو بجلی کے pumps کے ذریعہ recycle کیا جاتا ہے۔

Romans اور سیاح cafe tables پر درختوں کے سائے کے نیچے بیٹھے Via Veneto سے ہو کر sidewalks پر arrange کیے ہوئے ہیں، لگے ہوتے ہیں۔ اس سڑک کی دونوں طرف کئی شاندار ہوٹل، airlines کے دفاتر اور تجارتی عمارات ہیں۔ Via Veneto کو 1887 میں Villa Borghese سے لے کر Piazza Barberini تک تعمیر کیا گیا۔ یہ پہاڑی سے نیچے کی طرف سانپ کی طرح شکل اختیار کرتی ہے۔ 1950-1965 تک جب Italian film making عروج پر تھی تو International شخصیات خاص طور پر actors, actresses اور خوبصورت خواتین کا اسی جگہ پر ہجوم رہا کرتا تھا۔ اب بھی Via Veneto دنیا کی مشہور ترین streets میں ہے اور آدھی رات کے بعد بھی رونق رہتی ہے۔

پروگرام کے مطابق ہم دونوں میاں بیوی Prague پہنچ گئے۔ جہاں ہم نے واپسی کے لئے seats بک کرانے کا ارادہ کیا۔ غلطی سے ہماری واپسی کی ٹکٹ open تھی۔ جس دن ہم واپس New York آنا چاہتے تھے اس دن ہمیں فلائیٹ نہ مل سکی جو سیدھا نیویارک لے جاتی۔ ہمیں ایک دن پہلے Prague چھوڑنا پڑتا اور نیویارک پہنچنا بہت ضروری تھا کیونکہ پروگرام کے مطابق تیسرے دن ہماری یونیورسٹی میں الیکشن ہونے والے تھے جس میں میرا ووٹ کاسٹ کرنا ضروری تھا۔ جو فلائیٹ مجھے اس دن ملی تھی وہ پہلے Rome اور پھر وہاں سے دوسری flight نیویارک کے لیے پکڑنی تھی۔ یہ کیسی عجیب بات ہے کہ میں Rome نہیں جانا چاہتا تھا۔ میں نے بڑی کوشش کی کہ ... میں نے فوارے میں سکہ پھینکا ہوا ہے۔ ... Rome آنے کا۔ خدا کی قدرت دیکھئے اور انسان کی بخت کی کوشش۔

Marfat.com

میں نے دل پر پتھر رکھ لیا اور اپنے آپ کو مجبور کر کے ان سکوں کی ضد پوری کر ہی دی اور دوسری فلائٹ لے کر Rome کی طرف رخ کر لیا۔ اس دفعہ میں نے کوئی سکہ نہیں پھینکا اور کوشش کی کہ دوسروں کو بھی اس فعل سے باز رکھوں!

اس طرح ان ماہ میں کہ جو Burt Lancaster نے کہا تھا۔ وہ سچ ہو گیا! کیا ایسا ہو جایا کرتا ہے؟ ایسا ہو ہی گیا۔ اتفاق یا سکوں کی مقناطیسیت؟

Czechoslavakia تین تاریخی ممالک، Bohemia، Moravia اور Slovakia پر مشتمل تھا۔ 28 اکتوبر 1918 میں پہلی جنگ عظیم کے ختم ہونے کے بعد Austro-Hungarian ایمپائر کے ٹوٹنے پر معرض وجود میں آیا۔ نازی جرمنی 1938 سے لے کر 1945 تک اس ملک پر قابض رہا۔ بعد میں 1948 سے لے کر 1989 تک روس Czechoslavakia پر مسلط ہو گیا۔ Prague متحدہ ملک Czechoslovakia کا دارالخلافہ ہوا کرتا تھا۔ یکم جنوری 1993 میں دو آزاد ملکوں میں تقسیم کر دیا گیا۔ تعجب کی بات ہے بغیر کسی خون خرابے کے اور سیاسی جھگڑوں کے یہ معاملہ احسن طریقے سے طے پایا۔ ایک ملک کا نام Czech Republic اور دارالخلافہ Prague یا Praha (Czech زبان میں) دوسرا ملک Slovakia اور دارالخلافہ Bratislava۔

Prague، Vltava دریا کے کنارے پر واقع ہے یہ دریا شہر کے درمیان سے شمالاً جنوباً بہتا ہے۔ اس کے بائیں مغربی کنارے پر Hradcany (Prague Castle) Royal Garden پرانے پانچ ضلعوں میں سے ایک جو شہر کے مختلف حصوں سے نظر آتا ہے۔ قلعے میں پریذیڈنٹ کا دفتر، ڈاکخانہ، بینک اور ریسٹورینٹ واقع ہیں۔ Mala Strana (Lesser Garden or Town) جو کہ پارکوں اور باغات سے ڈھکا پڑا ہے۔ Josefov یا یہودیوں کا وارڈ۔ اس دریا کے دائیں کنارے پر Stare Mesto (ضمیمہ 151) Nove Mesto "New Town"، چودھویں صدی) یہ دونوں علاقے تاریخی یادگاروں سے بھرے پڑے ہیں۔ اس لئے کہ Nove Mesto میں بہت سے چرچ ہیں اسے "City of Hundred Spires" کہا جاتا ہے۔ پرانے علاقوں کی تنگ گلیاں، چھوٹے چھوٹے شراب خانے اور ریسٹورینٹ کے مقابلے میں Vaclevske Square کے علاقے میں کھلی گلیاں نئی تعمیرات ہیں۔

انٹرنیشنل ائرپورٹ Ruyzne سے ٹیکسی لے کر ہم Hotel William جو 5 Hellichova, Prague کے تین [illegible] پورٹ سے نزدیک واقع ہے۔ وہ علاقہ جہاں ہوٹل واقع ہے Hradcany کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ یہ ہوٹل مشہور Charles Bridge سے چند منٹوں کے فاصلے پر ہے اسی طرح کئی تاریخی، کلچر، خرید و فروخت اور تفریح کے مقامات قریب ہیں۔ اس تین منزلہ ہوٹل میں کمرے کے ساتھ پرائیویٹ باتھ روم تمام منزلوں پر ہیٹنگ کا بندوبست اور ٹی وی کی سہولت میسر ہیں۔ کمرے کا کرایہ ہم میاں بیوی کیلئے رات کے 52$ تھا۔ ہوٹل کی سہولتوں اور اس کی جائے وقوع کو ملحوظ رکھتے ہوئے کرایہ بالکل مناسب تھا۔ دس کلومیٹر کا سفر طے کرتے ہوئے پہنچ گئے۔ یہ بھی عرض کرتا چلوں کہ Prague کا ٹرانسپورٹ کا نظام نہایت ستھرا اور efficient ہے۔ بجلی کی trolley buses، electric trams اور underground سسٹم شہر اور مضافات کو ہر طرف سے ملا دیتے ہیں۔ ائرپورٹ سے بھی شہر جانے کیلئے ہر وقت تیار کھڑی ہوتی ہیں۔ چونکہ ہم گرمیوں کے موسم میں وہاں تھے جب ہم Charles Bridge پر پہنچے تو ایک میلے کا سماں تھا اسے کھلی نمائش گاہ کہا جا سکتا ہے۔ میوزک سٹیج اور ہر چیز کی خرید کیلئے سٹال لگے ہوئے تھے خاص طور پر روسی گڑیاں اور Czech crystals وغیرہ وغیرہ۔ پل پر اور شہر کے درمیانی حصہ میں ہر طرف بیٹھے ہوئے آرٹسٹ جو چند منٹوں میں وہاں کے لوگوں کے caricature بنا دیتے تھے۔

Charles Bridge Karlov جسے King Charles IV نے شروع کروایا تھا۔ Prague کی شہری نشانی ہے۔ یہ پل تین سو میٹر لمبا اور دس میٹر چوڑا ہے۔ ایک کنارے پر دو towers اور دوسرے سرے پر ایک tower ہے۔ پل کے دونوں طرف ہر تیس میٹر کے فاصلے پر Barque بت بنے ہوئے ہیں جو کہ عام طور پر saints کے ہیں جس طرح روم کے Trevi فوارے کے متعلق مشہور ہے کہ اگر کوئی وہاں کے پانی یا اس میں ایک سکہ پھینکے تو دوبارہ روم ضرور لوٹتا ہے۔ جیسا کہ اوپر ذکر کیا جا چکا ہے

Marfat.com

اسی طرح اس پل کی ایک خاص جگہ پر ہاتھ رکھتے ہوئے کوئی خواہش کی جائے تو وہ خواہش پوری ہو جاتی ہے۔ اس جگہ کا رنگ نہایت چمکدار ہے کیونکہ ہزاروں لوگ اس پر ہاتھ مس کرتے ہیں۔ اس پل اور Castle کے درمیان پہاڑی کی ڈھلان پر Prague کا سب سے پرانا اور دلکش علاقہ بنام Mala Strana ہے۔ یہ شاہی راستہ تھا، Bohemian بادشاہوں کے تخت نشینی کے جلوس اسی راستے سے گزر کر اونچی سڑک Nerudova کی طرف جایا کرتے۔ اس اونچی سڑک کے دونوں طرف Ornate facades بڑے بڑے لکڑی کے دروازے اور پیچیدہ لوہے کے گیٹ دوکانیں اور پرانے پرانے ہوٹل اور چند ایک ریسٹورینٹ اور pubs ہیں۔ یہاں کی ضروری عمارت اٹھارویں صدی کی St. Nicholas کا گرجا ہے جس کا سبز گنبد اور مینار خاص طور پر Prague کی شناخت ہیں۔ Kampa کے علاقے کو بعض دفعہ Prague کا Venice کہا جاتا ہے۔ یہ ایک تنگ جزیرہ دریا کے کنارے کے قریب اور سفید swan شاہانہ طریقے سے تیرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

Old Town Square (Staromestke Namestic) کسی زمانے میں ایک مارکیٹ ہوا کرتی جہاں پھانسی دی جاتی تھی۔ اس Square میں ہر وقت جادوگر اپنے اپنے فن کا مظاہرہ کرتے رہتے ہیں اور مداری اور بازیگر پرانے سکوں کی اسی وقت نقل تیار کر دیتے ہیں۔ کئی لوگ قدیم زمانے کے لباس پہنے ہوئے تلوار بازی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ Old Town Hall پر چودھویں صدی سے Observation tower ہے اور نادر اور مشہور Astronomical Clock نصب کیا گیا ہے جس پر ہر ساٹھ منٹ کے بعد چار سو سال سے حضرت عیسیٰ اور ان کے بارہ حواری پریڈ کرتے ہیں اور موت کے ایک ہاتھ نے hour glass کو الٹا کر دیا ہے۔

Prague کے ghetto کی ایک افسانوی تخلیق gargoyle ہے۔ روایت کے مطابق سولہویں صدی میں ایک عالم rabbi نے Vltava کی مٹی سے ایک انسان کا مجسمہ اپنے لئے نوکر تیار کیا اور اس کے منہ میں Hebrew زبان میں لکھا ہوا کوئی تعویذ ڈالا تو اس میں جان پڑ گئی۔ gargoyle اس کا نہایت تابعدار اور وفادار ثابت ہوا۔ اس نے ghetto کے عوام کی خدمت کی یہاں تک کہ ایک دن rabbi اپنے monster کو "switch off" کرنا بھول گیا اور وہ سرکش ہو گیا۔

Rennes، France

Marcos Tulio Diaz، اسسٹنٹ پروفیسر، جو کہ میری ریسرچ ٹیم میں شامل تھے اور میں Cumaná سے Caracas پہنچے وہاں سے ائیر فرانس کی فلائیٹ سے Rennes جانے کیلئے پیرس گئے۔ چونکہ Rennes میں ایک کانفرنس *Primer Multicolloque Europeen de Parasitologie, Rennes, France 1-4 September* میں تحقیقی مقالات پیش کرنے تھے۔ پیرس سے تیز رفتار ٹرین (TVG) سے کوئی دو گھنٹے میں پہنچ گئے۔ Rennes یونیورسٹی کے ہوسٹل میں دوسری منزل پر ہماری رہائش کا بندوبست پہلے سے ہی کیا گیا تھا۔ جیسا کہ اکثر ہوسٹلوں میں ہوتا ہے کسی کمرے میں کوئی ملحقہ باتھ روم نہ تھا بلکہ تمام منزل کیلئے common باتھ روم تھے۔

میرا اس کانفرنس میں شرکت کرنے کا کوئی ارادہ نہ تھا کیونکہ پہلی دفعہ منعقد ہو رہی تھی اس لئے زیادہ سائنسدانوں کی شرکت متوقع نہ تھی مگر میں نے آخرکار فیصلہ کر ہی لیا کیونکہ میں Marcos کو بین الاقوامی کانفرنسوں میں حصہ لینے کی تربیت دینا چاہتا تھا۔ دوسرے دو فرانس کے رہنے والے سائنسدانوں سے میرا Reprint exchange کا سلسلہ چل رہا تھا۔ ایک Dr. C. Combes اور دوسرے کا نام Dr. L. Euzet تھا۔ Dr. C. Combes چند سالوں کے بعد میری لیبارٹری میں Cumaná ریسرچ کرنے پہنچے گئے۔ اسی طرح ایک اور موقع پر امریکن J. J. Sullivan نے بھی میری لیبارٹری میں کوئی تین مہینے گزارے۔

distinguished پروفیسرز تجربہ کار اور جنہوں نے کافی تحقیقی پیپرز پبلش کئے ہوں، کو یونیورسٹی یا CONICIT (ضمیمہ 152) کی طرف سے *viajes* سفر کرنے کا کرایہ وغیرہ جسے T.A یعنی ٹریول الاؤنس کہا جاتا ہے اور *viaticos* (D

Marfat.com

A یعنی ڈیلی الاؤنس (ہوٹل میں رہائش اور کھانے پینے کے اخراجات) کاغذی کارروائی پوری کرنے کے بعد مل جاتے ہیں۔ سفر کے کرایے میں چھوٹے بڑے کا کوئی امتیاز نہیں ہوتا مگر تنخواہ کو مدنظر رکھتے ہوئے زیادہ تنخواہ پانے والے کو زیادہ viaticos اور اس کے مقابلے میں کم تنخواہ والے کو کم viaticos دیے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ جہاں پر ائرپورٹ ٹیکس ہو تو اس کی رقم بھی ادا کی جاتی ہے۔

چونکہ شام کا وقت تھا۔ کانفرنس کیلئے رجسٹریشن تو صبح ہی ہو سکتی تھی۔ Marcos کا پیپر دوسرے دن دس بجے اور میرا پیپر اسی روز پچھلے پہر چار بجے تھا۔ ہوٹل کے قریب کھانے کیلئے کوئی جگہ نہ تھی۔ کوئی آدھ گھنٹہ چلنے کے بعد ایک کیفے میں کھانا کھایا۔ سفر کی تھکن کی وجہ سے ہم دونوں بیحد نڈھال ہو رہے تھے لہذا واپس پہنچ کر گہری نیند سو گئے۔

دوسرے دن رجسٹریشن سے فارغ ہونے کے بعد چند سائنسدانوں سے میری ملاقات ہوئی جنہیں میں خط وکتابت اور تحقیقی کام کی اشاعت ہونے کی وجہ سے جانتا تھا۔ Marcos میرا سٹوڈنٹ بھی رہ چکا تھا اور اس سے ہمارے گھریلو تعلقات قائم ہو گئے۔ جب وہ یونیورسٹی سے فارغ ہوا تو میں نے اسے اپنی لیبارٹری میں ہی ملازمت دلوا دی۔ چند سالوں بعد اس نے انگلینڈ میں Ph. D کا ارادہ ظاہر کیا تو میں نے اس کے behalf پر انگلش میں Leeds یونیورسٹی کے ایک پروفیسر سے خط وکتابت شروع کر دی۔ Marcos کی انگلش نہ ہونے کے برابر تھی وہ صرف خطوط پر دستخط ہی کیا کرتا لہذا اسے Ph. D کیلئے داخلہ مل گیا میں نے اسے بڑا سمجھایا کہ تھوڑی بہت انگلش سیکھ لو تمہارے کام آئیگی لیکن اس نے کوئی پرواہ نہ کی آخر وہ وقت آ گیا جب وہ Leeds یونیورسٹی پہنچنے کیلئے ہوائی جہاز کے ذریعے لندن روانہ ہو گیا۔ اس کا پروفیسر اسے لینے کیلئے Leeds کے ریلوے سٹیشن پر پہنچ گیا جب اس کی کار ریلوے سٹیشن سے روانہ ہوا تو پروفیسر نے ایک سائن بورڈ کی طرف اشارہ کیا "یہ سڑک سیدھی Leeds یونیورسٹی کو جاتی ہے۔" Marcos نے پیچھے مڑ کر اور کوئی چھوٹی انگلش میں جواب دیا "بورڈ بہت خوبصورت ہے" خیر اس نے تقریباً چھ ماہ میں اپنی ضرورت کی انگریزی سیکھ لی۔

ریسرچ کے دوران اس کی ملاقات Taiwan کی ایک لڑکی سے ہوئی جس کا نام Suzan Tai تھا اور وہ Electron Microscope کی مدد سے Molecular Biology میں Ph. D کی ڈگری حاصل کرنے کیلئے ریسرچ کر رہی تھی۔ ان کی دوستی یہاں تک بڑھی کہ شادی کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ Marcos مجھے خط وکتابت کے ذریعے اپنے معاشقے کی اطلاع دیتا رہتا۔ کوئی ساڑھے تین سال کے بعد ان دونوں نے Ph. D کی ڈگری حاصل کر لی۔ اب وہ خاتون Suzan Tai de Diaz ہو گئی میں انہیں Cumana کے ائرپورٹ پر لینے گیا وہ میرے گھر کی Quinta Porzana میں لمبے ہی مہمان رہے۔

Marcos لمبا قد، گندمی رنگ، مونچھیں، بھرا ہوا جسم اور چشمہ لگایا کرتا۔ اسے طالب علمی کے زمانے میں ہی لڑکیوں سے چھیڑ چھاڑ اور محبت کی چھوٹی موٹی ... ویسے وینزویلا کی سوسائٹی بھی تو آزاد ہے البتہ پڑھائی میں خوب دل لگاتا اور ریسرچ بھی خوب کیا کرتا۔ جب وہ یونیورسٹی سے فارغ ہوا تو میں نے اسے نوکری دلانے کی کوشش شروع کر دی۔ اس دور میں ہمارے سائنس سکول کا ڈائریکٹر Dr. John de Abate تھا جو Costa Rica, Central America کا رہائشی تھا ایک شام Dr. Abate نے مجھے اپنے پاس بلایا ادھر ادھر کی باتیں کرنے کے بعد مشورہ دیا "پروفیسر Marcos کی ہوا کچھ ٹھیک نہیں اسے نوکری مل گئی تو وہ لڑکیوں کی طرف زیادہ توجہ دینا شروع کر دے گا اور پتہ نہیں اس کا انجام کیا ہو" کیونکہ مجھے ایک محنتی ریسرچر کی ضرورت تھی جو میرے جتنا کام تو شاید نہ کرے مگر کسی حد تک تو ضرور کرے۔ میں نے اس کو جواب دیا:

"John! اس کی عادات سے ہم سب بخوبی واقف ہیں مگر سوال ہے ریسرچ کا اور ریسرچ پیپرز شائع کرنے کا" میں نے اسے convince کر لیا اور Marcos کو یونیورسٹی میں انسٹرکٹر کی نوکری مل گئی اس نے خوب ریسرچ کی اور میرا جونیئر author ہونے کی حیثیت سے بیس سے زیادہ ہم دونوں نے اکٹھے ریسرچ پیپر شائع کئے۔

اب Suzan کی نوکری کا سوال تھا۔ میں نے ایک ریسرچ پراجیکٹ تیار کیا جس میں Electron Microscope کی ضرورت تھی۔ اس پراجیکٹ کو CONICIT جس کا دفتر Caracas تھا پیش کیا۔ فیڈرل گورنمنٹ کا ادارہ ہونے کی وجہ سے CONICIT کے پاس ریسرچ کے equipment، ٹی اے، ڈی اے، تنخواہیں اور معاون سائنسدان رکھنے کیلئے کافی فنڈز تھے۔

Marfat.com

اور تقریباً تمام قسم کے اخراجات شامل تھے۔ پراجیکٹ منظور ہوئی میں ڈائریکٹر Marco اور Suzan میرے مددگار اور Suzan کی تنخواہ بھی ریسرچ فنڈ سے ہی مقرر ہوگئی لیکن یہ contract تھا جو کہ میں ہر سال renew کرنے کیلئے CONICIT سے درخواست کرسکتا تمام اخراجات کیلئے چیکوں پر دستخط میں ہی کرتا۔ Marcos اور میں تو پہلے ہی یونیورسٹی کے سٹاف پر تھے۔

میں نے جاپان، ہالینڈ اور جرمنی کی کمپنیوں سے جن کے دفاتر Caracas میں تھے Electron Microscope کی خرید کیلئے رابطے شروع کر دیئے۔ چند ہفتوں کے بعد ان کے نمائندے میری لیبارٹری میں آنا شروع ہو گئے مجھے پہلی بار پتہ چلا۔ اس قسم کی قیمتی مائیکروسکوپ کی خرید نے کیلئے کمیشن ایک ضروری حصہ ہے۔ میرا فیصلہ ہالینڈ کی فلپس مائیکروسکوپ پر تھا ایک اور نے مجھے پڑھایا کہ "مال" کیسے بنایا جاتا ہے۔ نمائندوں نے مجھے بتایا کہ مائیکروسکوپ کی اصل قیمت سے زیادہ invoice بنائی جاتی ہے اور اس طرح سے مجھے کمیشن مل جائے گی۔

اسی سال جولائی کے مہینے میں فرخ اور میں نے پاکستان آنا تھا مجھے پتہ ہی نہیں کہ جاپانی نمائندے کو کیسے خبر ہوئی کہ ہم پاکستان جا رہے ہیں اس نے ایک روز دو ہوائی ٹکٹ وینزویلا سے کراچی کے میرے سامنے رکھ دیئے اور ساتھ یہ بھی کہا کہ وہاں ہم کمپنی کے نمائندے کی حیثیت سے ہوٹل میں رہیں گے۔ میں نے اس قسم کا کام زندگی بھر نہیں کیا اور نہ ہی مجھے اس کی کبھی ضرورت پڑی کیونکہ میری تنخواہ بہت اچھی تھی اچھا خاصا بنگلہ تعمیر کر لیا تھا۔ دو کاریں تھیں اس دوران میں نمائندوں نے مہنگے ریسٹورانٹس میں دعوت دیئے مگر میرا جواب ہمیشہ ہی "No" تھا۔

آخرکار فلپس کی مائیکروسکوپ خرید لی گئی اور ریسرچ شروع ہوئی۔ آئے دن Marcos اور Suzan مجھ سے پی ایچ ڈی اے مانگتے رہتے پھر یہ تو میں نے برداشت کیا مگر پھر صاف جواب دے دیا کہ میرے پاس یونہی رقم ضائع کرنے کیلئے نہیں ہے یہ بات Suzan کو ناگوار گزری۔ وہ ایک dominant چھوٹے قد کی منافقانہ مسکراہٹ کی مالک چشمہ لگائے اور کالی زبان کی اپنی مثال آپ تھی۔ اس نے Marcos کو اکسایا اور وہ ہماری رہائش گاہ چھوڑ کر ایک فلیٹ میں منتقل ہو گئے۔

ان دونوں کو پتہ چلا کہ یونیورسٹی مجھے Secretario Ejecutivo Consejo de Investigacion (تحقیقی کونسل کا ایگزیکٹو سیکرٹری) مقرر کرنے والی ہے۔ انہوں نے سردھڑ کی بازی لگا دی کہ مجھے یہ پوسٹ نہ دی جائے مگر یہ پوسٹ مجھے ملی تھی اور تھی جو میں نے سخت محنت دیانتداری ملنساری تحقیقی مقالے پبلش کرنے کی وجہ اور مہمان نوازی سے حاصل کیا تھا۔ اس کے علاوہ میرا بھائی انور اور میں وینزویلا کی سب سے بڑی سیاسی پارٹی Accion Democratica (جمہوری ایکشن) میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے اور میں کافی رقم خرچ کیا کرتا۔ مجھے یہ نوکری مل ہی گئی اور وہ دیکھتے ہی رہے۔

Suzan ماں بننے والی تھی جب لڑکے کی پیدائش ہوئی تو میں نے ریسرچ پراجیکٹ سے اخراجات ادا کر دیئے کیونکہ وہ یونیورسٹی کی ملازم نہ تھی صرف ریسرچ کیلئے contract پر تھی۔ چند مہینوں کے بعد مجھے پتہ چلا کہ Marcos نے Suzan کا خاوند ہونے کی حیثیت سے یونیورسٹی سے بھی بچے کی پیدائش کے اخراجات لے لئے۔ میں نے بڑی ذاتی ڈپٹ کی اور صاف صاف کہہ دیا "ریسرچ گرانٹ سے لی ہوئی رقم واپس کرو نہیں تو میں اس پراجیکٹ سے سبکدوش ہو جاؤں گا۔" انہوں نے وعدہ کیا کہ لوٹا دیں گے۔ میں نے CONICIT کو بھی اس معاملے سے آگاہ کر دیا جب پیچیدگی زیادہ ہونے کے بعد انہوں نے معمولی رقم لوٹائی تو میں پراجیکٹ سے دست بردار ہو گیا۔ آہستہ آہستہ میرے ان سے تعلقات ختم ہو گئے یہاں تک کہ بول چال بھی بند ہوئی۔ Suzan کو یونیورسٹی نے contract پر ہی رکھا کیونکہ افسران بالا کو پتہ چل گیا کہ وہ فریبی عیاش مکار اور سازشی ہے لہذا وہ کبھی بھی tenure حاصل نہ کر سکی اور ہر سال اسکے contract کی تجدید ہوتی رہی۔ ان کے تین بچے پیدا ہوئے اس نے Marcos کی زندگی تلخ کر دی اور ان میں طلاق ہوگئی لہذا وہ بچوں کو Marcos کے پاس چھوڑ کر واپس Taiwan چلی گئی۔

بات کہاں سے کہاں چل نکلی۔ ایک رات فرانس کے علاوہ مشرقی یورپ کے مخلوط سائنسدان اور ہم دونوں کھانا کھانے کیلئے ایک نائٹ کلب میں جا نکلے۔ کھانے کے ہال کی ایک دیوار میں ایک دروازہ جس کے پیچھے ایک دوسرے کمرے میں مدھم سی دھیمی دھیمی روشنی اور میوزک کے ساتھ ڈانس اور شروبات کا سلسلہ بھی تھا۔ کھانا کھانے کے بعد ہم تمام لوگ بھی اس کمرے میں جا پہنچے

Marfat.com

کئی سائنسدان میرے ہم عمر کئی بوڑھے اور کئی Marcos کی طرح جوان تھے۔

مجھے ہوسے سائنسدانوں کی ایک عجیب بات دیکھنے میں آئی کہ جہاں بھی ہوں ریسرچ کے متعلق ہی باتیں کرتے رہتے ہیں چند ایک اور سائنسدان اور میں بھی اسی طرح ریسرچ میں ہی ڈوبے ہوئے تھے۔ کبھی کبھی اٹھ کر کسی خاتون سے ڈانس کر لیتے پھر وہی ریسرچ کی باتیں۔ Marcos جو کہ mujeriego (عورتوں کے پیچھے بھاگنے والا) چونکہ شراب نوشی اور ڈانس کا دلدادہ تھا اور وینزویلا میں اکثر شرابی ہو کر جو کہ اکثریت سے وینزویلین کی عادت ہے لڑائی جھگڑا بھی شروع کر دیتا۔ تقریباً تمام وقت ڈانس فلور پر ہی رہا۔ میں نے اسے ایک میز پر ایک لڑکی اور دو اور جوان فرانسیسیوں سے بحث مباحثہ کرتے ہوئے دیکھا لہذا میں اپنے میز سے اٹھ کر اس کے نزدیک گیا۔ سپینش، فرنچ، اٹالین، اور پرتگیز کی طرح رومانس زبان ہے اگر ایک زبان پر عبور حاصل ہو تو دوسری زبانوں کو سمجھنے میں مشکل نہیں البتہ فرانسیسی زبان کا تلفظ مشکل ہے۔ اور ذرا سختی سے کہا:

"Marcos جھگڑا وغیرہ مت کرنا ہم اپنے ملک میں نہیں کسی الجھن میں نہ پھنس جائیں۔"

"دوستیں وغیرہ میں نے ان لوگوں کا ایسی بھی کوئی بات نہیں۔" جواب ملاحظہ فرمائیے۔

"بس بند کرو زیادہ شراب نوشی اور چلو میرے میز پر۔"

"نہیں میں ٹھیک ٹھاک ہوں۔"

اس نے میری ایک نہ سنی اس لڑکی اور لڑکوں سے تکرار شروع رکھی۔ بات یوں تھی کہ Marcos خوبصورت قد آور جسم ہونے کی وجہ سے ہینڈسم تھا۔ لڑکی Marcos پر فدا ہو گئی کہ Marcos کا لڑکی پر دل آ گیا۔ ان دونوں لڑکوں میں سے مذکورہ لڑکی ایک کی گرل فرینڈ تھی جب بحث وغیرہ چل رہی تھی تو میوزک بند ہونے کا وقفہ تھا۔ دوبارہ میوزک شروع ہوا تو Marcos لڑکی کا بازو پکڑ کے ڈانس فلور پر قدم رکھنے ہی والا تھا کہ ان میں سے ایک لڑکے نے لڑکی کا دوسرا بازو پکڑ لیا اور اس کو روکنا چاہا مگر Marcos ان کو چھوڑ کے ڈانس فلور پر لے ہی گیا۔ تھوڑی دیر بعد ستانے کیلئے دونوں اس میز پر پہنچے تو پتہ نہیں کس طرح ہنگامہ شروع ہو گیا اور Marcos دونوں سے ہاتھا پائی پر اتر آیا۔ اس ہنگامہ آرائی کی وجہ سے میوزک دوبارہ بند ہو گیا۔ نائٹ کلب کی انتظامیہ اور میں نے کسی طرح معاملہ رفع دفع کروا دیا۔

آدھی رات سے زیادہ کا وقت ہو چکا تھا۔ میں Marcos کو ایک ہاتھ سے تھامے نائٹ کلب سے باہر چل دیا۔ عجب اتفاق تھا کہ کسی قسم کی ٹرانسپورٹ نظر نہ آئی۔ ہم نے ہوٹل کی طرف پیدل ہی چلنا شروع کر دیا میں راستے میں ڈانٹ ڈپٹ کرتا رہا مگر وہ زیادہ شراب نوشی کی وجہ سے الٹیاں کرتا چلا جا رہا تھا۔ دوسرے روز ٹرین میں بیٹھ کر واپس پیرس سے وینزویلا جانے کیلئے پہنچ گئے۔

پیرس میں کوئی اچھا ہوٹل نہ ملا کیونکہ اچھے ہوٹلوں کی گرمیوں میں سیاحوں کی بہتات کی وجہ سے ایڈوانس بکنگ کروانی پڑتی ہے۔ ایک رات تو ہوٹل کے کمرے سے ہی باہر نہ نکلے۔ دوسرے روز پیدل ہی پیرس میں گھومتے گھماتے رہے رات کو Marcos پیرس کے مشہور Latin Quarters میں تفریح وغیرہ کیلئے جانا چاہتا تھا۔ اس نے بہت مجبور کیا مگر میں نے صاف انکار کر دیا۔ مجھے پتہ تھا کہ وہ ضرور گل کھلائے گا۔ میں اسے ہوٹل کا پتہ اور ٹیلیفون دینا بھول ہی گیا نہ ہی اسے خیال آیا۔

ہوٹل کے باہر سائیڈ واک کیفے سے کھانا کھایا۔ کھانے کے بعد کافی پی دوسرے گاہکوں کی طرح جیسا کہ ایسے کیفے کا رواج ہوتا ہے سڑک پر آمد و رفت دیکھتے رہے۔ یورپ کے Mediterranean ممالک مثلاً اٹلی، فرانس، اور سپین کے سائیڈ واک کیفے خاص طور پر مشہور ہیں۔ کوئی دس بجے کا وقت تھا تو Marcos نے Latin Quarters کی طرف جانے کیلئے ایک ٹیکسی کو روکا۔ میں نے پھر سختی سے تاکید کی کہ Marcos ذرا احتیاط سے۔ "No te preocupes hermano" (بھائی پریشان ہونے کی ضرورت نہیں) میں اس کے جانے کے کوئی آدھ گھنٹہ بعد اپنے کمرے میں لوٹا حسب عادت کچھ پڑھنے کے بعد سو گیا۔

صبح کوئی آٹھ بجے کے قریب اٹھا۔ کوئی نو بجے ہوں گے کہ تیار ہو گیا Marcos تھا کہ تمام رات واپس نہ لوٹا اور کوئی آثار بھی نظر نہ آ رہے تھے۔ اس کی واپسی کا ٹکٹ اور سامان میرے کمرے میں ہی تھے۔ نیچے آ کر ہوٹل کے ریسٹورینٹ میں ناشتہ کیا اس کے بعد فرح کیلئے شاپنگ کرنے کیلئے چل نکلا۔ فرح ہمیشہ اچھی قسم کا پرفیوم پسند کرتی جیسا کہ کہیں ذکر کیا جا چکا ہے جب بھی میں ملک سے

Marfat.com

باہر ہوتا تو ہر رات فرخ سے ٹیلیفون پر وینز ویلا میں رابطہ رکھتا۔ فرخ کو آخری رات جب میں نے ٹیلیفون کیا تو اس نے کہا کہ میرے لئے تین ساڑھیوں کا کپڑا اور اچھا سا پرفیوم ضرور لے کر آنا۔ گھومتے گھماتے ایک شاپنگ سینٹر پر پہنچا جہاں پر سڑک کے دونوں طرف کئی کپڑوں کی کافی دکانیں تھیں۔ ایک دکان جس کا مالک مراکش کا رہنے والا تھا، سے فرخ کے پسندیدہ رنگ ہلکا نیلا، کالا اور زرد اپنے اندازے کے مطابق سات میٹر ایک ساڑھی کیلئے اکیس میٹر کپڑا خرید لیا۔ میں نے اس سے گفتگو سپینش میں کی۔ ساڑھیوں کے کپڑے کیلئے 425 امریکن ڈالر ایک اور دکان سے پرفیوم کی شیشی خریدی۔ میرا خیال تھا کہ انہوں نے مجھ سے زیادہ ہی پیسے بٹور لیے ہیں مگر جب واپس وینز ویلا لوٹا تو فرخ نے کہا اتنا قیمتی کپڑا اور اتنا اچھا پرفیوم رقم ٹھیک ہی ہے۔

دوپہر کا کھانا بھی ایک سائیڈ واک کیفے میں کھایا۔ پچھلے پہر کے قریب ہوٹل واپس لوٹا تھکا ٹوٹا ہوا تھا کیونکہ پیدل ہی چل رہا تھا۔ siesta (قیلولہ) خوب کیا۔ شام کے قریب سائیڈ واک کیفے میں آ کر بیٹھ گیا کافی کا آرڈر دیا اب میری پریشانی بڑھتی ہی کیونکہ دوسرے دن رات کے وقت ہم نے ائر فرانس کی پرواز سے واپس لوٹنا تھا۔ اسی پریشانی کے عالم میں تھا کہ یکلخت Marcos آ ٹپکا۔ سوٹ پر سلوٹیں، دھبے اور ٹائی غائب ''Marcos کیا ہوا؟''

''میرے پاس نہ ہوٹل کا پتہ نہ ٹیلیفون نمبر تھا آدھی رات سے زیادہ دیر تک تو ایک بار میں رہا جہاں مجھے وینز ویلا کا ایک اور شخص مل گیا جس کا قریب ہی اپنا فلیٹ تھا اور وہ کوئی کاروبار کیا کرتا۔ وہ مجھے اپنے ساتھ فلیٹ میں لے گیا صبح سو کر اٹھا تو مجھے یہ خیال آیا کہ میرے پاس تو ہوٹل کا پتہ ہی نہیں مگر کچھ اندازہ ضرور تھا۔ دوپہر کا کھانا اس کے ساتھ کھایا اور پیدل چل نکلا آخر آن ہی پہنچا ہوں'' اس نے کھسیانی ہنسی میں جواب دیا۔

Moscow

Airport: Cumaná شہر سے مجھے XXI World International Veterinary Congress جو Moscow کے Hotel Rossia میں تین سے سات جولائی 1979 کو منعقد ہو رہی تھی۔ شرکت کے لیے Moscow کے ائرپورٹ Sheremetyevo-II کے لیے روانہ ہونا تھا۔ اس ائرپورٹ کے علاوہ ماسکو میں چار اور airports ہیں جو روس کے اندر دوسرے حصوں اور پرانی روس کی Republics کو serve کرتی ہیں۔ Sheremetyevo-II ماسکو سے شمال میں چوبیس میل کے فاصلہ پر واقع ہے اور یہ روس کی principal ائرپورٹ جہاں سے یورپ کے دوسرے مشہور شہروں کے لیے جہاز پرواز کرتے ہیں اور اسی طرح جہاز سیدھے Havana (Cuba) جنوبی امریکہ) New York city، Montreal، Canada، Tokyo اور دوسرے بیرونی ممالک کے لیے روانہ ہوتے ہیں۔ Sheremetyevo-I زیادہ تر اندرونی ملک کے شہروں کے لیے استعمال میں جبکہ Vnukovo ماسکو کے جنوب مغرب میں 15 میل کے فاصلہ پر بھی اسی طرح مصرف میں لائی جاتی ہے۔ دوسری اندرون ملک کے لیے Bykovo ماسکو کے جنوب مشرق میں تیس میل کے فاصلہ پر اور Domodedovo جنوب میں اٹھائیس میل پر airports ہیں۔

International کانفرنسوں کے قواعد و ضوابط کے مطابق research paper کے resumen پہلے ہی بھیج دیئے اور چند ہفتوں کے بعد مجھے کانفرنس کا brochure مل گیا۔ سردست یہ بھی بتا دینا مناسب ہوگا کہ تمام اخراجات میری یونیورسٹی کے ذمہ تھے۔ ہوائی جہاز کی واپسی کا ٹکٹ بھی مجھے مل گیا اور رہائش اور کھانے پینے کے تمام اخراجات بھی ایڈوانس پے ہو گئے۔ مقررہ کانفرنس تو فقط ایک ہفتہ کیلئے تھی مگر ایک ہفتہ مزید ٹھہرنے کیلئے اپنے پاس احتیاطاً ڈالر رکھ لیے۔

کانفرنس کی انتظامیہ کمیٹی نے مختلف ممالک میں شرکت کرنے والوں کو سرکاری دعوت نامے تو ارسال کر دیئے مگر visa وغیرہ حاصل کرنے کیلئے کوئی کاغذات نہ بھیجے جس کی مدد سے وینز ویلا کے دارالخلافہ Caracas میں جا کر روس کے سفارت خانہ سے visa لے سکتا لہذا میں نے اپنی یونیورسٹی کی انتظامیہ کی وساطت سے ماسکو میں ہونے والی کانفرنس کی انتظامیہ کے سیکرٹری کو ایک telex بھجوا دی کہ ویزہ کا کیا بندوبست ہے؟ دوسرے دن مجھے جوابی telex موصول ہوئی کہ سفارت خانہ سے ویزہ لینے کی ضرورت نہیں

Marfat.com

جب آپ ماسکو ائیرپورٹ پر پہنچیں گے تو اپنا پاسپورٹ اور ہمارا دعوت نامہ دکھانے پر ویزہ مل جائیگا۔

یہاں تو عرض کرتا چلوں کہ جب انتظامیہ نے کانفرنس کا brochure بھیجا تو اس میں تین ہوٹلوں کے نام درج تھے۔ جن میں سے سب سے مہنگا ہوٹل Rossia (جس کے معنی ہیں Russia) اور سنگل روم کا کرایہ ایک رات کیلئے ستائیس ڈالر تھا۔ مگر اس کی بکنگ کیلئے full payment پیشگی کرنا لازمی تھی لہذا میں نے دو ہفتہ کیلئے 378 ڈالرز کا چیک بھیج دیا اور ساتھ ہی یہ بھی ہدایت کر دی کہ میں فلاں فلاں وقت ماسکو کی Sheremetyevo-II ائیرپورٹ پر پہنچ جاؤنگا۔ قریباً دو ہفتوں کے بعد انہوں نے مجھے ہوٹل Rossia کا voucher بھیج دیا۔

پروگرام کے مطابق میں Cumana کے ائیرپورٹ سے Avensa ائیرلائن کے ذریعہ کوئی 45 منٹ میں Caracas کی Maiquetia ائیرپورٹ پر وارد ہوا اور وہاں سے پچھلے پہر میری Pan Am فلائٹ نیویارک تک تھی۔ نیویارک میں قریباً پانچ گھنٹے کی فلائٹ کے بعد پہنچ گیا۔ J.F.K نیویارک کی ائیرپورٹ پر قریب چار گھنٹے انتظار کرنے کے بعد Air France کی فلائٹ سے پیرس پہنچا۔ وہاں سے میں نے Jal (Japanese Airlines) جو کہ Arctic سے ہوتی ہوئی Tokyo پہنچتی ہے سے سفر کرنا تھا۔ اس فلائٹ نے وقت قریباً ایک بجے بعد دوپہر کے پیرس سے Moscow پرواز کرنا تھی۔ اس زمانے میں پیرس کی یہ انٹرنیشنل ائیرپورٹ Orly ہوا کرتی۔ یہ پیرس کے جنوب میں واقع اور اب خاص طور پر اندرون ممالک، یورپ اور chartered flights کے استعمال میں لائی جاتی۔ 1974 میں ایک نئی انٹرنیشنل ائیرپورٹ Charles de Gaulle کا افتتاح ہوا جو Paris سے باہر 23 میل دور Roissy کے مقام پر تعمیر کی گئی۔ Le Bourget اور Orly کی airports سے pressure کم کرنے کے لیے یہ غرض وجود میں لائی گئی۔

Orly ائیرپورٹ کی وہ lounge جس میں ماسکو جانے والے بیٹھے صرف 17 مسافر تھے کیونکہ ان دنوں ماسکو میں جانا اسقدر آسان نہ تھا۔ visa کی نہایت سختی سے پابندی عائد تھی۔ میں وہاں ایک عجیب و غریب ہیئت کا شخص تھا۔ سر منڈا ہوا، منہ میں سگار، Raybar کا چشمہ، ایک کندھے سے لٹکتا ہوا travel bag، دوسرے کندھے سے ایک still اور movie کیمرہ لٹکائے، ایک ہاتھ میں مختلف قسم کے میگزین، انگلش، French اور Spanish، ایک کالے رنگ کا اٹیچی جو کہ coded نمبر سے کھلتا تھا، aircabin میں لے جانے کی اجازت ہوتی، trolley پر رکھے ادھر ادھر گھوم رہا تھا۔

مشہور ہے کہ French اپنی زبان کے علاوہ انگلش بھی آتی ہے۔ لیکن آپ انگلش میں کوئی سوال کریں تو وہ ایسا ظاہر کرتے ہیں جیسے وہ سمجھے نہیں تھے۔ چونکہ میں بے چینی اور اضطرابی کیفیت سے دوچار تھا کہ کب فلائٹ بورڈ کرنے کی announcement ہوگی تو اسی تذبذب میں ایک خوبصورت جوان French لڑکی جو کہ اس lounge کی انچارج تھی، سے انگلش میں پوچھا کہ ماسکو جانے والی فلائٹ کا departure کب announce ہوگا۔ اس نے ایسے تاثر دیا جیسے میرا سوال اس سے نہ کیا گیا ہو۔ گویا میں نے کسی دیوار سے سوال کر دیا ہو۔ پھر میں نے وہی سوال Spanish میں کیا۔ اب وہ مثبت انداز میں مسکرائی اور نہایت مودبانہ لہجہ میں Spanish میں ہی جواب دیا "قریباً پندرہ منٹ بعد"۔

depature کیلئے announcement ہوئی تو میں اس دروازے کی جانب چل دیا جہاں سے گزر کر Jal کے جہاز میں سوار ہونا تھا۔ اس پر چار محافظ کھڑے تھے جو کاربینوں سے لیس تھے۔ وہ مجھے روک تو نہ سکے۔ چونکہ روسی امیگریشن کا معاملہ اور انکی ویزا پالیسی سے تو میں پہلے ہی گزر چکا تھا مگر جو باتیں وہ فرنچ زبان میں کر رہے تھے مجھے یہی سمجھ میں آیا "کوئی پاگل آدمی ہے۔ ساتھ ہی میں ہی کوئی ہوگا"

میں نے جہاز میں داخل ہوتے وقت اپنا boarding card ائیرہوسٹس کو دکھایا جس نے مجھے انگلش میں خوش آمدید کہا اور میری سیٹ کی طرف رہنمائی کی جو کہ window سیٹ تھی۔ جو لوگ ہوائی جہاز میں اکثر سفر کرتے ہیں۔ میری تائید کریں گے کہ window سیٹ نسبتاً آرام دہ ہوتی ہے کیونکہ دوسرے مسافروں کی مداخلت نہیں ہوتی۔ نجانے یہ جہاز کہاں سے آیا تھا جونہی میں اندر داخل ہوا تو مسافروں سے کچھا کچھ بھرا ہوا تھا۔ مجھے خیال آیا کہ ہوسکتا ہے ان مسافروں میں اکثریت کانفرنس مندوبین کی ہو۔ Orly

Marfat.com

ائرپورٹ پر تو صرف 17 مسافر تھے۔ بہر حال میں اپنی سیٹ پر براجمان ہو گیا۔ حفاظتی بیلٹ باندھ لی اور تھوڑی دیر میں جہاز فضا میں بلند ہو گیا۔ جب جہاز اپنی cruising speed پر آ گیا اور حفاظتی بیلٹ کھولنے کا اعلان ہوا تو میں نے سوچا کہ اٹھ کر چہل قدمی کروں شاید کوئی شناسا مل جائے۔ اگرچہ سگار پینے کا عادی ہوں مگر جہاز میں "No smoking" سیکشن میں بیٹھنے کو ترجیح دیتا ہوں کیونکہ مجھے سگریٹ کا دھواں تنگ کرتا ہے۔ میں نے aisle میں آ کر ادھر ادھر نظر دوڑائی تو دو امریکن سائنس دان دوست ڈاکٹر Frank Etges اور ڈاکٹر Paul C. Beaver پر نظر پڑی۔ وہ بھی اٹھ کر aisle میں آ گئے اور ہم تینوں جہاز کے پچھلے حصے میں باتیں کرنے لگے۔ ڈاکٹر Etges نے بتایا کہ ان میں اکثریت ان لوگوں کی ہے جو کانفرنس میں شمولیت کیلئے جا رہے ہیں۔

جہاز کا پہلا سٹاپ Warsaw, Poland کے ائرپورٹ پر ہوا۔ چھ مسافر اترے اور کئی اس میں سوار ہوئے۔ جب جہاز نے ماسکو کے ائرپورٹ Sheremetyevo-II پر land کیا تو جہاز کے cabin میں مسافروں کے اترنے سے پہلے دروازہ کھلنے سے پہلے ایک طوفان بدتمیزی برپا ہو گیا۔ خصوصاً جو مسافر Warsaw سے سوار ہوئے وہ race میں حصہ لینے والوں کی طرح اندر ہی اندر میں بھاگتے ہوئے ایک ہجوم کی شکل میں جہاز کے دروازے کے قریب اکٹھے ہو گئے۔ کسی میں اتنی تمیز نہیں تھی کہ باقاعدہ line بنا کر آرام سے اترنے کی سعی کرتے۔ بیچاری air hostess نے بڑی مشکل سے دروازہ کھولا اور مسافر جیسے جہاز میں گھٹن محسوس ہو رہی تھی ایسے چھلانگیں لگاتے ہوئے immigration کی طرف بھاگ نکلے۔ ہم لوگ نہایت مطمئن انداز میں آہستہ آہستہ آرام سے اترے اور ہمارے سامنے پولینڈ والے مسافروں کی دوڑ ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی کوشش میں سرپٹ جا رہے تھے۔ یہ بات ہماری سمجھ سے بالاتر تھی آخر کیا قیامت ٹوٹ پڑی ہے کہ پولینڈ والے بےتحاشہ بھاگ رہے ہیں۔

جن مسافروں نے Tokyo جانا تھا ان کو جہاز کے عملے نے جہاز میں ہی ٹھہرنے کی ترغیب دی۔ میں متذکرہ دو امریکن دوستوں کے جلو میں اور کئی دیگر مسافر بڑے سلیقے سے runway پر خراماں خراماں چلتے ہوئے immigration کے دروازے تک پہنچے۔ وہاں تو مچھلی بازار جیسی رونق لگی ہوئی تھی۔ لائن میں چلنے کا تصور نہ تھا۔ ہر کسی کی کوشش تھی کہ وہ مسافر ایک دوسرے کو پیچھے دھکیل کر سامنے immigration کی کھڑکی تک رسائی حاصل کرنے کی کوشش میں حواس باختہ ہو رہے تھے۔

میری یادداشت کے مطابق وہاں immigration کی تین کھڑکیاں تھیں۔ میں اپنی باری آنے پر ایک تنگ راستے سے گزرا جس کے دونوں طرف سادہ لکڑی کے panels لگے ہوئے تھے۔ چار فٹ کی بلندی پر دونوں panels پر شیشے لگے ہوئے تھے۔ راستہ روکنے کی غرض سے ایک مضبوط لکڑی کا ڈنڈا متوازن لگا ہوا۔ جونہی میں اس کے قریب گیا کھٹاک کی آواز سے ڈنڈا اوپر اٹھ گیا اور مجھے راستہ مل گیا اور میں باسانی immigration کھڑکی کے سامنے آ گیا۔ دفعتاً ڈنڈا اپنی جگہ پر کھٹاک کی آواز سے واپس آ گیا۔ یہ انتظام اس غرض سے تھا کہ ایک وقت میں ایک آدمی (مسافر) اندر آ سکے۔ میری بائیں طرف کوئی چار فٹ کی بلندی پر ایک دو فٹ کی چوڑائی چوڑی لکڑی مستطیل شکل کی لگی ہوئی تھی۔ اس کے درمیان ایک شیشے میں سوراخ جس کے اوپر سے پٹی پر رکھے کاغذات اور پاسپورٹ وغیرہ officer اپنی طرف کھینچ لیتا۔ آفیسر ایک نوعمر پتلا دبلا لڑکا جو کہ فوجی وردی میں ملبوس اور سنجیدہ انداز جیسے مسکرانا بھول چکا ہو۔ شیشے میں سے اس کی گردن اور سر نظر آ رہے تھے۔ میں نے اپنا پاسپورٹ، کانفرنس کا دعوت نامہ اور Yellow fever vaccination certificate اس کے سامنے رکھے۔ آفیسر نے بغیر میری طرف دیکھے کاغذات وہاں سے اٹھا کر اپنے ڈیسک پر رکھ لیے۔ چند دیر وہ کاغذات کی جانچ پڑتال کرتا رہا۔ پھر کبھی میری طرف دیکھتا اور کبھی کاغذات کی طرف۔ وہ اس شغل میں اتنی دیر مصروف رہا کہ مجھے حیرانت سے دوچار کر دیا۔ پھر اس نے ایک فارم پر جو کہ روسی زبان میں تحریر تھا چند ٹھپے اور مہر ثبت کر دی۔ مابعد اس نے میرے سب کاغذات پٹی پر رکھ دیئے۔ میں نے وہ کاغذات سنبھالے اور اس نے کھٹاک سے لکڑی کا ڈنڈا اٹھا دیا جو دوسری طرف تھا اور میں سامان والے ہال میں آ گیا۔ سب سے پہلے میں نے اپنا پاسپورٹ دیکھا۔ اس میں entry کی کوئی مہر وغیرہ ثبت نہ کی گئی۔ میرا دعوت نامہ بھی ویسے کا ویسا ہی تھا البتہ وہ فارم میرے سپرد کی گئی جو مجھے وہاں سے دیا گیا۔ اسی ضمن میں مشرقی برلن میں ایک کانفرنس میں حصہ لینے کیلئے گیا تو وہاں بھی امیگریشن نے میرے پاسپورٹ پر کوئی مہر ثبت نہ کی جس کا ذکر کسی اور موقع پر کیا جائیگا۔

Marfat.com

سامان والے ہال کا منظر ملاحظہ فرمائیے۔ صرف ایک ہی carousel تھا۔ یہ ایک cone جس کا اوپر والا حصہ کٹا ہوا اور اس سے باسانی ایک سوٹ کیس کو نکالا جا سکتا ہے۔ cone کے فرش والے کنارے کچھ اوپر کی طرف مڑے ہوئے اور یہ لٹو کی طرح گھومتی رہتی ہے۔ cone کے اندر عملے کے آدمی ایک ایک کر کے cone کے اوپر والے حصہ سے سوٹ کیس باہر دھکیلتے جاتے ہیں۔ اس طرح پھرتی ہوئی cone سے سوٹ کیس پھسلتے ہوئے cone کے مڑے ہوئے حصہ پر فرش کی طرف آن گرتے ہیں اور مسافر اس گھومتی ہوئی cone سے اپنا اپنا سامان اٹھا کر لے جاتے ہیں۔ اس carousel کے اردگرد مسافروں کے ہجوم میں میری طرح دبلے پتلے قد کاٹھ کا آدمی باوجود کوشش بسیار کے مسافروں کے جمگھٹا میں سے راستہ ڈھونڈتے ہوئے carousel تک پہنچنے میں ناکام رہا اور پیچھے ہٹ گیا۔ میری طرح کئی اور بزدل تھے۔ ادھر سامان تھا کہ ادھر ادھر carousel پر لڑھک رہا تھا اور لوگ اٹھائے چلے جا رہے تھے۔ بہت سے مسافر ایسے جنکی flghts کو آئے ہوئے کئی گھنٹے گزر چکے تھے مگر شومئی قسمت سے تاحال وہ اپنا سامان حاصل کرنے سے محروم رہے۔ ایسے میں آپ اندازہ کریں کہ میں تو Jal کے ذریعہ سے آیا تھا۔ اسی طرح کئی اور ائرلائن کے جہاز بھی اس ائرپورٹ پر لینڈ کر رہے تھے جبکہ سارے کا سارا سامان اسی carousel کے ذریعہ سے ہی حاصل کرنا تھا۔ میرا دوست ڈاکٹر Etges اور Guatemala کے سائنس دان تھک کر ایک بوسیدہ صوفے پر بیٹھ گئے۔ دوسرے پھٹے پرانے صوفہ جات پر غالباً روسی یا مشرقی یورپ کے مسافر پھنس گئے جو ہماری طرح نہ جانے کب سے اپنے سامان کا انتظار کر رہے ہونگے۔

کئی مسافر تو Vodka (ایک قسم کی شراب) کے نشہ میں دھت صوفوں پر بے خبر پڑے ہوئے اور کئی اٹکھیلیاں کر رہے تھے۔ ہم صوفوں پر بیٹھنا اور صوفہ جات کی خستہ حالت کو برداشت نہ کر سکے۔ جہاں دیگر بدقسمت غریب الوطن مسافر مایوسی کے عالم میں کھڑے تھے ہم بھی کھڑے ہو گئے اور اپنے اپنے سامان کا انتظار کرنے لگے۔ ان میں سے تین اور امریکن سائنسدان بھی جنکی فلائٹ صبح نو بجے پہنچی تھی اور اب شام کے چھ بج رہے تھے۔ ان کے سامان کا کوئی پتہ نہ تھا اور نہ ہی کوئی پرسان حال۔ ہمیں بھی انتظار کرتے کرتے تقریباً چار گھنٹے بیت چکے تھے۔

اسی مایوسی کے عالم میں مجھے خیال آیا کہ نجانے سامان تو کب دستیاب ہو۔ کیوں نہ Intourist کے دفتر سے جو کہ قریب ہی تھا اپنے ہوٹل کے متعلق دریافت کر لیا جائے۔ میں نے پہلے تو انگریزی میں گفتگو کی۔ ایک روسی جو وائرلیس سیٹ پر کام کر رہا تھا، نے پوچھا مگر جواب ندارد اور وہ اپنی زبان میں وائرلیس سیٹ پر گفتگو میں مصروف تھا۔ اب میں نے Spanish میں سوال کیا۔ پھر جواب ندارد۔ ہمیشہ خاموشی سے تنگ آ کر میں نے دفتر میں موجود ایک لڑکی سے رجوع کیا مگر اس نے بھی زبان پر تالے لگا رکھے تھے۔ اس وائرلیس سیٹ والے کی طرف اشارہ کر دیا۔ پھر دوبارہ اس کے پاس جا کر اپنا سوال دہرایا مگر کوئی جواب نہ ملا۔ میں سمجھا کہ میں چونکہ سگار پی رہا ہوں ممکن ہے اسے سگار کی بو ناگوار گزر رہی ہو لہذا سگار بجھا دیا۔ لیکن رکھا منہ میں ہی کوئی جواب نہ ملا۔ ایک دوسری لڑکی کی طرف گیا۔ اس نے بھی اسی کھوسٹ کی طرف اشارہ کیا۔ اب میں نے بجھے ہوئے سگار کو ہاتھ میں پکڑ لیا مگر وہ وائرلیس سیٹ والا مصروف گفتگو ہی رہا۔ ایک اور ادھیڑ عمر عورت جو اسی دفتر میں تھی۔ میں نے اس سے سوال کیا مگر اس نے بھی مشینی انداز میں وائرلیس سیٹ والے کی طرف اشارہ کر دیا۔

میں قہر درویش بر جان درویش کے مصداق چپ ہو گیا۔ مسافروں کیلئے صرف Intourist ہی مدد دیتی ہے۔ یہ روس کا ایک سیاحوں کا محکمہ ہے۔ ان کے لکھے ہوئے اجازت نامہ کے بغیر نہ تو کسی ہوٹل میں اور نہ ہی taxi وغیرہ حاصل کر سکتے ہیں۔ اس بات سے کوئی غرض نہیں کہ آپ پہلے سے ہی payment کر کے ہوٹل کا کمرہ بک کروا چکے ہوں۔ ہوٹل والے Intourist کے اجازت نامہ کے بغیر entertain نہیں کرینگے۔ جہاں ہم لوگ سامان کی واپسی کا انتظار کر رہے تھے۔ کسی نے پوچھا کہ آپ نے currency declaration form کو fill کیا ہے یا نہیں؟ ہم میں سے کسی مسافر نے فارم fill نہیں کیا تھا۔ اس Intourist دفتر سے ملحقہ ایک دفتر تھا۔ وہاں کے ملازم نہ صرف انگریزی بلکہ Spanish زبان بھی جانتے تھے۔ شاید Intourist والے بھی جانتے ہوں مگر وہ جواب کیوں نہیں دیتے ہماری سمجھ سے بالاتر تھا۔ ہم نے فارم لئے جن پر روسی اور انگریزی دو زبانیں تحریر تھیں۔ میں نے فارم پر 3075 ڈالرز کے traveller's checks ظاہر کئے۔ باقی میرے پاس کوئی دو ہزار ڈالرز کیش تھے جو میں نے ظاہر ہی

Marfat.com

نہ کئے۔ انہوں نے فارموں پر مہریں ثبت کیں اور دستخط وغیرہ کر دیئے۔

سامان والے ہال میں مسافروں کے سامان کے ڈھیر لگے ہوئے تھے۔ جیسے یہ کباڑ خانہ ہو اور ایک طرف بے شمار صندوق بیگ وغیرہ ترتیب سے پڑے ہوئے جبکہ بدنصیب غریب الوطن لوگ اپنے سامان کی تلاش میں سرگرداں مارے مارے پھر رہے تھے۔ نہ جانے یہ سامان کتنے دنوں سے وہاں پڑا ہوا تھا۔ معلوم ہوتا مالک سامان واپس لینے ہی نہ آئیں گے۔

اس سے پہلے Dr. Etges تین دیگر سائنسدان اور میں نے جب جہاز لینڈ کرنے کے ایک گھنٹہ بعد سامان نہ ملا تو Jal کے ایک ملازم سے دریافت کیا کہ ہمارا سامان کب واپس آئیگا۔ اس نے walkie talkie کے ذریعہ جہاز سے رابطہ کیا کہ ہم سے پہنچنے والے تمام مسافروں کا سامان جہاز کی luggage bay سے اتار کر carrier پر load کر کے terminal پر پہنچایا گیا ہے۔ میں نے پھر انگلش زبان میں اسی ملازم سے استفسار کیا تو اس نے نہایت مودبانہ انداز میں جواب دیا کہ اتنا سامان جس کے یہاں ڈھیر لگے ہوئے ہیں۔ نہ جانے کتنے دنوں اور کتنی ائرلائن سے اکٹھا ہو چکا ہے۔ آپ بے شک انتظار کریں۔ ابھی تو صرف ایک گھنٹہ اور اس جہاز کے ٹھہرنے کا امکان ہے اور میں یہیں پر ہوں۔ میری بات کا یقین کریں اس پرواز سے آنے والے مسافروں کا سامان ٹرمینل پر ہے۔ کب carousel پر آئیگا یہ ائرلائن والوں کے اختیار میں نہیں۔

یہ بھی عرض کرتا چلوں کہ کئی دیگر سائنسدان جو دوسرے ممالک سے آئے ہوئے تھے۔ وہ Intourist والوں والے ہوٹل کی ریزرویشن کے voucher دکھا کر انہیں Intourist کی بسوں میں اپنے اپنے ہوٹلوں پر لے جا رہے تھے تو یہ سارا جب تمام مسافروں کا رش کافی حد تک کم ہو گیا۔ ہم لوگ بھی ہمت کر کے carrousel کے قریب پہنچے جس نے اب گھومنا بند کر دیا ہوا تھا اور سامان کے انبار میں اپنا سامان تلاش کرنا شروع کر دیا۔ Dr. Etges اور دو Guatemala کے سائنسدان اپنا اپنا سامان لے کر بوسیدہ حالت کے صوفے پر بیٹھ گئے اور میرا انتظار کرنے لگے۔ مجھے خیال گزرا کہ جس ڈھیر سے مجھے ایک suitcase ملا ہے۔ ممکن ہے دوسرا suitcase سرخ رنگ والا بھی وہیں کہیں ڈھیر میں دبا دیا گیا ہو۔ میرا اندازہ صحیح ثابت ہوا۔ میں نے سامان و ادھر ادھر کیا تو سب سے نیچے میرا مطلوبہ suitcase پڑا ہوا مل گیا۔ اب میں اپنا سامان لئے اپنے دوستوں کے پاس پہنچ گیا۔

میری طرح ان تینوں کے پاس بھی ہوٹل Rossia کے vouchers تھے اور ہم چاروں مسافر جب Intourist کے دفتر گئے تو اب عملہ بدل چکا تھا۔ ایک خوبصورت قد آور لڑکی نے ہمارے vouchers دیکھ کر اپنے ریکارڈ کو چیک کرنا شروع کیا اور دو کافی دیر دیگر ملازموں سے بھی پوچھ گچھ کرتی رہی۔ بار بار کہیں ٹیلیفون بھی کرتی مگر ہماری نہ صرف ہوٹل Rossia بلکہ دوسرے کسی ہوٹل میں بھی ریزرویشن نہ تھی۔ جب اس کو کسی ہوٹل میں ریزرویشن کرنے کیلئے کہا تو اس نے sorry کہہ کر انکار کر دیا۔

ہم نے سوچا کہ کیوں نہ کسی taxi والے سے باہر ٹرمینل میں کہیں جو کہ ہمیں کسی ہوٹل میں لے جائے مگر سب سے پہلے Intourist کا کارڈ طلب کرتے۔ اب گھڑیوں پر تو رات نو بجے ہوئے تھے مگر سورج کی روشنی تا حال تھی جیسے دوپہر کا وقت ہو۔ واپس آ کر ہم چاروں مسافر ایک صوفہ پر بیٹھ گئے اور سامان ایک طرف رکھ دیا۔ ہمارے سامنے ایک اور صوفہ جس پر ایک روسی بیٹھا ہوا اور صوفہ کے پاس ایک Vodka کی بوتل پڑی ہوئی تھی جو تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد منہ سے لگا لیتا۔ ہمیں ان جھمیلوں میں پڑے رہنے کی وجہ سے بھوک نے تنگ کیا ہوا تھا مگر پریشانی اس بات کی تھی کہ کسی طرح سر چھپانے کی جگہ تو مل جائے۔ اب carousel پھر گھومنے لگا اور پھر مسافروں کا ہجوم بڑھ کر ہنگامی صورت اختیار کر گیا۔ دیکھتے دیکھتے ہی دیگر مسافر اپنا اپنا سامان لیکر ٹرمینل سے باہر جاتے رہے۔ دوسرے تین امریکن سائنسدانوں کو ان کا سامان نہ ملا۔ Intourist والوں نے ان کے vouchers دیکھ کر Intourist کی بسوں میں اپنے اپنے ہوٹل پر روانہ کر دیا۔

Mrs. Gondolfo کا flat:

وقت گزرتا گیا ہماری پریشانی بتدریج بڑھتی گئی ہم بار بار Intourist کے دفتر کا چکر لگاتے رہے مگر شومئی قسمت سے کوئی بات نہ بنی۔ رات کا ایک بج گیا اب ہال میں مسافر بھی کم تھے۔ ہم چاروں مسافر احتجاجاً اٹھ کر ہال کے ایک دروازے کے باہر کھڑے ہو گئے۔ روسی انتظامیہ کے رویے کے خلاف غصہ کا اظہار و شام طرازی سے شروع کر دیا اور انکی برائیاں

Marfat.com

باآواز بلند نوازنے لگے۔

Guatemaltecan سائنسدان انگلش تو سمجھ لیتے مگر بولتے ٹوٹی پھوٹی زبان میں تھے اور Spanish زبان میں مجھ سے مخاطب ہو کر روسی حکومت کی برائیاں بیان کرنے لگے۔ جب ہم جذباتی لہجہ کے زیر اثر بلند آواز میں Spanish زبان بول رہے تھے تو اسی اثناء میں ایک ادھیڑ عمر کی عورت جس کے سر پر چھوٹے چھوٹے چھدرے بال تھے۔ ہاتھ میں handbag پکڑے ہمارے قریب سے گزری۔ میں چونکہ طبیعت کا تیز واقع ہوا ہوں میں نے جونہی بلند آواز سے Spanish زبان میں روسی انتظامیہ کے خلاف زہر اگلنا شروع کیا تو وہ بڑھیا تلخ نوائی سے متاثر ہو کر واپس لوٹی اور Spanish میں کہنے لگی "یہاں ایسی گفتگو نہ کریں۔"

"یوں نہ کریں ہم لوگ ایک بین الاقوامی سائنس کانفرنس میں شرکت کرنے کیلئے آئے ہیں۔ پہلے ہمیں کئی گھنٹے انتظار میں گزارنے کے بعد اپنا سامان ملا اور جب اپنے اپنے hotels کے vouchers کے ساتھ Intourist کے دفتر میں تھکے ماندے گئے تو کوئی ہماری رہائش کا بندوبست نہیں کرتا ہم یہاں سکون سے راتیں بسر کرنے سے تو رہے۔ اب آپ ہماری زبان بندی کرنے پہنچ گئی ہیں۔"

آخر وہ بڑھیا ہم چاروں کو ایک طرف لے گئی۔ ہم نے اسے اپنے اپنے دعوت نامے دکھائے اپنا اپنا تعارف کرایا تو اس نے ہمیں ایک صوفہ پر بیٹھنے کی ترغیب دی اور خود میرے ساتھ صوفہ پر براجمان ہوگئی۔ سب سے پہلے اس نے یہ نصیحت کی کہ بلند آواز سے حکومت کے خلاف بولنے سے گرفت میں آجاؤ گے۔ پھر Dr. Etges نے اسے انگلش زبان میں کہا:

"تم ہماری حوصلہ شکنی کرتی ہو میں ایک امریکن جانا پہچانا سائنسدان ہوں اور کسی غیر قانونی طریقہ سے یہاں نہیں آیا بلکہ ہوٹل کے کمرے کی ایڈوانس رقم بھی ادا کر چکا ہوں۔ آخر یہ کیسی اندھیر نگری ہے!"

وہ عورت شاید انگلش سے نابلد تھی اس نے امریکن کی باتوں پر کوئی دھیان نہ دیا اور اس آہ وزاری کا جواب بھی نہ دیا میں نے اس Spanish زبان میں کہا:

"آپ سے مل کر بڑی خوشی ہوتی ہے کہ کم از کم ہم آپ سے بات تو کر رہے ہیں آپ ہی ہماری رہائش کا بندوبست کر دیں۔"

اس نے ہم چاروں قسمت کے ماروں سے hotel کے vouchers لئے اور Intourist کے دفتر گئی۔ کافی دیر سے واپس لوٹی ہمارے پاس آ کر بیٹھی رہی اور کہا "فکر نہ کرو میں آج تمہاری رہائش کا بندوبست کر دوں گی۔ کل تم چاروں کو ہوٹل Rossia میں پہنچا دیا جائیگا۔" میں نے بیتابی سے کہا "ابھی کیوں نہیں؟"

"کئی ایسی باتیں ہیں جو تم لوگوں کو بتانے سے قاصر ہوں۔"

"ہم آپ پر کیسے یقین کر لیں آپ ہمیں کہاں لے جائینگی۔ یہاں تو Intourist کے کارڈز کے بغیر کچھ بھی نہیں ہو سکتا۔ آخر آپ ہیں کون؟ مجھے تو وینزویلا میں کئی دوستوں نے جن میں سے چند ایک پولینڈ کے رہنے والے ہیں اور میری یونیورسٹی میں ملازم ہیں نے بتایا بلکہ مشورہ دیا کسی روسی پر یوں ہی یقین نہ کر لینا ہو سکتا ہے کہ وہ K.G.B کا ایجنٹ ہو اور تم کسی مشکل میں پھنس جاؤ۔" اس پر بڑھیا کی آنکھیں آبدیدہ ہو گئیں اور کہنے لگی "میرا نام Mrs. Gondolfo اور میرا خاوند Mexico کا روس میں سفیر تھا۔ کئی سال ہوئے وہ یہاں ہی انتقال کر گیا میری ایک بیٹی جس کی عمر تقریباً چودہ سال ہے وہ یہاں ہی پیدا ہوئی۔ میری مجبوری ہے کہ میں بچی کو چھوڑ کر باہر جا نہیں سکتی کیونکہ میری یہی واحد اولاد ہے جو کہ روس کی شہریت رکھتی ہے لہذا میں انتظار کر رہی ہوں کہ یہ بالغ ہو جائے تو شاید اسے میرے ساتھ ملک چھوڑنے کی اجازت مل جائے۔"

ابھی وہ باتیں کر رہی تھی کہ اچانک اٹھ کر باہر چل دی۔ میں اس کا پیچھا کرنے کے انداز سے پیچھے پیچھے چل دیا۔ سڑک پر کافی دور تک فٹ پاتھ کے ساتھ ساتھ خالی اور چند مسافروں سے بھری ہوئی بسیں اور کاریں کھڑی تھیں۔ میں نے دیکھا کہ وہ ڈرائیور سے باتیں کر رہی ہے میں چپکے سے واپس آ کر بیٹھ گیا اور اپنے ساتھیوں کو حوصلہ دیا کہ کام بن جائیگا لیکن Dr. Etges نے مجھ سے کہا کہ ذرا احتیاط سے ہم لوگ کیسے اس عورت پر اعتبار کر لیں۔

"اس عورت کا خون لاطینی ہے۔ میں کافی دیر سے وینزویلا سے رہائش پذیر ہوں اور لاطینی ذہنیت کو سمجھتا ہوں۔ اعتبار تو

Marfat.com

کرنا ہی پڑے گا کوئی اور چارہ کار نہیں۔" میں نے تسلی سے جواب دیا۔

Guatemaltecans نسبتاً ہم دونوں سے عمر میں کم تھے مگر باحوصلہ اور پرعزم خود اعتمادی بھی ان میں ہم سے زیادہ تھی۔ انہوں نے میری ہاں میں ہاں ملائی۔

تھوڑے وقفے کے بعد وہ بڑھیا مسکراتی ہوئی واپس لوٹی اور سیدھی Intourist کے دفتر میں داخل ہوئی۔ چند ہی منٹوں میں واپس آئی اور کہا کہ اپنا اپنا سامان اٹھاؤ بس کا انتظام ہو گیا ہے۔

"ہم چار مسافروں کیلئے بس کی کیا ضرورت ہے۔ کوئی کار وغیرہ کیوں نہیں؟"

"جیسا میں کہتی ہوں ویسا کرتے چلو۔" اس نے تحکمانہ لہجے میں کہا۔

ایک بڑی Intourist کی بس جس کے اترنے اور چڑھنے کا دروازہ ڈرائیور والی سیٹ کے ساتھ ہی تھا۔ ہم نے اپنے اپنے suitcases لئے اور بس کے اندر داخل ہو گئے۔ ہمارے علاوہ اور کوئی مسافر بس میں سوار نہ تھا۔ ہم نے suitcases سیٹوں پر رکھا اور بیٹھ گئے۔ وہ بڑھیا ڈرائیور کی سیٹ کے ساتھ کھڑی ہوئی ڈرائیور نے دروازہ بند کر دیا اور بس چل دی۔ تھوڑی دیر بعد ہی بس ایک کشادہ سڑک پر آ گئی۔ میں بار بار جھانک کر سڑک کا نام پڑھنے کی کوشش میں تھا مگر صرف ایک جگہ پر Prospekt لکھے ہوئے کے سوا کچھ نظر نہ آیا۔ مجھے بعد میں پتہ چلا کہ سڑکوں کو اسی نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ مثلاً Lenin Prospekt۔ قریباً آدھ گھنٹہ میں ہم ایک ایسی سڑک پر پہنچے جہاں دائیں بائیں رہائشی flats بنے ہوئے تھے۔ بائیں جانب ایک ایسی ہی بلڈنگ کے سامنے رک کر اس نے ڈرائیور کو رکنے کا اشارہ دیا اور پھر ہم سے مخاطب ہوئی کہ اپنا اپنا سامان پکڑ لو ہم منزل پر پہنچ گئے ہیں۔ اس نے اتر کر ڈرائیور سے کچھ بات چیت کی اور ڈرائیور چلا گیا۔ وہ بوڑھی عورت آگے آگے اور ہم پیچھے سامان اٹھائے چل دیئے۔ اس طرح ہم بلڈنگ کی back کی طرف آ گئے اور ایک lift کے دروازے کے سامنے کھڑے ہو گئے۔ اس بڑھیا نے ہمیں تنبیہ کی کہ اب کوئی اونچی آواز میں بات نہ کرنا جیسے میں کہوں ویسے کرنا۔

اس نے بٹن دبایا اور لفٹ ہمارے پاس آ کر ٹھہری۔ اس میں سے ایک جنگلہ جو میرے خیال میں گارڈ کا کام دے رہا تھا۔ بڑھیا نے اسے کھینچا۔ بڑھیا اور Dr Etges لفٹ میں داخل ہو گئے۔ اتنی تنگ اور گھٹیا قسم کی لفٹ میں نے زندگی میں پہلے کبھی نہ دیکھی تھی۔ بڑھیا نے مجھے اور Guatemaltecans کو انتظار کرنے کو کہا۔ تھوڑی دیر بعد لفٹ دوبارہ گراؤنڈ فلور پر آ گئی۔ پھر اس نے Guatemaltecans کو لفٹ میں داخل ہونے کو کہا اور لفٹ اوپر چلی گئی۔ سب کا سامان لفٹ سے باہر ہی پڑا ہوا تھا۔ اب پھر لفٹ گراؤنڈ فلور پر آ گئی اس نے مجھے اندر آنے کو کہا مگر میں نے انکار کر دیا۔ جیسا کہ میں اوپر ذکر کر چکا ہوں میں لفٹ استعمال کرنے سے گھبراتا ہوں۔ اس نے بہت کوشش کی مگر میں نہ مانا۔ وہ بھی شاید لفٹ کی ذہنی حالت دیکھ کر سمجھ گئی کہ میں کیوں لفٹ استعمال کرنے سے گریزاں ہے۔ لفٹ بالکل فرش کے level تک نہ آتی بلکہ کچھ ساتھ انچ اوپر ہی رکتی۔ آخر اس نے میری ضد کے آگے ہتھیار ڈال دیئے۔

میں نے اپنے دو suitcases پکڑے دو میرے ساتھی نے اور میں پیچھے بڑھیا کے سیڑھیاں چڑھنے لگے۔ ہر فلور پر ایک کارڈ ... جس سے Russian میں وہ کوئی بات کرتی اور وہ جواب دیتا۔ چوتھی منزل پر لفٹ کے دروازے سے بائیں ہاتھ کی طرف پہلا ہی بڑھیا کا فلیٹ تھا۔ اس نے آہستہ سے دروازہ کھٹکھٹایا کسی نے اندر سے کھولا اور اس نے Russian میں کچھ کہا۔ میں سامان سمیت اندر داخل ہو گیا۔ بڑھیا لفٹ میں بیٹھ کر نیچے گئی اور تین دوسرے ساتھیوں کا سامان لا کر فلیٹ کے دروازے کے باہر رکھ دیا۔ پھر اس نے دروازہ کھٹکھٹایا آہستہ سے Russian میں کچھ کہا۔ اس کی بیٹی نے دروازہ کھولا تو ایک ایک کر کے سامان اندر لے آئی اور دروازے کو نہ صرف bolt کیا بلکہ دروازے سے ایک chain کو بھی دیوار کے ساتھ کنڈے میں ڈال دیا۔ دروازے کے درمیان کوئی چار انچ کے فاصلے پر peep hole میں شیشہ لگا ہوا تھا۔ Dr. Etges اور Guatemaltecans ایک کمرے میں بیٹھے حیران تھے۔ بڑھیا نے اپنی بیٹی کا تعارف Spanish میں کرایا (چونکہ وہ انگلش نہیں جانتی تھی) جس کا نام Natasha اور نہایت خوبصورت جیسے کہ لاطینی دوشیزائیں ہوتی ہیں البتہ اس کا رنگ دودھیا تھا چونکہ Tropics میں تمازت کی وجہ سے لاطینوں کے رنگ

Marfat.com

ہوئی تھیں۔ اب چار کرسیاں اور ہم چار افراد تھے۔ بڑھیا نے مجھے ایک کرسی پر بیٹھنے کیلئے کہا میں نے احتراماً انکار کیا مگر اس کے مجبور کرنے پر بیٹھ گیا اور وہ خود ایک اونچے میز کے ساتھ ٹیک لگا کر کھڑی ہو گئی۔ اس کی بیٹی ایک معمولی سے قالین پر جو کہ فرش پر بچھا ہوا تھا بیٹھ گئی بڑھیا نے دھیمی آواز میں گفتگو شروع کی اور کہا کہ باہر سے کوئی بھی دروازہ کھٹکھٹائے فلیٹ کا دروازہ مت کھولنا۔ میں یا میری بیٹی اس peep hole میں سے دیکھ کر معلوم کر لیں گے کہ کون شخص دروازے کی گھنٹی کی آواز سنے تو بھی خاموشی اختیار کرے۔ میں اور میری بیٹی کوئی ضروری قدم اٹھائیں گی اور ٹیلیفون کے متعلق اگر ہم دونوں فلیٹ سے باہر ہوں تو نہ ہی call کرنا اور نہ ہی bell ہونے پر اسے receive کرنا۔ آپ سب کافی تعلیم یافتہ ہیں آپ کو میری باتوں کی بخوبی سمجھ آ گئی ہوگی۔ مزید تاکید کی ضرورت نہیں۔

پھر اس نے بیٹی سے کہا کہ ان تینوں کو Vodka پیش کرو لہذا اس نے ایک بوتل جو کہ آدھا حصہ بھری ہوئی تھی۔ لا کر میز پر رکھ دی مگر میں نے کہا کہ مجھے ایک mug کافی بغیر دودھ اور چینی کے اگر تکلیف نہ ہو تو لا دیں۔

Natasha نے اپنی ماں کو روسی زبان میں کچھ کہا اور وہ ایک چھوٹے کمرے میں جو کہ بطور سٹور استعمال میں لایا جاتا تھا گئی اور کافی پاؤڈر کا ایک پیکٹ لا کر مجھے دیا کہ یہ لوگ کافی یا تو پینے کے عادی نہیں اور یا پھر اس قدر مہنگی ہے کہ کبھی کبھار کسی خاص مہمان کو پیش کی جاتی ہے۔

اب تھوڑا فلیٹ کے متعلق بیان کرنا مناسب ہوگا پھر آگے کی بات ہوگی۔ فلیٹ کا دروازہ جس میں سے ہم اندر داخل ہوئے وہ ایک کمرے میں کھلتا ہے۔ 12*10 فٹ کا معلوم ہوتا تھا۔ ایک طرف میز دراز جس میں cutlery اور دیگر سامان تھا۔ اس کے ساتھ ہی دیوار میں برتنوں وغیرہ کے لئے ایک الماری تھی۔ اس کمرے کی ایک بھی دیوار میں دائیں طرف کواڑوں سے بے نیاز چوکھٹ ہوگی ایک چھوٹے سے کمرہ کا داخلہ تھا جسے بطور سٹور استعمال میں لایا جاتا۔ جس کمرے میں ہم لوگ بیٹھے ہوئے تھے۔ living-room سب سے بڑا کمرہ تھا۔ اس کے دائیں ہاتھ کی جانب ایک دروازہ bedroom میں کھلتا اور اس سے متصل جس کا dining room دروازہ بھی living-room میں کھلتا۔ دوسرا bedroom تھا جو پہلے سے نسبتاً بڑا۔ اس سے منسلک bedroom جس میں بشکل ایک آدمی کھڑا ہوسکتا۔ دونوں bedrooms کے وسط میں ایک دیوار جس پر پردہ لٹکا ہوا تھا۔ سٹور کے دروازے کی بائیں جانب living-room کی دیوار میں ایک washbasin نصب تھا جو کہ برتن وغیرہ دھونے کیلئے بھی استعمال میں لایا جاتا۔ پہلے bedroom میں معمولی قسم کی کارپٹ بچھی ہوئی اور سنگل bed سے آراستہ جبکہ دوسرے bedroom میں ڈبل bed کا اہتمام تھا۔ جس میں نسبتاً بہتر قسم کی کارپٹ بچھی ہوئی تھی۔ دھلائی وغیرہ کیلئے اس عمارت کے مکینوں کیلئے تہہ خانے میں انتظام تھا۔

اس flat کا ایک ہی دروازہ جس سے ہم لوگ باہر سے آئے تھے۔ دروازے کے ساتھ اندر کی طرف peep hole سے نیچے تک ایک تھیلا نما پردہ جو کہ دروازے کے تین کناروں سے چسپاں تھا۔ اس تھیلے نما پردہ کے اوپر والا حصہ peep hole کی طرف ایک تار سے بندھا ہوا تھا۔ اس تھیلے میں فلیٹ کی صفائی کا سامان مثلاً جھاڑو وغیرہ استعمال کرنے کے بعد محفوظ کر دیے جاتے۔ ہر منزل کے رہائشی فلیٹ سے باہر corridor کے اندر دیوار میں سوراخ تھا اس میں پھینک دیتے جو نیچے چلا جاتا۔ جب اقامت پذیر ہو تو فلیٹ کی ایک دیوار میں لیٹر بکس نما جس کا ڈھکنا لوہے کا تھا۔ اس میں کوڑا کرکٹ beer کی خالی بوتلیں، cans، ٹوٹے پھوٹے برتن اور اسی نوعیت کا ناکارہ سامان ڈال دیا جاتا۔ اسے Incinirator کہا جاتا کیونکہ تمام عمارت کے Incinirators تہہ خانہ کی ایک دیوار میں اس جگہ آن ملتے جہاں آگ جل رہی ہوتی۔ اب مجھے معلوم نہیں کہ یہاں کوئی اسی طرح کا سسٹم ہو۔

Mrs Gondolfo نے ہمارے لئے جلدی میں کچھ cheese اور کچھ ham کی sandwiches کافی مقدار میں بنائیں۔ چونکہ ہم لوگ بھوکے تھے خوب مزے سے کھائیں۔ جب ہم کھا رہے تھے تو میں نے ٹھان لی کہ اگر چہ صبح کے چار بج رہے ہیں Intourist کے کسی بڑے آدمی سے رابطہ کروں کیونکہ ہم یہاں آ کر ذلیل وخوار ہوئے ہیں۔ ہوٹل کی ریزرویشن کے باوجود ہمیں کمرے نہیں ملے۔ میرے اصرار پر بڑھیا راضی اور ٹیلیفون ملا دیا۔ جن صاحب نے ٹیلیفون کال receive کی اس نے انگلش میں مجھ سے پوچھا کہ تمہارا نام کیا ہے۔ میں نے اسے بتایا کہ میرا نام ڈاکٹر پیر نصیر ہے اور ہم یہاں کانفرنس میں شرکت کیلئے آئے ہیں

Marfat.com

جو آج مورخہ یکم جولائی سے شروع ہو رہی ہے اور تھوڑی دیر بعد ایک خاتون مجھ سے Spanish زبان میں اسی ٹیلیفون پر مخاطب ہوئی: "آپ Universidad de Oriente, Cumaná, Venezuela سے تشریف لائے ہیں۔"

"ہاں! بڑے شرم کی بات ہے۔ ہوٹل کی ریزرویشن کا وعدہ ہوتے ہوئے بھی ہمارے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک روا رکھا جا رہا ہے۔" میں نے اُسے Spanish میں جواب دیا اور اسی طرح باقی گفتگو بھی Spanish زبان میں ہوئی۔

"اُس Intourist والے آفیسر کا جو کہ ائرپورٹ پر تھا کیا نام ہے؟" پوچھا گیا۔

"میں اسقدر پریشان تھا کہ اُس کا نام پوچھنے کا خیال نہیں آیا۔" میں نے جواب دیا۔

"خیر کوئی بات نہیں میں اُس کا پتہ لگا لوں گی اور تکلیف کیلئے معذرت خواہ ہوں۔ کوئی دس بجے کے قریب Intourist کی limousine آ جائیگی۔ مجھے بڑھیا نے بتا دیا ہے کہ آپ کہاں ٹھہرے ہوئے ہیں۔ میں دوبارہ معذرت خواہ ہوں۔"

اب سوچا کہ چند گھنٹے آرام ہی کر لیں میں نے کہا کہ مجھے ننگا سونے کی عادت ہے جس کمرے میں میں نے سونا ہے اگر کوئی دوسرے صاحب بھی وہاں ہوں تو انہیں اعتراض نہیں ہونا چاہئیے۔ فیصلہ یہ ہوا کہ بڑھیا اور اُسکی بیٹی bedroom میں سوئیں گی جس کے ساتھ باتھ روم ہے۔ میں اور Dr. Etges پہلے bedroom میں اور وہ دونوں living-room میں سوئیں گے۔ بڑھیا نے میرے والے کمرے کے bed سے گدا نکال کر فرش پر بچھا دیا اور کمبل مہیا کیا اس کے علاوہ کوئی اور spare گدا نہ تھا۔ بڑھیا living-room میں دو کمبل نیچے ڈال دیئے اور اپنے bedroom سے ایک تکیہ لا کر انہیں دیدیا۔ گدیاں قریب کی کرسیوں سے اٹھا کر انہیں دوسرا تکیہ استعمال کرنے کو کہا۔ دوسری دو کرسیوں کی گدیاں میرے والے bedroom میں گدے پر رکھ دیں۔

سونے سے پہلے صبح ناشتے کے متعلق پوچھا۔ ڈاکٹر اور Guatemaltecans نے کہا کہ ہمارے لئے تو cheese اور ham وغیرہ کی sandwiches کافی مناسب ہیں اور میں نے کہا کہ میرے لئے دو انڈے ساڑھے تین منٹ ابلے ہوئے ایک سادہ toast اور کافی کا ایک mug۔ انڈوں کا سن کر بڑھیا سوچ میں غلطاں ہوگئی۔ میں نے پوچھا کہ کیا بات ہے کوئی پرابلم ہے۔

اُس نے جواب دیا: "ہمارا اس ہفتے کا انڈوں کا راشن ختم ہو گیا ہے اور bread بھی کم ہے البتہ دو تین قسم کے marmalade موجود ہیں اور cheese بھی دو تین قسم کا ہے۔ کوئی بات نہیں میں صبح تمہارے اٹھنے سے پہلے ہی کوشش کروں گی کہ کہیں باہر سے انڈے اور بریڈ مل جائیں۔" ہم تمام لوگوں نے کہا کہ رہنے دیں گزارہ کر لیں گے۔

"اُس نے اصرار کیا کوئی تکلیف نہیں میں نے صبح کو صاف پینے کی چیزیں اور راشن بھی خرید کرنی ہیں۔"

اس کے بعد ہم لوگ اپنے اپنے سونے کے کمروں میں چلے گئے۔ میں نے Dr. Etges سے کہا کہ تم bed پر آرام کرو اور میں نیچے گدے پر لیٹ جاتا ہوں۔ اُس نے ہنستے ہوئے جواب دیا:

"اگر میں بستر پر لیٹا اور میری نیچے نظر پڑ گئی تو تم تنگ دھڑنگ نہ جانے کیسی شکل میں ہوگے لہذا تم بستر پر لیٹ جاؤ۔" jetlog کی وجہ سے نیند کہاں آنی تھی اور تقریباً صبح کا وقت بھی ہو چکا تھا بہرحال ہم لوگ تو استراحت ہو گئے۔

Mrs. Gondolfo کے flat سے Hotel Rossia: مجھے نیند بہت کم آتی ہے اور ویسے بھی میں صبح جلدی بستر چھوڑ دینے کا عادی ہوں۔ غالباً سفر کی تھکان سے پورے تقریباً چار گھنٹے بیہوشی کے عالم میں بیت گئے ہونگے کہ میری آنکھ کھل گئی۔ میں نے اپنی گھڑی پر نگاہ کی تو اُس پر 7:38 کا وقت تھا۔ میں نے باتھ روم جانے کی ضرورت محسوس کی۔ درمیان والے پردے سے جھانک کر دیکھا Mrs. Gondolfo غائب اور اُسکی بیٹی Natasha بستر پر سو رہی ہے۔ میں نے ضبط کیا اور پھر آ کر بستر پر دراز ہو گیا۔ کوئی 9 بجے کا وقت تھا تو کسی نے دروازے کی گھنٹی بجائی۔ Natasha بجلی کی تیزی سے اٹھی اور دروازے کے peep hole میں سے دیکھ کر دروازہ کھول دیا۔ اس کی ماں ہاتھ میں دو تھیلے تھامے ہوئے اندر داخل ہوئی اور پھر دروازے کو تالا لگا کر زنجیر لگا دی۔ دونوں ماں بیٹی ناشتے کی تیاری میں جت گئیں۔ Guatemaltecans بھی اٹھ کر بیٹھ گئے۔ میں پھرتی سے باتھ روم میں گیا۔ چونکہ اب ایک گھنٹے میں پروگرام کے مطابق Intourist والے آفیسر کی آمد متوقع تھی لہذا جلدی سے نہا کر باہر نکلا۔ اس کے بعد میرے تینوں

Marfat.com

ساتھیوں نے بھی باتھ روم استعمال میں لایا۔ دس بجنے میں پانچ سات منٹ باقی تھے کہ ہم لوگ کمر بستہ تیار ہو گئے۔ 1956 سے جب میں انگلینڈ میں Ph. D کی ڈگری حاصل کرنے کیلئے تحقیق کر رہا تھا تو electric shaver سے تا حال شیو کرنے کا عادی ہوں مجھے کہیں بھی نظر نہ آیا مگر خوش قسمتی سے میرا شیور built-in battery کی مدد سے بھی operate ہو سکتا تھا۔ قریباً دس بجکر ایک دو منٹ ہوئے ہونگے تو دروازے کی گھنٹی بج گئی۔ بڑھیا نے peep hole میں سے دیکھ کر دروازے کا تالا کھول دیا مگر زنجیر رہنے دی۔ دراصل تھوڑا سا دروازہ کھل سکتا تھا۔ بند دروازے میں سے بڑھیا نے روسی زبان میں کوئی بات کی اور جواب ملنے پر زنجیر ہٹا دی۔

ایک نوجوان جس کی عمر قریباً بائیس سال ہو گی مسکراتا ہوا اندر داخل ہوا۔ ہم سب کو پہلے انگریزی پھر Spanish میں صبح کا سلام کہا۔ پھر کہا کہ میرا نام Nikita ہے مگر آپ مجھے Niki کے نام سے پکار سکتے ہیں۔ میں Intourist کی طرف سے حاضر ہوا ہوں اور آپ لوگوں کو ہوٹل Rossia میں لے جانے کیلئے limousine (limo) کھڑی ہے۔ آپ لوگ اطمینان سے ناشتہ کریں کوئی جلدی نہیں۔ وہ بار بار ایئرپورٹ پر نہ آ سکنے کی وجہ سے ہماری رات کی تکلیف کیلئے معذرت کرتا رہا۔ قریباً آدھ گھنٹے کے بعد ہم سب ناشتے سے فارغ ہوئے۔ بڑھیا اور اس کی بیٹی کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ ہم سب نے اسے اپنے اپنے پتہ جات دیئے اور اس نے بھی ہم سب کو اپنا پتہ دیا۔ میں نے واپس وطن پہنچ کر بڑھیا کو کئی خطوط لکھے مگر کوئی جواب نہ آیا۔

Intourist کے آفیسر نے بھی ہمارا سامان اٹھانے میں مدد کی۔ کالے رنگ کی کار چھ دروازے اور ڈرائیور وردی میں ملبوس۔ ہم نے ایسے محسوس کیا کہ جیسے ہم کسی ملک کے پریذیڈنٹ ہوں۔ قریباً ڈیڑھ گھنٹے میں مختلف شاہراہوں پر سے ہوتے ہوئے جن کے دونوں طرف درخت لگے ہوئے تھے ہم Rossia ہوٹل پہنچ گئے۔ تمام راستے آفیسر ہم سے معذرت کرتا رہا اور یہی پوچھتا رہا کہ اس وقت ایئرپورٹ آفس میں ڈیوٹی پر اس وقت کون تھا۔ ایسا کیوں ہوا؟ جو بھی ڈیوٹی پر ہوگا اور آپ جیسے پڑھے لکھے مہمانوں سے یہ سلوک کیا اسے یقیناً معاف نہیں کیا جائیگا۔

ہماری کار ہوٹل Rossia کے شمال والے دروازے کے سامنے رکی۔ ڈرائیور نے نیچے اتر کر گاڑی کے دروازے کھولے۔ ہم پانچوں نیچے اترے۔ Niki نے دو porters کو روسی زبان میں سامان اٹھانے کیلئے کہا وہ دو ٹرالیاں لے آئے۔ Niki آگے آگے ہم پانچوں اس کے پیچھے پیچھے porters دوسرے دروازے سے لفٹ کے پاس پہنچ گئے۔ ہم Reception desk پر پہنچے۔ Niki نے ہم سب سے پاسپورٹ، دعوت نامے اور ہوٹل کے vouchers طلب کئے جو ہم نے دے دیئے۔ مجھے کمرہ نمبر 578 جس کا مطلب ہے کہ پانچویں منزل اور 78 نمبر کمرہ کی چابی تھما دی۔ اسی طرح دوسرے میرے ساتھیوں کو بھی Dr. Etges کا بھی میری طرح single اور Guatemaltecans کا ڈبل تھا۔ ہم نے Niki کا شکریہ ادا کیا اور وہ یہ کہہ کر چلا گیا کہ ہو سکتا ہے اتنی بڑی کنونشن میں آپ لوگوں سے دوبارہ ملاقات نہ ہو سکے اور یہ بھی پتہ نہیں کہ میری ڈیوٹی کہاں ہو البتہ ہم نے اپنے اپنے ملکوں کے پتے اسے دے دیئے۔ Niki سے چند سال تو میری خط و کتابت باقاعدہ رہی مگر اس کے بعد میرے خطوط کے جوابات آنے بند ہو گئے۔

اب میں ایسے کسی بڑی پرانی پرانی طرز کی ہوٹل میں لفٹ استعمال کرنے سے گھبراتا ہوں۔ ہوٹل کی لابی تقریباً کنونشن میں حصہ لینے والوں سے بھری ہوئی تھی۔ لوگ مختلف ڈیسکوں پر رجسٹریشن کروا رہے تھے۔ میرے چند ایک جاننے والے دوسرے سائنسدان سے "Hello, hello" بھی ہوئی مگر سیڑھیوں سے چڑھ کر اپنے کمرے تک جانے کا مشکل مرحلہ تھا۔ ہوٹل کا گارڈ مجھے سیڑھیاں استعمال کرنے کی اجازت نہیں دے رہا تھا۔ قریب سے ایک پولش سائنسدان خاتون Niewiadomska گزری۔ اگرچہ ہم ایک دوسرے سے پہلے بھی نہ ملے تھے مگر میں اس سے انگلش میں خط و کتابت کیا کرتا۔ میں نے اسے روکا اور اپنا تعارف کرایا وہ بڑی خوش ہوئی پھر میں نے اسے پرابلم سے آگاہ کیا۔ میں تو روسی زبان نہیں جانتا۔ میں لفٹ attendant اور سیڑھیوں والے گارڈ سے بات کرنا چاہتا ہوں اگر روسی زبان میں میرا مسئلہ سمجھا سکو تو مشکور ہونگا۔ اس نے کہا اور بات ان کی سمجھ میں آ گئی میرے دوست تو لفٹ سے پانچویں منزل کو پہنچے اور میں ایک گارڈ کے ساتھ سیڑھیاں چڑھنے لگا۔

ہر منزل پر فوراً گارڈ نہیں ہوتا اور میرے ساتھ والا گارڈ اسے حالات سے آگاہ کرتا ہم اسی طرح پانچویں منزل پر آ گئے۔

Marfat.com

میرا سامان میرے پہنچنے سے پہلے ہی لفٹ کے باہر پڑا ہوا تھا۔ لفٹ سے بائیں ہاتھ corridor میں ایک ادھیڑ عمر کی Russian عورت جو کہ فلور کے اسی سیکشن کی دیکھ بھال پر معمور ایک میز کے پیچھے بیٹھی ہوئی تھی۔ وہاں سے با آسانی corridor کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک دیکھ سکتی۔ جونہی میرے ساتھ والا گارڈ اور میں اس کے قریب آئے تو میرے ساتھی گارڈ نے اس سے چابی اور میں نے بھی چابی دکھائی وہ میرے کمرے کی طرف چل دی۔ میں واپس لوٹا اور اپنے دونوں سوٹ کیس (یہاں کوئی پورٹر وغیرہ کی سہولت موجود نہ تھی) اٹھا کر دوبارہ اپنے کمرے کی جانب چل دیا۔ نگہبان عورت نے میرے ہاتھ سے چابی لی اور دروازہ کھول کر ہم دونوں اندر داخل ہو گئے۔ bedroom کے اندر سامان رکھ دیا۔ اپنا ٹرولی بیگ بھی کمرے کے bed پر رکھ دیا۔ یہ عورت تھوڑی بہت انگریزی جانتی تھی۔ اس نے مجھے کمرے کی سہولتوں کے بارے میں آگاہ کیا۔ جاتی دفعہ تاکید کی کہ دروازے کو اندر سے بند کر لیں لیکن بند دروازے کو زنجیر بھی لگا لیا کرو اور جب جاؤ تو چابی میرے پاس جمع کروائے جانا۔

پیشتر اس کے کہ آگے چلیں کمرے کی تفصیل سن لیجیے جو کچھ یوں تھی۔ کمرے کا دروازہ ایک چھوٹے سے ہال میں کھلتا تھا جس کی بائیں جانب ایک اور تنگ دروازہ جو باتھ روم کا تھا۔ باتھ روم میں commode نصب تھا اور گرم پانی کے shower کے ایک چھوٹا سا washbasin ہوتے تھے۔ ہر دو ٹوٹیاں آنے سے پہلے کھولنی پڑتی تھیں تو پتہ چلتا کہ ہوا آتی ہے یا پانی سپلائیوں وغیرہ کے بال دیئے جاتے ہیں۔ اسی قسم کے دو بہت ہی rough اور گھٹیا تولیے India سے بنے ہوئے تھے۔ صابن کی بجائے مچھلیوں کی شکل کی چھوٹی چھوٹی ٹکیاں رکھی گئیں اور صابن بھی ہوٹل کا ہی بنا ہوا تھا۔ washbasin کے اوپر ایک آئینہ لگا ہوا تھا۔ اس کے پیچھے والی قلعی کافی جگہوں سے ختم ہو چکی تھی اور اس کے ساتھ لگا ہوا ایک holder جس میں toilet roll نہایت ہی کھردری اور گھٹیا قسم کا تھا۔ bedroom قریب 8*10 کا ہوگا جس کے شمالی کونے میں ایک چھوٹا بیڈ جس کے ساتھ ہی ایک میز پڑا ہوا۔ جنوب کی طرف دیوار کی بجائے شیشہ جس میں سے Volga دریا ہوٹل کے قریب سے بہتا ہوا نظر آتا تھا۔ ایک کرسی کا میز بوسیدہ سا سنگل صوفہ کرسی اور فرش پر بوسیدہ قسم کا کارپٹ بچھا۔ bed کا گدا بھی آرام دہ نہ تھا۔ چادریں بہت سفید چادر ایک چھوٹا تکیہ اور دو عدد موٹے موٹے کمبل بستر کی زینت تھے جس کی دائیں طرف ایک چھوٹے سے میز پر ٹیلیفون پڑا تھا۔ جنوب کے شیشے پر ایک پردہ جو درمیان میں سے دونوں طرف با آسانی ہٹایا جا سکتا۔ ہال کی دائیں دیوار میں باتھ روم کے بالکل ساتھ ایک wardrobe تھی مگر نام نہاد کی hanger وغیرہ کی سہولت سے بے نیاز تھی۔ کمرے کی حالت دیکھ کر دل کی حالت کچھ عجیب سی ہو گئی۔ اپنے سامان کو ترتیب سے رکھا۔ ہر چیز کا جائزہ لیا اور دروازے کو باہر سے مقفل کیا۔ اس نگہبان عورت کو میں نے چابی تھما دی۔

یہ سب کچھ ہوتے ہوتے ہوٹل کی لابی میں کوشش کی registration کی غرض سے پہنچا کہ یہ معلوم کر سکوں کہ کہاں جانا ہے۔ شاید انہیں بتا دیا گیا تھا میری خوشی کی۔ ہوٹل کی lobby میں کوشش میں شریک ہونے والوں کی رجسٹریشن ہو رہی تھی۔ حد کا وقت گزر چکا تھا مگر خلاف توقع کافی بڑی رش والا افت سے وقت گزر رہے تھے۔ مختلف ممالک کے مختلف counters پر کافی لوگ کھڑے تھے۔ سب سے زیادہ بھیڑ تھی۔ میں نے دیکھا کہ کافی ممالک کے شرکاء نے اپنی رجسٹریشن کروا لی ہے۔ رجسٹریشن فیس 45 ڈالر دینی پڑی۔ یہ فیس بین الاقوامی کوشش کا حصہ ہوتی ہے۔ ادائیگی کے بعد مجھے کوشش میں شرکت کی اجازت دی گئی۔ رجسٹریشن کے بعد مجھے کوشش کے شرکاء میں شمار کیا گیا۔ مجھے ایک بیگ دیا گیا جس میں کافی چیزیں تھیں۔ نہایت اعلیٰ قسم کا بیگ (اب میرے پاس بھی موجود ہے) دیا گیا جس میں کانفرنس کے brochures اور مختلف قسم کی چھوٹی موٹی کتابوں میں سائنسدانوں کے مضامین خلاصے (ضمیمہ 153) تین عدد تصاویر اور ایک badge موجود تھے۔ badge پر میرا نام Dr P Nasir Venezuela لکھا ہوا تھا۔ جب میں نے پوچھا کہ یہ کیوں لکھا ہے تو بتایا گیا کہ یہ میری غلطی ہے۔ دوسرے ممالک کے سائنسدانوں سے ملاقات ہوئی جن سے اب تک رابطہ ہے اور جن سے ملاقات کا ذکر بھی شامل تھا۔

تو قارئین اب قریب پانچ بجے کا وقت تھا۔ میں نے سوچا کیوں نہ بیگ کو کمرے میں رکھ آؤں۔ کافی کا وقت ہونے کو آیا تھا۔ ایک گھنٹہ پہلے ہی تیاری ہو چکی تھی جب میری باری آئی تو کافی ختم ہو گئی۔ دریافت کرنے پر بتایا گیا کہ دوسری منزل پر ایک اور سینٹ بار ہے جہاں کافی مل جاتی۔

Marfat.com

چند ایک اور سائنسدان ہمراہ تھے۔ سیڑھیاں چڑھتے ہوئے وہاں پہنچے مگر شومئی قسمت سے وہاں بھی کافی ختم ہو چکی تھی۔ ناچار ہوٹل کے groundfloor پر Red Square کی جانب اسی ہوٹل کا ایک ریسٹورینٹ تھا، وہاں پہنچے تو کافی پینا نصیب ہوئی اور یہ تھا میرے پہلے دن کا روسی زندگی کا تجربہ۔

جیسا کہ بین الاقوامی کانفرنسوں میں ہوتا ہے پہلا دن رجسٹریشن وغیرہ کے بکھیڑے میں ہی بیت گیا۔ کھانے وغیرہ کی تو مجھے بھوک نہیں تھی کیونکہ jetlog کی وجہ سے میرا جسمانی نظام درہم برہم ہو چکا تھا۔ آرام کرنے کو ترجیح دی لہذا میں سیڑھیاں چڑھتا ہوا اپنے کمرے والے فلور پر پہنچ گیا۔ نگہبان عورت سے چابی حاصل کی اور اپنے کمرے کا دروازہ کھول کر اندر داخل ہوا۔ دروازہ اندر سے بند کیا۔ کافی اپنے چہرے سے اتار کر بستر پر دراز ہو گیا اور یہ بستر کیا تھا یقیناً کسی پاکستان کی تحصیل کے ہسپتال کے general ward کے beds کی طرح کے تھے جن کے springs تو برسوں کے مسلسل استعمال کی وجہ سے اپنی لچک ختم ہو چکے تھے اور بستر پر دراز ہوتے ہی پشت مدد کے بغیر base پر جا لگتی تھی۔

کمرے میں صرف پڑھنے کیلئے ٹیبل لیمپ جو نہایت گھٹیا قسم کا اور زنگ آلود تھا اس میں نصب بلب ایسا تھا کہ زندگی میں اس سے کم power کا بلب پوری دنیا میں نہ دیکھا۔ مجبوراً اس شیشے کی دیوار سے پردے ہٹا دیئے تاکہ باہر سے کچھ روشنی کمرے میں آئے اور میں کم از کم بند مضامین کے خلاصے پڑھنے کی کوشش شروع کی اور اپنے section کو جس میں میرا مضمون تھا mark کیا۔ اس سیشن میں 23 اور پڑھے جانے والے سائنسدان تھے مگر عجیب ہوا تھا کہ اس موضوع پر ایک سائنسدان ہی اپنا مضمون پڑھے گا اور باقی صرف بیٹھے۔ خوشی تو اس بات کی تھی کہ اتنی بڑی کانفرنس میں میرے paper کا resume شائع کیا گیا جبکہ یہ بھی ممکن تھا کہ مضمون بھی کانفرنس میں میں ہی پڑھتا۔ متذکرہ کانفرنس میں تقریباً چھ ہزار سائنسدانوں کا اجتماع تھا اور ویسے بھی چھوٹے موٹے سائنسدان کے اجتماع میں ہوٹل کی سنیک بار وغیرہ میں ہوتے ہیں۔

انہی خیالوں میں نہ جانے کب نیند کی دیوی نے اپنی آغوش میں لے لیا جب آنکھ کھلی تو صبح کے دو بجے کا وقت تھا مگر باہر ابھی تک سورج کی روشنی تھی۔ مجھے بعد میں انکشاف ہوا کہ شمالی ممالک کے باشندے سورج کی روشنی کے لحاظ سے سوتے نہیں جاگتے ہیں بلکہ اپنے وقت کے مطابق سونے جاگنے کا معمول بنا لیتے ہیں۔ مثلاً میرے جیسا آدمی جس کی عادت رات نو بجے سونا اور 4-47 پر اٹھ بیٹھنا ہے۔ وہ اسی مطابقت سے اپنے معمولات کے اوقات کی پابندی کرے گا۔ سوچا ٹی وی سے دل بہلایا جائے مگر جو بھی چینل بدلا ایک ہی پروگرام نظر آیا اور وہ بھی نہایت بوریت کا موجب بن گیا کیونکہ بور قسم کا روسی زبان میں وہی مرغ کی ایک ٹانگ والی بات تھی لہذا ٹی وی کو آف کرنے میں ہی عافیت جانی۔ کمرے میں پڑے گھٹیا قسم کے ریڈیو کے switch کو on کیا مگر یہ بھی Scandanavian یا کسی مشرقی یورپ کی زبان میں پروگرام تھے۔ گھبرا کر اسے بھی خاموش کر دیا پھر سو جانے کو ہی غنیمت جانا مگر اب جو سے وجہ سے نیند قریب نہیں آ رہی تھی۔ ٹیلیفون سے استفادہ کے خیال سے متعدد نمبر ڈائل کئے کہ شاید کہیں ہوٹل میں night service سے contact ہو جائے مگر بے سود۔ بعد میں معلوم ہوا کہ ٹیلیفون پر سب سے پہلے اپنے فلور کے متعلقہ corridor کی نگہبان سے بات کرنی چاہئے پھر وہ آپ سے بات کروا سکتی ہے۔ بہر حال شدت سے کروٹیں بدلتا رہا جبکہ تا حال باہر تھوڑی روشنی تھی۔ کوئی آٹھ بجے کے قریب میں نہایا دھویا مگر تولیہ جو استعمال میں لایا تو جسم پر سرخ دھبے عود کر آئے۔ چونکہ تولیہ اسقدر کھردرا تھا۔ اس ہوٹل کے ہر چوتھے پر تو مختلف منزلوں پر سنیک بار وغیرہ کا انتظام تھا۔ میں نے نگہبان سے پوچھا تو اس نے مجھے گائیڈ کیا کہ ابھی تک کوئی سنیک بار کھلی نہیں ہے۔ تقریباً دس بجے کے قریب یہاں کام شروع ہوتے ہیں چنانچہ میں دس بجنے کے تھوڑی دیر بعد اپنے corridor کی اوپر والی منزل کی سنیک بار میں گیا تو وہاں انڈے تھے ہی نہیں۔ تیسری منزل کی سنیک بار میں گیا وہاں انڈے دستیاب تھے اور میں نے حسب معمول اپنا ناشتہ کیا۔

Hotel Rossia and Beiroska: قارئین! آگے چلنے سے پہلے اب ہوٹل Rossia سے متعلق تفصیل ملاحظہ کیجئے۔ راقم گیارہ دن اس ہوٹل میں رہا۔ اگرچہ میں نے چودہ دن کیلئے payment کی ہوئی تھی مگر روسی زندگی سے اسقدر تنگ آ گیا

Marfat.com

کہ قبل از وقت ہی لوٹنے کی ٹھان لی۔ کانفرنس تو سات دن چلنی تھی اور میں کانفرنس کے فوراً بعد واپس جانا چاہتا تھا لیکن روسی نظام ... تھا۔ Intourist والے میرے ہوٹل سے ائیرپورٹ پر جانے اور میری Return booking کی طرف دھیان ہی نہ دے رہے تھے۔ ہوٹل میں روس کی انٹرنیشنل ائیرلائن Aeroflot کے کاؤنٹر پر بکنگ کے لئے کئی دفعہ گیا مگر تمام flights بک ہو چکی ہوتیں اور اس انتظار میں میں چار دن اور رک گئے۔ بالآخر خدا نے میری فریاد سن لی اور پانچویں دن میری واپسی کی بکنگ ہو گئی جیسا کہ میں نے بتایا ہے کہ چودہ دن پہلے payment کی جا چکی تھی۔ تین دن کی رقم لوٹانے کے تقاضے پر جواب ملا کہ یہ رقم آپ کے ایڈریس پر ارسال کر دی جائے گی۔ جب میں وطن واپس پہنچا تو کئی reminders بھیجنے کے باوجود رقم نہ ملی۔

یہ بہت بڑا ہوٹل اور اس کی وسعت کا احاطہ ممکن نہیں جیسے ایک شہر آباد ہو۔ Toronto, Canada میں بھی ایک ... Sheraton Centre ہوٹل مگر ہوٹل Rossia کمروں اور پھیلاؤ کے لحاظ سے کہیں بڑا ہے۔ میں اپنے آپ کو ماسکو کے شب و روز سے مطابقت اختیار نہ کر سکا۔ آدھی رات کو بھی دن کا سماں۔ میں اپنے سونے کے وقت کے لحاظ سے کوئی دس بجے ... کی طرف شیشے کی دیوار کے پردے مکمل طور پر کھینچ دیتا تاکہ سورج کی روشنی داخل نہ ہو سکے مگر میرا Biological clock تھا readjust ہی نہ ہو پاتا اور پہلو بدلتے رہنے کے باوجود نیند نہ آتی۔ سب سے زیادہ پریشانی کا موجب میرا ناشتہ تھا۔ مجھے پتہ چل چکا تھا کہ دس بجے کے قریب میں تیسرے دن اپنی منزل سے اوپر والی منزل پر ناشتہ لینے گیا اور مخصوص order دیا مگر waitress نے ٹوٹی پھوٹی انگریزی میں جواب دیا کہ انڈے تو نہیں ہیں کسی دوسری منزل پر دستیاب ہوں گے۔ ہوٹل کی ... منزل پر گیا تو وہاں پر انڈے تو دستیاب تھے مگر کافی ندارد۔ انڈے اور toast تو وہاں ہی کھائے مگر کافی ... ایسا اتفاق بھی ہوا کہ ہوٹل کی lobby میں کافی کے counter پر لائن میں کھڑے انتظار کر رہے ہیں تو باری آنے پر کافی ختم ... دوسرے counter کی طرف دوڑ لگا دیتے اور کبھی تو ایک floor سے دوسرے floor پر جانا پڑتا۔

کھانے کے لئے میں ہوٹل کے ایک دوسرے ریسٹورنٹ میں وارد ہوا جو نہایت عالیشان ... waiters اِدھر اُدھر چل پھر رہے تھے۔ دیکھتے ہی ... تمام میزوں ... میں ایک میز پر ... جا بیٹھ گیا۔ وہاں Uganda کے دو حبشی سائنسدان اور ایک Brussels کا سائنسدان بیٹھے ہوئے تھے۔ ... میں نے یوگنڈا کے سائنسدان سے پوچھا: "آخر معاملہ کیا ہے کہ اس میز کی طرف کوئی بیرا آتا ہی نہیں۔"

اس نے جواب دیا کہ ہم لوگ بھی کافی دیر سے یہاں بیٹھے ہوئے ہیں کئی بار بلایا بھی ہے مگر کسی کو کوئی توجہ نہیں۔ میں سمجھ گیا کہ یہ کوئی نسلی امتیاز کا شاخسانہ ہے اور Brussels کے باشندے نے بھی مجھ سے اتفاق کیا کہ یہ ... ہے میں تو اب تک انتظار کر رہا ہوں۔

"میں جانے والوں میں سے نہیں ہوں میں تو اسی میز پر dinner کروں گا"۔ میں نے ذرا اونچے لہجے میں کہا۔

اس نے مشورہ دیا: "تمہیں ان لوگوں کا پتہ نہیں۔ متعصب ذہنیت کے لوگوں سے کچھ بھی بعید نہیں۔ کہیں کسی مصیبت میں نہ پھنس جانا۔"

مگر میں کب باز آنے والا تھا۔ فوراً میں نے اٹھ کر پہلے ہسپانوی پھر انگریزی زبان میں Head-waiter صاحب کو ... ایک کونے پر ... waiters کے ساتھ ... دوسرے لوگ چونک پڑے کہ یہ عجیب شخص ہے جو اس قدر ... میں ... شور مچا رہا ہے۔ Brussels والے صاحب تو وہاں سے کھسک گئے۔ Head-waiter ایک waiter سمیت ہاتھ میں menu لئے آن پہنچا تو میں نے بلند آواز سے کہا: "menus ان صاحبان کے لئے بھی لاؤ۔"

وہ مینو آئے جن پر مختلف items تھیں۔ ایک تو Hungarian goulash تھی میں نے منگوایا۔ ... نے اس کا آرڈر دیا۔ دوسرے صاحبان نے بھی اپنی پسند کا آرڈر دیا۔ کھانا کھانے کے بعد میں وہاں سے چلنے لگا تو لوگ میری طرف حیرت سے دیکھ رہے تھے۔ عجیب بات ہے کہ یوگنڈا کے ان دو صاحبان نے کھانے کے دوران مجھ سے کوئی بات نہیں کی مگر میں نسلی امتیاز کی بندش کو توڑتا رہا۔

Marfat.com

ایک شام راقم اور چند دوست جن میں ایک مدراس، ہندوستان کا، کالے رنگ کا ہندو سائنسدان بھی میرے کمرے میں بیٹھے ہوئے تھے اور باتیں کرتے کرتے قریباً دو گھنٹے بیت گئے۔ اچانک کسی نے دروازہ کھٹکھٹایا۔ میں نے دروازہ کھولا تو تین آدمی جو سفید وردی میں ملبوس تھے کمرے میں داخل ہونے لگے۔ چونکہ انداز جارحانہ تھا میں نے پوچھا کیا بات ہے؟ ان میں سے ایک بولا: "بجلی چیک کرنے آئے ہیں۔" میں نے جواب دیا: "یہاں تو کوئی خرابی نہیں۔" مگر وہ اندر داخل ہو گئے اور مختلف تاروں سے بلا جواز چھیڑ چھاڑ کرنے لگے ساتھ ہی ساتھ ہمیں سہمانے والی نظروں سے دیکھتے رہے۔ کئی بار تو ایسے ہوا کہ میری غیر موجودگی میں جیسے کوئی کمرے میں داخل ہوا ہو اور سامان وغیرہ بکھرا ہوا ہوتا، یا کوئی سامان جو کہ رکھا ہوا ہوتا اپنی جگہ پر موجود نہ ہوتا تھا۔ بعد میں مجھے بتایا گیا کہ اکثر ایسا ہی ہوتا ہے۔ مجھے احساس ہوا شاید KGB کے آدمی ایسا کرتے ہوں۔

ہوٹل کے گراؤنڈ فلور میں شرقی طرف ایک Duty Free Shop تھی جسے Russian زبان میں Beiroska کہتے ہیں۔ وہاں پر آپ کسی بھی غیر ملکی کرنسی سے سامان خرید سکتے ہیں اور آپ کو اسی کرنسی میں واپس ریزگاری ملتی ہے۔ میں نے کچھ قیمتی پینٹنگز اپنے دوستوں کیلئے Venezuela میں تحفے کے طور پر دینے کیلئے خریدیں۔ چار مشہور Russian dolls sets (ایک کے اندر دوسری چھوٹی ہوتی چلی جاتی ہیں) کے خریدے۔ ایک عمدہ چمڑے کا travel bag اور اسی نوعیت کے چھوٹے اور تحفے تحائف اپنی بیوی کیلئے خریدے۔ کل رقم جو بنی 725 $ تھی۔ جو کہ cash-register پر بیٹھی ہوئی لڑکی کو میں نے ایک ہزار ڈالر کے Traveller's check سے ادا کیے۔ اس نے مجھے رسید اور بقیہ رقم ڈالرز میں ریزگاری کیلئے دیئے اور میں نے اپنے کمرے کا رخ کیا۔

رات Bolshoi تھیٹر کے قریب سائنسدانوں کا ایک function تھا۔ وہاں جانے کیلئے میں نے کپڑے تبدیل کئے۔ ریزگاری گننے پر انکشاف ہوا کہ صرف 35 $ تھے جبکہ 275 $ ہونے چاہیے تھے تو اسی وقت رسید اور ریزگاری ہاتھ میں لے کر جب باہر نکلا تو ہوٹل سے نکلتے ہوئے راستے میں مجھے ایک سائنسدان ملا جو Antwerp, Holland کا رہنے والا تھا۔ میں نے یہ حقیقت اسے بتا دی تو اس نے ہمدردانہ تجویز دی کہ بہتر ہے تم خاموشی اختیار کرو۔ خدشہ ہے کہ کسی مصیبت میں گرفتار نہ ہو جاؤ۔ مگر میں نے اپنے ارادے کے مطابق Beiroska میں پہنچ کر دم لیا۔

وہاں کاؤنٹر پر وہ لڑکی موجود نہ تھی۔ میں نے supervisor سے بات کی۔ پہلے تو اسے یقین نہ آیا مگر میرے رسید دکھانے پر اسے یقین ہو گیا کیونکہ میں نے رقم فوراً ہی گن لی تھی چنانچہ اس نے مجھے لڑکی تلاش کرنے کو کہا۔ لڑکی تو وقتی طور پر نہیں مل رہی تھی مگر پتہ چلا کہ وہ دو منٹ کی دوری پر ہے۔ چونکہ اس لڑکی کی ڈیوٹی off ہو چکی تھی اور اس کے خیال کے مطابق لڑکی ابھی Beiroska سے باہر نہیں گئی ہو گی۔ اس نے Public adress system پر اپنی زبان میں کچھ اعلان کیا جو اس لڑکی سے متعلق تھا۔ تھوڑی دیر بعد وہ مجھے پیچھے ایک کمرے میں لے گیا۔ خود تو ٹیبل کے پیچھے بیٹھ گیا اور مجھے دائیں ہاتھ کی نشست پر بیٹھنے کو کہا۔ ایک کو بلایا اور اسے کچھ اپنی زبان میں کہا تو تھوڑی دیر بعد چار لڑکیاں کمرے میں داخل ہوئیں۔ میں نے فوراً مذکورہ لڑکی کو پہچان لیا۔ اس نے باقی تین لڑکیوں کو جانے کی اجازت دے دی مگر اس لڑکی کو detain کر لیا۔ لڑکی سمجھ گئی کہ معاملہ کیا ہے۔ اس لڑکی کی شکایت سے ہوا کہ تیری ... اس لڑکی کی آنکھوں میں بیچارگی سے آنسو امڈ آئے اور اس نے تسلیم کر لیا کہ اس نے ریزگاری کم دی تھی۔ اس آدمی نے مجھے ایک فارم پر دستخط کرنے کو کہا مگر میں نے پہلے تو دستخط کرنے سے انکار کیا اور اس سے پوچھا کہ اس فارم پر کیا لکھا ہوا ہے کیونکہ یہ روسی زبان میں تھا۔

"یہ ایک Complaint form ہے اور لڑکی اپنے جرم کا اعتراف بھی کر رہی ہے محکمہ اس کے خلاف ایکشن لے گا۔" اس نے وضاحت کی۔

"کس قسم کا ایکشن؟" میں نے پوچھا۔

"یہ ہمارا طریق کار ہے۔" جواب ملا۔

ممکن تھا اس لڑکی کو Siberia یا کہیں اور سزا کے طور پر بھیج دیا جاتا۔ مجھے لڑکی کی حالت پر رحم آیا اور کہا کہ مجھے صرف باقی رقم چاہیے اس سے، وہ مجھے مل گئی، کارروائی سے غرض نہیں۔

Marfat.com

''دوبارہ سوچ لو۔ یہ بات جب تم اپنے ملک میں ہوتے تو وہاں کے لوگوں کا کیا ردعمل ہوتا!''

''زبان تو کوئی کسی کی بند نہیں کر سکتا میں کسی سے کہوں یا نہ کہوں۔ آپ کا اس سے کیا واسطہ؟ اس مجھے صرف میرے ڈالر چاہئیں۔''

اس کے بعد وہ لڑکی سے مخاطب ہوا۔ بیچاری کی حالت قابل دید تھی مگر جس لہجے میں پولیس افسر بات کر رہا تھا، اتفاق سے لڑکی کے رویہ پر دھچکا تھا۔ اس نے لڑکی کو تو بھیج دیا خود اٹھ کر باہر گیا اور مجھے 240 $ پیش کر دیئے گیا اور انگریزی زبان میں مجھ سے معافی کا خواستگار ہوا کہنے لگا:

''اس قسم کے بددیانت لوگ دنیا کے ہر خطہ میں ملتے ہیں۔''

جب میں Beiroska سے باہر نکلا تو چند ایک میرے ملنے والے انتظار میں کھڑے تھے۔ اس شخص نے کیا سماں دکھایا

Moscow (Moskva) کے چند واقعات اور سیاسی پارٹیاں

Moscow: مغربی روس میں 400 میل (640 km) St. Petersburg کے جنوب مشرق میں اور 600 میل (960 km) پولینڈ کی سرحد سے دور ہے۔ دریائے Moskva کی وادی۔ Oka دریا کی معاون ندی جو کہ Volga دریا سے ملتی ہے۔ دو دریاؤں Upper-Oka اور Upper Volga کے درمیان یورپین روس کے وسیع میدان میں واقع ہے۔ دریا Moskva اس شہر کے درمیان میں سے ہوتا ہوا اور Oka دریا سے جا ملتا ہے جس کی یہ ایک معاون شاخ ہے۔ دریائے Moskva میں جہاز بھی چلتے ہیں۔ ماسکو کی آب و ہوا براعظم یورپ کی طرح ہے اور بحر اوقیانوس سے مغربی ہوائیں اس پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ سردیوں کافی ٹھنڈی ہوتی ہیں اور درجہ حرارت جنوری میں 14 F یا 18 C- اور گرمیوں تھوڑے وقت کے لیے اوسط درجہ حرارت 64 F (18 C) ہیں ان موسم میں ... اکثر بارشیں ہوتی رہتی ہیں۔ اوسط بارش 23 Inches ہے۔

rings اور radials کا pattern، ماسکو کی ترقی کی تاریخی stages کو ظاہر کرتا ہے۔ ... ترقی کے ... Boulevard Ring، Golden Ring، Railway، Moscow Little Ring اور Moscow Ring Road سے اخذ کیے جا سکتے ہیں۔

1960 سے 1980 کی دہائی کے درمیان تک Moscow Ring Road شہر کی administrative limit تھی۔ لیکن اس کے بعد کی اور مقامات Ring Road اور green belt سے ... شامل ... Moscow کا تاریخی ... Kremlin کی قلعہ بندی کی حد جس کے ... battlements (ضمیمہ 154) 20 towers (19 پر spires) جو کہ پندرہویں صدی سے ... Kremlin میں روسی گورنمنٹ کی meetings ہوتی ہیں۔ جن میں پرانی Senate Building (1776-1788) Kremlin Great Palace (1839-1849) اور جدید Palace of Congress (1960-1961) ہیں۔ Kremlin میں دیگر عمارات Central Cathedral Square میں cathedrals ... روسی architecture کے عروج کے زمانے کے شاہد ہیں۔ پندرہویں صدی کی ... صدی ... اور مختلف دور کے groups کی عمارات Ivan III the Great کا bell tower، Armoury Museum اور Arsenal (1702-1736) تک ... Moscow Canal ... ہے۔ Volga دریا کی مختلف نہریں ماسکو اور یورپین روس کے اندرونی تمام شہروں کو سمندر سے ملاتی ہیں۔

ماسکو شہر کو تین حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

ا۔ اندرونی حصہ

Kremlin سے لے کر Boulevards or Sadovoye کے شہری حد تک

Marfat.com

۲۔ درمیانی حصہ

تقریباً Circular railway تک محدود ہے۔ مختلف Railway lines جو کہ شہر میں داخل ہوتی ہیں ان کو connect کرتا ہے۔

۳۔ بیرونی حصہ

Circular railway سے 68 میل (110 کلومیٹر) لمبے Circular highway تک جو شہر کی boundary ہے۔

اندرونی حصہ (Inner City) میں Historical core-Kremlin اور اعلیٰ انتظامیہ کے دفاتر واقع ہیں یہ حصہ cultural اور تجارتی سرگرمیوں کا مرکز بھی ہے۔

درمیانی حصہ۔ Moscow Industry کی periphery ہے زیادہ تر manufacture یہاں ہی ہوتی ہے اور اس حصے میں ریلوے کے terminals ہیں۔

بیرونی حصہ (Outer Zone) کی حال ہی میں urbanization ہوئی ہے جہاں پر رہائشی blocks ہیں اور کافی چوڑی streets۔ Mrs Gondolfo (جس کا ذکر پہلے کیا جا چکا ہے) کا فلیٹ بھی اسی حصہ میں تھا۔ اس حصے کے اردگرد چھ میل (دس کلومیٹر) چوڑی green belt اور یہاں development کو کنٹرول کیا گیا ہے۔

Hotel Ross a دریائے Moskva اور Red Square کے درمیان واقع ہے۔ جہاں یہ ہوٹل تعمیر کیا گیا ہے وہاں ایک بہت پرانا قصبہ تھا Zaryadie جو کہ ایک معمولی کاروباری مرکز تھا۔ کچھ عرصہ کیلئے یہ مرکز یہودیوں کا ghetto بھی رہا۔ ہوٹل Rossia میں مختلف منازل پر نصف درجن چھوٹے چھوٹے snack bars بلکہ پہلی اور دوسری منزل پر میں نے بڑے بڑے dining halls بھی دیکھے ہیں۔ ممکن ہے کئی اور منازل پر بھی ہوں۔

Kremlin: قدیم یونان Acropolis (ضمیمہ 155) پرانے Russia کے شہروں کی خاصیت کو Kremlin کہا جاتا ہے۔ جسکے گرد Moscow شہر ترقی ہوئی ہے۔ اس کی شکل Isosceles تکون کی طرح جس کی ایک دیوار Moscova دریا سے متوازی ہے۔ اس کی فصیل دیواریں جو کہ بھوری رنگ کی اینٹوں سے بنی ہوئی ہیں اور اس کو battlements محیط کرتے ہیں جن میں پانچ دروازے ہیں۔

1۔ Borovitzkiye یہ 1490 میں barwood سے بنایا گیا۔ bar wood افریقہ کی سخت سرخ لکڑی اور درخت کا نام ہے۔ Baphia nitida سے مراد ایک لکڑی عام استعمال میں لائی جاتی ہے جسے Padouk یا Padauk کہا جاتا ہے۔ یہ مختلف Leguminaeus درخت کے genus *Pterocarpus* سے تعلق رکھتے ہیں۔ سے کاٹتے ہیں اور یہ درخت مغربی افریقہ، جزائر Andaman، Burma (Myanmar) اور Thailand میں پائے جاتے ہیں۔ سرخ رنگ کی سخت لکڑی اس genus سے کئی درخت سے حاصل کرتے ہیں اور rosewood سے ملتی جلتی ہے۔ Borovitzkiye اس جگہ واقع ہے جہاں چار بڑی سڑکوں میں دریا Moskva اس کی معاون ندی Neglinka ملتی ہے اور Krelin پہاڑی کی سب سے نچلی سطح ہے۔ Neglinka ندی کے کنارے دلدل تھے اور Acropolis کی مدافعت کا کام دیتے اب یہ ندی زمین دوز کر دی گئی ہے۔

2۔ Taynitzkiye یہ 1498 میں تعمیر کیا گیا مگر Catherine II نے اسے تباہ کر دیا۔ بعد میں پھر تعمیر کیا گیا اس میں ایک خفیہ راستہ (Taynik) اسے Moskva دریا سے ملاتا ہے۔

3۔ Spasskiye Vorota یہ (نجات کا دروازہ) 1491 میں معرض وجود میں آیا اور یہ مین دروازہ جو Red Square پر کھلتا ہے۔ 1625 میں ایک انگریز نے اس دروازے کا اور پر مشہور Peal of Bells (سریلی گھنٹیاں) نصب کیں

Marfat.com

جن سے ''انٹرنیشنل'' بارہ بجے، چھ بجے Russian Revolutionary Funeral March, تین بجے اور نو بجے سے وقت گھنٹیاں بجنے کی آواز آتی ہے۔

4۔ Great Kremlin Palace کے مشرق میں Cathedral Square پر تین Churches اور Cathedral of Annunciation (Blagovyeschenskiye) کے درمیان گھرا ہوا ہے جس کے نو گنبد ہیں۔ اسے Pskov (1484-89) کے architects نے پرانے Church کی جگہ پر جو 1397 میں استوار کیا گیا تھا بنایا۔

5۔ Archangel Cathedral کو Milan, Italy کے ایک architect نے ڈیزائن کیا۔ اس کے اندر سے Tsar Boris Godunov کے تابوت کو نکال لیا گیا۔ Ivan Klita سے لے کر Ivan Alexeivich تک Tsars کے مقبرے ہیں۔ بعد کے Tsars میں سے صرف Peter II کو یہاں دفن کیا گیا۔

Cathedral of Assumption (Uspenskiy Sobor) کو Bolognia, Italy کے architect نے ڈیزائن کیا۔ اس کا سٹائل Lombardo-Byzantine ہے اور اس کے گنبد ہندوستانی طرز کے ہیں۔

Kremlin محلات میں ایک Palace of Facets یا Granovitaya Palace شامل ہے جس کے اندر شو و سجا ہوا استقبالیہ ہال واقع ہے۔ ایک دوسرا Terem Palace ہے اور ایک بڑے block کو Great Kremlin Palace کہتے ہیں جس میں Supreme Soviet گورنمنٹ کی عمارات ہیں اور Great Palace کے علاوہ اس میں Senate بھی شامل ہے۔ اب اس میں روسی وزراء کی کونسل بیٹھتی ہے۔ Kremlin کے مغربی دروازے کی طرف انیسویں صدی کی armory ہے جس میں روسی Tsarz کے خزانے ہیں اور ایک جدید سنگ مرمر اور شیشے کی عمارت ہے جسے Palace of Congress اور مشہور زمانہ گنبد والا ایک Cathedral جسے Saint Basil the Blessed یا Pokrovski Sobor (Cathedral of Intercession) کہا جاتا ہے۔ Kremlin کی دیوار کے ساتھ Lenin کا Mausoleum (مقبرہ) ہے جس کو 1930 میں سرخ و سفید پالش کئے گئے پتھر سے تیار کیا گیا اور اس کا نقشہ Alexei Schusev نے ڈیزائن کیا۔ Lenin کے مقبرہ کے پیچھے Kremlin کی دیوار کے نزدیک The Graves of Brothers ہیں ان 500 Bolshevik مردوں اور عورتوں کی قبریں ہیں جو 1971 کے revolution میں مارے گئے۔ Stalin کا مقبرہ بھی یہیں پر ہے۔ Lenin کے مقبرہ کی مخالف سمت میں Kremlin کی دیوار کے ساتھ Arcades میں ... enterprises اور Red Army کے Administrative دفاتر ہیں۔

Lenin کے مقبرہ پر workshippers کی لمبی لمبی قطاریں لگی رہتی ہیں۔ اس کے نزدیک ہی Shrine of the Iberian پر worshippers کا ہجوم لگا رہتا ہے۔ Lenin کے مقبرہ کی مخالف سمت میں Nijni-Novgorod کا Monument ہے جس نے ان فوجیوں کو organize کیا جنہوں نے Poles کو 1612 میں Moscow سے باہر نکالا۔ Red Square کے شمالی دروازہ کی طرف قومی تاریخ کا Museum ہے۔ اس کے سامنے ... صدی میں تعمیر کیا گیا Kazan Cathedral جو Poles کو Moscow سے بھگانے کی یاد تازہ کرتا ہے۔ Red Square پر پتھر کا Tribunal ہے جسے پہلے Forum کہا جاتا تھا۔ Market Cross اور Execution کے لئے ہیں ... Red Square کی پیمائش 142*1074 ... شہر کا وہ حصہ جو Kremlin اور Red Square کے شمال مشرق میں واقع ہے، کا نام Kitai Gord ہے (چائنیز زبان میں اس کا ترجمہ درمیانہ حصہ) Kitai کی مغربی سمت پر Red Square اور Kremlin کی طرف ایک بہت بڑا گورنمنٹ کا departmental سٹور ہے جسے Gum کہا جاتا ہے۔ ... عمارت کو 1890-93 میں تعمیر کیا گیا۔ یہ سٹور لندن کے مشہور Selfridges اور نیویارک کے Macy's سٹورز سے مشابہہ سمجھا جاتا ہے۔ اس علاقہ میں کئی تاریخی عمارات جیسے کہ روس کے سب سے پہلے Tsar Romanov کا گھر 1565 ... Romanov Bovar کے گھر کے نام سے موسوم ہے۔

Marfat.com

Kremlin کی بائیں جانب شہر کے درمیان ایک وسیع سبزہ زار ہے جسے Aleksandrovsky Garden کہا جاتا ہے۔ اس باغ کے دوسری طرف ماسکو یونیورسٹی کی عمارت جو کہ اٹھارویں صدی کے آخر میں تعمیر کی گئی۔ روس کی اس پہلی یونیورسٹی Moskow University کی بنیاد Mikhail Lononosov نے 1755 میں رکھی۔ یونیورسٹی لائبریری اور چھاپہ خانہ ابھی موجود ہے لیکن تعلیمی شعبہ جات Moskva کے جنوب مغرب میں Lenin Hills پر ایک نئے campus پر منتقل کر دیے گئے۔

چند ایک دفعہ ہوٹل Rossia سے نکل کر Red Square میں گارڈ کی تبدیلی کا منظر دیکھنے میں آیا۔ صبح اور شام کے وقت ایک دو دستے وردی میں ملبوس نہایت شان و شوکت سے ایک دروازے سے نکل کر شمال کی طرف Kremlin کی دیوار کے باہر ایک خاص انداز میں ایک ردھم اور تال کے ساتھ قدم اٹھاتا ہوا Lenin کے Mausoleum تک پہنچ کر دوسرے گارڈ کو relieve کرتا ہے اور دوسری ٹولی اسی انداز سے چلتا ہوا ردھم اور تال کے ساتھ واپس Kremlin کے دروازے کے اندر داخل ہو جاتی ہے۔ یہ ایک حسین منظر ہوتا ہے اور اس منظر کو دیکھنے کے لئے ہجوم ہوتا ہے۔

Moscow's university sector goes commercial:

About sixteen years ago Moscow had two universities--today it has more than 40. Sixteen years ago Moscow State University (MSU) high up on the beautiful Lenin Hills and overlooking the Moscow river was an eloquent symbol of the best academic achievements of the Soviet Union. Today in the continuing economics crisis of post-communist Russia it has been forced to adapt to survive. Like the new universities it hustles and lobbies for funds, students and lecturers.

MSU is still the most prestigious university in Russia and one of the biggest in the world both in terms of students numbers (more than 25,000 undergraduates and 6,000 postgraduates) and the area covered. It remains a potent political and economic force, but still only manages to get four fifths of its minimum requirements from central government. It gets no money for refurbishment and maintenance or capital investment.

It generates income in ways now common to all Russian universities. First, it allows 20 per cent of Russian students to be fee-paying. Second, Individual departments may undertake commercial activity, offering commercial courses (20 per cent of the profit goes to the central MSU administration, the rest to paying wages). Some areas of the university are also rented out to private firms that set up their own commercial courses.

Even so, neither lecturers nor students can live on their wages or grants. A full professor gets the monthly equivalent of US$400, a new lecturer half that. A student gets $70. The minimum living wage in Moscow, one of the most

Marfat.com

expensive cities in the world, is $300 a month. A cleaner gets the impossible salary of $90 a month. But this is a country where only 40 per cent of actual work is declared and taxed. Low earners who survive doing one or two aditional, undeclared jobs, often bring their combined wage up to a higher level than that of a successful academic.

Mikhail Bashuratyan, sub-dean of the Faculty of Sociology, says the crisis in Russian schools caused by chronic underfunding affects the quality of undergraduates. "Children go months without a teacher in some subjects."

In adition, the fall in the value of grants means more than 90 per cent of students at Moscow universities now come from Moscow, cutting out gifted provincial students. "But the university now runs a two year preparatory course which brings the students up to standard," says Mr. Bashuratyan.

It has also responded to demand by introducing many more applied studies courses, such as advertising and business management. Forty per cent of students choose these over more traditional, theoretical courses.

MSU is also proud that its lecturers and staff receive regular salaries. Victor Afanisiev, the former politician, who stood beside Yeltsin on the barricades of the White House, is head of the popular new Russian State University for the Humanities (RUSH). Its gleaming interiors and beautiful art displays are a striking contrast to the peeling corridors and shabby halls of Moscow State University.

Yet in January its staff had not been paid for the previous seven weeks. However, compare this with Kharkov University in the Ukraine, which has not been able to pay its staff for the last seven months, and things do not look so bad. Staff continue to turn up for work, afraid that if they do not they could lose their jjob in a country where unemployment is growing daily but also hoping that this may be the day they get paid.

Dr. Afanasiev was looking tired and careworn. Walls were being painted and chandeliers cleaned for the next semester and a looming visit from the UN Secretary General. "It would be nice to think you could preserve the purity, the innocence of higher education," he said, "but you can't. You either get the money or go under. To survive in education today you have to become a hustler."

The RUSH gets only 30 per cent of what it needs to function from central

Marfat.com

government. For the last three years it has received no money at all from central government for capital investment, repairs and redecoration. The redecoration taking place is from a one-off grant from the Moscow Education Department. It is able to exist and develop by producing commercial courses as well and applying for any grant available.

As Dr. Afanisiev says: "Of course, times are hard, but it's not all black. This must be seen against the tremendous surge in creativity, in research that has taken place in the post-Soviet era. We, in Moscow at least, and for universities such as ours with saleable courses, are over the worst now. It's very different in the provinces and for institutions specializing in mechanical engineering or geology."

Mikhail Abezyan, from the Moscow State Linguistics University, formerly the prestigious Masrise Therese Foreign Languages Institute, also thinks the worst is over: "Before we were just trying to survive, now we are developing... Of course, we don't get enough money from central government but we look for exchanges, grants, sponsorships and fee-paying students to keep us going. It helps that the government allows us to go into debt on our gas and electricity bills, although sometimes they forget and cut us off anyway." He was proud of the university's involvement in the community.

In Moscow, despite the economic crisis and the shrinking of the student catchment area to Moscow itself, higher education seems to be expanding. MSU has opened five new faculties within the last 10 years, it has sponsored a school on its premises and created countless new courses. The RSUH is comtinually increasing its range of departments: the lastest project is an Indian Centre to coincide with the 50th anniversary of Indian independence.

There is fierce competition to get into all the state universities, few of which are completely new,most are prestigios old poltechnics that have changed their name. There are also a few completely private, fee-paying universities, offering commercial courses, usually without any entrance exam, and these too are breaking even.

Russian universities may have given up their ivory towers, they indeed are hustling to survive, but they do so with an admirable commitment to the final aim: continuing free provision of a high standard of education for most

Marfat.com

students

پرانی یونیورسٹی کے شمال کی طرف ایک جدید Soviet Council of Ministers کی عمارت ہے جو 1930 کی دہائی میں تعمیر کی گئی تھی۔ شمال میں تھوڑے سے فاصلے پر مشہور Bolshoi Theater ہے۔ اس کے بعد Dzerzhimsky Square ہے۔ قدیم Lubyanka Square جہاں پر Committee of State Security (K G B) کی عمارت ہے۔ Sadovoye Ring کی بائیں طرف دو قابلِ ذکر مقامات ہیں۔ Gorky Street اور Kalinin Arbat۔ Gorky Street پر اس کے نزدیک کئی ہوٹل، ریسٹورنٹ، تھیٹر، دوکانات Moscow City Sovit (شہر کے قدیم گورنر جنرل کی رہائش گاہ) واقع ہیں۔ سیاحوں کو عام طور پر شہر کا مغربی حصہ دیکھنے کی اجازت تھی۔

اس ضمن میں عرض کرتا چلوں کہ اس زمانے میں جب راقم وہاں تھا تو Intourist guide کے ساتھ تھیں اور یہ [illegible] سا خاندان ساتھی Kremlin کی Gorky Street کی سیر و تفریح۔ یاد رہے اس زمانے میں مقرر [illegible] Intourist guide کے بغیر سیر و تفریح کے لیے نہیں جا سکتے تھے۔ تو دیکھتے کیا ہیں کہ قریباً 40 آدمی ایک دوسرے کے اوپر نیچے اور [illegible] کوئی چیز تلاش کر رہے تھے۔ میں نے گائیڈ سے اس کے متعلق پوچھا "یہ معاملہ کیا ہے؟"

"ہماری تہذیب پر دھبہ ہیں۔ چھوڑیں انہیں یہ پاگل ہیں۔"

بعد میں پتہ چلا کہ کوئی شخص ballpoint pens اور chewing gums بیچ رہا تھا۔ [illegible] jeans اس وقت Russia میں مشکل سے ملتی تھیں۔ جب لوگوں کو پتہ چلتا کہ کسی کے پاس یہ اشیاء ہیں تو خریدنے کے لیے دوڑ پڑتے اور اس کی منہ مانگی قیمت ادا کرتے۔

Kalinin Prospekt (روس میں شاہراہوں کو Prospekt کہا جاتا ہے) Lenin [illegible] سے شروع ہوتی ہے جو کہ اس وقت روس کی سب سے بڑی لائبریری تھی۔ اس وقت وہاں 25 ملین سے زیادہ کتابیں تھیں۔ Arbat Square اور Sadovoye Ring کے درمیان جدید Kalnin Prospekt جو کہ جدید اور نئی ترقی کی علامت ہے [illegible] 1960 کی دہائی میں تعمیر کی گئی۔ اس پر اونچی اونچی عمارات کے نچلے floors پر جدید دوکانات اور ریسٹورنٹ ہیں۔ Kalinin Prospekt کے متوازی تنگ اور انیسویں صدی کی Arbat Street میں بھی دوکانات واقع ہیں۔

شہر میں کئی عجائب گھر ہیں جن میں سب سے زیادہ مشہور State Tretyakov گیلری ہے۔ قدیم Rumyantsey عجائب گھر کو 1924 میں dissolve کر دیا گیا اور مغربی painters کے works کو فائن آرٹس کے عجائب گھر میں منتقل کر دیا [illegible] جبکہ روسی painters کے works کو Tretyakov Gallery میں رکھ دیا گیا۔

Moscow کے اچھے Theathres میں سے زیادہ مشہور Moscow اور Meyer Hold ہیں۔ [illegible] wings اور روشنی scenery، floodlights یا drop-scenes نہیں ہیں۔ الفاظ یا اشارے کی [illegible] screens [illegible] Mechanical contrivances کی مدد سے کیے جاتے ہیں۔

Kremlin قدیم aristocracy کی اور اسی طرح اس کے مشرق میں Kitai Gorod پرانے [illegible] کی رہائش گاہ تھی۔ Kitai Gorod کے اردگرد دیوار 1534-38 میں استوار کی۔ Kremlin کے قریب [illegible] سب سے پرانا [illegible] جس کی تصدیق اس کے تنگ اور ٹیڑھے مکانات کرتے ہیں۔ Kitai چینی زبان میں Tartar سے اخذ سمجھا جاتا ہے جس کے معنی ہیں چھوٹا قلعہ۔ 1917 کے انقلاب کے بعد بڑے Trust، Peoples commissariats اور سرکاری دفاتر نے یہاں استعمال میں لانا شروع کر دیا۔ رہائشیوں کی تعداد بہت کم ہے۔ اس جگہ کا 4/5 حصہ دفاتر کے قبضہ میں لے لیا ہے۔ اس سے bureaucracy کی تعداد میں اضافہ کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

کوئی اعلیٰ قسم کی بس سروس یا ریلوے نہیں۔ اکثریت کی machinery electrified کیا گیا ہے۔ Underground transport system یا subway یا metro نہ صرف نہایت efficient سروس ہے بلکہ ایک

attraction بھی ہے۔ مذکورہ system کی 1930 کے شروع کے سالوں سے متواتر ترقی ہو رہی ہے یہاں تک کہ WW II کے دور میں بھی اس پر کام جاری رہا۔ پہلی line کا افتتاح 1935 میں ہوا۔ سو سے زیادہ stations اس سسٹم میں واقع ہیں اور قریباً سو میل (160 km) کی tracks ہیں جس وقت میں روس میں تھا نئی tracks بچھائی جارہی تھیں۔ stations اپنی نفاست اور صفائی کیلئے مشہور ہیں۔ بہت سے stations جو system کے پہلے دس سال میں تعمیر کئے گئے Richly decorated ہیں اور historical یا Heroic themes کو carry out کرتے ہیں۔ تقریباً تمام stations جن کو میں نے دیکھا مختلف ریاستوں سے Cultural decorations کی نمائندگی کرتے ہیں۔

یہاں موجودہ صورت حال سے متعلق عرض کروں۔ جب سے Russia disintegrate ہوا ہے۔ 262 سیاسی جماعتیں تھیں اور 262 ہی ان کے لیڈر تھے جو کہ 17 دسمبر 1995 کے الیکشن لڑنے کیلئے تیاری کر رہے تھے اور یہ لیڈر "Napoleon complex" کے شکار ہیں۔

"Better be star in a village than nobody in town"

ایک Political commentator نے روس کی سیاسی جماعتوں کو مندرجہ ذیل categories میں تقسیم کیا ہے۔

1۔ "Engine" parties

جیسے Eye surgeon کی Svyatoslav Fyodorov کی Party of Working People's Self-Management جس کا مطلب ہے جن کا وجود اپنے leaders کے علاوہ کچھ بھی نہیں۔

2۔ "Panama hat" parties

جیسے۔ Marychev کی پارٹی جو کہ جتنی آسانی سے تشکیل پاتی ہیں اتنی ہی آسانی سے ٹوٹ پھوٹ جاتی ہیں۔

3۔ "Motel" parties

جیسے کہ پہلے پرائم منسٹر Nikolai Ryzhkov کی پارٹی جو الیکشن سے ذرا پہلے وجود میں آتی ہیں۔

4۔ "Corporation" parties

جیسے۔ Communist Party جن میں وہ لوگ شامل ہیں جو اپنی عادت کی وجہ سے اکٹھے ہو جاتے ہیں۔

5۔ "Muslim Union of Russia"

مسلمان تقریباً بیس ملین جو کہ ساٹھ سے زیادہ ethnic گروہوں میں بٹے ہوئے ہیں۔ Volga دریا کے ساتھ Russian Republics جس کے نام Tatarstan اور Bashkotostan ہیں۔ شمالی Caucasus اور مغربی Siberia میں رہتے ہیں۔ پہلی دفعہ اکٹھے ہوئے تاکہ elections میں حصہ لے سکیں۔ June 95 میں مسلمانوں کے 256 نمائندوں نے Russia کے 62 علاقوں سے ایک congress میں حصہ لیا اور نمائندوں کی Dec. 17, 1995 کے الیکشن میں حصہ لینے کی list تیار کی۔

East Berlin

1968 میں مجھے وینزویلا سے مشرقی برلن میں سائنسدانوں کی کانفرنس بنام *Symposium ueber Cercarien, East Berlin, DDR (Deutsche Demoratic Republic) and September 9 10* تحقیقی مقالہ پڑھنے کا اتفاق ہوا۔ میرے ایک سائنسدان ساتھی Prof. Dr. Klaus Odening نے جو کہ مشرقی برلن کے Tierpark (چڑیا گھر) میرے ہی شعبے میں ریسرچ کیا کرتا تھا، نے JohannestraBe ہوٹل میں تیسری منزل پر کمرہ بک کرایا ہوا تھا۔

Caracas سے Viasa کی فلائیٹ کے ذریعے نیویارک پہنچا اور وہاں Lufthansa کی فلائیٹ سے مغربی برلن

Marfat.com

پہنچ گیا۔ میرے پاس ویزا وغیرہ کے کوئی کاغذات نہ تھے مجھے خط کے ذریعے اطلاع دے دی گئی کہ امیگریشن پہنچ کر مشرقی برلن جانے کیلئے امیگریشن والوں کو تمہارے متعلق اطلاع دے دی گئی ہے اور مشرقی برلن جانے کیلئے کوئی دقت نہ ہوگی لہذا ایسا ہی ہوا جیسے کہ مجھے ماسکو جانے کیلئے امیگریشن سے گزرنا پڑا تو کسی نے میرے پاسپورٹ پر کوئی مہر وغیرہ نہ لگائی۔ ایسا ہی سلوک میرے ساتھ یہاں بھی کیا گیا۔ میں ٹرین میں بیٹھ کر ہوٹل کے قریب ہی سٹیشن پر اتر گیا۔ جونہی میں مغربی برلن سے مشرقی برلن میں داخل ہوا تو میری حیرانگی کی حد نہ رہی کہ مغربی برلن میں نفیس قسم کی عمارات، صاف ستھری سڑکیں اور خوب چہل پہل تھی اس کے مقابلے میں مشرقی برلن ایک ویرانے کا سماں پیش کر رہا تھا۔

ہوٹل کی reception پر میں نے اپنے کاغذات دکھائے تو مجھے کمرہ الاٹ کر دیا گیا اور چابی دے دی۔ کیا کرایہ تھا مجھے اب کچھ یاد نہیں۔ مجھے سخت مشکل کا سامنا کرنا پڑا ہوٹل کی مختلف منزلوں پر جانے کیلئے ہوٹل کی راہداری کے ایک طرف چار اور دوسری طرف پانچ لفٹ بالمقابل لگے ہوئے تھے۔ سوائے ایک لفٹ کے جو کہ عام پبلک کیلئے تھا دوسرے تمام اعلیٰ افسران اور شاید کیمونسٹ لوگوں کیلئے ہوں۔ میں سیڑھیاں استعمال کرنا چاہتا تھا۔ میں نے بڑی ضد کی کہ مجھے سیڑھیاں استعمال کرنے کی اجازت دی جائے اور وجہ بھی بیان کی مگر کسی نے ایک نہ سنی۔ لفٹ کے باہر آپریٹر میرے ساتھ ہی داخل ہو گیا۔ میرے پاس ایک بیگ اور ایک ہی سوٹ کیس تھا۔ تیسرے فلور پر اس نے لفٹ کو ٹھہرا دیا اور میں چند قدم چلنے کے بعد اپنے کمرے میں داخل ہو گیا۔ کمرہ کیا تھا ایسا کمرہ میں نے آج تک کسی ہوٹل میں نہیں دیکھا۔ جیسے پاکستان کے کسی تحصیلی ہسپتال کے جنرل وارڈ میں لوہے کے پہیوں والا bed ہو اور وہ بھی فریم زنگ آلودہ ہو۔ وہ تو خیر ہوئی کہ میں اپنا تولیہ ساتھ لے گیا ورنہ جو وہاں کا تولیہ تو اس قابل ہی نہیں تھا کہ استعمال کیا جائے۔ کمرے میں سوائے ایک پرانے سنک کے کوئی باتھ روم نہ تھا۔ اس تمام فلور کیلئے ایک جگہ پر تقریباً ایک درجن باتھ روم ہوں گے جو دقیانوسی اور پرانے تھے۔

ہوٹل کافی وسیع تھا۔ مجھے پتہ چلا کہ ہٹلر کے زمانے میں خاص مہمان یہاں آ کر ٹھہرا کرتے۔ ہو سکتا ہے اس دور میں اس کی حالت کافی بہتر ہو مگر ایسے محسوس ہوا جیسے کسی کو اسے maintain کرنے کی توفیق ہی نہیں ہوئی۔ ایک اور بات مشاہدے میں آئی۔ ہوٹل میں کئی ریسٹورینٹ مگر وہ خاص لوگوں کیلئے مخصوص تھے۔ عام پبلک کیلئے صرف ایک ہی ریسٹورینٹ تھا۔ [illegible] تھی۔ مجھے پتہ چلا کہ اس دور میں روس نے Czechoslovakia پر 1968 میں حملہ کر رکھا تھا۔ Frantisek Vodslon جو کہ Czechoslovakia کی کیمونسٹ پارلیمنٹ کے ممبروں میں سے ایک تھا جس نے روس کے حملے کی مخالفت کی۔ اس کی وفات اتوار پانچ مئی 2002 میں ہوئی اور یہ روزمرہ کے استعمال کی اشیاء روسی افواج کے استعمال کیلئے بھیجی جاتیں۔

دوسرے دن میں نے اپنا مقالہ پڑھا اور سائنسدانوں سے جن کے میں نے صرف نام ہی سنے ہوئے تھے ان سے میری ملاقات ہوئی خاص طور پر ڈاکٹر Dr. Odening سے مل کر بہت خوشی ہوئی کیونکہ اس نے نہایت اعلیٰ قسم کے تحقیقی مقالے پیش کئے ہوئے تھے۔ مختلف زبانوں میں ایک ہی وقت میں ترجمہ کرنے کا انتظام تھا۔ ہر ایک سائنسدان کی کرسی کے سامنے میز پر ایک مائیکرو فون اور ہیڈ فون پڑے ہوئے تھے۔ اگرچہ یہ کانفرنس صرف دو دن کیلئے تھی مگر میں پانچ دن مشرقی برلن میں رہا تاکہ شہر کی سیاحت کر سکوں۔

کانفرنس کے دوسرے روز شام کو گورنمنٹ کی طرف سے ڈنر کا بندوبست کیا گیا۔ Walter Ulbricht مشرقی جرمنی کے autocratic حکمران نے اس ڈنر پر تقریر کرنی تھی۔ میرا یہ خیال تھا کہ اس کیمونسٹ نظام میں اونچے نیچے طبقے میں کوئی تفریق نہ ہوگی مگر ایک بڑے ہال میں جہاں ہر طرح کے کھانے اور شراب وغیرہ کا بندوبست تھا بڑے میزوں پر کیا گیا ایک بڑا ہال Walter Ulbricht اور اس کے ہمراہیوں کے لئے تھا۔ سائنسدانوں کے علاوہ وہاں میں چھ اور لوگ بھی مدعو تھے لیکن کسی شخص نے کرسیوں پر بیٹھنے کی جرات نہ کی جب تک کہ Ulbricht صاحب تشریف نہ لے آئیں۔ کچھ دیر بعد یکلخت خاموشی طاری ہوئی۔ ایک چھوٹے قد کا آدمی گٹھا ہوا جسم، مولانا ابوالکلام آزاد جیسی داڑھی، چشمہ لگائے، ہٹے کٹے لمبے دہشت ناک گارڈز کے ہمراہ داخل ہوا اور کرسی سے اٹھ کر چند خوش آمدید کے کلمات کہے۔ پھر اس نے تقریر کی جو کہ جرمن زبان میں تھی میرے پلے تو کچھ نہ پڑا البتہ تقریر کے خاتمے پر دوسرے لوگوں کی دیکھا دیکھی میں نے خوب تالیاں بجائیں۔ اب جب تک وہ اور اس کے باڈی گارڈ وغیرہ بیٹھ نہ گئے کوئی بیٹھنے کی

Marfat.com

جرات نہ کر سکا۔

مشرقی برلن کا درمیانی حصہ کوئی سے دو ایکڑ پر محیط تھا جہاں پر weeds اور debris کے ڈھیر لگے ہوئے تھے۔ یہ مشہور Potsdamer Platz، کسی دور میں برلن کا تجارتی مرکز جو کہ 1920s میں اتنا رونق والا علاقہ تھا کہ جہاں پر دنیا کی پہلی ٹریفک لائٹس نصب کی گئی تھیں۔ جب کسی ایسی جگہ میں داخل ہوں کہ جسے گلی کہا جائے تو اس کے اندر سوائے کھلی جگہوں کے کچھ بھی نہیں۔ ان جگہوں میں سے چند ایک کی تو حد بندی کی گئی ہے لیکن اکثریت کھلی جگہیں ہیں۔ پچھلے 23 سال سے یہ Platz خالی پڑا ہوا ہے۔ چھوٹا حصہ دیوں کی بمباری سے تباہ ہوا اور پھر مشرقی جرمنوں نے اس کی بربادی کا سامان پیدا کیا۔ Berlin دیوار اس کے درمیان میں سے گزرتی ہے۔ 1989 میں اس دیوار کو گرا دیا گیا اور مشرقی اور مغربی جرمنی 1990 میں متحد ہو گئے۔ دیوار کے چند ایک حصے نیم ہری یادگار کے طور پر باقی رہ گئے۔ subway اور Elevated trains برلن دیوار اور دونوں جرمنی کے بارڈر پر آ کر رک جاتی تھیں۔

برلن کئی سالوں سے جرمنی کی تقسیم اور مشرقی مغربی طاقتوں کے درمیان جھگڑے کا نشان رہا۔ سرد جنگ کے دوران مغربی فوجی مہمات اور روس سے تعلقات میں رکاوٹ تھا۔ 1948 میں روس کے گیارہ ماہ محاصرہ کے دوران امریکہ کی ہوائی فوج نے برطانیہ اور فرانس کی مدد سے مغربی برلن کے باشندوں کی ناقابل فراموش مدد کی جہد airlift کے ذریعہ روزمرہ کی ضروریات زندگی مہیا کیں اور شہریوں کو بھوک سے مرنے سے بچایا۔ تین مغربی sectors اور مشرقی برلن دن بدن علیحدہ ہوتے گئے۔ جب مشرقی جرمنی نے بدنام دیوار 13 اگست 1961 میں تعمیر کرنا شروع کی تو برلن شہر کی تقسیم ہمیشہ کے لئے معلوم ہوتی تھی۔

1963 میں امریکن پریذیڈنٹ John F. Kennedy نے اپنے مشہور فقرہ " Ich bin ein Berliner " (میں برلن کا باشندہ ہوں) برلن شہر اور شہریوں کی مدد کی۔ 1987 میں ایک اور امریکن پریذیڈنٹ Ronald Reagan نے Brandenburg Gate کے قریب اپنی تقریر میں روسی حکومت سے اپیل کی " Tear down this wall " (اس دیوار کو گرا دو)۔ مشرقی جرمنی میں امن پسند بغاوت کی وجہ سے 9 نومبر 1989 میں دیوار کو کھول دیا گیا۔ یہ برلن کی 750 سالہ تاریخ میں ایک نیا باب تھا۔

میں برلن کی اتنی بری maintainence تھی کہ کئی سال سے متواتر ایک ہونے کی وجہ سے مشرقی برلن کے درخت تباہ ہو گئے۔ بلڈنگوں کی حالت خستہ ہو چکی تھی۔ شہر کے وسط میں بارہ ہزار فٹ اونچے ٹیلی وژن ٹاور کی بنیاد رکھنے کی چہ میگوئیاں ہو رہی تھیں۔ Berlin Wall میں مشہور Checkpoint Charlie جہاں 1961 میں امریکن اور روسی ٹینک آمنے سامنے لڑائی کے لئے تیار ہو گئے تھے۔

Berlin Wall تیرہ اگست 1961 میں کھڑی کی گئی۔ یہ ایک weekend تھا تقریباً تمام مشرقی برلن کے شہری سو رہے تھے۔ انہیں پتہ چلے بغیر مشرقی جرمنی کی حکومت نے بارڈر کو بند کرنا شروع کر دیا۔ اس اتوار کی صبح کو شروعات کا بہت سا کام نپٹا دیا گیا اور فوج نے گلیوں کی توڑ پھوڑ کرنا شروع کر دی۔ barbed wire اور کئی طرح کی رکاوٹیں بھی حائل کر دیں۔ پہلے کنکریٹ اور بڑے بڑے کنکریٹ کے بلاک پندرہ اگست کو دیوار کے کام میں لائے گئے۔ آنے والے چھ ماہ میں Berlin Wall کا پہلا مرحلہ مکمل ہوا۔ دوسری دیوار جون 1962 میں تکمیل پائی تا کہ مشرقی برلن کے لوگ مغربی برلن کی طرف بھاگ نہ سکیں۔ آئندہ سالوں میں پہلی دیوار کو پہلے سے بہتر کر دیا گیا اس حد تک کہ دونوں دیواروں میں امتیاز کرنا مشکل نظر آتا۔ اوپر والی دو دیواروں کی جگہ تیسری دیوار تھی یہ 1965 میں شروع کی گئی۔ یہ دیوار لوہے کے girders کے درمیان بجری کے slabs اور بجری کے کھمبوں پر مشتمل تھی۔ دیوار کے اوپر sewage pipe چڑھا دی گئی۔ 1975 میں تیسری دیوار کی جگہ چوتھی دیوار نے لے لی۔ اب کہ نئی قسم کے بجری کے بلاک استعمال میں لائے گئے جنہیں آسانی سے توڑا نہ جا سکتا تھا تا کہ دیوار میں سوراخ کرنے سے لوگ عبور نہ کر سکیں اور اسی طرح اس دیوار پر ماحول سے تاثرات کا اثر مشکل تھا۔ اس پر توپیں، mines اور watchtowers نصب کیے گئے۔ دیوار برلن اس لئے بنائی گئی کیونکہ 2.5 million جرمن مشرقی جرمنی سے 1949 سے لے کر 1961 تک مغربی جرمنی میں کسی طرح

Marfat.com

سے داخل ہو گئے تھے مگر دوسروں کو روکا جائے۔

تیرہ اگست 1961 کو بارڈر بند کر دیا گیا، دس دن کے بعد سیاح، سفارت کار اور مغربی طاقتوں سے فوجی مشرقی برلن میں داخل ہونے کیلئے ایک مخصوص Berlin Friedrichstrasse آمدورفت کیلئے استعمال ہوتا تھا۔ بہت جلد امریکن فوجی پولیس نے Friedrichstrasse پر ایک تیسرا چیک پوائنٹ کھول دیا۔ دوسرے دو چیک پوائنٹس کے نام مغربی اور مشرقی جرمنی کے بارڈر پر اور Dreilinden مغربی برلن اور مشرقی جرمنی کے بارڈر پر، پہلے چیک پوائنٹ کو Alpha اور Dreilinden کے چیک پوائنٹ کو Bravo جبکہ Friedrichstrasse کو Charlie کا نام دیا گیا۔ چیک پوائنٹ Charlie کو 22 جون 1990 کو ختم کر دیا گیا اسی طرح چیک پوائنٹ Charlie مشاہدی ٹاور کو 9 دسمبر 2000 میں ہٹا دیا گیا۔

مشرقی جرمنی کی حکومت نے کوئی 75000 ہزار شہری جن میں فوجی بھی شامل تھے دیوار برلن کو عبور کرنے کے جرم میں گرفتار کر لیا۔ ایک تحقیق کے مطابق اوسطاً ایک شہری ہر ساڑھے تین گھنٹے بعد دیوار کو عبور کرنے کے الزام میں گرفتار کیا جاتا۔ کوئی آٹھ سو شہری دیوار عبور کرنے کی کوشش میں مشرقی جرمنی کی فوج نے مار ڈالے تھے۔ یہ دیوار ساٹھ میل لمبی تھی۔ جب مشرقی یورپ میں 1989 میں جمہوریت کی ہوا چلی تو اس کو گرا دیا گیا۔ دیوار برلن کی باقیات میں سے چیک پوائنٹ Charlie یادگار کے طور پر باقی ہے۔

شہر کے دو مشہور لینڈ مارکس جنکے نام Brandenburg Gate اور Reichsatg ہیں جو دور سے نظر آتے ہیں مگر ان کے سامنے سوائے وسیع جگہ کے کچھ بھی نہیں۔ Brandenburg Gate ایک زمانے میں تقسیم شدہ برلن کا symbol تھا مگر اب یہ متحدہ شہر کا نشان ہے۔

Munich

Caracas سے BOAC (British Overseas Airways Carporation) جو بعد میں B.A. (British Airways) کی فلائیٹ سے لندن پہنچا اور یہاں دو دن قیام کے بعد Lufthansa کے ہوائی جہاز سے Munich کی ائرپورٹ Riem پر لینڈ کیا کیونکہ 1974 میں مجھے ICOPA III (*Third International Congress of Parasitology, Munich, Germany 25-31 August*) میں ایک تحقیقی مقالہ پڑھنا تھا۔

میرے وہاں قیام کے دوران صرف ایک ہی قابل ذکر واقعہ پیش آیا، میں نے اپنا مقالہ پڑھنے کے بعد اپنے ہوٹل جانا تھا لہذا میں نے ایک شاہراہ کے فٹ پاتھ پر چلنا شروع کیا تاکہ ٹیکسی لے سکوں۔ میں چلتا جا رہا تھا اور خالی ٹیکسیاں ادھر تیز رفتاری سے گزر رہی تھیں۔ میں نے کئی بار ہاتھ سے ٹیکسی روکنے کیلئے اشارہ کیا مگر ٹیکسی رکتی ہی نہ تھی۔ میں چلتا گیا اور ٹیکسیوں کو دیکھ کر دونوں ہاتھوں سے انہیں رکنے کا اشارہ کرتا رہا لیکن کسی نے مجھے گھاس نہ ڈالی۔ آخر کار ایک ادھیڑ عمر عورت Mercedes ٹیکسی چلاتی ہوئی میرے قریب آ کر رک گئی۔ پیشتر اس کے کہ میں اسے اپنے ہوٹل کا پتہ دیتا میں نے ٹیکسی میں بیٹھتے ہوتے ہی پہلا سوال کیا۔ ''کیا بات ہے کئی خالی ٹیکسیاں گزریں مگر کسی نے بھی رکنا گوارہ نہ کیا۔'' اس نے کوئی چھوٹی سی مسکراہٹ کے ساتھ جواب دیا، ''لگتا ہے جرمنی میں نئے آئے ہو۔''

''ہاں مجھے ویزہ دیا ہے ایک کانفرنس میں مدعو کیا گیا ہے۔''

میں نے اسے ہوٹل کا پتہ دیا اور اس نے آہستہ سے ٹیکسی چلانا شروع کر دی۔ فٹ پاتھوں پر دونوں طرف اشارہ کرتے ہوئے کچھ فاصلے پر کھمبوں پر لگے ہوئے نشان کی طرف اشارہ کیا اور کہنے لگی، ''یہ ٹیکسیوں کے سٹاپ ہیں جس نے ٹیکسی لینی ہو یہاں آ کر کھڑا ہو جاتا ہے سوائے ان مخصوص جگہوں کے ٹیکسیاں کہیں نہیں رکتیں۔''

میرے جیسے مختلف ممالک کے سفر کرنے والے کیلئے یہ پہلا موقع تھا۔ مجھے پتہ نہیں چل رہا تھا کہ آخر ان کی کیا وجہ ہے کہ ٹیکسیاں رک نہیں رہیں۔

Munich جرمنی کی Bavaria State کا دارالخلافہ اور سب سے بڑا شہر ہے۔ برلن اور Hamburg کے بعد آبادی

Marfat.com

کے لحاظ سے یہ تیسرے نمبر پر ہے۔ دریائے Isar کے کنارے Alps پہاڑیوں کے سلسلے کی شمالی حد سے کوئی تیس میل (48 کلومیٹر) کے فاصلے پر واقع ہے۔ اسے "Home of the Monks" (پادریوں کا شہر) بھی کہا جاتا ہے۔ اس کی بنیاد کا کھوج آٹھویں صدی کی Benedictine Monastry جو کہ Tegernsee پر واقع ہے، لگایا جاتا ہے۔

Riem سے نیشنل اور انٹرنیشنل پروازیں اڑتی ہیں۔ یہ شہر ریلوے کے ذریعے جرمنی اور Austria کے تمام بڑے شہروں سے منسلک ہے۔ Stuttgart. Nuremberg(expressways)Autobahn اور Salzburg یہاں آ کر ملتے ہیں۔

Hamburg جرمنی کی سب سے زیادہ مصروف سمندری تجارت، مال برداری کا مرکز اور جرمنی کا دوسرا بڑا صنعتی شہر ہے۔ بڑی بڑی سڑکوں کی boulevards اور باغات ہونے کی وجہ سے اسے "گرین سٹی" کہا جاتا ہے۔ Hamburg جرمنی کے غیر معمولی اہمیت کے حامل اخبارات، جرمن پریس ایجنسی (dpa)، ٹیلی وژن اور ریڈیو براڈکاسٹنگ کارپوریشن کا گھر ہے۔

Japan

1970 میں راقم نے سوچا کہ ہر سال فرخ، میں یا ہم دونوں جب وینزویلا سے خاص طور پر محرم کے لیے پاکستان جاتے ہیں تو ہمیشہ via یورپ ہوائی جہاز میں سفر کرتے ہیں۔ اس دفعہ یوں نہ بحر اوقیانوس کے راستے سفر کیا جائے۔ فرخ نے میرے ساتھ جانے کی آمادگی ظاہر نہ کی۔ لہٰذا میں Cumaná سے اکیلا Aeropostal کی flight سے Caracas پہنچا۔ وہاں سے Pan Am کے ذریعے New York پہنچا۔ New York سے Pan Am کی connecting فلائٹ کے ذریعے Los Angeles پہنچا، رات ہوٹل میں گزاری اور دوسرے دن Pan Am کی فلائٹ سے Tokyo کے سفر پر روانہ ہوا۔

جاپان میں میری کوئی واقفیت نہ تھی۔ سوائے چند ایک سائنسدانوں کے، وہ بھی محدود صرف خط و کتابت تک۔ میری یونیورسٹی کے شعبہ *Instituto Oceanografico* میں میرا ایک جاپانی دوست Dr. Jiro Fukuoka، Meteorology کے شعبہ میں research پر مامور تھا۔ وہ اکیلا ہی رہتا تھا، کھانا اکثر ہمارے ہاں ہی کھاتا تھا۔ ان دنوں ہم Cerro del Medio پہاڑی کی چوٹی پر یونیورسٹی کے بنگلے میں رہائش پذیر تھے۔ اس طرح سے وہ ہمارا ایک فیملی ممبر بن گیا۔ میں نے اس سے بات کی اور وہ کہنے لگا، "بڑا اچھا موقع ہے۔ میرا بھائی Interpol میں اہم عہدے پر فائز اور آجکل چھٹیوں پر ہے۔ میں اُسے ٹوکیو ٹیلیفون کر دیتا ہوں۔ مجھے فلائٹ نمبر بتا دو۔ وہ تمہیں ائرپورٹ لینے آ جائے گا۔"

لہٰذا ایسا ہی کیا گیا۔ اب بات یہ تھی کہ وہ مجھے پہچانے گا کیسے؟ یہ مسئلہ میں نے اس طرح حل کیا کہ ڈاکٹر Fukuoka اپنے بھائی کو بار بار فون پر آگاہ کرے کہ ڈاکٹر نصیر نے کالا hat، سفید رنگ کا scarf اور gray رنگ کا chester پہنا ہوگا اور سب سے بڑی نشانی اس کے منہ میں سگار ہوگا۔

جہاز رکتے رکتے Honolulu ائرپورٹ پر رکا اور پھر دوسرے دن قریباً صبح کے وقت ٹوکیو انٹرنیشنل ائرپورٹ (Narita) پہنچ گیا۔ وہاں ائرپورٹ پر smoking منع ہے۔ میں نے جہاز سے اُترتے ہی سگار منہ میں ڈال لیا۔ ground staff نے بڑے مؤدبانہ طریقے سے مجھے منع کیا۔ میں نے جواب دیا:

"یہ سگار بجھا ہوا ہے۔ جو شخص مجھے لینے آ رہا ہے وہ اس نشانی سے مجھے پہچان لے گا چونکہ میں نے اُسے پہلے اسی طرح اپنی پہچان کی اطلاع کر دی ہے۔"

میں نے دور سے دیکھا کہ ایک شخص terminal کی Visitors gallery سے ہاتھ ہلا رہا ہے۔ مجھے بڑی حد تک حوصلہ ملا۔ کوئی ڈیڑھ گھنٹہ میں کسٹم وغیرہ سے clear ہو کر آنے والے مسافروں کے گیٹ پر وہ مجھے مل گیا جیسے کہ جاپانیوں کے استقبال کرنے کا طریقہ ہے۔ تین دفعہ جھکا اور مسکراتے ہوئے گویا ہوا:

"Good morning Dr. Nasir" باقی تمام گفتگو بھی انگریزی میں ہوئی اور وہ کہنے لگا کہ New Japan

Marfat.com

Hotel میں تمہارے لئے کمرہ بک کروایا ہے۔ اب جانے کے دو طریقے ہیں یا تو ہم ٹیکسی میں سفر کریں یا پھر Monorail پر۔ چونکہ Monorail میرے لئے ایک نئی چیز تھی لہٰذا اسی ذریعہ کو ترجیح دی۔ یہ ریل ایک تار پر زمین سے کافی اوپر چلتی اور اس نے بڑی تیز رفتاری سے شہر کے قریب terminal پر پہنچا دیا۔ اب ہم پیدل چل کر اپنے ہوٹل تک جا سکتے تھے مگر میرے میزبان نے بتایا کہ ہم چلتے ہیں کیونکہ ٹوکیو میں ایک گلی اتنی تنگ ہے انسان یقین نہیں کر سکتا کہ اس میں سے کار کے ذریعے سفر ممکن ہوگا۔ واقعی جب گلی میں داخل ہونے لگے تو میں گھبرا گیا۔ دونوں طرف آسمان سے باتیں کرتے ہوئے مکانات مگر ٹیکسی کہ زنّاٹے بھرتی چلی جا رہی تھی۔ ایک اور بات قابلِ ذکر ہے کہ Rapid Transit System کے ذریعے جب ہم نے اسی ٹیکسی میں سفر شروع کیا تو راستے بھی کافی ... کے اوپر سے گزرتی۔ کبھی گراؤنڈ لیول پر اور پھر بعض دفعہ انڈر گراؤنڈ۔ ہمارے تمام راستے میں ایک ہی traffic lights آئیں۔ ٹیکسی کا میٹر چل رہا تھا۔ جونہی lights سرخ ہوئیں تو ٹیکسی ڈرائیور نے میٹر بند کر دیا۔ میں نے حیرانگی سے اپنے میزبان سے پوچھا جو میرے دائیں ہاتھ ٹیکسی کی پچھلی سیٹ پر بیٹھا ہوا تھا۔ "ٹیکسی ڈرائیور نے گاڑی کا میٹر کیوں بند کر دیا؟"

اس نے مسکراتے ہوئے جواب دیا "یہ جاپان ہے۔ مسافر اس وقت کا کرایہ کیوں دے جس وقت میں ٹیکسی رکی ہوئی ہو۔ اس میں مسافر کا تو کوئی قصور نہیں ہوتا۔ اسی طرح جب ٹیکسی ڈرائیور مسافر کی مرضی کے بغیر اپنی گاڑی روکتا ہے تو پھر بھی اس پر لازم ہے کہ میٹر بند کر دے۔"

New Japan Hotel میں پہنچ گئے۔ اس عالیشان ہوٹل کی تفصیلات میں بعد میں بیان کروں گا۔ میرا میزبان میرے اصرار کے باوجود چائے پیے بغیر چلا گیا اور کہہ گیا کہ دوسرے دن 12:33 پر آئے گا۔ وہ آیا۔ ساتھ مجھے مدعو کیا۔ lunch ہم اکٹھے کریں گے۔ ٹوکیو میں ایک چوک ہے جسے Ginza کہا جاتا ہے۔ دونوں گھومتے پھرتے۔ ٹوکیو میں اس کی shopping center سے ... لندن میں Oxford street یا Caracas کا Sabana Grande۔ دوسرے دن میرا دوست مقررہ وقت پر آیا اور ہم چلتے ہوئے Ginza پہنچ گئے۔ میری ضد کے باوجود مجھے ٹیکسی کا کرایہ نہ دینے دیا۔

"ڈاکٹر صاحب کونسا کھانا پسند کرو گے؟ مغربی یا کوئی جاپان کی خاص ڈش؟" میرے میزبان نے پوچھا

"میں کوئی جاپانی ڈش ہی کھاؤں گا۔"

ہم Ginza کے قریب ہی ایک ریسٹورنٹ میں داخل ہوئے تو دیکھا گیا ہوں کہ ریسٹورنٹ میں بچھے ہوئے ... برابر ... ہیں اور چھوٹے butacas پر۔ ہم ریسٹورنٹ کے دروازے سے جس کمرے میں داخل ہوئے اس میں پانچ کرسیاں تھیں اور ہم دونوں وہاں بیٹھ گئے۔ یہ سہولت اس لئے تھی کیونکہ ہال فل تھا۔ جونہی کوئی اٹھ کر جاتے ہیں اور جو بیٹھے انتظار کر رہے ہیں وہ سامنے کے ہال میں داخل ہو جاتے ہیں۔ اس کمرے کے تین اطراف میں بڑے بڑے ہال جن کی دیواریں شیشے کی تھیں۔ لوگ کھانا کھا رہے تھے اور Geishas (waitresses) کھانا serve کرنے یا آرڈر لینے میں مصروف تھیں۔ آخر ہماری باری آئی تو ہمیں دائیں کمرے میں جانے کا اشارہ کیا گیا۔ ایک ٹیبل پر تین کرسیاں خالی تھیں۔ Geisha نے مسکراتے ہوئے ہمیں وہاں بٹھا دیا۔ ایک dining hall میں کرسیوں میزوں کے علاوہ نیچے بیٹھ کر کھانے والوں کیلئے (جیسا کہ جاپان میں رواج ہے) ... فٹ اونچا لمبا سا میز تھا جس کے دونوں طرف کافی لوگ قالین پر بیٹھے ہوئے کھانا تناول فرما رہے تھے۔ جاپان میں رواج ہے کہ جونہی کھانے کا آرڈر دیا جائے وہ کھانا کاؤنٹر سے ... سامنے ان کی میز پر تیار کیا جاتا ہے۔ اس غرض کے لئے میزوں پر چولہے ہوتے ہیں۔ گیس وغیرہ کا بھی انتظام ہے اور Geishas کھانے پکانے کا سامان وہاں ہی لے آتی ہیں۔ قارئین کی اطلاع کیلئے عرض کرتا چلوں کہ مغربی قسم کا کھانا جاپانی کھانوں سے بہت مہنگا ہوتا ہے۔

"ڈاکٹر صاحب! آپ نے کہا تھا کہ آپ جاپانی کھانا تناول کریں گے۔" میرے میزبان نے کہا۔

"ہاں۔"

وہ مجھے ایک کمرے میں لے گیا جہاں دیواروں کے ساتھ بڑے بڑے aquaria رکھے ہوئے تھے جن میں زندہ مچھلیاں تیر رہی تھیں۔ میرے میزبان نے جاپانی زبان میں ایک Geisha کو کچھ کہا اور چند منٹوں کے بعد ایک لمبا سا chef جس کا قد تقریباً

Marfat.com

جاپانیوں کے قد سے بڑا تھا۔ خاص قسم کے سفید لباس میں ملبوس حاضر ہو گیا۔ میرے میزبان نے پھر اُس سے کچھ اپنی زبان میں کچھ کہا جس پر وہ سر تسلیم خم کرنے کے انداز میں جس کے معنی ہیں کہ آپ کا حکم بجا لاؤں گا۔

میرا میزبان مجھ سے مخاطب ہوا۔ "سامنے والے aquaria میں سے کونسی مچھلی کھانا پسند کرو گے ؟"

"وینزویلا میں تو ہماری معمول کی غذا مچھلی ہی ہے۔"

اس نے مسکرا کر سر جھکایا اور کہنے لگا۔ "یہ کوئی عام قسم کی مچھلی نہیں اگر chef مچھلی کاٹنے اور بنانے کا specialist نہ ہو تو اسے کھانے والا کھلے جہاں چلا جاتا ہے جہاں سے واپسی ممکن نہیں۔"

میں بہت گھبرایا اور کہا کہ یہ کس قسم کی مچھلی ہے ؟ ہم تو وینزویلا میں ہر قسم کی مچھلی کھاتے ہی رہتے ہیں۔ موت کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ بے شک وینزویلا میں ایک خاص موسم میں سمندر میں Redtide آجاتی ہے جو کہ خاص قسم کے جرثومے ہوتے ہیں۔ اگر کسی مچھلی نے یہ جرثومے کھائے ہوں اور اس مچھلی کو کوئی آدمی کھالے تو زہر کی وجہ سے جان جانے کا خدشہ لاحق ہوتا ہے۔ ان جرثوموں کی وجہ سے سمندر دور دور تک سرخ نظر آتا ہے۔ لوگ ان دنوں اس سمندری علاقہ کی مچھلی پکڑنے اور کھانے سے گریز اور دریائی مچھلیوں پر گزارہ کرتے ہیں۔ یہ جرثومے Protozoan dinoflagellates ہیں۔

"آپ کس قسم کی مچھلی مجھے کھلانا چاہتے ہیں ؟" میں نے حیرت سے پوچھا۔

"یہ ایک خاص قسم کی مچھلی بنام fugu جس کے اندرونی اعضاء میں نہایت ہی زہریلا مواد ہوتا ہے۔ گورنمنٹ کی طرف سے اس مچھلی کے کاٹنے اور پکانے کیلئے باورچیوں کو تربیت دی جاتی ہے کہ وہ اس کے پتے کو نکالنے میں ماہر ہوں۔ باقاعدہ گورنمنٹ کی طرف سے انہیں سرٹیفیکیٹ دیا جاتا ہے۔ یہ مچھلی کھانے سے تعلق رکھتی اور نہایت ہی لذیذ ہوتی ہے۔ آپ نے دیکھا میں نے شیف کو جاپانی زبان میں کچھ کہا تھا وہ یہ تھا کہ اپنا سرٹیفیکیٹ لے آؤ۔"

ہم باتیں کر ہی رہے تھے کہ ہمارے پیچھے نہ جانے کب سے وہ chef ہاتھ میں ایک لمبا سا کارڈ لئے جس پر پلاسٹک کا کور چڑھا ہوا تھا مؤدبانہ کھڑا رہا اور ہماری باتوں میں مخل نہ ہوا۔ جونہی ہماری گفتگو ختم ہوئی اس نے سر جھکا کر دو ہاتھوں سے مؤدبانہ انداز میں کارڈ مجھے پیش کیا۔ یہ کارڈ جاپانی، انگلش، جرمن، فرنچ اور سپینش زبانوں میں تحریر تھا۔ اس پر لکھا تھا کہ یہ سرٹیفیکیٹ گورنمنٹ کی طرف سے دیا گیا اور یہ chef اس مچھلی سے پتہ نکالنے کیلئے تربیت یافتہ ہے۔ اب مجھے کچھ تسلی ہوئی۔ chef نے ایک handnet لیا اور بڑی مہارت سے مچھلی کو aquarium سے باہر نکالا۔ جس میز پر ہم بیٹھے ہوئے تھے۔ عین ہماری نظروں کے سامنے اس نے مچھلی کو کاٹا اور عمل پتہ باہر نکال کر ایک شیشے کی پلیٹ میں رکھ دیا تاکہ گاہک کی تسلی ہو جائے کہ زہریلا پتہ نکال لیا گیا ہے۔ میرے میزبان نے جاپانی زبان میں اسے مچھلی پکانے کیلئے ہدایت کی خاص سوپ اور چاولوں کا آرڈر بھی دیا، پینے کیلئے کوکا کولا۔

تھوڑی دیر کے بعد وہ اور دو Geishas اس کے ہمراہ آئیں اور تمام کھانا ہمارے سامنے ہمارے میز پر ہی تیار کر کے ہمیں serve کر دیا۔ مچھلی واقعی لذیذ ترین تھی آج تک میں نے ایسی مچھلی نہ کھائی اور پھر مزے کی بات یہ ہے کہ طریقہ کار جو اس مچھلی کو پکانے کیلئے اختیار کیا گیا وہ بھی نرالا تھا۔ کھانے کے بعد میں نے کافی پی اور میرے میزبان نے Sake کے دو پیگ لئے۔ Sake ایک خاص قسم کی جاپانی شراب ہے جو گرم گرم ہی پی جاتی ہے۔ میرے دوست میزبان نے بل ادا کیا۔ اس کے بعد میں نے کہا کہ میں کوئی جاپانی گھر دیکھنا چاہتا ہوں۔ اس نے کہا "میرے گھر چلو!"

ہم نے ٹیکسی لی اور قریباً ایک گھنٹہ میں اس کے گھر پہنچ گئے۔ جاپان میں اپنا گھر ہونا ایک انوکھی بات ہے۔ زیادہ تر لوگ flats میں رہتے ہیں۔ ہر ایک گھر اور فلیٹ کے اندر اور باہر ایک باغ ہوتا ہے۔ اندر چھوٹے چھوٹے گملوں میں مختلف shelves پر پھولدار اور پھلدار پودے سجائے ہوتے ہیں۔

جب ہم اس کے گھر کے maingate پر پہنچے تو دروازے کے باہر landing پر ایک mat کے اوپر دائیں جانب نسبتاً چھوٹی جوتیوں کا ایک جوڑا تھا۔ اس کے ساتھ بڑی جوتیوں کے دو جوڑے آخری جوڑا میرے میزبان کا تھا۔ اس سے اندازہ ہو جاتا کہ گھر میں کتنے فرد رہتے ہیں اور ان میں لڑکے لڑکیاں اور بڑے کتنے ہیں۔ جاپانی اپنی رہائش گاہوں کو متبرک سمجھتے ہیں۔ اس نے اپنے

Marfat.com

بوٹ اتارے۔ جیب سے چابی نکال کر دروازے کو کھولا اور مجھے معذرت کے ساتھ ذرا انتظار کرنے کو کہا۔ تھوڑی دیر بعد ہاتھ میں میرے لئے ایک جوتیوں کا جوڑا لیے ہوئے واپس لوٹا۔ میں نے اپنے بوٹ اتارے اور دوسرے جوتے پہن اندر داخل ہوا۔ ڈیوڑھی (hall) میں ایک دیوار کے ساتھ میرے میزبان کا بوٹ اور دیگر اہل خانہ کے جوتے پڑے ہوئے تھے۔ جوتے وہ گھر سے باہر استعمال کرتے۔ گھر کے اندر باہر والے جوتوں سمیت نہ جانا گندگی سے بچنے کیلئے کیا جاتا۔ میں نے بھی اس کی تقلید کی اور اپنے جوتے جو اتارے تھے اس کے جوتوں کے ساتھ رکھ دیئے۔ پتہ چلا کہ اس کی بیوی، بچی اور ماں تینوں باہر گئے ہوئے تھے۔ اس کے جوتوں کے تین جوڑے باہر دروازے کیساتھ پڑے ہوئے تھے۔

چھوٹا سا مکان تین چھوٹے چھوٹے بیڈ روم، ڈرائینگ روم نسبتاً دوسرے کمروں سے بڑا اور ڈرائینگ روم کے ایک طرف لکڑی کا ایک لمبا سا میز جو کہ فرش پر بیٹھ کر کھانے کیلئے تھا۔ گھر میں، میں نے کوئی کرسی stool وغیرہ نہ دیکھی۔ ہر طرف پڑے فرش پر نہایت قیمتی قسم کے قالین، اچھی قسم کے گاؤ تکیے اور پھولدار پودے نہایت قرینے سے مختلف جگہوں پر سجائے ہوئے۔ مجھے تو یوں معلوم ہوا کہ جیسے کسی مقبرے میں داخل ہو گیا ہوں۔ مجھے کوئی پتہ نہیں کہ وہ لوگ گھر کا سامان وغیرہ کہاں رکھتے ہیں۔ bathroom اور kitchen کہاں ہیں۔ میں نے courtesy کے مدنظر پوچھنا مناسب نہ سمجھا۔ کوئی آدھ گھنٹہ میں تینیے کے سہارے اس کے پاس بیٹھا رہا۔ گپ شپ ہوئی۔ اس نے مجھے drink کے لئے پوچھا لیکن میں نے معذرت کی۔ میں چاہتا تھا کہ جا کر اپنے ہوٹل کے کمرے میں آرام کروں۔ اس نے ٹیکسی کیلئے فون کیا۔ تھوڑی دیر بعد ٹیکسی ڈرائیور نے باہر آ کر ہارن دیا۔ میرا میزبان مجھے ٹیکسی تک چھوڑنے کیلئے آیا۔ ٹیکسی ڈرائیور ٹیکسی کے باہر کھڑا تھا۔ میرے میزبان نے خود دروازہ کھول کر مجھے ٹیکسی کی پچھلی سیٹ پر بٹھا دیا اور تین دفعہ جھکنے کے بعد دروازہ بند کیا۔ میں نے اپنے انداز میں میزبان کو ہاتھ ہلا کر الوداع چاہی۔ قریباً 44 منٹ میں، میں ہوٹل New Japan پہنچ گیا۔ دوسرے دن میں نے اپنے دوست کو ٹیلیفون کیا کہ آپ اگر اجازت دیں اور اس میں کوئی تکلف کی بات نہیں میں اکیلا گھومنا چاہتا ہوں۔ آپ اپنے معمول کے کاروبار اور مصروفیت جاری رکھیں لہٰذا کوئی دس بجے کے قریب میں پیدل چلتا ہوا Ginza پہنچ گیا۔ چاروں طرف بڑے بڑے بازار اور جدھر نظر اٹھی۔ انسانوں کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر۔ جوان تو کیا بوڑھے بھی چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتے ہوئے بھاگتے چلے جا رہے ہیں اگر اتفاقاً آپ کا کندھا کسی سے ٹکرا گیا تو وہ اسے اپنی غلطی تصور کرے گا اور تین بار جھک کر معذرت کرے گا۔

میں Ginza کے ایک معروف بازار کی طرف چل دیا۔ قریباً آدھے فرلانگ کے فاصلے پر ایک بڑا departmental store سٹور دیکھا جس کے باہر نہایت خوبصورت پھولدار پودے گملوں میں زیبائش کے طور پر رکھے ہوئے تھے۔ اس قسم کی زیبائش جاپان میں ہر جگہ ہے۔ میں سٹور میں داخل ہوا اور Guideboard پر پڑھا کہ پودے وغیرہ تیسری منزل پر ہیں۔ elevator کے بجائے escalator کے ذریعے تیسری منزل پر پہنچا جہاں پودے فروخت کیے جاتے۔

راقم الحروف کو elevator سے چند وجوہات کی بنا پر ڈر لگتا ہے۔ ایک تو یہ کہ وینزویلا میں ہفتے کی ایک رات کو میں نے elevator میں داخل ہو کر اپنی لیبارٹری میں جانے کیلئے پانچویں فلور کا بٹن دبایا۔ چونکہ اس رات میرے اسسٹنٹ Subero نے کئی زہریلی مچھلیاں، بچھو اور دیگر reptiles کو کھانا ڈالنا تھا نے چار بجے میرے گھر فون کیا کہ اس کی بیوی بیمار ہے اور رات سے شام تک ڈاکٹر سے appointment ہے لہٰذا وہ نہ آ سکے گا اس لئے مجھے خود جانا پڑا یاد رہے کہ Latin American ملکوں میں ہفتہ اور اتوار کی دو چھٹیاں ہوتی ہیں۔ ان دونوں میں کوئی شخص بھی کوئی کام نہیں کرتا۔ ایک دفعہ کی بات ہے میری بیوی کو Uterine haemorrhage ہو گیا میں اور میرا بھائی انور ڈاکٹروں کو ٹیلیفون کر کے ہار گئے لیکن کوئی ڈاکٹر نہ ملا۔ لہٰذا کار کی پچھلی سیٹ پر لٹا دیا اور میں نے steering wheel سنبھالا۔ میں ساتھ والی سیٹ پر بیٹھ گیا اور سیدھے ڈاکٹر Moreno جو کہ وینزویلا کا مشہور gynaecologist اور میری بیوی پہلے سے ہی اس کے زیر علاج تھی، اس کے گھر پہنچ گئے۔ buzzer دبایا ایک نوکرانی دروازے پر آئی۔ اس سے ڈاکٹر صاحب کے متعلق پوچھا تو پتہ چلا کہ وہ تو ایک beach کے Playa Colorada کہتے ہیں جس سے وہاں چلے گئے ہیں۔ یہ ہمارے شہر سے کوئی 35 کلومیٹر دور واقع اور سمندر کے ساتھ نہایت خطرناک بل کھاتی ہوئی پہاڑی سڑک

Marfat.com

کے ذریعہ وہاں پہنچ جا سکتا ہے۔ ہم ڈاکٹر کے پاس وہاں جا نکلے وہ ڈرنک وغیرہ میں مصروف تھا۔ چونکہ میرا دوست تھا، اپنی کار میں واپس شہر اپنے کلینک میں آ گیا۔ فرنچ کا curetaje کیا اور ہم اپنی کار میں اپنے گھر آ گئے۔ ڈاکٹر Moreno دوبارہ Playa Colorada چلا گیا۔

وینزویلا میں اکثر لوگ جو ساحل سمندر کے قریب یا تھوڑے فاصلے کے رہائشی weekends پر beaches پر پکنک مناتے ہیں اور ان شہروں کے لوگ جو ساحل سمندر سے بہت دور ہیں چشموں یا ندیوں کے کنارے تفریح کو ترجیح دیتے ہیں۔ راقم کو اپنی فیملی کے ساتھ بھی اسی رسم کی عادت پڑ گئی۔ Cumaná شہر کے قریب ایک beach بنام Quetepe جہاں پر پکنک کا سامان لے جاتے۔ عورتیں مرد اور بچے سمندر میں ادھر ادھر تیرتے رہتے۔ باہر آ کر کچھ کھا پی لیا اور دوبارہ سمندر میں کود پڑے۔ تیرنے کا سب سے آسان طریقہ اپنی پیٹھ پر لیٹ کر سمندر پر لیٹنا ہے اور ہاتھوں کو چپوؤں کی طرح استعمال کر کے ادھر ادھر جگہ بدل لی جاتی ہے۔ ہم لوگ اور جب کوئی اور بھی پارٹی میں شریک ہوتا تو drinks کی بوتلوں کے ارد گرد ایک ربڑ بینڈ ڈال لیتے تا کہ بوتل پانی میں ڈوب نہ سکے اور اپنی پیٹھ پر لیٹے ہوئے جب جی چاہتا قریب کی بوتل کو منہ لگا کر ایک گھونٹ لگایا اور پھر سمندر کی سطح پر دراز ہو جایا کرتے۔ راقم کافی دیر تک میگزین وغیرہ اسی انداز میں پانی پر لیٹے ہوئے پڑھا کرتا۔

بات کہاں سے کہاں جا پہنچی اصل کہانی کی طرف واپس لوٹتا ہوں۔ جب elevator چوتھی اور پانچویں منزل کے درمیان پہنچی تو کسی خرابی کی وجہ سے رک گیا میں نے بار بار alarm button دبایا مگر کوئی دادرسی کو نہ پہنچا۔ قریباً تیرہ گھنٹے کے بعد جب صبح سے vigilante کی ڈیوٹی شروع ہوئی تو آخر وہ آن ہی پہنچا۔ اوپر والی منزل کی چھت پر پہنچ کر اس نے manual mechanism سے elevator کو پانچویں منزل تک پہنچایا اور پھر نیچے آ کر پانچویں floor پر آ کر special key سے elevator کا دروازہ کھولا تو میری جان میں جان آئی۔ پتہ چلا کہ پہلا vigilante شراب کے نشہ میں غرق تھا۔ اسے کوئی ہوش نہ تھی کہ اس نے buzzer کی آواز کی ان سنی کر دی۔ ایک تو اس وجہ سے مجھے elevator سے ڈر لگتا ہے۔

قارئین کی دلچسپی کیلئے عرض ہے کہ کئی سال پہلے نیویارک میں پہلی دفعہ چند گھنٹوں کیلئے بجلی بند ہوئی کئی لوگ بے ہوش ہو گئے کئی بدنصیبوں کی موت واقع ہوئی اور تیسری وجہ یہ ہے کہ میں بچپن سے ہی claustrophobia کا مریض ہوں۔

میں نے چند سال پہلے وینزویلا میں پڑھا کہ Emperor Hiro Hito (جاپان کا بادشاہ) کیلئے ناشتے کے وقت روزانہ ایک چھوٹا سا سیب کا پودا اس کی میز پر حاضر کیا جاتا اور وہ اپنے ہاتھ سے سیب توڑ کر کھاتا۔ مجھے یہ جاننے کا بہت اشتیاق تھا کہ واقعی جاپان میں اتنے چھوٹے پودے ہوتے ہیں جنہیں Bonsai کہتے ہیں۔ یہ وہ پودے ہوتے ہیں جو miniature درخت ہیں جن کی خاص technique سے اس طرح پرورش کی جاتی ہے کہ پودے کا قد اور پھیلاؤ تو نہیں بڑھتا لیکن عمر وقت کے حساب سے بڑھتی چلی جاتی ہے۔ مثلاً دو سو سال کا شیشم کا درخت جو کہ پشت در پشت خاندان میں چلا آ رہا ہے۔ میں جھک کر shelfs اور فرش پر پڑے ہوئے سیبوں کے پودوں کو دیکھ رہا تھا۔ مجھے پتہ نہ چلا کہ میرے کوٹ کی اوپر والی جیب میں سے چار رنگارنگی rings پر "Dr P Nasir" لکھا ہوا تھا ان میں سے ایک نیچے گر گیا۔

میں نے اس سٹور سے چند اشیاء خریدیں اور جب کاؤنٹر پہ payment کرنے لائن میں کھڑا ہوا تو میری باری آنے پر جو لڑکی کاؤنٹر پہ بیٹھی ہوئی تھی اس نے پوچھا۔ (میری شکل وصورت سے اس نے اندازہ کر لیا کہ میں جاپانی نہیں ہوں)

"Cash, or charge, sir!"

"Charge" میں نے جواب دیا۔

میں نے اپنا امریکن ایکسپریس کریڈٹ کارڈ نکالا۔ اس کو دیا تو اس نے میرا پتہ پوچھا۔ میں نے جواب دیا، "Dr. P. Nasir, Avenida Gran Mariscal No. 47, Quinta Porzana, Cumaná 6101-A Sucre, Venezuela, South America."

چونکہ یہ پتہ Spanish میں تھا۔ اس نے مجھے کارڈ کے اوپر لکھنے کو کہا لہذا میں نے لکھ دیا۔ اس نے وہ چٹ کی ایک کاپی مجھے دے دی

Marfat.com

جانے سے پہلے میں نے اُسے حیرت سے پوچھا" دوسری کلرک لڑکیاں abascus (ضمیمہ 156) حساب کتاب کیلئے استعمال کر رہی ہیں اور کوئی کیش رجسٹر کو استعمال میں نہیں لاتا حالانکہ آپ کے سٹور میں مختلف قسم کی ہزاروں ایسی مشینیں پڑی ہوئی ہیں جن سے جمع تفریق کی جاسکتی ہے۔" اُس نے مسکرا کر جواب دیا۔

"Sir ہم جاپانی ان مشینوں کو بیرونی ممالک میں فروخت کرتے ہیں۔ اپنا کام جیسا کہ آپ نے دیکھا abascus سے ہی کر لیتے ہیں اور وہ مشین جیسی جلدی سے !"

میں قوم پرستی کے جذبے کی داد دیئے بغیر نہ رہ سکا۔ اپنی چیزیں سنبھالیں اور باہر نکل کر window-shopping کرتا ہوا قریباً شام کے وقت ہوٹل پہنچا۔ دوسرے دن وہ میرا جاپانی دوست آ گیا اور ہم ٹیکسی میں بیٹھ کر ٹوکیو کی قابلِ دید جگہیں دیکھنے چل دیئے۔ کوئی تین گھنٹے ٹیکسی استعمال کی۔ اس کے بعد پیدل ہی گھومتے رہے۔ حیرانگی کی بات ہے کوئی بچہ، بڑا، مرد، عورت مجھے بیکار کھڑے ہوئے نظر نہ آیا۔ ایسے کہ جیسے قیامت کا منظر، اور چند بوڑھے بھی میں نے دیکھے۔ وہ تو پیدل اس قدر تیز چلتے کہ جوانوں کو پیچھے چھوڑ گئے۔ قریباً پانچ بجے شام اپنے دوست کو راستے میں ہی چھوڑ کر میں New Japan Hotel پہنچ گیا۔ جب receptionist سے اپنے کمرے کی چابی مانگی تو اُس نے میری چابی کے نمبر والے pigeonhole سے مجھے ایک چھوٹا سا پیکٹ نکال کر چابی کے ساتھ دیا۔ میری سمجھ میں نہ آیا کہ یہ میرے لئے کون دے گیا ہے۔ میں نے بے چینی سے وہاں ہی کھڑے کھڑے کھول کر دیکھا تو اُس میں میرا سگار اور New Japan Hotel کا رڈ اور ساتھ ہی ایک چھوٹا سا نوٹ جس میں لکھا تھا

"Courtesy of store."

اپنے کمرے کی چابی میں نے counter پر ہی چھوڑی اور جلدی جلدی اُسی سٹور میں پہنچ گیا۔ میں نے اس واقعے کا ذکر ایک سٹور کے ملازم سے کیا اور وہ تین بار جھکتے ہوئے مجھے Customer service کے ایک آفیسر کے پاس لے گیا۔ جاپانی زبان میں اُس آفیسر سے کچھ کہا۔ خود تو واپس چلا گیا مگر آفیسر مسکراتا ہوا اپنی کرسی سے اُٹھا۔ رسماً واخلاقاً طور پر جھکتے ہوئے مجھے صوفے پر بیٹھنے کو کہا اور میرے سامنے ایک صوفہ پر خود بیٹھ گیا۔ میں نے اُس سے پوچھا" مجھے تو پتہ نہیں چلا کہ میرا سگار کہیں گر گیا ہے۔ ہاں اُس پر میرا نام ضرور لکھا تھا مگر میرے "New Japan Hotel" میں ٹھہرنے کا آپ کو کیسے پتہ چلا ؟" یہاں عرض کرتا چلوں کہ میں نے اس ہوٹل سے تین چار ہوٹل کے پتے کے کارڈ احتیاط لے لئے تھے کہ اگر بھول بھی جاؤں تو کسی کو دکھا کر راستہ معلوم کر سکوں۔ حسبِ عادت یہ کارڈ اپنی پتلون کی hip-pocket میں ڈال لئے جس میں میرا بٹوہ بھی تھا۔ جب میں نے کونٹر پر پےمنٹ کرنے کیلئے اپنا بٹوہ نکالا تاکہ اُس میں سے کریڈٹ کارڈ نکال کر cashier کو دوں۔ اس عمل کے دوران ایک New Japan Hotel کا کارڈ نیچے گر گیا تھا۔

"Sir یہ جاپان ہے۔ اگر کسی گاہک کی کوئی چیز کسی دکان وغیرہ میں رہ جائے تو ہم انتہائی کوشش کرتے ہیں کہ اس کے مالک کا پتہ چلا کر اسے اُس کی چیز پہنچا دی جائے۔ عام طور پر مالک تھوڑی تگ ودو کے بعد مل ہی جاتا ہے اور اگر کوئی دوکاندار ایسا نہ کرے تو اُس کی شہرت پر حرف آتا ہے۔"

"مگر میرا آپ کو کیسے پتہ چلا ؟" میں تو یہی دریافت کرنے آیا ہوں۔

نہایت شائستگی سے اُس نے جواب دیا" گاہکوں کیلئے قریباً چھ بجے سٹور بند ہو جاتا ہے مگر ہمارا اصل کام اس کے بعد شروع ہوتا ہے۔ shelves پر سے جو چیزیں بک گئی ہوں۔ اُن کی جگہ اور چیزیں مہیا کرنا، سارے دن کی آمدنی کا حساب کتاب کرنا، نئے آرڈر تیار کرنا، صفائی کرنا اور اگر کوئی چیز گری ہوئی ملے تو اُس کے مالک کو تلاش کرنا۔ وغیرہ وغیرہ جب ایک لڑکی کیش کاؤنٹر کا سیکشن صاف کر رہی تھی تو اُسے آپ کا گرا ہوا سگار ملا جس پر آپ کا نام تھا۔ اُس نے جونہی کاؤنٹر وغیرہ کی صفائی کر رہی تھی۔ اُس کو آواز دی تو اس نے کہا کہ مجھے بھی یہاں New Japan Hotel کا کارڈ ملا ہے۔ بہر حال یہ دونوں چیزیں اور پھر اور بھی سراغ۔ اس کا جب میرے کمرے میں پہنچا تو میں نے سوچا کہ جس کے سگار پر اُس کا نام لکھا ہوا ہے وہ کسی خاص status کا حامل ہے اور یقیناً جاپان کا باشندہ نہیں۔ اس نے payment ضرور اپنے Credit card سے کی ہوگی۔ میں نے کیش کی پڑتال شروع کی وہاں مجھے وہ چیز

سے آپ کا نام اور ویزہ دیا کا پتہ ملا تو مجھے پکا یقین ہو گیا کہ سگار پر جو نام تھا وہی نام کریڈٹ کارڈ کے واؤچر پر تھا۔ (ضمیمہ 157) اب ہم نے ٹیلیفون کرنے شروع کئے اور پتہ چلا کہ آپ New Japan Hotel میں ٹھہرے ہوئے ہیں۔" ساتھ ہی Sake پینے کی عادت کی مہربانی سے کافی پتا چل گیا۔ یہ اس لئے باعث حیرت بات تھی کہ جاپان میں آکر لوگ جاپانی چائے پسند کرتے ہیں۔

اب تھوڑا سا New Japan Hotel کے حوالے سے بھی سن لیں۔ اس کے مالک Koreans تھے اور جاپانی ان کو اچھا نہ سمجھتے۔ باقی باتوں کو تو چھوڑیں ذرا اپنے کمرے کے متعلق کچھ بات ہو جائے جو لڑکی مجھے میرے کمرے میں لائی۔ اس نے کوئی چھوٹی اکثر میں ہر ایک مختلف چیزوں کے متعلق سر بار سر جھکاتے ہوئے سمجھایا اور کہا کہ اگر کسی بٹن وغیرہ کی سمجھ نہ آئے تو سنٹر ٹیبل پر یہ " چند ورق" پڑا ہوا ہے۔ اس کو دیکھیں اور پھر بھی کوئی مشکل درپیش ہو تو reception فون کر دیں۔ پہلے باتھ روم دیکھیں۔ washbasin پر تین قسم کی ٹوٹیاں نصب تھیں جو آگے سے ملی ہوئی تھیں۔ ٹھنڈا پانی، گرم پانی یا دونوں ملے ہوئے۔ اس کے اوپر دیوار پر بڑا شیشہ جس کے اوپر عجیب و غریب lights اور ساتھ ایک panel پر بجلی کا shaver کے استعمال کرنے کیلئے AC اور DC کے sockets اور 6 buttons لگے ہوئے تھے۔ باتھ روم میں ہر طرف شیشے جدھر دیکھو آپ کو اپنی شکل آگے، پیچھے سے نظر آتی شاور میں بھی water-mixer اور ایک knob لگی ہوئی تھی جس سے فوارے کا پریشر adjust کیا جا سکتا تھا۔ ایک king-size tub ایک commode اور عورتوں کیلئے bidet۔ دوسری طرف rack پر مختلف قسم کے تولئے۔ ایک شیلف میں صابن، مختلف لوشن اور مختلف قسم کی lights جلانے کا تو کوئی حساب ہی نہ تھا۔ باتھ روم سے کمرہ میں آنے تک hall کی دائیں جانب دیواروں میں wardrob نصب تھے۔ کمرے کے فرنیچر کے متعلق تفصیل میں جانے کی ضرورت نہیں مگر circularbed دیکھ کر بہت حیران ہوا۔ ایک طرف تھوڑا اونچا کر لو۔ بٹن دباؤ پاؤں کی طرف اونچا کر لو اور بٹن دباؤ سارا بستر اوپر نیچے کر لو۔ button دباؤ تو گھومنے لگے۔ speed سے چاہو bed کو گھما لو۔ سرہانے کی طرف ایک شلف میں مختلف قسم کے سرہانے اور رات کو پڑھنے کیلئے table lamp۔ نہایت اعلیٰ قسم کی linen اور کمبل۔ bed کے ساتھ اور کمرہ میں داخل ہوتے ہی مختلف لائٹوں کیلئے سوئچ۔ reception سے رابطہ کیلئے ایک direct telephone اور دوسرا ٹیلیفون ٹوکیو میں بات کرنے کیلئے اور اسی میں ایک نمبر ملانے سے جاپان کے کسی اور شہر میں بات کر سکتے تھے مگر انٹرنیشنل کال کرنے کیلئے reception کا ایک نمبر گھمانا پڑتا۔ فرش پر بھی کمرہ قالین کی بجائے تھا کہ فرش پر ہی لیٹ جاؤں۔

میں کوئی ایک ہفتہ اور ٹوکیو میں رہا۔ حالانکہ میرا ٹکٹ Pan Am سے کراچی تک تھا۔ میں نے سوچا JAL سے کراچی تک سفر کیا جائے۔ کیونکہ Jal کی service کا مجھے تجربہ تھا۔ ویسے تو میں کئی Airlines مثلاً AIR FRANCE, KLM, VIASA, LAC, AVIANCA, VARIG, TWA, SWISSAIR, SABENA, AL ITALIA, LAN, AEROFLOT, BOAC, TACA سے سفر کر چکا تھا مگر JAL کی بات ہی کچھ اور ہے۔ button کو push کیا تو stewardess آ گئی۔ کوئی بھی وقت کیوں نہ ہو۔ بچوں کیلئے کھلونے بڑوں کیلئے تاش۔ رات کیلئے eye-shades اور slippers وغیرہ بغیر طلب کے مسافروں کو دیئے جاتے۔ شروع شروع میں جب PIA سے سفر کرنا شروع کیا تو واقعی "باکمال لوگ لاجواب سروس" تھی مگر آہستہ آہستہ یہ deteriorate ہو رہی ہے۔ کئی سالوں سے میں نے PIA کے ذریعہ International سفر کرنا چھوڑ دیا ہے۔

پیشتر اس کے کہ اس داستان کو ختم کیا جائے۔ جب میرا میزبان مجھے airport پر چھوڑنے آیا تو اس نے خود ہی ذکر کیا کہ Control tower میں اس کے چند ایک ملنے والے کام کرتے ہیں۔ اگر چاہو تو دیکھتے ہیں کہ ان میں سے کوئی ڈیوٹی پر ہے کہ نہیں۔ اس نے انکوائری میں جا کر دریافت کیا تو پتہ چلا کہ اس کا ایک دوست Mijara اس وقت موجود ہے لہذا ہم نے سامان ایک porter کی تحویل میں رکھا اور elevator کے ذریعہ Control tower میں پہنچ گئے۔ صبح کوئی نو بجے کا وقت ہوگا۔ مجھے پہلی بار کسی Control tower میں جانے کا اتفاق ہوا۔ مختلف قسم کے gadgets اور جہازوں کی آمد و رفت دیکھ کر میں حیران رہ گیا۔ کتنی efficiency سے یہ system کام کر رہا ہے۔

Marfat.com

Mijara اُس وقت کسی airliner کی landing میں مصروف تھا جوں ہی فارغ ہوا تو اُس نے مختلف قسم کے monitors اور electronic مشینوں کے متعلق آگاہ کیا کہ کس طرح سے یہ system کام کرتا ہے۔ کوئی دس منٹ بیٹھنے کے بعد میں نے اُسے چائے یا کافی پینے کے لیے کہا تو اُس نے جاپانی courtesy سے معذرت چاہی کیونکہ کوئی بیس منٹ پہلے وہ چائے پی چکا تھا جبکہ ہمارے ہاں تو کوئی بہانہ چاہیے چائے یا بوتل پی اور پھر پہروں گپیں ہانکتے رہتے ہیں۔ ہم نے Mijara کا شکریہ ادا کیا۔ میرا میزبان اور میں واپس لوٹے۔ میں نے اُسے "Bye, bye" کیا اور checking کی طرف porter کے ساتھ روانہ ہو گیا۔

جاپانی شاید دنیا کے سب سے زیادہ stressed لوگ ہیں۔ کھچا کھچ بھری ہوئی commuter ریل گاڑیاں اور چھوٹی چھوٹی رہائش گاہیں جیسا کہ جاپان کی اکثریت ہیں۔ کسی کو بھی ذہنی کوفت کا شکار بنا دیں۔ Chronic overtime اگر جاپانیوں کی جدید زندگی ذہنی کوفت پیدا کرتی ہے تو جاپان کی جدید ٹیکنالوجی اس کا سدباب کر رہی ہے۔ ایک نئی stress انڈسٹری خاص طور پر کاروباری لوگوں کیلئے تیزی سے ترقی کر رہی ہے۔ Health clubs جو جسمانی فٹنس کیلئے ہوتے تھے انہوں نے ذہنی صحت پر زور دینا شروع کر دیا ہے۔ دماغ کو سکون پہنچانے والے اداروں کے گاہکوں کیلئے کئی قسم کی مشینیں استعمال میں لا رہے ہیں۔ پرانی قسم کی vibrating کرسیوں سے لے کر Brain-wave-stimulators جو کہ دیکھنے اور سونگھنے کے احساس کو ابھارتی ہیں۔ Health Japan سینٹر، Ginza، گاہکوں کو "Refresh capsule" کے sessions کی پچھلے اٹھارہ سال سے جب ابھی strees پر اتنا زور نہیں تھا، سروس مہیا کر رہا ہے۔ جب یہ کلب کھولا گیا تو اکا دوکا گاہک ہی جایا کرتے۔ 1977 میں ایک جمبو جیٹ پائیلٹ کی دماغی حالت کی وجہ سے ٹوکیو خلیج میں کریش ہوا تو لوگ ذہنی سکون کیلئے دھڑا دھڑ آنا شروع ہو گئے۔ 1994 میں ایک session کی فیس 5000 yen (تقریباً 50$ امریکن ڈالر) تھی۔

مشہور زمانہ Ginza shoping district میں ہر وقت مختلف قسم کی neon lights جگمگ کرتی رہتی ہیں۔ یہ ٹوکیو کے وسط کے مشرقی حصہ میں دنیا کی سب سے مہنگی مارکیٹ ہے۔ رات کو جب دوکانیں وغیرہ بند ہو جاتی ہیں تو دنیا کی قیمتی ترین کاروں، Nissan President، SELs، Mercedes 600، Rolls Royce اور BMWs کی قطاریں لگ جاتی ہیں۔ ان سب کاروں کے رنگ اکثر کالے ہوتے ہیں۔ جو Ginza کی گلیوں اور side lanes میں ہر طرف نظر آتی ہیں۔ یہ کاریں دفاتر اور صنعت کے ٹاپ کلاس bosses کی ہوتی ہیں جو bars میں اپنی گرل فرینڈز یا Geishas کے ساتھ شراب نوشی اور تفریح کر رہے ہوتے ہیں۔ جوں جوں رات بڑھتی جاتی ہے کاروں کی لائنیں لمبی ہوتی جاتی ہیں اور basements کی مدہم روشنی کی bar سے عیاش لوگ باہر گلیوں میں آ جاتے ہیں۔ چونکہ آدھی رات کا وقت گھر لوٹنے کا اشارہ کرتا ہے تو مجبوراً انہیں جانا پڑتا ہے کیونکہ اگر زیادہ دیر عیاشی میں مصروف رہیں تو صبح کام پر توجہ نہیں دے سکتے جس سے کمپنی کا قیمتی وقت ضائع ہوتا ہے اور ہرجانے کا باعث بنتا ہے۔

شہر میں "Love hotels" جہاں جوڑے جب تک چاہیں ٹھہر سکتے ہیں۔ ہوٹل کا کوئی سٹاف نظر نہیں آتا سب کام مشینیں کرتی ہیں جب کمرے کا مطلوبہ کرایہ مشین میں ڈال دیا جائے تو مشین ہی ہوٹل کے کمرے کی چابی پہنچا دیتی ہے۔

Puffer مچھلی جسکو Swellfish یا Blowfish بھی کہا جاتا ہے۔ نوے قسم کی مچھلیوں میں سے جن کی فیملی Tetradontidae ہے میں سے کسی ایک کو بھی Puffer نام دیا جاتا ہے۔ یہ اسلیئے کہ جب انہیں تنگ کیا جائے تو اپنے آپ کو ہوا یا پانی سے اتنا بھر لیتی ہیں کہ بالکل گیند نما شکل اختیار کر لیتی ہیں۔ یہ مچھلیاں دنیا کے گرم اور معتدل علاقوں کی مچھلیاں ہیں۔ اصل میں ان کی جگہ سمندر ہے مگر چند ایک Brackish water (کھارا پانی) میں بھی رہ سکتی ہیں ان کی جلد کھردری اور دانت آپس میں اس طرح ملے ہوتے ہیں کہ چونچ کی شکل نظر آتی ہے۔ ہر ایک جبڑے کے درمیان میں ایک سوراخ ہوتا ہے۔ ان مچھلیوں کی لمبائی نوے سینٹی میٹر (تین فٹ) تک پہنچ جاتی ہے لیکن اکثر کا سائز چھوٹا ہی رہتا ہے۔ ان مچھلیوں کی کئی جنسیں بہت زہریلی ہیں ایک toxic substance بنام tetradontoxin ان کے اندرونی اعضاء میں جمع ہوتی ہے۔ ایسی مچھلی کھانے سے انسان کی موت واقع ہو سکتی ہے۔ جاپان میں ایسی زہریلی مچھلیاں خوراک کے طور پر بھی استعمال ہوتی ہیں۔ special chef انہیں بڑی احتیاط سے تیار

Marfat.com

کرتے ہیں۔ fugu کو خاص licence کے تحت تیار کیا جاتا ہے اور یہ جاپان میں gastronomic delicacy ہے۔ جاپانی محاورہ ہے: "میں fugu کھانا چاہتا ہوں مگر زندہ بھی رہنا چاہتا ہوں۔"

Puffers کی طرح کوئی بارہ قسم کی مچھلیاں جن کی جینس *Canthigaster* فیملی Canthigasteridae اور تمام دنیا میں پائی جاتی ہیں ان کا سائز چھوٹا ہوتا ہے۔ زیادہ سے زیادہ 20 سینٹی میٹر اور یہ زہریلی نہیں ہیں۔

Monorail ایک ہی ریل پر چلتی ہے جو ریل کار کے نیچے یا اوپر بچھائی جاتی ہے۔ وہ سسٹم جس میں ریل ریلوے کار کے اوپر ہوتی ہے وہ دو پہیوں والے axles سپورٹ کرتے ہیں جو اوپر کی ریل پر چلتے ہیں۔ یہ سسٹم gyroscope کے عمل سے stable رہتا ہے۔ وہ سسٹم جس میں ریل ریلوے کار کے نیچے ہوتی ہے۔ یہ railway cars، guide wheels یا gyroscope پہیے سے stable رہتا ہے۔ مانوریل سسٹم پہلی دفعہ بیسویں صدی کے شروع میں استعمال میں لایا گیا۔ اس سسٹم میں عام Electric traction motors کا دخل ہوتا ہے۔ ٹوکیو میں کمرشل مانوریل شہر کے وسط سے Haneda ائرپورٹ کو ملاتی ہے۔ Seattle, USA میں عام لوگ مانوریل کے ذریعے سفر کرتے ہیں۔ Disneyland, Los Angeles، کیلیفورنیا میں بھی مانوریل استعمال ہوتی ہے۔

Kuala Lumpur ملائشیا کے دارالخلافہ میں مانوریل سسٹم کا افتتاح جولائی 2002 میں ہوگا۔ دراصل یہ کام کافی عرصہ پہلے شروع ہو چکا تھا لیکن اقتصادی بحران کی وجہ سے اس کام کو روک دیا گیا۔ یہ شہر کے وسط میں financial اور shopping کے علاقوں سے Petronas Twin Towers سے ہوتی ہوئی عام ریلوے سسٹم سے منسلک ہے۔ اس کی تکمیل پر 311 ملین امریکن ڈالر خرچ ہوئے۔ رفتار 95 کلومیٹر فی گھنٹہ اور 214 مسافروں کی گنجائش ہے۔

جولائی 2003 ہانگ کانگ میں ایک tower بنام Two IFC بلڈنگ تیار ہوا جس کی 88 منزلیں ہیں اور یہ امریکہ کے Sears Tower, Chicago اور Petronas Towers سے تیسری سب سے اونچی عمارت ہے۔

Chile

ایک دفعہ راقم Santiago de Chile جو کہ جنوبی امریکہ کے ملک Chile کا دارالخلافہ ہے ایک سائنس کانفرنس کے سلسلے میں گیا۔ یہ ملک سارے کا سارا امریکہ میں بحرالکاہل کے کنارے پر واقع ہے۔ دنیا کا لمباترین اور جس کی چوڑائی ایک جگہ پر دنیا میں سب سے کم ہے۔ خط استوا کے علاقہ میں Peru سے شروع ہوتا ہے اور کوئی 2700 میل (4320 کلومیٹر) جنوبی امریکہ کی آخری حد Cape Horn تک لمبا ہے۔ Cape Horn قطب جنوبی سے چار سو میل شمال کی طرف واقع جگہ ہے۔ Chile کی اوسط چوڑائی 100 میل سے زیادہ ہے۔ Antofagasta کے مقام پر زیادہ سے زیادہ اور Puerto Natales کے مقام پر اس کی کم از کم چوڑائی 9.6 میل (15.36 کلومیٹر) ہے۔

جب دنیا کے شمالی Hemisphere میں سردی ہو تو Chile موسم گرما کی زد میں ہوتا ہے۔ اگرچہ کانفرنس 1 اکتوبر سے 7 اکتوبر 1965 میں ہوئی مگر میں ٹھنڈک محسوس کر رہا تھا۔ یہاں تک کہ مجھے chester، hat اور scarf استعمال کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی۔ لوگوں کے لباس اور عمارات کی ساخت سے ایسا ظاہر ہوا جیسا کہ Santiago de Chile کوئی دوسرا لندن ہے۔ تعجب کی بات ہے کہ اس شہر میں جس طرف بھی گیا بالخصوص footpaths پر کتابیں ہی کتابیں ہر نوع موضوع اور زبانوں میں عام طور پر کتب بیچنے والے اور خریدار کوئی نہ کوئی کتاب پڑھ رہے ہوتے۔ یہاں تک کہ راہگیر بھی چلتے چلتے کوئی کتاب پڑھ رہے ہیں اور بے دھیانی سے آپ سے ٹکرا بھی سکتے ہیں۔ Chile کے رہنے والے باقی دنیا سے ہٹ کر اپنی ایک منفرد روش کے حامل ہیں۔ لیفٹ ہاتھ پہ دوسری خالی جگہوں پر صرف اور صرف کتابوں کے سٹال ہیں۔ پاکستان اور ہندوستان کی بات کیا کریں ہم آپ کو لندن، پیرس، سان فرانسسکو اور نیویارک کی تصاویر دکھاتے ہیں جہاں بھی کئی footpaths پر ہر چیز کی خرید و فروخت ہو رہی ہے اور شہریوں کے چلنے کا شمار ہو جاتا ہے مگر Chile میں Elevator operators چوکیدار receptionists اور دیگر دفاتر میں کام

Marfat.com

کرنے والے جونہی کام سے فرصت ملی کوئی نہ کوئی کتاب پڑھ رہے ہیں۔ تعجب کی بات تھی کہ پاکستان کے cafeterrias میں جب آپ چائے یا کافی پینے سے لطف اندوز ہونے بیٹھ جائیں تو اکثر صاحبان چائے اور کافی سے پہلے پانی کا تقاضہ کرتے ہیں مگر اس کے برعکس Chile میں ہر ٹیبل پر پانی کے بڑے بڑے جگ اور گلاس پہلے سے موجود ہوتے ہیں۔

راقم Caracas سے Viasa کی flight کے ذریعے Santiago de Chile پہنچا۔ Hotel Emperador میں کمرہ بک کرایا ہوا تھا۔ ناشتہ سمیت سنگل bedroom کا کرایہ آٹھ امریکن ڈالرز یومیہ تھا۔ جب میں ہوٹل میں پہنچا تو receptionist نے سب سے پہلے یہ سوال کیا کہ آیا ہوٹل کے charges امریکن ڈالرز یا Chile کی کرنسی Escudos میں pay کرنا پسند کریں گے؟

"ڈالرز اور Escudos میں فرق کیا ہے؟" میں نے پوچھا۔

"اگر ڈالرز میں ادائیگی ہوگی تو آپ کو کوئی پانچ ڈالرز pay کرنا ہوں گے اور اگر Chile کی کرنسی میں کریں گے تو قریباً آٹھ ڈالرز۔ (Escudo کی قیمت ایک ڈالر کے مقابلے میں بہت گرتی) ادا کرنا ہوں گے" لڑکی نے جواب دیا۔

"Caracas وینزویلا میں تو مجھے آٹھ ڈالرز بتایا گیا تھا!"

"Chile کی airlines سے نہیں کیا اسلئے انہوں نے صحیح معلومات مہیا نہیں کیں" مسکراتے ہوئے وضاحت کی۔

کانفرنس میں مجھے چند ایک امریکن دوست مل گئے۔ انٹرنیشنل کانفرنسز میں اپنے اپنے Research papers پڑھنے کے بعد سائنس دان حضرات یا تو سیر و تفریح کیلئے نکل جاتے ہیں یا پھر bars کا رخ کرتے ہیں۔ میرا ایک دوست Dr Neil Malony جو کہ Los Angeles کا رہنے والا تھا۔ وہ بھی انہیں سائنسدان دوستوں میں سے تھا اور شراب کا بے حد رسیا۔ رات کو ہم سب ایک بار میں چلے گئے مجھے تو انگلینڈ کے pubs یاد آ گئے۔ فرق صرف اتنا تھا کہ یہاں beer پینے کی بجائے لوگ wines کے شوقین تھے ہم ایک ٹیبل پر بیٹھ گئے اور میرے دوستوں نے اسطرح شراب پینا شروع کی جیسے پینے کا یہ آخری موقع ہو۔ خاص طور پر وائن اور میوزک وغیرہ چل رہا تھا۔ ایک wine کے برانڈ کا نام یاد ہے Rin Martin جو کہ Chile کا خاص product سمجھا جاتا ہے۔ اس bar میں اکثریت تو نہیں البتہ کافی لوگ ہماری طرح شمالی ممالک سے آئے تھے اور امریکی ڈالرز کی کھلم کھلا خرید و فروخت جاری تھی۔ ایسے لگتا جیسے Chile کے لوگوں کیلئے امریکی ڈالرز زندگی سے زیادہ اہمیت اختیار کر گئے ہیں۔ اس وقت Eduardo Frei کی حکومت تھی زیادہ تر لوگ سیاسی گفتگو میں مصروف اور ان کا رجحان سوشلزم کی طرف تھا۔ بیٹھے بیٹھے وقت گزرتا گیا جوں جوں Chile کے لوگ شرابی ہوتے گئے۔ بالخصوص عمر رسیدہ لوگ اپنی دکھ بھری داستانیں سناتے روتے رہے۔ ان عمر رسیدہ میخواروں میں سے دو hat اور suites پر overcoats پہنے اور گلے کے گرد مفلر لپیٹے ہوئے حیرت ہوئے اور وہاں میں دھاڑیں مار مار کر اسطرح رو رہے تھے جیسے ان کا کوئی عزیز ترین شخص دنیا سے چل دیا ہو۔

ہم میز پر چار آدمی تھے اور دو کرسیاں خالی پڑی تھیں۔ میرے دو دوست امریکن سائنسدانوں نے دو خوبصورت لڑکیوں کو مدعو کیا سوائے ان لڑکیوں کے صرف میں ہی ایک ایسا تھا جو English اور Spanish پر عبور تھا۔ ایک میرا امریکن ساتھی Dr Smith صرف ٹوٹی پھوٹی Spanish سے بہرہ مند تھا۔ اپنے دوستوں اور ان لڑکیوں کے درمیان میں ایک رابطہ کار کی حیثیت سے "کام" کر رہا تھا۔ ایسی ایسی بیہودہ گفتگو ہوئی کہ اس گفتگو والفاظ کا پیراہن نہیں پہنایا جا سکتا اور میں اس بارے میں قطع تعلق گفتگو سے صرف بیاں اور منہ میں۔ مگر کیونکہ انفرادیت قائم رکھے ہوئے تھا۔ میں اپنے دوستوں سے معذرت کے ساتھ باتھ روم گیا اور واپس پر دیکھتا ہوں کہ ایک اور لڑکی بمعہ کرسی کے ہمارے گروپ میں میری کرسی کے ساتھ براجمان ہے۔ مختلف موضوعات پر باتیں ہوتی رہیں لیکن گفتگو کا خاتمہ بالخیر ڈالرز پر ہوتا۔ ایک دوسرے کو اپنا نام اور ہوٹل کا ایڈریس اور جن ممالک سے تعلق تھا لکھ کر دے رہے تھے۔

میرے ساتھ بیٹھی ہوئی لڑکی نے از خود بتایا "میرا نام Eugenia اور میرا تعلق ایک اجڑی ہوئی فیملی سے ہے۔" بعد باقاعدہ اپنی دردناک داستان سنانی شروع کر دی جس پر مجھے یقین نہ تھا مگر میرا اس دکھ بھری روئیداد سننے کے علاوہ کوئی چارہ نہ تھا۔ اس نے دکھی لہجہ میں بتایا کہ دن کے وقت ایک ہوٹل میں کام اور رات کو ایک night club میں dancer ہوں۔ چونکہ آج میری کا ب

Marfat.com

سے چھٹی ہے اور چھٹی کی رات اسی بار میں آنا پسند کرتی ہوں۔ میرا پتہ وغیرہ لیکر اور الوداع کہہ کر چلی گئی۔ اُس کے جانے کے بعد ہم پھر دیر اور ٹھہرے۔ میرے دوست اُن دو متذکرہ لڑکیوں کے ساتھ کسی اور بار میں چلے گئے اور مجھے بھی ساتھ لیجانے پر مجبور کرتے رہے مگر میں نے معذرت کر لی کہ دوسرے دن صبح نو بجے میں نے ایک اور ریسرچ پیپر پڑھنا ہے۔ ویسے بھی میرے لئے اُن کا ساتھی بننا جائز نہیں تھا لہذا انکار کر دیا۔

میرا ہوٹل یہاں سے تھوڑی دور تھا۔ ویسے بھی میں پیدل چلنے کا عادی ہوں لہذا میں قریباً رات ایک بجے کے قریب اپنے ہوٹل کی طرف چل دیا۔ جب ہوٹل پہنچا تو receptionist سے اپنے کمرے کی چابی مانگی۔ اُس نے عجیب وغریب انداز میں ہنستے ہوئے بتایا کہ وہ تو آپ کا مہمان لے گیا ہے۔ میں حیران ہوا کہ یہ مہمان کہاں سے آٹپکا۔ elevator لینے کی بجائے حسب عادت میں سیڑھیاں چڑھتا ہوا بیتابی سے چوتھی منزل پر اپنے کمرے میں پہنچا تو میرے اوسان خطا ہو گئے۔ چونکہ کمرے کا دروازہ ادھ کھلا تھا اور میرے سنگل bed پر وہی لڑکی Eugenia بڑے آرام سے استراحت ہے۔ میں نے مشتعل انداز میں کہا:

''تمہاری یہ جرات یہ بدتمیزی کی انتہا ہے تمہیں ہوٹل والوں نے میرے کمرے کی چابی کیونکر دی حالانکہ کمرہ صرف میرے نام پر بک ہے۔ ویسے بھی یہ سنگل bed ہے۔''

''*mi amor* (Spanish زبان میں my dear یا my beloved) یہ ہوٹل Emperador ہے اور تمہارے پاس ڈالرز بھی تو ہیں۔ تمہیں یہاں کے رسم و رواج کا پتہ نہیں اور پھر تم اکیلے بھی تو ہو!''

میں نے اسے بازو سے پکڑ کر بستر سے اُٹھایا اور فرش پر دھکیل کر نہایت تلخ انداز میں کہا ''صبح کو paper پڑھنے کیلئے مجھے آرام کی ضرورت ہے جبکہ مجھے ابھی paper کی نظر ثانی بھی تو کرنی ہے۔ تمہیں شاید اس بات کا اندازہ نہیں کہ سائنس دان paper پڑھنے والے پر تنگ کرنے کیلئے مختلف نوعیت کے اُلٹے سیدھے سوال کرتے ہیں لہذا میرا تازہ دم ہوکر شمولیت کرنا ضروری ہے۔''

''مجھے اس کا پتہ نہیں میں تو رات یہاں ہی بسر کرونگی'' اس نے کمال ڈھٹائی سے صوفہ کا گدا کھینچ کر قالین پر دراز ہوتے ہوئے جواب دیا۔

اب میں نے پیچ و تاب کھاتے ہوئے غصہ میں اُس کا ہینڈ بیگ اُس پر زور سے کھینچ مارا اور اسی پر اکتفا نہ کیا بلکہ اُسے بازو سے پکڑ کر باہر نکالنے کی کوشش کی۔ وہ تھی کہ کمرے سے باہر جانے کو کسی صورت تیار نہ تھی اور اچھی خاصی تگ و دو شروع ہوگئی۔ جب اُس نے دیکھا کہ ان تلوں میں تیل نہیں تو اُس نے آخری حربہ اختیار کیا اور دھمکی کے انداز میں کہا ''میں پولیس کو ابھی اطلاع کرتی ہوں کہ تم مجھ سے زبردستی کرنے کے درپے ہو۔''

''bueno'' (Spanish میں اچھا) اُسے دھکے دے کر کمرے سے بمشکل باہر کیا اور کمرے کو bolt کر لیا۔ غالباً دو بجے رات سے زیادہ کا وقت ہو چکا تھا میں بستر پر دراز ہو گیا اور طرح طرح کے خیال آنے لگے۔ وسوسے کی بھڑیں ڈسنے لگیں کہ کہیں واقعتاً یہ مجھے کسی ایسی الجھن میں نہ ڈال دے۔ reception پر بار بار فون کیا مگر جواب ندارد۔ اب نیند مجھ سے کوسوں دور تھی۔ میں نے shower لیا۔ بستر پر لیٹ کر اپنے paper اور متعلقہ مضامین کا کافی دیر تک مطالعہ کرتا رہا۔ یہ فیصلہ کر لیا کہ صبح دیکھا جائیگا مگر ساتھ ہی یہ کھٹکا رہا کہ نجانے کب پولیس آن دھمکے اور اسی ادھیڑ بن میں میری آنکھ لگ گئی۔

آنکھ کھلی تو صبح کے چھ بجے کا وقت تھا۔ وہی وقت جب ہر روز جاگنے کا معمول تھا لہذا کپڑے تبدیل کئے صوفہ پر بیٹھ گیا اور اپنے paper کی پیچیدگیوں پر دوبارہ غور و خوض کیا۔ اپنا بریف کیس تھاما اور اوورکوٹ، ہیٹ سر پر جمایا سگار سلگایا اور سیڑھیوں سے اترتا ہوا جب reception کے قریب dining room میں جانے کیلئے پہنچا تو وہی لڑکی صوفہ پر دراز تھی اور اُس کے بالمقابل صوفہ پر receptionist بیٹھی ہوئی تھی۔ ابھی میں نے receptionist کو رات کی سرگذشت سنانے کا ارادہ کیا ہی تھا تو اُس نے نہایت مودبانہ انداز میں کہا کہ اس بیچاری کو دو، تین ڈالر دیدو میں نے تین ڈالرز دے دیئے تو وہ لڑکی سنجیدگی اختیار کرتے ہوئے کہنے لگی کہ اگر رات کو یہ دے دیتے تو بات ختم ہو جاتی اگر اب کچھ بھی نہ دیتے تو میں تمہارا کیا بگاڑ لیتی اور آپ کا شکریہ کہہ کر اپنا ٹیلیفون نمبر لکھ کر مجھے تھما دیا کہنے لگی ''جب کبھی ضرورت ہو تو میں حاضر ہوں مگر ایک بات کا دھیان رکھنا کہ ٹیلیفون دن کے چار بجے

Marfat.com

کرنا کیونکہ میں اس سے پہلے سو رہی ہوتی ہوں اور پھر سات بجے تک تیار ہونا ہوتا ہے اور کھانے وغیرہ سے فارغ ہو کر اپنے کام کی فکر کرتی ہوں۔"

dining room ابھی بند تھا کیونکہ اس کے کھلنے کا وقت آٹھ بجے اور اب قریب سات کا وقت تھا لہٰذا میں پیدل چل کر اور کانفرنس میں شمولیت سے پہلے راستے میں ایک snack bar پر ناشتہ کیا۔ اس snack bar میں جو کچھ پچھلی رات گزری اس کا ذکر ایک waitress نے کیا۔ اس نے ایک عجیب انداز سے مجھ پر نگاہ ڈالی اور کہنے لگی: "تم عجیب انسان ہو۔ پتہ نہیں کس بات سے اس نے کسی پولیس کو فون کیا کرنا تھا۔ پولیس والے تو خود ان کے پیچھے ہوتے ہیں۔"

معاملہ تو Eugenia اور میرے درمیان تھا۔ snack bar کی waitress کو کیسے خبر مل گئی!

Costa Rica

سات سے گیارہ دسمبر 1975 میں San Jose جو کہ Costa Rica کا دارالخلافہ ہے میں ایک سائنسی کانفرنس بنام "IV Congreso Latino Americano de Parasitologia" ہوئی۔ وینزویلا سے بذریعہ Costa Rica کی ائیر لائن (LACSA) Lineas Aereas Costarricenses جانا پڑا۔ میرا ایک دوست ڈاکٹر Leandro Mora Urpi جو کہ San Jose یونیورسٹی میں پروفیسر تھا اور چند سال Universidad de Orienta. Cumaná شہر میں بیالوجی ڈیپارٹمنٹ میں چند سال ملازمت کرتا رہا اور پھر اپنے ملک Costa Rica واپس لوٹ گیا۔ مجھے Costa Rica کی Juan Santa Maria International Airport (SJO) پر لینے آیا۔ اگرچہ اس نے مجھے اپنی رہائش گاہ پر جو شہر سے دور تھی، آنے کی دعوت دی مگر میں نے مناسب نہ سمجھا اور وینزویلا سے ہی Gran Hotel Costa Rica جو کہ Calle 3. Avenida Central اور Segunda واقع تھا ایک کمرہ بک کروالیا۔

جب میں ائیرپورٹ پر پہنچی تو میرا دوست Dr. Mora مجھے لینے آیا ہوا تھا۔ ائیرپورٹ سے باہر نکل کر کار میں بیٹھتے ہی اس نے بائیں ہاتھ کو ایک بڑے بل بورڈ کی طرف اشارہ کیا۔ میں نے پڑھا تو لکھا تھا *Unico pais del mundo donde hay mas escuelas que policias* (دنیا کا واحد ملک جہاں پولیس سے زیادہ سکول ہیں)۔ یہ سب پڑھ کر مجھے بے حد خوشی ہوئی میں پہلی دفعہ آ رہی تھی حالانکہ میں نے تقریباً دنیا کا سفر کیا۔

مذکورہ ہوٹل پانچ منزلہ عمارت، SJO سے چھ کلومیٹر کے فاصلے پر شہر کے وسط میں واقع تھی۔ مختلف دکانیں، ریسٹورنٹ، بینک، پبلک آفس، اور رات کی رنگینیاں تمام قریب واقع تھے۔ ہوٹل کا کرایہ گیارہ امریکن ڈالر۔ بعد میں پتہ چلا کہ تمام دوسرے ہوٹل بھی Costa Rica کی کرنسی Costa Rican Colon (CRC) جسے مختصراً Colon بھی کہا جاتا ہے۔ امریکن ڈالر میں کرایہ پسند کرتے ہیں اور امریکن کرنسی میں قیمت کہیں زیادہ کم ہو جاتی۔ اس زمانے میں ہوٹل میں میرے کمرے کا کرایہ گیارہ ڈالر تھا اور ایک Colon میں 23 امریکن ڈالر۔

کانفرنس میں اپنا مقالہ پڑھنے کے بعد میں سیر کی غرض سے نکل پڑی۔ تعجب کی بات ہے تقریباً ہر ایک شہری دو زبانیں جانتا۔ ایک تو مادری زبان Spanish اور دوسری انگریزی یا جرمن۔ میں نے مختلف لوگوں سے مل کر یہ محسوس کیا کہ لوگ انگریزی سے زیادہ جرمن جانتے اور تو کوئی قابل ذکر واقعہ پیش نہ آیا سوائے اس کے کہ جس ہوٹل میں ٹھہرا ہوا تھا وہ بھی امریکن ڈالر وصول کرنے میں جنون کی حد تک تھے جیسے کہ میرے ساتھ Chile کے ہوٹل میں واقعہ ہوا تھا۔ اگر Costa Rica میں 48 گھنٹے سے زیادہ رہنا پڑے تو 10 ڈالر ائیرپورٹ ٹیکس دینا پڑتا تھا۔

Costa Rica سینٹرل امریکہ میں واقع ہے اور اس کا رقبہ 19730 sq. miles اور (31568 sq km) ہے۔ یہ ملک شمال مغرب سے جنوب مشرق کو پھیلا ہوا ہے۔ اس کے شمال میں Nicaragua شمال مشرق میں 185 میل (296 کلومیٹر) Caribbean سمندر کا ساحل جنوب مشرق میں Panama اور جنوب مغرب میں 630 میل (1008 کلو

Marfat.com

مغرب میں بحرالکاہل کا ساحل ہے۔ مردوں کی متوقع عمر 72 اور عورتوں کی 77 ہے۔ تمام شہری بچوں کیلئے پرائمری تعلیم فری اور compulsory ہے۔ ایک اندازے کے مطابق تقریباً نوے فیصد بچے چھ سے گیارہ سال تک پرائمری سکولوں میں داخل ہوتے ہیں۔ عوام میں تعلیم کی شرح نوے فیصد سے زیادہ ہے اور یہ وسطی امریکہ کے زیادہ تعلیم یافتہ ملکوں میں سے ایک ہے۔ اخبارات پر گورنمنٹ کا کسی قسم کا کنٹرول نہیں۔ سیاست کے متعلق جو کچھ چاہیں لکھ سکتے ہیں۔ Costa Rica میں عوام کا پسندیدہ اخبار *La Nacion* جو وسطی امریکہ کے ملکوں میں مقبولیت کا ایک خاص مقام رکھتا ہے۔ امن پسند Costa Rica بین الاقوامی منظر پر 1980s اور 1990s میں آیا۔ جب اس ملک کی مداخلت کی وجہ سے ہمسایہ دو ممالک Nicaragua اور El Salvador میں خانہ جنگی بند ہوئی ان کوششوں کی بنا پر Costa Rica کے پریذیڈنٹ Oscar Arias Sanchez کو 1987 میں امن کا نوبل پرائز ملا۔ Costa Rica میں کوئی فوجی طاقت نہیں، صرف شہری پولیس فورس، Coast Guard اور ہوائی سیکشن ہے۔

Uruguay

مجھے چند دنوں کیلئے Uruguay کے دارالخلافہ Montevideo جانے کا اتفاق ہوا کیونکہ وہاں کی یونیورسٹی کے parasitology ڈیپارٹمنٹ کے متعلق کچھ ضروری information اور ان کا setup دیکھنا تھا۔ میں نے ہوٹل میں ویزا دیا سے کمرہ بک کروایا ہوا تھا نہایت خوبصورت جوان ہوٹل کی receptionist نے میرا وچرد دیکھ کر سوال کیا "*Doctor Ud. quiere habitacion seca o mojada*" (آپ کمرہ گیلا چاہتے ہیں یا خشک؟)

میں بڑا حیران ہوا چند لمحے سوچنے کے بعد پوچھا "میں تمہارا مطلب نہیں سمجھا کیا ہوٹل میں ایسے بھی کمرے ہیں جن کی چھت نہیں ہوتی اور بارش سے کمرہ گیلا ہو جاتا ہے؟"

طنزاً جواب ملا "ویسے تو یہ لاطینی امریکہ میں امیر ملک لیکن سوشل لحاظ سے بہت پیچھے ہے"

مجھ سے رہا نہ گیا تو میں نے کہا "مجھے صاف صاف بتائیں کیا مطلب ہے گیلے اور خشک کمروں کا؟"

پتہ چلا کہ گیلے کمرے سے مراد کمرے میں لڑکی موجود ہو اور بغیر لڑکی کے خشک کمرہ!

"کمرے کے کرایے میں کچھ فرق ہے؟"

"ہاں مگر اتنا زیادہ نہیں۔"

"نہیں جی مجھے تو خشک کمرہ ہی چاہیئے" میں نے کہا۔

Uruguay دریائے مشرقی کنارے پر جنوبی امریکہ کے Surinam ملک کے بعد سب سے چھوٹا ملک ہے۔ کوئی تین ملین لوگ ملک کے 68000 sq. miles (108800 sq. km) کے رقبہ میں رہتے ہیں۔ ان میں سے تقریباً آدھے سے زیادہ شہری ملک کے دارالخلافہ Montevideo میں مقیم ہیں۔ ملک کے شمال مشرق میں برازیل، جنوب مشرق میں بحراوقیانوس کا ساحل اور جنوب میں Rio de la Plata جو کہ بحراوقیانوس کی شاخ ہے۔ جب کہ مغرب میں Uruguay دریا ملک کو Argentina سے جدا کرتا ہے۔ بیسویں صدی میں یہ ملک لاطینی امریکہ میں سب سے زیادہ ترقی پذیر سوسائٹی تھی لیکن 1960 کی دہائی میں اقتصادی مشکلات کی وجہ سے ایک شہری گوریلا تحریک Tupac Amaru نے جنم لیا۔

Tupac Amarau II اٹھارویں صدی کا Inca حکمران تھا جس نے ہسپانوی حکمرانوں کے خلاف بغاوت کی۔ گوریلا تحریک 1985 تک جاری رہی۔ حکمرانوں نے بددلی سے ملک کی بھاگ دوڑ ہر دل عزیز عوامی منتخب حکومت کو دے دی۔

بیسویں صدی کے شروع میں سوشل سیکورٹی نظام کی وجہ سے Uruguay لاطینی امریکہ میں سب سے پہلی Welfare state بن گئی اس پروگرام کے تحت بے روزگاری کی انشورنس، کام پر زخمی ہونے کی صورت میں ہرجانہ، بیوی بچوں کا خرچہ، اور بوڑھوں اور ناداروں کیلئے مدد۔ اس کے علاوہ صحت کی دیکھ بھال کا اچھا معیار، صفائی اور خوراک تمام جنوبی امریکہ کے ملکوں سے بہتر ہے۔ تعلیم پرائمری سے لیکر سینڈری سکول کے پہلے لیول تک فری اور لازمی ہیں۔ Uruguay Republic کی یونیورسٹی کی بنیاد 1849 میں رکھی گئی۔

Marfat.com

Yellow Fever

Yellow fever ایک قسم کا بخار جو ایک خاص نسل کے مچھر کے کاٹنے سے ہوتا ہے اور tropical ممالک میں اس مچھر کی نسل پائی جاتی ہے۔ ایک امریکن ڈاکٹر Walter Reed کوئی 100 برس پہلے Cuba جزیرے میں جہاں آج کل Fidel Castro کمیونسٹ ڈکٹیٹر ہے، نے دریافت کیا۔ Walter Reed تیرہ ستمبر 1851 میں پیدا ہوا۔ چوبیس نومبر 1902 میں انتقال کر گیا۔ وہ امریکن فوج میں Pathologist اور Bacteriologist تھا۔ اس کی تحقیق نے 1900 میں Cuba میں یہ ثابت کر دیا کہ Yellow fever ایک مچھر کے کاٹنے کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اس مچھر کا نام *Aedes aegypti* ہے۔ Yellow fever استوائی افریقہ اور لاطینی امریکہ میں ایک زبردست وبا ہوا کرتی۔ اب اس پر قابو پا لیا گیا ہے مگر وقتاً فوقتاً مندرجہ بالا ممالک میں پھوٹ پڑتی ہے۔ اس کی وجہ ایک virus ہے جو کہ قدرتی طور پر جنگلات کے بندروں میں پایا جاتا ہے اور جو مچھر ان بندروں کو کاٹنے کے بعد پھر انسانوں کو کاٹتے ہیں اس سے virus انسانوں میں منتقل ہو جاتا ہے اور Yellow fever کی بیماری لاحق ہو جاتی ہے۔

ایک دفعہ فرخ وینزویلا سے پاکستان آئی مگر Yellow Fever Vaccination Certificate کی میعاد دس سال ہوتی ہے، جس کا غذات میں ختم ہو گئی تھی لہٰذا اسے کراچی ائرپورٹ سے دور ایک تقریباً ویرانہ آباد جگہ پر Quarantine Custody میں رکھا گیا۔ فضل الٰہی ان دنوں کراچی میں تھا وہ کھانا وغیرہ لے کر جاتا اور وہاں ہی سوتا تاکہ بیٹی اس ویران جگہ پر فرخ گھبرا نہ جائے۔ لطف کی بات ہے اگر فرخ سے کسی پاکستانی کو Yellow fever لاحق ہونے کا خطرہ تھا تو فضل الٰہی کو کیوں اجازت دے دی گئی۔ یہ تحریر کرنا مناسب سمجھتا ہوں کہ فضل الٰہی کو چچا رشید الدولہ مرحوم اور ان کے بڑے بھائی حافظ امین الدولہ شیخ سے کم عمری کی حالت میں اٹھا کر لائے تھے اور وہ ہمارے ساتھ ہی جوان ہوا۔

Yellow fever. acute infectious tropical and subtropical disease. sometimes occurring in the temperate zones. The disease. caused by a virus. infects humans. all species of monkeys. and certain other small mammals. The virus is transmitted among susceptible hosts by several species of mosquitoes. There is considerable uncertainty over the origin of yellow fever. Western Africa has long been regarded as the home of the virus. but the first recorded outbreaks of the disease were in central and coastal South America after the Spanish conquest in the 16th century. For the next 300 years. yellow fever was one of the great plagues of the world. The tropical and subtropical regions of the Americas were subjected to devastating epidemics. and serious outbreaks occurred as far north as Boston and as far away from the endemic centres as Spain, France, England, and Italy.

By the late 19th century there were several theories about the cause and transmission of yellow fever. and in 1881 Carlos Juan Finlay of Havana. Cuba. suggested that the infectious agent was transmitted by the mosquito now known as *Aedes aegypti*. In his investigation of Finlay's theory. Major Walter Reed of the U.S. Army demonstrated in 1900 the transmission of

Marfat.com

yellow fever from one human to another through the bite of A. *aegypti*. Reed was further able to show that mosquitoes (rather than bodily contagion, as had previously been thought) were the only vector of the disease. Reed's discoveries were quickly taken up by the American surgeon William Crawford Gorgas, who was able to peactically eliminate yellow fever from Havana through the control of the *Aedes* mosquito. Gorgas' success was repeated in Rio de Janeiro and then in Panama during the building of the Panama Canal.

The last outbreak of yellow fever in the United States occurred in 1905, when New Orleans and other ports of the South were invaded. There are two substantially diffrenet patterns of transmission of the virus: (1) urban, or classical, yellow fever, in which the transmission is from person to person by the *Aedes aegypti* mosquito, and (2) jungle yellow fever, in which the transmission is from a mammalian host (usually a monkey) to any one of a number of forest-living species of mosquito to humans. In South America, jungle yellow fever is transmitted by mosquitoes belonging to the genus *Haemagogus*, while in Africa it is transmitted by the mosquito *A. africanus*. The distinct transmission cycle involved in jungle yellow fever was first recognized in 1933, after which it became clear that the virus was endemic in huge areas of the Amazon and Orinoco river basins in South America and in the forests of tropical central and western Africa.

The course of yellow fever is rapid. After the bite of the infecting mosquito, there is an incubation period of several days while the virus multiplies within the body. The onset of symptoms is then abrupt, with headache, backache, rapidly rising fever, nausea, and vomiting.This stage lasts two or three days, after which the patient either begins to recover or proceeds to a deeper febrile state marked by high fever, slow pluse rate, and the vomiting of dark, altered blood. Death may occur six or seven days after the onset of symptoms. Because the virus destroys liver cells, jaundice (yellowing of the skin and eyes by deposition of bile pigment) is a common symptom in persons with yellow fever and is in fact responsible for the name of the disease.

The yellow fever patient's convalescence is prolonged, but, when recovery does occur, it is complete and is accompanied by a lifelong immunity. The mortality rate of yellow fever varies greatly, depending upon the strain of

Marfat.com

virus and, to a certain extent, upon the race of the patient. Many persons may experience only a mild infection that lasts a few days. There is no specific treatment for those with yellow fever. Good nursing and supportive care, particularly reduction of fever, are important both in maintaining comfort and in reducing mortality.

Yellow fever is an outstanding example of a completely preventable disease. Originally, the control of *Aedes aegypti* mosquitoes was the only preventive procedure available, as, for example, the campaign against them that made the construction of the Panama Canal possible. Live-virus vaccines, which produce active immunity without clinical illness, are the second great preventive measure. Eradication of the *Aedes aegypti* mosquito gives effective protection to the populace of cities. Where people must travel or live in regions where the forest cycle of the virus is maintained through host animals, individual immunization is necessary. In these jungle-yellow-fever regions, human cases will continue as long as there remain unimmunized persons, for there is no known practical way of eliminating the virus of yellow fever from the animal and mosquito population of the vast tropical forests in South America and Africa.

Marfat.com

مختصر مگر ناقابلِ فراموش

بچائے ان بردہ فروشوں سے کہاں کے بھائی
بیچ ہی ڈالیں جو یوسف سا برادر ہووے (حفیظ جون پوری)

حضرت حکیم پیر سید رشید احمد والا صاحب اپنے احباب میں مذہبی امور پر گفتگو میں مصروف تھے اور راقم الحروف بھی وہیں بیٹھا ان کی زیارت کے لیے گجرات آیا ہوا تھا لہذا اس محفل میں شرکت کا موقع ملا۔ دورانِ سخن تھا کہ انسان تو اشرف المخلوقات ہے مگر پیر صاحب نے اس تعارف میں فرمایا اور فرمانے لگے "جو اشرف المخلوقات تھا وہ کوئی اور ہی مخلوق تھی اس کرۂ ارض پر جتنے درندے ہیں انسان ان میں سے افضل درندہ ہے۔" اس پر محفل کے شرکاء ہمہ تن گوش ہوگئے۔ پیر صاحب فرمانے لگے:

"وہ بھی انسان نما ہم میں سے ہی تھا جس نے نواسۂ رسول پر مظالم ڈھائے اور ازاں بعد اہلِ بیت قیدی بنا کر کوفہ و شام میں پھرائے تاکہ ان لعین کا سر بلند ہو سکے۔"

اس محفل میں ایک خواجہ تقی مرحوم بھی تشریف فرما تھے جو کہ ہجرت کر کے گجرات پاکستان آئے۔ چونکہ اہلِ علم تھے۔ پیر صاحب نے استعداد سے قدرے زیادہ ہی مدد فرمائی۔ اب مجھے یاد نہ آ رہا ہے کہ بھائی کے حوالے سے دورانِ سخن کس بھائی صاحب کی طرف تھا۔ بھائی صاحب جب بات کی تو پیر صاحب قدرے دل برداشتہ ہوگئے اور فرمانے لگے "بھائی کیا ہوتا ہے؟" اور ساتھ ہی مندرجہ ذیل شعر پڑھا۔

"بچائے ان بردہ فروشوں سے کہاں کے بھائی
بیچ ہی ڈالیں جو یوسف سا برادر ہووے"

پیر صاحب نے ایک تمثیلی واقعہ سنایا جو ایک بھائی نے سگے بھائی سے سلوک روا رکھا۔

بات کچھ اس طرح ہے۔ 1933 یا 1934 کا واقعہ ہے چھوٹا بھائی سلسلہ معاش کی تلاش میں افریقہ گیا ہوا تھا۔ وہ وہاں سے جو کچھ کماتا اپنے بڑے بھائی کو جو کہ جہلم میں مقیم تھا بھیجتا رہتا تاکہ وطن واپسی پر بڑے بھائی صاحب جہلم شہر میں ایک مکان اور اس سے متصل ایک دکان تعمیر کروا سکیں جہاں وہ اپنے مکان میں رہائش پذیر اور روزگار کیلئے دکان میں چھوٹا موٹا کاروبار تشکیل دے سکے۔

اس زمانے کے مطابق اس نے بڑے بھائی کو کثیر رقم ارسال کی جس کے لئے ایک عالیشان مکان اور دکان بھی تعمیر ہوگئی۔ رقم کے حصول کیلئے بڑے بھائی صاحب اپنے چھوٹے مسافر بھائی کو ہمیشہ یقین دہانی کراتے رہتے کہ اس کیلئے عین اسکی مرضی کے مطابق کام سرانجام پا رہا ہے۔ جب چھوٹا بھائی واپس وطن جہلم لوٹا تو خوشی خوشی اپنے اہل و عیال کے ساتھ اپنے بڑے بھائی سے اپنی رہائش گاہ کے متعلق پوچھا تو بڑے بھائی نے نہایت طوطا چشمی سے اندر بلانے اور پذیرائی کرنے کی بجائے دھاڑتے ہوئے کہا "کیسا مکان، کونسا مکان یہ تو میری اپنی ملکیت ہے اور میں نے خود سے کثیر رقم خرچ کر کے بنایا ہے۔ تم کہاں سے وارث آن ٹپکے جاؤ! یہاں سے دفعہ ہو جاؤ۔ کسی کرایہ کے مکان کا بندوبست کرو۔ یہاں وقت ضائع نہ کرو اور یاد رکھو آئندہ اگر ادھر رجوع کیا تو مجھ سے برا کوئی نہ ہوگا۔"

چھوٹے بھائی کے پاؤں تلے سے زمین نکل گئی کہنے لگا "بھائی صاحب خدا کا خوف کریں میں تو اس غرض کیلئے کافی رقم

Marfat.com

ارسال کر چکا ہوں۔"

بڑے بھائی نے پھر تلخ پا ہوتے ہوئے دھتکار دیا اور کہا "جو چاہو کر سکتے ہو کر لو اور دفع ہو جاؤ۔" بہرحال وہ بیچارہ دل برداشتہ ہو کر گجرات چلا آیا اور ایک کرایہ کے مکان میں بیوی بچوں کا سر چھپانے کا انتظام کیا۔ چھوٹے بھائی نے ہنر مند ہونے کے ناتے لوہاروں کا چھوٹا موٹا کام شروع کر دیا۔ وقت گزرتا گیا اس کے بچے بھی اس کا ہاتھ بٹانے لگے اور یوں محنت شاقہ سے روزی کا سلسلہ استوار کر لیا۔ کبھی کبھی اس کے بچے اپنے تایا (بڑے بھائی) کی دکان پر جا وارد ہوتے تو بڑا بھائی اپنے بچوں کو تو آئس کریم اور دیگر لوازمات سے نوازتا مگر چھوٹے بھائی کے بچوں کو چند ٹافیاں دینے پر ہی اکتفا کرتا۔

قانون فطرت ہے جو کسی کی حق تلفی کرتا ہے۔ یا آخرت سے پہلے عذاب کا شکار ہوتا ہے وہی ہوا بڑے بھائی کے تین بیٹے انگلینڈ گئے وہاں تینوں بیٹے ایک ہی وقت میں مر گئے۔ تین بیٹیاں جو نہایت خوبصورت تھیں ان کی شادیاں نہ ہو سکیں وہ تو بیچاری عمر گزار گئیں ایک بیٹی گھر سے کہاں چلی گئی۔ ایک بیٹا جو کہ جسم میں ہی تیم تھا ذہنی طور پر مفلوج۔ نہایت قلیل عرصہ میں مالی حالت ناگفتہ بہ ہو گئی اور وہ بڑا بھائی نہایت کسمپرسی کی حالت میں انتقال کر گیا۔

اب ادھر دیکھئے چھوٹے بھائی نے اپنا مکان بھی خرید لیا اور دوسرے کارخانے کے لیے جگہ بھی خرید لی جہاں ایک کارخانہ چل رہا ہے یہ ان کی محنت ہے۔ اللہ تعالیٰ ان پر بڑا مہربان ہے۔ جب یہ چھوٹا بھائی وطن واپس آیا تو گجرات قیام کرنے سے دوران کل پونجی پندرہ ہزار روپے تھی جبکہ Three phase meter connection کی ضرورت تھی میٹر نصب کرنے سے پہلے محکمہ والے رشوت کا تقاضا کرتے مگر اس نیک فطرت انسان نے رشوت دینے سے انکار کر دیا۔ تین سال گزر گئے میٹر نصب نہ ہو سکا۔ اب جمع شدہ پونجی سے اخراجات کے بعد صرف 2500 روپے باقی بچت میں رہ گئے۔ ایک روز وہ S D O کا پتہ لے کر دفتر گیا تو وہاں نئے S D O تعینات ہوئے جو کہ خدا ترس اور ایمان دار آدمی واقع ہوئے تھے اپنے نامساعد حالات سے آگاہ کیا اور بتایا کہ تین سال کی مدت ہو چکی ہے جب میں نے میٹر کے لیے درخواست دی تھی جناب اب connection نہ ملا تو میری قلیل پونجی بھی ختم ہو جائے گی جس پر اس نیک نیت S D O نے کہا "جاؤ میں آپ کا میٹر ایک ہفتے کے اندر ہی نصب کروا دیتا ہوں" ایسا ہی ہوا اس کے بعد اس کا دن دگنی رات چوگنی کاروبار ترقی کرتا چلا گیا اور کر رہا ہے۔

ایمان کی دولت

دو نوجوان دوست لکھنؤ کے باشندے اس صدی کے اوائل میں تلاش معاش کے لیے کسی عرب ملک میں گئے ان میں سے ایک محنت شاقہ سے روزی کماتا اور بچت کر کے اپنی محنت کی کمائی جمع کرتا رہتا تھا اس کا دوسرا ساتھی دوست آوارہ منش انسان تھا جو کماتا تھا اڑا دیتا۔ اس کے برعکس محنتی کی خواہش تھی۔ جب معقول رقم جمع ہو جائے گی تو اپنے گھر والوں کی خدمت اور سکون سے زندگی بسر کرونگا۔

خدا کی قدرت انسانی سوچ محدود ہے اور رحمت ربی لا محدود۔ محنتی جوان کو ایک موذی مہلک مرض نے آ لیا۔ جب وہ زندگی سے ناامید ہو گیا تو اپنے دوست سے عہد لیا کہ وطن واپسی تو محال ہے میرے مرنے کے بعد میری جمع شدہ پونجی میرے سینے پر رکھ کر دفنا دینا۔ اس نے مرنے والے کی آخری خواہش کے احترام میں ایسا ہی کیا۔

کچھ عرصے بعد اس آوارہ منش کی نیت میں فتور آ گیا اس نے سوچا مرنے والا تو مر گیا یہ قیمتی رقم یہاں پڑی رہے گی تو کوئی بات نہ ہوگی۔ ایک رات اس نے قبر کھود کر تھوڑی مٹی ہٹا کر اپنا ہاتھ رقم کی پوٹلی کے حصول کی غرض سے اندر ڈالا تو قبر سے آواز آئی۔ اس نے کوئی پرواہ نہیں کی۔ اس کوشش میں کہ ہاتھ پوٹلی تک پہنچ جائے کسی کا ہاتھ آ لگا۔ اس نے اسی کو غنیمت جان کر کسی کے ہاتھ کی انگوٹھی اتار لی جو اس کی نظر میں انتہائی قیمتی محسوس ہوئی جس کے درخشندہ نگینے جھلملا رہے تھے۔ اس نے کسی طرح لے کر چہرہ پر حسن سے اور ... وہ خوش فہمی میں مبتلا ہو گیا کہ ہاتھ کسی کی صورت میں یہ خزانہ ہاتھ آ گیا ہے۔ کھوکھلا پن ... ایک صراف کے پاس بیچنے کی غرض سے گیا۔ صراف وقت گزارا اور کہا

Marfat.com

"یہ تسبی تو کئی سال پہلے ایک امیر گھرانے کی ہندو لڑکی کو بنا کر دی تھی تمہارے ہاتھ کیسے لگ گئی ؟"
وہ کوئی خاطر خواہ جواب نہ دے سکا۔ پولیس کو اطلاع کی گئی تفتیش شروع ہوئی۔ قانونی کاروائی کے بعد اجازت ملنے پر اُس لڑکی کی قبر کھودی گئی تو لڑکی کی بجائے وہاں اُس کے دوست کی لاش موجود تھی اور اسکی چھاتی پر وہی پوٹلی پائی گئی۔
حیرت انگیز راز افشا ہوا یہ ہندو لڑکی مسلمانوں کے محلہ میں مقیم تھی۔ اُسے مسلمانوں کی مذہبی رسومات سے گہری وابستگی ہوئی چنانچہ قرآن پڑھنے، مولود شریف میں حصہ لینا اور دوسری عبادات میں شرکت شروع کر دی اور اسی دوران اُس نے مذکورہ صراف سے تسبیح بنوائی۔ لڑکی کے ہندو والدین کو اسکی زندگی میں تو پتہ نہ چل سکا مگر وقت نزع کا عالم غالب آیا تو اُس لڑکی نے اپنے ماں باپ سے وچن لیا کہ میں تو ایک عرصہ سے مسلمان ہو چکی ہوں۔ آپ مجھ پر کرپا کریں میرے مرنے کے بعد مجھے مسلمانوں کے طور طریقے سے دفن کریں اور میری نجات کیلئے یہ تسبی میرے سینے پر رکھ دیں۔
ذہن میں آتا ہے کہ کیا واقعی مردے اپنی جگہ تبدیل کر سکتے ہیں ؟
جب راقم ویزو ویلا نوکری کے سلسلے میں مقیم تھا تو ایک سکھ پروفیسر کی بیوی بیمار ہوگئی اور کہنے لگی، "پیر صاحب آپ مہربانی کر کے میرے خاوند کو مجبور کریں کہ میری لاش مشرقی پنجاب میں ہمارے آبائی گاؤں اپنی سکھ برادری کے ساتھ دفنائے۔"
"بھابھی جی! ایسا کیوں ؟" میں نے حیرت زدہ ہو کر پوچھا ۔
"اگر مجھے یہاں دفن کیا گیا تو میری مردہ لاش ان لوگوں میں پھر بھی نہیں رہیگی۔ اُسے وہاں ہی جانا ہے جہاں سے میں آئی تھی۔ اپنی سکھ برادری شمشان گھاٹ میں۔" کچھ دنوں بعد وہ سکھ خاتون اس بیماری سے بچ نکلی۔
باور کیا جاتا ہے کہ اگر کسی مسلمان کو کافروں کے دیش میں دفن کیا جائے تو مردہ وہاں نہیں ٹکتا اور سفر کر کے اپنے عقیدت مندوں میں پہنچ جاتا ہے۔ خدا کی خدا ہی جانے کہاں تک سچ ہے۔ اوپر والے واقعہ سے تو یہی ظاہر ہوتا ہے کہ ایسا ہی ہوتا ہے" دروغ برگردن راوی۔"

قوال کی تکرار

جنرل ایوب کا دور تھا۔ لارنس گارڈن (موجودہ جناح باغ) لاہور میں موسم بہار کی خوشی میں چاندنی رات کو کوئی نہ کوئی function شہریوں کی دلچسپی کیلئے ہوا کرتا۔ سوئے اتفاق راقم غیر متوقع طور پر جائیداد کے معاملہ میں ویزو ویلا سے گجرات آیا تو ایک دیرینہ دوست نور زمان سے ملاقات ہوئی۔ اُس نے کہا "یار اتنے عرصہ کے بعد ملے ہو۔ آج رات میرے پاس لاہور میں رہو۔ رات سنتو قوال نے لارنس گارڈن میں قوالی کرنی ہے اور کل گجرات چلے جانا۔" چنانچہ میں نے یہ پیشکش قبول کر لی۔
قارئین کو شاید علم ہو کہ سنتو قوال کے دو سامنے والے دانت کافی ملتے تھے۔ قوالی کرتے ہوئے اکثر قوال "چینگے" لگاتے ہیں تو ان کے دانت اور چہرے کی عجیب مضحکہ خیز صورت ہوتی ہے اور بعض اوقات تو یوں معلوم ہوتا ہے جیسے نہایت اذیت میں مبتلا اور جان کنی کا عالم ہے لہذا سنتو قوال کے ملتے دانت قوالی کے دوران اُس کے منہ اور چہرے کا عجیب اور انوکھا منظر پیش کرتے۔
ہم نے محفل سماع میں شمولیت سے پہلے کیلے خرید لئے اور سب سے اگلی صف میں عین سنتو قوال کے سامنے جا کر براجمان ہو گئے۔ اُس نے بڑا اچھا کلام اور فن کا مظاہرہ وجدانی کیفیت میں پیش کیا۔ سامعین پر بھی وجدان کی کیفیت طاری ہوگئی مگر جب وہ تکرار (چینگے) لگاتا تو اُس کا بگڑا ہوا چہرہ عجیب مضحکہ خیز بن جاتا۔ مجھ سے نہ رہا گیا میں نے کیلے کا چھلکا اتارا اور نہایت پھرتی سے اُس کے کھلے منہ میں ٹھونس دیا اور معاً دونوں دوست بھاگ نکلے اب کیا تھا سامعین نے ادھم مچا دیا اور ہم سرپٹ بھاگتے لارنس گارڈن میں جھاڑیوں کی اوٹ میں جا کر چھپ گئے اور دیکھ رہے تھے کہ ہمارے تعاقب میں مشتعل ہجوم سرگرداں تھا۔ آواز سے بھانت بھانت کے لگاتے ہوئے دوڑ بھاگ رہا تھا۔ "پکڑو! پکڑو! را کے جاسوس پاکیزہ محفل سماع کو منتشر کرنے آ پہنچے ہیں۔ کون جانے اُن کا پروگرام کتنی تباہی مچانے کا ہے۔"
اب ہماری جان پر بنی ہوئی تھی ہم نے شرارت تو کر لی مگر ٹھنڈے پسینے میں شرابور کہ سانس لینا بھی دشوار ہو رہا تھا۔ لوگ

Marfat.com

نعرے مارتے ہوئے بالکل ہمارے قریب سے گزر رہے تھے جونہی ہمیں مناسب موقع ملا ہم بھی اُن میں نعرے مارتے ہوئے شامل ہو گئے اور جان کی امان پائی۔ بعض دفعہ ایسی حرکات جان لیوا ثابت ہو سکتی ہیں۔

بھنڈی پہلوان عمر رسیدہ اور کافی فربہ اندام تھے۔ تمام عمر یوپی ہندوستان میں ٹھیکیداری کرتے رہے۔ تقسیم ہند کے وقت اپنی ساری کمائی وہیں لٹا کر اپنے گاؤں نجاہ، گجرات، واپس آ گئے۔ آپ میرے مرحوم جگری دوست "دینا" کے چچا تھے۔ شبانہ روز شہر میں کسی مشہور قوال کو دعوت دی گئی کہ وہ قوالی پیش کرے۔ مجھے قوالی سننے کا جنون کی حد تک شوق تھا اور مجھے میرے دوست دینا نے بلوا بھیجا۔ میں جب اپنے دوست کے گھر گیا تو وہاں اُس کے وہ چچا صاحب بھی تشریف فرما تھے۔ چچا بھنڈی پہلوان خوش طبع اور بذلہ سنج اور مزاحیہ شخصیت واقع ہوئے۔

موسم گرم تھا دینا اُس کے چچا بھنڈی پہلوان، میں اور چند ایک قریبی دوست احباب قوالوں کے سٹیج کے بالکل قریب اور سامنے، زمین پر بچھی دری پر بیٹھے ہوئے تھے۔ قوال نے نہایت پر اثر قوالی شروع کر رکھی تھی اور سامعین پر وجد طاری تھا۔ اب اُس نے یہ مصرعہ "مدینہ جاؤں، میں آؤں، جاؤں اور پھر آؤں" اپنے فن کے مطابق کافی دیر تک تکرار سے کہا چنانچہ اس تکرار سے سامعین میں بوریت کا احساس فزوں تر ہو گیا تو بھنڈی پہلوان کے صبر کا پیمانہ بھی لبریز ہو گیا اور اٹھ کھڑا ہوا پھر قوال سے کہنے لگا۔

"تیرے پاس اتنی رقم ہے کہ تم اتنی بار مدینہ شریف آ جا سکو۔ کوئی کام کی بات کرو۔ دیکھو تکرار سے پہلے قوالی میں جو مزہ آ رہا تھا۔ تکرار چھوڑو آگے بڑھو۔" سب لوگ کھلکھلا کر ہنس پڑے۔

Necktie

یہ گذشتہ بیس سال کی بات ہے میں گجرات سردیوں کے موسم میں چھٹیاں گزارنے کیلئے آیا ہوا تھا۔ میرے ایک دوست نے کہا کہ چلو آج تمہیں گجرات کی ایک بڑی شخصیت سے ملائیں۔ میں نے اُس سے کہا کہ مجھے نئے دوست بنانے کا کوئی شوق نہیں اور نہ ہی میں کسی بڑی شخصیت سے ملنے کا خواہشمند ہوں چونکہ بنی ہوئی یاری دوستی کو نبھانا ہی بڑی بات ہے۔ اب میں عمر کے اس حصے میں ہوں کہ نئے تعلقات بنا تو سکتا ہوں لیکن استوار کرنے سے قاصر ہوں بقول میاں محمد بخش صاحب کے:

"دبے دے دروازے اُتے لائیے محکم جھوکاں

نویں نویں نہ یار بنائیے وانگ مینیاں لوکاں"

بہر حال اُس نے بہت مجبور کیا تو میں اُس کے ہمراہ چل دیا۔ میں نے سوٹ پہن رکھا تھا، ٹائی بھی لگا رکھی تھی سر پر ہیٹ رکھے، چشمہ پہنے اور منہ میں پائپ لئے اپنے دوست کے ساتھ چل دیا۔ یہ بڑی "شخصیت" گجرات کی بدیہ (جس کو کبھی پرسٹ صاحب کا باغ کہا جاتا) موجودہ گجرات "ٹاؤن ہال" کے لان میں اپنے چند دوستوں کے ہمراہ کرسیوں پر براجمان دھوپ سینک رہے تھے۔ میرے دوست نے ابھی اُس بڑی شخصیت سے تعارف کرایا ہی تھا تو بڑی شخصیت یکدم اپنی کرسی سے اُٹھ کھڑے ہوئے اور میری ٹائی کو بیہودگی سے پکڑ کر گل افشانی کرنے لگے۔ "یہ تو یار بڑی خوبصورت ٹائی ہے۔"

اُن کی اس نازیبا اور مذموم حرکت پر مجھے اس قدر غصہ آیا کہ میں نے فوراً ٹائی اتار کر اُن کے منہ پر دے ماری اور کہا "رکھو یہ ٹائی۔" اور مشتعل انداز میں واپس ہو لیا۔

میرا دوست اور دیگر لوگ بھی آوازیں دیتے رہے کہ یار واپس آؤ بات تو سنو مگر میں نہ رکا۔ اب یہ بڑی شخصیت ترقی کے کئی مراحل طے کر کے گجرات کی ایک بڑی سیاسی شخصیت کی صورت میں سرگرم سیاسی امور کی گتھیاں سلجھانے میں مصروف ہے۔

پیراشوٹ درخت پر!

راقم الحروف کو اچھی طرح یاد ہے کہ میرے پاس میرا ایک دوست آیا اور کہا "ہند و پاک کی جنگ چھڑنے کا امکان ہے لہذا میری ہمدردانہ بات مان لو اور یہاں گجرات میں قیام کی بجائے ویز ویلا واپس چلے جاؤ۔ یہ جنگ فیصلہ کن ہونے کا احتمال ہے۔" لیکن

Marfat.com

یہ اوپر نہ دیا جانا نہ ہوگا۔

ایک رات ہمارے دیوان خانہ کے پڑوس سے ایک صاحب چھپتے چھپاتے ہوئے آئے اور چیف صاحب کو نہایت راز داری سے گوش گزار کیا کہ حکیم برکت حسین صاحب کے ساتھ والے قبرستان میں جو بڑا درخت ہے۔ اس پر ایک "پیرا شوٹ" آ کر بیٹھ گیا ہے چیف صاحب نے پوچھا "کیا تم نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے؟"

"نہیں جی میری تو نظر کمزور ہے البتہ میری بیوی نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔"

چیف صاحب نے جواب دیا کہ سامنے والے دیوان خانہ میں ایک نوجوان سول ڈیفنس کا انچارج ہے۔ فوراً اس کو اطلاع کرو انچارج صاحب اپنی عمر اور علم کے لحاظ سے اپنے آپ کو بہت زیادہ آگے سمجھتے اور کہا کرتے کہ مجھے گورنمنٹ نے صرف اس علاقہ کا انچارج بنا کر بھی زیادتی کی ہے حالانکہ مجھے نہ صرف تمام شہر گجرات بلکہ کئی دوسرے شہروں پر بھی تعینات ہونا چاہئے تھا کیونکہ وہ اپنے علم اور فراست سے سامنے والوں سے کم نہیں سمجھتے تھے۔

جب یہ انچارج صاحب اپنی چھروں والی بندوق لے کر معہ ایک ٹارچ کے نہایت پُراعتماد انداز میں اور احتیاطی تدابیر کے ساتھ مذکورہ درخت تک پہنچ گئے۔ درخت پر ٹارچ کی روشنی ماری تو ایک سفید رنگ کا جھولا نظر آیا۔ اس نشانہ لیا اور بندوق داغ دی۔ دیکھتے ہی دیکھتے ایک الو اپنے پر پھیلا کر چھرے سے اڑا اور رات کی تاریکی میں گم ہوگئی۔ جہالت کی انتہا ہے کہ عورت کے بیان پر یقین کرتے ہوئے کہ یہ پیرا شوٹ درخت پر آن کر بیٹھ گیا ہے۔ حالانکہ پیرا شوٹ تو ایک چھتری کا نام ہے جو چھاتہ فوج کے سپاہی کو زمین تک لے کر آتا ہے۔ کسی مدد سے جہاز پر سے چھلانگ لگا کر زمین پر اتر سکتا ہے۔ ہمارے ڈیفنس سپیشلسٹ صاحب نے اتنا بھی نہ سوچا کہ پیرا شوٹ درخت پر کس طرح آ کر بیٹھ سکتا ہے اور اگر ہو بھی تو پیرا شوٹ کو مارنے چلے ہیں چھرے والی بندوق کے ساتھ!

Hypnotism

موسم گرما 1967ء کا واقعہ ہے راقم محرم کے سلسلے میں ویزہ ویلا سے گجرات آیا ہوا تھا۔ ایک شام ہم تمام گھر والے بڑے کمرے میں بیٹھے dry fruits سے لطف اندوز ہو رہے تھے اور ادھر ادھر کی باتوں میں hypnotism کا بھی ذکر آ گیا۔ میری اہلیہ کی بڑی ہمشیرہ خالدہ بی کی بڑی بیٹی شاہدہ (علامہ اقبال ٹاؤن لاہور میں مقیم) بھی موجود تھیں۔ شاہدہ "پڑھی لکھی لڑکی" ہے اس نے کہا کہ میرے خیال میں hypnotism کا عمل مجھ پر اثر نہیں ہو سکتا کیونکہ میں آسانی سے قابو میں آ جاتی ہوں اگر cooperate نہ کیا جائے تو کیا خاک اثر ہوگا۔

"کوئی بات نہیں میں تمہیں hypnotism کر سکتا ہوں مگر شرط یہ ہے کہ یہ موجود لوگ میرے کام میں دخیل نہ ہوں اور نہ کوئی ایسی حرکت کریں جس سے شور پیدا ہو" میں نے کہا۔

یاد رہے کہ hypnotism میں بنیادی چیز ترغیب suggestiblity ہے۔ اس کی مثال یوں سمجھئے کہ جب تین چار دوست بیٹھے ہوں یا کسی کام سے اٹھ کر آپ کہیں سے باہر آئیں اور کسی دوست کو دیکھتے ہی جو کہ بڑی خوشی آ رہا ہو۔ فوراً کہیں "یار کیا بات ہے تمہاری طبیعت تو ٹھیک ہے تم کچھ پریشان دکھائی دے رہے ہو۔"

"ہاں رات کو آرام کی نیند نہ سو سکا۔ طبیعت کچھ بوجھل ہے۔" حالانکہ چند لمحات آپ کے پوچھنے سے پہلے وہ شخص ہشاش بشاش تھا۔ لہٰذا میں ترغیب کے بنیادی اصول کے پیش نظر شاہدہ کو ایک بازوؤں والی کرسی پر بٹھایا اور کہا کہ اپنے پاؤں پسار کر زمین پر، اپنے ہاتھوں کو اپنے گھٹنوں پر رکھو، کمر سیدھی اور دھیان میری طرف دو۔ اب میں اس سے تھوڑے فاصلے پر سامنے کھڑا ہو گیا۔

یاد رہے عامل کو معمول کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھنے کی بجائے اس کے ناک کے اوپر اور بھوؤں کے درمیان دیکھنا چاہئے کیونکہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ معمول کی آنکھوں میں زیادہ کشش ہوتی ہے اور معمول کی آنکھیں جھپکنے کی بجائے عامل آنکھیں جھپکنی شروع کر دیتا ہے جس کی وجہ سے معمول پر غالب نہیں آ سکتا۔

"شاہدہ میری آنکھوں میں آنکھیں ڈالو، آنکھیں بند کر لو۔"

Marfat.com

اس نے دیکھا تو میری طرف تھیں لیکن آنکھیں میرے راغب کرنے کے مطابق بند نہ تھیں۔ ''شاہدہ آنکھیں بند کرو۔ بند، بند، بند، بند کرو'' اب میں نے حاکمانہ انداز سے کہا تو اس عمل کے بعد اس نے آنکھیں جھپکیں میں سمجھ گیا کہ معمول میرے قابو میں آ گیا ہے۔ ''شاہدہ تمہاری آنکھیں بند ہو چکیں۔ بند، بند، بند اور بالکل بند ہو چکی ہیں۔'' میں نے اور زیادہ زور دیتے ہوئے کہا ''شاہدہ تم اب گہری نیند سو رہی ہو۔ گہری، گہری اور بہت ہی گہری، گہری، گہری، گہری۔'' میں نے انگوٹھا اور شہادت کی انگلی سے اس کے پپوٹوں کو دبایا ''تم اتنی گہری نیند میں چلی گئی ہو۔ گہری، گہری، گہری تم اپنی آنکھوں کو نہیں کھولو گی جب تک میں اور صرف میں نہ کہوں گا۔ اور اس ترغیب کی وجہ سے تم بہتر محسوس کرو گی۔ اب آرام سے سو جاؤ۔''

جو افراد بیٹھے ہوئے تھے ان پر سکتہ طاری ہو گیا خاص طور پر شاہدہ کی والدہ گھبرا گئیں۔ تھوڑی دیر کے بعد میں پھر شاہدہ سے مخاطب ہوا۔ ''شاید تمہاری ٹانگیں تھک گئی ہیں، بہت ہی تھک گئی ہیں تمہارے اعصاب سخت ہو رہے ہیں۔'' میں نے اس کی ٹانگوں پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا ''شاہدہ مجھے غور سے سنو تمہارے بازو تھک گئے ہیں، بہت تھک گئے ہیں اور بازوؤں کے پٹھے سخت ہو رہے ہیں۔'' میں نے اس کے بازوؤں پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا۔

اب اس کی والدہ نے کانپنا شروع کر دیا۔ اسے فوراً احساس ہو گئی چیخ کر کہا:

''نصیر تیرا بیڑہ غرق ہو جائے۔ میری بچی کو تم نے کیا کیا ہے۔''

اس شور اور مداخلت کی وجہ سے شاہدہ نے آنکھوں کو ہلکی سی جنبش دی۔ میں سمجھ گیا کہ شاہدہ deep trance میں نہیں ہے۔ میں نے ایک ہاتھ ایک کے اشارہ سے سب کو چپ رہنے کیلئے کہا۔ پھر شاہدہ سے مخاطب ہوا ''شاہدہ تم سن رہی ہو تم میرے کنٹرول میں ہو تمہاری آنکھیں تھک گئی ہیں، پلکیں بھی تھک گئی ہیں اور ان کے پٹھے سخت ہو رہے ہیں تم نہیں جاگو گی جب تک میں نہیں کہوں گا اور جب جاگو گی تو اپنے آپ کو بہتر محسوس کرو گی۔ یہ تمام میرے اس عمل کی وجہ سے ہی ہو گا۔'' میں نے دوبارہ اپنے دائیں ہاتھ سے انگوٹھے اور درمیانی انگلی سے اس کی پلکوں کو دبایا ''شاہدہ میری بات غور سے سنو! تمہارا بازو تھک گیا ہے اس کے پٹھے سخت ہو رہے ہیں اور جب میں کہوں گا تو تم اپنا دایاں بازو سیدھا اٹھاؤ گی۔'' میں نے اس کے دائیں بازو پر ہاتھ پھیرا ''شاہدہ میری بات غور سے سنو اپنا دایاں بازو سیدھا اٹھاؤ گی اوپر کی طرف اٹھ رہا ہے، اٹھ رہا ہے، اٹھ رہا ہے۔'' میں نے اس کے بازو پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا۔

اب کیا تھا۔ شاہدہ کرسی پر آنکھیں بند کئے ہوئے بیٹھی تھی اور دائیں بازو کو چھڑی کی مانند سخت سامنے کیا ہوا تھا۔ اس کی ماں نے گھبراہٹ سے اس کا بازو نیچے کرنے کی کوشش کی تو میں نے جھٹکے سے اس کی والدہ کو پیچھے کر دیا۔ میں چند ایک اور مقصد سے کرنا چاہتا مگر گھر والوں کی گھبراہٹ اور اس کی والدہ کی پریشانی دیکھ کر سوچا کہ عافیت اسی میں ہے کہ اس عمل کو یہیں ہی روک دیا جائے۔ لہٰذا میں نے حکمانہ لہجے میں کہا، ''شاہدہ مجھے غور سے سنو! اپنے دائیں بازو کو ڈھیلا کر لو۔''

شاہدہ بازو کو نارمل حالت پر لے آئی۔

''شاہدہ غور سے سنو! تم میرے کنٹرول میں ہو۔ بڑے آرام سے بیٹھی اور گہری نیند سو رہی ہو جب میں اور صرف میں کہوں گا تو تم آنکھیں کھولو گی اور یہ میری ہی ترغیب پر کھولو گی میں تین دفعہ کہوں گا کہ اپنی آنکھیں کھولو اور تم اپنی آنکھیں کھولو گی تم بہتر محسوس کرو گی۔'' تھوڑے وقفے کے بعد میں نے بڑی دھیرج سے ترغیب دی ''شاہدہ مجھے دھیان سے سنو اب میں دوسری بار کہوں گا اپنی آنکھیں کھولو اور جب میں تیسری بار کہوں گا تو تم اپنی آنکھیں کھولو گی اور جاگ اٹھو گی۔''

ایسا ہی ہوا شاہدہ اپنی آنکھوں کو ملتی ہوئی جاگ گئی اور بڑی بیتابی سے ہاتھ پاؤں مارتے ہوئے کہنے لگی

''ماموں مجھے کیا ہو گیا تھا ؟''

''شاہدہ تمہیں وہی ہو گیا تھا جو میں نے کہا تھا کہ میں تمہیں hypnotize کر سکتا ہوں اور وہ میں نے کر دکھایا۔''

کیسی فطرت!

گجرات کے رہائشی ایس ایس پی صاحب بنام خان عبدالغفور خان ''ابو صاحب'' انگریزوں کے دور حکومت میں تعینات

Marfat.com

تھے جبکہ ایک مسلمان کا ارفع عہدے پر تعینات کیا جانا غیر معمولی بات تھی۔ انہوں نے مسلم بازار میں اُس زمانے کی مشہور منیاری کی دکان سے کچھ خرید و فروخت کی علاوہ ازیں گاہک بھی دکان پر موجود تھے۔ اپنے بٹوے سے رقم نکالی اور بل کی ادائیگی کر دی لیکن ادائیگی کے دوران ایک دس روپے کا نوٹ (جو کہ اُس زمانے میں ایک معقول رقم میں شمار ہوتا تھا) نیچے گر گیا اور وہ بے خبری میں چل دیئے۔ ایک گاہک جو مقامی شہر کا رہائشی تھا نوٹ اٹھا کر فوراً بھاگتا ہوا باہر نکلا اور چند قدموں کے فاصلہ پر ایس۔پی صاحب کو جا لیا۔ یہ کہہ کر کہ یہ آپ کا نوٹ دکان میں گر گیا تھا اُن کے حوالے کیا جس پر انہوں نے اُس کا شکریہ ادا کیا اور بات آئی گئی ہو گئی۔

تقریباً ایک ہفتہ بعد گجرات کی سبزی منڈی میں ایک قصاب کی دکان سے وہی ایس۔پی صاحب گوشت خرید رہے تھے دوران ادائیگی رقم نکالتے وقت ایک چار آنے کا سکہ نیچے گر پڑا۔ حسنِ اتفاق وہی دیانتداری کا مظاہرہ کرنے والے صاحب جو چند روز پہلے ایس۔پی صاحب کو دس کا نوٹ بھاگ کر دے آئے۔ اُس نے چار آنے کے سکہ پر پاؤں رکھ لیا۔ ایس۔پی صاحب نے گوشت لیا اور ایک فوراً دکان سے فوراً پھر واپس جانے لگے۔ اُس ''ایمان دار'' نے خفیہ انداز میں چار آنے کا سکہ اُٹھا کر جیب میں ڈال لیا۔

وزیر آباد میں ایک کشتی کا ملاح جو مسافروں کو اجرت پر آر پار لے آیا جایا کرتا۔ چند ہندو اس کی کشتی میں سوار ہوئے اور اُس پار اترتے وقت طلائی زیورات کی ایک پوٹلی کشتی میں بھول گئے۔ ملاح نہایت نیک فطرت انسان تھا پریشان ہو گیا کہ یہ امانت اُن کو کس طرح سے لوٹائی جائے نہ مجھے تو اُن کے گھر کا اتہ پتہ بھی معلوم نہیں تاہم پوٹلی زیورات سے بھری ہوئی گھر پر لے گیا۔ اُدھر جب گھر پہنچ کر ہندوؤں کو زیورات کی پوٹلی کا احساس ہوا تو وہ ملاح کے گھر کا پتہ معلوم کرتے وزیر آباد پہنچ گئے۔ ملاح نے نہایت خندہ پیشانی سے ملاقات کے دوران کہا ''زیورات کی شناخت کرائیں اور لے جائیں۔'' لہذا انہوں نے زیورات کی صحیح شناخت کروائی اور ملاح کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اپنی پوٹلی حاصل کی اور خوشی خوشی چلتے بنے۔

چند روز بعد اسی ملاح کی کشتی میں سفر کے دوران ایک ہندو سادھو اپنی پیتل کی گڈوی بھول گیا۔ ملاح کشتی کو دوسرے کنارے پر لے آیا اور گڈوی کو وہیں گھاس پھوس میں چھپا دیا۔ جب ملاح کشتی لے کر دوبارہ اُس پار پہنچا تو وہی ہندو سادھو وہاں کھڑا تھا اُس نے ملاح سے نہایت عجز و انکساری کے ساتھ اپنی گڈوی کے متعلق پوچھا مگر ملاح صاف مکر گیا۔

انسانی فطرت عجیب ہے نیت بدلتے دیر نہیں لگتی اور معمولی چیز کیلئے بعض اوقات اپنا ایمان کھو بیٹھتا ہے۔

جسے اللہ رکھے اُسے کون چکھے

راقم نیویارک سے T.W.A کی فلائیٹ سے Rome پہنچا وہاں مجھے چار گھنٹے کے انتظار کے بعد T.W.A کی دوسری فلائیٹ سے کراچی آنا تھا اور پھر وہاں سے PIA سے لاہور۔ ازاں بعد لاہور سے ٹیکسی پر گجرات اپنے دیوان خانہ کا سفر مطلوب تھا۔

ہوا یوں کہ جب میں Rome ائرپورٹ، Fiumiciano کے Transit lounge میں داخل ہوا تو وہاں میری ملاقات اپنے ایک دیرینہ دوست Jeromy سے ہوئی۔ یہ دوست میرے ساتھ انگلینڈ میں زیرِ تعلیم تھا باہمی دلچسپی کا سلسلہ شروع ہو گیا اور باتوں باتوں میں میری فلائیٹ کی روانگی کی آخری call دی گئی مگر میں T.W.A کے جہاز کو جس نے مجھے کراچی لانا تھا۔ لاؤنج کے شیشے کی دیوار میں سے دیکھ رہا تھا میں نے سرتوڑ کوشش کی ''مجھے جانے دو۔ چونکہ میں نے گھر یہ اطلاع بذریعہ ٹیلی گرام کر دی ہے کہ میں اسی فلائیٹ سے ایک خاص وقت پر کراچی پہنچ جاؤں گا۔''

ایک عرصہ کے بعد ملنے والے دوست نے میری ایک نہ سنی اور مجھے مجبوراً وہیں رکنا پڑا۔ خدا تعالیٰ کے احکامات حکمت سے خالی نہیں بیشک حکمت ربی لامحدود ہے جبکہ انسان کی سوچ محدود۔ ہمارے دیکھتے دیکھتے اُس جہاز نے take off کیا اور چند سیکنڈ کے بعد ہی ائرپورٹ پر ہی ایک خوفناک دھماکے سے گر کر تباہ ہو گیا۔ رات Rome میں ہی گزاری۔ جب دوسرے دن رات گئے میں گھر پہنچا تو کہرام مچا ہوا تھا چونکہ جس فلائیٹ میں، میں نے آنا تھا اُس کی تباہی کی اخبارات میں خبر چھپ چکی اور ریڈیو سے بھی نشر ہو چکی تھی کہ اس جہاز میں اتنا شدید دھماکہ اور اتنی شدید آگ بھڑک اُٹھی کہ کسی مسافر کے بچنے کی امید نہ تھی۔ لاشوں کے ٹکڑے ائرپورٹ پر بکھرے ہوئے ہیں'' سچ ہے ''جسے اللہ رکھے اُسے کون چکھے''

Marfat.com

بعد از ریٹائرمنٹ

دس پونڈ کے بیس نوٹ

اس نفسا نفسی کے عالم اور بے حسی کے دور میں کوئی کسی کا پرسان حال نہیں۔ ہر شخص خود غرضی اور لالچ میں گلے تک ڈوبا ہوا اس چکر میں سرگرداں ہے کہ کس طرح کسی کو لوٹے خواہ وہ اپنا ہو یا پرایا۔ غریب ہو یا امیر، شریف ہو یا بدمعاش کسی نہ کسی طرح اپنے سے اس کی گردن ناپ لی جائے اور استحصال کیا جائے۔ دولت کی حرص میں اخلاقی قدروں کی پاسداری سے چشم پوشی کی روش معمول بن گئی ہے جس کو دیکھو دوسروں کو روندتا ہوا اپنے جائز و ناجائز مقصد کیلئے سرپٹ بھاگا جا رہا ہے اور پیچھے مڑ کر دیکھنے کی فرصت نہیں۔

آپ اسے کیا کہیں گے کہ اب تک کچھ لوگ جنکی تعداد آٹے میں نمک کے برابر بھی زندہ ہیں جن کے اخلاق حسنہ سے انسانیت کی عظمت کے چراغ روشن ہیں اور کبھی کبھار ایسی تازہ ہوائیں چلتی ہیں جن سے خلوص کی خوشبو آتی ہے۔ انہی کے دم قدم سے زندگی رواں دواں ہے۔ ورنہ تعفن اس قدر کہ کب کے خاکستر ہو گئے ہوتے۔ ہوا یوں کہ چھ مارچ 1994 کی صبح کو راقم الحروف کی اہلیہ فرخ حسب معمول اپنے wardrobe کی صفائی ستھرائی کر رہی تھی کہ اسے اپنی الماری سے دس پونڈ کے بیس (برٹش کرنسی) نوٹ ملے اور مجھ سے کہا کہ نصیر ان کو تبدیل کرا دو۔

''ابھی کیا جلدی ہے کیا کوئی ضرورت ہے۔ یا رقم کی کمی ہے پھر کبھی تبدیل کرا لیں گے۔ ویسے بھی آجکل کرنسی کا بھاؤ گرا ہوا ہے۔'' لیکن بیگم کا خیال تھا کہ کہاں وہ اس چھوٹی سی رقم کیلئے روزے کی حالت میں بینک کے locker میں رکھنے کے لئے جائے ''ان تبدیل ہی کرا لیا جائے تو بہتر ہے۔

میں فوراً حکم کی تعمیل میں رخت سفر باندھنے پر مجبور تھا لہذا خاص اہتمام کے ساتھ چوک نواب صاحب پہنچ کر Deendar Currency Exchange کے دفتر کا رجوع کیا۔ کاونٹر پر بیٹھے ایک نوجوان لڑکے سے پہلے rate پوچھا۔ جو کہ اس روز کے rate کے لحاظ سے جائز تھا۔ ازاں بعد نوٹ گن کے لڑکے کے حوالے کئے کہ یہ بیس نوٹ ہیں جنکی مالیت دو سو پونڈ ہے۔ جب فرخ نے مجھے گھر سے بھیجا تو میرے کانوں میں فرخ کی وہی آواز ہر نوٹ دس پونڈ گونج رہی تھی لہذا میں نے rate طے کرنے کے بعد بیس نوٹ کاونٹر پر رکھ دیئے۔ حالانکہ مجھے بعد میں پتہ چلا کہ وہ سارے نوٹ بیس بیس پونڈ کے تھے اور اس طرح اصل رقم زیادہ بنتی تھی (ضمیمہ 158) اب میں کیا کہوں کہ لڑکے نے میری بات پر اندھا اعتماد کیا یا مجھے دھوکہ دینے کی غرض سے فوراً حساب کر کے 9340 روپے دیدیئے۔ (46.70 کے حساب سے) اور میں رقم وصول کر کے گھر لوٹ آیا۔

آجکل میں اپنی یادداشتیں لکھ رہا ہوں کہ کیا دیکھتا ہوں اسی دیندار منی ایکسچینج کے مالکان میں سے دو افراد میرے دیوان خانہ کے گیٹ سے داخل ہو کر سیدھے میرے دفتر کے دروازے پر آ کھڑے ہوئے۔ میں نے اشارہ سے انہیں اندر بلایا اور بیٹھنے کیلئے ترغیب دی۔ ان میں سے ایک آدمی نے میرے سامنے والی کرسی سنبھال لی اور دوسرا مشرق کی طرف پڑے آرام دہ صوفہ پر بیٹھ گیا۔ اس سے پیشتر کہ کوئی گفتگو ہوتی میرے سامنے والی کرسی پر بیٹھے ہوئے صاحب نے میری میز پر دس ہزار روپے کے نوٹوں کی گڈی رکھ دی اور نہایت عاجزانہ انداز میں گویا ہوئے کہ پیر صاحب یہ رقم آپ کی ہے۔

Marfat.com

اسلام آباد ایک ادویات کی کمپنی میں اعلیٰ ملازمت مل گئی اور گاہے بگاہے گجرات میں میرے گھر پر چند ایک روز کیلئے ٹھہرا کرتے۔ جنوری 2003 میں اسلام آباد سے واپس کراچی چلے گئے۔

15 نومبر 2002 سخت سردی کی رات میں میرے اشعار کی نوک پلک درست کر رہے تھے۔ اچانک سگریٹ ختم ہو گئے اور "MQM" سگریٹ نوشی کے دلدادہ ہیں۔ کوئی رات گیارہ بجے کا وقت تھا تو سگریٹ نہ پینے کی وجہ سے اشعار کیطرف توجہ نہ دے سکے اور میں چاہتا تھا کہ یہ کام جلد از جلد ختم ہو جائے کیونکہ اگلے روز اُس نے واپس چلے جانا تھا۔ اردگرد کوئی دُکان بھی کھلی نہ تھی اور میں خود سگار استعمال کرنے کا عادی ہوں لہذا میں نے سمیعہ عثمان سابقہ ینیئر پاکستان پیپلز پارٹی جو کہ میرے مکان سے کوئی 100 گز کی دوری پر ہے کو ٹیلیفون کیا "مجھے کچھ ادھار سگریٹ چاہئیں" وہ بڑی حیران ہوئیں کیونکہ میں تو سگریٹ پیتا ہی نہیں۔

"میرے لئے نہیں میرے ایک دوست کیلئے۔"

"ہاں کسی کو بھیج دیں یا خود آ کر لے جائیں۔"

"میں اور میرا سگریٹ نوش دوست دونوں ہی آ رہے ہیں۔"

"MQM" تو گولڈ لیف سگریٹ پسند کرتا ہے مگر سمیعہ عثمان گولڈ فلیگ کی رسیا چین سموکنگ کی حد تک ہے۔ میں نے "MQM" سے کہہ دیا کہ وہ تو گولڈ فلیک پیتی ہے۔ وہ طلب کا مارا ہوا تھا اُس نے اُنہیں غنیمت جانا اور اُنہیں کا طلب گار ہوا لہذا ہم دونوں چلتے ہوئے اُس کے مکان تک پہنچ گئے۔ وہ مہربان خاتون ہاتھ میں سگریٹ کی ڈبیا لئے کھڑی تھی مجھے ذرا سخت انداز سے کہا:

"آپ پڑھے لکھے ہیں سگریٹ ادھار کہنے کی کیا ضرورت تھی۔"

میں نے بات ٹالنے کیلئے جواز کیا کہ یہ تو ازراہِ مذاق تھا مگر سگریٹ تو ہمیں چاہئیں ہی تھے۔

جب گھر واپس لوٹے "MQM" نے ایک دو کش لگائے اور دماغ بجلی کیطرح کام کرنے لگا۔ وہی اشعار جو گھنٹے بھر سے ٹھیک نہیں ہو رہے تھے۔ پل بھر میں ٹھیک ہو گئے۔

ریل کے ٹکٹ دو، مسافر ایک!

راقم کے ایک دوست جی۔ جی مان جن کا اصل نام تو عزیز الرحمان ہے مگر جی۔ جی مان کی عرفیت سے جانے پہچانے جاتے ہیں۔ باتوں باتوں میں اُنہوں نے ایک واقعہ ٹرین کے سفر کے دورانیہ سے متعلق سنایا۔

چند سال ہوئے ٹرین میں سفر کے لیے ایک اٹھارہ سالہ نیک طبعیت نوجوان نے سیالکوٹ ریلوے سٹیشن کی کھڑکی سے کہیں جانے کے لیے دو ٹکٹ خرید کئے۔ حالانکہ مذکورہ نوجوان کے ساتھ کوئی دوسرا ہمسفر نہیں تھا۔ سوئے اتفاق جی۔ جی مان صاحب بھی ریل گاڑی کے اُسی ڈبہ میں سوار ہو گئے۔ دیکھتے کیا ہیں کہ اُس نوجوان نے دو میں سے ایک ٹکٹ تو بحفاظت اپنے پاس محفوظ کر لیا لیکن دوسرا ٹکٹ پھاڑ کر پھینک دیا۔ دیگر مسافروں کو بھی اس کے حیران کن طرزِ عمل سے حیرت ہوئی تاہم خاموشی اختیار کی مگر ہمارے دوست نے بے اختیار استفسار کیا کہ برخودار بظاہر ٹکٹ تو دو خریدے تھے جبکہ کوئی دیگر ساتھی بھی آپ کے ساتھ نہیں تو اس عجیب وغریب عمل کا میرے نزدیک تجسس لازمی امر کہ ایسا کیوں ہوا۔ آخر ماجرہ کیا ہے؟

"گذشتہ دنوں میں اسی ریلوے سٹیشن سیالکوٹ پر غیر معمولی رش کیوجہ سے گاڑی میں سوار ہو گیا مگر ٹکٹ نہ خرید سکا لیکن دوران سفر کسی نے ٹکٹ طلب کیا اور نہ ہی مطلوبہ ریلوے سٹیشن کے پلیٹ فارم پر ٹکٹ کے بارے پوچھا گیا مگر میرے ضمیر نے مجھے ملامت کیا کہ تو نے مجرمانہ خاموشی اختیار کئے رکھی حالانکہ بغیر ٹکٹ سفر کرنا جرم ہے تو ضمیر کی نیش زنی سے دل گرفتہ ہو کر میں نے اس دفعہ ٹکٹ دو خرید لئے۔ شاید اسطرح ذہن کا بوجھ کم ہو جائے جیسا کہ آپ کو حیرت ہوئی ایک ٹکٹ پہلے سفر کے ضمن میں خریدا اور پھاڑ دیا اور دوسرا ٹکٹ سنبھال کر رکھ لیا۔"

بلاشبہ موجودہ دور میں ایسی جنس نایاب ہے بالخصوص نوجوان طبقہ میں گناہوں سے تائب ہونا قابل ستائش اور ناقابل فراموش عمل جبکہ اکثر نوجوان میں حب الوطنی اور دیانتداری کو حقارت سے دیکھا جاتا ہے۔

Marfat.com

دیانتدار پاکستانی

خورشید احمد خاں کا اسلام آباد کی نہایت اہم شخصیتوں میں شمار ہوتا ہے۔ اسلام آباد میں کافی پراپرٹی کے مالک ہیں Blue Area میں بلند مرکز (بلند پلازہ) بھی انہی کا ہے جبکہ اس بلڈنگ سے اُن کا ایک روزنامہ "مرکز" بھی اشاعت پذیر ہوا کرتا۔ اسلام آباد میں چائنیز ریسٹورینٹ Shifang اُنکی ملکیت ہے جبکہ اسی نام سے دوسرا ریسٹورینٹ اور ہوٹل کروڑوں روپے کی لاگت سے مری، کشمیر پوائنٹ، میں بھی مکمل ہو چکا ہے۔ خورشید صاحب راقم کے قریبی دوست شاہ زمان بٹ صاحب کے نہایت ہی عزیز دوست ہیں اور یہ دونوں حضرات کاروباری رابطے کے سلسلہ میں Middle East بھی اکٹھے رہ چکے ہیں۔ شاہ زمان بٹ صاحب کی وساطت سے راقم کے خان صاحب سے اچھے مراسم ہیں۔

1976 میں خان صاحب اپنی اہلیہ کے ساتھ لندن تشریف لے گئے۔ وہاں پر جب وہ window-shopping کر رہے تھے تو آپکی اہلیہ کو ایک انگوٹھی پسند آ گئی جسکی قیمت 350 پونڈز تھی۔ خان صاحب نے یہ رقم اپنے ٹریول چیکوں سے ادا کی جو کہ امریکن ڈالرز میں تھے۔ دوکاندار نے چیک شمار کئے اور انگوٹھی کی قیمت وصول کر لی۔ رات کو خان صاحب اپنے ہوٹل میں حسب عادت اخراجات کا حساب کتاب کر رہے تھے تو اُنکو غلطی کا احساس ہوا۔ چیک تو 350 ڈالرز کے تھے مگر انگوٹھی کی قیمت 350 پونڈز جس کا مطلب یہ تھا کہ خان صاحب نے قیمت کم ادا کی اور اس غلطی پر انگریز دوکاندار کی گرفت نہ ہو سکی۔ خان صاحب تمام رات بے چین و بیقرار رہے اور نیند نہ لے سکے۔ صبح آپ نے پیرس جانے کیلئے سیٹ بک کروا رکھی تھی۔ انہوں نے اپنی اہلیہ کے ہمراہ ہوٹل کا بل ادا کیا اور ٹیکسی لیکر ائرپورٹ کو چل نکلے۔ جب ٹیکسی جا رہی تھی تو آپ نے ٹیکسی ڈرائیور کو اس جیولری دکان کے سامنے کھڑا ہونے کی ترغیب دی خود اندر داخل ہو کر دوکاندار سے مخاطب ہوئے:

"کل میں نے یہاں سے ایک انگوٹھی خریدی تھی لیکن قیمت کی ادائیگی میں کچھ غلطی سرزد ہو گئی۔" دکاندار چونکہ خان صاحب Asian تھے۔ دوکاندار نے اپنے ہاتھ اوپر اٹھائے اور کہا:

"No mistake."

"میری بات غور سے سنیں گھبرانے کی کوئی ضرورت نہیں۔ میری ٹیکسی باہر کھڑی اور میں نے پیرس جانے کیلئے ائرپورٹ پہنچنا ہے۔ میں واپس لوٹ کر لندن نہیں آؤنگا میں نے ایک انگوٹھی 350 پونڈز میں خریدی تھی تاہم 350 ڈالرز ادا کئے ہیں اس لئے اب مجھے بقایا رقم آپکو ادا کرنی ہے۔"

اُس انگریز دوکاندار نے اپنے بنک کو ٹیلیفون کیا۔ غلطی کا پتہ چل گیا اور خان صاحب نے 170 ڈالرز مزید ادا کئے۔ جب خان صاحب عجلت میں باہر جانے لگے تو دوکاندار نے نہایت مودبانہ انداز سے پوچھا:

"Which country you come from, Sir ?"

"The only honest country in the world, Pakistan." خان صاحب نے جواب دیا اور ٹیکسی میں بیٹھ کر ائرپورٹ کیطرف روانہ ہو گئے۔ یہ تھا ایک انگریز دوکاندار اور پاکستانی خریدار!

ٹھیکہ کر لو!

کافی عرصہ ہوا۔ راقم کی ویزہ ویلا میں ملازمت کے دوران فرخ اکیلی بی محرم کے سلسلہ میں جرات آئی ہوئی تھی۔ راقم بار بار تاکید کرتا رہتا کہ کسی کو رقم ادھار دینے سے گریز کیا جائے اور نہ ہی جائیداد کی خرید و فروخت کے چکر میں آنا لیکن میرے منع کرنے کے باوجود اُس نے 25000 روپے میں L.D.A 3200 کی سکیم کے تحت (آجکل "جوہر ٹاؤن") ایک دس مرلہ کا پلاٹ خرید لیا۔ جب ویزہ ویلا واپس پہنچی تو بڑے فخر سے مجھے زمین کی رجسٹری اور انتقال کے کاغذات دکھائے تاہم میں یہ دیکھ کر ششدر رہ گیا کہ پلاٹ کا بیڑہ غرق کر دیا ہے۔

Marfat.com

''نسیم! یہ غذات ہمارے پاس موجود ہیں۔'' اس نے دلیل پیش کی۔

''یہ غذات؟ کوئی خستہ ورہ یا چھیری ہوئی ہوگی کیونکہ ہم لوگ تو پردیس میں رہتے ہیں۔''

کافی عرصے کے بعد جب میں ریٹائر ہو کر واپس پاکستان لوٹا تو سوچا اپنے خرید کردہ پلاٹ کا پتہ چلاؤں جس پر وہی کچھ ہوا جس کا اندیشہ تھا۔ ہمارے ایک مہربان عزیز نے یہ پلاٹ ہماری غیر موجودگی سے استفادہ کرتے ہوئے کسی دیگر کے نام منتقل کرا دیا۔ بس پھر تو میں دوڑ دھوپ میں سرگرداں ہو گیا۔ مقدمہ بازی شروع ہوئی L.D.A میں ایک تحصیلدار صاحب تھے جو شکل سے فرشتہ صورت نظر آتے۔ کسی کی وساطت سے ان سے رابطہ ہوا تو کہنے لگے:

''شام کے قریب لاہور سیکرٹریٹ کے اس پار عام ہوٹل ہے، وہاں ملنا۔''

میں مقررہ وقت پر وہاں پہنچ گیا جناب کو کھانا وغیرہ کھلایا جب مطلوبہ موضوع پر بات چلی تو نہایت رسانیت سے فرمایا:

''45000 روپے میں ٹھیکہ کرا لو۔''

''حضرت صاحب! میں نے کوئی سڑک یا دیگر تعمیرات کا ارادہ نہیں کیا جس کا ٹھیکہ کرا لوں۔''

''آپ سمجھتے کیوں نہیں یہ بھی ایک ٹھیکہ ہے۔'' وہ مہماتی انداز میں گویا ہوئے۔

''آخر 45000 روپے کیوں؟'' میں نے دلیل پیش کی۔

''اچھا کل پھر اسی جگہ اسی وقت ملنا۔''

میں دوسرے روز بھی مقررہ وقت پر پہنچ گیا۔ فرمانے لگے: ''میں نے فلاں فلاں حضرات کو جو کہ اس کام میں شریک ہیں ان کا حصہ دینا ہے لہذا کسی طور پر بھی 40000 روپے سے کم نہ ہوں گے۔''

بالآخر میں نے 40000 روپے دے دیئے۔ کام تو اس نے کر دیا اور L.D.A کی طرف سے بھی کوئی کوتاہی نہ ہوئی مگر مقدمہ بازی ایک اور پارٹی سے اب تک چل رہی ہے۔ اصل قیمت سے زیادہ 173000 روپے خرچ کر چکا ہوں اور ابھی تک گجرات کے دورے چکر لگانے میں سرگرم ہوں۔

کار کیوں نہیں خرید لیتے!

راولپنڈی ڈویژن سے ہفتہ میں ایک دفعہ ایک اعلیٰ آفیسر گجرات شہر آیا کرتا اور G.T.Road گجرات والے بنگلہ میں رہائش پذیر ہوتا۔ ایک موقع پر اس کا ماتحت آفیسر گجرات کے ڈاک بنگلہ میں رہائش کا بندوبست نہ کر سکا اور اسکی متبادل جگہ الہ موت کے ڈاک بنگلہ میں انہیں رکھا گیا۔ سردیوں کا موسم تھا میرے ایک وکیل دوست (چوہدری فیض) کوئی فائل لیکر موٹر سائیکل پر سوار ان سے ملنے کیلئے الہ موت پہنچے۔ وہ آفیسر ایک کرسی پر دھوپ میں بیٹھا ہوا تھا۔ وکیل صاحب کو دوسری کرسی پیش کی۔ وکیل صاحب نے اپنی آمد کا مقصد بتایا جو کہ ایک جائز کام تھا۔ آفیسر نے فائل پر دستخط کر دیئے اور پھر گویا ہوا:

''چلو اندر چل کر بیٹھتے ہیں۔'' لہذا دونوں اندر چلے گئے آفیسر نے ملازم کو چائے وغیرہ لانے کیلئے کہا اور ساتھ ہی تاکید کی کہ کسی شخص کو اندر نہ آنے دینا کیونکہ وہ مصروف ہیں جبکہ دیر بھی ہو چکی اور واپس راولپنڈی کار میں جانا ہے۔

ملکی حالات کے تبصرہ پر رشوت ستانی کا موضوع شروع ہوا تو صاحب نے میرے وکیل دوست سے کہا: ''آپ اتنے عرصہ سے وکالت کے پیشہ سے منسلک ہیں حیرت ہے آپکے پاس وہی کھٹارہ قسم کی ٹوٹی پھوٹی موٹر سائیکل ہے اور اتنی سخت سردی میں گجرات سے اس پر ہی تشریف لائے ہیں۔''

''میرے ذرائع ہی چھوٹے ہیں کار تو میری دست برد سے باہر ہے۔''

''سنا ہے کہ دوسرے محکمہ کے آفیسران کافی رشوت لیتے ہیں۔''

''ہاں کئی کم اور کئی زیادہ۔ یہ سب مقدمات کی نوعیت پر مبنی ہے۔''

''کیوں نہ ایسا کریں کہ ایک نہیں بلکہ دو Toyota کاروں کا آرڈر دے دوں۔ ایک تمہارے لئے اور ایک میرے لئے۔''

Marfat.com

"جی میں تو کسی حال میں ہوں۔ ٹھیک ہوں۔" وکیل صاحب نے مُردہ سا جواب دیا۔

"پھر میرے ساتھ ہی چھوڑ دو۔ تمہارے مقدمات کا فیصلہ تمہاری مرضی کے مطابق ہو جایا کرے گا۔"

وکیل صاحب کو سمجھ آ گئی کہ یہ آفیسر مال بنانے کا عادی ہے۔ اس نے اس وقت چپ سادھ لی۔ جب وہ رخصت ہونے لگا تو آفیسر نے کہا "اس بات پر ذرا غور کرنا۔ ہم دونوں کا فائدہ ہے۔"

وکیل صاحب موٹر سائیکل پر سوار ہو کر واپس آ رہے تھے تو اسی خیال میں گم تھے کہ اگر صاحب موصوف مال بنانے پر آئے ہیں تو میرے جو کہ مقدمات کا بھی فیصلہ ہو جایا کرے گا۔ گجرات پہنچ کر وکیل صاحب نے اپنے ایک دوست جو اپنے پیشے میں کافی شہرت یافتہ ہیں یہ واقعہ سنایا تو اس نے مشورہ دیا "تم تو رشوت لینے دینے کے عادی نہیں ہو اپنے ساتھیوں وکلاء سے پوچھو وہ چونکہ یہ کام کرتے ہیں۔"

بات وکیل صاحب کی سمجھ میں آ گئی لیکن وکیل ہونے کے باوجود انہوں نے یہی راہ اختیار کی اور اپنی جان چھڑائی۔ مذکورہ آفیسر سے وکیل صاحب نے تعلق استوار کر لئے۔ ایک مالدار شخص جس کی انکوائری کیس میں اسی آفیسر کے پاس تھی آپ کے پاس آیا اور مطلب واضح کیا۔ ان کی ذمہ داری پر مذکورہ آفیسر دورے پر آیا اور گجرات کے ڈاک بنگلے میں ٹھہرا تو وکیل صاحب اس شخص کو ساتھ لے کر ڈاک بنگلے پہنچ گئے۔ سائل کو مخصوص حصہ ملنے کی بات پر ٹھہرنے کی ترغیب دی اور خود آفیسر کی خدمت میں پیش ہو گئے۔ صاحب برآمدے میں ٹہل رہے تھے۔ وکیل صاحب نے اپنی آمد کا مدعا بیان کیا تو انہوں نے کہا "فائل پر سب ٹھیک ہے۔ میں حکم کر دیتا ہوں لہٰذا ایسا ہی ہوا۔ پھر آفیسر نے پوچھا "وہ سائل کہاں ہے؟"

"وہ لان میں کھڑا ہے۔"

"اس سے کہیں کہ میں آج لاہور جا رہا ہوں وہاں تک میری ایک ضروری میٹنگ ہے۔ کل دوپہر کے وقت ہے۔ وکیل صاحب ان کا شکریہ ادا کر کے واپس آ گئے اور فائل موکل کے ہاتھ میں تھما دی۔

دوسرے روز پروگرام کے مطابق مذکورہ سائل لاہور اس آفیسر سے ملا۔ صاحب انہیں اپنی کار میں بٹھا کر لے گئے۔ آفیسر کی صاحبزادی کی عنقریب شادی تھی۔ صاحب خریداری کرتا رہا اور یہ سائل بل ادا کرتا گیا۔ ساری خریداری کوئی 40000 روپے تک جا پہنچی۔ چونکہ صاحب "شریف" آدمی تھے۔ سائل کو اس روز اپنی کار میں بٹھا کر گجرات چھوڑنے اور خود روانہ کر دی۔

پاسپورٹ آخر مل ہی گیا

راقم الحروف کا ایک دوست خورشید محمود 23 جنوری 1991 کو قائداعظم انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی پر رات سے PIA کی پرواز Dubai روانگی کے لئے انتظار کر رہا تھا تو ایک نوجوان جو کہ شکل و صورت اور لباس سے پڑھا لکھا نظر آتا تھا پریشانی کے عالم میں گھومتے ہوئے گزرا تو خورشید نے پوچھا "بھائی اس قدر پریشان کیوں نظر آتے ہو؟"

"جی! میں فیصل آباد کا رہنے والا ہوں محنت مزدوری کرنے کے لئے یہاں رات کی فلائٹ سے دبئی جا رہا ہوں۔ میں نے PIA کاؤنٹر پر اپنا پاسپورٹ دیا اور ایئرپورٹ واجبات ادا کر دیئے مگر کلرک میرا پاسپورٹ واپس نہیں کر رہا۔ آپ میری مدد کریں۔" اس نے نہایت غمگین لہجے میں جواب دیا۔

خورشید اور وہ نوجوان خاور کے دوست آصف کے پاس گئے جو کہ خاور کے ساتھ اسی فلائٹ سے دبئی جا رہے تھے۔ پھر تینوں اس کلرک کے پاس گئے۔ کلرک نے صاف جواب دیا اور کہا "میرے پاس کوئی پاسپورٹ وغیرہ نہیں ہے۔"

"تمہارا انچارج کہاں ہے؟" خاور نے پوچھا۔

"وہ سامنے دفتر میں بیٹھا ہوا ہے۔"

لہٰذا یہ تینوں انچارج کے پاس گئے اور اپنا مسئلہ بیان کیا۔ انچارج نے ایک داڑھی والے بوڑھے کو جو کہ کمرے میں موجود تھا کہا "ان تینوں کو باہر نکال دو۔" خاور نے اس بوڑھے کو خوب ڈانٹ پلائی اور غصے میں آ کر انچارج سے مخاطب ہوا

Marfat.com

"نہیں دیکھتے ہو تم کیسے پاسپورٹ نہیں دیتے۔ ہم امیگریشن والوں کے پاس جا رہے ہیں۔" اور مشتعل انداز میں دروازہ بند کرتے ہوئے نکل گئے۔ جب تینوں امیگریشن آفس جا رہے تھے تو وہ PIA کا کلرک بھاگتا ہوا آیا اور نہایت مؤدبانہ لہجہ میں کہا:

"بھائی جان! آپ کا پاسپورٹ مل گیا ہے۔"

دونوں کلرک اور وہ شرمندہ ہو رہے تھے اور اس نوجوان کی جہالت سے استفادہ کرتے ہوئے پاسپورٹ ہڑپ کرنا چاہتے تھے کہ شاید اچھی سی رقم ہو رہی جائے۔

شریف بلا

دو ساتھی چوروں نے پروگرام بنایا کیوں نہ بیلے میں جانوروں کا باڑہ ہے اس پر ہاتھ صاف کیا جائے۔ عید کا دن تھا اور بیلے میں کوئی چرواہا نہیں۔ شدید سردی کی وجہ سے جانوروں کے باڑے کے مالک رات کو سردی سے بچاؤ کیلئے باڑے کے ساتھ ہی رہنے دیتے اور خود بھی رات اپنے گھر میں بسر کرتے لہذا انہوں نے فیصلہ کیا کہ رات گیارہ بجے وہاں پہنچ جائیں۔

پروگرام کے مطابق ایک چور تو مقررہ وقت پر وہاں پہنچ گیا لیکن اس کا دوسرا ساتھی کشتی نہ ملنے کی وجہ سے دریا پار نہ کر سکا۔ آدھ گھنٹے کی تاخیر کے بعد وہ کسی ذاتی کشتی کا کھول کر دریا عبور کرنے میں کامیاب ہو گیا۔ پہلے ساتھی کو شدید سردی اور بھوک نے ستا رکھا تھا وہ اپنے دوسرے ساتھی کا انتظار کرنے کی بجائے پیٹ کی بھوک مٹانے کی غرض سے چکر لگا رہا تھا لہذا اس نے ایک بکرا پکڑا اور ذبح کرنے کے بعد کھال اتار کر اپنے جسم پر سردی سے بچاؤ کیلئے اوڑھ لی اور گوشت بھون کر کھانے لگا۔

اب اس کا دوسرا ساتھی وہاں پہنچ گیا اس نے آگ کا الاؤ روشن دیکھا تو اسی طرف چل دیا۔ بھوک کی وجہ سے اس کا بھی برا حال تھا۔ جیسے ہی وہ آگے بڑھا تو اس کے اوسان خطا ہو گئے دیکھتا کیا ہے کہ عجیب ہیئت کی مخلوق جو گوشت کھا رہی ہے۔ اس کے پیچھے بیٹھ کر وہ بھی بکرے کی کھال اوڑھے ہوئے گوشت بھون کر کھانے میں مصروف تھا۔ دوسرا چور اسے کوئی خوفناک بلا سمجھ کر ڈرتے ڈرتے اس نے اپنا ہاتھ بڑھایا۔ پہلے نے اس کے ہاتھ پر بھی ایک بھنا ہوا لقمہ رکھ دیا اسی طور پر دوسرا ساتھی بھی گوشت کھاتا رہا اور یہ سلسلہ جاری رہا حتیٰ کہ دونوں کا پیٹ بھر گیا۔ وہ دونوں ایک دوسرے کو بلا تصور کرتے ہوئے گوشت ختم ہونے پر اس قدر دہشت زدہ تھے کہ چپ چاپ وہاں سے بھاگ نکلے۔

دوسرے دن جب دونوں ساتھی اکٹھے ہوئے تو پہلے والے ساتھی نے کہا: "یار تم نے تو کمال کر دی ہے۔ پروگرام کے برعکس مجھے وہاں سردی میں اکیلا چھوڑ کر خود گھر میں مزے سے پڑے رہے۔ میرا تو وہاں کسی ہیبتناک بلا سے پالا پڑ گیا۔ وہ بلا بھی غالباً شریف تھی۔ اس نے بجائے مجھے مارنے کے صرف بھنا ہوا گوشت کھانے پر ہی اکتفا کیا۔ جب میں وہاں پہنچا تو کیا دیکھتا ہوں کہ ایک بلا گوشت بھون کر کھا رہی ہے اور خود اسی کھال بکرے جیسی تھی میں نے بھوک سے تنگ آ کر پیچھے سے ہاتھ بڑھایا تو اس بلا نے میری ہتھیلی پر گوشت کا بھنا ہوا لقمہ رکھ دیا اور میں اپنی بھوک مٹانے کیلئے اس بلا سے بھوکا مرنے کی بجائے اس سے گوشت لے کر کھاتا رہا۔"

اس پر پہلے نے کہا: "او بیوقوف! وہ بلا تو میں ہی تھا۔ سردی سے بچنے کیلئے میں نے ذبح کئے ہوئے بکرے کی کھال اوڑھ رکھی ہوئی تھی۔"

کیا تم بھی مسلمان ہو گئے ہو؟

میرپور آزاد کشمیر کا ایک باشندہ جو کہ بالکل ان پڑھ تھا یہاں تک کہ اپنا نام بھی ٹھیک طرح سے لکھنے سے قاصر تھا، کئی سال قبل روزگار کی تلاش میں کسی طریقے سے انگلینڈ چلا گیا۔ وہاں اس نے لندن میں سکونت اختیار کر لی اور محنت مزدوری کرتا رہا چونکہ وہ ناخواندہ اور بینکوں پر اعتبار بھی نہیں تھا۔ وہ اپنی کمائی ہوئی رقم اپنے پاس ہی رکھتا۔ جب اس کے پاس ایک معقول رقم جمع ہو گئی تو

Marfat.com

اسے فکر لاحق ہوئی کہ اس رقم کو کہاں جمع رکھا جائے ساتھ ساتھ لئے پھرنا بھی مناسب نہیں۔

اس کے پڑوس میں ایک انگریز رہائش پذیر تھا جس کے ساتھ اس کے گہرے مراسم تھے لہٰذا اس نے انگریز سے مشورہ کیا کہ اس رقم کو کس طریقے سے محفوظ کیا جائے۔ انگریز مسکرایا اور کہنے لگا کہ چلو میرے ساتھ بینک میں جمع کروا دیتے ہیں لیکن اس شخص کو بینک پر اعتبار نہ تھا۔ اس نے انگریز کی ایک نہ سنی اور اس بات پر مصر ہو گیا کہ تم ہی میری رقم اپنے پاس رکھ لو اور آئندہ بھی جو میں کماؤں گا وہ بھی تمہارے پاس ہی رکھوں گا۔ جب اور جتنی رقم کی ضرورت ہوں وہ تم سے لے لیا کروں گا مگر انگریز رضامند نہ ہوا اور اپنا انکار دہراتا رہا کہ ہو سکتا ہے میری نیت میں فتور آ جائے یا میں مر جاؤں مگر وہ تھا کہ برابر اپنے موقف پر اڑا رہا۔ انگریز نے صاف انکار کر دیا۔

کوئی ایک ہفتہ بعد وہ دوبارہ انگریز کے پاس گیا اور اس انگریز کو رقم امانت کے طور پر رکھنے پر مجبور کر دیا۔ ناچار انگریز بھی آخر رضامند ہو گیا۔ اس شخص نے اپنی جمع پونجی اس انگریز کے حوالے کی اور اسی طرح جو کچھ کماتا اس کے پاس جمع کرواتا رہا۔

قریباً پانچ سال گزر گئے ایک روز اس میرپور کے باشندے کو میرپور سے خط آیا کہ اب واپس وطن آ جاؤ تمہاری شادی کے لیے خواہشمند برادری کا تقاضہ ہے لہٰذا جب وہ انگریز کے پاس اپنی جمع پونجی لینے گیا تو انگریز صاف مکر گیا کہ "کیسی رقم؟" بیچارے کے ہوش اڑ گئے اسے نہایت دکھ ہوا کہ اتنی بڑی رقم جو محنت شاقہ سے جمع کی گئی تھی ابھی گذشتہ روز بھی تین پونڈ جمع کروائے تھے۔ پریشان حال ادھر ادھر ہاتھ پاؤں مارنے لگا اس نے متعدد لوگوں سے مشورہ کیا مگر ان لوگوں نے جواب دیا کہ تمہارے پاس کیا ثبوت ہے؟ بیچارے کا دن کا سکھ اور رات کی نیندیں روٹھ گئیں۔

ایک دن پریشان حال گزر رہا تھا کہ اچانک قریبی چرچ کے پاس سے گزر ہوا تو چرچ کے باہر بیٹھے ہوئے ایک بوڑھے انگریز کو دیکھ کر نجانے کیا سوجھی اس پریشان حال شخص نے اپنی روئیداد غم اس انگریز بوڑھے کو سنائی۔ بوڑھے انگریز نے اس سے ہمدردی کا اظہار کیا اور کہا کہ قانون کو تو ثبوت چاہیے اور تمہارے پاس تو کوئی ثبوت موجود نہیں۔ اس کی یہ بات سن کر وہ بادل ناخواستہ وہاں سے مایوسی کی حالت میں اٹھا اور چل دیا۔ ابھی تھوڑے فاصلے پر ہی گیا تھا کہ بوڑھے انگریز نے واپس بلا لیا کہ ایک رستہ ہے میں اس شخص کو جانتا ہوں سال ہا سال سے ہر اتوار کو اسی چرچ میں عبادت کے لیے آتا ہے۔ چونکہ میں تمہیں پادری کے پاس لے چلتا ہوں۔ اسے اپنی داستان دلخراش سنا دو ممکن ہے کوئی صورت تمہاری امانت ملنے کی نکل آئے۔

دونوں چرچ کے عقب میں پادری کی رہائش گاہ پر پہنچ گئے اور پادری سے اپنی پریشانی کا سبب بیان کیا۔ پادری نے مشورہ دیا کہ پیسے کے معاملے میں کسی پر بھروسہ نہیں کرنا چاہیے خواہ وہ میرا ہم وطن انگریز ہی کیوں نہ ہو۔ بہرحال میں کوشش کروں گا۔ تم اتوار کے دن کوئی دس بجے تک گرجے کے قریب یہاں پہنچ جانا اور اس الگ کمرے میں بیٹھنا۔ میں دوسرے کمرے میں اس انگریز سے بات کروں گا جب تمہیں آواز دوں گا تو اس کمرے میں آ جانا۔ بیچارے کی ڈھارس بندھی مگر رات بے چینی کے عالم میں کروٹیں بدلتے ساری رات آنکھوں میں کاٹ دی۔ دوسرے دن مقررہ وقت پر وہ پادری کے پاس پہنچ گیا۔ تھوڑی دیر بعد پادری اس انگریز کے ساتھ دوسرے کمرے میں بیٹھ گیا۔ چند ادھر ادھر کی باتیں کرنے کے بعد اس پادری نے انگریز سے پوچھا "سنا ہے تم مسلمان ہو گئے ہو؟"

"نہیں ایسی تو کوئی بات نہیں تمہیں معلوم ہے میں سال ہا سال سے اپنی مذہبی عبادات میں کوتاہی کئے بغیر اب تک تمہارے سامنے عبادت کرنے آ رہا ہوں۔"

اس پر پادری نے دوسرے کمرے سے میرپور کے باشندے کو آواز دی تو اسے دیکھ کر انگریز کا رنگ فق ہو گیا۔ اس کے بعد اس نے تمام واقعہ بیان کر دیا۔ پادری مسکراہٹ آمیز لہجے سے مخاطب ہوا امانت میں خیانت تو آج کل صرف مسلمان کرتے ہیں۔ اس لئے میں نے پوچھا تھا کہ کیا تم مسلمان ہو گئے ہو۔ اس پر اس انگریز نے میرپور کے باشندے سے معافی مانگی اور تمام جمع شدہ پونجی لوٹا دی۔

مرزا کی سائیکل اور دو کلو چاول

نام تو ہے مرزا شاہد گلزار مگر راقم نے کئی سالوں سے اسے پیار سے شاہد کا لقب دے رکھا ہے۔ کمپیوٹر میں کافی دسترس ہے لیکن

Marfat.com

شہر سے ہم Kunnutti کے باغ کی طرف روانہ ہوئے جو کہ شہر سے نو کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ یہ بھی ضلع خوشاب کی آخری حد ہے جس کے ساتھ ضلع اٹک شروع ہو جاتا ہے۔ میں اس باغ اور ارد گرد کے مناظر دیکھ کر دل گرفتہ ہو گیا۔ یہ علاقہ پہاڑی اور جنت نظیر ہے۔ یہ باغ ضلع وسطی کی زیر نگرانی اور ماسوائے ضلع وسطی کے ریسٹ ہاؤس کے ارد گرد میں کوئی آبادی نہیں۔ باغ کی دیکھ بھال پر مامور آدمی ریسٹ ہاؤس کے ملحقہ کمروں میں رہتے ہیں۔ باغ کے مختلف levels ہیں جن میں قدرتی چشموں سے پانی پہنچایا جاتا ہے۔

ہم اس خوبصورت باغ کی تختی چبوترے میں ایک چشمے کے کنارے دری بچھا کر کھانے وغیرہ کی تیاری میں مصروف ہو گئے تو میں حسب عادت وہاں کسی ایسے شخص کی تلاش میں تھا جو کہ مجھے کوئی واقعہ سنائے۔ ایک گوشے میں ایک چارپائی موجود تھی جس پر ایک شخص بیٹھا ہوا تھا۔ ایک جوان شخص شیو (داڑھی) بڑھی ہوئی سر کے بال بے ترتیبی سے بکھرے ہوئے، پاؤں سے ننگا ایک پرانی سی شلوار قمیض نہایت بوسیدہ اور میلے سے ساتھ گم خاموش بیٹھا ہوا تھا۔ میں نے سمجھا کوئی مانگنے والا ہے لیکن اس نے کہا "May I help you Sir ?" میں نے اس کی طرف حیرت سے دیکھا اور اس شستہ انگریزی میں سوال کرنے پر متاثر ہو گیا۔ میں نے سمجھا کہ کوئی پڑھا لکھا آدمی ہے۔ میں نے اسے اپنے پاس بٹھایا اور بڑا خوش ہوا کہ چلو میری امید بر آئی۔ شاید یہ کوئی مجھے دلچسپ واقعہ سنا سکے۔

"آپ کا کیا ذریعہ معاش ہے جناب؟"

"Sir میں 1981 کا گریجویٹ اور آبائی ضلع خوشاب کا رہنے والا ہوں۔ آبائی گھر جوہر آباد خوشاب کے twin city سے پانچ کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ تلاش بسیار کے باوجود کوئی ملازمت نہ ملی۔ دھکے کھانے کے بعد میں نے سوچا کیوں نہ باغات کا ٹھیکہ لے لوں۔ بالآخر میں نے اس Kunnutti باغ کا ٹھیکہ حاصل کر لیا۔"

"یہ باغ کتنے رقبے میں پھیلا ہوا ہے؟"

"Sixty-seven acres! Sir" اس نے انگریزی زبان میں بتایا۔

"اس باغ میں کون کون سے درخت ہیں؟"

"سیب، آم، مالٹا، شہتوت، انار، جامن، امرود، لوکاٹ، بادام، اخروٹ، انگور، چیڑ، سفیدا، شیشم، بیری، گلاب، موتیا، رات کی رانی، ایک رنگ کے پھولوں والا گلاب کی طرح کا پودا، سرخ کا دوراس پارتک گندم کی فصل۔"

"آپ کا نام کیا ہے؟"

"مشتاق۔"

Marfat.com

مزید یہ بھی عرض کرتا چلوں کہ اس کے علاوہ ریسٹ ہاؤس میں چھ کمرے ملازموں کے لئے بنے ہوئے ہیں جن کے اپنے bathrooms ہیں۔

''اچھا مشتاق صاحب اپنی زندگی کا کوئی ناقابل فراموش واقعہ سنائیں جو ابھی تک ذہن پر نقش ہو۔''

''Sir! شاید آپ کے علم میں ہو چراغ بالی جو نہایت خطرناک اور بدنام ڈاکو تھا۔ بڑے بھائی کا قتل ہوا تو ... بھائی نے اغوا کر کے متعدد بار اس کی موت کے گھاٹ اتار دیا ... کی پنچایت نے فیصلہ کرنے کی بجائے اس کی مخالفت کی ... پڑھایا۔ کوئی تیس سال پہلے کی بات ہے کہ ... چراغ بالی نے اپنی ... چیز جیسے ... اوقات دیہاتیوں کا فاصلہ ... شکست ہوا تو اس نے ایک ... سامنا ہوا۔ چراغ بالی نے اپنے دشمنوں سے چار آدمیوں کو موقع پر ہی ڈھیر کر دیا اور خود اپنی مشین گن سمیت فرار ہو گیا ... کے ساتھ ہی اس کے دشمنوں کے آدمی ... جو ان میں اور ... بھاگ ... چاروں بھائی مارے گئے ... اور پولیس ان کا پیچھا کرتی رہی ... مرتبہ دشمنوں سے اس کی مڈبھیڑ ہوئی ... چراغ بالی نے دشمنوں کے تین آدمی قتل کر دیئے اور ... سے مقابلہ پر ہوا ... پولیس نے اس کی ... کر دیا ... پولیس کی گولی ... تشدد کر رہی ہے ... ''

''کوئی پندرہ سال تک ... جیل میں مقید رہا اور مقدمات کا فیصلہ ہوا ... آزادی کی جگہ ... وہاں ... ایک اور بدمعاش سے ملاقات ہوئی ... دونوں ... جیل میں ... اس بدمعاش کی خوب پٹائی کر دی ... بدمعاش ... قتل ... میں تو وہ چراغ بالی کا ... رہا ... اس کا اتنا ہی ... ''

''چراغ بالی جیل سے ... پولیس اس کی تلاش میں رہتی ... کے ... قتل میں ... بازار ... مختلف ... 17 ... SHO ... پولیس ... نہایت تندی سے ... چراغ بالی ... چھوٹے ... پولیس ... بدمعاش ... ''

چراغ بالی کی بدمعاشی ... بدمعاش ... پولیس میں ... پیچھا ... چراغ بالی نے اپنی حویلی ... پولیس ... مشتاق ... چراغ بالی موت تھی۔

''پولیس اس طرح ... چراغ بالی ... (صفحہ 179) ... تلاش ... بدمعاش ... چراغ بالی ... رفتاری کے بعد ... پولیس ... گرفتار شدہ ملزم ... پولیس چراغ بالی ... پولیس ... خوش ... پولیس ... SP (صفحہ 180) ... خواہش ... SP صاحب ... چراغ بالی ... ''

''چراغ بالی ... ابھی ... ایک فلم بھی بن چکی ہے۔''

''چراغ بالی ... فلم بنانے والوں ... فلم ... ''

چراغ بالی سے ہی منسوب کیے گئے ہیں۔

"وادی سون (Soon یا Soan) سکیسر میں مشہور ہے کہ چراغ بالی مندرجہ ذیل شعر کہا کرتا تھا۔

وطن میرا اے سون سکیسر شہر میرا اچھالا
میرے سامنے بول نہیں سکدا ارائی خان دا سالا"

Kunnutti کا دن سے ہم دوبارہ کھبیکی پہنچے جو کہ نو کلومیٹر کے فاصلہ پر ہے۔ یہاں سے ایک سڑک تو وہ جس کے راستے پر ہم آئے تھے اور دوسری سڑک "جابہ" کو جاتی اور اس سڑک پر بیس کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ جابہ میں ایک Basic Health Unit بھی ہے۔ جابہ سے تھوڑی دور ایک سڑک تلہ گنگ اور اٹک کی طرف جبکہ دوسری سڑک سیدھی جاتی اور تھوڑی دور جا کر دو حصوں میں بٹ جاتی ہے۔ ایک راستہ چوآل کٹہار، جہ خاں اور پنڈی کی طرف اور دوسرا راستہ کھنگراں سے ہوتا ہوا کٹھا اور خوشاب پہنچ جاتا ہے۔ اس راستے پر کھنگراں کی چڑھائی پہاڑیوں کی چڑھائی شروع ہو جاتی ہے اور بائیں جانب پہاڑوں میں بہت سی کانیں ہیں۔ یہ سڑک شدہ اور پختہ بنی ہوئی اور خوشاب آ جاتی ہے۔

دیا بجھ گیا!

ہندوستان کے دور سے یہ مشہور ہے کہ جب تک خوشاب میں بجلی نہ ہوا کرتی اور لوگ روشنی کیلئے مٹی کے دیئے یا لالٹین استعمال کرتے تھے۔ وہاں ایک مدت مدید سے "دارالعلوم جعفریہ" نامی دینی درسگاہ مصروف عمل ہے جہاں طلباء دینی تعلیم حاصل کرنے کیلئے دور دور سے آیا کرتے اور غیر مقامی طلباء کیلئے رہائش وغیرہ کا بندوبست بھی ہوا کرتا۔ معلم صاحب نے ایک طالب علم کی خاص ڈیوٹی لگائی کہ رات ہونے سے پہلے دیا جل کر دیا کرو۔ ایک رات جب استاد جی نے اور طلباء سونے لگے تو مولوی صاحب نے فرمایا:

"آج دیا تو بیٹا۔ چراغ بجھانا بھول گیا ہے۔"

چراغ کافی قریب پڑے ہوئے ایک طالب علم نے اپنا ہاتھ بڑھایا اور دور رکھے چراغ کو گل کر دیا۔

اس منظر سے سبھی کی چیخیں نکل گئیں۔ ڈر کے مارے استاد جی سمیت تمام طالب علم اپنی اپنی چارپائیوں سے چھلانگ لگا کر نجات سے کمرے سے باہر بھاگ نکلے۔ پھر دیر بعد واپس جا ہوئے تو واپس آ کر دیکھتے ہیں کہ وہ طالب علم جس نے ہاتھ بڑھا کر چراغ گل کیا تھا غائب ہے۔ استاد جی خدا رسیدہ اور صاحب علم آدمی تھے انہوں نے فرمایا "اکثر ایسا ہوتا ہے۔ دینی درسگاہوں میں حصول علم کیلئے جنات بھی انسانوں کی صورت میں مدارس مجالس اور خانقاہوں میں شمولیت کرتے ہیں۔ پتہ صرف اس وقت چلتا ہے جب ان سے غیر معمولی فعل یا حرکات جان بوجھ کر یا انجانے میں سرزد ہو جاتی ہیں۔"

مجھے بھی ساتھ لے چلو

رات کو کوئی دس بجے کے قریب اپنے گاؤں موضع "..." جو خوشاب سے تین میل دور واقع ہے ہسپتال کا ایک ملازم ڈیوٹی سے فارغ ہو کر وہاں چلا جاتا۔ پہلے تو یہ سڑک کچی ہوا کرتی اب پختہ ہو چکی ہے۔ دسمبر 1986 کی کسی تاریخ کو وہ حسب دستور چل پڑا۔ اس دن اسے ذرا چوٹ لگی لہذا وہ پیدل ہی چل نکلا۔ ایک نالہ عبور کرنے کے دوران پیچھے سے آواز آئی:

"محمد خان رک جا مجھے بھی ساتھ لے چل۔"

اس نے سمجھا کہ اسے کسی واقف کار نے آواز دی اور پلٹ کر دیکھا کہ ایک نوجوان خوبصورت عورت، لمبے لمبے سیاہ بال، موٹی موٹی آنکھیں، پاؤں سے ننگی نہایت نفیس لباس میں ملبوس اس کو ساتھ لے جانے کا کہہ رہی تھی۔

پھر وہی آواز آئی۔ اب وہ ڈر کر بھاگ نکلا۔ پیچھے مڑ کر دیکھا تو وہی عورت بتدریج اس کے قریب آتی جا رہی تھی جبکہ خوشبو بھی جو اس عورت نے لگا رکھی تھی متواتر آ رہی تھی۔ اب اس خوفزدہ محمد خان نے سرپٹ بھاگنا شروع کر دیا۔ گاؤں کوئی ایک میل کے فاصلہ پر رہ گیا اور اسے گاؤں والے چراغ دیے بھی نظر آنے لگے تو بائیں طرف سے ایک مردانہ آواز آئی "محمد خان رک" جونہی اس نے مخاطب

Marfat.com

کی طرف دیکھا تو اس کے خوف کی حد نہ رہی کہ اب عورت کی بجائے نہایت ہی بدشکل آدمی نے جس کے بڑے بڑے دانت باہر کو نکلے ہوئے تھے، زمین پر اپنے دونوں ہاتھوں سے خاک ڈالنے کے ساتھ ساتھ کہہ رہا تھا: "محمد خان رک جاؤ"۔ وہ اس قدر خوفزدہ ہوا کہ گھر پہنچ کر چارپائی پر گر پڑا اور بیہوش ہو گیا۔ چار پانچ دن تک بخار میں مبتلا رہا۔ یہ واقعہ بھی جمعرات کی رات کو پیش آیا ہے۔

چاند کی چاندنی میں بچوں کا نہانا

ڈاکٹر کے ہیچو وارڈ خوشاب کا ایک واقعہ ہے۔ 1990 کے کسی روز حسب معمول اپنی ڈیوٹی سے رات نو بجے فارغ ہو کر اپنے گاؤں پیدل ہی روانہ ہو گیا۔ اس کا گاؤں "وہیر" (Wehir) کے نام سے موسوم خوشاب سے کوئی دس کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ وہ اپنے گاؤں جانے کی غرض سے نہر کی پٹڑی پر چل رہا تھا۔ اسی راستے پر نہر کی دوسری طرف ایک برساتی نالہ بہتا ہے جس کے [illegible]۔ جب یہ شخص چاندنی رات میں جا رہا تھا تو کچھ بچے ہنستے اور عجیب سی زبان میں باتیں کرتے ہوئے اس نالے سے نہاتے ہوئے دکھائی دیے۔ چونکہ گردونواح میں بستی موجود نہ تھی جبکہ اس ویران جگہ پر بچوں کی موجودگی کچھ عجیب اور غیر فطری نوعیت کی محسوس ہوئی۔ وہ خوف کی حالت میں گھبرا کر پیچھے کی طرف بھاگ نکلا۔ سڑک کے کنارے پر آ کر رک گیا اور انتظار کرنے لگا کہ شاید کوئی دوسرا ساتھی مل جائے جو اس کے گاؤں کی طرف جا رہا ہو۔ آخر تھوڑی دیر بعد ایک سائیکل سوار کا وہاں سے گزر ہوا تو اس نے تمام ماجرا کہہ سنایا اور وہ سائیکل سوار قہقہہ لگا کر ہنس دیا۔

"یار یہ کیا تو ڈر کے مارے جان نکل رہی ہے۔ میں نے اپنے گھر بھی جانا ہے اور تجھے مذاق سوجھ رہا ہے"۔ [illegible] رفتہ ہو کر کہنے لگا:

"ایسی کوئی بات نہیں یہ منظر تو آج دیکھنے میں آیا ہے مگر میں حیران ہوں کہ تم جو اس راستے پر رات کو گزرتے ہو تمہیں ایسا کبھی اتفاق نہیں ہوا۔ چلو میرے ساتھ سائیکل پر سوار ہو جاؤ"۔

جب دونوں اس مقام پر پہنچے تو بچوں کا کہیں نام و نشان تک نہ تھا۔

نلکا

ایک لڑکا جس کی عمر کوئی 13 سال کے لگ بھگ تھی، گرمیوں میں اس کا باپ ایک معمول کے مطابق [illegible] سے کسی کام کو آدھی رات کے قریب اپنے شہر خوشاب پہنچا۔ ان کا مکان محلہ [illegible] میں بازار کے ساتھ ایک گلی میں واقع ہے۔ [illegible] کے نام سے موسوم ہے۔ رات اندھیری اور روشنی کا کوئی انتظام بھی نہیں تھا۔ [illegible] تھوڑی دور چلا کہ [illegible] انتظار میں رہا کہ کوئی بڑا آدمی آئے تو اس کے ساتھ بعافیت گھر تک پہنچ جائے۔ ابھی وہ متذبذب کھڑا تھا کہ اس کو [illegible] (نلکا) چلانے اور پانی گرنے کی آواز سنائی دی۔ یہ نلکا شیر شاہ سوری کے زمانے کی مسجد کے ساتھ گلی میں نصب ہے [illegible] دوسری جانب [illegible] مسجد کے بالمقابل واقع تھا۔

اس نے سوچا مسجد کا خادم یا کوئی آدمی ہے جو نلکا (چلا) رہا ہے۔ اس [illegible] آگے بڑھا جونہی اس کی نظر نلکا پر پڑی تو خوف [illegible] میں [illegible] چلانے [illegible] نظر نہ آیا۔ وہ [illegible] بھاگتا ہوا اپنے گھر کے دروازے پر گر پڑا۔ گھر والوں نے [illegible] بیہوشی کی حالت میں [illegible] تو وہ بیہوش رہا۔ اس کے بعد ہوش آنے پر سارا ماجرا اپنی والدہ اور بہن بھائیوں کو سنایا۔

کوئی چار روز کے بخار کے بعد جب طبیعت بحال ہوئی تو اس نے [illegible] شام کے بعد [illegible]۔ اب اس کی عمر تقریباً چالیس سال اور [illegible] مگر شام سے پہلے گھر واپس آ جاتا ہے۔

Marfat.com

پرانی حویلی

محلہ قتونیاں خوشاب میں ایک نہایت پرانی حویلی جو دو منزلہ عمارت پر مشتمل ہے۔ وہاں ایک سادات خاندان آباد ہے۔ انہوں نے اوپر والی منزل کے تمام کمروں کو نئی طرز کی تعمیر میں تبدیل کر لیا ہے۔ اسی طرح نچلی منزل کے حصے کے پرانے کمرے بھی مگر ایک کمرہ اور ڈیوڑھی جوں کی توں موجود ہے۔ انہیں چھیڑنے کی جسارت نہیں کی گئی۔ کمرے میں بہت پرانا سامان پڑا ہوا ہے اور آمد و رفت ڈیوڑھی سے گزر کر ہوتی ہے۔ پرانے کمرے کے بارے میں بات مشہور ہے کہ جو کوئی شخص اندر جا کر صفائی کرے یا کسی چیز کو ہاتھ لگائے تو جلد ہی اس کی موت واقع ہو جاتی ہے۔ ماضی میں ایسی کئی اموات وقوع پذیر ہو چکی ہیں۔

ایک شخص نے راقم کو یہ واقعات سناتے ہوئے بتایا کہ وہ ایسی باتوں کو تسلیم نہیں کرتا تھا۔ چنانچہ وہ اور دیگر دو نوجوان ایک بار رات کو یہ ثابت کرنے گئے کہ یہ سب محض اختراعات ہیں اور کمرے میں جا کر کوئی چیز اٹھانے سے کچھ نقصان نہیں۔ وہ تینوں نہایت حوصلہ اور دلیری کے ساتھ ہاتھوں میں ٹارچیں لئے ہوئے اس ممنوعہ کمرے میں داخل ہوئے تو چھت کی کڑیوں کی اس قدر زور سے آواز آئی جیسے چھت ان پر گرنے والی ہو۔ یہ تینوں نوجوان خوفناک حالت میں بھاگ نکلے۔

بتایا جاتا ہے کہ وہ مخلوق رات کے وقت کسی بھی شکل کو اپنانے پر قادر ہے۔ مثلاً کبھی کوئی عورت اوپر تین قدم کا فاصلہ طے کر کے اس کی صورت نیچے والی منزل کے صحن میں بھی نظر آ جاتی ہے۔ اس طرح نیچے والی منزل کا کوئی شخص اوپر والی منزل میں بھی موجود ہوتا ہے۔ ایک دفعہ ملک شاہ صاحب کا چھوٹا بھائی اندر سو رہا تھا تو انہوں نے ڈیوڑھی میں سے دیکھا کہ ان کا چھوٹا بھائی ڈیوڑھی میں بند کمرے کا دروازہ کھول رہا ہے۔ اندر کمرے میں گئے تو دیکھا کہ بھائی تو بستر پر سو رہا ہے۔ حیرانی کی بات یہ ہے کہ انہوں نے کچھ دیر بعد دیکھا تو وہاں کوئی آدمی نظر نہ آیا۔

کلیار دا چک

تحصیل ... پور (موجودہ فیصل آباد) کے چک نمبر 386 گ ب المعروف "کلیار دا چک" میں ایک سید صاحب رہائش پذیر تھے (جو آج کل محلہ سیداں خوشاب میں مقیم ہیں)۔ جن کی موجودہ عمر اس وقت تقریباً 83 سال ہے جبکہ راقم ان کی جوانی کا تذکرہ کر رہا ہے۔

سید صاحب پیشے کے لحاظ سے زمیندار تھے۔ ایک مرتبہ گرمی کے موسم میں دوپہر کے وقت فصل کو سیراب کرنے بیٹھے پانی کا انتظار کر رہے تھے۔ کھیتوں میں پانی کا رخ بدلنے کی غرض سے مصروف کار تھے لہذا تھکاوٹ محسوس کرتے ہوئے ایک قریبی درخت کی چھاؤں میں سستانے بیٹھ گئے۔ پانی کے بہاؤ پر بھی نظر رکھے ہوئے تھے کہ اچانک زمین پر گری اور کوئی آواز سنائی دی۔ کیا دیکھتے ہیں کہ سامنے ایک جوان عورت کالے لباس میں ملبوس اور سر پر بھی کالے رنگ کے کپڑے کی گٹھڑی اٹھائے ان کے قریب آ کھڑی ہوئی اور کہنے لگی: "میرا چپ وہاں رکھ آتے ہو؟"

چونکہ وہ کافی دیر سے اس کے غیر ضروری طور پر نہایت قریب بیٹھ کر سوال کرنے اور شدید گرمی سے نڈھال پسینے میں شرابور ہونے کی وجہ سے اس کی طرف قہر آلود نگاہوں سے دیکھا اور جھنجھلا کر کھردرے لہجہ میں کہا:

"نظر نہیں آتا میں اپنا کام کر رہا ہوں، میرے سامنے سے تمہیں نظر نہیں آتا۔ تم ٹھیک تو ہو؟"

اس عورت نے گٹھڑی اٹھائی اور منہ موڑ کر کہا: "اگر میں ٹھیک نہیں ہوں تو تم بھی ٹھیک نہیں رہو گے۔" اتنا کہہ کر وہ تھوڑی دور جا کر غائب ہو گئی۔

اسی دن اسی وقت سید صاحب کی حالت غیر ہو جاتی اور آنکھوں کے سامنے وہ کالی گٹھڑی سمیت انہیں نظر آنے لگتی اور وہ بار بار یہی کہتی: "تم بھی ٹھیک نہیں رہو گے۔" اب کیفیت ایسی ہو جاتی کہ پرزور انداز میں چیخنے چلانے لگتے۔ بیوی اور بچے اس کیفیت سے ڈر کر جب بھی آپ کے سامنے آتے تو چھوڑ کر بھاگ جاتے۔ کمرے کی کھڑکیوں کے شیشے اور دروازے پیٹنے لگتے۔ یہ کیفیت تمام دن طاری رہتی۔ ان کی زوجہ محترمہ بے چینی سے اس دن کا انتظار کرتی۔

Marfat.com

اور کسی بہانے سے abnormal قرار دلوا کر ہسپتال میں بند کر دینا مناسب خیال کرتی اور ہمیشہ کے لیے دروازوں کو بھی بند کر دیتی۔

ازاں بعد یہ خاندان فیصل آباد سے خوشاب شفٹ ہو گئے تاہم اس دن سے سال بہ سال باقاعدہ حاضری دیتے۔ خوشاب میں رہائش کے دوران ایک ملنگ سارے جسم پر خاک ملے ان کے در پر آیا اور از خود فرمایا "میں آپ سے پیچھا لینے نہیں بلکہ پیچھا دینے آیا ہوں۔" انہوں نے نہایت احترام سے ملنگ کو اندر بٹھایا اور کہا "میں اس مرض میں مبتلا ہوں بہت لوگ آئے گئے اور علاج معالجے سے بھی کوئی افاقہ نہ ہوا اور اس مرض نے میری جان نہ چھوڑی میرے اعصاب پر سوار ہے۔"

ملنگ نے نعرہ "یا علی" بلند کیا اور فرمایا "جناب تیرے دکھ دور ہو گئے ہیں۔" اب وہ گذشتہ پچیس سال سے صحت مند زندگی گزار رہے ہیں اور بقید حیات ہیں۔

پیر شاہ سید معروف

بہت پرانی بات ہے۔ پیر شاہ سید معروف کا مزار مبارک خوشاب میں دریائے جہلم کے کنارے واقع ہے۔ دریائے جہلم آہستگی سے رخ بدلتا ہوا مزار کے بالکل قریب آ گیا۔ ایک مجاور کو شاہ صاحب کی رات میں زیارت ہوئی اور شاہ صاحب نے فرمایا "میرے تابوت کو یہاں سے نکال کر دوسری جگہ منتقل کر دو جو خوشاب سے مغرب کی طرف ہے۔ خوشاب سے ایک میل دور کی دائیں جانب دوبارہ دفن کر دیا جائے۔" وہ مجاور جس جگہ کی "شاہ صاحب" نے نشاندہی فرمائی تھی وہاں پہنچ گیا۔ دریافت کرنے پر پتہ چلا کہ اس جگہ کا مالک "بابا گلو ہوتی" ہے۔ جب مجاور نے سے حالات سے آگاہ کیا تو اس نے یہ بات ماننے سے صاف انکار کر دیا اور کہنے لگا "ممکن ہے تم مجھے بیوقوف بنانے میں کوشاں ہو۔" تاہم مجاور اپنے موقف پر ڈٹا رہا کہ شاہ صاحب کی اس کو زیارت نصیب ہوئی ہے اور ان کے فرمان کے مطابق وہ اس کے پاس آیا مگر وہ ہوتی کسی طرح نہ مانا بلکہ الٹا چھ ہزار روپیہ دوبارہ طلب کرنے لگا۔ شاہ صاحب کی دوبارہ مجاور کو زیارت ہوئی جس پر مجاور نے عرض کیا "گلو ہوتی نہیں مانتا اور کہتا ہے کہ میں جب تک نہ دیکھ لوں۔"

"جو گلو ہوتی سے کہو کہ نماز پڑھ کر اس جگہ سے دیکھ لے وہاں سے میری قبر کا نشان ملے گا۔" شاہ صاحب نے فرمایا۔

مجاور دوبارہ گلو ہوتی کے پاس گیا اور اسے شاہ صاحب کے فرمان سے آگاہ کیا۔ دوسرے دن جب ہوتی نماز ادا کرنے کے بعد اس جگہ پر پہنچا تو اس کی حیرت کی انتہا نہ رہی جب اس نے قبر کے نشان وہاں موجود پائے۔

اب ہوتی نے کہا "مجھے اس جگہ مزار بنانے میں کوئی اعتراض نہیں مگر میں شاہ صاحب کی زیارت کا متمنی ہوں۔"

چند دنوں کے بعد مجاور کو دوبارہ زیارت نصیب ہوئی اور اس گلو ہوتی کی خواہش کے متعلق عرض کیا "وہ آپ کی زیارت کرنے کا طلبگار ہے۔"

اب مزار کو دوسری جگہ منتقل کرنے کی خبر ہندوستان کے کونے کونے میں پھیل گئی۔ دور دراز سے آپ کے عقیدت مند مزار پر جوق در جوق حاضری دینے لگے اور ہر علاقے کے عقیدت مندوں کی خواہش تھی کہ ان کا تابوت اپنے علاقے میں دفن کریں اس پر ایک ہنگامہ برپا ہو گیا۔ چند بزرگ مریدوں اور عقیدت مندوں نے فیصلہ کیا کہ جس علاقے کے مرید اس قبر سے تابوت اٹھانے میں کامیاب ہو جاتے ہیں اور اپنے علاقے میں دفن کریں گے تو اس فیصلہ پر اعتراض نہ ہوگا۔

مختلف علاقہ جات کے عقیدت مندوں نے تابوت اٹھانے کی کوشش کی لیکن کامیاب نہ ہو سکے۔ کمال کی بات ہے کہ خوشاب کے دو مریدوں نے با آسانی قبر سے تابوت کو اٹھا لیا اور شاہ صاحب کے فرمان کے مطابق آپ کو گلو ہوتی کی زمین میں دفنانے لے جایا گیا۔ اب گلو ہوتی منتظر تھا کہ شاہ صاحب کی مجھے زیارت کرائی جائے۔

جونہی تابوت کو کھول کر گلو ہوتی نے شاہ صاحب کے چہرہ پر نور سے کفن ہٹایا تو چہرہ پر نور کی تاب نہ لا سکا اور اپنے ہوش و حواس کھو بیٹھا۔ تاہم عرس اس کے ہوش میں آنے کے دن سے محرم تک دور دراز سے قوال حاضری دینے آتے ہیں۔

Marfat.com

قافلے والو رک جاؤ

خوشاب میں ایک آبادی واں کا محلہ ہوا کرتا (موجودہ محلہ سیداں) آبادی قوم کے ساربان اونٹوں پر فصلیں اور دیگر سامان بار کر کے ریگستان سے دور دراز علاقوں میں کاروبار کیا کرتے۔ اس زمانے میں نہروں کا جال ابھی پنجاب میں نہ بچھا تھا۔ ایک دفعہ آبادی اونٹوں پر سامان بار کر کے ریگستان میں سے گزر رہے تھے۔ اچانک آواز آئی "رک جاؤ" قافلے والوں نے بات آئی گئی کر دی۔ ابھی تھوڑا فاصلہ طے کیا تھا کہ دوبارہ کسی طرف سے پھر وہی آواز آئی "رک جاؤ قافلے والو میری جگہ کی بے حرمتی کر رہے ہو"

قافلے والوں نے آواز تو سن لی مگر توجہ نہ دی اور اپنا سفر جاری رکھا پھر وہی آواز "میری جگہ کی بے حرمتی کر رہے ہو"

مگر قافلہ اپنی دھن میں جاری و ساری رہا۔ "قافلے والو میں کہتا ہوں رک جاؤ"

جیسا کہ آپ کو معلوم ہے اونٹوں کے قافلے ایک قطار کی صورت میں سفر کرتے ہیں ان میں سے قافلے کے سردار نے حکم دیا کہ اونٹوں کو ایک دائرے میں کھڑا کر دو تو پھر وہی آواز جھاڑیوں سے آئی "میں اس طرف موجود ہوں" جب قافلے کے چند آدمی وہاں پہنچے تو دیکھتے کیا ہیں کہ کسی بزرگ کا تن سے جدا سر جھاڑی کے ساتھ پڑا تھا۔ سر کیا تھا نورانی چہرہ اور داڑھی اور سر پر سفید بال تھے۔ پھر آواز آئی "میں شہید ہوں مجھے اٹھا کے اپنے ساتھ لے چلو اور باقاعدہ غسل دے کر ایک پاک صاف چادر میں لپیٹ کر صندوق میں رکھ دینا۔ پھر دیکھنا کہ تمہارے دن کس قدر خوشگوار اور سودمند حالات میں تبدیل ہوتے ہیں"

ان میں سے ایک پڑھا لکھا شخص نے اپنے کندھے سے چادر اتاری اور کلمہ کا ورد کرتے ہوئے سر کو اٹھا کر چادر میں رکھا اور قافلہ واپس خوشاب پہنچا۔ یہ محلہ آبادی میں اپنے گھر پہنچ کر سر کو باقاعدہ غسل دیا۔ ایک پاکیزہ چادر سفید رنگ میں لپیٹ کر صندوق میں رکھ دیا۔ ہر جمعرات وہاں کسی کمرہ میں دیا جلایا جاتا اور ہر دسویں محرم کو سر کو غسل دیا جاتا اور چادر تبدیل کی جاتی۔

کہتے ہیں پنجاب میں نہروں کا جال بچھا اور ریگستانی زمین سونا اگلنے لگی آہستہ آہستہ آبادی امیر ہو گئے۔ انہوں نے اس محلے سے نقل مکانی کر لی شہر سے باہر عالیشان کوٹھیاں تعمیر کیں اور وہاں رہائش پذیر ہو گئے۔ ان کے پرانے مکان میں سادات خاندان آباد ہو گئے یہ علاقہ اب ان کے نام پر محلہ سیداں کہلاتا ہے۔ مدت مدید سے محرم کی دسویں کو ایک خاتون سر کی چادر بدل دیتی ہے۔ لیکن کہتے ہیں کہ صندوق کا دروازہ کھول کر اب سر کو غسل نہیں دیا جاتا۔

چند سال پہلے کی بات ہے اسی گھر میں رہنے والے گھرانے میں ایک لڑکا جس کی عمر کوئی پندرہ سال کے قریب ہوگی سر مند ہوا کسی نے پوچھا "تم کون ہو" اور اس کمرے میں بیٹھے جا رہے ہو"

اس نے جواب دیا "میرا نام سید شاہ بخاری ہے میں شہید ہوں اور اس گھر کا مالک ہوں" کئی دنوں تک گھر سے ... نکلتی رہی اس کے بعد دروازہ خود بخود ہی کھل گیا۔

یہ واقعہ تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ جو ریگستان سے کئی سال پہلے اٹھایا گیا تھا وہ تو ایک بزرگ کا تھا اور یہ لڑکا جو اپنے آپ کو اس گھر کا وارث بتاتا ہے۔ اندر داخل ہو کر غائب ہو گیا وہ کون ہے؟ کیا بزرگ اور یہ لڑکا کہیں ایک ہی تصویر کے دو رخ تو نہیں؟ بیشک شہیدوں کا رتبہ بلند ترین ہے۔

اولاد کی خاطر

جیسے کہ پرانے زمانے میں شہر کی حفاظت کے پیش نظر شہر کے اردگرد ایک اونچی فصیل تعمیر کر دی جاتی تھی اور فصیل میں شہر کے اندر آمد و رفت کے لیے چند ایک دروازے بھی نصب کیے جانے ضروری خیال کیے جاتے۔ جنہیں رات کے مخصوص وقت پر تمام دروازوں کو بند کر دیا جاتا اور آمد و رفت کے مخصوص وقت پر کھولا جاتا۔ اسی طرز تعمیر کے تحت خوشاب کے اردگرد بھی فصیل ہوا کرتی اور موجودہ محلہ "سیداں" آدھا فصیل کے اندر اور آدھا باہر واقع تھا۔ محلہ سیداں سے کوئی چار میل کے فاصلہ پر ایک ویرانے میں ایک بزرگ ... شاہ شہداء کا قدیمی مزار جس کے اردگرد قبرستان محیط تھا جو صرف سادات کی تدفین کیلئے ہی مختص تھا اور یہ بات مشہور تھی کہ جو کوئی مزار کے اندر داخل ہونے کی جسارت کرتا وہ اندھا ہو جاتا۔ خدا جانے یہ بات کہاں تک سچ ہے یہ جگہ اس قدر ویران تھی کہ دن

Marfat.com

کے وقت بھی اس طرف رخ کرنے کی جرات نہ ہوتی۔

ایک دوشیزہ جو کہ شہر خوشاب کی رہنے والی تھی اس کی شادی ہوئی تاہم چند سال تک کوئی اولاد نہ ہوئی۔ اس نے اس خوف سے کہ اولاد نہ ہونے کی وجہ سے طلاق نہ ہو جائے پیروں فقیروں کے پاس جانا شروع کر دیا۔ ایک پیر نے اسے امید دلائی کہ اگر تم مندرجہ ذیل عمل کرو تو تمہارے اولاد ہو سکتی ہے۔

"کسی نومولود مردہ بچے کو جو بالخصوص مارشہ و شہداء کے قبرستان میں دفن کیا گیا ہو قبر سے نکال کر نہلانا ہے۔ مردہ بچے کو اور میں ایک شخص کو مقرر کر دیتا ہوں جو بچے کو نہلا کر پانی دے جائے اور خود بچے کی قبر کے پاس ہی تمام رات جاگ کر گزارنا ہے۔ یہ سارا عمل نصف شب کے قریب کرنا اور ایک دیا بھی وہاں جلانا۔ اس کے بعد بچے کو اسی قبر میں دوبارہ دفن کر دینا پھر تمہارے ہاں اولاد ہوگی۔"

ایک دن سیدوں کا چار دن کا بچہ فوت ہو گیا جسے شاہ شہداء کے قبرستان میں دفن کیا گیا۔ جب اس عورت کو خبر ہوئی تو اس نے آدھی رات کے وقت جبکہ ایک کارندہ ساتھ تھا اور وہ بھی پیر قبرستان پہنچ گئی۔ ایک نے قبرستان سے باہر رہ کر اس عورت کی ہمت بڑھائی۔ کارندہ ساتھ پانی کا برتن لیے ہوئے بچے کی قبر کے قریب گیا جبکہ قبر کھود کر لاش باہر نکالی۔ بچے کو بھی قبر سے اور بچے کو نہلایا (بچے نے کئی دفعہ بدن سے پانی لیتے ہوئے آنکھ کھولی) اور پھر اس کو واپس قبر میں رکھا گیا اور اس بعد بچے کی لاش کے پاس ہی خود نہانا شروع کر دیا۔

دور کھیتوں میں ایک زمیندار اپنے کھیتوں کو سیراب کر رہا تھا اس نے قبرستان میں دیا جلتے دیکھا تو (چیخ) کی آواز کو جس سے مرعوب ہو کر نہایت جرات مندی کا مظاہرہ کرتے ہوئے قبرستان کی طرف چل دیا کہ دیکھوں تو وہاں کیا ہو رہا ہے۔ اس دوران وہ عورت بچے کو نہلا کر دوبارہ قبر میں دفن کر چکی تھی۔ اب وہ زمیندار قریب آن پہنچا تو عورت نے کہا کہ قریب آ رہے ہو تو میں اور بتاؤں میں چڑیل ہوں تمہارا کلیجہ کھا جاؤں گی۔ وہ زمیندار کہنے لگا اگر تو جوان عورت کا نام لے کر یہ کہتی تو میں ڈر جاتا لیکن تم چڑیل نہیں ہو ایک خوبصورت نوجوان عورت ہے۔ اس نے آگے بڑھ کر اس کو بازو سے پکڑ لیا اور پوچھا سچ سچ بتا کیا کر رہی تھی ورنہ میں تمہیں گاؤں لے جا کر رسوا کروں گا۔ اب عورت نے رونا شروع کر دیا اور اپنی روداد کی داستان سنائی۔ یہ بھی یقین دلایا کہ یہ سب سچ ہے اگر تمہیں یقین نہیں تو جو چاہے مجھ سے کر لو۔ زمیندار شریف آدمی تھا اس کا دل پسیج گیا اور کہا میں کسی کو نہیں بتاؤں گا ہو سکتا ہے کہ تمہارا راز میرے سینے میں دفن رہے گا۔

عورت گھر آ گئی۔ خدا کی قدرت دیکھئے اس کے بطن سے ایک نہیں تین بچے پیدا ہوئے۔ اس کے بعد اس نے پیر کو بھی گھر والوں پر افشا کر دیا اور زمیندار صاحب کا شریف آدمی تھا کہ اس نے اس سربستہ راز کی کسی کو کانوں کان خبر تک نہ ہونے دی۔ ان کے بیٹے یہ پوچھیں کہ تم کیوں اولاد کے لئے پیر والدین بیٹے کیا پوچھا نہیں کرتی!

دلہن کی طرح ہم شکل لڑکیاں

1992 میں سخت سردیوں کے موسم کی رات ایک شخص جو لاہور میں کاروبار کرتا تھا اپنے گاؤں موضع ... کی (Sodi) ضلع خوشاب کار میں جا رہا تھا۔ رات کے بارہ بجے کے قریب وہ خوشاب پہنچا۔ خوشاب کے ... ایک میل کے فاصلے پر پہاڑی کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے اور پہاڑیوں کے دوسری طرف وادی سون سکیسر واقع ہے۔ اب وہ اپنی کار میں چڑھائی چڑھ رہا تھا۔ شدید سردی کی وجہ سے کار کے شیشے بند کر رکھے تھے۔ پہاڑی کی بلندی کے ایک مقام پر قریباً رات کے ایک بجے پہنچا۔ جو کہ اس کی بائیں طرف سے موڑ ہے تو اس نے دیکھا کہ سڑک کی دائیں جانب دو نوجوان دلہنوں کی طرح سجی ہوئی زیورات اور قیمتی لباس سے آراستہ نہایت دلفریب دلکش اور ہم شکل لڑکیاں کھڑی ہیں۔ دونوں خوبصورت لڑکیوں نے نہایت مسکراہٹ کے ساتھ ہاتھ سے کار روکنے کا اشارہ کیا تو اس شخص نے کار کی رفتار آہستہ کی اور قریب آ کر دیکھا کہ جب اس نے تھوڑا سا شیشہ نیچے کیا تو دونوں نے بیک آواز میں کہا ہمیں بھی ساتھ لے چلو۔

Marfat.com

اس واقعہ کے بعد خیال آیا کہ اتنی رات گئے اس سنسان جگہ پر زیورات سے لدی ہوئی لڑکیاں کہاں سے آ گئیں اس نے فوراً خطرے کا احساس ہوتے ہی کار کا شیشہ چڑھایا اور ایک لحظہ میں وہی لڑکیاں کار کی دوسری طرف آ پہنچیں لیکن وہ بد صورت شکل میں تھیں۔ چہرے پر بڑے بال، پاؤں میں الٹے، لمبے دانت اور ناخن۔ اس نے خوفزدہ ہو کر چیخ ماری اور کار کی دوڑا دی ڈھلوان کے اختتام پر جہاں سے موٹر وے کی چڑھائی شروع ہوتی ہے۔ (اس جگہ کا نام ہے ڈھوانی) سرواری باغ سے ڈھوانی تک دو میل کا فاصلہ جب اس نے طے کیا اور ڈھوانی میں ایک دیہاتی ہوٹل کے پاس کار کھڑی کی۔ جب اسے اور ہراس کے نیچے میں ہوٹل کے مالک کو پکارنے لگا۔ وہ وقت میں ہوٹل سے باہر نکلا تو کار کے مسافر نے بمشکل کار کا دروازہ کھولا اور سڑک پر ہی لڑھک گیا۔ ہوٹل والے نے اس کو ہوش میں لانے کے لیے اس واقعہ پر اندر لے گئے، مسہری کی چارپائی سے نوازا اور چائے وغیرہ پلائی۔ جب ذرا ہوش و حواس بحال ہوئے تو اس نے رات میں پیش آنے والے واقعہ میں سرگزشت بیان کی۔ ہوٹل میں جو چند پرانے لوگ موجود تھے اس پر حیران ہوئے اور قریبی قبرستان کا مشورہ دے کر لے گئے۔ وہاں ایک عامل نے دم درود کیا اور تعویذ دیا اور کہا کہ آئندہ رات سے ... کی نوعیت کے واقعات قریب ہوا، پہلے بھی ہو چکے ہیں۔

دوسرا قصہ ... سے آج تک جب بھی اپنے گاؤں "سوڈی" میں آتا یا واپس لاہور جاتا تو دن کے وقت ہی سفر کرتا ہے۔ سرواری باغ سے گزرتے وقت اب بھی اس پر عجیب کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔

ڈھانی کلاں

خوشاب شہر سے متصل ایک گاؤں "ڈھانی کلاں" مدت سے آباد ہے۔ ... قبیلہ کا ایک نوجوان بوچی جو کسی دور دراز علاقہ کا تھا ڈھانی کلاں کی رہائشی بوچی ... محبت میں گرفتار ہو گیا۔ اکٹھے مرنے جینے کے عہد و پیمان ہوئے۔ سود و زیاں سے بے نیاز محبت میں ... شومئی قسمت سے ظالم سماج آڑے آیا اور ان کو معصوم خوابوں کی تعبیر نصیب نہ ہوئی یعنی ڈھانی کلاں کے ہوچوں کی ... قبیلے کے ہوچوں سے دیرینہ دشمنی بدستور چلی آ رہی تھی اور متعدد بار قتل و غارت گری سے میدان کارزار گرم رہا۔

محبت اندھی ہوتی ہے۔ ... بندشوں کو کب خاطر میں لاتی ہے۔ ... بوچی اونٹوں پر سوار ایک اندھیری رات کو ڈھانی کلاں میں وارد ہوئے ... ایک ... سے بنے ہوئے بڑے ... میں ڈالا اور اوپر سے گھاس پھوس ڈال کر اپنی ... بوچی ... پیروں کی بجائے منہ اور گھاس پھوس نصیب ہوا۔

اس کے بعد ... پہنچی ... ہوچوں نے گھاس پھوس میں چھپی لڑکی کو نکالنے سے برآمد کیا تو وہ یوں چل بسی تھی ... جیسا کہ آپ بخوبی واقف ہیں کہ صحرائی لوگ توہم پرست واقع ہوئے ہیں۔ یہ بات چل نکلی ... ہوئی ہے۔ وہ بہت جلد ... واپس ڈھانی کلاں پہنچا دیا گیا۔ یہاں بھی یہ بات مشہور ہوئی کہ ... ہوئی ہے لہٰذا اس ... کا ایک مزار بنا دیا گیا جس کا نام ہے "مائی کی دا مزار"۔ اب لوگ جوق در جوق وہاں حاضری دیتے منتیں مانتے اور ... آتے ہیں ... کی مرادیں بر آتی ہیں۔

بلوال

انگریزوں کے دور میں شاہ پور ضلع ہوا کرتا۔ سرگودھا اور خوشاب اسی کی تحصیلیں تھیں۔ اب یہ سرگودھا کی تحصیل ہے۔ ایک شاہ پور ... اور ایک شاہ پور صدر۔ خوشاب سے سرگودھا آتے ہوئے یہ کوئی ایک کلومیٹر کے فاصلہ پر واقع ہے۔ ہم خوشاب سے سرگودھا کی طرف ... میں جا رہے تھے۔ دیکھتے ... کہ شاہ پور کے قریب ایک گاؤں میں میلہ منعقد ہے۔ ڈھول کی بازگشت فضا میں ... ہے۔ ہم بھی یہ منظر دیکھنے چلے گئے۔ تھوڑی دیر بعد ... کہ ایک بڑا بگولہ دور سے نہایت تیز رفتاری سے میلہ کی طرف ... اس بگولے میں ... اور ... کے ... تھے۔ یہ دیکھ کر ایک بزرگ نے چیخ و پکار شروع کر دی

Marfat.com

اور کلمہ شریف کا ورد کرنے لگا اور کہا "قیامت کی نشانی ہے پہاڑ ریزہ ریزہ ہو رہے ہیں۔" یہ دیکھ کر دیگر لوگ بھی سب کلمہ پڑھتے ہوئے بھاگنے لگے جبکہ بعض نے اذانیں دینا شروع کر دیں۔ ابھی چیخ و پکار جاری ہی تھی کہ ایک دوسرے پہاڑ نے گرنا شروع کر دیا اور دوکانداروں کے برتن، چاول اور دیگر خوردونوش کی اشیاء وغیرہ ملبہ اپنی لپیٹ میں لیتا ہوا آگے نکل گیا۔

ہم اپنی گاڑی میں حیران و پریشان تو ہم پرست سادہ لوح دیہاتیوں کی حرکات و سکنات پر ہنستے ہوئے آگے چل دیئے۔

سیاہ کار

نور پور ضلع خوشاب کی ایک تحصیل ہے جو کہ تھل ریگستان میں خوشاب سے 70 کلومیٹر جنوب کی طرف واقع ہے (ضمیمہ 181) وہاں ایک نہایت اوباش، بدکار، بدمعاش شخص جس نے زندگی میں کوئی اچھا کام نہ کیا، اوباشی پر تلا رہتا۔ ایک رات نہ جانے اسے کس نے ضمیر کی صلیب پر چڑھا دیا کہ جیسا کہ اس نے اپنے پروگرام کے مطابق تمام اہل خانہ بیوی بچوں کو سامنے بیٹھے کوئی ڈرامہ وغیرہ دیکھنے میں مگن تھے تو کہا "آپ لوگ اب یہاں سے چلے جائیں۔ مجھے کوئی خاص کام کرنا مطلوب ہے۔"

بادل نخواستہ وہ لوگ اٹھے کمرے سے باہر نہیں اِدھر اُدھر چلے گئے۔ ازاں بعد اس بدکار شخص نے کمرے کے اندر کی کنڈی چڑھا دی اور کمرے سے تھوڑی دیر بعد گولی داغنے کی آواز آئی۔ اہل خانہ بھاگ کر واپس لوٹے دروازہ توڑ کر جب کمرے کے اندر داخل ہوئے دیکھا کہ وہ شخص منہ کے بل فرش پر خون میں لت پت پڑا ہے اور اس کی جان قفس عنصری سے پرواز کر چکی تھی۔ تجہیز و تکفین کا مرحلہ آیا تو تین مرتبہ کھودی گئی ہر دفعہ قبر کی جگہ سانپ اور بچھوؤں کا مسکن ثابت ہوئی۔ آخر کار سخت گرمی اور بدبو کی شدت سے سب بے حال ہو گئے بالآخر تیسری مرتبہ سے انکار کر دیا۔ ناچار اس بدکار کو کمرے کے تہہ خانے میں دبا دیا گیا۔ آپ جانتے ہیں کہ ہمارے مذہب میں خودکشی حرام ہے جبکہ ایک سیاہ کار کو قبر بھی پناہ دینے سے انکاری تھی۔

چڑیل

وادی سون سکیسر کے ایک چھوٹے سے گاؤں سے متعلق دور حاضر کا واقعہ ہے کہ ایک "چڑیل" نے گاؤں والوں کی زندگی اجیرن کر رکھی تھی۔ گردونواح کے مضافات میں بھی اس "چڑیل" سے دہشت طاری تھی اور بات چرچا تھی کہ رات ہوتے ہی یہ چڑیل گلی گلی گھومتی ہے۔ والدین سر شام سے بچوں کو خوف کے مارے اپنے گھروں میں بند کر لیتے۔ سارے گاؤں میں خوف کا عالم چھایا رہتا۔

اس گاؤں میں ایک جوان فوج کی ملازمت سے گھر چھٹی آیا۔ کوئی شام کے وقت گاؤں پہنچا تو دیکھا کہ گاؤں میں کوئی فرد بشر نہیں، گھر والوں نے دروازے بند کر رکھے تھے۔ حیران ہوا کہ گاؤں کی یہ عجیب حالت ہے کہ جیتا جاگتا گاؤں تھا اس پر یہ سناٹا آخر یہ آفت آن پڑی۔

گلیوں میں سے گزرتے ہوئے اپنے گھر کا دروازہ کھٹکھٹایا۔ دروازہ کھولنے میں خاصی دیر لگی تو حیرت زیادہ ہوئی۔ بچے نے اندر سے پوچھا تو اس نے اپنی شناخت کروائی جس پر اس کی والدہ نے جلدی سے دروازہ کھولا۔ بیٹے کا ہاتھ پکڑ کر اندر کمرے میں کھینچ کر لے گئی اور جلدی سے دروازے کی کنڈی لگا دی۔ بیٹے نے اہل خانہ سے پوچھا "مجھے تو گاؤں میں یہ قیامت برپا لگتی ہے، شام ہوتے ہی ایک ہو کا عالم طاری ہو جاتا ہے۔" ماں نے اس کی باتیں سن کر کہا "بیٹا خدا کا شکر ہے کہ تم حفاظت سے اپنے گھر پہنچ گئے ہو۔ گاؤں میں ایک چڑیل نے تنگ کر رکھا ہے اور خوف کے مارے کوئی شخص بھی رات کو گھر سے باہر نکلنے کی جسارت نہیں کرتا۔ یہ لوگوں کے پیچھے بھاگتی ہے، بالخصوص جوان مردوں کے۔ اس کی عادت ہے کہ چیخ کر پیچھے سے آواز دیتی ہے جو قدم نہ رکتا اور سیدھا گھر واپس لوٹ آتا تو محفوظ رہتا اور اگر کوئی پیچھے مڑ کر دیکھ لیتا تو خدانخواستہ پتھر کا ہو جاتا یا قبر میں زندہ در گور ہو جاتی۔"

تاہم وہ فوجی جوان تھا اور خوف سے نا آشنا۔ اس نے دل میں تہیہ کر لیا کہ گھر والوں سے چھپ کر آج کی رات ہی اس چڑیل کی خبر لے گا۔ لہذا آدھی رات کو اپنی بندوق ہاتھ میں لی اور چپکے سے گھر کا دروازہ کھول کر اندھیرا چھایا ہوا تھا گلیوں میں ادھر

Marfat.com

لہٰذا پہرہ دار بار بار چڑیل سے آمنا سامنا نہ ہوا۔ جونہی وہ ایک گلی کے کونے سے برآمد ہوا تو دیکھتا کیا ہے کہ ایک قد آور عورت مضبوط جسم، سر کے بال کھولے گلی کی دوسری طرف سے مڑ رہی ہے۔ اس نے بندوق لوڈ کر لی اور جلدی سے چلتے ہوئے اس کو بالوں سے پکڑ لیا۔ چڑیل تو ایک مرد کا ہاتھ لگتے ہی موم ہو گئی اور مسکرا کر اپنی اصلیت بیان کی۔

بات یوں تھی کہ اس عورت کو sex کی ایک بیماری تھی جس کو Nymphomania کہتے ہیں۔ ایسی عورتوں کی جنسی خواہش کبھی تسکین نہیں پاتی اور اس حد تک مجبور ہو جاتی ہیں کہ مردوں کی تلاش میں Hysteric ہو جاتی ہیں۔ اب فوجی نے جس حسن سلوک سے چڑیل کو متاثر کیا، نتیجہ کیا ہوا کسی سے پوشیدہ نہیں۔

"یہ عورت دوسرے گاؤں میں ایک عورت کے ساتھ رہائش پذیر ہے اپنی تسکین کا کیا سامان کرتی ہے کون جانے؟"

خاموش جشن

ضلع خوشاب میں ایک "گلی" نامی قصبہ آباد ہے۔ اس قصبہ کی حدود سے باہر ایک ویران جگہ قبرستان ہے۔ کوئی تیس سال کا عرصہ ہوا قبرستان سے باہر ایک دینی مدرسہ موجود تھا جہاں 14، 16 سالہ لڑکے گردونواح کے گاؤں سے بھی حصول تعلیم کیلئے آتے اور قیام و طعام کا بندوبست بھی مدرسہ میں ہی تھا۔ لڑکوں نے اکثر اوقات دیکھا کہ ہر پانچ، چھ دن بعد آدھی رات کے قریب قبرستان میں ایک "خاموش جشن" برپا ہوتا ہے جس میں ہاتھوں میں روشنیاں لئے ایک عجیب و غریب مخلوق ایسے خوشی سے ناچ رہی ہوتی جیسے کوئی شادی کی تقریب میں بارات کی آمد پر جشن منایا جاتا ہے لیکن تعجب خیز صورت حال کہ یہ "جشن" بے آواز ہوتا۔

مولوی صاحب نے فرمایا "بچو! تمہیں رات والے معاملات میں دخل اندازی نہیں کرنی چاہئے جو بھی مخلوق ہے اللہ کی مخلوق ہے وہ تمہارے لئے بے ضرر ہے بہتر ہے کہ خاموشی سے رات کو سوتے رہا کرو۔"

یہ سلسلہ چند سال قبل ختم ہو چکا ہے یوں باور کیا جاتا ہے کہ یہ مخلوق شہری آبادی بڑھ جانے سے کہیں نقل مکانی کر گئی ہے۔

لڑکی تو نہر کے اس طرف تھی

خوشاب میں راقم الحروف دو فروری 1994 کو ڈاکٹر صادق حسین نقوی صاحب کی محفل میں بیٹھا ہوا تھا تو بات غیر مرئی قوتوں کی چل نکلی۔ اس ضمن میں ڈاکٹر صاحب نے ایک "آپ بیتی" سنائی۔

وہ بچپن میں شیخوپورہ کے قریب نہر کی پٹڑی کے نزدیک گاؤں میں رہائش پذیر تھے۔ عید پر نئے لباس کی سلائی کے سلسلے میں جو کپڑے شیخوپورہ میں کسی درزی کو سلنے دیئے ہوئے تھے، ان کے حصول کے لئے ڈاکٹر صاحب اور ان کے دوست گاؤں سے نہر کی پٹڑی کے راستے پر گامزن ہوئے تاکہ سلے ہوئے کپڑے لا سکیں۔ شیخوپورہ گاؤں سے تقریباً چار میل کے فاصلے پر تھا۔ ابھی وہ نہر کی پٹڑی پر چند فرلانگ چلے ہوں گے کہ راستہ میں جگہ جگہ گاؤں کی عورتیں کپڑے دھونے میں مصروف تھیں۔ یہ تقریباً دس بجے دن کا وقت اور موسم بھی گرمیوں کا تھا۔ اس لئے گرمی کی حدت سے بچاؤ کیلئے تیز تیز چلنا شروع کر دیا۔ چلتے چلتے وہ کپڑے دھونے والی عورتوں سے بہت آگے نکل گئے تو دیکھتے کیا ہیں کہ مخالف پٹڑی پر ان سے دور سامنے سے ایک نوخیز لڑکی سیاہ لباس میں خراماں خراماں چلی آ رہی ہے۔ چند لمحوں کے بعد ہی انہیں اس لڑکی نے پنجابی انداز میں پیچھے سے آواز دی "منڈیو! کتھے جا رہے او؟ مینوں وی نال لے چلو۔"

دونوں دوستوں نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو ان کی حیرانگی کی حد نہ رہی۔ یہ تو وہی لڑکی ہے جو نہر کی اس پٹڑی پر آ رہی تھی یہ اتنی جلدی دوسری پٹڑی پر کیسے آ گئی جبکہ یہاں تو کوئی پل وغیرہ بھی نہیں اور اگر یہ نہر میں سے تیر کر آئی ہے تو کپڑے گیلے ہونے چاہئے تھے جو غیر متوقع طور پر خشک ہیں اور اتنی دیر میں نہر کو کس طرح عبور کر گئی۔

گاؤں میں ایسے واقعات بالخصوص "دارے" میں خوب نمک مرچ لگا کر سنائے جاتے، چنانچہ وہ دونوں دوست خوفزدہ ہوئے اور ناد علی کا ورد کرتے ہوئے دوڑ لگا دی۔ لڑکی نے دوبارہ آواز دی مگر یہ ٹھہرے نہیں اور بھاگتے ہوئے بتایا "ہم تو شہر سے کپڑے لینے جا رہے ہیں۔"

Marfat.com

لڑکی نے پھر آواز دی ''ٹھہرو میں نے ابھی شہر سے کچھ سامان لانا ہے'' وہ زیادہ پریشان ہوئے کہ وہ تو نہایت تیزی سے بھاگ رہے ہیں۔ یہ لڑکی بتدریج ان کے تعاقب میں فاصلہ کم کرتی جا رہی ہے۔ تاہم انہوں نے لڑکی کی ایک نہ سنی اور نہ ہی جواب دیتے ہوئے سرپٹ بھاگتے رہے۔

اس پر لڑکی نے کہا ''اگر تم مجھے ساتھ نہیں لے جاتے ہو تو اس کاغذ کے پرزے پر جو کچھ لکھا ہوا ہے وہی مجھے لا دیتے جانا۔'' انہوں نے پھر بھی کوئی دھیان نہ دیا اور لڑکی کی آواز سنائی دینا بند ہو گئی۔ مڑ کر دیکھا کہ پٹڑی کی بائیں جانب جو ٹیلے ہیں ان کی طرف جا رہی ہے اور دیکھتے ہی دیکھتے نظروں سے اوجھل ہو گئی۔

پسینے سے شرابور اور پریشان حال درزی کی دکان پر پہنچے تو درزی کے استفسار پر تمام واقعہ بیان کر دیا اور درزی کی منت سماجت کی کہ جلدی سے سلے ہوئے کپڑے انہیں دیدو جن کا وعدہ آج ہی دینے کا ہے۔ درزیوں کی عادت ہے کہ وہ صرف وعدہ ہی دیتے ہیں چنانچہ حسب وعدہ کپڑے تیار نہ کئے تھے۔ ان کے اصرار پر جلدی کے باوجود ان کپڑوں کی تیاری پر پچھلا پہر ہو گیا۔ جوں جوں وقت گزرتا گیا پریشانی بڑھتی گئی۔ خدا خدا کر کے سلائی شدہ کپڑے لے کر گھر روانہ ہوئے۔

باوجود اس کے دونوں دوست خوف زدہ تھے ادھر اندھیرا بھی لمحہ بہ لمحہ بڑھ رہا تھا لہٰذا متبادل راستہ جو کہ مدرسے کی وجہ سے غیر محفوظ خیال کیا جاتا تھا نسبتاً طویل تھا اختیار کیا اور مولا علی پر یقین رکھتے ہوئے اسی نہر کی پٹڑی پر گامزن ہو گئے۔ تھوڑی دور پہنچے ہی تھے کہ ان کو سامنے سے آتے ہوئے گھر کے چند افراد مل گئے جو کہ دیر ہو جانے کی وجہ سے ان کی تلاش میں فکر مندی سے نکلے تھے۔ اس ضمن میں یہ بھی عرض کرتا چلوں کہ بھاگنے کے دوران (ڈاکٹر صاحب) دو دفعہ گرے بھی اور واپسی پر جب گزر رہے تھے تو ریت کے اس ٹیلے کے قریب جہاں لڑکی غائب ہوئی لڑکی کو نہ پا سکے اور ایک عجیب صورت حال تھی۔ غور کرنے پر معلوم ہوا کہ لڑکی کے چیخنے کی آواز تک نہ سنائی دی۔

عامل اور بزرگ

راقم الحروف اپنی کار کی denting اور painting کرانے کیلئے خوشاب اپنے ہمزلف ڈاکٹر صادق تقوی کے ہاں گیا ہوا تھا۔ چونکہ گجرات میں اس کام کی اجرت کوئی 18000 سے 25.000 روپے تک تھی اور ایک ورکشاپ والے نے (شگفتہ بلڈنگ کے قریب نزد شیخاں ہوٹل) تو 29.000 روپے مانگ لئے۔ مجھے خیال آیا کیوں نہ اپنے ہمزلف سے ملاقات کر لوں اور شاید وہاں مرمت وغیرہ کے لئے رقم کم خرچ کرنی پڑے لہٰذا ایسا ہی ہوا بجائے اس کے یہ کام 9000 روپے اور چند دنوں میں ہو گیا۔ خوشاب میں کار کی گدیوں جیسے نہ کوئی اچھا کام ہوتا تھا اور نہ ہی پوشش کے اچھے کاریگر۔ ورکشاپ والے نے مشورہ دیا کہ آپ یہ کار سرگودھا مرچ چوک فلاں آدمی کے پاس لے جائیں میرا نام لیں۔ اچھا کام کم قیمت اور کم وقت میں ہو جائے گا۔

دوسرے دن میں اپنے ڈرائیور کے ساتھ سرگودھا کی حدود میں کار میں سوار دن کے بارہ بجے داخل ہوا تو دیکھا کہ ہر سو پولیس تعینات ہے۔ تمام دوکانات بند ہیں اور چھوٹے تجارت میں دوکانیں بند کر رہے ہیں۔ لوگوں کی بھاگ دوڑ ہے اور اہم چوک، متعدد راستے پر پولیس نے ناکہ بندی کر رکھی تھی۔ نہایت مشکل سے چند راستے طے کر کے آخرکار اس مطلوبہ دوکاندار تک مرچ چوک میں رسائی ہوئی۔ سب سے پہلے میں نے دریافت کرنا چاہا کہ معاملہ کیا ہے؟

''کل رات شربت چوک میں دو اہل تشیع حضرات قتل کر دیئے گئے'' اس نے جواب دیا۔

''ہم تو خوشاب سے آئے ہیں اور بڑی مشکل سے تمہارے پاس پہنچے ہیں اگر ہمارا کام نہ ہوا تو بڑا مسئلہ ہو جائے گا۔''

''ایسی کوئی بات نہیں آپ میرے ساتھ پیدل چلیں کچھ خرید کر لے آتے ہیں اور دو ہی دنوں میں آپ کی کار کی سیٹوں پر covers چڑھا دوں گا۔''

''دوکانات تو تمام بند ہیں یا ہو رہی ہیں کچھ کہاں سے خریدیں گے؟''

''Sir جی! شاید آپ کو علم نہیں ایسی صورت حال کے دوران دوکاندار وقتی طور پر دوکان کا پچھلا شٹر کھول دیتے ہیں تاہم ایسا

Marfat.com

آدمی یہاں موجود رہتے ہیں تاکہ اگر کوئی گاہک آئے تو اسے بھگتایا جاسکے۔ آپ میرے ساتھ چلیں کوئی دس منٹ کی مسافت ہے ابھی پہنچ جائیں گے۔

مجھے کافی پریشانی تھی تاکہ ہنگامی حالات میں اکی لوٹ پھوٹ نہ ہو جائے میں نے اپنے اندیشہ سے آگاہ کیا تو اس نے کہا آپ کوئی فکر نہ کریں ساتھ ہی ایک گلی میں گاڑی کھڑی کر کے lock کر دیں اور میرے دوسرے ساتھی کام کرنے والے یہاں موجود ہیں سب نہیں رہیں گے۔

۔۔۔۔ دکاندار میرا اور میرا ساتھی ہجوم کو چیرتے اور تقریباً بھاگتے ہوئے گول چوک تک پہنچ گئے۔ یہ منظر دیکھ کر میں اندر سے خوفزدہ تھا مگر دکاندار نے مجھے تسلی دی۔ گول چوک سے تقریباً 25 گز کے فاصلے پر بازار کی بائیں طرف ایک دکان واقع تھی جس کا شٹر آدھا گرا ہوا تھا۔ ہمارے ساتھی کو اس نے پہچان لیا اور دوکان کے متصل سیڑھیاں چڑھ کر اپنے سٹور میں لے گیا۔ میں نے اپنی بیوی کی حسب خواہش چپل پسند کیا اور ساتھ ہی اسے 1095 روپے دیئے۔ مالک دوکان نے چپل کو پیک کر کے میرے ہاتھ میں تھما دیا۔

جونہی ہم دکان سے باہر نکلے تو بے پناہ ہجوم بھاگ دوڑ رہا تھا۔ ہوا میں آنسو گیس کی موجودگی کی شدت محسوس ہوئی اور میرے آنسو بہہ نکلے۔ مجھے اپنی جوانی یاد آگئی کہ اسی طرح 1947 کے اوائل میں ہم لوگ اسلامیہ کالج سے مسلم لیگ کا جلوس نکالا کرتے اور جب مال روڈ تک پہنچتے تو ایک مرتبہ کشمکش ہو جاتا ادھر پولیس ہمیں منتشر کرنے کیلئے متواتر آنسو گیس کے شیل پھینک رہی ہوتی اور ادھر ہم پانی سے رومال بھگو کر آنکھوں سے آنسو پونچھتے بھاگے چلے جارہے ہیں۔ اگر موقع ملتا تو بعض اوقات آنسو گیس کے شیل واپس پولیس پر پھینک دیتے۔ وقتی طور پر تو منتشر ہو جاتے مگر کسی جگہ اکٹھے ہو کر دوبارہ نعرے مارتے ہوئے جلوس کو برقرار رکھتے۔

قارئین کی دلچسپی کیلئے یہ بھی ذکر کرتا چلوں کہ تمام جیلیں قیام پاکستان کے متوالوں سے بھر چکی تھیں۔ اب انگریز بہادر کو یہ سوجھی کہ روزانہ ایک کا جلوس نکالنے والوں کو پکڑ لیتے اور لاریوں میں بھر کر چھانگا مانگا لے جاتے اور وہاں چھوڑ کر واپس آجاتے۔ مگر تحریک کے کارکن بھی کہاں ہار ماننے والے تھے کیونکہ ہم آزادی کے متوالے پیدل سفر کر کے دوبارہ لاہور پہنچ جاتے۔ اب انگریز بہادر کو ایک ترکیب سوجھی۔ چھانگا مانگا میں چھوڑنے سے پہلے ہمارے جوتے اتروا لیتے۔ تاہم پکے مسلمان اور مسلم لیگی آزادی کے متوالے تھے ننگے پاؤں پیدل چلتے ہوئے لاہور پہنچ جاتے۔ فروری، مارچ 1947 تک تو جوتے نہ ہونے کا احساس نہ ہوتا البتہ گرمیوں کے موسم میں گرم سڑکیں ہوتی تھیں مگر پھر بھی لاہور پہنچنا اور جلوس نکالنے کا عمل جاری رہتا۔ پھر وہی گرفتاریاں، آنسو گیس اور چھانگا مانگا کے جنگلات۔ خدا بھلا کرے شیخ عنایت اللہ صاحب کا جو کہ انارکلی کے مشہور تاجر تھے۔ بوروں کے بورے جوتیوں سے بھرے ہوئے چھانگا مانگا پہنچا دیتے۔ کسی کو جوتی مل جاتی کسی کو ایک پاؤں میں چپل اور دوسرے پاؤں میں بوٹ پہننے کو مل جاتا، بہرحال گزارہ ہو ہی جاتا۔

مجھے وہ منظر کسی طور پر بھولتا نہیں کہ اسی طرح مال روڈ پر جہاں بیڈن روڈ ملتی ہے۔ ایک طرف تو جلوس آزادی پاکستان نکالنے والوں کا سمندر ٹھاٹھیں مارتا رواں دواں ہوتا اور دوسری طرف پولیس اور ملٹری والے انگریز سرکار کے ٹکڑوں پر پلنے والے کوئی 24 آدمی 303 کی رائفلیں تانے ایک گھٹنا زمین پر ٹیکے فائرنگ کی پوزیشن میں مصروف عمل ہوتے اور ان کی پشت پر ایک دوسری قطار 303 رائفل لئے کس مستعدی سے کھڑی ہوتی۔ جونہی انگریز بہادر نے فائرنگ کا حکم صادر کیا اگلی لائن فائر کرتی اور پچھلی والی لائن آگے بڑھ کر پوزیشن لے لیتی اور یہ سلسلہ دیر تک جاری رہتا۔ اس وقت ایک وقت میں ایک ہی گولی رائفل میں بھری جاسکتی تھی اور دوسری گولی بھرنے کے بعد اپنی باری کا انتظار کرنا پڑتا۔ یہ تو تھی انگریز بہادر کے خدمتگذاروں کی داستان اب دوسری جانب پاکستان کے شیدائی اللہ اکبر کے نعرے مارتے ہوئے زخمی اور شہید ہورہے ہیں۔ اسی طرح سلسلہ روز افزوں بتدریج زور پکڑتا گیا پھر یہ منظر بھی دیکھنے میں آیا کہ انگریز بہادر کا توپ، انگریز بہادر کے نوکروں کی rifles اور جوتے دور تک بکھرے پڑے ہیں۔ پاکستان کے متوالوں کی یلغار کے آگے تھم نہ سکے اور کائی کی طرح پھٹ گئے۔

ہاں تو ذکر کرتے ہوئے دور دراز گلیوں کے راستے خدا خدا کر کے واپس ہم چوک پہنچ ہی گئے۔ کاریگر تو اپنے کام میں مصروف ہو گیا اور میں کار کے متعلقہ چھوٹی موٹی اشیاء کی خریداری کیلئے دوسری طرف نکل گیا۔ گرمی شدید تھی میں گھٹن اور نامساعد صورت حال

Marfat.com

سے گھبرا گیا۔ چنانچہ قریب ہی کچہری روڈ پر ''شہزادہ آٹوز'' کی دکان واقع تھی۔ اس دکان میں داخل ہو گیا۔ علیک سلیک کے بعد گذارش کی: ''کیا میں یہاں چند لمحوں کیلئے بیٹھ سکتا ہوں کیونکہ لوڈشیڈنگ کے عمل کے دوران میری کار کی ساتھ ہی خرابی ہے اور وہاں بیٹھنے کی گنجائش نہیں ہے۔ اس ہنگامی صورت حال سے پریشان بھی ہوں میں آپ کو کرسی پر بیٹھنے کی اجرت بھی دے سکتا ہوں۔''

دوکاندار فراخ دلی اور خندہ پیشانی سے کہنے لگا: ''Sir! ایسی کوئی بات نہیں۔ اجرت کی بات کیوں کرتے ہیں؟ بے تکلفی سے تشریف رکھیں ہم آپکے لئے ٹھنڈے اور چائے کا انتظام کرتے ہیں۔''

''مجھے بس ایک گرم پانی کا کپ منگا دیجئے۔'' میں نے گذارش کی۔

''کیوں جناب گرم پانی کی کیا ضرورت پڑ گئی اس شدید گرمی میں؟'' وہ گویا ہوا۔

''حضرت صاحب میں دن میں کئی بار کافی پینے کا عادی ہوں۔ بغیر چینی اور دودھ کے کافی کا پیکٹ میری کار میں موجود ہے۔ ڈرائیور ابھی لے آتا ہے اگر آپ تھوڑی سی تکلیف کر کے کپ میں پانی دے دیں تو عنایت ہے۔ کافی تیار ہو جائیگی اگر آپ پسند کریں تو میرے مہمان بن جائیے۔''

''نہیں Sir جی! میں کافی نہیں پیتا۔ آپکی مہربانی۔''

اس نے اپنے ملازم کو آواز دی۔ ایک کپ میں گرم پانی آ گیا۔ ادھر میرا ڈرائیور بھی میری تلاش میں آ گیا۔ میں نے اسے کار میں سے کافی کا ڈبہ لانے کی ترغیب دی اور کافی تیار کر لی۔

جیسے کہ میری عادت ہے۔ میں نے بات شروع کی کہ اپنی کتاب کے مواد کیلئے لوگوں سے سوال کرتا رہتا ہوں۔ مجھے کوئی ایسا سچا واقعہ سنائیں جو آپ پر یا آپ کے کسی جاننے والے پر بیتا ہو مگر شرط ہے کہ بیان کردہ واقعات کی تصدیق کر سکتا ہوں۔

''ہاں! صاحب سنئے سب سے پہلے تو عرض ہے کہ میرا نام امجد علی خان ہے اور میں یہاں کسی دوسرے محکمہ کی ڈیپارٹمنٹ میں ملازم تھا۔ 1974 میں میری والدہ صاحبہ رعشہ (Parkinson's disease) کا مرض لاحق ہو گیا تھا۔ میں مجبوری اپنے محکمے سے والدہ صاحبہ کے علاج معالجہ کے سلسلے میں اکثر اوقات چھٹیاں لینے کا تقاضہ کرتا رہا۔ میرا افسر بھی [illegible] رہا کرتا تھا۔ میری ان چھٹیوں کی بہتات سے نالاں تھا اور مجھے اکثر کہا کرتا کہ میں اسقدر چھٹیاں کیوں کرتا ہوں۔ [illegible] والدہ صاحبہ کی علالت سے متعلق واضح کر دیا کہ مجھے والدہ صاحبہ سے بہت پیار ہے جو ایک موذی مرض میں مبتلا ہو گئی ہیں۔ مجھے انسانی ہمدردی کے طور پر بتایا کہ میں تمہیں گوجرانوالہ میں مقیم ایک عامل کا پتہ دیتا ہوں اس کے پاس چلے جاؤ تو [illegible] مگر وہ حالات بذریعہ بس گوجرانوالہ بس کے اڈے پہنچ گیا۔ اب مجھے عامل کے قیام کی جگہ یاد نہیں البتہ میں نے رکشہ والے کو روپیہ دیا۔ وہ مجھے ڈیڑھ میل کی مسافت پر ایک قصبہ میں لے گیا۔

''میں اس عامل کے مکان پر پہنچا تو وہاں عقیدت مندوں اور سوالیوں کی ایک لمبی قطار لگی ہوئی اور شدید گرمی تھی۔ میں پیاس سے نڈھال اور پسینے میں شرابور تھا۔ مگر مجبوری لائن میں کھڑا ہونا ضروری تھا۔ جب تک باری نہ آئے۔ اور میں اب عامل کے کمرے سے چند قدم پر کھڑا تھا جہاں سے سوالوں کی آواز صاف طور پر سنائی دے رہی تھی۔ میں نے دیکھا عامل صاحب پس پردہ ایک چارپائی پر لیٹے ہیں۔ ان کے دائیں ہاتھ ایک مرید جو پانچ روپے فیس لیتا اور بائیں ہاتھ مرید عامل صاحب کی ہدایت کے مطابق تعویذ دیتا اور دیگر ہدایات پر عمل درآمد کیلئے کہتا ہے۔ ایک فلم ڈائریکٹر صاحب کی باری تھی۔ انہوں نے پانچ روپے فیس ادا کی اور پردے کے سامنے کھڑے ہو کر کہا: میری پہلی تین فلمیں بری طرح فلاپ ہو گئیں میں سخت پریشان ہو گیا ہوں اور اب میں ایک نئی فلم بنانے کی تیاری کر رہا ہوں۔ اگر یہ بھی فلاپ ہوئی تو دیوالیہ ہونے کا احتمال ہے۔''

''عامل صاحب نے جواب دیا: تم موجودہ فلم میں جو ہیروئین کا انتخاب کر رہے ہو اس کو بدل دو۔ تمہارے سارے دکھ دور ہو جائیں گے۔ بعد میں پتہ چلا کہ عامل کے کہنے پر اس فلم کی ہیروئین بدل دی اور فلم باکس آفس پر ہٹ ہوئی۔

''اب دوسرے سوالی کی باری تھی اس نے بھی پانچ روپے فیس ادا کر دی اور اسی طرح عامل صاحب سے گذارش کی کہ میں راولپنڈی ملٹری میں اسلحہ ڈپو کا انچارج ہوں میرے ڈپو سے ایک پستول گم ہو گیا ہے۔ پتہ نہیں کس نے اڑا لیا۔ پریشان ہوں۔

Marfat.com

ضرورت محسوس ہو رہی تھی۔ نوکری تو کسی صورت مجھے راضی ہو جاتی۔ چند منٹ کے بعد پردے کے پیچھے سے آواز آئی پریشانی کی کوئی بات نہیں فلاں شخص جو تمہارا ماتحت ہے اس نے پستول چرایا ہے۔ سرگودھا کے جس چک کا رہائشی ہے وہاں اپنے گھر میں نچلے کمرے کے کونے میں بچھی ہوئی چارپائی کے اندر کے لحاف کی تہہ میں پستول چھپا رکھا ہے جاؤ اور پستول حاصل کر کے اپنی جان چھڑاؤ (یہ بات بھی حق ثابت ہوئی) میرا اپنا تجربہ بڑا ہوا چاہتا تھا۔ حدت بڑی بھوک پیاس بیدم کئے دے رہی تھی اور مزید انتظار کی پوزیشن میں نہیں تھا چونکہ ابھی چھ سائل میرے آگے منتظر تھے۔ میں نے دل ہی دل میں تہیہ کر لیا کہ اگر مزید دس منٹ میں باری نہ آئی تو میں واپس چلا جاؤں گا۔ اسی اثنا میں پردے کے پیچھے سے آواز بلند ہوئی کہ جو آدمی سرگودھا سے آیا ہے اسے فوراً حاضر کیا جائے۔ یہ سننا تھا کہ میں جلدی سے اٹھا اور اپنی والدہ صاحبہ کی تصویر ہاتھ میں لئے پردے کے قریب گیا اور پردے کے پیچھے تصویر اندر کر دی۔ تقریباً ایک منٹ بعد ہی پردے کے پیچھے سے تصویر واپس کر دی اور مجھ سے سوال کیا گیا کیا سرگودھا میں کوئی کول چوک واقع ہے؟

جی ہے۔

وہاں ایک ڈاکٹر نصر اللہ ہیں؟

جی ہاں۔

اپنی والدہ صاحبہ کا علاج اس سے کروائیں۔

یہ باتیں ہو رہی تھیں کہ اس شخص نے مجھے ایک تعویذ دیا اور کہا یہ تعویذ جا کر اپنی والدہ کے گلے میں ڈال دو اور دم کر کے پانی پلا دیں میں واپس سرگودھا پہنچا اور والدہ صاحبہ نے جواب دیا کہ بیٹا اس سے پیشتر میں اس ڈاکٹر سے علاج کروا چکی ہوں مجھے کوئی فائدہ نہیں ہوا لہذا اب دوبارہ اس سے علاج معالجہ بے سود ہے۔ میں نے اپنی والدہ کا علاج ایک مشہور و معروف Neurosurgeon جو لاہور میں تھے کروایا انہوں نے ان کا آپریشن کیا۔ ازاں بعد چند ماہ تک میری والدہ صاحبہ دوا لیتی رہیں۔ اگرچہ ان کے ہاتھوں میں حرکت پیدا ہو گئی اور animation تو ہو گئی۔ بہرحال چھ ماہ بعد میری والدہ صاحبہ انتقال کر گئیں۔"

اس ضمن میں امجد علی خان کا سنایا ہوا ایک اور واقعہ پیش خدمت ہے۔

امجد علی خان کے والد صاحب کا نام محمد تقی خان تھا۔ ان کا گورا چٹا رنگ سڈول جسم تقسیم ہند سے قبل روہتک کے رہنے والے تھے۔ ملازمت کے لحاظ سے پہلے تو ملٹری کے ڈرائیور تھے۔ اپنی اچھی کارکردگی کی وجہ سے ازاں بعد میل ٹرین کے ڈرائیور ہو گئے 1933 میں ریٹائر ہو کر واپس روہتک میں مقیم رہے۔ ان کے گھر کے قریب ایک مسجد اور ایک مزار تھا۔ وہ اللہ اللہ کرتے رہتے۔ صوم صلوٰۃ کے پابند تھے۔ مزار پر باقاعدگی سے حاضری دیتے۔ ایک رات مزار والے بزرگ کا دیدار ہوا اور فرمانے لگے "تمہاری تیسری بیوی سے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوگا جس کا نام امجد علی خان رکھنا" تقسیم ہند کے بعد پاکستان تشریف لائے اور بزرگ کی عین پیشین گوئی کے مطابق ان کی تیسری بیوی کے بطن سے ایک بیٹے نے جنم لیا بیٹے کا نام تجویز کرنے کے دوران گھر میں بحث و تمحیص کا سلسلہ شروع ہو گیا چونکہ اہل خاندان خاندانی نام تقی وغیرہ برقرار رکھنا چاہتے تھے مگر محمد تقی خان نے ایک نہ سنی اور اس بزرگ کی ہدایت کے مطابق بیٹے کا نام امجد علی خان ہی تجویز کیا۔

امجد علی خان کی عمر کوئی چھ سال کے قریب ہوئی تو وہ اپنے ماں باپ کے ساتھ ایک بارات کے سلسلہ میں فیصل آباد گیا جس گھر میں بارات گئی۔ وہ ہندوؤں کی ایک تین منزلہ حویلی تھی جو کہ مسلمان مہاجروں کو الاٹ کی گئی۔ اہل خانہ نے کہا کہ اوپر ایک کمرہ ہے جہاں کوئی بھی اندر جانے کی جسارت نہ کرے کیونکہ وہاں ایک جن آباد ہے اور دخل اندازی کرنے والے کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔ جیسا کہ بچوں کی عادت ہوتی ہے امجد علی خان اور اس کے ہمجولی بچے کھیلتے کودتے اوپر والی منزل پر وارد ہو گئے جس منزل پر جن والا کمرہ واقع تھا امجد علی خان نے دیکھا کہ حویلی کی بالکونی جو کہ سڑک کی جانب تھی وہاں ایک بزرگ آدمی نورانی چہرے والے اور سفید ریش بیٹھے ہوئے ہیں اور سڑک کے نظارے میں محو ہیں۔ امجد علی خان کی آہٹ پا کر انہوں نے اس کی طرف منہ موڑا اور دیکھتے ہی وہ بزرگ غائب ہو گئے مارے ڈر کے بچے چیختے چلاتے واپس نچلی منزل پر لوٹ آئے۔ اسی روز امجد علی خان کی والدہ صاحبہ سیڑھیاں چڑھ کر اوپر جا رہی تھیں تو انہیں ایسا محسوس ہوا کہ جیسے راستے میں کسی شخص سے ٹکر ہوئی ہو لیکن ان کو کوئی جسم نظر نہ آیا البتہ امجد علی خان کی والدہ کو سر پر انتہائی زبردست چوٹ

Marfat.com

آئی کہ ڈاکٹر صاحب کے پاس جا کر زخم پر چھوٹا سا ٹانکے لگوانے پڑے۔ ازاں بعد تمام بارات تو واپس چلی گئی مگر اس کی والدہ صحت یاب ہونے تک کئی ہفتہ اس حویلی میں رکی رہیں البتہ یہ حسین دوبارہ استعمال کرنے کی جسارت سے گریز کیا۔

باغانوالہ

سفر کی باتوں کے دوران اکثر اوقات ڈاکٹر اعجاز باغانوالہ اپنے ننھیال گاؤں کی باتوں کے حوالے سے تعریف کیا کرتے تھے۔ چنانچہ پروگرام کے تحت 1996 مارچ کے پہلے ہفتے میں باغانوالہ عازم سفر ہوئے۔ ڈاکٹر اعجاز، میں اور ڈرائیور تھے اور میں ہی گاڑی چلا رہا تھا جبکہ دوسری کار جسکو میر یونس ڈرائیو کر رہا تھا اس میں رائے زاہد ایڈووکیٹ اور زمان حسن ایڈووکیٹ تھے۔ باغانوالہ پہنچنے کے چار سے پانچ راستے ہیں: گجرات سے منڈی بہاؤالدین، پھالیہ، ہیڈ رسول۔ دوسرا راستہ سرائے عالمگیر کی نہر کے دائیں کنارے سے ہیڈ رسول۔ تیسرا راستہ سرائے عالمگیر شہر کے درمیان سے بائیں جانب ہیڈ رسول۔ چوتھا راستہ گوجر خان سے پہلے چکوال روڈ پر پانچواں راستہ منڈرہ سے ایک اور سڑک چکوال روڈ سے ہوتی ہوئی باغانوالہ۔

جانے کی دفعہ براستہ گوجر خان پھر چکوال روڈ پر عازم سفر ہوئے۔ راستہ میں ایک ایک گاؤں سے گزرے جس سے پتہ چلا کہ مارچ میں بھی اچھا خاصا گرمی کا موسم تھا مگر جب ہم گاؤں کے درمیان میں سے گزرے تو سخت سردی لوگوں نے کمبل اور موٹے موٹے کپڑے پہن رکھے تھے۔ وہاں سے چوہا سیدن شاہ اور پھر پہاڑ کے گرد چکر لگاتے ہوئے عین بالمقابل بائیں طرف مڑے اور باغانوالہ کی طرف ایک پکی سڑک پر ڈرائیو کرنا شروع کر دیا اور باغانوالہ پہنچ گئے جو کہ پہاڑوں میں گھرا ہوا ہے۔ ڈاکٹر اعجاز نے پہلے ہی اطلاع کی ہوئی تھی لہذا اس کے ننھیال والوں نے مہمان خانے میں ہماری رہائش کا انتظام کیا ہوا تھا۔ یہ رہائش گاہ چار کمروں پر مشتمل تھی کمروں کے سامنے ایک لمبا برآمدہ جس پر چارپائیاں چند ایک موڑھے اور لکڑی کی پرانی کرسیاں پڑی ہوئی تھیں۔ جب ہم باغانوالہ پہنچے تو سہ پہر کا وقت تھا۔ چارپائیوں پر پہلے ہی انہوں نے رضائیاں اور کمبل وغیرہ بچھائے ہوئے تھے اور ہمارا انتظار کیا جا رہا تھا۔ اس کے چیف (گاؤں کا سردار یعنی ڈاکٹر اعجاز کے ننھیال سے متعلق ایک جوان شخص جس کو سب چیف کہا جاتا Aitchison College Lahore کا پڑھا ہوا تھا۔ بعد میں پتہ چلا کہ آپس میں دشمنی کی وجہ سے کئی بار قتل و غارت ہو چکی ہے۔) [illegible] بضد تھے لیکن ہم ہاتھ منہ دھونا اور رفع حاجت کرنا چاہتے تھے۔ ادھر ادھر دیکھنے پر مہمان خانہ میں کوئی ایسا انتظام نظر نہ آیا۔

بات دراصل یہ ہے کہ اس گاؤں میں مختلف چشمے پہاڑوں سے نیچے بہتے ہیں ان چشموں کا پانی اس گاؤں کے قریب آ کر مختلف حصوں یا نالوں میں تقسیم ہو جاتا ہے۔ ہر نالے پر تین اطراف میں تقریباً چار فٹ اونچی دیوار چنی گئی ہے اور اس سمت سے پانی آتا ہے اس سمت میں ایک چھوٹا سا لکڑی کا دروازہ یا صرف ٹاٹ لگا دیا گیا۔ اندر داخل ہونے پر تین سے چار فٹ لمبا اور تقریباً ایک فٹ چوڑا لکڑی کا تختہ رکھ دیا گیا ہے۔ استعمال کنندہ تولیہ صابن وغیرہ ساتھ ہی لے کر جاتا ہے۔ اس تختے پر بیٹھ کر رفع حاجت سے لے کر ہاتھ منہ دھونے تک یا نہانے تک کا پانی استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔ یہ انتظام ہر نالے پر صرف ایک ہی واقع ہے۔ جس نالے سے پانی پینے، برتن دھونے اور جانوروں کے استعمال میں لایا جاتا ہے وہاں پر نہانے دھونے کا کوئی بندوبست نہیں۔

اس کام سے فارغ ہو کر واپس لوٹے کھانا کھایا چونکہ سفر کی وجہ سے تھکے ہوئے تھے جلدی سونے کا ارادہ کیا [illegible] ہم پانچوں دوستوں کی چارپائیاں ایک ہی سیدھ میں برآمدے کے اندر بچھائی گئی تھیں۔ چیف نے تین چار ملازم [illegible] کے لیے معمور کر دیے۔ چونکہ میں تو اس عمل کا عادی نہیں ہوں بہر حال دوسرے اس عمل سے مستفید ہوئے۔ دوسرے دن گاؤں کا وزٹ کیا [illegible] ان کی مہمان نوازی سے ہم متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ اس گاؤں میں ایک عجیب رسم دیکھی۔ جب چیف کے خاندان کی میت گھر سے باہر جاتی ہے تو ان کو پالکی میں [illegible] کر کے جایا جاتا اور تمام بازار بند ہو جاتا ہے۔ یہاں پر بجلی کی سہولت تو میسر ہے مگر زیادہ تر "لوڈ شیڈنگ" کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

تیسرے دن قلعہ نندنا جانے کا ارادہ کیا۔ یہ قلعہ باغانوالہ سے کوئی دو میل دور پہاڑی چوٹی پر واقع ہے۔ چیف نے دو ملازم بمعہ کھانا وغیرہ ہمارے ساتھ روانہ کر دیے تاکہ ہمیں راستے سے آگاہی کرتے چلیں۔ باغانوالہ سے نکلتے ہی چڑھائی شروع

Marfat.com

منگل 4 نومبر: ہوٹل کے کمرے میں داخل ہونے کے بعد بائیں جانب دیوار میں ایک چھوٹا سا باکس جس کے اوپر لکھا ہوتا "Insert key card for power" ایسا کرنے سے بیڈروم کے کمرے کی ٹیوب لائٹس آن آف کی جاسکتی ہیں۔ کمرے کی مغربی دیوار میں لائٹ کے بلب کو صرف سوئچ سے آن / آف کرنے سے تعلق رکھتے ہیں۔ باتھ روم میں نہایت صاف شفاف ٹائیلیں، مغربی طرز کا کموڈ، bidet، ٹب، شاور، واش بیسن اور الیکٹرک شیور استعمال کرنے کیلئے ساکٹ۔ کمرے میں ہم دونوں کے استعمال کیلئے علیحدہ علیحدہ سفید سلیپر اور اسی طرح باتھ روم میں سفید سلیپر مگر اس کا sole کھردرا تھا تاکہ slip ہونے سے بچ سکے۔ ٹائیٹ ٹیبل سے اوپر چھ فٹ پر دیوار میں ہوٹل نے قبلہ کی سمت لگی ہوئی تھی۔ اپنے کمرے میں جانے سے پہلے ہوٹل کی reception سے اپنا پاسپورٹ طلب کیا جو کہ ہم دونوں نے سیکورٹی کے طور پر ڈپازٹ کروایا تھا تو اس نے 200 ڈالر (166000.Rs 11400 تمن) کا ایڈوانس کمرے کا کرایہ مانگا جو میں نے ادا کردیا۔ 1045 پر سوگئے۔

0749 پر ناشتہ کر رہے تھے تو شوکت حسین بھی ہمارے ساتھ شریک ہوگیا۔ 0817 پر وہ چلا گیا۔ ویزہ ویلن سفارت خانہ Avenida Africa، نارمغون شرقی کیلئے 2000 تمن (2.4.137 Rs. ڈالر) پر ٹیکسی کی۔ 0943 پر ویزہ ویلن ایجنسی پہنچ گئے۔ ایجنسی میں ویزہ ویلن وصیت Abraham Clavero سے ملاقات ہوئی جسے انور پہلے بھی جانتا تھا اور اس سے اتفاق سے میرا بھی غائبانہ تعارف رکھتا۔ اس کی سیکرٹری مسز Mahshid سے بھی ملاقات ہوئی اسے بھی انور پہلے سے جانتا تھا۔ چائے پینے کے بعد اپنے کاغذات کے متعلق بتایا تو مسز Mahshid نے جانچ پڑتال کرکے کہا۔ 280 امریکن ڈالر (232400.Rs 15960 تمن) کا ڈرافٹ ویزہ ویلن ایجنسی کے نام Milli Bank سے لے آئیں جو کہ چھ فٹ پر چڑھائی پر واقع تھا۔

1102 ہم دونوں ایجنسی سے چل پڑے۔ 1111 پر سڑک کی چڑھائی چڑھتے ہوئے Banca Milli کی طرف رجوع کیا۔ میرے نام پر 80 ڈالر (66400.4560 Rs. تمن) ایجنسی کیلئے جمع کرائے۔ ویزہ ویلن پاسپورٹ renew کروانے، تصویر اور انور کے نام پر 200 امریکن ڈالر (166000.11400 Rs تمن) انور اور میری رہائش کی پاکستان میں تصدیق اور انور کے بیٹے کے نام مختارنامہ۔ 50 ڈالر (41500.2850 Rs تمن) ایک رہائش کی تصدیق کیلئے اور 100 ڈالر (83000.5700 Rs. تمن) مختارنامے کیلئے۔

میں نے 300 ڈالر (249000.17100 Rs. تمن) کے تین نوٹ دیئے تو کیشیئر نے مجھے 20 ڈالر (1140 16600.Rs تمن) واپس کر دیئے۔ 1130 بینک سے چل پڑے اور 1140 پر ایجنسی پہنچ گئے۔ ایجنسی میں ملاں کی

Marfat.com

تھی۔ ہم دو پہر سے پہلے ہی انور نے Abraham Clavero کو تحفے کے طور پر ایک قیمتی پتھر کی ایش ٹرے اور دو قیمتی ہاتھی کے تحفے دیئے جو ہم نے تہران سے خریدے تھے۔ ہم نے تمام کاغذات سیکرٹری کو دیئے۔ اس نے ہمیں رسید دے دی اور دوسرے دن دوپہر کے وقت آ کر تجدید شدہ پاسپورٹ اور دوسرے کاغذات لے لیں۔ 1251 پر ایمبیسی سے چل پڑے۔

ٹیکسی والے سے 2000 تمن (2.4،137 Rs. ڈالر) پر سفارت خانہ پاکستان، خیابان فاطمی پر جانے کے لئے طے ہوا۔ یہ ٹیکسی نہیں تھی بلکہ پرائیویٹ گاڑی Pirata کار تھی۔ سرکاری ٹیکسی والے 3000 تمن (206 Rs.3.6 ڈالر) مانگ رہے تھے۔

ہم نے سفارت خانے کے باہر کوئی فوجی یا پولیس والا نہ دیکھا اور وہ بھی سفارت خانے کے باہر۔ ایران میں تمام عورتیں سر سے پاؤں تک ملبوس اور کئی نے تو نقاب کر رکھے تھے۔ تہران میں جہاں جہاں ہم گئے کسی مرد نے سر پر ٹوپی یا ہیٹ پہنے نہیں دیکھا۔ Harrod's لندن کی ہاتھ سے بنی ہوئی ٹوپی پہن رکھی تھی۔ بہت سے لوگ سگریٹ نوشی کرتے ہیں۔ ہوٹلوں وغیرہ میں میزوں پر ایش ٹرے رکھنے کا کوئی دستور نہیں بلکہ ایش ٹرے مانگنی پڑتی ہے۔ فاطمی سٹریٹ پر چلتے ہوئے ایک شخص سگریٹ نوشی میں مصروف مگر کسی کو اس سے کوئی غرض نہ تھی۔ کسی کو قہقہہ مار کر ہنستے یا ویسے ہی مسکراتے نہ دیکھا البتہ بزرگ receptionist نے بڑی خوش اخلاقی کے ساتھ بات کی۔ بہت سے لوگ ملنے پر ایک دوسرے کو اسلام وعلیکم کہتے ہیں مگر چند ایک دوسرے کے دونوں رخساروں پر بوسے لیتے ہیں۔

1330 پر پاکستانی سفارت خانے پہنچ گئے۔ یہ بات بتانی ضروری ہے کہ پاکستان کی فارن منسٹری سے کوئی بھی کاغذات لیگل کروانے کی فیس 6 ڈالر ہے۔ سفارت اسلامی جمہوریہ پاکستان ڈاکٹر حسین فاطمی روڈ اور آعتماد زادہ سٹریٹ کے جنکشن پر ہے۔ پاسپورٹ آفیسر کا نام جمیل احمد تھا۔ 1415 جمیل احمد نے اس کے دوست انور کے ڈرائیور اکرم بھٹی بیٹے ایک بیگ میں کاغذات سفارت خانے کی reception کے دائیں ہاتھ ہوا تھا۔

لطفاً موبائل خود را این ساختمان خاموش نمایید (اپنے موبائل کو بند کر دیں۔)

سفارت خانے اور فارن منسٹری والے فیس لیتے ہیں جس آفیسر نے فرخ کا ہیلتھ سرٹیفکیٹ attest کیا تھا اس کے دستخط جو سفارت خانے کے پاس ہیں۔ اس کے بعد ہم 1420 پر ایمبیسی سے چل پڑے اور مقصود احسن نے دوبارہ واپس آنے کے لیے کہا۔ پیدل چلتے ہوئے پاکستانی سفارت خانے سے واپس بزرگ ہوٹل پہنچ گئے۔ لابی کے اگلے حصے میں بیٹھنے کی بجائے تھوڑا پیچھے کی طرف بیٹھے کیونکہ وہاں چلنا پھرنا بہتا تھا اور مین گیٹ سے لوگوں کی آمد و رفت تھی۔ انور نے لابی کے ایک ستون پر نصب ٹیلیفون سے ٹیلیفون کیا تو سیکرٹری نے جواب دیا کہ کل دوپہر کے ٹائم آ کر کاغذات لے جائیں۔ 1443 پر ریسٹورنٹ میں کھانا کھانے چلے گئے۔ Flattened fish مچھلی بغیر کانٹوں کے لئے آرڈر دیا۔ 1520 پر کھانا ختم کیا۔ 1545 پر شوکت سے لابی میں ملاقات ہوئی۔ ہم تینوں ہوٹل سے تھوڑی دور فاطمی سٹریٹ کی بائیں جانب چھ فاصلے سے چل کر بائیں طرف ایک موڑ پر ہو لئے اور چند منٹوں میں بائیں ہاتھ کی جانب Quds departmental store سے Adidas کا بیگ دوسرے فلور کے Luggage section سے خریدا۔ اگرچہ escalators نصب مگر کام نہیں کرتے تھے۔ جب میں نے سیلز مین سے ایک بیگ کی قیمت کے متعلق پوچھا تو اس نے پرائس ٹیگ کی طرف اشارہ کیا جس پر 7800 تمن (9.4،535 Rs. ڈالر) نصب تھے۔ چونکہ انور چند ایک سال قبل پہلے بھی ایران آ چکا تھا اس نے دو تین بار کہا "تخفیف" (قیمت کم کریں)۔ بغیر کسی حیل و حجت کے قیمت 6500 تمن (7.9،450 Rs. ڈالر) ہو گئی۔ انور نے پھر تخفیف کی بات شروع کی تو آخری قیمت 6000 تمن (7.3،415 Rs. ڈالر) میں بیگ خرید کر لیا۔ شوکت تو سٹور میں کہیں ادھر ادھر چلا گیا۔ اسی سٹور میں ایک ادھیڑ عمر کی خاتون کو آٹومیٹک مشین سے بلڈ پریشر چیک کرتے ہوئے دیکھا۔ قیمت 250 تمن (17

Rs.30 ڈالر) اور وزن کرنے کے بھی 250 تمن (Rs. 30،17 ڈالر) 1635 واپس ہوٹل میں سائیڈ دروازے سے داخل ہوئے۔ بائیں ہاتھ کی جانب دو لڑکیاں خاص ایرانی لباس میں ایک کمپیوٹر آفس میں کام کر رہی تھیں۔ انور نے مدیل، مغازیہ، شیوا اور شازی کو ای میل کی۔ جس کے لئے 500 تمن (Rs. 60،35 ڈالر) ادا کئے۔

کمرے میں جا کر آرام کیا۔ 1720 پر انور اور میں اٹھے۔ ہوٹل کی لابی میں وارد ہوئے۔ ابھی چند منٹ ہی ہم لابی کے اگلے حصے میں بیٹھے ہوں گے کہ مین گیٹ کے کھلنے اور بند ہونے پر ٹھنڈی ہوا کے جھونکے آنے شروع ہو جاتے لہذا ہم بائیں جانب ہوا کی زد سے ہٹ کر بیٹھ گئے۔ ایک receptionist Mr. Mehta بہت خوش اخلاقی سے پیش آتا اور اسی طرح ایک جوان ایرانی لڑکی حجاب کئے ہوئے۔ ان دونوں کی ڈیوٹی دن کے وقت تھی۔ لڑکی تو مشین کی طرح کام کرتی۔ کمپیوٹر کے مانیٹر پر نظر اور keyboard پر کام جبکہ پانچ پانچ گاہکوں کے ایک وقت میں سوالوں کے جواب دے رہی تھی۔ میں نے اس کا نام پوچھنے کی جرأت نہ کی۔ شاید ایرانی تہذیب خلاف کوئی بات نہ ہو جائے۔ لابی میں کافی شاپ پر چائے کا آرڈر دیا جس پر ویلڈ بریڈ، آئس، چپس، آئس کریم وغیرہ دستیاب اور جیلی سروس تھی۔ چائے کی ایک چینک جس میں ایک کپ سے تھوڑی زیادہ چائے تھی۔ قیمت 3000 تمن (Rs 206،3.6 ڈالر)۔ 1920 ہوٹل کے مین دروازے سے باہر نکلے۔ اس کے مخالف سائیڈ پر تھوڑی دور چل کر کئی ریسٹورینٹ تھے۔ ایک ریسٹورینٹ بنام "Honey" جو کہ فاسٹ فوڈ اور ٹیک آوٹ سروس بھی تھی۔ یہ ریسٹورینٹ تہہ منٹ میں واقع اور نہایت صاف ستھرا تھا۔ ہم دونوں نے وہی خاص ایرانی کھانا اپنی مدد آپ کے تحت کھایا۔ بل 2500 تمن (Rs 171،3 ڈالر) دونوں جیلیے۔ باہر لکھا ہوا تھا "جھت داخل رستوران" (Fast food resturant)۔

نومبر 5 بدھ وار۔ 0835 ہم دونوں بھائی جاگ اٹھے۔ 0853 میں نے الیکٹرک شیور سے باتھ روم کے اندر دوران میں شیو کی۔ تیار ہونے کے بعد ہوٹل کے ریسٹورینٹ میں ناشتے کی غرض سے گئے۔ میں نے پہلی دفعہ اس ریسٹورینٹ کے باتھ روم میں مغربی طرز کے موڈ پر resilient سیٹ کو پہلی دفعہ دیکھا جونہی اس سیٹ پر بیٹھیں تو آہستہ آہستہ press ہوتی چلی جاتی ہے۔ جب اٹھیں تو دوبارہ اپنی نارمل حالت میں آ جاتی ہے۔ 0920 ناشتہ ختم کیا۔

0958 چلتے چلتے پاکستانی سفارت خانہ میں پہنچ گئے۔ لاہور فارن منسٹری سے فیکس کا جواب آ چکا تھا کہ متعلقہ کلرک فیکس کر دیا ہے لیکن بدقسمتی سے پاسپورٹ آفیسر جلیل الرحمن تہران سے باہر تھے۔ وہی خوش اخلاق receptionist منصور حسن جو ہمارے کیس کو ڈیل کر رہا تھا۔ فرنچ کے سرٹیفکیٹ کو attest کرنے کیلئے 291 روپے (40740 تمن، 5 ڈالر) جو کہ تین میں مقررہ فیس کے برابر تھے دیئے۔ اسے 100 روپے زائد دیئے تا کہ یہ سرٹیفکیٹ ہمیں اسلام آباد سے جمرات پوسٹ کر دیا جائے۔ منصور حسن نے یہ بھی واضح کیا کہ ہر اتوار کو بذریعہ ہوائی جہاز ایمبیسی کی ڈاک اسلام آباد پہنچائی جاتی ہے اور اسی اتوار کو یہ سرٹیفکیٹ بھی اسلام آباد پہنچ جائے گا۔ انور نے اپنا Visting card اسے دے دیا کیونکہ آج شام کو ہمارا مشہد جانے کا ارادہ تھا اس لئے کہ جمعرات اور جمعہ دو دفتر بند ہوتے۔

ایمبیسی سے باہر سڑک کی دوسری طرف ایک ٹیکسی kiosk سے 2500 تمن (Rs. 171،3 ڈالر) ویزہ ویلین سفارت خانے کیلئے طے کئے۔ سفارت خانے پہنچنے سے پہلے ڈرائیور راستہ شاید بھول گیا اور اسے کافی دور کا چکر کاٹنے کے بعد سفارت خانے پہنچنا پڑا لہذا اس نے 500 تمن (Rs. 60،35 ڈالر) زائد کا مطالبہ کیا جو ہم نے پورا کر دیا۔ میرے ویزہ ویلین پاسپورٹ کی تجدید انور اور میری پاکستانی رہائش گاہ کی تصدیق اور شازی کے مختار نامہ کو attest کر دیا گیا۔ ہم سیکرٹری Mahshid اور Abraham Clavero کا شکریہ ادا کر کے 1140 پر ویزہ ویلین ایمبیسی سے باہر چل دیئے۔ اس ایمبیسی کے باتھ میں بھی اسی قسم کی resilient سیٹ جو کہ بزرگ تہران ہوٹل کے ریسٹورینٹ کے باتھ روم میں استعمال کی گئی ہوئی تھی۔

2002 میں جب انور اپنی فیملی کے ساتھ زیارتوں اور پاسپورٹ تجدید کروانے کیلئے اسی ایمبیسی میں گیا تو سفارت کار Abraham Clavero کا ڈیوٹی سنبھالنے کے بعد یہ پہلا پاسپورٹ تھا جو اس نے تجدید کیا۔ چند سال قبل جب شازی اپنی بیوی عظمیٰ کے ساتھ ویزہ ویلا کا ویزہ لگوانے اسی ایمبیسی میں گیا تو ایک سفارت کار Rodrigues تھا اس نے سب سے پہلا ویزا

Marfat.com

نمبر 001 کی چابی والا کر دیا۔

ایک ٹیکسی ڈرائیور سے 1500 تمن (Rs. 103، 1.8 ڈالر) طے کر کے بزرگ تہران ہوٹل تک 1205 کو پہنچ گئے۔ ہوٹل کی ٹریول ایجنسی ہوٹل کے سامنے والے دروازے کی طرف دوسری منزل پر واقع تھی۔ سیڑھیاں چڑھتے ہوئے پہنچے۔ ایجنسی سے ہی 20 امریکن ڈالر تبدیل کرائے ہوئے۔ 16200 تمن (Rs. 1111، 19.5 ڈالر) تھے مگر سرکاری ایکسچینج 18200 تھا۔ ہم دونوں بھائیوں کا ائیر ٹکٹ تہران سے مشہد 51000 تمن (Rs. 3505، 61.5 ڈالر) کے تھے۔ 1330 پر ہم نے اپنے ٹکٹ حاصل کر لے۔ 1432 ہوٹل کے ریسٹورنٹ میں میز نمبر 5 پر کھانا کھانے کیلئے بیٹھ گئے۔ ہم نے صرف Chiloo kabab کھائے جس کا آرڈر دیا گیا۔ باقی لوازمات ہوٹل کی ٹیبل پر رکھی تھے۔ چونکہ کھانا بہت زیادہ تھا ہم نے باقی کھانے کو پیک کروالیا۔ یہ بھی عرض کرتا چلوں کہ میزوں پر toothpicks رکھنے کا کوئی رواج نہ تھا ان کیلئے ویٹر کو کہنا پڑتا ہے۔

1605 اپنے اپنے بستروں پر دراز ہو گئے۔ انور حسب عادت بستر پر لیٹنے کے بعد فوراً ہی سو گیا۔ پھر 1610 شازی، غزالہ رابعہ (دونوں بیٹیاں، راقم کی بیوی) کو پاکستان ٹیلیفون کیا۔ خیر خیریت کی خبر وصول ہوئی۔ پاکستانی سفارت خانے میں مقصود حسن کو فون کیا تو پتہ چلا کہ فرخ کا سرٹیفکیٹ پاسپورٹ آفیسر کے PA کے میز پر پڑا ہوا ہے مگر وہ ابھی تک واپس نہیں لوٹا۔ ہم نے اسے کہہ دیا کہ اگر وہ [illegible] شازی والا نمبر دوبارہ ویزہ دیا جا رہا ہے اور یہ سرٹیفکیٹ وہ ویزہ ویلین قونسلیٹ سے لنڈن میں attest کروائے [illegible] کچھ دیر بعد دوبارہ مقصود حسن کو ٹیلیفون کیا تو اس نے ہمیں اسلام آباد فارن منسٹری کے آفیسر جس کے پاس یہ سرٹیفکیٹ پوسٹ کے ذریعے پہنچنا تھا [illegible] ایڈریس دیا۔ [illegible] (کان میں سننے والی مشین لگاتا ہے)، پانچویں منزل فون نمبر 501، اسلام آباد ہیں فارن منسٹری کی reception سے اس نمبر پر رابطہ کرنے کو کہا۔ مقصود حسن نے یقین دہانی کروائی کہ آنے والے اتوار کو سرٹیفکیٹ [illegible] پہنچ جائے گا۔ اس نے یہ بھی کہا کہ جب تمہیں سرٹیفکیٹ مل جائے تو اس کو فون یا خط کے ذریعے اطلاع دیں دینا۔ 1653 دوبارہ بستر پر دراز۔ 1759 پر تیار ہو کر ہوٹل کے [illegible] آفس میں گئے۔ یہ پتہ کرنے گئے کہ کوئی ای میل کا جواب آیا ہے کہ نہیں۔ ای میل کا جواب نہیں آیا۔ پیسے 70 تمن (پچاس پیسے)۔

موبائل ٹیلیفون کا استعمال عام دیکھنے میں آیا۔ آج دو دفعہ فوجی یا پولیس مین کو دیکھنے کا اتفاق ہوا جو خاکی وردی میں ملبوس اور [illegible] پر مشغول رہتے ہوئے تھے۔ 2010 منٹ پر واپس پہنچے جو کھانا ریسٹورنٹ سے دوپہر کو پیک کرکے لائے تھے، کمرے میں بیٹھ کر کھایا۔ 2045 بستر میں دراز ہو گئے۔ فضول قسم کے ٹی وی چینلز۔ صرف بعض اوقات BBC چینل پر کچھ دیکھنے لائق تھا۔

جمعرات 6 نومبر۔ ایک دو دن سے آرام سے نہیں سو رہا تھا۔ 0640 ہم دونوں بھائی اٹھ کھڑے ہوئے۔

Power supply۔ کئی دن سے ہم اس ہوٹل میں ٹھہرے reception سے کمرے کی لائٹس کے متعلق شکایت کرتے۔ ہوٹل کی [illegible] آکر چیک کرتا اور اس غرض کیلئے وہ Key card کو باکس میں داخل کرتا تو لائٹس کی کوئی پرابلم نہ تھی۔ کل شام کو میں نے پہلی دفعہ نوٹ کیا کہ ہم Key card کو صحیح طریقے سے استعمال نہیں کر رہے۔ ہونا اس طرح چاہئے تھا کہ Key card پر [illegible] سپورٹ والی سائیڈ ڈالنے والے کی طرف ہونی چاہئے۔ نہ کہ دیوار کی طرف۔ کارڈ داخل کرنے سے تین بیڈ روم کے چھت میں built-in لائٹس وہاں میں اور ٹی وی ریڈیو آن ہو جاتے۔ باتھ روم کی built-in لائٹس اور کمرے کی مغربی دیوار میں لائٹ بلب نائٹ ٹیبل میں لگے ہوئے سوئچ سے آن آف ہوتے۔ مغربی دیوار میں لائٹ بلب کے سوئچ کے تھوڑی نیچے کمرے کے ٹمریچر کو کنٹرول کرنے کیلئے تھرموسٹیٹ لگا ہوا تھا۔ پہلی دفعہ میں نے دیکھا کہ ایک فائیو سٹار ہوٹل میں ٹیبل لیمپ ہی نہ ہے۔

بالکونی کے دروازے کا ہینڈل ان فٹ کر دیا گیا اس وجہ سے دروازہ بند نہ ہو سکتا تھا۔ یہ کنسٹرکشن کی سب سے بڑی خرابی تھی۔ [illegible] دوسرے کمروں کی بالکونی کا بھی یہی حشر ہو۔ ٹب کے کرٹن کی راڈ اپنی سپورٹ سے سلپ کر چکی تھی۔ مغرب میں اس کا سرا تاول ریک پر اٹکا ہوا اور مشرق والا سرا دیوار میں لگے ہوئے شیشے کے اوپر۔ باتھ روم کا فرش اگرچہ نہایت قیمتی مگر ٹب کا فرش کھردرا نہ تھا اور نہ ہی سہارا لینے کیلئے کوئی vertical راڈ لگی ہوئی تھی جس سے پھسلنے کا شدید امکان تھا۔ ہم تو نہانے کیلئے تاول ٹب میں رکھ کر پھر اوپر سے شاور لیتے۔ 0740 پر میں نے الیکٹرک شیور کی مدد سے شیو کرنا شروع کی اور تقریباً تین منٹ میں ختم کر لی۔

Marfat.com

تیار ہونے کے بعد نیچے ہوٹل کی لابی میں پہنچ گئے دائیں جانب ایک rack لگا ہوا تھا جس میں ایران سے فارسی اور انگلش اخبار فری تھے۔ میں نے تہران ٹائمز اخبار اٹھالیا۔ موسم خوشگوار تھا پہلی دفعہ میں نے جیکٹ کے نیچے سے سویٹر اتار دیا۔ 0810 ہوٹل کے ریسٹورینٹ میں ناشتے کیلئے داخل ہوئے۔ 0845 منٹ پر ناشتہ ختم کر دیا۔ چائے کے کئی کپ پیئے۔ ان کے مختلف برانڈ تھے۔ روز کی ذائقے اور خوشبو کے لحاظ سے بہترین ہے۔ دوبارہ کمرے میں چند ایک کاغذات لینے کیلئے پہنچ گئے اور 1047 منٹ پر ہوٹل سے ہم ڈالر چینج کرانے کیلئے چل پڑے۔ کوئی پانچ منٹ چلے ہوں گے تو سڑک کی دائیں جانب ایک بینک کا نام پڑھا۔ Bank Saderat Iran (میرے خیال میں یہ ایران کا سینٹرل بینک ہے) 963 Dr. Fatemi Avenue جب بینک میں داخل ہوئے تو پہلی منزل پر ایکسچینج ڈیپارٹمنٹ تھا۔ معمول کے مطابق سر سے پاؤں تک کالے لباس میں ملبوس لڑکیاں سوائے چہرے کے کمپیوٹرز پر مصروف تھیں جو اس سیکشن کا انچارج تھا میں نے اسے 100 ڈالر کا نیا نوٹ دیا۔ اس نے نوٹ کو غور سے دیکھا تو اس میں پن کے تین نشان تھے لہذا اس نے دوسرا نوٹ طلب کیا۔ 100 ڈالر کے 83,000 تمن (Rs. 5700)۔ ایک کلرک نوٹ کیشیئر کی کھڑکی پر لے آیا۔ اسے وہ چٹ دیا اور مندرجہ بالا رقم وصول کی۔ تمام بینکوں میں آٹومیٹک کاؤنٹنگ مشین لگی ہوئی ہیں ہاتھ سے کوئی بھی نوٹ نہیں گنتا۔ نوٹوں کا ایک بنڈل ٹرے میں سیدھا رکھتے ہیں اور سیکنڈوں میں نوٹ گنے جاتے ہیں۔ مشینیں دو قسم کی ہیں۔ ایک جو صرف نوٹ ہی گنتی ہیں اور دوسری نوٹ گننے کے علاوہ جعلی نوٹوں کی شناخت بھی کر لیتی ہیں۔ میرے لئے یہ نئی بات تھی۔ (ضمیمہ 188) تہران ایک لیول شہر نہیں ہے۔ سڑکیں کشادہ مگر کہیں چڑھائی اور کہیں اترائی پر بنی ہیں۔

ہوٹل کا چیک آؤٹ ٹائم 1400 تھا لیکن request پر 1600 تک ٹھہر سکتے ہیں۔ ہم ہوٹل میں واپس لوٹے تو میں نے اپنے بائیں بازو پر امام ضامن باندھ لئے کیونکہ رات کو مشہد کیلئے سفر کرنا تھا۔ عجیب اتفاق ہے زندگی میں پہلی دفعہ میں چپل سلیپر آغا سجاد کے گھر لاہور میں ہی بھول گیا حالانکہ مجھے سفر کے دوران ایسا اتفاق کبھی نہیں ہوا۔ ہوٹل سے باہر نکل کر بازار میں چیزوں کی خرید و فروخت کیلئے چل پڑے۔ دائیں جانب ایک دواخانہ آفتاب جو کہ بیسمنٹ میں واقع تھا۔ یہاں سے Metronidazole کے دو پتے خریدے ہر پتے میں دس گولیاں 250 mg کی ایک گولی اور ان کی قیمت 170 تمن (Rs.12، .20 ڈالر)۔ انور نے اپنی بہوؤں کیلئے ایک facial کریم خریدی۔ قیمت 3500 تمن (Rs 240، 4.2 ڈالر) تھی۔

تھوڑی دور چلنے کے بعد اسی روڈ میں ایک دکان سے میں نے اپنے لئے ایک ہیٹ خریدا۔ قیمت 850 تمن (Rs.70، 1.2 ڈالر)۔ واپس ہوٹل پہنچے۔ 1317 منٹ پر کھانے میں سوپ، سلاد اور صرف روٹی منگوائی کیونکہ Chiloo kabab ایک شخص کیلئے بہت زیادہ ہوتے ہیں۔ 1327 منٹ پر کھانا ختم کیا۔ واپس اپنے کمرے میں پہنچ گئے۔ 1342 منٹ میں نے 0.25 ملی گرام کی آدھی Zanax کی گولی کھائی کیونکہ میرے ہاتھ پاؤں ٹھنڈے اور میں نے وہی کیفیت محسوس کی جیسے ... مشہد پر جہاز کی اترائی کے وقت۔

ہوٹل میں 382 امریکن ڈالر (Rs. 22156، 305600 تمن) میں ادائیگی کر کے check out کیا۔ ہوٹل کی ادائیگی یا تو امریکن ڈالر یا یورو میں کی جاتی ہے لیکن change ہمیشہ تمن میں ہی واپس کرتے ہیں۔ یہ مسافروں کو دھوکہ دینے کا انوکھا طریقہ ہے۔ عذر یہ پیش کیا جاتا ہے کہ ان کے پاس ڈالر یا یورو change میں واپس کرنے کیلئے نہیں ہیں۔ اس طرح ہوٹل کا بل یوں ہے۔ پانچ راتیں ہر رات کے 53,300 تمن (Rs. 3876، 68 ڈالر)۔ جس میں سوائے ناشتے کے دوپہر اور شام کا کھانا شامل نہیں۔ ٹوٹل 308676 تمن (Rs. 22156، 382 ڈالر)۔ حالانکہ ہم چند گھنٹے اور ٹھہر سکتے تھے مگر ہم دونوں کی طبیعت ہر کام میں جلدی کی ہے ہم نے یہی بہتر سمجھا کہ ائرپورٹ پر جلدی پہنچ جائیں۔ یہ فلائیٹ ٹائم سے 6 گھنٹے پہلے کا وقت تھا۔ Mahan Airlines کی فلائیٹ مشہد کیلئے 2200 منٹ کے ٹائم پر تھی۔ 1605 منٹ پر ہوٹل کی ٹیکسی سروس سے ٹیکسی لی اور 2500 تمن (Rs. 171، 3 ڈالر) میں Aleahmed Expressway سے ہوتے ہوئے Mehrabad ائرپورٹ تک کرایہ طے پایا۔ 1647 پر Mehrabad انٹرنیشنل ائرپورٹ چوتھے ٹرمینل پر پہنچے۔ جب ائرپورٹ کی طرف روانہ ہو رہے تھے تو ائرپورٹ کے قریب پہلی دفعہ کاروں کا ایکسیڈنٹ دیکھا مگر سوائے متعلقہ پارٹیوں کے کوئی دوسرا فرد نہ تھا۔

Marfat.com

دو کشادہ Departure lounges ایک دوسری کے پیچھے مگر ٹی وی کی سہولت صرف پہلی لاؤنج پر تھی۔ مسافروں کیلئے انتظار کی خاطر بجائے کرسیوں کے قیمتی صوفے۔ دونوں lounges میں مختلف قسم کی دکانات۔ ٹائیلٹ اور واش بیسن کی کمی نہ تھی۔ نہایت صاف اور ستھرے۔ ہم دوسری لاؤنج میں بیٹھ گئے۔ انور کاؤنٹر پر چیک کرنے کیلئے گیا۔ شاید کسی دوسری ائرلائن کی سیٹ کینسل ہوئی ہو تو ہم کسی پہلی فلائیٹ سے مشہد پہنچ جائیں۔ ٹرالی check-in کاؤنٹر کے barrier تک لے جاسکتے ہیں۔ حیرانگی کی بات ہے کہ ایک ہی ریسٹورینٹ تھا مگر وہ بھی بند البتہ بائیں ہاتھ لاؤنج سے باہر چند ایک چائے وغیرہ کی دکانات تھیں۔ منرل واٹر کی چھوٹی بوتل کی قیمت 300 تمن (36.21 Rs ڈالر)۔ انور نے دو خرید کر لائیں ایک میرے لئے اور ایک اپنے لئے۔

لاؤنج کی بائیں دیوار پر جلی حروف میں لکھا ہوا تھا "Hijab is like a nacre and woman as a pearl inside" اور اس کے اوپر فارسی میں ترجمہ۔ جس لاؤنج میں ہم بیٹھے ہوئے تھے۔ وہاں صرف دو ہی مغربی قسم کے toilet اور باقی مشرقی ساخت کے۔ جب ہم انتظار کر رہے تھے تو ہم نے باقی ماندہ کاجو، پستہ اور بادام وغیرہ کھائے جو کہ تہران میں خریدے تھے۔ انور تھوڑی دیر بعد پلاسٹک کے کپ میں دو عدد چائے ایک ٹرے میں رکھ کر جس میں ایک napkin، چھوٹے شوگر کیوب اور پلاسٹک کے دو چمچ تھے، لے آیا۔ ائرپورٹ ہونے کی وجہ سے قیمت دو چائے کیلئے 300 تمن (36.21 Rs. ڈالر) تھی۔ ورنہ 100، 50 تمن۔ میں نے باتھ روم استعمال کرنے کی ضرورت محسوس کی لہذا میں مغربی طرز کے ٹائیلٹ سے مشرقی طرز کے ٹائیلٹ میں داخل ہوا۔ یہاں بھی کوئی ٹائیلٹ پیپر نہ تھا۔ ٹائیلٹ پیپر کی بجائے ایک ٹیلی فون کی تار کی طرح پائپ جو گرم اور ٹھنڈے پانی کی ٹیپ سے منسلک تھی جس کی رسائی عین "پشت" تک۔ مغربی طرز کے ٹائیلٹ میں ٹائیلٹ رول مگر اور مشرقی طرز کا اوپر بیان کیا ہوا سسٹم تھا۔ جب میں رفع حاجت سے فارغ ہو کر واش بیسن استعمال کرنے لگا تو ٹونٹی کے اوپر کوئی بھی taps نہ لگی ہوئی تھی جنہیں کھولنے سے پانی آئے۔ چند منٹ یونہی تو میں پریشانی میں مبتلا رہا تو میرے دائیں ہاتھ کی طرف ایک صاحب جو کہ واش بیسن (ضمیمہ 189) کو استعمال کر رہے تھے، اشارہ میں کہا "اپنے ہاتھ ٹونٹی کے نیچے کریں تو پانی آنا شروع ہو جائے گا" لیکن صرف ٹھنڈا پانی ہی۔ گرم پانی کا کوئی انتظام نہ تھا۔ جب ہاتھ ہٹائیں تو پانی بند ہو جاتا ہے۔ جب میں گرم ہوا کے dispenser سے ہاتھ خشک کرنے لگا تو دیکھا کہ اس کے اوپر بیسن کے سامنے دیوار پر ایک شیشہ نصب تھا جس کے نیچے بائیں جانب ایک الیکٹرک کی ساکٹ لگی ہوئی تھی۔ اچانک مجھے احساس ہوا۔ یقیناً یہ ایسے شیور کے استعمال میں لانے کیلئے ہوگی۔ میں نے آزمائش کے طور پر اپنا الیکٹرک شیور لگایا اور شیو کرنا شروع کر دی۔ تو ایک جرمن جو کہ میرے ساتھ والے واش بیسن سے ہاتھ دھو رہا تھا، نے میری طرف دیکھا مسکرایا اور جب میں نے شیو ختم کیا تو اس نے بھی اپنے بیگ سے ایک شیور نکال کر شیو کرنا شروع کر دی۔

جہاز کی پرواز کا انتظار کرنے تک میں نے کافی وقت گزارا۔ 1830 میں انور کی دائیں ہاتھ اور ہماری ٹرالی جس پر ہمارے چار بیگ تھے ہمارے سامنے تھی۔ لاؤنج میں ضرورت سے زیادہ ہی رش تھا۔ اگر یہ حالت اندرون ملک پرواز کے ٹرمینل کی تھی تو بیرون ملک پرواز کے ٹرمینل ایک، دو اور تین پر کیا حال ہوگا۔ جیسا کہ فلائیٹ بورڈ پر لکھا ہوا تھا اکثریت کی پروازیں مشہد جانے والی تھیں کیونکہ weekend یعنی کہ جمعرات اور جمعہ کو لوگ امام رضا کے روزے پر عبادت کیلئے جاتے ہیں۔

شام کا وقت تھا۔ حسب معمول بلڈ پریشر کیلئے Norvasc 5mg اور Zanax 0.25 mg کی آدھی گولی کھائی۔ ویسے تو ایران میں مردوں کو ایک دوسرے کو greet کرتے ہوئے دیکھا۔ ہماری لاؤنج میں کچھ زیادہ ہی لوگ جب ملتے تو رخسار پر تین دفعہ بوسہ لیتے۔ چند ایک کو سلام وعلیکم کہتے ہوئے بھی سنا۔ ٹیکسی ڈرائیور بہت کم دھوکہ دہی سے کام لیتے ہیں اور وہ بھی foreigners کے ساتھ جیسے کہ اوپر ذکر کیا جا چکا ہے۔ ہمیں ویزہ ولین سفارت خانے پر پہنچنے تک 500 تمن زیادہ دینے پڑے۔ 2030 پر اپنے تینوں بیگ لے کر check-in کروا لیا۔ جب barrier سے گزرے تو مسافروں کو مکمل طور پر Metal detectors سے چیک کیا گیا۔ چیک ان ہونے کے بعد ہم ایک دوسری کشادہ لاؤنج میں پہنچ گئے جو کہ نہایت شفاف ستھری اور ہر طرف لائیٹ سے جگمگا رہی تھی۔ اس لاؤنج کے دو رویہ ہر ایک طرف ایک لائن میں دکانیں تھیں جو کہ مختلف قسم کے سوئیٹس ڈرنکس اور تحفے تحائف بیچنے کیلئے تھیں۔ اگرچہ ہمارا check-in ٹائم 2130 تھا۔ ایک گھنٹہ پہلے ہی check-in کرنا شروع کر

Marfat.com

دیا۔ بورڈنگ کارڈ پر انور کی سیٹ 14A اور میری 14B تھی۔ ائرپورٹ پر ہر طرف لوگ ہی لوگ نظر آتے ہیں جیسا کہ حکومت نے انہیں دبا دیا ہو لیکن عمارت ہر طرف نظر آتی ہے۔ اکثر ٹریفک جام دیکھنے میں آئے۔ اگرچہ ایران میں بھی نوٹ نہایت گندے ہیں لیکن ان کو پن نہیں لگائی جاتی۔ لوگ امریکن لوگوں سے نفرت کرتے مگر امریکن ڈالروں کیلئے پاگل ہیں۔ موٹر بائیک والے بے ڈھنگے انتظار کرنے کا شعور نہیں۔ اگرچہ میں نے تہران میں بوڑھے، مرد، عورتوں کی قاطمی سٹریٹ پر لمبی لمبی قطاریں دیکھی ہیں جو کہ شاید اپنی پنشن، Social benefits یا راشن وغیرہ لینے کیلئے کھڑے ہوں۔

2124 ہم مشہد کیلئے Departure gate سے گزرے اور 2126 منٹ پر جہاز تک رسائی کیلئے بس میں بیٹھے۔ 2128 منٹ پر بس ہوائی جہاز کے تھوڑی دور کھڑی ہوئی۔ پہلے جہاز کی سیڑھیوں پر میں چڑھا اور میرے پیچھے انور ایک بیگ اٹھائے ہوئے۔ جب ہوائی جہاز میں داخل ہو کر اپنی اپنی سیٹوں پر بیٹھ گئے تو چند ایک مسافر موبائل استعمال کر رہے تھے۔ حالانکہ جہاز میں استعمال ممنوع ہے۔ جہاز نے ٹیک آف کیا۔ 2207 پر کھانا تقسیم کیا گیا۔ 2234 پر ہم نے کھانا ختم کیا۔ جب جہاز نے ابھی اترائی شروع ہی کی تو ائر ہوسٹس نے خالی ٹرے اکٹھی کرنی شروع کر دیں۔ 2245 پر جہاز کے Wheel carriage کی آواز آئی۔ 2256 جہاز نے Touch down کیا اور 2303 ائرپورٹ پر کھڑا ہو گیا۔ ہوائی جہاز بالکل ٹرمینل بلڈنگ کے قریب رکا۔ مشہد کے انٹرنیشنل ائرپورٹ پر پہنچے تو سامان کو Conveyor belt سے لینے کیلئے کافی دیر لگ گئی۔ سخت سردی تھی۔ آخر کار انور نے بیگ ٹرالی پر لاد لئے۔ جب ٹرالی لے کر ٹرمینل سے باہر نکلے تو ایک کشادہ سڑک کے اس پار ٹیکسی بوتھ کا جو شخص انچارج تھا وہ کوئی پاگل قسم کا انسان واقع ہوا۔ ادھر ادھر دوڑ لگا رکھی تھی مسافروں اور ٹیکسی والوں میں باتیں کرنے میں مصروف۔ نہایت بدانتظامی کا سماں۔ ہم نے ایک مسافر سے پوچھا کہ ٹیکسی حاصل کرنے کا کیا طریقہ ہے۔ وہ انگلش نہ جانتا۔ اس نے ایک خاکی رنگ کے کمرے کی طرف جو کہ ٹیکسی بوتھ کے باہر ایک دیوار پر لٹکے ہوئے کی طرف اشارہ کیا جس پر 15 لکھا ہوا تھا۔ اس نے کہا "شمارہ" جس کا مطلب 15 ٹیکسیاں جا چکی ہیں۔ انور نے ٹیکسی والے کی طرف رجوع کیا تو اس نے ایک خاکی گتے کا ٹکڑا دیا جس پر 25 لکھا ہوا تھا یعنی ہماری ٹیکسی 25 نمبر ہوگی۔ اتنی بدنظمی اور سردی کہ میری عمر کا آدمی اور بیمار حالت میں برداشت نہ کر سکتا۔ یہ بیان کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ ٹیکسیوں پر اس قسم کے کوئی نمبر نہ لکھے ہوئے تھے۔ بس انچارج نے جب کوئی ٹیکسی آ کر رکتی تو اشارہ کرنا تھا۔ یہ تمہاری ٹیکسی ہے۔ مسافر اتنی جلدی میں تھے کہ کسی نے بھی مشہد شہر جانے کیلئے ٹیکسی ڈرائیور سے کرایہ سے متعلق پوچھ گچھ نہ کی۔

جب ہم ٹیکسی میں سوار ہوئے تو ہم دونوں بھائی ٹیکسی کی پچھلی سیٹوں پر اور ہمارا سامان اس کے ٹرنک میں۔ دور سے ہی ہم نے امام رضا کا چمکتا دمکتا مزار دیکھا۔ ہمارا ہوٹل امام رضا پلازہ کی دائیں جانب تھا۔ انور نے ٹیکسی ڈرائیور کو 2000 تمن (137 Rs،2.4 ڈالر) دیئے اور تین بیگ اٹھائے۔

جمعہ 7 نومبر: 0012 ہوٹل کی ریسیپشن میں داخل ہوئے۔ بزرگ تہران ہوٹل سے ٹریول ایجنٹ (Bozorg Tehran Travel & Tour Co. P. J. S. corner Motahari Vali-e-Sar Av) نے مشہد میں ہمارا ہوٹل Grand Atlas (بزرگ اٹلس) بک کروا دیا تھا۔ ہم دونوں کے ایک رات کے لئے 32070 تمن (2223 Rs،39 ڈالر) receptionist نے ہمارے پاسپورٹ لئے۔ ہمارا رجسٹریشن فارم پُر کیا اور کمرہ نمبر 722 کی چابی دے دی۔ ایک پورٹر نے ہمارا سامان لفٹ میں رکھا اور اپنے کمرے تک پہنچ گئے۔ اس وقت تو ہم جلدی میں تھے پورٹر کو ٹپ وغیرہ نہ دی لیکن بعد میں 200 تمن (Rs. 14.25، 25. ڈالر) دیئے۔ سامان کو جلدی جلدی سامان کو ترتیب دی اور سیڑھیاں اترتے ہوئے امام رضا کے روزے کی طرف چل پڑے۔ مشہد پہنچ کر یہ ہمارا اولین فرض تھا۔

امام رضا کا روزہ ایک نہایت وسیع کمپلیکس ہے۔ بیرونی باؤنڈری پر ایک check-up کمرے میں ہمیں چیک کیا گیا اور احاطے میں کافی دیر چلنے کے بعد امام رضا کے روزے تک رسائی ممکن ہوئی۔ جوتے جمع کروانے کیلئے کئی بوتھ تھے مگر بغیر کسی چارج کے جوتے لے کر ایک نمبر دے دیا جاتا ہے۔ امام رضا کے مزار کی دیوار کو مس کرنا بڑا دشوار مرحلہ تھا۔ جی تو یہی چاہتا کہ کچھ دیر وہاں بیٹھ کر عبادت کی جائے مگر ہم تھکے ہوئے تھے۔ 0130 پر واپس ہوٹل پہنچے۔

Marfat.com

ہوٹل کے کمرے اور ہال میں قیمتی قالین بچھے ہوئے تھے۔ ہمارے بستروں کے درمیان شمال والی دیوار کی طرف نائیٹ ٹیبل، دوسری طرف جنوبی دیوار میں ٹی وی سیٹ۔ اس سے بائیں ہاتھ کو ایک بہت بڑی شیشے کی کھڑکی، جہاں سے امام رضاؑ کا روضہ نظر آتا۔ میرے بستر بال میں داخل ہونے کے بعد بائیں جانب اور انور کا اس کے متوازی ٹیبل لیمپ کی بائیں طرف۔ میز پر کوئی ٹیبل فین نہ تھا البتہ ٹیلیفون اور ریڈیو کی سہولت میسر تھیں۔ ایک بڑا پیڈسٹل ٹیبل لیمپ جس پر غیر معمولی چوڑائی کا ٹیبل لیمپ، انور کے سرہانے کی جانب رکھا ہوا تھا۔ ایک بڑا شیشہ ڈریسنگ ٹیبل کے ساتھ اور ٹیبل کے پاس ایک سٹول۔ جائے نماز خاکِ شفا اور امام رضاؑ کے متعلق ایک کتاب بھی میسر تھی۔ دو سنگل صوفے اور ایک مستطیل میز ان دونوں صوفوں کے درمیان جنوبی دیوار میں ہمارے بستر کے دوسری طرف پڑے ہوئے تھے۔ میرے بستر کی دائیں جانب جنوبی دیوار کے ساتھ ایک چھوٹا سا کچن، ریفریجریٹر اور کھانا پکانے کے برتن مہیا تھے۔ جب کمرے میں داخل ہوں تو بائیں جانب باتھ روم جس میں مشرقی اور مغربی طرز کا پاٹ اور مغربی موڈ۔ کوئی بیت روم اور ٹب وغیرہ نہیں تھا البتہ شاور کا بندوبست کیا ہوا۔ باتھ روم میں داخل ہونے کیلئے نفیس لکڑی کا دروازہ۔

کمرے میں داخل ہوں تو ہال کی دائیں جانب دیوار پر ایک نوٹس تھا: "Please hang key to connect electricity" اور اس کے اوپر چابی لگانے کیلئے ایک ٹب لگا ہوا تھا۔ یہاں پر بھی موڈ کی سیٹ resilient تھی۔ جیسا کہ اوپر ذکر ہو چکا ہے۔ یہ ایک خاص میکانزم ہے تاکہ بیٹھنے والا آرام محسوس کرے۔

صبح سحری پر رات کو نہ اٹھے اور سیڑھیاں اترتے ہوئے ایک وسیع ریسٹورینٹ میں 0755 پر بوفے طرز کا ناشتہ شروع کیا۔ ہوٹل کی منزل 11 تھی۔ اس وسیع ریسٹورینٹ کے دونوں جانب شیشے کی دیواریں تھیں۔ ناشتہ تقریباً اسی قسم کا جیسے کہ بزرگ تہران میں کیا تھا۔ یہاں پر اُبلے ہوئے اور فرائید انڈے بھی تھے لیکن خربوزہ وغیرہ کوئی نہ تھا۔ 0850 روٹی کے ٹکڑوں سے ناشتہ ختم کیا۔ یہاں پر بھی ایش ٹرے اور toothpick مانگنے پڑتے۔ بادل چھائے ہوئے اور ریسٹورینٹ میں کافی ٹھنڈک تھی۔ جگہ جگہ نوٹس لگے تھے۔ رسائی کیلئے سیڑھیاں یا لفٹ استعمال کیے جا سکتے ہیں۔

ناشتہ کرنے کے بعد جب ریسیپشن پر کمرے کی چابی واپس کرنے کیلئے گئے تو ہوٹل کے مالک نے کہا "اپنے پاسپورٹ ساتھ لے جائیں تاکہ ان کے دکھانے پر امام رضاؑ کے روضہ کی انتظامیہ مہمانوں کے دو ٹوکن دے دے تو آپ جب تک یہاں ہیں کسی ایک وقت کا کھانا روضہ کی طرف سے مہمان کے طور پر لطف اندوز ہو سکتے ہیں۔"

امام رضاؑ کے روضہ کی جنوبی دیوار پر check-in ہونے کے بعد ہمیں صحن میں سے کافی لمبا فاصلہ طے کرنا پڑا تو بائیں ہاتھ کی جانب انتظامیہ کے دفتر میں داخل ہوئے۔ انہوں نے ہم دونوں کے پاسپورٹ پر سٹیمپ لگا دی اور ساتھ ہی تاکید کی کہ صرف ایک بار روضہ کی طرف سے مہمان کے طور پر آپ دونوں کھانے پر مدعو ہیں۔ ہمیں روزے کے متعلق چند ایک فری پمفلٹ بھی دیئے گئے۔ ہلکی ہلکی بوندا باندی شروع ہو گئی۔ واپسی پر امام رضاؑ کے روضے کے احاطے سے باہر بائیں ہاتھ کی جانب Window shoipping کی لیکن کوئی چیز پسند نہ آئی یا کوالٹی اچھی نہ تھی۔ ایک دکاندار جسے انور دو سال قبل مل چکا تھا، لاہور کا رہائشی۔ اس نے مشورہ دیا کہ "ہلال احمر" جائیں "(Sajjad Boulevard)" یا "بازار جنت" میں اچھی کوالٹی کی اشیاء دستیاب ہیں۔ چونکہ جمعہ یعنی کہ چھٹی کا دن تھا ہم نے بعد میں خریداری کا فیصلہ کیا۔ ٹیکسی والے کو 1000 تمن (Rs. 1.2،69 ڈالر) دیئے۔ تمام دکانیں بند۔ اسی ٹیکسی میں واپس ہوٹل ہونے کا ارادہ کیا۔ ٹیکسی ڈرائیور نے ٹوٹی پھوٹی انگلش میں پوچھا "کیا آپ لوگ سگریٹ پیتے ہیں؟" اور فوراً ہی ایک سگریٹ نکال کر پیش کر دیا۔

انور نے جواب دیا "No یہ بھائی سگار پینے کا عادی ہے مگر یہ ماہِ رمضان ہے۔" ڈرائیور نے سُنی اَن سُنی کر دی اور مزے سے سگریٹ پیتا رہا۔ ہوٹل کے قریب ٹیکسی سے اترے تو انور ایک گورنمنٹ ٹیلیفون کے دفتر سے واقف تھا، وہاں پہنچ گئے۔ انور نے کاغذ کے ایک ٹکڑے پر جرات شاہ کا ٹیلیفون نمبر لکھ کر دیا۔ لڑکی نے 3000 ہزار (Rs. 3.6،2988 ڈالر) تمن کا مطالبہ کیا۔ چند منٹ کے بعد اس نے 24 نمبر بوتھ میں جانے کیلئے کہا۔ انور نے auricular اُٹھایا مگر کوئی رابطہ نہ تھا۔ پھر اس نے میرے گھر ٹیلیفون کیا تو فوزیہ نے سنا اور اسے اطلاع دی کہ ہم مشہد میں ہیں اور اتوار کو واپس آجائیں گے۔ اُسے انور کے گھر ٹیلیفون کرنے کیلئے

Marfat.com

بھی کہا۔ فرخ کے متعلق بھی پوچھا۔ ٹیلیفون receptionist نے 500 تمن (60.35 Rs. ڈالر) کاٹ کے اور 2500 تمن (3.174 Rs. ڈالر) واپس کر دیئے۔

1012 ٹیلیفون کے دفتر سے چل پڑے۔ ہوٹل کے reception پر دوبارہ اپنا پاسپورٹ جمع کروا دیئے اور کمرے کی چابی حاصل کی۔ 1032 پر لفٹ لے کر اپنے کمرے میں پہنچ گئے اور میں چن ٹیبل کے ساتھ والے صوفے پر بیٹھ گیا جبکہ انور دوسرے صوفے پر میز کی دائیں ہاتھ۔

سردی ہونے کی وجہ سے ہیٹنگ سسٹم صرف ہوٹل کے کمروں میں ہی آن تھا۔ یہ ہوٹل بھی کافی وسیع سفید سنگ مرمر سے مزین اسی قسم کا سنگ مرمر پرائیویٹ اور پبلک عمارات میں دیکھا گیا۔ 1313 مشہد ہوٹل کے ریسٹورینٹ میں ماش کی دال سلاد اور روٹی کھائی۔ 1400 پر انور نے ریسٹورینٹ کے attendant سے ایک پلاسٹک کا can لے کر امام رضا کے روزے کی طرف چل پڑے تاکہ اس can کو امام رضا کے روزے سے پانی بھر کر وہاں ہی مس کر لیا جائے۔ میں سیڑھیوں سے ہوتا ہوا اپنے کمرے میں چلا گیا۔ 1545 پر واپس لوٹا لے کر تو ایک can گیا تھا مگر امام رضا کے روزے سے دو پانی کے بھرے ہوئے can واپس لے آئے۔ 1635 پر میں نے کچھ آرام کرنے کے بعد بستر میں ہی حضرت ابوالفضل عباس کی ایک کتاب کا مطالعہ شروع کیا جو کہ امام رضا کی انتظامیہ کی طرف سے تحفتاً دی گئی تھی۔ جیسے کہ کل دوپہر کے وقت بزرگ تہران ہوٹل میں مجھے دل جلنے کی تکلیف محسوس ہوئی اسی طرح اب بھی محسوس ہو رہی تھی۔ لہٰذا میں نے آدھی گولی 0.5mg Zanax کی استعمال کی۔ انور سوا پانچ میں سیڑھیوں اترتا ہوا نیچے ہوٹل کے لاؤنج میں ایک صوفے پر بیٹھ گیا اور ٹیلی وژن پر بی بی سی کی انگلش چینل سے محظوظ ہوا۔ تھوڑی دیر بعد انور بھی نیچے آ گیا اور 500 تمن (60.35 Rs. ڈالر) کے کاجو اور کالی چنے خرید کر لے آیا۔ ویٹر کو چائے کیلئے کہا اور ان سے لطف اندوز ہوئے۔ ہوٹل کی لاؤنج میں ''تواءلت'' کی جگہ ''دشتوئی'' (W.C) لکھا ہوا تھا۔ اس کے علاوہ معمول کے مطابق مردوں اور عورتوں کی تختیاں بھی لگی ہوئی تھیں۔ اس ہوٹل میں پہلی دفعہ مجھے اتفاق ہوا کہ جب لاؤنج کے ٹائیلٹ میں داخل ہوں دروازہ کھولیں تو اندر کی لائیٹ خود بخود آن اور باہر نکل کر دروازہ بند کریں تو آف ہو جاتی ہے۔ یہ بھی پہلی دفعہ دیکھا جب بٹن پریس کر کے لفٹ میں داخل ہوں تو لفٹ کی لائیٹ آن جب دروازے سے باہر نکلیں تو آف اور دروازے بند ہو جاتے ہیں۔

اگرچہ یہ ایک محل کی طرح کا ہوٹل مگر میرے خیال میں یہ فور سٹار کے لیول کا تھا کیونکہ فٹنس سینٹر کی چیزیں ذرا کھیل والی تھے۔ لاؤنج میں کوئی ہیٹنگ سسٹم نہ تھا اور نہ ہی سوئمنگ پول جیسے کہ بزرگ تہران میں تھا۔ ایران میں بہت زیادہ مقدار میں یہ عمارتیں ہوئی گاجریں، بند گوبھی، سلاد اور سبز خربوزہ اس کے علاوہ چائے دہی چند ایک قسم کے ملک پراڈکٹ اور جوس وغیرہ بھی شامل تھے۔ بزرگ ہوٹل کے ہونے کی کوالٹی بھی کچھ اچھی نہ تھی۔ بزرگ تہران فائیو سٹار ہوٹل تھا کیونکہ وہاں پر suana jacuzi، swimming pool، gym اور دکانیں وغیرہ تھیں۔

2109 میں نے نئی ڈائری لکھنا شروع کر دی کیونکہ پہلی ختم ہو چکی تھی۔

2215 ہم دونوں بھائی اپنے کمرے میں آ گئے۔ بستر میں لیٹ کر ٹیلی وژن پر بی بی سی چینل دیکھتے رہے۔ میری طبیعت ابھی بھی خراب تھی۔ نبض 68 per minute (عام حالت میں 60 per minute) اور میرے ہاتھ بھی ٹھنڈے۔ 2233 ہوٹل کے ریسٹورینٹ میں میز نمبر 18 پر بیٹھ گئے۔ تقریباً 100 کے قریب گول میز ہوں گے۔ میز پوش نیلے رنگ کا اور اس کے اوپر زرد رنگ کا مستطیل کپڑا۔ اب کے بار weekend ہونے کی وجہ سے ہوٹل سروس نہ تھی۔ ہم دونوں بھائی اور چار عدد مہمان ہمارے دائیں جانب میز پر۔ 2233 چن سے شوربے والے مرغ اور نان کا آرڈر۔ نان بہت ہی اچھی والی ہے۔ 2252 کھانا کھانے کے بعد نیچے لاؤنج میں چلے گئے۔ انور کو کمرے سے میرا سگار لانے کیلئے کہا۔ 2300 واپس اپنے کمرے میں لوٹے۔ 2335 پر کچھ دیر پڑھنے کے بعد میں سو گیا۔ انور تو پہلے ہی سویا ہوا تھا۔ سونے سے پہلے 0.25mg Zanax لی۔

ہفتہ 8 نومبر: 0530 بستر سے اٹھے۔ 0630 ہم دونوں بھائی تیار ہو گئے۔ 0734 پر ہوٹل کے ریسٹورینٹ میں ناشتہ ختم کیا۔ 0829 ناشتے کے بعد دوبارہ اپنے بستروں پر دراز ہو گئے۔ تھوڑی دیر آرام کرنے کے بعد دوبارہ اٹھ کھڑے ہوئے۔ ہوٹل سے

Marfat.com

تھوڑی دور پیدل ہی شاپنگ کرنے کیلئے چل نکلے۔ ایک دُکان سے میں نے اپنے لئے ایک ٹوپی خریدنی چاہی تو اُس نے 1000 تمن (1 2،70 Rs ڈالر) کا مطالبہ کیا۔ انور نے "تخفیف" کی رٹ لگا دی تو 500 تمن (60،35 Rs. ڈالر) پر سودا ہو گیا۔ اس کے بعد چلتے ہوئے بازار جنت میں داخل ہوئے۔ یہ تمام شاپنگ سینٹر ڈھکا ہوا ہے۔ یہاں پر صرف عورتوں، مردوں بچوں اور بچیوں کیلئے کپڑے وغیرہ ہی فروخت کیے جاتے ہیں۔ میں نے ایک turtleneck لمبے بازوؤں والا کالا سویٹر خریدا جس کی قیمت 19000 تمن (23،1334 Rs ڈالر) تھی۔ تخفیف کر کے 15500 تمن (19،1102 Rs. ڈالر) پر سودا طے ہو گیا۔ مل کیلئے ایک دکان جو کہ شرکت (limited company) جہاں تخفیف نہیں ہوتی۔ 15000 تمن (1061 18 3.Rs ڈالر) میں کارڈیگن خریدا۔ اسی طرح فرخ کیلئے بھی ایک کارڈیگن 17000 تمن (1190 20 5.Rs ڈالر) میں۔ میں نے ایک 9000 تمن (11،640 Rs. ڈالر) میں کالا مفلر خریدا۔

کرنسی چینج کروانے کیلئے خیابان امام کی طرف چل پڑے۔ ہوٹل Baakhtar کے سامنے ایک کرنسی چینجر Sarafi Sehri کی دکان میں داخل ہوئے۔ انور نے 10,000 پاکستانی روپے چینج کرائے۔ ریٹ تھا ایک روپے کے عوض 140 تمن۔ دکان سے باہر نکلے تو چلتے ہوئے میں نے ایک اور کیپ خریدی۔ تخفیف کے عمل سے 2000 تمن (2.4،139 Rs. ڈالر) پر فیصلہ ہوا۔ ہوتا یوں ہے کہ دکاندار تو تخفیف کا لفظ دہراتے جائیں اور وہ قیمت کو کم کرتا جائے گا حتیٰ کہ ایک ایسی قیمت پر آ کر رک جائے گا جس سے زیادہ کم نہیں ہو سکتی لہٰذا چاہے تو خریدیں یا دکان سے باہر تشریف لے جائیں۔ اُسی شرکت کی دکان سے عدیل اور شہوکی بیوی کیلئے 28000 تمن (34،1972 Rs ڈالر) میں دو سویٹر خریدے۔ غزالہ اور سمیرا کیلئے ایک ایک سویٹر خریدا۔ دونوں کی قیمت 6000 تمن (7.3،423 Rs. ڈالر)۔

1427 بجے ہم ہوٹل کے ریسٹورنٹ میں کھانا شروع کیا۔ اب لابی اور ریسٹورنٹ میں ہیٹنگ سسٹم آن تھا۔ 1445 پر ختم کیا۔ 1457 پر اپنے اپنے بستروں میں دراز ہو گئے مگر انور جلدی ہی اُٹھ کر شازی کیلئے ایک سویٹر خریدنے چلا گیا جس کی قیمت 13000 تمن (16،928 Rs. ڈالر) تھی۔ اُس نے ٹیکسی پر 300 تمن (36،21 Rs. ڈالر) صرف کیے۔

1600 چلتے چلتے امام رضا کے روزے پر پہنچ گئے۔ 1708 امام رضا کے روزے پر ہی نماز ادا کی کیونکہ تمام لوگ نماز ادا کرنے جا رہے تھے ہو گئے لہٰذا ہم کو بھی نماز پڑھنا پڑی۔ کہیں سے لاؤڈ سپیکر پر امامت کی آواز سنائی دے رہی تھی۔ انور اور میں کافی دیر تک ہجوم سے ٹکریں مارتے ہوئے سمندر میں بیٹھے رہے اور عبادت میں مصروف ہو گئے۔ میں نے ویسے تو کئی دعائیں مانگیں لیکن فرخ اور اپنی صحت کیلئے رو رو کر دعا کی۔ کافی دیر تک عبادت کرنے میں مصروف رہے تاکہ روزے کو مس کرتے وقت کچلے نہ جائیں attendants لوگوں کو بار بار چلنے کیلئے کہہ رہے تھے۔ 1713 پر روزہ سے اُٹھ کر اُس kiosk کی تلاش میں چل نکلے جہاں ہم نے اپنے جوتے حفاظت کیلئے دے رکھے تھے۔ ہمارے جوتوں کا ٹوکن نمبر 713 تھا۔ بڑی مشکل سے اپنے kiosk کو تلاش کیا۔ روزے کے صحن میں لاتعداد کبوتر نظر آئے۔ امام رضا کے روزے کی چار دیواری کے باہر ایک دروازے کی دائیں جانب کھلے آسمان کے اندر کئی بیمار لوگ دیکھے جو کہ گرم کپڑوں میں ملبوس کئی رضائیوں اور کمبل اوپر لئے دیوار کے ساتھ لیٹے ہوئے تھے۔ حیرانگی کی بات ہے کہ اتنی سخت سردی میں یہ لوگ اپنے اعتقاد کے زور پر دن رات وہیں رہتے اور اپنی صحت کیلئے دعا مانگتے ہیں کہ جب تک وہ صحت مند نہ ہوں گے وہاں سے نہیں جائیں گے۔

1743 چلتے ہوئے ہوٹل پہنچ گئے۔ 1915 پہلی دفعہ مشہد میں porpuesto گاڑی جس کا اوپر ذکر کیا جا چکا ہے استعمال کی۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ کیسے پتہ چلے porpuesto کس طرف جا رہی ہے۔ آسان بات یہ اُسی طرف جا رہی تھی جس طرف ہمارا ہوٹل واقع تھا اور ہم نے ایک شخص کو فٹ پاتھ پر کھڑا دیکھا جو کہ اپنے دائیں ہاتھ کی دو انگلیوں کو سیدھا رکھے ہوئے ڈرائیور کو بتا رہا ہونے کا اور ہوٹل کی طرف جانے کا اشارہ کر رہا تھا۔ ہم تین مسافر کار کی پچھلی سیٹ پر اور ایک مسافر پہلے ہی ڈرائیور کے دائیں ہاتھ والی سیٹ پر بیٹھا ہوا تھا۔ جب ہم ہوٹل کے قریب سٹاپ پر پہنچے تو انور نے ڈرائیور کو بغیر مطالبہ کیے 4000 تمن (285 4.9.Rs ڈالر) دیئے۔ ڈرائیور نے 3000 تمن (3.7،215 Rs. ڈالر) واپس کر دیئے۔ گاڑی والا دیانتدار آدمی تھا ہمیں

Marfat.com

آسانی سے دھوکا دیا جا سکتا۔ یہ واقعہ اُس وقت پیش آیا جب ہم جنت بازار سے شاپنگ کرنے کے بعد واپس ہوٹل لوٹ رہے تھے اور دوسری دفعہ جب ہم نے تہران شہر کی سٹریٹ جسے اب خیابان رضا کہا جاتا ہے، سے بزرگ پلازہ سے rechargeable بیٹری خریدی۔ جس کا ریٹ 6500 تمن (Rs. 499، 7.9 ڈالر) تھا۔ porpuesto کی شناخت ایک چوڑی سرخ پٹی جو گاڑی کے دائیں جانب bonnet سے شروع ہو کر چھت کے اوپر سے ہوتی ہوئی پیچھے ڈگی کے آخر تک چلی جاتی ہے۔

1924 بزرگ ہوٹل کے ریسٹورینٹ سے وہی کل والا کھانا یعنی کہ شوربہ چکن اور خمیری روٹی کھائی۔ ہمارے میز کا نمبر 10 تھا۔ 1940 پر کھانا ختم کیا۔ میں نے تو ڈیڑھ خمیری روٹی کھائی۔ انور نے دہی اور سلاد استعمال کیا۔ 2040 پر اپنے کمرے میں واپس لوٹے۔ اس ہوٹل اور بزرگ تہران میں، میں لفٹ میں کبھی اکیلا داخل نہ ہوا کیونکہ مجھے لفٹ میں ہمیشہ ہی خوف آتا ہے لہذا انور کے ساتھ ہی داخل ہوتا۔ 2120 بستروں میں دراز ہو گئے۔ انور نے مقصود احسن کو پاکستان سفارت خانے میں ٹیلیفون کیا مگر وہ دفتر میں موجود نہ تھا لہذا اُسے گھر پر فون کیا تو اس نے جواب دیا کہ فرخ کا میڈیکل سرٹیفکیٹ سائن ہو چکا ہے اور آج پیر اتوار کو فیکس میں اسلام آباد پہنچ جائے گا جس سے آپ لوگوں نے سفر کرنا ہے۔

اتوار 9 نومبر: 0652 پر تیار ہو گئے۔ حیرانگی کی بات ہے پہلی بار ایسا اتفاق ہوا کہ میری Nikes کی تازہ جرابوں کا جوڑا نہ تھا لہذا میں نے کل والی جرابیں استعمال کیں کیونکہ میرے سفر میں جتنے دن اتنے ہی دنوں کے لحاظ سے ہوتی ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ جرابیں میں پیکنگ کے وقت غلطی ہوئی۔ 0705 ہوٹل کے ریسٹورینٹ میں ناشتہ کرنے چلے گئے۔ سوائے ہم دونوں بھائیوں اور ویٹر کے اور کوئی مہمان ہی نہ تھا۔ ہمارا میز نمبر 18۔ انور کسی کام سے نیچے چلا گیا۔ 0710 پر میں نے دو فرائیڈ انڈے، روٹی اور مکھن سے ناشتہ شروع کیا۔ 0726 پر ناشتہ ختم کیا اور اس کے بعد چائے کے چند ایک کپ پیے۔ انور ابھی تک نہ لوٹا تھا۔ میں کیبن سے ہوتا ہوا ہوٹل کی لابی میں گیا تو انور داخل ہوا۔ وہ غالباً یہیں سے ایک سویٹر خریدنے گیا ہوا تھا۔ قیمت 12000 تمن (Rs. 839، 14.46 ڈالر)۔ دوبارہ ریسٹورینٹ میں واپس لوٹے۔ 0745 پر انور نے ناشتہ ختم کیا۔ اس کے بعد ہوٹل کا تمام بل 116869 تمن (Rs. 8178، 141 ڈالر) ادا کیا۔

امام رضا کے روضے کے قریب ایک صاحب بنام نواب جس کی بیسمنٹ میں کپڑے کی دکان تھی۔ پاکستانی 2000 روپے کو 28600 تمن میں تبدیل کروائے۔ اسی دکان کے قریب دو اور turtleneck سویٹر خریدے۔ ہر ایک کی قیمت 10800 تمن (Rs. 765، 13.2 ڈالر)۔

ہم جتنا عرصہ ایران میں رہے ہمیں کوئی فقیر دیکھنے میں نہ آیا۔

چلتے ہوئے واپس ہوٹل پہنچے۔ 1328 پر اپنا سامان ہوٹل کی لابی میں لے آئے۔ ٹیکسی ڈرائیور سے ائیرپورٹ جانے کے 1200 تمن (Rs. 85، 1.46 ڈالر) طے ہوئے اور وہ پورٹر جس نے ہمارا سامان ٹرالی میں رکھا اسے 350 تمن (Rs. 25، .42 ڈالر) ٹپ دی۔ 1331 پر ٹیکسی فرودگاہ مشہد مقدس پر چل رہی تھی۔ ائیرپورٹ پر پہنچ کر check-in area میں داخل ہوئے۔ 1402 ہم لاؤنج میں داخل ہوئے۔ 100 تمن (Rs. 8، .13 ڈالر) کا نوٹ ٹرالی کیلئے دینا پڑا۔ سامان کو چیک ان کرنے کے بعد ویٹنگ لاؤنج میں پہنچ گئے۔ 1428 پر بورڈنگ لاؤنج میں انتظار کرنے لگے۔ لاؤنج سے چپس کا ایک پیکٹ 850 تمن (Rs. 70، 1.2 ڈالر) میں خریدا۔ 1502 منٹ پر فلائیٹ لاؤنج سے بس میں سوار ہوئے۔ 1503 منٹ پر بس جہاز کے قریب رکی۔ انور کی سیٹ نمبر 27J اور میری سیٹ کا نمبر 27K جہاز کی دائیں قطار کی جانب تھا۔ 275J window seat خالی تھی۔ 1514 پر دعائے سفر جہاز کے حرکت کرنے سے پہلے۔ 1515 پر دعائے سفر ختم۔ 1520 پر departure سے متعلق اعلان۔ فرخ چیمہ جہاز کا کپتان تھا۔ بلندی تقریباً 11000 میٹر۔ میں نے انگریزی اخبار *Dawn* اور انور نے جنگ اخبار لیا۔ 1525 پر جہاز نے حرکت شروع کی۔ معمول کے مطابق اعلان کئے گئے۔ 1535 پر جہاز رن وے پر اڑنے کیلئے تیار ہوا۔ 1535 پر جہاز نے ٹیک آف کیا آہستہ آہستہ اوپر جاتے ہوئے 1540 پر Cruising speed پر پہنچ گیا۔ 1548 پر کھانا دیا گیا۔ 1628 پر کھانا ختم کیا۔ کھانے میں مرغ بریانی تھی۔ (تہران میں ایک دکان پر لکھا ہوا دیکھا "مرغ بریان") کیونکہ ایران میں مرغ

Marfat.com

مرچیں استعمال نہیں کرتے۔ پہلی دفعہ ہم نے مرغ بریانی میں مرچوں کا استعمال دیکھا۔ ایک کیلا ایک سویٹ کا ٹکڑا اور ایک چھوٹا بند۔
جہاز کی دونوں جانب 52 قطاریں اور ہر قطار میں تین سیٹیں۔ اگلے سیکشن میں 24 قطاریں اور پچھلے سیکشن میں 28 سیٹیں۔
جہاز نے اترائی شروع کی۔ 1730 پر بذریعہ منادی دیا اور ساتھ ہی سیٹ بیلٹ باندھنے کا سائن آن ہوگیا۔ معمول کا اعلان کیا گیا 1738 پر پھر بذریعہ منادی دیا اور "No Smoking" کا سائن آن ہوگیا۔ جہاز کی کھڑکی سے کوئٹہ کے مکان نظر آنے لگے۔ میں نے اپنی سیٹ انور کی سیٹ کے ساتھ بدل لی ہوئی تھی۔ کوئٹہ میں 16 ڈگری سینٹی گریڈ کا اعلان ہوا۔ 1746 جہاز ٹرمینل کے قریب آ کر رک گیا اور انجن مکمل طور پر بند کر دیا گیا۔ کوئٹہ کے مسافر اترنے لگے اور اُس کے بعد لاہور جانے والے مسافر سوار ہونے لگے۔ جب سے جہاز نے اترائی شروع کی۔ "No Smoking" سائن آف نہیں کیا گیا تھا۔ گراؤنڈ کے عملہ نے جہاز کی صفائی کی اور تازہ سپلائی لوڈ کروائی گئی۔ 1758 حفاظتی بند باندھنے کا اعلان۔ 1803 پر گراؤنڈ کے عملے کو جہاز سے باہر نکل جانے کا اعلان ہوا کیونکہ جہاز کے دروازے بند ہونے والے تھے۔ 1805 پر ایک منٹ کی دعائے سفر۔ جہاز کی بلندی 11,300 میٹر ہوگی اور ایک گھنٹہ پانچ منٹ میں لاہور پہنچ جائیں گے۔ 1807 پر جہاز نے حرکت شروع کی۔ 1808 پر جہاز رکا اور فوراً ہی ٹیک آف کر لیا۔ 1809 منٹ پر "No Smoking" سائن آف۔

مشہد ائرپورٹ پر جہاز کی منزل فارسی میں Kuwetah لکھی ہوئی تھی۔ ہمارا خیال تھا کہ جہاز کویت سے ہو کر کوئٹہ پہنچے گا مگر یہ ہماری غلطی تھی۔ 1820 پر حفاظتی بند باندھنے کا سائن آف ہوگیا اور جہاز نے Cruising speed اختیار کر لی۔ 1825 پر چائے وغیرہ تقسیم ہوئی۔ 1838 پر ہم نے چائے ختم کر دی جس کے ساتھ کھجوریں، کیک، پیٹز، کیلا اور دہی بھلے تھے۔ 1848 پر اعلان ہوا کہ لاہور 1920 پر پہنچ جائیں گے۔ 1855 جہاز نے اُترائی شروع کر دی۔ 1902 پر میں نے پانی کے قطرے Overhead luggage bin سے گرتے ہوئے دیکھے۔ میں نے مذاق سے ائرہوسٹس سے کہا ''جہاز کا چھت لیک کر رہا ہے لاہور پہنچ کر اسے ریپیر کروالینا۔''

اس نے جواب دیا ''نہیں کسی نے bin میں مشہد سے لائی ہوئی پانی کی بوتلیں رکھی ہوں گی اور کسی بوتل کا ڈھکنا صحیح طرح سے بند نہیں ہوا لہذا پانی لیک کر رہا ہے۔'' انور جو کہ window سیٹ پر بیٹھا ہوا تھا، نے کہا ''بھائی جان یہ ہماری ہی پانی کی بوتلیں ہیں۔'' اس نے bin سے بوتلیں نکالیں اور ان کے ڈھکن ٹھیک کر کے سیٹ کے نیچے رکھ دیئے۔ اُترائی کی وجہ سے سامان ہماری سیٹوں والے luggage bin سے لیک کرنے کی وجہ سے اگلی سیٹوں کے bins، JKL 25 سے پانی کے قطرے نیچے گر رہے تھے۔ ان سیٹوں والے مسافر بھی حیران تھے یہ پانی آ کہاں سے گیا۔ 1907 حفاظتی بند باندھنے کا اعلان ہوا۔ تمام راستہ موسم ابر آلود تھا 1916 پر "No Smoking" کا سائن آن ہوا اور لاہور کی روشنیاں شروع ہوگئیں 1920 پر جہاز نے اُترائی شروع کی 1926 پر جہاز رک گیا۔ بس میں بیٹھ کر ٹرمینل تک پہنچے۔ حیرانگی کی بات ہے ائرپورٹ پر آنے والے مسافروں کو گائیڈ کرنے کیلئے PIA سٹاف کا کوئی عملہ موجود نہ تھا اور مسافروں کو یہ پتہ نہ چل رہا تھا کہ کس طرف جانا ہے۔ ہم دونوں بھائی بھی ایک دوسرے ٹرمینل میں سے ہوتے ہوئے ایک اور جگہ پہنچ گئے۔ وہاں ڈیوٹی پر تعین ائرپورٹ سیکورٹی والوں نے بتایا کہ غلط جگہ آ گئے ہیں۔ اُنہوں نے ہمیں لفٹ لے کر اوپر والی منزل پر جانے کیلئے کہا اور پھر ہم صحیح جگہ پر پہنچ گئے۔ امیگریشن سٹاف نہایت ہی نااہل ثابت ہوا جیسے کہ انہوں نے کمپیوٹروں کی ٹریننگ حال ہی میں ختم کی تھی اور صحیح طرح سے ڈیٹا فیڈ کرنا اور چیک کرنا نہیں آ رہا تھا۔ اپنا سامان لینے کے بعد جب لاؤنج سے باہر جانے لگے تو 2015 پر انور کا ڈرائیور اکرم اور شازی ہمارا انتظار کر رہے تھے۔ واپسی پر شیل فلنگ سٹیشن سے 945 روپے کا پٹرول 28.32 لیٹر ڈلوایا۔ گجرات انور کے گھر 0200 بجے پہنچ گئے۔ انور کا سامان وغیرہ چھوڑنے کے بعد اُس کا ڈرائیور مجھے میری اپنی رہائش گاہ پر چھوڑ گیا۔

چند دنوں کے بعد انور کے ڈرائیور کے ساتھ ہم پاکستان کی فارن منسٹری اسلام آباد پہنچ گئے۔ reception سے مہر کرم الہی سے ملنے کو کہا۔ اس نے ٹیلیفون کیا اور 45 منٹ کے بعد مہر صاحب reception پر تشریف لے آئے اور فرخ کا لیگل سرٹیفکیٹ دے دیا۔ اس نے یہ بھی مشورہ دیا کہ مقصود الحسن کو پاکستان سفارت خانہ تہران میں اطلاع دے دینا کہ سرٹیفکیٹ مل گیا ہے

Marfat.com

فارسی	اردو / انگلش
مرز شہر	سٹی سینٹر
داروخانہ	ڈرگ سٹور
بیمارستان	ہاسپٹل
بانک	بینک
قسمت روادید	Passport and Visa section
خیابان	روڈ
لطفاً	برائے مہربانی یا مہربانی کر کے
سالن صبحانہ	بریک فاسٹ
صندوق	کیشیر
اطلاعات	انفارمیشن
خلال دندان	toothpicks
سفرہ خانہ سنتی	Traditional restaurant
ورود	enter
پذیرش	reception
بزرگراہ	highway
پرواز	Calls lounge
تلفن	telephone
توالت آقایان	Men's toilet
توالت خانمہا	Ladies toilet
شبانہ	چپکی والا
صرافی	exchange
چپو، چپو، جاؤ، جاؤ	وہی مطلب جو اردو میں ہے
چراغ قوہ	ٹارچ
ورودی برادران	Men's toilet U.C
ورودی خواہران	Ladies toilet
میدان	yard
فرودگاہ	ایئرپورٹ
پاسپورت	گذرنامہ
دستشوئی زنان	Ladie's toilet
دستشوئی مردانہ	Men's toilet
لطفاً سیگار نکشید	"No Smoking"
لطفاً کمربند / ای را ببندید	"Please fasten seat belts"

Marfat.com

ایران سفر کے دوران خرچ کی تفصیلات

	پاک روپے	امریکن ڈالر	ایرانی تمن
ویزے	2200	561.5	32038
ائیر ٹکٹ لاہور تا مشہد	32000	561.5	466045
ائیر ٹکٹ مشہد تا تہران	3600	61.5	51000
ائیر ٹکٹ تہران تا مشہد	3505	61.5	51000
ہوٹل بزرگ تہران	22156	382	308676
ہوٹل بزرگ الیس مشہد	8178	141	116869
ٹیکسی خرچ	1722	30.101	25000
خریداری	10894	177.68	153550
بقیہ اخراجات	39526.5	691.76	486180
ٹوٹل	**123781.5**	**2145.641**	**1690358**

Marfat.com

منفرد ہستیاں

میر حضرات

جناب اعجاز حسین میر (ڈپٹی سیکرٹری)

جناب غضنفر حسین میر ایڈووکیٹ۔ گجرات

حضرت محمد ﷺ و آل محمد ﷺ کے طفیل اور نظر عنایت کی بدولت جناب عبداللہ میر، میر منزل محلہ کیمبہ جلالپور جٹاں، گجرات نے بشارت دیکھی کہ پاک زمین کربلا معلی سے زائرین واپس آئے ہیں اور ایک زائر نے انہیں وہاں سے لایا ہوا ایک شیشہ تحفے کے طور پر پیش کیا ہے جس کی تعبیر ان کے پوتے کی پیدائش تھی جو غلام مصطفیٰ میر کی زوجہ جنت بی بی کے بطن سے تولد ہوا۔ اس بچے کا نام اعجاز حسین رکھا گیا جو بچپن میں ہی اپنے باپ کے سایہ سے محروم ہوئے اور اپنے دادا اور چچا کی زیر سرپرستی جلالپور جٹاں اور گجرات سے میٹرک تک تعلیم حاصل کرنے کے بعد لاہور محکمہ مردم شماری میں ملازمت اختیار کی۔ ان کے چچا رستم علی میر نے انہیں اپنی اولاد کی طرح چاہا بلکہ ساری عمر ہی ان کی چاہت میں گرفتار رہے۔

بچپن میں سارا سارا دن گھر پر والد کے زیر سایہ اور مطالعہ کتب میں مصروف رہتے یعنی بچپن میں نہ کھیلے وہ نہ شرارتیں کیں۔ دیگر بچوں کی طرح کبھی بھی باہر کھیل کود کے لئے نہ جاتے یہی انداز تا حیات رہا۔

جناب اعجاز حسین میر جنہوں نے منزل مقصود تک پہنچنے کے لئے راہ عمل، عشق محبت اور راہ عرفان طے کیا۔ انہوں نے وہ فرائض بجا لائے جو کام کرنے کے خدا نے کہے اور کسی کام کے کرنے سے اجر یا انعام کی توقع نہ رکھی۔ ان فرائض کی تکمیل و تعین عبادت سمجھ کر عشق و محبت میں اپنے من پر قابو رکھا محسوسات کی محبت اور ان سے لگاؤ دور کر کے تمام تر توجہ مالک دو جہاں کی طرف رکھی اور وہ اس بات سے بخوبی واقف تھے کہ "فانی" کی محبت کا نتیجہ جدائی اور اسی کا نام ترک دنیا ہے۔ دلی خلوص اور سچی محبت کے ساتھ تمام عبادت پوری کرتے اور ہر دم معرفت الٰہی اور حقیقت ذات باری پر غور کرتے اور دن رات اسی ذات پاک سے عشق صادق رکھتے۔ اسی خیال میں مست رہتے۔ وہ فرماتے کہ عبادت کے لئے سب راہیں کھلی ہیں جو طریق تم کو پسند ہے اس سے عبادت کرو۔ یہاں تو خلوص نیت کی ضرورت ہے رسوم کی نہیں تمام مذاہب کی منزل ایک ہی ہے۔ یعنی قرب ذات الٰہی اس لئے کسی ایک راہ کی قید نہیں۔

وفاداری بشرط استواری اصل ایمان ہے
مرے بت خانہ تو کعبہ میں گاڑو برہمن کو

لاہور میں اپنے قیام کے دوران پرائیویٹ بی اے کیا اور ساتھ ساتھ وائی ایم سی اے میں شارٹ ہینڈ اور ٹائپ ورک میں وہ مہارت حاصل کی کہ وائی ایم سی اے کے جنرل سیکرٹری مسٹر Wilson Hume کو جب گورنر پنجاب نے پرسنل سیکرٹری (میر منشی) کے لئے کسی لائق اور قابل اعتماد طالب علم کی recomendation کے لئے کہا تو Mr Hume نے اعجاز صاحب کو اپنی طرف سے ایک تحفے کے طور پر پیش کیا۔ ٹیسٹ ہوا جس میں انگریز، ہندو اور سکھ طالب علم امیدواروں میں سے سر فہرست رہے۔ اس طرح اپنی زندگی کے دنیاوی بہتر سفر کی طرف آغاز کیا۔

Marfat.com

جناب اعجاز حسین میر صاحب "پدرم سلطان بود" کے ہرگز قائل نہیں تھے اس سلسلہ میں وہ حضرت سلیمان فارسیؓ کے پیروکار تھے جو سلیمان فارسی ہوا اپنے آپ کو سلیمان بن اسلام کہا کرتے۔ تمام مقدس کتب اور دین فطرت کی تعلیمات نے ذات پات کی جڑ پر جو ضرب کاری لگائی اس نتیجہ میں انہوں نے اپنے آپ کو درست طور پر "اعجاز حسین" ثابت کیا۔

انیسویں صدی عیسوی کے آخر میں عبداللہ میر اپنے والد غلام مرتضیٰ میر کے ہمراہ کشمیر، سرینگر کے قریبی علاقہ "ڈھب" سے نقل مکانی کر کے جالندھر چھاؤنی آ کر آباد ہوئے اور ذاتی زمین خرید کر دکان اور مکان کے ملحقہ مسجد کی بنیاد رکھی۔ اس زمانہ سے سلسلہ نذر نیاز جمعرات اور محرم کے ایام میں جاری کیا ہوا ابھی تک ان کی اولاد میں جاری ہے۔ 1927 میں لنگر کے پکانے کیلئے دیگیں اور دیگر سامان کا پہلا سیٹ بنوایا گیا جو تا حال زیر استعمال ہے۔ شرافت و نجابت کے ساتھ ساتھ دینداری اس خاندان کا طرۂ امتیاز رہی۔ ایمانداری سے کی جانے والی تجارت آخرت میں نجات کا باعث بنتی ہے۔ کشمیر سے ہجرت کے وقت قرآن پاک اور دیگر مذہبی کتب کے قیمتی نسخہ جات جن کو اپنی جان سے بھی زیادہ قیمتی سمجھ کر ساتھ لائے۔ جو اب بھی امیر ٹرسٹ لائبریری میں شرف دیدار رکھتے ہیں۔

خیر مقدم اور خدمت کے ملازم اس بات کے گواہ ہیں کہ اعجاز صاحب نے اپنی زبان سے ایسا لفظ ادا نہیں کیا جو اخلاق سے گرا ہوا ہو۔ ان کی عبادت قابل ذکر ہے۔ ایک بار جبکہ ساری سنگت 69۔میکلوڈ روڈ لاہور پر جمع تھی۔ پچھلے پہر سب کی ٹھنڈے پانی سے تواضع کا بندوبست کیا تو کسی نے صفائی والی عورت کو کہا کہ تو بھی اپنا گلاس لے آ۔ دیکھا کہ کسی کی دل شکنی ہو رہی ہے تو پھر یہ ترتیب بدل دی کہ جانے والے گلاس میں سب سے پہلے خود پیتے ہیں پھر اسے سنگت کو پلایا جاتا ہے۔ اس طرح ایک بار ساری سنگت کو تعلیم و تربیت دیتے ہیں اور نفس کشی کے بارے بار بار بیت الخلا کی صفائی کرنا پڑتی تو فرمایا کہ جو گند کرتے ہیں وہ تو بے پرواہ رہتے ہیں جو اس گند کو صاف کرتے ہیں وہ ہیں ---- اس قربانی کے لئے خلوص نیت، دل گداز اور زبردست قوت ارادی کی ضرورت ہوتی ہے۔

سادگی میر برادران کی زندگی کا سب سے بڑا حسن تھی لباس، رہن سہن میں سادگی، کھانے پینے میں سادگی، ہر انداز میں سادگی خاص کر جب انسان کے پاس خریدنے کی استطاعت ہو اور وہ سادگی اختیار کرے یہی قابل ذکر و تقلید کارنامہ بن جاتا ہے۔ وہ ہمیشہ اسی اصول پر کاربند رہے۔ قابل فخر شے علم ہے مال و دولت نہیں۔ مالی حیثیت کا یہ حال کہ نوکری کے دوران اور بعد از ملازمت کرایہ کے مکان 69۔میکلوڈ روڈ لاہور پر رہے جبکہ دوران ملازمت (میر منشی) لاٹ صاحب نے کہا "مسٹر اعجاز میر ملازم اور افسر سب کچھ نہ کچھ مانگتے ہیں مگر تم نے کبھی کوئی درخواست نہ کی ہے۔"

"میں مالک دو جہاں کے دربار میں اپنی حاجات طلب کرتا ہوں۔" جواب دیا۔

میر برادران نے بڑی سادہ زندگی گزاری کبھی کسی کو دکھ نہیں پہنچایا کسی سے انتقام نہیں لیا۔ کسی سے فائدہ نہیں اٹھایا جو مایہ خدمت خلق اور خدمت دین کے لئے وقف کر دیا۔ وقت کی پابندی اور وقت کا صحیح استعمال کوئی ان سے سیکھے۔ ہر علاقائی اور لسانی تعصب سے پاک۔ اعجاز صاحب نے تاحیات اپنی تنخواہ کا آدھا حصہ نذر نیاز کے لئے وقف رکھا اور ریٹائرمنٹ کے وقت جو رقم ملی اہل خانہ کا حصہ نکال کر سب کی نذر کر دیا جاتا ہے۔ اس کا ذکر اپنے خط میں اس طرح کرتے ہیں۔ "یہ ہماری زندگی ایک سراب ہے اور بال بچے سراب کا نقشہ۔ ہماری بیوی بچوں نے ہمیں ٹھیک سمجھا ہے کیونکہ ہمارا یہ حال ہے کھانا رحمان دا اور بھونکن گنگو شاہ دی ہٹی۔"

مال نے کی اولاد کو فتنہ پر آ سایا۔ میرے ... میں "اموالکم و اولادکم فتنۃ" دونوں صحیح ہیں ہر روز منیر (بیٹا) یہی کہہ رہا ہے کہ اتنی مدت تنخواہ کا باقی روپے جائیداد کا اماں کے حق میں اور میاں یہ حال ہے کہ "رہا کھٹکا نہ چوری کا دعا دیتا ہوں رہزن کو"

انسان کی پریشانیوں کی بات ہو تو فرماتے "پریشانیوں کا منظر واقعی تباہ کن تصور ہے مگر یہ تو اس دنیا کی ہر ایک متصورہ نعمت کی اصلیت جو ہمیں نشہ میں محسوس نہیں ہوتی یا جب اس ذات پاک مالک لولاک کی بخشش شامل حال ہو تو یہ جانکاہ تصور و مہلک منظر دماغ سے پرے رہتے ہیں۔ یہ ہماری دنیا اور یہ ہیں ہمارے اعمال جو ہر وقت ڈراتے رہتے ہیں اور ادھر یہ ہے اس ذات پاک کی رحمت۔ لیکن اس لق و دق دشت وحشت میں ہر لاکھوں اس طرح کے حوادث ہو رہے ہیں تو ایک کو جو بچ گیا ان میں یا اس ماحول میں رہ کر کیا آرام مل سکتا ہے جب تک وہ ذات پاک اپنا دست کرم اس پر سایہ فگن نہ رہے۔ وہ دست خدا ہے جو ہر مصیبت میں کام آتا اور ہر بلا سے

Marfat.com

بچاتا ہے۔ یہ اس کی عین بخشش و رحمت ہے ورنہ ہمارے اعمال کی بجلیاں ہر وقت کڑک رہی ہیں اور ہر وقت وہ ذات والا شان ان مصائب سے ہم کو نجات دے اور اس سارے جائے مصیبت سے یک لخت نکالے۔ یہاں تو انسانوں کے روپ میں بچھو، سانپ، مگرمچھ اور بھگیاڑ پھر رہے ہیں اور کمانوں پر تیر چڑھے ہوئے ہیں۔"

تاریخ انسانی پر طائرانہ نگاہ ڈالی جائے تو انکشاف ہوتا ہے کہ انسان اپنی بھوک پیاس مٹانے کی خاطر آخر دم تک جد و جہد کرتا ہے لیکن چند لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جن کی نگاہ میں اس شے کی کوئی اہمیت نہیں ہوتی۔ کائنات کی عظیم ہستی آقائے نامدار حضرت محمد ﷺ نے انسانیت کو اس سلسلے میں عملی درس دیا اور حضور پاک ﷺ کا اتباع کرنے والوں نے اس درس کو اپناتے ہوئے عملی تشریح پیش کی۔ اس کا خلاصہ یہ ہے کہ انسانی حیات کی ساری جد و جہد چند فٹ زمین اور ایک عدد کفن کے لئے ہوتی ہے جو لوگ اس حقیقت کو جان جاتے ہیں وہی کامیاب و کامران قرار دیئے جاتے ہیں۔

پرتوِ خور سے ہے شبنم کو فنا کی تعلیم
میں بھی ہوں ایک عنایت کی نظر ہونے تک

پاکستان بننے کے بعد پنجاب گورنمنٹ میں بحیثیت ڈپٹی سیکرٹری عہدہ کا چارج لیا تو اس سے قبل ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر، اے ڈی ایم کے عہدوں پر بھی ملتان، سیالکوٹ کے اضلاع میں اپنی دیانتداری اور پاکستان سے سچی محبت و وفاداری کے عملی ثبوت پیش کئے۔ جب لوگ مکانوں، زمینوں اور دکانوں کی الاٹمنٹ کے پیچھے پاگلوں کی طرح بھاگ رہے تھے تو اس وقت بھی جو ... انہوں نے اس مادی دولت کی پرواہ نہیں کی اور ایک انچ زمین بھی اپنے نام یا کسی عزیز کے نام الاٹ نہ کرائی۔ سیکرٹریٹ میں جو محمد ... اور دیگر افسران جنہوں نے لوٹ مار شروع کر رکھی تھی ان کی موجودگی ان ایمان فروشوں اور وطن دشمن عناصر سے ... بن جاتی۔ ایک خط میں اشارۃً ذکر کرتے ہیں "کوئی سٹاف نہیں ملتا تھا۔ نہ کمرہ نہ ٹیلیفون۔ سٹاف ملا تو ان سے جو کہیں وہ کام نہیں کرتے۔ دفتر والے cooperate نہیں کرتے۔ بجلی والے (محکمہ بجلی) الگ ناراض ہیں۔ ہمارے اوپر ... کل کی ذات ہی اس کو wind-up کرے اور آزادی ہو۔"

محمد فضل گیلانی صاحب اپنی کتاب "طوق دہر کی" میں لکھتے ہیں "ڈپٹی صاحب پاکیزہ خیالات، شائستہ اطوار، نرم گفتار، اعلیٰ کردار کے مالک تھے ان کا قد درمیانہ رنگ سرخ و سفید اور رخسار صفاچٹ تھے اور دوران گفتگو ریت ... انہیں قرآن ... اور ... تشریحات پیش کرتے۔"

ان کے پاس بہت سے مسلمانوں کے علاوہ کرشن لال چوپڑا (جو ڈپٹی سیکرٹری پنڈت جواہر لال نہرو) ... پنڈت درگا داس، سرتاج سنگھ، جگم سنگھ، بھوشن جی، دیول کرشن، بچھیو (ڈپٹی سیکرٹری منسٹری آف ... انڈیا) ... اور کاشی رام وغیرہ وہاں کی موجودی اور کلام سے فیضیاب ہوتے۔ ذات واحد ... اور مالک دو جہاں کے ذکر سے محفلوں کو منور کرتے۔ جب وہ ان پیروں کا اپنے خطوط میں ذکر فرماتے تو لکھتے ہیں "یہ اپنے آدمی کوئی ہندو تھوڑے ہیں۔ ... ڈاکٹر رام لال نے شاہدرہ (دہلی) میں سب مسلمانوں کی جان جوکھوں میں مدد کی۔ بچن ناتھ ... (جو ...) ... ایسے لوگ ... سرتاج سنگھ نے بڑے مسلمانوں کو بچایا ... ہندوستانی بڑے متعصب اور بے اصولے آدمی ہیں ان کو ... بھی نہیں ..."

آپ کو لاہور میکلوڈ روڈ کے قبرستان میں ۱۹ اگست 1957 کو دفن کیا گیا۔

جناب اعجاز حسین کی نظر عنایت، تعلیم و تربیت کی بدولت جناب غضنفر حسین میر نے حقیقت ذات حق پر اپنی سوچوں کو مرکوز کر کے دنیا و مافیہا کی کثرت میں ذات حق اور کلام حق پر غور کیا۔ ڈاکٹر محمد منیر ... اپنی کتاب ... جرات میں غضنفر صاحب کا تعارف کچھ اس طرح کراتے ہیں "گجرات کے نامور وکیل غضنفر حسین میر کشمیری خاندان کے چشم و چراغ تھے۔ کشمیر سے ہجرت کر کے ... میں سکونت پذیر ہوئے۔ میٹرک کے بعد اپنی محنت سے مزید تعلیم حاصل کی اور 1952 میں قانونی پریکٹس کا آغاز کیا۔ ... سے متعلقہ قانون کے ماہر مانے جاتے مگر تمام عمر کرائے کے مکان میں رہائش پذیر رہے۔ آپ نے ہمیشہ حق کا ساتھ دیا اور ... سے

Marfat.com

پیشے میں دیانت وصداقت کی ایسی مثال قائم کی جو بہت کم دیکھنے میں آتی ہے۔ آپ قرآن، انجیل، زبور اور توریت پر گہری نظر رکھتے تھے اس تدبر پرمبنی آپ کی کتاب حیات (کلام حق الہیات) اور آپ کے خطوط زیر طبع ہیں آپ کی قبر جلالپور جٹاں کے قبرستان میں جانب مغرب واقع ہے۔''

اعجاز حسین میر 2 جنوری 1914 کو میر منزل محلہ خیبر جلالپور جٹاں، گجرات پیدا ہوئے۔ مارچ 1931 اسلامیہ ہائی سکول جلالپور جٹاں سے میٹرک کیا۔ 1939-40 اور 1946 میں محکمہ تعلیم پنجاب سے گورنمنٹ کالج اور سیالکوٹ بعد میں چیف سیکرٹری آفس میں ملازمت کی پرائیویٹ اکتوبر 1949 میں انٹرمیڈیٹ اور Faculty of Oriental Learning پاس کرنے کے بعد 21 دسمبر 1950 میں پنجاب یونیورسٹی سے بی اے کی ڈگری لی اور محنت کر کے 23 دسمبر 1952 میں پنجاب یونیورسٹی سے law کی ڈگری لی ابتداء میں سیالکوٹ میں اپنی وکالت کا آغاز کیا اور چند ماہ بعد ہی اپنی والدہ محترمہ کی خواہش پر جلالپور واپس آ گئے اور گجرات وکالت کا آغاز کیا۔ سیالکوٹ میں ملازمت کے وقت سے ہی کرایہ کے مکان محلہ شاہ پورہ میں رہتے۔ تقسیم ہندوستان کے وقت ان کے ایک دوست سابق صاحب نے میر صاحب کو پاکستان سے قبل اپنی ساری جائیداد ان میں ان کے نام ہبہ کر دینا چاہی مگر میر صاحب نے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ جو جائیداد تمہارا ساتھ نہیں دے سکی میرا کیا ساتھ دے گی۔ سیالکوٹ میں قیام کے دوران ان کے مہربانوں میں ڈاکٹر جناب فضل حق شیروانی صاحب، خواجہ محمد صفدر اور بہت سے دوسرے خواجہ صفدر صاحب میر صاحب کا اکثر ذکر کرتے تھے۔ ان کی شفاف اور بے داغ زندگی کے گواہ ہیں۔

وکالت میں وہ دیانت کی علامت تھے۔ لیکن ان کی وکالت کا طرہ امتیاز رہا۔ ایک زمانہ تھا ان کے بہترین دوست مہربان جناب میر مجیب صاحب اور شیخ نصیر صاحب جسٹس بن گئے۔ میر صاحب کو وکالت چمکانے کا بہترین موقع تھا اور ان کی طرف سے فائدہ اٹھانے کی کوشش بھی ہوئی مگر میر صاحب فوجداری وکالت تو کرتے مگر اس موقعہ سے فائدہ اٹھانا تو درکنار فوجداری وکالت ہی چھوڑ دی اور کہنے لگے کہ یار میں تم کو رازق بناؤں اور تمہاری دلالی کروں۔ اس کے بعد ساری زندگی فوجداری مقدمہ نہیں لیا۔ ایمان کی پختگی اور قناعت کے سبق ان کے دل و دماغ میں راسخ تھے۔ ہمیشہ اپنی التجاؤں کا مرکز ذات باری تعالیٰ کو ہی سمجھا۔ کسی سے بھی کوئی ذاتی فائدہ اٹھانے کا سوچا تک نہیں اور نہ ہی اپنے بچوں میں سے کسی کو نوکر کرانے کے لئے کبھی سفارش کی۔ بیوی بچوں کی پرورش ایمانداری سے کمائے گئے رزق سے پرورش کی۔

یہ زمانہ تھا جب پورا ملک ایک سپاہی کے ہاتھ میں تھا۔ اس وقت ان کے دوست شیخ محمد اکرم صاحب ایس ایس پی گجرات بن گئے۔ جو بعد میں آئی جی کے عہدے تک پہنچے اور پھر سعودی عرب رہے تو اپنے ملازم کے ذریعہ پیغام پہنچایا کہ میر صاحب ان کو ملنے آئیں۔ میں نے دوست کی ملاقات وہ بھی دفتر میں ایک خوشامدی حاضری سمجھا اور واپس پیغام دیا ''میں نہ تو چور اور بدمعاش ہوں اور نہ ہی کسی کی سفارش اگر تم دوست ہو تو خود آ کر مجھے مل جایا کرو'' اور یہی ان کا وطیرہ اپنے عزیز قابل احترام ایس ایس پی آغا سعادت علی خان صاحب اور ایس ایس پی آغا فراست علی صاحب، جناب نفیس احمد باجوہ صاحب سیشن جج صاحب اور دیگر دوستوں اور اعلیٰ عہدوں پر فائز رشتہ داروں سے تھا۔ اپنے جو دوست بھی ادھر مجسٹریٹ صاحبان جج صاحبان یا پولیس کے اعلیٰ افسران آتے تھے ان کے دفتر میں ملنے کے لئے نہ جاتے۔ ہمیشہ وہی ان کو گھر ملنے آتے اور ان کی ملازمت کے دوران کسی قسم کا فائدہ نہ لیا۔

جب کبھی کسی دوست یا عزیز کی وفات کی خبر ملتی تو اس دنیا کی بے ثباتی کے حوالہ سے جو شعر ان کے پیش نظر تھے فرماتے:

ہستی کے مت فریب میں آ جائیو اسد
عالم تمام حلقہ دام خیال ہے

قید حیات و بند غم اصل میں دونوں ایک ہیں
موت سے پہلے آدمی غم سے نجات پائے کیوں

مجھے اس بات پر افسوس ہے کہ ذاتی طور پر میرا جناب اعجاز حسین میر سے متعارف ہونے کا موقع نہیں ملا۔ ان کی کتاب کلام

Marfat.com

حق الحیات پہلی برسی اور دوسری کتاب مجموعہ خطوط مشغول حق ہوں ..... (ضمیمہ 190)۔ ان کتب اور مقالہ جات جو کہ پروفیسر حامد حسن سید اور ایم زمان کھوکھر ایڈووکیٹ دیگر دانشوروں کی طرف سے آتے رہے نظر سے گزرتے ہیں کہا جا سکتا ہے کہ یہی میر اعجاز حسین میر اور غضنفر حسین میر کی منزل تھی اور یہی منزل کا آخری نشان۔

غضنفر حسین میر ایڈووکیٹ کی وفات کے بعد 29 جنوری 1997 میں ان کی پہلی برسی پر المیر ٹرسٹ لائبریری میں تحقیق وتالیف کی بنیاد بدست حق پرست رقیہ بیگم (مرحومہ وفات 8 جنوری 1999) رکھی گئی جس کے بانی و ناظم عارف علی میر ایڈووکیٹ ہیں تادم تحریر اب تک اس ادارہ کی طرف سے گیارہ کتب شائع کی جا چکی ہیں اور سلسلہ جاری ہے۔ اس ادارے کے سرپرست پروفیسر حامد حسن سید اور اراکین میں جناب شریف کنجاہی، افتخار حیدر، پروفیسر منیر الحق کعبی، پروفیسر سید مسعود ہاشمی، ڈاکٹر حفیظ الدین، ... سلیچ، رائے زاہد حسین جرال، محمد زمان کھوکھر، غفور اسلم اور انجم رشید میر بھی ہیں۔

پیر محمد علی صاحب

پیر محمد علی صاحب کا نہ تو کسی مذہبی گھرانے سے تعلق تھا اور نہ ہی کسی درگاہ شریف کے سجادہ نشین تو پھر یہ سوال اٹھتا ہے کہ پیر کیسے بن گئے یا اس لفظ نے عوام سے کیسے مقبولیت کی سند حاصل کر لی۔

ہوا یوں کہ ان کے گھر کے قریب شہر کا ایک امیر کبیر شخص رہتا۔ اس پر قسمت کی دیوی اتنی مہربان تھی کہ شہر کے نامور لوگ اس کے گھوڑے کی باگ پکڑنا اعزاز سمجھتے، بس یوں کہیے کہ وہ اس وقت شہر کی آبروتھا شہر اور مضافات کے تمام مسائل اس کی مرضی سے حل ہوتے عوام الناس اس کے گھر کے صحن میں نوکروں اور غلاموں کی طرح ہاتھ باندھے اپنی غرضوں کیلئے کھڑے ہوتے ویسے یہ صاحب تقسیم ہند کی پیداوار تھے اس لئے نئے دولتیوں کی طرح ان میں بھی چند خامیاں موجود تھیں۔

جناب موسم رس کے بڑے رسیا تھے۔ ادھر شام ڈھلی ادھر جناب نے بوتل بغل میں دبائی کسی ہم مشرب ساتھی کی تلاش میں نکلے عجیب موسم تھے یہی رمیں اور محبتیں تھیں۔ کوئی نہ کوئی مل ہی جاتا بس پھر کیا تھا نہ دین کی نہ دنیا کی خبر رہتی نہ کسی تمیز اور چھوٹا بڑا ہوتا کا فرق بس جہاں بیٹھ گئے وہاں بیٹھ گئے۔ ایسی بے خبری ہوتی یاد تک نہ رہتا کہ اب گھر لوٹ کر جانا ہے ہاں مگر جب کافی رات گئے ساتھی رات کے پچھلے پہر کے ستاروں کی طرح ایک ایک ہو کر رخصت ہوتے تو جناب بھی گرتے پڑتے گھر لوٹتے مگر کبھی کبھی ایسا بھی ہوتا کہ جب ہر روشن کوئی ہم پیالہ و ہم نوالہ نہ ملتا تو اس وقت انہیں ایسے مہربان کی تلاش ہوتی جو مے نوش بے شک نہ ہو مگر اس شغل کے دوران ان کے پاس بیٹھے ان سے باتیں کرے ایسے میں ان کو اپنا وہ مقصود محمد علی صاحب کی شکل میں نظر آتا۔ چونکہ محمد علی صاحب کی رہائش بہت نزدیک تھی تو وہ ان کو کسی نہ کسی طرح راضی کر کے اپنے ساتھ بٹھا لیتے اور طرح طرح کی باتیں شروع ہو جاتیں پھر جیسے جیسے نشہ بڑھتا اور ہوش و خرد کا دامن ہاتھ سے چھوٹتا تو جناب ترنگ میں آ کر پتہ نہیں کیا کہتے مگر ایک بات تھی کہ اس بے خودی و ترنگ میں بھی انہیں پاس ادب رہتا بلکہ یوں کہئے کہ پہلے سے زیادہ ہو جاتا اور وہ محمد علی سے پیر محمد علی ہو جاتا اور بات بات پر "پیر صاحب" کا ورد جاری ہو جاتا بس یہی وجہ تسمیہ تھی کہ سننے اور دیکھنے والوں نے بھی ان صاحب کی تقلید میں پیر محمد علی کہنا شروع کر دیا۔

محمد علی صاحب کے والد کا نام "اللہ دتہ" تھا آپ سوختی لکڑی کا کاروبار کرتے۔ ان کا ٹال آج کل جہاں سرکلر روڈ پر حبیب بینک کی مین برانچ ہے اس کے ساتھ والی عمارت میں جناب محمد حسن سندھو اقبال ایڈووکیٹ رہتے ہیں اور اس کے پیچھے یہ سوختی لکڑی کا ٹال تھا (ضمیمہ 191) پھر جب محمد علی صاحب اور ان کے چھوٹے بھائی غلام غوث غلام حسین المعروف "... صاحب" اور غلام علی جوان ہوئے تو انہوں نے محنت اور دیانتداری سے کام کیا اپنے والد کے کاروبار کو ترقی دی اور سوختی لکڑی کے ٹال سے عمارتی لکڑی پھر فرنیچر کا کاروبار کرنے لگے۔ محمد علی صاحب چونکہ اپنے بھائیوں میں سے بڑے تھے اس لئے والد صاحب کی تمام ذمہ داریوں کا بوجھ اٹھایا اور اپنی خداداد صلاحیتوں بالخصوص اپنی زندہ دلی کی وجہ سے بڑے تھوڑے ہی عرصہ میں بڑی ترقی کی۔ یہاں سوختی لکڑی کا ٹال اور یہاں فرنیچر کا کاروبار اور سپلائی کے ٹھیکے وغیرہ۔

عمر کے ساتھ ساتھ کام کی کثرت نئے نئے حالات و واقعات لیکن ان کی زندہ دلی اور شگفتگی میں کوئی فرق نہ تھا وہ اپنے سب

Marfat.com

تکلف دوستوں سے بڑی دلچسپی سے باتیں کرتے بلکہ اپنے سے چھوٹوں کیساتھ بھی مذاق کرتے نہ چوکتے۔ وہ بچوں کے ساتھ بچے اور جوانوں کے ساتھ جوان تھے۔ غم فکر کو پاس نہ پھٹکنے دیتے ہمیشہ خوش رہتے اور دوسروں کو بھی خوش رکھتے۔ اُن سے ملنے سے اور باتیں کرنے میں غم غلط ہوتا۔ بس یہی نہیں انہوں نے اپنی اس اچھی عادت سے اپنے کاروبار کو بڑی وسعت دی بھی شہر کے سرکاری اور نیم سرکاری محکموں میں بڑی جان پہچان پیدا کی۔ فرنیچر کے کاروبار میں اور سپلائی کے ٹھیکوں کے حصول میں دشواریوں کو دور کیا اسطرح کاروبار کے ساتھ ساتھ آپ کھیلوں میں بڑی دلچسپی لیتے۔ اسکے ساتھ ساتھ اعلیٰ درجہ کے کرکٹر اور اُس وقت کے آفیسر کلب گجرات کے باقاعدہ ممبر۔ یاد رہے ڈپٹی کمشنر ایس پی سیشن جج دیگر ضلعی افسران اور شہر کے چند ایک معززین اس کلب کے ممبر ہوا کرتے۔ ان افسران کے ساتھ تعلقات اور اٹھنا بیٹھنا ان کا روزمرہ کا معمول تھا جو اس دور میں بڑی بات تھی مگر ان میں کبھی رعونت پیدا نہ ہوئی۔

زندہ دلی، خوش طبعی اور لطیفے اور شکار کے عجیب و غریب واقعات ہمیشہ یاد آئینگے ان کی ظرافت اور شوخی کے چٹکلے ایک دو نہیں چند ہیں مگر افسوس کسی نے نوٹ نہیں کیے۔ میں اس مضمون میں ایسی واقعاتی باتوں کو کم سے کم لانا چاہتا ہوں مگر پھر واقعاتی تقاضوں کی خاطر قارئین کی نذر چند باتیں کر رہا ہوں۔

خوش طبعی اور بذلہ سنجی سے پیر محمد علی یوں مشہور واقف تھے کہ لوگوں کو مدتوں ان کی باتیں یاد آئیں گی جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے وہ اپنے دوستوں وغیرہ اپنے سے چھوٹوں سے بھی مذاق کرنے میں نہ چوکتے۔ کبھی کبھی اپنے آپ پر بھی مشق سخن کر لیتے تھے۔ ایک زمانہ تھا کہ پولیس اپنے فرائض کی ادائیگی دن ہو یا رات بڑی دلجمعی سے ادا کرتی۔ ایک دفعہ پیر محمد علی صاحب پرانے اڈے پر واقع اپنے فرنیچر کے کارخانے سے گھر آ رہے تھے اتفاق سے اس دن بلیک آؤٹ بھی تھا اور آپ کے سائیکل کی بتی بھی نہیں تھی بس یہ تو ایک فرض شناس محکمہ پولیس کے اہلکار نے سیٹی بجائی اور انہیں رکنے کا اشارہ کیا اور چالان کرنے کیلئے کاغذات اور قلم وغیرہ درست کرنے لگا۔ ادھر پیر صاحب کی رگ ظرافت پھڑکی فرمانے لگے۔ "چھوڑ بھائی یہ چالان شالان پہلے یہ بتاؤ ایک بلیک آؤٹ دوسرے میری سائیکل کی بتی نہیں تیسرا میرا رنگ سیاہ تم نے مجھے کیسے پکڑ لیا ؟" یہ بات سُنی تھی کہ وہ صاحب اتنا ہنسے کہ ان کے پیٹ میں بل پڑ گئے اور ہنستے ہنستے وہ پیر صاحب سے بغل گیر ہوئے اور اپنے رویے پر معذرت کی۔ اسی طرح پیر صاحب اپنی بذلہ سنجی کیوجہ سے ایک ناخوشگوار واقعہ سے دوچار ہونے سے بال بال بچ گئے۔

اسی طرح بعض اوقات پیر صاحب بذلہ سنجی کی بجائے ایسی اوٹ پٹانگ کرتے کہ چند لمحے کیلئے دوست احباب میں ناگواری کے اثرات ابھرنے لگتے مگر دوسرے ہی لمحے محفل کشت زار ہو جاتی۔ سنئے پیر صاحب نے اپنے احباب کے ساتھ پرندوں کے شکار کا پروگرام بنایا۔ شکار کے دوران میں وقت اور جگہ کا تعین کرنا مشکل ہوتا ہے اسلئے تمام احباب نے دوپہر کے کھانے کیلئے وقتوں سے سالن کا انتظام کر لیا۔ بہر حال شکار کے دوران بھوک خوب چمکی اور دن بھر کی بھاگ دوڑ سے نڈھال بھی تھے سب احباب نے متفقہ طور پر فیصلہ کیا کہ احباب یہاں ہی کہیں کسی سایہ دار درخت کے نیچے دستر خوان بچھا لیتے ہیں چنانچہ کچھ احباب منہ ہاتھ دھونے لگے باقی دوست کھانا وغیرہ درست کرنے میں مصروف ہو گئے۔ سب احباب مل کر بیٹھ گئے اور دیگچہ پیر صاحب کے آگے سالن تقسیم کرنے کیلئے رکھ دیا تو انہوں نے جیسے ہی دیگچے کا ڈھکن اٹھایا تو "دیگچے میں" فوراً تھوک دیا پیر صاحب کی یہ حرکت اتنی ناگوار گزری کہ سب دوست احباب منہ میں بڑبڑاتے چلے گئے۔ دستر خوان اٹھایا اور کھڑے ہو گئے۔ قرب و جوار میں کوئی بستی بھی نہ تھی کہ دوسرے کھانے کا انتظام ہو سکتا ادھر پیر صاحب نے جب دیکھا لوگ دور ہٹ گئے ہیں تو کھانے پر ٹوٹ پڑے۔ پیر صاحب کے اس عمل نے اور جلتی پر تیل کا کام کیا۔ وہ دوست غصے کے اظہار کے سوا پیر صاحب کا کیا کر سکتے تھے۔ پیر صاحب نے اکیلے میں کھانے کا خوب مزا اٹھایا۔ آہستہ آہستہ جب دوست احباب کا غصہ ٹھنڈا ہوا تو انہوں نے بھی پیر صاحب کی اس ناگوار حرکت کو انجوائے کیا اور ایک دوست نے پیر صاحب پر طنز کا ایک سخت تیر پھینکا اور کہا کہ آپ بھی کمال کرتے ہیں کہ تھوک والا کھانا کھا گئے تو پیر صاحب کے چہرے پر ایک دلفریب مسکراہٹ پھیل گئی اور فرمانے لگے "بھائی پہلی بات تو یہ ہے کہ یہ میرا اپنا تھوک تھا دوسرے یہ کہ میں نے جان بوجھ کر برتن کے ایک طرف تھوکا تھا اور تیسرے یہ کہ میں نے احتیاط کیساتھ تھوک کیساتھ اٹھا کر باہر رکھ دیا۔" بس یہ سننا تھا کہ وہ لوگ جو ابھی تھوڑی دیر پہلے پیر صاحب کی حرکت پر غصے میں آگ بگولہ ہو رہے تھے اب اپنی سادگی پر ہنس رہے تھے۔

Marfat.com

ایسے ایک اور ایسا ہی واقعہ سنئے پیر محمد علی صاحب کی رہائش کے قریب ایک اور صاحب جنہیں عوام میں مشہور ہونے کا بڑا شوق تھا اور ان کی ستم ظریفی دیکھئے کہ انہوں نے عوام الناس میں شہرت حاصل کرنے کیلئے جو کام کئے منفرد نتیجوں سے راہ ہموار short cut ڈھونڈا جو الیکشن میں حصہ لینا تھا۔ پہلے تو انہوں نے چند کونسلروں کا انتخاب کیا۔ وہ بھی ایک اچھے فن ور تھے لیکن کرنی اور رنگ و نسل سے مرد درجے کے تھے اس طرح وہ سوچ اور فکر کے لحاظ سے بھی پست۔ انہوں نے ہر الیکشن میں وہ وہ چیزیں کیں جب بھی اکھاڑے میں اترنے سے پہلے ہی ہر بار بری طرح چت ہوئے۔ یہ واقعہ جو سنانے جا رہا ہوں کسی ایسے ہی الیکشن کا ہے۔ ان دنوں روز پر تکلیف کا رش نہ ہوتا۔ پیر صاحب اور دیگر لوگ گھر سے باہر درختوں کے نیچے رات بسر کرتے اور چارپائیاں بچھا دیتے۔ اسی طرح صبح اٹھ کر وہیں ناشتہ وغیرہ کرتے پھر فارغ ہوتے۔

ایک دن جب پیر صاحب ناشتہ کر رہے تھے تو انہوں نے دیکھا کہ ان صاحب کے گھر کے باہر وہ وہی لوگ جمع ہو رہے ہیں جن کا تھا پیر صاحب کو مذاق سوجھا تو انہوں نے اپنے ایک بیٹے کو آواز دی ادھر آؤ اور پتہ کرو اور وہ تین دن کا بار ان صاحب کو دے آؤ۔ بیٹے نے تھوڑی دیر کی تو پیر صاحب جو بڑے زیرک معاملہ فہم اور سنجیدہ تھے فوراً بھانپ گئے کہ یہ ان صاحب کی امارت سے مرعوب ہے اس سے پیچھے ہٹ رہا ہے کہ ان کی دعوت معیاری نہیں تھی مگر پیر صاحب مسکرائے اور اپنے بیٹے سے کہا کہ جاؤ ان سے آؤ تا کہ انہیں پتہ چلے کہ ہم پیچھے ہٹ جاتے ہیں۔ میں اپنی بات کی سچائی کر رہا ہوں۔"

جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ عمر کے آخری حصے میں ہر شخص کے اعضاء کمزور ہو کر جواب دے جاتے ہیں اور وہ دوسروں کی محنت و مشقت والا کام کرنے سے عاجز آ جاتا ہے۔ ایسے حالات میں وہ لوگ خوش قسمت ہوتے ہیں جن کی اولاد اس عمر میں ان کی خدمت کرتی ہے پیر صاحب بھی انہیں خوش نصیبوں میں سے تھے جنہیں اولاد نے بڑھاپے میں ان کی خوب خدمت کی اور انہیں گھر کا بوجھ نہیں ڈالا۔ پیر صاحب ان دنوں چونکہ فارغ تھے اور نہ ہی ان کو کوئی مالی مشکلات تھیں چنانچہ وہ زیادہ تر وقت گپ شپ میں گزارتے۔ کبھی کبھی گھر میں مجلس لگاتے کبھی حکیم عبدالرحیم کے مطب میں چلے گئے ویسے بھی حکیم صاحب کے مطب میں ان کے کافی لوگ آتے جن سے ان کی گاڑی چلتی۔ ان ہم عمروں اور دوستوں سے ان کی خوب چھنتی۔ گرمی کی وجہ سے جھوٹے جسم تھکے تھکے ہوتے تو دوپہر کی مجلسیں بند ہو جاتیں تھے کافی دنوں سے بارش ہو رہی تھی۔ پیر محمد علی صاحب گھر میں بیٹھے بیٹھے اکتا گئے۔ اس انتظار میں کہ کب بارش رکے اور وہ اپنے دوستوں اور ساتھیوں کو جا کر ملیں۔

خدا خدا کر کے ایک دن پچھلے پہر بارش رکی اور انہوں نے اپنی چھڑی سنبھالی اور مطب حکیم جی کی طرف چل دیئے۔ راستے میں ایک تانگہ والا ملا۔ پیر صاحب نے اس سے پوچھا "کدھر جا رہے ہو؟"

"میں حضرت شاہ دولہ دریائی کے مزار تک جا رہا ہوں۔" اس نے جواب دیا۔

پیر صاحب نے اس سے کہا کہ چلو میں نے بھی اسی طرف جانا ہے مجھے بھی ساتھ لے چلو۔ جب حکیم جی کے مطب کے پاس پہنچے تو انہوں نے تانگہ رکوایا اور تانگہ سے اتر گئے۔ جب چلنے لگے تو تانگہ والے نے کرایہ مانگنا شروع کر دیا۔ انہوں نے بڑی سنجیدگی سے اس کی بات سنی اور بڑے دلفریب انداز میں اس سے کہنے لگے "تم نے دیکھا نہیں میں تمہارے ساتھ پیدل چلتے چلتے آیا ہوں تم نے بھی چلتے چلتے ہی آنا تھا۔ اگر میرے پاس روپے ہوتے تو میں گھر میں چلا نہ جاتا۔" یہ تھا پیر محمد علی صاحب کا لطیف مذاق اور یوں وہ کثیف پیشے سے وابستہ کوچوان بے حال چہرہ بات کر کے اپنی راہ چلتا بنا۔

ایسے ان گنت واقعات ہیں مضمون کی طوالت کے باعث یہاں ذکر کرتا ہوں خدا انہیں کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے۔ پیر صاحب اپنی مثال آپ تھے۔

سائیں فضل کریم

حضرت شاہ دولہ دریائی صاحب کے مزار کے دروازے سے باہر جانب شمال ایک سائیں فضل کریم صاحب مٹی کے برتنوں کی چھابڑی لگایا کرتے۔ شام کو جو جمع ہوتا اپنی ضروریات کیلئے رکھ لیتے باقی غریب غرباء میں تقسیم کر دیتے۔ حضرت شاہ دولہ

Marfat.com

مزار کے قریبی گلی میں ایک کتیا نے بچے دے رکھے تھے اس کتیا کو بھی روزانہ خوراک دیتے علاوہ ازیں جوں جوں کتیا کے پلے بڑے ہوتے گئے وہ دودھ اور گوشت وغیرہ ڈالنے کا معمول بنا لیا اور اسی طرح بدستور باقاعدگی سے اپنی کمائی کا ایک حصہ کتوں کو کھلانے پلانے میں صرف کرنے کی عادت بنائی۔

سائیں فضل کریم صاحب اپنے پاؤں پر سیدھا چلنے سے معذور تھے۔ چوپائیوں کی طرح چلتے اور نذر شاہ صاحب کے کنوئیں پر پڑے رہتے۔ کوئی کھانے پینے کو دیتا تو کھا لیتے۔ راقم کے بچپن کے دوست استاد دقیقہ کی سائیں صاحب سے اچھی علیک سلیک تھی۔ استاد دقیقہ کاروبار کے سلسلہ میں لاہور چلا گیا سال میں ایک دو دفعہ گجرات آیا جایا کرتا۔ اس نے سائیں صاحب کو شاہدولہ صاحب کے قریب نہ پایا تو بے چین ہو گیا بہرحال ادھر ادھر لوگوں کی زبانی پتہ چلا کہ کسی طرح سائیں صاحب کی کمر ٹوٹ گئی ہے اور انہوں نے نذر شاہ صاحب کے کنوئیں پر ڈیرہ لگا رکھا ہے لہذا استاد دقیقہ ابھی کھیتوں میں سے ہوتا ہوا کنوئیں کے قریب پہنچا ہی تھا کہ دیکھا سائیں صاحب ہاتھوں اور پاؤں کے سہارے رینگتے ہوئے اسی کی طرف آ رہے ہیں۔ سائیں صاحب کی یہ حالت دیکھ کر وہ دل گرفتہ ہو گیا مگر سائیں صاحب نے اس حالت زار کے متعلق نہایت صبر و قناعت کا اظہار کیا اور اس تکلیف دہ امر کی بابت شکوہ شکایت کے بجائے صرف اس خواہش کا اظہار کیا کہ مجھے کہیں سے چکنی مٹی لا کر دیدو۔ استاد دقیقہ جو نہایت دردمند دل کا حامل تھا کہیں سے تھوڑی چکنی مٹی لے آیا۔ سائیں صاحب نے اس چکنی مٹی کو پانی میں حل کیا اور لیپ تیار کر کے اپنی متضرو کمر پر لگایا۔ استاد دقیقہ نے کئی کوشش کی کہ سائیں صاحب کی کچھ مالی مدد کی جائے مگر صاحب نے نہ صرف سختی سے معاونت قبول کرنے سے انکار کر دیا [illegible]

کچھ عرصہ بعد استاد دقیقہ دوسرے سال لاہور سے گجرات نہ آ سکا۔ اگلے سال واپسی پر سائیں صاحب کی کوئی خبر نہ ملی تلاش بسیار کے باوجود [illegible] استاد دقیقہ کو ملنے کی خلش نے بے چین کر دیا کہ خدانخواستہ کہیں وہ اس دار فانی سے ملک عدم نہ سدھار گئے ہوں۔ [illegible] بعد ایک روز جب استاد دقیقہ لاہور سے واپس گجرات لوٹا تو معلوم ہوا کہ انہوں نے گجرات پنجاب کالج سے متصل [illegible] برتن فروخت کرنے کا ایک عارضی ٹھکانہ بنا رکھا ہے لہذا استاد دقیقہ نے بیتابی سے جا کر سلام دعا کی مگر اتنی محویت [illegible] یادداشت واپس لوٹی کیونکہ کافی عرصے کے بعد ملاقات ہوئی تھی لہذا نہایت رقت انگیز اور لجاجت سے عرض کیا کہ میں نے کافی برتن خریدنے کی ٹھان لی ہے اگر آپ مناسب سمجھیں تو یہ تمام برتن گدھے پر لاد کر میرے گھر لے چلیں۔ [illegible] انہوں نے پس و پیش کیا مگر متواتر اصرار پر رضامند ہو گئے۔

استاد دقیقہ کا مکان [illegible] صاحب کی مسجد شاہدولہ روڈ کے بالمقابل ایک شمالی گلی میں واقع تھا۔ برتنوں کا ڈھیر گدھے پر سے [illegible] استاد دقیقہ کی نیت تھی کہ برتنوں کی اصل قیمت سے زیادہ رقم دے کر برتن خرید لئے جائیں اور بہانے سے سائیں صاحب کی خدمت کر کے روحانی طور پر سرخرو ہوا جائے لہذا اطمینان جانچ پڑتال کی غرض سے برتنوں کی طرف متوجہ ہو گیا اور [illegible] برتنوں کی قیمت بھی شامل کر کے واجبی قیمت سے زیادہ رقم سائیں صاحب کو دیدی لیکن سائیں صاحب یہ ہمدردانہ رویہ جان کر [illegible] اور برتن واپس لے گئے کہ کوئی انہیں مال کی اصل قیمت سے زیادہ قیمت کیوں دے!

[illegible] اللہ کے بندے دنیاوی متاع ٹھکرا دینے میں آسودگی محسوس کرتے ہیں۔ ازاں بعد سائیں فضل کریم صاحب کا کچھ پتہ نہ چل سکا۔ استاد دقیقہ [illegible] ان کا متلاشی رہا مگر سائیں صاحب کہاں!

غلام احمد پال

پال صاحب مرنجاں مرنج طبیعت کے انسان تھے محفلوں کا سنگھار، مجلسوں کی رونق اور جہاں بیٹھتے محفل پر چھا جاتے۔ [illegible] حکیم عبید اللہ مرحوم کی دکان پر مجلس لگاتے جہاں گجرات کی نامور شخصیات رونق افروز ہوتیں۔ ویسے [illegible] چوہدری سلطان [illegible] حکیم چراغ [illegible] دین بٹ، پیر محمد علی "شاہ"، علی محمد، شیخ محبوب اور کئی ایک دیگر احباب اس محفل میں شریک ہوتے [illegible] اس محفل کو اگر برات سمجھا جائے تو دولہا پال صاحب ہی ہوتے اور اس محفل کو زعفران بنانا ان

Marfat.com

پر ختم تھا۔ مزاج کا وہ رنگ ہوتا کہ روتے ہوئے انسان ہنس ہنس کر لوٹ پوٹ ہو جاتے اور پہروں یاد کر کے لطف اندوز ہوتے۔

راقم نے جب بھی پال صاحب کو دیکھا ہمیشہ سے سفید لباس اور جناح کیپ ان کے استعمال میں رہا ہے جس طرح ان کا لباس بے داغ اور سلوٹوں سے پاک تھا اسی طرح انکی زندگی اجلی اور بڑی ہموار تھی۔ نہ کوئی اونچائی نہ کوئی نیچائی۔ کسی سے کوئی غرض نہیں ہمیشہ یہ کوشش رہی کہ کسی کے کام آسکیں۔

اس ضمن میں مجھے ایک واقعہ یاد آیا اس سے قارئین کو ان کے مزاج سمجھنے میں آسانی پیدا ہوگی۔ ۔۔۔۔ رحمت اور رحمت جرات خزانے میں کلرک تھے جن میں سے ناصر حاجی اللہ دتہ بٹ کی گلی میں رہتا اور رحمت، شیخ عبدالغنی صاحب (۔۔۔۔) کی حویلی میں رہائش پذیر تھا۔ انہوں نے خزانے سے ۱۱ ہزار ۱۱ سو کے قریب رقم اڑالی اور اپنے دو دوستوں کو جو ۔۔۔۔ کے ساتھ لے کر شہر سے روپوش ہو گئے۔ یہ وہ زمانہ تھا جس میں ایک سو روپے کی بڑی اہمیت تھی یہ تو ۱۱ ہزار ۱۱ سو ۔۔۔۔ تھی۔ پورے شہر میں دھوم مچ گئی ہر زبان پر ان کا قصہ ہر گلی میں انکا ذکر۔ ان منچلوں کے والدین سفید پوش تھے وہ تو اتنی بڑی رقم کہاں متحمل ہو سکتے تھے۔ ایک طرف اولاد کا غم کہاں در بدر ہو رہے ہیں دوسری طرف اس رقم کی پریشانی۔ ۔۔۔۔ بھلا کرے پال صاحب کا انہوں نے اس آگ کے دریا کو تیر کر پار کرنے کا بیڑا اٹھایا اور دن رات ایک کر کے اپنے ۔۔۔۔ جھونک میں انکی تلاش کی اور انہیں ڈھونڈ نکالا۔

ان دوستوں کے پاس جو بھی نکلا لیا اور باقی رقم اپنی جیب خاص سے لیکر خزانے میں جمع کرائی۔ اس طرح ۔۔۔۔ والدین کو ان حضرات نے مشکل سے نجات دلائی۔ یہ تو تھا دوسروں کی خدمت کا جذبہ۔ اب آپ ان کی بے نیازی کی بات ۔۔۔۔ یہ بات مجھے انکے ایک قریبی عزیز محمد اکرم پال صاحب نے سنائی:

''ایک دن مجھے کسی کام کے سلسلے میں شہر سے باہر جانا تھا۔ میں جب لاری اڈے پر پہنچا تو مجھے خیال آیا ۔۔۔۔ ہونے سے پہلے مجھے جناب غلام احمد پال صاحب سے مل لینا چاہیے جہاں مجھے انکا احوال معلوم ہو جائے گا۔ وہاں ۔۔۔۔ کی اور وہاں کے لوگوں کی معلومات بھی مل جائینگی چنانچہ میں سیدھا انکے دفتر میں گیا۔ یہ ان دنوں کی بات ہے جب ۔۔۔۔ کاروبار کیا کرتے۔ عجیب اتفاق ہے وہ اس وقت دفتر میں اکیلے بیٹھے ہوئے تھے ہمیں علیک سلیک ہوئی۔ ابھی میں کوئی بات بھی ۔۔۔۔ کہ انکے فون کی گھنٹی بجنے لگی اور وہ اس طرف متوجہ ہوئے ٹیلیفون کرنے والے صاحب نے اپنا مختصر تعارف کرایا اور ۔۔۔۔ مسٹر شیخ مسعود صادق صاحب آپ سے ملنا چاہتے ہیں آپ مہربانی فرما کر پی ڈبلیو ڈی کے ریسٹ ہاؤس تشریف ۔۔۔۔ صاحب نے انکی بات ختم ہونے پر بڑے تحمل سے انہیں بتایا کہ مجھے مسٹر صاحب سے کوئی کام نہیں ہاں اگر انہیں کوئی کام ہو مجھ سے ملنا چاہتے ہیں تو میرے دفتر تشریف لائیں اور ٹیلیفون بند کر دیا، پھر میری طرف متوجہ ہوئے۔ اتنی دیر میں باہر گاڑی رکنے کی آواز ۔۔۔۔ صاحب نے چق کے سوراخوں سے دیکھا شیخ مسعود صادق صاحب گاڑی سے اتر رہے ہیں کہا ۔۔۔۔ پال صاحب ۔۔۔۔ اور مصافحہ اور معانقہ کی بجائے گالیوں اور وہ بھی غلط قسم کی گالیوں کا تبادلہ ہوا پھر گلے ملے اور دیر تک ایک ۔۔۔۔ صاحب نے شیخ صاحب کو پیچھے ہی میں دفتر کے اندر لائے جتنی دیر شیخ صاحب بیٹھے رہے بڑی محبت سے بات چیت ہوتی رہی ۔۔۔۔ بڑے کی میز تھی، نہ ہی یہ تھیں۔ ۔۔۔۔ تھا کہ ایک وزیر باتدبیر اور دوسرا عام مزا پور مگر جب شیخ صاحب نے پال صاحب سے کہا ۔۔۔۔ پہلے اکثر اوقات ملاقات ہوا کرتی تھی مگر میں جب سے وزیر بنا ہوں۔ تم تو بھولے سے میرے دفتر ۔۔۔۔ صاحب نے بڑے زور کا قہقہہ لگایا کہ مجھے خوشی ہے کہ تم جنرل محمد ایوب کے وزیر ہو گئے مگر میں اس خیال سے نہیں ۔۔۔۔ کہ میں کسی کام کے سلسلے میں تمہیں ملنے آیا میری غیرت نے گوارہ نہ کیا'' یہ تھیں ان کی بے نیازیاں۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے

نہ غرض کسی سے نہ واسطہ

مجھے کام اپنے ہی کام سے

تیرے ذکر سے تیری فکر سے

تیری یاد سے تیرے نام سے

Marfat.com

گجرات پنجاب بس کمپنی کے زوال پذیر ہونے کے بعد غلام احمد پال نے راجہ ٹرانسپورٹ کے نام سے بس سروس شروع کر دی۔ گجرات پنجاب بس کے (موجودہ پرانا اڈہ) تقریباً سامنے مشرق کی طرف ایک کشادہ گلی میں داخل ہونے کے چند قدم بعد ہی بائیں ہاتھ ایک وسیع میدان میں اڈہ بنا لیا۔ اس کے پچھلے حصے کو بیڈمنٹن کورٹ میں تبدیل کیا اور یاروں احباب کیلئے اپنی جیب سے مختلف fleets خریدے تاکہ شام کو کھیل سکیں۔ جن کھیلنے والے حضرات کے نام مجھے ابھی تک یاد ہیں اُن میں فصیح الدین معروف فصیح شمیم والا" (ضمیمہ 192) نذر خالد مرحوم (ضمیمہ 193) مرزا محمد کریم مرحوم (ریٹائرڈ ایس۔پی)، لالہ وحید مرحوم، عبدالرحمن اور غلام رسول ایڈووکیٹ (ضمیمہ 194) وغیرہ وغیرہ۔ موسم کے مطابق آم، دودھ سوڈا اور ڈرائی فروٹ اپنی جیب سے خرید کر کھیل ختم ہونے کے بعد تقسیم کیا کرتے۔ چونکہ غلام احمد پال موڈی آدمی تھے لہذا جب جی چاہا تمام یاروں دوستوں کو ساتھ لے کر پورے انتظام سے جس میں کھانا پکانے کیلئے باورچی بھی شامل ہوتا وہ مری لے جایا کرتے۔

یہ ذکر کرنا مناسب سمجھتا ہوں کہ اس زمانے میں آج کے دور کے برعکس ٹرانسپورٹ کیلئے روٹ پرمٹ لینا نہایت ضروری تھا اور راجہ ٹرانسپورٹ کا روٹ پرمٹ گجرات منڈی بہاؤالدین تک کا تھا اور گجرات پنجاب بس کے فیل ہونے کی یہی وجہ تھی کہ روٹ پرمٹ ختم ہونے کے بعد دیگر بس کمپنیاں قائم ہوئیں۔

پال صاحب نے اپنے عزیز و اقارب اور دوست احباب کی جو خدمت بھی کی اور جس کسی کے کام بھی آئے اس میں تصنع، بناوٹ اور نمود و نمائش کا کہیں کوئی دخل نہ تھا محض اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کیلئے کیا۔

"حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا"

بھوت یا شیخ صاحب؟

شیخ عصمت اللہ حافظ صاحب گجرات کی نامور شخصیات میں سے ہیں۔ اُنکی عمر کا زیادہ تر حصہ ملازمت کے سلسلہ میں گجرات سے باہر گزرا۔ پاکستان کی Federal Govt میں engineer کے عہدہ پر فائز رہے مگر deputation پر آپ کو FIA میں بھیج دیا گیا جہاں سے Deputy Director FIA کی تعیناتی سے retire ہوئے۔ نہایت رقیق القلب انسان، دیانتدار اور دوسروں کے دکھ درد بانٹنے میں پیش پیش۔ پاکستان کے elite خاندانوں میں سے شاید ہی کوئی ایسا خاندان ہو جس سے اُن کے مراسم نہ ہوں۔ حیثیت سے اعلیٰ افسران بالا سے تعلقات استوار ہیں اور نہایت بے لوث، بے تکلفانہ مراسم کے حامل ہیں۔ اکثر یار و احباب ان کو "مرشد" کے نام سے پکارا کرتے ہیں۔ چھوٹے سے لے کر بڑے سرکاری اعلیٰ افسر تک اُن کی رسائی تھی اور کام نکالنے میں خاصی مہارت۔ شاعری سے بھی شغف ہے۔ شیخ صاحب کا ایک شعر ملاحظہ ہو:

"تم مل گئے ہو کتنی حسیں کائنات ہے
اے میری جان یہ تو عبادت کی رات ہے"

حسن داد و دہش سے خوش الحانی کا حصہ بھی ودیعت ہوا ہے۔ گفتگو کا خاصہ کہ پہروں بلا تکان بولتے چلے جاتے اور سامعین بوریت کے احساس سے قطع نظر محظوظ ہو کر مزید تکلم کا تقاضہ کرتے ہیں۔ زندہ دلی بھی اُن کا ایک اہم اور روشن پہلو ہے۔ علم و ادب سے جنون کی حد تک لگاؤ ہے اور سرعت سے ادبی تحقیقات کی جڑ تک سرایت ہو جاتے ہیں۔ مولانا ظفر علی خاں سے خاندانی تعلقات ہیں۔ مولانا صاحب گجرات تشریف آوری پر انکے والد صاحب کے پاس ہی قیام پذیر ہوتے۔ بچپن کے زمانے کی شیخ صاحب کے پاس ایک تصویر بھی ہے جس میں وہ مولانا صاحب کی گود میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ آجکل گجرات سے نقل مکانی کر کے اسلام آباد میں رونق افروز ہیں۔ بڑے بھائی شیخ کرامت اللہ مرحوم نے ایک کتاب "آئینہ گجرات" بھی لکھی تھی۔

شیخ صاحب کو باتیں کرنے کا والہانہ شوق ہے۔ باتوں میں بیہودگی کی بجائے لطیف انداز شائستگی، دلچسپ پیرائے میں سچے واقعات اور شگفتہ پیرایہ میں طنز و مزاح کا عنصر غالب ہے۔ اکثر راقم کی کار میں گجرات سے لاہور اور اسلام آباد میں ہمسفر ہوتے میرے ڈرائیور کا نام اسلم اور محلہ اچادارہ گجرات کا رہائشی ہے۔ شیخ صاحب نے اُسے بھی شاعر بنا دیا اور اُس کا تخلص اسلم اُچادروی (اسلم کے محلے کا نام

Marfat.com

اچھا دارا ہے) تجویز فرمایا۔ ایک موقع پر ہم لوگ گجرات سے اسلام آباد کیلئے روانہ ہوئے تو میں نے شیخ صاحب سے درخواست کی، ''جہلم تک آپ دلنشیں باتیں کریں گے اور جہلم سے اگلے سفر کے دوران مجھے باتیں کرنے کا موقع دیا جائے۔'' ہماری باتیں ڈرائیور اسلم کے کانوں میں بھی رس گھول رہی تھیں اس نے بیتابی سے اس معاہدہ سے انحراف کیا اور کہا ''پیر صاحب یہ تو بہت تھوڑا فاصلہ ہے رواں دواں کار میں جہلم تو فوری طور پر آ سکتا ہے کیونکہ اسلم کو جناب کی باتیں سننے کا چسکہ تھا۔ مزید کہا شیخ صاحب کو مزید گوجرخان تک باتیں کرنے کا موقع دیا جائے۔''

شیخ صاحب نے اسلم کے اس خیال کی ستائشی طور پر داد دی۔ روانگی کے دوران شیخ صاحب نے کراچی میں FIA کی تقرری کے دور کی ایک طویل داستان موثر لہجے میں شروع کر دی۔ درمیان میں بھی بھی میں ''ہوں'' ''ہاں'' کرتا رہا اور وہ تو جہلم سے گفتار سے غازی گوجرخان تک رسائی ہو چکی تو میں نے اپنا موقف یاد دلایا۔

''شیخ صاحب حسب وعدہ مجھے بھی اب باتیں کرنے کا موقع فراہم کیا جائے۔''

''نہیں پیر صاحب! تھوڑی سی داستان رہ گئی ہے۔ بس روات تک۔'' روات کیا فیض آباد چوک آ گیا مگر وہ مخصوص رفتار سے گفتار جاری و ساری رکھے ہوئے تھے۔

اسی طرح ایک سفر کے موقع پر مری روڈ، راولپنڈی، شیخ صاحب اور میں ایک ہوٹل میں ٹھہرے ہوئے تھے۔ کمرہ دوسری منزل پر مہیا کر دیا گیا جس کی کھڑکیاں عین مری روڈ پر کھلتی تھیں۔ برسات کا موسم جبکہ صبح ضروری کام پایہ تکمیل تک پہنچانے کا ارادہ تھا۔ میں نے شیخ صاحب کو تھکاوٹ کی وجہ سے جلدی سو جانے کی ترغیب دی تاکہ صبح دم نہ جاگنے پر کام ادھورے نہ رہ جائیں اور کل شام تک گجرات اپنے گھر موجودگی بھی اشد ضروری ہے لہذا بہتر یہی کہ کھانا کھانے کے بعد سو جائیں۔

ڈرائیور اسلم نچلے کمرہ میں ٹھہرا ہوا تھا۔ اسے بازار سے مچھلی لانے کو کہا کیونکہ ہم لوگ برسات میں بھیگنے سے گریزاں تھے۔ اسلم مچھلی لے آیا تو ہم تینوں نے کھانا کھایا۔ اسلم اپنے کمرے میں چلا گیا تھا اب صورت حال کچھ یوں تھی کہ شیخ صاحب اور میرے beds کے سرہانے کی سمت کھڑکیوں کی عین سیدھ پر تھی۔ گویا مری روڈ ہماری نظروں کی زد میں اور صاف دکھائی دے رہی تھی۔ ہمارے beds کے درمیان Night table موجود تھی۔ ہم دونوں اپنے اپنے بستروں پر دراز ہو گئے۔ شیخ صاحب نے پھر کوئی ایک کہانی شروع کر دی جس کو شیخ صاحب نے ذہن میں گرفتار کیا تھا جبکہ ادھر میں نے کوئی رسالہ پڑھنا شروع کر دیا کیونکہ میری عادت ہے کہ جب تک رات کو تھوڑا بہت مطالعہ نہ کر لوں، نیند نہیں آتی۔ شیخ صاحب اپنے مخصوص انداز میں داستان بیان کر رہے تھے میں رسالے کے مطالعہ میں مشغول تھا اور دل رکھنے کو بھی بھی خوشنودی کیلئے ''ہوں'' بھی کر دیتا اور پھر مجھے خبر بھی نہ ہوئی نیند کی آغوش میں چلا گیا۔ جب میری طرف سے ''ہوں'' ''ہاں'' کی آواز شیخ صاحب تک نہ پہنچی تو شیخ صاحب نے دل برداشتہ ہو کر تکیہ اٹھا کر میرے سینہ پر آ گئے اور کہنے لگے، ''پیر صاحب کمال ہے ابھی تو 10 بجے کا وقت بھی نہیں ہوا اور آپ مزے سے سو رہے ہیں خیر باقی واقعہ کل پیش کروں گا۔''

میں نے حسب معمول صبح شیخ صاحب سے پہلے ہی بستر چھوڑ دیا۔ رات خوب بارش ہوتی رہی میں نے کھڑکی کھولی۔ باہر کا منظر دیکھوں تاہم کھڑکی کی کھڑکھڑاہٹ سے شیخ صاحب بھی نیند سے جاگ اٹھے میں نے کہا ''شیخ صاحب باہر تو دیکھیں مری روڈ کے دو functions ظہور پذیر ہیں۔ ایک تو Wheeled traffic کے کام آتی ہے اور دوسرے Water transport کے'' (کیونکہ سڑک پر بارش کا پانی ایک نہر کی صورت میں بہہ رہا تھا)

شیخ صاحب نے سڑک کے نظارہ کی ترغیب کو یکسر نظر انداز فرمایا اور کوئی comment پاس نہ کیا۔ برملا کہنے لگے ''رات کو میں جن smugglers کی بات کر رہا تھا۔ انہوں نے مجھے ایک اٹیچی کیس دینا چاہا جس میں یقیناً نوٹ ہوں گے جبکہ میں نے صاف انکار کر دیا بلکہ غصہ میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سنائیں۔''

''شیخ صاحب! چلو جلدی سے نہا دھو کر تیار ہو جائیں بڑے کام کرنے ہیں۔'' میں نے سٹپٹا کر کہا۔

''اچھا باقی داستان نہانے کے بعد۔''

Marfat.com

جناب کی زندہ دلی کے کیا کہنے خواہ کتنے ہی دکھی کیوں نہ ہوں۔ درد والم پر غالب آجاتے ہیں اور دوسرے لوگوں کو غمگین پا کر ان کی ہمت بندھاتے اور ایسی بذلہ سنجی کا مظاہرہ کرتے کہ غموں سے مغلوب آدمی اپنے تمام تر غم بھول جاتا۔

1989 میں وزارت سے ریٹائر ہونے کے بعد راقم اپنی آبائی سرزمین محلہ گڑھی شاہدولہ، گجرات واپس لوٹا تو سر دست اپنے دیرینہ دوست احباب کی تلاش میں نکل کھڑا ہوا اور میں نے ایک صاحب سے دریافت کیا کہ شیخ عظمت اللہ صاحب کیسے ہیں؟

''وہ تو کب سے انتقال کر چکے ہیں۔'' اس نے جواب دیا۔

مجھے بہت دکھ ہوا کیونکہ ایسی زندہ دل شخصیت جس سے میری دلنشیں یادیں وابستہ تھیں اور جو مجالس کے روح رواں تھے ان کی تلاش کروں گا۔ چونکہ مصروفیت کے باوجود مجھے اپنے کام خود کرنے کی عادت ہے میں نے چند خطوط لکھے ہوئے تھے جنہیں پوسٹ کرنے کے لئے مرکزی گجرات کے پوسٹ آفس سے رجوع کیا۔

یہاں یہ عرض کر دینا قرین قیاس ہوگا کہ میرے بچپن کے ایک دوست جو اب اس دنیا فانی میں موجود نہیں۔ پوسٹ بکس سے انہیں خط ڈالنے سے بھی شغف تھا۔ حضرت شاہدولہ دریائی صاحب کے مزار کے دروازے کے ساتھ ہی ایک پوسٹ بکس نصب تھا۔ میرے مرحوم دوست نہایت پابندی سے خطوط ایک تاریخ مدت سے نکالنے میں ید طولیٰ رکھتے۔ مجالس میں فخریہ اپنی استادی کا برملا اظہار کرتے ہوتے۔ اسی طرح آج کل حکیم نبیل کے مکان کے دروازے پر مین شاہدولہ روڈ پر میری رہائش گاہ سے چند قدموں کے فاصلے پر ایک پوسٹ بکس موجود ہے مگر اس کی بوسیدہ دریدہ حالت کے پیش نظر خطوط پوسٹ کرنے کی جرات نہیں ہوتی کیونکہ وہ کئی دنوں سے خطوط صاف نظر آتے ہیں۔ اس صورت حال سے میں ویسے بھی وہمی سا ہو گیا ہوں کیونکہ بیرون ممالک خطوط پر قیمتی ٹکٹ م 15-18 روپے تک خرچ ہو جاتا ہے۔ اب میں اپنی موجودگی میں ٹکٹوں پر stamps لگوا کر کاونٹر پر چھوڑتا ہوں کیونکہ سال ہا سال سے کئی ایسے ہیں خطوط سے قیمتی ٹکٹ اچک لیا کرتی ہیں۔

ڈاکخانہ کی بائیں جانب جہاں آج کل ''امانت پریس'' واقع ہے، کے قریب سے گزر رہا تھا کہ مجھے جھٹکا سا لگا۔ یوں محسوس ہوا جیسے میرے مرحوم دوست شیخ صاحب مخالف سمت سے خراماں خراماں میری طرف آ رہے ہوں۔ مجھے اپنی گنہگار آنکھوں پر یقین نہ آیا اور مجھے فوراً احساس ہوا کہ ہو نہ ہو شیخ صاحب کا ''بھوت'' ہے اور پھر دن کے گیارہ بجے کے قریب میری گھبراہٹ لازمی امر تھی لہذا کھسک جانے یا فرار ہو جانے میں عافیت بھی مگر پھر دیکھا تو میرے سامنے ''بھوت'' حائل تھا۔ حالانکہ میں بھاگنے کی پوزیشن میں آ گیا مگر ''بھوت'' نے اچانک مجھے اپنے ''کلاوے'' میں جکڑ لیا جیسے دیرینہ دوست پُر جوش انداز میں بغلگیر ہو رہے ہوں۔ میں نے حتی الوسع گرفت سے نکلنے کے لئے پر زور ''ہاتھ پیر'' مارے مگر بھوت کی گرفت فولادی نوعیت کی تھی اور میں بے بسی سے حالات کے رحم و کرم پر تسلیم کر لیا۔

''ہجوم یاس میں وہ دفعتاً ملے ایسے
کہ جیسے تشنہ لب صحرا میں آب جو دیکھے''

واقع یوں تھا کہ ان کے ہمنام شیخ عظمت اللہ صاحب مشہور معلم شیخ شفقت اللہ صاحب کے چھوٹے بھائی فوت ہو چکے تھے تاہم مجھے فوتیدگی کے حوالے سے بتانے والے کا روئے سخن ان کی جانب تھا۔ مجھ سے ہی سمجھنے میں غلطی اور کوتاہی سرزد ہوئی۔

جب امام ہند مولانا عبدالکلام آزاد گجرات تشریف لائے تو آزاد مسلم ہائی سکول (موجودہ اسلامیہ ہائی سکول) کی بنیاد رکھی۔ عطاء اللہ شاہ بخاری کی شعلہ وار تقاریر سے متاثر ہو کر کئی مسلمانوں نے اپنے بچے گجرات شہر کے ساتن درھم ہائی سکول اور مشن سکول سے اٹھا لئے۔ کئی مسلمان سرکاری ملازموں پر حکومت نے زور ڈالا ہر چند اُن کے بچے آزاد مسلم ہائی سکول میں پڑھنا چاہتے تھے۔ آئینہ گجرات کے مصنف (ضمیمہ 195) شیخ کرامت اللہ کے والد شیخ عزیز اللہ اگرچہ گورنمنٹ کے ملازم تھے، اپنے بیٹے پر زور دیتے رہے کہ مسلمانوں کے سکول میں مت جاؤ مگر کرامت اللہ نے ایک نہ سنی اور آزاد مسلم ہائی سکول میں داخل ہو گیا۔ میرے عزیز دوست شیخ عظمت اللہ جو اس وقت Executive engineer کے عہدے پر فائز تھے۔ شیخ کرامت اللہ مرحوم اُن کے بڑے بھائی تھے۔ ان کا شجرہ نسب تیرہ پشتوں کے بعد میر تہ کا کامل گجرات کا پہلا حاکم اکبر اعظم بانی گجرات کے عہد میں جا ملتا ہے۔

چوہدری محمد صادق صاحب

تحصیل پھالیہ میں ایک چھوٹا سا گاؤں "ہیلاں" ہے۔ وہاں ہندوؤں سے تیرہ مکانات اور دکانیں سب سے بڑے زمیندار تھے۔ علاوہ ازیں منڈی بہاؤالدین کے قریب ایک گاؤں "ہیلاں" واقع ہے۔ وہاں ایک چوہدری محمد صادق جن کے تین جوان قد آور اور باہمت بیٹے تھے۔ چوہدری صاحب کا ایک بیٹا ریاض احمد آج کل گجرات میں مقیم ہے۔ چوہدری صاحب کا ہندوؤں کے ساتھ لین دین ہوا کرتا۔ چوہدری صاحب نے "ہیلاں" کے رہائشی ہندوؤں کو مختلف مواقع پر 1300 روپے دیے تھے جن میں سے 100 روپے دیے مگر خود لینے کا کوئی موقع نہ آیا اور 1947 آ گیا۔

ایک رات ہندو اپنی جان بچانے کی غرض سے ایک قافلے کی صورت میں گدھوں پر اپنا سامان باندھ کر اپنی منزل کی طرف چل کر چوہدری محمد صادق صاحب کی حویلی کے دروازے پر آن پہنچے۔ چوہدری صاحب نے حویلی کا دروازہ کھول دیا اور تقریباً ایک سو عورتیں اور بچے بوڑھے کوئی 25 گدھوں پر سامان لادے اندر داخل ہو گئے۔ انہوں نے ان کی رہائش کا بندوبست کر دیا۔

ایک رات انت رام نے چوہدری صاحب کی خدمت میں ڈیڑھ من چاندی 13 سیر سونا اور ہزاروں روپے نقدی کی صورت میں لا کر رکھ دیے اور کہا "مہاراج اب ہم نے تو یہاں سے چلے جانا ہے۔ پتہ نہیں زندہ رہتے ہیں یا نہیں آپ یہ تمام سامان رکھ لیں۔"

"انت رام کیسی باتیں کر رہے ہو یہ سب کچھ تمہارا ہے تم ہی اپنے پاس رکھو اور تم میرے مہمان ہو تمہاری جان و مال کی حفاظت میری ذمہ داری ہے۔" گاؤں کے لوگوں نے رات کو ایک پنچایت (پریہ) بلائی جس میں چوہدری صاحب کو بھی بلایا گیا۔ "پریہ" میں سے ایک بزرگ نے کہا "چوہدری محمد صادق تم نے کافروں کو پناہ دے رکھی ہے جبکہ کافروں کو قتل کرنے کی تو اسلام اجازت دیتا ہے۔"

"اسلام اجازت دیتا ہے جب وہ ایمان نہ لائیں اور تمہارے مد مقابل ڈٹ جائیں یہ ہندو تو میری پناہ میں ہیں میری جان چلی جائے مگر میں ان پر آنچ نہ آنے دوں گا۔ اگر تم لوگوں نے تشدد کا راستہ اختیار کیا تو میرے تین جوان بیٹے اور ایک بھائی بھی ان سے پہلے اپنی جان بچانے میں کام آئیں گے پھر تمہاری جو مرضی ہے کرنا۔" یہ کہہ کر اپنی حویلی واپس چلے گئے۔

دوسرے دن اسی گاؤں کا ایک آرائیں جس کی ایک ہی بیٹی تھی۔ بہت ہی دلدار اور طاقتور قد آور انسان تھے چوہدری صاحب سے ملاقات کی اور کہا "چوہدری صاحب آپ نے پریہ میں مردانگی کی بات کی تھی اگر وقت پڑے تو مجھے بھی اپنی چھت تلے دیکھ لینا میں جان کی بازی لگا دوں گا۔" اسی طرح اسی گاؤں کے ایک قاضی صاحب جن کے پاس بندوق تھی۔ انہوں نے بھی چوہدری صاحب کو مدد کی یقین دہانی کرائی۔ چوہدری صاحب کے گھر میں کلہاڑیاں اور کلہاڑیاں موجود تھیں اور قاضی صاحب کے پاس بندوق۔ چوہدری صاحب کا حوصلہ بڑھ گیا۔ رات کو انہوں نے بمعہ اپنے بھائی اور بیٹوں کے پہرہ دیا اور اسی طرح تین مہینے گزر گئے۔ بعد ازاں پھر حفاظت کے ساتھ ہندوؤں کو اپنی حویلی سے منڈی بہاؤالدین پناہ گزینوں کے کیمپ میں بھجوا دیا۔

وہاں سے یہ قافلہ خیر و عافیت فیروز پور پہنچ گیا۔ کئی سالوں تک فیروز پور سے چوہدری صاحب کو شکریے کے خطوط آتے رہے۔ ان ہی ہندوؤں میں سے ایک ستوری لال کا پور میں رہائش پذیر ہو گیا اور چوہدری صاحب کو خط لکھا "آپ پاکستان سے یہاں آ جائیں میں آپ کو پنجاب میں زمین اور ہندوستان سے پرمٹ میں لیتا ہوں تاکہ پاکستان سے مجھے ملنے آ سکیں" مگر چوہدری صاحب قلب مطمئن کے مالک تھے اس سے اتفاق نہ کیا آخر کار 1965 کی جنگ کے وقت خط و کتابت بند ہو گئی۔

اللہ تعالیٰ نے کیسے کیسے نیک دل انسان پیدا کیے جو اپنے مہمانوں کی حفاظت کیلئے اپنی جان نثار کرنے پر تیار ہو جاتے ہیں۔

انتظار!

ایک صاحب فیاض حسین نقوی جو کہ مہاجر تھے دیگر مہاجرین کے ساتھ جب گجرات شہر میں آ کر آباد ہو گئے تو فقہ جعفریہ سے منسلک ہونے کی وجہ سے حضرت حکیم پیر سید رشید الدولہ صاحب سے ملاقات ہوئی۔ پیر صاحب نے شیعہ مہاجرین کی بہت زیادہ مدد

Marfat.com

فرمائی۔ یہ بات کہ آپ نے اثر و رسوخ سے ہندوؤں کی متروکہ پراپرٹی (سابقہ آریہ سماج، شاہ دولہ روڈ، بالمقابل جی پوسٹ آفس گجرات) بھی انہیں "امام بارگاہ" کیلئے الاٹ کروادی۔ اب یہ پراپرٹی "انجمن حسینیہ" کی زیر نگرانی ہے۔ مہاجروں کا عمل دخل پس پشت ڈال دیا گیا اور گجرات کی معروف شخصیت نواب زادہ ذوالفقار حیدر صاحب کا ہی حکم چلتا ہے۔

نقوی صاحب پیر صاحب سے نہایت متاثر تھے یہاں تک کہ پیر صاحب کی صحبت میں خاکسار تحریک کے رکن کی حیثیت سے سرگرم عمل ہو گئے۔ پیر صاحب خاکسار تحریک کے سالار اور سرگرم نگران تھے اور علامہ عنایت اللہ المشرقی سے نہایت قریبی تعلق تھا۔ پیر صاحب خاکسار تحریک کے بانیوں میں سے تھے۔ نقوی صاحب عرصہ دراز سے گجرات سے راولپنڈی تشریف لے گئے ہوئے ہیں جب بھی گجرات آمد ہو تو ضرور ملاقات کیلئے تشریف لاتے ہیں اور وہ راولپنڈی میں خاکسار تحریک کے سرگرم کارکن ہیں۔

5 ستمبر 1997 کو شام کے قریب نقوی صاحب ایک اور صاحب پیر مظفر کے ساتھ راقم الحروف کو ملنے کیلئے تشریف لائے اور مندرجہ ذیل واقعہ سے روشناس کرایا۔

"1950 کی بات ہے سخت سردی، ہلکی ہلکی بارش بھی ہو رہی تھی۔ میں لاہور سے ٹرین کے ذریعہ گجرات ریلوے سٹیشن پہنچا تو تقریباً رات دو بجے کا عمل تھا۔ تانگہ پر اپنے گھر جانے کیلئے موجودہ مچھلی چوک پر تانگہ سے اُترا تو دیکھتا کیا ہوں کہ پیر صاحب ایک شخص جو بوسیدہ رضائی اوڑھے ہوئے تھا ایک چھپر کے نیچے بدرو پر جس کے اوپر لکڑی کے پھٹے پڑے ہوئے تھے۔ (اب بدرو بند ہو چکی ہے۔) بیٹھا ہوا تھا اس شخص کے قریب کسی کام میں مصروف تھے۔ میں نے سلام کیا تو پیر صاحب نے فرمایا، جاؤ اپنے گھر جاؤ۔"

میں گھر آ گیا مگر اس پریشانی میں نیند نہ آئی کہ شدید سردی میں جبکہ ہلکی ہلکی بارش بھی ہو رہی تھی، پیر صاحب کیا کر رہے تھے صبح سویرے میں جب آپ کے دیوان خانہ میں پہنچا تو پیر صاحب حسب معمول جھاڑو دے رہے تھے فرمایا، "آپ کو نیند تو نہیں آئی ہو گی۔"

"بالکل نہیں۔ میں اسی انتظار میں تھا کہ کب صبح ہو اور آپ سے دریافت کروں کہ معاملہ کیا تھا؟"

پیر صاحب جھاڑو دیتے گئے اور میں ساتھ ساتھ ہمہ تن گوش رہا۔ آپ نے فرمایا کہ میں خوب گرم بستر میں محوخواب تھا تو کسی نے یہ کہتے ہوئے کہ تمہارے شہر میں ایک بھوکا درویش پڑا ہوا ہے جبکہ تمہیں اس کی خبر ہی نہیں، مجھے جھنجوڑا۔ حالانکہ میری والدہ صاحبہ سخت ضعیف خاتون ہیں میں نے والدہ صاحبہ کو جگایا اور انہوں نے تین پراٹھے پکائے رات کا بچا سالن اور اچار ایک پلیٹ میں رکھ کر دسترخوان باندھ دیا۔ میں نے ایک پیتل کا قلعی شدہ گلاس پانی سے بھر لیا۔ بغیر سوچے سمجھے کہ وہ درویش نجانے شہر کے کس حصہ میں ہو گا چل دیا ابھی شاہ دولہ روڈ پر شاہدولہ دروازے کی طرف چند قدم چلا ہی تھا کہ خیال آیا کیوں نہ بند پر چلوں۔ (ضمیمہ 196) جب میں بند سے ہوتا ہوا اسلامیہ ہائی سکول تک پہنچا تو بائیں طرف موجود مچھلی چوک تک آیا۔ سڑک کو عبور کیا تو دیکھتا کیا ہوں کہ بائیں ہاتھ "بدرو" جس پر پھٹے پڑے ہوئے تھے، ایک شخص بوسیدہ رضائی (لحاف) ایک چھپر کے نیچے بیٹھا ہوا ہے۔ میں نے بغیر تامل کے کھانا پیش کر دیا تو اس شخص نے کہا، "میں تمہارا ہی انتظار کر رہا تھا۔"

"تو یہ بات تھی نقوی صاحب وہ شخص کون تھا کس نے مجھے رات کو بستر پر خوابیدہ جھنجوڑا میں نہیں جانتا!"

عزت علی شاہ صاحب

راقم الحروف کے عزیز عبداللہ شاہ کے پاس واہ فیکٹری میں میجر محمد نصیر نامی دوست کسی کام کے سلسلے میں تشریف لائے۔ یہ صاحب مدنی میں جانے سے پہلے واہ فیکٹری میں عبداللہ شاہ کے ساتھ کام کرتے۔ گپ شپ کے بعد کہنے لگے "میں نے عزت علی شاہ صاحب کی وجاہت کی بڑی تعریف سنی ہے کیا ان سے ملاقات کی کوئی صورت ہو سکتی ہے؟"

اس پر عبداللہ شاہ نے جواب دیا، "تھوڑی دیر رک جاؤ وہ پچھلے پہر سیر کو نکلتے ہیں اس طور ملاقات کا امکان ہے۔" لہذا دونوں دوست دفتر سے باہر نکلے اور سڑک پر ایک دوکاندار کے پاس مشروب وغیرہ سے لطف اندوز ہوئے۔ اسی دوکاندار سے پوچھا:

"کیا عزت علی شاہ صاحب سیر کیلئے اس راہ سے گزر گئے ہیں؟"

Marfat.com

"ابھی تو نہیں ان کی آمد کا وقت قریب ہو گیا ہے۔ آنے والے ہوں گے" انہی باتوں میں بیٹھے تھے کہ ایک درمیانہ قد، چھریرے بدن، شلوار قمیض میں ملبوس، پاؤں میں ملیشن، ہاتھ میں چھڑی لیے شیو شخصیت نمودار ہوئی۔ عبداللہ نے اپنے دوست سے کہا "میجر صاحب وہ عزت علی شاہ صاحب تشریف لا رہے ہیں۔"

میجر صاحب پذیرائی کے انداز میں آگے بڑھے شاہ صاحب سے مصافحہ کی سعادت حاصل کی اور کہنے لگے "شاہ صاحب! آپ کے غائبانہ تعارف سے متاثر ایک عرصہ سے آپ کی ملاقات کا شرف حاصل کرنے کی خواہش غالب رہی۔ الحمدللہ آپ سے مل کر بہت خوشی ہوئی۔"

"یوں ہی کچھ بھولی باتیں میرے متعلق مشہور ہیں درویش منش آدمی ہوں۔ خدمت خلق واحد فریضہ خیال کرتا ہوں۔ کہیں عبداللہ شاہ صاحب نے میرے متعلق کچھ تعارفی جملے تو نہیں کہے" شاہ صاحب نے عبداللہ کی طرف اشارہ کیا۔

وہ لوگ تھوڑی دور تک شاہ صاحب کے ہم قدم ہوئے اور ادھر ادھر کی باتوں میں مصروف رہے۔ ازاں بعد عزت علی شاہ صاحب کے دیگر دوست احباب حلقہ بگوش ہو گئے۔ مزید وقت لینا مناسب نہ سمجھا اور اجازت لے کر دونوں واپس ہو گئے۔

اس وقت شاہ صاحب کی عمر کوئی 70 برس کے قریب ہوگی۔ ان کی اہلیہ بقید حیات ہیں جو ایک پردہ نشین خاتون ہیں۔ قدرت کاملہ نے جہاں ہر قسم کی نعمتوں سے نوازا ہے اولاد جیسی نعمت سے محروم رکھا۔

تقسیم ہند سے قبل شاہ صاحب روہتک میں مقیم تھے۔ ان کے والد ماجد ڈی سی کے عہدے پر فائز تھے۔ اچھا بھلا کھاتا پیتا گھرانہ تھا کافی وسیع رقبہ اراضی پر ملکیت تھی۔ علاقہ کی بااثر اور عزت دار شخصیات میں شمار ہوتے۔ پاکستان معرض وجود میں آنے پر ایسے ہی پاکستان تشریف لے آئے۔ یہاں آ کر آپ نے کچھ جائیداد الاٹ کروائی اور کچھ عرصے بعد حکومت پنجاب نے آپ کو Rehabilitation Officer مقرر کر دیا۔ تقریباً 10 سال ملازمت کرنے کے بعد مستعفی ہو گئے۔ چونکہ پڑھے لکھے تھے اور L L B کی ڈگری بھی ان کے پاس موجود تھی انہوں نے کاروبار کی طرف توجہ دی مگر مطمئن نہ ہوئے۔ ٹھیکیداری شروع کر دی اور آہستہ آہستہ ٹھیکیداری کو بتدریج وسعت دی۔ ایک دیانتدار ٹھیکیدار کی حیثیت سے نوازے گئے۔ ملک کی تعمیر نو میں ان کی دیانتداری اور محنت شاقہ نے صف اول کے ٹھیکیداروں میں لا کھڑا کیا۔ بڑی بڑی ذمہ داریاں سونپی جانے لگیں۔ مثلاً runways کی تعمیر، پورٹ، ریلوے، نہر، بند، نہر بندی وغیرہ وغیرہ۔ وقت گزرتا گیا شاہ صاحب نے ملک پر محیط منصوبے پایہ تکمیل تک پہنچائے۔ بالآخر ریٹائرمنٹ کی زندگی بسر کرنی شروع کر دی۔

"واقع" الفرخ بستی میں ایک کوٹھی بنوائی اور رہائش پذیر ہو گئے جہاں رہائش کے دوران مخصوص دوست احباب سے ملتے جلتے رہے اور وہاں سوشل ویلفیئر سوسائٹی میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ چونکہ الفرخ بستی میں Drainage system خراب تھا لہذا گورنمنٹ اتھارٹی سے رجوع کیا گیا۔ system اس سٹ میں کام کرتا ہے۔ کام نے اس کام کے لیے کی وصیلہ دیا۔ ٹھیکیدار نے specification سے کم میٹریل استعمال کرنا شروع کر دیا۔ جب شاہ صاحب کو پتہ چلا تو ٹھیکیدار سے کہا "بھائی اس طرح تو نالیوں کا کام نہیں چلے گا۔ چند روز میں ٹوٹ پھوٹ جائیں گی لہذا مناسب میٹریل استعمال میں لاؤ اگر کم ہو گئے ہو تو ... جو میٹریل کم ہے زیادہ لگاؤ گے اس کے اخراجات مجھ سے لے لینا۔"

شاہ صاحب کی خواہش کے مطابق کام ہوا اور مطلوبہ رقم ادا کر دی علاوہ اس رقم کے جو اس نے گورنمنٹ سے حاصل کی۔

ایک موقع پر گورنمنٹ سوسائٹی کے پریذیڈنٹ منتخب ہوئے۔ الفرخ اور الفرخ ازصفات میں پراپرٹی ٹیکس کا مسئلہ پیش ہوا اور اوپر سے سفارش آئی ایک مکان کا ٹیکس دوسرے مکانوں سے ذرا کم لگایا جائے چونکہ متعلقہ مکان کا مکین اوپر والے کا عزیز تھا مگر شاہ صاحب ٹھہرے ایک دیانتدار انسان یہ بات سخت ناگوار گزری کہنے لگے لوگ تو قانون کے مطابق ٹیکس ادا کریں اور ان صاحب کو قانون سے بالاتر سمجھا جائے ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا لہذا انہوں نے اس شخص سے کوئی رعایت نہ کی اور جب شاہ صاحب کے علاقہ میں پراپرٹی ٹیکس عائد کرنے کی نوبت آئی تو شاہ صاحب نے خود یہ کام سرانجام دیا اور پرواوں کی سوالیہ پرچہ ... تاکہ ان کی پراپرٹی پر صحیح ٹیکس عائد کیا جائے۔ دوست احباب نے اپیل کرنے کی ترغیب دی مگر صاف انکار کر دیا اور کہا "بھائی

Marfat.com

کی اور کا اختیار ہے میں اس کے معمولات میں دخل اندازی پسند نہیں کرتا۔ باقی رہا زیادہ ٹیکس لگنے کا سوال تو یہ ٹیکس گورنمنٹ کو ہی جاتا ہے جو سب کی بہتری کیلئے ہی استعمال ہوگا۔" ان کے ماتھے پر شکن تک نہ آئی اور وہ ناجائز ٹیکس خندہ پیشانی سے ادا کر دیا۔

ایک دفعہ شاہ صاحب خود ہی گوشت لینے قصاب کی دکان پر تشریف لے گئے۔ وہاں پر ان کی ملاقات ایک دیرینہ دوست سے ہوئی جو گوشت خریدنے کی غرض سے ہی وہاں پر موجود تھا جس نے پورا بکرا ہی قصاب سے خرید کر لیا اور جب انہوں نے ڈیڑھ کلو گوشت خریدا تو اس نے برملا طنز کیا۔" آپ اسقدر دولت مند آدمی ہیں اور صرف ڈیڑھ کلو گوشت؟"

"ہم دو میاں بیوی ہیں اور ایک نوکر اور نوکرانی ہماری ضرورت کے مطابق ڈیڑھ کلو گوشت کافی ہے۔ اگر میں بھی ایک سالم بکرا خرید لوں تو دوسرے غریب لوگ ضرورتمند اور بیماروں کیلئے تو قصاب کے پاس گوشت نہ بچے گا اور اسی تناسب سے مہنگائی بتدریج بڑھتی جاتی ہے۔"

شاہ صاحب بھی ایسے آدمی ہیں کہ انہیں اس بات پر کبھی ملال نہ آیا کہ لوگ کیا کیا نہیں کہتے ہونگے۔ شاہ صاحب اتنے دولتمند ہوتے ہوئے بھی کنجوسی کرتے ہیں۔ جبکہ آپ نمائشی طرز عمل و باٹھ پسند نہ فرماتے اور حسب ضرورت ہی کام کرنے کو ترجیح دیتے تھے اور اس کی تلقین سے مرتب نہ ہو جاتے ہیں۔ ان کی دولتمندی کی وجہ سے انکے ہاتھوں کسی کا کوئی نقصان نہ ہو جائے۔

ایک روز چند معززین آپکی خدمت میں حاضر ہوئے کہ جس بستی میں وہ اور دیگر لوگ رہتے ہیں۔ وہاں کی ڈسپنسری کی تنگ جگہ کی وجہ سے مریضوں کو سہولت میسر کرنے سے قاصر ہے اور کہنے لگے۔" شاہ صاحب آپکی خدمت میں حاضر ہونیکا مدعا یہی ہے کہ ہماری چاہت مدد کریں تاکہ ڈسپنسری کو ہسپتال بنا دیا جائے۔ ڈسپنسری سے متصل کافی زمین موجود ہے جہاں ایک اچھا خاصہ ہسپتال تعمیر کیا جا سکتا ہے مگر فنڈز کی نایابی کے پیش نظر ہم لوگوں نے عہد کیا ہے کہ مخیر حضرات کے پاس جائیں گے اور ان سے مالی معاونت کی درخواست کرینگے۔"

"کتنی رقم درکار ہے؟" شاہ صاحب نے پوچھا۔

"ضرورت تو بہت زیادہ رقم کی ہے آپ صرف دس لاکھ روپے عنایت کر دیں۔ مہربانی ہوگی اور اگر برا نہ مانیں تو ہمارے ساتھ چل کر کسی دیگر مخیر حضرات سے امداد کی اپیل کریں۔"

"دس لاکھ روپے تو میں دیئے دیتا ہوں لیکن میں کسی دوسرے کے پاس جا کر امداد کرنے کو کہنا مناسب نہیں خیال کرتا یہ میرے مزاج کے خلاف ہے۔"

"پھر آپ ہی اس کا حل تجویز فرمائیں۔"

تھوڑی دیر بعد شاہ صاحب نے سوچ کر فرمایا۔" اس پراجیکٹ کی تکمیل کیلئے کل کتنی رقم کا تخمینہ ہے؟"

"کوئی پچاس لاکھ روپے کے قریب ہے۔"

"کوئی نقشہ اگر آپ لوگوں کے ذہن میں ہے تو بتائیں ورنہ کل میں خود وہاں جا کر موقع دیکھونگا۔ مناسب ہے کہ آپ سب حضرات بھی وہاں پہنچ جائیں۔"

دوسرے دن شاہ صاحب اور وہ لوگ موقع پر پہنچ گئے اور ان پر واضح کیا گیا۔" Outdoor patients, indoor patients کیلئے کمرے، ڈاکٹروں کی consultation کے کمرے، چھوٹا سا آپریشن تھیٹر، ڈسپنسری اور indoor مریضوں کیلئے علیحدہ کمرے وغیرہ پرائیویٹ کمرے، آپریشن کے بعد Intensive care unit اور باتھ روم وغیرہ وغیرہ۔" چنانچہ شاہ صاحب نے حسب ضرورت ایک ماہر architect سے ڈیزائننگ کرائی۔ تخمینہ لگوایا تو پتہ چلا کہ کل 80 لاکھ روپے کے لگ بھگ رقم درکار ہوگی جس میں عمارات کے علاوہ equipment بھی شامل ہے۔ شاہ صاحب نے فرمایا۔" اس تمام لاگت کو میں اکیلا ہی برداشت کرونگا۔ آپ ایک کمیٹی تشکیل دیں تاکہ ان تمام امور کی ذمہ داری اس کمیٹی کو سونپ دی جائے۔ گاہے بگاہے میں بھی نگرانی کرتا رہونگا۔" لہذا تعمیر شروع ہوئی اور ایک سال کے اندر ہی عمارت مکمل کر دی گئی جسمیں جملہ ضروریات کے تحت ادویات اور سامان بھی مہیا کر دیا گیا۔ اب شاہ صاحب کو خیال آیا کہ ڈاکٹروں کی تنخواہ اور دیگر اخراجات کیسے ادا کئے جائیں گے۔ سوچ بچار کے بعد انہوں نے فیصلہ کیا کہ

Marfat.com

ہسپتال سے ملحقہ ایک ڈبل سٹوری عمارت تعمیر کی جائے جس کے نچلے حصہ پر دکانات ہوں بالائی حصہ پر دفاتر وغیرہ ان تمام سے کرایہ جات سے نہ صرف ڈاکٹروں بلکہ ہسپتال کے دیگر اخراجات بھی ساتھ ساتھ پورے ہوتے رہیں گے چنانچہ ایسا ہی کیا گیا اور اس عمارت کے اخراجات بھی شاہ صاحب نے گرہ خود سے ادا کئے۔

آپ اندازہ کریں کہ کہاں پچاس لاکھ روپے اور کہاں ڈیڑھ کروڑ روپے جو شاہ صاحب کی سخاوت نے پورے کر دیئے۔ اللہ بھلا کرے انہوں نے گردونواح کے تمام مکینوں کی طبی سہولیات کا اہتمام فرمایا جس چوک میں یہ ہسپتال اور ملحقہ عمارت تعمیر کی گئی وہاں ان کی کوششوں سے ایک جدید قسم کا فوارہ کنٹونمنٹ کی انتظامیہ نے تیار کرایا جو شام کے وقت بجتے ہیں یہ کا دھنیں کی جاتی ہے۔ اس چوک کے لیے شاہ صاحب کا نام تجویز کیا گیا کہ یہ عزت علی شاہ چوک بنایا جائیگا مگر انہوں نے یہ کہہ کر انکار کر دیا "یہ بات مجھے زیب نہیں دیتی۔" یہ عالی ظرفی کی مثال ہے مگر ہوا یوں کہ اس علاقہ کا بچہ بچہ اس چوک کو عزت علی شاہ چوک کے نام سے ہی پکارتا ہے۔

آرڈیننس فیکٹری کے اس وقت جو جنرل انچارج تھے ہسپتال کا افتتاح کرنے کی غرض سے آئے جس میں شاہ صاحب مہمان خصوصی کی کرسی پر رونق افروز تھے۔ اس تقریب میں شاہ صاحب نے اظہار خیال کیا۔ شاہ صاحب ہمیشہ پنجابی زبان میں ہی تقریر وغیرہ کیا کرتے۔ "اگر Cantt میں مجھے کوئی اپنی جگہ میں سے زمین کا ٹکڑا دے تو میں بچوں کے لیے ایک ادارہ تعمیر کرا دوں۔"

Wah میں لڑکوں اور لڑکیوں کے متعدد Post graduate colleges واقع ہیں۔ وہاں ایک پرائیویٹ میڈیکل کالج کمرشل سکیل پر چل رہا ہے مگر وہاں تمام لڑکیاں مجبوری کی وجہ سے جاتی ہیں کیونکہ ہر ایک لڑکی گورنمنٹ کالج میں داخلہ نہیں لے سکتی اور اس پرائیویٹ کالج میں داخلہ لینا پڑتا ہے مگر اس کی فیس کوئی بخوشی ادا نہیں کر سکتا جہاں تک راقم الحروف کی معلومات ہیں کیمپس کے قریب کنٹونمنٹ کی حدود کے اندر انہیں زمین دے دی گئی ہے مگر ابھی تک وہاں کوئی تعمیر وغیرہ شروع نہیں ہوئی۔

اکثر اوقات ایسا ہوتا ہے کہ جب شاہ صاحب حسب معمول سیر پر نکلتے ہیں تو نوجوان مختلف قسم کی ضروریات کا اظہار کرتے ہیں کہیں کرکٹ کے لیے مکمل kit کی ضرورت ہے۔ کہیں فٹ بال کے لیے پیسے نہیں وغیرہ وغیرہ۔ شاہ صاحب بچوں کو دیکھ کر مسکراتے اور خندہ پیشانی سے فوراً ان کی خواہشات کو پایہ تکمیل تک پہنچا دیتے ہیں۔

عزت علی شاہ صاحب جیسے عالی ظرف سخی اور دردمند انسان دیکھنے میں خال خال ہی نظر آتے ہیں کہ دولت تو ان ضروریات کے لیے ڈیڑھ کلوگر کروڑوں روپے رفاہ عامہ کے کاموں کے لیے بغیر کسی وجہ خرچ کرنے سے دریغ نہیں فرماتے۔

لوہانی صاحب

Wah آرڈیننس فیکٹری میں ایک لوہانی صاحب ایسٹ پاکستان کے رہنے والے اسسٹنٹ ایڈمنسٹریٹر کے عہدہ پر فائز تھے۔ بنگال کے باشندے ویسے بھی آب و ہوا کے زیر اثر سیاہ فام واقع ہوتے ہیں لیکن ان پر آب و ہوا کی وجہ سے سیاہ رنگ کا غلبہ تھا اور اس پر طرہ امتیاز یہ ہمیشہ سفید براق لباس میں ملبوس پائے گئے۔ علاوہ ازیں سٹاف کے دیگر افراد کا عمدہ لباس میں فیکٹری میں داخلہ انکو انتہائی گراں گزرتا اور ان کی متعصبانہ ذہنیت کا تقاضا تھا کہ ان کے علاوہ کوئی دیگر شخص عمدہ لباس میں فیکٹری میں آنے نہ پائے۔ جب بھی کوئی دوسرا ملازم مناسب اور معقول لباس میں فیکٹری ایریا میں داخل ہونے کی جسارت کرتا تو وہ اس کو تنقید و تضحیک سے لہولہان کر دینے میں خود کو حق بجانب خیال کرتے۔ "یہاں تمہیں کام کرنا ہے یا کپڑوں کی نمائش کرنا مطلوب ہے۔"

لوگ (ملازمین) طنزیہ مسکرا کر جواب دیتے "آپ کو کام سے غرض ہے یا ہمارے لباس سے اگر کام میں کوتاہی کے مرتکب ہوں تو آپ پوچھ سکتے ہیں ورنہ ہمیں ہمارے حال پر چھوڑ دیا کریں۔"

لوہانی صاحب اپنے جونیئر سٹاف میں سے کسی کا لباس قیمتی ہوتا تو اس کو دفتر میں بلا کر باقاعدہ سرزنش کرتے اور مشتعل انداز میں فرماتے "تمہاری تنخواہ تو مجھ سے بہت کم ہے ایسے لباس پر کہاں سے اتنی رقم حاصل کر کے خرچ کرتے ہو۔ کیا ناجائز کاروبار کی آمدنی پر عیاشی کر رہے ہو کیا؟"

یہ صاحب علم کے لحاظ سے بھی سفید کورے کاغذ ثابت ہوئے۔ سٹاف میں سے کوئی شخص بطریق احسن کام سرانجام دے رہا

Marfat.com

ہوتا تو نہایت فضول اور غیر متعلقہ سوالات کی بوچھاڑ کر دیتے جو شخص اندر کا متعصب مزاج کار فرما ہوتا جس کا زیرِ غور کام سے دور تک کا بھی واسطہ نہ ہوتا۔

یہ ایک لیبارٹری تھی جہاں Titration. sample-testing وغیرہ کا کام کیا جاتا۔ جناب نے اپنی قابلیت کا سکہ جمانے کے لیے جب کبھی کسی apparatus کو ہاتھ لگایا تو اس کا صرف بیڑہ غرق ہی نہ کیا بلکہ توڑ پھوڑ کر رکھ دیا کیونکہ ان کی پوسٹنگ محض سیاسی نوعیت کی تھی۔

اوبانی صاحب ضرورت سے زیادہ کنجوس بھی واقع ہوئے جیسا کہ عام طور سے ہوتا ہے سٹاف ممبرز contribution کر کے روزانہ کی لنچ خود اپنے ہاں لیبارٹری میں بندوبست کرتے مثلاً کڑاہی گوشت جو وہاں ہی بنائی جاتی۔ کبھی شامی کباب، چکن تکہ وغیرہ وغیرہ۔ وہ ان کو مدعو نہ کیے جاتے کیونکہ "مفتی اعظم" کا کردار کرنا پسند کرتے تھے۔ بے وقت موقع کی تلاش میں سرگرداں کہ کسی طرح کسی نہ کسی سے سٹاف پر اپنی ہیبت طاری کی جائے اور مرعوب کیا جا سکے۔

ایک روز لیبارٹری سے اپنی کار میں سوار سیدھے ایک sectional لیبارٹری جس کا عبداللہ انچارج تھا آن پہنچے اور نہایت رعونت سے تمام کمروں کی تلاشی شروع کر دی تاکہ کوئی ایسا سٹاف ممبر پکڑا جا سکے جو کام نہ کر رہا ہو۔ چنانچہ چھان بین کے دوران ایک کمرے میں ایک جونیئر سٹاف ممبر خورشید کو ناشتہ کرتے ہوئے پایا گیا جس پر اسے پکڑ لیا گیا۔ زبردست الفاظ میں لعن طعن کی گئی اور شوکاز کا تقاضہ کیا گیا جس پر خورشید نے معذرت پیش کی۔ "چونکہ میں راولپنڈی سے آتا ہوں اور ناشتہ کا وقت نہیں ملتا اسلئے یہاں ہی ناشتہ کر رہا ہوں آئندہ محتاط رہوں گا۔" لیکن اوبانی صاحب معاف کرنے کے قائل نہ تھے۔ "I will take you to the book" اور فوراً ہی explanation جاری کی جس میں گورنمنٹ کا ٹائم ضائع کرنے اور لیبارٹری میں کھانے کا الزام عائد کیا گیا۔

جاتے وقت جب عبداللہ شاہ ان کو کار تک چھوڑنے آیا تو کہا "I warn you as well" لطف کی بات یہ ہے کہ عبداللہ Foreman کی حیثیت سے 16 گریڈ میں اور اوبانی صاحب 17 گریڈ کے آفیسر تھے اور علم اسقدر ناقص کہ قواعد و ضوابط سے ناواقف۔ عبداللہ بحیثیت انچارج کسی طور پر مجاز نہ تھے۔ دوسرا خورشید عبداللہ کے پاس آیا اور کہنے لگا "صرف آپ ہی ایک فورمین اور لیبارٹری انچارج کی حیثیت سے ہمیں چیک کرنے کے مجاز ہیں۔ آپ کو تو حالات سے بخوبی آگاہی ہے کہ ہم کو ناشتہ کا وقت نہیں ملتا۔ اگر آئندہ ایسی حرکت کی تو میں اس کا مار مار کر بھرکس نکال دوں گا۔"

"خورشید ذرا صبر سے کام لو کوئی غیر قانونی قدم اٹھانے سے الٹا لینے کے دینے ہی نہ پڑ جائیں۔ میں اس سے ٹیلیفون پر بات کرتا ہوں۔" عبداللہ نے اسی وقت اوبانی صاحب کو بذریعہ ٹیلیفون آگاہ کیا "اوبانی صاحب Explanation call کرنے سے پہلے مجھ سے پوچھ لیا ہوتا چونکہ خورشید بیمار ہے اتفاق ہوا ہے اور غصے کی حالت میں آپ سے چھیڑ کری نہ کر بیٹھے۔ آپ کو شاید معلوم نہیں کہ کیمسٹری سے جان چھڑانے کیلئے اس نے متعدد بار استعفیٰ بھی دیا تھا جو کہ ایمرجنسی کی وجہ سے نامنظور ہوا۔ اب کہہ رہا ہے کہ میں تو ... اور چھوٹا موٹا انتقام لے کر پنگل سے چھڑا جاتا ہے۔ میں تو پہلے ہی اس فیکٹری سے کام چھوڑنے کے موقع کی تلاش میں ہوں۔" عبداللہ نے بڑی چالاکی سے کام لیتے ہوئے اور پھر اس پر نفسیاتی اثر ڈالنے کیلئے یہ باتیں گوش گزار کر دیں۔ تھوڑی دیر بعد ٹیلیفون کی گھنٹی بجی۔ عبداللہ نے کہا "ہیلو" اوبانی صاحب کی آواز بڑی گھبراہٹ میں آئی اور کہا "میں کار بھیج رہا ہوں۔ شاہ جی فوراً میرے دفتر تشریف لے آئیں۔"

"میں ذرا مصروف ہوں آ نہیں سکتا کیونکہ ایک ایسا تجربہ شروع کیا ہوا ہے جو کہ میرے سوا کوئی دوسرا پایہ تکمیل کو پہنچانے سے قاصر ہے۔"

عبداللہ نے اس کو مزید پریشان کرنے کیلئے یہ بہانہ تراشا۔

"کوئی بات نہیں تجربہ کل دوبارہ شروع کر لینا اس وقت تمہارا آنا بہت ضروری ہے۔ خورشید صاحب کو بھی ساتھ لیتے آنا۔"

ایسا لگتا تھا جیسے ان کی گھگی بندھی ہوئی تھی۔ عبداللہ شاہ بخوبی جان گیا کہ اوبانی خوف زدہ ہے۔ اب دفتر جانا ہی پڑے گا۔ اس سے اپنی عزت تکریم بڑھیں اور اب زیادہ سے زیادہ یہی ہوگا کہ یہ مجھے خورشید کو سمجھانے کی ترغیب دے گا۔ میں خورشید کے خوفناک

Marfat.com

مزاج اور عادات سے مزید آگاہ کرونگا اور اسکی پریشانی سے لطف اندوز ہونے کا موقع ملیگا۔

عبداللہ خورشید کو لیکر لیبارٹری پہنچ گیا۔ خورشید کو حکمت عملی سے علیحدہ کمرے میں بٹھایا اور خود ایک دوسرے colleague محمد اکرم کو صورت حال سے آگاہ کرنے کے بعد خورشید کو لیکر لوہانی صاحب کے دفتر کا رخ کیا۔ محمد اکرم چاہتا تھا کہ اسے ہمراہ لینے سے لوہانی صاحب پر اسکا بھی "رعب" پڑے گا۔ جونہی وہ دونوں دفتر میں داخل ہوئے لوہانی صاحب پریشانی کے عالم میں ٹہل رہے تھے اور گھبراہٹ طاری تھی۔ عبداللہ نے کہا "خورشید ساتھ والے دفتر میں بیٹھے ہیں۔ آپ آرام سے ہمارے ساتھ بات کریں۔"

"اکرم صاحب شاہ صاحب نے بتایا ہے کہ خورشید اچھا آدمی نہیں ہے۔ ہمارا یہاں کوئی خیر خواہ موجود نہیں ہے کہ ہمیں بے عزت نہ کرے۔ میرا ارادہ ہے کہ پیشتر اس کے کہ کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش آئے کیوں نہ اس سے میری جان چھڑا دی جائے" لوہانی صاحب مخاطب ہوئے۔ اس انکشاف پر محمد اکرم نے لوہانی صاحب کی کمزوری کو بھانپتے ہوئے فوراً کہا

"لوہانی صاحب خورشید بڑا خطرناک آدمی ہے اس پر کچھ بھی بعید نہیں کہ قتل و غارت گری پر اتر آئے۔ پچھلے دنوں کا واقعہ ہے کہ چپلی کباب کھاتے ہوئے دوکاندار سے دنگا فساد کر دیا۔ آپ ایسے آدمی کو منہ کیوں لگا رہے ہیں اگر اس سے غلطی ہو گئی تھی تو رفع دفع کر دینا چاہئے تھا۔ چلو جو ہونا تھا ہو گیا اب تو ہم سنبھال لیں گے لیکن آپ نے اسے explanation دے کر غلط کام کیا ہے۔ ہم سے مشورہ لے لیتے۔ اب ہم آپکی بھلائی کیلئے تگ و دو کر رہے ہیں۔"

عبداللہ نے اکرم کو تمام پروگرام سے پہلے ہی آگاہ کیا ہوا تھا اور اسے تاکید کی تھی کہ جیسے خورشید کو کہا گیا ہے ویسا ہی کرے۔ لہذا اکرم ساتھ والے کمرے میں گیا اور خورشید کو ساتھ لے آیا۔ پیشتر اس کے کہ عبداللہ کا ڈرامہ ختم ہوتا اور explanation لوہانی کے منہ پر مارتا۔ لوہانی صاحب مستعدی سے اٹھ کھڑے ہوئے آگے بڑھ کر خورشید سے گرمجوشی سے بغلگیر ہوئے اور کہا "تم میرے بھائی ہو میرا تمہارا کوئی جھگڑا نہیں ہے۔ یہ explanation مجھے دیدو"

اس پر خورشید نے ایک مرتبہ کاغذ بڑے غصے سے اٹھا لوہانی کے ہاتھ میں تھما دیا۔ لوہانی صاحب نے اسے چومتے ہوئے کہا "میں آپکو explanation دے کر بڑا پریشان ہوا ہوں۔"

عبداللہ شاہ نے کہا "خورشید دل صاف کر کے دوبارہ لوہانی صاحب کو گلے لگا لو اور کوئی کدورت دل میں نہ رکھو۔ لوہانی صاحب دل کے بڑے اچھے آدمی ہیں۔" اور ساتھ ہی اسے آنکھ ماری۔ اس پر وہ آگے بڑھا اور نہایت ملائم انداز سے لوہانی کو پیار سے سینے سے لگایا اور جان بوجھ کر زیادہ بھینچا۔ لوہانی اور خورشید کا یہ ملاپ بعد میں لوہانی ایک مدت تک یاد کرتا رہا۔ خورشید پہلوان تھا اور مضبوط گرفت میں جکڑ کر ایک دو جھٹکے بھی دیئے جس سے غریب لوہانی کا دم گھٹنے لگا تو اکرم صاحب کی طرف دیکھ کر کہا خدارا میری اس آفت سے جان چھڑائیں۔ ان کے کہنے پر خورشید نے اس کی جان بخشی کی اور ساتھ ہی کہا "لوہانی صاحب آپ تو میرے بھائی ہیں آپکے ساتھ میں نے تو کوئی زور نہیں لگایا۔ ورنہ میں ایک ہی بار میں دو تین پسلیاں توڑ دیتا ہوں۔ کئی ایک واقعات ایسے ہو چکے ہیں۔ آپ نہایت شوق سے دریافت کریں ابھی پرسوں کی بات ہے مجھے ایک پرانا دوست برسوں کے بعد ملا اور اس سے خوشی کے بے پناہ جذبات میں مجھے کچھ ہوش نہ رہا لیکن جب میں نے اس کو چھوڑا تو وہ قریب المرگ ہو چکا تھا۔"

لوہانی صاحب بخشش دینے میں نہایت کنجوس تھے۔ خاکروب اگرچہ گورنمنٹ کا تنخواہ دار تھا لیکن ان کے دفتر کی صفائی وغیرہ کیا کرتا۔ وہ توقع رکھتا کہ صاحب بھی اسے بخشش دیا کریں گے جیسے ان کے colleague اپنے دفتر کی صفائی کرنے والوں کو حسب معمول کچھ دیا کرتے مگر لوہانی صاحب سے اسے کبھی کچھ نہ ملتا۔ جو مزدوری کی حد تک چپ رہتے۔ خاکروب تھا کہ اپنا غصہ نکالنے کیلئے ان کی موجودگی میں اور کبھی ان کی عدم موجودگی میں صفائی وغیرہ کرتا تو پنجابی زبان میں بے تحاشا گالیاں دیتا۔ اس طرح اپنا غصہ نکال لیتا اور پنجابی میں گالیاں انکی موجودگی میں دیتا لیکن صاحب بہادر تھے کہ ان کو سوائے ہندی یا انگلش کے علاوہ کسی اور زبان سے سروکار نہ تھا۔

ایک دن جب عبداللہ شاہ ان کے دفتر میں بیٹھا ہوا تھا اور خاکروب منصف خان جو کمرے کی صفائی کرتے وقت حسب عادت لوہانی صاحب کو گالیاں دے رہا تھا تو صاحب نے پوچھا "شاہ صاحب یہ کیا کہتا ہے؟"

Marfat.com

"یہ آپ کو دعائیں دے رہا ہے۔" عبداللہ نے ٹالنے کی غرض سے جواب دیا۔ "پھر تو یہ بڑا اچھا آدمی ہے۔" ہنستے ہوئے فرمایا مگر بدقسمتی سے کسی سٹاف ممبر نے لوبانی صاحب کو بتلا دیا۔ "منصف خان آپ کی شان میں کوئی قصیدہ نہیں کہتا بلکہ نہایت گندی گالیاں دیتا ہے توبہ توبہ۔"

"وہ کس لئے؟" لوبانی صاحب نے نہایت حیرانگی سے پوچھا۔

"اس لئے کہ آپ دوسرے صاحبان کی طرح اسے بخشش نہیں دیتے۔"

"What is *bakhshish* ?" لوبانی صاحب نے دریافت کیا۔

"صاحب اگرچہ یہ خاکروب گورنمنٹ سے تنخواہ لیتے ہیں مگر ان کی تنخواہ اتنی قلیل ہوتی ہے کہ ان کی گزر بسر نہیں ہو پاتی اور افسران سے یہ توقع کرتے ہیں کہ یہ معاوضہ افسران سے چھپ جائے جو اس ضمن میں آپ انہیں دیں وہ بخشش کہلاتی ہے۔ آپ کی اطلاع کیلئے عرض ہے کہ آپ سے جو پہلے صاحب تھے وہ بھی خاکروبوں کو ہر مہینے پانچ دس روپے دے ہی دیا کرتے ہیں۔ شاید آپ کو پتہ نہیں آپ کا خاکروب منصف اپنے زمانے میں بہت بڑا بدمعاش تھا اگرچہ اب بوڑھا ہو گیا ہے مگر اس کی وارداتوں مثلاً ڈاکہ، چوری، مار دھاڑ اور رہزنی وغیرہ کے چرچے اب بھی خاص و عام کی زبان پر ہیں۔" یہ سننا تھا کہ لوبانی صاحب کا رنگ فق ہو گیا اور بڑبڑانے لگے۔ "یہاں سب ہی بدمعاش ہیں کس کس کو راضی کیا جائے۔ میں نے مشرقی پاکستان سے یہاں آکر سخت غلطی کی ہے لیکن میں مجبور تھا کہ مجیب نے جو میرے دوستوں میں سے ہے مجھے سیاسی طور پر یہاں بھیج دیا۔ اب میں پہلی فرصت میں ان سے کہوں گا کہ مجھے واپس بلا لیں۔ مرا زم میری جان ان بدمعاشوں سے تو چھوٹے گی۔ سالے پنجابی لوگ سب ہی ٹھگ اور غنڈے ہیں میرے جیسا شریف آدمی کہاں ان کے درمیان میں پھنس گیا اب تو مجھے اپنی جان کے لالے پڑے ہوئے ہیں۔" اسی دن سے منصف خاں کو بخشش ملنا شروع ہو گئی جسے عبداللہ شاہ نے "شرینہ ٹیکس" کا نام دیا۔

منصف خاں جب عبداللہ شاہ کے دفتر آتا تو بڑے غیظ و غضب کے ساتھ کہتا کہ فلاں نے مجھے آج کچھ نہیں دیا۔ اللہ اس کا بیڑہ غرق کرے اور ساتھ ہی چند گالیاں بھی سنا دیتا۔ یہ دو وارننگ ہوتی کہ اگر عبداللہ نے اسے بخشش نہ دی تو دوسرے دفتر پہنچ کر ان کی شان میں بھی گستاخی سے نہ چوکے گا۔ اس کی ڈیل ڈول اور حرکات و سکنات سے ثابت ہوتا کہ جوانی میں واقعی منصف خاں بڑا جری مرد ہو گا۔ لمبی گھنی مونچھیں، چہرے سے ٹپکتا قد بت، بات کرتے وقت دبنگ لہجہ۔

ایک دن عبداللہ نے منصف خاں کو بلا کر کہا "جھوٹ نہ بولنا مجھے سچ سچ اپنی زندگی کا کوئی سچا اور دلچسپ واقعہ سناؤ کیونکہ تمہارے بارے میں مشہور ہے کہ تم بڑی عبارت عظیم تھے۔" عبداللہ کی فرمائش پر زندگی کا واقعہ سنانے کے ضمن میں بتایا۔

"صاحب واقعات تو بہت ہیں البتہ ایک واقعہ یاد آیا ہے۔ میں جب جوان تھا تو ایک گھر میں چوری کی نیت سے دیوار پھلانگ کر صحن میں اترا۔ میری معلومات کے مطابق اس گھر میں شادی بیاہ کا بندوبست ہو رہا تھا لہٰذا مال ہی مال ملنے کی توقع تھی مگر بدقسمتی سے جونہی دیوار سے چھلانگ لگائی صحن میں سوئے ہوئے لوگ چھلانگ کی آہٹ پر جاگ اٹھے اور چور چور کا شور مچا دیا۔ میں سرعت سے تعاقب میں آتے لوگوں سے بچتے ہوئے مڑا اور چھلانگ لگا کر دیوار پر ابھی چڑھا ہوا ہی تھا کہ ان میں سے ایک نے فوراً میری ٹانگ پکڑ لی۔ میں نے حاضر دماغی سے کام لیتے ہوئے اسے ڈانٹا چھوڑو میری نئی شلوار کی استری خراب کر رہے ہو۔ تڑکے نہ یہ سنا ہی تھا کہ اس نے میری ٹانگ چھوڑ دی اور میں وقت ضائع کئے بغیر ہی دیوار سے باہر کود کر بھاگ نکلا۔"

منہاج صاحب

Wah میں عبداللہ شاہ کے پڑوس میں ایک نہایت پرہیزگار دوست رہتے تھے۔ 1988 میں ایک دفعہ اسے ملنے کیلئے تشریف لائے اور مسکراتے ہوئے کہنے لگے۔ "کل مجھے ایک عجیب واقعہ پیش آیا۔ bell کی آواز سننے پر جب میں باہر نکلا تو میں نے اسے فوراً پہچان لیا اور خوشی سے میری آنکھیں شناسائی کی بصارت سے چمک اٹھیں کہ میرا دوست لاہور سے مجھے ملنے آیا ہے لیکن میری ساری خوشی کافور ہو گئی جب اس نے کہا کہ بزرگو میں منہاج صاحب سے ملنے آیا ہوں۔ میں تھوڑی دیر گومگو کی حالت میں ششدر کھڑا رہا کہ وہ مجھے

پہچان لیں اور گلے لگ جائیں لیکن اس نے دوبارہ کہا آپ منہاج صاحب کو اطلاع دیں کہ ان کا دوست علاؤالدین لاہور سے ملنے آیا ہے۔ میں گھبرا گیا اور اندر جا کر اپنی بیگم سے کہا کہ میرا دوست مجھے ملنے آیا ہے لیکن مجھے پہچان نہیں پا رہا۔ جاؤ تم اسے ڈرائنگ روم میں بٹھاؤ میں وہاں جا کر اسے اپنا تعارف کرواؤنگا۔"

"وہ کیسے پہچان سکتا ہے جبکہ آپ نے اتنی لمبی داڑھی رکھی ہوئی ہے کہ اصل شکل گم ہو کر رہ گئی ہے۔ اسے اپنا پرانا شناختی کارڈ جا کر دکھائیں اور اسے کہیں کہ وہ اب اس میں تمہاری شکل کی شناخت کرے۔" بیوی نے فوراً جواب دیا۔

"چنانچہ میں دوبارہ دروازے پر گیا اسے لے کر اندر ڈرائنگ روم میں عزت سے بٹھایا اور کہا کہ میں ہی تمہارا دوست منہاج ہوں۔" بس پھر کیا تھا اس نے بتایا کہ اس کے ساتھ اس کی بیوی بچے بھی ہیں۔ میں پذیرائی میں اپنے بنگلے سے باہر گیا سب کو ساتھ لے کر اندر آیا۔ اس نے مجھ سے میرے بچوں کے بارے میں پوچھا۔ میں نے اسے بتایا کہ بیٹے بیٹیوں کی شادی کر دی ہوئی ہے۔ اب میاں بیوی اکیلے ہی رہتے ہیں۔ فوراً نوکر کو بلوا کر ان کی چائے پانی کا انتظام کر دیا۔ ازاں بعد وہ خوشی سے مل جل کر واپس چلے گئے۔

ایک دفعہ منہاج صاحب کی بیوی جو فربہ اندام واقع ہوئی تھی عبداللہ کے پاس تشریف لائیں اور کہنے لگیں "تم منہاج کو کیوں نہیں سمجھاتے میں نے آج تک ان سے کہا کہ پرانی سائیکل جو گھر پر موجود ہے اور کسی کے استعمال میں نہیں آتی اسے فروخت کیوں نہیں کر دیتے؟"

کہنے لگے "اگر پرانی چیز فروخت کرنی مقصود ہے تو تمہارا اپنے بارے میں کیا خیال ہے۔" تم منہاج صاحب کے دوست ہو انہیں سمجھاؤ کہ بات کرنے سے پہلے سوچ لیا کریں اگر کسی بیٹی یا بیٹے کو اس بات کا پتہ چلے تو وہ کیا محسوس کریں گے۔"

عبداللہ شاہ نے جواب دیا "بچے اپنے والد کی بذلہ سنجی کو جانتے ہیں اور وہ کیا کریں ماسوائے ہنسنے کے۔" یہ بات کہتے ہوئے عبداللہ اور ان کی بیوی خوب ہنسے اس پر ہمارا بیگم منہاج نے بھی انکا ساتھ دیا۔

منہاج صاحب Wah فیکٹری میں کام کرنے والے گورنمنٹ کے ملازم تھے تنخواہ معقول لیکن پھر بھی کسی عیاشی یا فضول خرچی کے متحمل نہ ہوتے۔ چنانچہ اگر کوئی نیا سوٹ سلواتے تو دھونے سے پہلے عزیزوں یا پڑوسی وغیرہ کے ہاں دعوت پر مدعو کرتے۔ ایک دفعہ یہ ہوا کہ منہاج صاحب نے نیا کوٹ سلوایا جو وہ شلوار قمیض کے اوپر پہنے ہوئے تھے۔ سب مدعو دوستوں نے کوٹ کے ... ستائشی نظروں سے دیکھا اور تعریف کی میزبان کا مقصود بھی یہی ہوتا تھا۔

نئے کوٹ والے واقعے کے کوئی پندرہ دن بعد اطلاع آئی کہ لاہور میں منہاج صاحب کے والد صاحب قضائے الٰہی سے وفات پا گئے ہیں۔ سب پڑوسی اور دوست احباب نے بیگم منہاج اور منہاج صاحب کو لاہور کیلئے رخصت کیا اور انہیں تسلی دی کہ وہ ان کے بنگلے کی حفاظت کریں گے چنانچہ ایک پڑوسی کے بچے وہاں حفاظت کے خیال سے رکھے گئے کہ دن رات منہاج صاحب کی واپسی تک قیام کریں۔ کوئی چار دن بعد وہ واپس آ گئے اب جب انہیں چالیسویں کا ختم دلوانے کیلئے جانا تھا تو نیا کوٹ پہنے ہوئے لاہور کیلئے عازم سفر ہوئے۔ چالیسویں کے ختم کا خرچ بھی انہیں ہی کرنا تھا۔ اس مقصد کیلئے وہ کوئی چھ سات ہزار روپے لے کر چلے۔

صبح جب اذان کے وقت لاہور پہنچے تو نماز کی ادائیگی کیلئے Australasia مسجد نزد لاہور ریلوے سٹیشن Braganza Hotel کے قریب گئے۔ جماعت تھوڑی دیر پہلے ہی ہو چکی تھی۔ اس لئے مسجد میں سے نمازی واپس باہر جا رہے تھے۔ وضو کرنے کیلئے اسی اثناء میں ایک نوسر باز آیا اور اس نے کہا "بزرگو آپ کا وضو نہیں ہو سکتا کیونکہ آپ کے کوٹ پر گندگی لگی ہوئی ہے۔" انہوں نے کوٹ اتار کر دیکھا تو واقعی گندگی لگی ہوئی تھی۔ بڑے حیران ہوئے کہ یہ کہاں سے لگی ہے۔ بہر حال کوٹ اتار کر دوبارہ وضو شروع کیا۔ وضو کرنے کے بعد کوٹ واپس لینے پہنچے تو کوٹ بمعہ رقم کے اپنی جگہ سے غائب تھا۔ ہر ایک سے پوچھا اور امام صاحب سے کہا کہ میں نے اس جگہ کوٹ اتارا جہاں بتائی تو امام صاحب نے جواب دیا کہ کسی نوسر باز نے کام کر دکھایا ہے اسی نے کوٹ پر گندگی لگائی تھی اب وہی کوٹ لیکر وہ فوراً چمپت ہو گیا ہے۔

منہاج صاحب بڑے پریشان ہوئے اور امام صاحب کو لاہور آنے کی وجہ بتا کر کہا کہ اب بھائیوں کے پاس ختم شریف کا اہتمام تو ہو ہی جائیگا لیکن واپس پنڈی پہنچنا مقصود ہے اور زاد راہ بھی میرے پاس کوئی کوڑی تک نہ ہے۔ چنانچہ امام صاحب نے

Marfat.com

نہیں دس روپے عنایت کیے۔ بابا جیؒ کا ختم شریف دلوانے کیلئے اپنے بھائیوں سے رقم لی۔ ختم شریف دلوانے کے بعد اپنے بیٹے سے زادِ راہ لیا اور اسی مسجد میں نماز ادا کرنے چلے آئے۔ شکریہ کے ساتھ امام صاحب کو دس روپے واپس کیے۔

Wah ؒ کے صاحب عبداللہ شاہ دوسرے روز اس واقع کا علم ہوا تو وہ افسوس کرنے ان کے بنگلہ پر حاضر ہوا اور حیران ہوا کہ نوسر باز نے کیسے ذہن کا رخ ان کی طرف موڑ دیا اور بعد رقم لے کر غائب ہو گیا۔ عبداللہ نے کہا: "آپ نے پولیس کو اس واردات کی رپورٹ درج کرائی؟"

انہوں نے فرمایا: "دو وقت سے تھے کہ پولیس کی سرد مہری کی وجہ سے جان گئے کہ وہ ان کی کھوئی ہوئی رقم واپس دلانے سے تو رہی، الٹا اس میں یہ ممکن ہو سکتا ہے کہ پولیس والے ان وارداتوں کے مرتکب کا علم نہ ہو۔ اگر پولیس چاہے تو سب حالات درست ہو سکتے ہیں اور نوسر باز نہیں بچ سکتے۔ چھوڑو اس بات کو اب تک تو مسروقہ رقم کا بٹوارہ بھی ہو چکا ہوگا اور ممکن ہے کہ دوست بے نام ہے بازار میں ہر سے فرصت کی خاطر میں باندھ دیا گیا ہو میں وہاں جو ملتا ہے جا کر دیکھ کر ہوں گا۔ شاید میرا کوٹ یہاں کی بنے کپڑے ... کی سلامتی پر سب کی موجودگی میں دے دیئے۔"

پھر کہنے لگے: "ملک سے پہلے رقم بھجوانا تھا اور دو بار دوست بھجوانا تھا۔ تنخواہ میں اتنی گنجائش کہاں۔" اس کے بعد انہوں نے یہ واقعہ سنایا: "ایک دفعہ کی بات ہے میں اپنے آفس میں بیٹھا ہوا تھا تو ایک colleague تشریف لائے۔ ابھی تھوڑی دیر گزری تھی کہ میری دوست بھی پہنچ گئے۔ تشریف لانے والے colleague نے یہ خبر سنائی کہ کیا انہیں پتہ ہے کہ کل دلیپ مار کی شادی ساز وباجے سے ہونے والی ہے۔ دلیپ مار سے تعلقات سا رہے والد صاحب پر کی پیرو تھے۔ چنانچہ اس سلسلے میں ہر کوئی رائے زنی پیش کر رہا تھا۔ میں نے کہا: اس میں حیرانی کی کیا بات ہے لوگ اتنے مہنگی ڈال کر شادی کے اخراجات کی رقم حاصل کر لیتے ہیں یا فنڈ نکلوانا تھا شادی کرنے کیلئے تم دونوں مسائل در پیش ہیں۔ دلیپ مار تو اہل ثروت ہے۔"

سکندر شاہ

سکندر شاہ صاحب راقم الحروف کی برادری سے تعلق رکھتے۔ بچپن میں لاابالی طبیعت کے واقع ہوئے اور عام لڑکوں کی طرح بٹیر بازی، پتنگ بازی، شطرنج وغیرہ دیکھنے میں مشغول رہتے تاہم جوان ہوتے ہی ان کا رجحان اللہ والوں کی طرف مائل ہو گیا اور آپ بزرگوں کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا اپنا معمول بنالیا۔ مرشد کی بارگاہ میں ایسے کھنچے کہ دیکھتے ہی دیکھتے ایک مقام حاصل ہو گیا۔ نہایت برگزیدہ لوگ آپ کے حلقہ بگوش ہو گئے۔ قلندرانہ زندگی بسر کرتے ہوئے بھی باوجود انہوں نے اپنے ہاتھوں سے محنت مزدوری کرنے سے گریز نہ کیا۔ انہوں نے سب سے پہلے مسلم بازار گجرات میں میوہ منڈی کے سامنے چھوٹی سی دکان میں چارپائی بنانے اور ان کی مرمت کرنے کی دکان کھول رکھی تھی۔ راقم الحروف جب انگلینڈ میں تعلیم حاصل کرنے 1955 میں S.S.Caledonia بحری جہاز سے گیا تو سکندر شاہ صاحب کی دکان سے ہی روانہ ہوا۔

عبداللہ شاہ نے 28 فروری 1994 میں مجھے سکندر شاہ صاحب کے متعلقہ واقعہ سنایا جو قارئین کی دلچسپی کے لیے پیش خدمت ہے۔

عبداللہ شاہ اس وقت نیشنل سکول میں زیرِ تعلیم تھا۔ ایک دن مسلم بازار سے گزر رہا تھا تو سکندر شاہ صاحب نے بلایا:

"بیٹے کدھر جا رہے ہو؟"

"میں نے یہاں میوہ منڈی سے پھل خریدنے ہیں۔"

عبداللہ چند لمحات ان کی دکان پر بیٹھا رہا۔ اس نے اپنے ماموں (سکندر شاہ صاحب) کے بارے میں بہت کچھ سن رکھا تھا کہ وہ بہت "پہنچے" ہوئے ہیں۔ کہا: "کیوں نہ ان کی آزمایا جائے۔" "ماموں! اگر میرے ذہن میں کوئی خیال یا کسی چیز کا نام آئے تو کیا آپ بتا سکتے ہیں؟" اس نے ملتجی سوال کیا۔

"بیٹا تو درویشوں کو آزمانے آیا ہے۔ چل کوئی چیز ذہن میں رکھ لے جھوٹ نہ بولیں میں تینوں دس دیاں گا۔"

Marfat.com

"اگر میں ذہن میں کسی پھل کا نام رکھوں تو کیا آپ بتا سکیں گے کہ میں نے کونسے پھل کا تصور کر رکھا ہے؟"

"یہ کوئی بڑی بات ہے۔" انہوں نے مسکرا کر نہایت پر اعتماد لہجہ میں کہا۔

"تو ذرا بتائیے۔"

"دھریک دے درنیکوں دیکھ جھوٹ بولناں کاداسا ہے جے میں غلط ہوواں تے سچ سچ دس دیویں۔"

تعجب کی بات ہے کہ انہوں نے واقعی شرارت سے "درنیکوں" کو ہی ذہن میں سوچ رکھا تھا۔ ان کا خیال تھا کہ پیر صاحب جب پھل کی تلاش کریں گے تو میوہ منڈی میں جو فروٹ ہیں انہیں میں غلطاں رہیں گے اور چونکہ دھریک کے درنیکوں کو کبھی پھل نہیں کہا جاتا وہاں تک نہ پہنچ پائیں گے اور اس پھل کا انہیں خیال تک نہ آئیگا۔

اگر اس کیفیت کو mindreading نہ کہیں تو اور کیا نام تجویز کیا جا سکتا ہے؟

پیر فضل حسین فضل گجراتی

پیر فضل حسین نے پنجابی ادب میں جدید غزل کا تعارف کرایا۔ مطبوعہ کتب میں ان کے مجموعہ کلام کو سب سے زیادہ شہرت ملی۔ آپ کی پہلی کتاب "ڈونگے پینڈے" پر آدم جی ادبی انعام ملا اور کئی سال تک پنجاب یونیورسٹی کے کورس میں شامل رہی۔ "گھوراں" اور "کچی تند" (یہ کتاب آپ کی وفات کے بعد شائع ہوئی) منظر عام پر آئیں۔ کچی تند کو پرائیڈ آف پرفارمنس کے ساتھ وارث شاہ ادبی ایوارڈ سے نوازا گیا۔ ان کے شاگردوں کی تعداد بھی کثیر ہے۔ حکیم نوازش علی صاحب جو خود صاحب دیوان شاعر تھے ان کی شاگردی پر فخر کرتے تھے (ان بزرگوں کو مرحوم سید احمد خاں مشرقی نے شان پنجاب کا خطاب دیا تھا) نے پیر صاحب کی شاعری کا حق ادا کر دیا ہے۔ پیر صاحب کی ذاتی زندگی بھی بہت خاص ہے۔ پیر صاحب کی سادگی کا اعتراف کرتے ہیں۔ ویسے پیر فضل صاحب کی دستار بندی کا بھی شرف حاصل ہے۔ پیر صاحب کی زندگی کا بیشتر حصہ گجرات کچہری میں بطور ہیڈ کلرک گزرا۔ جب اس ملازمت سے فارغ ہوئے تو پنشن کے علاوہ پراویڈنٹ فنڈ اور دیگر سہولتیں مفت دی گئیں۔

پیر فضل صاحب ایک منکسر اور صاحب دل انسان تھے۔ بیشتر اوقات یاد الٰہی میں بسر کرتے تھے۔ ... دریافت کیا کرتے ... انہیں ایک دفعہ کچہری کے ملازم ... کی ... گھر جانا تھا ... کچہری کی ... آپ ... پراویڈنٹ فنڈ ... بینک ... ایک باعتماد ... نواب ... گھر پہنچ گئے ... دونوں ... نواب ... بڑی رازدارانہ انداز سے مخاطب ہوئے ... خواہش ... سعادت نصیب ہوا ... یہ رقم تو ... کہتے ہیں "بابا" ... "پیر صاحب آپ کیا سمجھتے ہیں میری کیا حیثیت" نواب نے ... بیٹے ... جواب ... میں مرنے کے بعد ... نواب میں ... بیٹیاں جوان ... میری آنکھوں ... رقم ... نیک کام ... دربار میں ... جو ذریعہ ... اور ... ۔"

اس دن تو تلاش بسیار کے باوجود معمہ حل نہ ہوا اور پیر فضل صاحب کی حالت دیدنی تھی۔ ... رقم ... کتاب ... پیر فضل صاحب نے زمانے کے نشیب و فراز ... ہاتھ باندھتے ہوئے ... قبول ... اپنے فرض سے سبکدوش ہو گئیں۔

Marfat.com

زندگی کا بیشتر حصہ نوکری میں اس فرض سے گزرا کہ ریٹائر ہونے کے بعد کچھ وافر ملے تا کہ بقیہ زندگی آرام سے گزر جائے لیکن قربان جائیں ان پاک طینت لوگوں پر جن نے زندگی بھر کا اثاثہ چند لمحوں میں سود و زیاں سے بالاتر ہو کر اس کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیئے قربان دیا۔

''گر قبول افتد زہے عز و شرف''

1993 میں راقم الحروف کے ایک دیرینہ دوست پرویز اکرم شیخ کے Acton Town Hotel لندن میں بیٹھا ہوا تھا اسی دوران میرے دوست نے چند لمحوں سے تعارف کرایا تو انہوں نے یہ جان کر کہ میں پیر فضل حسین فضل صاحب کے خاندان میں سے ہوں نہایت عقیدت مندانہ انداز میں میرے پاؤں چھو کر اپنی عقیدت کا اظہار اس جملے سے کیا کہ ہم تو پیر فضل صاحب کو [illegible] مانتے ہیں لہذا افضل سے بھی بیعت کے خواہاں ہوئے۔

پیر فضل حسین فضل حضرت شاہ دولہ دریائی کی اولاد میں سے ہیں۔ پیر مقبول شاہ صاحب جن کے پاس فقر کی دولت سرمایہ حیات تھی کے ہاں 1897 کو تولد ہوئے اور 1973 کو ابدی نیند سو گئے مگر آج تک سخن فہم لوگوں کے دلوں میں جاگ رہے ہیں۔ بچپن میں مرزا شاہد حسین مہر دہلوی جیسے نامور اور کہنہ مشق شاعر جو خداوند سخن حضرت اسد اللہ خاں غالب کے شاگرد تھے، کی صحبت ملی تو ادبی ذوق میں نمو پیدا ہوئی۔ چونکہ طبیعت موزوں ہوتی چلی گئی مصری میں استاد کا نام روشن کر دیا پہلے پہل آپ نے اردو زبان میں شاعری کی نمونہ کلام ملاحظہ ہو

''اِدھر ہے حیا اور اُدھر ناتوانی
نہ وہ دیکھتے ہیں نہ ہم دیکھتے ہیں''

آہستہ آہستہ جوں جوں وقت گزرتا گیا سائیں احمد علی پشوری کی زوردار شاعری کی کشش نے پیر فضل کو اپنی طرف کھینچ لیا۔ سائیں احمد علی کی شاعری کا بیشتر حصہ عشق و تصوف کی پاسداری رکھتا ہے تاہم وہ ایک جداگانہ مخصوص رنگ سخن رکھتے۔ چوہدری محمد دین جو راولپنڈی سے تعلق رکھتے تھے اور باذوق بزرگ تھے کی روایت کے مطابق ایک مشاعرہ غالباً 1919 میں لاہور میں منعقد ہوا جس میں راولپنڈی کے شعراء نے سائیں احمد علی کی قیادت میں حصہ لیا۔ اس مشاعرہ کی خاص بات یہ ہے کہ حضرت علامہ اقبال بھی شریک محفل ہوئے اور سائیں احمد علی کی فارسی آمیز حرفیاں سنیں تو سائیں احمد علی کو پنجابی کے غالب کے خطاب سے نوازا۔ یہ اس زمانے کی بات ہے جب پورے متحدہ پنجاب میں میاں محمد بخش کی شہرہ آفاق ''سیف الملوک'' سید وارث شاہ صاحب کی ''ہیر'' اور میاں محمد بوٹا کی ''سی حرفی'' کی دھوم مچی ہوئی تھی۔ سائیں احمد علی صاحب بھی ان شہکاروں سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ اگرچہ انہوں نے چار مصرعوں والی قلبی واردات کا ذریعہ اظہار بنایا اور شروع میں یہ کلام بھی عربی و فارسی آمیز تھا لیکن جلد ہی سائیں احمد علی نے ماحول کے اثر کو اپنا لیا۔ سائیں کی حرفی میں پنجابی انفرادیت اور مٹھاس تھی کہ میاں محمد بخش، وارث شاہ، شاہ حسین، خواجہ غلام فرید، حق باہو اور میاں محمد بوٹے کے ساتھ ساتھ ان کے کلام کا جادو بھی سر چڑھ کے بولا اور آج احاطۂ تحریر میں نہ آنے کے باوجود سینہ بہ سینہ یہ کلام زبان زد خاص و عام ہے۔

پیر فضل سائیں احمد علی کی شاعری سے بڑے متاثر تھے اور اکثر ان کی زیارت کیلئے راولپنڈی بھی جایا کرتے۔ افضل پرویز مصنف ''[illegible]'' کے قول کے مطابق راولپنڈی کو پیر فضل، سائیں احمد علی کی نسبت سے ''پنڈی شریف'' اور ''استاد خانہ'' کہتے۔ اگرچہ پیر صاحب کی سائیں صاحب سے قلبی وابستگی رہی مگر انہوں نے شعور کی آنکھ کو کھلا رکھا۔ عشق و مستی کے اس تاجور نے بڑی جدت طبع سے کام لیتے ہوئے اس منزل کو جا لیا جس کی نشان دہی ان کے پیش رو میاں محمد بخش، وارث شاہ، میاں محمد بوٹا اور سائیں احمد علی کر چکے تھے۔ پیر صاحب اگرچہ فارسی، اردو اور پنجابی کے قدیم مکتبہ فکر سے تعلق رکھتے مگر انہوں نے دیئے سے دیا روشن کرتے ہوئے نئی راہیں تلاش کیں اور پنجابی میں پہلی دفعہ غزل کہی۔ زندگی کا بیشتر حصہ اس کی نوک پلک درست کرنے میں گزار دیا۔

''فضل ہوراں نے بدل دتا اے پنجابی دا رنگ
یا الٰہی دور حاضر دے غزل خواناں دی خیر''

Marfat.com

پیر فضل پر اللہ کا فضل ہے کہ وہ پنجابی زبان میں غزل کو اس مقام پر لے آئے جہاں اسے اردو، فارسی زبان کی غزل کے مقابل پیش کیا جا سکتا ہے۔ پیر صاحب کی دوسری خوش قسمتی دیکھئے کہ ان کی زندگی میں ہی ان کے معاصروں نے ان کی اس کاوش کا برملا اعتراف کیا بقول ڈاکٹر فقیر محمد فقیر:

"فن شعر دے کول جواب جدا اوہدی غزل تے میری رباعی دا نہیں
کیوں نہیں غزل پنجابی دا فضل حافظ تے فقیر میں خیام کیوں نہیں"

اسی طرح مولانا وقار انبالوی رقم طراز ہیں کہ مجھے پنجابی زبان کے ان دیکھے استادوں پنجابی غزل کا مرید بنے میں دیر نہیں لگی۔ میرے دل میں کئی مرتبہ یہ تڑپ اٹھتی ہے کہ میں وارث شاہ، بلھے شاہ، ہاشم اور غلام رسول کے زمانے میں کیوں نہ ہوا لیکن "ڈونگھے پینڈے" دیکھ کر یہ خیال آ رہا ہے کہ شکر ہے میں پیر فضل کا ہم عصر ہوں۔ یہ ہے علامہ عرشی امرتسری کا نذرانہ عقیدت پیر فضل حسین فضل کی خدمت میں۔ اسی طرح جناب شریف کنجاہی نے پیر فضل کے دوسرے مجموعہ کلام "نکوراں" جو غزلوں اور نظموں کا مجموعہ ہے کا پیش لفظ لکھتے ہوئے پیر فضل سے اپنی عقیدت کا اظہار کچھ یوں کرتے ہیں "میں جوانی دے ویلے توں پیر ہوراں دیاں گلاں سن دا آیا ہاں پیر فضل دا مرید ہو یا او نظماں لکھن والا پیر فضل سی" اس طرح ان گنت دانشوروں نے پیر فضل کی شاعری کو خراج تحسین پیش کیا اور کرتے رہتے ہیں۔

پیر فضل نے شاعری میں تین کتابیں لکھیں پہلی کتاب "ڈونگھے پینڈے" جو غزلوں کا مجموعہ ہے اس کتاب کو ادارہ پنجابی ادب گجرات نے پہلی بار 1963 میں چھپوایا۔ دوسری کتاب "نکوراں" جو غزلوں اور نظموں کا مجموعہ ہے اسے ادارہ اشاعت ادب گجرات نے مارچ 1971 کو شائع کیا۔ تیسرا مجموعہ کلام "قطبی تارا" جو نعتوں کا مجموعہ ہے اور پیر فضل کی وفات کے بعد 1981 میں زمیندار ایجوکیشنل ایسوسی ایشن، گجرات کی کاوش سے منظر عام پر آئی۔ شاعر نے ہر شعر میں اپنا دل رکھ دیا ہے۔ ان کا ہر شعر دل کی گہرائیوں سے نکلتا اور دل کی گہرائیوں میں جا داخل ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق صاحب نے اس کتاب کو وارث شاہ ادبی ایوارڈ کے لیے انتخاب کیا۔

پیر فضل حسین فضل کی شاعری آج میرا موضوع سخن نہیں بلکہ میری مراد پیر صاحب کی اس گوشہ زندگی سے ہے جو پیار محبت جو انسان دوستی کی شکل میں انسان کے سامنے آتے ہے۔

"مدت ہوئی ہیں جو گھومتا ہے فلک برسوں
تب خاک کے پردے سے انسان نکلتے ہیں"

آج اس ترقی یافتہ دور کو ہی لیجئے کہ انسان زمین کی پستیوں سے اٹھ کر آسمان کی بلندیوں کو چھو رہا ہے مگر دوسری طرف خود غرضی، مفادات اور تعصبات کا شکار ہے اور مذہب کے نام پر انسانی شرف کے خون کی ہولی کھیلی جا رہی ہے۔ مادی ترقی کا یہ دور ہے جس کے ہر طرف ذہنی، جسمانی اور جذباتی تشدد ہو رہا ہے۔ زندگی کی قدروں سے واقفیت اور دوسروں کے جذبات کا احترام جب ہی انسانی رشتے بہت نازک ہوتے ہیں ان کا خیال رکھے بغیر سکون نصیب نہیں ہوتا۔ آپ خواہ کسی مذہب کسی ملک یا کسی قوم سے تعلق رکھتے ہوں آپ کو انسانی عظمت اس وقت حاصل نہیں ہو سکتی جب تک آپ دوسروں کے دکھ سکھ اور دھوپ چھاؤں میں شریک نہیں ہوتے۔ آج ہمیں ایسے انسان کی تلاش ہے۔ مجھے بھی آج پیر فضل کے اس گوشہ زندگی کو بے نقاب کرنا ہے جو لوگوں کی نظروں سے اوجھل ہے۔

بچپن سے پیر فضل کو جو فقر و تصوف کا رنگ وراثت میں ملا، تمام زندگی اس رنگ سے الگ نہ ہو سکے اور نہ ہی منحرف ہوئے۔ 1918 میں جب تعلیم کو خیرباد کہا تو میونسپل کمیٹی گجرات میں ملازمت اختیار کر لی۔ پیر صاحب اپنی آمدن کو چار حصوں میں تقسیم کیا۔ ایک حصہ اپنے گھر کے اخراجات کے لیے رکھ لیتے اور باقی تین حصے بیواؤں اور یتیموں کو اپنے ایک معتمد ساتھی اور خدمت گار شخص "نواب" کے ذریعے اس خاموشی اور رازداری سے پہنچاتے کہ کسی دوسرے کو کانوں کان خبر نہ ہوتی۔ جب کبھی ان کی بیگم صاحبہ گھر کے اخراجات اور خرچ کی کمی کا رونا روتی تو پیر صاحب بڑی بے نیازی سے مسکراتے اور کچھ یوں جواب دیتے:

"پئے فکر نہیں بندے گھٹ دی تے درویش
جہاں تقوی رب دا انہاں رزق ہمیش"

Marfat.com

پیر صاحب نے اپنی آخری سانس تک ان یتیموں اور بیواؤں سے اپنے تعلق کو نبھایا اور کبھی اپنے گھر کے اخراجات کو راستے کا پتھر نہ بنایا۔ پیر صاحب نے ہمیشہ سخی و یتیم سمجھا اور اس کے ہو پائے استقرار سے ٹھکرایا۔ ان کی زندگی سادگی شرافت کا نمونہ تھی۔ آنکھ میں خواب ہونٹوں پر مسکراہٹ اور دل پیار سے بھرپور رہتے۔ گلیوں بازاروں سے گزرتے ہوئے جب کسی نے اصلاح کیلئے کلام دکھایا تو پیر صاحب نے بھی تحمل سے کام لیا فوراً درستی کر دی اگر کلام بے وزن یا خیال کمزور ہوتا تو غزل، نظم پوری کی پوری نئی لکھ دیتے۔ شاعروں نے اپنی زندگی سے ناجائز فائدہ اٹھایا مگر پیر صاحب نے اپنی روش نہ بدلی۔ بقول غالب:

"عشرت قطرہ ہے دریا میں فنا ہو جانا"

ان کے دوست شاعر راقم سے کہتے ہیں دیکھا اس بات کا ہے کہ انہوں نے کبھی بھولے سے بھی اپنے محسن کو یاد نہیں کیا۔ کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے ہر دور میں لوگوں کی یہی شان ہوتی ہے۔ راقم نے جب سے ہوش سنبھالا اور یار و احباب کی محفلیں جمتے دیکھیں تو پیر فضل کے شعروں پر محفلیں ہوا کرتیں جن میں راقم کا دیوان خانہ، صلاح الدین آصف کی بیٹھک، ایسٹ مرکر روڈ پر واقع ان کی بیٹھک بہت مشہور تھی ... اندر ہی میں بائیں طرف ایک گلی شاہی مسجد کی طرف جاتی ہے۔ اس گلی میں ... چند ایک دکانیں چھوڑ کر بابو محمد یوسف کی حجام کی دکان ہوا کرتی جہاں آجکل کتابوں وغیرہ کی دکانیں ہیں۔ یوسف خود بھی ... شاعر تھا اور تخلص بھی یوسف کیا کرتا۔ یار و احباب اسے "یوسفا یا یوسبا" کے نام سے پکارتے۔ ... پیر فضل صاحب ... "یوسبا" ہی کہا کرتے۔

یوسف بہت خوش پوش زندہ دل ہمیشہ سفید شلوار قمیض میں ملبوس مگر کبھی کبھی قمیض اور پتلون بھی پہن لیا کرتا۔ یاروں کا یار ... احباب کی خدمت ... مدد کرتا۔ اس نے میٹرک پاس کیا ہوا تھا مگر نوکری وغیرہ سے کوئی دلچسپی نہ تھی ... شام کے وقت ... ان کی دکان پر مجید امجد، فاروق شاہ، مرزا (جان) مرحوم، صلاح الدین آصف (آتھی) مرحوم، میر مشکور، بابو منصور ... مرحوم، بابو منظور خان جنہیں ہم دوست خاص طور پر "مولوی چپّی" کہا کرتے کیونکہ جب انہیں غصہ آتا تو وہ اپنے ... چپل ... تھے۔ ... مدعی میں ... کے عہدے پر فائز رہے۔ پھر ریٹائر ہو کر جہاں آجکل غلام احمد ... کی ... صاحب کم آدمی تھے انگریزی پر کافی عبور تھا۔ کوئی دکھ درد کا مارا غریب درخواست لکھوانے ... آتا تو ... درخواست لکھ دیتے۔ جب بھی ان سے کسی بات کے متعلق پوچھا جاتا کہ آپ یہ معلومات ... سے حاصل کرتے ہیں تو ... ایک ہی جواب ہوتا "ریڈرز ڈائجسٹ" سے! اور یاروں احباب کی دفعہ انہیں مولوی ریڈرز ڈائجسٹ ... ۔ جب چوہدری ظہور الٰہی صاحب کو بھٹو کے دور میں گرفتار کر لیا گیا تو منظور خان صاحب انگلینڈ میں تھے (وہاں ہی مقیم ... پاکستان واپس نہیں لوٹے) تو انہوں نے بین الاقوامی انسانی حقوق کے اداروں کو خط لکھ کر چوہدری ظہور الٰہی صاحب ... ایک دفعہ راقم مولوی صاحب کے پاس Rochdale انگلینڈ میں ٹھہرا ہوا تھا۔ چوہدری ظہور الٰہی صاحب ... منظور خان صاحب کو ملنے تشریف لائے۔ ہاں تو یوسف کی دکان پر تقریباً ہر شام ہماری محفل جما کرتی، بلکہ شہر کے ادیب اور ... بھی وہاں آکر لطف اندوز ہوتے۔

یہ ... ہے جب ... رئیس اعظم گجرات اللہ دتہ بٹ کا بھتیجا اور اس کا والد فوت ہو چکا تھا۔ اللہ دتہ بٹ نے ... کرتی تھی لہٰذا یوسف کی دکان پر قبضہ قانونی کارروائی کے متعلق سوچا گیا تو بابو منصور منظور خان ... ایک ڈرافٹ تیار کیا جائے اور اس وقت کے مشہور وکیل محمود علی قصوری کی خدمات حاصل کی جائیں۔ ... یوسف نے ... یہ بات اللہ دتہ بٹ تک پہنچ گئی تو صلح صفائی سے جہاں آجکل نشیمن ہوٹل ہے وہاں پر شار ٹرانسپورٹ کمپنی ... پیر صاحب نے اپنے بھتیجے شار و ٹرانسپورٹ کا کاروبار شروع کروا دیا۔ بعد میں جب منگلا ڈیم کی تعمیر شروع ہوئی تو شار جہلم چلا گیا اور وہاں سے منگلا ڈیم ... ٹرانسپورٹ کرتا رہا۔

بات ... پیر فضل صاحب جب بھی کوئی نیا کلام کہتے تو ہم لوگوں کی موجودگی میں یوسف سے مخاطب ہوتے ... یوسف کا ... بیان ... اور یادداشت بھی کمال کی۔ پیر صاحب کا کلام سنتے ہی اس کو ازبر ہو جاتا۔ یوسف ...

Marfat.com

دکان پر اگر کوئی گاہک داڑھی منڈوانے کیلئے کرسی پر بیٹھا ہوتا تو یوسف ہاتھ میں استرا لئے شیو کرنا شروع کرتا تو شعر بیان کرنے میں مصروف ہو جاتا پھر خیال آ جاتا تو شیو کرنا شروع کر دیتا۔ انداز بیان منفرد چند یوں تھا:

"اکھے ٹیک نہیں کرن دیتا انہیں سر دیوار دے کول۔۔۔ بستہ
(جب مصرعے میں سر دیوار دے کول تک ادائیگی کرتا تو چند لمحے رکنے کے بعد کہتا "بستہ")
جتھے جد نہیں سی ہوندی ستریاں دی اکھے یاں دے ہو گئے نیں کول۔۔۔ بستہ
(یوسف بستہ کہنے سے پہلے ذرا رک جاتا تو ہم لوگ کہتے "بستہ")
اکھے پہر اکھے ایوائی شغل رہندا کدی کھپ بستہ کدی کھول۔۔۔ بستہ
تے فضل جہاں دے لد گئے یار ستیاں سی وانگ روندے پھول پھول۔۔۔ بستہ"

حجام کی دکان کے بعد یوسف نے ایبٹ روڈ پر ٹیم بیٹھے چوک نواب صاحب میں شامل ہوئے اور پھر ... ایریا میں بیٹھے کا کاروبار شروع کیا جو ہمیشہ ادھورا نظر ہوتا۔ جب یوسف کی ٹیم بیٹھے چل رہی تھی تو اس کا چھوٹا بیٹا ... کرتے ہوئے ٹریک کے حادثے میں ہلاک ہو گیا تو یوسف نے اس کی یاد میں ... پر پانی بیٹھے ... ہمارا اس کی مشین اور پائپ بھی چوری کر لیں۔ یوسف نے وزیر آباد میں بھی بیٹھے کا کاروبار شروع کیا ... ہوئے پر ... نے وہ راستہ ہی چھوڑ دیا تو اس نے ایک ترکیب سوچی ... لوگوں نے ادھر دینا تھا ان کے نام اور واجب الادا رقم ... ملا۔

راقم جب اعلیٰ تعلیم کیلئے انگلستان گیا اور اس کے بعد پھر وہیں ... میں رہائش اختیار کی تو اپنے آبائی ملکیت ... شاہدولہ کے یوسف ورثے بیٹے دے دی مگر میرے جانے کے بعد میرے چچا زاد بھائیوں نے اس دکان پر قبضہ کر لیا ... نے میں نے اپنی تمام جائیداد ... اور ... فروخت کر دیا۔ مقدمے بازی اب بھی جاری ہے۔

پیر صاحب کا آج سے کوئی پچاس سال قبل کا شعر جو انہوں نے یوسف کی دکان پر سنایا، حاضر خدمت ہے:

"میں پوچھیا ہے ہوراں نواں راہ کدھر نوں جاندا اے
او بے ہوری سندے نیں تے ایس کے کی فرماندے نیں
میں آکھیا سندا آیاں پیو دادے سندے آئے نیں
ایہہ راہ اتھے وا اتھے ویسے راہی کدھرے جاندا اے"

پیر صاحب کے بیٹے کے دو مستقل ... تھے ایک ان کے شاگرد رشید حکیم نوازش علی صاحب کی پنساری کی دکان ... نزد شیشانوالہ دروازہ، گجرات اور دوسرا ... یوسف صاحب ٹیم بیٹھے والے کے پاس۔ مرحوم یوسف بڑے خوش الحان تھے ... ذوق بھی رکھتے۔ پیر صاحب کا جب یوسف مرحوم کلام پڑھتے تو سامعین پر وجدانی کیفیت طاری ہو جاتی۔ پیر صاحب کی زندگی سے متعلق چونکہ ابھی تک کوئی تحریری مواد دستیاب نہیں اس لئے میرا ماخذ نے قابل اعتبار اور بالحیات دوست عزیز ہیں۔ مجھے یہ کہنے میں کوئی دریغ نہیں کہ پیر صاحب نے محبت وزندگی میں مذہب کا درجہ دیا۔

اس حقائق پاندیہ سے میں اپنی روشنی کے مینار دکھائی دیتے ہیں۔

"ایہہ اچرج یاں جنیاں کول او دے ... آخر راہبہ منان سیانوں
اتی چودھویں صدی وچ فضل ورگے ہیں ورلے اللہ ولے ملدے"

میجر سلطان محمود صاحب

میرے قریبی دوست احسان الرحمٰن ڈار صاحب کے ان سے انکل میجر سلطان محمود صاحب نے ایک آدمی بھیج رکھا ہے ... جب ڈار صاحب ان کے ہاں پہنچے۔ میجر صاحب مشہور سیاسی شخصیت چوہدری ظہور الٰہی صاحب کی گجرات والی کوٹھی کے عین سامنے رہ

Marfat.com

کرتے تھے تو اکثر ان کی Martial law سے دلچسپی بڑھ رہی تھی۔ پتہ چلا کہ بہو سے اختلافات نمایاں ہو گئے ہیں۔ ڈار صاحب نے راضی نامے کی بہت کوشش کی مگر کامیاب نہ ہو سکے۔ میجر صاحب نے اپنے بیٹے سلطان کے نام مضمون لکھ کر دیا کہ کراچی کے پتے پر تار کے ذریعے روانہ کر دو۔ تار میں لکھا تھا کہ اپنے بیوی بچوں کو یہاں سے لے جاؤ مجھے مکان کی خود ضرورت ہے۔ ڈار صاحب نے کوشش کی کہ بات آگے نہ بڑھے مگر صاحب "گرم" ہو گئے خیر تار بھیج دی گئی۔ مسعود صاحب چھ دنوں کے بعد کراچی سے گجرات تشریف لے آئے۔

مسعود صاحب کے آنے کے ایک دو دن بعد میجر صاحب نے دوکاندار سے کہا کہ جتنی کرایہ دے جانا اس نے جواب دیا کہ "وہ کرایہ تو مسعود صاحب نے لے لیا ہے۔" میجر چپ ہو گئے۔ مسعود سے پوچھا "کرایہ تم نے لے لیا تھا؟"

"کیوں میں نہیں لے سکتا؟" مسعود نے جواب دیا۔

"تم کیسے لے سکتے ہو؟ ہاں میری اجازت سے لے سکتے ہو۔ میں ابھی زندہ ہوں۔"

"اجازت کیسی میں کیوں نہیں لے سکتا۔ میں نے لے لیا ہے اب آپ کیا کر سکتے ہیں؟"

"اچھا یہ بات ہے تو اس کا کرایہ واپس کر دو۔"

"دیکھا جائے گا۔"

میجر صاحب نے اسی وقت جا کر دوکاندار سے کرایہ دوبارہ طلب کر لیا کہ مجھے نہیں ملا کچہری چلے گئے۔ 3000 روپے فیس ادا کی۔ دوکاندار کے خلاف مقدمہ دائر کر دیا کہ اس نے کرایہ ادا نہیں کیا۔ دوکاندار نے court میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ جناب ان کے بیٹے نے لے لیا ہے۔ مسعود اس دوران کراچی واپس چلا گیا تھا summon جاری ہوا کہ حاضر عدالت ہوں۔ خیر مسعود صاحب کراچی سے واپس گجرات آئے تو جج صاحب نے فرمایا "آپ دوکاندار کو کرایہ واپس کر دیں۔" دوکاندار نے کرایہ وصول کر کے عدالت کو دیا عدالت نے میجر صاحب کو دے دیا مسئلہ ختم۔ court سے باہر نکلتے ہوئے میجر صاحب نے کہا:

"مسعود 3000 روپے رکھ لو بچوں کے لیے کوئی چیز لے جانا۔"

بات تھی discipline کی۔

میجر صاحب کی محمود صاحب اب تو انجہانی ہو چکے ہیں مگر ڈار صاحب کو ان کے ساتھ جو تھوڑا وقت گزارنے کا شرف حاصل ہوا تو مزید کہا ڈار صاحب ان کے مکان کو مارکیٹ میں تبدیل کرا رہے تھے۔ میجر صاحب خود بھی اپنی بہو اور پوتوں کے ساتھ وہاں رہ رہے تھے۔ ایک دن ان کا کوئی پرانا فوجی یا رینک میں ماتحت آ گیا۔ میجر صاحب بڑے تپاک سے ملے اور اس کی کافی خاطر مدارت کی۔ گپ شپ کے دوران مہمان نے اپنی پریشانی میجر صاحب کے گوش گزار کی تو میجر صاحب نے فرمایا:

"احسن مہمان کو دو سو روپے دے دو۔"

احسن نے دو سو روپے دے دیے۔ اب اس مہمان نے مزید جو اپنا دکھ میجر صاحب کو سنایا تو وہ بیزار ہو گئے اور کہا:

"اب آپ جائیں۔"

احسن ڈار صاحب حیران ہو گئے مہمان کے جانے کے کچھ دیر بعد ڈار صاحب نے عرض کیا "جناب ایک تو آپ اتنے مہربان تھے کہ اس کو تپاک سے ملے خاطر مدارت کی روپے دیے اور پھر ایکدم چلتا کر دیا عجیب بات ہے۔"

میجر صاحب کو غصہ آ گیا فرمایا:

"تو عقل سے بالکل خالی ہے تم یہ بتاؤ کہ وہ جو مجھے ملنے آیا تو میں نے وہ سب کچھ کیا جس کی ضرورت تھی اس کے بعد وہ مزید اپنے دکھڑے کیوں مجھے سنا رہا تھا؟ اسلئے کہ وہ مزید امداد چاہتا تھا۔ تم یہ بتاؤ کہ ہم سب کچھ ضرورت مند لوگوں کو دے بھی دیں تو کیا ان کی ضرورت پوری ہو جائے گی؟"

"نہیں" ڈار صاحب نے جواب دیا۔

تو انہوں نے فرمایا "پھر ہم کیوں اپنا گھر خراب کریں اور لوگوں کو سب کچھ دے کر خود غرض مند بن جائیں۔"

Marfat.com

پیر فیروز شاہ صاحب

حضرت پیر سید رشید الدولہ کے تین تایا زاد بھائی تھے۔ صفدر شاہ صاحب سب سے بڑے بھائی فیروز شاہ صاحب اور سب سے چھوٹے فرزند الدولہ صاحب۔ صفدر شاہ صاحب راقم کے بچپن میں ہی راہ ملک عدم رواں ہوئے البتہ ان کا نقشہ میرے بچپن سے ذہن پر اب بھی نقش ہے۔ اونچا قد سر سے گنجے مگر "جھالری" تھے اور ہمیشہ سفید جھالری بالوں کو مہندی رنگ چڑھا ہوا ہوتا۔ رشم ہوتا تھے اپنے دیوان خانہ کے سامنے ایک درخت کے نیچے جہاں لکڑی کا بہت بڑا تخت پوش پڑا ہوا ہوتا قریب ہی ایک نمدہ تھا بیٹھ جاتے اور راگ الاپنا شروع کر دیتے۔ وہ راگ میری سمجھ سے اس وقت بالاتر تھا بعد میں پتہ چلا کہ شانتی کلیان اور اسی قبیل کے راگ تھے۔ فیروز شاہ اور فرزند الدولہ صاحب بھی جھالری گنجے تھے اور سفید جھالر کا وہی حنائی رنگ ہوا کرتا۔ تینوں بھائیوں کو راگ رنگ سے والہانہ دلچسپی تھی اور اسی طرح پیر صاحب اور ان کے دو بڑے بھائی بھی چھوٹے نہ تھے۔ پیر صاحب کے تایا زاد بھائیوں کا دیوان خانہ شارع گلی کے مشرق میں تھا۔ اس گلی کی باقاعدہ کوئی دیوار نہ تھی بلکہ شاہدولہ سڑک سے لے کر دونوں دیوان خانوں کے درمیان کوئی پٹی نما جگہ چھوڑ دی گئی تھی اور دیوان خانوں کی شمالی حدود کو مرا سے پرے پیرزادگان کے ایک مشترکہ رقبہ میں تعلق۔ کوئی 55 برس قبل پیر صاحب نے مذکورہ اراضی پیرزادگان سے رجسٹری کی شکل میں نقد قیمت ادا کر کے خرید لی اور امام بارگاہ وامامیہ کے لیے وقف کر دی تھی۔ امام بارگاہ تو تعمیر نہ ہو سکی البتہ ڈاکٹر ذوالفقار حیدر گجرات کے مشہور ڈاکٹر فقہ جعفریہ سے منسلک نے قبضہ کر لیا اور انجمن حسینی امام بارگاہ سے آغا صاحب کے لیے رہائش گاہ تعمیر کرا دیے۔

مختصر ہوا یوں کہ ڈاکٹر ذوالفقار حیدر شاہ کے والد ماجد جناب حیدر شاہ صاحب سے پیر صاحب کے دیرینہ تعلقات تھے اور حیدر شاہ صاحب ریٹائر ہونے کے بعد اکثر اوقات پیر صاحب کے دیوان خانہ میں بسر کرتے۔ ڈاکٹر ذوالفقار کا بھی پیر صاحب سے تین سامنے ہوا کرتا۔ ڈاکٹر صاحب نے پیر صاحب سے رجسٹری مانگی جو کہ پیر صاحب کی صاحبزادی فرخ سعیدہ کے پاس سے رکھی تا کہ ڈاکٹر صاحب امام بارگاہ تعمیر کرا سکیں۔ فرخ سعیدہ کے خاوند اور پیر صاحب کے بھتیجے پروفیسر نصر الدولہ کی والدہ ماجدہ نے چند روز بعد رقبہ پر بھرتی ڈلوائی اور چار دیواری کھڑی کرا دی۔ راقم کی والدہ ماجدہ نے نمدہ لگوایا۔ وقت گزرتا گیا پیر صاحب بوڑھے اور بیمار رہنے لگے۔ راقم اور نصر الدولہ ملازمت کے سلسلے میں ویزا ویا چلے گئے لہذا ڈاکٹر صاحب ہم دونوں کی غیر حاضری کا فائدہ اٹھا کر قابض ہو بیٹھے۔ جب راقم ریٹائر ہونے کے بعد واپس لوٹا تو مقدمہ بازی شروع ہو گئی۔ ڈاکٹر صاحب تھے "امیر کبیر شہر کے مالک مجھ جیسے کی بھلا کون سنتا تھا۔ معاملہ Cold storage کی نذر ہو گیا۔ ہاں سب سے بڑی عدالت نے اپنا فیصلہ ڈاکٹر صاحب کے "خاص آدمی" کو قبل کر دیا کہ ڈاکٹر صاحب فرمایا کرتے "مجھ سے کون لڑ سکتا ہے؟" حالات نے ایسا پلٹا کھایا کہ ڈاکٹر صاحب نہ صرف اپنے ہی شہر میں بلکہ پاکستان رہنا بھی نصیب ہوتا ہے۔ ان کا کسی زمانہ کا مشہور کلینک ویران پڑا ہے۔ جب بھی گجرات میں چند دنوں کے لیے تشریف فرما ہوتے ہیں تو bodyguards کے سائے میں۔

نجم الدولہ فرزند الدولہ کے اکلوتے صاحبزادے کی شادی برادری کی ایک خاتون سے ہوئی۔ جب نجم الدولہ وفات پا گئے تو ان کی بیوہ پیر صاحب کے پاس تشریف لائیں اور فرمانے لگیں "کیوں نہ آبائی قبرستان کو تقسیم کر دیا جائے؟" (یہ قبرستان پیر صاحب کے تایا زاد بھائیوں کے دیوان خانہ کے مشرق میں ہے)

فرمایا "کیا مردے آپ کو خواب میں آتے ہیں کہ ان کی آپس میں لڑائی ہوتی رہتی ہے؟" بعد از قبرستان تقسیم نہ ہو سکا۔ اصل میں خاتون کا ارادہ تھا کہ اس کے حصہ کے قبرستان میں دکانیں تعمیر کر دی جائیں۔

ہاں تو بات ہو رہی تھی پیر صاحب کے تایا زاد بھائیوں کی صفدر شاہ اور فیروز شاہ صاحب نے شادی اس لیے نہ کی کہ تم خرچ ہوں۔ فیروز شاہ صاحب کا تکیہ کلام تھا "ناخواندہ" جب بھی کسی شخص کی بات ہوتی جو فیروز شاہ صاحب کو بھاتا نہ تھا۔ یا کسی سے گفتگو کے درمیان کوئی بات پسند نہ آتی تو فرماتے "چلو یہاں سے تم تو ناخواندہ ہو"

اس دور میں نوٹ وغیرہ تو نہ ہوا کرتے۔ اگر تھے بھی تو غالباً 10 روپے کی denomination میں۔ فیروز شاہ صاحب کے پاس جو پیسے جمع کرنے کے لیے ہوتے وہ میری نانی صاحبہ یا میری والدہ ماجدہ کو دیا کرتے تاکہ محفوظ رہیں۔ میں نے کئی بار

Marfat.com

[illegible] ایک دو دن کے بعد جمع شدہ رقم لے جایا کرتے اور گنتی کرنے کے بعد پھر واپس لوٹا دیتے۔

فیروز شاہ صاحب اپنے دیوان خانہ کے عقب میں شمال مغرب کی طرف ایک کمرہ میں رہا کرتے۔ دور دور تک زرعی زمینیں تھیں اب تو تا حد نظر آبادی ہی آبادی ہے۔ ان کے دیوان خانہ کے شمال مشرق میں جامن کے کئی سال پرانے درخت تھے۔ گرمیوں اور برسات کے موسم میں خوب جامن کھاتے چٹکیں چڑاتے۔ فیروز شاہ صاحب صبح سویرے اٹھ کر تلاوت قرآن پاک فرماتے پھر وظیفہ کرتے۔ وظیفہ کرنے کا عمل بچپن میں مجھے بڑا عجیب سا لگا۔ کونے آسمان کی طرف کیے پیٹھ پر بیٹھ جاتے پھر دونوں بازؤں کو ٹانگوں سے [illegible] پیٹ پر [illegible] کرتے۔ اچھی خاصی اونچی آواز میں کوئی خاص لمبا سا وظیفہ کرتے اور اپنے سر کو rhythm کے ساتھ الفاظ کی ادائیگی کے مطابق پیچھے آگے ہلاتے جاتے۔

پیر صاحب نے فیروز شاہ صاحب کا ایک انوکھا واقعہ سنایا۔ یاد رہے کہ فیروز شاہ صاحب "جھاڑی" گنجے تھے اور بالوں کی [illegible] مہندی رنگ چڑھا رہتے۔ کبھی بھی بالوں کا رنگ ایک جیسا نہ رہتا ملے جلے مہندی رنگے اور سفید بال۔ ایک دفعہ پیر صاحب فیروز شاہ صاحب اپنی جاگیر کا ؤں "یوسف" میں گئے ہوئے تھے۔ موسم گرما کے آخری ایام تھے رات کو سونے کے لیے مزارعین نے [illegible] دونوں بھائیوں کے لیے چارپائیاں گاؤں سے باہر کھلی فضا میں بچھا دیں۔ چاندنی رات تھی موسم ایسا تھا کہ [illegible] چادر اوڑھنے کی ضرورت محسوس ہوئی۔

پیر صاحب کی چارپائی شمالاً جنوباً تھی اور فیروز شاہ صاحب کی پیر صاحب کی چارپائی سے تھوڑے فاصلہ پر ذرا شمال مشرق کی طرف [illegible] آدھی رات ہوئی تو کتے کے بھونکنے کی آواز آئی پھر خاموشی۔ کچھ دیر تک یہ سلسلہ جاری رہا۔ کتے کے بھونکنے کی آواز [illegible] پیر صاحب نے مشرق کی طرف منہ کر کے دیکھا تو ایک کتا فیروز شاہ صاحب کے سرہانے سے کچھ ہٹ کر بیٹھا ہوا تھا۔ [illegible] چاندنی رات تھی اور فیروز شاہ صاحب کے سفید بالوں کی جھالر کا مہندی رنگ کچھ مدھم پڑ چکا تھا اور زیادہ بال سفید [illegible] تھے۔ چارپائی پر سفید تکیہ سرہانے کا غلاف بھی سفید اور اوڑھنے کے لیے چادر بھی سفید۔ فیروز شاہ صاحب نے جب [illegible] غرض سے [illegible] اپنے سر سے چادر ہٹائی تو ایک کم بخت کتے نے نہ جانے کیا سمجھا اور بھونکتا ہوا فیروز شاہ صاحب کی طرف بڑھا۔ فیروز شاہ صاحب نے جھٹ سے سر کو چادر میں چھپا لیا پھر اسی غرض کے لیے اٹھنا چاہا تو کتا بھونکنا شروع کر دیتا [illegible] خاموش ہو جاتا۔ [illegible] سر اور ارد گرد سفید اور مہندی لگے بال سر پر چاندنی کا [illegible] اور سفید چادر [illegible] تھا کہ بجائے اس کے [illegible] اور چلا جاتا الٹے سرہانے کے قریب ہی [illegible] بیٹھا رہا آخر کار پیر صاحب نے اٹھ کر [illegible] تو فیروز شاہ صاحب نے اپنا عمل پورا کیا۔

یہ زمانہ تھا کیا سیدھے سادھے لوگ تھے اور کیسے کیسے واقعات جن کو موجودہ دور میں تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔

ماتمی کا ڈبہ

[illegible] میں ایک صاحب جو "ماتمی کا ڈبہ" ہوا کرتے۔ ممکن ہے لفظ "کا ڈبہ" پڑھنے والوں پر گراں گزرا ہو لہٰذا اس کی وضاحت قرین قیاس ہے تاکہ قارئین پر پوری طرح روشن ہو جائیں۔ ان کی زندگی انکے چند زریں اصولوں کی مرہون منت اور فوائد [illegible] ان زریں اصولوں میں سے ایک اصول سرفہرست قابل توجہ ہے کہ ہر چیز مانگو، ہر وقت مانگو، اور ہر ایک سے مانگو۔ [illegible] جہاں کہیں موت واقع ہوئی خبر گیری انتہائی ضروری خیال کرتے۔ یہاں تک جیسے ہی ان کے کاروبار [illegible] کسی کی ناگہانی موت کا اعلان کرنے گزرا (لاؤڈ سپیکر تانگہ یا رکشا پر نصب ہوتا ہے) انہوں نے کام کاج چھوڑا اور [illegible] انداز میں چلا کر اعلان کرنے والے پر پہنچ گئے۔ فرماتے "ٹھہرو ٹھہرو۔ ایہہ کوئی طریقہ اے توں آہستہ آہستہ اعلان [illegible] بندیاں نوں مرن والے دے گھر دا پتہ لگ جاوے۔"

[illegible] جنازہ میں شمولیت کی زحمت کم اٹھائی ہو لیکن "اٹھالا" یعنی رسم قل میں شمولیت سے کسی طور نہ چوکتے بلکہ [illegible] صف میں بیٹھتے یا انتظامیہ میں شامل ہو جاتے قل شریف کے ختم کے بعد ابھی اہل خانہ یا لواحقین پھل اور دیگر اشیاء خوردنی تقسیم کر رہے

Marfat.com

ہوتے ہیں کہ وہ اچانک کہیں سے دسترخوان ہاتھ میں پکڑ لیتے ہیں اور لوگوں کی روانگی آؤ بھگت میں سرگرداں ہو جاتے "بھائی جان نہیں کھانا کھا کر جانا۔" اکثر اوقات دیکھا گیا ہے کہ یہ مختلف کھانوں سے ڈٹ کر انصاف کرتے ہیں اور ایسے ہی اوقات میں متعدد Shopping bags میں بچا کھچا کھانا سمیٹ کر لے جاتے ہیں کہ بوقت ضرورت اس کھانے سے بھی انصاف کرنا قانون فطرت میں قرین قیاس ہے۔ پھر انہی امور پر اکتفا نہ فرماتے بلکہ نہایت گرمجوشی سے لواحقین کو چالیسویں پر بھی اچھی قسم کے کھانوں اور مرغن غذاؤں کی اہمیت واضح کرتے ہوئے اپنے جان پہچان والے نائی کا حوالہ دینا بھی ضروری خیال کرتے ہیں۔ بالخصوص وقت کی پابندی کا احساس دلانے میں پیش پیش ہوتے ہیں اس سے پیشتر کہ لواحقین چالیسویں پر حاضری کا اعلان کریں۔ جناب از خود بلند آواز میں عوام الناس کو اعتماد میں لیتے ہوئے اعلان کر دیتے۔

ابھی تک جناب کے ایک پہلو سے روشناس ہوئے ہیں جبکہ یہ ہشت پہلو ہیں اور انکی تفصیلات بیان کی جائیں تو دفتر کے دفتر بھی کم پڑ جائیں۔ تاہم! ایک پہلو اور trailer کے طور پر ملاحظہ فرمائیے۔

سرکار اپنے سماجی کارکن ہونے پر بڑا فخر ہے۔ ادھر پیپلز پارٹی کے جھنڈے اٹھائے جا رہے ہیں۔ معاف کرنا جھنڈے گاڑتے نہیں بلکہ گھریلو استعمال میں لانے کے قائل ہیں۔ ادھر مسلم لیگ کے رہنماؤں کے گھروں میں ناشتہ وغیرہ کرنے و رزق حلال کی سعادت خیال کرتے ہیں۔ محرم میں اہل تشیع کے پہلو با پہلو ہوتے ہیں حالانکہ کبھی زندگی میں ماتم حسین اور صدقہ خیرات میں حصہ نہیں لیا دوسری طرف سنی حضرات کے ساتھ جہاں میلاد شریف ہو قریبی مسجد سے ایک ٹوپی اچک کر سر پر رکھ کر اگلی صفوں میں پہنچ جاتے غرضیکہ ان عوامل کا تعلق ضروری نہیں کہ اہل تشیع یا اہل سنت حضرات کی تخصیص پر عدم حاضری کا موجب بن سکتی ہے جہاں بھی کسی بھی مذہبی فرقے نے کھانے کا اہتمام کیا وہاں تک رسائی فرض اولین سمجھتے ہیں۔

کیا آپ کو کسی ایسی عادات کے مالک سے پالا پڑا ہے؟

Marfat.com

روشن قندیل

میرے بھائی انور کی زبانی

میرے والد نظام الدولہ صاحب کی وفات سے پہلے اور بعد ہم سب مل جل کر ایک ہی دیوان خانہ میں رہائش پذیر تھے یعنی چچی اماں (میری والدہ صاحبہ کو سب چھوٹے بڑے اسی نام سے پکارتے) نصیر آنٹی (زبیدہ خانم نصیر کی حقیقی ماں) آپا خالدہ (پیر صاحب کی [illegible] بیٹی) اماں جی (امتل صاحبہ پیر حکیم سید رشید الدولہ صاحب کی بیوی) عزیز الدولہ، بی بی جمشید، فرخ سعیدہ وغیرہ [illegible] پیر صاحب حضرت پیر سید رشید الدولہ کی شفقت آمیز سرپرستی میں زندگی بسر کر رہے تھے۔ سب کی ضروریات زندگی پیر صاحب ہی مہیا فرماتے۔ شاید اس طور جو خطوط اباجی مرحوم (پیر صاحب کو نصیر کی طرح میں ''اباجی'' ہی کہا کرتا) [illegible] میں رہنے کے دوران مجھے لکھتے۔ اختتام خطوط پر بقلم خود خادم پیر رشید الدولہ تحریر ہوتا۔ اکثر اوقات یہ الفاظ ضبط تحریر میں لاتے [illegible] انکساری کا اظہار ہوتا مگر ان الفاظ کے پس منظر انسانیت کی عظمت پنہاں تھی جسے میں نے تمام تر دور حیات میں محسوس کیا۔

میں چار سال کا تھا جب سر سے باپ کا سایہ اٹھ گیا۔ ان کے بعد میری ایک ننھی سی بہن نے جنم لیا لیکن چند ہی دنوں کے بعد ہی وہ اللہ کو پیاری ہو گئی۔ میری زندگی کا آغاز کچھ ایسی کیفیت میں ہوا کہ ایک طرف جواں سال ماں دوسری طرف باپ کے سایہ سے محروم۔ البتہ والدہ ماجدہ نے تمام تر توجہ میری طرف مبذول فرمائی۔ دوسری طرف پیر صاحب کی شفقت نے مرحوم باپ کے پیار کی کمی محسوس نہ ہونے دی۔ پرائمری سے یونیورسٹی تک تعلیمی سرگرمیوں کے دوران کسی طور پر بھی محسوس نہ ہوا کہ میں ایک یتیم بچہ تھا۔ میرے شب و روز اباجی مرحوم کی رفاقت میں جو گزرے ان کی ہر بات مجھے ذہن نشین ہے۔ بالخصوص ان کا discipline کہ دوپہر کا کھانا تمام اہل خانہ ایک دسترخوان پر تناول کریں اور سب سے پہلے استفسار فرماتے کہ والدہ ماجدہ کو کھانا دیا ہے کہ نہیں اگر نہیں دیا ہے تو مجھے دیتے۔ میں انہیں دے دیتا اور خود بھی [illegible] پیش فرماتے البتہ کھانا تقسیم کرنے کی ترغیب کبھی اماں جی (امتل صاحبہ) کبھی چچی اماں کی [illegible] تقسیم کرتیں۔ پیر صاحب کھانے کے دوران کی نشست کا سلسلہ پیش نظر رکھتے کبھی مجھے پوچھ لیتے ''پروین جی (نصیر الدولہ کو پروین الدولہ اور انور بھی کہا جاتا) تمیز رکھتے ہو تو نصیر نے کھانا کھایا ہے یا نہیں؟ پچیرا (نصیر الدولہ صاحب) کہاں گیا نظر نہیں آ رہا'' کیونکہ نصیر الدولہ کے لیے ہمیشہ علیحدہ پکوان ہوتا جس میں نمک کم استعمال میں لا کر نسبتاً امتیازی کھانا پکایا جاتا۔ بچپن ہی سے امتیازی سلوک سے مستفیض رہتے۔ اچھا لباس اچھا کھانا نفاست پسند اور اصول پرست واقع ہوئے۔ پرائمری (میٹرک تک گجرات میں تعلیم حاصل کی) سے [illegible] انگلینڈ Ph D کی ڈگری کے حصول تک امتیازی رواداری سے ہمکنار رہے۔ یہ تھا مرحوم رشید الدولہ کی وسعت قلب کا ایک پہلو۔ بلاشبہ ان کی تعلیم و تربیت کا نتیجہ ہے کہ پیر نصیر الدولہ صاحب نے [illegible] ویا میں ملازمت کے دوران جب میں نے بی اے کا امتحان پاس کیا تو ازاں بعد ایم اے (سوشل ورک) کے تمام اخراجات کیلئے رقومات بھیجنا استواری سے ضروری خیال کیا۔

پیر صاحب کی شفقت کے ضمن میں نصیر کی زندگی میں کئی ایک ایسے واقعات ہیں جن کا تذکرہ پیر صاحب کی عقیدت افزائی کے مترادف ہوگا کہ اس طرح انہوں نے اپنے بھانجے کی پرورش کی۔ پیر نصیر الدولہ کی پیر صاحب ہمیشہ ہر بات میں دوسروں پر ترجیح دینے میں پیش پیش رہے۔ نانی اماں (بے جی) اباجی کی والدہ ماجدہ بھی نصیر کو سب سے علیحدہ پیسے دیا کرتیں۔ ازاں بعد انگلینڈ میں

Marfat.com

پی۔ایچ۔ڈی کرنے کیلئے نصیر الدولہ صاحب نے شفیق ہستی ماموں پیر رشید الدولہ صاحب سے روبرو اظہار پسندیدگی کرتے ہوئے فرمایا: "آپ زبیدہ کے بیٹے یعنی میری جان سے پیاری بہن کے فرزند دلبند ہیں آپ کے لئے تو میری جان بھی حاضر ہے۔" اس ضمن میں نانی اماں کی سفارش بھی پر زور تھی صرف یہاں تک ہی اکتفا نہیں بلکہ نصیر کے انگلینڈ جانے کے بعد یاد فرماتے رہتے اور نانی اماں بڑی بیتابی کا اظہار فرمایا کرتیں۔

نصیر کا ہر کام مزاجی حیثیت کا حامل ہوتا۔ زندگی گزارنے کا انوکھا طرز عمل نمایاں تھا۔ خوش خوراک، خوش پوش اور اپنے وقت کے تقاضے اور ہر کام اصولی اسلوب کے ساتھ پایہ تکمیل تک پہنچانا۔ بالخصوص سکول کا کام خوش اسلوبی سے نبھاتا۔ مطالعے کے اتفاقی طور پر سرانجام دینا۔ ایک دفعہ سر کے بال بھنویں، مونچھیں داڑھی سب استرے سے منڈوا دیئے تاہم شفیق ماموں جان ان حرکات کو نظر انداز فرمایا کرتے۔ یہی ان کا شیوہ تھا۔

ہمارے گاؤں سے ایک دفعہ جب مزارعین اناج اونٹوں پر لاد کر لائے تو مویشیوں کے چارے کیلئے بھی دو قسم کے "تانڈے" ایک اونچے ٹیلے کی شکل میں ذخیرہ کرنے پر (نصیر الدولہ صاحب) ان پر میز کرسی رکھ کر براجمان ہوئے اور مزے سے گاجریں اور مولیاں کھاتے رہے۔ یہ ایک انوکھا مشغلہ تھا جس پر پیر رشید الدولہ صاحب پر زور قہقہہ زن ہوئے اور فرمایا "دیکھو میرا بیٹا کیسے عجیب حرکات و سکنات کا حامل ہے۔" یہ طرز عمل بھی ان کے مشفق مزاج کا ایک پہلو تھا۔

مزنگ لاہور میں ایک مکان کرایہ پر لیا گیا جہاں نصیر، بچن پیر اور فرخ جمشید کی رہائش کیلئے بندوبست پیر صاحب نے اہتمام کیا۔ بچن پیر اور فرخ جمشید حبیبیہ کالج میں زیر تعلیم تھے جبکہ نصیر نے اسلامیہ کالج ریلوے روڈ لاہور میں بھی مرد سے رہتے تھے کا ہے بگاہے مذکورہ مکان میں بھی رات بسر کرتا۔ ان فرائض کی انجام دہی کیلئے پیر صاحب کی کاوش قابل ستائش تھی اور روز مرہ کی ضروریات کا خیال نا قابل فراموش طرز عمل تھا۔ حتیٰ کہ جن افراد کو تعلیمی معاملات کے تقاضوں کے باعث گھر سے باہر رہنا ہوتا ان کیلئے سامان خورد و نوش اور پارچات وغیرہ دونوں کے کر پہنچ جاتے اور ان عوامل و عبادت (حقوق العباد) کے زمرے میں خیال فرماتے اور تمام طلبا یکسوئی سے درس و تدریس کا سلسلہ استواری سے جاری و ساری رکھتے۔ ہمیشہ نمایاں نمبروں سے امتحانات سے عہدہ برآ ہوتے۔ نصیر الدولہ گورنمنٹ کالج لاہور سے M.Sc میں اول آنے پر پنجاب یونیورسٹی Gold medal کا اعزاز ملا۔

ہاں تو بات میری زندگی کے متعلق ہو رہی تھی۔ پیر صاحب نے اپنے بھتیجی کی۔ مجھے بھی نصیر کی طرح شفقت سے نوازا اور مجھے بھی پنجاب یونیورسٹی سوشل ورک میں داخلہ دلوایا۔ پیر صاحب کی ہشت پہلو شخصیت سے متعلق جتنا بھی تحریر میں لایا جائے کم ہے۔ جنوری 1982 کے دوران میں (نصر الدولہ) ویز ویا یونیورسٹی سے ایک سال کی Sabatical leave پر پاکستان آیا جہاں میں پروفیسر تھا۔ پنجاب یونیورسٹی میں تحقیق کرنے کیلئے آیا ہوا تھا۔ قانون کے مطابق یونیورسٹی ایک سال کیلئے دنیا میں کسی بھی یونیورسٹی یا انسٹیٹیوٹ میں کام کرنے کی اجازت دیتی ہے۔ یونیورسٹی سال بھر کیلئے تنخواہ، کرایہ اور رہائشی اخراجات وغیرہ کی مراعات سے نوازتی ہے۔ البتہ اس دفعہ میں کافی عرصے بعد پاکستان میں آیا تھا۔ میری تمام جائیداد کے مختار عام پیر صاحب نے جب میں یہاں پہنچا تو ہدایت فرمائی: "چند ایک زمین کے ٹکڑے جو بہاولپور شہر کی آبادی میں آ گئے تھے لہذا وہ فروخت کر دیئے ہیں اس کی رقم بنا بینک میں محفوظ ہے اسے آپ جہاں چاہیں تصرف میں لا سکتے ہیں لیکن جو تیرے ماموں نے یہ سکتا ہے کہ اس دیوان خانہ (جس میں ہم مقیم تھے) کا نصف حصہ آپ کے لیے ہیں اور نصف حصہ بچن پیر کیلئے مختص کر دیں۔ وہ دیوان خانہ والا حصہ بچن پیر کے تصرف میں رہے تاکہ اپنا حصہ کا کام چلاتا رہے۔" اس ترغیب کے دوران آبدیدہ ہو گئے اور رقت انگیز لہجے میں فرمایا: "آپ میرے بڑے بھائی کے بیٹے ہیں وہ آپ کو ازروئے وصیت میرے حوالے کر گئے تھے۔ میں آپ سے جدائی نہیں کر سکتا۔" اور دفعتاً اٹھ کر اندر تشریف لے گئے۔ ایک ریٹائرڈ مکان سے باہر احاطہ میں آ گئے اور رسی کی مدد سے مکان کے سامنے والے حصے کے برابر دو حصوں کی نشاندہی کرنے سے مشخص فرمایا جبکہ مکان کے سامنے والے حصے میں دو مغرب کی طرف دوکانات واقع تھیں۔ ازاں بعد فرمانے لگے: "ان دوکانوں کو مسمار کر کے یہاں مزید تین دوکانیں سامنے والے حصے میں تعمیر کروا لیں۔ علاوہ ازیں چار دوکانیں گلی میں بنوا لیں اور باقی حصہ رہائش کیلئے مختص کر دیں تاکہ جب پردیس سے واپسی ہو تو یہاں قیام پذیر ہونے میں سہولت رہے اور تمام دوکانات کرایہ پر دے دینا۔" ان تمام

Marfat.com

پر عمل درآمد کیلئے فی الفور آپ نے قابل اعتبار مستری بلوا لئے اور دوکانوں کی نشاندہی کے بعد نقشہ نویسی کی ہدایات جاری فرما دیں۔ بلکہ از خود نقشہ بنوا کر میونسپل کمیٹی کے دفتر سے منظور کروانے کیلئے بھجوا دیا۔ فرمانے لگے "پاکستان میں آپ کو معلوم نہیں ہر کام کیلئے کوشاں رہنا از بس ضروری ہے جس کے آپ عادی نہیں یہاں کسی کو بھی ادھار رقومات دینے سے گریزاں رہیں کیونکہ یہاں لوگ اکثر اوقات ادھار لیکر واپس کرنا ضروری نہیں سمجھتے۔"

نشاندہی کے عمل کے ساتھ ہی مطلوبہ کھدائی شروع ہوگئی اور حسب ضرورت میٹریل کیلئے مجھے مناسب رقم تفویض فرماتے رہے۔ اسطرح تعمیرات کا سلسلہ پایہ تکمیل کو پہنچا۔ دوکانات کی تعمیرات کے بعد بالائی منزل کا کام شروع ہوگیا جہاں دو کمرے، ایک باتھ روم، ایک باورچی خانہ وغیرہ نقشہ کے عین مطابق تعمیر کروایا گیا۔ ابھی پلستر وغیرہ کا کام باقی تھا اور ایک سال کے بعد میری ویزہ ویلا واپسی میں چند روز باقی تھی البتہ میری غیر موجودگی میں پیر صاحب نے دوکانات کرایہ پر دیدیں اور باقاعدہ دوکانداروں سے کرایہ نامہ بھی میرے نام تحریر کروا کر رکھ دیا۔ بنک میں میرے ہی نام اکاونٹ کھلوایا گیا یہ سب عوامل آپ کے کردار کی عظمت کی دلالت کرتے تھے۔ بھائی کی وصیت کے مطابق فرائض منصبی سے سرخرو ہوگئے اور وعدہ وفا کرنے میں پیش پیش رہے جبکہ میری تعلیم ایم اے تک مکمل کروائی۔ میری شادی خانہ آبادی کا اہتمام کیا اور میری جائیداد کے تحفظ سے مجھے ممنون فرمایا۔ حتیٰ کہ مجھے کبھی ادراک نہ ہوا کہ میں ایک یتیم بچہ ہوں اور نہ ہی کبھی مجھے اس اندوہناک امر کا احساس تک ہونے دیا۔

حضرت پیر سید رشید الدولہ صاحب کے لئے ماں کا بلند ترین مقام تھا جیسا کہ میں نے اپنی زندگی میں دیکھا ہے۔ مطب کی آمدنی من و عن والدہ ماجدہ کی جھولی میں ڈالنے کے عادی تھے۔ پھر حسب ضرورت نانی صاحبہ سے مانگ لیتے۔ دوسرے اہلخانہ کو بھی اسی تقلید کی تلقین فرمایا کرتے کہ بے جی سے حسب ضرورت مانگ لیا کریں۔ اس کے علاوہ دن میں متعدد بار انکی خوشنودی کیلئے مطب چھوڑ کر باتیں کرتے رہتے۔ کبھی کبھی بے جی غصہ کا اظہار کرتے تھے تو ہمیشہ فرمایا کرتیں "رشید ادھر آؤ۔ میرے لئے ابھی تم بچے ہو یہ ایسا ہی معمول ہے۔" ویسے بھی بے جی قدرے سخت مزاج کی واقع ہوئی تھیں۔ غالباً جوانی کے دور میں بیوگی کے اثرات طبیعت پر غالب آ گئے تھے جن کی وجہ سے مصائب کا سامنا کرنا پڑا ہوگا۔ انہی نامساعد حالات کی چھاپ نے انہیں سخت طبیعت بنا دیا۔

بے جی کی عمر کے آخری حصہ میں کولہے کی ہڈی ٹوٹ گئی جسکی وجہ سے چلنے پھرنے سے معذور تھیں البتہ پیر صاحب ہمیشہ تیمارداری میں مصروف رہتے۔ مستری بلال (قریبی دوست جو ترکھان کا کام کرتے) سے لکڑی کی مصنوعی ٹانگیں بنوائی گئیں جو کہ بے جی کی معذوری کے پیش نظر استعمال میں لانے کی ترغیب دی گئی تھی۔ ایسا کرنے کے بعد بے جی جلدی طبیعت ہونے کی وجہ سے انہوں نے یہ لکڑی کی ٹانگیں توڑ دیں۔ اس پر بھی پیر صاحب صبر و استقلال کا پیکر بنے رہتے، بس یہی کہا کرتے "بے جی نہ کریں۔ ہائے میری ماں تھوڑا صبر کریں سب ٹھیک ہو جائے گا۔" اس پر طرہ یہ کہ آپ ماں جی کے گندے لباس خود ہی دھوتے۔ اکثر فرمایا کرتے، "یہ میری ماں ہے یہ میرا ہی فرض ہے۔ ممکن ہے کوئی دوسرا ان عوامل سے کراہت محسوس کرے۔" یہ ان کے کردار کے روشن پہلو تھے کہ کسی کیلئے مفید ہونا ہی مقصد تشخص انسانی ہے۔ ماں باپ کیلئے اولاد کیلئے بہن بھائیوں کیلئے بھاوج کیلئے یتیم بھتیجے بیٹے بھانجے کیلئے غرضیکہ تمام بنی نوع انسان کیلئے مفید ہونا انسانیت کی معراج ہے۔

ایک سال مجھے ایک ویزہ ویلا سے واپس چھٹیاں گزارنے کیلئے گجرات، پاکستان آنے کا اتفاق ہوا۔ ایک روز پیر صاحب نے انور اور عبید الرحمان (ضمیمہ 197) کو اپنے اکلوتے بیٹے عزیز الدولہ جسے عام طور پر چن پیر کے نام سے پکارا جاتا ہے، کی موجودگی میں بلایا اور فرمانے لگے "عبید صاحب پروین (انور کا دوسرا نام) میرے بڑے بھائی حافظ صاحب کا اکلوتا بیٹا ہے حافظ صاحب مرحوم کی شکل میری آنکھوں کے سامنے ہے میرا اپنا بیٹا جس نے لاہور طبیہ کالج سے زبدۃ الحکمہ کی ڈگری حاصل کی ہوئی ہے جہاں بھی بیٹھ جائے مریضوں کے علاج معالجے سے اپنا اچھا خاصا گزارا کرسکتا ہے اور پروین تو بس ویزہ ویلا میں ملازمت ہی کر رہا ہے جب ریٹائر ہوکر پاکستان واپس آئے گا تو اس کی اپنی علیحدہ رہائش ہونی چاہیئے اور ساتھ ہی یہاں بھی معقول آمدنی کا ذریعہ ضروری ہے لہذا میں آپکو فیصلہ کئے دیتا ہوں اس دیوان خانہ کو شمالاً جنوباً الگ الگ کر کے تقسیم کر دیا جائے تاکہ مشرق کا حصہ میرے بیٹے کی ملکیت میں آ جائے اور مغرب کا حصہ پروین کو مل جائے۔"

Marfat.com

ایسا ہی ہوا میں نے دوسرے روز ہی کنسٹرکشن میٹریل خریدا مزدوروں اور کاریگروں کو کام پر لگایا اس طرح چار دوکانیں جنوب کی طرف برلب سڑک اور چار دوکانیں مغرب میں گلی کی طرف اور اوپر رہائش کیلئے کمرے تیار ہونے شروع ہو گئے۔ دوکانیں تو مکمل طور پر تیار ہو گئیں مگر اوپر والی رہائش گاہ کا صرف ڈھانچہ ہی کھڑا ہوا کیونکہ میں نے واپس اپنی نوکری پر ویز ویلا چلا جانا تھا۔ دوکانوں کا کرایہ باقاعدہ کرایہ نامہ کی روح سے پیر صاحب وصول کرتے اور میرے کے حساب میں سامنے یونائیٹڈ بنک کی برانچ میں جمع کراتے رہتے۔ جو واپس پاکستان آنے تک 78.000 کی رقم تھی۔ میں تو واپس چلا گیا مگر جانے کے بعد پیر صاحب پر قیامت کے پہاڑ ٹوٹ پڑے جن کا ذکر نصیر کی کتاب جدید کرامت نامہ ایک مرد قلندر کی داستان حیات (1996 ناشر پبلشرز شاہدولہ روڈ گجرات x+288 pp) میں رقم کیا جا چکا ہے۔

چند سالوں کے بعد راقم پھر گجرات لوٹا مگر پیر صاحب کے فرزند ارجمند چن پیر نے صاف صاف انکار کر دیا کہ تمہارا اس پر کوئی حق نہیں۔ میں نے ہمارے ایک کامن دوست ڈاکٹر اعجاز حسین مرحوم کو مختار نامہ دیکر مقدمہ بازی شروع کر دی۔ میں شکستہ دل ہو کر واپس ویز ویلا چلا گیا۔ کیا زمانہ ہے ایک دادے کی اولاد دو سگے بھائیوں کے بیٹے ایک بھائی کے بیٹے نے دوسرے بھائی کو جائیداد دینے سے انکار کر دیا۔

اب دیوان خانہ کی تقسیم کا مرحلہ درپیش تھا مگر اسی دوران چن پیر صاحب بھی قضائے الٰہی سے اس جہان فانی سے کوچ کر گئے تو ہم اب ان کے برخوردار (شاہی) سے رابطہ ہوا انہوں نے بھی سمجھوتا کرنے میں پس و پیش شروع کر دی۔ چونکہ دیوان خانہ میں پیر صاحب کی بیٹیوں کا بھی قانونی لحاظ سے حصہ بنتا تھا۔ جب وہ بھی اپنا حصہ لیتی ہیں تو شاہی کے حصہ میں صرف ۱/۸ حصہ رہ جاتا ہے جو بہت کم تھا اس صورت حال کے پیش نظر تینوں ہمشیرگان نے اپنا اپنا حصہ بھی شاہی کو دیدیا تاکہ وہ آرام سے رہ سکے۔ اس پر فیصلہ کیا گیا کہ ان تینوں بہنوں کو راقم والے حصہ میں شامل کر دیں تاکہ شاہی (چن پیر کے بیٹے) سکون سے رہ لے اور انہیں اپنا حصہ راقم سے طلب نہیں کرنا پڑے گا کیونکہ انہیں جیتے جی تو شکر کرنا تھا لہذا اسی فیصلہ کی بناء پر زندگی بسر کرنی شروع کر دی گئی۔

"اسے کہتے ہیں حقوق العباد"

1988 میں فرخ کے ساتھ نصیر الدولہ ویز ویلا سے ریٹائر ہو کر پاکستان لوٹا کیونکہ کینیڈا نہیں جانا چاہتا تھا نہایت افسوس کے ساتھ اعلان کیا جاتا کہ اپنی ذات میں بند ہو کر اسلام آباد، لاہور یا کراچی پہنچ رہی ہے۔ نصیر نے اپنے ہم زلف ڈاکٹر صادق حسین نقوی کے ہاں رہائش اختیار کر لی جو کہ ان دنوں مصطفیٰ آباد میانی لاہور سے کوئی چالیس میل دور میڈیکل آفیسر متعین تھے۔ مقدمہ بازی کے سلسلہ میں نصیر گجرات آتا جاتا رہا۔ کبھی اپنے شہر میں اور اپنے دوست چوہدری یار محمد لاہوری کے فیصل ہوٹل میں رہائش اختیار کرتا۔ کاؤ را ٹیو فیصل سینما میں ڈرائیوروں کے کمرے میں رات بسر کرتا جبکہ وہ دن رات حق والے کو حق دلانے کی کوشش میں مصروف رہتا۔ یار احباب کئی مشورہ دیتے "کس کی آگ میں کیوں جلتے ہو" مگر نصیر تھا کہ حضرت پیر رشید الدولہ کی خواہش کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے پر تلا ہوا تھا۔ ایک وقت یہ تھا کہ گجرات کی روح کی رو تاریکیاں جگمگا پڑتیں۔ آخر کار اپنے ارادے میں کامیاب ہو گیا اور جائیداد دو حصوں میں پیر صاحب کی خواہش کے مطابق اور نصیر کی کاوشوں سے جس کی بنیاد انہوں نے خود رکھی تھی تقسیم کر دی۔

یہاں پر میں (نصیر) اور کی داستان میں تھوڑا سا اضافہ ضروری سمجھتا ہوں۔۔۔ ایک عالیشان حویلی شاہدولہ روڈ پر پختہ طور سے تعمیر کر دی۔ حالات نے پلٹا کھایا اور اسی جگہ پر جہاں میں پیدا ہوا جہاں میری شادی ہوئی اور جہاں سے میرے مرنے کے بعد پیر صاحب کی خواہش تھی کہ یہاں سے ہی آخری سفر شروع کیا جائے، نکالنے کی کوششیں شروع ہو گئیں۔ پہلے تو میں ڈاکٹر اعجاز صاحب میں میرے متعلق غلط الزام بازی نے مجھے بدنام کر دیا۔ میرا بھتیجا ذکا الدولہ اور ایک خدا ترس ملازمہ جوان لڑکی غزالہ میرا ڈرائیور اعجاز اور میں تقریباً چوبیس گھنٹے بیوی کی دیکھ بھال میں مصروف رہتے۔ کیونکہ وہ ایک لاعلاج بیماری Alzheimer's میں مبتلا ہے یار احباب کی محفل جو کہ ہر شام منعقد ہوا کرتی ان کی موجودگی میں میری تذلیل ناقابل برداشت ہوئی لہذا 22 جون 2001 کو میرے ایک دوست شاہد مرزا جسے میں پیار سے مسٹر شاہد پکارتا ہوں کی وساطت سے اس کی رہائش کے قریب انجمن کالونی میں ایک کوٹھی لی اور اپنی بیمار بیوی خدا متّہ ذکر غزالہ کے ہمراہ پرانی حویلی کو خیر آباد کہہ کر شفٹ ہو گیا ہوں۔

Marfat.com

میری زندگی کا motto "Do good, expect evil." ہمیشہ ناشکرگزار زمانے کی ترجمانی کرتا ہے۔

راقم (پروین الدولہ) بے جی "وڈی بانگ" کے وقت اٹھنے کی عادی تھیں۔ نماز پڑھنے کے بعد تلاوت قرآن پاک کرتیں پھر پنجابی کتابیں مثلاً ہیر رانجھا، یوسف زلیخا، لیلیٰ مجنوں، ہیر وارث شاہ، لیکن خاص طور پر میاں صاحب کا کلام سیف الملوک بڑے درد کے ساتھ پڑھتیں اور ترنم کے ساتھ پڑھتیں اور زار و قطار رونے لگتیں۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ کئی بار میں نے انہیں میاں صاحب کا یہ مصرعہ پڑھتے ہوئے سنا:

"شام پئی بن شام محمد گھر جاندی نے ڈرنا"

اور

"جے تیرا جے پانی منگے سوہنیاں دے تھیراں
بن کے داتوں ول ہوویں تے درد پرانے چھیراں"

بی بی جی فرخ شاہد جی بھی میاں صاحب کا کلام ترنم کے ساتھ سنانے کو کہا کرتیں۔

جب Civil and Military Gazette پڑھا کرتا تو فرماتیں "اید ہے وچ کی لکھیا ہویا اے" میرے خیال میں بے مثال کا مطلب کسی دوسری زبان میں لکھے ہوئے کلام کو سمجھانا ہے۔ میں جب سمجھانے کی کوشش کرتا تو آپ سمجھ جاتیں اور فرماتیں "چنگا تو پڑھدے جاؤ"۔ مقام حیرت ہے کہ سو سال سے زیادہ عمر پانے کے باوجود بھی بینائی ٹھیک تھی۔

جب نسیم کی شادی ہوئی تو ایک دن میں فرخ کو اپنے Suede کے جوتے برش کرنے کو کہہ رہا تھا تو بے جی نے دیکھ لیا اور فرمانے لگیں "فرخ نوں ایہہ کم نہ کریں، تینوں اینیں بالکل نوکر بنا لینا ای۔"

آخری عمر میں جب بستر علالت پر تھیں تو incontinence کی وجہ سے بستر خراب ہو جایا کرتا پیر صاحب کسی کو اجازت نہ دیتے کہ غلاظت کو صاف کرے بلکہ یہ کام خود کیا کرتے۔ جب بے جی الٹیاں کرتیں تو پیر صاحب دونوں ہاتھوں کا کپ بنائے ہوئے ہوتے اور فرماتے "بسم اللہ بے جی یہاں کریں۔"

ایک اور بات قابل ذکر ہے کہ پیر صاحب اپنی والدہ ماجدہ کو نہانے کیلئے بستر سے اٹھا کر خود باتھ روم میں لے جاتے اور دروازہ بند کرتے تاکہ حبس نہ ہو جائے۔ دروازے پر ایک چادر تان دیا کرتے جس کا ایک کونہ خود پکڑتے اور دوسرا کونہ اپنی بیگم یا کسی دوسری عورت کو پکڑا دیتے۔ ملازمہ کا یہ کام تھا کہ وہ گرمیوں کے موسم میں نلکے کا تازہ پانی اور سردیوں کے موسم میں گرم پانی پہنچا دیتی۔ پیر صاحب کی صاحبزادیاں اندر والدہ کو نہلاتیں۔ یہ اس لئے تاکہ ملازمہ کراہت نہ کریں اور دوسرا انہیں تخت پر بٹھا دیں۔ بے جی اپنا کام خود کرنے کی عادی تھیں اگرچہ بڑھاپے کا بار زیادہ ہوتا گیا مگر اس کے باوجود گرمیوں کے موسم میں اپنی چارپائی خود اٹھا کر سیڑھیاں چڑھتے ہوئے اوپر لے جایا کرتے اور اسی طرح سو کر اٹھنے کے بعد نیچے لے آتے۔

حکیم پیر سید رشید الدولہ صاحب کے دیوان خانہ میں بیری کا ایک درخت استادہ تھا۔ شبیر صاحب نے جو کہ لوہے کا کام کرتے ہیں اب تک بقید حیات ہیں اور دیوان خانہ کے قریب رہائش پذیر ہیں، نے کپڑے دھلے ہوئے سکھانے کیلئے رسی باندھنے کیلئے بیری کے درخت میں کیل گاڑ دیا۔ جب پیر صاحب کو معلوم ہوا تو زار و قطار گریہ کناں ہو گئے اور رقت انگیز لہجہ میں فرمایا:

"آپ نے یہ کیا ستم ڈھا دیا ہے؟"

شبیر صاحب نے کیل بیری میں سے نکال دیا مگر پیر صاحب کافی عرصہ تک دل گرفتہ اور آزردہ خاطر رہے۔ میں اکثر دیکھتا تھا کہ پیر صاحب پریشان اور اضمحلال حالات میں اکثر اوقات "بیری" کے تنے سے سہارا لیا کرتے اور پہروں کھڑے رہتے تاہم پوچھنے کی جسارت نہ تھی۔

کافی سالوں کے بعد پتہ چلا کہ بیری آپ کے بڑے بھائی حافظ پیر سید امین الدولہ نے دست مبارک سے لگائی تھی اور اب یہ شفیق بھائی دنیا میں موجود نہ تھے جب غمزدہ حالات میں اپنے اس بھائی کے لگائے ہوئے درخت کا سہارا لیتے اور غالباً انہیں اس درخت میں اپنے بھائی کا سہارا محسوس ہوتا۔

Marfat.com

چار سال قبل اس مکان کو وسعت دینے کے لئے اس کی وجہ صاحب مرحوم کی معذرت سے ساتھ دے دیا گیا۔

ایک بار حافظ جی نے چیمہ صاحب سے کہا کہ کیوں نہ ہم جدی جائیداد تقسیم کر لیں؟ چیمہ صاحب نے نہایت خندہ پیشانی سے جواب دیا کہ بھائی جان میرے پاس تو علم و فن کی وافر جائیداد ہے اور میرے لئے یہی کافی ہے لہٰذا جدی جائیداد آپ ساری کی ساری سنبھالیں اور مجھے خوشی خوشی رخصت کر دیں۔ میں یہ آپ کے حوالے کر کے جا رہا ہوں۔ یہ بات سن کر حافظ جی ان سے لپٹ کر رونے لگے اور کہنے لگے، "بھائی جان میں آپ کو ہرگز نہ جانے دوں گا۔ آپ کو پہلے بھی ایک بڑا آدمی سمجھتا تھا لیکن یقین ہو گیا کہ آپ واقعی عظیم انسان ہیں۔"

لالہ عبدالحمید بٹ صاحب

لالہ عبدالحمید بٹ صاحب (لالہ جی یا لالہ حمید پہلوان حمید اکیڈمی) کے والد کریم بخش "ڈوپوالے" کی آڑھت کی دکان پرانی منڈی میں تھی۔ نہایت شریف النفس انسان۔ چیمہ صاحب کے حکیمانہ اور درویشانہ طرز عمل کے عقیدت مند اور دوست تھے۔ ان کے اہل خانہ کے چھوٹے بڑے کی ضروریات چیمہ صاحب کے ہاں سے ہی پوری ہوتی تھیں۔ حتیٰ کہ یہ معاملات میں مثلاً شادی بیاہ اور دیگر کاروباری پر بھی چیمہ صاحب کے مشورے و ترجیح دیتے۔ کریم بخش صاحب کی وفات کے بعد بھی تعلقات استواری سے چلتے رہے۔ چار فرزند ارجمند سب سے بڑے عبدالمجید بٹ، عبدالرشید بٹ، عبدالحمید بٹ، عبدالوحید بٹ چیمہ صاحب کا اپنے والد جیسا احترام کرتے۔

لالہ جی جماعت پنجم کی نکھی اولاد ہونے کا پچار رکھتے تھے۔ اچھی خوراک اور تن سازی کے دلدادہ تھے۔ پونچھ میں راجپوت کی کارکردگی کے معاملات میں اثر و رسوخ کے حامل تھے۔ اسی طرح پہلوان ہونے کے ناطے اندرون لاہور کے تمام پہلوانوں سے پروقار اور محترم تھے۔ انور اور راقم کے ساتھ ان کا امتیازی برتاؤ تھا۔ تعلیمی سرگرمیوں کی غیر نوعیت سے غرض نہ تھی۔ البتہ کے اڈے سے بی اے کر کے میں لاہور سے جماعت تک pass پر غور کرتے۔ ان دنوں راقم (انور) پنجاب یونیورسٹی لاہور سے ایم اے سوشل ورک کر رہا تھا اور اکثر اوقات اسی سلسلے میں اسلامیہ ہسپتال جس کا ایم اے کے فیلڈ ورک مضمون تھا۔ مینٹیم ہسپتال میں آنا جانا تھا۔ اسلامیہ ہسپتال سے آکر بس میں اچھرہ جیسے جا رہا تھا کہ عجیب اتفاق ہوا۔ بس میں سوار ہوتے وقت اس نے three-piece suit زیب تن کیا ہوا اور کوٹ کی جیب میں بٹوا تھا جس میں 150 روپے اور یونیورسٹی کارڈ بھی موجود تھا۔ بس کی بھیڑ میں فٹ پاتھ کے قریب سیٹوں کے درمیان والی جگہ میں کھڑا ہو گیا کہ ایک پستہ قد آدمی کھڑا تھا۔ جب بس وامنڈی کے چوک سے گزری تو دفعتاً مجھے محسوس ہوا جیسے اس پستہ قد آدمی نے ہوا کی سی آگے کھڑا تھا کی جیب سے کوئی چیز نکالی ہو۔ اس ہنگامی سبب پر دیکھا نہایت سرعت سے مذکورہ آدمی بس سے اتر گیا۔ اسی اثنا میں جیب ٹٹولی تو بٹوا غائب پایا۔ اور بھی بس میں سے پیچھے اتر گیا۔ لیکن وہ مشکوک شخص کہیں نظر نہ آیا۔ اب دو لالہ جی کے اڈے پر جانے کی ضرورت محسوس کر رہا تھا مگر دوقدم بھی نہ ٹکے کیونکہ کرایہ دینے کے لیے بھی اب کے پاس پیسے نہیں تھے۔ فوراً بذریعہ رکشہ لالہ جی کے پاس پہنچا۔ لالہ جی سے رقم لے کر رکشہ والے کو ادا کی اور کہا، "لالہ جی میرا بٹوہ کسی نے اڑا لیا ہے۔"

انہوں نے فوراً پوچھا، "کس مقام پر بٹوہ غائب ہوا تھا؟"

"وامنڈی چوک میں۔"

"تمہارا کہیں نہیں بٹوہ مل جائے گا۔" انہوں نے نہایت اطمینان سے کہا۔

"عجیب بات ہے کیسے مل جائے گا؟" اس کے بعد انہوں نے فوراً ٹیلیفون پر کسی سے رابطہ کیا اور کہا، "لالہ جی بول رہے تھے۔ میرے محترم چیمہ صاحب کے بیٹے کا بٹوہ وامنڈی میں گم ہوا ہے فوراً پتہ کرو کس نے چرایا اور جس نے بھی چرایا ہے فوراً میرے پاس لے کر آؤ۔" ان باتوں سے انور کی حیرانگی دیدنی تھی کہ کس قدر گہری جڑیں ہوں گے۔ ان کی ترغیب دیتے رہتے ہیں کہ بٹوہ دوبارہ کس نے اڑایا تھا۔ اس نے لالہ جی سے نہایت معصومیت سے کہا، "لالہ جی اگر میں وامنڈی جانا چاہتا ہوں تو اس پستہ قد چور کو دیکھوں جو میرے آگے کھڑا تھا۔" اس سے یہی پوچھنا ہے کہ کس طرح چابک دستی سے اس نے میرا بٹوہ اچک لیا ہے۔" اسے اشتیاق

Marfat.com

تھی کہ وہ منظم گروہ کس طرح پیشہ ورانہ طرز عمل سے کام کرتا ہے۔ تھوڑی دیر میں یٰسین نامی آدمی کی Phone call آئی اور auricular انور نے اٹھایا پھر لالہ جی کے ہاتھ میں تھما دیا۔

لالہ جی گویا ہوئے: ''پیر صاحب وہاں آنا چاہتے ہیں اور بٹوہ اڑانے والے کا چہرہ دیکھنے کے خواہشمند ہیں۔'' لہذا فوری طور پر وہ دونوں تانگے میں بیٹھ کر گوالمنڈی کی کسی گلی میں پہنچ گئے۔ وہاں بڑی سی چارپائی جس کے پائے کافی بڑے تھے جہاں ایک وقت میں کم از کم دس آدمیوں کے بیٹھنے کی گنجائش تھی اس پر صرف ایک ہی صاحب تشریف فرما تھے۔ لالہ جی نے یہ کہہ کر تعارف کروایا: ''یہ یٰسین پہلوان ہیں۔'' ان کو دیکھ کر اسے خوف محسوس ہوا کیونکہ وہ غیر معمولی قد کاٹھ کے ہیبتناک اور مضبوط جسم کے حامل تھے۔ انہوں نے عزت سے کرسیاں منگوائیں اور وہ دونوں بیٹھ گئے۔ تھوڑی دیر بعد کافی بٹوے منگوا لئے گئے تاکہ وہ اپنا بٹوہ شناخت کر سکے۔ اس نے اپنا بٹوہ پہچان لیا اور اشارۃً کہا: ''یہ ہے میرا بٹوہ'' جسمیں اسکی رقم اور کارڈ من وعن موجود تھے۔ ازاں بعد اس نے کہا کہ اس آدمی کو دیکھنا چاہتا ہے۔ لہذا وہ اسکے سامنے لایا گیا۔ اس نے بڑی رسانیت سے پوچھا کہ کس طرح ہاتھ کی صفائی دکھائی تو اس نے نہایت تفصیل سے اپنی کارکردگی بیان کی۔ بہر حال اس واقعہ نے اسے متاثر کیا اور وہ سوچ رہا تھا کہ جرائم کی دنیا کسقدر منظم ہوتی ہے اور لالہ جی کے اثر و رسوخ کا قائل ہونا پڑا۔

اسی طرح رشید بٹ صاحب بھی کمال کے انسان تھے۔ ریلوے میں ملازم ہونے کیوجہ سے سرکاری بنگلے میں ٹھاٹھ سے رہائش پذیر تھے۔ ہر خاص و عام کا کام بے لوث کرتے۔ تیسرے بھائی وحید بٹ صاحب جو ڈپو چلاتے۔ ڈپو کے معاملات کم اور اپنے دوست احباب کی خدمت میں زیادہ مصروف رہتے۔

انور کی وینزویلا روانگی

راقم (انور) نے جب یونیورسٹی سے Social Works میں M.A کی ڈگری حاصل کی، تو 2 سال کی ملازمت کے بعد وینزویلا جانے کا پروگرام بنایا مگر پیر صاحب ہمیشہ وطن سے دور نہ جانے کی تلقین فرمایا کرتے اور پھر پند و نصائح کا دفتر کھل جاتا۔ فرماتے: ''آپ کو باہر جانے کی ضرورت نہیں کیونکہ آپ صاحب جائیداد ہیں آپکے پاس اسقدر روپیہ پیسہ کی ریل پیل ہے کہ آرام سے زندگی بسر ہو سکتی ہے۔ ملک سے باہر جانے والوں کیلئے بہت پریشانیاں ہیں جب بچے جوان ہونگے تو پھر آنکی واپسی مشکل ہو جائیگی۔ علاوہ ازیں جن عزیز و اقارب کو یہاں چھوڑ کر جائیں گے۔ وہ جدائی کے صدمے سے اس دارفانی سے کوچ کر جائیں گے۔ یہ ایک ایسی خلش ہے کہ کبھی راحت چین نصیب نہ ہوگا۔ نصیر اور بیٹی فرخ پہلے ہی میری آنکھوں سے دور جا چکے ہیں۔'' مگر ان کی فہمائش ترغیب کے باوجود وینزویلا جانیکا مصمم ارادہ کر لیا البتہ روانگی سے پہلے انور نے پیر صاحب سے عرض کی: ''میرے ساتھ کچہری چلیں۔''

فرمایا: ''کیوں؟''

''میں نے مختار نامہ آپکو دینے کا فیصلہ کر لیا ہے تاکہ میری غیر موجودگی میں کوئی ضرورت نہ پیش آجائے!''

انہوں نے انکار کر دیا مگر بعد میں اسکے عزائم کے آگے سپر ڈال دی۔ آبدیدہ ہوگئے اور رقت انگیز لہجہ میں فرمایا: ''یہ آپ نے کیا کر دیا مجھے مختار عام بنا دیا۔ کس طرح یہ بوجھ اٹھا سکونگا۔ مجھ سے کوئی کوتاہی سرزد نہ ہو جائے۔''

انور نے اپنی خواہش کے مطابق پیر صاحب کو اپنی جائیداد کا مختار عام بنا دیا لیکن جو پیر صاحب کا فرض تھا وہ انہوں نے ادا کر دیا۔ اسکی غیر موجودگی میں اسکے جملہ حقوق کی حفاظت کرتے رہے۔

1987 میں پیر نصیر الدولہ صاحب وینزویلا سے پچیس سال کی سروس کے بعد ریٹائر ہو کر 1988 میں فرخ جمشید کے ساتھ گجرات واپس لوٹ آئے اور راقم کے بتائے ہوئے نامکمل کمروں کو مکمل کر کے رہائش اختیار کی۔ ازاں بعد آہستہ آہستہ پیر نصیر الدولہ صاحب نے اپنی بیگم کی خواہش کے مطابق مکان کے خالی حصہ میں شمال کی طرف سب سے پہلے مجالس عزا کی نیت سے ایک ہال کمرہ بنوایا۔ ازاں بعد منقسم دیوار کے ساتھ تین کمرے نیچے اور تین کمرے بالائی منزل پر بھی بنوا لئے۔ اب یہ مکان ایک مکمل رہائش گاہ کی صورت میں تعمیر شدہ ہے۔

Marfat.com

میرے خیال کے مطابق یہ سب پیر صاحب (رشید الدولہ) ہی کی صحبت اور قربت کا اثر ہے کہ انہوں نے پیر نصیر الدولہ صاحب کو بھی ورثہ میں مفید کردار کا مزاج بنا دیا۔ دیگر عزیز و اقارب اور عام لوگوں کے مفاد میں بے لوث طرز عمل اختیار کیا جاتا ہے۔ یہی بزرگوارم کی عظمت تھی کہ دیگر افراد خانہ میں سرایت کرتی چلی گئی لہذا پیر نصیر الدولہ صاحب نے جس احسن طرز عمل سے اپنے فرائض کی انجام دہی کی وہ راقم کے لیے قابل ستائش ہے۔

وینزویلا میں رہائش کے دوران نصیر الدولہ اور راقم نے پچیس سال اکٹھے گزارے اور ایک ہی یونیورسٹی میں ملازمت کی۔ راقم نصیر نے وینزویلا سے ٹکٹ اور ویزا بھیجا لہذا راقم 17 ستمبر 1968 کو وینزویلا پہنچ گیا اور اپنی اہلیہ بی بی (فرخ جمشید) کے ساتھ یہیں رہائش پذیر رہا ہے۔ شروعات میں دونوں (نصیر، بی بی) نے راقم کی Spanish زبان سیکھنے میں خاطر خواہ مدد کی۔ بی بی اپنی Mercedes میں ڈرائیور کی سیٹ پر بیٹھتی اور میں ساتھ والی سیٹ پر۔ ایک فلنگ سٹیشن پر جو کہ یونیورسٹی سے قریب ہی تھا ہفتہ یا اتوار کی صبح کو مجھے ساتھ لے جایا کرتی اور اس نے مجھے Spanish زبان سکھانے کیلئے عجیب و غریب طریقے اختیار کیے۔ مثال کے طور پر، بی بی اپنی کار کو فلنگ سٹیشن کے ریسٹورینٹ کے سامنے پارک کر دیتی اور میرے ہاتھ میں پیسے تھما کر کہتی: "اندر جاؤ اور جا کر کہو *Un vaso de leche, por favor* (مہربانی کر کے مجھے دودھ کا ایک ڈبہ دو) اور اس سے پوچھنا کتنی رقم ہے؟ باقی change واپس لے آنا۔"

میں ابھی کاؤنٹر تک پہنچتا ہی تو بھول جاتا کہ بی بی نے مجھے دودھ کا ڈبہ لینے کیلئے کیا سکھایا تھا اور بی بی سے پوچھنے کیلئے واپس لوٹتا۔ اس نے یہ بھی کہا کہ جب رقم کیلئے پوچھو تو کہنا "*Cuanto es*" میں تو یہ الفاظ بالکل ہی بھول جاتا لہذا پیسے اس کے ہاتھ میں تھما کر جتنا بھی اس نے change دیا واپس لے آتا۔

نصیر الدولہ صاحب Biology Department میں Parasitology کے پروفیسر تھے۔ ان کی کلاس میں بہت سے سٹوڈنٹس آتے جن سے میل ملاپ کی وجہ سے راقم کو Spanish سیکھنے میں کافی مدد ملی۔ ان طالب علموں میں سے ایک لڑکی Josefina Silva اور دو لڑکے Marco Tulio اور Amado Acunia قابل ذکر ہیں جنہوں نے خاص طور پر Spanish زبان سیکھنے میں ہمیشہ راقم کی مدد کی۔ علاوہ ازیں گھر میں بی بی راقم کی مدد کرتی رہیں۔ وہ راقم سے ہمیشہ Spanish زبان میں ہی بات چیت کرتیں جس سے لفظوں کے pronunciation میں مدد ملتی رہی۔ گھر میں ہر قسم کی سہولت میسر تھی۔ بی بی نے سگے بھائی بہنوں جیسا سلوک روا رکھا۔ کھانا راقم اور نصیر کی حسب خواہش پکتا۔ ہفتے کے دن گھر میں کوئی نہ کوئی پارٹی ہوا کرتی جس سے راقم کو مزید contacts بڑھانے میں مدد ملتی رہی جوں جوں مختلف لوگوں سے ملتا رہا۔ بتدریج Spanish زبان بولنے کی صلاحیت فزوں تر ہوتی چلی گئی۔

ڈاکٹر نصیر چونکہ نہایت ذہین ریسرچ ورکر تھے جنہیں ملکی سطح پر پذیرائی ملی تھی اس لیے چاہنے والے لوگوں کی کثیر تعداد ملتی رہتی۔ ویسے بھی ڈاکٹر نصیر یونیورسٹی میں UDO-70 (ضمیمہ 198) کے بہت سرگرم رکن تھے جس کی بدولت بڑے بڑے لیڈروں سے میل میلاپ تھا لہذا مجموعی طور پر غیر معمولی شہرت اور عزت کی حامل شخصیت کے طور پر جانے پہچانے جاتے۔ راقم نے خود وہاں سے استفادہ کرتے ہوئے ایک فہرست تیار کی تاکہ بوقت ضرورت کام آئے۔ جب زبان سمجھنے کی صلاحیت میں خاطر خواہ اضافہ ہوا اور اعتماد ہو گیا تو ملازمت کیلئے تگ و دو کرنے لگا چنانچہ Caracas (وینزویلا کا دارالخلافہ) میں ڈاکٹر نصیر کی کوشش سے ہی ملازمت ملی۔ بلا شبہ موجودہ ملازمت یعنی کہ بعد میں جب راقم پروفیسر کے عہدے پر اسی یونیورسٹی Universidad de Oriente میں تعینات ہونے کے بعد ریٹائر ہوا اور یہ status پیر نصیر صاحب کا ہی مرہون منت ہے۔

چند ماہ تک وہاں کام کرنے کے بعد ایک اور شہر Puerto la Cruz کے کالج میں حیثیت پروفیسر تعیناتی ہو گئی جس میں Social Works کی classes دینی قرار پائی تھیں۔ راقم کو بخوبی یاد ہے کہ اپنی زندگی کی پہلی کلاس تھی جس میں 64 لڑکیاں تھیں۔ ایک روز پہلے کلاس کی خوب دلجمعی اور یکسوئی کے ساتھ تیاری کی تھی بطریق احسن اور نہایت خوش اسلوبی سے کلاس لی۔ ان لڑکیوں نے ایسے سوالات کئے جو شروعات میں تو سمجھنے میں دقت کا سامنا ہوا البتہ ان کی وجہ سے تقویت ملی اور اپنے پروفیشن و

Marfat.com

شروع کر دیا۔ یہاں سے راقم کے پروفیشن کی ابتداء ہوئی۔ ازاں بعد دنوں، ہفتوں، مہینوں میں اچھی خاصی زبان دانی میں مہارت حاصل کر لی۔

بالآخر 16 فروری 1972 میں Universidad de Oriente کے Social Works Department، شہر Cumana میں ملازمت مل گئی۔ بالخصوص ان صاحب کردار لوگوں (نصیر اور بی بی) کے تعاون سے وضع دار اور پروقار تعیناتی بہ عزت میں زندگی کا خوشگوار ماحول میسر آیا۔ چونکہ ڈاکٹر نصیر کے ایک قابل پروفیسر ہونے کی وجہ سے یونیورسٹی اتھارٹی کے ساتھ بہت اچھے تعلقات استوار تھے اس وقت کے Rector Fossi سے ڈاکٹر نصیر کے دوستانہ تعلقات تھے۔ ان لوگوں کی گاہے بگاہے مختلف پارٹیوں میں نصیر سے ملاقات ہوتی اور بار بار ان دوست احباب سے نصیر کا یہی تقاضا رہا کہ اسکے بھائی انور (نصر الدولہ) کو Social Works کے شعبہ میں پروفیسر کی job دے دی جائے۔ بالآخر کوشش بسیار کے بعد مذکورہ بالا job مل ہی گئی۔ یونیورسٹی کے کیمپس جہاں ہم نصیر اور میں پروفیسر تھے، وہ Nucleo de Sucre شہر Cumaná ہے۔ اس کا ڈائریکٹر ڈاکٹر Atanacio Alegre ڈاکٹر نصیر کے قریبی دوستوں میں سے تھا۔ ان تمام لوگوں سے گاہے بگاہے مختلف پارٹیوں میں ڈاکٹر نصیر کی وساطت سے ملاقات ہوتی رہتی تھی۔

دوسری جانب دونوں سروس میں تھے بی بی کی زندگی کا آغاز ہونے پر دونوں بھائی ایک ہی وقت پر ملازمت کے سلسلے میں گھر سے باہر ہوتے اور چونکہ بی بی کو ہمیشہ اکیلے رہنے کی عادت کا عادی ہونا پڑا۔ 1972 کے اوائل میں راقم کی بیگم فرخ سعیدہ (بی بی کی چھوٹی بہن) اپنی شادی کے بعد میں ساتھ بی بی کی تنہائی دور کرنے کے لیے وینزویلا پہنچ گئے۔ ان کے ہمراہ چھوٹی بی بی فرخ جمشید بچوں میں مشغول ہو گئے ہیں۔ گھر میں بچوں کی موجودگی بڑوں کی مصروفیت کا باعث بن جاتی ہے۔ وینزویلا کے رسم و رواج کے مطابق یہاں کی بڑی دھوم دھام ہوتی ہے جب کا انعقاد متوقع ہوتا ہے۔ سال کے شروعات میں ہر طرف رنگا رنگ پروگرام کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ نئے سال کی خوشی میں مقامی عوام اپنے لباس فاخرہ میں ملبوس ہو کر عزیز و اقارب اور دوست احباب کے یہاں تہوار منایا کرتے۔ رنگین محافل میں شمولیت کر کے لطف اندوز ہوتے۔ بالخصوص Carnaval کے موقع میں مختلف بہروپ بھیس بدل ماسک پہن کر عجیب پری چہرہ ماسک سے لیس ہو کر گھومتے پھرتے اور بچوں کی دلچسپی میں مشغول ہو جاتے۔ اس طور ہم سب کی توجہ بچوں پر مبذول رہتی۔

متعلقہ یونیورسٹی میں ہر چار سال بعد Rector, Vice-rectors کیلئے الیکشن برپا ہوتے ہیں۔ 1975 میں جب الیکشن ہوئے تو یونیورسٹی کی تمام اتھارٹی کے لیے گروپ کے لوگوں کی جیت ہوئی۔ Dr Pedro Cabello Poleo (Rector)، Dr. Hugo Sanches Medina (Vice-rector Academico) سیکرٹری Ramon Buonafina اور Vice-rector Administrativo ہماری ہی پارٹی کے رکن تھے اور ڈاکٹر نصیر کے ان تمام ارباب کے ساتھ دوستانہ مراسم استوار تھے اور ہمارے گھر اکثر پارٹیوں میں ان کا آنا جانا تھا۔ ڈاکٹر صادق، راقم اور نصیر کا ہم زلف جس کے ساتھ سب سے چھوٹی بیٹی کی شادی ہوئی ہے۔ Dr. Medina کو ڈاکٹر نصیر نے ڈاکٹر صادق کے سب حالات بتائے۔ اسی ضمن میں ڈاکٹر نصیر نے Rector کو بھی متعدد بار Visa مراحل طے کر کے نومبر 1975 چچی اماں ڈاکٹر صادق اور ان کے بچے ہاشم، مینا اور چھوٹو (حسن اکبر بیگ مرحوم میجر حسن بیگ کا لڑکا) سب وینزویلا پہنچ گئے۔ انتہائی کوشش کے باوجود ڈاکٹر صادق نے Spanish زبان کے چند ایک الفاظ بھی نہ سیکھے حالانکہ اس کی نوکری کیلئے اس کی بہت ضرورت تھی۔ تقریباً ایک سال بعد ڈاکٹر صادق اور اس کے بیوی بچے واپس پاکستان لوٹ آئے۔

اتفاق سے پرانہ بیٹی کی سالگرہ بھی اسی مہینے میں تھی۔ (11 نومبر 1972) اس سالگرہ کے چھ دن پہلے پاکستان سے یہ سب لوگ Cumana پہنچ گئے۔ سالگرہ کے موقع پر روایتی انداز میں اس بار بھی بہت سے لوگ مدعو تھے جس میں یونیورسٹی کی اعلیٰ شخصیات اور دیگر لوگ بھی تھے۔ اس موقع پر Venezuela کے دستور کے مطابق شراب نوشی اور ڈانس ایک معمولی عمل ہے جو ہر محفل میں یہی ہوتا رہا۔ تھوڑی دیر بعد دیکھنے میں آیا کہ ہمارے پاکستان سے آئے ہوئے سب مہمان باہر سمندر کے

Marfat.com

کنارے پر چلے گئے تھے۔ یہ مکان جس میں سالگرہ کا جشن ہو رہا تھا یونیورسٹی قبل ازیں ہم لوگ یونیورسٹی کے مکانوں میں قیام پذیر تھے جو کہ ایک پہاڑی Cerro del Medio پر یونیورسٹی کیمپس کی پہاڑی Cerro Colorado کے قریب واقع تھے۔ ان مکانات کی تفصیل ڈاکٹر نصیر کی کتاب Faceless Enemy اور زیر نظر کتاب میں بھی کی اور دی گئی ہے۔ ایک مدت سے میں ڈاکٹر نصیر وہیں قیام پذیر تھے اور دوسرے گھر میں راقم۔ یونیورسٹی کے پروگرام کے مطابق ان سب مکانوں کو Administrative offices میں تبدیل کرنا تھا۔ تمام رہائشوں کو نقل مکانی کے نوٹس مل چکے تھے۔ وہ سب لوگ مکان خالی کر دیں لہٰذا مکان چھوڑنا پڑا۔ یہ محل نما پانچ بڑے کمروں پر مشتمل، ایک بڑا صحن، ایک وسیع چمن ہمارے خیال میں سب سے اچھے اور جو مہمان پاکستان سے آئے تھے وہ بھی بہت خوش۔

ہاں! تو سالگرہ کی رات پاکستان سے آئے ہوئے مہمان، پارٹی کو چھوڑ کر سمندر کے کنارے چلے گئے اور پارٹی رات کے دو تین بجے تک پرجوش انداز میں چلتی رہی۔ بعد میں معلوم ہوا کہ ہمارے پاکستان سے آمدہ مہمانوں کو یہ سب ہنگامہ پرجوش جشن اچھا نہیں لگا لیکن آہستہ آہستہ انہیں معلوم ہو گیا کہ اس ملک میں پاکستان سے مختلف رسم و رواج ہیں یہاں تک کہ ایک دفعہ راقم کا ایک دوست Lugo Granado جو وزارت کا سیکرٹری تھا، ملنے کے لئے ہمارے گھر آیا تو راقم نے تعارف کرایا یہ میری بیگم ہیں تو اس نے مصافحہ کے لئے ہاتھ بڑھایا۔ "آپ سے مل کر مجھے بہت خوشی ہوئی" جس پر بیگم صاحبہ نے فوراً کہا یہاں دستور شروع کر دیں۔ "اب آپ بھی غیر مردوں سے ہاتھ ملانے پڑتے ہیں۔"

اس پر راقم اپنے دوست سے کہا "اپنی زبان میں کہہ رہی ہیں کہ مجھے بھی آپ سے مل کر بہت خوشی ہوئی ہے کہ آپ میرے دوست ہیں۔" اندر سے بیگم صاحبہ وہاں کی معاشرتی زندگی سے نالاں تھیں۔ چونکہ بچوں سے انہیں بے پناہ پیار تھا۔ نازیہ اور نادیہ جیسے ننھے منے پیارے بچے تھے۔ جن سے بیگم صاحبہ کا دل لگا ہوا تھا۔ تمام دن ان سے باتیں کرنے میں گزارتے تھے۔ اس طرح دن، ہفتے اور مہینوں سال گزر گئے۔ اسی اثنا میں ہمارے ساتھ عجیب و غریب واقعات پیش آنا شروع ہو گئے۔ یونیورسٹی کا نام Universidad de Oriente جو کہ 1960 میں قائم ہوئی سب سے پہلا کیمپس Nucleo de Sucre (Sucre صوبہ Cumaná شہر) وینزویلا کے صدر Dr. Romulo Betancourt نے بعد میں ایک commission کے ذریعے Multiversity میں تبدیل کر دیا اور وینزویلا کے مشرقی صوبوں میں چار اور campuses قائم کئے۔

یونیورسٹی کے Rectorado Administrative Offices شہر Cumaná میں تھے اور یہ سب سے پہلا یونیورسٹی کا کیمپس ہے۔ دوسرے campuses کا نام Nucleo de Anzoategui، Nucleo de Monagas اور Nucleo de Nueva Esparata ہیں۔ سب سے پہلا Rector جو Dr. Luis Manual Penialver ڈاکٹر نصیر کا دوست ہے۔ 1962 میں جب ڈاکٹر نصیر نے یونیورسٹی کے کیمپس Cumaná میں ملازمت کا آغاز کیا تو ان کا مقصد یہی تھا کہ اپنی ریسرچ لیبارٹری قائم کی جائے۔ شروعات میں تو classes دیتے رہے لیکن ساتھ ساتھ اپنی ریسرچ لیبارٹری بھی قائم کرنی شروع کر دی۔ آہستہ آہستہ کوئی ایک سال میں اپنی ریسرچ کا کام بھی شروع کر دیا۔

یہ بات قابل ذکر بات ہے کہ جنوبی امریکہ میں طرز معاشرت چونکہ مختلف اور عجیب نوعیت کی ہے یہاں کے لوگ care-free واقع ہوئے ہیں۔ اول تو ان میں کام کی عادت کا سامنا ہوا۔ کسی خاص نوعیت کا کام کرنے کے لئے بعض اوقات سال ہا سال بھی لگ جاتے ہیں۔ جہاں بھی کام کے لئے کسی دفتر میں جائیں یہی جواب ملے گا "ماننیانا" یعنی کل۔ Spanish میں ایک لفظ ہے maniana یعنی کل) کوئی جلدی تو ہے نہیں۔ لیکن ڈاکٹر نصیر جیسے ریسرچ کا ایک شوق ہر حال میں پورا کرنے کا عزم ارادہ کئے بیٹھے تھے۔ یہاں سے ریسرچ کا زیادہ نمایاں پہلو ہے کہ ان کا ... جب ... Scientific research paper ... ان کا ایک اچھے سائنسدان کی حیثیت کا لوہا منوایا۔ journals کے علاوہ دیگر ممالک کے journals میں بھی پبلش ہوتے۔ ان کی تحقیق کے مقالے امریکہ، انگلینڈ، برطانیہ، جرمنی، سپین، اسرائیل وغیرہ تک International journals میں ان کا نام آتا ہے۔

1964 میں ایک دفعہ وینزویلا کا پریذیڈنٹ Dr. Romulo Betancourt شہر Cumana میں ... آئے

Marfat.com

آیا تو ہوٹل Cumanagoto میں ایک پارٹی کا انعقاد ہوا۔ ڈاکٹر پیر نصیر کے علاوہ شہر کے کئی اور شرفا بھی اس پارٹی میں شریک تھے۔ Dr. Betancourt نے اظہار کیا "یہاں ایک سائنس دان جس کا نام ڈاکٹر پیر نصیر الدولہ ہے اُس کو پیش کیا جائے" اس پر سب ... حیرت میں رہ گئے۔ پریذیڈنٹ کیسے پیر نصیر کو جانتا ہے پیر نصیر کو اطلاع دی گئی تو پریذیڈنٹ نے اسٹیج پر بلایا اور گلے سے لگا کر پوچھا "کیسے ہو۔ سب کام ٹھیک چل رہا ہے؟"

Dr. Betancourt کے دائیں ہاتھ پر پٹی بندھی ہوئی تھی۔ ڈاکٹر صاحب نے امریکہ کے سفیر اور چند ایک دوسری شخصیات سے جو dais پر موجود تھیں نصیر کا تعارف کرایا۔ نصیر نے ڈاکٹر صاحب سے پوچھا کہ آپ کے ہاتھ کو کیا ہوا؟

انہوں نے جواب دیا کہ وہ Maracay (وینزویلا کا ایک شہر) میں ائرفورس کی نمائش میں گئے ہوئے تھے تو دہشت گرد communist نے ان پر حملہ کر دیا جس سے ان کا ہاتھ زخمی ہو گیا۔

بعد میں معلوم ہوا کہ پیر نصیر کی شناسائی Dr. Betancourt سے لنڈن میں Hyde Park کے Speakers Corner سے شروع ہوئی جہاں Dr. Betancourt ملک سے جلاوطنی کے زمانے اپنے ملک وینزویلا میں democracy ... کی حمایت ... تقریر کرتے تو پیر نصیر بھی اس سامعین میں شامل ہوا کرتا۔ اس کے علاوہ ڈاکٹر پیر نصیر پبلسٹی کی ... انہیں معلوم ہوا کہ یہ وہی شخص ہے جو کہ ان سے Hyde Park لنڈن میں بہت زیادہ سوالات کرتا تھا اور ویسے بھی ڈاکٹر نصیر ... ان کی پارٹی Accion Democratica (A.D) سے شروع ہوئی تھیں جس کی تشکیل Dr Betancourt نے دی اور اسی پارٹی کی ایک شاخ UDO- 70 یونیورسٹی میں سرگرم تھی اور ڈاکٹر نصیر اسکے رکن تھے۔ اس میں ... نصیر کا ایک ... شخصیت کی حیثیت سے خاص مقام تھا جب بھی الیکشن ہوئے جو کہ ہر چار سال کے بعد ہوا کرتے ہیں ڈاکٹر نصیر نے ... UDO- 70 کی جیت ہوئی۔

یونیورسٹی کی ... UDO- 70 ہوا کرتی ہیں جو یونیورسٹی کا نظام چلاتی ہیں۔ آہستہ آہستہ وقت گزرنے کے ساتھ ... مشرقی علاقہ میں ہر ایک Province (State) میں یونیورسٹی نے ایک کیمپس بنا دیا۔ اس سے یونیورسٹی کی حیثیت ... ہو گئی لہذا اس یونیورسٹی نے ایک علیحدہ شعبہ بنا دیا جو کہ Vice-rector Academico کے تحت کام کرتا ہے۔ ... نصیر ایک اچھے سائنسدان تھے اس لئے ان کو Consejo Cientifico یعنی Scientific Council کا Executive Secretary متعین کر دیا گیا لہذا چار سال تک وہاں کام کرتے رہے۔ 1984 تک سیاست کی ... سے مستفید ہوتے رہے چونکہ سیاست ایک کھیل ہے جسمیں ہار جیت ممکن ہے لہذا نصیر جس آدمی Dr. Alberto Ochoa کے ساتھ کام کر رہے تھے مخلص ہونے کی وجہ سے Dr. Ochoa کی دوستی کا دم بھرتے۔ وہ Vice-rector Academico (UDO-70) کی بغاوت کا مرتکب ہوا جس کیلئے نصیر کو بھی اپنے گروپ کیطرف سے بغاوت کی سزا ملی۔ انہیں UDO-70 سے خارج ہونے کا سامنا کرنا پڑا۔

اس کے بعد Dr. Andres Pastrana نے Rector کا الیکشن جیت لیا جو ان کا دوست زیادہ اور سیاسی ساتھی کم تھا۔ اس نے ... ان ... میں شامل کر لیا اور UDO-70 میں بھی ان کو شمولیت کی دعوت جو انہوں نے قبول کر لی لہذا 1985 انہیں یونیورسٹی کی Libraries کا Coordinator مقرر کیا گیا۔ اسی Post پر کام کرتے ہوئے ستمبر 1987 میں ریٹائر ہوئے اور راقم (انور) کو ان کے بعد یہی Post دی گئی۔

وینزویلا میں زلزلہ

ان دنوں راقم (انور) یونیورسٹی سے فارغ ہو چکا تھا کیونکہ اپنی ریٹائرمنٹ کے پچیس سال پورے کر چکا تھا۔ اپنے ضروری کاغذات جو بنک اور سوشل سیکورٹی کے دفتر میں تھے۔ لینے کے لیے 19 جولائی 1997 کے دن صبح Banco Primogenita میں گیا وہاں سے کاغذات لے کر سوشل سیکورٹی کے دفتر جمع کرا دیئے جائیں۔ بنک منیجر کے سیکرٹری نے کہا کہ تین بجے آ کر کاغذات

لے جائیں کیونکہ آج صاحب دفتر میں موجود نہیں۔ حسب وعدہ دن کے تین بجے اپنی گاڑی بنک کی پارکنگ میں کھڑی کر کے بنک میں داخل ہوا۔ وہاں سے کاغذات کے حصول کے بعد میں Pharmacy سے ٹوتھ برش لینے کیلئے گیا۔ یہ Pharmacy بنک سے پچاس گز کے فاصلے پر Calle Marinio واقع ہے۔ وہاں تک رسائی میں راقم کو تین منٹ لگے کیونکہ پیدل چلنے والوں کا رش بہت ہجوم تھا جونہی دکان کے اندر داخل ہوا۔ وہاں کافی لوگ موجود تھے چونکہ راقم دوکاندار کو جانتا تھا، دور سے ہی کہا کہ بائیں ہاتھ والے فریم میں برش موجود ہے ایک عدد دے دیں تاکہ میں جلدی چلا جاؤں۔"

اسی اثناء میں زمین کی لغزش کا احساس ہوا۔ Pharmacy میں چند عورتیں بھی موجود تھیں جنہوں نے آہ و زاری شروع کر دی۔ راقم نے فوراً بلند آواز میں کہا کہ یہ زلزلہ کا جھٹکا ہے سب لوگ باہر نکل کر نیچے بیٹھ جائیں۔ اس صورت حال کے پیش نظر چند لوگ بیٹھ گئے جبکہ چند لوگوں نے دوڑ بھاگ شروع کر دی اور اس دوران میں گلی میں کاریں بھی گزر رہی تھیں۔ جو زمین کے جھٹکوں سے ایک دوسری گاڑیوں سے ٹکرا رہی تھیں۔ جب راقم نے دکان کے سامنے بجلی کے کھمبے کی طرف دیکھا تو وہ بالکل دوہرے ہو رہے تھے اور بجلی کی تاریں بریدہ حالت میں تھیں۔

راقم بھی گھبراہٹ کے عالم میں بنک کی طرف لپکا جہاں آپ نے اپنی گاڑی پارک کی ہوئی تھی لیکن اس افراتفری کے عالم میں تمام لوگ باہر نکل کر چیخ و پکار کر رہے تھے۔ بالخصوص عورتیں کہہ رہی تھیں "ہائے میرا بچہ سکول میں ہے میرا بھائی بازار گیا ہوا ہے وغیرہ وغیرہ۔" غرض کہ ہر کوئی مضطرب اپنے اپنے رشتہ داروں کو روتا ہوا نظر آ رہا تھا مگر راقم یہ سب نظارہ باہوش و حواس دیکھ رہا تھا۔ بنک سے کچھ دور ایک سات منزلہ عمارت جس کے اوپر بیمہ کمپنی کا ایک بورڈ چسپاں تھا اسی نام سے یہ بلڈنگ مشہور تھی یکلخت شور اٹھا کہ وہ پوری کی پوری عمارت زمین بوس ہو گئی ہے جس کے ملبہ میں بہت سے لوگ دب گئے ہیں۔ علاوہ ازیں دیگر عمارات کو بھی نقصان پہنچا۔

زندگی میں پہلی دفعہ راقم نے زلزلہ کا سامنا کیا تھا۔ ایسے میں اپنی کیفیت کچھ عجیب سی تھی۔ اسی مضطرب صورت حال میں اسے اچانک یاد آیا کہ اعظمہ (میرے بیٹے شازی کی بیوی) Avenida Bermudez میں ایک پرائیویٹ سکول میں پڑھاتی ہے۔ یہ یاد آتے ہی راقم نے بنک کی پارکنگ میں سے اپنی گاڑی نکالی اور نہایت سرعت سے مذکورہ سکول کی طرف روانہ ہو گیا۔ اب زمین کی لرزش تھم چکی تھی جونہی وہ سکول کے گیٹ پر پہنچا تو وہ انتظار کر رہی تھی۔ اسے گاڑی میں بٹھایا اور اپنے گھر کی طرف روانہ ہوا۔

ہر طرف ایک عجیب بے چینی اور نفسانفسی کا عالم تھا بمشکل چھ گھنٹے میں اپنے گھر Quinta Porzana پہنچے۔ جب گھر میں وارد ہوئے پر دیکھا تو ایک قیامت کا منظر تھا۔ لائبریری میں سب شیلف نیچے گرے ہوئے تھے جبکہ ایک الماری جس میں تجربات سے متعلق اشیاء تھیں تہہ و بالا ہو چکی تھیں۔ اس کے بعد Caracas میں موجود بیوی بچوں کو مطلع کیا گیا کہ میں بالکل خیریت و عافیت سے ہوں اور Caracas میں زلزلہ آیا ہے یا نہیں؟ اپنی خیریت سے فوراً آگاہ کریں۔

بعد میں معلوم ہوا کہ زلزلہ کا epicentre کا Cumana شہر کے قریب ایک گاؤں Cariaco میں تھا جس کی وجہ سے بہت جانی و مالی نقصان ہوا۔ مزید تین صد افراد مختلف عمارات کے ملبے تلے دب کر مر گئے۔ سکول کی عمارات کو زیادہ نقصان پہنچا تھا۔ یہ زلزلہ Richter سکیل پر 7 تھا بہت زیادہ تباہی کا موجب بنا بہت سے لوگ وہاں پہنچ چکے تھے۔ International T.V کے لوگ بھی وہاں پر موجود تھے یہاں تک کہ وینزویلا کا پریذیڈنٹ Dr. Rafael Caldera بھی وہاں پہنچ گیا اور International TV Channel پر Cariaco کے دردناک منظر دو مہینے تک دکھاتے رہے۔

پیر صاحب کی مصری علماء کے وفد سے گفتگو

1948 کا ذکر ہے الازہر یونیورسٹی مصر سے ایک علماء کا وفد پاکستان دورے پر آیا جو چار علماء اور ایک interpreter اور دو سرکاری نمائندوں پر مشتمل تھا۔ شاہدولہ روڈ پر حضرت حکیم پیر سید رشید الدولہ صاحب کے مطب میں تشریف لائے (یہ وفد پاکستان کے مختلف شہروں میں علماء دین سے تبادلہ خیالات کرتا) پیر صاحب حسب معمول مریضوں کو ادویات دے رہے تھے۔ علاوہ ازیں دیگر ملاقات کے متمنی بھی مطب میں موجود تھے۔ وفد کے صاحبان عربی تو جانتے مگر اردو اور پنجابی زبانوں سے نابلد۔ حکومت نے ان سے

Marfat.com

نسیم ہدایت۔

ساتھ ایک ترجمان کی خدمات ساتھ باہم پہنچا دی تھیں جو عربی زبان کا ترجمہ اردو، پنجابی زبانوں میں کرتا اور پھر جواب سن کر عربی زبان میں وفد کے اراکین کے گوش گزار کر دیتا۔

وفد میں سے ایک صاحب نے ترجمان کی وساطت سے مختلف سوالات کئے جو مندرجہ ذیل طرز پر تھے" رسول پاک ﷺ کی شان اور مذہبی امور کے متعلق قرآن پاک سے قبل تین صحیفوں مثلاً توریت، زبور اور انجیل میں رسالت مآب ﷺ سرورِ کائنات و فخر موجودات کی شان میں اور قرآن پاک کی فضیلت میں بشارت اظہر من الشمس ہے۔ صرف قرآن پاک کو ہی مسلمان کیوں اللہ تعالیٰ کی کتاب مانتے ہیں؟ اور پھر انہی احکامات پر عمل پیرا ہیں جو قرآن پاک کی رو سے صادر فرمائے گئے ہیں جبکہ دیگر تین کتب بھی الہامی ہیں"

پیر صاحب کی عادت تھی کہ خاموشی سے سنتے رہے اور ساتھ ساتھ مریضوں کو بھی فارغ کرتے رہے جب سوالات ختم ہوئے تو پیر صاحب نے بجائے ترجمان کے خود انہیں عربی زبان میں ہی سوالات کے جوابات دیئے۔ ترجمان حیرت زدہ رہ گیا کہ ہم ویرانوں میں ایسی تعلیم یافتہ ہستی ہے جو زبان دانی میں انہیں بھی مات دے گئے ہیں۔

جب کوئی نیا قانون نافذ ہوتا ہے تو مرحبہ قوانین وضرورت کے مطابق بعض اوقات بالکل ہی کالعدم قرار دے دیتا ہے۔ تمام سابقہ آسمانی کتب سے قانون نافذ کرتا ہے۔ یعنی قرآن پاک اللہ تعالیٰ کا آخری پیغام اور نبی پاک ﷺ آخری پیغمبر ہیں جن کے اعزاز سے مسلمانوں کیلئے نوازے گئے ہیں یعنی قرآن پاک مکمل ضابطہ حیات کا داعی اور قرآن پاک میں نہ صرف پچھلی خدائی صحیفوں پر ایمان لانے کی ترغیب دی گئی ہے بلکہ حضور والا شان رسالت مآب ﷺ سے پہلے اللہ تعالیٰ کی طرف سے پیغمبروں پر بھی ایمان لانے کی ہدایات شامل ہیں۔

کافی دیر تک مذہبی امور پر گفتگو راقم کی موجودگی میں ہوتی رہی جو تفصیلاً بیان کرنے سے قاصر ہے۔ پیر صاحب نے وفد کی چائے سے تواضع فرمائی اور تمام گفتگو عربی زبان میں ہوتی رہی۔ ازاں بعد وفد کی حسب خواہش اجازت پر اخلاقی قدروں کے مطابق الوداع کہتے ہوئے رخصت کیلئے گئے۔

حافظ پیر سید گلاب شاہ صاحب اور حکیم پیر سید رشید الدولہ صاحب کے متعلق ہر چند جدید کرامت نامہ ایک تذکرہ بیان کرتے ہیں تفصیلات دی جا چکیں ہیں لیکن ڈاکٹر احمد حسن قلعہ قریشی قلعہ داری کی غیر مطبوعہ کتاب تذکرہ ... 1983 سے کچھ اقتباسات ملے ہیں جو قارئین کی دلچسپی کیلئے مندرجہ ذیل ہیں۔

حافظ پیر سید گلاب شاہ صاحب

حافظ پیر سید رشید الدولہ صاحب کے والد ماجد جو بڑے جید حافظ تھے نہایت خوش الحان اور نہایت بلند بانگ سنے میں آئے ہیں۔ جب آپ آواز ریکارڈ کرانے گئے تو بلندی آواز کے باعث دو دفعہ وہ شیشہ (؟)crack ہو گیا جس میں آواز بھری جاتی ہے۔ آخر آپ سے یہ منت کی گئی کہ آواز ذرا پست کریں آواز پست کر کے دو رکوع قرآن مجید آپ نے ریکارڈ کرائے ان میں ایک رکوع سورۂ یٰسین کا ہے اور ایک رکوع سورۃ الرحمٰن کا۔ یہ دونوں ریکارڈ اب تک حافظ صاحب قبلہ رحمتہ اللہ تعالیٰ کے خانوادہ پاک میں محفوظ پڑے ہیں۔ حافظ صاحب علیہ الرحمتہ کی روز کی منزل سات پارے تھی۔ موسم سرما میں کمرے کے اندر بیٹھ کر تلاوت فرماتے اور موسم گرما میں مکان کی چھت پر۔ خدا نے آپ کے گلے اور سینے میں اتنی طاقت دے رکھی تھی کہ سات پارے کی پوری منزل نہایت خوش الحانی سے اور پوری بلند آواز سے تلاوت فرماتے۔

رات کو تہجد سے پہلے حاجات سے فارغ ہونے پر اور وضو کر چکنے کے بعد آپ پڑھنا شروع کرتے۔ جب اعوذ کی آواز سنائی دیتی تو گاؤں کی عورتیں بانگ کے جاتے جاتے پڑتے اور ایک دوسرے سے کہتے " اٹھو حافظ صاحب جاگ پڑے ہیں۔ دو بج گئے ہیں۔"

ایک دفعہ کسی ضرورت سے آپ جموں شہر تشریف لے گئے وہاں پر آپ کو کچھ دن قیام کرنا پڑا۔ حسن اتفاق سے آپ کا قیام ایک ایسی بیٹھک میں ہوا جو سر بازار تھی۔ اپنے معمول کے مطابق جب آپ قرآن حکیم کی تلاوت فرماتے تو وہاں سے گزرنے والے سب لوگ بلا امتیاز مذہب و ملت بازار میں رک جاتے جتنا عرصہ تلاوت جاری رہتی۔ سامعین دم بخود رہتے کوئی آپس میں کھسر پھسر نہ

Marfat.com

کرتا بلکہ اونچی سانس بھی نہ لیتے اور جب آپ ختم کرتے تو کوئی شخص وہاں سے جانا نہ چاہتا۔ سب لوگ باول نخواستہ بوجھل قدموں سے اپنے اپنے کاموں کو جاتے اور واہ واہ سبحان اللہ کا ذکر برساتے جاتے۔ سامعین کی تعداد دن بدن بڑھتی جاتی اور جب ان میں مہاراجہ جموں کے امراء بھی آنے لگے تو انہیں اندیشہ لاحق ہوا کہ کہیں مہاراجہ انہیں طلب کر لیں اس لئے راتوں رات وہاں سے چلے گئے۔

سننے والے عوام و خواص سب آپ کی خدمت میں نذرانہ اور ہدیہ پیش کرتے مگر آپ یہ کہہ کر قبول کرنے سے انکار کر دیتے کہ میں قرآن شریف بیچتا نہیں اپنا فریضہ سمجھ کے اسے پڑھتا ہوں۔

ایک دفعہ پشاور سے ایک آدمی حافظ صاحب قبلہ کی زیارت کرنے اور ان کی زبان مبارک سے قرآن حکیم سننے کے لئے آیا۔ جب وہ حاضر خدمت ہوا تو آپ دربار شریف حضرت شاہدولہ میں بیٹھے تھے۔ مہمان نے اپنی درخواست پیش کی۔ آپ نے قبول فرمائی اور پوچھا کہ کون سے مقام سے سننا چاہتے ہو۔ اس نے کہا "سورہ الرحمن"۔ دو زانو بیٹھ گئے حافظ صاحب بھی اور سننے والے بھی۔ ابھی آپ نے اعوذ بھی پوری نہ پڑھی تھی کہ اس شخص پر وجد طاری ہو گئی۔ حافظ صاحب پڑھتے جاتے اور وہ مرغ بسمل کی طرح تڑپتا۔ یہ معلوم ہوتا تھا کہ حافظ صاحب قبلہ قرآن حکیم کی تلاوت نہیں فرما رہے تیز دھار چاقو ہے اس کے جسم کے ٹکڑے کاٹ رہے ہیں۔ حافظ صاحب ڈر گئے کہ کہیں یہ شخص شہید تلاوت ہی نہ ہو جائے۔ آپ رک گئے اس کی پیٹھ پر ہاتھ رکھ کر دم پڑھا۔ جب اس کا دم میں دم آیا تو اس نے ایک نہایت قیمتی کابلی دھسہ پیش خدمت کیا۔ مگر حافظ صاحب قرآن کے عاشق، قرآن کے ناموس، قاری اور سننے والے دونوں ایک دوسرے کے روبرو دو زانو ہوئے۔ ہر شے سے بے نیاز بولے "بھائی! تم تو ہمارے مہمان ہو مہمانوں کے پیسے تو نہیں لیے جاتے۔ تم یہ اٹھاؤ پہلے اس دھسے کو اپنا سمجھ کر پہنتے تھے اب ہمارا سمجھ کے پہننا اور لطف لینا۔"

حکیم پیر سید رشید الدولہ صاحب

حافظ پیر گلاب شاہ صاحب کے قابل فخر و امتیاز فرزند ارجمند جن کی تاریخ پیدائش پندرہ اگست 1890ء اور [illegible] 1986 کو راہی ملک عدم ہوئے۔ اردو، فارسی، عربی کے جید عالم، ہندی، انگریزی اور سنسکرت میں بھی دسترس رکھتے تھے۔ زبان کے عالم ہونے کے علاوہ وہ فن طبابت میں منفرد حیثیت کے مالک تھے۔ آنکھیں اور نبض دیکھ کر صورت دیکھ کر مرض بتا دیتے۔ اکثر مریض پوچھتے "حکیم جی! اموں کی اے"

"بی بی! دوا صرف یہ ہے دوائے فائدہ دیتا ہے مجھے میں تو اتنی بیماری سمجھ آئی ہے۔ سب دوائے فائدہ دیتا ہے۔" بہت غریب لوگ پوچھتے۔ یہ بے نیازی حکیموں اور ڈاکٹروں کے شفاخانوں میں کم ہی دیکھی جاتی ہے۔ مریض صرف یہاں کی دوا لیتے۔ نسخہ وہ دور سے آیا ہو تو دوا کی شیشی پڑیا مریض کے ہاتھ میں دیتے اور ان چیزوں کی فہرست بتاتے جن سے پرہیز لازم ہو۔ دوا کی قیمت نہایت تھوڑی چارج کرتے۔ اکثر مریضوں سے دوا کی قیمت بھی نہ لیتے۔ اگر کوئی بار بار قیمت ادا کرنا چاہتا تو خندہ پیشانی سے ہدایت دیتے تھے "بھائی کی قیمت لے لی ہوئی ہے۔"

فن طبابت کے علاوہ تفسیر قرآن سے بڑا گہرا شغف رکھتے۔ جونہی مریضوں کی بھیڑ ختم ہوتی مطب میں ہی ایک طرف درس قرآن شروع کر دیتے۔ قرآن بالقرآن کی تفسیر کے ایسے ماہر کہ اصل جن مطالعہ کرتے تو وہ بھی پانی بھرنے لگے۔

علم مناظرہ میں وہ ید طولیٰ رکھتے تھے جو خانوادہ حضور شاہدولہ کے اجداد جن میں پشتہ در پشتہ چلا آ رہا تھا۔ جناب حکیم صاحب جب مناظرہ میں بیٹھتے تھے تو بڑے بڑے بھی چند ہی منٹوں میں ہتھیار ڈال دیتے۔ فتح کا پرچم آپ کے ہاتھ میں ہوتا اور ساری برادری بلا استثناء آپ کے موقف کو بالاجماع و اقرار و عقیدت خاطر تسلیم کرتی۔

راقم الحروف کو قبلہ حکیم صاحب سے قرابت کا شرف حاصل تھا مگر تلمذ بھی بہت زیادہ نہیں [illegible] مکتب خدمت [illegible] رہے۔ مطلب اس سے یہ کہ مجھے آپ کو قریب سے جاننے کا فخر حاصل ہے اس کے باوجود مجھے آج تک یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ مختلف علوم و فنون میں آپ کے استاد کون تھے۔ کبھی استاد کے سامنے آپ زانوئے تلمذ تہہ کرتے میں نے نہیں دیکھا۔ [illegible] میں کتابیں دبائے کسی مکتب میں بغرض تدریس و تعلیم جاتے دیکھا تھا۔ ان کا سارا علم غیبی معلوم ہوتا۔ اطباء کی مجالس جن میں صدارت

Marfat.com

سے فرائض حکیم محمد حسن قریشی اور حکیم احمد سعید صاحب ادا کر رہے تھے ان میں اگر کوئی اختلافی مسئلہ زیر بحث آتا تو جیت ہمیشہ پیر صاحب کی ہوتی اور مجلس اس نعرہ پر ختم ہوتی: "واہ، واہ پیر رشید الدولہ صدقے حکیم رشید الدولہ!"

نوٹ: پیر صاحب جہاں دیدہ، زیرک اور دور اندیش شخصیت واقع ہوئے۔ اُنکی پیشین گوئی درست ثابت ہوئی۔ انور اور میں اپنی بیوی کے ساتھ وینزویلا میں مقیم ہو کر رہ گئے۔ بدقسمتی ہماری غیر حاضری میں پیر صاحب خالق حقیقی سے جا ملے۔ انور کا بڑا بیٹا ناصر امین شازی الدولہ میرے (پیر نصیر) بنگلے Quinta Porzana شہر Cumaná، وینزویلا میں رہ رہا ہے۔ اُس سے چھوٹا عدیل انور الدولہ کمپیوٹر سائنس میں M. Sc. کرنے کے بعد نیویارک میں ملازمت اور ساتھ Ph. D. کی ڈگری حاصل کرنے کیلئے ریسرچ کر رہا ہے۔ ہماری بیٹی غازیہ پروزانہ نصیر الدولہ جمشید Pathalogist اور اندریس عقیل نصیر الدولہ جمشید Economist لندن میں ملازمت کر رہے ہیں۔ ریٹائر ہونے کے بعد پہلے میں اور فرخ گجرات واپس لوٹے اُسکے چند سال بعد انور بھی ریٹائر ہونے کے بعد واپس پہنچ گیا جس دیوان خانہ میں میری پیدائش ہوئی اور میں پروان چڑھا پیر صاحب کی خواہش تھی کہ میرا اور میری بیوی فرخ کا آخری سفر بھی وہاں سے ہی شروع ہو لیکن حالات نے کچھ ایسا پلٹا کھایا کہ میں اور فرخ جو کہ ایک لاعلاج مرض کا شکار ہے، ...مکان الہٰی کالونی جلالپور روڈ، گجرات میں رہ رہے ہیں۔ کل صبح پانچ بجے کے قریب یعنی 8 ستمبر 2003 کو غازیہ عقیل اور... سے انور لاہور ایئرپورٹ پر پہنچ رہی ہے تاکہ اندریس عرف شبو کی بارات اور عدیل کا ٹیلیفون پر نکاح 22 ستمبر 2003 لاہور میں کی تیاری کریں۔ 20 ستمبر کو ناصر امین عرف شازی بھی وینزویلا سے چند دن نیویارک میں عدیل کے پاس رہنے کے بعد لندن پہنچ رہا ہے۔ پھر شبو اور شازی دونوں گجرات، پاکستان پہنچ جائیں گے۔

بہن بھائی کا ستر سال بعد ملاپ!

راقم کے والد حافظ امین الدولہ اکثر کشمیر جایا کرتے اور ان کے ساتھ ہمیشہ یار و احباب کے علاوہ چند ایک ملازم بھی ہوا کرتے تھے۔ وہ پونچھ کے راستے جاتے۔ ان کی ملاقات کا ذکر ان کے بالک سید پیر باقر شاہ جو ابھی بقید حیات ہیں جو ذکی، جموں و کشمیر میں پنی چیری مریدی کرتے ہیں اور ان کا اثر اس علاقے میں دور دراز تک پھیلا ہوا ہے۔

پیر باقر شاہ سے میری ملاقات پر انہوں نے انکشاف کیا کہ مجھے کشف پیر امین الدولہ سے ہی ملا ہے۔ وہی میرے مرشد ہیں انہی کی بدولت آج جو کچھ ہیں ہوں۔ اسی دوران انہوں نے فرمایا کہ ایک دفعہ حافظ صاحب یہاں تشریف لائے اور دیکھا کہ ایک بچہ پونچھ کے بغیر ...رینگتا ہوا قریب آیا ہے۔ اس کے ساتھ اس کا چچا بھی تھا جس نے کہا کہ بچے کے گلے میں جو تھیلی ہے حسب توفیق اس میں کچھ ڈال دیں۔ حافظ صاحب نے اپنے چھوٹے بھائی پیر رشید الدولہ سے کہا "بھائی خدا مل رہا ہے اگر خریدنا چاہتے ہو تو خرید لو"۔ اس پر بڑے بھائی کا حکم بجا لا اس کے چچا کو 30 روپے ادا کیے اور بچے کو پیر رشید الدولہ صاحب نے کندھوں پر اٹھا لیا۔ بچے کا نام فضل الٰہی تھا۔ پیر رشید الدولہ صاحب سے اس بچے کو اتنی رغبت ہوئی کہ وہ ان کے کندھوں سے نیچے آتا ہی نہ تھا۔ جب بھی اس کو کندھے سے نیچے اتارنے کی کوشش کرتے تو وہ رونا شروع کر دیتا۔ جب کوئی اور اٹھاتا تو مزید روتا جس پر حافظ صاحب اپنے بھائی سے کہتے۔ اس واقعہ کا پیر تم سے ہی مانوس ہو گیا ہے۔ چنانچہ جموں و کشمیر سے گجرات تک وہ بچہ پیر صاحب کے شانوں سے نہ اترا۔ اس ابتدائی تعلق کی ہی بدولت پھر پیر رشید الدولہ صاحب نے ہی اس کی پرورش اپنے بیٹوں کی طرح کی۔

ڈاکٹر نصیر الدولہ یا پیر عزیز الدولہ (چن پیر) ہم عمر ہونے کی وجہ سے آپس میں جھگڑتے تو ہماری دادی اماں اپنے ہی بچوں کی سرزنش کرتیں اور فضل الٰہی کی ہمیشہ طرفداری کرتیں۔ اس طرح یہ بچہ سن بلوغت کو پہنچا۔ کچھ عرصے بعد پیر صاحب نے اُسے فوجی کیلساٹیل مل جہلم میں بھرتی کروا دیا۔ وہاں پر عرصہ دس سال رہنے کے بعد وہیں پر اپنے استاد کی بیٹی سے شادی کر لی۔

بچپن سے لے کر اس عمر تک جموں کشمیر سے اس بچے کی تلاش میں کئی لوگ آتے رہے لیکن چونکہ حافظ صاحب یا پیر رشید الدولہ کی وفات کے بعد کسی کو معلوم نہ ہو سکا کہ یہ بچہ کہاں ہے۔ 1998 میں فضل الٰہی کا بھانجہ محمد شفیع ٹھیکیدار جو شیل آئل کمپنی میں کام کرتا تھا، اکثر اوقات دربار حضرت شاہدولہ صاحب آیا کرتا۔ اُس نے اپنی متواتر کوششوں سے کھوج نکال لیا کہ فضل الٰہی کس جگہ

Marfat.com

پرورش ہوئی اور کون اس کا ذمے دار تھا۔ پہلی دسمبر 1998 میں محمد شفیع اور محمد بشیر دونوں بھائی میرے گھر آئے اور انہوں نے فضل الٰہی کے متعلق تمام کوائف کی نشاندہی کی تو انہیں یقین ہو گیا کہ یہ وہی بچہ ہے جو جموں و کشمیر سے پیر حافظ امین الدین اور پیر رشید الدین لائے تھے۔ اس کے بعد انہوں نے بتایا کہ فضل الٰہی کے باپ کا نام راجو اور اس کی ایک بڑی بہن ابھی زندہ ہے جس کا نام ... ہے اس کی پانچ بیٹیاں اور تین بیٹے جن کے نام ملک محمد بشیر جو آج کل سعودی عرب میں ہے چھوٹا ملک محمد شفیع جس کا ذکر کیا جا چکا ہے۔ اس کی موجودہ رہائش محمد شفیع، مکان نمبر 573، زنی، ماڈل ٹاؤن، ہمک روڈ، اسلام آباد۔ تیسرے بیٹے کے بارے میں معلومات نہ ہو سکیں۔

اس کے بعد فضل الٰہی اپنی زوجہ، تین بیٹیوں اور تین بیٹوں کے ہمراہ میرے ساتھ ڈوڈی، جموں و کشمیر گئے جہاں پر فضل الٰہی کے تمام عزیز و اقارب سے ملاقات ہوئی۔ سب لوگ بہت خوش تھے یہ ملاقات ایک معجزہ تھی۔ ... سال بعد یہ رقت انگیز ملاقات جس میں جذبات کا اظہار آنسوؤں کی شکل میں نمایاں تھا۔ فضل الٰہی کو بتایا گیا کہ اس کی جائیداد ابھی تک اس کے نام چلی آ رہی ہے لیکن فضل الٰہی نے اپنے اس ملاپ کو بیچنا نہیں چاہا اس نے کہا کہ اس پر میرا کوئی حق نہیں یہ سب آپ آپس میں بانٹ لیں مجھے صرف آپ لوگ چاہئیں۔ میں اپنے بہن بھائیوں سے مل کر محسوس کرتا ہوں کہ مجھے بہت کچھ مل گیا ہے۔

اس کے علاوہ پہاڑ کے لوگ ابھی تک حافظ صاحب کو یاد کرتے ہیں کہتے ہیں کہ ... سال بعد پیر صاحب کی پیشین گوئی تھی کہ ان کا بیٹا اس علاقے میں آئے گا جس جگہ پر میں مقیم تھا وہاں پر لوگوں کا جمگھٹا لگا رہتا۔ جو کوئی یہ خواہش کرتا کہ حافظ صاحب کا بیٹا ہم پر درود اور دعا کرے کہ ہمارے سب مسائل دور ہوں۔ میرے لئے یہ بہت مشکل گھڑی تھی میں اپنے آپ کو محسوس کرتا کہ میں یہ کام نہیں کر سکتا لیکن وہ لوگ مجھے کہتے کہ اگر آپ حافظ صاحب کے بیٹے ہیں تو ہمارے لئے یہی کافی ہے۔ ہم جو حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ ہمیں مل جائے گا آپ پریشان نہ ہوں۔ اس پر طرہ یہ کہ سید قربان علی شاہ صاحب جو اس علاقے کے مانے ہوئے پیر سمجھے جاتے ہیں وہ میری قدم بوسی کرتے اور مجھے چارپائی پر بٹھا کر خود نیچے بیٹھتے۔ ان کو اس حالت میں دیکھ کر ہر کوئی یہی خواہش کرتا کہ حافظ صاحب کے بیٹے نصر الدولہ ... اب ہمارے رہنما ہیں۔ اس کے علاوہ سید قربان شاہ صاحب نے مجھے حافظ صاحب کے چند ایک معجزات کے متعلق بتایا:

ایک دفعہ حافظ صاحب اور سید قربان علی شاہ صاحب پونچھ کے راجہ سے ملاقات کر کے واپس ڈوڈی آ رہے تھے کہ راستے میں بارش شروع ہو گئی۔ اس بارش میں حافظ صاحب نے آواز دی ”ہے کوئی جو مہمانوں کو پناہ دے۔“

ایک بڑھیا نے اپنی چھوٹی سی جھگی کا دروازہ کھول کر ان دونوں کو پناہ دی۔ حافظ صاحب نے اپنی خواہش کا اظہار کیا ”کوئی صاحبہ کچھ کھانے کے لیے ہے۔“

بوڑھی عورت نے جواب دیا ”میرے پاس صرف ایک پیاز اور ایک مرغی ہے۔“

حافظ صاحب نے فرمایا ”بابا مرغی کو ہم کہتے ہیں کہ انڈہ دے تاکہ پیاز سے سالن بن سکے۔“ پھر پیر صاحب نے مرغی کو حکم دیا ”بھئی ہم مسافر لوگ بھوکے ہیں۔ ہمارے کھانے کے لئے ایک انڈہ دو۔“ تھوڑی دیر بعد مرغی نے ... نکالا اور ایک انڈہ دے دیا۔ اس پر بڑھیا نے پیاز سے سالن تیار کر کے مہمانوں کو پیش کیا۔

اسی طرح ضلع جموں و کشمیر میں حافظ صاحب نے ایک مسجد تعمیر کروائی۔ اس مسجد کے ساتھ ایک چشمہ تھا جس پر بیٹھ کر عبادت کیا کرتے۔ ایک دفعہ علاقے میں قحط پڑ گیا۔ بارش کافی عرصے سے نہ ہوئی تھی۔ گاؤں کے لوگ جمع ہو کر پیر صاحب کی عبادت کی جگہ پر گئے اور درخواست کی ”حضور دعا کریں بارش ہو جائے۔“

حافظ صاحب نے تکیہ میں عبادت شروع کر دی۔ کچھ وقت کے بعد آسمان ابر آلود ہوا اور بوندا باندی شروع ہوئی اس موقع پر لوگوں سے کہا ”دلیہ پکا کر لاؤ“ اور پھر حکم دیا کہ دلیہ پکا کر لوگوں میں تقسیم کیا جائے۔ یہ رسم آج بھی زندہ و جاوید ہے۔

اسی سلسلے میں پیر قربان حسین شاہ صاحب نے بتایا کہ ایک دفعہ حافظ صاحب نے ڈوڈی میں دو پہاڑوں کے درمیان چلہ کاٹا۔ چالیس دن تک حافظ صاحب رات دن ان پہاڑوں کے درمیان رہے مگر کسی فرد نے بھی نہیں دیکھا کہ انہیں خوراک اور پانی کون مہیا کرتا ہے۔ اس وجہ سے اس جگہ کا نام ”پیر دو گھیا“ رکھ دیا گیا جس جگہ یہ چلہ مکمل کیا گیا وہ جگہ اب تک موجود ہے جہاں پر میں نے پیر حافظ صاحب کے نام ایک علم بھی نصب کیا۔

Marfat.com

داستان گو

مصطفیٰ کمال

مصطفیٰ کمال صاحب نے اندازاً 1912 کے لگ بھگ شادیوال گاؤں جس کا اس وقت کا نام ختمی مفتیاں تھا، کے ایک زمیندار گھرانے میں آنکھ کھولی۔ مارچ 1997 میں اپنے خالقِ حقیقی سے جا ملے۔ اس خاندان کا علم و ادب سے گہرا تعلق تھا مگر خزاں کی زرد آندھی چلی یوں چلی کہ آپ طالب علمی کے زمانے میں ہی پدری شفقت سے محروم ہو گئے اسی طرح آپ کا نہ صرف روشنیوں کے لئے درسوں سے رشتہ ٹوٹا بلکہ زندگی باعزت بنانے کیلئے آپ نے روتی ہوئی ہیر کی طرح نہیں بلکہ ٹھہر ٹھہر کر ہنستے رانجھا کی طرح اپنا پیارا وطن بھی چھوڑا۔ فوج میں بھرتی ہو کر آپ نے جنگِ عظیم دوم میں اتحادی فوجوں کیساتھ عراق لیبیا اور نہ جانے کس کس محاذ پر جوہر دکھائے۔ کسی نے کیا خوب فرمایا ہے

"کوئی ہم سا تو جیتے جی وہ میت ہیں بے گور و کفن
غربت جس کو راس نہ آئی اور وطن بھی چھوٹ گیا"

اسی طرح جب جنگ کے مہیب سائے چھٹے تو آپ واپس گھر آئے اگرچہ فکرِ معاش ابھی ختم نہ ہوئی تھی مگر زمانے کے سرد و گرم نے آپ کی زنبیل میں تجربے اور مشاہدے کے بہت سے چمکتے ستارے جمع کر لیے تھے۔ اس اندوختے کے ہونے سے کوئی گردش آپ کے راستے کی رکاوٹ نہ بنی اور جلد ہی آپ کی [illegible] جہلم میں بطور ڈرائنگ ماسٹر تعیناتی ہوئی جہاں ساٹھ سال کی عمر تک کام کرتے رہے اور ریٹائرمنٹ پر جونیئر برن ہال سکول ایبٹ آباد میں ملازمت اختیار کر لی۔ اس کے بعد گجرات اپنے گھر میں باقی وقت گزارا۔

مصطفیٰ صاحب کا علمی و ادبی ذوق خاصا دلچسپ تھا۔ محفل میں بیٹھ جائیں تو لوگ اُن کے گرویدہ ہو جاتے۔ آپ کو فارسی، اردو، پنجابی، ہندی کی بہت سی نظمیں اور اشعار ازبر تھے۔ اسی طرح بہت سے اکابرین کی تقریریں آج تک یاد تھیں۔ یہی نہیں اسی لب و لہجے اور حسنِ ترتیب میں وہ اشعار سنایا کرتے۔ خاص طور پر نواب بہادر یار جنگ، سبھاش چندر بوس، علامہ عنایت اللہ خاں المشرقی سے وہ بہت متاثر تھے۔ قصہ گوئی میں ان کا ثانی شاید کئی صدیوں تک گجرات کی سرزمین پیدا نہ کر سکے۔ مفتی مصطفیٰ کمال صاحب یوں تو بے شمار خوبیوں کے مالک تھے یہاں کس کس صفت کا ذکر کروں۔ اُن کے کون کون سے وصف گنواؤں۔ اُن کی اچھی باتیں اتنی طویل ہیں کہ ان چند صفحات میں سما نہیں سکتیں۔ اس لئے قارئین کیلئے ایک واقعہ بیان کرتا ہوں جو اس دور کے ثقافتی کردار اور افعال کا آئینہ دار بھی ہے۔

یہ اس وقت کی بات ہے۔ جب برصغیر پاک و ہند بالخصوص متحدہ پنجاب میں بے اعتمادی کی فضا پیدا نہیں ہوئی تھی۔ ابھی نفرتوں کی آگ سلگی نہ تھی۔ دریا کے پانی ٹھنڈے اور میٹھے تھے ان میں سرخی کہیں آئی نہیں تھی۔ بیلوں میں بانسری کی مدھر تانیں بکھرتی تھیں۔ ہیر وارث کی کافی پر بیٹھ کر ڈھولے اور ماہیے گاتے۔ فضا میں چاروں اور محبت کے گیتوں کی گمگی چھائی ہوئی تھی۔ چوپال اور ڈیروں میں وارث شاہ کی ہیر کا گانا یہاں میاں محمد بخش صاحب کی مثنوی سیف الملوک کا پڑھنا اور میاں محمد بوٹا کی سی حرفی کا سننا لوگوں کا محبوب مشغلہ تھا۔ ایسے ہر دور میں پنجاب میں ایسے بھی ہوتے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ اچھی آواز سے نوازتا اور وہ سر اور لے کے ریاض کرتے اس سے بناوٹ اور روایتی انداز دیتے ہیں کہ جس محفل میں جائیں آواز کا جادو جگا کر محفل لوٹ لیتے اور اپنی شناخت اور پہچان کو آسان

Marfat.com

بنا لیتے ہیں۔ کمال صاحب کا شمار بھی ایسے ہی خوش قسمت لوگوں میں ہوتا ہے جو نہ صرف خداداد صلاحیتوں سے مالا مال ہیں بلکہ فنون وغیرہ کے فن سے بھی آشنا تھے۔ کمال صاحب نے بتایا کہ ایک دفعہ بیساکھی کے میلہ پر اسٹن آباد کے ذیلدار اور نمبردار نے میلہ کے موقع پر پنجاب بھر سے گانے والوں کو دعوت دی کہ وہ عورت کے حسن کی تعریف تہذیب کے دائرہ میں رہ کر کریں تو اول آنے والے کو انعام و اکرام سے نوازا جائے گا۔ ویسے ہر پارٹی کے آنے جانے کا کرایہ، رہائش اور کھانے کا بندوبست بھی کیا جائے گا۔

کمال صاحب نے جب یہ اشتہار اخبار میں پڑھا تو چھٹے جوڑی والے استاد سے مشورہ کیا اور انہیں [illegible] کی تلاش شروع ہوئی۔ ان دنوں شریف پنجابی صاحب اگرچہ دسویں جماعت کے طالب علم تھے مگر ان کی خوشبو دور دور سے [illegible] بہت ہی چھی چھی لڑکیاں بالیاں شادی بیاہ پر گایا کرتی تھیں۔ چنانچہ شریف صاحب سے ملاقات کرنے کے لیے چلے گئے۔ وہ اس وقت دوستوں کے ساتھ نہر پر نہا رہے تھے۔ [illegible] اور اپنا مدعا بیان کیا انہوں نے خربوزوں سے تواضع کی۔ فارغ ہونے پر شریف صاحب نے کل کے وعدے پر ہمیں رخصت کیا۔ چنانچہ دوسرے دن انہوں نے ایک عظیم نظم عطا کی جس کے لفظ لفظ میں اپنے دیس کی مٹی کی خوشبو رچی بسی ہوئی تھی اور وہ زبان استعمال کی جو کسی ترجمہ کی محتاج نہیں سننے والے لوگوں میں ہوتی ہے۔ بہرحال انہوں نے بڑی محنت سے اس کی بندش تیار کی کہ کانوں کے راستے بغیر اذن دل پر اثر کرے اور میدان میں ایسے رنگ جما دے کہ [illegible] اول انعام کی مستحق ٹھہری بلکہ انعام و اکرام اور محبتوں کی بارش ہوئی۔ [illegible] زبردست مقبولیت کے بعد [illegible] والوں نے عزت بخشی۔ [illegible] انہیں ذاتی مہمان کی حیثیت سے ٹھہرایا اور اسی نظم کے سننے کی فرمائش کرتے رہے۔ اس نظم میں یادداشت میں لغزش کی وجہ سے کچھ خامیاں تھیں جن کی اصلاح مشہور dermatologist ڈاکٹر اعظم چوہدری صاحب نے فرمائی

"تیرا پنڈا پوری توت دی تیری کمراں ورگی بانہہ
تیرے تل نے کچل کریدے تیرا جوبن ون دی چھاں
ایہہ چھاں ساں سدا نہ رہیاں رہے سدا اک اس دا ناں
اسیں رب سچیں گورئیے آ پہنچے ایس کراں
اساں جیب دوپہر گذارنی اساں بہنا ایں پراں
اساں پنڈ نہ پانے جوئیاں اساں ملنا نہ ہتھی تھاں
کی بلکے پاسے بیٹھنا ایہہ دنیا اک سراں
تیرے جوبن ونگوں گورئیے اسیں جیہے مسافر ہاں"

کمال صاحب ویسے تو فقہ جعفریہ سے منسلک نہیں تھے مگر ان کی خوش الحانی کی وجہ سے اہل تشیع انہیں پنجاب کے دور دراز علاقوں میں مجالس عزا میں نوحہ خوانی اور ماتم کے لیے بلایا کرتے بڑی دلجمعی و شدت کے ساتھ قطع نظر اس کے کہ ان کا یہ عقیدہ نہیں تھا جایا کرتے۔ کیونکہ ان کے خیال کے مطابق جو ولی جہاں بھی چل رہا ہے ٹھیک ہی ہو۔ آخر تم مرا [illegible] سنے تو بات ختم ہوئی لیکن بات تو ابھی شروع ہوئی ہے۔ اس عزت اور شہرت نے کمال صاحب سے ایسا [illegible] کہ جس سے عقل مندوں کی عقل دانش اور ہوشمندوں کی فہم و فراست دنگ ہو کر رہ جائے مگر اللہ تعالیٰ کے خاص فضل و کرم سے وہ اس کٹھن ابتلاء سے بھی کامیاب و کامران ہو کر نکلے۔ ہوا کچھ یوں کمال صاحب بتاتے ہیں ایک دن والد صاحب نے انہیں بلایا اور کہا کہ میاں گانا بجانا ہم جیسے اشراف کا کام نہیں۔"

یہ سن کر ایک دفعہ تو انہیں زبردست دھچکا لگا اور دنگ ہو کر رہ گئے مگر چند لمحوں بعد میں جب ذرا نارمل ہوئے تو یہی [illegible] میلوں کی فلم ان کی آنکھوں میں گھوم گئی اور ایک دفعہ والد صاحب کے الفاظ کانوں میں گونجے۔ پھر کیا تھا ایک حقیقت آشکار ہوئی کہ آواز کس کی تھی ------ یہ تو وہی ہستی ہے ------ جسے انہوں نے خدا کا روپ جانا ہے کیا تھا، والد صاحب کے پاؤں پکڑے اور ہاتھ باندھ کر عہد کیا کہ آئندہ گانے کو profession نہیں بناؤں گا۔ خدا کا کس زبان سے شکریہ ادا کروں کہ اس عہد نبھانے کی توفیق عنایت فرمائی ------ ورنہ Folk songs میں عالم لوہار کا نہیں بلکہ مفتی کمال کا نام ہوتا۔

Marfat.com

مصطفٰے کمال صاحب ایک صبح سفید شلوار قمیض میں ملبوس ہاتھ میں Pension book تھی، کوئی 8 بجے کے قریب راقم کے پاس تشریف لائے چونکہ وہ قریباً 11 بجے دن کے رونق افروز ہوا کرتے۔ راقم نے حیرانگی سے پوچھا ''کمال صاحب کمال ہے اس وقت آپ کی آمد اور کمال کا سفید لباس!''

''پیر صاحب National Bank Circular Road سے pension لینے جا رہا ہوں۔''

''کافی وغیرہ ہو جائے۔''

''نہیں مقررہ وقت پر آؤں گا۔''

پھر ملاقات نہ ہو سکی۔ 27 مارچ 1997 کو تقریباً 10:30 اُسی روز خالق حقیقی سے جا ملے۔

زیر نظر واقعات کمال صاحب حضرت پیر رشید الدولہ صاحب کو کئی سالوں سے گاہے بگاہے سنایا کرتے۔ جب راقم ویزویلا سے آجرات ونا تو 1994-1996 تک کمال صاحب نے یہ واقعات تحریر کرائے۔

کمال صاحب کہا کرتے ''دو قسم کے انسان کبھی اہم حیثیت حاصل نہیں کر سکتے ایک وہ جو وہ کبھی نہیں کرتے جو کچھ اُن سے کہا جائے اور دوسرے وہ جو صرف وہی کرتے ہیں جو اُن سے کہا جائے۔ خدا نے جتنے انسان تخلیق کیے انسان نے اُن سے زیادہ خدا بنائے۔''

سب کچھ لٹا آئے ہو

قبلہ حکیم پیر سید رشید الدولہ صاحب (پیر صاحب) کا شفقت آمیز حکم تھا کہ کمال جب بھی تم جہلم، سروس سے آؤ تو پہلے مجھے ملنے آیا کرو اور جب واپس جانا ہو تو بھی مجھے مل کر جاؤ تا کہ مجھے سکون رہے کہ تم کہاں ہو خیریت سے ہو چاہے گاؤں، شادیوال ہو، چاہے جہلم۔

ایک دن حسب حکم کمال صاحب پیر صاحب کے دیوان خانہ میں حاضری دینے کیلئے آئے تو دھیمی دھیمی بارش ہو رہی تھی۔ قبلہ پیر صاحب اونچی نی بکل مارے بیٹھے دیکھ رہے تھے اور ایک مریض کی نبض پر ہاتھ رکھ کر فرمایا ''اب تم میرے پاس سب کچھ لٹا کر آئے ہو'' یاد رہے کہ حاکم اور حکیم کے سامنے اگر جھوٹ بولا جائے تو فیصلہ مدعی کے حق میں کبھی نہیں ہوتا'' شادی تمہاری ابھی ہوئی نہیں اور چڑیاں پہلے ہی چگ گئیں کھیت'' یہ سن کر مریض ہکا بکا رہ گیا۔ پھر فرمایا ''تم اپنے باپ کو بلا کر لاؤ اس سے میں تفصیل سے تمہارے علاج کے متعلق بات کرونگا'' پھر کمال صاحب سے مخاطب ہوئے اور بارش دیکھ کر فرمایا ''اے ابر کرم اب اتنا برس کہ وہ جا نہ سکیں۔''

یہی اُن کی شفقت اور محبت کا عالم۔ ازاں بعد اندرون خانہ چائے کیلئے پیغام بھیجا چائے آئی اور پینے کے دوران قبلہ پیر صاحب نے مسکرا کر پوچھا ''کمال صاحب آپ کا کس پر ایمان ہے؟''

کچھ دیر سوچنے کے بعد کمال صاحب نے عرض کیا ''غیب پر ایمان۔''

فرمایا ''تھالہ گاؤں کیطرف جائیں تو راستے میں دو 'غیب' آتے ہیں۔ ایک چھوٹا کالرہ راہ والے کے پاس دوسرا بڑا 'غیب' تھالہ ریلوے سٹیشن کے پاس آپ کا کس پر ایمان ہے؟''

یہ بات سن کر مریض بھی ہنس دیا اور پھر ایک دفعہ مخاطب ہوئے ''کمال صاحب انسانی جسم کے متعلق کیا جانتے ہیں؟ میری مراد حکمت سے ہے۔''

اس پر کمال صاحب نے مشہور زمانہ حکیم دوراں جناب غلام مصطفٰے صاحب کا قول دہرایا ''پاؤں گرم، پیٹ نرم اور سر ٹھنڈا آوے ویدتے ماروں اوہدے سر وچ ڈنڈا۔''

یہ سن کر تبسم فرمایا اور پھر اپنے مریضوں کیطرف متوجہ ہوئے کمال صاحب نے چائے کا شغل جاری رکھتے ہوئے عرض کی ''بارش تھم گئی ہے میری بوڑھی ماں میرا انتظار کر رہی ہوگی۔ آپ اگر اجازت دیں تو گاؤں جاؤں۔''

حکیم صاحب (پیر صاحب) مسکرائے اور فرمایا ''ماں دوزخ سے بھی آواز دے تو دوڑ کر اُس کے پاؤں چھو لینے چاہیئے۔''

Marfat.com

پھر قبلہ حکیم صاحب نے ان سے ماں کے تقدس کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے موتی علی دیوانہ دیال گڑھ کی لاہور سے پنجابی کی کتاب "ساوے پتر" (ملنے کا پتہ عزیز بک ڈپو لاہور) کی ایک نظم "ماں" پیش کی تو دو تین دفعہ تکرار کرنے کی اور حکیم صاحب کی آنکھوں میں آنسوؤں کی جھڑی لگ گئی ملاحظہ فرمائیں:

"ماں ورگا گھن چھاواں بوٹا مینوں نظر نہ آوے
جس توں لے کے چھاں ادھاری رب سورگ بناوے
باقی کل دنیا دے بوٹے جڑ سکیاں مرجھاندے
ایہناں بوٹیاں دے مرجھایاں ایہہ بوٹا سک جاوے
ماواں والے نہر خوشی تھیں وانگ بچے پیندے
رب دی آس یتیماں تائیں جیوندا رکھدی چھڈدے"

حکیم صاحب آنسو بہاتے رہے اور مال صاحب اجازت لے کر رخصت ہوئے۔ شاید وہ پہلے تھے ان سے آنسو بھی نہ رکے اور آبدیدہ رخصت ہو گئے۔

جھولا

1927 میں مصطفیٰ مال صاحب کے ساتھ ایک لڑکا بنام "جھولا" Govt Industrial School گجرات میں زیر تعلیم رہا، جو گجرات سے جانب شمال دو میل کے فاصلے پر واقع ایک موضع کا رہائشی تھا۔ جھولے کے ماں باپ تعلیم کے زمانے کے دوران بقید حیات تھے۔ اس کی ایک چھوٹی بہن بھی تھی اور وہ جٹ ذات سے تعلق رکھتے تھے۔ ایک دن جھولا کا باپ اپنے گاؤں موضع سے ... مذکورہ سکول سے جھولے کے سرٹیفکیٹ کے حصول کے بعد جھولا کو ساتھ لیے مصطفیٰ مال کے پاس بورڈنگ ہاؤس ... ملنے چلے آئے۔ مال نے کلاس فیلو سے حیرانگی کے عالم میں پوچھا "بھیا سکول کیوں چھوڑے جا رہے ہو؟"

جھولے کے والد صاحب نے جواب دیا "چونکہ میں اکیلا ہوں تھوڑی زمین زیر کاشت ہے اب زمینداری کرنے میں ہمارا ہاتھ بٹائے گا۔ اس لئے سکول چھوڑ رہا ہے اور اب تمہارے ساتھ ملاقات کرنے چلے آئے ہیں۔" ساتھ ہی ... نے کہا "جب تم کالا کرو گے تو ہمیں یاد کیا کرو گے۔"

چوہدری ... نے ... کے بعد اپنے گاؤں موضع ... واپس چلے گئے۔ مال صاحب کے ... گاؤں ... میں رہائش پذیر تھے لہٰذا انہوں نے جانے کے دوران اپنے دوست جھولے کے گاؤں ... ملاقات کیلئے جانا ہوتا تھا۔ جھولے کے والدین بھی نہایت شفقت سے جھولے کے دوست والہانہ پیار و محبت کا اظہار کرتے۔ اس قدر مال صاحب کے ... والدین بھی ... محبت نہ کرتے جس قدر جھولے کے والدین مشفق تھے۔

اسی دوران جھولے کے والد ابراہیم کی گائے چوری ہوئی۔ پنچائیت کے فیصلے کے مطابق دوسری پارٹی چور ثابت ہوئی ... ایک مہینہ کی مہلت گائے کی واپسی کی ٹھہری لیکن مہلت پوری ہونے کے بعد جب گائے واپس کی تو یہ وہ گائے نہ تھی بلکہ اس کے برعکس چھوٹی اور نہایت کمزور تھی جو ابراہیم نے لینے سے انکار کر دیا۔ معاملہ عدالت بڑھ گیا۔

ابراہیم کی گائے جنہوں نے چوری کی تھی ... واقع تھا۔ ایک دن ابراہیم ... سے اپنے کھیتوں سے گھر واپس آ رہا تھا۔ اسی دوران شرارت کے تحت ایک نوجوان نے پیچھے سے ابراہیم ... پر ... زمین پر گر گیا اور ابراہیم بھی جھٹکا لگنے سے گر پڑے ہوئے ابراہیم والا ... مشتعل انداز میں ... چھری کا ... درانتی نکال کر مخالف کے پیٹ میں ... موقع پر ہلاک ہو گیا ... دشمنوں نے اسے بھی گھر سے اٹھا دیا۔

پنچائیت نے وقتی طور پر صلح صفائی کرا دی کہ ایک اس پارٹی میں مارا گیا اور ایک اس پارٹی کا ...

Marfat.com

اجتناب میں ہی عافیت ہے۔ بھولا کا ماموں بزرگ وال سے بیلوں کی جوڑی لے کر دوگرا آ گیا کہ بہن کیلئے باجرہ کاشت کیا جا سکے لہذا ایک ہفتہ میں باجرے کی فصل کاشت کردی گئی اور ماموں واپس بزرگ وال چلا گیا۔ بارشیں ہوئیں چھ ہفتوں بعد اپنی بہن کی فصل کی دیکھ بھال کرنے ماموں پھر بزرگ وال سے دوگرا آیا اور اطلاع دی "ایک حجام کی زبانی معلوم ہوا کہ اب مخالفین بھولا کو بھی ٹھکانے لگانے کے پروگرام بنا رہے ہیں چونکہ بھولے کی جان کو بھی خطرہ لاحق ہو گیا لہذا اسے کسی محفوظ جگہ بھیج دیا جائے۔" قرعہ فال کمال صاحب پر پڑا کہ بھولا گجرات سے قریبی گاؤں شادیوال اپنے دوست کے پاس چلا جائے وہاں محفوظ رہیگا لہذا ایک دن بھولے نے دین کی دولت (یقین) اور پیر حسام چنے پر سورج "باب کے ڈیرہ" پر طلوع ہوا۔ ایک رشتہ دار کے ہاں رکھا کھانا کھایا چھوڑ دیا آرام کیا چند گھنٹے میں گجرات پہنچ گیا۔ ناشتہ ایک ہندو کی دکان پر کھا ازاں بعد سیدھا شادیوال اپنے دوست کمال کے گھر آیا۔ کمال کی والدہ چوکھے پر بیٹھی بہت کام کر رہی تھی۔ بھولے نے سلام کیا اور پوچھا "میرا دوست کمال کہاں ہے نظر نہیں آ رہا؟"

"وہ تو بمبئی میں ہوتا ہے۔" کمال صاحب کی والدہ نے جواب دیا۔

"مجھے اس کا پتہ چاہیے۔"

بھولے نے کمال صاحب کی والدہ صاحبہ کو موجودہ صورت حال سے آگاہ کیا پھر کمال صاحب کی والدہ صاحبہ نے بھولے کو کمال صاحب کا Bombay کا پتہ دیا۔ بھولا گجرات واپس لوٹا ہندو دوکاندار کے ہاتھ گھی اٹھارہ روپے میں فروخت کیا۔ ازاں بعد اٹھارہ روپے کرائے نے کا ٹکٹ گجرات سے بمبئی تک جانے کا لیا۔ دو دن اور دو راتیں راستے میں ریل گاڑی کے سفر میں گزر گئیں۔ وہ فرنٹیئر میل میں سوار ہوا جو پشاور سے بمبئی تک جاتی تھی۔ ایک طویل سفر کے بعد Bobmay Victoria Railway Station پر جب اترا وہاں سے ایک رکشہ جو انسانوں میں آدمی کھینچتا تھا والے سے پوچھا "میں نے محمد علی روڈ زکریا مسجد کے پاس جانا ہے۔"

"جانی چار آنے کرایہ لونگا بیٹھ جا ایک سواری اور آ لینے دو۔ کس سے ملنا ہے؟" رکشہ والے نے کہا۔

"میرے شہر کا رہنے والا ہے اس کا نام مصطفیٰ کمال ہے بس اسی کے پاس جانا ہے۔" رکشہ والا مصطفیٰ کمال کو بخوبی جانتا تھا۔ بھولے سے مذاق کیا "فرسٹ کلاس، سیکنڈ کلاس یا تھرڈ کلاس میں جاؤ گے؟"

بھولے کو اس بات پر حیرت ہوئی کہ ایک چھوٹے سے رکشہ میں تین کلاسیں کیسے ہونگی لہذا اس امر کی وضاحت چاہی۔

"فرسٹ کلاس یہ ہے کہ سڑک پر پتھر وغیرہ مارونگا۔ کھڈوں، گڑھوں سے بھی بچاؤنگا تاکہ تمہیں ٹھوکر وغیرہ نہ لگے سیکنڈ کلاس یہ ہے سڑک پر پتھر تو ماروں گا لیکن کھڈے، گڑھے نہیں بچاؤنگا۔ ہو سکتا ہے تمہاری کوئی ہڈی پسلی ٹوٹ جائے میں جواب دہ نہیں ہونگا۔ تھرڈ کلاس یہ ہے میں سڑک پر بیٹھوں گا اور تم رکشہ چلاؤ گے۔"

"چلو پھر تم ہی سواری بن جاؤ میں رکشہ کھینچونگا۔" بھولے نے سوچ کر جواب دیا۔

"تم کمال کے کیا لگتے ہو؟" رکشہ ڈرائیور نے پوچھا۔

"میں اس کا کلاس فیلو تھا۔"

"چلو یار پھر رکشہ میں بیٹھو۔ تم تو اپنے ہی نکلے۔"

زکریا مسجد کے پچھواڑے ایک بڑا دروازہ نصب تھا جو کہ "پنجابی لاج" کے نام سے مشہور تھا۔ لاج میں پنجابی کثیر تعداد میں آباد تھے۔ درمیان میں چار نلکے لگے ہوئے (پانی میونسپل کمیٹی کے گھر سے کافی پریشر سے آتا) 16 کمرے تعمیر شدہ تھے۔ چار کمروں میں مقیم افراد وایک نمبر کے بدمعاش تھے اگر ایک نلکہ خالی پڑا رہے تو کوئی جرات نہ کرتا کہ اسے استعمال کرے۔ ہاں البتہ اجازت لیکر پانی لیا جا سکتا تھا اور پانی چوبیس گھنٹے موجود رہتا۔

رکشہ والا بھولے کو ساتھ لیکر وہاں پہنچ گیا۔ بھولے نے کمال کے ایک دوست قمرالزمان (جسے لوگ Q.Z Khan کے نام سے جانتے) جو ایک پرائیویٹ فرم میں مقیم اور نہایت دیانتدار تھا، سے پوچھا "کمال کہاں ہے؟"

"وہ نہا رہے ہیں۔" قمرالزمان نے جواب دیا۔

یہ آواز کمال نے سنی کہ کوئی آدمی اسکے متعلق پوچھ رہا ہے۔ کمال نے نہانے کے دوران اُچٹتی نگاہ سے دیکھا مگر کچھ سمجھ نہ سکا

Marfat.com

کہ یہ کون شخص ہے۔ جب کمال نہا کر باتھ میں بالٹی، صابن اور مگا لیے باہر آیا تو پتہ چلا کہ یہ اس کا دوست جھولا ڈوگر ہے۔

''چلو پہلے تم بھی نہا لو اور کپڑے وغیرہ تبدیل کر لو۔ یہاں تہمند استعمال کرنے کا رواج نہیں۔ میں تمہیں پاجامہ دیتا ہوں۔''
کمال نے اپنے دوست جھولا کی پذیرائی کی۔ اب جو جھولا نے نہا دھو کر پاجامہ کرتا پہنا تو اس لباس میں بہت خوبصورت نظر آیا۔ کھانے کے بعد جھولا نے کمال کو بتایا ''صورت حال نہایت تشویش ناک ہو چکی ہے اور اب میری جان کو بھی خطرہ ہے لہٰذا اللہ تعالیٰ اور تمہاری پناہ میں آ گیا ہوں۔''

اتوار چھٹی کا دن تھا رات کے لیے جھینگے کا پلاؤ پکایا گیا یہ پلاؤ عبدالسلام بہاری نے پکایا جس کا باپ بھی ایک انگریز کا باورچی رہ چکا تھا۔ بہر حال نہایت مزیدار پلاؤ بنایا گیا جو سب نے مزے لے لے کر کھایا۔ کھانے کے بعد بیٹھ کر اور گپ شپ ہوتی رہی۔ اسی دوران قمرالزماں نے کہا ''کل میں جھولے کو اپنے سیٹھ کے پاس لے جاؤں گا کیونکہ انھوں ایک ڈرائیور کی ضرورت ہے جو خوبصورت اور صحت مند ہو۔''

دوسرے روز Q.Z. Khan تو واپس آ گیا مگر جھولا نہ آیا اس کا مطلب تھا کہ سیٹھ نے جھولا کو اپنے ہاں رکھ لیا ہے۔ پہلے اس کا لائسنس بنوا دیا گیا۔ ٹریننگ میں جھولے نے ایک ماہر نشانہ باز کی زیر نگرانی ایک سو گولی بھی چلائی۔ تب استاد نے جھولا کی نشانہ بازی پر اطمینان کا اظہار کر دیا اور اسے پستول کا لائسنس بھی مل گیا۔ اب جھولا ڈرائیونگ بھی سیکھ گیا۔ اس کے لیے اسے روزانہ آدھ گھنٹہ ٹریننگ دی جاتی۔ اس دوران میں پٹرول دس آنہ فی گیلن ہوا کرتا۔ کوئی سو روپے خرچ ہوئے اور جھولے کو ڈرائیونگ لائسنس مل گیا۔

قریباً ایک ماہ بعد جھولا پنجابی لباس میں اپنے دوستوں کے پاس واپس لوٹا جبکہ کہ وہ پتلون میں ملبوس تھا اور Hillman گاڑی میں آیا۔ جبکہ نہایت صحت مند تھا۔ بمبئی میں اپنے سیٹھ کے ساتھ گھومنے پھرنے کے دوران کافی بارعب اور وقار شخصیت کے روپ میں دیکھا گیا اور سارے بمبئی سے واقف ہو چکا تھا۔

ایک دن جھولا گاڑی میں اپنے کمال ہوسٹل میں وارد ہوا۔ یہ اتوار کا دن تھا جھولے نے کہا ''میں اپنے سیٹھ سے اجازت لے کر آیا ہوں کہ اپنے بھائی کو بمبئی کی سیر کراؤں۔ گاڑی میں چار گیلن پٹرول ڈلوایا ہوا ہے۔ چلو میں تمہیں کلیان کی سیر کراتا ہوں۔'' کلیان بمبئی سے چالیس میل کے فاصلے پر واقع ہے۔ وہاں ایک پہاڑی پر حاجی ملنگ بابا کا مزار ہے مگر متولی ہندو ہیں۔ روزانہ ہر مذہب کے لوگ دور دراز علاقوں سے زیارت کے لیے حاضری دیتے ہیں مزار شریف تک رسائی کے لیے نصف میل کے فاصلے تک سیڑھیاں تعمیر کرائی گئی ہیں اس مزار سے آدھ میل اوپر کالی دیوی کا مندر ہے جو کہ ایک غار میں واقع ہے یہاں سیڑھیوں کی ضرورت پیش نہیں آتی۔ حاجی بابا کے مزار تک جانے کے لیے سیڑھیاں اردگرد گھوم کر اوپر کی طرف چڑھتی ہیں۔

جھولے نے کمال اور Q.Z. Khan کے ساتھ حاجی ملنگ بابا کے مزار پر حاضری دی ایک ہوٹل میں تینوں دوستوں نے دوپہر کا کھانا کھایا جس میں مچھلی نہایت مزیدار پکائی گئی تھی۔ اس کے بعد جھولے نے پورے چھ روپے ٹپ کے طور پر ادا کیے۔ اس کا اصول تھا کہ فی آدمی دو روپے اور جتنا چاہے مرضی کھانے کا بل ہو تو بھی دو روپے ٹپ ہوگا۔

کمال حیرت سے جھولا کی موجودہ صورت حال دیکھ رہا تھا کہ کہاں یہ اکلاس فیل جھولا ڈوگر اور کہاں بمبئی میں بہترین گاڑی میں سوار ایک بارعب جوان اعلیٰ شخصیت سے سیٹھ کی گاڑی چلانے سوٹ میں گھوم رہا ہے۔ اس قدر زبردست انقلاب صرف چند ماہ میں۔

یاد رہے کہ اس زمانے میں ایک Electric Deccan Queen ٹرین ہوا کرتی جو بمبئی سے کلیان، پونا، احمد نگر اور حیدرآباد جایا کرتی۔ روزانہ دو گاڑیاں تھیں۔ ایک بمبئی سے صبح چار بجے حیدرآباد کو جاتی اور دوسری یہاں سے بمبئی کے لیے صبح چار بجے روانہ ہوا کرتی۔ بہت خوبصورت گاڑی تھی۔ ٹرین کے چاروں طرف انجن لگے تھے اور ٹرین کے آخری ڈبے کے پیچھے والی تین فٹ چوڑی گیلری تھی۔ مسافر بیٹھے نہ تھے بلکہ گاڑی میں گھومتے پھرتے تھے۔ dining car اور bathrom بھی تھے۔ پوری ٹرین کے درمیان ہر ڈبے میں پانی، bathroom، کھانا کھانے کے لیے اپنی سیٹ سے بٹن دباؤ تو اگلی سیٹ کی بیک سے باہر آ جاتی۔ جس طرح جہاز کی سیٹوں میں ہوا کرتا ہے۔ ایک ہی کلاس ہوا کرتی۔ بمبئی سے حیدرآباد کا کرایہ 10 یا 15 روپے ہوا کرتا تھا۔ ایک ڈبے میں سامان رکھو ملازم چٹ دے گا سٹیشن پر اترو۔ چٹ دکھاؤ اور سامان والے ڈبے میں سے اپنا سامان لے لو۔ گاڑی کے ڈبے میں صاف

Marfat.com

ایک ہینڈ بیگ لے کر داخل ہو سکتے۔ جب اپنی سیٹ کے سامنے سے پردے کھینچو تو ایک شیشہ لگا ہوا ہے۔ اس کی مدد سے اپنی حجامت بنالو تمام اسٹیشنوں پر پلیٹ فارمز بالکل ٹرین کے ڈبوں کے لیول پر ہوتے۔ آرام سے پلیٹ فارم سے ڈبے میں داخل اور اتر جاؤ۔ یہ گاڑی جرمنی کی بنی ہوئی اور کافی تیز رفتار تھی۔

قریباً نو ماہ کا عرصہ گزرا کہ چھولا منڈیکا سے کمال کے پاس آیا اور ایک خط کمال کے ہاتھ پر رکھ دیا جو اس کے ماموں بزرگوار نے بھیجا تھا: ''تمہاری بہن صغریٰ کنوئیں سے پانی بھرنے کے لیے آرہی تھی کہ راستے میں شریکوں (دشمنوں) کے چار آدمی بیٹھے ہوئے تھے۔ انہوں نے صغریٰ کو اغوا کر لیا اور کہا اب تم نے اسی گھر کا پانی بھرنا ہے مولوی صاحب کو بلایا گیا مگر اس نے نکاح خوانی سے انکار کر دیا اور کہا کہ جب تک اس لڑکی کا کوئی سرپرست یعنی ماں، باپ، بھائی اجازت نہ دے نکاح نہیں ہو سکتا۔ اس پر انہوں نے مولوی کو دھمکی دی۔ جو اس کے سرپرست ہیں اس کا باپ فوت ہو چکا ہے بھائی بھاگ گیا ہے۔ تم نکاح پڑھو ورنہ۔۔۔''

مولوی بیچارہ رعب میں آ گیا لہذا مولوی نے چاروناچار ایک لڑکے سے نکاح پڑھا دیا۔ ماموں نے جو خط لکھا کہ بیٹا تم وہاں خوش رہو میں تمہیں بری خبر سنا رہا ہوں۔ صغریٰ کو وہاں سے ملنے کی اجازت ہے اور اس کو سمجھایا گیا ہے والدہ کی خدمت کرو ہم لوگ تمہارے رشتہ دار ہیں تمہیں روٹی کی کمی نہیں کریں گے اگر تمہاری والدہ کو کسی قسم کی مدد یا ضرورت ہے تو ہم تعلقات برادری کے طور پر پوری کرنے کے لیے تیار ہیں۔ میں دو دفعہ گاؤں جاتا ہوں تو صغریٰ اپنے ارمانوں کا تقاضہ کرتی ہے کہ میں ڈولی میں بیٹھ کر نہیں گئی۔ ماموں نے سر پر ہاتھ نہیں پھیرا ماں نے سر پر ہاتھ نہیں رکھا اور بھائی نے باقاعدہ رخصت نہیں کیا۔ حالانکہ میں اپنے منگیتر سے بیاہی گئی ہوں مگر شہنائیوں کی گونج سے محروم رہی۔ باقی ہم راضی خوشی ہیں تمہاری والدہ صاحبہ (میری بہن) دو دفعہ ان کے گھر میں راضی خوشی گئی ہے۔ انہوں نے عزت سے بٹھایا مگر بیٹا تم ابھی نہ آؤ تو بہتر ہے ہم ابھی ان لوگوں کو مزید دیکھیں پرکھیں گے۔ جب حالات ہماری مرضی کے مطابق سازگار ہوئے تو تب خط لکھیں گے اور تم چلے آنا۔

کمال نے کچھ سوچ کر چھولے سے کہا کہ ہم ابھی پختہ شعور کے حامل نہیں لہذا اپنے سیٹھ صاحب سے مشورہ کر لو۔ وہ تمہیں اپنے بیٹے کا پیار دیتے ہیں۔ کچھ عرصہ بعد چھولا سیٹھ صاحب سے مل کر اور اجازت لیکر کمال کے پاس پنجابی لاج پہنچا اور کہا:

''کل میں گجرات اپنے گاؤں جا رہا ہوں۔''

''دیکھو وقت جو ہونا تھا ہو چکا اب لڑائی جھگڑا کرنے سے گریز کرنا خاموشی سے گھر جاؤ۔ اپنی چھوٹی بہن کے سر پر ہاتھ رکھو اور بہنوئی سے مل کر خیر و عافیت واپس آ جاؤ'' کمال نے چھولے کو سمجھایا۔

سیٹھ نے نو مہینے کی تنخواہ بشرح چالیس روپے ماہوار دیدی۔ کھانا پینا اور رہائش کی سہولیات مفت میسر تھیں۔ تنخواہ کے علاوہ ایک سو روپے بہن کیلئے نقد دیئے علاوہ ازیں تین تھان اچھی قسم کے کپڑے کے بھی، اور سیٹھ نے پوچھا ''گجرات سے تمہارا گاؤں کتنی دور ہے؟''

''بارہ میل کے فاصلے پر واقع ہے'' چھولے نے بتایا۔

''گاؤں تانگے پر جاؤ گے؟''

''جی ہاں۔''

اس پر فہمائش کی ''گجرات سے گاؤں تک سالم تانگہ پر جاؤ۔ دو ٹوکرے مٹھائی اور دو ٹوکرے فروٹ کے لے دیئے۔ پچاس روپے سیٹھ نے اور دیئے کچھ مزید پچاس روپے بمبئی سے گجرات تک کرایہ بھی دیا۔ سیدھے بہن کے گھر جاؤ سب گھر والوں کو درجہ بدرجہ سلام کرنے کے بعد ایک سو روپے بہن کی ہتھیلی پر رکھ دو۔ مقامی رسم و رواج کے مطابق بہنوئی کے ہاتھ میں بھی سلامی تھما دو اور دست بستہ ہو کر کہنا کہ ہم سے کوئی غلطی ہوئی ہے تو معاف کر دو یہ کہ اب ہم ایک ہو گئے ہیں مجھے خوشی ہے کہ شام سے پہلے ہی آپ نے میری ہمشیرہ سے نکاح پڑھوا دیا ہے۔ میں بہت مشکور ہوں اور شام کا کھانا میرے گھر پر ہی کھائیں۔''

گاؤں میں جب چھولا سالم تانگہ پر سوار داخل ہو رہا تھا تو شریکوں نے دیکھا کہ بڑی آن بان سے چھولا سالم تانگہ پر آ رہا ہے۔ پچھلی سیٹ بھی ہوا سے میں نمایاں اور سامان سے لدا پھندا تانگہ کا رخ انہیں شریکوں کے گھر کی طرف ہی ہے وہ فصلیں کھلیانوں میں

Marfat.com

سنبھال رہے تھے سب کچھ چھوڑ کر جس کے ہاتھ میں جو کچھ آیا لاٹھی وغیرہ وہ آیا تشویش ناک انداز میں گھر کی جانب بھولا کی طرف بھاگ کھڑے ہوئے لیکن جب شریک گھر میں داخل ہوا تو توقع کے خلاف نقشہ مختلف تھا۔ بھولا نے اپنی بہن کے سر پر ہاتھ رکھا ہوا تھا اور سو روپے زمین پر پڑے ہوئے تھے جو کوئی بھولا کے نزدیک آتا تو بھولا انکساری سے جھک کر سلام کرتا اور گرمجوشی سے ملتا۔ اس کے تیور حوصلہ افزا اور خیر سگالی کی علامت تھے تاہم اسی دوران بھولا کی والدہ صاحبہ کو کسی نے خبر کر دی کہ بھولا پستول لیکر بہن کے گھر گھس گیا ہے۔ وہ بیچاری چیختی چلاتی وہاں پہنچی تو صورت حال مختلف اور خوشگوار تھی۔ سب نے خیر سگالی کے انداز میں سلام کیا اور بھولے کے ماموں جان کو بھی اس کے آنے کی اطلاع دی گئی وہ بھی ڈوگہ گاؤں پہنچ چکا تھا۔

بھولے کے ماموں کا ایک جوان لڑکا ڈوگہ میں اپنی بہن کے گھر موجود تھا جو ذبح کیا گیا اور روایتی انداز میں گوشت روٹی اور بڑے چاول پکے اور 13 اشخاص کھانے بیٹھے بلائے گئے جبکہ گاؤں کے دیگر لوگ بھی جمع ہو گئے کیونکہ بہت بڑی تقریب منعقد کی گئی تھی اور گزاری نہ آ رہی تھی۔ صورت حال یوں تھی کہ بھولا کی شادی فاطمہ نامی لڑکی جو صغری کے سسرال والے گھر کی بیٹی تھی بھولا کی بہن سے بہ عوض میں اس کے ساتھ طے تھی رسم نکاح کے سلسلہ میں کھانے کا اہتمام کیا گیا۔ جب تک اس نکاح خواں نے بھولا اور فاطمہ کا نکاح نہ پڑھایا کھانے کیلئے کسی پلیٹ سے نوالہ نہ اٹھایا گیا۔

کچھ دنوں بعد بھولا اپنی بیوی فاطمہ کے ساتھ گجرات سٹیشن پہنچا تو قریباً تیس آدمی اسے الوداع کہنے آئے اور بھولے نے ایک دیسی خالص گھی کا کنستر بطور تحفہ اپنے سیٹھ صاحب کیلئے گاڑی میں بک کروایا۔ بمبئی پہنچ کر فاطمہ سیٹھ کے گھر بیوی کی خدمت کرنے لگی جبکہ بھولا اپنی معمول کی ڈیوٹی سرانجام دیتا۔ پچیس سال بھولے نے بمبئی میں گزارے۔ جب واپس اپنے گاؤں آیا تو اس کے لڑکے جوان ہو چکے تھے گاؤں آ کر چند کنال مزید زمین خریدی اور آرام سے زندگی بسر کرنے لگے۔ قریباً گذشتہ دس سال سے بھولا اپنے گاؤں ڈوگہ میں فوت ہو چکا ہے جبکہ اس کی بیوی فاطمہ بھولا کی زندگی میں ہی فوت ہو گئی تھی۔

بھائی چارہ

1930 میں گورنمنٹ انڈسٹریل سکول کابلی دروازہ گجرات میں ماسٹر چونی لال صاحب ہندو ہوتے ہوئے بڑے اچھے خلیق انسان تھے ہر بچہ یہی محسوس کرتا کہ صرف اور صرف اس سے ہی زیادہ پیار کرتے ہیں۔ اکثر اوقات وہ کلاس میں یہ اشعار پڑھا کرتے تھے۔

"کچھ ہاتھ سے ہو زرباف تو ایم اے لوہار ہو
دیکھئے پھر ملک میں کیسی بہار ہو"
"کس ملک کی جس نے حالت سنواری
وہ ہے دستکاری، وہ ہے دستکاری"
"عزت قوم کی چاہتے ہو اگر
تو اس میں جا کر پھیلاؤ علم و ہنر"

ماسٹر چونی لال صاحب اپنے تجربے کے لحاظ سے اکثر اوقات کہا کرتے کہ موجودہ تعلیم سے نظام سے بچہ پڑھ لکھ کر نکما ہو جاتا ہے۔ یہ نظام تعلیم ہندوستان کیلئے سود مند نہیں تعلیم کے ساتھ ساتھ ہنر بھی بچوں کو سکھایا جانا چاہئے۔ وہ یہ کہا کرتے کہ اگر رات کو چارپائی کی چول ٹوٹ جائے تو ایم اے پاس آدمی چول تک نہیں لگا سکتا اسے کسی اور آدمی کی مدد درکار ہو گی۔ چونی لال نے ایک دلچسپ واقعہ سنایا "میرا باپ سر پر گٹھڑی اٹھائے گاؤں گاؤں قریہ قریہ پھیری لگانے جایا کرتا۔ چونکہ مجھے سکول سے چھٹیاں تھیں اور میں فارغ تھا مجھے باپ نے اپنے ساتھ پھیری پر چلنے کی ترغیب دی کیونکہ فارغ رہنے سے وقت ضائع ہوتا ہے لہذا تم میرے ساتھ چلو اور پھیری کا کام سیکھ لو۔"

پھیری لگاتے ہوئے شام کو ہم ایک گاؤں کے قریب پہنچے تو وہاں ایک صحت مند بوڑھا زمیندار اپنے کنوئیں سے کھیت کو پانی

رہا تھا۔ میرے والد صاحب نے پوچھا کہ مہاراج ہم نے رات بسر کرنی ہے اور یہ مال بھی پاس ہے اور ہم باپ بیٹا ہیں بوڑھے زمیندار نے کہا کہ فکر نہ کرو گاؤں آباد ہے اس حویلی میں چلے جاؤ۔ وہاں میرا بیٹا گوپال موجود ہے وہ تمہاری دیکھ بھال کرے گا۔ میں بھی فارغ ہو کر ابھی حاضر ہوتا ہوں چنانچہ ہم حویلی میں داخل ہوئے تو ایک نوجوان ہمارے پاس آن کر آداب بجا لایا اور ہمارے لئے چارپائی بچھائی۔ گرمیوں کا موسم تھا چنانچہ کنوئیں سے پانی نکال کر حوض میں ڈالا اور ہمیں نہانے کی ترغیب دی۔ ہم نہا کر نکلے ہی تھے کہ بڑے میاں آ گئے (بڑے میاں جو کہ گاؤں کے مکھیا تھے جسے عرف عام میں نمبردار کہا جاتا) اور انہوں نے اپنے بیٹے کو اونچی آواز میں مخاطب کیا کہ مہمانوں کو دودھ وغیرہ پیش کیا ہے یا نہیں؟ بیٹے نے بتایا کہ ابھی نہا کر نکلے ہیں۔ دودھ وغیرہ کٹورہ اور گلاس چارپائی کے پاس رکھے ہوئے ہیں پھر بڑے میاں نے بیٹے کو کہا کہ گھر جاؤ اور دو آدمیوں کے کھانے کا بندوبست کرو۔ رات کو بڑے میاں نے میرے والد صاحب کو ایک واقعہ سنایا جو کچھ یوں ہے۔

”تھوڑے عرصے کی بات ہے دو ماہ پہلے ایک شخص سوار اپنے گھوڑے پر کپڑے لادے ہوئے آیا اور آپ کی طرح زمین میرے کھیت سے پوچھا مہاراج رات بسر کرنے کے لئے کچھ انتظام ہو جائے گا۔ دیکھئے میرے پاس گھوڑا بھی ہے اور سامان بھی اسی طرح میں نے کہا کہ گاؤں آباد ہے میری حویلی میں چلیں میرا بیٹا آپ کی دیکھ بھال کرے گا۔ مہمان مجھ سے پہلے آ گیا تو بھگت کی اور پہچان بھی لیا کہ آنے والا مہمان مسلمان ہے۔ میں نے حویلی پہنچتے ہی اپنے بیٹے کو رشیدن خاں تیلی کو بلانے کیلئے کہا تاکہ مسلمان مہمان کا مسلمان کے گھر سے ہی کھانے کا بندوبست کیا جائے۔ رشیدن خاں آ گیا تو گلوٹا کالا بدن پہنے حجامت بڑھی ہوئی اور ایک گندا سا رومال جس سے غالباً وضو وصاف کرتا ہوگا کندھے پر ڈالے ایک غریب بہت کنگالی حالت میں آ کر مہمان کو سلام عرض کیا میں نے کہا کہ ہمارے گھر سے کچا سودا لے جاؤ چاول، پیاز، دودھ، گھی وغیرہ لے جاؤ اور اپنے گھر سے کھانا تیار کر کے لاؤ۔ اس نے کہا کہ مہاراج بڑی مدت کے بعد اس حویلی میں مسلمان مہمان آیا ہے آپ فکر نہ کریں میں خود اپنے گھر سے کھانا اور ناشتہ وغیرہ لے آتا ہوں۔ آپ فکرمند نہ ہوں میں اچھا کھانا وغیرہ لاؤں گا۔ چونکہ میں نے اس کو دودھ وغیرہ دینے کی ترغیب دی تو رشیدن خاں نے کہا میں دودھ بھی اپنے گھر سے لاؤں گا میرے گھر میں دو اچھی دودھ دینے والی گائیں موجود ہیں۔ مہمان کے دل میں ایک دفعہ تو اس خیال نے ضرور سر اٹھایا ہوگا کہ یہ خود کتنا گندا ہے تو اس کی بیوی بھی گندی ہوگی لیکن جب وہ صاف ستھری طشتری میں کھانا وغیرہ لایا تو برتن کی چمک دمک دیکھ کر اور کھانے کی لذت سے آشنا ہوا تو گھر والی کے سلیقہ اور نفاست سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکا لہذا اس نے خوب پیٹ بھر کر کھانا کھایا اور اس قدر لطف اندوز ہوا کہ اس نے رشیدن خاں کو چند روپے دینے چاہے مگر اس نے ایسے ہاتھ پیچھے کر لئے جیسے کسی بچھو نے کاٹ لیا ہو اور ہاتھ باندھ کر عرض کیا کہ میرے تو نصیب جاگ اٹھے ہیں کہ آپ نے مجھے یاد کیا۔ دائیں بھی مسلمان اور بائیں بھی مسلمان۔ معلوم ہوتا ہے میری قسمت اچھی تھی جو آپ کی خدمت کرنے کی سعادت نصیب ہوئی۔

”رات کو میرے پاس بہت سے آدمی آئے کچھ قرضہ دینے گئے اور کچھ قرضہ لے کر چلے گئے۔ اسی طرح ٹھاکر کا چھوٹا بھائی موتی لال بھی آیا۔ اس نے پوچھا کر بتایا کہ یہ میرا چھوٹا بھائی ہے اور اس کے زیادہ بچے ہیں میرے تو صرف دو بچے ہیں چند دنوں سے ہمارے درمیان جھگڑا چل رہا ہے اور جھگڑے کی نوعیت یہ ہے کیونکہ میرے صرف دو بچے ہیں میری مرضی ہے کہ میرا چھوٹا بھائی جو کہ زیادہ عیال دار آدمی ہے فصل سے دو حصے لے جائے اور مجھے جس کے کم بچے ہیں ایک حصہ دے لیکن یہ نہیں مانتا اور اس کی ضد یہ ہے کہ تم مکھیا ہو تمہارے بچے اگرچہ کم ہیں مگر مہمان داری بہت زیادہ ہے سرکار سے جو بھی آتا ہے وہ تمہارا مہمان ہوتا ہے تھانیدار، تحصیلدار اور پٹواری وغیرہ آئیں تو تمہارے پاس کوئی راہگیر مسافر آئے تو بھی تمہارے پاس لہذا دو حصے تم لے جاؤ۔ یہ تنازعہ ہے ہم دونوں بھائیوں کے درمیان لہذا ہم دونوں بھائیوں نے فیصلہ کیا ہے کہ تم نہ تو ہماری ذات برادری سے ہو اور نہ ہی اس گاؤں کے لہذا تم کو ہم نے منصف مان لیا ہے جو تم فیصلہ کرو ہمیں منظور ہوگا۔

”مہمان مسافر نے کہا ایک رسی لاؤ اور مجھے وہ اناج دکھاؤ جس کی تقسیم ہونی ہے۔ ہم اس کے ساتھ کمرے میں لے گئے رسی سے اس نے اناج میں پیمائش کی پھر درمیان میں اس نے نشان لگایا اور ہم دونوں بھائیوں کو ڈلیں لانے کیلئے کہا۔ ہم دونوں بھائیوں نے ڈلوں سے اپنا اپنے حصہ کا اناج ڈھونا شروع کر دیا جو بھائی پہلے آتا وہ ایک ڈل بھر کر اپنے بھائی کے حصہ کے اناج میں

Marfat.com

ڈال دیتا اور ایک بھر کے لے جاتا اور مجھے دست بستہ عرض کرتے ہم نے آپ کا حکم مان لیا۔ آپ بھی ہماری گذارش قبول کریں اور اسے اس ڈل جو میں نے بھائی کے حصہ میں ڈالی ہے نہ بتا میں بعینہ دوسرا بھائی بھی یہی طریق کار اپنائے ہوئے تھا ایک بتا میرا بھائی اس کے بچے زیادہ ہیں اور دوسرا کہتا اُس کا خرچہ زیادہ ہے لہذا اسطرح دونوں بھائی ایک دوسرے کا احترام کرتے اور خیر خواہی کا خیال رکھتے اپنے حصہ سے زیادہ دوسرے کے حصہ میں ڈل بھر کر ڈال جاتا اور دونوں بھائی اس غلطی میں مبتلا رہتے کہ دوسرا بھائی مجھ سے زیادہ لے گیا ہے۔ حالانکہ دونوں نے ایک جتنا ہی حصہ لیا اور مزید سادگی دیکھئے کہ دونوں کے ایک جتنے بھرے (غلہ ذخیرہ کرنے کا برتن) بھر گئے حالانکہ حساب کی رو سے ایک کا آدھا ہونا چاہیے تھا مگر ان کا خیال تھا کہ انصاف کرنے والے کی برکت سے بھڑولے بھر گئے ہیں۔"

وائے حسرت اس دور میں ہماری قوم میں چراغ لیکر ڈھونڈیں تو کہیں سے بھی ان جیسے بھائی نہیں ملتے۔

عورت کی عیاری

منڈی بہاؤالدین جو پہلے گجرات ضلع کی تحصیل مختص تھی۔ اب ضلع بن چکا ہے وہاں کا رہنے والا ایک خوبصورت قد آور گبرو نوجوان جو کہ شادی شدہ تھا، لاہور میں بطور ڈرائیور ایک سرکاری آفیسر کی کار چلانے پر مامور کیا گیا۔ ایک سال کا عرصہ گزر گیا اسے اپنے گھر آنے کی چھٹی نہ ملی۔ جب بھی ڈرائیور نے اپنے صاحب سے چھٹی کی درخواست کی تو صاحب فرماتے "بیگم سے پوچھ لو" کیونکہ اکثر اوقات وہ بیگم کی خدمت میں لگا رہتا۔

دن گزرتے گئے اور ڈرائیور کی چھٹی کا اتوار میں رکھا جانے لگا ایک دن اس نے دل برداشتہ ہو کر بیگم صاحبہ سے چھٹی کی سفارش کی جسارت کر ہی ڈالی "صاحب سے ایک ہفتہ کی چھٹی دلا دیں تاکہ میں اپنی بیوی سے مل سکوں۔" لیکن بیگم صاحبہ نے ٹال مٹول سے کام لیا۔

ایک دفعہ بیگم نے اسے اندر بلایا اور اس کو صوفہ پر بیٹھنے کی ترغیب دی وہ بیچارا گھبرا گیا کیونکہ وہ بیگم صاحبہ کے سامنے صوفہ پر بیٹھنے سے ہچکچاتا رہا لیکن بیگم نے اس کو صوفہ پر بیٹھنے بیٹھنے نادر شاہی کا حکم سنا دیا۔ اب حکم عدولی کی جرات ممکن نہ تھی صوفہ پر بیٹھنا ضروری امر تھا لہذا ناچار بیٹھ گیا اب بیگم صاحبہ جو کہ ایک سے طریق عمل مزین تھی اس خوبرو جوان کے ساتھ جب بیٹھی تو ہر دو جوان تھر تھر کانپنے لگا اور ڈر رہا کہ بیگم صاحبہ سے دور ہٹنے لگا کہ معاملہ کوئی نازک صورت اختیار کر گیا تو کیا کروں گا۔ لیکن بیگم صاحبہ کوشش کرتی رہی کہ اس کو بیرا شوقین جوان ڈرائیور ملازم یکطرف کرنے میں پیش پیش تھیں لیکن اس ریگستان کو سیراب کرنے کی کوشش کا اختتام پذیر ہوئی اور وہ اٹھ کھڑا ہوا اور گھبرا کر باہر جانے کا ارادہ کرنے پر بیگم صاحبہ نے حکم دیا "ٹھہرو اور میرے سامنے کھڑے ہو جاؤ۔" اب حکم کی بجا آوری سے اجتناب کی جسارت اس میں نہ تھی۔ سب کچھ کے عالم میں کھڑا ہو گیا ایسے میں مسکراہٹ کے دوران بیگم صاحبہ نے پوچھا "آخر چھٹی لیکر کیا کرو گے بیوی کے پاس جا کر بیٹھے رہو گے کیا جواب دو کہ کیا لینا ہے؟" بیگم نے اپنی نفسانی خواہش کا برملا اظہار کر دیا مگر وہ ایک سیدھا سادہ دیہاتی کانپتے ہوئے باہر نکل گیا۔

دوسرے دن بیگم صاحبہ ایک سہیلی کے پاس جانے کا بہانہ کر کے اپنے شریف ڈرائیور کے ساتھ کار پر نکل کھڑی ہوئیں اور باتوں باتوں میں پوچھا "میں تو تمہیں دلی محبت کرنے لگ گئی ہوں تم جوان اور سرو قد سڈول بدن جوان ہو اور اتنے کیوں شرمیلے ہو؟"

ڈرائیور نے کوئی جواب نہ دیا اور نہایت خاموشی سے کار ڈرائیو کرتا چلا گیا مگر بیگم کا سہیلی کے ہاں جانا محض بہانہ تھا بہر صورت تھوڑی دیر شاپنگ کر کے واپس لوٹ آئی اور ڈرائیور کیلئے اعلیٰ وائلٹ کی بوشرٹ خرید لائی جو کار میں بیٹھنے کے دوران ہی دے دی جب کوٹھی کے قریب پہنچی تو کہنے لگی "تم تو باہر کے رہنے والے ہو جہاں کے جوان جوانمردی میں مشہور ہیں میں تمہاری بیوی سے کم خوبصورت نہیں ہو سکتی اور پھر تم بھرپور جوان بھی ہو لہذا میرے ہو جاؤ۔"

چند دن گزرنے کے بعد صاحب کو سرکاری کام کے سلسلے میں کوئی ایک ہفتہ کیلئے اسلام آباد جانا پڑا۔ بیگم نے اس موقع کو غنیمت جان کر گھر کے باقی ملازمین کو ادھر ادھر کام کے بہانے بھیج دیا مگر ڈرائیور کو وہیں رہنے کا حکم صادر کیا۔

Marfat.com

رات وتھوڑی دیر بعد ہی بیگم صاحبہ کی اپنے بیڈروم سے کراہنے (ہائے، ہائے) کی آواز آنے لگی اور سر پر کس کر دوپٹہ باندھ رکھا تھا۔ میں نے ڈرائیور کو ... سے آواز دی "سب لوگ کہاں مر گئے ہیں مجھے سخت سر درد ہو رہی ہے کسی کو میری تکلیف کا احساس نہیں ڈرائیور پتہ نہیں کہاں دفع ہو گئے ہیں تم ذرا اندر آؤ اور تھوڑی دیر کیلئے میرا سر دبا دو۔"

اب بیگم صاحبہ اپنے بستر میں دراز ہو گئیں جب وہ سر دبانے لگا تو کہنے لگیں "میری ٹانگوں میں بھی جان نہیں ہے پتہ نہیں کیا ہو گیا ذرا انہیں بھی دبا دو۔" اس نے جب پنڈلیاں دبانا شروع کر دیں تو کہا "ذرا اوپر کی طرف اور ذرا اوپر، اوپر کی گردان پر" وہ مخصوص مقام تک پہنچ گیا۔ جوان آدمی تھا پھسل گیا اور بیگم نے تو یہ سارا ڈرامہ اسی لئے سٹیج کیا تھا۔ بس کیا تھا بیگم صاحبہ کو جب بھی موقع میسر آتا ڈرائیور کو بلا لیتیں۔ اب صورت حال یہ تھی کہ نوجوان ڈرائیور موقع کی تاک میں رہتا۔

عشق اور مشک چھپائے نہیں چھپتے۔ ملازموں نے حسب پھر شروع کر دی۔ صاحب بھی کافی دن پہلے دورے سے واپس آ چکے تھے۔ انہیں بھی شبہ ہو گیا مگر سمجھدار آدمی تھے جب تک اپنی آنکھوں سے دیکھ نہ لیتا، کیسے یقین کرتا۔ بالآخر ایک روز انہیں قابل اعتراض حالت میں دیکھ لیا۔ صاحب نے تو فوراً ڈرائیور کی ٹرانسفر راولپنڈی کر دی اور بیگم صاحبہ کو طلاق دیدی۔ اس کے علاوہ کوئی چارہ نہ تھا ... سے شورش بپا اور عمل خیر رہ گیا۔

ڈرائیور چونکہ ترقی پا چکا تھا۔ ادھر ادھر سے سن گن لیتا رہا اور بیگم صاحبہ کی تلاش سرگردانی سے جاری رکھی۔ بالآخر اسے پتہ چل گیا کہ بیگم صاحبہ کی شادی دوبارہ ایک بہت اعلیٰ عہدہ پر فائز آفیسر سے ہو چکی ہے جو کہ پشاور میں تعینات ہے عاشق نامراد وہاں بھی پہنچ گیا اور کوٹھی پر جا کر اطلاع دی کہ میں بیگم صاحبہ کا دیرینہ خادم ہوں اور ملنا چاہتا ہوں۔ میرا نام فلاں ہے بیگم صاحبہ کو اطلاع کر دیں۔ بیگم صاحبہ نے اسے اندر بلوایا اور اپنے شوہر نامدار سے تعارف کروایا۔ پھر تینوں نے ایک ہی میز پر بیٹھ کر کھانا کھایا ابھی کھانا ختم ہوا ہی تھا کہ صاحب کو کہیں سے جلدی پہنچنے کیلئے ٹیلیفون آ گیا۔ صاحب نے اپنے ڈرائیور کو گاڑی نکالنے کیلئے کہا اور کہیں چلا گیا۔

عاشق نامراد بیگم صاحبہ کو للچائی نگاہوں سے دیکھ رہا تھا اور اس امید پر کہ بیگم اسے دعوت عیش دیگی مگر بیگم صاحبہ نے سنجیدگی سے کہا "دیکھو میری شادی ہو چکی ہے میں اپنے خاوند سے راضی خوشی زندگی گزار رہی ہوں۔ میرے پہلے خاوند کے پلے کچھ نہیں تھا ... آئندہ اس بنگلے میں کبھی قدم نہ رکھنا۔" اس پر عاشق نامراد آہیں بھرتا ہوا واپس لوٹ آیا۔

اٹل فیصلہ

یہ ایک ایسے گاؤں کا واقعہ ہے جہاں بچوں کی پیدائش سے پہلے ان کی مائیں اپنے فرزندوں کو کیپٹن میجر وغیرہ کہتی ہیں اور وہ بڑے ہو کر شاذونادر ہی فوجی ملازمت ہی اختیار کرتے ہیں۔ وہاں دو بھائی تھے جنہوں نے جنگ عظیم دوئم میں حصہ لیا اور ایک بھائی honourary کیپٹن ریٹائر ہوا۔ دوسرا بھائی جنگ میں کام آ گیا اس لئے کیپٹن صاحب کی اولاد پڑھ لکھ گئی۔ ازاں بعد سول اور فوج کے اعلیٰ عہدوں پر فائز ہوئی جبکہ دوسرے بھائی کی اولاد معمولی تعلیم حاصل کر کے کوئی حسب روایات فوج میں سپاہی بھرتی ہو گیا اور کوئی تھوڑی بہت کھیتی باڑی کر کے گزر اوقات کرنے لگا۔ اب یہ بچے اس عمر کو پہنچ چکے تھے کہ ان کو شادی بیاہ کے بندھن میں جکڑا جائے جہاں ادھر ادھر رشتے ہونے تھے۔ وہاں کیپٹن صاحب کی شدید خواہش تھی کہ ایک دو شادیاں میرے بچوں کی میرے بھائی کے بچوں کے ساتھ ہو جائیں جو بظاہر نہایت مشکل مرحلہ تھا اور تو اور خود کیپٹن صاحب کے بچوں نے بھی اس جوڑ پر اعتراض کیا لیکن کیپٹن کے پایہ استقلال میں کوئی فرق نہ آیا حتیٰ کہ کیپٹن صاحب کی ہٹ دھرمی کی بھینٹ ایک ہونہار بیٹا چڑھ گیا تو اس نے باپ کے سامنے اپنی چھاتی پر بندوق رکھ کر خودکشی کر لی۔

اس دل گرفتہ سانحہ کے بعد اگرچہ باپ بیٹے کی محبت میں اندر سے ٹوٹ پھوٹ گیا لیکن فیصلہ اٹل رہا۔ باپ کا خیال تھا کہ اب میری ماں نے آنا ہے اور نہ ہی کوئی اور میرا بھائی پیدا ہو گا۔ یہ کس طرح ممکن ہے کہ میرے بچے تو خوشحال زندگی بسر کریں اور میرے بھائی کے بچے گاؤں میں کسمپرسی کی حالت میں حسرت سے تکتے رہیں۔ چنانچہ کیپٹن صاحب کے باقی بچوں نے کیپٹن صاحب اور ان کی مجبوری کے پیش نظر جذبے کی قدر کرتے ہوئے کیپٹن صاحب کی عظمت کو سلام کیا اور ان کے فیصلے کے سامنے سر جھکا دیا۔ پھر کیا تھا کیپٹن

Marfat.com

صاحب نے سب سے پہلے اپنے commissioned آفیسر بیٹے کی شادی اپنے بھائی کی سیدھی سادی ان پڑھ بیوہ بیٹی سے کر دی اور بیٹے کو ہدایت کی کہ یہ تمہارا فرض ہے کہ تم اس کی زمانہ حال اپنے مزاج اور خواہش کے مطابق تربیت کرو۔ یہ مقصد خوش اسلوبی سے حل کرنے کے بعد انہوں نے دوسرے فرض کی ادائیگی تک پہنچنے کا جذبہ دکھایا۔

چند ہفتوں بعد اپنی اعلیٰ تعلیم یافتہ بیٹی جو ایک اچھی ملازمت کر رہی تھی۔ اس کا بیاہ اپنے مرحوم بھائی کے بیٹے جو صرف میٹرک تک تعلیم یافتہ اور فوج میں صرف سپاہی تھا، کے ہاتھ میں دے دیا۔ اس بیٹی کو بھی ہدایت کی کہ اپنے شوہر کو مزید تعلیم کی طرف راغب کرو اور مجھے اللہ تعالیٰ کی ذات پر پورا یقین ہے کہ تم اس مشن میں کامیاب ہو گی۔

واقعی ہی مصطفیٰ کمال کے دیکھتے ہی دیکھتے اس نے پرائیویٹ طور پر ایف اے، پھر بی اے کیا اور بعد میں کراچی یونیورسٹی سے ایل ایل بی کیا۔ آجکل وہ ایک معتبر وکیل ہونے کے علاوہ آسودہ حال زندگی بسر کر رہا ہے۔

جس کی نیت صاف ہو اللہ تعالیٰ اس کو نہ صرف آخرت میں ہی جزا دیتا ہے بلکہ اس دنیا میں بھی سرخرو فرما دیتا ہے۔

اجازت

جب سے تحریک اہل قرآن شروع ہوئی تھی۔ قریبی گاؤں کے رہائشی چوہدری نبی بخش جو دنیاوی مال و دولت کے علاوہ فکری متانت سے بھی مالا مال تھے، نے اپنے نوکر جیون ماچھی سے کہا کافی عرصہ ہوا ہمارے گاؤں میں کوئی عالم دین تشریف نہیں لائے اور نہ ہی وعظ سننے کی سعادت نصیب ہوئی۔ چکڑالہ جاؤ اور فلاں عالم دین کو میری طرف سے مدعو کرو۔ نہایت عزت و احترام سے اپنے ساتھ لے آؤ۔

جیون ماچھی چوہدری صاحب کے حکم کی تعمیل میں جب مولوی صاحب کے پاس پہنچا اور چوہدری کا پیغام دیا تو عالم دین نے عزت کے ساتھ اپنے پاس چارپائی پر بٹھایا۔ باتوں ہی باتوں میں جانے کا وقت آن پہنچا۔ عالم دین نے خود گھوڑا کس کے اس کے ہاتھ تھما دیئے۔ جیون بار بار اپنی معمولی حیثیت کا اظہار کرتا رہا لیکن مولانا صاحب کا اصرار تھا کہ تم میرے مہمان ہو تمہاری خدمت مجھ پر فرض ہے۔ اس کے بعد مولانا صاحب نے کھانا کھلایا اور دیہاتی روایت کے مطابق مہمان کی مخصوص چارپائی کی پائنتی کی بجائے اس دوران گاؤں میں آئے مہمان کی عزت اور جیون جیسے معمولی نوکر کو مہمانوں کی طرح سرہانے کی طرف تکیے دے کر بٹھایا۔ رات بسر ہوئی اور دوسرے دن صبح نماز کے بعد روانہ ہونے پر سفر کی ابتدا کی اور ایک دفعہ پھر جیون سے مخاطب ہوئے "دیکھو گھوڑی موجود ہے لہذا ہم دونوں میں سے ایک آدمی ایک منزل تک سفر گھوڑی پر کرے گا اور دوسرا اس کی لگام تھام کر آگے آگے چلے گا۔" اب پھر اس موقع پر بھی جیون نے دہائی دی کہ میں تو آپ کا (نہایت معمولی نوکر) ہوں اور ہمارا کام ہی آپ لوگوں کی خدمت گزاری ہے۔ مگر مولانا تھے کہ انہوں نے جیون کی ایک نہ چلنے دی اور منزل بہ منزل سفر جاری رہا۔

دوران سفر مولانا صاحب کی نظر ایک کیکروں کے درخت پر پڑی اور جیون ماچھی سے کہا: "ایک مسواک اس درخت سے کاٹ کر لاؤ۔" مگر جیون ماچھی نے کوئی ان سنی کر دی اور سفر جاری رہا۔ اس پر مولانا صاحب نے پھر جیون کو وہی سوال دہرایا یہ سمجھتے ہوئے کہ شاید جیون نے پہلی دفعہ میرا سوال سنا ہی نہیں۔ دوبارہ سوال پر جیون نے دست بستہ عرض کی "حضور میں نے آپ کا حکم پہلی بار ہی سن لیا تھا اور حکم کے رد عمل میں اس وقت ارد گرد کے کھیتوں کھلیانوں کے مالکان کو دیکھ رہا تھا کہ ان سے اجازت لے کر آپ کے حکم کی تعمیل بجا لاؤں۔ میری بدقسمتی ہے کہ مجھے کوئی شخص نظر نہیں آیا جس وجہ سے آپ کو دوبارہ حکم دینے کی زحمت اٹھانا پڑی۔" مولانا صاحب نے جو اپنی باری پر گھوڑے کی پیٹھ پر سوار تھے جیون سے کہا "گھوڑی یہیں روک دو۔" خود نیچے اتر آئے اور فرمانے لگے

"بھائی جس گاؤں کے لوگوں کے تقویٰ کا یہ عالم اور ایمانداری کا ایسا احساس ہو وہاں میرے جیسے عالم دین کے وعظ اور درس و تدریس کی کیا ضرورت ہے۔" مزید فرمایا "چوہدری صاحب سے معذرت کر دینا" اور اپنے گاؤں چکڑالہ واپس لوٹ آئے۔

اس وقت بھی حی الفلاح کی آواز پانچوں وقت آتی اور آج بھی آتی ہے مگر وہ فلاح کہاں؟

Marfat.com

مولوی عبدالحمید ملنگ

مولوی عبدالحمید ملنگ صاحب جن کے نام پر دریائے جہلم کے کنارے ''مجیدیہ'' ہال بھی واقع ہے اُن کا تعلق میر پور (آزاد کشمیر) سے ہے۔ ان کی والدہ ماجدہ کی وفات پر اُنکے والد ان دونوں بھائیوں (جن میں سے ایک پروفیسر عبداللطیف نے بعد میں ایم۔اے کی ڈگری حاصل کی) کو لے کر مشین محلہ جہلم آ گئے۔ یہاں اُنہوں نے سڑک کے کنارے فٹ پاتھ پر بوری بچھا کر حجام کا کام شروع کر دیا اور کبھی کسی سے مزدوری کا تقاضا نہ کیا گاہک کی سہولت اور اُس کی توفیق پر چھوڑ دیتے۔ اس طرز عمل سے یہ ہوا کہ ہر وقت ان کے پاس گاہک بیٹھے رہتے اور یہ دونوں بچے بھی ساتھ بیٹھے پڑھتے رہتے اور پڑھے لکھے گاہکوں سے گاہے بگاہے سبق لیتے اور استفادہ کرتے۔ نتیجہ یہ تھا ان دونوں ہونہار بچوں نے اکٹھے ہی ایک ساتھ میٹرک کا امتحان پاس کر لیا اور خود کفیل ہو گئے یعنی دیگر بچوں کو پڑھا کر اپنے تعلیمی اخراجات پورے کرتے اور اسطرح مولوی صاحب اور اُنکے بھائی نے بی۔اے اور ایم۔اے کر لیا۔ بھائی صاحب نے محکمہ تعلیم میں حیثیت لیکچرار ملازمت کر لی مگر مولانا عبدالحمید صاحب نے درس وتدریس کا سلسلہ گھر میں ہی جاری رکھا۔ اردو، فارسی اور عربی پڑھانے کیلئے وہ کوئی معاوضہ نہ لیتے مگر انگریزی کی تعلیم پر طلباء سے مالی حیثیت کے مطابق معاوضہ لیتے۔ اسطرح آپ سکھ بچوں کو گرنتھ کا سبق بھی دیتے حتیٰ کہ ان کے کئی شاگرد ''بہائی'' اور عیسائی ہوئے۔ ان کو گرنتھ پر اسقدر عبور حاصل تھا۔

مولوی صاحب باقاعدگی سے جمعہ بھی پڑھاتے جس میں صرف اور صرف قرآن پر بات ہوتی اور بغیر کسی لاگ لپیٹ کے کھول کھول کر بیان کرتے اور بدعتوں سے منع فرماتے۔ جیسے آپ ہمیشہ جمعہ کو ایک ہی اذان دیتے اور فرماتے ''قرآن پاک میں صرف ایک ہی اذان کا حکم ہے کہ تم لوگ اپنے دنیاوی کام چھوڑ کر خرید و فروخت ترک کر کے مسجد کا رخ کرو۔ نماز پڑھو اور پھر رزق کی تلاش کیلئے پھیل جاؤ۔ کہیں جمعہ کی چھٹی کا ذکر نہیں۔''

سورت ''جمعہ'' کا وہ اکثر اوقات حوالہ دیتے۔ اسطرح جمعہ پڑھنے کے بعد کسی کو دینی مسائل پوچھنے ہوتے تو وہ نماز کے بعد بیٹھے رہتے۔ مولوی صاحب نماز سے فارغ ہو کر متوجہ ہوتے اور اسی دوران ہمسائے کی ایک بچی (ضمیمہ 199) جھانک کر دیکھ لیتی کہ مولوی جی کے پاس کتنے مہمان بیٹھے ہوتے ہیں چنانچہ مہمانوں کی تواضع کیلئے سبز کشمیری الائچیوں والی چائے پیالیوں میں ڈال، بسکٹوں کے ساتھ لے آتی۔ مولوی صاحب ان امور کا باقاعدہ معاوضہ ادا کرتے اور خود کسی کی دعوت قبول نہ فرماتے۔

میاں صاحب اور دیگر سرائے عالمگیر کے ملٹری کالج کے اساتذہ مستقل طور پر مولوی صاحب کی مسجد میں جمعہ پڑھنے کیلئے جاتے۔ وہاں ایک دن میر پور سے ایک صاحب موٹر سائیکل پر تشریف لائے۔ مولانا صاحب نے اُس موٹر سائیکل والے کو اندر آنے کو کہا اور موٹر سائیکل کو تالا لگانے کی ہدایت کی اور پھر اس کو رسول اکرم ﷺ کی ایک حدیث شریف سنائی۔ ''ایک دفعہ ایک بدو اونٹ پر مسجد نبوی میں حضور ﷺ کی زیارت کو آیا تو آپ نے اُس بدو سے پوچھا کہ اونٹ کس کے سہارے چھوڑ آئے ہو؟'' تو بدو نے بلا تکلف عرض کی ''اللہ کے سہارے۔''

حضور نے فرمایا ''اس کو اٹھاؤ اور گھٹنہ باندھو پھر اللہ کے بھروسہ پر چھوڑ دو اور اللہ تعالیٰ کے سپرد کرو۔''

میر پور سے آئے ہوئے صاحب کی بھی مولانا صاحب نے حسب عادت چائے وغیرہ سے تواضع کی۔ اس پر اُس نے مولوی صاحب کو کہا ''میرے علم میں یہ آیا ہے کہ میر پور آپ کا آبائی گاؤں ہے کیا ہی اچھا ہو کہ آپ میری دعوت قبول فرمائیں اور وہاں تشریف لائیں۔''

اس پر مولوی صاحب نے فرمایا ''درویش منش لوگ ہیں ہم کسی کو دعوت قبول نہیں کرتے۔ اپنا کماتے، اپنا کھاتے ہیں۔''

''میں اس ملک (کسی بیرون ملک سے متعلق) سے آیا ہوں جہاں کا یہ تصور نہیں ہے اور میں نے وہاں ایسا لٹریچر بھی پڑھا جس میں خدا کا کوئی ذکر نہیں۔ آپ مجھے بتائیں کہ آیا خدا ہے بھی یا نہیں؟''

مولوی صاحب نے فرمایا ''میرے پاس ایسا کوئی فارمولہ نہیں نہ ہی کوئی رشی، منی اور نہ ہی پیر پیغمبر ایسا فارمولا لائے ہیں جس سے میں آپ کو 2+2 کی طرح خدا کی موجودگی کا احساس دلاؤں ہاں ایک بات تمہارے گوشگذار کرتا ہوں کہ تمہارا باپ ہے؟''

''ہاں۔'' اس نے جواب دیا۔

Marfat.com

''تمہیں کس نے بتایا؟''

''میری ماں نے۔''

''تمہاری اور میری ماں پر تو شک ہو سکتا ہے کہ وہ جھوٹ بول رہی ہوں لیکن آقائے نامدار ﷺ جن کو ان کے دشمن بھی صادق اور امین کے لقب سے برملا پکارتے تھے۔ ان کا ارشاد گرامی ہے کہ خدا ایک اور وہ صرف ایک ہے نہ وہ کسی سے پیدا ہوا ہے اور نہ اس نے کسی کو اپنے سے پیدا کیا۔''

یہ سن کر اس شخص پر عجیب سی کیفیت طاری ہوئی اور وہ احتراماً جھک کر ان کے گھٹنوں کو چھونے لگا۔ انہوں نے ایسا کرنے سے منع فرمایا اور اس کو ایسے عمل سے روک دیا۔ مولوی صاحب نے ایک جمعے وعظ میں ارشاد فرمایا ''جو ذہین پرشر ہیں یہ منافقین ہیں جو اللہ تعالیٰ کے قوانین پر نہ چلے ان سب پر لعنت ہے۔'' اسطرح سورہ مائدہ کی آیت کریمہ پڑھتے حالات کی تفسیر روشنی ڈالتے

''جو لوگ مسلمان بھی ہوں اور صاحب اقتدار بھی ہوں اور آئین خداوندی نافذ نہ کریں یہ لوگ فاسق اور فاجر ہیں۔''

وہ اکثر کہا کرتے ''قاتل، چور، ڈاکو اور زانی کو سزا تو تجویز فرمائی ہے البتہ ان پر لعنت نہیں بھیجی۔'' یہ وہ باتیں تھیں جو وہ معاشرے کو سدھارنے کیلئے وضاحت سے بیان فرماتے۔

ایک موقع پر ایک شخص کے پاس بکرا تھا جس کی وہ قربانی دینا چاہتا تھا مگر بکرے کا ایک کان کٹا ہوا تھا جبکہ اس نے سن رکھا تھا کہ اگر قربانی کا جانور داغدار ہو تو قربانی قبول نہیں ہوتی۔ اس مسئلہ کی وضاحت کیلئے وہ مولوی صاحب کے پاس چلا گیا۔ مولوی صاحب نے فرمایا ''قربانی کیوں نہیں ہو سکتی۔ یہ تقویٰ کی بات ہے۔'' اور قرآن پاک کی چند آیات کا حوالہ دیا۔

مولوی صاحب کی ایک اور خاص بات ملاحظہ فرمائیے کہ آپ کی ایک ہی بیٹی تھی جب وہ سن بلوغت کو پہنچی تو مولوی صاحب کو اس کی شادی کی فکر دامنگیر ہوئی۔ کسی رشتے کروانے والے نے ان کو ترغیب دی کہ ایک صوبیدار میجر ہیں جو فوج میں ہیں ان سے آپ کی بیٹی کی شادی کی بات ہو سکتی ہے۔ رشتہ کرانے والوں نے مولوی صاحب کی بیٹی کے متعلق صوبیدار میجر سے بات چیت کی لہٰذا صوبیدار میجر صاحب رشتہ لینے کی غرض سے مولوی صاحب کے پاس پہنچ گئے اور کہنے لگے ''ہماری اس سے زیادہ کیا خوش قسمتی ہو سکتی ہے کہ آپ کی دختر نیک اختر ہماری بہو ہو۔''

نکاح اور رخصتی کا دن طے ہو گیا برات آ گئی۔ باراتی گیارہ تھے دلہا میاں اس کی والدہ اور دیگر اہل خانہ۔ مولوی صاحب کے پاس کل تیس روپے تھے انہوں نے اپنے تین دوستوں کو بلایا۔ براتیوں کی خدمت اور پذیرائی کے لئے تیس روپے ایک دوست کو دیے اور کہا ''میرے پاس اس کے علاوہ کچھ نہیں۔''

ایک دوست نے چائے اور کسک کا انتظام کیا دوسرا دوست دودھ لے آیا اور اس طرح تیسرا دوست تھوڑا سا حلوہ اور روٹیاں لے آیا۔ مولوی صاحب کے تیس روپے کسی نے ان کو واپس کر دیئے اور کفایت سے یہ عمل قرار پایا۔ نکاح کے بعد جہیز کی باری آئی تو مولوی صاحب نے لڑکے کے ماں باپ سے فرمایا

''میں نبی پاک ﷺ سے بڑا تو نہیں ہو سکتا۔ اس میرے پاس بیٹی کو دینے کے لیے چند معمولی کپڑے ہی ہیں۔''

برات کی رخصتی ہوئی جہیز کیا تھا ایک بیگ میں دلہن کے کپڑے سواری کے لیے تانگے اس طرح وہ دلہن کو لے کر واپس اپنے گاؤں ڈومیلی پہنچ گیا۔

چند دنوں بعد مولوی صاحب بیٹی کو ملنے کے لیے ڈومیلی گئے اور اس کو علیحدگی میں پوچھا ''کیا وہ یہاں خوش ہے؟''

اس نے آبدیدہ ہو کر جواب دیا ''مجھ سے تو سب اس طرح سے سلوک کرتے ہیں کہ میں اس گھر کی بہو نہیں بیٹی ہوں اور میں محسوس کرتی ہوں کہ جیسے میں اس گھر میں ہی پیدا ہوئی تھی۔''

مولوی صاحب کی عادت تھی کہ وہ کسی شادی بیاہ یا دعوت میں نہ جایا کرتے اگر جانا پڑ جاتا تو اپنا کھانا اپنی جیب سے لے کر وہاں جاتے اور وہاں دوسرے مہمانوں کے ساتھ خوشی خوشی کھاتے اور جب واپس لوٹتے تو اپنا کرایہ خود ادا کرتے۔ اسی طرح اگر چائے وغیرہ کو بلایا جاتا۔ چائے تو پی لیتے مگر دو آنے چائے کی پیالی کی قیمت میز پر چھوڑ آتے ان کی عادت کو ہم سے عزیز جانتے

تھے اور برا نہ مانتے تھے۔

میری عقل ناقص اس نقطے کو سمجھ نہیں پاتی کہ مولوی صاحب کا یہ وطیرہ (دعوت وغیرہ پر کھانا ساتھ لے کر جانا اور چائے پر پیسے چھوڑنا) درست تھا یا نہیں۔

خطبہ

1935 کا واقعہ ہے جب ضلع جہلم کے جعلی روپے اور شادیوال ضلع گجرات کی اٹھنیاں بازار میں چلنا شروع ہوگئے۔ شادیوال کی جعلی اٹھنیوں کے موجد ہندو دوست سنار رام لعل اور میلا رام دونوں بھائی اور کمال صاحب کے دوست تھے۔ رام لعل اور کمال صاحب لاہور سے پرانی انارکلی سے جرمن silver کی اٹھنی جتنی موٹی شیٹ خریدی اور اسکے squares کٹائے۔ یہ پونی انچ کے قریب تھے پھر وہاں سے die بنوائی جس کی اجرت 90 روپے دی گئی۔ یہ تمام سامان لے کر واپس شادیوال پہنچے۔

میلا رام کے مکان میں ایک تہہ خانہ اور کنواں تھا۔ ایک پریس میں die نصب کی گئی۔ جب ایک ہی square کو die میں ڈال کر دبایا جاتا تو ایک جھٹکے سے ایک اٹھنی بن کر نیچے گر جاتی جس پر چاندی کی نہایت پتلی تہہ چڑھا دیتے۔ پہلی بار کوئی 1000-1200 کے قریب دو تین ہفتے میں mint کی گئیں۔ یہ جعلی سکے اتنے اچھے بنے تھے کہ ان کا چیک کرنا محال تھا مگر ایک کمی تھی کہ ان میں سن year نہ بدل سکتا تھا لیکن عام آدمی تمیز نہ کر پاتا۔

موگا منڈی، کوٹ منڈی اور فیروزپور میں انہوں نے جعلی کرنسی کا سودا کر لیا۔ 100 روپے کی اٹھنیاں دو اور 80 کھرے روپے وصول کر لیتے۔ موگا منڈی میں آنکھوں کا ہسپتال تھا جو کہ جلالپور جٹاں ہسپتال کی طرح Missionaries چلایا کرتے اور وہاں کے انچارج کا نام مسٹر Moore تھا۔ ایک اٹھنی کی لاگت ڈیڑھ آنہ ہوا کرتی۔ یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ اس زمانے میں ایک روپیہ میں ایک تولے چاندی ہوتی۔

مال ایک صندوق میں اٹھنیاں بند کر کے گجرات سے ٹرین کے کسی ڈبے میں رکھ دیتا اور خود کسی دوسرے ڈبہ میں بیٹھ جاتا ہر دوسرے تیسرے سٹیشن پر اپنے ڈبے سے اترتا اور اپنا مال دوسرے ڈبے میں جھانک کر چیک کر لیتا۔ منزل مقصود پر پہنچ کر بیوپاری وہ بکس لے لیتے اور سودے کے مطابق رقم ادا کر دیتے۔ یہ سلسلہ ڈیڑھ سال تک بغیر کسی روک ٹوک چلتا رہا۔ ایک دن کمال موگا منڈی میں ایک حجام کی دکان پر بال کٹوا رہا تھا کہ رام لعل کی شکل شیشہ میں نظر آئی تو کمال نے رام لعل سے پوچھا ''خیریت تو ہے تمہارا رنگ بہت اڑا ہوا ہے۔''

''یہاں بات کرنا مناسب نہیں باہر نکلو گے تو بتاؤں گا۔'' کمال بال منوائے بغیر ہی کھڑا ہو گیا اور اس کے ساتھ چل دیا۔

''پولیس نے شادیوال ہمارے گھر پر چھاپا مارا ہے۔''

''وہاں سے انہیں کچھ ملا تو نہیں؟''

''ہاں! ہم نے کنوئیں میں پھینک دی تھی چاندی کے چند ٹوٹے ہوئے روپے دستیاب ہوئے جو ٹھپہ لگانے کیلئے رکھے ہوئے تھے۔ تھانیدار کو 500 دینا پڑے۔ مقدمہ چلا اور ثبوت نہ ہونے کی بناء پر ہم بری ہوگئے۔ کچھ دیر کیلئے ہمیں یہ دھندہ بند کرنا پڑیگا آپ لدھیانے چلے جائیں وہاں ہمارے رشتہ دار موجود ہیں وہیں پر اُن کے ہاں ٹھہریں وہاں آپ کو کسی قسم کی تکلیف نہ ہوگی اور جب تک ہم نہ کہیں شادیوال نہ آئیں البتہ ہم آپ کی والدہ صاحبہ کی دیکھ بھال اور مالی امداد کرتے رہیں گے۔''

"اس پر بڑھیا نے اشارہ کرتے ہوئے ایک سپاہی کی طرف اشارہ کیا جس کا نام عبدالرحمن تھا عبدالرحمن بادشاہ کا اشارہ پا کر آگے بڑھا [illegible] جس پر شاہ ہوری نے کہا، عبدالرحمن تم نے مجھے جہنم کی آگ سے بچا لیا اور گھر سے اس کی ترقی کا حکم جاری کر دیا۔

اس کے بعد عبدالرحمن کو حکم دیا کہ نشاندہی کرو وہ کون تھے جنہوں نے بڑھیا کے ساتھ ظلم کیا اور میرے انصاف کو للکارا ہے۔ [illegible] ان چار سپاہیوں کی طرف اشارہ کیا جنہوں نے کبابوں کی ضیافت اڑائی تھی۔ پھر بادشاہ نے اس صوبیدار سے بازپرس کی جو بڑھیا کی [illegible] سے بادشاہ سے ملاقات کی راہ میں رکاوٹ بنا رہا۔ بادشاہ نے جلاد کو طلب کیا اور حکم دیا کہ اس پل پر اسی وقت ان پانچوں کی گردنیں ماری جائیں اور [illegible] پل پر لٹکا دی جائیں تاکہ لوگوں کو بادشاہ کے انصاف کی خبر ہو جائے۔ انصاف اس پل پر [illegible]"

کیا ایسے انصاف کی توقع ہم [illegible] میں بھی ہو سکتی ہے؟

[illegible] کے نام

دوسری جنگ عظیم کے دوران 1942 میں جناب محترم کمال صاحب جو British Indian Army کی سروس میں بن غازی (لیبیا) بھیجے گئے۔ 10 L F C (چھوٹی ورکشاپ) قاہرہ مصر سے شفٹ ہو کر ہوائی جہاز کے ذریعہ بن غازی پہنچا۔ یہ وہ وقت تھا جب بن غازی کو [illegible] سے Gen Rommel فیلڈ مارشل جسے Desert Fox بھی کہا جاتا تھا (Panzer Division ٹینکوں کی [illegible] بہت مشہور تھی) نے دوبارہ فتح کیا۔ پھر اتحادی فوج کے مایہ ناز فیلڈ مارشل منٹگمری ("Big I" کے نام سے مشہور) نے فتح کیا۔ یہ [illegible] چونکہ گرمی بہت تھی اس وجہ سے فیلڈ مارشل منٹگمری نے اپنی فوجوں کو حکم دے رکھا تھا کہ shorts فوجی بوٹ اور Steel helmet کے علاوہ تمام کپڑے اتار دو البتہ اپنی فوجی [illegible] ساتھ رکھو۔ وہ باکمال جرنیل تھا اس نے خود بھی وہی لباس پہنا۔ اس زمانے کی جنگی حکمت عملی کی خاص بات یہ تھی کہ سپاہی میدان کارزار میں بیلچہ کو رائفل پر ترجیح دیتا لہذا جب دشمن کے خطرناک عزائم کے آثار نمایاں ہوتے بیلچوں کی مدد سے ریت میں ایک trench کھودی اور چھپ گئے۔ اتحادی Allied (امریکہ، برطانیہ) آہستہ آہستہ پیش قدمی کے انداز میں آگے بڑھتے گئے۔ Axis (جرمنی، اٹلی اور جاپان) کی افواج پیچھے ہٹتی چلی گئیں۔ ایک وقت آیا کہ Gen. Rommel کا آخری فوجی بھی بن غازی کے ہوائی اڈے سے پرواز کر گیا۔

کمال صاحب کی یونٹ نے جب سمندر کے کنارے اپنا کیمپ لگایا تو ان کا C O (کمانڈنگ آفیسر) ایک ایسا انگریز تھا جو بنیادی طور پر ایک لفظ بھی نہیں بول سکتا تھا یہاں تک کہ انگریزی بھی ٹوٹی پھوٹی تھی۔

B C Das بنگال کا [illegible] کیمپ میں ٹیلیفون آپریٹر تھا۔ کمال صاحب اور چند ایک فوجی اس کے tent میں شام چھپ چھپ کر آزاد ہند ریڈیو سے [illegible] نشریات سنا کرتے۔ B C Das نے ایک دن کہا، "آج شام آزاد ہند ریڈیو سے خاص پروگرام

Marfat.com

نشر ہوگا لہٰذا miss نہ کرنا۔''

کمال دس منٹ پہلے ہی پہنچ گیا۔ پروگرام کے مطابق عبدالباری بہاری نے جوش ملیح آبادی کی وہ نظم جس کا ہندوستان میں پڑھنا سننا اور پاس رکھنا خلاف قانون تھا بہ عنوان ''ظالم سوداگروں کے نام'' سنائی تھی۔

یاد رہے یہ نظم لال قلعہ دہلی کے سامنے والے میدان میں پنڈت جواہر لال نہرو کی صدارت میں جوش ملیح آبادی نے پانچ ہزار کے مجمع کے سامنے کچھ اس انداز میں شروع کی

''چالیس کروڑ غلامان ہند کا پیغام ظالم سوداگروں کے نام'' اس وقت ہٹلر نے پولینڈ پر حملہ کیا اس کے تین دن بعد یہ نظم جوش ملیح آبادی صاحب نے پڑھی تو انگریز سرکار نے جوش صاحب کو فوراً گرفتار کر لیا اور جب تک جنگ چھڑی رہی تب تک جیل میں پابند سلاسل رہے۔

کس زباں سے کہہ رہے ہو آج تم سوداگرو
دہر میں انسانیت کے نام کو اونچا کرو

جس کو سب کہتے ہیں ہٹلر بھیڑیا ہے بھیڑیا
بھیڑیے کو مار دو گولی پئے امن و بقا

باغ انسانی میں چلنے ہی پہ ہے باد خزاں
آدمیت لے رہی ہے ہچکیوں پر ہچکیاں!

ہاتھ ہے ہٹلر کا رخش خود سری کی باگ پر
تیغ کا پانی چھڑکتا جا رہا ہے آگ پر

سخت حیراں ہوں کہ محفل میں تمہاری اور یہ ذکر
نوع انسانی کے مستقبل کی اب کرتے ہو فکر

جب یہاں آئے تھے تم سوداگری کے واسطے
نوع انسانی کے مستقبل سے کیا واقف نہ تھے

ہندیوں کے جسم میں کیا روح آزادی نہ تھی
سچ بتاؤ کیا وہ انسانوں کی آبادی نہ تھی

اپنے ظلم بے نہایت کا فسانہ یاد ہے
کمپنی کا پھر وہ دور مجرمانہ یاد ہے

لوٹتے پھرتے تھے جب تم کارواں در کارواں
سر برہنہ پھر رہی تھی دولت ہندوستاں

دستکاروں کے انگوٹھے کاٹتے پھرتے تھے تم
سرد لاشوں سے گڑھوں کو پاٹتے پھرتے تھے تم

صنعت ہندوستاں پر موت تھی چھائی ہوئی
موت بھی کیسی تمہارے ہاتھ کی لائی ہوئی

اللہ اللہ کس قدر انصاف کے طالب ہیں آج
میر جعفر کی قسم کیا دشمن حق تھا سراج

کیا اودھ کی بیگموں کا بھی ستانا یاد ہے
یاد ہے جھانسی کی رانی کا زمانہ یاد ہے

Marfat.com

ہجرت سلطان دہلی کا سماں بھی یاد ہے
شیر دل ٹیپو کی خونی داستاں بھی یاد ہے

تیرے فاقے میں مرتے بادشاہ کو تھام لے
کس لیے تم لائے ہو سر شاہ ظفر کے سامنے

یاد تو ہوگی تمہیں مٹیا برج کی داستاں
اب بھی بستی خاک سے رہ رہ کے اٹھتا ہے دھواں

تم نے قیصر باغ کو تو دیکھا ہوگا بارہا
آج بھی آتی ہے بستی ہائے اختر صدا

بچ گیا ہو گیا حافظے میں ہے وہ ظالم بے پناہ
آج تک رنگون میں اک قبر ہے جس کی گواہ

ذہن میں ہوگا یہ تازہ ہندیوں کا داغ بھی
یاد تو ہوگا تمہیں وہ جلیانوالہ باغ بھی

پوچھ لے اس سے تمہارا نام کیوں تابندہ ہے
رہ گزار ذہن خون آلود اب بھی زندہ ہے

وہ جنت شعار بھی جس کے غم میں تو ناشاد ہے
اس کی گردن میں جو ڈالا تھا وہ پھندا یاد ہے

اہل آزادی رہا کرتے تھے کس ہنجار سے
پوچھ لو یہ قید خانوں کے در و دیوار سے

اب بھی ہے محفوظ جس میں ظلم ہر کارہ
آج بھی گونجی ہوئی ہے جس کے کوڑوں کی صدا

آج کشتی امن کی امواج پر کھیتے ہو کیوں
سخت حیراں ہوں کہ اب تم درس حق دیتے ہو کیوں

اہل قوت دام حق میں تو کبھی آتے نہیں
پند اور اخلاق خطبے میں کبھی لاتے نہیں

لیکن آج اخلاق کی تلقین فرماتے ہو تم
ہو نہ ہو اپنے میں اب قوت نہیں پاتے ہو تم

اہل حق روشن نظر ہیں اہل باطل اور ہیں
یہ تو ہیں احوال ان قوموں کے جو کمزور ہیں

آج شاید منزل قوت میں تم رہتے نہیں
جس کی لاٹھی اس کی بھینس اب کس لیے کہتے نہیں

دیر سے بیٹھے ہو نخل راستی کی چھاؤں میں
یا خدا ناکردہ پھر موچ آگئی ہے پاؤں میں

موج تاؤں کی نہ آبادی نہ ویرانے میں ہے
خیر تو ہے آپ تازی کیا شفاخانے میں ہے

Marfat.com

آجکل تو ہر نظر میں رحم کا انداز ہے
کچھ طبیعت کیا نصیب دشمناں ناساز ہے

سانس کیا اکھڑی کہ حق کے نام پر مرنے لگے
نوع انساں کی بھی خواہی کا دم بھرنے لگے

ظلم بھولے راگنی انصاف کی گانے لگے
آگ کیا لگ گئی ہے گھر میں کہ چلانے لگے

مجرموں کے واسطے زیبا نہیں یہ شورشیں
کل یزید و شمر تھے اور آج بنتے ہو حسین

خیر ہے سودا گرو اب ہے تو بس اس بات میں
وقت کے فرمان کے آگے تم جھکا دو گردنیں

اب کہانی وقت لکھے گا نئے مضمون کی
جس کی سرخی کو ضرورت ہے تمہارے خون کی

وقت کا فرمان اپنا رخ بدل سکتا نہیں
موت ٹل سکتی ہے پر فرمان ٹل سکتا نہیں

(بیگمات اودھ کو انگریزوں نے برہنہ نچایا اور 1857 میں جھانسی کی رانی اپنے بچے کو اٹھائے انگریزوں سے خلاف لڑتی رہی۔ مٹیا برج نوابان اودھ کی کلکتہ میں رہائش تھی جسے انگریزوں نے جلا دیا اور بعد میں تسخیر کر کے فرنگی محل نام رکھا۔ قیصر باغ دہلی میں وہ جگہ ہے جہاں مغلیہ خاندان کے آخری بادشاہ بہادر شاہ ظفر کے بیٹے اور پوتوں کے سر کاٹ کر طشتری میں سجا کر بہادر شاہ ظفر کے سامنے پیش کئے گئے جس پر بہادر شاہ ظفر نے کیا خوب جواب دیا "تیموری خون باپ کے سامنے سرخرو ہو کر آتا ہے")

اتحادیوں نے دنیا میں ہر طرف پروپیگنڈہ شروع کر دیا ہوا تھا کہ ہٹلر درندہ صفت ہے اس لئے دنیا والو ہم تو امن پسند شہری ہیں اور انسانی فلاح اور بقا کیلئے جنگ کر رہے ہیں لہذا اس پروپیگنڈے کے خلاف جناب جوش ملیح آبادی صاحب نے انگریزوں کے نام مندرجہ بالا نظم تحریر کی تھی۔

ایک شام یہ نظم بہ آواز بلند کمال اپنے دوستوں کو ایک ٹینٹ میں جس کا نام یاردوستوں نے "کمال منزل" رکھا ہوا تھا سنا رہا تھا۔ اسی دوران باہر ریت پر بھاری بوٹوں کی چرچراہٹ کی آواز سنائی دی تو کمال صاحب کے ایک دوست علی احمد نے باہر جھانک کر دیکھا کہ باہر کون ہے دیکھتے ہی حیرانگی کی حد نہ رہی کہ یہ تو C.O ہے۔ علی احمد واپس لوٹ آیا کہ خاموش ہو جاؤ باہر C O کھڑا ہے۔ کچھ دیر بعد C.O چلا گیا اور سب نے اطمینان کا سانس لیا کہ خدا کا شکر ہے کہ C.O اردو نہیں جانتا۔

دوست احباب تو سب اپنے اپنے خیموں میں چلے گئے مگر کمال صاحب کو ساری رات نیند نہ آئی اس خیال سے کہ کسی چغلی پر اعتبار نہیں کیا جا سکتا چونکہ انڈین یونٹ میں کوئی ایسا انگریز آخر متعین نہیں کیا جاتا جس کو اردو زبان میں بات کرنا نہ آتی ہو۔ البتہ دوسری رات کو کمال صاحب نے فیصلہ کر لیا کہ بہتر ہے یہاں سے بھاگ نکلو خطرہ لاحق تھا کہ گرفتار کر لے جاؤ گے اور گولی ماردی جائے گی (ضمیمہ 205) کمال نے ابھی ڈیڑھ فرلانگ کا سفر طے کیا ہو گا کہ دفعتہ تحکمانہ لہجے میں آواز آئی "Halt" پھر آواز آئی "کون ہو تم؟"

"Friends" کمال نے جواب دیا
"اپنا password بتاؤ"
"Mosquitoe"

یاد رہے کہ ہر روز password جاسوسوں سے بچنے کیلئے بدل دیا جاتا اور تمام یونٹ والوں کا علم ہوتا۔

Marfat.com

... ایک آدمی کے ساتھ ایک آدمی بھیجا کہ اسے اگلی پوسٹ میں چھوڑ آؤ
... BBC لندن سے ایک ڈرامہ روزانہ نشر ہوا کرتا۔ ڈرامہ کی جھلک ملاحظہ فرمائیے ''ہٹلر
... تو لوگ اسے بتاتے ہیں کہ اس طرف شہر ہے
... (بہ آواز بلند ہنستے ہیں) نیا زلی ہے میری ... تم یہ کیوں نہیں
... ہے

... اور یہاں بیٹھے آئے ہو مجھ سے ... کرمت بولو اب خیر ... ہے
... انگلینڈ بالکل ویسا ہی ہو گیا ہے ... یونان اور
... تمہارے کہنے کے مطابق میں اگلی بار
... میں نے پورا کر دیا ہے
... پر قبضہ کر لیا ہے؟
... کیوں؟
... سے ... تم کو بھی غلام بنا لیا ہے۔

... ساتھ ہی ... حدائی کی آواز آنا شروع ہو جاتی ہے۔ ہٹلر ... مشتعل انداز میں
... 1942ء میں تو صرف اس بات کو سننے کے لئے ترستے تھے کہ کوئی ایسا ... ہوتے ہو
... ہزاروں میل دور بیٹھے چیچی کی ...
... انگلینڈ پر بمباری کر رہا ہوں ... اب تم کوئی جواب کیوں
... ہے

... اپنے ساتھی کی قبر کھود رہا ہوں۔''

... اپنے ساتھ فوجیوں کا ... تاکہ ان کے حوصلے بلند رہیں۔ یہ وہ زمانہ تھا جب جرمنی
V ... انگلینڈ ... میں تباہی ... انگلینڈ میں ...
... Underground Train System میں چھپ کر پناہ لیتے۔ ہندوستان کے ساحلی علاقہ
... Quit India Movement'' زوروں پر تھی۔ Rommel نے
8th Army ، Al Amien (لیبیا اور مصر کی بندرگاہ) تک push کیا ہوا تھا۔ انگریز ساری رات
... meeting ہوئی اور ہر ایک فوجی سے پوچھا جا رہا تھا کہ کونسا قدم
... وہاں ایک بہاری نے ... مشورہ دیا
... ﷺ ... انہوں نے خدا پر بھروسہ کر کے صرف 313 فاقہ مست سپاہیوں کو لے کر ایک ... جرار
... تمہارے قدم چومے گی۔''
... منصب پر مصلوب ہونے سے نہ بچا سکا۔ CO بہادر نے
... دیا۔
... CO نے ... یقین دلایا کہ ایسا کرنے سے ہمیں فتح ہو جائیگی
... ﷺ پر ایمان لے آئیں گے۔''
... کانگریس کا پریذیڈنٹ تھا۔ کانگریس سے مستعفی ہو گیا اور ... سیاسی
... بند کر دیا۔ انڈین سپاہ پر بھروسہ نہ کیا اور انگریز سپاہی اس کی
... خالی کروائے تاہم اس نے انگریزوں کے ہاتھ کا پانی ...

Marfat.com

کھانا کھانے سے صاف انکار کر دیا۔ تین دن تک بھوک ہڑتال کی اور اس پر مصر رہا۔ میں صرف اپنی بہن کے ہاتھ کا پکا ہوا کھانا ہی کھاؤں گا۔ لہذا اس سلسلے میں سارے ہندوستان کے طول و عرض میں احتجاجی مظاہرے شروع ہو گئے۔ بالآخر انگریز بہادر کو جھکنا پڑا اور اس کی بہن کو کھانا تیار کرنے کی اجازت دیدی گئی۔ طے کیا گیا کہ اس کا کھانا جس حصہ میں نظر بند تھا اس حصہ میں پکایا جائے گا کوئی دوسرا ہندوستانی وہاں قدم نہیں رکھ سکیگا اور اس ضمن میں ایک Time table وضع کر دیا گیا۔ ناشتہ [illegible] بجے [illegible] کھانا [illegible] بجے اور شام کا کھانا اسی وقت دیا جائیگا۔ چھ ماہ تک یہ طے شدہ نظام بخوبی چلتا رہا۔

بہن کی عادت تھی کہ وہ چادر اوڑھے منہ چھپائے آتی اور چادر میں ہی منہ چھپائے واپس چلی جاتی۔ ایک دن [illegible] میں بہن کی بجائے ایک بھنگی آیا اور اسی مقررہ وقت پر اسی بھنگی کے روپ میں چادر اوڑھے ہوئے سبھاش چندر بوس فرار ہو گیا۔ کہ یہ وہی بھنگی تھا جو کہ انگریز سرکار نے مکان کی صفائی وغیرہ کیلئے وہاں متعین کیا تھا۔ شام کو گارڈ بدلی تو بھنگی نے سبھاش چندر بوس کو ایسے ترتیب دے رکھا تھا کہ جیسے وہ آرام فرما رہے ہیں۔ گارڈ نے معمولات کو درست پا کر اطمینان کا سانس لیا اور اپنی ڈیوٹی سے فارغ ہو کر گھر چلا گیا۔

رات کے اندھیرے سے استفادہ کرتے ہوئے سبھاش چندر بوس سفر کرتے ہوئے پشاور پہنچ گیا اور تین دن تک [illegible] کرتا چھوٹ سبھاش چندر بوس ”حشمت نگری“ کے ایک مکان میں گیارہ دن روپوش رہا۔ حشمت نگری [illegible] سے [illegible] جب سے انتظامات مکمل ہو گئے تو کابل پہنچ گیا۔ وہاں جرمن ہوائی جہاز کے ذریعہ جرمنی پہنچ گیا وہاں سے بذریعہ U Boat کیپ ٹاؤن جنوبی افریقہ سے ہوتا ہوا برما کے ساحل پر پہنچ گیا۔ ازاں بعد رنگون تک رسائی ہوئی تو بہادر شاہ ظفر کے مزار کے سامنے میدان میں 15 فٹ اونچی stage پر کھڑے ہو کر 25000 افراد پر مشتمل انڈین نیشنل آرمی کی آزاد ہند فوج کی بنیاد رکھی اور اس کے کمانڈر کا منصب سنبھالا اور اس کے بعد [illegible] کا منصب ہوا۔

[illegible] میں دنیا کی ذہین ترین فوج [illegible] [illegible] جاپان [illegible] حمایتی بنا (برما، چین [illegible]) کی دوسری جانب اس نے بہادر شاہ کی کمان سے ہزار [illegible] [illegible] ہوتا [illegible] تھے [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] تھیں [illegible] [illegible] Tomy [illegible] [illegible] [illegible] انقلاب زندہ باد

یاد رہے کہ سبھاش چندر بوس کی آزاد ہند فوج میں [illegible] ([illegible]) [illegible] میں انگریزوں کے غداری کا مقدمہ چلایا اور پنڈت جواہر لال نہرو نے زندگی میں پہلی بار اپنی وکالت کا [illegible] [illegible] بری ہو گئے۔ جب پاکستان معرض وجود میں آیا تو شاہنواز پاکستان آیا [illegible] واپس چلا گیا اور وہاں رہ کر Federal Minister مقرر ہوا۔

کہتے ہیں کہ سبھاش چندر بوس نے ٹوکیو سے پرواز کی [illegible] [illegible] [illegible] ہو گیا اور اس کا جہاز گر کر تباہ ہو گیا [illegible] کہتے ہیں وہ ابھی تک زندہ اور روپوش ہے۔

بات ہو رہی تھی [illegible] [illegible] اپنی یونٹ میں پہنچ [illegible] کے بعد C.O. کے Order [illegible] [illegible] 10 L.F.C. Workshop میں کام کرتا رہا۔ جب وہاں پہنچا تو C.O. [illegible] [illegible] [illegible] انقلاب [illegible] [illegible] معاملہ [illegible] [illegible] [illegible]

Marfat.com

سے بڑی محافظ ہے۔ لہذا موت سے کیا ڈرنا۔ کمال حوصلہ مندی سے اپنی گن تھامے آگے بڑھا اس بات پر کمال کی ڈھارس بندھی کہ اگر وہ کسی سنگین جرم کا مرتکب ہوتا تو اس کا اسلحہ پہلے ضبط کر لیا جاتا۔ چنانچہ اسی سوچ نے کمال کو بڑی تقویت دی جب کمال آگے بڑھا اور فوجی انداز میں salute کیا تو C.O مسکرایا اور کہا: ''کل تم فرسٹ گریڈ کے ٹیسٹ کیلئے Alexanderia جاؤ گے۔''

کمال کا حوصلہ بلند ہوا پھر C.O نے پوچھا: ''تمہارا مذہب کیا ہے؟'' (ضمیمہ 206)

''Sir میرے نام سے ہی ظاہر ہوتا ہے کہ میں مسلمان ہوں۔'' کمال نے بڑے ادب سے جواب دیا۔

کمال والے محسوس ہوا کہ سمندر میں جو دو جہاز کھڑے ہیں ساحل کے ساتھ tents نصب ہیں اور پیچھے جو ورکشاپ ہے تم سب تمہارے رحم و کرم پر ہیں۔

''تین دن پہلے جو نظم تم پڑھ رہے تھے بڑی زوردار نظم تھی۔ دیکھو کسی کو معلوم نہ ہو کہ میں اردو سمجھتا ہوں میں دہلی میں پیدا ہوا تھا اور اردو زبان لکھنا پڑھنا خوب جانتا ہوں۔ نظم پڑھ کر تمہیں کسی قسم کا خطرہ نہیں اگر میں Tomy ہوتا تو تم کب کے مر چکے ہوتے۔ میں بڑا صاحب بن گیا ہوتا۔ مجھے ترقی مل جاتی کہ میں نے اتنا خطرناک آدمی فرنٹ پر پکڑا ہے۔''

کمال خوفزدہ ہو گیا اور کہا: ''میں جہاں پنجاب میں پیدا ہوا وہاں ایک مشہور کہانی 'ہیر' پڑھی جاتی ہے جو کہ میں پڑھ کر وقت گزارا کرتا تھا۔''

''ہاں مجھے معلوم ہے۔'' C.O نے بے تابی سے کہہ دیا۔

جب کمال نے ہیر پڑھنی شروع کی تو اس نے کہا: ''No, No یہ وہ نہیں ہے۔''

کمال بہت حیران ہوا پھر C.O نے اپنی جیب سے نیا عہد نامہ نکالا اور کہا: ''دیکھو یہ عہد نامہ ہے آسمانی کتاب ہے تم اس پر یقین رکھو۔ تم اس پر ایمان لاؤ تو تم مسلمان ہی ہو؟ تمہیں کسی قسم کا کوئی فکر نہیں ہونا چاہیے میں نے تمہیں پہلے بھی خوشخبری دی تھی کہ کل تم Alexanderia ٹیسٹ کیلئے جا رہے ہو۔''

اب کمال قدرے مطمئن ہوا اور حوصلہ قدرے بڑھا پھر کمال نے ایک اور نظم سنائی:

سلام اے تاجدار جرمنی اے ہٹلر اعظم
سلام اے بادشاہ جرمنی اے ہٹلر اعظم

سنا تو نے کبھی ہو کا ایک مجبوروں کی بستی ہے
غلاموں کی وہ بستی ہے محتاجوں کی بستی ہے

جہاں نیکی رہا اور ہے ------ سوتی ہے
جہاں مزدور محنت کر کے مزدوری نہیں پاتا

اگر پاتا بھی ہے تو وہ بھی پوری نہیں پاتا
قسم تجھ کو شکست فاش کی ہے ہٹلر اعظم

وطن کی خاک پر اب خون کے دھبے دیکھتا ہوں میں
قسم تجھ کو کروڑوں لاشوں کی ہے ہٹلر اعظم

بھگت کو اس لئے مارا کہ جینا چاہتا تھا وہ
وطن کے دشمنوں کا خون پینا چاہتا تھا وہ

ہندوستاں کی بار تو اک بار ہو جانا
ہمارے نام کا بھی ایک گولہ پھینکتے جانا

کہا جاتا ہے ہٹلر دشمنان ہند تو بھی ہے
ہمارے خشک خرمن کیلئے برق تپاں بھی ہے

Marfat.com

مگر مجھ کو تو ہرگز یہ یقیں اب ہو نہیں سکتا
ہمارے خون سے وہ ہاتھ اپنے دھو نہیں سکتا

یہ سن کر C.O. نے کہا "ہاں یہ نظم تو وہ نہیں ہے مگر نظم سے زیادہ خطرناک وہ انقلابی جذبات چند روز سے ہیں جو تمہارے دوست گاڑیوں کے پیچھے چھپ چھپ کر دیکھ رہے ہیں کہ یہ کیا ہو رہا ہے۔ کسی سے مت بولنا کل تم test کے لیے Alexanderia جا رہے ہو۔ جب واپس آؤ تو میں تمہیں بلاؤں گا میرے پاس چلے آنا تم اچھے آدمی ہو۔"

Jahangir

کئی سال قبل از تقسیم ہند مال صاحب کو آگرہ جانے کا اتفاق ہوا۔ "جمن" پان بیچنے والے کی دکان سے ایک پان خریدا۔ دوکاندار نے بڑی محبت اور نفاست کے ساتھ کئی مصالحہ جات ڈال کر پان پیش کیا پھر اس کی ترکیب استعمال بھی بتائی۔ "چبا کر جلدی نگل نہ جائیں پھر آدھا گھنٹہ اپنے گلے کے نیچے دبائے رکھیں پھر دیکھیں جمن کی دکان کا پان کیا رنگ لاتا ہے۔" مال صاحب نے ایک پیسہ پان کی قیمت ادا کی اور نہایت ادب سے بڑے میاں سے پوچھا "کیا جمن آپ ہی کا نام ہے؟"

فرمانے لگے "میرا نام نہیں البتہ جمن میرے بیٹے کا نام ہے۔"

"آپ کوئی زندگی کا سچا اور دلچسپ واقعہ سنائیں ملتے زندگی کو بڑے قریب سے دیکھا اور مختلف انداز میں ہے۔"

"ہاں سنو" بڑے میاں نے مال صاحب کو نہایت شفقت سے بنچ پر بیٹھنے کو کہا اور دور ماضی کے ... میں کھو گئے۔

"یہ واقعہ جو میں آپ کو سنانے چلا ہوں یہ میرے والد کو ان کے دادا جان نے سنایا جنہوں نے عہد جہانگیر کے ... دیکھی تھیں۔ ایک دفعہ شاہی خاندان میں چند شادیوں کی تقریب کا انعقاد تھا اور اس پر مسرت موقع کی مناسبت سے ... طرح سجا ہوا تھا۔ جس میں ... بازی ہو رہی تھی جس میں تلوار کے جوہر دکھائے جا رہے تھے۔ ماہر پہلوان نذ (...) رقص کر رہے تھے ... بازی گر رسوں پر جھول رہے تھے۔ باورچی تھے کہ مختلف قسم کے کھانے پکانے سے فرصت نہ تھی۔ ہر خاص و عام مہمان بنا ہوا ... ہر نوع کی نعمتوں سے لطف اندوز ہونے کی دعوت تھی۔ یہ جشن تین دن جاری رہا جس شاہی خاندان نے ... خاص و عام نے بھی خوب اس میں حصہ لیا۔ بالخصوص تاجر پیشہ لوگوں نے اپنا تین دن کا منافع دیا۔

"جہانگیر چاندنی رات میں ... باغ میں بیٹھا شراب سے لطف اندوز ہو رہا تھا (اب اس گھڑی کا منظر ... جمنا کے ... پر دور کوئی ... بانسری ... سوز سے بج رہا تھا۔ اس ملداز لے نے جہانگیر کا سکون ... چھوڑا۔ اس نے فوراً تالی بجائی اور خادم خاص حاضر خدمت ہوا۔ بادشاہ نے حکم دیا بانسری کی آواز ... ہے اسے ... کے ... حاضر کرو۔ خادم خاص جمنا کنارے گیا اور کشتی پر سوار ہو کر ... بانسری کی آواز کی سمت چل دیا۔

"رات کا آخری پہر تھا تارے ایک ایک کر کے غائب ہو رہے تھے ... ہوا ... کی ... ایک ... تھے اور ایک عجیب مستی کا عالم تھا۔ آواز تھی تو اس بانسری کی اور کشتی کے چپوؤں کی۔ پار اترتے ہی ایک درخت کے نیچے ایک خوبصورت تیکھے نین نقشوں والا ... رنگ کی پگڑی سر پر جمائے دنیا و مافیہا سے بیگانہ اپنی دھن میں مگن تھا۔

"خادم نے دھیرے سے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھا اور عرض کی بادشاہ وقت آپ کو یاد کرتے ہیں۔ ایک لخت بانسری ... چونک کے ... والے کے ہاتھ پاؤں پھول گئے۔ نوجوان سمجھ گیا کہ بھول ہوئی جو بادشاہ سلامت کی نازک طبیعت پر گراں گزری ... خوف اور ہیبت کی ملی جلی کیفیت میں وہ اس کے ہمراہ ہو لیا۔ حکم حاکم مرگ مفاجات کے مصداق بادشاہ کے حضور پیش ہوئے۔ بادشاہ ... کے انتظار میں ٹہل رہا تھا۔ انہیں دیکھ کر خادم خاص اور ملازم کو جانے کا حکم صادر ہوا اور لڑکے سے نام پوچھا۔

زم ... ؟

"تمہیں پتہ ہے ؟ جس نے تمہیں اس قدر بے چین کر رکھا ہے۔ میرے رعایا میں کوئی اتنا دکھی ہو یہ مجھ سے برداشت

Marfat.com

نہیں ہو سکتی تمہارے دکھ کا مداوا ہو سکتا ہے۔ کیا کسی سے محبت ہوئی ہے؟

"کسی سے نہیں۔" اس نے دست بستہ مودبانہ عرض کی۔

"اچھا وہ صراحی اٹھاؤ اور دو ساغر بھر دو۔" بادشاہ نے حکم دیا۔ اس سے گھبراہٹ میں ایک ساغر ٹوٹ گیا۔ بادشاہ کو اس کی یہ ادا بھی بھلی معلوم ہوئی اور فرمایا "دوسرا ساغر اٹھاؤ۔ مے نوشی میں آج ہمارا ساتھ دو۔"

صدیوں پرانی مے نے اپنا رنگ جمایا۔ ایک ہی جام نے زمرد کے ہوش و حواس گم کر دیئے۔ نہ تو ہوش رہا نہ میں، میں رہا اور ان پیٹ تہی سے جام میں خلل بھی تھی پھر ایک دفعہ مخاطب ہوئے "زمرد سچ سچ بتاؤ کسی سے پیار کرتے ہو۔ ابھی ہم آتے ہیں سے ہم مرتے ہیں قتل کر ہماری نوٹیں ان کی جیب میں ہے۔"

زمرد ابھی اپنے ہوش میں نہ رہا تھا کہ پگڑی کھل گئی۔ بال تھے کہ سیاہ رات کی طرح بکھر گئے چاندنی میں نہائی ہوئی جوانی ایک پیکر شباب تھی۔ بے نازنین و پیاری۔ بادشاہ کی نیم وا آنکھیں کھل گئیں اور تاب نظارہ نہ لا سکیں۔ جہانگیر نے اب زمرد (دوشیزہ) سے پوچھا "تم کس سے پیار کرتی ہو؟"

"آپ سے۔" اس نے برملا کہا۔

یہ سنتا تھا کہ بادشاہ ورطۂ حیرت میں ڈوب گیا۔ زیرک اور معاملہ فہم بادشاہ ابھی گتھی کو سلجھا بھی نہ پایا کہ زمرد نے کہا "حضور میری یہ چاہت ہے بادشاہ سے پیار کرنے کا حق حاصل نہیں۔"

اس سے پیشتر کہ بادشاہ کوئی جواب دیتا اسی اثنا میں ملکہ عالیہ نور جہاں کی حسد آمیز آواز سنائی دی "جہانگیر خلوت میں یہ سب کیا ہے؟ ... کون ہے یہ عورت جو چھپتی پھرتی ہے؟"

زمرد نے پیچھے مڑ کر دیکھا بھاگ کھڑی ہوئی اور دریائے جمنا میں کود گئی۔ اس رات کے سناٹے کو چیرتی ہوئی ایک آواز آئی تھی اور جو ماہی گیر وہاں نے زمرد کو اپنی گود میں لے لیا۔

صبح ماہی گیروں نے ایک لڑکی کی لاش ملنے کی اطلاع دی۔ بادشاہ وقت نے خود جنازہ پڑھایا اور لاکھوں لوگوں نے شرکت کی۔ رات سے جب نور جہاں اور جہانگیر محل میں بیٹھے تھے کہ جمنا کے اس پار ایک قبر پر ٹمٹماتے دیئے نے انہیں سوگوار کر دیا۔

آسماں تیری لحد پر شبنم افشانی کرے

سبزۂ نورستہ اس گھر کی نگہبانی کرے"

خدمت

لکھیم پور، یوپی، تقسیم سے پہلے ہندوستان کا ایک مشہور شہر جہاں سے دو فرلانگ کے فاصلے پر نہر کے کنارے سلطان آباد ایک گاؤں آباد ہے جس میں رانا جمیل خاں صاحب رہائش پذیر تھے جو جاگیردار یا تعلقدار ہونے کے حوالے سے متعارف نہایت شریف النفس، حلیم طبع اور خوش مزاج انسان تھے۔

مصطفیٰ کمال صاحب کو جناب شیخ فضل کریم آف گجرات جو خاکسار تحریک میں سالار اعلیٰ یوپی تھے، کی معرفت اپنی جماعت کی طرف سے ہدایت ملی کہ رانا جمیل خاں صاحب سے ملیں۔ چنانچہ جب وہ لکھیم پور کی آخری حد جہاں بازار ختم ہو جاتا ہے اور تین راہیں مختلف سمتوں کو نکلتی ہیں، پہنچے تو ان کی نظر ایک بورڈ پر پڑی جس پر "مستند حکیم عبدالرؤف سند یافتہ طبیہ کالج دہلی" تحریر تھا۔ ان سے مطب پر نظر ہوئے، دیکھتے کیا ہیں کہ حکیم صاحب ململ کے کرتے اور میگزھ طرز کے پاجامے میں ملبوس ننگے سر مطب میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ کمال صاحب نے نہایت مودبانہ انداز میں سلام کیا اور ازاں بعد پوچھا "یہ سڑک کہاں جاتی ہے؟"

حکیم صاحب مسکرائے اور فرمایا "گرمی بہت ہے آپ بنچ پر تشریف رکھیں۔"

کمال صاحب نے حکم کی تعمیل کی ابھی سیدھا ہو کر بیٹھے ہی تھے کہ انہوں نے شربت سے لبالب مرادآبادی گلاس تواضع کیلئے پیش کر دیا۔ کمال صاحب سمجھے کہ شاید حکیم صاحب اونچا سنتے ہیں۔ انہوں نے تو رستہ پوچھا تھا شربت بیچ میں کہاں سے آن ٹپکا۔ حکیم

Marfat.com

صاحب نے نہایت شفقت سے کہا "مرضی بہت سے نوش جان کریں جہاں تک پیسے کا سوال ہے تو عرض ہے یہ جو مسافر آتے ہیں اور شام کو چلے جاتے ہیں اور سڑک پیچھے کی پیچھے رہ جاتی ہے۔ رات کا قیام اللہ تعالیٰ کی جگہ ہوتا ہے یہاں رات تک پہنچ جاتی ہے۔" ملک صاحب کو فوراً گجرات کے مشہور شاعر جناب سید فضل حسین فضل گجراتی مرحوم (شاہد ولد صاحب کی اولاد میں سے) کی رباعی یاد آ گئی۔ اس رباعی کا زیر نظر کتاب میں پہلے ذکر آ چکا ہے۔

حکیم صاحب نے پھر پوچھا "آپ نے کہاں جانا ہے؟"

"مجھے سلطان آباد میں رانا جمیل خاں صاحب کے ہاں جانا ہے۔"

"تشریف رکھیے ابھی تانگہ والا آ جاتا ہے۔"

اسی اثنا میں تانگے والا آ گیا تانگے والے کو حکیم صاحب نے مخاطب ہو کر کہا "بیٹے صدیق یہ معزز مہمان رانا جمیل صاحب کے ہیں انہیں عزت کے ساتھ تانگے میں بٹھاؤ اور ان کے ہاں پہنچا دو۔"

بنچ سے اٹھنے سے پہلے ملک صاحب نے حکیم صاحب کو شربت کے دام دینے چاہے تو حکیم صاحب نے فرمایا "رانا جمیل صاحب کا مہمان ہمارا مہمان ہے۔ دام کیسے؟ یہاں آپ سے کوئی بھی کسی چیز کے دام نہیں لے گا۔ آپ آرام سے تانگہ میں بیٹھیں اور منزل مقصود کی طرف سفر پر روانہ ہو جائیں۔"

ملک صاحب تانگہ پر بیٹھے تو صدیق جس نے لکھنوی انداز میں لمبے لمبے اور گھنگریالے دلکش بال شانوں پر ڈال رکھے تھے اس کے بالوں کی دلکشی نے انہیں مجبور کر دیا کہ ان کو چھوئیں جیسے باد صبا کسی دوشیزہ کے دامن کو چھوتی ہے۔ مگر ان سے نادانی میں [illegible] کی اور چھونے کی بجائے انہیں ذرا کھینچ لیا اس پر صدیق نے ملک صاحب کی طرف دیکھا اور مسکراہٹ کے بعد بولا "جناب یہ بال میرے اپنے ہیں۔" پھر وہ سلطان آباد تک سریلی آواز میں مختلف صوفی شعراء کے بیت گاتا رہا۔

سڑک کے دو رویہ کھجوروں کے باغات استادہ تھے جن میں سے کبھی کبھی کوئل کی پرسوز آواز اور پپیہے کی "پی کہاں" کی آواز سنائی دے جاتی۔ عجیب دلفریب اور ناقابل فراموش منظر تھا۔

آج تک آنکھوں میں وہ نقشہ فلم کے سین کی طرح چل رہا ہے کاش اس وقت میرے پاس کوئی خوب [illegible] آویزاں اور معنی خیز بیت نوٹ کر لیتا اور دوست احباب کو سنا سکتا۔ بہر حال ابھی تک جو بیتوں کے بول میرے حافظے میں محفوظ ہیں پیش نذر کرتا ہوں۔

دنیا ایسی باوری پتھر پوجن جائے
گھر کی چکیا کوئی نہ پوجے جس کا پیسا کھائے

ترجمہ

تن اجلا من میلا بگلے کا سا بھیس
اس سے تو کوا بھلا جو تن من ایک
[illegible]

ظالم پتھر جوڑ کے مسجد لی بنائے
تا چڑھ ملاں بانگ دے کیا بہرا ہوا خدائے

ترجمہ

[illegible] ہے برگد [illegible] کے پات
[illegible] ملیں [illegible] تیرے ساتھ
[illegible] اس برگد کے پات
اب [illegible] میرا [illegible] جاؤں اس کے ساتھ

Marfat.com

کاگا سب تن کھائیو چن چن کھائیو ماس
دو نیناں مت کھائیو مو ہے پیا ملن کی آس"

تلسی داس

سفر تقریباً ختم ہو گیا اور تانگے والے صدیق کی اس بات نے چونکا دیا" صاحب، رانا صاحب کا بنگلہ آ گیا آپ دروازے سے بلائیں گے تو دربان حاضر ہو جائیگا۔"

کمال صاحب نے جھٹ جیب میں ہاتھ ڈالا اور تانگہ والے سے دام پوچھے مگر تانگے والے نے حکیم صاحب کی طرح نہایت شائستہ لہجہ میں کہا،" رانا صاحب کے مہمان ہمارے مہمان ہیں اُن کے بڑے احسانات ہیں ہم غریبوں پر دام کیسے ؟"

تھوڑے سے تامل کے بعد اس نے تانگہ موڑا اور یہ جا وہ جا۔

کمال صاحب نے دروازے پر دستک دی۔ ایسا محسوس ہوا جیسے دربان اُنکا ہی منتظر تھا۔ شاید تانگہ رکنے کی آواز اس تک پہنچ گئی تھی انہیں عزت کے ساتھ دروازے کے ساتھ ہی بچھی کرسی پر بٹھایا خود قریب پڑے سٹول پر بیٹھ گیا اور حسب روایت چھت پر لٹکے پنکھے کو ڈوری کی مدد سے کھینچنا شروع کر دیا۔ چند منٹ پنکھا کھینچا ازاں بعد کہا،" میں حاضر ہوتا ہوں۔" اور نہایت سرعت سے اندر گیا بادام کا شربت کا جگ لے آیا۔ کمال صاحب نے اس سے لطف اُٹھایا۔ کیا شربت تھا! اس میں باداموں کے ساتھ ساتھ شاید چیزوں کا بھی استعمال کیا گیا تھا۔ ٹھنڈے مشروب سے لطف اندوز ہونے پر دربان نے مودبانہ عرض کی،" آپ گرمی کی شدت میں سفر کر کے آئے ہیں۔ ساتھ ہی غسلخانے میں تازہ دم ہو لیں۔ بس کھانا بھی تیار ہونے کو ہے آپکے غسلخانہ سے فارغ ہونے تک دستر خوان پر کھانا چن دیا جائیگا۔"

فارغ ہونے پر جب وہ دستر خوان پر بیٹھے تو انواع اقسام کے کھانے چن دیئے گئے۔ کریلے، دہی، چٹنی، اچار، چاول اور تازہ مکھن وغیرہ دعوت اشتہا دے رہے تھے۔ انہوں نے پلیٹ میں دو کریلے رکھے جو کہ بالشت بھر لمبے اور بالکل سبز جیسے ابھی بیل سے توڑ کر پکائے ہوں۔ انہوں نے پہلی دفعہ ایسے سبز کریلے پکے ہوئے دیکھے تھے۔ ان سے رہا نہ گیا تو جھٹ خادم پوچھ لیا، "بھائی کیا بات ہے کریلے ہری کے ہری کیسے پک گئے؟ لگتا ہے ہانڈی میں پکے ہی نہیں سالم آگئے۔"

وہ زیر لب مسکرایا اور عرض کی،" خاصہ ہمارے مطبخ کا خواص ہے اور اسے بھاپ سے ہی تیار کیا جاتا ہے۔ اسطرح طبعی طرز عمل سے ان چیزوں کے تمام ذائقے اور رنگ محفوظ رہتے ہیں۔" میرے چکھنے پر ہی چودہ طبق روشن ہو گئے اور آج تک وہ ذائقہ بھولنا چاہیں بھی تو بھول نہیں سکتے اور بقول شاعر انہوں نے اسقدر کھایا کہ

فیر میں اپناؤ تن کھاہدا اگر تہ ڈھڈ نہ کجے
دہی وڑا اچھاں میریاں وچوں تجے کھبے وگے

اتنا کچھ کھانے کے بعد کسے ہوش رہتا ہے۔ پلنگ پر گرتے ہی گھوڑے بیچ کر سو گئے۔ چار بجے کے قریب خادم نے جگایا اور بتایا،" رانا صاحب اپنی زمینوں سے واپس آ گئے ہیں اور آپ کو یاد فرما رہے ہیں۔"

کمال صاحب نے پھر ایک دفعہ غسلخانہ کا رُخ کیا۔ کیا بتائیں کس کاریگر نے کیسی ہنرمندی کے ساتھ سنگ مرمر استعمال کیا ہوا تھا۔ انہیں دو دفعہ غسلخانہ استعمال کرنے کے باوجود پتہ نہ چل سکا کہ پانی کی نکاسی کا راز کیا ہے۔ غسل کرنے کے بعد پانی کہاں غائب ہو جاتا ہے خیر غسلخانہ سے فارغ ہوئے، رانا صاحب کے نیاز حاصل ہونے پر حیرت انگیز ناقابل فہم صورت حال کا سامنا ہو گیا رانا صاحب کے اردگرد جنگلی جانوروں کی لاتعداد حلقہ بگوش تھی جو کھلے آزادمنش طرز عمل سے چل پھر رہے تھے۔ یہ آنکھوں کی دید کا انوکھا منظر رانا صاحب کے عجیب حسن ذوق کی عکاسی کر رہا تھا۔ سفید اور سبز رنگ کے مورنی قسم کے نایاب کبوتر نہایت اعلیٰ نسل کی بطخیں تالاب میں تیر رہی تھیں اور کہیں کونجیں بھی گلکاری کر رہی تھیں۔

انکی ملاقات رانا صاحب سے ہوئی تو دیکھا کہ وہ بھی ململ کے کرتے اور عیگڑھ کے پاجامے میں ملبوس تھے اور ان کے چہرہ انور پر چھوٹی چھوٹی کالی فرنچ انداز میں تراشیدہ داڑھی نہایت خوبصورت اور بھلی لگ رہی تھی۔ اسی طرح خوبصورت سنہری اور قیمتی

Marfat.com

عینک بھی لگا رکھی تھی۔ اُن کے خدوخال گندمی رنگت، تیکھے نین نقش، نہایت خوبصورت اور متناسب جسم اور قد و قامت کی دلکش شخصیت اُن کے سامنے رونق افروز تھی۔ انہیں نہایت شریفانہ انداز میں ذرا جھک کر ملے نہایت شفقت اور محبت آمیز انداز میں کھانے اور آرام کے متعلق پوچھا، تو کمال صاحب نے بتایا "ان کے آنے سے پہلے کھانا کھا چکا ہوں اور آرام بھی کر چکا ہوں۔ پھر حکیم صاحب اور تانگے والا کا قصہ عرض کیا کہ انہوں نے مجھ سے درم نہیں لئے۔"

رانا صاحب نے فرمایا "میں ان سب کا خدمت گذار ہوں۔ مذہب ملت کی کوئی قید نہیں جو بھی مظلوم میرے علاقہ میں آ جائے بس میں اُسکی مدد کرنا اپنا فرض اولین اور ایمان سمجھتا ہوں۔ اس سلسلے اول تو میں یہاں ہی معاملہ نپٹا لیتا ہوں اگر مجھے کورٹ میں قانون کی بالادستی کیلئے جانا پڑے تو میں نے شاہجہانپور میں ایک زیرک قابل وکیل کیا ہوا ہے جس کی فیس جو مہینے کوئی مقدمہ ہو یا نہ ہو ایک ہزار روپیہ باقاعدگی سے ادا کرتا ہوں۔"

رانا صاحب پھر کمال صاحب کے مسئلے کی طرف متوجہ ہوئے اور نہایت احسن طریقے سے خانساماں کے معاملہ کا صاحب کی تسلی کے مطابق حل کیا اور کمال صاحب انہیں دعائیں دیتے ہوئے لوٹ آئے۔

نماز قائم کرنا

1936 میں ایک دفعہ قمر چندپوری صاحب نے مصطفےٰ کمال صاحب کو کانپور میں آل انڈیا مشاعرہ کے سلسلہ میں مدعو کیا اور دعوت دی کہ مشاعرہ جس کی تشہیر پورے ہندوستان میں کر دی گئی ہے، شمولیت کریں۔ شہرۂ آفاق مشاعرہ میں تمام نامور شعراء کو بھی باقاعدہ مدعو کیا گیا ہے۔ بالخصوص جگر مرادآبادی، فراق گورکھپوری، ساغر لکھنوی اور ہاشمی حیدرآبادی وغیرہ وغیرہ۔

کمال صاحب نے شاہجہانپور سے چھ پیسے فی گھنٹہ کے حساب سے سائیکل کرایہ پر حاصل کی اور عازمِ سفر ہوئے (ضمیمہ 207) بہرحال سائیکل پر سوار ہوئے تو چار میل کے فاصلے پر سائیکل پنکچر ہو گئی۔ سفر کے دوران سڑک پر دو رویہ آم کے درخت اس قدر گھنے تھے کہ سورج کی کرنوں کا گنجان پتوں سے گزر نہ تھا اور انہیں ایسے محسوس ہو رہا تھا جیسے آسمان کی رحمتوں میں سفر کر رہے ہوں۔ سائیکل پنکچر ہونے پر ادھر اُدھر دیکھا کہ کہیں کوئی سائیکل پنکچر کی دکان ہو لیکن دور دور تک کوئی نظر میں نہ آئی مگر خدا تعالیٰ کی شان کریمی ملاحظہ ہو کہ مایوسی کے گھور اندھیرے میں اچانک ایک طرف سے آذان کی آواز سنائی دی۔ چہرہ روشن ہو گیا کہ نزدیک ہی مسلمان یکجا ہوں گے، شاید اُن میں سے کوئی مدد کر سکے۔

انہوں نے مسجد کا رخ کیا آذان اسی طرف سے سنائی دی جہاں سڑک کی دائیں جانب درختوں کے جھنڈ سے نظر آ رہے تھے۔ آسمان دکھائی دینے لگا اور قریبی بستی میں مسجد کے مینار نظر آنے لگے دیکھا کہ اردگرد کے کھیتوں سے کسان کام چھوڑ صلوٰۃ کی ادائیگی کیلئے مسجد کی طرف آ رہے ہیں۔ مسجد کے بائیں طرف ایک آم کے درخت کے سائے میں سائیکل کھڑی کی۔ ابھی تالاب کے کنارے وضو کر رہے تھے کہ اسی اثناء میں ایک طرف سے ایک شخص نے کہا "تالا مت لگائیں یہ مسلمانوں کی بستی ہے آپ کی سائیکل چوری ہونے کا احتمال نہیں البتہ یہ بتائیں کہ سائیکل ہوتے ہوئے پیدل کیوں چل رہے تھے؟"

اس پر انہوں نے تالا نہیں لگایا اور جواب دیا "سائیکل پنکچر ہو گئی ہے۔" سائیکل اللہ کے بھروسے پر وہاں کھڑی کر دی۔ چند سیڑھیاں چڑھ کر مسجد میں صلوٰۃ کی ادائیگی کیلئے وضو کرنے کیلئے قریبی تالاب کے کنارے گئے اور مسجد کے امام صاحب بھی وہاں ان کے پاس آ بیٹھے۔ نہایت شفقت سے فرمایا "مجھے آپکی سائیکل پنکچر ہونے کا علم ہو گیا ہے اور میں نے بچے کو ہدایت کر دی ہے کہ وہ سائیکل دکان پر لے جائے اور پنکچر لگوا کر وہیں آم کے درخت کے نیچے کھڑی کر دے۔" اسی اثناء میں سب نے سنتیں ادا کیں اور فرائض کی ادائیگی کے بعد امام صاحب کو کسی نے بتایا:

"حمزہ جو head مالی ہے۔ وہ درخت پر سے زمین پر گر گیا اور اس کا بازو ٹوٹ گیا ہے۔"

امام صاحب نے تمام حاضرین سے مخاطب ہو کر فرمایا "نماز کی ادائیگی کے بعد ہم سب مل کر حمزہ کی عیادت کیلئے چلیں گے۔" چنانچہ حکم کی تعمیل ہوئی اور قریباً پچیس افراد امام صاحب کی سرکردگی میں حمزہ کے گھر گئے۔

Marfat.com

حمزہ کے صحن میں جو آم کا درخت تھا اس کی پیوند کاری اس خوش اسلوبی سے کی گئی تھی کہ دیکھ کر کمال صاحب حیرت زدہ رہ گئے دونوں کی مہارت کا منہ بولتا ثبوت تھا لیکن حمزہ کے صحن میں اداسی بال کھولے رو رہی تھی۔ بچے تھے کہ ڈرے سہمے زخمی باپ کی چارپائی کے ارد گرد کھڑے تھے۔ بیوی بیچاری غم سے نڈھال بیٹھی ٹکر ٹکر حمزہ کی طرف دیکھ رہی تھی۔ بکریاں بھوکی پیاسی ایک کونے میں کھونٹوں سے بندھی "میں میں" کر رہی تھیں اور ایک ہمدرد شخص ٹوٹے ہوئے بازو پر باندھنے کیلئے پھٹیاں تیار کر رہا تھا۔

امام صاحب نے حمزہ کی خیریت دریافت کی اور پھر پھٹیاں درست کرنے والے کو پانچ روپے دینے چاہے مگر اس شخص نے خوش ہو کر پانچ کا نوٹ دیتا دیکھ کر ایسے ہاتھ کھینچ لیا جیسے بچھو نے کاٹ کھایا ہو اور امام صاحب سے عرض کی "جناب یہ تو میرا اجر ہی دوست ہے۔ اس لیے تو میری جان بھی حاضر ہے۔ یہ میری خوش نصیبی ہے کہ میں کام کے سلسلے میں گاؤں سے باہر نہیں چلا گیا اور اپنے بھائی کی کچھ خدمت کر سکا۔" پھر امام صاحب نے بصد اصرار انہیں وہ پانچ روپے لینے پر رضامند کر لیا اور تمام حاضرین سے کہا، "آپ لوگوں کی مہربانی ہو گی اگر آپ سب جو یہاں موجود ہیں انہیں میری امداد دیں کہ ہر شخص ایک ایک روپیہ اور گندم کا آٹا یا مکئی کا آٹا اور چاول وغیرہ حمزہ کے گھر پہنچا دیں کیونکہ حمزہ اب ایک ماہ تک کسی کام کاج کرنے سے معذور ہے۔"

حاضرین میں سے ایک نے حمزہ کی بیوی سے کہا "کل سے کسی سبزی وغیرہ کی فکر نہ کرنا"۔ دوسرے نے کہا "کل سے میں دودھ دے جایا کروں گا"۔ تیسرے شخص نے ایندھن لے آنے کی حامی بھر لی جس پر حمزہ کی بیوی نے کہا، "بھائی آپ کی مہربانی ہے۔ ہمارے پاس ایندھن کا ذخیرہ موجود ہے۔"

وہاں سے جب فارغ ہوئے تو امام صاحب نے کمال صاحب سے مخاطب ہو کر کھانے کیلئے پوچھا اور فرمایا "میں نے ابھی کچھ بھی نہیں کھایا۔ آیئے جلدی چلیں۔" چنانچہ امام صاحب نے اپنی جھونپڑی تک کمال صاحب کی رہنمائی فرمائی۔ جھونپڑی اگرچہ چھوٹی سی تھی مگر نہایت سلیقہ شعاری سے ضروریاتِ زندگی مہیا کی ہوئی تھیں۔ ان کی بیٹی نے انہیں اور کمال صاحب کو سلام عرض کیا اور امام صاحب کی فرمائش پر کھانا پیش کیا گیا۔ کھانے میں چاول، دہی، چٹنی اور مرچ کی دال نہایت قرینے سے لگا دیا گیا۔ انہوں نے ایک ہی پلیٹ میں کھانا کھایا۔ کھانے سے فارغ ہوئے تو اتنی دیر میں ایک لڑکا سائیکل کا پنکچر لگوا کر لے آیا۔ کمال صاحب نے پوچھا تو امام صاحب نے فرمایا "ایک آنہ لاگت آئی ہوگی اس کے لئے فکر نہ کریں آپ ہمارے مہمان ہیں ہم ادا کر دیں گے۔" پھر اس بچے کو بہ تاکید کہا کہ تیزی سے جاؤ اور فلاں فلاں چھوٹے قد والے آم کے درختوں سے دو درجن آم ٹوکری میں گھاس ڈال کر رکھ دو۔" پھر کمال صاحب سے مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا "یہ نہایت رسیلے خوشبودار بغیر ریشے کے ایسا آم ہے کہ آپ باریک گٹھلی نکال کر چمچ سے کھائیں۔" (تمیمہ 208) امام صاحب کافی دور تک فاصلے تک انہیں الوداع رخصت کرنے کیلئے آئے اور تاکید کی کہ کبھی ادھر سے گزر ہو تو ہمارے غریب خانہ پر ضرور قدم رنجہ فرمائیں۔

یہ ہے صلوٰۃ (نماز) پڑھنے اور قائم کرنے کا فرق۔ اس مقتدی نے صلوٰۃ سے کب غیر حاضر ہونا ہے جہاں تمام دکھ درد میں شریک ہوں اور تکلیفیں بانٹی جاتی ہیں۔ اس طرح صلوٰۃ قائم ہوتی ہے پڑھی نہیں جاتی۔

وید پرتھوی راج

کسی زمانے میں پٹنہ ہندوستان کے قریب ایک اتم ذات کا ہندو پرتھوی راج نام مشہور وید مقیم تھا۔ ایک روز مصطفےٰ کمال صاحب وید پرتھوی راج ایک دیگر ہندو کے ہمراہ کہیں جا رہے تھے تو دیکھتے کیا ہیں کہ ایک نہایت خوبصورت خانہ بدوش (پچھی داس) عورت محو رقص (ناچ) رہی ہے اور اس چابکدستی سے انداز میں کہ زمین بھی دھڑکتی محسوس ہوتی تھی۔

تینوں دوست وہاں کھڑے ہو گئے ایک بوڑھا شخص جو کہ قریب بیٹھا چھاج بن رہا تھا، کام چھوڑ کر آیا۔ جھک کر پرنام کیا اور کہا، "مہاراج میں آپ کی کیا خدمت کر سکتا ہوں؟"

"ایک صاف چھنے (پیالہ) میں مجھے لسی پلاؤ" وید نے کہا۔

اس عورت نے ایک چھنے (برتن) کو خوب صاف کیا اس میں لسی ڈالی اور ساتھ ایک صاف ستھری پلیٹ میں مکھن بھی لے

Marfat.com

آئی۔ بغیر کچھ کلام کئے وید کو پیش کیا۔ وید نے پہلے قریباً نصف چھٹانک کا پیالہ باقی ماندہ بھی پی لیا اور تھوڑا سا بھی کھایا۔ ازاں بعد وید نے کہا: "میرے دوست (مصطفیٰ کمال صاحب) کیلئے بھی ایک چھٹانک لے آؤ۔" کمال صاحب نے دوسرے ہندو کو بھی اس کی پیشکش کی مگر اس ہندو نے اصرار کیا: "آپ پی لیں۔" کمال صاحب نے نصف چکھا یا اور کچھ ہندو کو پیش کیا تو اس ہندو نے نصف چکھ کر کمال صاحب کا چھوڑا ہوا پی لیا۔

اعلیٰ ذات کا ہندو ایک نچلی ذات کے ہاتھ سے کچھ پی رہا تھا اور پھر ایک مسلمان کے ہاتھ سے ہندو نے جو بھی کچھ پی لیا۔ جب چلنے لگے تو پاس کھڑی چھوٹی بچی کو وید نے دو روپے دینے چاہے مگر بچی نے انکار کر دیا البتہ وید نے بوڑھے سے پوچھا: "یہ عورت جو دودھ بیچ رہی ہے تمہاری کیا لگتی ہے؟"

"مہاراج میری بہو ہے۔" بوڑھے نے انکساری سے جواب دیا۔

"تمہارا بیٹا کہاں ہے؟" وید نے پوچھا۔

"وہ صبح سے گائے بیچنے گیا ہوا ہے۔"

"تمہارا بیٹا بھی کیا تمہاری بہو جیسا خوبصورت قد آور اور صحت مند جوان ہے؟"

"مہاراج بس دونوں میاں بیوی آپس میں پیار محبت اور راضی خوشی زندگی گزار رہے ہیں۔"

یہ بڑی پتے کی بات ہے۔ بھاری کولہے، چوڑی کمر، بڑی چھاتی اور چوڑا ماتھا ہمیشہ بچوں کی تعداد زیادہ اور متعدد اولاد ہوتی ہے۔ وید نے اپنے تجربے کی بناء پر تبصرہ کرتے ہوئے دوستوں سے کہا۔

ماں کی خدمت

ریاست بھوپال انڈیا ایک چائے والے کی دکان واقع تھی جو چائے کے پیالے میں ایک پوست کا دانہ ڈال کر پیش کرتا۔ اس طریق کار کی وجہ سے دکان اس قدر مشہور ہوئی کہ اس دکان کا نام "پوست والی چائے" پڑ گیا۔ [illegible] ریاست بھوپال شیر اور ہرن کے شکار کیلئے نہ صرف ہندوستان بلکہ بیرون ملک میں بھی مشہور تھی۔ اس دکان پر شکاری اکثر اوقات شکار پر جانے سے پہلے اور پھر شکار سے واپسی پر ضرور اس پوست والی چائے سے لطف اندوز ہوتے اور وہیں پر بیٹھے ایک دوسرے کو شکار کے منظر اور فخریہ واقعات سنایا کرتے اور چائے کی دکان پر بیٹھ کر جب خود تو باقاعدہ شکار پر نہ جاتے البتہ شکار سے متعلق آپ بیتی داستانیں سننے بیٹھے رہتے۔ یاد رہے کہ بڑے شکاری اپنے شکار کے کارناموں کے اظہار پر مبالغے سے کام نہیں لیتے۔

مصطفیٰ کمال صاحب کی موجودگی میں مذکورہ بالا دکان میں دو شکاری باتیں کر رہے تھے۔ ایک شکاری نے کہا: "ہرن کی خوبصورت موٹی موٹی آنکھیں، چھاتی پر سفید داغ اور براؤن رنگ کی کھال ایسے ہرن کو شکار کرنے کیلئے [illegible] سوچ کر [illegible] ہم نے چھوڑ دیا تو کسی دیگر شکاری کے ہتھے چڑھ جائیگا۔ میں (شکاری) نے نشست [illegible] اس کی چھاتی پر فائر [illegible] کی عجلت کی وجہ سے نشانہ اس کی پچھلی ٹانگ یعنی ران پر لگ گیا۔ زخمی ہرن چوکڑیاں بھرتا ہوا [illegible] سے قوت مدافعت مجروح ہو چکی تھی اور اسی تناسب سے اس کی رفتار بھی ماند پڑ گئی۔ ہمارے دیکھتے ہی دیکھتے ایک شیر نے اس کی گردن کو جھٹکا مار کر اس کو اپنی پیٹھ پر لاد لیا لیکن فوراً چھوڑا۔ اب ہم نے محسوس [illegible] خیال کیا کہ اپنے شکار [illegible] شیر کا تعاقب شروع کر دیا۔ بالآخر شیر اپنی کچھار (کھوہ) تک پہنچ گیا اور ایک صاف ستھری جگہ پر [illegible] ازاں بعد کچھار کے اندر چلا گیا اور ایک بوڑھی شیرنی جو کہ اس کی ماں ہو سکتی تھی [illegible] ہوئے اپنے اگلے پاؤں پر بوجھ ڈال سکتی تھی کیونکہ غالباً وہ [illegible] اور بے جان کی کیفیت میں نڈھال رہتی۔ وہ ضعیف شیرنی اپنے بیٹے کے ساتھ [illegible] باہر آئی اور [illegible] شکار [illegible] اپنی زبان سے منہ صاف کیا اور آرام سے واپس اپنی کچھار میں چلی گئی جبکہ شیر نے باقی ماندہ گوشت کھایا اور چل دیا۔"

نہ صرف انسان اپنی ماں کی خدمات بجا لاتا ہے بلکہ اس واقعہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ درندے بھی اپنی بوڑھی اور معذور ماں کا [illegible]

Marfat.com

نہیں رکھتے ہیں۔ ایک شیر نے شکار کیا اور احتیاط سے اپنی ضعیف ماں کو پیش کر دیا۔
وہ کیسے انسان ہیں جو اپنے ماں باپ کی خدمات میں کوتاہی کے مرتکب ہوتے ہیں۔

اشلوک

1935ء کا واقعہ ہے مصطفےٰ کمال صاحب بنارس میں قیام پذیر تھے۔ بنارس کی صبح اور پیرس کی شام دنیا بھر میں پرکشش ہونے کی وجہ سے مشہور ہیں۔ صبح سورج نکلنے سے پہلے دریائے گنگا میں مندروں کے عکس پانی میں خوشنما منظر پیش کرتے ہیں اور ہر طرف کشتیاں ہی کشتیاں رواں دواں ہوتی ہیں تو ان کی دلفریب رنگینیاں بلاشبہ عکس بندی کا موجب بنی ہوتی ہیں۔ کشتیوں میں مختلف قسم کا سامان دستیاب ہوتا ہے جو پوری ہوتا ہے وہاں پرچیت وغیرہ خرید او غیرہ شاپنگ کے سلسلہ میں تفریحات کے دوران جزوی طور پر پُر رونق ہو جاتی ہے۔ صبح کے شفاف دن میں پر شیوں سے منظر اس قدر دلفریب اور خوشنما ہوتا ہے کہ لوگ کیمرہ سے تصویر کشی کیلئے کشاں کشاں چلے آتے ہوتے ہیں۔

دریائے گنگا کے بائیں کنارے پر شیو جی مہاراج کا مندر ہے جس کا نصف دریا میں اور نصف حصہ خشکی پر نمایاں ہے مندر تک جانے کیلئے تین گلیاں ہیں۔ ایک گلی مردوں کیلئے دوسری گلی عورتوں کیلئے جبکہ تیسری صرف پنڈتوں کیلئے مختص ہے گلیوں کے اندر دائیں بائیں چھوٹے چھوٹے حجرے موجود ہیں جہاں دیوداسیاں براجمان ہوتی ہیں۔ (ضمیمہ 209) وہ صرف ساڑھی بالخصوص سفید ساڑھی پہنے ہوتی ہیں اور اس سفید ساڑھی کے margin پر ایک چھ انچ یا کالے رنگ کا بارڈر چسپاں ہوتا ہے۔ پاؤں سے ننگی ہوتی ہیں ان کا لباس بے حد جاذب ہوتا ہے۔ شاید ہوتی کا کسی حال سے نہ بنائی گئی ہو۔ حجرے اتنے چھوٹے ہوتے کہ صرف ایک دیوداسی کی جگہ ہوتی ہے دیوداسیاں دو چھوٹی کٹوریاں سامنے رکھتی ہیں۔ ایک میں سیندھور اور دوسری میں سفید رنگ کی mixture ہوتی ہے۔

مصطفےٰ کمال کو مندر دیکھنے کا شوق ہوا۔ ایک روپیہ میں کھدر کی نہرو کیپ خریدی اور تنگ پاجامہ زیب تن کیا کیونکہ مندر کے سامنے ایک بورڈ نصب تھا جس پر لکھا ہوا تھا: "یہاں مسلمانوں اور ہریجن (scheduled caste) کو اندر آنے کی اجازت نہیں۔" یہ تحریر ہندی، اردو اور سنسکرت زبانوں میں لکھی گئی تھی۔

مصطفےٰ کمال جی مردوں والی گلی میں داخل ہو گئے۔ ایک دیوداسی کو پرنام کیا اس نے مصطفےٰ کمال صاحب کو سندھور میں اپنی چھوٹی انگلی ڈبو کر تلک لگا دیا جس پر انہوں نے کہا: "میں پنڈت ہوں" تو دیوداسی نے چھوٹی انگلی کو سفید mixture والی کٹوری میں ڈبو کر تلک سے اوپر ایک "U" بنا دیا (ضمیمہ 210) کمال صاحب نے دیوداسی کو اس عمل کے صلے میں دو پیسے سامنے رکھ دیئے وہ کسی سے پیسہ مانگتی نہیں جو توفیق ہو دیدو۔ وہ چلتے گئے اور لوگ آپ کو پرنام کرتے رہے کہ یہ پنڈت جا رہے ہیں لیکن مندر میں داخل ہونے کے آداب سے ... پہلی صف میں جا کر براجمان ہو گئے ان کے علاوہ دیگر مرد و زن بھی موجود تھے شیو جی کا بت قریباً دو من کا ہوگا بت کے سامنے چبوترے پر ایک پجاری بیٹھا ہوا تھا جو لکڑی کی دو چھوٹی پھٹیوں سے "رامائن" کے ورق الٹا رہا تھا۔ رامائن بڑی ضخامت کی تھی جس سے الفاظ بھی سنتا ہوا ہوتے تھے۔

مندر کی اگلی صف میں وہ لوگ بیٹھتے ہیں جنہوں نے کچھ پڑھنا یا پوچھنا ہو۔ اس صف میں 22 مرد بیٹھے ہوئے تھے سولہ نمبر تک پنڈتوں نے ایک ایک کر کے اشلوک پڑھے اور پجاری الوچنا کرتا رہا۔ جب سولہواں نمبر پڑھ چکا تو اس نے مصطفےٰ کمال کے شانے پر ہاتھ رکھا اور کہا: "اب تمہاری باری ہے۔" لہذا کمال صاحب اٹھ کھڑے ہوئے بہت گھبرائے اور گھبراہٹ میں حالانکہ آپ کو بہت اشلوک یاد تھے nervous ہو کر بھول گئے پھر حضرت علی کا قول یاد آیا: "موت انسان کی سب سے بڑی محافظ ہے۔"

ان کی جیب میں نظام آباد کا بنا ہوا چاقو موجود تھا خیال آیا کہ اگر ایسی ویسی صورت حال رونما ہوئی تو ایک دو پجاریوں کو مار کر گنگا میں چھلانگ لگا دوں گا اور دیکھا جائیگا۔ آپ کو اشلوک یاد آ ہی گیا۔ ازاں بعد پرنام کرتے ہوئے باہر گلی میں سے گزر کر باہر اپنے جوتے پہن کر نکل آئے۔

Marfat.com

Delivery on train

تقسیم ہند سے قبل مصطفےٰ کمال صاحب لاہور سے فرنٹیئر میل پر بمبئی جا رہے تھے جب گاڑی تندوارہ ریلوے سٹیشن پر رکی تو ایک ادھیڑ عمر ریلوے سپاہی ساتھ والے زنانہ ڈبے سے پریشان حال اس ڈبے میں داخل ہوا جہاں مصطفےٰ کمال صاحب اور چند دیگر مسافر سفر کر رہے تھے۔ وہاں ایک سکھ اور اس کی بیوی بھی موجود تھی (ضمیمہ 211) سپاہی نے نہایت اضطراب سے پوچھا کہ ساتھ والے ڈبے میں ایک جوان عورت کی طبیعت ٹھیک نہیں۔ حسن اتفاق سردار صاحب کی بیوی ایک لیڈی ڈاکٹر تھی وہ اپنا بیگ لے کر اس کے ساتھ چلی گئیں۔

چار پانچ سٹیشن گزرنے کے بعد ایک سٹیشن پر جب گاڑی رکی تو وہ سکھ لیڈی ڈاکٹر اور ایک ہندو دیہاتی جس کے ماتھے پر تلک لگا ہوا تھا نومولود بچے کو اٹھائے ڈبے کے سامنے آ کر platform پر رکے۔ گارڈ نے ایک ملازم کو بلا کر بچہ اور کاغذات اس ہندو ماں کے ہاتھوں میں تھمائے اور تانگے کی اگلی سیٹ پر بٹھا دیا جبکہ پچھلی سیٹ پر ریلوے کا ایک ملازم بیٹھ گیا۔ گارڈ نے ریلوے ملازم کو سمجھایا تاکہ وہ عورت کو بحفاظت گھر تک پہنچا دے۔

تانگہ منزل مقصود کی جانب چل دیا تو گارڈ نے whistle دی۔ گاڑی چل پڑی اور ہم اپنے ڈبے کی طرف چل پڑے۔ لیڈی ڈاکٹر نے بھی اپنے خاوند کے ساتھ جگہ سنبھال لی چونکہ انہوں نے بھی مصطفےٰ کمال کے ساتھ ہی بمبئی جانا تھا لیڈی ڈاکٹر نے بتایا "دیہاتی عورت اور محنت کش تھی اس لئے ڈلیوری نارمل ہوئی۔ میرے پہنچنے سے پہلے گارڈ پہنچ چکا تھا۔ اس نے اس عورت سے تمام کوائف اس مقصد کیلئے بنائے گئے فارم میں پر کئے۔ چونکہ انگریز بہادر کا قانون تھا کہ جو بچہ ریلوے سفر کے دوران پیدا ہو وہ تمام عمر کسی جگہ بھی ہندوستان کی حدود کے اندر مفت سفر کرنے کا مجاز ہے۔ وہ عورت پڑھی لکھی نہ تھی اس نے عورت کو اطمینان دلایا اور کہا کہ کاغذات آپ کے گھر پہنچ جائیں گے۔"

احسان کا بدلہ

تقسیم ہند سے کوئی دس سال قبل بارہ دوست، ہندو، سکھ اور مسلمان جن میں مصطفےٰ کمال بھی شامل تھے انہوں نے بمبئی میں ایک پارسی خاتون کے مکان میں Paying guests کی حیثیت سے رہائش اختیار کر لی۔ ہر ایک فی ہفتہ ایک روپیہ دیتا جس میں شام کا کھانا اور رہائش کا کرایہ شامل تھا۔ یہ پارسی خاتون نہایت اعلیٰ کردار کی مالک تھی۔ قریباً تیس سال تک ایک پارسی خاندان کی خدمت گزاری کے صلے میں جمع پونجی سے اپنا ذاتی مکان تعمیر کروالیا اور اس کی گذر اوقات اسی مکان سے حاصل ہونے والے کرایہ پر ہی منحصر تھی۔ بارہ روپے ہفتہ جو یہ سب دوست اسے ادا کرتے اس میں نہ صرف انہیں شام کا لذیذ پکا ہوا کھانا مہیا کرتی بلکہ سلیقہ مندی سے کچھ عرصے بعد ان بارہ روپوں میں سے پس انداز کئے گئے روپوں سے اچھی قسم کی ان کے کمرے میں ایک ایک دری اور بارہ گاؤ تکیے بھی بنوا دیئے۔ اس صاحب کردار خاتون کے پاس بعض مستقل رہائش پذیر تھے جنہیں یہ نیک دل خاتون رات کا کھانا مفت دیا کرتی تھیں۔

ان بارہ دوستوں میں سے ایک ہندو کا نام چندر برج تھا۔ اس نے دوست مصطفےٰ کمال کو اپنی زندگی کی ناقابل فراموش داستان سنائی جو پیش خدمت ہے:

چندر برج تقسیم پور، ضلع پٹنہ کا رہائشی تھا۔ تقسیم پور قصبہ کے قریب سے ایک نہر گزرتی تھی جس کے کنارے سے نہر کے پانی کی سطح تک سیڑھیاں بنی ہوئی تھیں۔ ان سیڑھیوں کی تعمیر کا خرچ کچھ تو تقسیم پور کے باسیوں نے ادا کیا اور کچھ رقم حکومت نے ادا کی۔ چندر برج کے والد کا مکان اسی نہر کے قریب واقع تھا۔ چندر برج کے ماتا پتا کی بڑی خواہش تھی کہ ان کا بیٹا ریلوے سٹیشن ماسٹر بنے وہ غریب تھے اور تھوڑی سی زمینداری پر ہی گزر اوقات تھی۔ حسب ضرورت کچھ زمین فروخت کرتے اور چندر برج کے تعلیمی اخراجات اور پارچات وغیرہ کا بوجھ برداشت کرتے۔

کچھ دنوں بعد چندر برج کے پتا کا دیہانت (فوت) ہو گیا اور چندر برج کی ماتا اپنے پتی کی وفات کا جان لیوا صدمہ

Marfat.com

برداشت نہ کر سکی۔ چند ہفتوں کے بعد وہ بھی اپنے پتی سے جا ملی اور کریا کرم پر جو تھوڑی زمین بچی وہ بھی بہ امر مجبوری فروخت کر دی
اس کے دوران ہی چندر برق نے بنارس یونیورسٹی میں بی اے کے داخلے کیلئے عرضی گزاری ہوئی تھی۔ اب ان نامساعد حالات میں چندر برق کا گزارہ دشوار تر ہو گیا جب اس نے ناچار آہستہ آہستہ گھر کا سامان بھی فروخت کرنا شروع کر دیا یہاں تک کہ تھوڑے بہت پیتل کے معمولی برتن ہی گھر کی کل کائنات تھے رہ گئے۔

چندر برق کے پڑوس میں ایک ہندو پجاری رہا کرتا اس کی ایک ہی بیٹی چندو بالی تھی۔ وہ دیکھ رہی تھی کہ زبوں حالی کے دوران چندر برق گھر کا سامان آہستہ آہستہ بیچ رہا ہے۔ ایک دن چندر برق ایک پیتل کی کٹوری چادر میں چھپا کر برتن والے کی دکان پر فروخت کرنے کی غرض سے جا رہا تھا تو پجاری کی لڑکی چندو بالی اس کے تعاقب میں چل پڑی۔ لڑکی نے دیکھ لیا کہ دکاندار نے [illegible] صرف تیرہ آنے دیئے۔ چندر برق اس تعاقب سے بے خبر تھا کہ اس کی پڑوسن لڑکی یہ سب کچھ دیکھ رہی ہے۔ اس شام چندو بالی نے چندر برق سے دبے لفظوں میں اس امر کی طرف اشارہ بھی کیا "وہ اپنے گھر کے برتن اونے پونے داموں فروخت نہ کرے [illegible] مناسب نہیں اور اگر وہ محسوس نہ کرے تو وہ کھانا ان کے ہاں کھا لیا کرے۔" لیکن چندر برق نے [illegible] ابھی کچھ سامان باقی ہے۔" اس لڑکی کا شکریہ ادا کیا اور ٹال دیا۔

ایک روز چندر برق کو بنارس یونیورسٹی میں داخلے اور ہوسٹل میں رہنے کی اجازت مل گئی۔ اب چندر برق کے پاس ان عوامل [illegible] شام جب یونیورسٹی کا خط موصول ہوا تو گھر کے [illegible] بیٹھا اپنی قسمت پر آنسو بہا رہا تھا کہ اب ماتا پتا کی [illegible] پوری نہ ہو سکے گی [illegible] چندو بالی [illegible] پہنچ گئی تو چندر برق کو غمزدہ اور ملول دیکھ کر پوچھا:

"کیا بات ہے [illegible] تم [illegible] ہو؟"

چندر برق نے [illegible] کہا: "اب جب مجھے یونیورسٹی میں داخلہ مل گیا ہے تو اس کے اخراجات کا تحمل [illegible] میں نہیں [illegible] اپنے ماتا پتا کی خواہش بھی پوری نہیں کر پا رہا۔"

چندو بالی یہ بات سنتے ہی [illegible] پچاس روپے لے آئی ان روپوں کو ایک کپڑے کے ٹکڑے میں باندھا اور چندر برق [illegible] ابھی تک [illegible] بیٹھا ہوا تھا۔ وہ وہاں گئی اور اسے پچاس روپے دینے چاہے۔ چندر برق نے [illegible] لینے سے انکار کر دیا اور اسے سمجھایا کہ وہ یہ رقم واپس لے جائے لیکن چندو بالی مصر تھی۔ "یہ رقم میری [illegible] میں اپنی خوشی سے دے رہی ہوں کہ تم اپنی تعلیم مکمل کرو اس کے علاوہ میری اور کوئی خواہش نہیں۔" چندر [illegible] نے نہایت آزردہ [illegible] اور اپنی مجبوری کے پیش نظر اس سے یہ رقم قبول کر لی اور کہا: "چندو میں تمہارے اس احسان کا بدلہ ضرور چکاؤں گا۔"

چندر برق چند دنوں بعد بنارس چلا گیا ذہین اور لائق طالب علم ہونے پر یونیورسٹی کی طرف سے وظیفہ بھی مل گیا اور یہاں اس کی ایک امیر خاندان کے لڑکے سے دوستی بھی ہو گئی جس کے باپ کا بمبئی میں بہت وسیع کاروبار تھا۔

چندر برق [illegible] میں پاس ہو گیا تو اپنے اس امیر دوست کی وساطت سے اس کو اس کے باپ کے ہاں کی فیکٹری میں ملازمت مل گئی جہاں چندر برق کا کام مزدوروں کی دیکھ بھال کرنا تھا۔ [illegible] آیا اور [illegible] کرنا پڑتا۔ اب چندر برق کو یہ غم [illegible] رہا تھا کہ وہ چندو بالی کے احسان کا بدلہ کیسے چکائے۔ جب اس کے پاس [illegible] پورے آنے جانے کا کرایہ اور زادِ راہ جمع ہو گیا تو وہاں گیا اور اپنے آبائی مکان کی رجسٹری چندو کے نام کر دی۔

اسے کہتے ہیں احسان کا بدلہ۔

ختنے

1931 میں مصنف [illegible] صاحب نہایت جوانی کے عالم میں چوپاٹی حاجی کیمپ بمبئی میں رہائش پذیر تھے۔ چوپاٹی beach پر ایک بند جو سمندر میں [illegible] دور تک چلا جاتا ہے۔ اس بند کے دونوں طرف alternatey پچاس گز کے فاصلے پر [illegible]

Marfat.com

چھ فٹ لمبے ڈیڑھ فٹ اونچے ایک ہی ڈیزائن کے بینچ بچھے ہوئے تھے۔ ہر ایک بینچ سے اوپر ایک شیٹ کی چھت کی نصب تھی۔ ان کے قریب ایک بینچ پر ایک Martha نام کی لڑکی "چک شیخاں" ضلع سیالکوٹ کی رہنے والی بیٹھی ہوئی تھی۔ اس کے والدین عیسائی تھے جو پنجاب سے کبھی ملازمت کے سلسلہ میں گئے ہوئے تھے۔ اس لڑکی نے میٹرک کرنے کے بعد میں عیسائی مشن کی مدد سے نرسنگ کا کورس کر لیا۔ ایک پارسی ڈاکٹر ہے جس کا نام جمشید تھا اس کے کلینک میں ملازم ہو گئی۔ مسلمان اپنے بچوں کو ڈاکٹر کے پاس ختنہ کرانے کے لئے لاتے تھے۔ نرس کی فیس ایک روپیہ تھی لیکن ڈاکٹر بھی نرس کو فی ختنہ ایک روپیہ دیا کرتا۔ یہ لڑکی صبح کے وقت ورزش کیا کرتی اور پیدل سیر کرتی تھی اور کمال صاحب بھی صبح کے وقت ورزش کیا کرتے۔ دونوں کی آپس میں دوستی میل ملاپ ہو گیا۔

ایک دن اس نے کمال صاحب سے پوچھا "مسلمان ختنہ کیوں کراتے ہیں؟"

"ختنہ تو کئی عیسائی بھی کراتے ہیں مگر مجھے کوئی زیادہ علم نہیں ختنہ کیوں کیا جاتا ہے۔ ہاں البتہ یہ جانتا ہوں جس سے کاٹ دیئے جاتے ہیں وہ بے خوف رہتا ہے کہ اس کے جسم کا کوئی حصہ دشمن کے ہاتھ پڑ نہ سکے۔" اس پر وہ خوب ہنسی۔

Martha نے یہ بات اپنے ڈاکٹر صاحب سے کی تو ڈاکٹر صاحب نے ملنے کا اشتیاق ظاہر کیا۔ چنانچہ کمال صاحب ڈاکٹر صاحب کے ہاں پہنچے ڈاکٹر نے تواضع کی میرے دوست کے لطیفے پر خوب ہنسا اور کہا سائنس کے لحاظ سے ختنہ والی کھال ضرور کاٹ دینی چاہیے چونکہ اس میں Infection وغیرہ ہونے کا خطرہ ہو سکتا ہے۔"

امام صاحب

کمال صاحب کو ایک دفعہ بزنس کے سلسلے میں سورت ہندوستان جانے کا اتفاق ہوا۔ نماز کا وقت تھا مگر پنجاب جیسی روایتی مسجد ڈھونڈنے سے نہیں مل رہی تھی۔ راستے میں انہیں ایک مستطیل شکل کی عمارت سے اذان کی آواز سنائی دی۔ گو کہ عمارت کے ماتھے پر لفظ مسجد لکھا ہوا تھا لیکن دیوار بھی دوسرے لوگوں کے ساتھ اندر داخل ہو گئے۔ اندر جا کر ان کی حیرانی میں اس وقت اضافہ ہوا جب انہوں نے لوگوں کو جوتے الماری میں ترتیب اور قرینے سے رکھتے ہوئے پایا۔ اس مسجد میں بیچ carpet اور ایک طرف کرسیاں بچھی ہوئی تھیں۔ وضو کرنے کے لئے جب وہ اس حصہ میں پہنچے تو پانی کی آمد اور انخلا کے نظام کو دیکھ کر بھی حیران ہوئے۔ ایک ٹونٹی سے پانی مسلسل اور ایک جہت آتا اور جس کرسی پر بیٹھ کر وضو کیا جاتا وہ صاف آگے پیچھے اوپر نیچے ہو سکتی ہے۔ صاحب کو بیٹھ کر بھی وضو کیا کرتی۔

وضو کرنے کے بعد جب ہال میں داخل ہوئے تو صندل کی خوشبو نے استقبال کیا جو ایک عجیب سی مہک دے رہی تھی۔ امام صاحب ایک سرخ و سفید جوان تھے چھوٹی چھوٹی داڑھی جوان کے چہرے پر زیب دے رہی تھی نہایت دلکش انداز میں اپنے مقتدیوں سے محو گفتگو تھے تکبیر پڑھنے پر امام صاحب نماز پڑھانے کے لئے کھڑے ہوئے اور ساتھ ہی ایک شخص بھی کھڑا ہو گیا جس نے نماز کے ساتھ ساتھ مالا باری زبان میں ترجمہ کیا۔ کمال صاحب کے لئے یہ بالکل نئی بات تھی۔ بہر حال نماز پڑھی اور فارغ ہونے پر امام صاحب کے قریب گئے تاکہ پوچھیں "مسجد مستطیل اور بغیر مینار کے کیوں بنائی ہے اور دوسرے نماز کا ترجمہ کیوں کیا جاتا ہے؟"

امام صاحب نے نہایت خندہ پیشانی سے کمال صاحب کے سوالات سنے بڑے پیار سے اپنے پاس بٹھایا اور نہایت دلنشین انداز میں ان کے سوالات کے جوابات دیئے "یہ مسجد خانہ کعبہ کی طرح بنی ہے۔ حضرت ابراہیم نے بھی خانہ کعبہ کی طرز تعمیر سے انداز لگائے جو نقشہ انہیں ملا اور جو حکم بارگاہ الٰہی سے آیا۔ اب اس ضمن میں کسی اختلاف کی گنجائش باقی نہیں رہی۔ جہاں تک دوسرے سوال کا تعلق ہے تو میں عرض کروں کہ یہ ترجمہ اس نیک نیتی سے شروع کیا گیا ہے کہ لوگ نماز پڑھتے ہیں اور فرض تو ادا کرتے ہیں لیکن نماز کا مطلب نہیں سمجھ پاتے۔ دیکھیں جیسے الحمد شریف ہے یہ ایک دعا ہے جو تمام قرآن مجید فرقان حمید کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔ اگر اس کو سمجھا جائے اور انسان اس پر عمل پیرا ہو جائے تو انجانی حل کر سکتا ہے۔ دین اور دنیا سنوار سکتا ہے۔ اقوام کی تقدیریں بدل سکتی ہیں۔"

کمال صاحب ایسے مطمئن ہوئے کہ اپنے مسائل بھی سنائے تاکہ کوئی مداوا کیا جا سکے۔ پہلا مسئلہ چند دن کے لئے عارضی رہائش کا تھا اور دوسرا کسی مسلمان کے ہاں کھانے کا اہتمام۔

Marfat.com

امام صاحب انہیں مسجد کے اس حصہ کی طرف لے گئے جو امام صاحب اور دیگر طلباء کیلئے رہائش کے طور پر استعمال ہوتا ایک طالب علم اپنے کاؤنٹر پر ہوتا تھا۔ اسکی تمام اشیاء قرینے میں پڑی ہوئی تھیں نہ ہی دروازے کو قفل تھا اور کوئی کسی صندوق وغیرہ کے روپے اور ریزگاری بھی کھلی میز پر پڑی ہوئی تھی۔ چنانچہ یہ کمرہ کمال صاحب کو عارضی طور پر دیدیا گیا۔ اسطرح کھانے کا مسئلہ بھی حل ہو گیا امام صاحب کے مدرسہ کے لنگر ہی سے کھالیا کریں۔ کمال صاحب نے لاکھ کوشش کی کہ معاوضہ کے طور پر کچھ ادا کریں لیکن انہوں نے ایک نہ مانی اور کہا "تم ہمارے دینی بھائی اور مہمان ہو"

قارئین کی دلچسپی کیلئے عرض ہے کہ سورت شہر اور بندرگاہ ہندوستان کے مغربی ساحل پر بحیرہ عرب کے کنارے واقع ہیں۔ یہیں انگریزوں نے شہنشاہ ہندوستان جہانگیر کی اجازت سے پہلی تجارتی کوٹھی قائم کی تھی اور عرب ملاح سورت میں اکثر تجارت کیلئے آیا کرتے تھے۔ انہیں میں سے کچھ یہاں مقیم ہو گئے جن کی اولادیں آج تک وہاں کے سماج کا حصہ ہیں یہ امام صاحب بھی انہی عرب تجار کی نسل میں سے ہیں۔

مہاتما کرشن موروتی

1934 میں ہندو مہاسبھا کمیٹی کے چند ممبران کی خواہش تھی کہ مہاتما کرشن موروتی جو پٹنہ کے مشہور وکیل تھے۔ انہوں نے سنسکرت، اردو، ہندی اور انگریزی میں ایم اے کیا ہوا تھا۔ کسی طرح ہندوؤں کی یونیورسٹی کے وائس چانسلر بننا پسند کرلیں لیکن زیادہ ممبران کا خیال تھا کہ مندروں کے انتظام و انصرام کیلئے ان سے بہتر کوئی شخص نہیں۔ متھرا، کاشی (الہ آباد)، ہردوار اور بنارس میں centres تھے جہاں ہندوؤں کی بیوہ (ودھوا) عورتیں رہا کرتیں اور مہنت (مندروں کے پجاری) اپنی نفسانی خواہشات کیلئے ان عورتوں میں سے خوبصورت اور کمسن عورتیں منتخب کر لیتے۔ انہیں ہر قسم کی مراعات سے نوازتے۔ باقی عورتیں ان کی سرد مہری اور نارو اسلوک کی وجہ سے وہاں سے بھاگ کر بازاری "وشیئے" کے پیشہ اختیار کر لیتیں یا مسلمانوں کے گھر پناہ لیتیں۔ قارئین کی اطلاع کیلئے عرض کرتا چلوں کہ یہ عورتیں محنت مشقت سے بچنے کیلئے اپنے آپ کو مسلمان ظاہر کرتی تھیں اور گاہے بگاہے بکریوں، گائیں اور بھینسوں جیسے مویشیوں کی طرح فروخت کرنے کی "بولی" لگا دیتے تھے۔ ان گندے اور گھناؤنے عوامل کے سدباب کیلئے اور قبیح حرکات کو جڑ سے ختم کرنے کیلئے کسی ایسے شخص کی ضرورت تھی جو علم رکھنے کے ساتھ ساتھ قوت فیصلہ کا بھی حامل ہو۔ چنانچہ ممبران نے مہاتما کرشن موروتی کو یہ فرائض سونپ دیئے۔

مہاتما کرشن موروتی ہر روز ہردوار میں شیوجی مہاراج کے مندر کے سامنے پیپل کے درخت کے سائے میں شام گرمیوں میں پانچ بجے اور سردیوں میں چار بجے پانچ منٹ اپدیش (وعظ، لیکچر) دیا کرتے اور کمال صاحب بھی کبھی کبھی سامعین میں ہوتے۔ مندرجہ ذیل اپدیش انہوں نے سنایا۔

"یہ اسلام ہوا کہ انگریز ڈاکٹر (Bernier) برنیر جس نے شاہجہان کی بیٹی کا علاج کیا اور شہنشاہ سے اپنے لئے کوئی جاگیر نہ مانگی۔ ہیرے جواہرات نہ مانگے اور نہ ہی اپنے لئے دربار میں کوئی عہدہ لینے کی خواہش کا اظہار کیا بلکہ مانگا تو یہ مانگا کہ میری قوم کو ہندوستان میں تجارت کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی جائے۔ ہر دل عزیز بادشاہ نے اجازت مرحمت فرمائی لہذا اجازت پا کر نہایت سرعت سے سورت، بنگال اور مدراس میں تجارتی مراکز کی ترویج کیلئے کوٹھیاں قائم کر دی گئیں اور ہندوستان کا انگلستان کے ساتھ تجارتی معاہدہ ہو گیا۔ ازاں بعد انگریز جیسی عیار قوم نے ہندوستانیوں کی بھرتی شروع کر دی۔ باقاعدہ پریڈ اور فوجی قواعد و ضوابط کے تحت سپاہی تشکیل دینے شروع کر دیئے۔ جب مغل بادشاہ نے پوچھا یہ سپاہی کیوں پیدا کیے جا رہے ہیں ؟"

"تو بتایا گیا کہ یہ سب چوکیدار اور بوقت ضرورت کے پیش نظر آپکے غلام۔ پھر غیر محسوس طریق کار سے انگلستان سے گوروں کی بھرتی شروع کر دی۔ انہیں ہندوستان میں لاکر اس دھرتی ماتا پر ان کی پریڈ شروع کر دی۔ ان غیر ضروری عوامل کی بناء پر شہنشاہ کے استفسار پر انگریز نے غداری اور مکاری سے جواب دیا کہ اجنبی دیس میں میرے مال کی حفاظت کرتے ہیں اور آپ کے غلام ہیں۔ اسطرح ایسٹ انڈیا کمپنی کی بنیاد معرض وجود میں آئی اور دیکھتے ہی دیکھتے حکومت کے زیر سایہ عسکری قوت پروان چڑھتی گئی۔ پھر ہندوستان کی بگڑتی ہوئی صورت حال سے استفادہ کرتے ہوئے ایک ایک کر کے راجہ نواب انگریز کی دست برد سے چلا گیا

حتیٰ کہ مغلیہ سلطنت کا آخری ٹمٹماتا ہوا چراغ بہادر شاہ ظفر اس مکار اور عیار قوم کے ہاتھوں گل ہو گیا۔

''مغلوں کو میرا سلام ہو انہوں نے اس دھرتی ماتا سے جو کچھ کمایا اسی پر خرچ کیا۔ چھوٹ کر اپنے وطن نہیں لے گئے بلکہ یہاں سے ہی اپنا وطن سمجھا اور اپنا گھر ہندوؤں کے گھر کے ساتھ بنایا۔ اپنی مسجد کی تعمیر مندر کے ساتھ کر کے اپنے آپ کو ہندوستانی باشندہ ٹھہرایا۔ انگریز نے اپنا بنگلہ اور عبادت گاہ الگ تعمیر کی اور نہایت غیر محسوس طور پر اپنے آپ کو کبھی بھی ہندوستانی نہ جتلایا۔ وہ انگریز ایسی گائے کی مانند تھا جو گھاس تو ہندوستان کا کھاتی مگر دودھ انگلستان میں دیتی۔

''میں مہاراج انگریز کو مشورہ دیتا ہوں کہ اتنا سستا مزدور اور سپاہی ایسا فرمانبردار، اور جان نثار دینے والا تمہیں دنیا میں کہیں سے بھی نہیں ملیگا۔ اگر انگریز اس ملک کی مائی اسی ملک پر خرچ کرتے تو شاید ہم ہندوستانی اسے جانے نہ دیتے۔ لیکن اس نے ایسا نہ کیا تو قدرت کا اٹل فیصلہ ہے کہ ہم غلام نہیں رہ سکتے۔''

''خون اسرائیل آ جاتا ہے آخر جوش میں
توڑ دیتا ہے کوئی موسیٰ طلسم سامری''

یہ مہاراج مہاتما کرشن مورتی کا اپدیش مندر شیو جی کے سامنے پیپل کے درخت کے نیچے ہوا کرتا جو تقریباً تیس سال بعد حرف بحرف صحیح ثابت ہوا۔

جل گاؤں

تقسیم ہند سے پہلے کا واقعہ ہے لاہور سے بمبئی جاتے ہوئے ایک ''بھوساول'' کا ریلوے اسٹیشن آتا ہے۔ وہاں کا کیلا بہت مشہور ہوا کرتا۔ ہندوستان کے شہروں میں بھی بھوساول کے کیلے کی کافی مانگ تھی۔ اس کیلے کی لمبائی کم از کم ایک بالشت سے زیادہ تھی۔ عام کیلوں کے برعکس جن میں چھوٹے چھوٹے کئی بیج ہوتے ہیں اس میں صرف چار یا پانچ گندم کے دانے کے برابر گندمی رنگ کے بیج ہوتے۔ یہ کیلا بہت لذیذ ہوا کرتا۔ اس سے برفی بنائی جاتی تھی جو نہایت لاجواب قسم کی ہوتی۔

بھوساول ریلوے اسٹیشن کے قریب ایک اور اسٹیشن جس کا نام ''جل گاؤں'' یعنی پانی کا قصبہ ہے جس کے ارد گرد چھوٹی چھوٹی پہاڑیاں واقع ہیں اور وہاں پر چشموں کا اس قدر بہتات ہے کہ پانی نہ صرف پینے پلانے کے استعمال میں آتا ہے بلکہ مال مویشیوں دیگر ضروریات زندگی اور کھیتوں کو سیراب کرنے کے بھی کام آتا ہے۔ یہاں چاول کی کاشت بہت زیادہ ہے۔ گاؤں کے مکینوں نے اپنے گھر کے صحن اور باہر چھوٹے چھوٹے تالاب تشکیل دے کر مچھلیاں پالنے کا انتظام کیا ہوا ہے۔ وہاں کی مرغوب غذا مچھلی اور چاول۔

جل گاؤں کے ایک محلہ میں عمر رسیدہ آدمی ہفتہ میں دو، تین مرتبہ وارد ہوتا اور پہروں ایک تین منزلہ پیلے رنگ کی عمارت کو بڑی حسرت سے دیکھتا رہتا پھر نہیں چلا جاتا۔ اس کا یہ معمول قریباً چھ ماہ سے جاری تھا۔ لوگ اس معمول کے اس قدر عادی ہو چکے تھے۔ ان کو بخوبی علم تھا کہ بابا فلاں دن فلاں وقت حاضری دے گا مگر کسی سے بات چیت نہیں کریگا اور خاموشی سے عمارت دیکھ کر چلا جائیگا۔

ایک منگل کے روز ہندوؤں کا متبرک تہوار تھا اور بابا نہ صرف پیلی عمارت کی بالائی منزل کو دیکھتا رہا بلکہ اس کی آنکھوں سے آنسو بھی جاری تھے۔ اس صورت حال سے چند آس پاس کے لوگوں کو تجسس ہوا کہ آخر یہ معاملہ کیا ہے۔ ایک آدمی نے آگے بڑھ کر پوچھا ''بابا جی آپ کی اس حالت کی کیا وجہ ہے؟ گستاخی نہ سمجھیں تو مجھے اپنے دل کی بات بتائیں۔''

بابا جی نے سوال تو سن لیا مگر دیکھتے اس عمارت کی طرف ہی رہے۔ ایک دوسرا شخص بھی یہ منظر دیکھ کر قریب آ گیا اور کہنے لگا۔ ''شدید گرمی کا موسم ہے۔ آیئے بابا جی میری دکان ساتھ ہے وہاں آرام کریں اور شربت وغیرہ پئیں۔ آپ کے غم و دکھ کا سبب کیا ہے؟ اپنے دکھ درد میں ہمیں شریک کریں بوجھ ہلکا ہو جائے گا۔''

بابا جی نے ٹال مٹول کی کوشش کی مگر ہمدردوں کے اصرار پر دکان میں بیٹھنے پر رضامند ہو گئے لیکن بیٹھتے ہی نظر اس عمارت کے بام پر جا ٹھہری اور یاس بھری نگاہوں سے ایک ٹک دیکھتے رہے۔ دکاندار تین گلاس شربت بنا کر لے آیا اور ایک گلاس بابا جی کو

Marfat.com

پیش [illegible] اس سربستہ راز سے آگاہ کریں بلاشبہ آپ کے بچوں کی عمر کو ہی پہنچی ہوں مگر آپ کی زبوں حالی دیکھی نہیں
جاتی [illegible] مجبور کرتا ہے کہ اس عمارت سے وابستگی کا کیا راز ہے؟ دیکھئے آپ میرا دل نہ توڑیں اور اپنے دکھ درد میں شامل سمجھیں۔"

بابا جی نے اپنے آنسو پونچھے۔ چند آہیں بھریں تھوڑا سا شربت پیا گلاس زمین پر رکھ دیا اور کہنے لگے: "آپ لوگ بضد ہیں تو سنیں میں گذشتہ پچاس سال سے یہاں پر ہی مقیم تھا۔ یہاں اب آپ کی عالیشان دکان ہے جو کہ نئی تعمیر شدہ ہے اسی جگہ پر پہلے ایک [illegible] کی منزل پر میری رہائش تھی۔ یہ عمارت جائیداد میری ملکیت تھی میں میٹرک پاس سرکاری ملازم تھا۔ اچھی [illegible] زمین خریدی اور قدرت کی کرشمہ سازی دیکھئے کہ جب سرکار نے سڑکوں کا جال [illegible] میرے وارے نیارے ہو گئے عوضانہ کے طور پر ملنے والی رقم سے میں نے ایک [illegible] میرے والد صاحب میرے بچپن کے دوران ہی فوت [illegible] اپنی پیار کرنے والی ماں کو بھی اپنی زمینوں میں بنائی گئی [illegible] جہاں اللہ پاک دھان کا کاروبار کرتا [illegible] خوبصورت جوان تھا اور اس پر طرہ یہ کہ سرکاری ملازم۔ میری اس علاقہ [illegible] زمین بھی خریدی اور بڑے زمینداروں میں میرا شمار ہونے لگا۔

[illegible] نہایت خوبصورت لڑکی تھی۔ ۲۰-۱۹ سالہ مجھ پر کالی رنگ کی ساڑھی میں ملبوس ہوتی۔ ایک دن [illegible] تو وہ خوبصورت لڑکی بالائی منزل کی کھڑکی میں کھڑی تھی۔ جو میری طرف [illegible] بعد میں نے اچانک غیر ارادی طور پر اپنی کھڑکی کے باہر جھانکا تو وہی [illegible] پہلے بھی میری [illegible] کی طرف جھانکا کرتی تھی لیکن دفتر جانے کی عجلت میں [illegible] معمول بن گیا اور یہ حسین حادثات صبح تک ہی محدود نہ رہے [illegible] دیکھتے رہتے۔ ایک جھلک ہی سہی مگر دیکھے بغیر چین کہاں مجھے اس امر کا [illegible] اور ایک چھوٹا قریبا سات سالہ بیٹا جو دکان پر [illegible]

[illegible] البتہ اس کے دو ملازم اور چھوٹا بیٹا وہاں تھے۔ میں نے [illegible] پتہ چلا کہ دوسرے کے تہوار کی چھٹی آ رہی ہے اور [illegible] دن واپس لوٹ آئیں گے۔ مجھے امید ہوئی کہ اب اس [illegible] اپنے مکان میں آ گیا۔ دیکھتا کیا ہوں کہ وہ لڑکی اپنی رہائش گاہ کی [illegible] اس نے مجھے بائیں ہاتھ سے اشارہ کیا جیسے بہری ہو کہ کھڑکی میں [illegible] ہوا تو اس لڑکی نے ہاتھ میں رکھا سفید گیند کھڑکی سے اندر [illegible] مکان کی چھت پر پہنچ گیا لہذا میں سرعت سے اپنی رہائش گاہ کی چھت پر گیا گیند کو [illegible] ایک سفید کاغذ [illegible] لپٹا ہوا تھا۔ میں نے کاغذ کو کھول کر پڑھا تو اس پر لکھا تھا [illegible] چند دنوں کے بعد ہی لوٹیں گے۔ کوئی پانچ بجے شام کے قریب [illegible] آپ بھی اس جلوس میں شامل ہو جائیں تو ہماری ملاقات ہو جائیگی۔ یاد رہے کہ دوسرے [illegible] عقیدت کی وجہ سے نہیں بلکہ تماشہ دیکھنے چلے۔

[illegible] شمال کی طرف سے جلوس آنا شروع ہوا جوں جوں جلوس قریب آتا جا رہا تھا بتدریج جلوس میں عوام [illegible] اتفاق لڑکی کی والدہ کسی حادثہ کی وجہ سے چلنے پھرنے سے معذور تھی چونکہ میں بعض اوقات [illegible] دیکھتا رہتا تھا۔ ابھی جلوس ہمارے قریب آیا ہی تھا کہ اسی اثناء میں لڑکی

Marfat.com

اور میں اپنی اپنی طرف سے جلوس میں شامل ہو گئے۔ ہجوم اور ہلچل کی وجہ سے تھوڑی دور تک تو ہم ایک دوسرے کے قریب رہے۔ یہ بھی ڈر تھا کہ جلوس کا کوئی آدمی مجھے اور لڑکی کو بھی جانتے تھے نہیں پھڈا، ہنگامہ ہو جائے۔

''لنکا جلانے کی رسم کا اہتمام شہر سے قریباً ایک میل کے فاصلے پر ایک کھلی جگہ پر کیا گیا تھا۔ اب ہم ایک دوسرے کے قریب تو ہو گئے مگر اجنبیوں کی طرح الگ الگ ایک دوسرے کو چھونے کی نوبت نہ آئی۔ ایک ... تھے تو ... ایک طرف جا رہی اور میں دوسری طرف۔ ہم دونوں من ہی من میں اپنے آپ کو کوس رہے تھے کہ بات کرتا تو ... ہی مل جاتا۔ چلتے چلتے جلوس لنکا کے میدان تک پہنچ گیا۔ میدان کے درمیان لنکا بنائی گئی۔ ایک طرف کافی بلند راون کا پتلا بنایا ہوا تھا۔

''ہوتا یوں ہے کہ لنکا کاغذات اور بانسوں وغیرہ سے ایک مصنوعی شہر ... گولہ بارود جگہ جگہ نصب ... پتلا میں بھی گولا بارود بھرا ہوا ہوتا ہے۔ اس پر خوبصورتی یہ کہ دونوں لنکا اور راون رنگ برنگی کاغذات سے مزین ہوتے ہیں۔ ... کے اردگرد رسوں کی مدد سے حلقہ تشکیل دیا گیا تھا کہ اداکاروں کے سوا کوئی دوسرا اس حصار بندی میں نہ ... کی ضرورت نہیں جب راون اور لنکا پر تیروں کی بارش کی جاتی ہے اور بعد میں آتشیں تیروں کی وجہ سے ولہ بارود ... دھماکوں کی شدت کی وجہ سے اور آگ کے خوف سے چھوٹے بڑے ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ لیتے ہیں۔ ... نے فوراً میرا ہاتھ پکڑ لیا اور ساتھ ہی کہا: داسی میں نے کہا: مجھے فرحت مرزا کہتے ہیں۔ ابھی یہی مختصر بات ہوئی تھی ... تاہم توڑ پھٹنے سے بھگدڑ مچ گئی۔ دم گھٹنے والا دھواں اور آتش بازی کے دھوم دھڑکے کی وجہ سے ہم بھی ایک دوسرے سے بچھڑ گئے۔

''مجھے اس کے بچھڑ جانے کا بہت دکھ ہوا۔ ہم ... کیفیت میں۔ میں نے ہر طرف نظر دوڑائی مگر شاید قسمت ... نہیں بھی ''داسی'' نظر نہ آئی۔ ... بھی اپنے آپ کو کوستا رہا۔ او فرحت مرزا! تمہاری قسمت ہی ایسی ہے ... جھلک کے شاید ''داسی'' کی ایک جھلک ہی نظر آ جائے۔ میں سوچوں میں غلطاں رہا۔ داسی کو بھی میری تلاش ... [illegible]

''دوسرے دن جب میں نے ... سے اس پرانی بلڈنگ کی عمارت کو دیکھا تو خلاف معمول مجھے داسی نظر نہ آئی۔ ... ہجوم میں دفتر چلا گیا اور سیڑھیوں سے نیچے اتر کر ایک بار پھر ادھر دیکھا مگر وہ وہاں موجود نہ تھی۔ دفتر میں ... وقت میں دیر ہو گئی۔ شام کے سائے ڈھل رہے تھے تو دیکھا گیا ہوں کہ پیپل کے درخت کے پیچھے سے داسی ہاتھ ... طرف جا رہی تھی۔ میں نے جرأت کی اور قدم بڑھاتے ہوئے اس کے پیچھے ہو لیا۔ جب میں اس کے قریب ... اوقات ہوتے ہیں کہ آگے چلنے والے کے جب پیچھے سے چلنے والا قریب آ گیا ہو تو لاشعوری طور پر ... پیچھے ... میرے ساتھ بھی یہی ہوا۔ میں نے داسی سے سوال کیا: کل تم کہاں کھو گئی تھیں؟ میں نے تمہیں ہر طرف تلاش کیا۔

''داسی نے جواب دیا: اسی بھگدڑ مچ گئی۔ ماں اپنے بچے کو سنبھال نہ سکتی تھی۔ میری چند سہیلیاں ... کے مندر کے قریب رہتی ہیں، مجھے اصرار کر کے ساتھ لے گئیں اور میں نے سوچا ... چونکہ اس تہوار پر ... ''لیکن تم صبح کہاں تھیں؟''

''کافی دیر ہو گئی تھی میں وہاں سہیلیوں کے پاس ہی سو گئی اور ان کے ملازم مجھے گھر پر چھوڑ گئے ... [illegible]

''ابھی ہم چند قدم چلتے ہوئے باتوں میں مصروف تھے کہ سامنے سے چوہدری ... آتے دکھائی دیے ... [illegible] ... سب ہوں اور واپس لوٹ آیا۔

''دوسرے دن صبح حسب معمول داسی نے کھڑکی سے جھانکا۔ ہم اشارے سے ... مجھے جلدی دفتر جانا تھا ... چکی تھی اور ادھر داسی کی ماتا نے بھی اسے آواز دی لہٰذا میں دفتر کی طرف چل دیا۔ تمام راستہ ان ... مطلب پانے کی گتھیاں سلجھاتا رہا۔ دفتر میں بھی یکسوئی اور دلجمعی سے کام نہ کر سکا۔ میں چونکہ مسلسل اپنے خیالوں میں کھویا ہوا تھا ... دوست نے کہا: فرحت صاحب کیا بات ہے؟ طبیعت تو ٹھیک ہے؟ آج آپ معمولات میں نظر نہیں آ رہے۔

''آخرکار سوچ سوچ کر میں اس نتیجہ پر پہنچا کہ داسی چار انگلیاں سیدھی رکھتی تھی اور ایک ہاتھ کی انگلی ... [illegible]

Marfat.com

سے درمیان مارتی۔ مجھے سمجھ آ گئی کہ ساڑھے چار بجے کا وقت دے رہی ہے پھر ہاتھوں سے منہ پر پانی کے چھینٹے مار رہی تھی اور دائیں ہاتھ کی جانب بار بار اشارہ کرتی۔ اب ساری تصویر نمایاں ہوگئی کہ بڑی جھیل کی طرف آنے کو کہہ رہی ہے۔ اشارے کنائے کی طرف ایک بڑی جھیل تھی جو بلندی پر واقع تھی اور اس کے کنارے کنارے سیر کرنے کیلئے راستہ اونچائی پر تھا جبکہ جھیل کا پانی نیچے تھا۔ اس جھیل کے کنارے ہندو شام کے وقت سیر بھی کرتے اور کاغذوں کی ناؤ بنا کر ان میں دیئے جلا کر جھیل میں چھوڑ دیتے۔

''میں اپنے اندازے کے مطابق وقت سے پہلے ہی آ گیا۔ جھیل تک جانے کیلئے چڑھائی چڑھنا شروع کر دی ایک موڑ میں مڑا ہی تھا کہ دیکھتا کیا ہوں وہاں داسی کھڑی تھی۔ مجھے اس کو پا کر بڑی مسرت ہوئی اور پہاڑوں کی ڈھلان پر جھیل کے کنارے پتھروں پر آ بیٹھے۔ داسی نے ہلکے نیلے رنگ کی ساڑھی زیب تن کی ہوئی تھی جو کہ اس کے گندمی رنگ پر خوب زیب دے رہی تھی۔ اس نے اپنے پاؤں نیچے لٹکا دیئے جو پانی کی سطح کو چھونے لگے۔ میں بھی اس کے ساتھ لگ کر بیٹھ گیا۔ وہ شرم و حیا سے تھوڑی سی پرے سرک گئی۔ میں نے بھی ہمت کی اور اس کی طرف بڑھ گیا۔ اب ہم دونوں خاموش بیٹھے ہوئے اور داسی nervous ہونے کی وجہ سے اپنے پاؤں سے پانی میں چھینٹے اڑا رہی تھی۔ میں نے کہا داسی گھبراہٹ کیسی؟ میں تم سے عہد کرتا ہوں کہ کوئی غیر اخلاقی حرکت نہ کروں گا۔ داسی مسکراتے ہوئے کھڑی ہوئی اور اتنا کہتے ہوئے کل پھر اسی ٹائم یہاں ہی ملاقات ہوگی اپنے گھر کی طرف لوٹ گئی میں وہاں ہی بیٹھا داسی کے متعلق سوچتا رہا یہ تو میری تقدیر بن چکی ہے۔ میں اسے کیسے حاصل کر سکوں گا میں پکا مسلمان وہ راجپوت ذات کی ہماری شادی کیسے ممکن ہوگی۔ انہی سوچوں میں ڈوبا میں بھی گھر لوٹ آیا۔

میں تو بھول ہی گیا تھا کہ کل داسی کے پتا آنے والے ہیں اور وہ ساڑھے چار بجے کا وقت دے گئی کیا وہ اپنا وعدہ نبھا سکیں گی یا نہیں۔ میں وقت سے پہلے ہی شام چار بجے کے قریب جھیل پر جا بیٹھا۔ جوں جوں وقت گزرتا گیا میری بے چینی بڑھتی چلی گئی۔ پانچ بجے کے قریب جھیل پر جا بیٹھا۔ جوں جوں پہلے دن بیٹھے تھے اور میری نگاہیں داسی کو تلاش کر رہی تھیں۔ پانچ بجے کے قریب میں نے داسی کے راستے پر بے قراری سے گھومنا شروع کر دیا یہ یقین ہونے کے باوجود کہ اپنے پتا کے آ جانے کی وجہ سے داسی نہیں آ سکے گی عجیب کیفیت سے دوچار اس انتظار میں تھا کہ داسی آ جائے گی۔ اب سورج غروب ہونے کے قریب تھا میں مایوسی کے عالم میں واپس لوٹ گیا۔ اپنے کمرے میں آتے ہی سب سے پہلے میں نے اپنی کھڑکی میں کھڑے ہو کر اس پیلی بلڈنگ کی طرف دیکھا مگر کچھ نہ پا سکا۔

''اب تین چار روز تک مجھے داسی کی صورت نظر نہ آئی۔ داسی جو میرے اعصاب پر سوار تھی اور میری والدہ صاحبہ کو بھی احساس ہو گیا کہ میرا بیٹا کسی آسیب کا شکار ہو گیا ہے۔ کھویا کھویا سا رہتا ہے پہلے جیسی صحت نہیں رہی اور نہ ہی پہلے جیسا ہنستا کھیلتا ہے ماں نے بار بار دریافت کیا بیٹا آخر ماں کو سچ سچ کیوں نہیں بتا دیتے کہ بات کیا ہے؟'' مگر میں اپنی ماں کو کیا بتا سکتا تھا۔ بقول شاعر:

'کیسی غلطی شباب کر بیٹھا
جو ترا انتخاب کر بیٹھا
یہ سمجھ کر کہ زندگی تم ہو
زندگانی خراب کر بیٹھا'

''ایک صبح داسی اشاروں سے پھر وہی پیغام دے رہی تھی اور اس دن وقت پر میں جھیل کے کنارے پہنچ گیا لیکن داسی مجھ سے پہلے ہی وہاں پر میرا انتظار کر رہی تھی۔ آج میں اور داسی والہانہ انداز میں ایک دوسرے سے بغلگیر ہوئے اور جی بھر کر بوس و کنار سے محظوظ ہوئے۔ جیسے کہ دو نوجوان دلوں کے ٹکرانے سے ہوتا ہے۔ ہم نے عزم راسخ سے بڑھ چڑھ کر عہد و پیماں کئے اور یہ فیصلہ کیا کہ اگر ہم ایک دوسرے کے نہ ہو سکے تو تمام عمر بغیر شادی کے بغیر گزار دیں گے۔ میں اس قدر جذبات میں بہہ گیا تھا کہ یہ پوچھنا ہی بھول گیا کہ داسی پہلے وعدہ پر کیوں نہ آئی۔ بچھڑنے سے پہلے پھر اس عہد کا اعادہ داسی نے کیا کہ اگر وہ مجھے نہ پا سکے گی تو تمام عمر کنواری بیٹھی رہے گی۔ میں نے اس بات پر اس کے منہ پر ہاتھ رکھا اور کہا ایسی مایوسی کی باتیں نہیں کیا کرتے ہم ایک دوسرے کے ہو کر رہیں گے۔ داسی مسکرانے لگی اور کہا اس جنم میں نہ سہی اگلے جنم میں سہی ایک دوسرے کو ضرور پا لیں گے۔'

Marfat.com

''وقت اپنی مخصوص رفتار سے گزرتا گیا میری والدہ صاحبہ کی طبیعت بھی کچھ ناساز رہنے لگی اور ماں اس بات پر بضد رہی کہ مجھے اپنی بیٹی سے ملے ہوئے کافی عرصہ گزر چکا ہے اور پھر تقسیم ہند کا چرچا ہونے لگا خدا جانے کیا ہو میں اپنی بیٹی سے ملنے دہلی جا رہی ہوں لہذا میں نے ایک روز اپنی والدہ صاحبہ کو دہلی روانہ کر دیا۔ میں والدہ صاحبہ کے جانے کے بعد داسی کی قربت کیلئے دن رات بے چین رہتا۔ ادھر داسی کی کھڑکی بھی کئی ہفتوں تک بند رہتی۔

''ہولی کا تہوار تھا سارا جل گاؤں دلہن کی طرح سجایا گیا۔ بازار میں لڑکے اور لڑکیاں بوڑھے اور جوان سبھی بالٹیاں ایک دوسرے پر رنگ پھینک رہے تھے اور ناچ کے علاوہ گانا بجانا ہو رہا تھا۔ میں بھی ہجوم میں اس دکان کے سامنے کھڑا تھا داسی اپنی سہیلیوں کے ساتھ ناچتی گاتی آئی اور دوسروں جیسے انداز میں مجھ پر بھی سرخ رنگ پھینک دیا۔ ابھی ایک لڑکی نے نیلا رنگ پھینک دیا ہر طرف اودھم مچا ہوا تھا۔ لوگ خوشی سے پاگل ہو رہے تھے۔ اتنی دیر میں داسی دوبارہ رنگ کے ساتھ ہنستی ہوئی مجھ پر حملہ آور ہوئی۔ میں نے داسی کا ہاتھ پکڑ لیا اور کسی عورت نے قریب سے کہا ہائے رام وقتی طور پر بات آئی گئی ہوئی۔ بالآخر تہوار کی خوشیاں اختتام پذیر ہو گئیں۔ میں خوش خوش محبت آمیزیوں سے سرشار سیڑھیاں چڑھتا ہوا اپنے کمرے میں آ گیا۔ نہایت خوشی اور سرمستی کے عالم سے ہمکنار تھا کہ داسی نے میرے ساتھ رنگ کھیلا ہے وہ رنگ والے کپڑے میں نے دھلوائے نہیں بلکہ انہیں یادگار کے طور پر اپنے دیگر ملبوسات کے ساتھ hang کر دیئے جو آج تک ساٹھ سال گزرنے کے باوجود میرے پاس موجود ہیں، پھر روتے ہوئے بتایا کہ ان کپڑوں میں سے مجھے داسی کی ہی خوشبو آتی ہے۔ ایک دن داسی کے پتا نے نوکر کے ہاتھ پیغام بھیجا 'میں تمہیں ملنا چاہتا ہوں۔'

''میں نے جواب دیا جب دفتر سے واپس آتا ہوں تو فارغ ہی ہوتا ہوں اس وقت لالہ جی مجھے آ کر مل لیں۔ پھر میں نے ملازم سے پوچھا، خیریت تو ہے؟''

'مہاراج پتہ نہیں میں نے لالہ جی کا پیغام دے دیا ہے۔'

''ملازم کے جانے کے بعد میں دفتر چلا گیا لیکن مجھے خدشہ لاحق تھا کہ ہولی والے دن جس عورت نے ہائے رام کہا تھا شاید یقیناً اس نے لالہ جی کو داسی کی رغبت اور میرا ہاتھ پکڑنے کی خبر پہنچا دی ہوگی اور یہ ملاقات اس سلسلے کی کڑی ہے۔ خیر آپ کو تسلی دی ہوگا دیکھا جائیگا محبت کرنے والے کسی سے نہیں ڈرتے۔

''میں دفتر سے لوٹا تو دیکھا کہ لالہ جی اپنی دکان کی بجائے میرے مکان کی سیڑھیوں کے سامنے میرا بے چینی سے انتظار کر رہے ہیں۔ جونہی میں قریب پہنچا تو لالہ جی نے ہاتھ باندھ کر پرنام کیا میں نے لالہ جی کو پیار کے انداز میں اوپر چلنے کی ترغیب دی۔ میں خود تو چارپائی پر بیٹھ گیا اور لالہ جی کرسی کو میرے قریب لے آئے اور بیٹھ گئے۔ ہمارے بیٹھنے کا انداز یوں تھا کہ داسی کی کھڑکی کی طرف میرا چہرہ اور لالہ جی کی پشت تھی۔

''جب لالہ جی یعنی داسی کے پتا جی سیڑھیاں چڑھ کر میرے گھر کی طرف آ رہے تھے تو داسی کھڑکی کی اوٹ سے دیکھ رہی تھی۔ تھوڑی دیر بعد وہ اوجھل ہوئی شاید یہ سوچ کر کہ کہیں اس کے پتا جی کا چہرہ اپنے مکان کی طرف نہ ہو جائے لیکن اتفاق سے جیسا کہ ترتیب بیٹھنے کی مذکورہ بالا تھی اور داسی پھر کھڑکی میں آن کھڑی ہوئی۔ میں اب اس انداز سے داسی کی طرف دیکھ رہا تھا کہ اس کے پتا میری یہ چوری پکڑ نہ سکیں۔

'لالہ جی غریب خانہ میں آنے کی زحمت کیسے فرمائی؟' میں نے سوال کیا۔

'مہاراج آپ بچے نہیں ہیں آپ کو تسلی سے صرف آگاہ ہی نہیں بلکہ اس کھیل کا ایک حصہ بھی ہیں۔'

''اگرچہ میں اس معاملہ کو بقول ان کے بخوبی جانتا تھا انجان بنا رہا۔ لالہ جی کے منہ سے کچھ سننا چاہتا تھا تجاہل عارفانہ سے کام لیتے ہوئے میں نے دوبارہ اصرار کیا 'مہاراج بات میری سمجھ سے بالاتر ہے تفصیلاً نہ سہی اشارتاً ہی کچھ بتلا دیجئے۔'

'آپ کی وجہ سے مجھے اپنی پتری پر ہاتھ اٹھانا پڑا مہاراج میں نے آج تک اس کو اونچی آواز میں مخاطب نہیں کیا میں نے اس پتری کی اتنی مار پیٹ کی کہ اس کی ماتا جی جو کہ مفلوج ہے کو مداخلت کی زحمت اٹھانی پڑی۔'

'لالہ جی! آپ نے بہت زیادتی کی۔'

Marfat.com

"مہاراج آپ زیادتی کی بات کرتے ہیں مجھ سے وہ مار کھاتی جارہی تھی اور اس موقف پر چٹان کی طرح ڈٹی رہی کہ اگر میں شادی کروں گی تو صرف فرحت مرزا سے ہی کروں گی ورنہ بیٹھی رہوں گی۔"

"میں نے کہا کہ اب بات میری سمجھ میں آگئی ہے لالہ جی آخر اس میں حرج ہی کیا ہے۔ آپ ایک امیر آدمی ہیں اور میری مالی پوزیشن بھی آپ پر بخوبی عیاں ہے اور پھر میں اعلیٰ عہدے پر سرکار کا ملازم بھی ہوں۔"

"اس تمام گفتگو کے دوران داسی بیچاری اپنی قسمت کا فیصلہ سننے کیلئے دم سادھے کھڑکی میں کھڑی رہی اور میں نے بھی لالہ جی پر اپنی شرط رکھ دی۔ میں بھی صرف داسی ہی کو اپناؤں گا۔ یہ بات سنی تھی کہ لالہ جی! مشتعل انداز میں کرسی سے اٹھ کھڑے ہوئے لیکن نہ جانے کیا سوچ کر پھر بیٹھ گئے اور نہایت عجز و انکساری کے لہجے میں کہا: (ضمیمہ 212) مہاراج اگر آپ کا بھی یہی فیصلہ ہے تو کان کھول کر سن لیجئے میں ایک راجپوت ہوں نہ صرف چل گاؤں بلکہ دور دراز تک ہندوؤں کی اکثریت ہے۔ اگر مہاراج آپ نے کوئی غلط حرکت کی تو آپ کے لئے کوئی راستہ نہیں اور یہ بھی سمجھنے کی کوشش کریں کہ ہندوستان، پاکستان بننے کی باتیں ہو رہی ہیں کہیں تمہارا کوئی غلط قدم ہندو مسلم فسادات نہ کروا دے۔"

"میں اپنے فیصلہ پر ڈٹا رہا اور لالہ جی کو یہاں تک کہہ دیا کہ لالہ جی آپ داسی کا ہاتھ میرے ہاتھ میں دینے کی ہاں کر دیں تو ٹھیک ہے ورنہ میں ہمیشہ کیلئے ہندوستان سے ہو کر میں چلا جاؤں گا اور کسی کو اس کی بھنک تک نہ پڑے گی نیز میں اپنی تمام جائیداد اور مکان آپ کے سپرد کر جاؤں گا۔"

"مہاراج آپ سمجھتے کیوں نہیں یہ میری عزت کا سوال ہے میں نہ صرف ہندو بلکہ راجپوت ہوں یہ ذات کسی حال میں برداشت نہیں کر سکتی میں اپنی قوم میں کسی کو منہ دکھانے کے قابل نہیں رہوں گا۔ اس سے بہتر ہے کہ میں داسی کو اپنے ہاتھوں سے ہی ختم کر دوں۔"

"یہ سنا تھا کہ میں نے نہایت عاجزی سے لالہ جی کی منت سماجت کرتے ہوئے کہا: مہاراج داسی کو کسی قسم کی گزند نہ پہنچے پائے۔"

"اگر داسی کی زندگی آپ کو مہاراج اتنی عزیز ہے تو اپنا فیصلہ بدل کیوں نہیں دیتے۔"

"لالہ جی اگر یہ چاہتے ہیں تو میں نے بھی اپنا فیصلہ سنا دیا جو ہوگا دیکھا جائیگا میں داسی کو بہر صورت حاصل کر کے ہی رہوں گا۔"

"پھر مہاراج میرا فیصلہ بھی سن لیں۔ میں داسی کے ور کیلئے آج ہی تگ و دو شروع کر دیتا ہوں بس یہی راستہ بچا ہے میرے پاس۔ یہ کہہ کر وہ سیڑھیوں سے نیچے اتر گئے۔"

"لالہ جی نے اپنی پتنی کو تمام صورت حال سے آگاہ کیا اور اس نتیجے پر پہنچے کہ ان کے پاس داسی کا ہاتھ مانگنے کیلئے پہلے بھی کئی رشتے آئے ہیں ان میں سے شنکر داس کا گھرانہ خاصہ کھاتا پیتا اور اس کا بیٹا بھی شکل و صورت میں اتنا برا تو نہیں تو پھر اکلوتا بھی تو ہے۔ کیوں نہ یہ بات چند دنوں میں ہی طے ہو جائے۔ میں آج ہی کسی ذریعے سے نہایت رازداری کے ساتھ اُن کے ہاں پیغام بھیجتا ہوں۔"

"(ضمیمہ 213) اگرچہ یہ باتیں نہایت خفیہ رکھیں جا رہی تھیں مگر داسی نے اپنے ماتا اور پتا کی باتیں سن لیں۔"

"چند دنوں کے بعد شنکر داس ناطے کی رسومات کیلئے ایک براہمن (تاکہ جنم کنڈلی اور مہورت کا اچھا دن نکالا جائے) اور دوسرے احباب کے ساتھ لالہ جی کے ہاں آن براجمان ہوا۔ مجھ پر تو جو بیت رہی تھی سو بیت رہی تھی مگر داسی بیچاری کا کیا حال ہوگا؟"

"براہمن نے جنم کنڈلی سے معلوم کر لیا کہ ان دونوں کے ستارے تو ملتے ہی نہیں لہذا اچھے شگون کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا شنکر داس ناکام ہی واپس لوٹ گیا اور لالہ جی اپنی قسمت کو کوستے جا رہے تھے۔"

"نئے سرے سے پھر رشتوں کی تلاش شروع کر دی گئی۔ وقت گزرتا گیا کئی رشتے آئے اور ایک دفعہ تو مہورت کا دن بھی نکل آیا مگر بات کسی وجہ سے انجام تک نہ پہنچ پائی۔"

"میں نے بڑی کوشش کی کہ کسی طریقے سے داسی کو ملوں اور اسے بھگا کر لے جاؤں مگر داسی پر پہرہ اس قدر تھا کہ وہ گھر سے نکل ہی نہ سکتی تھی البتہ میں نے اس چاند سے مکھڑے کو کھڑکی میں کئی بار دیکھا کہ اپنی ساڑھی کے پلو سے آنسو پونچھ رہی ہے۔

Marfat.com

''ایک شام ڈھلے اس نے اپنے چھوٹے بھائی کے ہاتھ ایک رقعہ دے کر بھیجا۔ وہ رقعہ پھینک کر بھاگ گیا۔ میں نے ڈرتے ڈرتے وہ رقعہ پڑھا تو اس میں لکھا تھا، آپ ابھی دنوں میں مجھے کہیں لے جائیں، میرے پاس اب اس کے سوا کوئی چارہ نہیں۔ کتاب میں تمہاری خاطر جیون سے رشتہ توڑ دوں گی۔

''میں تمام رات یہی سوچتا رہا کہ وہ کونسا قدم اٹھانے والی ہے۔ میں اسے کسی طرح ایک دفعہ مل کر اسے سمجھانا چاہتا تھا کہ اپنے اس روح فرسا ارادے سے باز آ جائے اور کوئی صورت نکل آئے گی۔ میں نے اس کو واضح کر دوں۔ تمہارے بعد میرا بھی کوئی نہیں۔ اس رقعہ میں تاکید کی گئی تھی کہ اس رقعہ کو میری عزت کی خاطر ضائع کر دو۔

''اللہ جی اور ان کی پتنی تو اپنی بیٹی کو سیدھی راہ پر لانے میں ناکام رہے۔ انہوں نے قسمت دیکھنے والوں سے رشتے کے ستاروں کا ملاپ نہ ہو سکا اور اللہ جی نے سوچا، شاید اسی ضد کی وجہ سے ستاروں پر کوئی اثر پڑ رہا ہے۔ ادھر سب رشتوں میں دن نہیں ملتا اور کسی رشتہ کا شبدن نکلتا ہے تو بیچ میں اوچ نیچ پیش آ جاتی ہے یا پھر کوئی دیر ہو جاتی ہے۔ اب ان کے پاس سے فرصت مرزا کا خیال نکال دے تو ہمارے برج سیدھی روش میں آ جائیں اور کبھی رکاوٹیں ختم ہو جائیں۔ لہذا اللہ جی ایک سوچتی کہ یوں نہ رشتہ اور پڑھا ہوا کسی عزیز ترین آدمیوں میں ان سے بات کی جائے جو شاید اسی کے راستے پر آ جائے۔

''اللہ جی ان عزیزوں کے پاس جن کا گھر مندر کے قریب واقع تھا جہاں اس نے دو ماہ سے والی رات گزاری تھی، وہاں گئے۔ اللہ جی نے اپنی مشکل کا اظہار کیا اور وہ دونوں حیران ہوئے کہ اس نے دو ماہ سے اتنے قریب ہونے کے باوجود انہیں اس بات کی خبر تک نہ ہونے دی تو رشتے کا اللہ جی اس نے اتنی مدت سے بالآخر کوئی بات نہیں مانی تو ہم اس کی دونوں کو رشتے کی تجویز پیش کی کہ اس پہاڑوں میں جھیل پر ایک سادھو مہاراج رہتے ہیں۔ آپ ہم اور اسے وہاں لے چلیں تو شاید ان کی کرپا سے اس کا باطن روشن ہو جائے۔

''ایک منگل پچھلے پہر سادھو کے پاس جانے کی غرض سے پہاڑی بلندی تک جا رہے تھے۔ (ضمیمہ 214) پونچھ راستہ صرف ایک چلنے والے جیسے تھا۔ سب سے آگے وہ اس کے پیچھے کی دونوں عزیز اور آخر میں اللہ جی ایک قطار کی صورت میں سادھو کی کٹیا کی طرف رواں دواں تھے۔ ابھی کٹیا کے نزدیک پہنچے ہی تھے تو یوں محسوس ہوا کہ ایک پتھر رکھنے سے پتھر لڑھک گیا اور وہ اس کے ساتھ ہی پیچھے جھیل میں جا گری۔ اب یہ اتفاق تھا یا اس نے ارادتاً اپنی جان دینے کے لیے ایسا کر لیا، کون جانے!

''نہایت مشکل سے اور کوشش بسیار کے بعد یہ تینوں روتے ہوئے پیچھے جھیل کے کنارے پہنچے۔ وہاں جھیل کی بڑی گہرائی پر بڑا شور ہوا، یہ سادھو کی مہاراج بھی جھیل پر پہنچ گئے اور شنکر نے اتنی بلندی سے جھیل میں گرنے والی کا حال دیکھا۔ سب میری ہی طرف آ رہے تھے، مجھ پر پانی کا جو مہیا تھا میں ایک نہیں بلکہ ہوش و حواس کھو بیٹھا ہوں۔

''اللہ جی تو وہیں روتے رہے، دونوں عزیز ان کی مدد کے لیے آگے گاؤں والوں کو بلانے آئے، جن میں سے چند ایک بھی تھے، جھیل پر پہنچے۔ کئی لوگ جھیل میں اترے مگر کوئی نتیجہ نہ نکلا۔ بعد ازاں اس کی لاش جھیل کی سطح پر ابھر آئی۔ یہ صرف جل کا دوش ہے، دوسرے کچھ کہتے ہیں کہ اس نے جھیل کی اور دیوتاؤں کی رضا ہی کی گرایا۔ لیکن مجھے یقین واثق تھا کہ اس نے آتما ہتیا کی ہے۔

''ایک طرف تو لوگوں نے جل کا دوش کہہ کر خاموشی اختیار کر لی اور دوسری طرف میں اس قدر دکھی اور آزردہ خاطر ہو گیا کہ اپنی سرکاری کارگزاری میں بھی غفلت برتنے لگا۔ ایک دفعہ تو مجھے میرے سینئر آفیسر نے کہا کہ تم کام میں دلچسپی نہیں لیتے اور کسی اور طرف بھی کہتے جاتے ہو تاہم میری کیفیت بدلی نہیں کہ اس میرے اعصاب پر مسلط ہو چکی تھی۔ کئی بار تو ایسا ہوا کہ جیسے اس کی شبیہ صورت مسکراتی ہوئی اپنی جگہ میں کھڑی ہے۔ میں نے گھبرا کر اپنے کمرے کی کھڑکی کی طرف ایک چارپائی کھڑی کر دی تو اس کا سایہ مجھے چھو نظر نہ آئے۔

''میرے دفتر کے ایک ساتھی بنگالی صاحب جو میرے ہاتھ میں ہمیشہ شریک رہتے ہیں، میں نے انہیں ایک دن کہا کہ بنگالی

صاحب میں اپنی تمام جائیداد جل گاؤں جو آشرم ہے اُس کے نام کرنا چاہتا ہوں اور نوکری کی بھی مجھے کوئی پرواہ نہیں۔ جو اللہ کو منظور ہوگا وہی ہو کر رہیگا۔

''اس پر بھگوان صاحب نے مشورہ دیا کہ اگر تمہارا فیصلہ آخری ہے تو کیوں نہ ٹھاکر رام نارائن جو کہ آشرم کا سرپرست ہے اُس سے بات کریں۔ ٹھاکر نارائن اس علاقہ کا امیر ترین آدمی تھا اور خدا کی قدرت دیکھئے اُس کے نزدیک، مسلم، ہندو، سکھ اور عیسائی سب ایک اور بلا امتیاز دکھی انسانیت کی خدمت اُس کا شیوہ تھا لہذا میں آشرم جا کر ٹھاکر صاحب سے علیحدگی میں ملا۔ ٹھاکر صاحب جہاندیدہ انسان تھے مجھے جتنا پتہ تک نہیں کہ وہ میرے اور دادی کے تعلقات سے آگاہ تھے البتہ اُنہوں نے باتوں باتوں میں یہ ضرور کہا، فرحت مرزا جان عزیز ترین چیز ہے اس کی حفاظت کرنی چاہیئے۔

''میں نے کہا ٹھاکر صاحب جو چرچے شہر میں ہو رہے ہیں وہ حقیقت پر مبنی ہیں میں نے فیصلہ کیا ہے کہ اپنی تمام جائیداد آشرم کے نام کر کے یہاں سے بہت دور چلا جاؤں۔

''ٹھاکر صاحب کچھ سوچ میں پڑ گئے پھر کہنے لگے: فرحت مرزا میرے خیال میں اور تو کوئی ان حالات میں تمہاری جائیداد خریدے گا نہیں اور بکے گی بھی تو کوڑیوں کے دام اور پھر کس طرح میرے مذہب کے لوگ اس بات کو مناسب سمجھیں گے کہ تمہاری جائیداد آشرم جیسے وقف میں دی جائے۔ جب ایک ہندو ناری کی خودکشی یا اتفاقاً موت کے ذمہ دار تم ہو۔ یہ بات ٹھاکر صاحب نے نہایت شفقت سے کہی تاکہ مجھے گوش گزار کی تاکہ مجھے ناگوار نہ گزرے۔

''ٹھاکر صاحب اس کے علاوہ میرے پاس کیا دوسرا راستہ ہے؟''

''ٹھاکر صاحب کچھ سوچ میں پڑ گئے اور کہنے لگے: ایک صورت ہے۔ تمہاری جائیداد میں خریدتا ہوں اور اس کو نہ صرف آشرم کے نام کروں گا بلکہ آشرم میں رہائش کی گنجائش بہت کم ہے تین چار کمرے مزید بنانے کی سوچ رہا ہوں۔ یہ کمرے دادی کے نام پر منسوب کروں گا۔ آخر جل گاؤں کی بیٹی تھی۔

''پھر مجھ میں کہ جو کچھ کہنے کے آگے کہنا نہیں تھا بڑھ کر ٹھاکر صاحب کے پاؤں چھو لئے۔ چند ہفتوں میں قانونی کاغذات تیار ہو گئے اور میں آبدیدہ آنکھوں سے پیلی عمارت کی طرف دیکھتا ہوا اسٹیشن پر پہنچا۔ دہلی جانے والی گاڑی پر سوار ہو گیا۔''

یہ تھی فرحت مرزا کی داستان جسے دونوں سننے والے بھی برداشت نہ کر سکے اور اُن کی آنکھوں میں بھی آنسو اُمڈ آئے۔ دہلی میں فرحت مرزا اپنے بہنوئی کے کاروبار میں شریک ہو گئے محنت اور دیانتداری سے کام کیا جس کی آمدن سے اُس نے ایک نہیں بلکہ تین خوبصورت مکان خرید لئے۔ اسی اثنا میں فرحت مرزا کی والدہ صاحبہ کا انتقال ہو گیا۔ دن بدلتے گئے اور کوئی آٹھ سال گزر گئے۔ انڈیا تقسیم ہو گیا فرحت مرزا کے بہنوئی نے فرحت مرزا کو پاکستان چلے جانے کا مشورہ دیا اور یہ بھی کہا کہ ہندو ہمارا یہاں دہلی رہنا ناممکن کر دیں گے چونکہ وہ پہلے ہی ہمارے کاروباری ترقی سے حسد کرتے ہیں اور ہم بھی بعد میں پاکستان آجائیں گے۔

ستمبر 1947 کو فرحت مرزا کسی طریقہ سے لاہور پہنچ گیا چونکہ فرحت مرزا اپنی دہلی کی جائیداد کے کاغذات ساتھ لے آئے تھے رشن نگر میں تین مکان تو نہ مل سکے مگر ان کے عوض ایک بڑا مکان جس میں دو دکانیں بھی تھیں الاٹ ہو گیا۔ جہاں تک مالی حالات کا تعلق تھا فرحت مرزا کو فکر معاش کا کوئی غم نہ تھا۔ غم جس نے اُن کا ساتھ نہ چھوڑا اور جس نے اُن کو تقریباً پاگل پن تک پہنچا دیا وہ تھی دادی کی یاد۔

ایک وقت آیا کہ برداشت کی حد نہ رہی لہذا انہوں نے بڑی تگ و دو کے بعد ہندوستان کا ویزا لگوایا اور جل گاؤں پہنچ گئے یہ تھے وہ ایام جب جل گاؤں والے ایک بوڑھے آدمی کو کئی مہینوں سے اُس پیلے مکان کے سامنے پہروں کھڑا دیکھا کرتے اور اکثریت نے انہیں پاگل سمجھ کر کوئی توجہ نہ دی۔

جیسا کہ اوپر بیان کیا جا چکا ہے یہ تھی اس دن کی بات جب فرحت مرزا اُس پیلی عمارت کے سامنے کھڑے رو رہے تھے۔ پھر اپنی داستان ان دو نوجوانوں کو سنائی اور آنسو پونچھتے چلے گئے۔ دوسرے دن ایک پجاری نے اُسی جھیل کی سطح پر ایک لاش دیکھی جو فرحت مرزا کی تھی۔ لوگ اکٹھے ہو گئے وہی سادھو جی مہاراج اپنی سمادھی سے نیچے جھیل کے کنارے پر آئے اور فرمانے لگے:

Marfat.com

"کئی سال پہلے دادی کے ساتھ اسی شخص کا چہرہ دیکھا تھا"

اختر اس تنہائی کی وادی میں اپنے واسطے
جب بنے تربت تو تربت کا نشاں کوئی نہ ہو

جل گاؤں میں ایک ہندو بڑھیا جس کا نام رام دیوی تھا وہ گاؤں کے مکھیا کی پتنی تھی۔ جب بھی کوئی بھکاری باہر آواز لگاتا تو چھڑ قم دیتی اور کہتی "دوپہر کو حویلی سے ہوتے جانا"

اس طرح وہ ان کو آرام کرنے کیلئے جگہ دیتی اور کھانا وغیرہ کھلاتی۔ جب وہ عورت مری تو اس کی آخری رسومات پر سب پاگلوں کی طرح رو رہے تھے جیسا کہ ان کا اپنا کوئی عزیز چل بسا ہو"

ذہین چور

دہلی میں دو میاں بیوی رہا کرتے تھے جو دن کو مزدوری اور رات کو چوری کرتے۔ جب دن کو میاں بیوی لوگوں کے گھروں میں محنت مزدوری کرتے تو کھوج لگا لیتے کہ اس گھر میں کتنا مال موجود اور کہاں ہے۔ اکثر بیوی مالک مکان سے بہانہ کرتی "میرا کوئی گھر بار نہیں اگر اجازت دیں تو آپ کے گھر میں پڑی رہوں اسطرح وہ کسی کے گھر میں کئی کئی دن ٹھہر کر مکمل کھوج لگا لیتی اور اس دوران اس کا پتی آتا جاتا خیر گیری سے معلومات لیتا کہ کہاں تک کامیاب ہوئی ہو۔ واردات کے موقع پر گھر کے اندر سے کنڈی کھولنے پر بیوی متعین ہوتی اور باہر سے خاوند آ کر گھر کا صفایا بآسانی کرنے میں کامیاب ہو جاتا اور واردات کے دوسرے روز وہ عورت گھر کے اہل خانہ جو لٹ جانے سے آہ وزاری کر رہے ہوتے ان میں شامل ہو کر رونے پیٹنے کا کردار بھی ادا کرتی۔ بعض اوقات پتی کی موت کے بعد گھر کا قیمتی سامان خود اٹھا کر اس کے حوالے کر دیتی۔

ایک دن میاں بیوی روز و شب کے متعلق گفتگو کر رہے تھے تو بیوی نے کہا "بیٹا بھی لڑکپن سے گزر کر جوانی کی دہلیز پر قدم رکھ چکا ہے کیوں نہ اسے بھی اپنا ہنر سکھا دیا جائے" باقاعدہ ٹریننگ شروع ہوئی باپ بنا گرو بیٹا بنا چیلا۔ ایک ہاتھ میں ... دوسرے میں پیتل کی گڈوی اور رام رام رٹتے ہوئے جمنا کی طرف چل رہے۔ سپاہی جو ڈیوٹی پر تھے انہوں نے کہا "یہ کتنے بھلے لوگ ہیں کہ لوگ خواب خرگوش کے مزے لے رہے ہیں اور یہ بھیا بیٹے تمام رات جمنا کے کنارے گنگا ... دیں گے۔ یہ ہیں بھولے بھالے پیارے دو جوان کیا پوتر ہے زندگی ان کی""

ماتا (گرو کی پتنی) ایک دن پہلے وزیر اعظم کے گھر کے پچھواڑے ایک ویران جگہ نشاندہی کر کے بیٹے کو بتا آئی۔ اس کا مطلب تھا کہ یہاں سے نقب لگائی جائے۔ اسی کمرے میں اوپر تلے رکھا ہوا جو تیسرا صندوق ہے اس میں ہیرے جواہرات اور زیورات پڑے ہیں بس اس صندوق کو ہی حاصل کرنا ہے۔

باپ نے بیٹے کو یعنی گرو نے چیلے کو سندورا (سند ھوڑا) کا استعمال سکھایا "بیٹا اس کو دو اینٹوں کے درمیان لگانا پیچھے مارنا اس کے اندر والے دونوں سرے اینٹوں کے دائیں بائیں کھل جائیں گے پھر دیوار کے اوپر دونوں پاؤں رکھ کر زور سے جھٹکا دینا ہے اور دونوں اینٹیں بغیر اوزار کے بآسانی باہر نکل آتی ہیں۔ باقی اینٹیں دیوار سے نکالنا آسان کام ہے۔"

یہ کمرہ اکثر اوقات بند ہی رہتا تھا۔ اتفاق سے اس رات چھ زیادہ مہمان آ گئے جو نہایت قریبی اور باعتماد تھے انہیں اسی کمرہ میں چارپائیاں بچھا دی گئیں۔ جب سوراخ بن گیا تو گرو نے چیلے کو دوبارہ سمجھایا "بیٹا جہاں سے نقب لگائی ہو وہاں پہلے سر اندر داخل نہ کرنا چاہیئے بلکہ ہمیشہ پاؤں اندر رکھنا تاکہ ٹانگوں کے ذریعے یہ معلوم کیا جا سکے کہ آس پاس کوئی رکاوٹ تو نہیں ہے۔"

جو مہمان اس کمرے میں سوئے تھے ان میں سے ایک بوڑھا دمہ کا مریض تھا۔ نیند تو پہلے ہی اسے نہیں آ رہی تھی اینٹیں نکالنے سے ہلکی آہٹ نے اسے چوکنا کر دیا۔ جب سوراخ بن گیا تو سمجھ گیا کہ کوئی اچھی نیت سے یہ کام نہیں کر رہا لہذا اس نے اپنے ساتھیوں کو چپکے سے ہوشیار کرنے کی غرض سے جگایا "خاموش" اور تیار رہنے کا اشارہ کیا۔

اب گرو جی نے اپنی ٹانگیں اندر داخل کر دیں۔ دائیں بائیں گھمائیں اور کسی چیز نے مزاحمت نہ کی لہذا وہ مطمئن ہو گیا اس

Marfat.com

دوران بوڑھے نے اپنی پگڑی سے ایک پھندہ بنایا اور دونوں جوانوں کی مدد سے یہ پھندا اُس کی ٹانگوں میں ڈال دیا۔ (ضمیمہ۔215) گردو کو پتہ چل گیا کہ پیر لوگ مارے گئے۔ گردو نے لاکھ کوشش کی وہ باہر نکل سکے لیکن لمحہ بہ لمحہ اندر کی طرف کھنچا چلا جا رہا تھا۔ اب پیپا جب بے بس ہو گیا کہ گردو اس سے باہر نہیں کھینچا جا رہا تو اُس نے سوچا کہ یہ تو مارا جائے گا اور ساتھ ہم ماں بیٹا بھی نہ بچ سکیں گے لہٰذا اس نے خنجر سے ایک ہی وار سے باپ (گردو) کا سر تن سے جدا کر دیا۔ سر لے کر بھاگ کھڑا ہوا اور گھر آ کر دم لیا۔ ماں کو سارا ماجرا سنایا اس نے بیٹے کی ذہانت کی داد دی اور ماں نے بیٹے کو کہا "جاؤ دیکھو اب تمہارے پتا کی لاش سے کیسا سلوک کرتے ہیں آیا وہ اسے دفناتے یا آگ لگا دیتے ہیں۔"

پنڈتوں اور مولویوں کو بلایا گیا کہ لاش شناخت کریں یہ ہندو ہے یا مسلمان۔ پنڈتوں نے کہا کہ یہ ہندو ہے اس کی مسلمانی (ختنہ) نہیں ہوئی۔ وزیر با تدبیر نے تجویز پیش کی کہ اس کو پکڑنے کیلئے اور دوسرے ساتھی کو پکڑنے کیلئے اس کی ارتھی سجائی جائے اور گلی گلی محلہ محلہ گھمایا جائے اور جو اس ارتھی کو دیکھ کے پیٹے یا غم زدہ ہو اس کو پکڑ لیا جائے۔ وہ اس کا ساتھی چور یا عزیز ہوگا۔ ساتھی چور پیپا نے ماں سے کہا کہ ایسا کیا گیا تاکہ شناخت ہو سکے۔ اس کی ماں نے کہا "یہ کیسے ممکن ہے کہ ایسا شخص جس کے ساتھ چالیس سال گزارے ہوں اس کی لاش دیکھ کے آنسو نہ بہیں میں لاکھ ضبط کروں تو بھی یہ ممکن نہیں۔"

بیٹا (پیپا) تو باپ (گردو) کا بھی گرو نکلا۔ اس نے تجویز پیش کی "ماتا میں سپاہیوں کا بھیس بدل لونگا تم دوسری گلی میں گوالن کا بھیس بدل کر سر پر دودھ کی گگری اٹھائے کسی طرح سے ارتھی کے آگے پہنچ جانا اور دودھ بیچنے کی خاص آواز لگانا۔ جیسے ہی ارتھی نزدیک آئے گی میں تم کو ہٹانے کی غرض سے دھکا دونگا تم دودھ پھینک کر رونا پیٹنا شروع کر دینا اور بین کر کے دل کی بھڑاس نکال لینا۔ میں لٹ گئی میں تو ہو گئی میرا اس جہان میں کیا رہ گیا۔ اس طرح ماتا تمہارا غم بھی ہلکا ہو جائیگا۔ اپنے مرد کی ارتھی کو بھی جی بھر کر دیکھ لینا۔"

جب ارتھی گھوم پھر کر واپس لے جایا گیا تو وزیر نے پوچھا "کیا کوئی ارتھی دیکھ کر رویا پیٹا ؟"

"ایسا تو کوئی واقعہ پیش نہیں آیا البتہ ایک گوالن تھی جس نے ارتھی کو روکا ہوا تھا اور دودھ بیچ رہی تھی ہمارے سپاہی نے راستہ سے ہٹانے کیلئے دھکا دیا تو اس گوالن کا دودھ گر گیا وہ خوب روئی پیٹی۔"

وزیر با تدبیر معاملے کی تہہ تک پہنچ گیا "وہ سپاہی سامنے لاؤ جس نے دھکا دیا اُس نے گوالن کو قریب سے دیکھا ہے۔" لیکن وہ سپاہی تو ملنا تھا ہی نہیں چنانچہ کوتوال کو سپاہی نہ ملنے پر قید کر دیا گیا کیونکہ وزیر کا خیال تھا کہ وہ گوالن اسکی ماتا یا بیوی ہوگی اور وہ سپاہی اس کا ساتھی چور تھا۔ "کوتوال تم نالائق ہو دھوکہ کھا گئے ہو۔"

وزیر نے حکم دیا کہ ارتھی کو جلانے کا ایک دن مقرر کیا جائے اور تشہیر کی جائے ہندو کا تن بغیر سر کے جلایا گیا تو اسکی مکتی نہیں ہو سکتی۔ سپاہیوں کو خفیہ پہرے میں چتا والی جگہ پر خفیہ طور پر بٹھا دیا گیا اور اب جو سر لے کر آئیگا فوراً گرفتار کیا جائے۔ اس معاملہ کی بھی خبر ماں بیٹے کو ہو گئی اور ماں بیٹے نے باہمی سوچ بچار کی کہ کیا راستہ اختیار کریں کہ سر بھی چتا میں ڈال دیا جائے اور ہم پکڑے بھی نہ جائیں۔

آدھی رات کا وقت تھا آگ سلگ رہی تھی۔ ایسے میں بیٹا سادھو کا روپ دھارے بالٹی میں گوندھا ہوا آٹا لئے جس میں سر چھپا رکھا تھا سفید کپڑوں میں ملبوس سپاہیوں تک پہنچ گیا اور کہا "تین چار روز سے گھاس پھونس درختوں کے پتوں سے پیٹ کا دوزخ بھرا اور آج رات بستی سے پیٹ کا بھر آٹا ملا ندی کنارے گوندھا آگ پر نظر پڑی اور یہاں چلا آیا ہوں اگر آپ کی اچھا ہو تو دو چپاتیاں پکا لوں اس دوزخ کو بھر لوں۔"

سپاہی نے بے پرواہی سے اجازت دے دی کہ توندی (پیٹ) بھر لو۔ اُس سادھو نے آگ پر توا رکھا اور دو چپاتیاں پکائیں نہایت احتیاط سے ادھر اُدھر دیکھ کر سر کو آگ میں رکھا اور رام رام ست جپتا ہوا جنگل میں روپوش ہو گیا۔ کچھ دیر بعد سر پٹاخہ مار گیا پھر کیا تھا تمام سپاہیوں میں سراسیمگی پھیل گئی اور صبح تمام سپاہیوں کو اس کوتاہی کی پاداش میں معطل کر دیا گیا۔

وزیر نے یہ اعلان کیا "چور کا ساتھی جو نہایت ذہین ثابت ہوا ہے اگر وہ خود پیش ہو جائے تو میں اُسکے تمام گناہ معاف کرنے کے علاوہ اچھے عہدے پر فائز کر دونگا۔ اگر پیش ہونے سے گریزاں ہے تو اُس کیلئے چیلنج ہے کہ رات کو چاندنی چوک میں اشرفیاں بکھیر دی جائیں گی وہ ان کو اٹھا کر دکھائے۔" لوگ ڈرتے رہے کسی نے اشرفیاں اُٹھانے کی جسارت نہ کی کہ مفت میں نہ دھرے جائیں۔

Marfat.com

ماں بیٹا پھر سر جوڑ کر بیٹھ گئے اور صلاح مشورہ کرنے پر ماں نے بیٹے سے کہا: "کوئی فکرمندی کی بات نہیں تم جوتوں پر پیش لگاؤ اور چاندنی چوک کا چکر لگا آؤ۔" اس طرح اس نے دو چار چکر لگائے اور کسی کو خبر ہوئے بغیر اشرفیاں گھر پہنچ گئیں۔ جب رات سے اشرفیاں شمار کی گئیں تو کیا دیکھتے ہیں کہ ایک صد کے قریب اشرفیاں گم ہو گئیں اور تمام پولیس والوں کو معطل کر دیا گیا۔

وزیر باتدبیر نے اب اس ذہین چور کیلئے انعام و اکرام کا اعلان کیا مگر وہ ماں بیٹا اس جھانسے میں نہ آئے۔ بالآخر تنگ آ کر اعلان کیا: "میں خود چور کے ساتھی کو پکڑنے کیلئے نکلوں گا اور دیکھوں گا وہ کیسے میرے ہاتھ سے بچ کر نکل جاتا ہے۔ وہ ذہین تو ہے مگر مجھ سے زیادہ نہیں۔"

وزیر نے بھیس بدلا اور گھوڑے پر بیٹھ کر رات کو گشت پر نکلنے کا عزم کیا۔ ایک رات پھرتے پھراتے ایک گلی سے گزرا تو ایک بڑھیا کو چکی پیستے ہوئے پایا۔ وزیر سے رہا نہ گیا پوچھا: "ارے بڑھیا تو اتنی رات گئے چکی کیوں پیس رہی ہے؟" بڑھیا نے نہایت عاجزی سے جواب دیا: "بچے پالنے ہیں میرا اور کمانے والا کوئی نہیں۔ مزدوری نہ کروں تو پیٹ کا دوزخ کیسے بھروں۔ جھوان جہان ایک بنیئے کا شام کو ایک بوری چنے کی بھری دے دیتا ہے اور میں رات بھر چکی پیس کر دال بنا دیتی ہوں۔"

ازاں بعد وزیر نے بڑھیا سے کہا: "تم جہاں دیدہ ہو یہاں سے کوئی چور اچکا تو نہیں گزرا۔"

"ہاں ایک آدمی نے میرے دروازے پر بیٹھ کر پوچھا کیا وزیر یہاں سے گزرا ہے اور اب کس گلی میں گیا ہے؟"

"مجھے کسی کی خبر نہیں میں کام میں مصروف ہوں۔" میں نے جواب دیا۔

وزیر باتدبیر کے کان کھڑے ہوئے فوراً پوچھا: "وہ کس طرف گیا ہے؟"

"اس طرف دائیں جانب۔"

وزیر نے سرپٹ گھوڑا دوڑایا اور اس سمت چل نکلا تھوڑی دیر بعد کچھ سوچ کر وزیر پھر بڑھیا کے پاس آیا: "وہ چور پھر ادھر آیا ہے۔"

"ہاں وہ ابھی ابھی بائیں جانب گیا ہے۔"

وزیر نے پھر ادھر کا رخ کیا کچھ دیر بعد وزیر کا لوٹنا اور بڑھیا سے پھر دریافت کیا۔ بڑھیا نے کہا: "بیٹا جس وقت وہ آتا ہے تم نہیں ہوتے اور جب تم ہوتے ہو تو وہ نہیں ہوتا۔ میری بات مانو اور میری تجویز پر غور کرو۔ تم میری جگہ بھیس بدل کر چکی پیسو اور میں اتنی دیر میں گھوڑے پر ادھر ادھر چکر لگاتی ہوں۔ وہ یقیناً پھر ادھر آئیگا۔ تم بآسانی اسے پکڑ لینا۔" چنانچہ وزیر بڑھیا کے کہنے پر بڑھیا کا بھیس بدل کر چکی پیسنا شروع کر دی۔ وہ چور (چیلا) جو بڑھیا کا بھیس بدل کر بیٹھا تھا ایک دفعہ پھر وزیر کو چکمہ دینے میں کامیاب ہو گیا۔ اس کا لباس اور قیمتی گھوڑا لے اڑا۔ دوسرے دن منڈی میں گھوڑے کو سرعام فروخت کر کے وزیر باتدبیر کا مذاق اڑایا۔ اب آپ ہی فیصلہ کریں کہ ان میں یعنی باپ، ماں اور بیٹے میں کون زیادہ ذہین تھا۔

راجہ اشوک

راجہ اشوک بدھ مت کا مذہب اختیار کرنے سے پہلے نہایت سفاک اور ظالم حکمران تھا۔ مختلف بھیس بدل کر دور دراز بستیوں میں کبھی سوداگر کبھی مسافر اور کبھی سادھوؤں کے بہروپ میں عوام الناس سے پوچھتا پھرتا: "تمہارا مہاراج کیسا ہے؟" جس کسی نے مہاراج کے خلاف بولا اس بدنصیب کو دوسرے روز دربار میں بلا کر نہایت سفاکی سے قتل کرا دیتا۔

ایک دفعہ حسب معمول دورے پر نکلا اس دفعہ اس نے کپڑے بیچنے والے کا روپ دھار لیا۔ پھرتا پھراتا ایک گاؤں کی طرف رجوع کیا تو اس دوران ایک ادھیڑ عمر آدمی سے سر راہ مڈبھیڑ ہونے پر مہاراج نے پوچھا:

"بھیا میرے پاس کپڑا ہے اور گھوڑا ہے کیا میں اس بستی میں رات بسر کر سکتا ہوں؟"

"میں اس گاؤں کا مکھیا ہوں میرا نام رام دیال ہے بستی آباد ہے اور میری حویلی موجود ہے آپ کو ہر طرح سے تحفظ حاصل ہوگا گھوڑے کو چارہ آپ کو بھوجن اور رات بسر کرنے کیلئے بستر کیوں نہیں ملے گا۔ میرے ساتھ چلو۔"

Marfat.com

سوداگر (راجہ اشوک) اور ٹھیا گاؤں میں پہنچ گئے۔ ٹھیا نے اپنے بیٹے پرشوتم کو آواز دی، "ایک مہمان آیا ہے اس کی دیکھ بھال کی جائے۔"

پرشوتم نے گھوڑے کا پسینہ ایک کپڑے سے خشک کیا سوداگر کیلئے چارپائی بچھائی۔ بستر لگایا اور گھوڑے کو چارہ ڈالا سوداگر کے کپڑے کی گٹھڑی حفاظت سے اندر رکھی۔ ٹھیا نے بیٹے کو مزید کہا، "مہمان دور سے آیا ہے۔ گرمی کا موسم ہے مہمان کے اشنان کا بھی بندوبست کرو اور میں گھر جا کر بھوجن کا بندوبست کرائے دیتا ہوں۔"

تھوڑی دیر بعد ہی بھوجن آ گیا۔ سادہ اور بڑا اچھا ہر چیز نہایت صاف ستھری اس دوران مسافر نے پوچھا، "کیا کل صبح ناشتہ بھی ملیگا؟"

"کیوں نہیں آپ ہمارے مہمان ہیں آپکی خدمت کیلئے ہر چیز حاضر ہے۔" ٹھیا نے خوش دلی سے جواب دیا۔

رات کھانا کھانے کے بعد باتوں باتوں میں مسافر نے سوال کر دیا، "تمہارا بیٹا دھیار تھی (تعلیم یافتہ) معلوم ہوتا ہے اس کو حکومت کا کارندہ ہونا چاہیے۔"

"چھوڑیئے اس حکومت کا نام لیتے آپ نے۔ اس کی عدالت میں تو انصاف نام کی چیز موجود ہی نہیں وزیر حکومت کر رہا ہے۔ مہاراج تو ایک مدہوش ہے حکومت تو وزیر اعظم کے ہاتھ میں ہے جو رعایا پر بے پناہ ستم ڈھاتا اور اپنے ذاتی دشمنوں سے انتقام لے رہا ہے۔ مہاراج تو نہ ہونے کے برابر۔ اب حکومت بس چند دنوں کی مہمان ہے پرماتما کا اٹل قانون کہ جس حکومت میں انصاف نہ ہو وہ زیادہ دیر تک نہیں رہتی اور مظلوم مارا جائے اور ظالم کو کھلی چھٹی دے دی جائے کہ جاؤ میرے وزیر عیش کرو۔" ٹھیا نے سوداگر کو خوب کی تمام باتیں سنیں اور سوداگر خاموشی سے سنتا رہا۔

سوداگر نے کہا، "باتیں کرنا تو آسان ہیں مگر عمل کرنا ہر ایک کے بس کا روگ نہیں۔"

"اگر مجھے چند دن وزیر انصاف بنا دیا جائے تو انصاف کا ڈنکا بجا دوں۔" اس پر ٹھیا نے جواب دیا۔

اسی طرح کی باتوں کے دوران ہی سوداگر سو گیا صبح اٹھا تو پرشوتم نے گھوڑے کو تیار کیا۔ اس پر کپڑے کی گٹھڑی رکھی اور ہاتھ جوڑ کر پرنام کیا۔ اس دوران سوداگر نے ناشتہ کیا اور ٹھیا خوش دلی سے کہا، "تمہارا بیٹا تو بہت اچھا با اخلاق انسان ہے رات کو میری خدمت کے احساس سے مٹھی چاپی بھی کرتا رہا اس لئے میں تمہارے بیٹے کو کپڑوں کا جوڑا دینا چاہتا ہوں۔"

ٹھیا نے جواب دیا، "ہم نے کبھی کسی سے کوئی چیز نہیں لی۔ ہمارا ہاتھ ہمیشہ اوپر ہی رہا ہے بھگوان کی کرپا ہے ہمارے پاس بہت کچھ ہے۔ یہ تو رات کی سیوا کا معاوضہ بن جائیگا۔ یہ کسی طور پر ہمیں قبول نہیں۔"

سوداگر جانے لگا تو پرشوتم نے کہا، "جاؤ رام حوالے، نمسکار۔"

سوداگر (مہاراجہ اشوک) اپنے دارالخلافہ چلا گیا چند دنوں بعد ایک سرکاری کارندے نے سرکاری حکم نامہ ٹھیا کو دکھایا، "دیکھو اس حکم نامہ پر کس کا نام لکھا ہوا ہے۔"

"ٹھیا تو میں ہی ہوں اور میرا نام رام دیال ہے کیا حکم ہے؟"

"بھیا اس حکم نامے کو خود ہی پڑھ لو۔"

ٹھیا نے حکم نامہ پڑھا تو خطرے کی گھنٹی بجی کہ وہ سوداگر کہیں مہاراجہ ہی نہ ہوں تاہم اہلکار کے ساتھ جانا بھی ضروری ہو گیا تھا انکار کی گنجائش نہ تھی اور واضح ہو گیا کہ مہاراجہ کے دربار سے زندہ و سلامت لوٹ کر آنا ممکن نہیں کیونکہ سن رکھا تھا کہ دربار سے لوٹ کر بھی کوئی واپس آیا ہی نہیں۔ ٹھیا نے سوچا کہ چلو ایک دن مرنا ہی ہے اب جو ہوگا دیکھا جائیگا۔ اپنا ضمیر تو مطمئن ہے جو کچھ سوداگر (مہاراج) کو کہا ٹھیک ہی تو ہے لہذا تمام گاؤں والے گاؤں سے باہر اکٹھے ہوئے اور اس کو جاتے وقت دکھی دل سے آشیرباد (سلامتی کی دعا) دی۔ "جاؤ بھگوان بھلی کرے گا۔"

اہلکار اور ٹھیا جب مہاراج کے دربار میں وارد ہوئے تو مہاراج ابھی دربار میں نہیں آئے تھے جبکہ تمام درباری مہاراج کا سواگت کرنے کیلئے تیار بیٹھے تھے۔ ٹھیا بھی بیٹھ گیا اور دوبارہ سوچا کہ مہاراج کہیں وہ سوداگر ہی نہ ہو جس نے چند روز پہلے میرے گھر

Marfat.com

میں قیام کیا تھا۔ وسوسہ کی یلغار نے بیچارے کھیا کا احاطہ کیے رکھا ابھی سوچوں میں غلطاں تھا کہ یکدم شور اٹھا ''مہاراج اشوک کی جے، مہاراج اشوک کی جے۔'' تمام درباری تعظیماً سر جھکائے دست بستہ عاجزی سے کھڑے ہو گئے جب مہاراج رام دیال کے قریب سے گزرے تو دونوں نے ایک دوسرے کو پہچان لیا اور مہاراج رک کر مسکرائے پھر رام دیال سے پرشوتم اور دیگر اہل خانہ کا حال پوچھا اس کے بعد مہاراج اپنی پرشکوہ مسند پر رونق افروز ہو گئے۔ تمام درباری درجہ بدرجہ بیٹھ گئے اور مہاراج نے کھیا کو بالخصوص اپنے پاس بیٹھنے کے لیے طلب کیا۔ کھیا نے حکم بجا لایا اس صورت حال پر تمام درباری حیرت زدہ تھے کہ ایک عام شخص کو جو بظاہر دیہاتی آدمی ہے تمام وزرا اور امرا کو نظر انداز کرتے ہوئے اتنی فوقیت دی۔ کچھ دیر بعد مہاراج نے حکم صادر کیا ''تخلیہ۔''

تمام درباری چلے گئے اور سرگوشیاں کرنے لگے ''کبھی پہلے ایسا واقع تو نہیں ہوا یہ کون دیہاتی ہے یہ راز پوشیدہ ہے۔'' اب کسی کی سمجھ میں کچھ نہیں آ رہا تھا ''ہم پر بھی جو اس قدر قریبی ہیں بھروسہ نہیں کیا گیا دال میں کچھ کالا ضرور ہے۔''

سب سے پہلے مہاراج نے کہا ''آپ کا بیٹا مجھے بہت پسند ہے اس نے میری بڑی خدمت کی تھی میں اس واسطے سے بھی ملازمت دے سکتا ہوں وہ کیسا ہے؟''

''میرا وہی جواب ہے جو میں نے وہاں دیا تھا اپنے مکان میں۔ اس حکومت میں کوئی انصاف نہیں اور میں ایسی ناانصاف حکومت میں اپنے بیٹے کو شامل ہرگز نہ ہونے دوں گا۔ کل وہ بھی اس ناانصافی کا کل پرزہ بن جائے گا۔''

تھوڑی دیر بعد مہاراج پھر مخاطب ہوئے ''میں نے کہا تھا کہ باتیں کرنا بہت آسان ہوتا ہے جبکہ عمل کرنا مشکل اور آپ نے کہا تھا اگر چند دنوں کے لیے مجھے وزیر انصاف کی انگوٹھی پہنا دی جائے تو انصاف کا ڈنکا بج جائے گا۔''

مہاراج نے فوراً انگوٹھی اتاری اور اپنے ہاتھ سے کھیا کے ہاتھ میں وزیر انصاف کی انگوٹھی پہنا دی اور کہا ''یہاں سے پچاس میل دور ایک 'پونم' نام کا بہت بڑا دیہات واقع ہے جس کے ایک طرف پہاڑ دوسری طرف دریا تیسری طرف جنگل اور چوتھی طرف یہ دیہات واقع ہے جس کے گرد و نواح میں کافی زرخیز زمین ہے اور وہاں کے مکین بڑے خوشحال ہیں مگر وہاں اکثر ڈاکے پڑتے ہیں رات کو جنگل سے ڈاکو حملہ آور ہوتے ہیں اور جس گھر کو چاہیں لوٹ لیتے ہیں ان ڈاکوؤں کا طریقہ کار بھی نہایت عجیب ہے جس گھر کو لوٹنا ہو پیشگی اطلاع بھیج دیتے ہیں کہ گھر کی موجودہ اشیاء کو نہ چھپایا جائے تمام زیورات اور قیمتی سامان ایک چارپائی پر رکھ دیا جائے اچھا سا کھانا بھی پکا کر رکھا جائے اور ڈاکو اہل خانہ کے ساتھ بیٹھ کر کھائیں گے تا کہ کھانے میں کہیں زہر نہ ملا دیا ہو۔ دروازے ہر حال میں کھلے رکھے جانے کا بھی حکم ہوتا تا کہ گھر کا کونہ کونہ روشن ہو جائے جس گھر کی لڑکی ڈاکو پسند کریں اٹھا کر لے جاتے ہیں کئی ہوس کا نشانہ بنا کر جنگل کے کنارے پر چھوڑ جاتے اور تاکید کی جاتی ہے کہ گھر کا کوئی فرد پیچھا نہ کرے۔ چونکہ ہمیں سب کے نام معلوم ہیں بس ایسا ہی ہوتا ہے اور کوئی بھی ان کے حکم سے روگردانی کی جسارت نہیں کر پاتا۔''

مہاراج نے کھیا کو پچیس تیر انداز پچیس تلوار کے دستے اور پچیس نیزہ بازوں کے علاوہ کھانے پینے کا سامان اور خدمت گار بھی مہیا کیے چنانچہ کھیا اس ہجوم کو لے کر پونم دیہات کی طرف کوچ کر گیا۔ راستے میں جو دیہات آتا تمام لوگ اکٹھے ہو جاتے اور کھیا پوچھتا ''تمہیں کوئی تنگ تو نہیں کرتا'' فریادیوں کی داد رسی کرتا انصاف مہیا کرتا اور کسی کا مقدمہ نہ چھوڑتا۔ اس پر سب لوگ نعرے لگاتے ''وزیر انصاف زندہ باد'' اسی طرح راستے میں پڑنے والے دیہات کی خوشحالی کرتے ہوئے وہ پونم پہنچا۔ وہاں اس کا بڑے زور سے استقبال ہوا وہاں بھی سارے دیہات کو جمع کرنے کا حکم ہوا اور پوچھا گیا ''تمہاری مشکلات کیا ہیں میں وزیر انصاف بن کر آیا ہوں تمہیں انصاف مہیا اور قصوروار کو سزا ملے گی اپنی باری آنے پر صرف ایک فرد بولے اور اگر کوئی غلط بیانی کرے تو پھر دوسرے وزیر کا کام ہو جائے گا۔'' سب سے پہلے پونم دیہات کا کھیا اٹھا اور کہا ''ہم آپس میں نہایت شیر و شکر ہو کر رہتے ہیں اگر ہم میں یہ جذبہ نہ ہوتا تو پونم کب کا صفحہ ہستی سے مٹ چکا ہوتا لیکن ہم ایک بڑے عذاب میں مبتلا ہیں کہ گاہے بگاہے ڈاکوؤں کی طرف سے پیغام موصول ہو جاتا ہے کہ ہم فلاں فلاں دن آئیں گے اور لوٹ کر لے جائیں گے۔ یہ ڈاکو قریبی جنگل میں رہتے ہیں اور ہم پر حاوی ہیں ہم کسی صورت میں بھی ان سے مقابلہ کرنے سے قاصر اور عاجز ہیں اب تک ہمارے گاؤں کی ستر لڑکیاں ان ظالموں کے پاس ان کے گھر پر موجود ہیں اور چالیس لڑکیاں ہوس کی آگ مٹانے کے بعد واپس گاؤں بھیج دی گئی ہیں۔ حضور والا ہم ... اب ... اور ... چ

Marfat.com

ہیں اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ پس ہماری بنتی صرف اور صرف یہی ہے کہ ان درندہ صفت ڈاکوؤں سے ہمیں نجات دلائی جائے۔"

وزیر انصاف نے سب سے پہلے یہ کہا" جو لڑکیاں واپس آگئیں ہیں وہ بے قصور ہیں اگر قصور ہے تو تمہارا کیونکہ ابھی تک تم نے ان کی مظلومیت کے ازالہ کی کوئی کوشش نہ کی ہے۔ اب حکم دیا جاتا ہے کہ سورج غروب ہونے سے پہلے ان تمام لڑکیوں کی شادی کر دی جائے۔ گاؤں کا مکھیا اور چوہدری معززین جس لڑکی کی شادی جس سے مناسب سمجھیں کرا دیں اب اس حتمی فیصلہ پر کسی شخص کو پس و پیش کی اجازت نہیں۔"

سب سے پہلے مکھیا نے کہا" میں اپنے بیٹے کی شادی ان میں سے ایک لڑکی کے ساتھ کرتا ہوں تاکہ دوسروں کو کوئی شکایت نہ ہو اور یہ عذر نہ رہے کہ کس کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے۔"

مکھیا کی تقلید میں یہ کام سورج غروب ہونے سے پہلے پایہ تکمیل کو بطریق احسن پہنچایا گیا۔ شہنائیاں بجنے لگیں اور" وزیر انصاف کی جے ہو" کے نعروں سے فضا گونج اٹھی۔ ازاں بعد وزیر انصاف نے کہا" مجھے آپ لوگوں میں سے پچاس نوجوان چاہئیں۔ جو اپنی رضامندی سے خود کو پیش کریں۔"

پچاس کیا پرجوش انداز میں سو کے قریب نوجوان بخوشی اپنی خدمات پیش کرنے کیلئے آگے بڑھے اب ان کو مختلف ٹکڑیوں میں تقسیم کر کے ترتیب دی گئی۔ ایک ہفتے کے بعد رات کی چاندنی میں جنگل کی طرف سے ڈھول پیٹنے کی آوازیں آنا شروع ہو گئیں جو ڈاکوؤں کے حملہ آور ہونے کی نمایاں علامت تھی۔ معاً دیہات میں شور واویلا بلند ہوا" ڈاکو آ گئے" مگر اب صورت حال مختلف تھی۔ تمام منچلے جوانوں نے پوزیشنیں سنبھال لیں بچے بوڑھے اور عورتیں گھروں میں بند ہو گئیں تو وزیر انصاف کی ہدایت پر عمل درآمد شروع ہو گیا جب ڈاکو قریب آ گئے تو وزیر باتدبیر کی ہدایت کے مطابق تینوں اطراف سے غیرت مند جوانوں نے ڈاکوؤں پر حملہ کر دیا اور اپنی پشت پر جنگل کی سمت تھی سو ڈاکوؤں کے اوسان خطا ہو گئے مگر اب وہ بھاگ کے جا نہیں سکتے تھے۔ وہ محصور ہو کر رہ گئے اور چند ایک مارے گئے چند زخمی ہوئے اور باقی ماندہ گرفتار ہو گئے جن کو قتل کر دیا گیا۔

وزیر انصاف نے حکم دیا" جس قدر ممکن ہوں لکڑیاں اکٹھی کر دی جائیں۔" ان لکڑیوں کو ڈاکوؤں کی تمام تر لاشوں کے اردگرد چن دیا گیا اور آگ دکھا دی گئی۔ دیکھتے ہی دیکھتے ان تمام ڈاکوؤں کی لاشیں راکھ کے ڈھیر میں تبدیل ہو گئیں۔

وزیر انصاف نے اعلان کیا" کسی شخص کو ان ظالموں کا مسکن معلوم ہے؟"

ایک چرواہا آیا اور بتایا" میں ان کا مویشی جنگل میں چرانے پر مامور ہوں اور انکا ہی ملازم ہوں صبح و شام جو دودھ نکلتا ہے وہ پونم گاؤں میں آ کر فروخت کرتا ہوں۔ میں آپ کے ساتھ جاتا ہوں۔" چنانچہ تمام مسلح نوجوان اور وزیر انصاف گوالے کے ہمراہ چل دیئے اور ڈاکوؤں کے مسکن پر حملہ کر دیا چند ایک نے مزاحمت کی مگر جلد ہی ان کو بھی تہ تیغ کر دیا گیا مظلوم لڑکیوں کو جو وہ درندہ صفت اپنی ہوس کے لئے لے گئے تھے اور سونا چاندی برآمد کیا۔ وزیر انصاف اپنی مہم میں کامرانی سے ہمکنار ہو کر فتح و نصرت کے ڈنکے بجاتا ہوا گاؤں پہنچا جو لڑکیاں حال ہی برآمد کی گئی تھیں انہیں ورثاء کے حوالے کرنا اور ان کی شادی خانہ آبادی کروائی گئی برآمد شدہ سامان جن جن کا تھا ڈاکوؤں کی سرکوبی کے بعد ملک کے کونے کونے میں چار سو مقبول اور شہرہ آفاق انصاف پسند وزیر انصاف کا سر بلند ہو گیا مگر حاسدوں نے مہاراج کو رپورٹ کر دی" آپ کی حکومت کو خطرہ لاحق ہو گیا ہے ایسا نہ ہو وزیر انصاف بغاوت کر دے ساری عوام اس انصاف پسند کے حلقہ بگوش ہو چکی ہے اور ممکن ہے آپ کی حکومت کا تختہ الٹ جائے لہذا حفظ ماتقدم انتظام و انصرام سوچ لیا جائے۔"

مہاراج (اشوک) کا پونم گاؤں کی ایک لڑکی سے معاشقہ چل رہا تھا اور بھیس بدل کر مہاراج مذکورہ لڑکی کو رات داد عیش دینے جایا کرتا۔ سپاہی جو پہرے دار تھا اس نے مہاراج کو روکا" کون ہو تم آدھی رات گئے آنے والے؟"

"تم کون ہو پوچھنے والے؟" مہاراج نے تحکمانہ لہجہ میں جواب دیا۔

"میں وزیر انصاف کا سپاہی ہوں پونم گاؤں کا چوکیدار" پس مہاراج نے تلوار کے ایک ہی وار سے سپاہی کا سر تن سے جدا کر دیا اور واپس لوٹ آیا۔ یاد رہے کہ مہاراج کی منصوبہ بندی متقاضی تھی کہ وزیر انصاف کو پونم گاؤں کے چوکیدار کے قاتل کا پتہ نہ چل سکے تا کہ ملازم بغاوت سے مرتکب ہونے والے وزیر انصاف کو دربار میں مذکورہ پہریدار کے قاتل کی حیثیت سے پیش ہونے پر تہ تیغ کیا

Marfat.com

جا سکے۔

واپس لوٹ کر مہاراج نے وزیر انصاف کو دربار میں بلایا اور پوچھا "سپاہی پونم گاؤں میں یوں قتل ہوا اس کے قاتل کیا قاتل پکڑا گیا یا نہیں ؟" وزیر انصاف کو قاتل کی تلاش کرنے کی صرف تین دن کی مہلت دی گئی۔ "ورنہ اس کا انجام تمہارے سامنے ہے ایک سپاہی کا قتل حکومت کے قتل کے مصداق ہے۔"

وزیر انصاف واپس پونم گاؤں لوٹا دو دن گزر گئے مگر قاتل کا سراغ نہ مل سکا۔ اب پونم گاؤں تنفر چاہ رہا تھا اور وزیر انصاف کیلئے پرارتھنا کر رہا تھا "اے بھگوان قاتل مل جائے ورنہ ایسا وزیر انصاف پسند ہم کہاں سے ملیگا۔"

مہلت صرف ایک دن اور رات کی باقی تھی وزیر انصاف گھوڑے پر سوار اس مقام سے گزرا جہاں سپاہی کا قتل ہوا نہایت پریشانی کے عالم سے دو چار تھا اچانک قریب سے ایک لڑکی کی آواز آئی جو پوچھ رہی تھی "آپ وزیر انصاف ہیں ؟"

"ہاں۔" جواب دیا گیا۔

اس پر وہ لڑکی ہاتھ میں دیا لیکر قریبی مکان کی چھت سے نیچے اتر آئی اور نہایت مودبانہ عرض کی "آپ اندر تشریف لے آئیں۔" لڑکی کی آواز سے امید کی کرن دکھائی دی جب وزیر انصاف لڑکی کے گھر میں داخل ہوئے۔

لڑکی نے بڑے ادب سے بتایا "میں مہاراج (اشوک) کی داسی ہوں کبھی کبھی مہاراج اپنا بھیس بدل کر ادھر آتے ہیں اور رات میرے ساتھ عیش عشرت سے گزار کر رات کے اندھیرے سے استفادہ کرتے ہوئے واپس اپنے محل میں چلے جاتے ہیں۔ انہیں اس حکمت عملی سے آتے جاتے کوئی نہیں پہچان پاتا۔ میرے سارے گھر کے اخراجات انہیں کے ذمہ ہیں لیکن وہ پاپی ہیں جبکہ آپ نیکی و انصاف کا مجسمہ ہیں میرے ضمیر نے ملامت کی کہ میں آپ کو اصل قاتل کا پتہ بتادوں لیکن میرا نام خفیہ رکھا جائے۔"

پھر نہایت دھیمی آواز سے سرگوشی کی "مہاراج قاتل ہیں میں اس رات مہاراج کا انتظار کر رہی تھی اور جب کہ میں نے اپنے کانوں سے مہاراج اور سپاہی کے مکالمے سنے تھے۔"

بس پھر کیا تھا وزیر انصاف نے پچاس مسلح سپاہی اپنے ساتھ لئے اور مہاراج کے دربار میں پہنچ گیا۔ حاسدین بڑے خوش تھے کہ "اب کام گیا ہے پیادہ سوار سے" کے مصداق آج وزیر انصاف اپنے انجام کو پہنچ جائیگا مگر دیکھنے والے حیرت میں رہ گئے۔ اس کے چہرے بشرے سے پریشانی اور موت کا خوف مترشح ہونے کی بجائے اطمینان اور پر اعتماد تاثر نمایاں تھے جبکہ قاتل ابھی اس کے ساتھ نہیں۔

"وزیر انصاف! قاتل کو حاضر کرو۔" مہاراج نے حکم دیا۔

"پکڑ لو جو تخت پر براجمان ہے یہی قاتل ہے۔" وزیر انصاف نے تمام سپاہیوں کو حکم دیا اس پر تمام درباریوں نے میانوں سے تلواریں نکال کر سونت لیں۔ "جھوٹ ہے توہین ہے مہاراج کی پاپ ہے" لیکن اس ردعمل کے خلاف مہاراج نے حکم دیا "تمام تلواریں اپنی میانوں میں واپس لے جاؤ اور بڑے پروہت (جج) کو حاضر کیا جائے۔"

پروہت نے کئی شاستروں کا مطالعہ شروع کر دیا اور تھوڑے وقفے کے بعد اعلان کیا "جب مہاراج کے ہاتھ سے کوئی قتل ہو جائے تو مہاراج کے وزن کے تناسب سے سونے کی مورتی عین مہاراج کی شکل کے مطابق بنائی جائے اور اسے ٹکڑے ٹکڑے کر کے غریبوں میں بانٹ دی جائے تاکہ قاتل (مہاراج اشوک) کی مکتی ہو جائے اور مورتی کا سر مقتول کے وارثین کو دے دیا جائے۔"

چنانچہ ایسا ہی ہوا وزیر انصاف نے اپنی انگلی سے انگوٹھی اتاری اور مہاراج کو پیش کرتے ہوئے عرض کی "حضور اب مجھے چھٹی دی جائے جو میں نے کہا تھا پورا کر دیا۔"

"نہیں ہرگز نہیں میرے تمام مہا منتریوں نے مجھے دھوکا دیا جو کہا پورا نہ کیا جس کی وجہ سے میری رعایا بتدریج میرے خلاف ہوتی چلی گئی میں وزیر انصاف کا مشکور ہوں اور تمام زندگی میرے وزیر انصاف کی حیثیت سے متعین و متمکن رہیں گے۔"

مہاراجہ اشوک کی یادگار "لاٹ" پٹنہ کے قریب "گیا" میں واقع ہے (یہاں مہاتما بدھ کو گیان حاصل ہوا تھا) گیا اب ایک

Marfat.com

مہارت سے بنائی گئی ہے کہ کوئی چیز اس پر کسی قسم کا نشان نہیں لگا سکتی۔ جو یاتری اس لاٹ کے درشن کو جاتا ہے تو اس سے بغل گیر ہوتا ہے جیسے کوئی اپنے عزیز، ماں باپ، بہن بھائی سے محبت آمیز انداز میں معانقہ کرتا ہے۔ اس وجہ سے لاٹ پالش ہوگئی لاٹ کے اوپر جو گول چکر ہے وہ ہو بہو بھارت کے جھنڈے سے مشابہ ہے۔ مذکورہ بالا داستان کمال صاحب کو متھرا کے شیو جی مہاراج کے مندر میں 1935 میں ایک سوالی نے سنائی۔ اس داستان کے وقوع پذیر ہونے کے بعد مہاراج نے بدھ مذہب اختیار کرلیا اور سنگ دلی سے مجتنب ہو کر نہایت حلیم طبع مہاراجہ مشہور ہو گئے۔

ایک شخص بنام پیارے محمد

قنوج کسی زمانے میں یو پی کا دارالخلافہ رہا ہے اور ہندوؤں کے شہر سے منسوب کیا جاتا جہاں بہر نوع اقسام کے پھول پائے جاتے ہیں اور یہاں کی چار قسم کی گلقند سارے ہندوستان میں مشہور تھی۔ یہ گلقند دریک کے پھولوں، املتاس کے پیلے پیلے پھولوں آک کے پھولوں میں ایک قسم کی ہوتی ہے اس سے اور اصلی گلاب کے پھولوں سے تیار شدہ دستیاب تھی۔

تاریخ ہندوستان میں درج ہے کہ نادر شاہ نے جب دہلی فتح کر لی اور افواہ پھیل گئی کہ نادر شاہ کو قتل کر دیا گیا ہے تو بدلے میں اس نے قتل عام کا حکم دے دیا۔ جب یہ سلسلہ اختتام پذیر ہوا تو نادر شاہ کو تحفۃً قنوج کی گلقند پیش کی گئی وہ رغبت سے سارا مرتبان کھا گیا اور کہا "ایں حلوہ خوب است"

قنوج میں ایک خاص قسم کی بیری کا درخت ہوتا ہے جو سال میں دو دفعہ پھل دیتی ہے اور بیر بھی دو دو تولہ کا نہایت لذیذ جبکہ گٹھلی بہت چھوٹی۔ بیر کا گودا، گندم کا آٹا اور گھی کے آٹے میں انڈہ ملا کر کیک بنایا جاتا ہے جو کافی مشہور و معروف اور دور دراز تحفے کے طور پر بھیجا جاتا۔

تقسیم ہند سے قبل قنوج میں ہندو مسلمان نہایت اچھے اور مثالی بھائی چارے کے طور پر اکٹھے مل جل کر رہا کرتے کئی مساجد و مندر ساتھ ساتھ ملحقہ واقع تھے۔ دونوں اقوام ایک دوسرے کا بہت احترام کرتیں جب کوئی تہوار آتا تو ایک کمیٹی تشکیل دی جاتی اس میں تین مسلمان اور تین ہندو ہوا کرتے وہ اپنے ایک لیڈر کا انتخاب کرتے اور ایک دوسرے کے تہوار میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے کسی قسم کا جھگڑا فساد اور متنازعہ صورت حال پیش نہ آتی۔ محرم میں ہندو چھوٹے چھوٹے تعزیئے بنا کر مسلمانوں کے ساتھ شریک ہوتے یہ باہمی سلوک و اتفاق کی انتہا تھی کہ کوئی پندرہ کے قریب ہندوؤں اور مسلمانوں نے آپس میں شادیاں کریں ایسی رشتہ داری سے وہاں منطق پیش نظر ہوتی "ہم پہلے انسان ہیں بعد میں ہندو یا مسلمان"

ایک داستان گو جس کا نام "پیارے محمد" تھا اس نے محفل میں کمال صاحب بھی شامل تھے زیر نظر داستان بیان کی۔ پیارے محمد میں خاص بات یہ تھی کہ داستان بیان کرنے کے دوران سگریٹ بیڑی پینے سے گریزاں رہتا بلکہ سامعین کو بھی سگریٹ، بیڑی پینے سے اجتناب کی ترغیب دیتا البتہ وہ پان کھانے کا عادی تھا تاہم دانتوں کی صفائی ملحوظ خاطر رکھتا دانت نہایت صاف ہوتے اور اُس کی چھوٹی چھوٹی داڑھی اور مونچھیں ٹیپو سلطان جیسی جن کی نگہداشت ازبس ضروری خیال کرتا گویا اپنی مونچھوں کا متوالہ تھا اب داستان نہایت اہتمام سے پیش کرتا ہے

دہلی میں ایک بہت مشہور تاجر احمد علی نامی رہائش پذیر تھا دیانتدار یہاں تک کہ اگر اس کے مال میں نقص ہوتا تو گاہک کو برملا بتا دیا کرتا۔ ہر چاند کی پہلی تاریخ کو عوام الناس میں لنگر جاری استواری سے کرتا جس میں ہر خاص و عام کو شرکت کی دعوت ہوتی اور یہ عمل ساری زندگی تواتر سے جاری رہا۔ اچانک احمد علی تاجر کو "قولنج" کے درد نے جہان فانی سے راہی ملک عدم روانہ کیا (ضمیمہ 216) مرحوم نے پسماندگان میں ایک کمسن بیٹا مصطفےٰ اور بیوہ چھوڑی جو نہایت قریبی دوست تھے وہ غدار ثابت ہوئے مرحوم دوست کی املاک دوکانوں اور تمام جائیداد پر قابض ہو گئے۔ اس کی بیوہ بچی کھچی پونجی میں گزر اوقات کرنے لگی جب بیٹا سن بلوغت کو پہنچا تو اس نے اپنی والدہ سے پوچھا "ابو حضور کیا کام کرتے تھے؟"

"بیٹا وہ بڑے مشہور تاجر تھے" ماں نے جواب دیا۔

Marfat.com

''میں بھی تاجر بننا چاہتا ہوں۔''

''تجارت کیلئے تو بیٹا بڑی رقم درکار ہے تھوڑا بہت جو ہمارے پاس ہے وہ بھی جلد ہی ختم ہو جائیگا لہذا ایسا ارادہ ترک کر دو۔''

''امی جان! میرے ابو جان کے کوئی مخلص دوست بھی تھے؟''

''مخلص تو صرف نام کے ہی تھے تاہم ایک علی حسین خزانچی تمہارے ابا کا ہم نوالہ و ہم پیالہ اب تک زندہ ہے اس نے تمہارے ابو کے مرنے کے بعد ہم سے کوئی زیادتی نہیں کی بلکہ کبھی کبھار خبر گیری کرتا رہا مگر لوگوں نے چہ میگوئیاں شروع کر دیں۔ یہ شخص بیوہ کے گھر میں کیوں آتا ہے لہذا اس نے بھی آنا ترک کر دیا۔''

''امی جان! میں ان سے ضرور ملونگا شاید وہ ہماری کچھ مدد کر سکیں۔''

ایک دن مصطفیٰ نہا دھو کر اچھے لباس میں ملبوس علی حسین سے ملنے چلے اس کے دفتر پہنچ گیا اور ایک بنچ پر جا بیٹھا جہاں دیگر سائل بھی بیٹھے ہوئے تھے۔ علی حسین نے اسکی شکل سے اسے پہچان لیا کہ یہ تو میرے مرحوم دوست احمد علی کا بیٹا ہے اس نے فوراً اسے اپنے کمرے میں بلایا اور پوچھا ''کیا تم مصطفیٰ ہو؟ احمد علی کے بیٹے۔'' اٹھ کر محبت سے گلے لگایا اور دودھ میں شہد ملا کر پینے کو پیالہ پیش کیا جب لڑکا دودھ پی چکا تو اس نے پوچھا ''بیٹا کیسے آنا ہوا؟''

''کل میں نے اپنی ماں سے پوچھا کہ میرے ابو کے کون کون سے دوست تھے۔ سب سے پہلے امی نے آپ کا نام لیا میرے دل میں خواہش پیدا ہوئی کہ میں آپ سے ملکر کیوں نہ کچھ مشورہ کروں۔''

''ہاں! بیٹا بتاؤ کیا بات ہے؟''

''جی میں اپنے باپ کے نقش قدم پر چلنا چاہتا ہوں لیکن میرے پاس سرمایہ نہیں ہے۔''

خزانچی نے اسے خزانے میں سے چار سو روپے دیئے لیکن دستخط وغیرہ نہ کرائے اور تاکید کی۔ جیسے یہ رقم لے جا رہے ہو ویسے ہی چپ چاپ دے جانا کسی کو اس کی بھنک نہ پڑے لہذا مصطفیٰ چار سو روپے لے کر اپنی امی کے پاس واپس آ گیا اور ان میں سے ایک سو روپیہ نکالا اور کہا ''بیٹا ایک دیبا (ریشمی کپڑے کا نام) کی نیلے رنگ کی چادر ململ کی ریشمی دھاگے کی مرمری رنگ کی بازار سے خرید کر لے آؤ۔''

مصطفیٰ کی سلیقہ شعار ماں نے ایک ماہ کی محنت شاقہ سے اس چادر پر نہایت دلکش شکل کی بیل بوٹی بنائی اس پر موتی اور شیشے کی کھت لگائے ہوئے وغیرہ وغیرہ اور بیٹے کو چادر مکمل ہونے پر کہا ''اسے چاندنی چوک میں لے جاؤ اور اس چادر کو دیوار سے آویزاں کرنا تاکہ پیچھے سے یہ جنبش کرتی رہے۔''

بس پھر کیا تھا لوگ اس نادر شاہکار کو دیکھتے اور عش عش کر اٹھتے۔ ہر زاویہ سے نیا منظر دکھائی دیتا۔ ماں نے ہدایت کی تھی کہ چادر کو پانچ سو روپے سے کم فروخت نہ کرنا۔

گھوم پھر کر ایک سوداگر جس کا نام زمرد تھا اس طرف آن نکلا اور چادر دیکھ کر حیرت سے بیٹے کو کہنے لگا دوست اس چادر کی کیا قیمت ہے؟'' مصطفیٰ نے چادر دیوار سے اتارا اور لپیٹ کر اس کے ہاتھ میں تھما دی۔

''دوست قیمت تو تم نے بتائی ہی نہیں۔'' زمرد نے مصطفیٰ سے پوچھا۔

''قیمت تو آپ نے پہلے ادا کر دی۔''

''دوست وہ کیسے؟''

''آپ نے دوست کہہ کر پکارا کبھی دوست بھی علیحدہ ہوتے ہیں دوست ایسی چیز ہوتے ہیں جو کبھی علیحدہ نہیں کیے جا سکتے مثلاً گلاب کا عرق اور سونف کا عرق اگر ایک دفعہ ملا دیے جائیں تو علیحدہ نہیں کیے جا سکتے۔''

اس زمرد نامی سوداگر نے مصطفیٰ کو اپنا پتہ ایک کاغذ کے ٹکڑے پر لکھ دیا اور تاکید کی کہ اے دوست زندگی میں کسی وقت میں اگر تمہیں میری ضرورت پڑ جائے تو بلا تامل مجھے یاد کر لینا۔ مصطفیٰ گھر پہنچا تو ماں دروازے پر بیٹے کو آتا دیکھ کر بڑی خوش ہوئی کہ چلو اب تو چار سو روپے کا قرضہ بھی اتر جائے گا اور ایک سو روپیہ بھی بچ جائیگا۔ مصطفیٰ نے بجائے روپیوں کے وہ کاغذ کا ٹکڑا ماں کی گود میں رکھ

Marfat.com

یہ تو ماں! میں بڑی حیران ہوئی کہ اس پر پتہ تو امیر آدمی ہے کاش تم اس سے ہزار روپے مانگ لیتے تو وہ بلا کم و کاست دے دیتا۔

"نہیں ماں! میں نے اس سے کچھ طلب نہیں کیا اس نے مجھے دوست کہہ کر پکارا اور میں نے دوستی کا حق ادا کر دیا۔ اس سے چادر کی قیمت وصول نہ کی۔"

ماں نے بقیہ تین سو روپے میں سے پھر ایک سو روپے مصطفٰے کو دیئے تا کہ ایک اور چادر تیار کی جا سکے۔ مصطفٰے پھر چادر لے کر چاندنی چوک پہنچ گیا اور پہلے کی طرح تماشا لگا دیا۔ اس چادر کے جہاں دیگر مداح کھڑے تھے ان میں سے ایک محمد علی پٹھان چاندنی چوک میں ٹھہرے ہوئے آگے بڑھے اور کہا "دوست کچھ بیچنے کا مال ہے؟"

مصطفٰے نے چادر پیش کر کے پٹھان کے ہاتھ میں تھما دی۔

"خوب ہم نے قیمت پوچھا تو تم نے قیمت کی بجائے چادر میرے ہاتھ میں دے دیا"

"دوستی کی قیمت تو آپ نے پہلے ہی دوست کہہ کر ادا کر دی دوستوں سے معاوضہ نہیں لیا جاتا"

محمد علی پٹھان ایک بہت بڑا ٹھیکیدار تھا جس کے ماتحت پانچ سو مزدور پٹھان کام کرتے تھے اس نے بھی اپنے نام و پتہ کی چٹ مصطفٰے کو دی اور کہا بوقت ضرورت اسے یاد کرے۔"

مصطفٰے نے وہی پرانا طرز عمل بجائے رقم کے ایک اور پتہ ماں کی ہتھیلی پر رکھ دیا۔ تیسری مرتبہ پھر ماں نے دو صد روپے دے دیئے تاکہ مصطفٰے ایک پیچ رنگ کی دیدہ زیب چادر بنا سکے۔ جب چادر تیار ہوئی پھر وہی چاندنی چوک اور اسی طرز عمل کا اعادہ کیا۔ ایک مشہور جوہری جس کا نام خرم تھا شام کی سیر کرتے ہوئے چاندنی چوک میں گیا دیکھا تو بڑا اچھا مجمع لگا ہوا ہے۔ خان بہادر کی پہچان کر بولی دینے والے تھے۔ وہ وہاں پہنچ گیا اسے چادر بہت پسند آئی اور کہا:

"اے دوست اس چادر کی قیمت کیا ہے؟"

مصطفٰے نے پہلے جیسے طرز عمل سے چادر پیش کی اور جوہری کے حوالے کر دی لہذا مکالمہ کی تقلید میں اسکے نام و پتہ کی چٹ لے کر گھر آ گیا اور ماں کے ہاتھ میں رکھ دی۔ وہ تو دلی کا سب سے بڑا جوہری ہے۔ ماں نے آخری سو روپیہ بھی بیٹے کو دیکر بازار بھیجا کہ ایک رنگ برنگی دیدہ زیب چادر بنانے کی ترغیب دی جب چادر تیار ہوئی۔ پھر چاندنی چوک پھر وہی ہجوم برپا ہو گیا اب کے ہجوم سے ایک سپاہی وردی میں ملبوس اشتیاق نظروں سے چادر دیکھنے لگا جس کی ٹانگوں پر پٹیاں بندھی ہوئی تھیں بولا:

"دوست چادر کے کیا دام لو گے؟ بہت قیمتی معلوم ہوتی ہے مگر میں تو معمولی سپاہی ہوں میری قلیل تنخواہ صرف چھ روپے ماہوار ہے لیکن چادر بہت پسند آئی ہے۔ اے کاش میرے پاس چادر خریدنے کیلئے رقم ہوتی۔" مصطفٰے نے چادر اتار کر سپاہی کے ہاتھ میں تھما دی وہی دوستی کا عام طرز عمل۔

سپاہی نے کہا "میرا نام علی حیدر 9 نمبر وارڈ میں رہتا ہوں اور میری چٹھی کا نمبر 104 ہے۔ غریب ضرور ہوں تاہم ضرورت پڑنے پر جان نثار کرنے سے دریغ نہ کرونگا۔"

اب کسی نے خزانچی کی رپورٹ اعلیٰ حکام کو کر دی کہ اس نے خزانے سے چار سو روپے کا غبن کیا ہے انکوائری ہوئی رپورٹ سچ نکلی خزانچی گرفتار کر لیا گیا اور ساتھ ہی مصطفٰے کو بھی زیر حراست لے لیا گیا۔ اس زمانے میں حاکم وقت (بادشاہ) نے "امانت میں خیانت" کی سزا پھانسی تجویز کر دی ہوئی تھی چونکہ قومی خزانہ بھی ایک امانت ہے۔ ان دنوں جمعہ کے روز پھانسی کی سزا دینا قرار پائی۔ ابھی ایک دن باقی تھا مصطفٰے سے پوچھا گیا کہ تمہاری آخری خواہش کیا ہے؟ یہی سوال خزانچی سے کیا گیا تو اس نے کہا "جو آخری مصطفٰے کی ہے وہی میری خواہش ہوگی۔"

مصطفٰے نے خزانچی کو یوں تسلی دی کہ چار چار ہمارے دوست ہیں جو ہمیں ضرور سزا سے بچا لیں گے لہذا مصطفٰے نے کہا کہ مجھے سب سے پہلے میری والدہ سے ملایا جائے ازاں بعد چاروں دوستوں سے مرنے سے پہلے یہی میری خواہش ہے بادشاہ کے اہلکار سپاہی اسے حراست میں لئے اسکی والدہ کے پاس لے آئے۔ اس نے اپنی والدہ صاحبہ سے چاروں دوستوں کے نام و پتہ جات لئے پھر درجہ بدرجہ ان کو ملنے چلا۔

Marfat.com

سب سے پہلے اندھیری رات میں پولیس کی حراست میں وہ خزانچی کے ہمراہ اپنے کروڑ پتی دوست کے ہاں گیا۔ سپاہی اس طرز عمل پر بہت حیران ہوئے کہ اتنا امیر کبیر آدمی اور اس معمولی ملازم کا دوست! مصطفٰے نے دربان کو کہا "میں زمرد صاحب کا دوست ہوں اُن سے ملنا چاہتا ہوں۔ یہ چٹ اُنہوں نے مجھے خود دی تھی۔"

دربان اندر گیا زمرد صاحب باہر تشریف لائے کہ مصطفٰے اور خزانچی زیر حراست تلواروں کے سائے میں میری ملاقات کو آئے ہیں۔ آخر کیا آفت آن پڑی ہے۔ مصطفٰے نے تمام واقعہ سنایا میرے چچا خزانچی پر چار سو روپے کے غبن کا الزام ہے جو میں نے اس سے لیکر اپنی والدہ سے چار چادریں بنوائی تھیں۔ اُن چاروں میں سے ایک آپکے پاس بھی موجود ہے اور بقیہ تین چادریں بھی فروخت کرنے کی بجائے دوستوں کو بانٹ دیں۔ زمرد نے سب کو اندر بلایا خاطر تواضع کی سپاہیوں کو انعام و اکرام سے نوازا اور کہا "میرا دوست جس سے ملنا چاہے اسے ملا دیا جائے اور اس کو کوئی تکلیف نہ ہونے پائے کل ہم نے حاکم وقت سے ملنا ہے۔"

مصطفٰے نے کہا "مجھے محمد علی پٹھان تحصیلدار کے پاس لے چلو۔" جب یہ قافلہ وہاں پہنچا تو محمد علی سے ملاقات ہوئی محمد علی نے کہا "میرے پاس پانچ صد مزدور پٹھان موجود ہیں جنکے پاس خنجر اور گنڈاسے ہیں۔ میں اپنی اس فوج کے ساتھ حاکم وقت سے بات کرونگا۔" بڑی جرأت سے کہنے لگا "میں اور میرے آدمی زندہ ہیں تو تمہیں پھانسی نہ لگنے دینگے۔"

اب یہ لوگ جوہری کے پاس پہنچے اس نے مصطفٰے سے کہا "جو کل جس راہ سے حاکم وقت گزرے گا۔ میں ہیرے جواہرات کے انبار لگا دونگا کہ چار سو روپے کے عوض جو چرایا تھا میں تمہیں پھانسی نہیں لگنے دونگا تم میرے دوست ہو تم نے تو مجھے دوستی کے معنی سمجھائے ہیں۔"

سپاہی علی حیدر کے گھر پر پہنچے تو اس نے مصطفٰے کی داستان علیحدگی میں سنی اور کہا "میں سپاہی ہوں جان قربان کر دونگا سنو کہ تمہیں پھانسی کی سزا دینے والا حاکم میری تلوار سے موت کی وادی میں چلا گیا ہے۔"

تمام لوگوں کے دیکھتے ہی دیکھتے وہ تلوار ہاتھ میں لئے بھاگ نکلا۔ علی حیدر اس محل میں پہرہ دیتا تھا جس میں حاکم وقت رہائش پذیر تھا اسے محل میں گھومنے پھرنے کی آزادی تھی اور کوئی روک ٹوک کرنے کا مجاز نہ تھا۔ ہوا یوں کہ حاکم وقت حفظ ما تقدم کے تحت ایک ہی کمرے میں نہ سویا کرتا۔ بدقسمتی سے علی حیدر کو حاکم وقت کی خوابگاہ اس رات نہ مل سکی۔ صبح جمعہ کا دن تھا تمام شہر میں منادی کرائی جا رہی تھی۔ "شہر کے لوگو! آج بعد از نماز جمعہ چلے آؤ دیکھو کہ عبرت حاصل کرو کہ شاہی خزانے میں غبن اور خرد برد کرنے والوں کا کیا حشر ہوتا ہے۔"

جس راستے سے حاکم وقت کا گزر ہونا تھا اس راستے پر کروڑ پتی نے دولت کے انبار لگا دیئے۔ جوہری نے ہیرے جواہرات کا ڈھیر لگایا اور محمد علی پٹھان تحصیلدار اپنے پانچ سو ملازموں کا دستہ لئے ایک سفید رنگ کا جھنڈا پکڑے کھڑا تھا جبکہ سپاہی علی حیدر تلوار میان سے باہر نکالے ہوئے ایک سبز اونچی جگہ پر کھڑا ہوا گھما رہا تھا۔

حاکم وقت مخصوص راستے سے ہوتا ہوا ان لوگوں کے پاس پہنچا تو کروڑ پتی اور جوہری کو دیکھ کر حیرت زدہ ہو گیا کہ میری سلطنت کے اتنے بڑے آدمی روپوں اور جواہرات کے ڈھیر لگائے ہوئے آخر معاملہ کیا ہے؟ ادھر پانچ صد پٹھانوں کا دستہ تعظیم کے لئے کھڑا اور میرے ہی محل کا محافظ تلوار گھما رہا ہے۔ معمولی آدمیوں کی پھانسی کا معاملہ ہے یہ کیا ہو رہا ہے۔ سب واپس آ گئے جب وجہ دریافت کی تو آگاہی ہوئی کروڑ پتی نے کہا کہ مصطفٰے قول کا پکا ہے۔ محمد علی پٹھان نے کہا مصطفٰے اور اس کے چچا کی پھانسی کا منظر نہیں دیکھ سکتے۔ پہلے مجھے اور ان کے بعد پانچ صد ملازموں کو پھانسی دی جائے۔ سپاہی نے کہا "اے حاکم وقت پھانسی کا اشارہ دو پھر میرا کام دیکھنا میں پلک جھپکتے ہی میں پیچھے چھلانگ لگا کر آپ کی گردن اڑا دونگا۔"

اب کیا تھا حاکم وقت نے کہا "میں بھی ایک شرط پر انہیں باعزت بری کرتا ہوں مگر اب مجھے بھی اپنا دوست بنا لو چونکہ ایسے دوست تو میں نے کبھی دیکھے نہ سنے دوستی کا حق ادا کرنے کے عمل نے مجھے ورطہ حیرت میں ڈال دیا ہے۔ مصطفٰے نے کیسے یہ سب دوست کمائے ہیں۔"

سب نے یک زبان ہو کر کہا "یہ کام نہایت مشکل ہے بادشاہ سلامت دوستی کا حق نبھانا بہت مشکل ہوتا ہے جبکہ دوست بنانا

Marfat.com

بہت آسان ہے۔"

بادشاہ نے کہا: "میں آپ لوگوں کی دوستی پر پورا اتروں گا۔" بادشاہ نے آگے بڑھ کر مصطفےٰ کو گلے لگایا اور کہا، "مجھے بھی اپنے دوستوں میں پاؤ گے۔"

چنانچہ میدان دعوت میں تبدیل ہو گیا اور بادشاہ نے اعلان کیا کھانا کھائے بغیر کوئی نہ جائے گا بادشاہ کے حق میں نعرے لگائے گئے اور دوستوں کی دوستی کی سلامتی کے بھی نعرے لگے۔ ایک روز اتفاق سے بادشاہ، جوہری، کروڑ پتی، ٹھیکیدار، سپاہی مصطفےٰ اور فرانچی تمام کے تمام ایک پانی کے تالاب میں نہا رہے تھے اور شور شرابا مچا رکھا تھا ہنسی مذاق میں بے تکلفی سے چھینٹے مارے جا رہے تھے جیسے جیسے وہ نہا نہا کے بعد تالاب سے نکلتے گئے ایک دوسرے کے لباس پہنتے گئے آخر دوست جوہمراہ تھے بادشاہ آخر میں باہر نکلا تو جوہری نے اس کا لباس زیب تن کیا ہوا تھا جونہی بادشاہ نے اپنے لباس میں جوہری کو ملبوس پایا تھوڑا مسکرایا اور پھر گویا ہوا:

"یہ لباس تو میرا ہے۔"

سب یک زبان ہو کر بولے، "اے شہنشاہ، اس وقت دوستی میں یہ میرا تیرا کچھ معنی دارد اس لئے آج سے ہم سب آپ کو حاکم نہیں سمجھتے بلکہ دوست کہیں گے۔"

قصہ ایک پاکباز عورت کا

شہر میں ایک سوداگر علی بن عبداللہ رہا کرتا جس کا کاروبار دن دگنی رات چوگنی ترقی کرتا گیا۔ دولت کے انبار لگ گئے لیکن اولاد جیسی نعمت سے محروم۔ دونوں میاں بیوی میں مثالی پیار تھا۔ اولاد نہ ہونے کے باوجود خوش و خرم زندگی سے ہمکنار رہتے۔ علی بن عبداللہ کا یقین کامل تھا کہ جو کچھ اللہ پاک کی ذات نے اسے دیا ہے اس میں اسکی بیوی کی دعاؤں کا بڑا ہاتھ ہے۔ دونوں میاں بیوی نے علاج معالجہ کروایا لیکن بے سود ثابت ہوا۔

بیوی نے اپنے خاوند کو مجبور کیا کہ وہ دوسری شادی پر آمادہ ہو جائے تا کہ اگر اسکی کوکھ سے اسے کوئی اولاد نہیں مل سکتی تو شاید دوسری عورت کی وہ ہری ہو جائے اور اپنی سوکن کے بچوں کو اپنے پیارے بچے جان کر پرورش کرے گی۔

علی بن عبداللہ اس کی پرخلوص باتوں سے متاثر تو ضرور ہوتا لیکن بیوی سے لازوال محبت کے پیش نظر اس کی تضحیک کے تصور سے کانپ جاتا اور اس نے اپنی بیوی کو حتمی فیصلہ سنا دیا کہ اگر اللہ تبارک تعالیٰ کی ذات بابرکات کو منظور ہوا تو اس کے بطن سے ہی اولاد ہوگی بصورت دیگر وہ ایسے ہی زندگی بسر کر لے گا۔

ایک دن دونوں میاں بیوی امام رضا عالی مقام کے روضے پر حاضری دینے گئے وہاں ہاتھ اٹھا کر دعا مانگی کہ اے امام عالی مقام آپ اللہ تعالیٰ سے بہت قریب ہیں ہمارے لئے سفارش کریں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اولاد کی نعمت سے نوازے۔ علی بن عبداللہ یہ دعا بڑے خشوع و خضوع سے کر رہے تھے جبکہ بیوی ساتھ کھڑی زاروقطار رو رہی تھی۔ دعا مستجاب ہوئی اور کوئی سال بھر کی مدت کے بعد اللہ تعالیٰ نے انہیں چاند سا بیٹا عطا کیا پھر دوسرے سال ایک اور بیٹا ودیعت ہوا انہوں نے اللہ کی راہ میں بہت صدقہ خیرات کیا اور دوستوں کو دعوتیں دی گئیں۔

بڑا بیٹا خرم جوان ہو گیا تو ماں نے ایک گزرتے قافلے میں سے ایک لڑکی جو چندمہتاب تھی پسند کر لی اور اسی چاند جیسی صورت سے اپنے بیٹے خرم کی شادی کر دی۔ شادی سے کچھ عرصہ بعد ہی ماں اللہ کو پیاری ہوگئی باپ بھی ضعیف العمر تھا اور چلنے پھرنے سے قاصر ہو چکا تھا۔ اس نے اپنے بڑے بیٹے کو اپنے پاس بلایا اور وصیت کی: "تمہارا چھوٹا بھائی نسبتاً لاابالی طبیعت کا مالک ہے صاف دل سے کام لیتا ہے تو وہ اچھی سوسائٹی میں نہیں رہتا۔ میں نے سمجھانے کی کوشش بسیار کر ڈالی مگر وہ راہ راست پر نہیں آ رہا میرے مرنے کے بعد اس کا خیال رکھنا تم بڑے بھائی ہو اسے باپ کی شفقت دینا اور دوسری بات بہت اہم ہے۔ وہ یہ کہ میں نے حج بیت اللہ کی بیت سے کچھ نقدی رکھی ہے اور موتی بڑے کمرے میں جہاں تم سوتے ہو اس کے دائیں کونے میں دفن ہے میں اب حج کی سعادت کے قابل نہیں اگر وقت ملے تو میرا حج کرنا۔" یہ دونوں باتیں وصیت کر کے جہان فانی سے رخصت ہو گیا۔

Marfat.com

سال کے اندر ہی ایک قافلہ حج کو جانے کیلئے تیار ہوا تو بڑے بھائی نے چھوٹے بھائی سے بات کی۔ نیت کا تذکرہ سن کر چھوٹے بھائی نے اپنے بڑے بھائی خرم سے کہا: "بھائی جان آپ بے فکری سے مناسک حج کی ادائیگی کیلئے روانہ ہو جائیں میں سارے گھر کا خیال رکھونگا بھابھی کو کوئی تکلیف نہ ہونے دونگا اور ہر طرح سے ان کی ضروریات پوری کرونگا۔"

"مجھے تم سے یہی توقع ہے۔" بڑے بھائی نے کہا۔

کچھ دنوں بعد قافلہ حج بیت اللہ کے سفر کو روانہ ہو گیا کوئی دس دنوں بعد ہی چھوٹے بھائی نے اپنے یاروں سے مشورے کے بعد یہ افواہ پھیلا دی کہ حج پر جانے والا قافلہ راستے میں لوٹ لیا گیا ہے۔ رہزنوں نے کوئی مرد زندہ نہیں چھوڑا سارا مال متاع لوٹ لیا ہے اور عورتوں کو بھی لے بھاگے ہیں۔ یہ خبر اس نے بالخصوص اپنی بھابھی (بڑے بھائی کی بیوی) کو نہایت دل گرفتہ لہجے میں سنائی اور مکاری سے اپنے بھائی کی بیوی کے پاس بیٹھا آہ وزاری کا ڈرامہ رچایا۔ اس اللہ کی نیک بندی نے اپنے دیور سے کہا "اس افواہ سے متعلق جھوٹی بات پر یقین نہیں کر سکتی میں تو ہر روز اپنے خاوند کے قافلہ کو رواں دواں دیکھ رہی ہوں سب قافلہ خیر و عافیت سے ہے انشاء اللہ تمہارا بھائی حج کی سعادت کے بعد جلد لوٹ آئیگا۔ چھوٹے بھائی کی نیت میں فتور تھا اس نے مذموم ارادے سے مغلوب ہو کر بھابھی کی کلائی پکڑلی اور کہا، "دیکھو اب میرے سوا تمہارا اس دنیا میں کوئی نہیں تم مجھے قبول کرلو۔"

بھابھی نے اسے جھڑک کر نہایت کڑے لہجے میں سرزنش کی اور اپنی کلائی چھڑائی اور کہا "تمہارا بھائی واپس آ جائے تو میں تمہاری ان شیطانی حرکات کے بارے میں ضرور بتاؤنگی تمہیں غیرت نہ آئی اپنے بھائی کی عزت و ناموس پر ہاتھ ڈالتے ہوئے۔"

وہ پندونصائح کو پس پشت ڈال کر دست درازی پر اتر آیا اسے سینے سے لگانے کی قابل مذمت اور شرمناک کوشش کی مگر شیطان سوار تھا نیک نیت عورت نے بھاگ کر اپنی عصمت اور جان بچائی اور کہا "میں شور مچا کر اہل محلہ والوں کو اکٹھا کر لونگی دیکھو آگے نہ بڑھنا ورنہ میں اپنی جان دیدونگی۔" اس دھینگا مشتی میں جب اسے غیر اخلاقی عزائم میں ناکامی ہوئی اور وہ درندہ صفت اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہ ہو سکا تو نہایت مشتعل انداز میں اپنے شیطانی گروہ میں آیا اور اپنے آوارہ دوستوں سے کہا "اب تو [illegible] میری تو چھٹی ہو گئی اب بھابھی مجھے دھمکیاں دے رہی ہے۔ اب میرے لئے کیا لائحہ عمل اور حربہ رہ گیا ہے اگر بھائی واپس آ گیا تو میری خیریت نہیں۔"

ایک دوست نے مشورہ دیا "ایک درخواست قاضی شہر کے نام لکھو کہ میرے بھائی صاحب کی حج بیت اللہ کیلئے روانگی کے بعد ہی میری بھابھی نے ہمارے گھر کے اندر فحاشی کا اڈہ کھول لیا ہے طرح طرح کے لوگ داد عیش دینے کیلئے رات کو آنے لگے ہیں جبکہ میں اور میرا بھائی عزت دار آدمی ہیں اور یہ صورت حال ناقابل برداشت ہے۔"

سب دوستوں (گرگوں) نے اس تجویز پر آمین کی اور اس نابکار کو تسلی دی کہ ہم سب اس ضمن میں گواہی دینے جائیں گے ہم اس سونے کی چڑیا کی طرف سے کوئی گواہ اور صفائی پیش کرنے والا نہیں ہوگا تو اسے ضرور سزا ملیگی۔ تمہارے بھائی کی واپسی سے پہلے ہی یہ عورت یہاں سے کوچ کر چکی ہوگی۔ صرف اور صرف یہی صورت ہے کہ اس گھر سے یہ اب نکل جائے چنانچہ اس بدفطرت نے ایک درخواست لکھی اس پر شیطان صفت ساتھیوں کے دستخط کروائے اور قاضی شہر کے پیش ہو کے ہاتھ میں تھما دی۔ [illegible] جب قاضی نے درخواست پڑھی تو غضبناک ہو کر احتجاج کیا "شہر میں فحاشی کا اڈہ اور انتظامیہ خاموش تماشائی اور بے خبر فوراً مدعی اور مدعا علیہ کو پیش کیا جائے۔" باقاعدہ مقدمہ کی کاروائی عمل میں لائی گئی اور اس کے اوباش یاروں نے اس نام نہاد واقعہ کی بطور گواہان شہادت پیش کر دی۔ ایک نے کہا "اس عورت نے مجھے دعوت گناہ دی کہ وہ بلا تامل اندر آ جائے حالانکہ میں اپنے دوست سے ملنے وہاں گیا تھا۔ میں حیران تھا کہ یہ بدکار عورت اپنے خاوند کی غیر موجودگی میں بدکاری کی مرتکب ہو رہی ہے۔" جبکہ دیگر اوباشوں نے بھی تائید کی کہ انہوں نے اپنی گنہگار آنکھوں سے غیر مردوں کو اس کے گھر آتے جاتے دیکھا ہے۔

اس بدنصیب اور نیک طینت عورت و صفائی کے گواہوں کیلئے کہا گیا تو اس بیچاری بے گناہ کا کوئی جاننے والا اور رشتہ دار موجود نہ تھا اس نے نہایت بے بسی سے گریہ زاری شروع کر دی اور نہایت رقت انگیز لہجہ میں عرض کی کہ وہ پاک باز عورت ہے اور یہ سارا کیا دھرا اس کے بدقماش دیور کا ہے۔ وہ بدنیتی سے اس کو ہم آغوش کرنے کے درپے تھا مگر اس کے شرمناک ارادوں کی وجہ سے

Marfat.com

سرزنش کرنے پر مجبور ہوگئی۔ اب اس خوف سے کہ اُس کا بھائی حج سے واپس آنے پر اُسکی تکا بوٹی کر دیگا لہذا اس بد بخت نے اپنے اوباش اور شیطان صفت دوستوں سے باہمی صلاح مشورہ سے میرے خلاف بیہودگی کا جال پھیلایا ہے وہ نیک خاتون اپنے بیان کے علاوہ کوئی صفائی کا گواہ پیش نہ کر سکی۔ قاضی نے محلہ سے دو چار آدمی مزید بلا بھیجے۔ وہ آدمی بھی اُن اوباشوں کے ساتھی تھے۔ انہوں نے اپنے گواہوں کو ہاتھ لگایا اور کہا ''تو بہ! اس بدکار عورت نے تو حد کر دی یہ تو روزانہ نیا مرد اپنے بستر پر لے آنے کی علت میں گرفتار ہے۔''

ان بیانات کی روشنی میں قاضی نے اس بدنصیب اور پاکباز عورت کو سنگسار کرنے کا حکم صادر کر دیا لہذا جنگل میں اُسے لے جایا گیا اور ہر ایک نے بار باری اس بے گناہ اور نیک طینت عورت پر پتھر مارا لیکن مالک حقیقی کی حکمت اور رضا مختلف تھی۔ جب طبیب نے بڑھ کر اسکی نبض دیکھی تو اعلان کیا کہ عورت مر چکی ہے مزید پتھر نہ برسائے جائیں کل اس وقت اس کو دفن کر دیا جائے۔ قبرستان لے جانے کی بجائے اس بدطینت عورت کو اسی جنگل کے ایک کونے میں دفن کر دیا جائے دیور اور اُس کے اوباش ساتھیوں نے تو اس غرض سے یہ کاروائی کا ارتکاب کیا تھا کہ شاید قاضی شہر اسے شہر بدر کر دے گا لیکن اس بھیانک انجام کی اُنہیں توقع ہرگز نہ تھی سب کے ضمیر انہیں طعن ملامت کر رہے تھے وہ ایک دوسرے سے آنکھیں ملانے سے قاصر تھے۔

اگلی رات کے قریب وہاں سے ایک قافلے کا گزر ہوا جنہوں نے نہایت نحیف آواز میں ایک عورت کو پانی مانگتے سنا۔ میر کارواں نے رکنے کا حکم دیا اور چند غلاموں کی معیت میں وہاں پہنچا اور ایک عورت کو پتھروں میں وہاں پایا۔ چہرہ اُس کا زخمی تھا لیکن پتھروں کے ڈھیر سے باہر تھا جب قافلے والوں نے پتھر ہٹائے تو تمام بدن زخموں سے چور چور تھا۔ اُسے پانی پلایا اور ایک اونٹ کے پودے میں آرام سے لٹا دیا اور قافلہ اپنی منزل کی طرف رواں دواں ہو گیا۔ صبح کاذب کو وہ کہیں ستانے کیلئے رکے مضروبہ عورت کے تمام زخم قافلے کی عورتوں نے دھوئے مرہم پٹی کی اور تھوڑی دیر آرام کرنے کے بعد پھر عازم سفر ہوئے۔ چند روز کے بعد قافلہ منزل مقصود پر پہنچ گیا۔ میر کارواں نے اس بدنصیب عورت کی روئیداد دلخراش سنی اور اُس دردمند انسان کا دل پکار پکار کر زخمی عورت کی کہانی کی تائید کرتا جا رہا تھا کہ یہ نیک طینت عورت سچ بول رہی ہے۔ اس کو اللہ تعالیٰ نے ایسے اوصاف حمیدہ اور حسن سے نوازا تھا کہ مسلمان بھی کافر ہو جائے۔ اس ستم رسیدہ عورت سے کہا ''اب تم محفوظ ہاتھوں میں ہو یہاں تمہیں کسی قسم کی تکلیف نہ ہوگی میرا ایک ہی بچہ ہے اسکی دیکھ بھال اب تمہاری ذمہ داری ہے اگر کسی چیز کی ضرورت ہو تو بلا تکلف مانگ لینا تم لونڈی کی حیثیت سے نہیں بلکہ ایک آزاد فرد کی حیثیت سے رہو گی۔''

میر کارواں کا ایک حبشی غلام اس پر فریفتہ ہو گیا اور اُس مظلوم عورت سے کہنے لگا ''میرے ساتھ شادی کر لو دونوں کی گزر بسر بہترین طریقہ سے ہوگی۔''

عورت نے کہا ''یہ خیال دل سے نکال دو چونکہ میں شادی شدہ ہوں اور خاوند بقید حیات ہے تقدیر کا کھیل ہے کہ وہ آج کل حج پر ہے۔ اب اس دنیا میں میرا کوئی ٹھکانہ نہیں ہے اس لئے کسی ناخوشگوار حرکت سے باز رہو۔''

حبشی نے اس کو دلیل دی کہ یہ کیا بات ہوئی کہ اُس کا خاوند زندہ ہے جبکہ ایک عرصہ سے اُسے خاوند کی کوئی اطلاع نہیں ملی تو ایسی صورت میں تمہارا نکاح میرے ساتھ جائز ہے۔ ایک دن جب وہ دکھیاری عورت قریبی جھاڑیوں میں رفع حاجت کیلئے گئی ہوئی تھی تو حبشی نے اس سے دست درازی کرنا چاہی لیکن وہ قطعی راغب نہ ہوئی اور بھاگ کر خیمہ میں آ گئی حبشی غلام بھی اُس کے پیچھے ہی آن پہنچا اور اس عورت سے کہا ''تم نے میری بات نہ مان کر اچھا نہیں کیا اب انکار کے انجام کو دیکھو۔''

ایک رات وہ امیر کے خیمہ میں دبے پاؤں ایک خنجر لئے داخل ہو گیا سب سو رہے تھے لہذا اُس ظالم حبشی نے میر کے بچے کا ایک ہی وار میں کام تمام کیا۔ گلا کاٹ دیا۔

دوسرے دن اس ظالمانہ وقوعہ سے فضا سوگوار ہوئی اور اس دلخراش سانحہ پر امیر اور اُسکی بیوی رو رو کر غم سے نڈھال ہو رہے تھے۔ سارا خیمہ اس اکلوتے بیٹے کے والدین کے غم میں شریک تھا ہر کوئی انتقامی کاروائی کا متقاضی تھا اس معصوم مقتول کا بدلہ لینے کی ترغیب دے رہا تھا اور قاتل کی تلاش سرگرمی سے جاری ہوئی۔

حبشی غلام نے پہلے سے ہی مالکن کو اُس ستم رسیدہ عورت کے خلاف بھڑکایا اور ورغلایا ہوا تھا۔ مالکن اُس مظلوم اور نہایت

Marfat.com

حسین عورت سے حسد کرتی۔ اُسے اندیشہ لاحق ہو چکا تھا کہ مبادا اُس کا خاوند اُسے نکاح میں نہ لے آئے۔ وہ اس غم میں گھلی جا رہی تھی کہ اس حسین عورت کے تعلقات استوار ہو چکے ہیں اور اس کی شہ پر ہی حبشی غلام نے اس نازنین سے مراسم بڑھانے کی کوشش کی ہوگی۔ حبشی نے مالکن کو آگاہ کیا کہ اُسے قاتل کا بخوبی علم ہے کسی ایک بہی خواہ عزیز نے ترغیب دی کہ ہر خیمہ کی تلاشی لی جائے ممکن ہے آلۂ قتل برآمد ہو جائے۔ اب جب اس ستم رسیدہ عورت کے خیمہ کی تلاشی لی گئی تو آلۂ قتل برآمد ہو گیا۔ یہ کام حبشی نے بدنیتی سے کیا اور خنجر اس بے سہارا عورت کے تکیے کے نیچے رکھ دیا۔ پھر کیا تھا سارے قافلے نے سزا دینے کی تجویز پیش کر دی چونکہ میر کارواں کا بیٹا قتل ہو چکا تھا اور وہ اس حقیقت سے واقف تھا کہ یہ قتل اس عورت نے ہرگز نہیں کیا البتہ اس عورت کو بلاوجہ موردِ الزام ٹھہرایا جا رہا ہے اور اس بیچاری سے سر تھوپنے کی سازش کی جا رہی ہے۔ ہر چند اُس کی بیوی نے اپنے بیٹے کے خون کی سزا اس عورت کو دلوانی چاہی مگر اس دانشمند میر کارواں نے صرف یہ کیا کہ دیگر قافلے والوں اور بیوی کے اصرار پر اُسے اپنے ہاں مزید ٹھہرنے کی اجازت نہ دی۔ یہ ممکن تھا اس نے ... والوں کے بہکانے پر کیا ہو ورنہ اس نے دلیل دی کہ ایک ہی وارث بچہ کا قاتل اس عورت کا ممکن نہیں۔ پھر آلۂ قتل اپنے سرہانے نیچے رکھنا ثبوت کے طور پر کہاں کی دانشمندی ہے۔ یہ کارروائی کسی اور نے کی ہے لہٰذا شک کی بنا پر وہ اس عورت کو ساتھ نہیں رکھ سکتا۔

میر کارواں نے اُس مظلوم عورت کو بلایا اور کہا، "میں جانتا ہوں کہ میرے بیٹے کا قتل تمہارے ہاتھوں نہیں ہوا۔"

عورت نے جواباً بتایا کہ "میں تو اُسے ماں سے بڑھ کر پیار کرتی تھی کیونکہ آپ میرے محسن ہیں۔ جہاں بے سہارا عورت تھی آپ نے مجھ مظلوم کو دوبارہ زندگی سے ہمکنار کیا لہٰذا میرے پاس اس معصوم کو بے دردی سے قتل کرنے کا کیا جواز ہے؟"

میر کارواں نے کہا، "میں سمجھتا ہوں کہ اب شہر نزدیک ہے وہاں چلی جاؤ محنت مزدوری کر کے اپنا پیٹ پالو۔ یہ زادِ راہ لیتی جاؤ۔ یہ رقم ہے اسے بھی دے رہا ہوں کہ مصیبت کے وقت تمہارے کام آئے۔"

وہ شہر میں رہائش مکان ڈھونڈنے میں سرگرداں تھی کہ اس ستم رسیدہ عورت نے دیکھا کہ چند سپاہی ایک ادھیڑ عمر کے شخص کو گرفتار کرتے چلے آ رہے ہیں۔ چند افراد کے دریافت کرنے پر پتہ چلا یہ گاؤں کا مکھیا ہے حکومت کا مالیہ جو اس نے کسانوں سے وصول کر رکھا تھا ہضم کر گیا ہے جس کی پاداش میں جیل میں بند کرنے کیلئے لے جایا جا رہا ہے۔ ہاں اگر کوئی اس کے بدلے میں حکومت کو رقم ادا کر دے تو رہا کیا جا سکتا ہے۔

اس دیارِ غیر میں بے سہارا نیک طینت عورت نے معلوم کرنا چاہا کہ اس کے ذمہ کتنی رقم واجب الادا ہے تو پتہ چلا کہ چار سو اشرفیاں۔ اس عورت نے بلا تامل مطلوبہ رقم خود سے حکومت کے اہلکاروں کو دے دی اور وہ ستم رسیدہ شخص رہا کر دیا گیا۔ وہ بہت ممنون ہو کر کہنے لگا، "تم میری حقیقی بیٹی ہو جس نے مجھ پر احسان کیا ہے جبکہ میرے حقیقی بیٹے اپنے مصیبت زدہ باپ کا ساتھ چھوڑ گئے تم نے میری مدد کی۔" لہٰذا وہ باپ بیٹی کی حیثیت سے اکٹھے رہنے لگے۔

دن گزر رہے تھے کہ شہر میں منادی کرا دی گئی کہ کوئی شخص اپنی جان کے صلے میں 5000 اشرفیاں لے لے۔ دراصل جہاز سمندر کی ہواؤں سے بہہ کر ریت میں دھنس گیا ہے ایک نجومی نے کہا ہے کہ جب تک ایک انسان کی قربانی اور خون جہاز کے آگے نہیں بہایا جائیگا جہاز نہیں نکل سکیگا۔

نمبردار (مکھیا) نے جب 5000 اشرفیوں کے حصول کو ممکن پایا تو لالچ کے زیر اثر اسے خیال آیا کہ میں اس لڑکی کو کہاں تک کھلاؤں پلاؤں گا یہ تو اب ممکن نہیں کیوں نہ اسے فروخت کر دیا جائے لہٰذا دھوکے سے اپنی منہ بولی بیٹی کو جہاز پر لے گیا اور تاجروں سے 5000 اشرفیاں وصول کر کے ان کے ہاتھ فروخت کر دیا۔ جب اس ستم رسیدہ عورت پر انکشاف ہوا تو خدا سے شکوہ کناں ہوئی "یہ کہاں کا انصاف ہے کہ جس شخص پر اس نے احسان کیا ہو وہ بدی میں بدلہ دے۔" بہرحال جب معلوم ہوا کہ اسے صبح کے وقت بھینٹ چڑھایا جائیگا تاکہ پھنسا ہوا جہاز ریت سے نکل سکے عورت ذہین اور سمجھدار تھی اس نے کہا، "آپ سب کا مقصد جہاز کو ریت سے باہر نکالنا ہے یہ کام میری جان لئے بغیر بھی ممکن ہے۔" یہ سن کر سب ورطۂ حیرت میں ڈوب گئے کہ یہ کس طرح ممکن ہے؟

دوسری صبح قربانی کے وقت اس نے جہاز کے کپتان سے ایک تیز دھار خنجر طلب کیا اور اپنی ایک انگلی پر چیرا کر چند قطرے خون کے جہاز کے آگے ٹپکائے۔ پھر کیا تھا قدرت کاملہ نے آندھی چلا دی اور ایک جھٹکے سے جہاز ریت سے باہر نکل گیا اور سمندری

Marfat.com

پاؤں میں ٹپکوائے جانے کا سب انگشت بدنداں رہ گئے کہ یہ کیسے ممکن ہو گیا کہ اس عورت کی جان بھی بچ گئی اور چند قطرے خون کے بدلے میں جہاز سمندر میں رواں دواں ہو گیا۔ جہاز کے کپتان نے فیصلہ کیا کہ اس عورت کو ساتھ ہی لے چلیں۔ کہیں دیگر موقع پر بھی جہاز پھنس سکتا ہے۔ اس شخص نے تو رقم وصول کر لی ہے لہذا عورت پر کوئی استحقاق نہ رہا ہے۔

جہاز بندرگاہ سے ضروری سامان لے چکنے کے بعد سمندر میں رواں دواں ہو گیا دو چار دن بعد جب کپتان نے حسین عورت کا چہرہ غور سے دیکھا تو دنگ رہ گیا کہ اتنی حسین عورت جو اس کی زرخرید ہے۔ ہر طرح کا حق اس پر ہے لہذا اس نے حکم دیا کہ آج رات اس کے بستر کی زینت بنے اور پہلو گرم کرے۔ جس پر اس حسین اور ستم رسیدہ عورت نے قطعی انکار کر دیا۔ وہ بدبخت کپتان انکار سن کر آگ بگولہ ہو گیا اور آگے بڑھ کر اس مظلوم عورت کے سر سے چادر کھینچ کر اتار دی اور بے بس عورت کو سینے سے لگا لیا۔ کہاں ایک مصیبت زدہ عورت اور کہاں ایک تنومند جوان کپتان پھر اس نے بغل پھاڑ ڈالی اور جب اس درندہ صفت کپتان نے سرخ و سفید چھاتیوں پر نگاہ کی تو شہوت کی فراوانی سے پاگل ہو کر دست درازی پر اتر آیا تو اس پاکباز اور دانشمند عورت نے نہایت حکمت عملی سے کہا کہ وہ آرام سے رہے اور پاگل نہ بنے وہ اس کی بات مان لے گی اور ہر طرح سے ہمیشہ اس کی خوشنودی کیلئے تصرف میں رہیگی۔ شرط صرف یہ ہے کہ عمل سے پہلے غسل کی اجازت دے لہذا اس خوش فہمی میں کپتان یہ شرط مان گیا کہ اچھا ہے اس حسین عورت کی رضا مندی سے یہ عمل لطف اندوزی کا سبب بنے گا۔

اس عورت نے غسل کی نیت کی اور نفل تو نہ پڑھ سکی بلکہ باری تعالیٰ کے حضور دعا گو ہوئی "یا الٰہی اب اس بے بسی کے عالم میں میری عزت و ناموس خطرے میں ہے اگر اب تو نے میری عزت نہ بچائی تو میں تمہیں خدا ماننے سے انکار کر دوں گی اور ساری دنیا میں تیرے خلاف پرچار کرتی رہوں گی۔"

خدا تعالیٰ کی رحمت جلال میں آ گئی اتنی شدت سے سمندر میں طوفان آیا کہ جہاز تلاطم خیز موجوں میں کھلونے کی طرح ڈولنے لگا اور جہاز ران کوشش بسیار کے باوجود جہاز کو سنبھالتے ہوئے سمندر کی لہروں کی نذر ہو گئے۔ جب جہاز میں چند سوراخ ہوئے تو باقی سب پانی میں ڈوب مرے البتہ ایک یہی عورت اکیلی بچ گئی اب قدرت خداوندی دیکھیے کہ ایسے رخ کی ہوا چلی کہ جہاز سمندر کے کنارے لگ گیا۔ زندگی کے تلخ تجربات کی بنا پر حسین عورت نے تدبر سے مردانہ لباس میں پوشیدہ رہنے میں عافیت خیال کی۔ سر پر پگڑی جیسے پٹکا باندھ لیا اور نقاب سے آدھا چہرہ مردانہ انداز میں ڈھانپ لیا۔

جہاز کنارے لگا تو عوام الناس نے دیکھا کہ اس قدر طوفان سے ایک اکیلا عربی النسل "جوان" جہاز کو بچا کر یہاں تک لے آیا۔ وہ دنگ رہ گئے لوگ اس قدر مرعوب ہوئے کہ یہ خبر جنگل کی آگ کی طرح سارے شہر میں پھیل گئی شہر کا حاکم بہ نفس نفیس بھاگا چلا آیا اس نے عربی جوان کی مہارت اور بہادری پر ہاتھ ملایا تعریف کی اور پوچھا "اے جوان بتاؤ کہ تمہارے پاس تجارت کی کون کون سی اشیاء ہیں؟"

مردانہ روپ میں اس عورت کو کیا خبر کہ جہاز میں کیا کچھ ہے اور مہارت کے سوال پر وہ کوئی معقول جواب نہ دے سکی۔ البتہ تدبر سے کہا کہ جہاز میں نہایت قیمتی سامان موجود ہے جبکہ میں طوفان میں گھرے جہاز کو چلاتے چلاتے تھک گیا ہوں لہذا جہاز بمعہ سامان آپ کی نذر کرتا ہوں۔ چونکہ میں اب تجارت کے پیشہ سے ہی دست کش ہو چکا ہوں اور دراصل پیشہ کے لحاظ سے حکیم ہوں تجارت کا پیشہ مجھے راس نہ آیا اور نہ ہی سمندر کی لہروں سے کھیلنا چاہتا ہوں۔ اگر مجھے ایک ہسپتال شہر میں بنوا دیا جائے تو مناسب ہے کہ بقیہ زندگی عوام الناس کی خدمت، لاغر اور معذور انسانوں کی فلاح اور علاج معالجہ میں بسر کروں۔

حاکم کو کیا چاہیے تھا ایک تو جہاز کا قیمتی سامان اور پھر جہاز مفت میں ہاتھ آ رہا تھا علاوہ ازیں ایک حکیم کی مفت خدمات۔ اس نے بلا تامل حامی بھر لی اور ایک شاندار ہسپتال نہایت سرعت سے تعمیر کروا دیا۔

اس عربی النسل کے بھیس میں مدبر اور ستم رسیدہ عورت نے بذریعہ انٹرویو چند حکماء اور دیگر سٹاف کو ہسپتال چلانے پر مامور کر دیا۔ اب کیا تھا سارے گردونواح کے علاقہ جات میں اس ہسپتال کی دھوم مچ گئی۔ اس سے پہلے جہاں کوئی علاج معالجہ کا انتظام نہ تھا وہاں مریضوں کو علاج معالجہ کی سہولیات میسر ہو گئیں۔ خاص اور پیچیدہ بیماریوں کا علاج بڑے "حکیم صاحب" (وہ عورت) خود کیا

Marfat.com

کرتے۔ اُن کے پاس عجیب وغریب مریض مثلاً جن کو زہر، تپ دق، اور تشنج وغیرہ لاحق ہوتا، آتے تو ان کے ہاتھوں شفایاب ہوتے

یہ مرد کے بھیس میں عورت ہمیشہ خدا تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا کرتی "مریضوں کو جو بھی دوا دی جائے تو ہی شفا دینے والا ہے میری عزت اور بھرم بحال رہے اور میں تیرے کرم کی دعا کرتی ہوں۔" اس دعا کے دوران مریضوں کو چند پڑیاں دیتی جن سے مریض شفایاب ہو جاتے جبکہ دیگر عملہ بھی ان خدمات میں پیش پیش تھا۔ حتیٰ کہ ہوتے ہوتے اس ہسپتال کی شہرت دیگر ممالک میں بھی ہو گئی ان ممالک سے بھی مریض آتے اور شفایاب ہو کر واپس اپنے وطن لوٹ جاتے۔

خرم حج کی سعادت کے بعد واپس لوٹا تو اپنے بھائی کو رعشہ اور جوڑوں کے درد میں مبتلا پایا بیوی کے بارے میں بھائی سے پوچھا تو اُس نابکار نے اُسی کہانی اور سزا کے حوالے سے بات سنا دی۔ مزید بتایا کہ دوسرے روز جب اس کو دفن کرنے کی غرض سے جہاں وہ سنگسار کی گئی تھی، پہنچے تو اس بدکار عورت کو غائب پایا خدا جانے آسمان نے اوپر اٹھا لی۔ یا زمین نگل گئی چونکہ سنگسار کرنے کے عمل کے بعد طبیب نے موت کو یقینی بتایا تھا موت کی تصدیق اور اعلان کر دیا تھا۔

یہ حالات سن کر خرم نہایت دل گرفتہ اور پریشان ہو گیا اور سوچنے لگا کہ اُس کی بیوی تو نہایت پاکباز اور وفادار قسم کی عورت تھی اس کے گھر سے نکلتے ہی یہ سب کچھ کیسے رونما ہو گیا۔ "میری پاکباز بیوی پر بدچلنی کا الزام" شرم کے باعث بات نہ کرتا۔ بات کرنے پر اپنی پیشانی پر مزید داغ لگیں گے۔ اس سے کچھ حاصل نہ ہوگا۔ باپ کی وصیت کے پیش نظر کہ باپ نے چھوٹے بھائی کی پرورش اور دیکھ بھال کرنا اُس نے اپنے بھائی کا علاج معالجہ حسب مقدور کرایا مگر کچھ افاقہ نہ ہوا مایوسی کے عالم میں مذکورہ ہسپتال سے شہرت سے بھائی کے علاج معالجہ کی ترغیب پر زور انداز میں دی جو پہنچی تھی وہ لیکر امام رضا کے روضے مبارک پر حاضر ہو گیا اور بھائی کی شفایابی کیلئے دعا گو ہوا۔

ازاں بعد بھائی کو ساتھ لیکر اسی ہسپتال کو رجوع کیا ابھی چند کوس فاصلہ طے کیا تھا کہ اُس نے ایک بوڑھے کو موذی مرض میں مبتلا پایا جس کی بیوی مریض خاوند کے سرہانے اپنے خیمہ کے سامنے بیٹھی رو رہی تھی اس سے ازراہ ہمدردی اس نے دریافت کیا کہ موذی مرض بوڑھے کو کیسے لاحق ہو گیا؟" اس کی گریہ کناں بیوی نے بتایا "اس شخص کے ساتھ ایک نوجوان خوبصورت عورت نے احسان کیا تھا مگر اس شخص نے لالچ میں آ کر اپنی محسنہ نیک طینت عورت کو بیچ ڈالا لہٰذا اس دن سے یہ شخص اس لاعلاج مرض میں مبتلا ہے جو رقم اس نے لڑکی کو فروخت کر کے حاصل کی تمام رقم اس کی بیماری پر علاج معالجہ میں اٹھ چکی ہے اور بے مروت انسان کی بیماری بڑھتی چلی جا رہی ہے۔"

خرم نے مشورہ دیا "میں اپنے بھائی کو اس مشہور ہسپتال میں علاج معالجہ کیلئے لے جا رہا ہوں اگر آپ بھی میرے ہمراہ چلیں تو مجھے یقین ہے کہ شفایاب ہو جائیگا۔" لہٰذا بڑھیا اس کو غیبی امداد جان کر اپنا سارا زیور بازار بیچ آئی اور زادِ راہ کا سامان کر کے خرم کے ساتھ اپنے بیمار خاوند کو لیکر چل دی۔

یہ قافلہ وسیع صحرا سے گزر رہا تھا کہ ایک خیمہ گاہ کے قریب ان کو گزرا ہوا جہاں سے چیخ و پکار کی آواز سنائی دی پتہ چلا کہ میر کارواں کا حبشی غلام پاگل ہو گیا ہے اور وہ دیوانگی کے عالم میں ریت منہ میں بھر لیتا ہے ازاں بعد کوئی وزنی چیز اٹھا کر اپنے سر پر مار لیتا ہے۔ میر نے بتایا "متعدد بار خودکشی کی کوشش سے دو چار حبشی کو زنجیروں سے باندھ دیا گیا ہے کہ خودکشی کے اقدام سے باز رہے ماجرہ کچھ یوں ہے کہ میرا قافلہ ایک دن خرم شہر (تہران) کے قریب سے گزر رہا تھا کہ دوران سفر ایک عورت کے کراہنے کی آواز سنائی دی جو پانی مانگ رہی تھی جب قریب ہوئے تو ایک عورت کو جو بظاہر سنگسار کیا گیا تھا پایا لیکن وہ زندہ تھی ہم نے اس کو مضروب حالت میں پتھروں کے ڈھیر سے نکالا۔ مرہم پٹی کی اور قافلہ کے ساتھ لے آئے۔ اس نابکار حبشی کی نیت میں فتور آ گیا اور اس مظلوم عورت کو بری نظر سے دیکھنا شروع کر دیا اس عورت کو شادی پر مجبور کیا لیکن وہ نیک اطوار عورت نہ مانی کیونکہ اس کو یقین تھا کہ حج کی سعادت سے بعد اس کا خاوند واپس لوٹ آئیگا اور وہ زندہ ہے۔ اسی دوران کسی نے میرے چھوٹے بچہ کا گلا کاٹ دیا اور خنجر آلودہ اس ستم رسیدہ اور نیک طینت عورت کے تکیے کے نیچے رکھ دیا۔ مجھے یقین تھا کہ وہ عورت نیک نیتی سے میرے معصوم بچہ کی دیکھ بھال کرتی اور مجھے اپنا محسن خیال کرتی ہے۔ خنجر برآمد ہونے پر اس عورت کو سزا دینے کا مشورہ برادری والوں اور میرے بہی خواہوں نے دیا لیکن میں نہ مانا لہٰذا اس

Marfat.com

معین الدین ہے میں بغداد کے روسا میں سے ہوں۔ دجلہ کے کنارے میرا ایک عالیشان محل جسکی سیڑھیاں دریائے دجلہ میں اترتی ہیں اور رحمانا میرے بہی گھر سے آتا ہے۔ تمہاری کوئی آرزو ہے تو بتلاؤ میں تمہاری مدد کرونگا۔''

''میں مسجد میں کب تک پڑا رہونگا۔ اگر آپ مہربانی کریں تو مجھے واپس شیراز جانے کیلئے کسی قافلے کے ساتھ بھیج دیں اور سفر زادِ راہ عنایت فرمائیں وہاں شیراز میں مجھے کوئی تکلیف نہ ہوگی وہاں میرے کافی قدردان موجود ہیں۔'' سلیم نے جواب دیا۔

''ایک چھوٹا سا مسئلہ ہے میرے تین بیٹے اور ایک بیٹی ہے۔ بیٹی سب سے بڑی جسکی میں نے ایک بڑے امیرزادے سے شادی کردی تھی۔ ان کی بن نہ آئی اور میری بیٹی کو طلاق ہوگئی۔ بیٹی کے اجڑ کر بیٹھنے سے میرے گھر کا سکون تہ و بالا ہوگیا ہے پیاری بیٹی کو غم دیکھ کر دل پاش پاش ہوجاتا ہے۔ اب وہی امیرزادہ اپنے کئے پر نادم و پشیمان ہے۔ دوبارہ شادی کرنا چاہتا ہے لیکن میرے تم سے اتنی درخواست ہے کہ تم میری بیٹی سے ایک شام نکاح پڑھوا کر دوسری صبح طلاق دیدینا اس کے صلے میں نہ صرف تمہیں شیراز بھیجنے کا بندوبست بعد ازاں کردونگا۔ پریشانی کا مداوا کرنے کو ہر طرح سے تیار ہوں۔ کل عشاء کی نماز کے بعد میرا ملازم گھوڑا لے آئیگا تم کو بیش قیمت انعامات سے نوازے گا لہذا تم سفور کر تشریف لائیں وہاں چند معززین اور امام مسجد ہونگے جہاں تمہارا میری بیٹی سے نکاح ہوگا۔ ازاں بعد کھانا اور صبح کی نماز کے بعد تم میری بیٹی کو طلاق دوگے۔ معاً تمہاری شیراز روانگی کا اہتمام کردیا جائیگا۔''

رسم نکاح کے بعد کھانا کھانے سے فارغ ہونے پر تخلیہ میں جمشید سلیم نے معین الدین سے کہا ''میری ایک عرض ہے مسئلہ جبھی ہے اور شدید یا اجازت بھی کہ میں ایک رات اپنی بیوی کے ساتھ گزاروں۔'' معین الدین کو کیا اعتراض ہوسکتا تھا کوئی دوسرا راستہ نہ ہونے کی وجہ سے مجبور تھا لہذا رضامند ہوگیا اور اپنے محل میں دونوں میاں، بیوی کو ایک کمرہ دیدیا۔

جب دولہا حجرہ عروسی میں داخل ہوا تو بیوی ورطہ حیرت سے ہکا بکا رہ گئی کہ نہایت خوبصورت مردانہ وجاہت کا شیرازی نوجوان کہ میرے پہلے خاوند کا حسن و مردانگی اس کے پاؤں کی خاک کو بھی نہ پہنچے۔ اس فریفتگی کے عالم میں حیرت کے دلنواز مجسمہ کو شیرازی نے اسلام علیکم کہا۔ ازاں بعد یوں گویا ہوا ''جس آدمی کو پہلے آپ سے غلطفہمی ہوچکی ہے کیا دوبارہ نہیں ہوسکتی؟ علاوہ ازیں مجھے دستیاب رہوں گی زبان پر ہے شاید آپ کو اور مت کو کہ خاوند کو بھی نہ ہو۔ میں شیراز کا ایک نامور گلوکار ہوں جہاں ہزاروں میرے مداح ہیں اب صبح نماز کے بعد جیسے کہ زبان دے چکا ہوں آپ کو طلاق دینے پر مجبور ہوں کل تم تو اسی محل میں رہوگی اور میں ایک مسافر کی حیثیت سے شیراز کی طرف روانہ ہوجاؤنگا۔ کاش ہم چند دن مزید اکٹھے رہتے!''

تمام رات شیرازی نے اپنے کلام سے بیوی پر سحر پھونکا اور اس مسحورکن فضا میں نہایت شائستگی سے اپنی بیوی سے پوچھا ''میرے متعلق آپکی کیا رائے ہے؟''

بیوی نے پختگی لہجہ میں جواب دیا ''دنیا کی کوئی طاقت تمہیں مجھے طلاق دینے پر مجبور نہیں کرسکتی۔ صبح جب تم سے طلاق کا مطالبہ کیا جائے تو کہنا کہ آپ اپنی بیٹی سے رائے ضرور لیں اگر وہ طلاق لینے پر رضامند ہو تو مجھے کوئی اعتراض نہیں۔''

صبح معین الدین اور امام صاحب کاغذ قلم وغیرہ لے کر طلاق کا تقاضہ کرنے لگے اور امام صاحب نے جمشید سے کہا ''بھائی صبح ہوچکی ہے حسب وعدہ طلاق لکھ کر دیدو۔''

جس پر اس غریب الوطن نے جواب دیا کہ مجھے تو کوئی اعتراض نہیں البتہ میری بیوی مجھ سے طلاق مانگے میں بخوشی طلاق نامہ پر دستخط کئے دیتا ہوں لہذا جب امام صاحب نے معین الدین کی بیٹی سے پوچھا تو اس نے کمال حکمت عملی سے بیس دن کی مہلت مانگ لی چنانچہ انہیں رضامند ہونا ہی پڑا۔

وقت گزرتا گیا بیس دن پورے ہونے کو تھے آخری رات تھی دجلہ کے کنارے اپنے محل کی سیڑھیوں پر بیٹھے جمشید سلیم نے جدائی کے احساس سے نہایت پُردرد آواز میں گانا شروع کردیا اور بیگم رقت انگیز فضا میں گریہ کناں رہی۔ چاندنی رات تھی قریباً آدھی رات کا عمل تھا ہارون الرشید خلیفہ وقت اور اس کے اہلخانہ ایک بجرہ (کشتی) میں دریا کی سیر سے لطف اندوز ہو رہے تھے اس دوران نہایت دلسوز آواز میں بیت خلیفہ وقت کی سماعت سے ٹکرائے اور متاثر کن ثابت ہونے پر ملاح کو حکم ہوا کہ جہاں سے یہ دلخراش آواز آرہی ہے کشتی ادھر ہی لے چلو۔ یہ کوئی بہت ہی دکھیارا معلوم ہوتا ہے نیم شب نجانے کون کسی مصیبت میں دوچار ہے۔

Marfat.com

جب بجرہ محل کی سیڑھیوں سے آلگا جہاں سے گانے کی دردبھری آواز آرہی تھی خلیفہ وقت بجرہ سے اتر آیا اور چند ایک سیڑھیاں چڑھ کر دیکھتا کیا ہے کہ ایک نہایت خوبصورت غم زدہ لڑکی اپنے حال میں مست دنیا و مافیہا سے بے خبر آنکھیں موند کر اس کی گود میں سر رکھا ہوا ہے جبکہ لڑکا پرسوز آواز میں گیت گائے جا رہا ہے۔ خلیفہ وقت نے غم سے نڈھال اور رنجور لڑکے کا بازو پکڑ کر ہلایا۔ اس سے اس غمزدہ غریب الوطن لڑکے نے آنکھیں کھول دیں تو اپنے سامنے ایک تومند نہایت وجیہہ اور خوبصورت بارعب چہرے والے آدمی کو کھڑے پایا۔ اب لڑکی بھی بیدار ہو چکی تھی یکلخت سناٹا چھا گیا تو خلیفہ وقت نے نہایت شفیق لہجہ میں پوچھا:

''بیٹا کیا بات ہے اتنے عالیشان محل میں اتنا دکھیا انسان! آخر بات کیا ہے ؟''

جمشید سیم نے عرض کیا ''میں بغداد سے نوے کوس دور لٹنے والے کارواں کا ایک مسافر ہوں۔'' ازاں بعد اپنی تمام روداد غم بیان کر دی۔

خلیفہ وقت نے تشفی آمیز لہجہ میں فرمایا ''بیٹا فکر کی کوئی بات نہیں دنیا کی کوئی طاقت تمہیں طلاق دینے پر مجبور نہیں کر سکتی۔ اب آرام سے سو جاؤ صبح سب ٹھیک ہو جائیگا۔''

دونوں حیرت زدہ ایک بارعب اور وجیہہ انسان کو سیڑھیوں سے اتر کر بجرہ میں بیٹھے دیکھتے رہے اور دیکھتے ہی دیکھتے بجرہ دریا کی لہروں سے ہمکنار اس پار رواں دواں ہو گیا۔ ''جمشید یہ تو شاہی کشتی تھی۔ شاید خلیفہ وقت ہی ہم سے مخاطب تھے۔''

صبح کاذب کے وقت ایک شیرازی (ایران کا رہنے والا) نو اونٹوں کی قطار کی مہار تھامے جن پر بہت قسم کی شیرازی مصنوعات بار کی ہوئی تھیں، معین الدین کے گھر کا پتہ پوچھتا پھرتا۔ جب وہ محل کے دروازے پر پہنچا تو دربان سے کہا ''میں معین الدین سے ملنا چاہتا ہوں۔'' ملازم نے اندر اطلاع کر دی۔

معین الدین باہر چلا آیا جس کو شیرازی مسافر نے ادب سے سلام کیا اور دو رقعہ جات نہایت اہتمام سے رکھے ہوئے معین الدین کے حوالے کئے۔ ایک رقعہ پر معین الدین رئیس اعظم بغداد کا نام اور دوسرے رقعہ پر خلیفہ وقت ہارون الرشید کی طرف سے لکھا ہوا تھا۔ معین الدین نے اپنے نام والا رقعہ تو پڑھ لیا مگر دوسرا رقعہ یہ کہہ کر واپس کر دیا کہ یہ تو خلیفہ وقت کے نام ہے مجھے اس کو پڑھنے کا مجاز نہیں ہے۔ میری بساط سے باہر ہے کہ اس رقعہ کو کھولنے کی جسارت کروں۔ معین الدین کے رقعہ پر تحریر تھا ''بھائی معین الدین صاحب میں ناچیز یہ شیراز کے چند تحائف اپنی بہو کیلئے بھیج رہا ہوں میں آپ کا مشکور ممنون ہوں کہ آپ نے میرے فرزند کو اپنی فرزندی سے نوازا اور میرے دوست خلیفہ وقت ہارون الرشید کے نام عریضہ بھیج رہا ہوں کہ وہ میرے بیٹے کا خیال رکھتے تاکہ اسے کسی قسم کی بغداد میں تکلیف نہ ہونے پائے۔'' یہ رقعہ پڑھتے ہوئے معین الدین کے ہاتھوں میں لرزش پیدا ہو گئی اور رقعہ زمین پر گر گیا کہ جمشید سیم اسقدر عظیم باپ کا بیٹا ہے اب جمشید سیم سے طلاق کا تقاضہ کرنے کی تاب نہیں، نہ ہی میری بیٹی رضامند ہوں چھوتی کی، اب خلیفہ وقت سے ملاقات سب سے مقدم ہے۔

اونٹوں کو تو معین الدین کے اصطبل میں باندھ دیا گیا اور مصنوعات شیرازی کو محل میں قرینے سے اندر رکھ دیا گیا۔ یہ تینوں اشخاص جمشید سیم، معین الدین اور نو وارد شیرازی خلیفہ وقت کے دربار عالیہ میں حاضر ہوئے۔ شیرازی نے نہایت ادب و انداز میں جھک کر رقعہ پیش کر دیا۔ خلیفہ وقت نے پڑھا اور مسکراتے ہوئے فرمایا ''دیکھو جمشید تم تو میرے قریبی دوست کے بیٹے ہو اور معین الدین تم نے اس پر مسرت شادی کی تقریب میں شمولیت کیلئے مجھے اطلاع نہ دے کر بالخصوص کہ جمشید میرے عزیز ترین دوست کا بیٹا ہے، دل دکھایا ہے۔''

ازاں بعد معین الدین نے تمام صورت حال سے آگاہ کیا اور خلیفہ وقت ہارون الرشید نے جمشید سیم کو اپنے درباریوں میں شمولیت سے سرفراز کر دیا۔

خلیفہ عبدالرحمن کے قاتلوں کا انجام

بغداد کے خلیفہ عبدالرحمن کا وقت امن و امان اور عادلانہ طرز عمل کی وجہ سے شہرہ آفاق دور سلطنت مسلمہ تھا جس کے ساتھ

Marfat.com

ولی زیادتی ہوتی فوراً انصاف مہیا کیا جاتا اور ظالم کو کیفر کردار تک پہنچایا جاتا۔ ساری رعایا خلیفہ وقت سے خوش تھی ہر کوئی اپنا کام کاروبار بے فکری اور کامل یکسوئی سے کرتا اور بلا خوف و خطر نظام سلطنت نہایت خوش اسلوبی سے چلایا جا رہا تھا۔ گردونواح کی سلطنتوں کے سربراہ حیرت زدہ تھے کہ خلیفہ بغداد یہ قابل رشک حکومت عملی کیسے سرانجام دے رہا ہے۔

بغداد میں ایک شاہی طبیب حکیم عبدالمالک نامی جو شاہی علاج معالجہ کے علاوہ شاہی دستر خوان کا کھانا بھی چیک کرنے پر مامور تھے۔ ایک دن مجلس شوریٰ کے سربراہ غلام معین الدین نے عبدالمالک کو کھانے پر مدعو کیا اور وہ نازاں و فرحاں پہنچ گئے۔ پر تکلف دعوت کرانے کے بعد حکیم صاحب نے دریافت فرمایا کہ دعوت تو خوش اسلوبی سے ہو گئی اس ناچیز کے لائق کوئی خدمت ؟

سربراہ شوریٰ نے کہا: "میں آپ کی رہائش گاہ کے قریب سے گزر رہا تھا کہ غیر ارادی طور پر آپ کے مکان پر نظر پڑ گئی۔ نہایت بوسیدہ اور خستہ حالت میں دیکھ کر دل رفتہ ہو گیا اگر آپ محسوس نہ کریں تو یہ پانچ سو اشرفیاں قبول فرمائیں اور مکان کی مرمت کروا دیں تاکہ دیکھنے والوں کو پتہ چلے کہ شاہی حکیم کی رہائش گاہ ہے۔"

حکیم صاحب نے اشرفیوں کی تھیلی قبول کر لی اور سارا مکان مرمت کروا دیا۔ ابھی ایک ماہ کا عرصہ ہی گزرا تھا کہ پھر حکیم صاحب کو سربراہ شوریٰ کا پیغام موصول ہوا۔ سابقہ سے زیادہ پر تکلف دعوت ان کے اعزاز میں مصروف کار ہوئی اور پسندیدہ کھانوں سے شکم پری کا موقع فراہم کیا۔ جانے سے پیشتر مزید پانچ صد اشرفیوں کی تھیلی پیش کی گئی اور مدعا حکم صادر ہوا کہ یہ اشرفیاں قبول فرمائیں اور اپنی جوان بیٹی کی شادی خانہ آبادی کے فرائض سے سبکدوش ہو جائیں۔ حکیم صاحب نہایت ممنون ہوئے اور لوٹ آئے۔ بیٹی کی شادی پر سربراہ شوریٰ کو بھی مدعو کیا اور تخلیہ میں عرض کی: "آپ نے مجھ ناچیز پر عنایات کی بارش کر دی ہے۔ کار لائقہ سے یاد فرمائیں تاکہ [illegible] عنایت قدر [illegible] ہو سکے۔"

سربراہ شوریٰ نے تمام ریزگی کے دوران کہا: "آپ کے دیکھنے بھالنے اگر اس ہفتہ وقت نکال سکو تو میرے محل میں آنا۔" جب حکیم صاحب وہاں پہنچے تو انہوں نے کہا: "دربار کے وجہ کے تنازعے جو ہو رہے ہیں واقعہ ہے اس کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟ میں چاہتا ہوں کہ آپ کو عطا کیا جائے تاکہ آپ کی نسل خوش و خرم اور سکھ چین کے علاوہ شان و شوکت میں رہ سکے مگر اس میں رکاوٹ ہے کہ خلیفہ وقت نہ مانیں گے جس کا حل بھی آپ کے پاس ہے اگر خوراک میں خلیفہ وقت کو کوئی ایسا زہر دیا جا سکے جس کی شناخت نہ ہو سکے۔ تو پھر کیا ہے خلیفہ زندگی کے دن پورے ہوتے ہی میں عنان حکومت سنبھال سکوں گا چونکہ ولیعہد ہنوز کم سن ہے سن بلوغت کو آنے تک ہم صورت حال سنبھال لیں گے اور اس کا مقام بھی ہے کہ اس کو خلافت دی جائے گی یا نہیں۔" الوداع کہتے ہوئے پھر پانچ سو اشرفیوں کی تھیلی ہاتھ میں دی۔

حکیم صاحب لالچ میں آ گئے۔ جملہ حقوق محفوظ رکھتے تھے فرمایا: "یہ تو میرے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے ایسا زہر دوں گا کہ خلیفہ چار پانچ ماہ بعد ہی اس جہان فانی سے رخصت ہو جائیں گے۔" چنانچہ کھانے یا مشروب میں نہایت غیر محسوس طریقہ عمل سے خلیفہ کو زہر دیا گیا جس کے اثرات ہاتھ پاؤں پر ظاہر ہونے لگے ہوئے جب حکیم صاحب نے مزید علاج معالجہ کیا تو اس علاج کے چار ماہ بعد ہی خلیفہ چل بسے۔

اب سربراہ شوریٰ نے عنان حکومت سنبھالی اور پہلی فرصت میں ہی حسب وعدہ باغ اور محل جو بنوائے گئے حکیم صاحب کے نام کر دیے۔ وقت اپنی مخصوص رفتار سے گزرتا گیا حکیم صاحب معہ اہل و عیال نہایت تزک و احتشام سے اپنی شاہی ٹھاٹ باٹھ سے زندگی سے لطف اندوز ہونے لگے۔ ولیعہد سن بلوغت کو آن پہنچا۔ مجلس شوریٰ نے اب غلام معین الدین کو کہا: "خلافت وارث کو عطا کی جائے۔" مجبوراً معین الدین کو ایسا کرنا پڑا۔

مرحوم خلیفہ کی بیوہ نے اپنے بیٹے کی لائق ترین اتالیق سے تعلیم و تربیت کا اہتمام کیا تھا۔ ریاستی امور کے تناسب سے فنی صلاحیتوں سے بھی ہمکنار کیا۔ جب ولیعہد خلافت کی مسند پر حلف لیکر متمکن ہوا تو ماں نے اسے اپنے کمرے میں طلب کیا اور کہا: "اب ساری رعایا تمہاری اطاعت میں ہے ایسے طرز عمل اختیار کرنا کہ تمہارے سامنے کوئی دم نہ مار سکے اور فریادیوں کی دادرسی کرنا یہی وطیرہ تمہارے باپ کا بھی تھا اور ہاں اب میں بھی تمہارے سامنے فریادی ہوں کہ میرا خاوند یعنی تمہارا باپ کوئی طبعی موت نہیں مرا تھا ابتداً سے غیر محسوس طریقہ سے قتل کیا گیا قاتلوں کو پکڑو اور انہیں کیفر کردار تک پہنچا کر دم لو۔"

Marfat.com

بیٹے نے ماں کو تسلی دی اور کہا کہ ایسے ہی ہوگا میں بھلا اپنے باپ کے قاتلوں کو کیسے معاف کر سکتا ہوں۔

اس نے عنان حکومت سنبھالتے ہی وزرا اور مجلس شوریٰ کے حضرات کی فائل طلب کی اور ان کا مطالعہ کیا۔ علاوہ ازاں بعد ازاں امرا پر نظر دوڑائی تو حکیم صاحب کی غیر معمولی ثروت اور کروفر دیکھ کر دنگ رہ گیا۔ جب مزید چھان بین کی تو پتہ چلا کہ یہ عام نوعیت کا آدمی تھا اس نے میرے باپ کا علاج معالجہ بھی کیا اور کھانے پینے کی اشیا بھی یہی آدمی چیک کرنے پر مامور تھا اسے حکیم صاحب کی شخصیت مشکوک نظر آئی۔ جب اس نے دجلہ والے محل اور باغ کے متعلق چھان بین کی تو پتہ چلا کہ اس کے باپ کے مرنے کے فوراً بعد ہی حکیم صاحب کو سونپ دیئے گئے تھے۔

اس نے حکیم صاحب کو اپنے دربار میں بلایا اور نہایت مدبرانہ حکمت عملی سے کام لیتے ہوئے مخاطب ہوا: ''میں آپ کی خدمات سے ممنون و مشکور ہوں آپ نے میرے مرحوم باپ کا علاج معالجہ کیا اللہ تعالیٰ کو یہی منظور تھا بہرحال اب میں آپ کو دربار میں خاص مقام دینا چاہتا ہوں۔''

اس پر حکیم حکم بجا لایا اور حیثیت درباری وظیفہ جو آپ کیلئے مقرر ہوا قبول کر لیا اس طرح نوجوان خلیفہ وقت نے حکیم صاحب کو اپنے قریب کر لیا اور بعض اوقات نہایت قیمتی مشورے بھی ان سے حاصل کئے اب ہر کام میں حکیم صاحب کا عمل دخل ہو گیا تو خلیفہ نے محسوس کیا کہ یہ شخص نہایت لالچی اور موقع پرست ہے۔

ایک دن خلیفہ نے حکیم صاحب کو تخلیہ میں بلایا اور کہا: ''مجھے آپ سے ایک اہم مشورہ لینا ہے چونکہ آپ میرے بزرگ ہیں ہمارے محل میں ہمارا ایک عیار قسم کا رشتہ دار آتا جاتا ہے۔ ہمیں اس سے بڑی چڑ ہے اور ہم اس کا محل میں آنا جانا پسند نہیں کرتے کوئی ترکیب بتائیں کہ اس نابکار سے ہم خلاصی ہو سکے۔''

حکیم صاحب تھوڑی دیر سوچتے رہے پھر گویا ہوئے: ''آپ اسے ختم کرنا چاہتے ہیں ایک شربت تیار کروں گا اس کے پینے سے وہ غیر محسوس طریقہ سے مر جائیگا لیکن شربت خوش ذائقہ ہوگا اور پیتے وقت اسے کسی قسم کا شبہ بھی نہ ہو سکے گا آپ کو اس کام کیلئے انعام و اکرام سے نوازا جائے گا۔''

خلیفہ نے کہا: ''اگر آپ یہ کام کر دیں تو میں آپ کو توقع سے زیادہ انعام و اکرام دوں گا۔'' دو چار روز کے اندر حکیم سبز رنگ کا شربت لے کر حاضر ہو گیا اور کہا: ''دو گھونٹ شربت کے حلق سے اندر اترنے کی دیر ہوگی کہ پینے والا چل بسے گا۔''

خلیفہ وقت نے کچھ سوچا اور حکیم صاحب کی کلائی پکڑ لی اور کہا: ''بتاؤ تم نے میرے باپ کو کس نسخہ سے زہر دیا تھا؟'' حکیم صاحب نے بڑی قیل و قال اور پس و پیش کی اور کہا: ''اسی خدمت کا صلہ اسے دیا جائے۔''

خلیفہ نے کہا: ''جو شخص ہمارے عزیز کو مارنے کیلئے شربت تیار کر سکتا ہے وہ باغ اور محل کے لالچ میں ہمارے باپ کو بھی مار سکتا ہے۔ بتاؤ تمہیں کس کارگزاری کے صلے میں یہ شاہی باغ اور محل عنایت کئے گئے تھے۔ کوئی بات جھوٹی نہ ہو اور اگر اس کام میں کوئی ساتھی تھا تو اس کا نام بھی لے لو ورنہ ابھی قتل کر دیئے جاؤ گے۔''

اب ساری صورت حال واضح ہوگئی کہ شربت بنانے اور عزیز سے چھٹکارا پانے کا تو ایک بہانہ تھا یہ راز حکیم کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا اور لالچ نے میری آنکھوں اور ذہن کو بند کر دیا اب پورے طور سے جال میں پھنس چکا ہوں۔ جب اسے تھوڑی سی اذیت سے دو چار کیا گیا تو اس نے جرم کے ارتکاب کا اعتراف کر لیا کہ خلیفہ وقت کے باپ کو اس نے slow poisoning سے مارا تھا اور اس جرم میں اس کے ساتھ سابق سربراہ شوریٰ نظام معین الدین شامل تھے جنہوں نے یہ سارا کام کی ترغیب پیدا کیا گیا۔

''ہاں! میں سمجھ رہا ہوں تم کو مجبوراً ایسا کرنا پڑا ہوگا۔'' خلیفہ نے اظہار کیا۔

''جی حضور! میں اگر ایسا نہ کرتا تو اپنی جان گنوا بیٹھتا۔''

''تم نے اس کی خبر خلیفہ کو کیوں نہ کی؟''

''میرے بس کی بات نہ تھی میں لالچ میں اندھا ہو گیا تھا۔''

Marfat.com

خلیفۂ وقت نے اُسے اپنا بیان ضبطِ تحریر میں لانے کا حکم دیا اور ساتھ ہی دو چار جلاد قسم کے حبشی معین الدین کے محل کی طرف روانہ کر دیئے اور حکم دیا: "جہاں اور جس حالت میں بھی معین الدین ہو فوراً گرفتار کر کے محل میں حاضر کیا جائے۔"

معین الدین جب محل پہنچا تو حکیم صاحب اپنا بیان ضبطِ تحریر میں لا رہے تھے۔ یہ دیکھ کر معین الدین کے اوسان خطا ہو گئے اور یوں وضاحت پیش کرنے لگا: "جو کچھ حکیم صاحب نے کہا ہے وہ سراسر غلط ہے اُس میں میرا ہاتھ نہیں ہے۔"

خلیفہ نے حکم دیا: "صبر کرو ابھی پورا بیان قلمبند ہو لینے دو پھر تم اپنی رائے پیش کرنا البتہ یاد رہے کہ میں اپنے باپ کے قاتلوں کو سزا دیئے بغیر نہیں رہ سکتا۔"

معین الدین نے سوچا کہ وقت ہاتھ سے نکل گیا ہے اب بچنے کی کوئی گنجائش نہیں۔ بڑی شان سے زندگی گزاری اب اُسی شان سے موت کو گلے لگاؤں گا اور سارا قصور مان لیا۔

شہر بغداد میں منادی ہوئی کہ آج فلاں چوک میں خلیفہ کے باپ خلیفۃ المسلمین کے قاتلوں کا سر تن سے جدا کر دیا جائیگا۔ لوگ مقررہ چوک میں اکٹھے ہونا شروع ہو گئے قاضی صاحب نے جرم پڑھ کر سنایا اور اُن کا سر قلم کرنے کی سزا تجویز کی۔ دونوں ناعاقبت اندیش رسوا ہو کر اپنے انجام کو پہنچے۔

نوجوان خلیفہ کی ماں بھی وہیں موجود تھی اُس کی ماں آگے بڑھی اور اپنے لختِ جگر کی پیشانی کو بوسہ دیتے ہوئے کہا: "تم نے حق ادا کر دیا ہے اور میری زندگی کا ارمان پورا کر دیا ہے آج تمہاری وجہ سے تمہارے مقتول باپ کے سامنے سرخرو ہوئی۔"

خلیفہ نے حکم دیا: "ان دونوں کو رسیوں سے باندھ کر ایک ہی قبر میں دفنایا جائے تاکہ یہ دونوں قیامت کے دن ایک ہی قبر سے اُٹھائے جائیں۔"

لوگ باتیں کرتے اپنے گھروں کو رخصت ہوئے۔

بچپن کا رشتہ

قدیم زمانے میں بصرہ شہر میں ایک کھجور کا بہت بڑا باغ سہیل نامی شخص کی ملکیت تھا ادھیڑ عمر میں اللہ تعالیٰ نے اُسے اولاد کی نعمت سے نوازا۔ اسی دوران ایک فقیر اُس کے در پر آیا جس کو اُس کی بیگم نے جھولی بھر کر خیرات کر دی۔ فقیر نے اُس کی گود میں چاند سا بیٹا دیکھ کر نصیحت کی: "اس بچے کی شادی نکاح چار سال کی عمر میں ہی کر دینا۔" اس عورت نے فقیر کی اس بات کا ذکر اپنے خاوند سے کر دیا۔ خاوند نے اس فقیر کی تلاش بہت کی کہ اس سربستہ راز سے یعنی نو عمری میں شادی کا عقدہ کھلے لیکن اُس فقیر درویش کو نہیں ڈھونڈ پائے۔

بچہ جب تین سال کا ہوا تو دونوں میاں بیوی اکثر اوقات بیمار رہنے لگے۔ اب اُنہیں یہی پریشانی دامنگیر ہوئی کہ وہ اس فقیر کی بات سے انحراف کرنے کے مرتکب ہو گئے ہیں اسلئے بیماری اُن دونوں کا پیچھا نہیں چھوڑتی لہٰذا ان خیالوں میں سہیل نے اپنی بیوی کو ساتھ لے کر اپنی بہن کے گاؤں ملاقات کرنے کی ٹھان لی۔ بہن کی ایک چھوٹی بچی تھی جب اُنہوں نے اپنا مدعا بیان کیا تو بہن نے برملا کہا: "بھائی صاحب یہ بچی آپ کی ہو گئی لیکن سہیل نے اپنی بہن کو مجبور کیا ان دونوں بچوں کا نکاح جلد کر دیا جائے۔" چنانچہ ایسا ہی ہوا سارے بصرہ شہر میں اس امر کی منادی کروائی گئی جس پر ایک جشن کا سماں بندھ گیا۔ شادیانے بجائے گئے اور اس پُرمسرت موقع پر سہیل اور اس کی بیوی نے دل کھول کر خرچ کیا۔ سارے ارمان پورے کئے اور سب غریب غربا ہمسائیگان کو کھانا کھلایا گیا۔ دونوں بچوں کی پرورش اور تعلیم و تربیت سہیل نے کامل یکسوئی سے کرنا شروع کر دی اور ہمہ وقت خصوصی توجہ دینے لگا۔

انسان کی سوچ محدود اور رحمتِ ربی لامحدود ہے جو اللہ تعالیٰ کی رضا ہو۔ انسان کے فہم و ادراک سے بالا ہے۔ چند سالوں بعد دونوں میاں بیوی دارِ فانی سے راہیٔ ملکِ عدم سدھار گئے۔ ان دونوں کی پرورش و تعلیم و تربیت کا بیڑہ اُن کی ایک بی بی راج نامی نوکرانی نے اٹھایا اور نگہداشت کرنے لگی۔ جب دونوں سنِ شعور و بلوغت کو پہنچے تو اس نیک دل نوکرانی نے انکشاف کیا کہ دیکھو تم لاعلمی میں ایک دوسرے کو بہن بھائی تصور کرتے ہو جبکہ ایسا بالکل نہیں ہے تم دونوں میاں بیوی ہو میاں لڑکے کا نام روحیل اور بیوی لڑکی کا نام

Marfat.com

بشریٰ جن کے لئے یہ انکشاف بڑا حیران کن تھا لیکن حقائق سے انکار ممکن نہیں چنانچہ دونوں میاں، بیوی کی حیثیت سے رہنے لگے۔

ایک دن روحیل کی بیوی بشریٰ نے ترغیب دی چونکہ تم جوان ہو تعلیم یافتہ ہو کسی دوسرے بڑے شہر جاؤ اور جا کر کام کاج، نوکری وغیرہ کرو اس پر روحیل نے جواب دیا "میری عدم موجودگی ہمارے درمیان کہیں پریشانی اور جدائی کا موجب نہ بن جائے۔"

بشریٰ جو نہایت سلیقہ شعار اور مدبر و وفادار قسم کی لڑکی تھی نے اپنے متفکر خاوند سے کہا "دیکھو میں تمہیں یاد میں اطمینان سے رہنے کیلئے ایک گلاب کی پنکھڑیوں اور پھولوں سے ٹوپی بنا کر دے رہی ہوں اگر یہ پتیاں مرجھا گئیں تو سمجھنا میں کسی نہ کسی مصیبت سے دوچار ہوں یا تمہیں چھوڑ کر بے وفائی کی مرتکب ہو رہی ہوں لیکن تسلی رکھو تم مجھے انشاء اللہ باوفا پاؤ گے۔"

جوان اور تندرست ہونے کی صورت میں روحیل کو بھی بیکار ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھنا پسند نہ تھا وہ گھر سے مزدوری کرنے کے ارادے سے چل دیا البتہ پہلی رات اس نے اپنے باغ میں ہی بسر کی۔ ایک دن اور رات کے دوران ٹوپی میں سے پنکھڑیوں میں سے ایک بھی پنکھڑی نہ مرجھائی۔ پنکھڑیوں کی تروتازگی سے حیران ہوا کہ ٹوپی پھولوں سے ابھی تروتازہ ہے۔ اب اسے یقین ہو گیا کہ بیوی کا یہ عمل واقعی سچا ثابت ہو رہا ہے۔ وہ آگے بڑھ گیا اور ایک شہر میں جا کر دفتر میں بطور چپڑاسی نوکری کرنے لگا کام صرف یہی تھا دفتر کے کلرکوں (بابوؤں) کو قہوہ چائے وغیرہ پلانا فائلیں ایک میز سے دوسری میز پر منتقل کرنا صبح شام دفتر کی صفائی ستھرائی کا خیال رکھنا۔ سارے دفتر والوں کو حیرت ہوئی کہ اس ملازم نے جو گلاب کی پنکھڑیوں سے مزین ٹوپی پہن رکھی ہے کئی روز ہو گئے ٹوپی سے پھول پتیاں تروتازہ ہیں اور خلاف توقع مرجھائے نہیں جبکہ تمام دفتر ٹوپی کی خوشبو سے مہکتا رہتا ہے کیونکہ گلاب کے پھول یا پودے گردونواح میں کہیں نہیں ہیں۔ اس ٹوپی میں کوئی راز مضمر ہے۔ ایک ہیڈ کلرک نے اس سے پوچھ ہی لیا۔

روحیل نے واضح کیا یہ پھول اور پنکھڑیاں اس کی بیوی نے ٹوپی میں لگائی ہیں انشاء اللہ یہ مرجھانے کی نہیں ہیں۔ یہ بات تمام شہر میں خوشبو کی طرح پھیل گئی حتیٰ کہ اس امر کی خبر حاکم شہر تک جا پہنچی جس پر اس نے اس لڑکے سے ملاقات کا اشتیاق ظاہر کیا۔ جب حاکم شہر سے اس انوکھے نوجوان کی ملاقات ہوئی اور لڑکے نے سارا ماجرہ سچ سچ بیان کر دیا تو وہ ورطہ حیرت میں ڈوب گیا سوچنے لگا جو کام عقل و دانش کے دائرہ کار سے حدود پھلانگ جائے وہ عقل سلیم کیسے تسلیم کر لے۔ اس انوکھے انکشاف پر حاکم شہر نے اپنے مشیر باتدبیر کو بلایا جس نے مشورہ دیا کہ آپ اس لڑکے کو اپنے محل میں ملازم رکھ لیں۔ اس کی پوری پوری نگرانی کریں اور اگر پھر بھی یہ پھول پنکھڑیاں نہ مرجھائیں تو سوچا جائیگا۔

تجویز پر عمل درآمد ہو گیا لیکن ٹوپی پر مزین پتیاں بدستور تروتازہ رہیں اس پر حاکم شہر نے کہا "یہ کام تو کسی بڑے عامل کا ہی ہو سکتا ہے۔" لہذا اس نے اپنے چیدہ وزیروں اور مشیروں سے مشورہ کیا "اس کی بیوی کے حصول کیلئے کیا طریقہ اختیار کیا جائے کیونکہ ہماری الجھنوں کا بھرپور حل نکالنے کی حامل ثابت ہو سکتی ہے۔"

ایک مشیر باتدبیر نے عرض کی "حضور والا! اس عورت کو اپنی ملکہ بنائیں۔ آپ کے عقد نکاح میں آنے کے بعد یہ عورت آپ کیلئے نہایت سودمند ثابت ہوگی۔ خشیت مدد آپ احکام سے انحراف کرنے سے قاصر ہوگی۔" اس تجویز پر تمام درباری متفق ہو گئے اور حاکم شہر نے بھی اس تجویز کو قبول کر لیا۔

ادھر جب روحیل و بشریٰ سن بلوغت کو پہنچے تو اس انکشاف کے بعد کہ یہ دونوں میاں بیوی ہیں فوراً ہی مشیر خیر خواہ کی معیت کیلئے روانہ ہوئی صرف گھر میں اس وقت بشریٰ اکیلی رہ گئی جو گھر میں محنت مزدوری سے اپنی گزر اوقات کرتی اور خاوند کی موجودگی میں ادھر پڑوس والے اکیلی لڑکی کے رہن سہن پر کوئی گلہ شکوہ شکایت کا شائبہ تک نہ تھا۔

حاکم شہر نے روحیل سے باتوں باتوں میں اس کی رہائش و محل وقوع کا پتہ معلوم کر لیا اور دوستی کا ہاتھ بڑھانے کے بہانے اس کی انگوٹھی بھی حاصل کر لی۔ اس انگشتری کے بدلے میں اپنی انگوٹھی جو قیمتی ہیرے سے مزین تھی اسے پہننے کو دی۔ انگوٹھی اور پتہ حاصل کرنے کے بعد ایک امیر کو جو نہایت ہوشیار اور چالاک قسم کا واقعہ ہوا تھا، روحیل کے گھر روانہ کر دیا اسے پانچ ہزار اشرفیوں کی تھیلی بھی عطا کی اور کہا، "اس لڑکی بشریٰ سے کہنا کہ یہ اشرفیاں آپ کے خاوند نامدار نے بھیجی ہیں۔"

امیر روانہ ہو گیا گھوڑے پر سوار مسافر کی چند دنوں کی مسافت تھی۔ منزل مقصود پر پہنچ گیا اور روحیل کی بیوی سے کہا کہ آپ

Marfat.com

سے خاوند نے بلا بھیجا ہے اور یہ انگوٹھی بطور نشانی دی ہے۔ آپ کا خاوند ایک نہایت اہم کام پر متعین ہو گیا ہے لہذا مصروفیت کی وجہ سے خود آنے سے قاصر ہے بلکہ یہ پانچ ہزار اشرفیاں بھی بھیجی ہیں اور مزید کہا ہے کہ اگر کسی سے لین دین ہے تو وہ بھگتا دیا جائے۔

رئیس کی بیوی (بشریٰ) نے اشرفیوں کی تھیلی لے لی اور کہا، "گھوڑے کو سامنے والے باغ میں باندھ دے گھوڑے کیلئے چارہ وغیرہ ڈال دے اور یہ رقم لے اور رات کے کھانے کا بھی بندوبست کر لے۔ صبحدم روانہ ہو جائیں گے۔"

امیر چارہ اپنے کندھوں پر اٹھا کر لے آیا اور گھوڑے کے آگے ڈال دیا ازاں بعد گھوڑے کو پانی دکھایا اور یہ سوچ کر مطمئن ہو گیا کہ اب صبح ہوتے ہی واپس نکل چلیں گے لڑکی تو جانے پر رضامند ہو گئی ہے۔ جب دونوں کھانے سے فارغ ہو گئے تو اطمینان سے بیٹھے بشریٰ نے مزید اپنے خاوند کے کام کاج سے متعلق دریافت کیا۔ امیر نے خوب بڑھا چڑھا کر اسکے خاوند کے بارے میں بتایا کہ وہ تو بہت مشہور صاحب ہے سب سے بڑا امیر ہے اس کے مشورے کے بغیر حکومتی کام پایہ تکمیل تک پہنچتا ہی نہیں سارا شہر اسکی بڑی عزت کرتا ہے۔

دانشمند بشریٰ کو اس کی لاف زنی پر مشتمل کہانی کی لیکن بہر حال کچھ سوچ کر اس چالاک امیر سے کہا کہ وہ اس کمرے میں رات بسر کرے۔ جونہی وہ اس کمرے میں داخل ہوا لڑکی نے باہر سے دروازہ بند کر دیا۔ ایک پتھر نیچے پھینکا اور کہا کہ اب وہ اپنے آپ کو قید سمجھے اگر اس نے شور واویلا کیا تو اسے پتھر مار مار کر ہلاک کر دیگی البتہ اسکو زندہ رکھنے کے لئے تھوڑا بہت کھانا ملتا رہیگا تاکہ جسم و جان کا رشتہ استوار رہ سکے۔ رات کو جب اس چالاک اہلکار کو قید خانے میں ڈال دیا تو صبح دانشمند لڑکی نے اس کا گھوڑا فروخت کر دیا

کئی دن گزر گئے لیکن یہ افسر مذکور امیر واپس نہ آیا تو حاکم شہر کو تشویش لاحق ہوئی سوچ بچار میں مختلف وسوسے جات اور توہمات میں غلطاں رہا کہ وہ کہاں گم ہو گیا ہے۔ اسے تو اب تک ہر حال میں واپس آ جانا چاہئے تھا۔ ایک مشیر نے مشورہ دیا کہ یہ کام بجائے مردوں کے کسی ہوشیار اور چالاک قسم کی عورت کو سونپنا چاہئے تھا لہذا اس معقول مشورہ پر عمل درآمد ہو گیا اور ایک شاطر کٹنی نائیکہ کو سمجھا کر اس قصبہ کی طرف روانہ کر دیا گیا۔

یہ عورت (کٹنی) وہاں پہنچی تو لڑکی سے کہا، "میں تمہاری خالہ ہوں کافی عرصہ پہلے میری شادی ایک عربی کے ساتھ ہوئی تھی تب سے تمہارے پاس نہ آ سکی اب پتہ چلا ہے تو اپنی بیٹی کیلئے نہایت قیمتی تحائف لیکر آئی ہوں۔" تحائف لڑکی کے سامنے ڈھیر کر دیئے اور نہایت پیار و محبت کا مظاہرہ کرنا شروع کر دیا اور کہا، "علاوہ ازیں نہایت قیمتی سوٹ لیکر آئی ہوں اب نواحی شہر میں مقیم ہوں تمہارا اکیلے پن میں یہاں رہنا قابل برداشت نہیں۔ محبت و شفقت کا تقاضہ ہے کہ میرے ساتھ چلو اب دونوں اکٹھی رہیں گی کیونکہ پچھلے سال ہی میرا خاوند فوت ہو گیا ہے۔ میں نے دوسرے شہر میں محل بنا لیا جو آدھا دریا میں اور آدھا دریا سے باہر ہے۔ چلو تم بھی اور اپنی خالہ کے گھر رہو تمہیں میری بیٹی اب یہاں اکیلی نہ رہیں۔"

بشریٰ نے اپنی ماں سے سن رکھا تھا کہ اس کی کوئی بہن نہیں ہے پھر یہ چالاکی اور عیاری کی باتیں سن کر اس کا ماتھا ٹھنکا لہذا اس چالباز عورت کو بھی اس قیدی امیر کے کمرے میں بند کر دیا اور کہا، "تم بھی اس لڑکی کی کوئی معلوم ہوتی ہو میری کوئی خالہ وغیرہ نہیں اس لئے اپنے آپ کو قیدی سمجھو اور شور شرابا کیا تو اپنے اس ساتھی قیدی سے حشر نشر پوچھ لینا۔"

مزید کئی دن گزرنے پر حاکم شہر کو پریشانی لاحق ہوئی اور اپنے خاص کمانڈر کو بلوایا کہ وہ عورت کوئی نہایت زیرک معلوم ہوتی ہے اب تک میرے دونوں بھیجے ہوئے ایلچی واپس نہیں لوٹ سکے۔ وہ فوجی جوان تھا اس نے کہا کہ آپ کو تو پہلے ہی مجھے اس کام کیلئے روانہ کرنا چاہئے تھا۔ میں اپنے فوجی دستہ کو ساتھ لے کر جاؤنگا اور نہایت خفیہ طرز عمل سے اس عورت کو اٹھا کر لے آؤنگا آپ بے فکر رہیں کوئی فساد نہ ہوگا اس ایک جنگی حکمت عملی ہی کارگر ثابت ہوگا۔ اسے لاد کر لے آؤنگا۔ حاکم وقت اس بات سے بہت خوش ہوا اور اسے روانہ کر دیا۔

یہ کمانڈر جب مطلوبہ پتہ پر پہنچا تو صاف صاف بات کی کہ حاکم شہر فلاں تمہیں بلاتا ہے اور تمہارا خاوند بھی ان کے ہاں ملازم ہے۔ بشریٰ نے پوچھا، "وہ (خاوند) مجھے خود لینے کیوں نہیں آیا؟"

کمانڈر نے بہانہ کیا کہ وہ بہت مصروف شخصیت ہے اس کو جب یہ بتایا گیا کہ اگر اس نے جانے سے انکار کیا تو اسے زبردستی لے جایا جائیگا تو وہ پریشان ہوئی اور بخوبی سمجھ گئی کہ پہلے دونوں مکار بھی حاکم کے ہی فرستادہ تھے۔

Marfat.com

اُس نے پوچھا "میرے میاں کی پھولوں والی ٹوپی کے پھول کیسے ہیں ؟"

"ابھی تک تر و تازہ ہیں۔" کمانڈر نے جواب دیا۔

"انشاءاللہ وہ ایسے ہی رہیں گے۔" لڑکی نے بڑے دعویٰ سے کہا۔

"چلو اب کوئی حیلہ بہانہ کرنے کی ضرورت نہیں میں تمہیں اسی وقت بے بس کر کے لے جاؤں گا۔" جب شہزادی نے اس فوجی جوان کے تیور دیکھے تو کانپ کر رہ گئی۔ اُس نے فوجی جوان سے کہا کہ پہلے آپ آرام سے پانی پی لیں اور کھانا تناول فرمائیں میں ساتھ چلنے کو تیار ہوں کیونکہ آپ کی ہر بات سچی معلوم ہوتی ہے۔

"میں کھانا شہر کے باہر کھاؤں گا میرے پچاس فوجی جوان پڑاؤ ڈالے ہیں کھانا ان کے ساتھ ہی تناول کرنا ضروری ہے۔"

لڑکی نے کہا "میں آپ کے ساتھ جانے کیلئے تیار ہوں صبح چار بجے تشریف لائیں صبح دم دو ڈولیاں پڑی ہوں گی۔ سنہری والی ڈولی میں، میں جاؤں گی اور دوسری ڈولی میں میری لونڈی لہذا آپ صبح عین چار بجے پہنچ جائیں۔" اس پروگرام کے تحت فوجی جوان چلا گیا۔

لڑکی نے ایک حجام سے بات کی دو حجامتیں کرنی مطلوب ہیں ایک سو اشرفی اجرت ادا کروں گی دونوں کا سر سے لیکر پاؤں تک کوئی بال نہ رہے ازاں بعد کالا رنگ تیل میں ملا کر اس کے سارے جسم پر ملنا ہے۔ منہ بھی کالا کرنا ضروری ہے لہذا ایسا ہی کیا گیا اور اس چالباز و عیار عورت دونوں استرے سے سراپا منڈوا کر ان کے سارے جسم پر کالک مل دی گئی اور وہ دونوں چھوٹی چھوٹی برتے تو وہ غلام ان کو تھپڑ لگا دیتے کیونکہ فاقوں نے پہلے ہی کافی کمزور کر رکھا تھا۔

ازاں بعد صبح عورت کو سنہری ڈولی میں بٹھا دیا گیا اور امیر کو دوسری ڈولی میں خوشی خوشی جوان لے کر چل دیئے۔ جب منزل پر پہنچ گیا تو حاکم شہر بخوشی ان کے استقبال کو خود شہر سے باہر آیا اور پھر حکم دیا کہ نئی ہونے والی ملکہ اور اسکی لونڈی کو ڈولیوں سمیت محل میں پہنچا دی جائیں۔ پہلی ملکہ کو حکم دیا گیا کہ وہ شاہی تزک و احتشام سے آگے بڑھ کر استقبال کرنے کا خاطر خواہ انتظام کرے لہذا اس کی راہداری پر پھول برسائے گئے اور سپاہی دونوں ڈولیوں مودبانہ انداز میں محل کے اندر رکھ کر باہر چلے آئے۔ جب پہلی ملکہ نے آگے بڑھ کر جو سنہری ڈولی کا پردہ اٹھایا تو ایک منڈھی ہوئی کالی کلوٹی عورت ننگ دھڑنگ اور جس کے سارے بال منڈے ہوئے تھے وہ یہ بھیانک دیکھ کر بیہوش ہو گئی۔ اسی طرح جب دیگر مستورات نے دوسری ڈولی سے پردہ اٹھایا تو شرم سے منہ پھیر لیا اور کہا کہ وہ مرد نا محرم ہے۔ اس کے اندر مت جھانکا جائے اس پر سب محل کی مستورات ہنس کھلا کر ہنس دیں ان میں نئی ملکہ کون ہے ؟

افراتفری کی صورت حال واضح ہوگئی۔ ایک خواجہ سرا بھاگا اور جا کر حاکم شہر کو اطلاع کی کہ بڑی ملکہ صاحبہ نئی ہونے والی ملکہ کو دیکھ کر بیہوش پڑی ہیں۔ دوسری ڈولی میں تو گویا کالا کلوٹا مرد بیٹھا ہوا ہے وہاں کوئی لونڈی وونڈی نہیں۔ حاکم شہر یہ سن کر سیخ پا ہو گیا اور جا کر مشتعل انداز میں حالات کا جائزہ لیا کہ یہ تو ہماری طرف سے ہی بھیجی گئی چالباز عورت ہے جو اس کو کسی غرض سے بھیجی گئی تھی اور وہ مرد امیر ہے جو مشاورت میں کام بھی ہے۔ اب جونہی حاکم شہر نے حالات پوچھے تو دونوں نے ہر بات کا سچ آپ بیتی بیان کر دی۔ فوراً کمانڈر کو بلایا جائے حاکم شہر نے حیرت و مشتعل انداز میں حکم صادر کیا۔ جب کمانڈر پیش ہو گیا تو اس نے پوچھا کہ یہ تم کیا اٹھا لائے ہو اور کمانڈر اصل صورت حال دیکھ کر شرم سے پانی پانی ہو گیا۔

ان حالات کے پیش نظر حاکم شہر نے روحیل سے کہا "تمہیں گھر سے آئے ہوئے کافی عرصہ ہو چکا ہے لہذا مناسب یہی ہے کہ تم فی الفور گھر جاؤ اور اپنی بیوی کو ساتھ لے آؤ یہاں ٹھہرنے کا بندوبست ہم کئے دیتے ہیں۔"

روحیل گیا اور اپنی بیوی کو ساتھ لیکر شہر آ گیا اب جونہی حاکم شہر نے اسکی بیوی کو ایک نظر دیکھا تو دل و جان سے فریفتہ ہو گیا اور سوچنے لگا کہ اللہ تعالیٰ نے عقل و دانش سے نواز کر اس کو خود اپنے ہاتھوں سے سراپا رعنائی کے سانچے میں ڈھال دیا ہے اور فریفتگی کے عالم میں چند مشیروں کو طلب کیا اس پر انہوں نے مشورہ دیا کہ آپ بیماری کا ڈرامہ رچائیں اور شاہی طبیب کو بٹھا دیا جائے کہ وہ آپ کو اس بیماری کا کیا علاج بتائیں۔ چنانچہ حاکم شہر مصنوعی درد کی شدت سے چیخنے چلانے لگا اور اسکی آہ و زاری کے پیش نظر حکیم صاحب کو بلایا گیا تو جیسا مکاری کا فارمولا سے بتایا گیا تھا نبض دیکھتے ہی برملا علاج تجویز کیا ایک سات رنگا مرغ نادر کار ہے جو صرف اور صرف ملک چین سے ہی دستیاب ہے۔ میں دیگر ادویات کی آمیزش سے صرف ایک خوراک ان کو کھلاؤں گا۔ انشاءاللہ جلد افاقہ ہوگا۔

Marfat.com

ازاں بعد روحیل سے کہا گیا ''اے نوجوان یہ کام ماسوائے تیرے کوئی کرنے کا اہل نہیں اس کیلئے جتنی رقم درکار ہے خزانے سے لے لو اور اسی وقت فی الفور چین روانہ ہو جاؤ اگر تمہیں مریض کی جان عزیز ہے تو فوراً چل پڑو۔'' روحیل نے اپنی بیوی کو اس مہم کے بارے میں بتایا کہ چین کا سفر اسکے لئے ازبس ضروری ہو گیا ہے۔ بیوی جو حاکم شہر کی عیاری اور چیرہ دستیوں سے بخوبی واقف تھی اپنے خاوند سے مسکراتے ہوئے کہنے لگی ''سات رنگا مرغ یہیں سے مل جائیگا تم ذرا صبر کرو۔ چین جانیکی ضرورت نہیں پیش آئیگی۔''

دوسرے دن بشریٰ نے نہایت خفیہ طور پر خبر پھیلا دی کہ جو کوئی بھی ایک نہایت خوبصورت پر لے کر آئیگا اُسے ایک اشرفی دی جائیگی تو لوگ جوق در جوق نہایت سرعت سے پر لے کر آنا شروع ہو گئے۔ روحیل کی دانشمند بیوی نے ایک گڑھا کھدوایا اور سارے پروں کو اس گڑھے میں ڈلوا دیا۔ تھوڑی دیر میں رنگا رنگ پروں سے گڑھا بھر گیا اب اپنے خاوند کو اس انوکھے حیلے کے متعلق سمجھایا کہ تم بالائی منزل کے کمرے میں رہنا اور جب میں کہوں کہ آپ کیا کر رہے ہیں تو مجھے آوازیں دیتے ہوئے کہ بیگم میں آ رہا ہوں نیچے آ جانا۔

چند شب وہ حاکم شہر نفسانی خواہشات سے مغلوب روحیل کی بیوی کے ہاں پہنچ گئے اور بتایا کہ میں حاکم شہر ہوں آج تک جو تدبیریں تمہیں رام کرنے کیلئے کیں سب رائیگاں ہو گئیں لیکن آج میری دست برد سے کون تمہیں بچا سکتا ہے تم روحیل کے گھر رہنے کے قابل نہیں ہو جبکہ تمہاری جیسی حسین اور دلنواز پری پیکر کیلئے محل میں رہنا ہی اصل شایان مقام ہے ابھی اسی وقت میں تمہیں ساتھ لے جاؤں گا بیوی نے (روحیل) تمہارے خاوند کو میں نے چین بھیج دیا ہے اب وہ وہاں سے واپس لوٹ کر نہ آئیگا۔ میرے آدمی اس کو راستے میں ہی ختم کرنے کیلئے تیار بیٹھے ہیں۔ اب تم صرف اور صرف میری ہو۔ یہ کہہ کر اس نابکار نے عجلت میں اپنا لباس اتارنا شروع کر دیا تاکہ حائل ہوتے وقت درمیان میں حائل نہ ہو اور جب بیہودگی کے عالم میں بالکل لباس سے بے نیاز ننگ دھڑنگ ہو گیا تو روحیل کی بیوی نے کہا ''یہ تم کیا کر رہے ہو شرم کرو میں تمہاری بیٹیوں جیسی ہوں۔'' اس مکالمہ کی دیر تھی کہ روحیل نے بالائی منزل سے آواز دی ''بیگم آ رہا ہوں نیچے یہ کون بات کرتا ہے حرامزادہ جو تمہیں تنگ کرنے کی نیت سے آ گیا ہے میں اس نابکار کی ابھی خبر لیتا ہوں اسے چھوڑوں گا نہیں اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دونگا۔ حاکم شہر کے یہ سن کر اوسان خطا ہو گئے اور اسقدر حواس باختہ ہو گیا کہ واویلا کرنے لگا ''میری جان بچاؤ میری توبہ ہے'' خداوند کا رخ بھی کیا۔''

بشریٰ نے متصل کمرے میں جہاں گڑھا کھدوا کر پر جمع کئے ہوئے تھے وہاں اسے چھپ جانے کو کہا اور ایک گیلی سریش کی بالٹی بڑی تندہی و عجلت سے سر پر انڈیل دی۔ سارا ننگا جسم گیلی سریش سے شرابور ہو گیا۔ اب جونہی چھپنے کی کوشش میں گڑھے میں گرا تو سارے کے سارے پر چمٹ گئے۔ روحیل نیچے آیا تو پوچھا ''کون آیا ہے؟''

اس کی بیوی نے بتایا ''سات رنگا مرغ'' پھر حاکم شہر کو اس گڑھے سے جونہی باہر نکالا تو واقعی وہ ایک خوبصورت مرغ کی مشابہت رکھتا تھا۔ بیوی نے کہا ''اب یہ مرغ تو تمہیں مل ہی گیا ہے چین جانے کی ضرورت ہی نہ رہی کہو تو آواز پہچان لو'' یہ کہہ کر اس نے مرغ کو ایک ڈنڈا رسید کر دیا اور کہا ''آواز نکالو'' تو اس نے ککڑوں کڑوں کی آواز سے اپنی شناخت کرا دی۔ تصدیق کیلئے کہا کہ رات کا سماں ہے اپنی مخصوص آواز سے بولتے ہوئے محل تک جاؤ۔ اپنے خاوند سے کہا ''اب اسے بیمار حاکم شہر کے پاس لے جاؤ جب اس مرغ کو وہ دیکھیں گے تو ساری درد فو چکر ہو جائیگی۔''

حاکم شہر مرغ کے روپ میں پروں پر دوڑتا ہوا جا رہا تھا اور اُس کے پیچھے پیچھے ڈنڈا بردار روحیل جب یہ دونوں محل میں داخل ہونے لگے تو دربانوں نے حاکم شہر کو اس مضحکہ خیز حلیہ میں شناخت کر لیا اور محل کی بیگمات کو خبر کر دی جنہوں نے دروازے پر آ کر دل و جان سے استقبال کیا اور مسکراہٹوں کے ہجوم میں محل کے اندر لے گئیں اس سے پہلے ایسا دلفریب مرغ دیکھنے کو نہ ملا تھا چنانچہ اُن کی رگِ ظرافت پھڑکی اور خوشدلی سے کہا ''اب مرغ کی مخصوص آواز میں بانگ دو۔'' اُس نے مزید ڈنڈوں سے بچنے کے خوف سے بلا تامل ایسا ہی کیا۔ صبح حسب معمول دربار لگایا گیا حاکم شہر نے اپنے مشیروں سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا ''بیکار سب تدبیریں کسی تدبیر نے کوئی کام نہ کیا تم سب اس لڑکی کے سامنے ہیچ ہو۔ میں اسے آج سے بیٹی کہتا ہوں اور وہ میری مشیر اعلیٰ ہے اور روحیل میرا داماد۔ وہ اب محل میں رہیں گے۔ بس یہ میرا آخری فیصلہ ہے یہی میری جیت ہے۔'' پھر اسی پر عمل درآمد ہو گیا۔

Marfat.com

ابراہیم شمس

کسی زمانے میں بخارا، تاشقند کی یونیورسٹی عالم اسلام کی اعلیٰ ترین یونیورسٹی تھی جس میں دس ہزار طلباء اور ایک ہزار درس و تدریس کیلئے فقیہہ متعین تھے۔ اس یونیورسٹی کے بلند پایہ معیار کا چاردانگ شہرہ تھا۔ یونیورسٹی کے پرنسپل جناب ابراہیم شمس صاحب کو خبر ملی کہ بغداد کے فقیہہ بہت بلند پائے کے ہیں۔ احکام الٰہی کی پابندی پر عمل پیرا ایسے کہ ذرہ برابر کوتاہی سے شائبہ تک نہیں ہوتا۔ ابراہیم شمس صاحب کو اشتیاق پیدا ہوگیا کہ کیوں نہ بغداد جا کر کسی فقیہہ کی صحبت اختیار کی جائے۔

زادراہ اور چھوٹا بستر ساتھ لیا ایک گدھے پر سوار عازم سفر بغداد ہوئے۔ جب عراق کی حدود تک رسائی ہوئی تو دریائے دجلہ کے کنارے پرانا بغداد جسکی چنگیز خان نے اینٹ سے اینٹ بجائی تھی دجلہ سے کوئی دو میل دور ہے جو قابل زیارت ہے۔ پرانے بغداد میں جو اینٹیں لگی ہوئی تھیں دو طرف پالش شدہ تھیں ہر اینٹ میں تین سوراخ اور آجکل اینٹوں کی طرح درمیان میں تختی نما شیپ کندہ جسمیں بلڈنگ کی مضبوطی کیلئے مصالحہ بھر دیا جاتا تھا۔ نیا بغداد دجلہ کے دونوں اطراف میں آباد ہے یہاں پر طرز تعمیر نہایت اچھوتی اور ماڈرن جبکہ نہایت خوشنما فلک بوس بلڈنگیں تعمیر کر دی گئی ہیں۔ دجلہ میں کشتیاں چلتی ہیں جن میں ڈھابے بنے ہوئے ہیں جس میں پلاؤ آجاتا ہے۔ کھانے پینے کا سامان، فروٹ اور کباب وغیرہ دستیاب ہیں۔ ''تال، تال'' (یعنی کہ آؤ) کی آواز ہر طرف سے آتی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ دجلہ کی شام اور بنارس کی صبح ایک جیسی ہے۔ بنارس مندروں کا شہر ہے اور بغداد خوبصورت عمارات کا شہر ہے جبکہ پرانے بغداد میں کبوتروں، ابابیلوں، چمگادڑوں اور الوؤں نے مسکن بنایا ہوا ہے۔

شمس صاحب بغداد کی حد میں پہنچے تو سامنے ایک مالی ہاتھ میں کدال لئے ہوئے اپنے باغ کی آبیاری کرنے میں مصروف تھا اور یہ پانی دجلہ سے آرہا تھا۔ ابراہیم شمس صاحب نے مالی کو سلام کیا اور پوچھا ''اگر اجازت ہو تو گدھے کو پانی پلاؤں اور وضو کر کے نماز پڑھ لوں اور گدھے کو ہری بھری گھاس کھلا لوں۔''

''بھیا پانی دجلہ سے آرہا ہے۔ اور یہ جگہ اللہ کی دین ہے وہی میرے مالک کے باغ کو بھی سیراب کر رہا ہے۔ گدھے کے پانی پینے سے آپ کے وضو کرنے سے بھلا ہمارا کون سا نقصان ہے۔'' مالی نے جواب دیا۔

مالی تعجب سے آپ کو دیکھتا رہا اور سوچا کہ یہ کیسے آدمی ہیں جو اس معمولی کام کیلئے اجازت کے طلبگار ہیں۔

''بھائی آپ اس پانی کا آبیانہ دیتے ہو۔'' شمس صاحب نے پوچھا۔

''دیتے ہیں۔'' مالی نے جواب دیا۔

''پھر پانی میں آپ کا استعمال تو کروں گا ہی، نہ میرا ضمیر مجھے اجازت نہیں دیتا کہ آپ کی رضامندی کے بغیر پانی استعمال میں لاؤں۔''

''شوق سے جتنا چاہیں پانی استعمال کریں اور گدھے کو باغ میں کھلا چھوڑ دیں کہ یہ بھی سبز گھاس سے اپنا پیٹ بھر لے۔''

''آپ نے کس سے ملنا ہے؟ اتنی دور سے آئے ہیں شاید رہنمائی کر سکوں!''

''میں نے بغداد کے فقیہا سے ملنا ہے۔''

''آپ بڑے اچھے وقت پر آئے ہیں وہ سامنے جو سائبان نصب کئے جا رہے ہیں۔ وہاں نماز مغرب کے بعد بغداد کے سب بڑے بڑے فقیہا کا اجتماع ہو رہا ہے۔ آپ کی سب سے ملاقات ہو جائیگی۔''

نماز مغرب کی ادائیگی کے بعد ابراہیم شمس اس بڑے اجتماع کی طرف روانہ ہوئے۔ گدھے کو کھجور کی جھکی ہوئی ٹہنی سے ساتھ باندھا اور خود مجمع میں تشریف فرما ہوگئے۔

باری باری فقیہہ آتے رہے اپنے خیالات کا اظہار کرنے کے بعد اپنی نشست پر بیٹھتے رہے۔ آخری فقیہہ نے نہایت فخریہ نخوت و تکبر سے کہا ''آج بغداد کے فقیہا اس مقام پر پہنچے ہیں کہ مل جاتا ہے تو کھاتے ہیں ورنہ صبر کرتے ہیں۔''

یہ سن کر ابراہیم کھڑے ہوگئے اور نہایت مودبانہ گویا ہوئے ''یہ وصف تو بخارا کے کتوں میں بھی پایا جاتا ہے۔''

Marfat.com

فقیہہ چپ ہو گیا اور تمام سامعین پر بھی سکتہ طاری ہو گیا کہ اس اجنبی بوڑھے نے کیا بات کہہ دی ہے۔
کچھ دیر بعد فقیہہ نے بڑے ادب سے دریافت کیا: ''بخارا کے فقیہا کیسے گزارہ کرتے ہیں؟''
''مل جاتا ہے تو بانٹ کر کھاتے ہیں نہیں ملتا تو صبر کرتے ہیں۔''
یہ کہہ کر اپنے گدھے کو کھول کر اس پر سوار ہوئے اور بے نیازی سے چل دیئے۔

کالم نگار

جنرل چیانگ کائی شک جو کہ مین لینڈ چائنا کا ڈکٹیٹر تھا، بعد میں موزے تنگ کی کمیونسٹ فوجوں نے چیانگ کائی شک کی نیشنلسٹ فوجوں کو بری طرح سے شکست فاش دی اور چیانگ کائی شک ہزاروں کی تعداد میں اپنی وفادار فوج کے ہمراہ بھاگتا ہوا برما کے راستے جیسے تیسے واقع ایک جزیرہ تائیوان جس کا دارالخلافہ Tapei ہے، چلا گیا اور وہاں اپنی نیشنلسٹ حکومت قائم کر لی۔ اس کی وفات کے بعد اس کے بیٹے نے کئی سالوں تک آمرانہ حکمرانی کی۔ وہاں چند سالوں سے جمہوریت قائم ہے یاد رہے کہ تائیوان اب Newly Industrialised Countries (N I Cs) میں شمار ہوتا ہے۔ اس میں تین اور ملک شامل ہیں جنوبی کوریا، سنگاپور اور انڈونیشیا۔

اس دور سے کئی برس پہلے چین کے کسی شہر میں ایک کالم نویس رہا کرتا جو ایک معمولی سے روزنامہ میں اپنا کالم تحریر کرتا جبکہ یہ اخبار معیاری نہ تھا مگر لوگ محض اس کا کالم پڑھنے کیلئے اخبار خرید لیتے۔ یہاں تک کہ جب کسی کو یہ اخبار دستیاب نہ ہوتا تو ایسے میں وہ کسی دوسرے ایسے شخص کے پاس چلے جاتے جس کے پاس مذکورہ اخبار ہوتا تا کہ اس میں دلچسپ کالم پڑھ کر مستفید ہو سکیں۔ جیسا کہ اکثر کالم نگاروں اور اخبار نویسوں کا حال ہوتا ہے۔ یہ کالم نویس بھی نہایت کسمپرسی کی زندگی سے دوچار تھا۔ ایک نہایت چھوٹا سا تاریک کمرہ کتابوں، اخباروں اور رسائل سے بھرا پڑا تھا اور ایک ٹوٹا پھوٹا بستر کمرے کی کل کائنات اور کوئی آسائش کا سامان موجود نہ تھا۔

اس ملک کی ملکہ تک بھی یہ بات جا پہنچی تھی کہ ایک معمولی سا کالم نویس اتنا ہر دل عزیز ہو گیا ہے اور جب کبھی بھی میرا نام آتا ہے وہ بھی نہایت قلیل الفاظ میں کہ آج رانی صاحبہ نے کسی جگہ کا افتتاح کیا ہے یا کسی کا سر قلم کرنے کا حکم صادر فرمایا ہے۔ لوگ مجھے اتنا پذیرائی کی نظر سے بھی نہیں دیکھتے جتنا اس معمولی کالم نویس کی شہرت اور پذیرائی ہے۔ میں جو لوگوں کے دلوں پر حکمرانی کر رہی ہوں محض نام کی حکمران ہوں۔ اصلیت یہی ہے کہ وہی لوگوں کے دلوں پر حکمرانی کر رہا ہے۔

ایک دن ملکہ نے اس کے دربار میں حاضر ہونے کا فیصلہ کر لیا ایک اہلکار اس سلسلے میں اس کی کٹیا میں پہنچ گیا جہاں وہ موم بتی کی روشنی میں بوسیدہ لباس میں ملبوس اپنے روزمرہ کا کام یعنی لکھنے میں مصروف تھا۔ اہلکار کو دیکھ کر گھبرا گیا اور پوچھا:

''خیریت سے کیسے آنا ہوا؟''

''ملکہ صاحبہ نے تمہیں دربار میں بلایا ہے۔'' اہلکار نے اپنا مدعا بیان کیا۔

وہ بڑا پریشان ہوا اور پوچھا: ''مجھ سے کوئی قصور سرزد ہو گیا ہے؟''

''مجھے علم نہیں۔'' اس اہلکار نے سپاٹ لہجے میں کہا: ''اگر تم نہ گئے تو تمہارا سر قلم کروا دیا جائیگا۔''

اس بیچارے کے پاس کوئی چارہ کار نہ تھا اور نہ ہی کوئی ایسے کپڑے جو پہن کر رانی صاحبہ کی خدمت میں حاضر ہو سکے بہر حال اس نے اپنا ہاتھ پانی میں بھگو کر کپڑوں پر پھیر لیا تا کہ کم از کم سلوٹیں تو مٹ جائیں۔ جب لرزیدہ اندام رانی کے دربار میں حاضر ہوا تو خوف زدہ آواز میں عرض کی: ''کیا حکم ہے؟''

''تمہیں مجھ سے شادی کرنا پڑے گی۔'' یہ سن کر اس خوفزدہ اور بے حال شخص کے پاؤں سے زمین نکل گئی اور وہ سکتہ کی حالت میں کھڑا رہ گیا کہ انکار کرے یا اقرار کرے۔ بہر حال خاموشی بھی موقع محل کے مطابق خطرناک تھی اس نے کپکپاتے ہوئے کہا:

''ملکہ صاحبہ کہاں آپ کہاں میں اپنے فیصلہ پر دوبارہ غور فرمائیں۔''

ملکہ صاحبہ نے غصہ کی حالت میں کہا: ''میرا فیصلہ اٹل ہے کیا سمجھتے ہو کہ میں غلط فیصلہ کر سکتی ہوں۔''

Marfat.com

اس نے ناچار ملا صاحبہ سے دو دن کی مہلت مانگی واپس اپنی دنیا میں آیا اور یاروں دوستوں سے مشورہ کیا تو دوستوں نے مشورہ دیا کہ شادی کرلو یہاں انکار کی بالکل گنجائش نہیں یا ہم تیار ہیں تمہیں دفنانے کیلئے۔ حسب وعدہ وہ ملا کے محل میں چلا گیا اور کہا: "جو آپ کا حکم مگر اتنا تو بتا دیجئے مجھ غریب سے شادی کرنے سے آپ کو کیا حاصل ہوگا؟"

"جب تمہارا دلپذیر کالم اخبارات میں آئیگا تو ہر کوئی اس بات کو ضرور اہمیت دے گا کہ یہ شخص (کالم نویس) ملا صاحبہ کا خاوند ہے اور اسطرح مجھے شہرت نصیب ہوگی۔"

شادی ہوگئی اور اس نے دنیا کو چھوڑ کر محل میں رہنا شروع کر دیا اور واقعی اخبار بینوں میں یہ خبر جنگل میں آگ کی طرح پھیل گئی کہ یہ وہی کالم نویس ہے جس کی بیوی ملا صاحبہ ہیں۔

ملا صاحبہ اکثر پہاڑوں پر سیر کیلئے اپنے خاوند کو ترغیب دیتیں مگر کالم نویس جو چونکہ ملا صاحبہ کے میاں تھے اسے قبرستانوں میں لے گھومتے اور کہتے "یہ قبر جس پر کوئی کتبہ موجود نہیں یہ ایک بڑے عالم فاضل کی ہے جو بہت سی کتابوں کا مصنف بھی ہے سوائے میرے اور چند ایک دیگر پڑھے لکھے لوگوں کے کسی کو خبر نہیں کہ یہاں کوئی ہستی آرام فرما ہے اور وہ قبر جو نہایت صاف ستھری اور پختہ جس پر سنگ مرمر کا نمایاں کتبہ لگا ہوا ہے۔ ایک بڑے سفاک اور درندہ صفت نامی گرامی افیون کے سمگلر کی ہے جس نے ہزاروں انسانوں کو موت سے ہمکنار کیا ہے، یہ اس کا مقبرہ ہے۔"

یوں ہی ایک روز ملا صاحبہ نے پہاڑ کی سیر کو جانے کیلئے کہا۔ وہ سیر کیلئے نکل تو کھڑے ہوئے لیکن راستے میں ایک ہولناک قبرستان واقع تھا وہاں اپنے اہلکاروں کو رکنے کا حکم دیا حسب معمول ملا کو ساتھ لئے ہوئے مختلف قبروں کی نشاندہی کر رہا تھا۔ اسی دوران اس کی نگاہ ایک ایسی قبر پر جا ٹھہری جس کے سرہانے ایک نوجوان عورت بیٹھی زار و قطار رو رہی تھی اور ہاتھ میں پنکھا لئے قبر کو ہوا دے رہی تھی۔ جب ملا صاحبہ اور وہ قبر کے بالکل نزدیک پہنچے تو دیکھا کہ قبر ابھی تازہ بنی ہوئی اور گیلی ہے۔

"یہ آپ کا کون تھا؟" ملا صاحبہ نے پوچھا۔

"میرا خاوند جو جوانی کے عالم میں ہی چل بسا ہے۔" اس نوجوان عورت نے جواب دیا۔

"تمہارے رونے سے ہمیں تمہارے دکھ کا احساس ہو رہا ہے مگر قبر کو پنکھا جھلنے کا عمل ہماری سمجھ سے بالاتر ہے۔" کالم نگار نے پوچھا۔

اب اس سوگوار عورت نے پرزور انداز میں چیخنا چلانا شروع کر دیا بجائے زیادہ سرگرمی سے پنکھا چلانا شروع کر دیا مگر ان کی طرف منہ کر کے نہایت حسرت کی نگاہ سے دیکھتے ہوئے اس نوجوان بیوہ نے دلسوز آواز میں کہا "بڑی مشکل سے پنکھا چلا چلا کر تھوڑی سی قبر خشک ہوئی ہے مگر پھر آسمان پر بادل چھا گئے ہیں اسطرح میرا کام جلدی ختم ہونے کے کوئی آثار نظر نہیں آرہے ہیں۔"

"ہماری سمجھ میں تو کچھ نہیں آرہا" ملا صاحبہ نے غصہ میں تبصرہ کیا لیکن وہ غمزدہ عورت جانتی تھی کہ یہ ملا صاحبہ ہیں۔ آخر اس نے اظہار کیا کہ میرے خاوند نے مرتے دم مجھ سے وچن لیا تھا کہ تم جوان ہو دوسری شادی کر لینا مگر قبر کی مٹی خشک ہونے کے بعد میں صبح و شام یہاں گریہ زاری کرتی اور پنکھا چلاتی رہتی ہوں کہ قبر جلدی سے خشک ہو جائے تاکہ میں دوسری شادی کر سکوں۔

اس پر دونوں میاں بیوی (ملا صاحبہ اور کالم نویس) ورطہ حیرت میں کھلکھلا کر ہنس دیئے۔

Marfat.com

ضمیمہ

ضمیمہ 1۔ لاطینی امریکہ Tango ڈانس کا مشہور گانے والا۔

ضمیمہ 2۔ spanish زبان میں جادوگرنی یا تعویز دھاگہ کرنے والی عورت کو کہا جاتا ہے۔

ضمیمہ 3۔ ملٹری چیک پوائنٹ کو کہا جاتا ہے۔

ضمیمہ 4۔ Kansas University, USA اور Universidad de Oriente کے درمیان طالبعلموں کے exchange کا پروگرام۔

ضمیمہ 5۔ ترو الا اس لئے کہ اس نے دکان کے سامنے کھڑے پر رکھے ہوئے شیشے کے show-cases میں مختلف اشیاء رکھی ہوئی تھیں اور اکثر گاہک حضرات show-cases پر ہی ہاتھ رکھ کر سودا خریدنے کیلئے کھڑے ہو جاتے ہیں اور شیخ صاحب کو یہ خطرہ لاحق تھا کہ کہیں show-cases کے شیشے ٹوٹ نہ جائیں۔ اس لئے انہوں نے show-cases کے لیول سے تقریباً ڈیڑھ فٹ اونچی لوہے کی ایک لمبی سلاخ نصب کر رکھی تھی۔ تا کہ گاہک شیشوں پر کی بجائے سلاخ پر ہاتھ رکھ کر کھڑے ہو سکیں۔

ضمیمہ 6۔ 31 مئی 1935 کی صبح زلزلے کی وجہ سے کوئی 35,000 ہزار افراد لقمہء اجل بن گئے۔

ضمیمہ 7۔ اشلوک چار ''چرنوں'' کا مجموعہ ہوتا ہے۔ اور ''چرن'' ایک ''اچھر'' سے کم اور 26 اچھروں سے زیادہ نہیں ہوتا ''اچھر'' ایک حرف کو یا اُن دو حرفوں کو کہتے ہیں جن میں دوسرا حرف ساکن ہوتا ہے۔

ضمیمہ 8۔ مغلوں کے دور کا نامور موسیقار۔

ضمیمہ 9۔ یہ چرچ وکٹوریہ ریلوے سٹیشن اور محمد علی روڈ کے درمیان واقع تھا۔ جہاں لاوارث بچوں کو شہر کے مختلف علاقہ جات سے اکٹھا کیا جاتا اور Scotland Mission کی انتظامیہ اُن بچوں کی رہائش، طعام اور تعلیم و تربیت کا انتظام کرتی۔

ضمیمہ 10۔ اس زمانے میں عوام الناس دانتوں کی جملہ تکالیف کو کیڑا الگنا ہی کہا کرتے تھے۔

ضمیمہ 11۔ اس زمانے میں گجرات حقہ سازی میں مشہور تھا۔ جبکہ پنکھوں کا کاروبار توکل کی بات ہے۔

ضمیمہ 12۔ شائد یہ ٹمپل temple کا بگڑا ہوا لفظ ہے۔

ضمیمہ 13۔ پیر صاحب بھی اکثر اوقات شیخ غلام محی الدین صاحب کے پاس جلالپور جٹاں جایا کرتے تھے۔ شیخ صاحب اگست ۱۹۵۰ء میں فوت ہوئے اور آپکو بھی سید قادر شاہ صاحب کے مزار کے قریب ہی دفن کر دیا گیا۔

Marfat.com

ضمیمہ 14۔ غلام قادر کا حوالہ آزاد مسلم ہائی سکول موجودہ اسلامیہ ہائی سکول اور جندہ ... [illegible] واقع تھا۔

ضمیمہ 15۔ ایک جرمن سیاح اور فطرت کا مطالعہ کرنے والا جس نے وینزویلا کے شہر Cumana کی ... [illegible] گاؤں واقع ہے۔ وہاں سے کوئی ۱۰۰ کلومیٹر دور ایک پہاڑی علاقہ ہے شہر Caripe ریاست Monagas میں ایک غار دریافت کی تھی۔ جس کا نام Cueva de guacharos ہے۔ guacharos چمگادڑوں سے ملتی جلتی مخلوق ہے۔

ضمیمہ 16۔ Spanish زبان میں mar سمندر کو کہتے ہیں۔

ضمیمہ 17۔ ابوالفضل اور اس کا بھائی فیضی شہنشاہ اکبر کے نورتنوں میں سے تھے۔

ضمیمہ 18۔ اسی طرح جب راقم الحروف وینزویلا میں قیام پذیر تھا تو اس وقت کئی جاپانی ساتھی پروفیسر "Please" کی بجائے "Prease" بولتے تھے۔ شروعات میں تو راقم کو بڑی حیرت ہوئی مگر بعد میں پتہ چلا کہ اگر "L" دو لفظوں کے درمیان ہو تو اسے صحیح طور پر صحت لفظی سے نہیں بولتے بلکہ "L" کی بجائے "R" لگا دیتے ہیں۔

ضمیمہ 18 A۔ یعنی حضرت یعقوب نبی کے بارہ بیٹوں کے نام حضرت یوسف، حضرت بنیامین، حضرت روبن، حضرت شمعون، حضرت لاوی، حضرت یہودہ، حضرت جد، حضرت آشر، حضرت اشکار، حضرت زبولون، حضرت دان اور حضرت نفتالی جن میں سے حضرت یوسف اور حضرت بنیامین بی بی راحیل (یعنی ...) کے بیٹے، روبن، شمعون، لاوی اور یہودہ بی بی لیاہ (آپ کے ماموں کی بیٹی) کے بیٹے، جد، آشر، زبولون لونڈی زلفہ کے بیٹے، دان اور نفتالی لونڈی بلہاہ کے بیٹے۔

ضمیمہ 19۔ جو conservatve حکومت میں وزیر بھی تھا۔

ضمیمہ 20۔ حضرت عیسیٰ کی زندگی اور پرچار New Testament کی پہلی چار کتابوں میں درج ہیں۔ ان چار کتابوں میں سے کسی ایک کو "Gospel" کہتے ہیں۔

ضمیمہ 21۔ یعنی کہ مجموعہ احوال Enoch۔

ضمیمہ 22۔ cosmos تمام کائنات کو کہتے ہیں جس میں ستارے، سیارے وغیرہ ایک ترتیب سے حرکت کر رہے ہیں۔

ضمیمہ 23۔ Coventry ایک مذہبی سکول کو کہتے ہیں جہاں طالب علموں کو ... کے طور پر تعلیم ... جاتا ہے۔

ضمیمہ 24۔ وکیل کو Spanish زبان میں Abogado کہا جاتا ہے۔

ضمیمہ 25۔ جس چاقو سے قتل ہوا تھا اس پر قتل کی وجہ سے خون لگا ہوا تھا اور خون کو قتل سے صاف ... [illegible] کی پہلی حالت نہیں رہتی۔

ضمیمہ 26۔ خلا کا وہ حصہ جہاں electrons اور ions اتنی زیادہ تعداد میں پائے جاتے ہیں۔ radio کی ... diffusion اثر انداز ہوتی ہے۔ دوسرے سیارے جن کا اپنا atmosphere ہے ... ionospheres رکھتے ہیں۔ یقین سے کہا جا سکتا ہے کہ Mars اور Venus کے ionospheres ہیں۔

ضمیمہ 27۔ Puerto Rico ایک جزیرہ شمالی امریکہ کے قریب بحر اوقیانوس میں ہے۔

ضمیمہ 28۔ یہ ایک قدیم تہذیب تھی۔ جو Mesopotamia میں واقع تھی۔ Mesopotamia اس علاقے کو کہتے ہیں جو دریائے دجلہ اور فرات کے درمیان واقع ہے۔

ضمیمہ 29۔ ملک شام کی عام زبان جو کہ یہودی اور دوسرے لوگ حضرت عیسیٰ کے وقت بولتے تھے۔

ضمیمہ 30۔ اس طبقے کی بنیاد 1534 میں Ignatius Loyola، 1491-1556 جو کہ سپین کا رہنے والا ایک راہب تھا نے رکھی۔ اس طبقے کے ماننے والے تابعداری، غربت اور پرہیزگاری کا حلف اٹھاتے ہیں۔ ... [illegible]

Marfat.com

انہیں Jesuit کہتے ہیں۔

ضمیمہ 31۔ فرانسسکن ایک مذہبی طبقہ ہے جس کی بنیاد Saint Francis of Assisi نے 1209 میں رکھی۔

ضمیمہ 31 A۔ سورت مغربی وسطی انڈیا کی جنوب مشرقی ریاست گجرات میں واقع جہاں Tapti دریا کے دہانے کے قریب اور Cambay خلیج کے نزدیک واقع ہے۔ کہتے ہیں اس کی بنیاد ایک برہمن گوپی نے رکھی جس نے گوپی ٹینک (پانی کا ذخیرہ) 1516 میں تعمیر کیا اور ارد گرد کے علاقے کا نام سورج پور یا سوریا پور رکھا۔ 1510 میں یہ نام سورت میں تبدیل ہو گیا۔ یہ شہر بارہویں اور پندرہویں صدی میں مسلمانوں کی غارت گری کا شکار رہا۔ 1514 میں پرتگال کے سیاح Duarte Barboso نے سورت کو قابل ذکر بندرگاہ کہا۔ پرتگالیوں نے 1512 اور 1530 میں اس شہر کو آگ لگا دی اور 1573 میں مغلوں نے اسے فتح کیا۔ مرہٹہ بادشاہ شیواجی نے سترہویں صدی میں اسے دو دفعہ لوٹا۔ بعد میں سورت ہندوستان سے سونا اور چاندی برآمد کرنے کے لئے مشہور ہوا۔ اس کی قابل ذکر صنعتیں ٹیکسٹائل اور جہاز سازی تھیں۔ 1612 میں انگریزوں نے پہلی ہندوستانی فیکٹری (تجارتی چوکی) سورت کے مقام پر قائم کی۔ اٹھارویں صدی میں سورت متواتر زوال پذیر ہوتا رہا۔ انگریزوں اور ہالینڈ کے باشندوں نے اس پر قبضے کا دعویٰ کیا لیکن اٹھارہ سو میں اس کا مکمل حق انگریزوں کو دے دیا گیا۔ انیسویں صدی کے درمیان سورت بغیر کسی ترقی کے اتنا بڑا شہر تھا۔ جب انگریزوں نے ریلوے لائن بچھائی تو اس نے دوبارہ ترقی کرنا شروع کر دی۔ پرانی ململ کے پرانے فن، ریشم، کمخواب اور سورت کی کاٹن، سلک، بروکیڈ، سونے اور چاندی کی فن کاری کے لئے مشہور ہو گیا۔ اس شہر کو مغربی ہندوستان کی ریلوے اور ہائی وے سے منسلک کر دیا گیا۔ سورت کے ارد گرد علاقے میں کاٹن، دالیں اور چاول وغیرہ بوئے جاتے ہیں۔ ٹیکسٹائل صنعت سورت شہر میں واقع ہے۔ 1991 میں شہر کی آبادی 14,96,943 اور ارد گرد کے علاقے کو شامل کر کے 15,170,76 تھی۔ سورت کا ذکر اس لئے کیا گیا کیونکہ Dr. Bernier نے ہندوستان کی سیاحت کے لئے سب سے پہلے اس شہر میں قدم رکھا۔

ضمیمہ 32۔ جب راقم اسلام آباد (اننت ناگ، کشمیر) میں تھا تو ایک بوڑھے پنڈت نے ایک یورپین Dr. Bernier کو جو اورنگ زیب کے دور میں کشمیر میں تھا۔ جس نے پہاڑوں میں ایک چشمہ Mattan سے بیس میل اور اسلام آباد سے چھ فٹ پر دریافت کیا جو کہ زمین میں جذب ہو چکا تھا۔ اسے یقین تھا کہ اس چشمے کا پانی وادی میں کسی اور جگہ پر نمودار ہو گیا ہو گا۔ اس نے چھ چشموں پر آدمی مقرر کر دیئے اور پھر ان میں سے ایک چشمے میں چھوٹے چھلکے پھینکے گئے جو بعد میں Mattan والے چشمے میں ظاہر ہوئے۔

ضمیمہ 33۔ قدیم زمانے میں اسے "شہروں کی ماں" کہا جاتا تھا۔ سکندر اعظم یہاں پہنچا، چنگیز خان نے اس شہر کو تباہ کیا۔ اس تاریخی شہر کا جو پہلے کبھی پنجاب یا افغانستان کے جاگیرداروں کے درمیان شمالی افغانستان کو فتح کرنے کے لئے ایک سرحدی مقام ہے۔

ضمیمہ 34۔ یہ ایک وہمی بیماری ہے جس کے زیر اثر فرد ہر وقت کسی نہ کسی بیماری کی شکایت کرتا رہتا ہے۔

ضمیمہ 35۔ تبت میں اس وقت ایک چھوٹی سی ریاست جسے یورپ کے نقشوں پر Balti کے نام سے ظاہر کیا گیا تھا۔

ضمیمہ 36۔ جسے ہندو سورج بنسی کہتے ہیں۔

ضمیمہ 37۔ دراصل لندن کا مطلب مظفر آباد سے ہے۔

ضمیمہ 38۔ جس کا نام پاکستان بننے کے بعد خیبر میل رکھا گیا یہ گاڑی بمبئی سے پشاور تک چلا کرتی تھی۔

ضمیمہ 39۔ تندو بس اس زمانے کی luxury بس ہوا کرتی تھی بس کے دو حصے تھے۔ ایک آگے اور دوسرا پیچھے اگلا حصہ اپر کلاس کا تھا۔ جس میں پانچ سیٹیں مختص تھیں۔ ایک ڈرائیور کے ساتھ یعنی فرنٹ سیٹ اور چار پیچھے ایک

Marfat.com

partition سے پہلے تینوں ریاستیں اور علاقے علیحدہ ہو گئی تھیں۔

ضمیمہ 39 A۔ اسلام آباد پاکستان کا موجودہ دارالخلافہ۔ پہلے عارضی دارالحکومت راولپنڈی سے 9 میل (14 کلومیٹر) شمال مشرق کی طرف سطح مرتفع پوٹھوہار پر واقع ہے۔ جب کراچی غیر موزوں سمجھا گیا تو ایک کمیشن نے 1959 میں اس جگہ کا انتخاب کیا۔ روایتی اسلامی فن تعمیر اور جدید تعمیرات کو مدنظر رکھتے ہوئے تعمیر کا کام 1961 میں شروع کیا گیا۔ دنیا کے مشہور شہری تعمیرات کے ماہر Konstantinos Doxiades، Edward Durell Stone اور Gio Ponty نے شہر کے ترقیاتی منصوبوں میں مدد کی۔ شہر کا رقبہ 25 مربع میل (65 مربع کلومیٹر) اور اس کی اونچائی سطح سمندر سے 1,500 سے 2,000 فٹ (450 سے 600 میٹر) تک ہے۔ تعمیر کا دوسرا مرحلہ سیکرٹریٹ، پاکستان ہاؤس، پریذیڈنٹ ہاؤس، نیشنل اسمبلی بلڈنگ، نیشنل مسجد اور ممبران کے رہنے کی جگہ تعمیر کرنے پر ختم ہوا۔ اسلام آباد کی قائد اعظم یونیورسٹی 1965 میں معرض وجود میں آئی اور Alama Iqbal Open University 1974 میں تعمیر کی گئی۔ 1971 میں ہندوستان سے جنگ کی وجہ سے تعمیر کا کام عارضی طور پر رک گیا۔ 1981 میں مرکزی شہر کی آبادی 204,364 اور دارالخلافہ کے اردگرد کے علاقے کی آبادی 3,69000 ہزار تھی۔

ضمیمہ 40۔ دومیل یعنی دو دریاؤں کا سنگم ہے کشن گنگا جسے اب دریائے نیلم کہتے ہیں اور دریائے جہلم۔

ضمیمہ 41۔ اوڑی کا ضلع پہلے ایک راجہ کے ماتحت تھا اور سکھوں کے کشمیر فتح کرنے سے پہلے اس کا جانشین غلام علی خان تھا۔ سرفراز خان کے علاوہ ان کا چچازاد بھائی سربلند خان اوڑی کے دعویدار تھے۔ [illegible] بھائی جان بچا کر بھاگ گئے۔ ساتھ مظفر خان سربلند خان کا بیٹا جو اس وقت بارہ برس کا تھا ایک فوجی دستہ جو مہاراجہ گلاب سنگھ کی زیر کمان تھا اس جگہ لے گیا جہاں اس کا چچا چھپا ہوا تھا۔ اس طرح غلام علی خان کو پکڑنے میں مہاراجہ گلاب سنگھ کامیاب ہو گیا اور غلام علی خان کو قیدی بنا کر لاہور بھیج دیا گیا جہاں [illegible]۔ اس کے بعد [illegible] مظفر خان کو وفاداری کے صلہ میں رنجیت سنگھ نے راجہ بنا دیا [illegible] چار ہزار روپے الوقت مقرر کر دی جس میں سے تین ہزار روپے رنجیت سنگھ نے اپنے تصرف میں [illegible]۔ مظفر خان کے تین بیٹے تھے۔ محمد خان، نواب خان اور جواہر خان [illegible] ایک [illegible] سے تھے۔ مظفر خان نے اپنے ان دونوں بیٹوں کو زیادہ شفقت [illegible] پس پشت ڈالنے پر ماں نے احتجاج کرنے پر توجہ دلائی۔ نامساعد حالات کی بنا پر محمد خان نے [illegible] الدین سے ساز باز کا آغاز کیا [illegible] باپ [illegible] خود [illegible] حالات کے پیش نظر مظفر خان بھی [illegible] الدین کے حلقہ میں شامل ہو گیا۔

ضمیمہ 42۔ کانگڑی [illegible] scaladino سے ملتی جلتی ہے [illegible] ہوتے ہیں ایک مٹی کا برتن جسے kandal کہتے ہیں۔ [illegible] ڈالے جاتے ہیں اور دوسرا [illegible] straps سے بنا ہوا [illegible] ایک handle ہوتا ہے۔ بعض اوقات [illegible] اندر مٹی کا [illegible] manan کہتے ہیں۔ چونکہ کشمیری باشندوں کا لباس [illegible] پھرن جیسا ہوتا ہے لہٰذا کانگڑی کو اپنے پیٹ [illegible] جلد کے ساتھ رکھا جاتا ہے۔ یہ خیال کیا جاتا ہے کہ کشمیر کے باشندوں نے کانگڑی کا استعمال [illegible] سے اپنایا جو کہ مغل بادشاہوں کے دربار [illegible] کشمیر کی سیر کو آتے تھے۔

ضمیمہ 43۔ مقبوضہ جموں اور کشمیر کے موجودہ چیف منسٹر فاروق عبداللہ کے والد مرحوم۔

ضمیمہ 44۔ اخبارات و رسائل کے ذریعہ معلوم ہوا ہے کہ اب یہ جھیل پہلے جیسی صاف شفاف نہیں رہی اور [illegible]

Marfat.com

نے اس پر اپنے گہرے اثرات چھوڑنے شروع کر دیئے ہیں۔

ضمیمہ 44 A۔ جس پر Victoria، King Edward یا George V کی تصویر سانچے میں ڈھالی ہوئی تھی جبکہ اکنی، چونی بھی چاندی کی ہوتی تھی۔ آنہ نکل یوں والا گول ہے کا اور دونی پیتل کی دھات سے بنائی گئی تھی۔ علاوہ ازیں پیسہ، دھیلا اور دمڑی پائی تانبے سے تیار شدہ تھیں۔

ضمیمہ 45۔ پہاڑوں پر درخت صرف ایک خاص بلندی تک ہی محدود ہوتے ہیں۔ ازاں بعد جنگلات کا سلسلہ اختتام پذیر ہو جاتا ہے اور برفانی چوٹیاں رہ جاتی ہیں۔

ضمیمہ 46۔ ان دنوں میں کالج کے لڑکوں میں کالے رنگ کا سویٹر پہننا فیشن اور منفرد رواج میں شامل تھا۔ کیونکہ ہندی فلموں کے مقبول ہیرو راج کپور نے "برسات" فلم میں پہنا تھا۔

ضمیمہ 47۔ کوئی سو سال پہلے یہ کشتیاں ہالینڈ سے ہمالیہ پہاڑ کی وادی میں متعارف کرائی گئیں۔

ضمیمہ 48۔ آپ بخوبی جانتے ہیں کہ قبل از تقسیم ہند، ہندو ساہوکاروں کے پاس سرخ جلد والے بہی کھاتے ہوا کرتے اور آپ کے علم میں یہ بھی ہوگا کہ ان کی جلد کوئی ٹھوس نہیں بلکہ ململ کے سرخ کپڑے اور موٹے کاغذ پر مشتمل ہوتی تھی۔

ضمیمہ 49۔ 1968، رام پوری صفحہ 96۔ ناگ کے معنی ہندی میں سانپ کے ہیں۔ شاید کسی زمانے میں یہاں ایک بڑا سانپ رہتا ہوگا۔

ضمیمہ 50۔ Bij-Behara ایک قدیم شہر دریائے جہلم کے دونوں کناروں پر اسلام آباد سے تقریباً چھ میل اور شہر سری نگر سے بذریعہ سڑک تیس میل کی دوری پر مگر پانی کے راستے سے فاصلہ نسبتاً بہت زیادہ ہے۔
Awantipur سے کوئی 9 میل اور Shupian سے سیدھا راستہ کوئی 9 کوس ہے۔ شہر کے درمیان میں دریائے جہلم پر ایک پل تقریباً 100 گز طویل اور چھ گز چوڑا ہے۔ دارا شکوہ نے 1650 A. D (1060 A. H) میں پل شاہجہان کے دور حکومت میں تعمیر کرایا۔ ویسے تو وہاں کئی ایک زیارتیں ہیں مگر بابا نصیب الدین غازی کی زیارت فوقیت اور بے پناہ شہرت کی حامل، دریا کے بائیں کنارے پر واقع ہے۔
Bij-Behara کے باشیوں کی ایک خاص رسم ہر سال ایک خاص موسم میں ادا کی جاتی۔ رسم کا طرز عمل چھڑیوں کے ... ایک سیاح Vigne (1835 A. D جس نے سفر دو سے سری نگر کی مسافت تین ماہ میں طے کی۔) کے مطابق بابا نصیب الدین کی وفات کوئی 450 سال قبل واقع ہوئی۔ لاتعداد لوگ جنازے میں شمولیت کیلئے آئے۔ ان لوگوں نے شہریوں کی مہمان نوازی کا اس حد تک ناجائز فائدہ اٹھایا۔ بیچارے شہری تنگ آ گئے۔ اس طرح ان بیوپاروں سے نجات حاصل کی جائے تو بابا خان نے، بابا نصیب الدین کے نہایت قریبی مریدوں میں سے تھا، جنازے پر آنے والوں کو مشورہ دیا کہ وہ اس کے ساتھ مئی کے مہینہ میں متبرک مقامات اننت ناگ اور اچھابل کی زیارت کو چلیں جس پر وہ تمام لوگ رضامند ہو گئے اور اس طرح
Bij-Behara کے شہریوں نے سکھ کا سانس لیا۔ بابا خان کی اولاد Bij-Behara اور قریب کے گاؤں Kaimo (بابا خان کی والدہ صاحبہ کی جائے پیدائش) میں پھیلی ہوئی ہے۔ اس واقعہ کی یاد میں Kaimo سے اندر ہر سال مئی کے مہینے میں سالانہ عرس کا انعقاد ہوتا ہے جو شخص گدی نشین ہو زائرین اس سے اجازت مانگتے ہیں اور اس سے پرچیت کا ہوئی چھتر (نکرا) متبرک جھنڈے لینے کے بعد اپنے ساتھ لے کر اسلام آباد (اننت ناگ) اور اچھابل کی متبرک زیارتوں کیلئے روانہ ہو جاتے ہیں۔ ایک روایت کے مطابق
Bij-Behara کشمیر کے قدیم دارالخلافہ جات میں سے ایک تھا۔ اس کا نام شاید Vijaya Para (The city of Victory) یعنی "فتح کا شہر" سے اخذ کیا گیا ہے یا Vijaya Bijiri ایک

Marfat.com

بادشاہ جس نے (B. C 67) کے قریب حکمرانی کی سے ماخوذ ہے۔

ضمیمہ 50 A۔ جموں سے سری نگر کا فاصلہ کوئی 202 میل ہو گا تقریباً راولپنڈی سے سری نگر تک کا بنتا ہے۔ دونوں راستوں پر زیادہ برف باری کی وجہ سے عام طور پر سڑک تین سے چار مہینے تک سردیوں میں بند رہتی ہے۔ یہ راستہ جموں پر توریل کے ذریعے توی دریا کو عبور کرتے ہوئے یا پھر بس کے ذریعے جموں سے نکالی 18 میل آگے پانچ میل بعد کٹھوعہ اور سات میل کے بعد نگری۔ جموں سے ادھم پور 41 میل یہاں سے مدھ 24 میل [illegible] میل کے فاصلے پر دھرم کتھل۔ دھرم کتھل سے ہوتے چوبیس میل اور مدھ سے بارہ میل یہاں سے رام بن [illegible] اور نو میل کے بعد سڑک پیچھے دریائے چناب کی طرف روانہ ہوتی ہے۔ رام بن سے بانہال 25 میل [illegible] سڑک آہستہ آہستہ اونچائی کی طرف ہوتی ہوئی راستہ تنگ ہوتی جو کہ رام بن سے [illegible] میل ہے۔ یہاں سے [illegible] چڑھائی کی طرف جاتی ہوئی 9 ہزار فٹ کی بلندی پر پہنچ جاتی ہے۔ جہاں پر بانہال واقع ہے۔ [illegible] مشرق کی طرف نیچے کشمیر کی وادی کا نہایت دلکش منظر ہے اور اس کے شمال کی طرف [illegible] چوٹیاں ہیں درے کو عبور کرنے کے بعد [illegible] نہایت خطرناک موڑوں سے ہوتی ہوئی [illegible] کی طرف چلی جاتی ہے۔ یہاں سے 29 میل کے فاصلے پر اپر منڈا واقع ہے۔ پہلے سڑک یہاں سے [illegible] گزرتی تھی اس دور میں نئی سڑک [illegible] سے چھ میل جنوب کی طرف واقع تھی۔ [illegible] میل آگے چار میل کے بعد قاضی گنڈ اور بارہ میل بعد خانبل جو کہ [illegible] اسلام آباد جیسے [illegible] ہے۔ خانبل سے سڑک کے راستے سری نگر 32 میل اور دریا کے راستے 47 میل۔

ضمیمہ 51۔ راولپنڈی سے سری نگر تک کوئی 12 گھنٹے کا سفر ہے۔ لیکن سری نگر سے براستہ بانہال ایک رات راستے میں بسر کرنی پڑتی ہے۔ کیونکہ بانہال کی چڑھائی چڑھنے میں کافی وقت لگ جاتا ہے۔ راولپنڈی سے سری نگر 180 میل جموں سے سری نگر 190 میل جس میں سری نگر سے بانہال کے 73 میل شامل ہیں۔

ضمیمہ 52۔ سعادت حسن منٹو کا افسانہ "[illegible]" ستمبر 1999 میں "نفسیات اور زندگی" میں شائع ہوا۔ منٹو صاحب نے [illegible] Sanitorium میں گزارے۔

ضمیمہ 53۔ خاص قسم کے پہاڑی گھوڑے جو اپنی مخصوص رفتار سے چلتے ہیں اور خطرناک ترین راستے پر جہاں انسان کو پیدل چلتے خوف محسوس ہو بلا خوف و خطر رواں دواں رہتے ہیں۔ مثلاً ایک طرف بہت گہری کھائی اور دوسری جانب نہایت بلند پہاڑ، پہاڑ اور کھائی کے درمیان نہایت تنگ پگڈنڈی ہوتی ہے تو [illegible] جیسے کوئی مشکل نہیں ہوتی بدستور چلتے جاتے ہیں۔

ضمیمہ 54۔ خاص قسم کے پہاڑوں پر چڑھنے والے جانور۔

ضمیمہ 55۔ ہسپانوی زبان میں Mar سمندر اور اردو میں سانپ۔

ضمیمہ 56۔ امرتسر واہگہ بارڈر سے کوئی 30 میل (48 کلومیٹر) پر ہندوستانی پنجاب میں واقع ہے۔ [illegible] حکومت میں امرتسر ایک معمولی جگہ تھی جسے "چک" کہا جاتا۔ یہ سکھوں کا [illegible] 1577 میں سکھوں کے چوتھے گورو رام داس نے یہاں پر ایک تالاب کھدوایا [illegible] "امرت سر" (Amrita Saras) یعنی "[illegible] کا چشمہ" رکھا۔ [illegible] ہندو اور سکھوں [illegible] 1581 میں رام داس پور اور امرتسر کے نام سے پکارا جانے لگا۔ تالاب کے وسط میں ایک [illegible] مندر تعمیر کیا گیا۔ احمد شاہ ابدالی [illegible] پکار [illegible] خیال کیا [illegible] سکھوں [illegible] نے اس کے نام [illegible] 1762 میں [illegible] اس کے بعد سکھوں کی [illegible]

Marfat.com

منعقد ہوئی اور اس کا نام Sarhat Khalsa رکھا اور بڑی دھوم دھام سے منائی گئی جب ہر ایک سکھ تالاب کے متبرک پانی میں نہا چکا تو فیصلہ کیا گیا کہ سکھ Confederacy کو مضبوط کیا جائے۔ باقاعدہ ضابطہ اور قانون تیار کئے گئے۔ Aluwala سردار نے سکھوں کی لڑائی کرنے کا نشان جنگی کلہاڑی یا ”کالال“ اٹھائی نشان والا مثال (Misal) نے مذہب کا جھنڈا سنبھالا اور شاہی ختم کر دیئے گئے کیونکہ مہاراجہ رنجیت سنگھ انہیں پسند نہیں کرتا تھا وہ کسی کو بھی تخت کے قریب پھٹکنے نہ دیتا تھا ایسا نہ ہو وہ قریب ہو جائیں اور انہیں معاملات میں دخل دینے کا خاص حق مل جائے۔ رنجیت سنگھ خودمختاری پسند کرتا تھا۔ اس کی کچھ پرواہ نہ تھی کہ اس کی وفات کے بعد کیا ہوگا۔ مندر ہر بار کچلی اور پھر برخاست ہوتی رہتی تھی کہ احمد شاہ ابدالی نے اپنے والی ہونے کی برخاست کرنے کا بدلہ لینے کیلئے حملہ کر دیا۔ سکھ بھاگ نکلے مگر اس کی فوج سکھوں کو تلاش کر کے قتل کرتی رہی۔ Kos Rahira کے مقام پر سکھوں کا قتل عام کرنے کے بعد امرتسر کی طرف لوٹا ہری مندر (ہری یا وشنو کا مندر) یا دربار صاحب کو بارود سے اڑا دیا۔ بڑے بڑے پتھر جو تالاب کے اردگرد لگے ہوئے تھے مسمار کر کے تالاب میں پھینک دیئے گئے تالاب کو زمین ہموار کر کے اور مٹی سے بھر دیا۔ اس بے حرمتی سے بھی اس کا دل نہ بھرا کہ تین بار گائے ذبح کر کے ان کا خون اور اعضاء پتھروں پر بکھیر دیئے گئے۔ احمد شاہ ابدالی واپس افغانستان پہنچا ہی تھا کہ دوسری گرومتا اسی جگہ پر منعقد ہوئی جہاں احمد شاہ ابدالی نے تباہی مچائی تھی اور انہوں نے بدلہ لینے کا ارادہ کیا جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ مسلمانوں کا اقتدار شمالی ہندوستان میں زوال پذیر ہو گیا۔ سکھوں نے تالاب دوبارہ صاف کیا اور پہلے سے بھی کہیں زیادہ شاندار تالاب اور مندر تعمیر کر دیا گیا تالاب تقریباً 450 فٹ مربع اور اس کا پانی قدرتی Artesian کنوئیں (زمین کو بالکل سیدھا نیچے کی طرف کھودا جائے کہ نیچے کا پانی تحت دباؤ کھودے گئے کنوئیں کے منہ تک آ جائے۔) سے آتا ہے کوئی قدرتی چشمہ وغیرہ نہیں ہے۔ تالاب کے اردگرد کوئی 75 فٹ چوڑے فٹ پاتھ اور مکانات جن میں سے کچھ مندر کی ملکیت ہیں۔ تالاب کے اردگرد دروازے بنے ہوئے ہیں۔ کئی عمارات کی کھڑکیوں سے اس جگہ کو بخوبی دیکھا جا سکتا ہے اور ان عمارات کے دروازے بھی اس جگہ میں کھلتے ہیں۔ زائرین پتھروں کی سیڑھیوں سے تالاب میں جا کر نہاتے اور اپنے آپ کو پاک کرتے ہیں۔ تالاب کا پانی نہایت شفاف ہے۔ تالاب کے مغرب کی طرف ایک پل بنا ہوا ہے جس سے مندر تک رسائی کی جاتی ہے۔ نہانے کیلئے متبرک ترین جگہ وہ جہاں مندر سے سیڑھیاں تالاب میں اترتی ہیں کیونکہ اس جگہ پر نہانے سے پہلے تالاب کی اور جگہ نہانا ضروری ہے۔ اس متبرک جگہ کے مخالف کچھ چھوٹی چھوٹی عمارات جہاں گرو اور فقیر بیٹھتے ہیں انہی عمارات میں سے ایک عمارت بالکل خالی پڑی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ تالاب یا امرتسر کے بانی گرو رام داس کی رہائش تھی اور تمام زندگی اسی مکان میں گزار دی۔

ضمیمہ 56 A۔ 1919 میں برطانوی حکومت نے Rowlatt قانون نافذ کیا تاکہ پہلی جنگ عظیم کی Emergency powers کو استعمال میں لا کر قوم پرستوں سے نپٹا جائے اور وہ مظاہرات وغیرہ نہ کر سکیں۔ ہندوستان میں اس قانون کے خلاف مظاہرے شروع ہو گئے۔ جلیانوالہ باغ دربار صاحب کے قریب واقع ہے۔ تیرہ اپریل بروز اتوار 1919 بیساکھی کے روز لوگ امرتسر میں دور دراز جگہوں سے بیساکھی منانے کیلئے آئے ہوئے تھے لوگوں کو پتہ چلا کہ جلیانوالہ باغ میں کانگریس مظاہروں پر پابندی کے باوجود سیاسی اجتماع منعقد کرنے والی ہے تو کوئی دس ہزار لوگ ایک کھلی جگہ یعنی جلیانوالہ باغ جس کے اردگرد اونچی دیواریں تھیں اور آنے جانے کا ایک ہی راستہ تھا اکٹھے ہو گئے۔ Brig. General Reginald E. H. Dyer پچاس فوجیوں کو جن میں اکثریت ہندوستانیوں کی تھی لے کر پہنچ گیا اور دروازے کو بلاک کر دیا بغیر کسی وارننگ کے فوجیوں کو گولی چلانے کا

Marfat.com

